﴿لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ﴾

# سیرت

# سیدِ الاُمم صلی اللہ علیہ وسلم

ماخذ

قرآنِ مجید، کتبِ احادیث، فقہ و تاریخ

جلد ۲

مولوی محمد اصغر ہاشمی

| فہرست مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|
| ا بعثت نبوی | ۵۳۲ |
| بعثت سے قبل جنوں پر پابندی | ۵۳۲ |
| غار حرا میں عبادت | ۵۳۳ |
| غار حرا میں نزول سورۃ العلق ا تا ۵ | ۵۳۷ |
| ورقہ بن نوفل بن اسد بن عبد العزیٰ | ۵۴۱ |
| مضامین سورۃ الضحیٰ | ۵۴۹ |
| مضامین سورۃ المدثر | ۵۵۵ |
| پہاڑی پر وعظ | ۵۵۷ |
| پہاڑی پر وعظ کے بعد کا واقعہ | ۵۶۱ |
| نزول وحی کے بعد پہلا فرض نماز | ۵۶۵ |
| کیفیت وحی | ۵۷۱ |
| کیا رسول اللہ ﷺ نے تین سال خفیہ دعوت دی | ۵۷۴ |
| سابقون الاولون رضی اللہ تعالیٰ عنہم | ۵۷۷ |
| ام المومنین خدیجہ الکبری رضی اللہ عنہا | ۵۷۷ |
| سیدنا علی رضی اللہ عنہ بن ابی طالب | ۵۷۸ |
| زید رضی اللہ عنہ بن حارثہ بن شراحیل کلبی | ۵۸۲ |
| سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ | ۵۸۴ |
| بلال رضی اللہ عنہ بن رباح | ۵۸۹ |
| سمیہ رضی اللہ عنہا بنت خباط | ۵۹۷ |
| سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ (فاتح ایران) | ۶۰۰ |

| | |
|---|---|
| سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ بن عفان (ذوالنورین) | ۶۰۵ |
| حلیہ | ۶۰۶ |
| نزول سورۃ العلق ۶ تا ۱۹ | ۶۱۲ |
| خالد رضی اللہ عنہ بن سعید بن العاص | ۶۲۱ |
| عمرو رضی اللہ عنہ بن سعید اموی | ۶۲۲ |
| مضامین سورۃ القدر | ۶۲۵ |
| تقدیروں کا فیصلہ کرنے والی رات کونسی ہے؟ | ۶۲۷ |
| خباب رضی اللہ عنہ بن ارت | ۶۳۶ |
| مضامین سورۃ البینہ | ۶۴۳ |
| ابوذر غفاری ( جندب رضی اللہ عنہ بن جنادہ) | ۶۵۴ |
| عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ بن عوف | ۶۶۱ |
| مضامین سورۃ الم نشرح | ۶۷۱ |
| سعید رضی اللہ عنہ بن زید بن عمرو بن نفیل | ۶۷۶ |
| مضامین سورۃ الاعلی | ۶۷۸ |
| مضامین سورۃ القیامہ | ۶۸۹ |
| اسلام عتبہ رضی اللہ عنہ بن غزوان | ۷۰۹ |
| مضامین سورۃ الدھر | ۷۱۴ |
| زنجیریں، طوق اور شعلے | ۷۱۸ |
| مضامین سورۃ الفاتحہ | ۷۳۰ |
| مضامین سورۃ الجن | ۷۵۸ |
| آفات سے نجات کا سبب | ۷۶۰ |
| اعلان توحید | ۷۶۸ |

| | |
|---|---|
| کسی کو معلوم نہیں کہ قیامت کب قائم ہو گی | ۷۷۰ |
| نزول سورۃ المدثر ۸ تا ۵۶ | ۷۷۱ |
| عذاب جہنم کی وعید | ۷۷۶ |
| ۲ بعثت نبوی | ۷۸۳ |
| مضامین سورۂ المرسلات | ۷۸۳ |
| ابو عبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ | ۷۹۸ |
| ارقم رضی اللہ عنہ بن الارقم | ۸۰۴ |
| مضامین سورۂ النبا | ۸۰۶ |
| ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ | ۸۲۰ |
| واقد رضی اللہ عنہ بن عبداللہ یربوعی التمیمی | ۸۲۲ |
| عاقل رضی اللہ عنہ ،عامر رضی اللہ عنہ، ایاس رضی اللہ عنہ اور خالد رضی اللہ عنہ بن بکیر کا اسلام قبول کرنا | ۸۲۴ |
| مضامین سورۂ النازعات | ۸۲۶ |
| زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ | ۸۴۳ |
| مضامین سورۂ التکویر | ۸۴۵ |
| طلحہ رضی اللہ عنہ بن عبید اللہ کا اسلام قبول کرنا | ۸۶۱ |
| مضامین سورۃ الانفطار | ۸۶۴ |
| ابو فکیہہ جہنی رضی اللہ عنہ (یسار) کا اسلام | ۸۷۳ |
| مضامین سورۂ الغاشیہ | ۸۷۵ |
| کائنات پر غور و تدبر کی دعوت | ۸۸۵ |
| عثمان رضی اللہ عنہ بن عثمان کا ایمان لانا | ۸۸۶ |

| | |
|---|---|
| مضامین سورۃ التین | ۸۸۸ |
| عثمان رضی اللہ عنہ بن مظعون کا اسلام | ۹۰۰ |
| مضامین سورۃ الزلزال | ۹۰۶ |
| صہیب رضی اللہ عنہ بن سنان | ۹۱۴ |
| عمار رضی اللہ عنہ بن یاسر | ۹۱۹ |
| ۳ بعثت نبوی | ۹۲۲ |
| کفار کی ایک تجویز | ۹۲۲ |
| مضامین سورۃ العادیات | ۹۲۴ |
| ام حبیبہ رضی اللہ عنہا بنت ابی سفیان | ۹۲۷ |
| مضامین سورۃ القارعہ | ۹۳۱ |
| مضامین سورۃ التکاثر | ۹۴۲ |
| قبر میت کو دباتی ہے | ۹۵۵ |
| منکر نکیر کے سوال و جواب کے لئے میت کے جسم میں عارضی طور پر اس کی روح لوٹا دی جاتی ہے | ۹۵۶ |
| بعض سعادت مند لوگ عذاب قبر سے محفوظ رہتے ہیں | ۹۷۷ |
| عذاب قبر سے بچاؤ کے لئے دعائیں | ۹۸۱ |
| ائمہ کرام عذاب قبر کے بارے میں یوں تبصرہ فرماتے ہیں | ۱۰۰۷ |
| معتزلہ | ۱۰۱۳ |
| منکر حدیث | ۱۰۱۶ |
| عبداللہ رضی اللہ عنہ بن مسعود (رازدان رسول) | ۱۰۱۷ |
| مضامین سورۃ العصر | ۱۰۲۵ |
| جعفر رضی اللہ عنہ بن ابوطالب (جعفر طیار رضی اللہ عنہ) کا ایمان لانا | ۱۰۳۲ |

| | |
|---|---|
| مضامین سورۃ الھمزہ | ۱۰۳۵ |
| مضامین سورۃ الفیل | ۱۰۴۳ |
| عامر رضی اللہ عنہ بن ربیعہ کا اسلام | ۱۰۴۶ |
| مضامین سورۃ القریش | ۱۰۴۸ |
| سہیل رضی اللہ عنہ بن بیضائ کا اسلام | ۱۰۵۱ |
| سعد رضی اللہ عنہ بن خولی | ۱۰۵۲ |
| مضامین سورۃ الاخلاص | ۱۰۵۴ |
| فضیلت | ۱۰۶۹ |
| ابو قیس رضی اللہ عنہ بن حارث سہمی کا اسلام | ۱۰۷۳ |
| مضامین سورۃ الملک | ۱۰۷۴ |
| نافرمانی سے خائف ہی مستحق ثواب ہیں | ۱۰۸۲ |
| سورۂ ملک کی فضیلت | ۱۰۹۰ |
| مصعب رضی اللہ عنہ بن عمیر کا دعوت اسلام قبول کرنا | ۱۰۹۰ |
| مضامین سورۃ عبس | ۱۰۹۶ |
| تین سالوں میں دعوتِ حق قبول کرنے والوں کی فہرست | ۱۱۰۵ |

# ۱ بعثتِ نبوی

## بعثت سے قبل جنوں پر پابندی

قارین کرام! آپ نے جہالت کے دور میں عربوں کی مذہبی، سیاسی، معاشرتی، معاشی اور ان کی اوہام پرستی کے بارے میں پڑھا اب آپ دنیا کے نقشہ میں عرب کو دیکھیں، آپ دیکھیں گے کہ جزیرہ نما عرب ایشیا اور افریقہ کے عین وسط میں واقع ہے اور یورپ بھی اس کے بالکل قریب ہے، رسول اللہ ﷺ کے وقت اس زمانے کے معیار تمدن کے لحاظ سے یورپ کی متمدن قومیں یورپ کے جنوبی حصہ میں آباد تھیں، مگر ان کے درمیان ملک عرب ڈھائی ہزار برس سے سب سے الگ تھلگ سخت جہالت، پستی اور بدحالی میں مبتلا پڑا ہوا تھا جس کے ارد گرد ایران، روم اور مصر کے طاقتور ملکوں میں تہذیب وشائستگی، علوم وفنون کی کچھ روشنی تھی مگر ریت کے اونچے اونچے ٹیلوں نے عرب کو ان سے جدا کر رکھا تھا، اس تاریک خطے کی طرف رب العالمین کی نظر عنایت ہوئی اور اس نے جہالت کی تاریکیوں کو دور کرنے کے لیے بہترین مرکزی علاقہ، بہترین قبیلہ اور بہترین خاندان میں سے بہترین رہنما کھڑا کرنے کا فیصلہ فرمایا تاکہ رسول انسانوں کو اپنی شخصیت سمیت تمام مخلوقات کی بندگی سے آزاد کرے، خود انہیں اس آزادی کی تربیت دے اور اس کے ساتھ ساتھ وہی بشر رسول ان سے اللہ کی مکمل اور بے چوں وچرا اطاعت کرائے، چنانچہ جب رسول اللہ ﷺ کی بعثت کا زمانہ قریب آ گیا تو جن وشیاطین جو چھپ چھپا کر آسمانوں کی کچھ خبریں سنتے تھے اور اپنے دوست کاہنوں کو آ کر بتلایا کرتے تھے، جو مزید اپنی طرف سے سو جھوٹوں کا اضافہ کر کے بات آگے بڑھا دیتے تھے، مگر پہلے جن وشیاطین پر گاہے بگاہے چنگارے پھینکنے کے واقعات ہوتے تھے مگر اب آسمان پر پہرہ بڑھا کر اسے چنگاریوں سے بھر دیا گیا تاکہ جن وشیاطین آسمانوں سے دور رہیں اور ان کی چوری چھپے بات سننے کا کوئی امکان نہ رہے۔

وَّاَنَّا لَمَسْنَا السَّمَاۗءَ فَوَجَدْنٰهَا مُلِئَتْ حَرَسًا شَدِيْدًا وَّشُهُبًا ۝ وَّاَنَّا كُنَّا نَقْعُدُ مِنْهَا مَقَاعِدَ لِلسَّمْعِ ۭ فَمَنْ يَّسْتَمِعِ الْاٰنَ يَجِدْ لَهٗ شِهَابًا رَّصَدًا ۝ [1]

ترجمہ: اور یہ کہ ہم نے آسمان کو ٹٹولا تو دیکھا کہ وہ پہریداروں سے پٹا پڑا ہے اور شہابوں کی بارش ہو رہی ہے، اور یہ کہ پہلے ہم سن گن لینے کے لئے آسمان میں بیٹھنے کی جگہ پالیتے تھے مگر اب جو چوری چھپے سننے کی کوشش کرتا ہے وہ اپنے لئے گھات میں ایک شہاب ثاقب لگا ہوا پاتا ہے۔

عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: إِنَّ أَوَّلَ خَبَرٍ قَدِمَ عَلَيْنَا عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ امْرَأَةً كَانَ لَهَا تَابِعٌ، قَالَ: فَأَتَاهَا فِي صُورَةِ طَيْرٍ، فَوَقَعَ عَلَى جِذْعٍ لَهُمْ، قَالَ: فَقَالَتْ: أَلَا تَنْزِلُ فَنُخْبِرَكَ وَتُخْبِرَنَا؟ قَالَ: إِنَّهُ قَدْ خَرَجَ رَجُلٌ بِمَكَّةَ حَرَّمَ عَلَيْنَا الزِّنَا، وَمَنَعَ مِنَ الْفِرَارِ

جابر سے مروی ہے نبی کریم ﷺ کے حوالے سے ہمیں سب سے پہلی جو خبر ملی تھی وہ یہ تھی کہ ایک عورت کا کوئی جن تابع تھا وہ ایک مرتبہ اس

[1] الجن ۹،۸

کے پاس پرندے کی شکل میں آیا اور ایک درخت کی شاخ پر بیٹھ گیا، اس عورت نے اسے کہا کہ تم نیچے کیوں نہیں آتے کہ تم ہمیں اپنی خبر دو ہم تمہیں اپنی خبر دیں، اس نے جواب دیا کہ مکہ مکرمہ میں ایک آدمی ظاہر ہوا جس نے ہم پر بدکاری کو حرام قرار دیا ہے اور ہمیں اس طرح ٹھہرنے سے منع کر دیا ہے۔ [1]

یہ سب اہتمام وحی کی وجہ سے کیا گیا تاکہ وہ بحفاظت اپنے مقام تک پہنچے اور درمیان میں کسی بھی طرح کی ملاوٹ اور شبہ کا امکان نہ رہے ،اب اگر کوئی جن یا شیطان چھپ چھپا کر کوئی خبر حاصل کرنے کی کوشش کرتا تو اس پر شدت سے آگ کے شعلے پھینکے جاتے جس سے وہ جل کر بھسم ہو جاتے، اس سے شیاطین نے یہ اندازہ لگا لیا کہ زمین پر ضرور کوئی نیا حادثہ رونما ہوا ہے جس کی وجہ سے اتنی سختی کر دی گئی ہے، یہ سختی زمانہ نبوت تک جاری و ساری رہی۔

## غار حرا میں عبادت

اللہ تبارک وتعالیٰ نے یہ عظیم الشان کائنات تخلیق فرمائی، اور انسان کو زمین پر خلیفہ بنایا اور ان کی رشد و ہدایت کے لئے ان کی قوم کے اعلیٰ ترین خاندان میں صالح ترین بشر کو مبعوث فرما کر جن کے اخلاق و کردار اور اعمال کی قوم گواہ ہوتی تھی نبوت کا سلسلہ جاری کیا، ایسا کبھی نہیں ہوا کہ کوئی رسول پہلے قوم کے گمراہی پر مبنی کفرانہ عقائد و شرکیہ اعمال اور ظلم و جبر میں ان کے شانہ بشانہ کھڑا ہو اور پھر دنیاوی مفاد کے لئے اس نے اعلان کر دیا ہو کہ وہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی طرف سے رسول مبعوث کیا گیا ہے، بلکہ ہر رسول بچپن سے ہی فطری طور پر قوم کے کفرانہ عقائد و شرکیہ اعمال اور رسومات سے ہمیشہ دور ہی رہا، اور نبوت کی عمر تک اللہ تبارک وتعالیٰ کی ہر سو پھیلی ہوئی نشانیوں پر غور و تدبر کرتے ہوئے توحید ربی کی منزلوں تک پہنچ چکے ہوتے تھے۔ جیسے قرآن مجید میں نوح علیہ السلام کے بارے میں بتلایا گیا۔

قَالَ یٰقَوۡمِ اَرَءَیۡتُمۡ اِنۡ كُنۡتُ عَلٰی بَیِّنَةٍ مِّنۡ رَّبِّیۡ وَاٰتٰىنِیۡ رَحۡمَةً مِّنۡ عِنۡدِهٖ ... ۲۸ [2]

ترجمہ: اس نے کہا اے برادران قوم! ذرا سوچو تو سہی کہ اگر میں اپنے رب کی طرف سے ایک کھلی شہادت پر قائم تھا اور پھر اس نے مجھ کو اپنی خاص رحمت سے بھی نواز دیا۔

صالح علیہ السلام نے اپنی قوم سے فرمایا۔

قَالَ یٰقَوۡمِ اَرَءَیۡتُمۡ اِنۡ كُنۡتُ عَلٰی بَیِّنَةٍ مِّنۡ رَّبِّیۡ وَاٰتٰىنِیۡ مِنۡهُ رَحۡمَةً ... ۶۳ [3]

ترجمہ: صالح علیہ السلام نے کہا اے برادران قوم! تم نے کچھ اس بات پر بھی غور کیا کہ اگر میں اپنے رب کی طرف سے ایک صاف شہادت رکھتا تھا اور پھر اس نے اپنی رحمت سے بھی مجھ کو نواز دیا۔

شعیب رضی اللہ عنہ اپنی قوم سے یوں مخاطب ہوتے ہیں۔

---

[1] مسند احمد ۱۴۸۳۵

[2] ھود ۲۸

[3] ھود ۶۳

قَالَ يٰقَوۡمِ اَرَءَيۡتُمۡ اِنۡ كُنۡتُ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنۡ رَّبِّىۡ وَرَزَقَنِىۡ مِنۡهُ رِزۡقًا حَسَنًا ... ﴿۸۸﴾ [1]

ترجمہ: شعیب رضی اللہ عنہ نے کہا بھائیو! تم خود ہی سوچو کہ اگر میں اپنے رب کی طرف سے ایک کھلی شہادت پر تھا اور پھر اس نے مجھے اپنے ہاں سے اچھا رزق بھی عطا کیا۔

اسی طرح اللہ تبارک وتعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو جو فطری صلاحیتیں عطا فرمائیں تھیں، ان کی مدد سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم بھی اللہ کی ہر سو پھیلی ہوئی نشانیوں پر غور و تدبر کرتے ہوئے توحید و معاد کی حقیقتوں تک پہنچ چکے تھے۔ جیسے قرآن مجید میں فرمایا گیا۔

اَفَمَنۡ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنۡ رَّبِّهٖ وَيَتۡلُوۡهُ شَاهِدٌ مِّنۡهُ ﴿۱۷﴾ [2]

ترجمہ: پھر کیا وہ شخص جو پہلے اپنے رب کی طرف سے ایک روشن دلیل پر تھا اس کے بعد اللہ کی طرف سے ایک گواہ بھی اس کے پاس آ گیا۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے قبل کچھ لوگوں نے حق کی تلاش میں زندگیاں گزار دیں تھیں مگر ان کی کاوشیں ناکام رہیں تھیں، اور ہر سو اندھیروں کے علاوہ روشنی کی کوئی کرن نظر نہیں آ رہی تھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے بھی توحید و معاد کی حقیقتوں تک پہنچنے کے باوجود اللہ تبارک وتعالیٰ کی بندگی میں زندگی گزارنے کے لئے کوئی واضح راہ موجود نہ تھی۔

وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى ﴿۷﴾ [3]

ترجمہ: اور اللہ نے تم کو راہ سے ناواقف پایا پھر تمہیں راستہ بتایا۔

اب جبکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر مبارک ۳۳ برس کی ہو چکی تھی، عرب میں ہر سو پھیلی کفر و شرک کی تاریکی، اخلاقی گندگیاں، بے حیائی و بدکرداری، معاملات میں بددیانتی، لڑکیوں کا زندہ دفن کرنا، عورتوں، یتیموں، کمزوروں، لونڈی غلاموں پر ظلم و ستم اور حق تلفی، سودی لین دین، قبائل کا ایک دوسرے کے خلاف قتل و غارت، چادر اور چار دیواری کا محفوظ نہ ہونا، معمولی باتوں پر سالوں پر محیط انتقامی جنگیں وغیرہ سے جہاں ایک بات بھی آپ کی طبیعت سے میل نہیں کھاتی تھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا دم گھٹنے لگا، چنانچہ نزول وحی سے سات سال قبل آپ کو ایک روشنی سی نظر آنے لگی جسے دیکھ کر آپ خوش ہوتے تھے۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: أَقَامَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَكَّةَ خَمْسَ عَشْرَةَ سَنَةً، يَسْمَعُ الصَّوْتَ وَيَرَى الضَّوْءَ سَبْعَ سِنِينَ، وَلَا يَرَى شَيْئًا وَثَمَانَ سِنِينَ يُوحَى إِلَيْهِ، وَأَقَامَ بِالْمَدِينَةِ عَشْرًا

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ مکہ مکرمہ میں پندرہ سال قیام پذیر رہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم آواز سنتے اور روشنی دیکھتے سات سال تک رہا لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم کوئی صورت نہ دیکھتے اور پھر آٹھ سال تک وحی آنے لگی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دس سال مدینہ منورہ میں قیام فرمایا۔[4]

---

[1] ہود ۸۸

[2] ہود ۱۷

[3] الضحیٰ ۷

[4] صحیح مسلم کتاب الْفَضَائِلِ بَابُ كَمْ أَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَكَّةَ وَالْمَدِينَةِ؟ ۶۱۰۴، شرح السنة للبغوی ۳۷۳۴، السنن الکبری للبیہقی ۱۲۱۶۶

وحی سے تین سال قبل اللہ تعالیٰ نے آپ کو نبوت کے بارعظیم کی تیاری کے لئے انسانوں سے خلوت وعزلت کی محبت آپ کے دل میں ڈال دی تا کہ آپ خلوت میں ذکر وفکر اور تدبر کریں، اس لئے رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم ہر سال میں ایک ماہ ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا کو مطلع فرما کر تا کہ انہیں کسی قسم کی فکر وتشویش نہ ہو اور باوقت ضرورت انہیں بلایا بھی جا سکے، سب لوگوں اور گھر بار سے تین میل دور جبل نور کی ایک چھوٹی سی غار جس کا طول تیرہ فٹ اور عرض تقریباً ساڑھے پانچ فٹ تھا جسے غار حرا کہتے ہیں میں کھانے پینے کا سامان (ستو اور پانی) لے کر چلے جاتے اور اس میں قیام فرما کر قدرت کی نشانیوں، قوم کی زبوں حالی پر غور و تدبر کرنے لگے،

كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُجَاوِرُ فِي حِرَاءٍ مِنْ كُلِّ سَنَةٍ شَهْرًا

رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم ہر سال میں ایک مہینہ غار حرا کے اندر خلوت کے واسطے تشریف لے جاتے تھے۔[1]

اہل عرب ایک طرح کا روزہ رکھتے اور اعتکاف کرتے تھے اس طرح آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم اپنے دل و دماغ کو پاک وصاف رکھنے کے لئے روزے رکھتے، چارسو بکھری اللہ کی نشانیوں پر تدبر وتفکر میں مصروف رہتے، اللہ عزوجل نے آپ کو جو عقلی وفطری بصیرت عطا فرمائی تھی اس کے مطابق تحمید وتقدیس الٰہی کا ذکر کرتے،

فَإِذَا قَضَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جِوَارَهُ مِنْ شَهْرِهِ ذَلِكَ، كَانَ أَوَّلُ مَا يَبْدَأُ بِهِ، إِذَا انْصَرَفَ مِنْ جِوَارِهِ، الْكَعْبَةَ، قَبْلَ أَنْ يَدْخُلَ بَيْتَهُ، فَيَطُوفُ بِهَا سَبْعًا أَوْ مَا شَاءَ اللّٰهُ مِنْ ذَلِكَ، ثُمَّ يَرْجِعُ إِلَى بَيْتِهِ

جب رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم مہینہ پورا کر کے شہر میں آتے تو سب سے پہلے بیت اللہ کا طواف فرماتے جو کم وبیش سات چکر ہوتے تھے، یا جس قدر اللہ کو منظور ہوتے پھر اپنے گھر تشریف لے جاتے۔[2]

اور اہل وعیال کے حقوق ادا کرتے اور دوبارہ غار حرا میں جانے کے لئے مزید توشہ بھی لے جاتے، کبھی کبھار ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا بھی سامان اس غار میں پہنچا دیتیں اس طرح دو سال اور چھ ماہ گزر گئے، زمانہ نبوت جتنا قریب آتا جا رہا تھا اتنا ہی آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم میں دنیاوی علائق سے کنارہ کشی اور تفرد میں دل جمعی کا غلبہ بڑھتا چلا گیا، اب وہاں آپ پر مخفی اسرار منکشف ہونے لگے، آثار نبوت واضح ہونے لگے،

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا أَنَّهَا حَدَّثَتْهُ: أَنَّ أَوَّلَ مَا بُدِئَ بِهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ النُّبُوَّةِ، حِينَ أَرَادَ اللّٰهُ كَرَامَتَهُ وَرَحْمَةَ الْعِبَادِ بِهِ، الرُّؤْيَا الصَّادِقَةُ لَا يَرَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رُؤْيَا فِي نَوْمِهِ إِلَّا جَاءَتْ كَفَلَقِ الصُّبْحِ، قَالَتْ: وَحَبَّبَ اللّٰهُ تَعَالَى إِلَيْهِ الْخَلْوَةَ، فَلَمْ يَكُنْ شَيْءٌ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ أَنْ يَخْلُوَ وَحْدَهُ

ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں سب سے پہلے رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کو سچے خواب دکھائی دینے شروع ہوئے تھے، اور جو خواب آپ دیکھتے وہ صبح کی سپیدی کی طرح ظاہر ہوتا تھا، اللہ تعالیٰ نے خلوت رہنا آپ کو پسندیدہ خاطر فرما دیا چنانچہ خلوت میں رہنا آپ کو بہتر معلوم ہوتا تھا۔[3]

---

[1] ابن ہشام۲۳۵؍۱ ،تاریخ طبری۳۰۰؍۲،الروض الانف ۲۵۳؍۲،عیون الآثر ۱۰۴؍۱

[2] ابن ہشام۲۳۶؍۱

[3] ابن ہشام۲۳۴؍۱، عیون الاثر۱۰۰؍۱، الروض الانف ۲۵۱؍۲،تاریخ طبری ۲۹۸؍۲، زادالمعاد۷۷؍۱،دلائل النبوۃللبیہقی۱۳۵؍۲

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا، أَنَّهَا قَالَتْ: أَوَّلُ مَا بُدِئَ بِهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الوَحْيِ الرُّؤْيَا الصَّادِقَةُ فِي النَّوْمِ، فَكَانَ لاَ يَرَى رُؤْيَا إِلَّا جَاءَتْ مِثْلَ فَلَقِ الصُّبْحِ،

ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے رسول اللہ پر وحی کی ابتدا سونے کی حالت میں سچے خوابوں کے ذریعہ سے ہوئی، چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جو خواب بھی دیکھتے تو وہ صبح کی روشنی کی طرح سامنے آجاتا۔ ①

أَنَّ مُدَّةَ الرُّؤْيَا كَانَتْ سِتَّةَ أَشْهُرٍ

یہ حالت تقریباً چھ ماہ رہی۔ ②

اہل عرب یہود ونصاریٰ کی زبانی ایک رسول کے آنے کا سنتے رہتے تھے مگر کوئی شخص آپ کے ان سچے خوابوں سے یہ نتیجہ نہیں نکال سکتا تھا کہ آپ عنقریب رسول مبعوث ہونے والے ہیں،

عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّي لَأَعْرِفُ حَجَرًا بِمَكَّةَ كَانَ يُسَلِّمُ عَلَيَّ قَبْلَ أَنْ أُبْعَثَ إِنِّي لَأَعْرِفُهُ الْآنَ

جابر بن سمرة سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں مکہ مکرمہ کے اس پتھر کو پہچانتا ہوں جو مجھ کو بعثت سے پہلے سلام کیا کرتا تھا، میں اب بھی اسے پہچانتا ہوں۔ ③

عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: خَرَجْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَعَلَ لَا يَمُرُّ عَلَى حَجَرٍ وَلَا شَجَرٍ إِلَّا سَلَّمَ عَلَيْهِ

سیدنا علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ (کسی جانب) نکلا، تو کوئی بھی پتھر یا درخت ایسا نہ تھا جس پر سے آپ گزرے اور اس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام نہ کیا ہو۔ ④

أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يُحَدِّثُنَا عَنْ لَيْلَةِ أُسْرِيَ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ مَسْجِدِ الكَعْبَةِ: جَاءَهُ ثَلاَثَةُ نَفَرٍ، قَبْلَ أَنْ يُوحَى إِلَيْهِ، وَهُوَ نَائِمٌ فِي مَسْجِدِ الحَرَامِ، فَقَالَ أَوَّلُهُمْ: أَيُّهُمْ هُوَ؟ فَقَالَ أَوْسَطُهُمْ: هُوَ خَيْرُهُمْ، وَقَالَ آخِرُهُمْ: خُذُوا خَيْرَهُمْ. فَكَانَتْ تِلْكَ، فَلَمْ يَرَهُمْ

انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے بعثت سے قبل ایک بار نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم بیت اللہ کے احاطہ میں دوسرے لوگوں کے ساتھ استراحت فرما رہے تھے کہ خواب میں تین فرشتے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے، ایک فرشتے نے پوچھا ان میں سے کون ہے؟ ان فرشتوں کے بیچ میں جو فرشتہ تھا اس

---

① فتح الباری ۱٫۲۷

② فتح الباری ۱٫۲۷

③ صحیح مسلم کتاب الفضائل بَابُ فَضْلِ نَسَبِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَتَسْلِيمِ الْحَجَرِ عَلَيْهِ قَبْلَ النُّبُوَّةِ۵۹۳۹،جامع ترمذی ابواب المناقب بَابٌ فِي آيَاتِ نُبُوَّةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا قَدْ خَصَّهُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ بِهِ ۲۷۴۰،۳۶۲۴ ،دلائل النبوة للبیہقی ۱۵۳٫۲، عیون الاثر۱٫۱۰۱

④ المعجم الاوسط للطبرانی۵۴۳۱،سلسلة الأحاديث الصحيحة۶٫۳۷۲

نے جواب دیا ان میں جو سب سے بہتر ہے، پچھلے فرشتے نے کہا تو ان میں سے بہتر کو لے لو پس اتنی ہی باتیں ہوئی تھیں کہ وہ غائب ہو گئے آپ ﷺ نے ان کو نہیں دیکھا۔

## غار حرا میں نزول سورۂ العلق:

جب رسول اللہ ﷺ کی عمر چالیس برس چھ ماہ آٹھ دن کی ہوئی جو انسان کے قوائے جسمانیہ وروحانیہ کے حد کمال کو پہنچنے کی عمر ہے، اس حد کمال کے بعد زوال وانحطاط ہے اور ہر پیغمبر چالیس کی عمر میں ہی مبعوث کیا گیا تھا، ایک دن حسب معمول رسول اللہ ﷺ غار حرا میں عبادت میں مشغول تھے کہ اللہ تعالیٰ نے روئے زمین کے انسانوں پر اپنی رحمت وکرم کو تکمیل تک پہنچانے کے لئے جبرئیل امین کو غار حرا میں آپ کی خدمت میں حاضر ہونے کا حکم فرمایا تاکہ وہ آپ کو خلعت نبوت زیب تن کرائیں، چنانچہ مختلف اقوال کے مطابق ۷، ۱۲، ۱۷، ۱۸، ۱۹، ۲۴، ۲۷ رمضان المبارک بروز پیر شمسی لحاظ سے چھ اگست ۶۱۰ء کو جب آپ ﷺ کی بیٹی زینب دس سال کی تھیں اور رقیہ رضی اللہ عنہا اور ام کلثوم رضی اللہ عنہا بھی سمجھدار ہو چکیں تھیں اور ان کا نکاح ابولہب کے بیٹوں سے طے کر دیا گیا تھا جبرئیل علیہ السلام تشریف لائے اور یہ پوچھے بغیر کہ آپ ﷺ کا رب کون ہے وحی کا آغاز ان الفاظ کے ساتھ شروع کیا پڑھیں، آپ ﷺ نے جواب دیا مجھے پڑھنا نہیں آتا، اور یہ حقیقت پر مبنی جواب تھا کیونکہ عرب میں پڑھنے لکھنے کا کوئی رواج ہی نہ تھا اس لئے کوئی مدرسہ یا مکتب ہی نہ تھا، اس لئے آپ ﷺ پڑھنا یا لکھنا نہیں جانتے تھے، دوسرے اچانک اس غار میں جس میں کوئی آ کر آپ کی خلوت میں مداخلت نہیں کرتا تھا اس شخص کو ناگہانی طور پر غار میں دیکھ کر آپ انسانی فطری طور پر گھبرا گئے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا پھر فرشتے نے مجھے (اپنی ذات اور آواز کو آشنا کر دینے اور بے تکلف کر دینے کے لئے) اپنے سینہ سے لگا کر خوب بھینچا جس سے مجھے سخت تکلیف ہوئی پھر مجھے چھوڑ دیا اور پھر کہا پڑھیں، میں نے پھر جواب دیا کہ مجھے پڑھنا نہیں آتا اس پر اس نے پھر مجھے پہلے کی طرح سینہ سے لگا کر خوب بھینچا یہاں تک کہ میرا بدن دکھنے لگا، پھر مجھے چھوڑ دیا اور کہا کہ پڑھیں، میں نے کہا مجھے تو پڑھنا نہیں آتا تب اس نے مجھے تیسری بار بھینچا جس سے میرا جسم دکھنے لگا پھر مجھے چھوڑ دیا اور کہا پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ ۝۱ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ۝۲ اِقْرَاْ وَرَبُّكَ

پڑھ اپنے رب کے نام سے جس نے پیدا کیا، جس نے انسان کو خون کے لوتھڑے سے پیدا کیا، تو پڑھتا رہ تیرا رب بڑے

الْاَكْرَمُ ۝۳ الَّذِيْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۝۴ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ ۝۵ (العلق ۱ تا ۵)[1]

کرم والا ہے، جس نے قلم کے ذریعے (علم) سکھایا، جس نے انسان کو وہ سکھایا جسے وہ نہیں جانتا تھا۔

[1] صحیح بخاری کتاب بَدْءِ الوَحْيِ كَيْفَ كَانَ بَدْءُ الوَحْيِ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ ۳، صحیح مسلم کتاب الایمان بَابُ بَدْءِ الْوَحْيِ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۴۰۳، دلائل النبوة للبیہقی ۲/۱۳۵

ابتدائی طور پر نازل ہونے والی ان آیات میں اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے بنی نوع انسان کو کئی اہم ترین مضامین، قرات، انسان کی پیدائش کا سائنسی نقطہ، علم جس کا تعلق پروردگار کے ساتھ ہو، دوسرا سائنسی نقطہ علم کی بنیاد قلم، مال و دولت کی وجہ سے انسان کی اللہ تبارک وتعالیٰ سے سرکشی وبغاوت، روز جزا کے انتہائی اہم عقیدے اور عبادت کی طرف متوجہ کیا ہے، اللہ تبارک وتعالیٰ نے سب سے پہلے انسان کی بولنے کی صلاحیت کو بیان فرمایا کہ اس خالق نے تمام جانداروں کے مقابلے میں انسان کو بولنے کی صلاحیت عطا فرمائی ہے جس سے انسان قرأت کرتا ہے، پھر فرشتوں، جنوں اور دوسری بے شمار مخلوقات کے ہوتے ہوئے بطور خاص انسان کی تخلیق میں ایک سائنسی نکتہ بیان فرمایا کہ اس وسیع صفات کا مالک، بہت زیادہ کرم واحسان اور بے پایاں جود والے رب نے انسان کو خون کے لوتھڑے کی حقیر ترین حالت سے (استقرار حمل کے پہلے چند دنوں سے) ابتدا کر کے بتدریج اسے کیسی بہترین صورت و موزوں طریق پر تخلیق فرمایا کہ دیکھنے میں تو بڑا نرم و نازک ہے مگر اس کے اندر قوتوں اور صلاحیتوں کا ایک خزانہ مخفی ہے، جو لوہے جیسی سخت چیز کو بھی اپنی مرضی سے موڑ لیتا ہے، جیسے فرمایا:

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّنَ الْبَعْثِ فَاِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ مِنْ مُّضْغَةٍ مُّخَلَّقَةٍ وَّغَيْرِ مُخَلَّقَةٍ لِّنُبَيِّنَ لَكُمْ ؕ وَنُقِرُّ فِي الْاَرْحَامِ مَا نَشَآءُ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ نُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ۵ [1]

ترجمہ: لوگو، اگر تمہیں زندگی بعد موت کے بارے میں کچھ شک ہے تو تمہیں معلوم ہو کہ ہم نے تم کو مٹی سے پیدا کیا ہے، پھر نطفے سے، پھر خون کے لوتھڑے سے، پھر گوشت کی بوٹی سے جو شکل والی بھی ہوتی ہے اور بے شکل بھی، (یہ ہم اس لیے بتا رہے ہیں) تا کہ تم پر حقیقت واضح کریں، ہم جس (نطفے) کو چاہتے ہیں ایک وقت خاص تک رحموں میں ٹھہرائے رکھتے ہیں، پھر تم کو ایک بچے کی صورت میں نکال لاتے ہیں۔

پھر اس پر دوسرا احسان یہ فرمایا ہے کہ جب انسان کو زمین پر خلیفہ بنایا گیا تو اللہ تبارک وتعالیٰ حسب ضرورت غیر محسوس طریقے سے اسے مختلف انواع کے علوم جیسی خاص نعمت (جو مخلوقات کی بلند ترین صفت ہے) مرحمت فرماتا رہا ہے، جیسے فرمایا:

وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۲۵۵ [2]

ترجمہ: اور لوگ اس کے علم میں سے کسی چیز کا احاطہ نہیں کر سکتے سوائے اس کے جو وہ خود چاہے۔

اسی علم کی بدولت ہی بنی نوع انسان کے جد اعلیٰ آدم علیہ السلام کو فرشتوں پر فضیلت ملی تھی، اور بات یہیں تک محدود نہیں رکھی تیسرا بڑا احسان یہ فرمایا کہ اللہ نے انسان کو ماں کے پیٹ سے نکالا، اس وقت وہ کچھ نہیں جانتا تھا، اس کو سماعت، بصارت اور عقل سے بہرہ ور کیا۔

وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِّنْۢ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ شَيْـًٔا ۙ وَّجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۙ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۷۸ [3]

---

[1] الحج ۵

[2] البقرة ۲۵۵

[3] النحل ۷۸

ترجمہ:اللہ نے تم کو تمہاری ماؤں کے پیٹوں سے نکالا اس حالت میں کہ تم کچھ نہ جانتے تھے اس نے تمہیں کان دیے، آنکھیں دیں اور سوچنے والے دل دیے، اس لیے کہ تم شکر گزار بنو۔

اِنَّا خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ ۖ نَّبْتَلِيْهِ فَجَعَلْنٰهُ سَمِيْعًۢا بَصِيْرًا ۲ ﴿۱﴾

ترجمہ:ہم نے انسان کو ایک مخلوط نطفے سے پیدا کیا تاکہ اس کا امتحان لیں اور اس غرض کے لیے ہم نے اسے سننے اور دیکھنے والا بنایا۔

اس کے لئے حصول علوم کے تمام اسباب آسان کیے، ان علوم کو محفوظ کرنے کے لئے الہامی طور پر اسے قلم کے استعمال سے کتابت کا فن سکھایا، کیونکہ علم انسان کے ذہن میں ہوتا ہے جس کا اظہار وہ زبان کے ذریعے سے کرتا ہے، ذہن وحافظہ میں جو کچھ ہوتا ہے وہ انسان کی موت کے ساتھ ہی ختم ہو جاتا ہے، چنانچہ ان تمام علوم کو محفوظ رکھنے کے لئے قلم کے ذریعہ کاغذ پر کتابت کرتا رہا، جس کے نتیجہ میں اسلاف کی تاریخیں اور کافی علمی ذخیرہ محفوظ ہو کر نسل در نسل آگے پہنچتا رہا، اگر قلم نہ ہوتا تو انسان کے ذہن میں جو کچھ ہوتا اس کی موت کے ساتھ ہی ضائع ہو جاتا اور مزید ترقی کرنے کا موقعہ ہی پیدا نہ ہوتا اور ہم وہیں کھڑے ہوتے جہاں ہمارے اسلاف کھڑے تھے، یعنی اسلام پہلے علم کا نام ہے، علم کے بعد عمل کا نام ہے، اسی لئے اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے قلم کو پیدا کیا اور اس کو تمام مخلوقات کی تقدیر لکھنے کا حکم دیا،

عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَيِّدُوا الْعِلْمَ بِالْكِتَابِ

انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا علم کو کتابت کے ساتھ مقید کر لو۔﴿۲﴾

تب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان آیات کو زبان سے دہرایا۔

اللہ تعالیٰ نے کوہ طور پر موسیٰ علیہ السلام کو اپنے پہلے ہی کلام میں واضح کر دیا کہ وہ اللہ رب العالمین سے مخاطب ہیں اور اللہ نے انہیں لوگوں کی رشد وہدایت کے لئے منصب رسالت پر فائز کر دیا گیا ہے اور ان کا کام یہ ہے کہ وہ فرعون اور اس کی قوم کے توحید وآخرت کے بارے میں عقائد درست کریں، اور اللہ کی بندگی کے اظہار کے لئے نماز کا نظام قائم کریں اور اسی موقع پر معجزات بھی عطا فرما دیئے گئے مگر سورہ العلق کی ان ابتدائی آیات میں اللہ تعالیٰ کی چند تخلیقی صفات کو بیان فرمایا گیا مگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ نہیں بتایا گیا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو کس کار عظیم پر مامور کیا گیا ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو کیا کرنا ہے، البتہ فرشتہ وحی جبرائیل علیہ السلام سے آپ کا تعارف ہو گیا کیونکہ پہلے آپ صلی اللہ علیہ وسلم شریعت اور ایمان کے بارے میں کچھ نہ جانتے تھے، جیسے فرمایا:

وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا ۭ مَا كُنْتَ تَدْرِيْ مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْاِيْمَانُ ... ۵۲ ﴿۳﴾

ترجمہ:اور اسی طرح (اے نبی علیہ السلام) ہم نے اپنے حکم سے ایک روح تمہاری طرف وحی کی ہے تمہیں کچھ پتہ نہ تھا کہ کتاب (شریعت) کیا ہوتی ہے اور ایمان کیا ہوتا ہے۔

---

﴿۱﴾ الدھر ۲

﴿۲﴾ المخلصیات ۵۵۶، مسند الشھاب ۶۳۷، جامع بیان العلم وفضلہ ۳۹۵، المعجم الکبیر للطبرانی ۷۰۰

﴿۳﴾ الشوریٰ ۵۲

عرب کے اکثر لوگوں کی طرح رسول اللہ ﷺ نہ لکھ سکتے تھے اور نہ پڑھ سکتے تھے، جیسے فرمایا:

وَمَا كُنْتَ تَتْلُوْا مِنْ قَبْلِهٖ مِنْ كِتٰبٍ وَّلَا تَخُطُّهٗ بِيَمِيْنِكَ... ﴿۴۸﴾ (۱)

ترجمہ: اے نبی! تم اس سے پہلے کوئی کتاب نہیں پڑھتے تھے اور نہ اپنے ہاتھ سے لکھتے تھے۔

اور آپ ﷺ کو ایسی کوئی خواہش، امید یا وہم وگمان اور تصور نہ تھا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ انہیں دنیا کی رہنمائی کے لئے چن لیں گے، جیسے فرمایا

وَمَا كُنْتَ تَرْجُوْٓا اَنْ يُّلْقٰٓى اِلَيْكَ الْكِتٰبُ اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ... ﴿۸۶﴾ (۲)

ترجمہ: تم اس بات کے ہرگز امید اوار نہ تھے کہ تم پر کتاب نازل کی جائے گی، یہ تو محض تمہارے رب کی مہربانی سے (تم پر نازل ہوئی ہے)۔

اس لئے اس اچانک واقعہ کے خوف سے آپ ﷺ کو اپنی جان کی ہلاکت کا اندیشہ پیدا ہوگیا، ان آیات مبارکہ سے بحیرا راہب کی داستان بھی پوری کی پوری غلط ثابت ہو جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کو منصب رسالت پر فائز فرمایا، انہوں نے کیا فرض نبھانا ہے وہ بھی واضح طور پر فرما دیا گیا مگر جب انہیں عصا کا معجزہ عطا فرمایا گیا اور انہوں نے اپنی لاٹھی کو ایک اژدھا بن کر پھنکاریں مارتے اور ادھر ادھر دوڑتے دیکھا تو خوف و دہشت سے بھاگ کھڑے ہوئے اور پلٹ کر بھی نہ دیکھا کیونکہ ان کے وہم وگمان میں بھی نہ تھا کہ ان کی لاٹھی ایک حقیقی اژدھا بن جائے گی، اللہ تعالیٰ نے انہیں تسلی دی۔

...يٰمُوْسٰى لَا تَخَفْ اِنِّىْ لَا يَخَافُ لَدَيَّ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۱۰﴾ (۳)

ترجمہ: اے موسیٰ علیہ السلام! ڈرو نہیں، میرے حضور پیغمبر ڈرا نہیں کرتے۔

اسی طرح رسول اللہ ﷺ ابھی تربیت کے مرحلہ سے گزر رہے تھے، ایک فرشتے کا غیر متوقع طور پر اس طرح آنے، سینے سے لگانے اور پڑھنے کا حکم دینے سے آپ خوف زدہ ہو گئے، چنانچہ خوف کی اسی حالت میں کانپتے اور لرزتے ہوئے ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا بنت خویلد کے پاس پہنچے اور فرمایا:

زَمِّلُوْنِي زَمِّلُوْنِي

مجھے چادر اڑھادو، مجھے چادر اوڑھادو،

ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا نے حسب حکم فوراً چادر اوڑھادی اور رسول اللہ ﷺ کچھ دیر خاموش لیٹے رہے، جب خوف کی کیفیت رفع ہوئی تو ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا کے پوچھنے پر آپ ﷺ نے غار حرا میں پیش آنے والا تمام واقعہ بیان کیا کیونکہ آپ نے فرشتہ دیکھا ہوا ہی نہیں تھا اس لئے کہیں یہ ذکر نہیں فرمایا کہ میرے پاس ایک فرشتہ آیا تھا بلکہ خوف سے فرمایا:

---

(۱) العنکبوت ۴۸

(۲) القصص ۸۶

(۳) النمل ۱۰

لَقَدْ خَشِيتُ عَلَى نَفْسِي

مجھے اپنی جان کا خطرہ لاحق ہو گیا ہے۔

آپ ﷺ کی یہ بات سن کر جاں نثار اور زیرک اہلیہ سیدہ النساء ام المومنین خدیجہ الکبریٰ رضی اللہ عنہا نے جو پندرہ برس سے آپ ﷺ کے پاکیزہ کردار سے آشنا تھیں اور اس وقت پچپن برس کی ایک پختہ عمر کی عورت تھیں بڑے وثوق سے آپ ﷺ کے اخلاق حسنہ کے بارے میں عرض کیا۔

كَلَّا وَاللَّهِ مَا يُخْزِيكَ اللَّهُ أَبَدًا إِنَّكَ لَتَصِلُ الرَّحِمَ وَتَحْمِلُ الكَلَّ، وَتَكْسِبُ المَعْدُومَ، وَتَقْرِي الضَّيْفَ، وَتُعِينُ عَلَى نَوَائِبِ الحَقِّ ،

ہرگز نہیں، اللہ کی قسم! آپ کو اللہ کبھی رسوا نہیں کرے گا آپ تو صلہ رحمی کرتے ہیں، آپ تو کنبہ پرور ہیں، بے کسوں کا بوجھ اپنے سر پر رکھ لیتے ہیں، مفلسوں کے لئے آپ کماتے ہیں، مہمان نوازی میں آپ بے مثال ہیں اور مشکل وقت میں آپ امر حق کا ساتھ دیتے ہیں۔[1]

وَأَخْبَرَهَا بِمَا جَاءَ بِهِ فَقَالَتْ أَبْشِرْ فَوَاللَّهِ لَا يَفْعَلُ اللَّهُ بِكَ إِلَّا خَيْرًا فَاقْبَلِ الَّذِي جَاءَكَ مِنَ اللَّهِ ، فَإِنَّهُ حَقٌّ وَأَبْشِرْ فَإِنَّكَ رَسُولُ اللَّهِ حَقًّا

ایک روایت میں ہے رسول اللہ ﷺ نے تمام واقعہ خدیجہ رضی اللہ عنہا سے بیان فرمایا تو انہوں نے کہا مبارک ہو اور آپ کو بشارت ہو، اللہ کی قسم! اللہ تعالیٰ آپ کے ساتھ سوائے خیر اور بھلائی کے کچھ نہ کرے گا، جو منصب اللہ تعالیٰ کی جانب سے آپ کے پاس آیا ہے اس کو قبول کریں، وہ بلاشبہ حق ہے، اور آپ ﷺ کو خوش خبری ہو کہ آپ یقیناً اللہ تعالیٰ کے رسول برحق ہیں۔[2]

فَقَالَتْ : أَبْشِرْ يَا بن عمّ واثبت، فو الّذي نَفْسُ خَدِيجَةَ بِيَدِهِ إِنِّي لَأَرْجُو أَنْ تَكُونَ نَبِيَّ هَذِهِ الْأُمَّةِ

ایک روایت میں ہے ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا نے کہا اے میرے چچازاد! آپ کو مبارک ہو قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں خدیجہ کی جان ہے میں قوی امید رکھتی ہوں کہ آپ اس امت کے نبی ہوں گے۔[3]

### ورقہ بن نوفل بن اسد بن عبدالعزیٰ:

جب کچھ دیر کے بعد مزید طبیعت بہتر ہوئی تو ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا کو جستجو ہوئی کہ اس معاملہ میں کسی صاحب علم سے رائے لی جائے، چنانچہ ام المومنین خدیجہ، رضی اللہ عنہا محمد ﷺ کو اپنے چچازاد بھائی ورقہ بن نوفل بن اسد بن عبدالعزیٰ کے پاس لے گئیں، جنہوں نے دین حنیف کی

---

[1] صحیح بخاری کتاب الوحی كَيْفَ كَانَ بَدْءُ الوَحْيِ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ ۳،وکتاب التعبیربَابُ أَوَّلُ مَا بُدِئَ بِهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الوَحْيِ الرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ۶۹۸۲ ،صحیح مسلم کتاب الایمان بَابُ بَدْءِ الْوَحْيِ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن عائشه ۴۰۳

[2] فتح الباری۳۵۹؍۱۲

[3] ۔ابن ہشام۲۳۸؍۱

تلاش میں بت پرستی سے تائب ہو کر نصرانی مذہب اختیار کر لیا تھا اور عبرانی زبان سیکھ کر تورات وانجیل کو اس کی اصل زبان میں سمجھنے اور لکھنے پر قادر تھے، اس طرح وہ تورات وانجیل میں پیغمبروں کے حالات اور نبی آخر الزماں کی آمد کی پیشین گوئیوں سے بھی واقف تھے، اس وقت وہ بہت بوڑھے اور نابینا ہو چکے تھے اس لئے جلد ہی فوت ہو گئے، ورقہ بن نوفل بچپن سے آپ ﷺ کی زندگی دیکھتے چلے آرہے تھے اور پندرہ سال کی قریبی رشتہ داری کی بنا پر آپ کے حالات سے اور بھی گہری واقفیت رکھتے تھے۔

فَقَالَتْ لَهُ خَدِيجَةُ: أَيِ ابْنَ عَمِّ، اسْمَعْ مِنَ ابْنِ أَخِيكَ، فَقَالَ وَرَقَةُ: ابْنَ أَخِي مَاذَا تَرَى؟ فَأَخْبَرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا رَأَى، فَقَالَ وَرَقَةُ: هَذَا النَّامُوسُ الَّذِي أُنْزِلَ عَلَى مُوسَى، يَا لَيْتَنِي فِيهَا جَذَعًا، أَكُونُ حَيًّا حِينَ يُخْرِجُكَ قَوْمُكَ. فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَوَمُخْرِجِيَّ هُمْ فَقَالَ وَرَقَةُ: نَعَمْ، لَمْ يَأْتِ رَجُلٌ قَطُّ بِمِثْلِ مَا جِئْتَ بِهِ إِلَّا عُودِيَ، وَإِنْ يُدْرِكْنِي يَوْمُكَ أَنْصُرْكَ نَصْرًا مُؤَزَّرًا، ثُمَّ لَمْ يَنْشَبْ وَرَقَةُ أَنْ تُوُفِّيَ،

ان سے خدیجہ رضی اللہ عنہا نے کہا اے میرے بھائی! ذرا اپنے بھتیجے کا واقعہ سن لیں مگر رسول اللہ ﷺ خاموش رہے تو ورقہ بن نوفل نے پوچھا

يَا ابْنَ أَخِي، مَاذَا تَرَى؟

اے میرے بھتیجے! کیا دیکھا؟

ورقہ کے پوچھنے پر رسول اللہ ﷺ نے جو کچھ دیکھا تھا بیان کر دیا، تمام کیفیت سن کر ورقہ بن نوفل اسے کوئی شیطانی وسوسہ نہیں سمجھا بلکہ اس کے نزدیک بھی رسول اللہ ﷺ اتنے بلند پایہ انسان تھے کہ آپ کا منصب نبوت پر سرفراز ہونا کوئی قابل تعجب امر نہ تھا اس لئے جھٹ سے بولا یہ وہی ناموس (معزز راز داں فرشتہ) ہے جسے اللہ نے اس سے قبل موسیٰ علیہ السلام کے پاس بھیجا تھا کاش میں اس وقت تک زندہ رہتا جب آپ کی قوم آپ کو اپنے وطن سے باہر نکال دے گی، رسول اللہ ﷺ یہ سن کر کہ آپ کی قوم آپ کی تکذیب کرے گی، آپ کو ایذاء دی جائے گی خاموش رہے مگر آپ ﷺ کو مکہ معظّمہ سے بے دخلی کا سن کر بڑا شاق گزرا اور ورقہ سے بڑی حیرت سے پوچھا کیا میری قوم مجھے مکہ معظّمہ سے نکال دے گی، ورقہ نے کہا ہاں، آج تک کوئی ایسا شخص نہیں گزرا جو آپ کی طرح نبوت لے کر آیا ہو اور اس کی پر زور مخالفت نہ کی گئی ہو اگر میں نے وہ زمانہ پا لیا تو میں آپ کی زبردست مدد کروں گا مگر اس بات کے تھوڑے ہی دن بعد ورقہ بن نوفل انتقال کر گیا۔[1]

فِي مُرْسَلِ أَبِي مَيْسَرَةَ أَبْشِرْ فَأَنَا أَشْهَدُ إِنَّكَ الَّذِي بشر بِهِ بن مَرْيَمَ وَأَنَّكَ عَلَى مِثْلِ نَامُوسِ مُوسَى وَأَنَّكَ نَبِيٌّ مُرْسَلٌ وَأَنَّكَ سَتُؤْمَرُ بِالْجِهَادِ بَعْدَ يَوْمِكَ هَذَا

ابومیسرہ کی ایک مرسل روایت میں ہے کہ ورقہ نے کہا آپ کو بشارت ہو، میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ وہی نبی ہیں جن کی مسیح بن مریم نے بشارت دی ہے اور آپ موسیٰ علیہ السلام کی طرح نبی مرسل ہیں، اور آپ کو عنقریب اللہ کی طرف سے جہاد کا حکم مرحمت فرمایا جائے گا۔[2]

---

[1] صحیح بخاری کتاب التعبیر بَابُ أَوَّلُ مَا بُدِئَ بِهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الوَحْيِ الرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ ۶۹۸۲ ،صحیح مسلم کتاب الایمان بَابُ بَدْءِ الْوَحْيِ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۴۰۳

[2] فتح الباری ۷۲۰/۸، عیون الاثر ۱۰۲/۱، الإصابة في تمييز الصحابة ۴۷۵/۶

فَلَمَّا قَضَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جِوَارَهُ وَانْصَرَفَ صَنَعَ مَا كَانَ يَصْنَعُ، بَدَأَ بِالْكَعْبَةِ فَطَافَ بِهَا فَلَقِيَهُ وَرَقَةُ بْنُ نَوْفَلٍ وَهُوَ يَطُوفُ بِالْكَعْبَةِ فقال له: يا ابن أَخِي: أَخْبِرْنِي بِمَا رَأَيْتَ وَسَمِعْتَ؟فَأَخْبَرَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ وَرَقَةُ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ إِنَّكَ لَنَبِيُّ هَذِهِ الأُمَّةِ وَلَقَدْ جَاءَكَ النَّامُوسُ الأَكْبَرُ الَّذِي جَاءَ مُوسَى وَلَتُكَذِّبَنَّهُ وَلَتُؤْذِيَنَّهُ وَلَتُقَاتِلَنَّهُ، وَلَئِنْ أَنَا أَدْرَكْتُ ذَلِكَ الْيَوْمَ لأَنْصُرَنَّ اللَّهَ نَصْرًا يَعْلَمُهُ، ثُمَّ أَدْنَى رَأْسَهُ مِنْهُ فَقَبَّلَ يَأْفُوخَهُ ثُمَّ انْصَرَفَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلى مَنْزِلِهِ

ایک اور روایت میں ہے رسول اللہ ﷺ کعبہ تشریف لے گئے اور اس کا طواف شروع کیا دوران طواف ورقہ بن نوفل بھی انہیں مل گئے کیونکہ وہ بھی کعبہ کا طواف کر رہے تھے، انہوں نے آپ ﷺ سے کہا اے بھتیجے! مجھے بتاؤ تم نے (غار حرا میں کیا) دیکھا اور کیا سنا؟ رسول اللہ ﷺ نے انہیں بتایا، ورقہ نے کہا قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے تم اس امت کے نبی ہو اور جو تیرے پاس آیا تھا وہ ناموس اکبر ہے جو موسیٰ علیہ السلام کے پاس آیا کرتا تھا، بے شک تیری تکذیب کی جائے گی، تجھے اذیت دی جائے گی اور تیرے ساتھ جنگ کی جائے گی، اگر میں اس دن تک زندہ رہا تو تیری بہت بڑی مدد کروں گا پھر ورقہ نے سر جھکایا اور آپ ﷺ کی پیشانی مبارک کو بوسہ دیا پھر رسول اللہ ﷺ اپنے مکان پر واپس آ گئے۔ (۱)

دوسرے معنوں میں ورقہ نے یہ تو جان لیا کہ یہ علامات وحی ہیں اور مستقبل میں رسول اللہ ﷺ نبی یا رسول کے منصب پر فائز ہونے والے ہیں مگر انہوں نے سید الامم محمد ﷺ کو یہ نہیں کہا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو نبی یا رسول مقرر کر دیا گیا ہے، اگر اس وقت وہ آپ ﷺ کو نبی یا رسول تسلیم کر لیتے تو کوئی وجہ نہیں تھی کہ ورقہ جیسا حق پرست اور صاحب علم انسان فوراً ہی ایمان نہ لے آتا اور السابقون الاولون میں شمار ہوتا بلکہ اس نے بڑے حسرت بھرے الفاظ میں کہا۔

يَا لَيْتَنِي فِيهَا جَذَعًا، لَيْتَنِي أَكُونُ حَيًّا إِذْ يُخْرِجُكَ قَوْمُكَ

کاش میں اس وقت تک زندہ رہتا جب آپ کی قوم آپ کو اپنے وطن سے باہر نکال دے گی، اگر میں نے وہ زمانہ پا لیا تو میں آپ کی زبردست مدد کروں گا۔

روایت ہے کہ سورہ العلق کی ان پہلی پانچ آیات کی وحی کے ابتدائی تعارف کے بعد کچھ عرصہ کے لئے وحی منقطع ہو گئی تا کہ آپ کے دل سے وہ خوف دور ہو جائے جو اچانک غار حرا میں جبرائیل علیہ السلام کو دیکھ کر اور ابتدائی آیات مبارکہ کو سن کر طاری ہوا تھا اور اس کے ساتھ ہی وحی کے انتظار کا شوق بھی بڑھ جائے۔ (۲)

اور آپ ﷺ ذہنی طور پر وحی وصول کرنے اور نبوت کے فرائض سنبھالنے کے لئے کمر بستہ ہو جائیں، اس حکم کے بعد کچھ دنوں تک جبرائیل علیہ السلام دوسری وحی لیکر نازل نہ ہوئے تو روز بروز آپ ﷺ کا رنج و غم بڑھتا چلا گیا،

---

(۱) عیون الاثر ۱۰۲/۱، ابن ہشام ۲۳۸/۱
(۲) فتح الباری ۲۷/۱

أَنَّ مُدَّةَ فَتْرَةِ الْوَحْيِ كَانَت ثَلَاث سِنِين
شعبی رحمہ اللہ کے مطابق انقطاع وحی کی کل مدت تین سال رہی۔ (۱)

حالانکہ اگر اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو تین سال بعد منصب نبوت پر فائز کرنا تھا تو اتنے جلدی جبرائیل علیہ السلام کو بھیجنے کی کیا ضرورت تھی،

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ - صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - لَمَّا نَزَلَ عَلَيْهِ الْوَحْيُ بِحِرَاءٍ مَكَثَ أَيَّامًا لا يَرَى جِبْرِيلَ.
عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے جب حرا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی نازل ہوئی تو کچھ دنوں تک یہ کیفیت رہی کہ جبرائیل علیہ السلام نظر نہیں آئے (۲)

وَلَيْسَ الْمُرَادُ بِفَتْرَةِ الْوَحْيِ الْمُقَدَّرَةِ بِثَلَاثِ سِنِينَ وَهِيَ مَا بَيْنَ نُزُولِ أَقرأ وَيَا أَيهَا المدثر عَدَمَ مَجِيءِ جِبْرِيلَ إِلَيْهِ
اس سے یہ مراد نہیں ہے کہ وحی کی بندش تین سال تک رہی، مگر صرف سورہ العلق کی ابتدائی آیات اور سورہ المدثر کے درمیانی عرصہ میں جبرائیل علیہ السلام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس نہیں آئے۔ (۳)

حَتَّى حَزِنَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ، فِيمَا بَلَغَنَا، حُزْنًا غَدَا مِنْهُ مِرَارًا كَيْ يَتَرَدَّى مِنْ رُءُوسِ شَوَاهِقِ الجِبَالِ، فَكُلَّمَا أَوْفَى بِذِرْوَةِ جَبَلٍ لِكَيْ يُلْقِيَ مِنْهُ نَفْسَهُ تَبَدَّى لَهُ جِبْرِيلُ فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، إِنَّكَ رَسُولُ اللَّهِ حَقًّافَيَسْكُنُ لِذَلِكَ جَأْشُهُ، وَتَقِرُّ نَفْسُهُ، فَيَرْجِعُ، فَإِذَا طَالَتْ عَلَيْهِ فَتْرَةُ الوَحْيِ غَدَا لِمِثْلِ ذَلِكَ
یہاں تک کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس قدر غمگین ہوئے کہ متعدد بار بلند چوٹی پر سے اپنے آپ کو گرا کر ہلاک کر دینا چاہا، جب بھی پہاڑ کی چوٹی پر پہنچے کہ اپنے آپ کو گرا کر ہلاک کر دیں تو جبرائیل ظاہر ہوتے اور کہتے اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ اللہ کے سچے رسول ہیں، تو اس سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا جوش سرد پڑ جاتا اور طبیعت کو سکون ملتا اور واپس تشریف لے آتے، جب وحی کا سلسلہ دیر تک منقطع رہا تو پھر اسی طرح نکلے، جب پہاڑ کی چوٹی پر پہنچے تو جبرائیل سامنے آتے اور اسی طرح کہتے۔ (۴)
یہ مقطوع روایت ہے جس کا سلسلہ زہری پر ہی ختم ہو جاتا ہے اور آگے نہیں بڑھتا، امام زہری نے اس روایت کو بلاغات میں تحریر کیا ہے۔
روایت ہے کہ ایک مرتبہ سید النساء خدیجہ الکبریٰ رضی اللہ عنہا نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی۔

أَيِ ابْنَ عَمِّ، أَتَسْتَطِيعُ أَنْ تُخْبِرَنِي بِصَاحِبِكَ هَذَا الَّذِي يَأْتِيكَ إِذَا جَاءَكَ؟قَالَ: نَعَمْ،قَالَتْ: فَإِذَا جَاءَكَ فَأَخْبِرْنِي بِهِ،فَجَاءَهُ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ كَمَا كَانَ يَصْنَعُ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِخَدِيجَةَ: يَا خَدِيجَةُ، هَذَا جِبْرِيلُ قَدْ جَاءَنِي،قَالَتْ: قُمْ يَا بن عَمِّ فَاجْلِسْ عَلَى فَخِذِي الْيُسْرَى قَالَ فَقَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(۱) فتح الباری ۲۷/۱
(۲) ابن سعد ۱۵۴/۱
(۳) فتح الباری ۲۷/۱
(۴) فتح الباری ۳۶۱/۱۲،شرح الزرقانی علی المواهب ۴۰۲/۱، الخصائص الکبریٰ ۱۵۶/۱،صحیح بخاری بَابُ أَوَّلُ مَا بُدِئَ بِهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الوَحْيِ الرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ

فَجَلَسَ عَلَيْهَا قَالَتْ: هَلْ تَرَاهُ؟ قَالَ: نَعَمْ،قَالَتْ: فَتَحَوَّلْ فَاجْلِسْ عَلَى فَخِذِي الْيُمْنَى

اے میرے چچا کے بیٹے! کیا آپ جبرائیل کے آنے کی مجھے خبر دے سکتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا ہاں، انہوں نے کہا اگر اب وہ آئیں تو مجھے بھی خبر دیجئے گا، چنانچہ جب جبرائیل علیہ السلام آئے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے خدیجہ رضی اللہ عنہا یہ جبرائیل میرے پاس آئے ہیں، خدیجہ رضی اللہ عنہا نے کہا آپ کھڑے ہو کر میری بائیں ران پر بیٹھ جائیں، چنانچہ آپ ﷺ ان کی ران پر بیٹھ گئے، انہوں نے کہا اب بھی جبرائیل علیہ السلام آپ کو دکھائی دیتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا ہاں، انہوں نے کہا اچھا میری دائیں ران پر بیٹھ جائیں قَالَتْ: فَتَحَوَّلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَلَسَ عَلَى فَخِذِهَا الْيُمْنَى فَقَالَتْ:هَلْ تَرَاهُ؟ قَالَ: نَعَمْ،قَالَتْ: فَتَحَوَّلْ فَاجْلِسْ فِي حِجْرِي قَالَتْ: فَتَحَوَّلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَلَسَ فِي حِجْرِهَا، قَالَتْ: هَلْ تَرَاهُ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ:فَتَحَسَّرَتْ وَأَلْقَتْ خِمَارَهَا وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ فِي حِجْرِهَا، ثُمَّ قَالَتْ لَهُ: هَلْ تَرَاهُ؟قَالَ: لَا، قَالَتْ يَا بن عَمِّ، اثْبتْ وأبشر، فو الله إِنَّهُ لَمَلَكٌ وَمَا هَذَا بِشَيْطَانٍ

چنانچہ رسول اللہ ﷺ دائیں ران پر بیٹھ گئے، انہوں نے کہا اب بھی جبرائیل موجود ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا ہاں موجود ہیں، انہوں نے کہا اچھا آپ میرے زانوؤں پر تشریف رکھیں، چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے ایسا ہی کیا، انہوں نے کہا کیا اب بھی دکھائی دیتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا ہاں، انہوں نے پھر اپنی اوڑھنی سر پر سے اتاری اور برہنہ سر ہو کر کہا کیا اب بھی جبرائیل دکھائی دیتے ہیں؟ فرمایا نہیں، اب دکھائی نہیں دیتے، یہ سن کر خدیجہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا اے میرے چچا کے بیٹے! آپ کو بشارت ہو، اللہ کی قسم یہ فرشتہ ہے، ابلیس نہیں۔[1]

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ خَدِيجَةُ: أَبْشِرْ فَإِنَّهُ مَلَكٌ كَرِيمٌ لَوْ كَانَ شَيْطَانًا مَا اسْتَحْيَى

ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت میں یوں ہے ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی آپ کو مبارک ہو یہ فرشتہ ہے اگر ابلیس ہوتا تو نہ شرماتا۔[2]

اس روایت کی سند ضعیف ہے۔

اس کے علاوہ جب ورقہ بن نوفل نے آپ ﷺ کی رسالت کے بارے میں کہہ دیا اور چند دنوں بعد جبرائیل علیہ السلام بھی باضابطہ وحی لانے لگے تو پھر تصدیق کرنے کے لئے یہ سب کچھ کرنے کی ضرورت باقی نہیں رہتی اور کیا شیطان اس طرح کی وحی لا سکتا ہے۔

اللہ تعالیٰ پیغمبروں کو بہترین صلاحتیں اور قوتیں عطا کر کے مبعوث فرماتا ہے، وہ بہترین اخلاق، کامل علم، شجاع اور مضبوط استقلال کے مالک ہوتے ہیں، چنانچہ رسول اللہ ﷺ سے قبل دنیا میں کتنے ہی پیغمبر گزرے جنہیں کوئی امید نہیں تھی کہ انہیں پیغمبر بنایا جانے والا ہے، جب ان کے پاس جبرائیل علیہ السلام وحی لیکر حاضر ہوئے تو کیا انہوں نے منصب رسالت پر فائز ہونے اور اپنے پیغمبر ہونے پر شک کیا، موسیٰ علیہ السلام سردیوں کی تاریک رات کے وقت تن تنہا آگ لینے کو طور پر چڑھ گئے جہاں اس سنسان جگہ پر اچانک اللہ تعالیٰ ان سے ہم کلام ہوا اور انہیں منصب رسالت پر فائز فرمایا تو کیا انہوں نے اپنی پیغمبری پر شک کیا یا تحقیق کی، اس لئے کوئی وجہ نہیں کہ آپ ﷺ اللہ کا رسول ہونے

---

[1] ابن ہشام۲۳۹؍۱،الروض الانف ۲۶۶؍۲،عیون الاثر۱۰۵؍۱،تاریخ طبری ۳۰۳؍۲،فتح الباری ۷۲۰؍۸

[2] دلائل النبوۃ لابی نعیم ۱۶۵

میں شک کرتے اور کمزور ارادے کے لوگوں کی طرح خود کو پہاڑ سے گرا کر موت کے حوالے کر دینا چاہتے جہاں جبرائیل علیہ السلام آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بار بار یقین دہانی کراتے کہ آپ سچے نبی ہیں، اس کے علاوہ کیا اتنے بڑے واقعہ کے لئے مقطوع روایت کافی ہے۔

دراصل جبرائیل علیہ السلام کو بھیجنے کا مقصد صرف ان کا تعارف کرانا تھا کہ آئندہ بھی یہ فرشتہ آپ کے پاس ہمارا پیغام لے کر آتا رہے گا اور یہ آپ کی ذمہ داری ہوگی کہ اسے من وعن لوگوں تک پہنچائیں، لہذا یہ صحیح نہیں کہ غار حراء کا واقعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کا نقطہ آغاز تھا اور اس میں پہلی وحی نازل ہوئی تھی بلکہ منصب رسالت پر فائز کرنے کا معاملہ آئندہ کے لئے چھوڑ دیا گیا، اس لئے جب پہلی مرتبہ وحی نازل ہی نہیں ہوئی تو اس میں بندش کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، حقیقت میں وحی کا نقطہ آغاز جبرائیل علیہ السلام کے دوبارہ آنے کا موقعہ ہے جس میں کچھ دن لگے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس چند روزہ وقتی محرومی پر بہت رنجیدہ رہنے لگے۔ [1]

تابعین کے دور میں بھی یہ اختلاف تھا کہ پہلی وحی کونسی تھی آیا سورہ المدثر یا سورہ العلق۔

عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، سَأَلْتُ أَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ أَوَّلِ مَا نَزَلَ مِنَ القُرْآنِ، قَالَ: {يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ} [2] قُلْتُ: يَقُولُونَ: {اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ} [3] فَقَالَ أَبُو سَلَمَةَ: سَأَلْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا عَنْ ذَلِكَ، وَقُلْتُ لَهُ مِثْلَ الَّذِي قُلْتَ: فَقَالَ جَابِرٌ: لاَ أُحَدِّثُكَ إِلَّا مَا حَدَّثَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: جَاوَرْتُ بِحِرَاءٍ، فَلَمَّا قَضَيْتُ جِوَارِي هَبَطْتُ فَنُودِيتُ، فَنَظَرْتُ عَنْ يَمِينِي فَلَمْ أَرَ شَيْئًا، وَنَظَرْتُ عَنْ شِمَالِي فَلَمْ أَرَ شَيْئًا، وَنَظَرْتُ أَمَامِي فَلَمْ أَرَ شَيْئًا، وَنَظَرْتُ خَلْفِي فَلَمْ أَرَ شَيْئًا، فَرَفَعْتُ رَأْسِي فَرَأَيْتُ شَيْئًا، فَأَتَيْتُ خَدِيجَةَ فَقُلْتُ: دَثِّرُونِي وَصُبُّوا عَلَيَّ مَاءً بَارِدًا، قَالَ: فَدَثَّرُونِي وَصَبُّوا عَلَيَّ مَاءً بَارِدًا، قَالَ: فَنَزَلَتْ: {يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ قُمْ فَأَنْذِرْ وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ} [4]

یحییٰ بن ابو کثیر سے مروی ہے میں نے ابو سلمہ بن عبد الرحمٰن سے دریافت کیا کہ قرآن کا کونسا حصہ پہلے نازل ہوا، انہوں نے جواب دیا سورہ المدثر نازل ہوئی، میں نے کہا کہ لوگ کہتے ہیں کہ سورہ العلق سب سے پہلے نازل ہوئی، تو ابو سلمہ رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے اس کے متعلق پوچھا اور میں نے وہی کہا جو تم نے کہا، جابر رضی اللہ عنہ نے کہا میں تم سے وہی بیان کرتا ہوں جو ہم سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں حرا میں گوشہ نشین تھا جب میں نے گوشہ نشینی کی مدت کو پورا کر لیا تو میں وہاں سے اترا تو میں پکارا گیا ایک آواز سنی میں نے اپنی دائیں طرف دیکھا تو کچھ نظر نہ آیا میں نے اپنے بائیں طرف دیکھا تو کچھ نظر نہ آیا تو میں نے سر اٹھایا تو ایک چیز دیکھی پھر میں خدیجہ رضی اللہ عنہا کے پاس آیا تو میں نے کہا مجھ کو کمبل اڑھا دو اور مجھ پر ٹھنڈا پانی بہاؤ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان کیا کہ لوگوں نے مجھے کمبل

---

[1] صحیح بخاری کتاب التعبیر بَابُ أَوَّلُ مَا بُدِئَ بِهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الوَحْيِ الرُّؤْيَا الصَّالِحَة ٦٩٨٢

[2] المدثر: ١

[3] العلق: ١

[4] المدثر: ٢

اڑھائے اور مجھ پر ٹھنڈا پانی بہایا اور سورہ المدثر کی آیات ا اور ۲ ،اے کپڑے میں لپٹنے والے! اٹھئے پھر لوگوں کو عذاب آخرت سے ڈرائے اور اپنے پروردگار کی بڑائی کیجئے۔ نازل ہوئی۔ ①

اور دیکھا جائے تو المدثر کی ابتدائی آیات میں رسول اللہ ﷺ کو بعض احکام دیئے گئے ہیں اور تبلیغ کا حکم فرمایا گیا ہے جبکہ قراء کی آیات میں صرف اللہ تعالیٰ کی چند تخلیقی صفات کا بیان ہے۔

مگر چند دن کی بندش سے مشرکین مکہ کو مذاق اڑانے کا موقع مل گیا اور انہوں نے از راہ تمسخر کہنا شروع کر دیا کہ محمد (ﷺ) کے خدا نے اسے چھوڑ دیا ہے اور اب اس سے بغض رکھنے لگا ہے۔

عَنْ عَائِشَةَ مَرْفُوعًا لَا تَسُبُّوا وَرَقَةَ فَإِنِّي رَأَيْتُ لَهُ جَنَّةً أَوْ جَنَّتَيْنِ

ورقہ بن نوفل کے بارے میں عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ورقہ بن نوفل کو برا مت کہو میں نے اس کے لئے جنت میں ایک یا دو باغ دیکھے ہیں۔ ②

عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ :سُئِلَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ وَرَقَةَ، فَقَالَتْ لَهُ خَدِيجَةُ: إِنَّهُ كَانَ صَدَّقَكَ وَلَكِنَّهُ مَاتَ قَبْلَ أَنْ تَظْهر فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أُرِيتُهُ فِي الْمَنَامِ وَعَلَيْهِ ثِيَابٌ بَيَاضٌ، وَلَوْ كَانَ مِنْ أَهْلِ النَّارِ لَكَانَ عَلَيْهِ لِبَاسٌ غَيْرُ ذَلِكَ

ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا کی ایک اور روایت میں یوں ہے ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا نے آپ سے عرض کیا کہ ورقہ بن نوفل نے آپ کی رسالت ونبوت کی تصدیق کی مگر آپ کے اعلان نبوت سے قبل وہ فوت ہو گئے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں نے خواب میں ورقہ بن نوفل کو سفید لباس میں دیکھا اگر وہ جہنمی ہوتے تو سفید لباس کی بجائے کسی اور رنگ کے لباس میں ہوتے۔ ③

عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ خَدِيجَةَ سَأَلَتْ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ وَرَقَةَ بْنِ نَوْفَلٍ، فَقَالَ :قَدْ رَأَيْتُهُ فِي الْمَنَامِ، فَرَأَيْتُ عَلَيْهِ ثِيَابُ بَيَاضٍ، فَأَحْسِبُهُ لَوْ كَانَ مِنْ أَهْلِ النَّارِ، لَمْ يَكُنْ عَلَيْهِ بَيَاضٌ

اور ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا نے رسول اللہ ﷺ سے ورقہ بن نوفل کے بارے میں دریافت کیا آپ ﷺ نے فرمایا میں نے خواب میں ورقہ بن نوفل کو سفید لباس میں دیکھا اگر وہ جہنمی ہوتے تو سفید لباس میں نہ ہوتے۔ ④

عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ :وَسُئِلَ عَنْ وَرَقَةَ بْنِ نَوْفَلٍ، فَقَالَ : أَبْصَرْتُهُ فِي بُطْنَانِ الْجَنَّةِ عَلَيْهِ سُنْدُسٌ

جابر بن عبد اللہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ سے ورقہ بن نوفل کے بارے میں سوال کیا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا میں نے اسے

① صحیح بخاری کتاب التفسیرسُورَةُ المُدَّثِّرِ ۴۹۲۲ ، صحیح مسلم کتاب الایمانباب بَدْءِ الْوَحْيِ إِلَى رَسُولِ اللهِ ﷺ ۴۰۶

② فتح الباری ۸/۷۲۰

③ جامع ترمذی ابواب الرویاباب مَا جَاءَ فِي رُؤْيَا النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ المِيزَانَ وَالدَّلْوَ ۲۲۸۸،۲۲۸۷ ، مستدرک حاکم ۸۱۸۷،فتح الباری ۸/۷۲۰

④ مسند احمد ۲۴۳۶۷

جنت کے ایک بہترین درجے میں دیکھا ہے اور اس کالباس ریشمی تھا۔[١]

ورقہ بن نوفل سے گفتگو کرنے کے بعد اپنا اعتکاف پورا کرنے کے لئے آپ واپس غارحرامیں تشریف لائے اور اعتکاف کے باقی دن پورے فرما کر مکہ مکرمہ واپس تشریف لے آئے،

قَالَ جَابِرٌ: أُحَدِّثُكُمْ مَا حَدَّثَنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: جَاوَرْتُ بِحِرَاءٍ، فَلَمَّا قَضَيْتُ جِوَارِي هَبَطْتُ فَنُودِيتُ، فَنَظَرْتُ عَنْ يَمِينِي فَلَمْ أَرَ شَيْئًا وَنَظَرْتُ عَنْ شِمَالِي فَلَمْ أَرَ شَيْئًا وَنَظَرْتُ أَمَامِي فَلَمْ أَرَ شَيْئًا وَنَظَرْتُ خَلْفِي فَلَمْ أَرَ شَيْئًا فَرَفَعْتُ رَأْسِي فَرَأَيْتُ شَيْئًا، فَأَتَيْتُ خَدِيجَةَ

جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایامیں غارحرامیں ایک مدت کے لئے خلوت نشین تھا،جب میں وہ دن پورے کر کے پہاڑ سے نیچے اترا(اور میں بطن وادی سے گزر رہا تھا کہ)مجھے آواز دی گئی،میں نے اس آواز پر اپنے دائیں طرف دیکھامگر کوئی بھی نظر نہ آیاپھر بائیں طرف دیکھاادھر بھی کوئی چیز دکھائی نہیں دی،سامنے دیکھاادھر بھی کوئی چیز دکھائی نہیں دی،پیچھے کی طرف دیکھااور ادھر بھی کوئی چیز دکھائی نہیں دی،اب میں نے اپناسر اوپر آسمان کی طرف اٹھایا تو اسی فرشتے کو زمین وآسمان کے درمیان میں ایک کرسی پر بیٹھے ہوئے پایا،مجھے یہ دیکھ کر(ہیبت کے مارے)لرزہ چڑھ آیاتب میں خدیجہ رضی اللہ عنہا کے پاس آیا۔[٢]

جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ وحی کے متعلق فرمارہے تھے جب موقوف ہوگئی تھی کہ میں جارہا تھا(باقی الفاظ وہی ہیں جواوپر گزرے)(جبرائیل علیہ السلام کو اپنی اصل شکل وصورت میں دیکھا تو)

فَجُئِثْتُ مِنْهُ فَرَقًا حَتَّى هَوَيْتُ إِلَى الْأَرْضِ

میں سہم گیااور خوف سے زمین کی طرف جھک گیا۔[٣]

جب جبرائیل علیہ السلام چلے گئے تو اسی خوف کی حالت میں آپ گھر واپس تشریف لائے،

فَقُلْتُ: زَمِّلُونِي زَمِّلُونِي، فَدَثَّرُونِي

اور اپنی اہلیہ ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا سے فرمایامجھے کمبل اوڑھادو،مجھے کمبل اوڑھادواور مجھ پر ٹھنڈاپانی ڈالو،ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا نے حکم کی تکمیل میں کمبل اڑھادیااور ٹھنڈے پانی کے چھینٹے مارے۔[٤]

[١] مسند أبي يعلى ٢٠٤٧،مجمع الزوائد ومنبع الفوائد ١٦١٧٧

[٢] صحیح مسلم کتاب الایمان بَابُ مَعْنَى قَوْلِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ وَلَقَدْ رَآهُ نَزْلَةً أُخْرَى، وَهَلْ رَأَى النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَبَّهُ لَيْلَةَ الْإِسْرَاءِ عن عائشه ٤٠٩

[٣] صحیح بخاری کتاب تفسیرالقرآن سُورَةُ المُدَّثِّرِ ٤٩٢٢،وكِتَابُ بَدْءِ الخَلْقِ بَابُ إِذَا قَالَ أَحَدُكُمْ: آمِينَ وَالمَلاَئِكَةُ فِي السَّمَاءِ، آمِينَ فَوَافَقَتْ إِحْدَاهُمَا الأُخْرَى، غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ ٣٢٣٨،صحیح مسلم کتاب الایمان بَابُ بَدْءِ الْوَحْيِ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ٤٠٧، مسنداحمد ١٤٤٨٣، البداية والنهاية٣/٢٣

[٤] صحیح بخاری کتاب التفسیرباب سُورَةُ المُدَّثِّرِعن جابر ٤٩٢٥ ،وکتاب بدء الخلق بَابُ بَدْءِ الوَحْيِ ٤ ،صحیح مسلم کتاب الایمان بَابُ بَدْءِ الْوَحْيِ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عن جابر٤٠٦

## مضامین سورۃ الضحیٰ:

نبوت کے منصب جلیل پر فائز ہونے کے بعد رسول اللہ ﷺ پر جو وحی نازل ہوتی آپ ﷺ اسے لوگوں کو سنا دیتے، اللہ تبارک وتعالیٰ کی حکمت ومشیت کے مطابق کچھ عرصہ کے لئے جبرائیل علیہ السلام کی آمد کا سلسلہ بند ہو گیا، جو ابن جریج کے مطابق بارہ روز، کلبی پندرہ روز، عبداللہ بن عباس پچیس روز، سدی اور مقاتل چالیس روز تک بند رہا، جب کئی روز تک آپ ﷺ نے لوگوں کو کوئی نئی وحی نہ سنائی تو مشرکین مکہ کو باتیں کرنے کا موقعہ مل گیا اور انہوں نے آپ ﷺ پر طعن کرنا شروع کر دیا کہ محمد (ﷺ) کے رب نے انہیں چھوڑ دیا ہے، ایک عورت

وَهِيَ أم جميل هِيَ أُمُّ جَمِيلٍ بِنْتُ حَرْبٍ امْرَأَةُ أَبِي لَهَبٍ

آپ کے حقیقی چچا ابولہب کی بیوی عوراجس کی کنیت ام جمیل بنت حرب تھی۔[1]

آپ ﷺ کے پاس آئی اور کہنے لگی اے محمد (ﷺ) معلوم ہوتا ہے کہ تیرے شیطان نے تجھے چھوڑ دیا ہے، دو تین راتوں سے میں دیکھ رہی ہوں کہ وہ تیرے قریب نہیں آیا، رسول اللہ ﷺ وحی کے رک جانے سے پہلے ہی دل گرفتہ تھے اور خیال کرتے کہ کہیں مجھ سے کوئی ایسا قصور تو سرزد نہیں ہو گیا جس سے میرا رب مجھ سے ناراض ہو گیا ہو اور حق و باطل کے اس معرکے میں وہ تنہا تو نہیں رہ گئے، دوسری طرف اپنی چچی اور مشرکین مکہ کی زبان درازیاں آپ کے لئے سخت پریشانی کی موجب ہو رہی تھیں، چنانچہ اس کیفیت میں اللہ تبارک وتعالیٰ نے آپ ﷺ کو تسلی دینے کے لئے چار مضامین پر مشتمل یہ سورۃ نازل فرمائی۔

❁ اللہ تعالیٰ نے دن کی روشنی اور رات کی قسم کھا کر رسول اللہ ﷺ کو تسلی فرمائی کہ اللہ تعالیٰ نے نہ تو آپ کو چھوڑا ہے اور نہ ہی آپ سے ناراض ہوا ہے۔ آپ کے مخالفین اگر حسد اور بغض کی بنا پر ایسی باتیں کرتے ہیں تو قطعاً جھوٹ بولتے ہیں۔

❁ آپ ﷺ کو دو عظیم بشارتیں سنائی گئیں، پہلی یہ کہ دعوت اسلامی کے ابتدائی دور میں جن شدید مشکلات سے آپ کو سابقہ پیش آ رہا ہے، یہ مشقت اور کوفت مستقل نہیں بلکہ عارضی ہے، جس طرح رات کے گھپ اندھیرے کے بعد دن آ کر رہتا ہے جس سے سو روشنی پھیل جاتی ہے بالکل اسی طرح وحی کے رکنے اور اللہ تعالیٰ سے ہم کلامی میں کمی آنے کے بعد اس کا انتہائی قرب اور کثرت وحی کا حصول ہو گا اور آپ کا ہر آنے والا لمحہ پہلے سے کہیں بہتر ہو گا، یا یہ کہ آپ کی آخروی زندگی دنیاوی زندگی سے بہتر ہو گی اور یہ کہ اللہ آپ پر دنیا و آخرت میں اپنی عطاو بخشش کی ایسی بارش برسائے گا کہ آپ نہال و شاداں ہو جائیں گے، قرآن مجید کی یہ پیش گوئیاں بعد کے ادوار میں حرف بحرف پوری ہوئیں۔

❁ پھر اللہ نے اپنے تین احسانات یاد دلائے کہ ہم تو تمہارے روز پیدائش سے مسلسل تم پر مہربانیاں کرتے چلے آ رہے ہیں، آپ یتیم پیدا ہوئے تھے ہم نے آپ کی تربیت و پرورش کے لئے بہترین اور ساز گار ماحول مہیا کیا، آپ راہ راست سے بے خبر تھے ہم نے آپ کو صراط مستقیم کی طرف رہنمائی کی، آپ تنگ دست تھے ہم نے آپ کو ہر طرح کے مال و دولت سے نواز کر غنی کر دیا۔

❁ ان تین نعمتوں کے مقابلے میں آپ کو تین وصیتوں کی صورت میں گویا شکر کی تلقین کی گئی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ان نعمتوں کے شکریے کے

---

[1] فتح الباری ۷۱۰/۸

طور پر آپ بھی یتیم اور اللہ کی مخلوق کے ساتھ ہمدردانہ اور فیاضانہ سلوک کریں پر سختی نہ کیجئے، کیونکہ شکریے کی ادائیگی کا یہی طریق سب سے عمدہ اور پسندیدہ ہے، اور رب کی ان گنت نعمتوں کا تذکرہ کیا کریں۔

نبوت کے منصب جلیل پر فائز ہونے کے بعد رسول اللہ ﷺ پر جو وحی نازل ہوتی آپ ﷺ اسے لوگوں کو سنا دیتے،

جُنْدُبَ بْنَ سُفْيَانَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: اشْتَكَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَقُمْ لَيْلَتَيْنِ أَوْ ثَلاَثًا فَجَاءَتْ امْرَأَةٌ فَقَالَتْ: يَا مُحَمَّدُ، إِنِّي لَأَرْجُو أَنْ يَكُونَ شَيْطَانُكَ قَدْ تَرَكَكَ، لَمْ أَرَهُ قَرِبَكَ مُنْذُ لَيْلَتَيْنِ فَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ: وَالضُّحَى وَاللَّيْلِ إِذَا سَجَى

جندب بن سفیان رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ بیمار ہو گئے، اور دو یا تین راتوں تک (نماز تہجد کے لئے) نہ اٹھ سکے، ایک عورت آپ کے پاس آئی اور کہنے لگی اے محمد (ﷺ) میرا خیال ہے کہ تمہارے شیطان نے تمہیں چھوڑ دیا ہے، دو تین راتوں سے میں دیکھ رہی ہوں کہ وہ تمہارے پاس نہیں آیا، اس پر اللہ عزوجل نے سورت الضحیٰ نازل فرمائی۔ [1]

أَبْطَأَ جِبْرِيلُ عَلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ الْمُشْرِكُونَ: قَدْ وُدِّعَ مُحَمَّدٌ

ایک روایت ہے جب کئی روز تک ابن جریج کے مطابق بارہ روز، کلبی پندرہ روز، عبداللہ بن عباس پچیس روز، سدی اور مقاتل چالیس روز تک آپ ﷺ نے لوگوں کو کوئی نئی بات نہ سنائی تو مشرکین مکہ کو باتیں کرنے کا موقعہ مل گیا اور انہوں نے آپ ﷺ پر طعن کرنا شروع کر دیا محمد ﷺ کے رب نے انہیں چھوڑ دیا ہے۔ [2]

رسول اللہ ﷺ وحی کے رک جانے سے پہلے ہی دل گرفتہ تھے اور خیال کرتے کہ کہیں مجھ سے کوئی ایسا قصور تو سرزد نہیں ہو گیا جس سے میرا رب مجھ سے ناراض ہو گیا ہو اور حق و باطل کے اس معرکے میں وہ تنہا تو نہیں رہ گئے، دوسری طرف اپنی چچی اور مشرکین مکہ کی زبان درازیاں آپ کے لئے سخت پریشانی کی موجب ہو رہی تھیں، چنانچہ اس کیفیت میں اللہ تبارک وتعالیٰ نے آپ ﷺ کو تسلی دینے کے لئے آیات مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى نازل فرمائیں۔ [3]

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالضُّحٰى ۝۱ۙ وَ الَّيْلِ اِذَا سَجٰى ۝۲ۙ مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى ۝۳ؕ

قسم ہے چاشت کے وقت کی، اور قسم ہے رات کی جب چھا جائے، نہ تو تیرے رب نے تجھے چھوڑا ہے اور نہ وہ بیزار ہو گیا ہے،

---

[1] صحیح بخاری تفسیر سورۃ الضحی عن جندب بن سفیان ۴۹۵۰، صحیح مسلم کتاب الجهادباب مالقی النبی ﷺ من اذی المشرکین والمنافقین ۴۶۵۷، مسنداحمد۱۸۸۰۱،دلائل النبوۃ للبیہقی۵۹/۷،تفسیرابن کثیر۴۲۲/۸

[2] صحیح مسلم کتاب الجهادبَابُ مَا لَقِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ أَذَى الْمُشْرِكِينَ وَالْمُنَافِقِينَ ۴۶۵۶، تفسیر طبری ۴۸۵/۲۴

[3] صحیح بخاری کتاب التفسیرسورۃ والضحی بَابُ قوله مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلَى ۴۹۵۰ ، ۲۴۰،
۳۹۶۰، ۳۸۵۴، ۳۱۸۵۲۹۳۴، ۵۲۰، صحیح مسلم کتاب الجهادبَابُ مَا لَقِيَ النَّبِيُّ ﷺ مِنْ أَذَى الْمُشْرِكِينَ وَالْمُنَافِقِينَ ۴۶۴۹

وَ لَلۡاٰخِرَۃُ خَیۡرٌ لَّکَ مِنَ الۡاُوۡلٰی ؕ﴿۴﴾ وَ لَسَوۡفَ یُعۡطِیۡکَ رَبُّکَ فَتَرۡضٰی ؕ﴿۵﴾

یقیناً تیرے لیے انجام آغاز سے بہتر ہوگا، تجھے تیرا رب بہت جلد (انعام) دے گا اور تو راضی و خوش ہو جائے گا کیا

اَلَمۡ یَجِدۡکَ یَتِیۡمًا فَاٰوٰی ۪﴿۶﴾ وَ وَجَدَکَ ضَآلًّا فَہَدٰی ۪﴿۷﴾ وَ وَجَدَکَ عَآئِلًا فَاَغۡنٰی ؕ﴿۸﴾ (الضحیٰ ا تا ۸)

اس نے یتیم پا کر جگہ نہیں دی، اور تجھے راہ بھولا پا کر ہدایت نہیں دی، اور تجھے نادار پا کر تو نگر نہیں بنا دیا۔

اللہ تبارک و تعالیٰ نے اپنی قدرت و طاقت، دن کے اجالے اور رات کی تاریکی کی قسم کھائی، جیسے فرمایا:

وَ الَّیۡلِ اِذَا یَغۡشٰی ۙ﴿۱﴾ وَ النَّہَارِ اِذَا تَجَلّٰی ۙ﴿۲﴾ [1]

ترجمہ: قسم ہے رات کی جبکہ وہ چھا جائے، اور دن کی جبکہ وہ روشن ہو۔

اور آپ ﷺ کو تین انعامات کی خوشخبری سنائی کہ اے محمد ﷺ! جیسا کہ کافر و مشرکین سمجھ رہے ہیں کہ ہم نے کسی وجہ سے ناراض ہو کر تمہیں چھوڑ دیا ہے، ایسا ہرگز نہیں ہے، نہ ہی تیرے رب نے تمہیں چھوڑا ہے اور نہ ہی آپ سے بیزار ہو گیا ہے، وحی کی بندش حکمت و مصلحت کے تحت ہے، یہ بندش مستقل نہیں بلکہ عارضی ہے، اگر وحی کی تیز روشنی آپ پر برابر پڑتی رہتی تو آپ کے اعصاب اسے برداشت نہ کر سکتے، اس لئے درمیان میں کچھ وقفہ دیا گیا تا کہ وحی کا جو بار آپ پر پڑتا ہے، اس کے اثرات زائل ہو جائیں اور آپ کے اعصاب پرسکون ہو جائیں، اس کے بعد کثرت وحی کا حصول ہوگا، اگرچہ دینے میں کچھ وقت تو درکار ہوگا مگر بہت جلد اللہ تعالیٰ آپ کو اس قدر انعامات سے نوازے گا، عطا و بخشش کی بارش کر دے گا کہ آپ مطمئن ہو جائیں گے، ان ابتدائی دور کی مشکلات سے آپ دل گرفتہ نہ ہوں، اسلام قبول کرنے والوں کی تعداد، آپ کی قدر و منزلت بڑھتی چلی جائے گی، آپ کا نفوذ و اثر پھیلتا چلا جائے گا، آپ کا ہر آنے والا لمحہ پہلے سے کہیں بہتر ہوگا، اللہ تعالیٰ نے دنیا کی کامیابی کے ساتھ آخرت کے بے شمار اجر و ثواب کا بھی وعدہ فرمایا کہ آخرت میں جو مقام و مرتبہ آپ کو عطا کیا جائے گا وہ دنیاوی مرتبہ سے اتنا بڑھ چڑھ کر ہوگا کہ اس کی عظمت کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا، چنانچہ اللہ تبارک و تعالیٰ نے آپ ﷺ کو بہ ہوش و حواس جسمانی معراج عطا فرمائی اور آپ وہاں تک گئے جہاں جبرائیل امین بھی نہیں جا سکتے، اللہ تعالیٰ نے آپ کو ہم کلامی سے شاد کام کیا، اور آپ ﷺ کو نہر کوثر عطا فرمائی، جیسے فرمایا:

اِنَّاۤ اَعۡطَیۡنٰکَ الۡکَوۡثَرَ ؕ﴿۱﴾ [2]

ترجمہ: یقیناً ہم نے تجھے (حوض) کوثر (اور بہت کچھ) دیا ہے۔

جس کے دونوں کنارے شاندار موتیوں کے گنبد سے مزین ہوں گے اور جس کی مٹی کستوری کی مہک سے معطر ہو گی اور مقام محمود عنایت فرمایا، اللہ سبحانہ و تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کو یہ خوشخبری اس وقت دی تھی جب مسلمانوں کی تعداد مٹھی بھر تھی، پوری قوم و برادری اور اہل عرب اس دعوت حق کے مخالف تھے، اور بزور طاقت اس دعوت کو مٹا دینا چاہتے تھے، مگر اللہ تبارک و تعالیٰ کا یہ وعدہ آپ ﷺ کی زندگی

[1] اللیل ۱،۲

[2] الکوثر۱

میں ہی حرف بحرف پوری ہوا، کفار ومشرکین کے ہر قسم کے ظلم وستم کے باوجود اسلام پھیلتا چلا گیا، مدینہ منورہ کے قبائل اوس وخزرج آپ ﷺ کے انصار بن گئے اور کفر کے خلاف سینہ سپر ہو کر مردانہ وار غزوات میں حصہ لیا، مدینہ منورہ میں اسلامی حکومت کی بنیاد رکھ دی گئی، اور کچھ ہی عرصہ بعد مکہ مکرمہ فتح ہو گیا، مشرکین کا ہر پروپیگنڈا اور طاقت کا مظاہرہ اپنی موت آپ مر گیا، فتح مکہ کے دن آپ ﷺ کے جانی دشمن آپ کے آگے سر جھکائے اپنی قسمت کے فیصلے کے منتظر کھڑے تھے، آپ ﷺ نے خون کے پیاسوں، بڑے بڑے جرائم کے مرتکب افراد کو معاف فرما دیا جس سے ان کے دل مسخر ہو گئے، ان کے عقائد، اخلاق واعمال میں عظیم انقلاب برپا ہو گیا، اور وہ لوگ بھی کلمہ حق بلند کرنے کے لئے حق کے اس قافلہ کے ساتھ گامزن ہو گئے، پھر اسلام عرب سے نکل کر تیزی سے دور دور تک پھیل گیا اور کوئی طاقت اس کا راستہ نہ روک سکی، جیسے فرمایا:

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۝۱ وَرَاَیْتَ النَّاسَ یَدْخُلُوْنَ فِیْ دِیْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ۝۲ [1]

ترجمہ: جبکہ اللہ کی مدد اور فتح آ چکی اور آپ نے لوگوں کو اللہ کے دین میں جوق جوق داخل ہوتے دیکھ لیا۔

اللہ کا کلمہ سربلند ہو گیا اور کفار ومشرکین کی ہر سازش کے باوجود ہمیشہ سربلند ہی رہے گا، جیسے فرمایا:

وَجَعَلَ كَلِمَةَ الَّذِیْنَ كَفَرُوا السُّفْلٰى ۭ وَكَلِمَةُ اللّٰهِ هِیَ الْعُلْیَا ۝۴۰ [2]

ترجمہ: اور کافروں کا بول نیچا کر دیا اور اللہ کا بول تو اُونچا ہی ہے۔

اَلَمْ یَجِدْكَ یَتِیْمًا فَاٰوٰى ۝۶ وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى ۝۷ وَوَجَدَكَ عَآىِٕلًا فَاَغْنٰى ۝۸ [3]

ترجمہ: کیا اس نے تجھے یتیم پا کر جگہ نہیں دی؟ اور تجھے راہ بھولا پا کر ہدایت نہیں دی؟ اور نادار پا کر تونگر نہیں بنا دیا؟۔

آپ ﷺ کو مزید تسلی کے لئے فرمایا کہ جن خوشخبریوں کا ہم وعدہ فرما رہے ہیں وہ تو ہم پوری کریں گے ہی، ہم اس سے قبل آپ ﷺ پر مسلسل مہربانیاں اور عنایات کرتے رہے ہیں، تین مہربانیوں اور عنایات کا ذکر فرمایا کہ پیدائش سے پہلے ہی اپنے والد کے سایہ، پھر کم سنی میں والدہ اور پھر دادا جیسے شفیق سہاروں سے محروم ہو گئے، اس وقت ہم نے آپ کی دستگیری وچارہ سازی فرمائی اور اس بدترین معاشرے میں تربیت وپرورش کے لئے بہترین اور کارساز ماحول مہیا فرمایا، چاروں طرف پھیلے ہر طرح کے کفر وشرک میں جہاں آپ کی زندگی مشرکانہ عقیدے وعمل اور گناہوں سے پاک، بہترین فضائل واخلاق سے مزین تھی لیکن آپ کو دین شریعت اور اس کے اصول واحکامات کا علم نہ تھا، جیسے فرمایا:

مَا كُنْتَ تَدْرِیْ مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْاِیْمَانُ ۝۵۲ [4]

ترجمہ: تمہیں کچھ پتہ نہ تھا کہ کتاب کیا ہوتی ہے اور ایمان کیا ہوتا ہے۔

[1] النصر ۱،۲

[2] التوبة ۴۰

[3] الضحیٰ ۶ تا ۸

[4] الشوریٰ ۵۲

اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے جو غیر معمولی صلاحیتیں آپ کو عطا فرمائی تھیں وہ جاہلیت کے ناسازگار ماحول میں ضائع ہو رہی تھیں، کفر و شرک کی ان ظلمتوں میں آپ صراط مستقیم کے لئے سرگرداں تھے جو ڈھونڈے سے نہیں مل پا رہی تھی، پھر ہم نے آپ کی صراط مستقیم کی طرف راہنمائی فرمائی، جیسے فرمایا:

وَاِنۡ كُنۡتَ مِنۡ قَبۡلِهٖ لَمِنَ الۡغٰفِلِيۡنَ ۝۳ (۱)

ترجمہ: اور اگرچہ تم اس سے پہلے ان باتوں سے غافل تھے۔

نبوت جیسے منصب جلیل سے نوازا، آپ پر قیامت تک کے لئے راہ ہدایت دینے والا اپنا کلام (قرآن مجید) نازل فرمایا، رسول اللہ ﷺ کے والد عبداللہ نے اپنے ترکے میں صرف ایک اونٹنی، پانچ بکریاں اور ایک لونڈی چھوڑی تھی اس طرح آپ کی زندگی ابتداً افلاس سے شروع ہوئی، پھر جب آپ ﷺ جوان ہوئے تو قریش کی سب سے زیادہ مالدار عورت ام المومنین خدیجہ الکبریٰ نے پہلے آپ ﷺ کو اپنے ساتھ تجارت میں شریک کیا، آپ ﷺ نے ان کی تجارت کو فروغ دینے میں محنت و قابلیت کا مظاہرہ کیا چنانچہ آپ کی محنت، قابلیت اور اخلاق حسنہ سے متاثر ہو کر انہوں نے آپ سے شادی کر لی اور اپنا تمام مال نبی کریم ﷺ کے سپرد کر دیا اور اللہ کے فضل و کرم سے آپ مالدار ہو گئے، چنانچہ فرمایا اور ہم نے اپنے سوا تجھ کو ہر ایک سے بے نیاز کر دیا پس تو فقر میں صابر اور غنا میں شاکر رہا، جیسے اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام پر اپنی مہربانیوں کا تذکرہ فرمایا:

اِذۡ اَوۡحَيۡنَاۤ اِلٰٓى اُمِّكَ مَا يُوۡحٰٓى ۝۳۸ اَنِ اقۡذِفِيۡهِ فِى التَّابُوۡتِ فَاقۡذِفِيۡهِ فِى الۡيَمِّ فَلۡيُلۡقِهِ الۡيَمُّ بِالسَّاحِلِ يَاۡخُذۡهُ
عَدُوٌّ لِّىۡ وَعَدُوٌّ لَّهٗ ‌ؕ وَاَلۡقَيۡتُ عَلَيۡكَ مَحَبَّةً مِّنِّىۡ ۚ وَلِتُصۡنَعَ عَلٰى عَيۡنِىۡ ۝۳۹ اِذۡ تَمۡشِىۡۤ اُخۡتُكَ فَتَقُوۡلُ هَلۡ اَدُلُّكُمۡ
عَلٰى مَنۡ يَّكۡفُلُهٗ ؕ فَرَجَعۡنٰكَ اِلٰٓى اُمِّكَ كَىۡ تَقَرَّ عَيۡنُهَا وَلَا تَحۡزَنَ ؕ وَقَتَلۡتَ نَفۡسًا فَنَجَّيۡنٰكَ مِنَ الۡغَمِّ وَفَتَنّٰكَ
فُتُوۡنًا ۚ فَلَبِثۡتَ سِنِيۡنَ فِىۡۤ اَهۡلِ مَدۡيَنَ ۙ ثُمَّ جِئۡتَ عَلٰى قَدَرٍ يّٰمُوۡسٰى ۝۴۰ وَاصۡطَنَعۡتُكَ لِنَفۡسِىۡ‌ۚ ۝۴۱ اِذۡهَبۡ اَنۡتَ
وَاَخُوۡكَ بِاٰيٰتِىۡ وَلَا تَنِيَا فِىۡ ذِكۡرِىۡ‌ۚ ۝۴۲ (۲)

ترجمہ: یاد کرو وہ وقت جب ہم نے تیری ماں کا اشارہ کیا، ایسا اشارہ جو وحی کے ذریعہ سے ہی کیا جاتا ہے کہ اس بچے کو صندوق میں رکھ دے اور صندوق کو دریا میں چھوڑ دے، دریا اسے ساحل پر پھینک دے گا اور اسے میرا دشمن اور اس بچے کا دشمن اٹھا لے گا، میں نے اپنی طرف سے تجھ پر محبت طاری کر دی اور ایسا انتظام کیا کہ تو میری نگرانی میں پالا جائے، یاد کر جبکہ تیری بہن چل رہی تھی پھر جا کر کہتی ہے میں تمہیں اس کا پتہ دوں جو اس بچے کی پرورش اچھی طرح کرے؟ اس طرح ہم نے تجھے پھر تیری ماں کے پاس پہنچا دیا تا کہ اس کی آنکھ ٹھنڈی رہے اور وہ رنجیدہ نہ ہو، اور (یہ بھی یاد کرو کہ) تو نے ایک شخص کو قتل کر دیا تھا ہم نے تجھے اس پھندے سے نکالا اور تجھے مختلف آزمائشوں سے گزارا اور تو مدین کے لوگوں میں کئی سال ٹھیرا رہا، پھر اب ٹھیک اپنے وقت پر تو آ گیا ہے، اے موسیٰ! میں نے تجھ کو اپنے کام کا بنا لیا ہے جا تو اور تیرا بھائی میری نشانیوں کے ساتھ اور دیکھو تم میری یاد میں تقصیر نہ کرنا۔

(۱) یوسف ۳

(۲) طٰہٰ ۳۸ تا ۴۲

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيْسَ الغِنَى عَنْ كَثْرَةِ العَرَضِ، وَلَكِنَّ الغِنَى غِنَى النَّفْسِ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تونگری، سازوسامان کی کثرت کا نام نہیں ہے، اصل تونگری دل کی تونگری ہے۔ (۱)

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: قَدْ أَفْلَحَ مَنْ أَسْلَمَ، وَرُزِقَ كَفَافًا، وَقَنَّعَهُ اللّٰهُ بِمَا آتَاهُ

عبداللہ بن عمروعوف رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یقیناًوہ شخص کامیاب ہوگیا جو مسلمان ہوا، بقدر ضرورت اسے رزق دیا گیا اور اللہ تعالیٰ نے اسے جو عطا فرمایا تو اس پر اسے قناعت بھی عطا فرمادی۔ (۲)

اس کے علاوہ بھی ہر طرح مال و دولت سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو نوازا گیا ہے۔

فَاَمَّا الْیَتِیْمَ فَلَا تَقْهَرْ ۹ وَاَمَّا السَّآىِٕلَ فَلَا تَنْهَرْ ۱۰ (۳)

”پس یتیم پر تو بھی سختی نہ کیا کر اور نہ سوال کرنے والے کو ڈانٹ ڈپٹ۔“

لہٰذا اللہ تبارک وتعالیٰ کی ان بے بہا نعمتوں کے شکریے کے طور پر آپ بھی اللہ کی مخلوق کے ساتھ سختی کے بجائے نرمی، تکبر کے بجائے احسان، درشت و تلخ کلام کے بجائے ہمدردانہ وفیاضانہ سلوک کریں کیونکہ شکریے کی ادائیگی کا یہی طریقہ سب سے عمدہ اور پسندیدہ ہے۔

وَ اَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ۱۱ (الضحیٰ ۱۱)

اور اپنے رب کی نعمتوں کو بیان کرتا رہ۔

جس طرح اللہ تبارک وتعالیٰ نے آپ کو راہ ہدایت، رسالت و نبوت سے نوازا ہے، یتیمی کے باوجود کفالت و سرپرستی کا بندوبست فرمایا، قناعت و تونگری عطا فرمائی ہے، آپ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم اور اس کے احسان سے زیر بار ہوتے ہوئے، اور اس کی طاقت، قدرت اور اختیارات سے ڈرتے ہوئے کہ کہیں وہ ان نعمتوں سے محروم نہ کردے ان نعمتوں کو جذبات تشکر وممنونیت کے ساتھ بیان کرتے رہیں،

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَشْكُرُ اللّٰهَ مَنْ لَا يَشْكُرُ النَّاسَ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس نے اللہ کی شکرگزاری نہیں کی جس نے لوگوں کی شکرگزاری نہ کی۔ (۴)

عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ أُبْلِيَ بَلَاءً فَذَكَرَهُ، فَقَدْ شَكَرَهُ، وَإِنْ كَتَمَهُ فَقَدْ كَفَرَهُ

---

(۱) صحیح بخاری کتاب الرقاق بَابُ الغِنَى غِنَى النَّفْسِ۶۴۴۶،صحیح مسلم کتاب الزکاة باب فضل القاعة والحث علیها۲۴۲۰،مسند احمد۷۳۱۶

(۲) صحیح مسلم كِتَاب الزَّكَاةِ بَابٌ فِي الْكَفَافِ وَالْقَنَاعَةِ۲۴۲۶،جامع ترمذی أَبْوَابُ الزُّهْدِ بَابُ مَا جَاءَ فِي الكَفَافِ وَالصَّبْرِ عَلَيْهِ ۲۳۴۸،سنن ابن ماجه كِتَابُ الزُّهْدِ بَابُ الْقَنَاعَةِ ۴۱۳۸،مسنداحمد۶۵۷۲

(۳) الضحیٰ ۹،۱۰

(۴) سنن ابوداود کتاب الادب بَابٌ فِي شُكْرِ الْمَعْرُوفِ ۴۸۱۱، جامع ترمذی کتاب البروالصلة بَابُ مَا جَاءَ فِي الشُّكْرِ لِمَنْ أَحْسَنَ إِلَيْكَ ۱۹۵۴،صحیح ابن حبان۳۴۰۷،شعب الایمان۸۶۹۶،شرح السنة للبغوی۳۶۱۰،السنن الکبری للبیهقی ۱۲۰۳۲،مسند احمد۷۹۳۹

جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جس شخص پر کوئی احسان کیا گیا اور اس نے اس (احسان) کا ذکر کیا تو یقیناً اس نے اس کا شکر ادا کیا اور اگر اس نے اسے چھپایا تو یقیناً اس نے اس کی ناشکری و ناقدری کی۔ [1]

عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: اللَّهُمَّ أَلِّفْ بَيْنَ قُلُوبِنَا، وَأَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِنَا، وَاهْدِنَا سُبُلَ السَّلَامِ، وَنَجِّنَا مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ، وَجَنِّبْنَا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ، وَبَارِكْ لَنَا فِي أَسْمَاعِنَا وَأَبْصَارِنَا وَقُلُوبِنَا وَأَزْوَاجِنَا وَذُرِّيَّاتِنَا، وَتُبْ عَلَيْنَا، إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ، وَاجْعَلْنَا شَاكِرِينَ لِنِعْمَتِكَ، مُثْنِينَ بِهَا، قَابِلِيهَا وَأَتِمَّهَا عَلَيْنَا

عبداللہ عوف رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعاوں میں یہ دعا بھی تھی اے اللہ! ہمارے دلوں میں (ایک دوسرے کی) الفت پیدا فرما دے اور ہمارے آپس کے روابط کو عمدہ بنا دے، ہمیں سلامتی کے راستوں کی رہنمائی فرما اور اندھیروں سے بچا کر نور میں پہنچا دے اور تمام طرح کی ظاہری اور چھپی بدکاریوں سے محفوظ رکھ، ہمارے کانوں، آنکھوں، دلوں، گھروالیوں (بیویوں) اور بچوں میں برکتیں عطا فرما (اے اللہ!) اور ہم پر رجوع فرما (ہماری توبہ قبول کر) بلاشبہ تو بہت زیادہ توبہ قبول کرنے والا اور رحمت کرنے والا ہے، ہمیں اپنی نعمتوں کی شکرگزاری کرنے والا، ان کی وجہ سے تیری ثنا بیان کرنے والا، ان کا اقرار کرنے والا کر دے اور ان نعمتوں کو ہم پر پورا کر دے۔ [2]

عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: كَانَ مِنْ دُعَاءِ رَسُولِ صَلَّى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِكَ، وَتَحْوِيلِ عَافِيَتِكَ، وَفُجَاءَةِ نَقْمَتِكَ، وَجَمِيعِ سُخْطِكَ

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعاؤں میں سے یہ دعا تھی اے اللہ! ہم تیری پناہ مانگتے ہیں تیری نعمت کے چھن جانے سے اور تیری عافیت کے پلٹ جانے سے اور تیری سزا کے اچانک وارد ہو جانے سے اور تیری ہر ناراضگی اور ناخوشی سے۔ [3]

### مضامین سورۂ المدثر:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب علانیہ تبلیغ دین کا سلسلہ شروع کیا تو شرفائے اہل مکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا ابو طالب کے پاس حاضر ہوئے، اسی دوران موسم حج شروع ہو گیا، قریش کو فکر ہوئی کہ حج کے موقع پر دور دراز سے لوگ آئیں گے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان کو جب اپنا پیغام سنائیں گے تو وہ اس کلام سے متاثر ہوئے بنا نہیں رہیں گے، اس خطرے کے پیش نظر قریش ایک وفد لے کر ابو طالب کے پاس گئے مگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے علانیہ تبلیغ دین کو ترک نہ کیا، اس بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پاکیزگی و طہارت اپنانے، کفار کو دعوت حق پہنچانے، انہیں اللہ کے غیض وغضب اور نار جہنم سے ڈرانے اور راہ حق کی تبلیغ کی پاداش میں درپیش مشکلات و مصائب پر صبر کرنے حکم فرمایا گیا (یہ احکام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے توسط سے تمام مسلمانوں کے لئے بھی ہیں)، پھر مجرمین ومخالفین کو روز قیامت کے سخت دن سے ڈرایا گیا، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بدترین دشمن

---

[1] سنن ابوداودكتاب الْأَدَبِ بَابٌ فِي شُكْرِ الْمَعْرُوفِ ۴۸۱۴
[2] سنن ابوداودكتاب الصلاة بَابُ التَّشَهُّدِ۹۶۹، صحیح ابن حبان۹۹۶، مستدرک حاکم۹۷۷
[3] سنن ابوداودكتاب الصلاة بَابٌ فِي الِاسْتِعَاذَةِ۱۵۴۵

ولید بن مغیرہ کا نام لئے بغیر تذکرہ کیا گیا کہ جو قرآن سنتا اور اس کی صداقت وحقانیت کا قائل ہو چکا تھا لیکن مال و دولت، ظاہری شان وشوکت اور اولاد کی کثرت کے گھمنڈ میں اس پاکیزہ کلام کو جو تمام انسانوں کی ہدایت و بھلائی کے لئے نازل کیا گیا تھا مُعَاذَ اللہ جادو قرار دیتا تھا، اللہ تعالیٰ نے جہنم کی ہولناکیوں اور اس کے تندخو داروغوں کا ذکر کیا جس کا سامنا کفار وفجار کو کرنا پڑے گا، مزید تاکید اور ڈراوے کے لئے اللہ تعالیٰ نے چاند، رات اور صبح کی قسم کھا کر فرمایا کہ بڑی مصیبتوں میں جہنم سب سے بڑی مصیبت ہے، ہر شخص کی مسئولیت اور ذمہ داری کو واضح فرمایا گیا کہ ہر شخص سے اس کے اعمال کے بارے میں پوچھا جائے گا اور سب اپنے گناہوں کے اسیر ہوں گے سوائے ان لوگوں کے جن کو ان کا نامہ اعمال دائیں ہاتھ میں دیا جائے گا، وہ مجرمین سے سوال کریں گے کہ کس چیز نے تمہیں جہنم میں ڈالا ہے تو وہ انتہائی ندامت وپشیمانی سے جہنم میں داخل ہونے کے چار اسباب بیان کریں گے۔

قَالُوْا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّيْنَ ﴿٤٣﴾ وَلَمْ نَكُ نُطْعِمُ الْمِسْكِيْنَ ﴿٤٤﴾ وَكُنَّا نَخُوْضُ مَعَ الْخَآئِضِيْنَ ﴿٤٥﴾ وَكُنَّا نُكَذِّبُ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ﴿٤٦﴾ (١)

✲ پہلا یہ کہ ہم دنیا کی رنگینیوں، اپنی خواہشات کی تکمیل میں اس قدر الجھے ہوئے تھے کہ نمازوں سے غافل تھے۔

✲ دوسرا یہ کہ ہم مال و دولت کو بہت عزیز رکھتے تھے اور اس میں کمی کے خوف سے یتیموں اور مساکین کو کھانا نہیں کھلاتے تھے۔

✲ تیسرا یہ کہ راہ حق پر چلنے اور اس کی حمایت کے بجائے ہم کج بحثی اور گمراہی کی حمایت میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے تھے۔

✲ اور مرض کی اصل جڑ بیان کی کہ قیامت کے برپا ہونے کو ہم ایک دیوانے کی بڑ سے زیادہ اہمیت نہیں دیتے تھے، اس لئے بے خوف ہو کر برے سے برے اعمال کرتے رہے،

اور آخر میں فرمایا گیا کہ یہ بلند پایہ کلام تمام نوع انسانی کی نصیحت کے لئے نازل کیا گیا ہے، جس میں حق و باطل تو خوب ممیز کر دیا گیا ہے، اور انسان کو بھی عقل وشعور اور اختیار کی صلاحیت سے بھی بہرہ ور کر دیا گیا ہے، اب جو آخرت کی بھلائی کا خواہش مند ہو اسے چاہیے کہ اس کلام سے نصیحت حاصل کرے لیکن اس کے لئے اللہ رب العزت کی مشیت بھی ضروری ہے، اور قانون فطرت یہ ہے کہ تقویٰ اور اللہ کا خوف آخرت میں کامیابی کی کنجی ہے۔

رسول اللہ ﷺ کپڑا لپیٹ کر لیٹے ہوئے تھے کہ اللہ تعالیٰ نے اسی حالت کی مناسبت سے وحی فرمائی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے

يٰٓاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ﴿١﴾ قُمْ فَاَنْذِرْ ﴿٢﴾ وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ ﴿٣﴾ وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ ﴿٤﴾

اے کپڑا اوڑھنے والے کھڑا ہو جا اور آگاہ کر دے، اور اپنے رب ہی کی بڑائیاں بیان کر، اپنے کپڑوں کو پاک رکھا کر،

(١) المدثر ۴۳تا۴۶

وَ الرُّجْزَ فَاهْجُرْ ۝۵ وَ لَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ ۝۶ وَ لِرَبِّكَ فَاصْبِرْ ۝۷ (المدثر ا تا ۷)

ناپاکی کو چھوڑ دے اور احسان کر کے زیادہ لینے کی خواہش نہ کر اور اپنے رب کی راہ میں صبر کر۔

اے چادر اوڑھ کر لیٹنے والے! اللہ تعالیٰ نے آپ پر نبوت کے کار عظیم کا بار ڈالا ہے، چنانچہ اللہ تعالیٰ کی الوہیت، ربوبیت، حاکمیت اور اپنی رسالت کا کھلم کھلا اعلان کرنے کے لئے عزم صمیم اور قوی ارادے کے ساتھ کمر بستہ ہو جاؤ، اور خواب غفلت میں ڈوبے لوگوں کو اللہ وحدہ لاشریک کی ذات، تمام کائنات پر اس کی حاکمیت، مجرموں پر اس کی زبردست گرفت، مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہو کر اللہ کے حضور پیشی اور عذاب جہنم سے ڈراؤ، تاکہ وہ اعمال خبیثہ ترک کر کے اللہ کے غضب اور عذاب جہنم سے بچ جائیں، جیسے اللہ تعالیٰ نے نوح علیہ السلام کو فرمایا تھا اِنَّآ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖٓ اَنْ اَنْذِرْ قَوْمَكَ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝۱ (نوح ۱) ترجمہ: ہم نے نوح کو ان کی قوم کی طرف بھیجا (اس ہدایت کے ساتھ) کہ اپنی قوم کے لوگوں کو خبردار کر دے قبل اس کے کہ ان پر ایک دردناک عذاب آئے۔ اور تمام خودساختہ معبودوں کی بڑائی سے براءت کا صاف صاف اعلان کر کے صرف اپنے رب کی توحید، کبریائی، حمد وثنا اور عظمت بیان کرو، تاکہ بندے اللہ کی تعظیم اور اس کی عبادت کریں، کیونکہ اہل مکہ پاکیزگی اور طہارت کے ابتدائی تصورات تک سے خالی تھے جبکہ ناپاکی اللہ کے ہاں انتہائی ناپسندیدہ چیز ہے، وہ ناپاکی عقائد ونظریات کی ہو یا ظاہری اعمال کے اعتبار سے، دونوں عذاب قبر کا سبب ہیں اس لئے فرمایا قلب ونیت کے ساتھ اپنے کپڑے بھی پاک رکھو، کیونکہ آپ ﷺ بچپن سے ہی پاکیزگی کو پسند کرتے تھے اور صاف وپاکیزہ لباس زیب تن کرتے تھے، چنانچہ اس کا مطلب یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اپنے اخلاق پاکیزہ رکھو یعنی اپنے گرد وپیش سارے معاشرے میں پھیلے شرک، ریا، نفاق، خود پسندی، تکبر، غفلت وغیرہ سے دامن بچا کر رہو تاکہ کوئی شخص کبھی آپ پر حرف زنی نہ کر سکے، اور بتوں سے منسوب تمام اقوال وافعال سے براءت کا اعلان کر کے لوگوں کو وعظ ونصیحت کرو کہ اپنے ہاتھوں سے مختلف صورتوں وجنس سے بنائے ہوئے بے جان وبے بس بتوں کی پرستش چھوڑ کر اپنے معبود حقیقی کی عبادت کریں، اور احسان کر کے یہ خواہش نہ کرو کہ بدلے میں اس سے زیادہ ملے گا اور اس راہ میں جو مشکلات ومصائب پیش آئیں ان پر اپنے رب کی خاطر صبر کرو اور اپنے رب کی راہ میں ثابت قدم رہو۔

## پہاڑی پر وعظ

تو گویا اسلام کے دائرۂ عمل کو پوری دنیا پر وسیع کر دیا گیا، اسی وقت آپ ﷺ قریشیوں کو جمع کرنے کے لئے کوہ صفا کی چوٹی پر چڑھ گئے اور با آواز بلند عادت عرب کے مطابق قوم کو آواز لگائی

يَا صَبَاحَاهْ، يَا صَبَاحَاهْ

مکہ مکرمہ کے لوگ اس آواز سے نامانوس نہیں تھے، جب مکہ مکرمہ پر کوئی ایسی آفت آنے والی ہوتی جس سے عام لوگ بے خبر ہوتے تو جس شخص کو اس آفت کا سب سے پہلے علم ہوتا وہ اسی طرح مکہ والوں کو آواز دیتا تھا اور مکہ مکرمہ والے آواز کی طرف لپکتے، اس کی مزید تفصیلات سنتے اور پھر متحد ہو کر اس آفت کا مقابلہ کرنے پر تیار ہو جاتے، آج بھی اس آواز کا یہی اثر ہوا قریش کے نامور سردار اور اہل مکہ گھبرا گھبرا کر کوہ صفا کی طرف لپکے کہ نجانے کیا بات ہو گئی ہے کہ کوئی اس طرح پکار رہا ہے (آپ ﷺ کے اس خطبے کے الفاظ احادیث میں بکھرے ہوئے

ہیں جو یہاں جمع کر دیئے گئے ہیں) جب یہ لوگ قریب آئے تو ان کی نگاہیں جس پر پڑیں وہ محمد بن عبد اللہ ﷺ تھے، مکہ معظّمہ کی وہ اعتماد آفریں شخصیت جس کی سچائی اور حقانیت پر کسی کو کبھی شبہ نہیں ہوا تھا جب سب جمع ہو گئے تو سید الامم ﷺ نے فرمایا:

يَا بَنِي فُلَانٍ، يَا بَنِي فُلَانٍ، يَا بَنِي فُلَانٍ ،يَا بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ ، يَا بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، فَاجْتَمَعُوا إِلَيْهِ،فَقَالَ: أَرَأَيْتُمْ لَوْ أَخْبَرْتُكُمْ أَنَّ الْعَدُوَّ مُصَبِّحُكُمْ أَوْ مُمَسِّيكُمْ، أَمَا كُنْتُمْ تُصَدِّقُونِي؟ أَرَأَيْتَكُمْ لَوْ أَخْبَرْتُكُمْ أَنَّ خَيْلًا تَخْرُجُ بِسَفْحِ هَذَا الْجَبَلِ، أَكُنْتُمْ مُصَدِّقِيَّ قَالُوا: مَا جَرَّبْنَا عَلَيْكَ كَذِبًا، يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ أَنْقِذُوا أَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ فَإِنِّي لاَ أَمْلِكُ لَكُمْ مِنَ اللهِ ضَرًّا وَلاَ نَفْعًا،يَا مَعْشَرَ بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ أَنْقِذُوا أَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ فَإِنِّي لاَ أَمْلِكُ لَكُمْ مِنَ اللهِ ضَرًّا وَلاَ نَفْعًا،يَا مَعْشَرَ بَنِي قُصَيٍّ أَنْقِذُوا أَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ فَإِنِّي لاَ أَمْلِكُ لَكُمْ مِنَ اللهِ ضَرًّا وَلاَ نَفْعًا، يَا مَعْشَرَ بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ أَنْقِذُوا أَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ فَإِنِّي لاَ أَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَلاَ نَفْعًايَا صَفِيَّةُ بِنْتَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ أَنْقِذُوا أَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ لَا أَمْلِكُ لَكُمْ مِنَ اللهِ شَيْئًايَا بَنِي كَعْبِ بْنِ لُؤَيٍّ، يَا بَنِي مُرَّةَ بْنِ كَعْبٍ أَنْقِذُوا أَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِيَا عَبَّاسَ بْنَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، أَنْقِذُوا أَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ لَا أُغْنِي عَنْكَ مِنَ اللهِ شَيْئًايَا فَاطِمَةُ بِنْتَ مُحَمَّدٍ أَنْقِذِي نَفْسَكِ مِنَ النَّارِ فَإِنِّي لاَ أَمْلِكُ لَكِ ضَرًّا وَلاَ نَفْعًا،سَلُونِي مِنْ مَالِي مَا شِئْتُمْ إِنَّ لَكِ رَحِمًا سَأَبُلُّهَا بِبَلاَلِهَاإِنَّمَا مَثَلِي وَمَثَلُكُمْ كَمَثَلِ رَجُلٍ رَأَى الْعَدُوَّ، فَانْطَلَقَ يَرْبَأُ أَهْلَهُ، فَخَشِيَ أَنْ يَسْبِقُوهُ، فَجَعَلَ يَهْتِفُ، يَا صَبَاحَاهُ، فَإِنِّي نَذِيرٌ لَكُمْ بَيْنَ يَدَيْ عَذَابٍ شَدِيدٍ، يَا بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ إِنِّي وَاللهِ مَا أَعْلَمُ شَابًّا مِنَ الْعَرَبِ جَاءَ قَوْمَهُ بِأَفْضَلَ مِمَّا جِئْتُكُمْ بِهِ،فَقَالَ أَبُو لَهَبٍ: تَبًّا لَكَ أَمَا جَمَعْتَنَا إِلَّا لِهَذَا

اے فلاں کی اولاد، اے فلاں کی اولاد، اے فلاں کی اولاد، اے عبد مناف کی اولاد، اے عبد المطلب کی اولاد! وغیرہ جب سب آپ کی طرف متوجہ ہوئے تو رسول اللہ ﷺ نے ان سے دریافت فرمایا پہلے یہ بتلاؤ اگر میں تمہیں خبر دوں کہ دشمن تم پر صبح یا شام میں کسی وقت حملہ کرنے والا ہے تو کیا تم میری تصدیق کرو گے؟ اگر میں تم سے یہ کہدوں کہ ایک بہت بڑا لشکر تمہارے اوپر حملہ کرنے کو تیار کھڑا ہے تو کیا تم میری بات کا یقین کر لو گے؟ (اہل قریش بچپن سے ہی آپ کو بات چیت اور معاملات میں سچا، دیانتدار اور امانت دار جانتے تھے اس لئے آپ کو صادق وامین کا لقب بھی دے چکے تھے، تعمیر خانہ کعبہ کے بعد حجر اسود کے معاملہ کو جس میں ایک خونریز جنگ کے بادل منڈلا رہے تھے، جو پورے عرب کو اپنی لپیٹ میں لے لیتی اور سالوں پر محیط ہوتی جس خوش اسلوبی اور ذہانت سے سلجھایا تھا وہ بھی جانتے تھے) اس لئے سب مجمع نے بالاتفاق جواب دیا کہ ہاں بے شک ہم آپ کو سچا سمجھیں گے، اس لئے کہ آج تک حالانکہ آپ کو سن چالیس سے تجاوز کر چکا ہم نے نہیں دیکھا کہ آپ نے اس پوری عمر میں ایک مرتبہ بھی کوئی غلط اور جھوٹ لفظ اپنی زبان سے نکالا ہو، سید الامم ﷺ نے فرمایا! اب سنو میں تمہیں اللہ کے عذابوں سے ڈرا رہا ہوں جو بڑے سخت ہیں، جو تمہارے سامنے ہی ہیں، جو اس کے اور اس کے رسول کو نہ ماننے کی وجہ سے تم پر برس پڑیں گے، پس ہوشیار ہو جاؤ، میں تمہیں آگاہ کر رہا ہوں، اے قریش کے لوگو! اپنی جانوں کو آگ سے بچاؤ میں تم لوگوں کے لئے اللہ کی بارگاہ میں نفع یا تکلیف کا اختیار نہیں رکھتا اے بنو عبد مناف! اپنے آپ کو دوزخ سے بچاؤ، میں تم لوگوں کے لئے اللہ کے سامنے کسی نفع یا نقصان کا اختیار

نہیں رکھتا اے بنو قصی بنو عبد المطلب اپنے آپ کو دوزخ سے بچاؤ میں تمہارے لئے اللہ کے سامنے کسی نفع یا نقصان کا اختیار نہیں رکھتا اے بنو عبد المطلب کے لوگو اپنی جانوں کو آگ سے بچاؤ میں تم لوگوں کے لئے اللہ کی بارگاہ میں نفع یا تکلیف کا اختیار نہیں رکھتا اے کعب بن لوی کی اولاد، اے بنو مرہ بن کعب، تم بھی ایمان قبول کر کے خدائی آگ سے نجات حاصل کرلو اے میری پھوپھی جان صفیہ بنت عبد المطلب تم بھی آتش دوزخ سے بچنے کا سامان کرلو میں تمہارے لئے اللہ کے سامنے کسی نفع یا نقصان کا اختیار نہیں رکھتا اے عباس رضی اللہ عنہ میرے چچا آپ بھی ایمان قبول کر کے نار جہنم سے چھٹکارا حاصل کر لیجئے میں تمہارے لئے اللہ کے سامنے کسی نفع یا نقصان کا اختیار نہیں رکھتا اے فاطمہ رضی اللہ عنہا بنت محمد اپنی جان کو آگ سے بچاؤ میں تمہارے لئے اللہ کی بارگاہ میں نفع یا تکلیف کا اختیار نہیں رکھتا میری قرابت پر مطمئن ہو کر نیک عمل چھوڑ نہ بیٹھنا، ہاں جو دنیاوی قرابت داری ہے اسے بے شک میں نبھاتا رہوں گا صلہ رحمی میرا شیوہ ہے تم میرا مال اگر مجھ سے مانگو تو لو حاضر ہے جتنا بھی چاہو لیجاؤ، لیکن اللہ کے ہاں کی کسی چیز سے میں تمہیں بے پرواہ نہیں کرسکتا، پس ڈر جاؤ، ہوشیار ہو جاؤ میری اور تمہاری مثال تو ایسی ہے جیسے کوئی شخص دشمن کو دیکھ لے جو چھپ کر تاک میں بیٹھا ہو تو وہ اپنی قوم کو ہوشیار کرنے اور انہیں محفوظ ہو جانے کی ہدایت کرنے کے لئے دوڑتا ہوا ان کی طرف بڑھے لیکن پھر دل میں خیال گزرے کہ ایسا نہ ہو اس کے پہنچنے سے پہلے ہی کہیں دشمن ان پر حملہ نہ کر دے تو وہ راستے ہی سے چیخنے چلانے لگے کہ میرے بھائیو! ہوشیار ہو جاؤ، اپنا بچاؤ کرلو، دشمن کمین گاہ میں چھپا ہوا ہے اسی طرح تمہارے شرک و کفر کی وجہ سے اللہ کے جو عذاب تمہارے سروں پر منڈلا رہے ہیں، میں تمہیں ان سے ہوشیار کر رہا ہوں، اللہ سے ڈر جاؤ اس سے پہلے کہ عذاب خداوندی کی آگ تمہاری انگنائیوں میں برسنے لگے تم اللہ کو وحدہ لاشریک اور مجھے سچا رسول مان لو اے اولاد عبد المطلب! واللہ کوئی نوجوان اپنی قوم کے پاس اس سے بہتر چیز نہیں لایا جو میں تمہارے پاس لایا ہوں، سنو! میں تمہارے پاس دین و دنیا دونوں کی بھلائی لے کر آیا ہوں، اتنا سننا تھا کہ آپ کے حقیقی چچا ابولہب کا ردعمل بدمزگی اور کسی حد تک سخت برہمی کی صورت میں ظاہر ہوا اور وہ کہنے لگا تم ہلاک ہو کیا تم نے اس بات کے لیۓ ہمیں جمع کیا تھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے چچا کی بے ہودہ باتوں کا کوئی جواب نہ دیا۔[1]

فتكلم القوم كلاما لينا غير أبي لهب فإنه قال: يا بني عَبْدِ الْمُطَّلِب هذه والله السوأة، خذوا على يده قبل أن يأخذ على يده غيركم فإن أسلمتموه حينئذ ذللتم وإن منعتموه قتلتم، فقالت أخته صفية عمة رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رضي الله تعالى عنها: أي أخي! أيحسن بك خزلان ابن أخيك فوالله ما زال العلماء يخيرون أنه يخرج من بني عَبْدِ الْمُطَّلِب نبي، فهو هو

ایک روایت میں ہے آپ کا خطبہ سن کر سب کے دل پسیج گئے لیکن آپ کا چچا راس الکفر ابولہب بلبلا کر اٹھ کھڑا ہو کر کہنے لگا تیرا برا ہو، تو ہلاک ہو جائے، اسی لئے تو نے ہمیں جمع کیا تھا، اے لوگو! اسے روکو ورنہ عرب تم پر چڑھ دوڑے گا اور تم ہلاک کر دیئے جاؤ گے، یہ سن کر ابولہب کی بہن اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پھوپھی صفیہ کہنے لگیں بھائی کیا کر رہے ہو؟ اپنے بھتیجے کی رسوائی کے درپے ہو؟ دنیا سنتی آئی ہے کہ

---

[1] صحيح مسلم كِتَابُ الْإِيمَانَ بَابٌ فِي قَوْلِهِ تَعَالَى وَأَنْذِرْ عَشِيرَتَكَ الْأَقْرَبِينَ، صحيح بخارى كِتَابُ تَفْسِيرِ الْقُرْآنِ بَابُ قَوْلِهِ إِنْ هُوَ إِلَّا نَذِيرٌ لَكُمْ بَيْنَ يَدَيْ عَذَابٍ شَدِيدٍ، مسند احمد ۲۸۰۱، ۲۵۴۴

اولاد عبد المطلب میں سے ایک نبی آنے والا ہے اور مجھے یقین کامل ہے کہ وہ آنے والا نبی محمد (ﷺ) ہی ہیں، لیکن ابولہب نے انہیں بھی برا بھلا کہنا شروع کر دیا۔[1]

مگر رسول اللہ ﷺ جانتے تھے کہ ان کی قوم کے دلوں پر کفر و شرک کی سیاہی جمی ہوئی ہے جو اتنی آسانی سے نہیں چھوٹے گی، اس لئے رسول اللہ ﷺ اس پہلی کوشش سے بد دل یا دل بر داشتہ نہ ہوئے اور چند روز کے بعد سیدنا علی رضی اللہ عنہ بن ابی طالب کو حکم فرمایا کہ کھانا تیار کرو اور قریش کے موثر ترین خاندان اولاد عبد المطلب کی میری طرف سے دعوت کا اہتمام کرو۔

فصنع لهم عليّ طعاما: أي رجل شاة مع مدّ من البر وصاعا من لبن، فقدّمت لهم الجفنة، وقال: كلوا بسم الله،قال ادنوا عشرة عشرة فدنا القوم عشرة عشرة، فلما أراد رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يتكلم بدره أو لهب بالكلام، فقال: لقد سحركم صاحبكم سحرا عظيما. وفي رواية: ما رأينا كالسحر اليوم فتفرقوا ولم يتكلم رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

چنانچہ آپ ﷺ کے حکم کے مطابق سیدنا علی رضی اللہ عنہ نے تھوڑے سے گوشت کا سالن، تھوڑے سے آٹے کی روٹیاں اور تقریباً تین کلو دودھ کا بندوبست کر کے اولاد عبد المطلب کو کھانے کی دعوت دی، چنانچہ جب تمام اولاد عبد المطلب جن میں رسول اللہ ﷺ کے چچا ابو طالب، ابولہب اور عباس رضی اللہ عنہ، حمزہ رضی اللہ عنہ وغیرہ وقت پر کھانے کے لئے جمع ہو گئے تو آپ ﷺ نے فرمایا اللہ کے نام سے کھانا شروع کرو دس دس لوگ آتے تھے اور سیر ہو کر کھانا کھا کر ایک طرف ہو جاتے، اس طرح اس مختصر کھانے میں اللہ تعالیٰ نے اتنی برکت ڈال دی کہ سب شریک دعوت کا پیٹ بھر گیا جب سب لوگ دعوت کھا کر فارغ ہوئے تو رسول اللہ ﷺ خطبہ دینے کے لئے کھڑے ہوئے مگر آپ ﷺ کے چچا ابولہب نے ایک بار پھر رنگ بگاڑ دیا اور کہنے لگا لوگو! یہ تو بڑا جادوگر ہے، ایسا جادو تو ہم نے آج تک نہیں دیکھا نہ سنا، یہاں سے بھاگو ورنہ اس وقت نجانے وہ تم پر کیا جادو کر دے اس طرح کی باتیں بنا کر سب لوگوں کو لیکر کھڑا ہو گیا اور لوگ کچھ سنے بغیر منتشر ہو گئے۔[2]

رسول اللہ ﷺ نے ایک بار پھر سیدنا علی رضی اللہ عنہ کو دعوت کا حکم فرمایا جب سب اکٹھے ہو گئے تو آپ ﷺ نے سب کو کھانا کھلایا اور کھڑے ہو کر خطبہ ارشاد فرمایا:

يا بني عَبْدِ الْمُطّلِب إن الله قد بعثني إلى الخلق كافة، وبعثني إليكم خاصة ،فقال: وَأَنْذِرْ عَشِيرَتَكَ الْأَقْرَبِينَ،وأنا أدعوكم إلى كَلِمَتَيْنِ خَفِيفَتَيْنِ عَلَى اللِّسَانِ ثَقِيلَتَيْنِ فِي الْمِيزَانِ، شهادة أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وأني رَسُولُ اللَّهِ،فمن يجيا بني إلى هذا الأمر ويوازرني- أي يعاونني- على القيام به؟ فقام عليّ وقال أنا يَا رَسُولَ اللّٰه، قال اجلس ، ثم أعاد القول على القوم ثانيا فصمتوا، فقام عليّ وقال أنا يَا رَسُولَ اللّٰه، فقال: اجلس، ثم أعاد القول على القوم ثالثا فلم يجبه

---

(۱) الدعوة الإسلامية في عهدها المكي: مناهجها وغاياتها۱/۳۱۵،سبل الهدى والرشادفی سيرة خيرالعباد ۲/۳۲۳، السيرة الحلبية۱/۴۰۵

(۲) السيرة الحلبية۱/۴۰۶

أحد منهم، فقام عليّ فقال: أنايَا رَسُولَ اللهِ، فقال اجلس فأنت أخي ووزيري ووصيي ووارثي وخليفتي من بعدي

اے اولاد عبد المطلب! اللہ تعالیٰ نے مجھے تمام مخلوق کی طرف اپنا رسول بنا کر بھیجا ہے اور خصوصاً تمہاری طرف، مجھ سے فرمایا گیا ہے کہ میں اپنے قرابت داروں کو ہوشیار کر دوں سنو! میں تمہیں صرف دو کلموں کی دعوت دیتا ہوں جو زبان پر بہت سبک ہیں لیکن میزان میں بہت وزنی ہیں، ان میں ایک کلمہ اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کی گواہی دینا ہے اور دوسرا کلمہ میری رسالت کی گواہی دینا ہے، تم میں سے کون ہے جو میری اس دعوت کو قبول کرے اور میری موافقت کرے اور میرے کام میں ساتھ دے؟ تمام مجلس میں سناٹا چھا گیا، اس اہم سوال کا جواب سیدنا علی رضی اللہ عنہ بن ابی طالب کی طرف سے موصول ہوا انہوں نے اٹھ کر کہا میں اس دعوت کو قبول کرتا ہوں اور آپ کی موافقت کروں گا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیٹھ جاؤ، اور پھر دوبارہ یہی بات دہرائی مگر سب لوگ خاموش ہی رہے، سیدنا علی رضی اللہ عنہ دوبارہ کھڑے ہوئے اور کہا میں اس دعوت کو قبول کرتا ہوں اور آپ کی موافقت کروں گا پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تیسری بار یہی الفاظ دہرائے مگر پھر بھی کوئی کھڑا نہ ہوا تو سیدنا علی رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور کہا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! میں اس دعوت کو قبول کرتا ہوں اور آپ کی موافقت کروں گا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیٹھ جاؤ تم میرے بھائی ہو اور میرے وزیر ہو اور میرے وصی ہو اور میرے وارث ہو اور میرے بعد خلیفہ ہو گے۔ مگر کفر و شرک میں ڈوبے ہوئے ذہن حق آواز کہاں برداشت کر سکتے تھے اس لئے اس پاکیزہ دعوت کو سنکر چیں بہ چیں ہو گئے اور منہ پھلائے اک بک کہنے لگے اور اٹھ کر چلے گئے۔[۱]

**پہاڑی پر وعظ کے بعد کا واقعہ**

عَنْ عَلِيٍّ لَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ: وَأَنْذِرْ عَشِيرَتَكَ الْأَقْرَبِينَ قَالَ: جَمَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ أَهْلِ بَيْتِهِ، فَاجْتَمَعَ ثَلَاثُونَ، فَأَكَلُوا وَشَرِبُوا قَالَ: فَقَالَ لَهُمْ: مَنْ يَضْمَنُ عَنِّي دَيْنِي وَمَوَاعِيدِي، وَيَكُونُ مَعِي فِي الْجَنَّةِ، وَيَكُونُ خَلِيفَتِي فِي أَهْلِي؟ فَقَالَ: رَجُلٌ لَمْ يُسَمِّهِ شَرِيكٌ يَا رَسُولَ اللهِ، أَنْتَ كُنْتَ بَحْرًا، مَنْ يَقُومُ بِهَذَا؟ قَالَ: ثُمَّ قَالَ: لِآخَرِ، قَالَ: فَعَرَضَ ذَلِكَ عَلَى أَهْلِ بَيْتِهِ، فَقَالَ عَلِيٌّ: أَنَا

سیدنا علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے جب یہ آیت "اپنے قریب ترین رشتہ داروں کو ڈراؤ۔" نازل ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اہل بیت کو جمع کیا یہ تیس شخص تھے جب یہ کھا پی چکے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کون ہے جو میرا قرض اپنے ذمے لے اور میرے بعد میرے وعدے پورے کرے، وہ جنت میں بھی میرا ساتھی اور میری اہل میں میرا خلیفہ ہو گا، تو ایک شخص نے کہا آپ تو ایک سمندر رہیں آپ کے ساتھ کون کھڑا ہو سکتا ہے، تین دفعہ آپ نے فرمایا لیکن کوئی تیار نہ ہوا تو میں نے کہا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! میں اس کے لئے تیار ہوں۔[۲]

ضعیف روایت ہے اس کی سند میں شریک بن عبد اللہ نخعی اور عباد بن عبد اللہ اسدی ضعیف راوی ہیں۔

حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْمُغِيرَةِ، عَنْ أَبِي صَادِقٍ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ نَاجِذٍ، عَنْ عَلِيٍّ، رَضِيَ اللهُ

[۱] السيرة الحلبية ۱/۴۰۶

[۲] مسند احمد ۸۸۳، فضائل الصحابة ۲/۷۰۰

عَنْهُ، قَالَ: جَمَعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوْ دَعَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، فِيهِمْ رَهْطٌ كُلُّهُمْ يَأْكُلُ الْجَذَعَةَ، وَيَشْرَبُ الْفَرَقَ، قَالَ: فَصَنَعَ لَهُمْ مُدًّا مِنْ طَعَامٍ، فَأَكَلُوا حَتَّى شَبِعُوا، قَالَ: وَبَقِيَ الطَّعَامُ كَمَا هُوَ كَأَنَّهُ لَمْ يُمَسَّ، ثُمَّ دَعَا بِغُمَرٍ فَشَرِبُوا حَتَّى رَوَوْا، وَبَقِيَ الشَّرَابُ كَأَنَّهُ لَمْ يُمَسَّ أَوْ لَمْ يُشْرَبْ فَقَالَ: يَا بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، إِنِّي بُعِثْتُ لَكُمْ خَاصَّةً وَإِلَى النَّاسِ بِعَامَّةٍ، وَقَدْ رَأَيْتُمْ مِنْ هَذِهِ الْآيَةِ مَا رَأَيْتُمْ، فَأَيُّكُمْ يُبَايِعُنِي عَلَى أَنْ يَكُونَ أَخِي وَصَاحِبِي؟قَالَ: فَلَمْ يَقُمِ الَيْهِ أَحَدٌ، قَالَ: فَقُمْتُ إِلَيْهِ وَكُنْتُ أَصْغَرَ الْقَوْمِ،قَالَ: فَقَالَ: اجْلِسْ قَالَ: ثَلَاثَ مَرَّاتٍ كُلُّ ذَلِكَ أَقُومُ إِلَيْهِ فَيَقُولُ لِي: اجْلِسْ حَتَّى كَانَ فِي الثَّالِثَةِ ضَرَبَ بِيَدِهِ عَلَى يَدِي

ایک اور روایت میں سیدنا علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بنو عبد المطلب کو جمع کیا، یہ ایک جماعت کی جماعت تھی اور بڑے کھاؤ تھے، ایک ایک شخص ایک ایک بکری کا بچہ کھا جاتا تھا اور ایک بڑا بدھنا دودھ کا پی جاتا تھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سب کے کھانے کے لئے صرف تین پاؤ کے قریب کھانا پکوایا لیکن اللہ نے اسی میں اتنی برکت دی کہ سب پیٹ بھر کر کھا چکے اور خوب آسودہ ہو کر پی چکے لیکن نہ تو کھانے میں کمی نظر آئی نہ پینے کی چیز گھٹتی ہوئی معلوم ہوتی تھی، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے اولاد عبد المطلب! میں تمہاری طرف خصوصاً اور تمام لوگوں کی طرف عموماً نبی بنا کر بھیجا گیا ہوں، اس وقت تم ایک معجزہ بھی میرا دیکھ چکے ہو اور اب تم میں سے کون تیار ہے کہ مجھ سے بیعت کرے، وہ میرا بھائی اور میرا ساتھی ہو گا؟ لیکن ایک شخص بھی مجمع میں کھڑا نہ ہوا سوا میرے اور میں اس وقت عمر کے لحاظ سے ان سب سے چھوٹا تھا، آپ نے فرمایا تم بیٹھ جاؤ، تین مرتبہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہی فرمایا اور تینوں مرتبہ بجز میرے اور کوئی کھڑا نہ ہوا، تیسری مرتبہ آپ نے میری بیعت لی۔[1] اس روایت کی سند میں ربیعہ بن ناجد مجول راوی ہے۔

لَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ عَلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى الله عَلَيْهِ وآله وَسَلَّمَ: **وَأَنذِرْ عَشِيرَتَكَ الْأَقْرَبِينَ وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ** . قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى الله عليه وآله وَسَلَّمَ عَرَفْتُ أَنِّي إِنْ بَادَأْتُ بِهَا قَوْمِي رَأَيْتُ مِنْهُمْ مَا أَكْرَهُ فَصَمَتُّ عَلَيْهَا فَجَاءَنِي جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَقَالَ لِي: يَا مُحَمَّدُ! إِنَّكَ إِنْ لَمْ تَفْعَلْ مَا أَمَرَكَ بِهِ رَبُّكَ عَذَّبَكَ رَبُّكَ. قَالَ عَلِيٌّ: فَدَعَانِي فَقَالَ يَا عَلِيُّ إِنَّ اللهَ قَدْ أَمَرَنِي أَنْ أُنْذِرَ عَشِيرَتِي الْأَقْرَبِينَ فَعَرَفْتُ أَنِّي إِنْ بَادَأْتُهُمْ بِذَلِكَ رَأَيْتُ مِنْهُمْ مَا أَكْرَهُ فَصَمَتُّ عَنْ ذَلِكَ ثُمَّ جَاءَنِي جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ إِنْ لَمْ تَفْعَلْ مَا أُمِرْتَ بِهِ عَذَّبَكَ رَبُّكَ، فَاصْنَعْ لَنَا يَا عَلِيُّ رِجْلَ شَاةٍ عَلَى صَاعٍ مِنْ طَعَامٍ وَأَعِدَّ لَنَا عُسَّ لَبَنٍ ثُمَّ اجْمَعْ لِي بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، فَفَعَلْتُ فَاجْتَمَعُوا لَهُ وَهُمْ يَوْمَئِذٍ أَرْبَعُونَ رَجُلًا يزيدون رجلا أن يَنْقُصُونَهُ فِيهِمْ أَعْمَامُهُ أَبُو طَالِبٍ وَحَمْزَةُ وَالْعَبَّاسُ وَأَبُو لَهَبٍ الْكَافِرُ الْخَبِيثُ فَقَدَّمْتُ إِلَيْهِمْ تِلْكَ الْجَفْنَةَ فَأَخَذَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى الله عليه وآله وَسَلَّمَ مِنْهَا حُذْيَةً فَشَقَّهَا بِأَسْنَانِهِ ثُمَّ رَمَى بِهَا فِي نَوَاحِيهَا وَقَالَ كُلُوا بِسْمِ اللهِ

سیدنا علی رضی اللہ عنہ بن ابو طالب سے ایک روایت میں ہے جب یہ آیت ''اپنے قریب ترین رشتہ داروں کو ڈراؤ۔'' نازل ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

---

[1] مسند احمد ۱/۱۳۷، تاریخ طبری ۲/۳۲۱

نے فرمایا اگر میں اپنی قوم کے سامنے ابھی ہی اسے پیش کروں گا تو وہ نہ مانیں گے اور ایسا جواب دیں گے جو مجھ پر گراں گزرے پس آپ خاموش ہو گئے، اتنے میں جبرائیل علیہ السلام آئے اور کہا اے محمد ﷺ! اگر آپ نے تعمیل ارشاد میں تاخیر کر دی تو ڈر ہے کہ آپ کو سزا ہو گی، اسی وقت آپ ﷺ نے سیدنا علی رضی اللہ عنہ کو بلایا اور فرمایا اے علی رضی اللہ عنہ! مجھے حکم ہوا ہے کہ میں اپنے قریبی رشتہ داروں کو ڈراؤں، میں نے یہ خیال کر کے کہ اگر پہلے ہی سے ان سے کہا گیا تو یہ مجھے ایسا جواب دیں گے جس سے مجھے ایذا پہنچے، میں خاموش رہا لیکن جبرائیل علیہ السلام آئے اور کہا اے محمد ﷺ! کہ اگر تو نے ایسا نہ کیا تو تجھے عذاب ہو گا تو اب اے علی رضی اللہ عنہ! تم ایک بکری ذبح کر کے پکا لو اور کوئی تین سیر اناج بھی تیار کر لو اور ایک بدھنا دودھ کا بھی بھر لو اور اولاد عبد المطلب کو بھی جمع کر لو، میں نے ایسا ہی کیا اور سب کو دعوت دی، چالیس آدمی جمع ہوئے یا ایک آدھ کم یا ایک آدھ زیادہ، ان میں آپ کے چچا بھی تھے، ابوطالب، حمزہ عوف رضی اللہ عنہ، عباس رضی اللہ عنہ اور ابولہب، میں نے سالن پیش کیا تو رسول اللہ ﷺ نے اس میں سے ایک بوٹی لے کر کچھ کھائی پھر اسے ہنڈیا میں ڈال دیا اور فرمایا لو اللہ کا نام اور کھانا شروع کر دو،

فَأَكَلَ الْقَوْمُ حَتَّى نَهِلُوا عَنْهُ مَا يُرَى إِلَّا آثَارُ أَصَابِعِهِمْ وَاللهِ إِنْ كَانَ الرَّجُلُ مِنْهُمْ يَأْكُلُ مِثْلَهَاثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وآله وَسَلَّمَ اسْقِهِمْ يَا عَلِيُّ فَجِيت بِذَلِكَ الْقَعْبِ فَشَرِبُوا مِنْهُ حَتَّى نَهِلُوا جَمِيعًا وَايْمُ اللهِ إِنْ كَانَ الرَّجُلُ مِنْهُمْ لَيَشْرَبُ مِثْلَهُ، فَلَمَّا أَرَادَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وآله وَسَلَّمَ أَنْ يُكَلِّمَهُمْ بَدَرَهُ أَبولَهَبٍ إِلَى الْكَلَامِ، فَقَالَ: لهدّما سَحَرَكُمْ صَاحِبُكُمْ. فَتَفَرَّقُوا وَلَمْ يُكَلِّمْهُمْ رَسُولُ اللهِ،فَلَمَّا كَانَ الْغَدُ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى الله عليه وآله وَسَلَّمَ يَا عَلِيُّ عُدْ لَنَا بِمِثْلِ الَّذِي كُنْتَ صَنَعْتَ لَنَا بِالْأَمْسِ مِنَ الطَّعَامِ وَالشَّرَابِ فَإِنَّ هَذَا الرَّجُلَ قَدْ بَدَرَنِي إِلَى مَا قَدْ سَمِعْتَ قَبْلَ أَنْ أُكَلِّمَ الْقَوْمَ. فَفَعَلْتُ، ثُمَّ جَمَعْتُهُمْ لَهُ فَصَنَعَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى الله عليه وآله وَسَلَّمَ كَمَا صَنَعَ بِالْأَمْسِ فَأَكَلُوا حَتَّى نَهِلُوا عَنْهُ ثُمَّ سَقَيْتُهُمْ فَشَرِبُوا مِنْ ذَلِكَ الْقَعْبِ حَتَّى نَهِلُوا عَنْهُ وَايْمُ اللهِ إِنْ كَانَ الرَّجُلُ مِنْهُمْ لَيَأْكُلُ مِثْلَهَا وَيَشْرَبُ مِثْلَهَاثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وآله وَسَلَّمَ يَا بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ إِنِّي وَاللهِ مَا أَعْلَمُ شَابًّا مِنَ الْعَرَبِ جَاءَ قَوْمَهُ بِأَفْضَلَ مِمَّا جِئْتُكُمْ بِهِ. إِنِّي قَدْ جِئْتُكُمْ بِأَمْرِ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ

سب نے کھانا شروع کیا، یہاں تک کہ پیٹ بھر گئے لیکن اللہ کی قسم گوشت اتنا ہی تھا جتنا رکھتے وقت رکھا تھا، صرف ان کی انگلیوں کے نشانات تو تھے مگر گوشت کچھ بھی نہ گھٹا تھا، حالانکہ ان میں سے ایک ایک اتنا گوشت تو کھا لیتے تھے، پھر فرمایا اے علی رضی اللہ عنہ! انہیں پلاؤ، میں وہ بدھنا لایا سب نے باری باری شکم سیر ہو کر پیا اور خوب آسودہ ہو گئے لیکن دودھ بالکل کم نہیں ہوا، حالانکہ ان میں سے ایک ایک اتنا دودھ پی لیا کرتا تھا، اب رسول اللہ ﷺ نے کچھ فرمانا چاہا لیکن ابولہب جلدی سے اٹھ کھڑا ہوا اور کہنے لگا تو صاحب اب معلوم ہوا کہ یہ تمام جادوگری محض اس لئے تھی، چنانچہ مجمع اسی وقت اکھڑ گیا اور ہر ایک اپنی راہ لگ گیا اور رسول اللہ ﷺ کو نصیحت و تبلیغ کا موقعہ نہ ملا دوسرے روز رسول اللہ ﷺ نے سیدنا علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا آج پھر اسی طرح ان سب کی دعوت کرو کیونکہ کل اس نے مجھے کچھ کہنے کا وقت ہی نہیں دیا، میں نے پھر اسی طرح انتظام کیا، سب کو دعوت دی، سب آئے کھایا پیا، پھر کل کی طرح آج بھی ابولہب نے کھڑے ہو کر وہی بات کہی اور اسی طرح سب تتر بتر ہو گئے، تیسرے روز پھر رسول اللہ ﷺ نے سیدنا علی رضی اللہ عنہ سے یہی فرمایا، آج جب سب کھا پی چکے تو رسول اللہ ﷺ نے

جلدی سے اپنی گفتگو شروع کر دی اور فرمایا اے بنو عبد المطلب! واللہ کوئی نوجوان شخص اپنی قوم کے پاس اس سے بہتر بھلائی نہیں لایا جو میں تمہارے پاس لایا ہوں، میں دنیا اور آخرت کی بھلائی لایا ہوں۔ [1]

وَقَدْ أَمَرَنِي اللَّهُ أَنْ أَدْعُوَكُمْ إِلَيْهِ، فَأَيُّكُمْ يُؤَازِرُنِي عَلَى هَذَا الْأَمْرِ عَلَى أَنْ يَكُونَ أَخِي وَكَذَا وَكَذَا قَالَ: فَأَحْجَمَ الْقَوْمُ عَنْهَا جَمِيعًا، وَقُلْتُ وَلَإِنِّي لَأَحْدَثُهُمْ سِنًّا وَأَرْمَصُهُمْ عَيْنًا، وَأَعْظَمُهُمْ بَطْنًا، وَأَحْمَشُهُمْ سَاقًا: أَنَا يَا نَبِيَّ اللَّهِ أَكُونُ وَزِيرَكَ عَلَيْهِ، فَأَخَذَ بِرَقَبَتِي فَقَالَ: إِنَّ هَذَا أَخِي وَكَذَا وَكَذَا فَاسْمَعُوا لَهُ وَأَطِيعُوا قَالَ: فَقَامَ الْقَوْمُ يَضْحَكُونَ وَيَقُولُونَ لِأَبِي طَالِبٍ: قَدْ أَمَرَكَ أَنْ تَسْمَعَ لِابْنِكَ وَتُطِيعَ!

اور روایت میں اس کے بعد یہ بھی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اب بتاؤ تم میں سے کون میرے ساتھ اتفاق کرتا ہے اور کون میرا ساتھ دیتا ہے؟ مجھے اللہ تعالیٰ کا حکم ہوا ہے کہ پہلے میں تمہیں اس کی راہ کی دعوت دوں جو آج میری مان لے گا وہ میرا بھائی ہوگا اور یہ درجے ملیں گے، لوگ خاموش ہو گئے لیکن سیدنا علی رضی اللہ عنہ جو اس وقت مجمع میں سب سے کم عمر تھے اور دکھتی آنکھوں والے اور موٹے پیٹ والے اور بھری پنڈلیوں والے تھے بول اٹھے اے اللہ کے رسول ﷺ! اس امر میں میں آپ کی وزارت میں قبول کرتا ہوں، آپ ﷺ نے میری گردن پر ہاتھ رکھ کر کہا کہ یہ میرا بھائی ہے اور ایسی ایسی فضیلتوں والا ہے تم اس کی سنو اور مانو، یہ سن کر وہ سب لوگ ہنستے ہوئے اٹھ کھڑے ہوئے اور ابو طالب سے کہنے لگے لے اب تو اپنے بچے کی سن اور مان۔ [2]

تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ الْغفار ابْنِ الْقَاسِمِ أَبُو مَرْيَمَ، وَهُوَ كَذَّابٌ شِيعِيٌّ اتَّهَمَهُ عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ وَغَيْرُهُ بِوَضْعِ الْحَدِيثِ، وَضَعَّفَهُ الْبَاقُونَ، قال أبو داود: وأنا أشهد أن أبا مريم كذاب، وقال أبو حاتم والنسائي وغيرهما: متروك الحديث. وقال البخاري: عبد الغفار بن القاسم بن قيس بن فهد ليس بالقوى عندهم.

اس روایت کا راوی عبد الغفار بن قاسم بن ابی مریم متروک، کذاب اور رافضی ہے، ابن مدینی وغیرہ کہتے ہیں یہ حدیثیں گھڑ لیا کرتا تھا، امام ابو داود رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں گواہی دیتا ہوں کہ ابو مریم کذاب ہے، امام ابو حاتم رحمہ اللہ اور امام نسائی رحمہ اللہ فرماتے ہیں یہ متروک حدیث ہے، امام بخاری رحمہ اللہ فرماتے ہیں عبد الغفار بن قاسم میرے نزدیک قوی نہیں ہے۔ [3]

دیگر ائمہ حدیث نے بھی اس کو ضعیف لکھا ہے۔

یہ سب ضعیف روایات ہیں، اس کے علاوہ یہ بات بھی قابل غور ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے گھر میں جانثار اہلیہ اور تین بیٹیاں موجود تھیں اگر رسول اللہ ﷺ انہیں چند لوگوں کے کھانے کا بندوبست کرنے کا فرماتے تو وہ فوراً کھانے کا بندوبست کر سکتی تھیں، اور اگر مکہ معظمہ میں فاسٹ فوڈ کے ہوٹل کھلے ہوئے تھے تو گھر میں رسول اللہ ﷺ کا منہ بولا بیٹا تیس سال کا زید رضی اللہ عنہ بن حارثہ موجود تھا جو بااحسن وخوبی

---

[1] تاریخ طبری ۲/۳۲۱، دلائل النبوة للبیهقی ۲/۱۷۸، سیرة ابن اسحاق ۱/۱۴۵، شرف مصطفی ۳/۱۸۰، ۴۴۵، الخصائص الکبری ۱/۲۰۶
[2] السيرة النبوية لابن كثير ۱/۴۵۹
[3] ميزان الاعتدال ۲/٦٤٠

کھانے پینے کا بندوبست کرسکتا تھا، سیدنا علی رضی اللہ عنہ کی عمر تو اس وقت پانچ سال کی تھی اور ایک کم سن بچہ ایک دعوت کا بندوبست کیسے کرسکتا ہے ،اور کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک جوان بالغ شخص کو چھوڑ کر ایک بچے کے ذمہ یہ کام سپرد فرماتے؟

## نزول وحی کے بعد پہلا فرض نماز

انسان کی پوری زندگی کو عبادت میں تبدیل کرنے کے لئے سب سے پہلے جس چیز کی ضرورت ہے وہ یہ ہے کہ اس کے ذہن میں یہ شعور ہر وقت تازہ رہے کہ وہ اللہ وحدہ لاشریک کا بندہ ہے، یہ ضرورت اس لئے ہوتی ہے کہ اللہ تعالیٰ انسانی حواس سے بالاتر ہے لیکن گمراہی کی طاقتیں ہر سمت پھیلی ہوئی ہیں، لہذا اس بات کی ضرورت ہوتی ہے کہ انسان کو بار بار اس بات کی یاد دہانی کی جاتی رہے کہ اسے اپنی زندگی ایک مخصوص انداز سے گزارنی ہے، یہ نماز کا سب سے بڑا فائدہ ہے، نماز صبح وشام، دن کے کام کاج وہنگاموں، تفریح یا آرام کے وقت بندے کو آگاہ کرتی ہے کہ تم شیطانی نفس کے بندے نہیں اللہ کے بندے ہو، اور اللہ کی بندگی کے لیے پیدا کیے گئے ہو۔

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْإِنسَ إِلَّا لِيَعْبُدُونِ ﴿٥٦﴾ [1]

ترجمہ: میں نے جن اور انسانوں کو اس کے سوا کسی کام کے لیے پیدا نہیں کیا ہے کہ وہ میری بندگی کریں۔

نماز کی اسی خصوصیت کی بنا پر قرآن مجید میں اسے ذکر کے لفظ سے تعبیر کیا گیا ہے، جس کے معنیٰ یاد دہانی کے ہیں۔

فَاسْعَوْا إِلَىٰ ذِكْرِ اللَّهِ [2]

ترجمہ: دوڑو اللہ کے ذکر کی طرف۔

چوں کے انسان کے سپرد یہ کام ہوا ہے کہ وہ ہر قدم پر اللہ کے احکام وفرائض بجالائے، ہر آن شیطانی قوتوں سے لڑتا رہے اور حدود اللہ کی حفاظت کرتا رہے، اس مقصد کے لئے سخت تنظیم، تربیت اور آزمائش کی ضرورت ہے تا کہ بندے میں فرض شناسی اور مستعدی پیدا ہو بلکہ اس کی فطرت ثانیہ بن جائے، انہی مقاصد کے تحت نماز دن اور رات میں پانچ بار فرض کی گئی تا کہ ایک طرف تو مسلمانوں کی تربیت ہو اور دوسری طرف سچے اور جھوٹے مسلمانوں میں امتیاز ہو جائے،

عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَيْنَ الْعَبْدِ وَبَيْنَ الْكُفْرِ تَرْكُ الصَّلَاةِ

جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بندے اور کفر کے درمیان نماز کا چھوڑنا ہے (یعنی ترک صلوٰۃ وہ پل ہے جسے پار کر کے آدمی ایمان سے کفر کی طرف جاتا ہے)۔ [3]

---

[1] الزاریات ۵۶

[2] الجمعة ۹

[3] سنن ابن ماجه كتاب اقامة الصلوٰة بَابُ مَا جَاءَ فِيمَنْ تَرَكَ الصَّلَاةَ ۱۰۷۸، سنن ابوداودكتاب السنة بَابٌ فِي رَدِّ الْإِرْجَاءِ ۴۶۷۸، مسنداحمد ۱۴۹۷۹، سنن الدارقطنی ۱۷۵۳، السنن الکبری للبیھقی ۶۴۹۸، مصنف ابن ابی شیبة ۳۰۳۹۴، مسندابی یعلی ۱۷۸۳، شرح السنة للبغوی ۳۴۷

نماز کا ایک کام یہ ہے کہ وہ انسان کی سیرت کو اس خاص ڈھنگ پر تیار کرتی ہے جو اسلامی زندگی بسر کرنے کے لئے ضروری ہے۔اسلام کا مقصد ایک ایسی جماعت کی تیاری ہے جس کا مقصد اولین نیکی کو قائم کرنا اور بدی کو مٹانا ہے۔

وَلۡتَكُنۡ مِّنۡكُمۡ اُمَّةٌ يَّدۡعُوۡنَ اِلَى الۡخَيۡرِ وَيَاۡمُرُوۡنَ بِالۡمَعۡرُوۡفِ وَيَنۡهَوۡنَ عَنِ الۡمُنۡكَرِ‌ؕ وَاُولٰٓـئِكَ هُمُ الۡمُفۡلِحُوۡنَ ۝١٠٤ (١)

ترجمہ: تم میں کچھ لوگ تو ایسے ضرور ہی ہونے چاہیں جو نیکی کی طرف بلائیں، بھلائی کا حکم دیں اور برائیوں سے روکتے رہیں جو لوگ یہ کام کریں گے وہی فلاح پائیں گے۔

اور ہر شعبہ زندگی میں اللہ کے قوانین کی پابندی کرنی ہے اور انہیں پوری دنیا میں نافذ کرنے کی ذمہ داری سنبھالنی ہے، یہ عظیم کام اس وقت تک نہیں ہو سکتا جب تک انسان میں اللہ کا خوف، اس کی محبت اور اس کی خوشنودی کی خواہش نہ پیدا ہو اور جب تک آدمی یہ جان نہ لے کہ اللہ حاکم اصلی ہے اور ہر انسان اس کے سامنے جواب دہ ہے، مسلمان اسلام کے طریقے پر ایک قدم بھی نہیں چل سکتا جب تک کہ اسے یقین کامل نہ ہو کہ اللہ ہر جگہ ہر حال میں اسے دیکھ رہا ہے، اس کی ہر ہر حرکت سے باخبر ہے، اندھیرے میں بھی اس کو دیکھتا ہے، تنہائی میں بھی اس کے ساتھ ہے۔

وَهُوَ مَعَكُمۡ اَيۡنَ مَا كُنۡتُمۡ‌ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ بَصِيۡرٌ ۝٤ (٢)

ترجمہ: وہ تمہارے ساتھ ہے جہاں بھی تم ہو جو کام بھی تم کرتے ہو اسے وہ دیکھ رہا ہے۔

اور اس کے دل میں جو نیت چھپی ہوئی ہے اس کو بھی وہ جانتا ہے،

يَعۡلَمُ خَآئِنَةَ الۡاَعۡيُنِ وَمَا تُخۡفِى الصُّدُوۡرُ ۝١٩ (٣)

ترجمہ: اللہ نگاہوں کی چوری تک سے واقف ہے اور وہ راز تک جانتا ہے جو سینوں نے چھپا رکھے ہیں۔

یہی یقین انسان کو اللہ کے احکام کی اطاعت اور اس کے قانون کی پیروی کے لئے تیار کرتا ہے، اور نماز کا مقصد یہ ہے کہ وہ اسی یقین کو بار بار انسان کے ذہن میں تازہ کرے، نماز کا ارادہ کرنے کے ساتھ ہی روح کی تربیت اور اسلامی سیرت کی تعمیر کا عمل شروع ہو جاتا ہے اور پھر ایک ایک حرکت، ایک ایک فعل اور ایک ایک قول جو نماز سے متعلق ہے کچھ اس طور پر رکھا گیا ہے کہ اس سے خود بخود انسان کی سیرت اسلام کے سانچے میں ڈھلتی چلی جاتی ہے اسی وجہ سے قرآن میں دعویٰ کیا گیا ہے،

اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنۡهٰى عَنِ الۡفَحۡشَآءِ وَالۡمُنۡكَرِ‌ؕ ۝٤٥ (٤)

ترجمہ: یقیناً نماز بے حیائی اور برائی سے روکتی ہے۔

اسی بنا پر نماز قدیم ترین زمانے سے انبیاء کی تعلیمات کا جز رہی ہے، جتنے انبیاء اللہ کی طرف سے آئے ہیں ان سب کی شریعت میں نماز اولین

---

(١) آل عمران ١٠٤

(٢) الحدید ٤

(٣) المومن ١٩

(٤) العنکبوت ٤٥

رکن اسلام تھی، اسلامی تحریک میں جب کبھی زوال آیا نماز کا نظام تربیت ٹوٹ جانے کی وجہ ہی سے آیا کیوں کہ اسلام کے طریقے پر چلنے کے لئے اسلامی سیرت ضروری ہے اور اسلامی سیرت نماز کے نظام تربیت ہی سے بنتی ہے اور جب یہ نظام ٹوٹے گا تو سیرتیں بگڑ جائیں گی اور اس کا لازمی نتیجہ زوال وانحطاط ہوگا۔ نماز میں دعاؤں اور تسبیحوں کے ساتھ اوقات کی پابندی، طہارت وغیرہ کی شرائط اور جسمانی حرکات کا جوڑ اسی لئے لگایا گیا ہے کہ انسان اپنے نفس پر پوری طرح قابو رہے اور اسے اپنے ارادے کے تحت چلانے میں مشاق ہو جائے، انسانی نفس ہر وقت کسی نہ کسی مشغولیت، فائدے ونقصان، لطف ولذت اور مشکلات وغیرہ کے بہانے ڈھونڈتا ہے لیکن نماز ہر وقت تازیانہ بن کر آجاتی ہے اور انسان کی اونگھتی ہوئی قوت ارادی کو جگاتی ہے، اگر انسان نماز کا مطالبہ پورا کر رہا ہے تو وہ اپنی خواہشات نفسی کا زور توڑ دے گا اور ان پر حکمراں ہو جائے گا اور اس میں یہ طاقت پیدا ہو جائے گی کہ اپنے علم وارادے کے مطابق انہیں تبدیل کر سکے، قرآن میں بتایا گیا ہے کہ نماز چھوڑ کر آدمی خواہشات کا پیروکار بن کر گمراہ ہو جاتا ہے۔

فَخَلَفَ مِنۢ بَعۡدِهِمۡ خَلۡفٌ أَضَاعُواْ ٱلصَّلَوٰةَ وَٱتَّبَعُواْ ٱلشَّهَوَٰتِۖ فَسَوۡفَ يَلۡقَوۡنَ غَيًّا ۝٥٩ [1]

ترجمہ: پھر ان کے بعد وہ ناخلف لوگ ان کے جانشین ہوئے جنہوں نے نماز کو ضائع کیا اور خواہشات نفس کی پیروی کی، پس قریب ہے کہ وہ گمراہی کے انجام سے دوچار ہوں۔

یہ ظاہر ہے کہ انفرادی سیرت تنہا کوئی نتیجہ نہیں پیدا کر سکتی جب تک کہ جماعت میں وہی سیرت موجود نہ ہو، آدمی دنیا میں کوئی کام اکیلا نہیں کر سکتا، اس کی ساری زندگی اپنے بھائی بندوں، دوستوں اور ہمسائیوں، معاملہ داروں اور ساتھیوں کے ساتھ ہزاروں قسم کے تعلقات میں جکڑی ہوئی ہے، اب اگر ایک انسان ایسے لوگوں کے درمیان گھرا رہے جو اللہ کے قانون کو تسلیم ہی نہیں کرتے، یا اس کی نافرمانی پر تلے ہوئے ہیں تو اکیلے آدمی کے لئے اپنی زندگی میں اس قانون کو جاری کرنا دشوار ہو جائے گا، حالانکہ مسلمانوں کے ذمے کام نہ صرف یہ ہے کہ اسے اپنی زندگی میں جاری کریں بلکہ دنیا پر غالب ونافذ کریں، اس کام کے لئے ایک آدھ مسلمان کافی نہیں ہے بلکہ ضرورت اس بات کی ہے کہ سب مسلمان مل کر ایک جتھا بنیں اور پھر اس کام کے لئے کوشش کریں، نماز ہماری اس ضرورت کو بھی پورا کرتی ہے وہ اجتماعی نظام کا پورا ڈھانچہ بناتی ہے، اس کو قائم کرتی اور رکھتی ہے اور اسے روزانہ پانچ مرتبہ حرکت میں لاتی ہے تاکہ وہ ایک مشین کی طرح چلتا رہے، اس لئے پنج وقتہ نماز کو جماعت کے ساتھ ادا کرنا واجب قرار دیا گیا ہے، حکم ہے کہ اذان کی آواز سنتے ہی سب کام چھوڑ کر مسجد کو دوڑ جاو۔

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓاْ إِذَا نُودِيَ لِلصَّلَوٰةِ مِن يَوۡمِ ٱلۡجُمُعَةِ فَٱسۡعَوۡاْ إِلَىٰ ذِكۡرِ ٱللَّهِ وَذَرُواْ ٱلۡبَيۡعَۚ ذَٰلِكُمۡ خَيۡرٞ لَّكُمۡ إِن كُنتُمۡ تَعۡلَمُونَ ۝٩ [2]

ترجمہ: اے لوگو جو ایمان لائے ہو! جب پکارا جائے نماز کے لیے جمعہ کے دن تو اللہ کے ذِکر کی طرف دوڑو اور خرید وفروخت چھوڑ دو، یہ تمہارے لیے زیادہ بہتر ہے اگر تم جانو۔

---

[1] مریم ٥٩

[2] الجمعة٩

اس کا فائدہ یہ ہے کہ جب کبھی کوئی مہم درپیش آئے تو سارا گروہ ایک منظم جتھے کی صورت میں جمع ہو سکے اور اس کے لئے کام کر سکے، یہ تو محض اذان کا فائدہ تھا، اب سب لوگ مسجد میں جمع ہوتے ہیں، ایک دوسرے کو پہچانتے ہیں اور اس حیثیت سے متعارف ہوتے ہیں کہ سب ہم مقصد اور ایک ہی راہ کے مسافر ہیں، پھر جب کوئی خوشحال مسلمان کسی غریب مسلمان بھائی کو پھٹے پرانے کپڑوں، پریشان صورت یا فاقہ زدہ دیکھے گا تو اس کے دل میں ہمدردی کا جذبہ پیدا ہوگا اور وہ غریبوں کی مدد کر سکے گا۔

پھر مسجد میں تمام مسلمان مساوی حیثیت کے حامل ہیں، ایک کم حیثیت اگر پہلے آیا تو وہ اگلی صف میں ہوگا اور ایک رئیس اگر بعد میں آئے تو پچھلی صفوں میں رہے گا، کوئی بڑے سے بڑا آدمی بھی مسجد میں اپنی نشست محفوظ نہیں کرا سکتا اور نہ کوئی شخص اس بات کا مجاز ہے کہ کسی شخص کو اس کی جگہ سے ہٹا دے تمام مسلمان ایک ہی صف میں کھڑے ہوں گے، یہاں نہ کوئی بڑا ہے نہ چھوٹا، نہ اونچ نہ نیچ، کسی کے چھو جانے سے کوئی ناپاک نہیں ہوتا اور نہ کسی کے برابر کھڑے ہونے سے کسی کی عزت کو بٹہ لگتا ہے۔

اس طرح سوسائٹی کے افراد کو یاد دلایا جاتا ہے کہ اللہ کی نگاہ میں تم سب برابر ہو طبقاتی امتیاز، رنگ و نسل، قبیلہ اور وطن کی عصبتیں غلط ہیں۔

مسجد میں ہر مسلمان امام بن سکتا ہے، البتہ مسلمانوں کی رہنمائی کے لئے شریعت میں وہ صفات بیان کی گئی ہیں جن کا لحاظ رکھنا چاہیے، یہ صفات انتہائی معنی خیز ہیں، ان کے ذریعے سے مسلمانوں کو یہ بتایا گیا ہے کہ اس چھوٹی سی مسجد کے باہر اس وسیع مسجد میں جس کا نام زمین ہے مسلمانوں کا اجتماعی نظام کیسا ہونا چاہیے، انہیں کیسا امام یا لیڈر منتخب کرنا چاہیے اور اس کے ساتھ کس قسم کا تعلق رکھنا چاہئے، ہدایت دی گئی ہے کہ امام ایسے شخص کو منتخب کیا جائے جو پرہیزگار ہو، نیک سیرت ہو، دین کا علم رکھتا ہو، حکم دیا گیا ہے کہ امام ایسے شخص کو نہ بنایا جائے جس سے جماعت کی اکثریت ناراض ہو، ان ساری ہدایات سے معلوم ہوتا ہے کہ سردار قوم کے انتخاب میں کن چیزوں کا لحاظ کرنا چاہئے۔

حکم ہے کہ جو شخص امام بنے وہ نماز پڑھانے میں جماعت کے ضعیف لوگوں کا بھی لحاظ رکھے، محض جوان، مضبوط اور فرصت والے آدمیوں کو پیش نظر رکھ کر لمبی لمبی قرات اور لمبے لمبے رکوع اور سجدے نہ کرنے لگے بلکہ یہ بھی خیال رکھے کہ جماعت میں بوڑھے بھی ہیں، بیمار بھی ہیں اور کمزور اور مشغول آدمی بھی ہیں جو اپنا کام چھوڑ کر آئے ہیں، اس طرح گویا سردار قوم کو تعلیم دی جا رہی ہے کہ جب وہ سردار بنایا جائے تو افراد کے ساتھ اس کا طرز عمل کیسا ہونا چاہیے۔

حکم دیا گیا ہے کہ امام کی سختی سے پیروی کرنی چاہیے اس کی حرکت سے پہلے حرکت کرنا منع ہے، اس طرح قوم کو بتایا جا رہا ہے کہ اسے اپنے سردار کی اطاعت کس طرح کرنی چاہے البتہ اگر امام غلطی کرے تو مقتدیوں کا فرض ہے کہ اسے سبحان اللہ کہہ کر ٹوک دیں، سبحان اللہ کے معنی ہیں کہ اللہ پاک ہے، مطلب یہ کہ تم سے غلطی ہو جانا کوئی تعجب کی بات نہیں غلطیوں سے مبرا ذات تو صرف اللہ کی ہے، امام کا فرض ہے کہ اپنی غلطی کی اصلاح کرے لیکن اگر وہ سمجھتا ہے کہ وہ صحیح ہے تو مقتدیوں کا فرض ہے کہ اس کی پیروی کرتے رہیں، یہ تو چھوٹی موٹی غلطیوں کی بات ہے لیکن اگر غلطی سنگین ہو اور کفر و شرک تک پہنچتی ہو تو جماعت کا فرض ہے کہ فوراً علیحدہ ہو جائے اور اس امام کو ہٹا کر دوسرا امام مقرر کرے، قومی زندگی میں بھی یہی حیثیت ہے، جب تک سردار قوم حدود اللہ میں کام کر رہا ہو اس کی اطاعت واجب ہے لیکن اگر وہ اللہ کی حدود کو توڑ دے تو ملت اسلامیہ کا فرض ہے کہ ایسے رہنماؤں اور اکابر کو ان کے عہدوں سے اتار دے اور ان کی جگہ خدا ترس لوگ منتخب کرے۔

نماز کے انہی فوائد کی بنا پر اس کو دین میں بنیادی اہمیت دی گئی ہے، اسے دین کا ستون کہا گیا ہے جس نے اسے گرا دیا اس نے دین کی عمارت ڈھادی اور جس نے اس کی حفاظت کی اس نے دین کی عمارت محفوظ رکھی،

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا قَالَتْ: أُفْتُرِضَتْ الصَّلَاةُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوَّلَ مَا أُفْتُرِضَتْ عَلَيْهِ رَكْعَتَيْنِ رَكْعَتَيْنِ، كُلَّ صَلَاةٍ، ثُمَّ إِنَّ اللَّهَ تَعَالَى أَتَمَّهَا فِي الْحَضَرِ أَرْبَعًا، وَأَقَرَّهَا فِي السَّفَرِ عَلَى فَرْضِهَا الْأَوَّلِ رَكْعَتَيْنِ

ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے سب سے پہلے جو چیز فرض کی گئی وہ نماز تھی اور ابتدا میں ہر نماز کی دو دو رکعت تھی، پھر اللہ تعالیٰ نے حضر میں ان کی چار رکعتیں کر دیں اور سفر میں وہی دو قائم رکھیں۔ (۱)

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا، قَالَتْ: فُرِضَتْ الصَّلَاةُ رَكْعَتَيْنِ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ هَاجَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى الْمَدِينَةِ، فَفُرِضَتْ أَرْبَعًا وَتُرِكَتْ صَلَاةُ السَّفَرِ عَلَى الْأُولَى

ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے (پہلے) نماز صرف دو رکعت فرض ہوئی تھی پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہجرت کی تو وہ فرض رکعات چار رکعات ہو گئیں، البتہ سفر کی حالت میں نماز اپنی حالت میں باقی رکھی گئی۔ (۲)

وَعَنْ مُقَاتِلِ بْنِ سُلَيْمَانَ: فَرَضَ اللَّهُ فِي أَوَّلِ الإِسْلَامِ الصَّلَاةَ رَكْعَتَيْنِ بِالْغَدَاةِ، وَرَكْعَتَيْنِ بِالْعَشِيِّ، ثُمَّ فَرَضَ الْخَمْسَ لَيْلَةَ الْمِعْرَاجِ

مقاتل بن سلمان سے مروی ہے اللہ تعالیٰ نے ابتدائے اسلام میں دو رکعتیں صبح کی اور دو رکعتیں شام کی فرض کیں، اور پھر پانچ نمازیں شب معراج کو فرض ہوئیں۔ (۳)

ابتدائے بعثت سے ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا نماز پڑھنا تو ثابت ہے، البتہ اس بات پر اختلاف ہے کہ معراج میں پانچ نمازوں کے تحفہ سے پہلے آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر کوئی نماز فرض تھی یا نہیں، ایک گروہ کے نزدیک شب معراج سے قبل کوئی نماز فرض نہیں تھی، بلکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس قدر چاہتے تھے نماز پڑھ لیتے تھے، البتہ سورۂ مزمل میں صلاۃ اللیل کا حکم نازل ہوا تھا۔ دوسرے گروہ کے نزدیک بعثت کی ابتدا ہی سے دو نمازیں فرض تھیں، دو رکعت نماز فجر اور دو رکعت نماز عصر، جیسے قرآن مجید میں ہے،

وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ ﴿۱۱۴﴾ (۴)

ترجمہ: اور دیکھو نماز قائم کرو دن کے دونوں سروں پر۔

فَاصْبِرْ عَلٰی مَا يَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوْبِهَا ﴿۱۳۰﴾ (۵)

(۱) ابن ہشام ۱/۲۴۱

(۲) صحیح بخاری کتاب مناقب الانصار بَابُ التَّارِيخِ، مِنْ أَيْنَ أَرَّخُوا التَّارِيخَ ۳۹۳۵

عیون الاثر ۱/۱۰۹

(۴) ھود ۱۱۴

(۵) طہ ۱۳۰

ترجمہ:اور اپنے رب کی حمد وثنا کے ساتھ اس کی تسبیح کرو سورج نکلنے سے پہلے اور غروب ہونے سے پہلے۔

وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ بِالْعَشِيِّ وَالْإِبْكَارِ ﴿٥٥﴾ [1]

ترجمہ:صبح وشام اپنے رب کی حمد کے ساتھ اس کی تسبیح کرتے رہو۔

اللہ تبارک وتعالیٰ نے سورہ مزمل نازل فرمائی اور راتوں کو نماز کا حکم فرمایا،

الْمُزَّمِّلُ ﴿١﴾ قُمِ الَّيْلَ إِلَّا قَلِيلًا ﴿٢﴾ نِّصْفَهُ أَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِيلًا ﴿٣﴾ أَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَرَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيلًا ﴿٤﴾ إِنَّا
سَنُلْقِي عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيلًا ﴿٥﴾ إِنَّ نَاشِئَةَ الَّيْلِ هِيَ أَشَدُّ وَطْأً وَّأَقْوَمُ قِيلًا ﴿٦﴾ إِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا
طَوِيلًا ﴿٧﴾ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ تَبْتِيلًا ﴿٨﴾ [2]

ترجمہ:اے اوڑھ لپیٹ کر سونے والے، رات کو نماز میں کھڑے رہا کرو مگر کم، آدھی رات یا اس سے کچھ کم کرلو یا اس سے کچھ زیادہ بڑھادو، اور قرآن کو خوب ٹھہر ٹھہر کر پڑھو، ہم تم پر ایک بھاری کلام نازل کرنے والے ہیں، درحقیقت رات کا اٹھنا نفس پر قابو پانے کے لئے بہت کارگر اور قرآن ٹھیک پڑھنے کے لئے زیادہ موزوں ہے، دن کے اوقات میں تو تمہارے لئے بہت مصروفیات ہیں، اپنے رب کے نام کاذکر کیا کرو اور سب سے کٹ کر اسی کے ہو رہو۔

قَالَ ابْنُ إِسْحَاقَ :وَكَانَتْ خَدِيجَةُ أَوَّلَ مَنْ آمَنَ بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ، وَصَدَّقَ بِمَا جَاءَ بِهِ ثُمَّ إِنَّ جِبْرِيلَ أَتَى رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ بأعلى مكة حِينَ افْتُرِضَتْ عَلَيْهِ الصَّلَاةُ فَهَمَزَ لَهُ بِعَقِبِهِ فِي نَاحِيَةِ الْوَادِي، فَانْفَجَرَتْ لَهُ عَيْنٌ مِنْ مَاءِ زَمْزَمَ، فَتَوَضَّأَ جِبْرِيلُ وَمُحَمَّدٌ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ، ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ وَسَجَدَ أَرْبَعَ سَجَدَاتٍ ثُمَّ رَجَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ أَقَرَّ اللَّهُ عَيْنَهُ، وَطَابَتْ نَفْسُهُ، وَجَاءَهُ مَا يحب من الله، فأخذ يد خَدِيجَةَ حَتَّى أَتَى بِهَا إِلَى الْعَيْنِ، فَتَوَضَّأَ كَمَا تَوَضَّأَ جِبْرِيلُ، ثُمَّ رَكَعَ رَكْعَتَيْنِ وَأَرْبَعَ سَجَدَاتٍ، ثُمَّ كَانَ هُوَ وَخَدِيجَةُ يُصَلِّيَانِ سِرًّا

ابن اسحاق سے روایت ہے ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لانے والی اور آپ کی نبوت کی تصدیق کرنے والی نوع انسانی میں پہلی ہستی تھیں (بحیرا راہب نہیں) جب جبرائیل علیہ السلام نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آکر پہلی بار آپ کو اللہ کی طرف سے نماز کی فرضیت کا حکم پہنچایا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وادی میں نماز پڑھی، جبرائیل علیہ السلام اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے وضو کیا پھر جبرائیل علیہ السلام نے کھڑے ہو کر دو رکعات نماز چار سجدوں کے ساتھ نماز پڑھی، اس کے بعد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے گھر تشریف لائے جبکہ اللہ تعالیٰ آپ کی آنکھوں کی ٹھنڈک اور اپنے فضل وکرم سے آپ کے نفس کو طیب وطاہر فرما چکا تھا اور آپ کو واجبات حیات کا حکم دے چکا تھا، گھر پہنچ کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خدیجہ رضی اللہ عنہا کا ہاتھ پکڑا اور انہیں چشمہ زمزم پر لائے، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ خدیجہ رضی اللہ عنہا نے آب زمزم سے اسی طرح وضو کیا جس طرح جبرائیل علیہ السلام نے بتایا تھا اور اس کے بعد دونوں نے چار سجدوں کے ساتھ دو رکعت نماز ادا کی، اس کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم

---

[1] المومن ۵۵

[2] المزمل ۱تا۸

اور خدیجہ رضی اللہ عنہا آئندہ گھر کے اندر ہی راز داری کے ساتھ نماز ادا کرتے رہے۔ [۱] حافظ عسقلانی رحمہ اللہ کہتے ہیں اس روایت کی سند ضعیف ہے۔
بعض روایات میں ہے کہ جبرائیل علیہ السلام نے ایک پتھر پر ایڑی ماری جس سے ایک چشمہ پھوٹ پڑا اور اس سے وضو کیا۔

اسامہ رضی اللہ عنہ بن زید رضی اللہ عنہ سے مروی ہے

عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :أَنَّ جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ نَزَلَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أَوَّلِ مَا أُوحِيَ إِلَيْهِ فَعَلَّمَهُ الْوُضُوءَ وَالصَّلَاةَ،

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی کے نزول کے بعد پہلا کام یہ ہوا کہ جبرائیل علیہ السلام نے آ کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو وضو اور نماز کی تعلیم دی۔ [۲]

اس روایت میں عبداللہ بن لہیعہ ہے جس کے بارے میں محدثین نے کلام کیا ہے۔

## کیفیت وحی

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر تقاضائے وحی کے اختلاف کی وجہ سے چھ مختلف حالتوں سے وحی ہوتی تھی۔

❁وحی کا پہلا طریقہ یہ تھا۔

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا، أَنَّهَا قَالَتْ: أَوَّلُ مَا بُدِئَ بِهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الوَحْيِ الرُّؤْيَا الصَّادِقَةُ فِي النَّوْمِ، فَكَانَ لاَ يَرَى رُؤْيَا إِلَّا جَاءَتْ مِثْلَ فَلَقِ الصُّبْحِ

ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی آنے کی ابتدا سونے کی حالت میں سچے خوابوں کے ذریعہ ہوئی، چنانچہ سید الامم صلی اللہ علیہ وسلم جو خواب بھی دیکھتے وہ صبح کی روشنی کی طرح سامنے آ جاتا۔ [۳]

یہ سلسلہ بعد میں بھی جاری رہا اور احادیث میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے کئی خوابوں کا ذکر موجود ہے، جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ منورہ میں خواب دیکھا تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد حرام میں داخل ہوئے ہیں اور بیت اللہ کا طواف کیا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کے ہمراہ مکہ کے لئے روانہ ہوئے مگر مشرکین مکہ کی وجہ سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم مکہ مکرمہ میں داخل نہ ہو سکے اور ایک ایسا معاہدہ (صلح حدیبیہ) کر کے واپسی کی راہ اختیار فرمائی جس میں مسلمانوں کی عظیم فتح تھی مگر عام مسلمان فوری طور پر اس بات کا ادراک نہ کر سکے، اس لئے یہ بات مسلمانوں کے دل میں بری طرح کھٹک رہی تھی وہ بار بار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خواب کا حوالہ دیتے، جس میں مسجد الحرام میں داخلہ اور بیت اللہ کے طواف کا ذکر تھا اس پر اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

---

دلائل لابی نعیم ۲/۱۶۰،ابن ہشام ۱/۲۴۴،ابن اسحاق ۱/۱۳۶،دلائل النبوة للبیہقی ۲/۱۶۰،الروض الانف ۲/۲۸۵،عیون الاثر ۱/۱۰۹،البدایة والنہایة ۳/۳۳

مسنداحمد ۲۱۷۷۱،المعجم الاوسط للطبرانی ۳۹۰۱

[۳] صحیح بخاری کتاب التعبیر بَابُ أَوَّلُ مَا بُدِئَ بِهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الوَحْيِ الرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ ۶۹۸۲ صحیح مسلم کتاب الایمان بَابُ بَدْءِ الْوَحْيِ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۴۰۳،مسنداحمد ۲۵۲۰۲،مستدرک حاکم ۴۸۴۳،صحیح ابن حبان ۳۳،السنن الکبری للبیہقی ۱۷۷۲۱،مصنف عبدالرزاق ۹۷۱۹،شرح السنة للبغوی ۳۷۳۵

لَقَدۡ صَدَقَ اللّٰہُ رَسُوۡلَہُ الرُّءۡیَا بِالۡحَقِّ ۚ لَتَدۡخُلُنَّ الۡمَسۡجِدَ الۡحَرَامَ اِنۡ شَآءَ اللّٰہُ اٰمِنِیۡنَ ﴿۲۷﴾ [1]

ترجمہ: فی الواقع اللہ نے اپنے رسول کو سچا خواب دکھایا تھا جو ٹھیک ٹھیک حق کے مطابق تھا، ان شاء اللہ تم ضرور مسجد حرام میں پورے امن کے ساتھ داخل ہو گے۔

چنانچہ یہ عمرہ جو عمرۃ القضاء کے نام سے مشہور ہے اللہ تعالیٰ نے اپنا وعدہ دوسرے سال ذی القعدہ سات ہجری کو پورا فرما دیا۔

۞ وحی کا ایک طریقہ موسیٰ علیہ السلام جیسا تھا کہ باری تعالیٰ نے ان سے کوہ طور پر بات چیت فرمائی، چنانچہ جب رسول اللہ ﷺ معراج میں آسمانوں پر تشریف لے گئے تو اللہ تعالیٰ نے پردے کے پیچھے آپ ﷺ سے فرشتے کی توسط کے بغیر براہ راست جو بھی وحی فرمائی سو فرمائی، پھر اللہ نے آپ کو پچاس نمازوں کا تحفہ دیا گیا اور آپ ﷺ اپنی امت پر بوجھ کم کرنے کے لئے انہیں بار بار مزید کم کرنے کی گزارش فرماتے رہے اور بالآخر یہ پانچ نمازوں تک کم ہو گئیں مگر اللہ کے نزدیک یہ اب بھی پچاس ہی ہیں۔

۞ وحی کا ایک طریقہ جبرائیل امین کے ذریعہ پہنچانا ہے، وہ اللہ کے حکم سے آپ کو نظر آئے بغیر آپ کے قلب و ذہن میں بات ڈالتے تھے،

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّهُ لَيْسَ شَيْءٌ يُقَرِّبُكُمْ مِنَ الْجَنَّةِ , وَيُبَاعِدُكُمْ مِنَ النَّارِ إِلَّا قَدْ أَمَرْتُكُمْ بِهِ , وَلَيْسَ شَيْءٌ يُقَرِّبُكُمْ مِنَ النَّارِ , وَيُبَاعِدُكُمْ مِنَ الْجَنَّةِ إِلَّا قَدْ نَهَيْتُكُمْ عَنْهُ وَأَنَّ الرُّوحَ الْأَمِينَ نَفَثَ فِي رُوعِي أَنَّهُ لَنْ تَمُوتَ نَفْسٌ حَتَّى تَسْتَوْفِيَ رِزْقَهَا فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَأَجْمِلُوا فِي الطَّلَبِ وَلَا يَحْمِلَنَّكُمُ اسْتِبْطَاءُ الرِّزْقِ أَنْ تَطْلُبُوهُ بِمَعَاصِي اللّٰهِ فَإِنَّهُ لَا يُدْرَكُ مَا عِنْدَ اللّٰهِ إِلَّا بِطَاعَتِهِ

عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے لوگو! کوئی چیز ایسی نہیں جو تمہیں جنت کے نزدیک لے جانے والی اور دوزخ سے دور کرنے والی ہو اور تمہیں اس کے بارے میں نہ بتایا گیا ہو اور کوئی چیز ایسی نہیں جو تمہیں دوزخ کے قریب کرنے والی اور جنت سے دور کرنے والی ہو اور میں نے تمہیں اس سے نہ روکا ہو اور بے شک جبرائیل علیہ السلام نے اور ایک روایت میں ہے بے شک روح القدس نے یہ بات میرے دل میں ڈالی ہے کہ کوئی بھی زندہ چیز اس وقت تک موت سے ہم کنار نہ ہو گی جب تک کہ اپنا رزق پورا نہیں کر لیتی، پس اللہ سے ڈرو اور رزق حاصل کرنے میں بددیانتی نہ کرو اور رزق آنے کی تاخیر تمہیں اس بات پر آمادہ نہ کر دے کہ تم اسے اللہ کی معصیت کے ذریعہ تلاش کرو کیونکہ اللہ کے پاس جو کچھ ہے وہ اس کی اطاعت کے بغیر حاصل نہیں کیا جا سکتا۔ [2]

مگر یہودی اللہ تعالیٰ کے اس برگزیدہ فرشتے کو اپنا دشمن سمجھ کر گالیاں دیتے تھے اور کہتے تھے کہ یہ رحمت کا نہیں بلکہ عذاب کا فرشتہ ہے۔

قُلۡ مَنۡ کَانَ عَدُوًّا لِّجِبۡرِیۡلَ فَاِنَّہٗ نَزَّلَہٗ عَلٰی قَلۡبِکَ بِاِذۡنِ اللّٰہِ ﴿۹۷﴾ [3]

ترجمہ: ان سے کہو جو کوئی جبریل سے عداوت رکھتا ہو اسے معلوم ہونا چاہیے کہ جبریل نے اللہ ہی کے اذن سے یہ قرآن تمہارے قلب

---

[1] الفتح ۲۷

[2] شعب الایمان ۹۸۹۱، شرح السنة للبغوی ۴۱۱۱، مصنف ابن ابی شیبة ۳۴۳۳۲، القناعة والتعفف ۵۷

[3] البقرة ۹۷

پر نازل کیا۔

وَاِنَّهٗ لَتَنْزِيْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۹۲﴾ نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ ﴿۱۹۳﴾ عَلٰى قَلْبِكَ لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ﴿۱۹۴﴾ [1]

ترجمہ: یہ رب العالمین کی نازل کردہ چیز ہے اسے لے کر تیرے دل پر امانت دار روح اتری ہے تاکہ تو ان لوگوں میں شامل ہو جو (اللہ کی طرف سے اللہ کی مخلوق کو) متنبہ کرنے والے ہیں۔

❁ بعض مفسرین کہتے ہیں جب کوئی وعدہ یا خوشخبری سنانی مقصود ہوتی تو جبرائیل امین انسانی صورت میں دحیہ رضی اللہ عنہ بن کلبی جو بہت حسین وجمیل تھے کی شکل میں حاضر خدمت ہوتے (اس حالت میں صحابہ کرام نے بھی انہیں دیکھا) اور آپ سے اس وقت تک مخاطب رہتے جب تک اللہ تعالیٰ کی نازل کی ہوئی بات آپ اچھی طرح ذہن نشین کر لیتے، اور آپ کو سمجھنے میں مطلق تکلیف نہ ہوتی۔

❁ وحی کا سب سے ہلکا طریقہ یہ تھا جو دو مرتبہ ہی پیش آیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جبریل علیہ السلام کو صرف دو مرتبہ ہی ان کی اپنی اصلی صورت میں دیکھا ہے، پہلی مرتبہ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم معراج پر تشریف لے گئے اور جبرائیل علیہ السلام آسمان کے مشرقی کنارے سے ظاہر ہوئے، جیسے فرمایا:

وَهُوَ بِالْاُفُقِ الْاَعْلٰى ﴿۷﴾ ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى ﴿۸﴾ فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى ﴿۹﴾ [2]

ترجمہ: وہ سامنے آ کھڑا ہوا جبکہ وہ بالائی افق پر تھا، پھر قریب آیا اور اوپر معلق ہو گیا یہاں تک کہ دو کمانوں کے برابر یا اس سے کم کچھ کم فاصلہ رہ گیا۔

لَمْ أَرَهُ عَلَى صُورَتِهِ الَّتِي خُلِقَ عَلَيْهَا غَيْرَ هَاتَيْنِ الْمَرَّتَيْنِ، رَأَيْتُهُ مُنْهَبِطًا مِنَ السَّمَاءِ سَادًّا عِظَمُ خَلْقِهِ مَا بَيْنَ السَّمَاءِ إِلَى الْأَرْضِ

ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کیا ہے میں نے ان کو دوبار کے سوا ان کی اصلی صورت پر نہیں دیکھا، میں نے ان کو دیکھا وہ آسمان سے اتر رہے تھے اور ان کے تن و توش کی بڑائی نے آسمان سے زمین تک روک دیا تھا۔[3]

اور دوسری مرتبہ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم معراج پر تشریف لے گئے تو ان کو سدرۃ المنتہیٰ کے پاس دیکھا تھا،

عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: رَأَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جِبْرِيلَ فِي صُورَتِهِ، وَلَهُ سِتُّ مِائَةِ جَنَاحٍ، كُلُّ جَنَاحٍ مِنْهَا قَدْ سَدَّ الْأُفُقَ يَسْقُطُ مِنْ جَنَاحِهِ مِنَ التَّهَاوِيلِ وَالدُّرِّ وَالْيَاقُوتِ مَا اللَّهُ بِهِ عَلِيمٌ

عبداللہ رضی اللہ عنہ بن مسعود سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے جبریل علیہ السلام کو سدرۃ المنتہیٰ کے پاس دیکھا، ان کے چھ سو بازو تھے، جن سے موتی اور یاقوت جھڑتے تھے۔[4]

[1] الشعراء ۱۹۲تا۱۹۴

[2] النجم۷تا۹

[3] صحیح مسلم کتاب الایمان بَابُ مَعْنَى قَوْلِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ وَلَقَدْ رَآهُ نَزْلَةً أُخْرَى، وَهَلْ رَأَى النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَبَّهُ لَيْلَةَ الْإِسْرَاءِ ۴۳۹، جامع ترمذی ابواب تفسیرالقرآن بَابٌ وَمِنْ سُورَةِ الْأَنْعَامِ ۳۰۶۸، مسنداحمد ۲۵۹۹۳، السنن الکبری للنسائی ۱۱۴۶۸

[4] مسند احمد۳۷۴۸، صحیح ابن حبان۶۴۲۸، مسندابی یعلی ۴۹۹۳

❁ وحی کی سب سے شدید ترین صورت یہ تھی کہ آپ کے کانوں میں ایک گھنٹی سی بجنی شروع ہوجاتی تا کہ آپ سب طرف سے توجہ ہٹا کر وحی کے لئے متوجہ ہوجائیں۔

عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ الْحَارِثَ بْنَ هِشَامٍ قَالَ :قَالَ :يَا رَسُولَ اللَّهِ كَيْفَ يَأْتِيكَ الوحي؟فقال رَسُولَ اللَّهِ. أَحْيَانًا يَأْتِينِي فِي مِثْلِ صَلْصَلَةِ الْجَرَسِ وَهُوَ أَشَدُّهُ عَلَيَّ فَيُفْصِمُ عَنِّي وَقَدْ وَعَيْتُ مَا قَالَ

ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا صدیقہ سے مروی ہے حارث بن ہشام نے عرض کیا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! آپ کے پاس وحی کس طرح آتی ہے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کبھی تو وہ میرے پاس جرس کی جھنکار کی سی آواز میں آتی ہے اور وہ مجھ پر سب وحی سے زیادہ سخت ہوتی ہے، پھر وہ مجھ سے منقطع ہوجاتی ہے اور مجھے یاد ہوجاتا ہے۔ [1]

بعض مفسرین کہتے ہیں ایسا اس وقت ہوتا تھا جب کوئی دھمکی دینا یا ڈرانا مقصود ہوتا تھا اور پھر جبرائیل امین آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی کرتے، اس وحی کی شدت سے یہ حال ہوجاتا کہ شدید سردی میں بھی آپ کی پیشانی مبارک پسینہ پسینہ ہوجاتی،

قَالَتْ عَائِشَةُ: وَلَقَدْ رَأَيْتُهُ يَنْزِلُ عَلَيْهِ الْوَحْيِ فِي الْيَوْمِ الشَّدِيدِ الْبَرْدِ فَيُفْصِمُ عَنْهُ وَإِنَّ جَبِينَهُ لَيَتَفَصَّدُ عَرَقًا

ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے میں نے شدید سردی کے زمانے میں آپ پر وحی کو نازل ہوتے ہوئے دیکھا ہے اختتام پر آپ کی پیشانی پر پسینہ ٹپکتا ہوتا تھا۔ [2]

اگر سفر میں اونٹ پر سوار ہوتے تو وحی کے بوجھ سے وہ بیٹھ جاتا، ایک مرتبہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کے زانو پر سر رکھے لیٹے ہوئے تھے کہ ایسی وحی ہوئی جس سے ان کے زانو پر اتنا بوجھ پڑا کہ ٹوٹنے کے قریب ہوگئی۔

## کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین سال خفیہ دعوت دی

اللہ تبارک وتعالیٰ جب کسی قوم میں اپنا رسول مبعوث فرماتا ہے تو رسول کا فرض منصبی یہ ہوتا ہے کہ وہ لوگوں کو اللہ کا پیغام سنا کر انہیں ان کے باطل عقیدوں کی اصلاح اور برے اعمال سے روکنے کی کوشش کرے، اس مقصد کے لئے وہ لوگوں کے دلوں میں چھپی فطری نیکی کو ابھارتا ہے، ان کے اعمال بد پر تنبیہ کرتا ہے، وعظ ونصیحت کے ذریعے انہیں صراط مستقیم پر چلنے کی تلقین کرتا ہے اور قوم کی فکری وعملی رہنمائی کرتا ہے، یہ تمام کام وہ چھپ کر نہیں کرتا، پوری انسانی تاریخ میں کسی پیغمبر کا یہ طریقہ کار کبھی نہیں رہا کہ وہ اپنی دعوت حق کو لوگوں سے چھپائے اور خفیہ دعوت کے ذریعے کچھ لوگ تیار کرے اور اس طرح سازش کے ذریعے اپنی قوم میں انقلاب برپا کردے، ہر پیغمبر کی شدید خواہش رہی ہے کہ اس کی قوم طاغوت کی بندگی سے اعلان براءت کر کے دعوت حق پر لبیک کہے اور اس مقصد کے حصول کے لئے انہوں نے پوری تندہی اور جانفشانی سے کھلم کھلا ہر طرح کی جدوجہد بھی کی، مگر انہوں نے اس بات کی ہرگز پرواہ نہیں کی کہ ان کی دعوت پر لبیک کہنے والے کون اور کس حیثیت کے لوگ ہیں اور ان کی تعداد کیا ہے، اس لئے بعض پیغمبروں کے پیروکار صرف چند ہی افراد تھے، مگر وہ دل برداشتہ ہونے کے بجائے پوری

---

[1] ابن سعد ۱۵۵؍۱

[2] ابن سعد ۱۵۵؍۱

لگن سے اپنا فرض منصبی ادا کرتے رہے، اور اللہ تعالیٰ ان سے یہ جواب طلبی نہیں کرتا کہ اس کے اتنے کم پیرو کار کیوں ہیں؟ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے کسی پیغمبر کو اپنی قوم پر داروغہ نہیں بنایا کیونکہ رسالت کا یہ مشکل ترین فرض اللہ نے پیغمبر کے ذمہ ڈالا ہوتا ہے اس لئے اللہ ہی اپنے بندے کی حفاظت کا ذمہ دار بھی ہوتا ہے اور ہر کٹھن مرحلے میں اس کی دستگیری بھی فرماتا ہے اس لئے پیغمبر اپنی قوم کے سخت جارحانہ ردعمل کے خوف سے اپنی دعوت کو خفیہ نہیں رکھتے، نوح علیہ السلام سے لے کر عیسیٰ علیہ السلام تک تمام انبیاء کی سیرت دیکھ لیں کسی نے بھی دعوت حق کو پھیلانے کے لئے خفیہ دعوت کا سلسلہ شروع نہیں کیا بلکہ روز اول سے ہی ببانگ دھل قوم کو اللہ کا پیغام پہنچایا، ابراہیم علیہ السلام نے اپنے والد، اپنے قبیلہ اور اپنی قوم میں تن تنہا، کھلم کھلا، بے خوف وخطر اپنے فرض منصبی کو نبھایا اور نمرود جیسے ظالم بادشاہ کے خلاف کوئی انڈر گراونڈ جماعت تیار کرنے کی کوشش نہیں فرمائی، موسیٰ علیہ السلام سے نادانستگی میں ایک قبطی قتل ہو گیا تھا، جب انہیں منصب رسالت پر فائز کر کے فرعون کے پاس جا کر دعوت حق پیش کرنے کا حکم ملا تو موسیٰ علیہ السلام نے اس قتل کا ذکر کیا تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا

قَالَ لَا تَخَافَآ اِنَّنِيْ مَعَكُمَآ اَسْمَعُ وَاَرٰى ۝۴۶ [1]

ترجمہ: فرمایا ڈرومت میں تمہارے ساتھ ہوں، سب کچھ سن رہا ہوں اور دیکھ رہا ہوں۔

چنانچہ اس بات کا قوی امکان تھا کہ فرعون جیسا سرکش بادشاہ موسیٰ علیہ السلام اور ہارون علیہ السلام کو گرفتار کر کے قبطی کے قصاص میں قتل کرا دیتا مگر موسیٰ علیہ السلام نے کوئی خفیہ منصوبہ تیار نہیں کیا کہ پہلے کچھ مصر جا کر انقلاب برپا کرنے کے لیے خفیہ طور پر بنی اسرائیل کے کچھ لوگ تیار کیے جائیں بلکہ اللہ کے حکم کے موجب بغیر کسی خوف کے دعوت حق پہنچانے کے لئے فرعون کے پاس جا پہنچے، پھر کیا یہ بات کچھ عجیب نہیں ہے کہ امام المتقین، خاتم النبیین رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم تمام جلیل القدر پیغمبروں کی سیرت کے مطابق کھلم کھلا دعوت کا کام کرنے کی بجائے تین سال تک خفیہ دعوت کا کام کریں، اگر یہ تصور کیا جائے کہ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے سرداران قریش کی عداوت کے خوف سے ایسا کیا تھا جو ایک چھوٹے سے علاقہ کے سردار تھے تو کیا وہ نمرود اور فرعون سے بھی زیادہ سرکش تھے، اور کیا اللہ تعالیٰ نے دوسرے انبیاء کی طرح آپ کی حفاظت کا ذمہ نہیں لیا ہوا تھا؟۔ جیسے فرمایا:

يٰٓاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ۭ وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ ۭ وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ۝۶۷ [2]

ترجمہ: اے پیغمبر! جو کچھ تمہارے رب کی طرف سے تم پر نازل کیا گیا ہے وہ لوگوں تک پہنچا دو اگر تم نے ایسا نہ کیا تو اس کی پیغمبری کا حق ادا نہ کیا اللہ تم کو لوگوں کے شر سے بچانے والا ہے، یقین رکھو کہ وہ کافروں کو (تمہارے مقابلہ میں) کامیابی کی راہ ہرگز نہ دکھائے گا۔

اگر آپ نے سرداران قریش کی عداوت کے خوف سے خفیہ دعوت کا کام شروع کیا تھا تو کیا تین سال کی خفیہ وعظ و نصیحت کے بعد جب آپ نے علانیہ دعوت کا کام شروع کیا اس وقت قریش کا بغض وعداوت ختم ہو گئی تھی، اور کیا سید الامم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے تین سال میں سرداران

---

[1] طٰہٰ ۴۶

[2] المائدۃ ۶۷

قریش سے مقابلہ کرنے کے لئے اتنے لوگ تیار کر لئے تھے جو ان کا مقابلہ کر سکتے تھے، پھر یہ بھی غور کریں اگر یہ دعوت خفیہ ہی تھی تو ابو ذر غفاری رضی اللہ عنہ کو مکہ مکرمہ سے اسی (۸۰) میل دور کیسے آپ کی تعلیمات کا علم ہو گیا تھا اور ان کے بھائی نے مکہ مکرمہ سے واپس جا کر ان سے یہ کہا تھا کہ میں نے اس شخص کو دیکھا ہے جو لوگوں کو پر تاثیر انداز میں بہترین اخلاقیات کی تعلیم دیتا ہے اور جو کلام وہ سناتا ہے وہ بڑا ہی پر اثر ہے، مگر وہ کلام شعراء کے کلام سے نہیں ملتا جس کی وجہ سے مکہ کے لوگ اسے جادوگر کہتے ہیں مگر اللہ کی قسم! میں نے اسے ایسا نہیں پایا، اس کا پاکیزہ حلیہ، پر تاثیر کلام اور محبت بھرا انداز بیاں جادوگری سے نہیں ملتا اور تمہارا طور طریق اس شخص سے بہت ملتا جلتا ہے، مگر ابو ذر رضی اللہ عنہ اس جواب سے مطمئن نہ ہوئے اور خود مکہ تشریف لے آئے، مکہ مکرمہ ایک کھلا شہر تھا اور ہر کوئی بلا خوف و خطر اس میں آسکتا تھا اگر یہ دعوت خفیہ تھی تو ابو ذر غفاری رضی اللہ عنہ کو چھپ کر مکہ مکرمہ آنے کی کوئی ضرورت نہ تھی، وہ بڑی آسانی کے ساتھ مکہ مکرمہ میں آکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مل سکتے تھے، اس سے صاف ظاہر ہے کہ مکہ میں سب کو اس پاکیزہ دعوت کا علم ہو چکا تھا اور اس کے نتیجہ میں مخالفت شروع ہو چکی تھی۔

طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ کو بصریٰ میں ایک راہب کی زبانی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کا علم ہوا، جس دعوت کی بازگشت بصریٰ تک پہنچ چکی ہو وہ دعوت کیا خفیہ ہو سکتی ہے۔

سید الامم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابو ذر غفاری، عبد اللہ بن مسعود کو بیت اللہ میں کھڑے ہو کر قریش کے سامنے قرآن کی تلاوت سے تو روکا تا کہ قریش بغض و عداوت میں ان لوگوں کو کوئی گزند نہ پہنچا دیں مگر کسی صحابی رضی اللہ عنہم سے یہ نہیں کہا کہ وہ اپنے اسلام کا علم اپنے قبیلے کو نہ ہونے دے، یہ تو ایسے ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پہلے سے اپنے پیغمبر بنائے جانے کا علم تھا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے منصوبہ بندی کر رکھی تھی کہ جیسے ہی یہ فریضہ مجھے عنایت کیا جائے گا میں اس طرح خفیہ طور پر ایک جماعت کھڑی کر کے انقلاب برپا کر دوں گا، چنانچہ جیسے ہی آپ کو حکم ملا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سوچے سمجھے پلان کے مطابق خفیہ دعوت کا کام شروع کر دیا، اور اگر اس بات کو صحیح تسلیم کر لیا جائے تو اس سے تو یہ بات ثابت ہو گی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعوت اسلام کو لوگوں کے علم میں لانے میں کوتاہی برتی اور یہ شان رسالت کے منافی ہے، اس کے علاوہ بالکل ابتدائی دور میں قریش کے قبیلہ بنو ہاشم، بنو مطلب، بنو عبد شمس، بنو اسد، بنو مخزوم، بنو تیم، بنو زہرہ، بنو عدی، بنو جمح، بنو سہم، بنو اسد بن خزیمہ اور بنو حارث کے ۲۴ مردوں اور ۶ عورتوں نے اسلام قبول کیا۔ غلاموں میں عمار بن یاسر، یاسر اور ان کی اہلیہ سمیہ، عامر بن فہیرہ اور صہیب بن سنان نے اسلام قبول کیا، کیا وہ دعوت جسے قریش کے تمام قبیلوں کے سلیم الفطرت لوگوں نے قبول کر لیا تھا خفیہ دعوت تھی، کیا ان تمام لوگوں کا اسلام ان کے گھر والوں اور قبیلہ والوں سے مخفی رہ گیا تھا اور سرداران قریش کے کانوں میں بھنک بھی نہ پڑی، مکہ مکرمہ کی آبادی کوئی لمبی چوڑی نہ تھی، تمام قبائل قریب قریب سے رہتے تھے، ان کی آپس میں رشتہ داریاں تھیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پھوپھی ام الحکیم بیضاء بنو امیہ میں، پھوپھی صفیہ بنو اسد میں، پھوپھی برہ بنو مخزوم میں اور ایک پھوپھی امیمہ بنو اسد بن خزیمہ میں بیاہی ہوئی تھیں، عثمان بن عفان بیضاء کے نواسے اور زبیر بن العوام ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا کے بھتیجے اور صفیہ کے بیٹے تھے، جحش کے صاحبزادے امیمہ کی اولاد اور ابو سلمہ برہ کے بیٹے تھے، بنو زہرہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ننھیال اور بنو اسد آپ کے سسرال تھے، کیا اتنی قریبی رشتہ داریوں میں تین سال تک کوئی دعوت خفیہ رہ سکتی

ہے بنو ہاشم کے ایک فرد کا اعلان نبوت بنو امیہ یا بنو اسد یا بنو مخزوم کے علم میں نہ آیا۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کے فرمان کے مطابق

وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ ﴿۲۱۴﴾ وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۱۵﴾ فَاِنْ عَصَوْكَ فَقُلْ اِنِّيْ بَرِيْۗءٌ مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۱۶﴾ وَتَوَكَّلْ عَلَى الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ﴿۲۱۷﴾ [1]

ترجمہ: اپنے قریب ترین رشتہ داروں کو ڈراؤ اور ایمان لانے والوں میں سے جو لوگ تمہاری پیروی اختیار کریں ان کے ساتھ تواضع سے پیش آؤ، لیکن اگر وہ تمہاری نافرمانی کریں تو ان سے کہہ دو کہ جو کچھ تم کرتے ہو اس سے میں بری الذمہ ہوں، اور اس زبردست اور رحیم پر توکل کرو۔

رسول اللہ ﷺ نے دعوت کا آغاز بالکل فطری انداز میں اَلْأَقْرَب فَالْأَقْرَب کے اصول پر شروع کیا، یعنی پہلے گھر کے قریب ترین لوگوں سے شروع ہو کر بعد میں ان سے قریب ترین لوگوں تک دعوت پہنچائی۔

## سابقون اولون رضی اللہ تعالیٰ عنہم

### ام المومنین خدیجہ الکبری رضی اللہ عنہا

چنانچہ سب سے پہلے سید عرب و عجم ﷺ نے اپنی محبوب زوجہ ام المومنین خدیجہ الکبریٰ کو دعوت اسلام پیش کی، جن کی دانائی، فہم و فراست اور اخلاق اور دیگر اوصاف کی وجہ سے پورا قبیلہ ان کا احترام کرتا تھا، جو پندرہ سال سے رسول اللہ ﷺ کی شریک زندگی ہو کر انتہائی قریب سے آپ کی زندگی کے ہر گوشے سے واقف تھیں، اس لئے جیسے ہی رسول اللہ ﷺ نے انہیں دعوت اسلام دی بغیر کسی پس و پیش کے اسی وقت کلمہ توحید لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھ لیا،

عَنْ قَتَادَةَ بْنِ دِعَامَةَ، قَالَ: تُوُفِّيَتْ خَدِيجَةُ بِمَكَّةَ قَبْلَ الْهِجْرَةِ بِثَلَاثِ سِنِينَ، وَهِيَ أَوَّلُ مَنْ آمَنَ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ النِّسَاءِ وَالرِّجَالِ

چنانچہ قتادہ بن دعامہ سے روایت ہے ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا ہجرت سے تین سال قبل اس دنیا سے انتقال فرما گئیں اور مردوں اور عورتوں میں وہ نبی کریم ﷺ پر سب سے پہلے ایمان لانے والی تھیں۔ [2]

واتفقوا على أن خديجة أول من آمن بالله ورسوله

علامہ ابن عبدالبر رحمہ اللہ نے لکھا ہے اس بات پر سب متفق ہیں کہ سب سے پہلے ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا اللہ اور اس کے رسول پر یمان لائیں۔ [3]

وأول خلق الله أسلم بإجماع المسلمين، لم يتقدمها رجل ولا امرأة

علامہ ابن اثیر رحمہ اللہ فرماتے ہیں ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا تمام مسلمانوں کے اجماع کی رو سے اللہ کی مخلوق میں رسول اللہ ﷺ پر ایمان لانے

[1] الشعراء ۲۱۴تا۲۱۷

[2] المعجم الكبير للطبرانی ۱۰۹۶، مجمع الزوائد ومنبع الفوائد۱۵۲۶۱

[3] الاستيعاب في معرفة الأصحاب ۱۰۹۲؍۳

میں سب سے اول ہیں اور آپ ﷺ سے نہ کوئی مرد اسلام لایا اور نہ کوئی عورت۔ (۱)

وأولهم إسلامًا خديجة بنت خويلد

امام نووی رحمہ اللہ فرماتے ہیں سب سے پہلے خدیجہ رضی اللہ عنہا بنت خویلد نے اسلام قبول کیا۔ (۲)

خدیجہ الکبری رضی اللہ عنہا نے سید کونین ﷺ کی تین بیٹیوں میں سب سے بڑی بیٹی زینب رضی اللہ عنہا کی شادی ابو العاص رضی اللہ عنہ سے کر دی تھی، دو بیٹیاں ام کلثوم رضی اللہ عنہا اور رقیہ رضی اللہ عنہا اس عمر کو پہنچ چکی تھیں کہ ان کا نکاح ابولہب کے دو بیٹوں سے طے پا چکا تھا مگر رخصتی عمل میں نہیں آئی تھی، اس لئے یہ ممکن نہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنی پیاری بیٹیوں کو دعوت اسلام نہیں دی ہو گی، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَاقَ قَالَ: وَآمَنَتْ بِهِ خَدِيجَةُ وَبَنَاتُهُ

محمد بن اسحاق کہتے ہیں ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا اور آپ ﷺ کی بیٹیاں دعوت اسلام پر ایمان لے آئیں۔ (۳)

وَأَسْلَمَتْ حِينَ أَسْلَمَتْ أُمُّهَا

اور امام قرطبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں رسول اللہ ﷺ کی بیٹیوں نے بھی اسلام قبول کر لیا جب ان کی والدہ ایمان لائیں۔ (۴)

اور فاطمہ رضی اللہ عنہا نے نبوت کے ایک سال بعد گہوارہ نبوت میں آنکھ کھولی، جب تک ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا زندہ رہیں رسول اللہ ﷺ نے دوسری شادی نہ فرمائی بلکہ پندرہ برس نبوت سے قبل اور دس سال نبوت کے بعد پچیس سال تک رسول اللہ ﷺ کی محبت کا محور صرف اور صرف وہی رہیں، بلکہ ان کے فوت ہو جانے کے بعد بھی تمام عمر انہیں یاد کرتے رہے۔

سیدنا علی رضی اللہ عنہ بن ابی طالب

بہر حال وہ سید الانام ﷺ کی کفالت میں آپ کے گھر میں رہتے ہوئے آپ کے شب و روز کو اچھی طرح جانتے تھے، ان کے اسلام قبول کرنے کی روایت کچھ اس طرح ہے۔

ثُمَّ إِنَّ عَلِيَّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ جَاءَ بَعْدَ ذَلِكَ بِيَوْمٍ وَهُمَا يُصَلِّيَانِ فَقَالَ عَلِيٌّ يَا مُحَمَّدُ مَا هَذَا؟قَالَ دِينُ اللَّهِ الَّذِي اصْطَفَى لِنَفْسِهِ وَبَعَثَ بِهِ رُسُلَهُ  فَأَدْعُوكَ إِلَى اللَّهِ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، وَإِلَى عِبَادَتِهِ وَأَنْ تَكفُرَ بِاللَّاتِ وَالْعُزَّى ، فَقَالَ عَلِيٌّ: هَذَا أَمْرٌ لَمْ أَسْمَعْ بِهِ قَبْلَ الْيَوْمِ فَلَسْتُ بقاضٍ أَمْرًا حَتَّى أُحَدِّثَ بِهِ أَبَا طَالِبٍ ، فَكَرِهَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُفْشِيَ عَلَيْهِ سِرَّهُ قَبْلَ أَنْ يَسْتَعْلِنَ أَمْرُهُ فَقَالَ لَهُ: يَا عَلِيُّ إِذَا لَمْ تُسْلِمْ فَاكْتُمْ فَمَكَثَ عَلِيٌّ تِلْكَ اللَّيْلَةَ ، ثُمَّ إِنَّ اللَّهَ أَوْقَعَ فِي قَلْبِ عَلِيٍّ الْإِسْلَامَ، فَأَصْبَحَ غَادِيًا إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى جَاءَهُ فَقَالَ مَاذَا عَرَضْتَ عَلَيَّ يَا مُحَمَّدُ؟فَقَالَ.لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَحْدَهُ لَا شريك له وتكفر بالات وَالْعُزَّى، وَتَبْرَأُ مِنَ الْأَنْدَادِفَفَعَلَ عَلِيٌّ وَأَسْلَمَ، وَمَكَثَ يَأْتِيهِ عَلَى خَوْفٍ مِنْ أَبِي طَالِبٍ

(۱) أسد الغابة في معرفة الصحابة۷/۸۰

(۲) تهذيب الأسماء واللغات۱/۱۵

(۳) المعجم الكبير للطبرانی۱۰۵۰

تفسیر القرطبی ۱۴/۲۴۲

وَكَتَمَ عَلِيٌّ إِسْلَامَهُ وَلَمْ يُظْهِرْهُ

ایک روز سیدنا علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ اس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مکان میں آئے جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم اور ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا دونوں نماز پڑھ رہے تھے، جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھ رہے تھے، سیدنا علی رضی اللہ عنہ نے کہا اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) آپ لوگ یہ کیا کر رہے تھے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ اللہ کا دین اسلام ہے، جس نے مجھے پاک صاف بنادیا ہے، اسی دین کو سب پیغمبر لیکر مبعوث ہوتے رہے ہیں، پس میں تمہیں اللہ وحدہ لاشریک کی طرف دعوت دیتا ہوں اور اس بات کی کہ تم اس کی ہی عبادت کرو اور اس نے لات وعزیٰ کے پجاریوں کو مشرک اور کافر قرار دیا ہے (سیدنا علی رضی اللہ عنہ کیونکہ ابھی کم سن تھے اس لئے فوراً کوئی فیصلہ نہ کر سکے) اس لئے عرض کی کہ یہ ایسی دعوت ہے جو میں نے پہلے کبھی نہیں سنی، میں اس کے بارے میں خود کوئی فیصلہ نہیں کرسکتا جب تک میں اپنے والد سے مشورہ نہ کرلوں، یہ سن کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم متفکر ہوئے کہ کہیں سیدنا علی رضی اللہ عنہ اس راز کو اس سے پہلے کہ اللہ تعالیٰ اس کے انکشاف کا حکم دے فاش نہ کردیں، اس لئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے کہا اگر تم اسلام قبول نہیں کرتے تو ابھی اس کا اظہار نہ کرنا، مگر صبح تک اللہ تبارک وتعالیٰ نے ان کا سینہ کھول دیا تو حاضر ہو کر عرض کیا اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کل آپ نے مجھے کس چیز کی دعوت دی تھی؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ کہ تم گواہی دو کہ اللہ وحدہ لاشریک کے سوا کوئی معبود نہیں اور (قریش مکہ کے معبودوں) لات وعزیٰ کی پرستش سے انکار کردو اور جملہ برائیوں سے کنارہ کشی اختیار کرو، چنانچہ سیدنا علی رضی اللہ عنہ نے ان جملہ باتوں کا اقرار کر کے اس دعوت کو فوراً قبول کرلیا لیکن ابی طالب کے خوف سے اپنے اسلام کو پوشیدہ رکھا اور اس کے سامنے اس کا اظہار نہیں کیا۔ [1]

أَسْلَمَ مِنَ الْغِلْمَانِ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ

چنانچہ بچوں میں سب سے پہلے سیدنا علی بن ابو طالب نے اسلام قبول کیا۔ [2]

أن رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كان إذا حضرت الصلاة، خرج إلى شعاب مكة ومعه علي فيصليان فإذا أمسيا رجعا، ثم إن أبا طالب عبر عليهما وهما يصليان فقال للنبي صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا بن أَخِي! مَا هَذَا الدِّينُ الَّذِي أَرَاكَ تَدِينُ بِهِ؟ قَالَ: أَيْ عَمِّ، هَذَا دِينُ اللَّهِ، وَدِينُ مَلَائِكَتِهِ، وَدِينُ رُسُلِهِ، وَدِينُ أَبِينَا إِبْرَاهِيمَ، بَعَثَنِي اللَّهُ بِهِ رَسُولًا إِلَى الْعِبَادِ، وَأَنْتَ أَيْ عَمِّ، أَحَقُّ مَنْ بَذَلْتُ لَهُ النَّصِيحَةَ، وَدَعَوْتُهُ إِلَى الْهُدَى، وَأَحَقُّ مَنْ أَجَابَنِي إِلَيْهِ وَأَعَانَنِي عَلَيْهِ فَقَالَ أَبُو طَالِبٍ: أَيِ ابْنَ أَخِي، إِنِّي لَا أَسْتَطِيعُ أَنْ أُفَارِقَ دِينَ آبَائِي وَمَا كَانُوا عَلَيْهِ، وَلَكِنْ وَاللَّهِ لَا يَخْلُصُ إِلَيْكَ بِشَيْءٍ تَكْرَهُهُ مَا بَقِيتُ قَالَ لِعَلِيٍّ: أَيْ بُنَيَّ، مَا هَذَا الدِّينُ الَّذِي أَنْتَ عَلَيْهِ؟ فَقَالَ: يَا أَبَتِ، آمَنْتُ بِاللَّهِ وَبِرَسُولِ اللَّهِ، وَصَدَّقْتُهُ بِمَا جَاءَ بِهِ، وَصَلَّيْتُ مَعَهُ لِلَّهِ وَاتَّبَعْتُهُ أَنَّهُ قَالَ لَهُ: أَمَا إِنَّهُ لَمْ يَدْعُكَ إِلَّا إِلَى خَيْرٍ فَالْزَمْهُ

مگر بعد میں (روایت کے مطابق تقریباً ایک سال بعد) اتفاق سے ابوطالب نے بھی اپنے بیٹے سیدنا علی رضی اللہ عنہ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ

---

[1] البدایة والنهایة۳۴، ۳

[2] البدایة والنهایة۳۶، ۳

کسی درہ میں نماز پڑھتے دیکھ لیا اس کے لئے عبادت کا یہ انوکھا طریقہ تھا جسے وہ بڑے غور سے مشاہدہ کرتے رہے، جب آپ ﷺ نماز سے فارغ ہوئے تو ابوطالب نے نبی کریم ﷺ سے پوچھا اے بھتیجے یہ کیسا دین ہے جو تو نے اختیار کیا ہے؟ رسول اللہ ﷺ نے جواب دیا اے چچا! یہ اللہ اور اس کے فرشتوں کا اور اس کے رسولوں کا اور ہمارے باپ ابراہیم علیہ السلام کا پسندیدہ دین ہے، اللہ تبارک و تعالیٰ نے مجھے اس دین کے ساتھ تمام بندوں کی طرف رسول بنا کر مبعوث کیا ہے، (پھر انہیں دعوت اسلام پیش کی) اور اے چچا! تم اس بات کے زیادہ مستحق ہو کہ میں تمہیں نصیحت کروں اور راہ ہدایت کی دعوت دوں اور تم اس کو قبول کرنے اور میری امداد میں شریک ہونے کے حق دار ہو، مگر ابوطالب نے کہا اے بھتیجے میں اپنا آبائی دین ترک نہیں کرسکتا، البتہ جب تک میں زندہ ہوں تمہیں کوئی دشمن نقصان نہیں پہنچا سکے گا پھر سیدنا علی رضی اللہ عنہ سے مخاطب ہو کر بولے اے بیٹے! یہ کیسا دین ہے جس پر تو چل رہا ہے سیدنا علی رضی اللہ عنہ نے جواب دیا اے اباجان میں اللہ وحدہ لاشریک اور اس کے بھیجے ہوئے رسول محمد ﷺ پر ایمان لایا ہوں اور رسول اللہ ﷺ کے ساتھ جو اللہ کی کتاب نازل ہوئی ہے اس کی تصدیق کی ہے اور اللہ کی عبادت کے لئے میں ان کے ہمراہ نماز پڑھتا ہوں، اور ان کا مطیع ہو گیا ہوں، ابوطالب نے کہا وہ تمہیں صرف بھلائی ہی کی طرف دعوت دیں گے، تم ان کے ساتھ ہی رہو۔ [1]

ایک روایت یوں ہے اپنے چچازاد بھائی کا ساتھ دو اور ان کی مدد کرو۔

قال: أما إنه لم يدعك إلا إلى خير فاتبعه

ایک روایت میں ہے ابوطالب نے کہا وہ تمہیں صرف بھلائی ہی کی طرف دعوت دیں گے تم ان کی اطاعت کرو۔ [2]

بعثت نبوی کے وقت عام طور پر سیدنا علی رضی اللہ عنہ بن ابی طالب کی عمر سات، آٹھ اور تیرہ سال کی بیان کی جاتی ہے مگر حقیقت یہ کہ وہ اس وقت پانچ سال سے زیادہ کے نہ تھے، سیدنا علی رضی اللہ عنہ کی عمر کے تعین کے لیے چند تاریخی واقعات کچھ یوں ہیں۔

❁ سب سے پہلا غزوہ جس میں سیدنا علی رضی اللہ عنہ کو تیغ زنی کرنے کا موقعہ ملا وہ غزوہ بدر تھا، وہ خود اس کے بارے میں کہتے ہیں کہ میں ابھی پورے بیس برس کا بھی نہیں ہوا تھا جو اس جنگ میں لڑنے کے لئے اٹھ کھڑا ہوا تھا۔ [3]

❁ عن ابن عباس رضي الله تعالى عنهما أن النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أعطى عليا كرم الله وجهه الراية يوم بدر وهو ابن عشرين سنة

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ نبی کریم ﷺ نے غزوہ بدر میں سیدنا علی رضی اللہ عنہ کو جھنڈا عطا فرمایا اور ان کی عمر بیس سال کی تھی۔ [4]

شهد عَلِيّ بدرا، وهو ابْن عشرين سنة، وشهد الفتح، وهو ابْن ثمان وعشرين سنة

خطیب بغدادی اپنی کتاب میں لکھتے ہیں سیدنا علی رضی اللہ عنہ غزوہ بدر میں شریک ہوئے تو وہ بیس برس کے تھے اور فتح مکہ کے زمانہ میں اٹھائیس

[1] ابن ہشام ۱/۲۴۱، تاریخ طبری ۲/۳۱۳، الروض الانف ۲/۲۸۹، عیون الاثر ۱/۱۱۲

[2] سير أعلام النبلاء ۱/۱۱۱

[3] نہج البلاغہ خطبہ ۲۶، کامل المبرد و عقد الفرید وغیرہ

[4] سیرۃ الحلبیۃ ۲/۲۰۳

برس کے تھے۔ ①

اس حساب سے ہجرت کے وقت آپ رضی اللہ عنہ اٹھارہ برس کے تھے اور بعث نبوی کے زمانہ میں پانچ سال کے تھے۔

❁ فاطمہ الزہرہ رضی اللہ عنہا سے آپ کا نکاح مشہور روایت کے مطابق غزوہ بدر کے بعد ہوا اس وقت ان کی عمر بیس برس کی تھی اور دوسری زیادہ معتبر روایت سے غزوہ احد تین ہجری کے بعد ہوا تھا اس وقت وہ اکیس برس کے تھے، جیسا کہ مروی ہے۔

وسنّ علیّ یومئذ احدی وعشرون سنة وخمسة أشهر

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا (فاطمہ رضی اللہ عنہا) نکاح سیدنا علی رضی اللہ عنہ سے بعد واقعہ احد کیا اس وقت سیدنا علی رضی اللہ عنہ کا سن اکیس برس پانچ ماہ کا تھا۔ ②

اس اعتبار سے بھی ہجرت کے وقت سیدنا علی رضی اللہ عنہ اٹھارہ برس کے ہوئے اور بعثت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں پانچ سال کے ہوئے۔

❁ ابو طالب بڑی عسرت کی زندگی بسر کرتے تھے، نبوت کے دوسرے سال جب قحط پڑ گیا تو ان کی معاشی حالت اور خراب ہوگئی، دو بڑے بیٹے طالب اور عقیل ۳۶ اور ۲۶ برس کے خود کفیل تھے، دونوں چھوٹے بیٹوں کی پرورش کا بوجھ ان پر تھا جن کی عمریں سولہ اور چھ برس کی تھیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے چچا عباس بن عبد المطلب کو ابو طالب کی اعانت پر متوجہ کیا اور فرمایا کہ ان کے دونوں چھوٹے بیٹوں کی پرورش کا بار ہم اٹھا لیں، چنانچہ جعفر رضی اللہ عنہ کو عباس رضی اللہ عنہ نے اور سیدنا علی رضی اللہ عنہ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی کفالت میں لے لیا، علامہ شبلی کے مطابق اگر سیدنا علی رضی اللہ عنہ کی عمر اس وقت تیرہ چودہ برس کی تھی تو جعفر رضی اللہ عنہ جو ان سے دس سال بڑے تھے لامحالہ ۲۴، ۲۳ برس قرار پائے گی،

وكان جعفر أكبر من علي رضي الله عنهما بعشر سنين

جعفر رضی اللہ عنہ سیدنا علی رضی اللہ عنہ سے دس سال بڑے تھے۔ ③

أَخُو عَلِيِّ بِنِ أَبِي طَالِبٍ وهو أسن من علي بعشر سنين

جعفر رضی اللہ عنہ سیدنا علی رضی اللہ عنہ کے بھائی تھے اور ان سے دس سال بڑے تھے۔ ④

اور اس عمر کا جوان شخص خود کفیل ہوتا ہے قابل پرورش نہیں، پھر عباس رضی اللہ عنہ کو ان کی پرورش کی کیا ضرورت تھی؟ حالانکہ واقعہ ہے کہ وہ عباس رضی اللہ عنہ کی پرورش میں رہے تھے، اس اعتبار سے بھی سیدنا علی رضی اللہ عنہ بعثت نبوی کے وقت پانچ ہی برس کی عمر کے ہوتے ہیں اور فی الواقع اسی سن میں تھے بھی۔

❁ جعفر رضی اللہ عنہ بن ابی طالب نے غزوہ موتہ جمادی الثانی آٹھ ہجری میں جام شہادت نوش فرمایا اس وقت وہ ۳۵، ۳۴، ۳۳ برس کے تھے، ان ہی کی اولاد میں علی بن عبد اللہ بن جعفر بن ابراہیم بن محمد بن علی بن عبد اللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ موصوف کا قول مقاتل الطالبین کے شیعہ مولف

① تاریخ بغداد ۱/۱۴۶

② تاریخ الخمیس ۱/۳۶۱، المواهب اللدنية ۱/۲۳۴

الاستيعاب في معرفة الأصحاب ۱/۲۴۲

④ سير أعلام النبلاء ۳/۱۳۰

نے صفحہ چودہ پر نقل کیا ہے کہ جعفر رضی اللہ عنہ جس وقت قتل ہوئے وہ تینتیس، چونتیس برس کے تھے، جب وہ آٹھ ہجری میں چونتیس برس کے تھے تو ہجرت کے وقت چھبیس، ستائیس برس کے ہوں گے اور بعثت نبوی کے زمانہ میں چودہ، پندرہ برس کے اور ان سے دس برس چھوٹے سیدنا علی رضی اللہ عنہ چار پانچ برس کے۔

❁ سیدنا علی رضی اللہ عنہ بن ابی طالب رمضان چالیس (۴۰) ہجری میں شہید کر دیے گئے اس وقت آپ رضی اللہ عنہ کی عمر ۵۸ برس تھی،

حَدَّثَنَا حسين الجعفي، قَالَ :سمعت سفيان بْن عيينة يسأل جعفر بْن مُحَمَّد: كم كان لعلي يوم قتل؟ قَالَ: ثمان وخمسون سنة

حسین الجعفی کہتے ہیں میں نے سفیان بن عیینہ سے سنا انہوں نے جعفر بن محمد (الباقر) سے پوچھا قتل کے وقت سیدنا علی رضی اللہ عنہ کی عمر کیا تھی؟ کہا اٹھاون برس۔ [1]

اس حساب سے بھی ہجرت کے وقت ان کی عمر اٹھارہ برس اور بعثت نبوی کے وقت پانچ سال بنتی ہے۔

❁ اور اگر یہ ثابت بھی ہو جائے کہ بعثت نبوی کے وقت سیدنا علی رضی اللہ عنہ کی عمر سات، آٹھ، نو یا دس برس کی تھی

ولعلي عشرَة أَعْوَام فإسلام ابْن عشرَة أَعْوَام ودعاؤه إِلَيْهِ إِنَّمَا هُوَ كتدريب الْمَرْء وَلَده الصَّغِير على الدّين لَا أَن عِنْده غناء وَلَا أَن عَلَيْهِ إِثْمًا إِن أَبى فَإِن أَخذ الْأَمر على قَول من قَالَ أَن عليا مَاتَ وَله ثَمَان وَخَمْسُونَ سنة فَإِنَّهُ كَانَ إِذْ بعث النَّبِي صلى الله عَلَيْهِ وَسلم ابْن خَمْسَة أَعْوَام

تو بقول ابن حزم رحمہ اللہ دس برس والے کا اسلام و دعوت اسلام ایسا ہی ہے جیسے انسان کا اپنے چھوٹے بچے کو دین کا خوگر بنانا کہ نہ توان کو کچھ نفع ہے نہ اس کے انکار سے کوئی گناہ، اگر اس معاملہ کو اس قول کے مطابق اختیار کیا جائے کہ وفات کے وقت ان کی عمر ۵۸ برس تھی تو پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کے وقت پانچ ہی برس کے تھے۔ [2]

غرضیکہ ان تصریحات سے بخوبی ثابت ہے کہ ہجرت سے دو ایک سال پہلے سیدنا علی رضی اللہ عنہ اس سن وسال کے ہوئے یعنی پندرہ سولہ برس کے کہ تعلیمات دین سے بہرہ مند ہو سکے۔

## زید رضی اللہ عنہ بن حارثہ بن شراحیل کلبی

وَكَانَ زَيْدٌ رَجُلا قَصِيرًا آدَمَ شَدِيدَ الأُدْمَةِ. فِي أَنْفِهِ فَطَسٌ

جن کا قد پست، ناک چپٹی اور رنگ گہرا گندمی تھا۔ [3]

علامہ ابن اثیر رحمہ اللہ کا بیان ہے زید رضی اللہ عنہ کا رنگ کھلا ہوا گندمی تھا جو آٹھ سال کی عمر سے ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ تھے، جب

---

[1] تاریخ بغداد ۱/۴۶۳

[2] الفصل في الملل والأهواء والنحل ۴/۱۱۲

[3] ابن سعد ۳/۳۲، تاریخ دمشق ۱۹/۳۵۱

رسول اللہ ﷺ کی شادی خدیجہ رضی اللہ عنہا سے ہوئی تو اس وقت یہ پندرہ سال کے تھے، یعنی رسول اللہ ﷺ سے دس سال چھوٹے تھے ،ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا نے انہیں خاتم الانبیاء ﷺ کی خدمت کے لئے وقف کر دیا تھا اس وقت سے یہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت پر مامور ہو گئے اور پندرہ سال سے صبح وشام آپ ﷺ کے پاکیزہ اخلاق وعادات کا مطالعہ کرتے رہے تھے،اور آپ ﷺ کی پاکیزہ سیرت واخلاق سے از حد متاثر تھے اس لئے جب ان کے بزرگ انہیں رسول اللہ ﷺ کی غلامی سے نجات دلانے کے لئے حاضر ہوئے تو انہوں نے رسول اللہ ﷺ کی غلامی کو اپنی آزادی پر ترجیح دی،چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے انہیں ان کے بزرگوں کے سامنے آزاد کر کے اپنا بیٹا بنا لیا تھا اور لوگ انہیں زید بن محمد کہنے لگے اس طرح یہ بھی گھر ہی کے فرد تھے اور رسول اللہ ﷺ کا کاروبار میں ساتھ دیتے رہے ،رسول اللہ ﷺ نے ان کی شادی ام ایمن رضی اللہ عنہا سے کر دی تھی جس سے ایک بیٹا اسامہ رضی اللہ عنہ پیدا ہوا اس لئے ان کی کنیت ابو اسامہ تھی،یہ کس طرح ایمان لائے معلوم نہیں مگر یقیناً رسول اللہ ﷺ کی دعوت پر ایمان لائے ہوں گے،

وَأَوَّلُ مَنْ أَسْلَمَ مِنَ الْمَوَالِي زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ

بہر حال موالی میں سب سے پہلے زید رضی اللہ عنہ بن حارثہ نے اسلام قبول کیا۔ [1]

أَوَّلُ مَنْ أَسْلَمَ زَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ

موالی میں سب سے پہلے زید رضی اللہ عنہ بن حارثہ نے اسلام قبول کیا۔ [2]

اور آپ کا شمار سابقون اولون میں ہوا، زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ راز دان رسول تھے۔

شعبان پانچ ہجری کو غزوہ بنی مصطلق (غزوہ مریسیع) میں آپ کو مدینہ منورہ میں نیابت (جانشینی) رسول اللہ ﷺ کا شرف بھی ملا، زید رضی اللہ عنہ بن حارثہ ایک بہادر سپاہی اور بہترین تیر انداز تھے، حق وباطل کی اولین لڑائی غزوہ بدر سے غزوہ موتہ میں اپنی شہادت تک ہر لڑائی میں پامردی اور شجاعت سے حصہ لیا، ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جس لشکر میں زید رضی اللہ عنہ بن حارثہ موجود ہوتے، امارت کا عہدہ انہیں سپرد کیا جاتا، اس طرح آپ رضی اللہ عنہ نو مرتبہ سالار لشکر مقرر کیے گئے، جب آٹھ ہجری میں حارث بن عمیر رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کا سفیر بن کر بصریٰ گئے اور موتہ کے مقام پر امیر غسانہ شرجیل بن عمرو نے انہیں شہید کر دیا، ان کا بدلہ لینے کے لئے رسول اللہ ﷺ نے تین ہزار مجاہدین کا لشکر تیار فرمایا اور انہیں اسلامی جھنڈا عطا فرما کر اس اسلامی لشکر کا سپہ سالار بنا کر موتہ روانہ کیا اور ارشاد فرمایا اگر زید رضی اللہ عنہ شہید ہو جائے تو ان کے بعد جعفر رضی اللہ عنہ بن ابوطالب لشکر کے سپہ سالار ہوں گے، اگر جعفر رضی اللہ عنہ بھی شہید ہو جائیں تو عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ قائد لشکر ہوں گے، اگر یہ بھی شہید ہو جائیں تو مجاہدین اپنے میں سے جسے بہتر پائیں اپنا امیر لشکر بنا لیں، رسول اللہ کے فرمان کے مطابق پہلے زید رضی اللہ عنہ بن حارثہ پچپن برس کی عمر میں شہید کر دیئے گئے، ان کے بعد دونوں سپہ سالار جعفر رضی اللہ عنہ اور عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ بھی تین ہزار مجاہدین کی مختصر تعداد کے ہمراہ بڑی بہادری، جواں مردی وبے جگری سے شاہ روم کے جھنڈے تلے دو لاکھ فوج کا مقابلہ کرتے ہوئے یکے بعد دیگرے شہید ہو گئے، ان کے بعد جھنڈا بہترین جنگی فراست کے حامل خالد رضی اللہ عنہ بن ولید کے سپرد کر دیا گیا جو نئے نئے مسلمان ہوئے تھے، انہوں نے بہترین جنگی

[1] البدایة والنہایة ۳۹؍۳

[2] تاریخ طبری ۲؍۳۱۶

تدبیر سے لشکر اسلامی کو ہزیمت سے بچالیا، جب رسول اللہ ﷺ کو اپنے تینوں سپہ سالاروں کی شہادت کی خبر پہنچی تو انتہائی غمگین ہوئے اور ان کے اہل خانہ میں جا کر تعزیت فرمائی، جب زید رضی اللہ عنہ بن حارثہ کے گھر گئے تو ان کی چھوٹی بیٹی آپ ﷺ سے چمٹ کر زار و قطار رونے لگی، بیٹی کی حالت دیکھ کر آپ بھی آبدیدہ ہو گئے تو سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ جو آپ کے ہمراہ تھے پوچھا اے اللہ کے رسول ﷺ آپ بھی رو رہے ہیں، آپ ﷺ نے جواب دیا یہ ایک حبیب کا اپنے حبیب کے غم میں رونا ہے۔

## سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ

سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ کا رنگ گورا، بدن دبلا، ڈاڑھی خشخاشی، چہرہ شگفتہ، آنکھیں روشن اور پیشانی فراخ تھی، ان کی کنیت ابو بکر تھی جو زمانہ جاہلیت میں مشہور ہو چکی تھی اور عمر بھر اپنی کنیت ہی سے موسوم کیے جاتے رہے، والد کا نام عثمان بن عامر اور کنیت ابو قحافہ تھی،

وَأُمُّ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ: أُمُّ الْخَيْرِ سَلْمَى بِنْتُ صَخْرِ بْنِ عَامِرٍ

اور سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ کی والدہ کا نام سلمیٰ بنت صخر بن عامر اور کنیت ام الخیر تھی۔

كَانَ يُسمى أَيْضا عبد الْكَعْبَة إِلَى أَن أسلم، فَسَماهُ رَسُول الله صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عبد الله

بعض جگہوں پر لکھا ہے اسلام لانے سے قبل آپ کا نام عبدالکعبہ تھا اور جب اسلام قبول کیا تو رسول اللہ ﷺ نے مشرکانہ نام بدل کر عبداللہ رکھ دیا۔[1]

قِيلَ سُمِّيَ عَتِيقًا ; لِأَنَّ أُمَّهُ كَانَتْ لَا يَعِيشُ لَهَا وَلَدٌ فَنَذَرَتْ إِنْ وُلِدَ لَهَا وَلَدٌ أَنْ تُسَمِّيَهُ عَبْدَ الْكَعْبَةِ، وَتَتَصَدَّقُ بِهِ عَلَيْهَا، فَلَمَّا عَاشَ وَشَبَّ سُمِّيَ عَتِيقًا، كَأَنَّهُ أُعْتِقَ مِنَ الْمَوْتِ

انہیں عتیق بھی کہتے ہیں، اس کی وجہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ آپ کی والدہ کے لڑکے زندہ نہ رہتے تھے، انہوں نے نذر مانی کہ اگر ان کے لڑکا پیدا ہوا اور زندہ رہا تو وہ اس کا نام عبدالکعبہ رکھیں گی اور اسے کعبہ کی خدمت کے لئے وقف کر دیں گی، چنانچہ جب سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ پیدا ہوئے تو انہوں نے نذر کے مطابق ان کا نام عبدالکعبہ رکھا، کیونکہ انہوں نے موت سے رہائی پائی تھی اس لئے جوان ہونے پر وہ عتیق (آزاد کردہ غلام) کے نام سے موسوم کیے جانے لگے۔[2]

بعض راویوں کا خیال ہے کہ عتیق کا لقب انہیں نہایت سرخ و سفید ہونے کے باعث دیا گیا۔

فَقَالَتْ عَائِشَةُ أُمُّ الْمُؤْمِنِينَ: أَلَا أَقْضِي بَيْنَكُمَا إِنَّ أَبَا بَكْرٍ دَخَلَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا أَبَا بَكْرٍ أَنْتَ عَتِيقُ اللهِ مِنَ النَّارِ قُلْتُ: فَمِنْ يَوْمَئِذٍ سُمِّيَ عَتِيقًا

ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے ایک روایت میں ہے ایک مرتبہ سیدنا ابو بکر چند لوگوں کے ساتھ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں

---

[1] ابن ہشام ۱/۲۴۹

[2] الروض الانف ۲/۲۹۳

حاضر ہوئے، رسول اللہ نے فرمایا اے ابو بکر تم اللہ کی آگ سے آزاد شدہ ہو اس دن سے ان کا نام عتیق پڑ گیا۔ [1]

عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ أَبَا بَكْرٍ، دَخَلَ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: أَنْتَ عَتِيقُ اللَّهِ مِنَ النَّارِ فَيَوْمَئِذٍ سُمِّيَ عَتِيقًا

ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے ایک مرتبہ سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے، انہیں دیکھ کر آپ نے فرمایا تم عتیق ہو یعنی دوزخ سے آزاد کئے ہوئے ہو اس دن سے ان کا نام عتیق پڑ گیا۔ [2]

وَاسْمُ أَبِي بَكْرٍ: عَبْدُ اللَّهِ، وَعَتِيقٌ: لَقَبٌ لِحَسَنِ وَجْهِهِ وَعِتْقِهِ

ابن ہشام کہتے ہیں سیدنا ابو بکر کا نام عبد اللہ ہے اور عتیق آپ کی آزادی اور خوبصورتی کے سبب سے آپ کا لقب ہے۔ [3]

یہ قبیلہ بنی تیم بن مرہ بن کعب سے تعلق رکھتے تھے، ان کا نسب آٹھویں پشت پر مرہ پر جا کر رسول اللہ سے مل جاتا ہے،

وكان لأبي بَكْر من الولد عَبْد الله وأسماء ذات النطاقين وأمهما قُتَيْلَةُ بِنْت عَبْد الْعُزَّى، وعبد الرَّحْمَن وعائشة وأمهما أُمُّ رُومَانَ بِنْت عَامِرِ وأم كلثوم بِنْت أَبِي بَكْر وأمها حبيبة بِنْت خارجة ومحمد بْن أَبِي بَكْر وأمه أَسْمَاءُ بِنْت عُمَيْسِ

جوان ہونے پر ان کی شادی قتیلہ بنت عبد العزیٰ سے ہوئی جن کے بطن سے عبد اللہ اور اسماء پیدا ہوئے، اسماء کا لقب بعد میں ذات النطاقین قرار پایا، قتیلہ بنت عبد العزیٰ کے بعد انہوں نے ام رومان بنت عامر بن عویمر سے شادی کی جن کے بطن سے عبد الرحمٰن اور ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا پیدا ہوئے، اس کے بعد مدینہ منورہ آ کر پہلے انہوں نے حبیبہ بنت خارجہ سے شادی کی جن سے ام کلثوم پیدا ہوئیں، پھر اسماء بنت عمیس سے شادی کی ان کے بطن سے محمد پیدا ہوئے۔

قوم قریش تجارت پیشہ تھی چنانچہ سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ نے بھی جوان ہو کر کپڑے کی تجارت شروع کی، اپنی جاذب نظر شخصیت، بے نظیر اخلاق، حسن معاملہ، صدق و دیانت کی وجہ سے ان کی تجارت میں غیر معمولی اضافہ ہوا اور جلد ہی وہ مکہ مکرمہ کے ذی ثروت، ذی شوکت و مرتبت لوگوں میں سے شمار ہونے لگے، وہ بہترین اخلاق کے مالک، رحم دل اور نرم خو تھے، غریبوں، محتاجوں کی مدد کرتے اور مصیبتوں میں لوگوں کے کام آتے، نیکی کے کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے، ہوش و خرد، عاقبت اندیشی اور بلندی فکر و نظر کے لحاظ سے مکہ کے بہت کم لوگ ان کے ہم پلہ تھے، اس لئے وہ اپنی قوم کے اکثر گمراہ کن اعتقادات اور رسوم و عادات سے بالکل الگ رہتے تھے، عرب میں جہاں ہر طرف شراب وجوا اور زنا کا کھلم کھلا رواج تھا یہ ان خباستوں سے دور ہی رہتے تھے۔

ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا صدیقہ فرماتی ہیں کہ انہوں نے جاہلیت اور اسلام دونوں زمانوں میں شراب کا قطرہ تک نہ چکھا حالانکہ اہل مکہ شراب کے عادی ہی نہیں بلکہ عاشق تھے۔

---

[1] مستدرک حاکم ۴۴۵۷

[2] جامع ترمذی ابواب المناقب بَابُ مَنَاقِبِ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ وَاسْمُهُ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُثْمَانَ وَلَقَبُهُ عَتِيقٌ ۳۶۷۹،۳۶۷۸

[3] ابن ہشام ۲۴۹/۱

یہ بڑے ہوش مند، زیرک اور نفع ونقصان میں تمیز کی بڑی اچھی صلاحیت کے مالک تھے، اور انساب میں گہرا علم رکھتے تھے، قریش مکہ کے تمام خاندانوں کے نسب انہیں ازبر یاد تھے اور ہر قبیلے کے عیوب ونقائص اور محاعد وفضائل سے بخوبی واقف تھے، اس وصف میں قریش کا کوئی فرد ان کا مقابلہ نہ کرسکتا تھا، وہ خلیق، ایمان دار، دیانت دار اور ملنسار تاجر تھے اور قوم کے تمام لوگ ان کے اعلیٰ اخلاق اور عمدہ برتاؤ کے معترف تھے اور انہی فضائل کے باعث ان سے بے حد محبت کرتے تھے اور لوگ بکثرت ان کے پاس آ کر بیٹھتے تھے، سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ کا قیام مکہ کے اس محلے میں تھا جہاں خدیجہ رضی اللہ عنہا بنت خویلد اور دوسرے بڑے بڑے تاجر سکونت پذیر تھے اور جن کی تجارت یمن وشام تک پھیلی ہوئی تھی، جب سید العالمین صلی اللہ علیہ وسلم خدیجہ رضی اللہ عنہا سے شادی فرما کر انہی کے گھر منتقل ہو گئے تو سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ کے اسی محلے میں رہنے کے باعث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے رابطہ پیدا ہوا اور دوسال، چند ماہ چھوٹے ہونے کے باوجود مزاج، عادات اور خصائل واخلاق، پیشے میں اشتراک میں ہم آہنگی کے باعث دونوں ایک دوسرے کے گہرے دوست بن گئے اس لئے گھر کے افراد کے علاوہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے احباب خاص میں شامل تھے۔

مورخین اور راویوں میں دونوں کی دوستی کے متعلق بھی اختلاف ہے، بعض لکھتے ہیں کہ بعثت سے پہلے ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ کی گہری دوستی ہو چکی تھی اور یہی دوستی ویک جہتی ان کے سب سے پہلے اسلام لانے کا محرک ہوئی، لیکن بعض مورخین کا خیال ہے کہ دونوں کے تعلقات میں استواری اسلام کے بعد ہوئی، اسلام سے پہلے دونوں کے تعلقات صرف ہمسائیگی اور ذہنی میلانات ورجحانات میں یکسانی تک محدود تھے، سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ لوگوں کے اچھے برے اوصاف سے خوب واقف تھے جس کی وجہ سے قریش سب سے زیادہ ان کے علم پر بھروسہ کرتے تھے، ابن ہشام ان کے اخلاق وعادات کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں

وَكَانَ أَبُو بَكْرٍ رَجُلًا مَأْلَفًالِقَوْمِهِ، مُحَبَّبًا سَهلًا، وَكَانَ أَنْسَبَ قُرَيْشٍ لِقُرَيْشٍ، وَأَعْلَمَ قُرَيْشٍ بِهَا، وَبِمَا كَانَ فِيهَا مِنْ خَيْرٍ وَشَرٍّ

سیدنا ابو بکر ایسے شخص تھے کہ آپ کی نرمی اور خوش کلامی اور حسن اخلاق کے سبب تمام قوم آپ سے محبت رکھتی تھی اور قریش کے نسب سے ساری قوم میں زیادہ واقف تھے اور بھلائی وبرائی کے تمام حالات جانتے تھے۔ [1]

وَكَانَ أَبُوبَكْرٍ رَجُلًا مَأْلَفًا لِقَوْمِهِ مُحَبَّبًا سَهلًا، وَكَانَ أَنْسَبَ قُرَيْشٍ لِقُرَيْشٍ، وَأَعْلَمَ قُرَيْشٍ بِمَا كَانَ فِيهَا مِنْ خَيْرٍ وَشَرٍّ. وَكَانَ رَجُلًا تَاجِرًا ذَا خُلُقٍ وَمَعْرُوفٍ، وَكَانَ رِجَالُ قَوْمِهِ يَأْتُونَهُ وَيَأْلَفُونَهُ لِغَيْرِ وَاحِدٍ مِنَ الْأَمْرِ، لِعِلْمِهِ وَتِجَارَتِهِ وَحُسْنِ مُجَالَسَتِهِ

علامہ ابن کثیر لکھتے ہیں سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ اپنی قوم کے خیر خواہ اور اس سے محبت کرنے والے تھے اور نسباً بھی قریش کے اعلیٰ ترین لوگوں میں سے تھے، اور قریش کی تمام بھلی بری باتوں سے بخوبی واقف تھے اور ایک تاجر کی حیثیت سے لوگوں میں خلیق اور بامروت مشہور تھے

---

[1] ابن ہشام ۱/۲۵۰

اور ان کی قوم قریش بھی آپ کے علم وفضل، علم مجلسی اور اخلاق وعادات حسنہ کی بنا پر آپ کو حد سے زیادہ چاہتی تھی۔ ①

عہدوں کی تقسیم کے لحاظ سے خوں بہا اور دیتیں اکٹھا کرنا بنو تیم بن مرہ کا کام تھا، جب سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ جوان ہوئے تو یہ خدمت ان کے سپرد کر دی گئی اس لئے خون بہا اور دیتیوں کے تمام مقدمات ان کے سامنے پیش ہوتے تھے وہ جو فیصلہ کرتے قریش اسے منظور کرتے تھے جس دیت کا بار یہ قبول کر لیتے سارا قبیلہ اسے اٹھانے کو تیار ہو جاتا مگر جس بار کو کوئی دوسرا شخص قبول کر لیتا تو لوگ اس کی بات ماننے سے انکاری ہو جاتے، آپ کے ایمان لانے کا واقعہ اس طرح بیان کیا جاتا ہے،

ام المومنین خدیجہ الکبریٰ رضی اللہ عنہا کے بھتیجے حکیم بن حزام بن خویلد تھے جن کی کنیت ابو خالد تھی اور وہ کعبہ میں پیدا ہوئے تھے، اس کا سبب یہ ہوا کہ

دَخَلَتْ أُمُّهُ الْكَعْبَةَ، فَمَخَضَتْ فِيهِ، فَوَلَدَتْ فِيهِ

ان کی والدہ دوسری عورتوں کے ہمراہ کعبہ میں داخل ہوئیں اور وہیں ان کو درد زہ شروع ہو گیا اور انہوں نے وہیں حکیم بن حزام کو جنم دیا۔ ②

وكان من أشراف قريش وهو من مسلمة الفتح

اور وہ قریش کے اشراف میں سے تھے اور انہوں نے فتح مکہ کے موقع پر دعوت اسلام قبول کی تھی۔ ③

وكان يومًا عند حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ إذ جاءت مَوْلاةُ له، فَقَالَتْ: إن عمتك خَدِيجَة تزعم في هذا اليوم أن زوجها نبي مرسل مثل موسى، فانسل أبو بكر حتى أتى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَسْلَمَ

سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ ان کے ہاں بیٹھے ہوئے تھے، اسی اثنا میں حکیم بن حزام کی لونڈی گھر میں آئی اور ان سے کہا کہ آج آپ کی پھوپھی کہہ رہی تھیں کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے شوہر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو موسیٰ علیہ السلام کی طرح نبی بنا کر بھیجا ہے، یہ سنتے ہی سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ فوراً حکیم بن حزام کے گھر سے روانہ ہو گئے اور سیدھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور حکیم بن حزام کی لونڈی نے جو کچھ کہا تھا اس کے بارے میں پوچھا، جب انہیں علم ہوا کہ لونڈی کا بیان صحیح تھا تو بلا کسی دباؤ، تامل وتفکر دائرہ اسلام میں داخل ہو گئے۔ ④

وَأَوَّلُ مَنْ أَسْلَمَ مِنَ الرِّجَالِ الْأَحْرَارِ أَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ

اور آزاد مردوں میں سب سے پہلے سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا۔ ⑤

وَكَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ، فِيمَا بَلَغَنِي: مَا دَعَوْتُ أَحَدًا إِلَى الْإِسْلَامِ إِلَّا كَانَتْ فِيهِ عِنْدَهُ كَبْوَةٌ ،

① البداية والنهاية ٣/٣٩

② معرفة الصحابة لابی نعیم ٢/٧٠٢، اسد الغابة ٢/٥٨، المحبر ١٧٦، المفصل فی تاریخ العرب قبل الإسلام ٧/٤٧

③ اسد الغابة ٢/٥٨

④ خاتم النبيين صلى الله عليه وآله وسلم ١/٢٨٩، شرح الزرقانی علی المواهب ١/٤٤٧

⑤ البداية والنهاية ٣/٣٦

وَنَظَرٌ وَتَرَدُّدٌ، إِلَّا مَا كَانَ مِنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ أَبِي قُحَافَةَ، مَا عَكَمَ عَنْهُ حِينَ ذَكَرْتُهُ لَهُ، وَمَا تَرَدَّدَ فِيهِ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ میں نے جس کے سامنے بھی دعوت اسلام پیش کی اس نے سوچنے کے لئے کچھ نہ کچھ پس وپیش کیا مگر جونہی میں نے سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ بن ابی قحافہ سے دعوت اسلام کا ذکر کیا انہوں نے کوئی تردد نہیں کیا اور اس دعوت کو تسلیم کرنے میں کچھ بھی دیر نہ لگائی۔ [1]

صرف یہی امر تعجب انگیز نہیں کہ سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ نے توحید کی دعوت سنتے ہی اس پر لبیک کہی بلکہ جب رسول اللہ ﷺ نے غار حرا میں فرشتے کے نزول اور وحی اترنے کا واقعہ انہیں سنایا تو بھی انہوں نے خفیف ترین شک کا اظہار نہ کیا اور بغیر پس وپیش آپ کی تمام باتوں کا یقین کر لیا، حقیقت یہ ہے کہ سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ مکہ مکرمہ کے ان عقل مند انسانوں میں سے تھے جو ایک طرف بتوں کی عبادت کو حماقت سے تعبیر کرتے تھے اور دوسری طرف دل وجان سے رسول اللہ ﷺ کی صداقت، امانت، نیکی اور پاکبازی کے قائل تھے، جب انہوں نے رسول اللہ ﷺ کی باتیں سنیں تو کوئی شک دل میں لائے بغیر فوراً ایمان لے آئے کیونکہ انہیں نہ صرف آپ کی صداقت پر کامل یقین تھا بلکہ وہ تمام باتیں بھی سراسر حکمت پر مبنی نظر آتی تھیں اور وہ انہیں عقل وفکر کے تقاضوں پر پورا اترتے دیکھتے تھے۔ سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ کی محبت والفت میں اپنے آپ کو سرتاپا غرق کر دیا اور ایمان کا وہ نمونہ پیش کیا جس کی نظیر رہتی دنیا تک پیش نہ کی جا سکے گی، ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں جب سے میں نے ہوش سنبھالا اپنے والدین کو دین اسلام کی محبت میں ترقی کرتے ہی دیکھا

وَكَانَ لا يُخْطِئُهُ يَوْمًا أَنْ يَأْتِيَ بَيْتَ أَبِي بَكْرٍ أَوَّلَ النَّهَارِ وَآخِرَهُ

کوئی دن ایسا نہ تھا جب رسول اللہ ﷺ ہمارے گھر صبح وشام تشریف نہ لاتے ہوں۔ [2]

اس دعوت دین کے کاموں میں سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے بڑا مرکزی کردار ادا کیا، کیونکہ یہ کپڑے کا کاروبار کرتے تھے، کاروبار میں حسن معاملہ تھے، لوگوں میں ہردلعزیز تھے اور لوگوں کے دلوں میں ان کی بے حد عزت وعقیدت تھی جس کی بنا پر اور لوگ ان کے پاس آ کر بیٹھتے تھے اس موقعہ سے فائدہ اٹھا کر انہوں نے بھی بے نظیر جرأت کا مظاہرہ کرتے ہوئے قابل اعتماد لوگوں تک علانیہ دعوت اسلام پہنچائی اور اس بات کا مطلق خیال نہ کیا کہ اس طرح آئندہ چل کر ان کے لئے کتنے خطرات پیدا ہوں گے، ان کا شمار مکہ کے معزز تاجروں میں ہوتا تھا اور ایک تاجر کے لئے ضروری ہے کہ وہ لوگوں سے گہرے دوستانہ وروادارانہ تعلقات رکھے اور ان باتوں کے اظہار سے احتراز کرے جو عوام کے مروجہ عقائد واعمال کے خلاف ہوں مبادا اس کی تجارت پر برا اثر پڑے مگر انہوں نے کوئی پرواہ نہ کی، اگر وہ خفیہ طور پر صرف رسول اللہ ﷺ کی تصدیق پر اکتفا کرتے اور تجارت میں نقصان کے ڈر سے اپنے اسلام کو مخفی رکھتے تو بھی رسول اللہ ﷺ کو شاید کوئی اعتراض نہ ہوتا اور امام المتقین ﷺ ان کی طرف سے محض اسلام کے اظہار ہی کو کافی سمجھتے لیکن سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ نے ایسا نہ کیا وہ اعلانیہ اسلام لائے اور اپنی ساری زندگی اسلام کی خدمت کے لئے وقف کر دی، انہوں نے نہ اپنی تجارت کا خیال کیا اور نہ کفار مکہ کی مخالفت وایذا رسانی کا بلکہ بڑے انہماک

---

[1] ابن ہشام ۱/۲۵۲، الروض الانف ۲/۲۹۴، عیون الاثر ۱/۱۱۳

[2] تاریخ طبری ۲/۳۷۵

سے تبلیغ دین میں مشغول ہو گئے،ان کی تبلیغی کوششوں سے سید نا عثمان رضی اللہ عنہ بن عفان،عبد الرحمٰن رضی اللہ عنہ بن عوف،طلحہ رضی اللہ عنہ بن عبید اللہ،سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ (فاتح ایران) اور آپ کے رضاعی بھائی ابوسلمہ بن عبد الاسد ارقم بن الارقم جو ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پہلے شوہر تھے، زبیر رضی اللہ عنہ بن عوام،ان کے بھائی عمیرہ بن ابی وقاص،ابو عبیدہ بن جراح اور اکثر دوسرے لوگ مسلمان ہوئے۔

فَلَمَّا أَسْلَمَ أَبُو بَكْرٍ وَطَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ أَخَذَهُمَا نَوْفَلُ بْنُ خُوَيْلِدِ بْنِ الْعَدَوِيَّةِ فَشَدَّهُمَا فِي حَبْلٍ وَاحِدٍ وَكَانَ نَوْفَلُ بْنُ خُوَيْلِدٍ يُدْعَى أَسَدُ قُرَيْشٍ فَلِذَلِكَ سُمِّيَ أَبُو بَكْرٍ وَطَلْحَةُ الْقَرِينَيْنِ

جب سید نا ابو بکر رضی اللہ عنہ اور طلحہ رضی اللہ عنہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کر لیا تو نوفل بن خویلد جو قریش کے شیر کہلاتے تھے ان دونوں کو پکڑ کر ایک رسی سے باندھ دیا،اسی وجہ سے سید نا ابو بکر رضی اللہ عنہ اور طلحہ رضی اللہ عنہ قرنین (یعنی دونوں ایک قرن میں بندھے ہوئے) کہلاتے ہیں۔[1]

## بلال رضی اللہ عنہ بن رباح

بلال رضی اللہ عنہ کے والد کا نام رباح

واسم أمه حمامة. وكانت لبعض بني جمح ويكنى أبا عبد الله وَكَانَ الَّذِي يُعَذِّبُهُ أُمَيَّةُ بْنُ خَلَفٍ

اور والدہ کا نام حمامہ تھا جو بنی جمح میں سے کسی کی مملوکہ تھیں،آپ کی کنیت ابو عبد اللہ تھی،آپ رضی اللہ عنہ قبیلہ بنی جمح میں امیہ بن خلف کے غلام تھے جو انہیں شدید عذاب دیتا تھا۔

حَدَّثَنِي مَنْ رَأَى بِلالا رَجُلا آدَمَ شَدِيدَ الأُدْمَةِ. نَحِيفًا. طُوَالا. أَجْنَأَ. لَهُ شَعْرٌ كَثِيرٌ. خَفِيفُ الْعَارِضَيْنِ. بِهِ شَمَطٌ كَثِيرٌ. لا يُغَيِّرُ

مکحول نے آپ رضی اللہ عنہ کا حلیہ اس طرح بیان کیا ہے،مجھ سے ایک ایسے شخص نے بیان کیا جس نے بلال رضی اللہ عنہ کو دیکھا تھا آپ رضی اللہ عنہ دراز قامت،دبلے پتلے قدرے آگے کو جھکے ہوئے،ہلکے بازو،پتلا چہرہ،سخت سیاہ رنگت،سر پر زیادہ گھنے بال اور بالوں میں سفیدی کے آثار ،آواز بلند تھی۔

بلال رضی اللہ عنہ ان خوش نصیب لوگوں میں ہیں جنہوں نے اسلام قبول کرنے میں سبقت کی،آپ سابقون اولون میں ہیں،

عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ: أَوَّلُ مَنْ أَظْهَرَ الإِسْلامَ سَبْعَةٌ: رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبُو بَكْرٍ. وَبِلالٌ. وَخَبَّابٌ. وَصُهَيْبٌ. وَعَمَّارٌ. وَسُمَيَّةُ أُمُّ عَمَّارٍ

مجاہد رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد چھ لوگوں نے سب سے پہلے اسلام قبول کیا سید نا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ،بلال بن رباح رضی اللہ عنہ، خبیب رضی اللہ عنہ،صہیب رضی اللہ عنہ،عمار رضی اللہ عنہ اور ان کی والدہ سمیہ رضی اللہ عنہا۔[2]

---

ابن سعد١٦١/٣

[2] ابن سعد١٧٥/٣

ثُمَّ إِنَّهُمْ عَدَوْا عَلَى مَنْ أَسْلَمَ، وَاتَّبَعَ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ أَصْحَابِهِ، فَوَثَبَتْ كُلُّ قَبِيلَةٍ عَلَى مَنْ فِيهَا مِنَ الْمُسْلِمِينَ، فَجَعَلُوا يَحْبِسُونَهُمْ وَيُعَذِّبُونَهُمْ بِالضَّرْبِ وَالْجُوعِ وَالْعَطَشِ، وَبِرَمْضَاءِ مَكَّةَ إِذَا اشْتَدَّ الْحَرُّ، مَنْ أُسْتُضْعِفُوا مِنْهُمْ، يَفْتِنُونَهُمْ عَنْ دِينِهِمْ، فَمِنْهُمْ مَنْ يُفْتَنُ مِنْ شِدَّةِ الْبَلَاءِ الَّذِي يُصِيبُهُ، وَمِنْهُمْ مِنْ يَصْلُبُ لَهُمْ، وَيَعْصِمُهُ اللَّهُ مِنْهُمْ، وَكَانَ أُمَيَّةُ بْنُ خَلَفِ بْنِ وَهْبِ بْنِ حُذَافَةَ بْنِ جُمَحٍ يُخْرِجُهُ إِذَا حَمِيَتْ الظَّهِيرَةُ، فَيَطْرَحُهُ عَلَى ظَهْرِهِ فِي بَطْحَاءِ مَكَّةَ، ثُمَّ يَأْمُرُ بالصّخرة الْعَظِيمَة فتتوضع عَلَى صَدْرِهِ، ثُمَّ يَقُولُ لَهُ: (لَا وَاللَّهِ) لَا تَزَالُ هَكَذَا حَتَّى تَمُوتَ، أَوْ تَكْفُرَ بِمُحَمَّدٍ، وَتَعْبُدَ اللَّاتَ وَالْعُزَّى فَأَلْبَسُوهُمْ أَدْرَاعَ الْحَدِيدِ ثُمَّ صَهَرُوهُمْ فِي الشَّمْسِ فَيَقُولُ وَهُوَ فِي ذَلِكَ الْبَلَاءِ: أَحَدٌ أَحَدٌ

پھر مشرکین نے اصحاب رسول مقبول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کو سخت ایذائیں اور تکلیفیں پہنچانی شروع کیں جس قبیلہ میں جو کوئی مسلمان ہوتا اس قبیلہ کے لوگ اس مسلمان کو بھوک، پیاس، مار پیٹ اور قید و بند کی تکلیفیں پہنچاتے اور ہاتھ پاؤں باندھ کر گرم زمین پر ڈال دیتے۔ آپ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ قبیلہ بنی جمح میں امیہ بن خلف کے غلام تھے، جب ان کے مالک امیہ بن خلف کو بلال رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ کے کفر و شرک کو خیر باد کہہ کر اسلام قبول کرنے کا علم ہوا تو آگ بگولہ ہو گیا چنانچہ امیہ بن خلف اپنے غلام بلال رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ کو حرہ کی زمین جو مکہ میں گرمی کے سبب مشہور ہے اور توئے کی طرح دھوپ میں گرم ہو جاتی ہے اس پر بلال رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ کو چت لٹا کر آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے سینہ پر ایک بہت وزنی پتھر رکھ دیتا تھا (تاکہ پشت زمین سے لگ جائے اور پوری پوری اذیت پہنچے) کبھی گائے کی کھال میں لپیٹ کر اور کبھی لوہے کی زرہ پہنا کر صحرا کی چلچلاتی دھوپ میں بٹھا دیتا جب بلال رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ تکلیف سے کراہتے تو ان سے کہتا تھا کہ جب تک تو محمد کے ساتھ کفر کر کے لات اور عزیٰ پر ایمان نہیں لائے گا میں تجھ کو اسی عذاب سے ہلاک کر دوں گا مگر اسلام کا یہ سچا مجاہد دھوپ کی شدت اور پیاس کے عالم میں تڑپتے ہوئے احد، احد کی آواز بلند کرتے یعنی اللہ تو ایک ہے۔ [1]

أَنَّ عَمْرو بْنَ الْعَاصِ قَالَ: مَرَرْتُ ببلال وهو يعذّب في الرمضاء لو أَنْ بِضْعَةَ لَحْمٍ وُضِعَتْ لَنَضجَتْ، وَهُوَ يَقُولُ: أَنَا كَافِرٌ بِاللاتِ وَالْعُزَّى وَأُمَيَّةَ مُغْتَاظٌ عَلَيْهِ فيزيده عذابا فيقبل عليه، فيذهب خلقه فيغشى عليه، ثم يفيق

عمرو بن عاص رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ سے مروی ہے میں ایک دفعہ بلال کے پاس سے گزرا انہیں اذیت دی جا رہی تھی، گرمی کی شدت کا یہ عالم تھا کہ اگر گوشت کا ٹکڑا ان تپتے ہوئے پتھروں پر رکھ دیا جاتا تو وہ بھی بھن جاتا لیکن بلال رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ مسلسل کہہ رہے تھے میں لات و عزیٰ کو رب ماننے سے انکار کرتا ہوں اور امیہ کو اور زیادہ غصہ آ رہا تھا اور وہ انہیں بڑھ چڑھ کر پیٹ رہا تھا، وہ ان کے پاس جاتا اور ان کے حلق پر تان کر مکہ مارتا وہ بے ہوش ہو جاتے، پھر ہوش آتا تو ان کے ہونٹوں سے احد، احد ہی کا نعرہ الفت بلند ہوتا تھا۔ [2]

قَالَ: جعَلُوا فِي عُنُقِ بِلَالٍ حَبْلا، وَأَمَرُوا صِبْيَانَهُمْ أَنْ يَشْتَدُّوا بِهِ بَيْنَ أَخْشَبَيْ مَكَّةَ، يَعْنِي جَبَلَيْهَا فَفَعَلُوا ذَلِكَ وَهُوَ يَقُولُ: أَحَدٌ أَحَدٌ

بلاذری نے مجاہد رَحِمَہُ اللّٰہ سے نقل کیا ہے جب امیہ نے دیکھا کہ بلال رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ کے عزم و استقلال میں کوئی تزلزل نہیں آیا تو وہ بلال رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ کے گلے میں رسی ڈال

---

[1] ابن ہشام ۳۱۷/۱، ابن سعد ۱۷۶/۳

[2] انساب الاشراف للبلاذری ۱۸۵/۱

کر شریر لڑکوں کے حوالے کر دیتا تا کہ وہ انہیں شہر میں گھسیٹتے پھریں، بچے اسی طرح کرتے مگر پھر بھی بلال رضی اللہ عنہ کے منہ سے احد، احد ہی نکلتا تھا۔ [1]

كَأَنَّ وَرَقَةَ كَانَ يَمُرُّ بِبِلَالٍ وَالْمُشْرِكُونَ يُعَذِّبُونَهُ وَهُوَ يَقُولُ أَحَدٌ أَحَدٌ.فَيَقُولُ وَرَقَةَ : أَحَدٌ أَحَدٌوَاللَّهِ يَا بِلَالُ .ثُمَّ يُقْبِلُ عَلَى أُمَيَّةَ بْنِ خَلَفٍ، وَمَنْ يَصْنَعُ ذَلِكَ بِهِ مِنْ بَنِي جُمَحٍ فَيَقُولُ : أحلف بالله لَئِنْ قَتَلُوكَ لَاتَّخَذْتُ قَبْرَكَ حَنَانًا هَذَا

ورقہ بن نوفل کا جب اس طرف سے گزر ہوتا اور وہ بلال رضی اللہ عنہ کو اسلام قبول کرنے کی بنا پر عذاب دیا جا رہا ہوتا اور تکلیف کی شدت میں بھی کہتے تھے اللہ ایک ہے، اللہ ایک ہے تو وہ کہتے اے بلال رضی اللہ عنہ واللہ! اللہ ایک ہے، اور اللہ ایک ہی ہے، اور پھر امیہ بن خلف سے مخاطب ہو کر کہتے کہ اگر تم لوگ بلال رضی اللہ عنہ کو قتل کر دو گے تو اللہ کی قسم! میں اس کی قبر کو زیارت گاہ بناؤں گا جس سے لوگ برکت حاصل کریں گے۔ [2]

مگر یہ روایت کیسے صحیح ہوسکتی ہے کیونکہ ورقہ بن نوفل تو پہلی وحی کے چند دنوں بعد ہی فوت ہو گئے تھے اور انہوں نے اسلام بھی قبول نہیں کیا تھا اگر زندہ رہے تھے تو پھر ان کے اسلام قبول کرنے کا کہیں کوئی ذکر نہیں، اور وہ بڑی عمر کے تھے اور ان کی بینائی بھی جاتی رہی تھی۔

اس طرح کافی عرصہ بیت گیا مگر امیہ بن خلف کے ظلم وستم میں کچھ کمی نہ ہوئی۔

حَتَّى مَرَّ بِهِ أَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ (ابْنُ أَبِي قُحَافَةَ) رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ يَوْمًا، وَهُمْ يَصْنَعُونَ ذَلِكَ بِهِ،وَكَانَتْ دَارُ أَبِي بَكْرٍ فِي بَنِي جُمَحٍ ، فَقَالَ لِأُمَيَّةِ بْنِ خَلَفٍ :أَلَا تَتَّقِي اللَّهَ فِي هَذَا الْمِسْكِينِ؟حَتَّى مَتَى؟قَالَ : أَنْتَ الَّذِي أَفْسَدْتَهُ فَأَنْقِذْهُ مِمَّا تَرَى،فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ : أَفْعَلُ، عِنْدِي غُلَامٌ أَسْوَدُ أَجْلَدُ مِنْهُ وَأَقْوَى، عَلَى دِينِكَ، أُعْطِيكَهُ بِهِ

سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کا گھر بنو جمح کے قریب واقع تھا ایک مرتبہ وہ اس طرف سے گزرے اور وہ بلال رضی اللہ عنہ کو تکلیف پہنچا رہے تھے، بلال رضی اللہ عنہ کو تکلیف سے کراہتے اور بلبلاتے ہوئے دیکھا تو دل بھر آیا تو امیہ بن خلف سے مخاطب ہو کر کہا کیا تم اللہ سے نہیں ڈرتے جو اس مسکین ولاچار پر اتنا ظلم کر رہے ہو، آخر تم اس غلام پر کب تک ظلم وجبر کے پہاڑ توڑو گے؟ امیہ بن خلف نے کہا آپ نے ہی اسے ہمارے طریقہ سے ہٹا دیا ہے اگر اس پر کچھ زیادہ ہی ترس آ رہا ہے تو اسے مجھ سے آزاد کرا لو، سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی تو یہ دلی تمنا تھی کہ ان کا ایک مسلمان بھائی غلامی سے آزاد ہو کر اپنی مرضی کی زندگی گزارے، اس لئے سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ فوراً بولے ٹھیک ہے مجھے تمہاری بات منظور ہے میرے پاس بلال رضی اللہ عنہ سے زیادہ مضبوط اور سڈول سیاہ فام غلام ہے اور ساتھ ہی آپ ہی کے دین پر ہے آپ اس کے تبادلے میں انہیں مجھے دے دیں، امیہ بن خلف جو اپنے ہر ظلم وستم کے باوجود بلال رضی اللہ عنہ کو ان کے دین سے برگشتہ نہ کر سکا تھا نے اس پیشکش کو منظور کر لیا اس طرح سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے انہیں خرید کر راہ اللہ آزاد کر دیا۔ [3]

لَمَّا هَاجَرَ بِلَالٌ إِلَى الْمَدِينَةِ نَزَلَ عَلَى سَعْدِ بْنِ خَيْثَمَةَ

---

[1] انساب الاشراف للبلاذری ۱۸۵/۱، ابن سعد ۱۷۶/۳

[2] سیرۃ ابن اسحاق ۱۹۰/۱، سبل الهدى والرشاد فی سیرة خیرالعباد ۳۵۸/۲، ابن ہشام ۳۱۸/۱

[3] ابن ہشام ۳۱۸/۱

جب رسول اللہ ﷺ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کی اجازت فرمائی تو بلال رضی اللہ عنہ بھی ہجرت فرما کر مدینہ منورہ چلے گئے اور سعد بن خیثمہ رضی اللہ عنہ کے ہاں جا کر فروکش ہوئے۔[1]

أَوَّلُ مَنْ أَذَّنَ بِلالٌ ،كَانَ بِلالٌ إِذَا فَرَغَ مِنَ الأَذَانِ فَأَرَادَ أَنْ يُعْلِمَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَدْ أَذَّنَ وَقَفَ عَلَى الْبَابِ وَقَالَ: حَيَّ عَلَى الصَّلاةِ. حَيَّ عَلَى الْفَلاحِ. الصَّلاةَ يَا رَسُولَ اللَّهِ فَإِذَا خَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَآهُ بِلالٌ ابْتَدَأَ فِي الإِقَامَةِ، كَانَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - ثَلاثَةُ مؤذنين: بلال وأبو محذورة وعمرو ابن أُمِّ مَكْتُومٍ. فَإِذَا غَابَ بِلالٌ أَذَّنَ أَبُو مَحْذُورَةَ. وَإِذَا غَابَ أَبُو مَحْذُورَةَ أَذَّنَ عَمْرُو ابن أم مكتوم

سب سے پہلے اذان دینے والے بلال رضی اللہ عنہ تھے رسول اللہ ﷺ نے آپ رضی اللہ عنہ کو مسجد نبوی کا موذن مقرر فرمایا اور آپ پانچ وقت باآواز بلند توحید و رسالت کی پکار لوگوں کے کانوں تک پہنچاتے، آذان سے فارغ ہو کر بلال رضی اللہ عنہ رسول اکرم ﷺ کے در دولت پر حاضر ہو کر اذان کی اس طرح خبر کرتے، نماز کے لیے آئیے، فلاح و کامیابی کی طرف آئیے، نماز تیار ہے اے اللہ کے رسول ﷺ! اور رسول اللہ ﷺ کو در دولت سے باہر تشریف لاتے دیکھ کر اقامت شروع کر دیتے، رسول اللہ ﷺ کے تین موذن تھے بلال رضی اللہ عنہ، ابومحذورہ رضی اللہ عنہ اور عمرو بن ام مکتوم رضی اللہ عنہما۔ بلال رضی اللہ عنہ کی عدم موجودگی میں ابومحذورہ رضی اللہ عنہ اذان دیتے اور ان کی عدم موجودگی میں عمرو بن ام مکتوم رضی اللہ عنہما اذان دیتے تھے مگر بلال رضی اللہ عنہ کو بقیہ موذنین پر سبقت تھی۔[2]

بلال رضی اللہ عنہ انتہائی متواضع اور منکسر المزاج تھے جب لوگ ان کی تعریف کرتے تو کہتے کہ میں تو ایک حبشی ہوں جو کل تک امیہ بن خلف کا غلام تھا، بلال رضی اللہ عنہ نے کفر و شرک اور اسلام کے مابین ہر لڑائی میں حصہ لیا،

أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ بِلالا أَنْ يُؤَذِّنَ يَوْمَ الْفَتْحِ عَلَى ظَهْرِ الْكَعْبَةِ فَأَذَّنَ عَلَى ظَهْرِهَا وَالْحَارِثُ بْنُ هِشَامٍ وَصَفْوَانُ بْنُ أُمَيَّةَ قَاعِدَانِ. فَقَالَ أَحَدُهُمَا لِلآخَرِ: انْظُرْ إِلَى هَذَا الْحَبَشِيِّ فَقَالَ الآخَرُ: إِنْ يَكْرَهْهُ اللَّهُ يُغَيِّرْهُ

جب اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی مدد سے رسول اللہ ﷺ نے مکہ مکرمہ کو فتح کیا تو آپ ﷺ نے بلال رضی اللہ عنہ کو کعبے کے اوپر کھڑے ہو کر توحید و رسالت (اذان) کی پکار دینے کا حکم فرمایا چنانچہ حکم کی تعمیل میں بلال رضی اللہ عنہ کعبے کے اوپر چڑھ گئے اور اذان دی، حارث بن ہشام اور صفوان بن امیہ بھی بیٹھے یہ منظر دیکھ رہے تھے ایک نے دوسرے سے کہا اس حبشی کو دیکھو دوسرے نے کہا اگر اللہ اسے پسند نہ کرے گا تو اس کو بدل دے گا۔

ان دونوں کے پاس ہی عتاب بن اسید اور ابوسفیان بھی بیٹھے ہوئے تھے،

وَقَالَ عتاب بن أسيد الْحَمد لله الَّذِي اكرم أسيدا أَن لَا يرى هَذَا الْيَوْم وَمَات أسيد قبل ذَلِك بِيَسِير قَالَ وَقَالَ سُهَيْل بن عَمْرو إِن كَانَ هَذَا لغير الله فسيغير وَإِن كَانَ من الله ليمضينه ، قَالَ وَقَالَ أَبُو سُفْيَان لَا أَقُول شَيْئا

[1] ابن سعد ۱۷۶؍۳

[2] ابن سعد ۱۷۶؍۳

لَو تكلَّمت لظنَنْت هَذَا الْحَصَى ستخبر عني،قَالَ فَأوحى اللهُ تعَالَى إِلَى نبيه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بقَوْلهمْ وَهُوَ على الصَّفَا فَقَالَ رَسُول اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِصَفْوَان قلت كَذَا وَكَذَا للْكَلَام الَّذِي قَالَه وَقَالَ لعتاب قلت كَذَا وَكَذَا وَقلت يَا سُهَيْل بن عَمْرو كَذَا وَكَذَا وَقلت يَا أَبَا سُفْيَان كَذَا وَكَذَا قَالَ فعرفهم بِالَّذِي قَالُوا فَحسن إِسْلَام عتاب بن أسيد وَصَفْوَان بن أُميَّة وَسُهيْل بن عَمْرو وفزع أَبُو سُفْيَان وَكَاد أَن يَقع فَقَالَ أَبُو سُفْيَان أما أَنا فَأسْلمت يَوْمئِذٍ فَحسن إِسْلَامه

عتاب کہنے لگااللہ تعالیٰ نے اسید کوعزت دے کر بچالیااگر وہ اس کوسن پاتا توغصہ ہوتا،سہیل بن عمرو نے کہااگر اللہ اسے پسندنہیں کرے گاتوبدل دے گااور اگر یہ اللہ کی مرضی سے ہے توقائم رہے گا،ابوسفیان نے کہامیں کچھ نہیں کہتامجھے اندیشہ ہے کہ اگر میں کچھ کہوں گاتو یہ سنگریزے اس کی اطلاع کر دیں گے ،اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ کو جبکہ آپ کوہ صفاپر تھےان کے کلام کی خبر پہنچادی،رسول اللہ ﷺ کاادھر سے گزر ہواتوآپ ﷺ نے فرمایامجھے تمہارے کہنے کاعلم ہوچکاہے ،پھرعتاب، سہیل بن عمرو،ابوسفیان نے جو کچھ کہاتھابیان فرمادیا،عتاب کہنے لگےان باتوں کاعلم ہمارے سواکسی کونہیں ہے،اگرکسی کوعلم ہوتا توہم یہ کہتے کہ اس نے آپ ﷺ کو یہ باتیں پہنچائی ہیں اس سے معلوم ہوتاہے کہ آپ اللہ کی رسول ہیں اور اللہ تعالیٰ نے ہی آپ ﷺ کوان باتوں کاعلم دیاہے،لہذاوہ دونوں اسی وقت مسلمان ہوگئےاور ان کااسلام اچھارہا۔[1]

جب ہجرت مدینہ سے پہلے رسول اللہ ﷺ اللہ تبارک وتعالیٰ کے حکم سے باہوش وحواس اپنے خاکی جسم وجاں کے ساتھ معراج پرتشریف لے گئےاور جنت ودوزخ کااحوال دیکھا۔

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رَأَيْتُنِي دَخَلْتُ الْجَنَّةَ، فَسَمِعْتُ خَشْفَةً، فَقُلْتُ: مَنْ هَذَا يَا جِبْرِيلُ؟ قَالَ: بِلالٌ

تونبی کریم ﷺ نے فرمایاجب میں جنت میں داخل ہونے لگاتو میں نے قدموں کی چاپ سنی میں نے جبرائیل سے دریافت کیااے جبرائیل یہ کیسی آواز ہے؟انہوں نے کہایہ بلال رضی اللہ عنہ کے قدموں کی آواز ہے۔[2]

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ:أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِبِلاَلٍ: عِنْدَ صَلاَةِ الفَجْرِ يَا بِلاَلُ حَدِّثْنِي بِأَرْجَى عَمَلٍ عَمِلْتَهُ فِي الإِسْلاَمِ، فَإِنِّي سَمِعْتُ دَفَّ نَعْلَيْكَ بَيْنَ يَدَيَّ فِي الجَنَّةِ ، قَالَ: مَا عَمِلْتُ عَمَلًا أَرْجَى عِنْدِي: أَنِّي لَمْ أَتَطَهَّرْ طَهُورًا، فِي سَاعَةِ لَيْلٍ أَوْ نَهَارٍ، إِلَّا صَلَّيْتُ بِذَلِكَ الطُّهُورِ مَا كُتِبَ لِي أَنْ أُصَلِّيَ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے(جب آپ واپس زمین پرتشریف لائے تو)فجر کے وقت آپ ﷺ نے بلال رضی اللہ عنہ سے دریافت فرمایااے بلال رضی اللہ عنہ !مجھے اپناسب سے زیادہ امید والانیک کام بتاؤ جسے تم نے اسلام لانے کے بعد کیاہے کیونکہ میں نے جنت میں اپنے آگے تمہارے جوتوں کی چاپ سنی ہے،بلال رضی اللہ عنہ نے عرض کیامیں نے تواپنے نزدیک اس سے زیادہ امید کاکوئی کام نہیں کیاکہ جب میں نے رات یادن میں

[1] اخبار مکة ۲۰۳،۵

[2] شرح السنة للبغوی ۳۹۴۹

کسی بھی وضو کیا تو میں اس وضو سے نفل نماز پڑھتا رہتا جتنی میری تقدیر میں لکھی گئی تھی۔ (۱)

اس طرح بلال رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی جنت کی بشارت پانے والوں میں سے ہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بلال رضی اللہ عنہ سے بہت محبت تھی،

أن بني أبي البكير جاؤوا إلى رَسول الله صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا: زَوِّجْ أُخْتَنَا فُلانًا .فَقَالَ لَهُمْ: أَيْنَ أنتم عن بلال؟ثم جاؤوا مَرَّةً أُخْرَى فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللهِ أَنْكِحْ أُخْتَنَا فُلانًا فَقَالَ: أَيْنَ أَنْتُمْ عَنْ بِلالٍ؟ثم جاؤوا الثَّالِثَةَ فَقَالُوا: أَنْكِحْ أُخْتَنَا فُلانًا. فَقَالَ: أَيْنَ أَنْتُمْ عَنْ بِلالٍ؟أَيْنَ أَنْتُمْ عَنْ رَجُلٍ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ؟ قَالَ فَأَنْكَحُوهُ

چنانچہ جب ابو البکیر کے چند لوگ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہو کر کہنے لگے اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم !ہماری بہن کا رشتہ فلاں کو دے دیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بلال رضی اللہ عنہ کی تعریف وتوصیف میں فرمایا تم بلال رضی اللہ عنہ کے مقابلہ میں کہاں ہو؟ ان لوگوں نے دوسری مرتبہ آ کر کہا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر بھی فرمایا تم بلال رضی اللہ عنہ کے برابر کہاں ہو؟وہ لوگ تیسری مرتبہ آئے اور عرض کیا ہماری بہن کا رشتہ فلاں کو دے دیں تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تیسری مرتبہ بھی یہی فرمایا کہ تم بلال رضی اللہ عنہ کی برابری کیونکر کر سکتے ہو جو کہ جنتی ہے،چنانچہ انہوں نے اپنی بہن کا نکاح ان سے کر دیا۔ (۲)

قَدْ شَهِدَ بِلالٌ بَدْرًا وَأُحُدًا وَالْخَنْدَقَ وَالْمَشَاهِدَ كُلَّهَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

بلال رضی اللہ عنہ غزوہ بدر ،غزوہ احد ،غزوہ خندق اور تمام مشاہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ حاضر ہوئے۔

جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا، قَالَ: كَانَ عُمَرُ يَقُولُ :أَبُو بَكْرٍ سَيِّدُنَا، وَأَعْتَقَ سَيِّدَنَا يَعْنِي بِلاَلًا

جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے سیدنا عمر رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ ہمارے سردار ہیں اور انہوں نے ہمارے سردار یعنی بلال رضی اللہ عنہ کو آزاد کیا۔ (۳)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے وقت تدفین سے پہلے بلال رضی اللہ عنہ نے اذان دی جب اشھد ان محمد رسول اللہ پر پہنچے تو رو پڑے ،مسجد میں موجود دوسرے اصحاب رضوان اللہ علیہم اجمعین بھی جن کے دل اس صدمہ سے بے حال تھے ان کے ساتھ رونے لگے۔

أَنَّ أَبَا بَكْرٍ لَمَّا قَعَدَ عَلَى الْمِنْبَرِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ قَالَ لَهُ بِلالٌ: يَا أَبَا بَكْرٍ قَالَ: لَبَّيْكَ قَالَ: أَعْتَقْتَنِي لِلَّهِ أَوْ لِنَفْسِكَ؟ قَالَ: لِلَّهِ ، قَالَ: فَأْذَنْ لِي حَتَّى أَغْزُوَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ، فَأَذِنَ لَهُ فَذَهَبَ إِلَى الشَّامِ

سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے جمعہ کے دن جب سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ منبر پر تشریف فرما ہوئے تو بلال رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا اے سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ !انہوں نے کہا فرمایے میں حاضر ہوں، انہوں نے عرض کیا آپ نے مجھے اللہ کے لیے آزاد کیا ہے یا اپنے لیے؟ سیدنا

---

(۱) شرح السنة للبغوى ۳۹۴۹

(۲) ابن سعد ۱۷۹/۳

(۳) صحيح بخارى كتاب أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم بَابُ مَنَاقِبِ بِلاَلِ بْنِ رَبَاحٍ، مَوْلَى أَبِي بَكْرٍ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا ۳۷۵۴

ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں نے تمہیں اللہ کے لیے آزاد کیا تھا، بلال رضی اللہ عنہ نے عرض کیا تو پھر مجھے اجازت فرمائیں کہ میں اللہ کی راہ میں جہاد کروں، سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے انہیں جہاد پر جانے کی اجازت عطا فرمادی اور وہ شام چلے گئے۔ [۱]

جب سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے بیت المقدس کی فتح سے فراغت پائی تو بلال رضی اللہ عنہ ان کی خدمت میں حاضر ہوئے اور شام میں رہنے کی اجازت طلب کی، سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے ان کی درخواست قبول فرمالی اور بلال رضی اللہ عنہ دمشق میں سکونت پذیر ہو گئے، مدت کے بعد دمشق میں ایک روز بلال رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرمارہے ہیں بلال رضی اللہ عنہ! یہ کیا ماجرا ہے؟ بلال رضی اللہ عنہ کی آنکھ کھل گئی، اب انہیں ایک لمحہ قرار نہ تھا اسی بے چینی کے عالم میں مدینہ منورہ روانہ ہو گئے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روضہ اطہر پر حاضر ہو کر زاروقطار رونے لگے، جب حسن بن علی رضی اللہ عنہ اور حسین بن علی رضی اللہ عنہ کو معلوم ہوا کہ بلال رضی اللہ عنہ تشریف لائے ہیں تو دونوں آپ رضی اللہ عنہ کے پاس آئے، بلال رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نواسوں کو دیکھ کر سینے سے لگالیا اور انہیں پیار کرنے لگے، حسین رضی اللہ عنہ نے آپ رضی اللہ عنہ سے کہا ہماری خواہش ہے کہ صبح کی اذان آپ رضی اللہ عنہ ہی دیں، بلال رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جگر گوشوں کا دل کیسے توڑ سکتے تھے، صبح کی نماز کے وقت مسجد کی چھت پر چڑھے اور بڑے دل سوز انداز میں اذان دینا شروع کی، جس وقت انہوں نے اللہ اکبر، اللہ اکبر کہا اس سرے سے اس سرے تک سارا مدینہ تھرا اٹھا، جب اشھد ان محمد رسول اللہ پر پہنچے تو اہل مدینہ کے دل اور بھی بے چین ہو گئے یہاں تک کہ جب بلال رضی اللہ عنہ کی زبان سے واشھد ان محمد رسول اللہ نکلا تو مدینہ کا کوئی انسان نہ تھا جو زاروقطار روتا ہوا گھر سے باہر نہ آگیا ہو اور کوئی آنکھ نہ تھی جو اپنے محبوب رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی جدائی کے کئی سال بعد غم میں ساون بھادوں کی طرح نہ برس رہی ہو، اس دن مدینہ ایک ماتم کدہ بنا ہوا تھا جہاں ہر طرف آہیں اور سسکیاں تھیں۔

یہ روایت ضعیف ہے، سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ سے اجازت لے کر آپ رضی اللہ عنہ شام کی طرف چلے گئے تھے اور پھر مدینہ منورہ کبھی واپس نہیں آئے اور آپ رضی اللہ عنہ نے باقی ماندہ زندگی دمشق میں بسر کی اور تقریباً ساٹھ سال کی عمر میں ساٹھ ہجری کو وفات پائی،

وَدُفِنَ عِنْدَ الْبَابِ الصَّغِيرِ فِي مَقْبَرَةِ دِمَشْقَ

اور دمشق کے قبرستان میں باب صغیر کے قریب مدفون ہوئے، اللہ تعالیٰ آپ رضی اللہ عنہ پر رحم فرمائے۔ إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ۔

أوّل من أسلم من الرّجال الأحرار أبو بكر، ومن الصّبيان عليّ، ومن النساء خديجة، ومن الموالي زيد، ومن العبيد بلال

سب سے پہلے آزاد مردوں میں سے پہلے سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ بچوں میں سیدنا علی رضی اللہ عنہ عورتوں میں ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا آزاد کردہ غلاموں میں زید رضی اللہ عنہ اور غلاموں میں بلال رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا۔ [۲]

بِالْجَمْعِ بَيْنَ هَذِهِ الْأَقْوَالِ بِأَنَّ أَوَّل مَنْ أَسْلَمَ مِنَ الرِّجَالِ الْأَحْرَارِ أَبُو بَكْرٍ، وَمِنَ النِّسَاءِ خَدِيجَة، وَمِنَ الْمَوَالِي زَيْدُ

[۱] ابن سعد ۱۷۵تا۱۸۰/۳

[۲] الإصابة في تمييز الصحابة ۱/۸۴

بْنُ حَارِثَةَ، وَمِنَ الْغِلْمَانِ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ أَجْمَعِينَ

تمام اقوال کے مطابق آزاد مردوں میں سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے، عورتوں میں سب سے پہلے ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا نے، آزاد کردہ غلاموں میں زید رضی اللہ عنہ بن حارثہ نے اور بچوں میں سیدنا علی رضی اللہ عنہ بن ابو طالب نے اسلام قبول کیا۔ (١)

بلال رضی اللہ عنہ کے علاوہ سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کچھ اور لونڈیوں کو بھی خرید کر آزاد کر دیا

أم عبيس، أسلمت وهي زوج كريز بن ربيعة بن حبيب ابن عبد شمس ، ولدت له عبيسا فكنيت به

ان میں ام عبیس رضی اللہ عنہا ہیں جنہوں نے اسلام قبول کیا اور وہ کریز بن ربیعہ بن حبیب ابن عبد شمس کی اہلیہ تھیں، ان کے بطن سے عبیس پیدا ہوئیں اور اسی سے ہی ان کی کنیت ہے۔ (٢)

فأسلمت أول الإسلام، وكانت ممن استضعفه المشركون، فعذبوها فاشتراها أبو بكر فأعتقها

جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعوت حق کا اعلان فرمایا تو دعوت حق پر لبیک کہنے والے ابتدائی مسلمانوں میں ام عبیس رضی اللہ عنہا بھی تھیں جنہیں حق پرستی کے جرم میں بے پناہ ظلم کا نشانہ بننا پڑا لیکن وہ کسی صورت میں اسلام سے منحرف نہ ہوتی تھیں، آخر سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ نے انہیں اس سے خرید کر آزاد کر دیا۔ (٣)

قال البلاذريّ: كانت أمة لبني زهرة، وكان الأسود بن عبد يغوث يعذبها

بلاذری کہتے ہیں ام عبیس رضی اللہ عنہا بنو زہرہ کی لونڈی تھیں اور مکہ کا مشہور مشرک رئیس اسود بن عبد یغوث ان پر بے پناہ ظلم کرتا تھا۔ (٤)

وَأَعْتَقَ النَّهْدِيَّةَ وَابْنَتَهَا وَكَانَتَا لِامْرَأَةٍ مِنْ بَنِي عَبْدِ الدَّارِوَهِيَ تَقُولُ: وَاللّٰهِ لَا أُعْتِقُكُمَا أَبَدًا فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: حِلًّا يَا أُمَّ فُلَ لَتَ: أَحِلًّا؟ أَنْتَ أَفْسَدْتُهُمَا فَأَعْتِقْهُمَا

اسی طرح نہدیہ رضی اللہ عنہا اور ان کی بیٹی بنو عبد الدار کی ایک عورت کی لونڈیاں تھیں، بعثت کے ابتدائی زمانے میں شرف اسلام سے بہرہ ور ہوئیں ان پر ان کی مالکہ نے سخت ظلم ڈھائے لیکن وہ برابر جادہ مستقیم پر گامزن رہیں، اور ان کی مالکہ کہتی تھی اللہ کی قسم! میں اسے کبھی بھی آزاد نہیں کروں گی، اور سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ فرماتے تھے اے ام فلاں! رحم کرو، اور وہ جواب میں کہتی تھی میں اس پر رحم کروں تم لوگ انہیں گمراہ کرو اور میں انہیں آزاد کر دوں؟ آخر سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ نے انہیں خرید کر آزاد کر دیا۔ (٥)

أَنَّ أبا بكر أعتق ممن كان يعذب في الله سبعة: بلالاً. وعامر بن فهيرة، وزنيرة، وجارية بني مؤمل، والنهدية، وابنتها، وأم عبيس

---

(١) البداية والنهاية ٣٩/٣

(٢) الإصابة في تمييز الصحابة ٤٣٤/٨

اسد الغابة ٣٥٣/٧

(٤) الإصابة في تمييز الصحابة ٤٣٣/٨

(٥) سير السلف الصالحين لإسماعيل بن محمد الأصبهاني ٣٤/١

سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ نے سات غلاموں اور لونڈیوں کو جنہیں دعوت حق پر لبیک کہنے کے جرم میں انسانیت سوز ظلم کیا جاتا تھا خرید کر آزاد کر دیا ان میں بلال رضی اللہ عنہ، عامر رضی اللہ عنہ بن فہیرہ، زنیرہ رضی اللہ عنہا، بنومومل کی لونڈی، نہدیہ اور ان کی بیٹی اور ام عبیس رضی اللہ عنہا شامل تھے۔ [1]

روایت میں ہے کہ ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا کے بعد پہلی عورت جس نے اسلام قبول کیا وہ عباس رضی اللہ عنہ کی اہلیہ لبابہ بنت الحارث تھیں۔

قال ابن خالويه: وأول امرأة أسلمت بعد خديجة لبابة بنت الحارث زوجة العبّاس

ابن خالویہ کہتے ہیں ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا کے بعد پہلی خاتون جس نے اسلام کو قبول کیا وہ عباس رضی اللہ عنہ کی زوجہ لبابہ بنت الحارث تھیں۔ [2]

## سمیہ رضی اللہ عنہا بنت خباط

سُمَيَّةُ بِنْتُ خُبَّاطٍ مولاة أبي حُذَيْفة بْن المغيرة بْن عَبْد اللَّه بْن عمر بن مخزوم.وهي أم عمار بن ياسر. أسلمت قديمًا بمكة

سمیہ رضی اللہ عنہا بنت خباط ابو حدیفہ رضی اللہ عنہ بن عمر بن مخزوم کی آزاد کردہ لونڈی اور عمار رضی اللہ عنہ بن یاسر رضی اللہ عنہ کی والدہ تھیں اور وہ مکہ مکرمہ میں اسلام قبول کرنے والوں میں سبقت رکھتی ہیں، خاندان یاسر تاریخ اسلام کا ایک ممتاز گھرانہ ہے اس گھر کے سب افراد ماں باپ اور بیٹا سب دین اسلام کے شیدائی تھے، یہ خاندان اس وقت مسلمان ہوا جب گنتی کے چند لوگ ہی ایمان لائے تھے،

كانت سابع سبعة في الإسلام

مروی ہے سمیہ رضی اللہ عنہا کا شمار مسلمان ہونے والی باندیوں اور غلاموں میں ساتواں تھا۔ [3]

عورتوں میں ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا الکبریٰ اور ام الفضل کے بعد شاید تیسرا نام سمیہ رضی اللہ عنہا کا ہے،

عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ :أَوَّلُ مَنْ أَظْهَرَ إِسْلَامَهُ سَبْعَةٌ: النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَبُو بَكْرٍ زَادَ فِيهِ غَيْرُهُ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي بُكَيْرٍ: وَعَمَّارٌ، وَأُمُّهُ سُمَيَّةُ، وَصُهَيْبٌ، وَبِلَالٌ، وَالْمِقْدَادُ

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے روایت کیا ہے جنہوں نے سب سے پہلے اپنا اسلام ظاہر کیا وہ سات افراد تھے، سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ، عمار رضی اللہ عنہ، سمیہ رضی اللہ عنہا بنت خباط رضی اللہ عنہ، صہیب رضی اللہ عنہ، بلال بن رباح رضی اللہ عنہ اور مقداد رضی اللہ عنہ وہ ابو حذیفہ بن مغیرہ مخزومی رضی اللہ عنہ کی باندی تھیں۔

كان قدم ياسر بْن عامر وأخواه الْحَارِث ومالك من اليمن إِلَى مكّة يطلبون أخا لهم فرجع الْحَارِث ومالك إِلَى اليمن وأقام ياسر بمكّة وحالف أَبَا حُذَيْفة بْن المغيرة بْن عَبْد اللَّه بْن عمر بن مخزوم وزوجه أبو حذيفة له يُقَالُ لها سمية بِنْت خياط

اس خاندان کا سربراہ عمار بن یاسر بن عامر بن مالک یمن سے تعلق رکھتے تھے، وہ اپنے دوسرے بھائیوں حارث اور مالک کے ہمراہ اپنے ایک

---

[1] الإصابة في تميز الصحابة ۸/۴۳۴

[2] الإصابةفي تميز الصحابة ۸۴/۱

[3] اسد الغابة ۱۵۲/۷

بھائی کو ڈھونڈنے آئے تھے، وہ دونوں بھائی تو یمن واپس لوٹ گئے لیکن یاسر عنسی کو مکہ کے لوگوں کا طرز معاشرت اور مکہ کی گلیوں کے نشیب وفراز اچھے لگے اس لئے یہیں کے ہو کر رہ گئے اور اس وقت کے دستور کے مطابق ابو حذیفہ بن مغیرہ بن عبد اللہ مخزومی کے حلیف بن گئے، یاسر رضی اللہ عنہ کے ان سے روز بروز باہمی تعلقات خوشگوار ہوتے چلے گئے جس پر ابو حذیفہ نے اپنی انتہائی سلیقہ شعار کنیز سمیہ بنت خباط سے ان کا نکاح کر دیا، میاں بیوی ہنسی خوشی زندگی گزارنے لگے اور ان کے بطن سے عمار اور عبد اللہ (حریث) پیدا ہوئے۔ (۱)

فولدت له عمارًا فأعتقه أَبُو حُذَيْفة

ابو حذیفہ نے محبت، شفقت ہمدردی اور سخاوت کا مظاہرہ کرتے ہوئے عمار رضی اللہ عنہ کی پیدائش پر سمیہ رضی اللہ عنہا کو آزاد کر دیا۔ (۲)

عبد الله يقال له حريث فقتله بنو الديل في الجاهلية

عبد اللہ جنہیں حریث کہا جاتا ہے جاہلیت میں بنو الدیل کے ہاتھوں قتل ہو گئے۔ (۳)

ولم يزل ياسر وعمار مع أبي حُذَيْفة إِلَى أن مات ،وجاء الله بالإسلام فأسلم ياسر وسمية وعمار وأخوه عبد الله بن ياسر

ابو حذیفہ مرتے دم تک ان کے ساتھ حسن سلوک اور مالی امداد فراہم کرتے رہے اور یاسر رضی اللہ عنہ اور عمار رضی اللہ عنہ بھی ابو حذیفہ کے انتقال تک ان کے ساتھ ہی رہے، جونہی مکہ میں اللہ کے دین کا نور چمکا تو ان کے کانوں میں بھی یہ پاکیزہ آواز پڑی، مزاج میں حق قبول کرنے کی تڑپ تھی، اور ان کا دل شرک کی گمراہیوں میں گھٹتا تھا اس لئے یاسر رضی اللہ عنہ، سمیہ رضی اللہ عنہا، عمار رضی اللہ عنہ اور ان کے بھائی عبد اللہ بن یاسر رضی اللہ عنہ یعنی سارا خاندان اللہ پر ایمان لانے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق کرنے میں بازی لے گیا۔ (۴)

سمیہ رضی اللہ عنہا بنت خباط اس وقت خاصی بوڑھی ہو چکی تھیں لیکن دین کی حمایت میں کسی سے کم نہ تھیں، جب کفار مکہ نے دیکھا کہ لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت اسلام پر دھیان دے رہے ہیں اور باطل معبودوں کو چھوڑ کر اللہ وحدہ لاشریک پر ایمان لانے لگے ہیں تو ان کا غصہ وغضب اور کینہ روز بروز بڑھتا چلا گیا اور انہیں کوئی نہیں ملتا تھا جس پر وہ اپنا غصہ اتار کر اپنے دل کو ٹھنڈا کریں، سوائے ان ضعفاء کے جو کہتے کہ ہمارا رب اللہ تعالیٰ ہے اور اس پر قائم رہتے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع کرتے، کیونکہ ان کمزوروں کی حمایت اور دفاع کرنے والا کوئی نہیں تھا اس بات نے قریش کو اور بہادر بنا دیا تھا چنانچہ وہ ان ضعفاء پر جینا حرام کر دیتے اور مختلف طریقوں سے تکالیف پہنچانے لگے، کبھی انہیں مارا پیٹا جاتا، کبھی کسی کو الٹا لٹکا دیا جاتا، کسی کو بوری میں لپیٹ کر ایسا دھواں دیا جاتا کہ دم گھٹ جائے، انہوں نے اس طرح نت نئے ستم ایجاد کر رکھے تھے کہ صرف ان کے خیال ہی سے رونگٹے کھڑے ہو جائیں، بالخصوص جو ظلم وستم آل یاسر پر روا رکھے گئے ان کا تو ٹھکانہ ہی نہ تھا

---

(۱) ابن سعد ۱۸۶/۳

(۲) انساب الاشراف ۱۵۷/۱

(۳) ابن سعد ۱۰۱/۴

(۴) تاریخ طبری ۵۰۸/۱۱

فَأَلْبَسُوهُمْ أَدْرَاعَ الْحَدِيدِ وَصَهَرُوهُمْ فِي الشَّمْسِ

سمیہ رضی اللہ عنہا کو لوہے کی زرہ پہنائی جاتی اور مکے کی چلچلاتی دھوپ میں جلتی ہوئی ریت پر کھڑا کر دیا جاتا۔[1]

گرمی کی شدت سے لوہے کی زرہ تپ کر آگ بن جاتی لیکن صابرہ وشاکرہ ضعیفہ آہ تک نہ کرتیں، یہ لوگ دکھ بھرتے، فاقے سہتے لیکن لاالہ الااللہ کا نعرہ ان کے لبوں سے نہ جاتا، ہر امتحان گوارا تھا، ہر آزمائش منظور تھی لیکن لات وعزیٰ کا نام لینا گوارا نہ تھا، کمزور اور بوڑھے مرد تو ایک طرف رہے سرداران مکہ ایک کمزور اور بڑھی عورت کے صبر اور اپنے دین پر عزم واستقلال دیکھ کر مبہوت رہ گئے جس سے ان کے غیض وغضب کی آگ اور بھڑک اٹھی اور نت نئی تکالیف دینے کا سلسلہ بڑھتا چلا گیا مگر جتنا وہ ظلم کرتے ان کا اللہ پر ایمان اور یقین مزید پختہ ہوتا چلا گیا خصوصاً اس وقت جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے پورے خاندان کے لئے مغفرت کی دعائیں سنتے۔

فَقَالَ عُثْمَانُ: أَقْبَلْتُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آخِذًا بِيَدِي نَتَمَشَّى فِي الْبَطْحَاءِ حَتَّى أَتَى عَلَى أَبِيهِ وَأُمِّهِ وَعَلَيْهِ يُعَذَّبُونَ ،فَقَالَ أَبُو عَمَّارٍ: يَا رَسُولَ اللَّهِ الدَّهْرَ هَكَذَا؟فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :اصْبِرْ ثُمَّ قَالَ :اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِآلِ يَاسِرٍ وَقَدْ فَعَلْتُ

عثمان رضی اللہ عنہ سے مروی ہے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں پکڑے ہوئے چلتا چلتا وادی بطحاء میں پہنچا جہاں یاسر رضی اللہ عنہ، ان کی بیوی سمیہ بنت خباط رضی اللہ عنہا اور ان کے بیٹے عمار رضی اللہ عنہ کو ایسی دردناک تکالیف دی جارہی تھیں جس سے دیکھنے والے کے رونگٹے کھڑے ہو جائیں لیکن بے بسی کا یہ عالم ہے کہ انہیں دشمن کے چنگل سے کوئی چھڑا نہیں سکتا، ابو عمار رضی اللہ عنہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے مخاطب ہو کر عرض کیا کیا زمانہ ایسا ہی ہے؟ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا صبر کرو پھر فرمایا اے اللہ! آل یاسر کی مغفرت فرما اور جو کہ تو کر ہی چکا ہے۔[2]

فَقَالَ عَمَّارٌ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، بَلَغَ مِنَّا أَوْ بَلَغَ مِنْهَا الْعَذَابُ كُلَّ مَبْلَغٍ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. صَبْرًا أَبَا الْيَقْظَانِ. اللَّهمّ لا تُعَذِّبْ أَحَدًا مِنْ آلِ يَاسِرٍ بِالنَّارِ

ایک اور روایت میں ہے جب عمار رضی اللہ عنہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اپنے والد، اپنی والدہ پر قریش کی سختیوں اور ظلم کا شکوہ کیا کہنے لگے اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہم پر تکلیفوں کی انتہا ہوگئی ہے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ابو یقظان (عمار رضی اللہ عنہ کی کنیت) صبر کرو، اے اللہ! آل یاسر میں کسی کو آگ کا عذاب نہ دینا۔[3]

وَكَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِعَمَّارٍ، وَأُمِّهِ، وَأَبِيهِ، وَهُمْ يُعَذَّبُونَ بِالأَبْطَحِ فِي رَمْضَاءِ مَكَّةَ، فَيَقُولُ: صَبْرًا آلَ يَاسِرٍ، مَوْعِدُكُمُ الْجَنَّةُ

ایک اور روایت میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عمار رضی اللہ عنہ، ان کی والدہ اور والد کے پاس سے گزرے جبکہ انہیں بطح کے مقام پر عذاب

---

[1] دلائل النبوة للبیهقی۲۸۱؍۲،الدرد فی اختصار المغازی والسیر ۴۲؍۱، المواهب الدینة ۱۴۳؍۱،ابن سعد۱۷۶؍۳

[2] مسند احمد ۴۳۹، الاستیعاب فی معرفة الاصحاب۱۵۸۹؍۴،ابن سعد ۱۸۸؍۳

[3] الاستیعاب فی معرفة الاصحاب ۱۸۶۴؍۴

دیا جارہا تھا تو آپ ﷺ نے فرمایا خوشخبری ہو اے آل عمار! بیشک تمہارا ٹھکانہ جنت ہے۔[1]

جب ان کے شوہر یاسر رضی اللہ عنہ سختیاں جھیلتے ہوئے جاں بحق ہو گئے تو ابو حذیفہ بن مغیرہ نے سمیہ رضی اللہ عنہا کو ابو جہل کے حوالے کر دیا جس سے سمیہ رضی اللہ عنہا کا عقیدہ اور بھی مضبوط ہو گیا اور انہوں نے مقابلے کا چیلنج دے دیا جسے بنو مغیرہ مخزومی نے قبول کر لیا جن میں سر فہرست ابو جہل تھا وہ ایک بوڑھیا باندی سمیہ رضی اللہ عنہا کی مقابلہ آرائی سے دیوانہ ہو گیا اور ان پر ظلم کی انتہا کر دی، یہ صحابیہ بہادری کے ساتھ ابو جہل کے ظلم و ستم جھیلتی رہیں، ابو جہل نے ہر چند انہیں کہا کہ تم اپنے دین سے کنارہ کشی کر لو لیکن انہوں نے نہ تو اپنا دین بدلا اور نہ ہی ان کا ایمان اور عزم و استقلال کمزور ہوا، آخر جب وہ اپنے ہر ظلم و ستم کو آزما چکا اور مقصد باطل میں ناکام ہو گیا تو اس نے اپنی شقاوت قلبی کا مظاہرہ کرنے کے لئے دو اونٹ منگوائے، دونوں کو مخالف سمت میں کھڑا کر کے سمیہ رضی اللہ عنہا کی ایک ٹانگ ایک اونٹ کے ساتھ اور دوسری ٹانگ دوسرے اونٹ کے ساتھ باندھ دی اور سمیہ رضی اللہ عنہا سے کہا ابھی وقت ہے اپنے دین کو ترک کر دو ورنہ تمہاری لاش کے دو ٹکڑے ہو جائیں گے مگر سمیہ رضی اللہ عنہا نے زندگی بچانے کے لئے کفر میں پناہ لینے اور اسلام کا دامن چھوڑنے سے انکار کر دیا۔

فَأَمَّا سُمَيَّةُ فَإِنَّهَا رُبِطَتْ بَيْنَ بعيرين وو جيء قُبُلُهَا بِحَرْبَةٍ فَقُتِلَتْ وَهِيَ أَوَّلُ شَهِيدَةٍ فِي الْإِسْلَامِ

چنانچہ اس نے حکم دیا کہ اونٹوں کو مخالف سمت میں بھگا دیا جائے اور ایک نیزہ لیکر وحشت و درندگی کے عالم میں ستر عورت کی ایسی نازک جگہ وار کیا اور وار بھی اس غضب کا کہ نیزہ جسم کے پار نکل گیا، سمیہ رضی اللہ عنہا کا جسم چیر کر دو ٹکڑے ہو گیا، اور وہیں اللہ کو پیاری ہو کر امر ہو گئیں، اسلام میں وہ پہلی شہید ہیں۔[2]

جب بھی شہداء اسلام کا تذکرہ ہوتا ہے تو ان کا نام سر فہرست چمکتا نظر آتا صبر کی یاد دلاتا اور ہمیشہ کی جنت کی طرف اشارہ کرتا ہے۔

### سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ (فاتح ایران)

عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ سَعْدٍ قَالَتْ: كَانَ أَبِي رَجُلا قَصِيرًا. دَحْدَاحًا. غَلِيظًا. ذَا هَامَةٍ. شَثْنَ الأَصَابِعِ. أَشْعُرَ. وَكَانَ يَخْضِبُ بِالسَّوَادِ

عائشہ بنت سعد رضی اللہ عنہ سے مروی ہے میرے والد پست قد، ٹھگنے، موٹے، بڑے سر والے، انگلیاں موٹی تھیں بال بہت تھے اور سیاہ خضاب لگاتے تھے۔[3]

سعد بن ابی وقاص کا تعلق رسول اللہ ﷺ کی والدہ ماجدہ کے قبیلہ بنو زہرہ سے تھا اس رشتے سے آپ رسول اللہ ﷺ کے ماموں زاد بھائی لگتے تھے، اللہ تبارک و تعالیٰ نے انہیں عقل و دانش، فہم و فراست، خاندانی شرافت، معاملات میں امانت و دیانت داری، اور بہادری و شجاعت کے جوہر میں نمایاں کیا تھا، آپ اپنے والدین کے مطیع فرمان تھے مگر اپنی والدہ سے بہت زیادہ پیار کرتے تھے، اللہ تبارک و تعالیٰ نے آپ کو فطرت

---

[1] اسد الغابة ۴/۱۲۲، الاصابة فی تمیز اصحابة ۸/۱۸۹

[2] تفسیر الثعلبی ۶/۴۵، تفسیر البغوی ۳/۹۳، تفسیر الرازی ۲۰/۲۷۳

[3] ابن سعد ۳/۱۰۵

سلیمہ عطافرمائی تھی، آپ میں شرافت، دیانت وامانت اور شجاعت کے جوہر کوٹ کوٹ کر بھرے ہوئے تھے اس لئے ابھی سترہ برس کے ہی تھے مگر اپنی قوم کی بداخلاقیوں، بداعمالیوں اور شرکیہ عبادات سے متنفر رہتے تھے، اپنے ہم عمر لڑکوں کی طرح کھیل کود اور فسق وفجور میں مبتلا ہونے کے بجائے اپنا زیادہ تر وقت جنگی فنون تیراندازی، تلوار اور نیزہ بازی کی مشق میں صرف کرتے تھے، ان کے پاکیزہ کردار واطوار کی بناپر لوگ انہیں عزت بھری نگاہوں سے دیکھتے تھے، آپ بھی دوسرے اصحاب کی طرح شدت سے حق کے متلاشی تھے،

رَأَيت فِي الْمَنَام قبل ان اسْلمَ كَأَنِّي فِي ظلمَة لَا أبْصر شَيْئا إِذْ أَضَاء لي قمر فاتبعته فَكَأَنِّي انْظُر الى من يسبقني إِلَى ذَلِك القمر، فَأنْظر إِلَى زيد بن حَارِثَة وَإِلَى عَليّ وَإِلَى أبي بكر وَكَأَنِّي أسألهم مَتى أتيتم الى هَا هُنَا قَالُوا السَّاعَة وَبَلغنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُو إِلَى الاسلام مستخفيا فَلَقِيته فِي شعب أجياد ، وقد صلى العصر فأسلمت فما تقدمني أحد إلا هم

ایک رات انہوں نے خواب میں دیکھا کہ وہ تاریکیوں میں غوطے لگارہے ہیں کہ اچانک ایک روشن چاند کو چمکتے دیکھ کر اس کی طرف لپکے ،جب قریب پہنچے توسیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ، سیدنا علی رضی اللہ عنہ بن ابوطالب، زید رضی اللہ عنہ بن حارثہ کو پہلے سے وہاں موجود پاکر ششدر رہے گئے، ان تینوں اصحاب سے پوچھا کہ وہ یہاں کب تشریف لائے ہیں؟ انہوں نے جواباً کہا ابھی ہی آئے ہیں، جب صبح ہوئی توکسی طرح انہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت اسلام کا علم ہوا تو انہیں فوراً اپنا رات والا خواب یادآ گیا جس سے ان کی فطرت سلیمہ نے فوراً اندازہ لگالیا کہ باری تعالیٰ ان کے ساتھ بھلائی وخیر وبرکت کا ارادہ رکھتے ہیں اور ان کو کفروشرک کی گہری دلدل سے نکال کر صراط مستقیم پر چلانے چاہتے ہیں، چنانچہ اسلام قبول کرنے کے لئے کوئی لمحہ ضائع کیے بغیر آپ رضی اللہ عنہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تلاش کے لئے نکل کھڑے ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو محلہ جیاد کی ایک گھاٹی میں عصر کی نماز پڑھتے ہوئے پالیا۔[1]

جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہوئے توسعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے دین اسلام قبول کرنے کی تمنا ظاہر کی جسے سن کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بہت خوش ہوئے اور انہیں دائرہ اسلام میں داخل فرمایا، آپ نے قبول اسلام کرنے والوں میں تیسرے، چوتھے یا چھٹے مسلمان ہونے کا شرف حاصل کیا، مگر اسلام قبول کرنا اتنا آسان کام نہ تھا جب ان کی والدہ کو اپنے بیٹے کے اسلام لانے اور اپنے موروثی معبودان سے منحرف ہونے کا علم ہوا تو سیخ پا ہوگئیں۔

قَالَتْ : يَا سَعْدُ، مَا هَذَا الَّذِي أَرَاكَ قَدْ أَحْدَثْتَ؟ لَتَدَعَنّ دِينَكَ هَذَا أَوْ لَا آكُلُ وَلَا أَشْرَبُ حَتَّى أَمُوتَ، فَتُعَيَّرَ بِي فَيُقَالُ :يَا قَاتِلَ أُمِّهِ،فَقُلْتُ : لَا تَفْعَلِي يَا أُمَه، فَإِنِّي لَا أَدَعُ دِينِي هَذَا لِشَيْءٍ ، فمكثتْ يَوْمًا وَلَيْلَةً لَمْ تَأْكُل فَأَصْبَحَتْ قَدْ جَهِدَتْ، فمكثتْ يَوْمًا آخَرَ وَلَيْلَةً أُخْرَى لَا تَأْكُل، فأصبحتْ قَدِ اشْتَدَّ جُهْدُهَا فَلَمَّا رَأَيْتُ ذَلِكَ قُلْتُ: يَا أُمَّهْ، تَعْلَمِينَ وَاللَّهِ لَوْ كَانَتْ لكِ مِائَةُ نَفْسٍ فخرجت نَفْسا نَفْسًا، مَا تَرَكْتُ دِينِي هَذَا لِشَيْءٍ، فَإِنْ شِئْتِ فَكُلِي، وإن شئت

---

[1] سبل الهدى والرشد فى سيرة خير العباد ۲۳۴/۱۰، الخصائص الکبری ۲۰۵/۱

لا تأكلي،فلما رأت ذلك فأكلت

اور کہنے لگیں اے سعد رضی اللہ عنہ! یہ کیسا دین تو نے اختیار کیا ہے جس نے تجھے اپنے آباؤ اجداد کے دین سے برگشتہ کر دیا ہے، میں تمہیں حکم دیتی ہوں کہ اس دین سے دستبردار ہو جاؤ پھر دھمکی دے کر بولیں جب تک تم اس دین کو ترک نہ کرو گے اس وقت تک نہ میں کچھ پیوں گی اور نہ کھاؤں گی اور اسی حالت میں دم دے دوں گی، میں نے اسلام کو نہیں چھوڑا تو میری ماں نے اپنی دھمکی پر عمل کرنے لگیں، اور ہر طرف سے مجھ پر آوازہ کشی ہونے لگی کہ یہ اپنی ماں کا قاتل ہے میں بہت دل تنگ ہوا، اپنی والدہ کی خدمت میں بار بار عرض کیا، خوشامدیں کیں، سمجھایا کہ اللہ کے لیے اپنی ضد سے باز آجاؤ یہ تو ناممکن ہے کہ میں اس سچے دین کو چھوڑ دوں، مگر ان کی ایک ہی بات تھی کہ اس دین کو چھوڑ کر واپس اپنے آبائی دین پر آجاؤ ورنہ میں اپنی جان دے دوں گی، اس ضد میں میری والدہ پر تین دن کا فاقہ گزر گیا اور وہ بھوک و پیاس سے، بہت لاغر ہو گئیں مگر اپنی دھمکی پر قائم رہیں، آخر جب کئی روز ہو گئے اور وہ اپنی ہٹ دھرمی سے نہ ہٹیں تو سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے پختہ عزم و استقلال اور واشگاف انداز میں اپنی والدہ سے عرض کی کہ اے امی جان بلاشبہ میں آپ سے بہت محبت کرتا ہوں لیکن میرے دین سے زیادہ عزیز نہیں واللہ! ایک نہیں تمہاری سو جانیں بھی ہوں اور اسی بھوک پیاس میں ایک ایک کر کے سب نکل جائیں تو بھی میں آخری لمحہ تک اپنے سچے دین اسلام کو نہیں چھوڑوں گا اب چاہے تمہیں کھاؤ یا نہ کھاؤ یہ تم پر منحصر ہے، جب ان کی والدہ نے سعد رضی اللہ عنہ کا رسول سے اس درجہ محبت کا اندازہ کر لیا کہ ان کے لئے وہ اپنی والدہ کو بھی ان پر قربان کر سکتا ہے تو بادل نخواستہ کھانا پینا شروع کر دیا۔[1]

اللہ تبارک و تعالیٰ نے اپنی آخری کتاب قرآن مجید میں یہ آیات نازل فرمائیں۔

وَوَصَّيْنَا الْإِنسَانَ بِوَالِدَيْهِ حَمَلَتْهُ أُمُّهُ وَهْنًا عَلَىٰ وَهْنٍ وَفِصَالُهُ فِي عَامَيْنِ أَنِ اشْكُرْ لِي وَلِوَالِدَيْكَ
إِلَيَّ الْمَصِيرُ ﴿١٤﴾ وَإِن جَاهَدَاكَ عَلَىٰ أَن تُشْرِكَ بِي مَا لَيْسَ لَكَ بِهِ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا وَصَاحِبْهُمَا فِي الدُّنْيَا
مَعْرُوفًا وَاتَّبِعْ سَبِيلَ مَنْ أَنَابَ إِلَيَّ ثُمَّ إِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَأُنَبِّئُكُم بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿١٥﴾ [2]

ترجمہ: حقیقت ہے کہ ہم نے انسان کو اپنے والدین کا حق پہچاننے کی خود تاکید کی ہے، اس کی ماں نے ضعف پر ضعف اٹھا کر اسے اپنے پیٹ میں رکھا اور دو سال اس کا دودھ چھوٹنے میں لگے (اسی لئے ہم نے اس کو نصیحت کی کہ) میرا شکر کر اور اپنے والدین کا شکر بجالا و میری ہی طرف تجھے پلٹنا ہے، لیکن اگر وہ تجھ پر دباؤ ڈالیں کہ میرے ساتھ تو کسی ایسے کو شریک کرے جسے تو نہیں جانتا (یعنی جو تیرے علم میں میرا شریک نہیں) تو ان کی بات ہرگز نہ ماننا، اور دنیا میں ان کے ساتھ اچھا برتاؤ کرتے رہو، مگر پیروی اس شخص کے راستے کی کر جس نے میری طرف رجوع کیا ہے، پھر تم سب کو پلٹنا میری ہی طرف ہے، اس وقت میں تمہیں بتادوں گا کہ تم کیسے عمل کرتے رہے ہو۔

فَكَانَ أَصْحَابُهُ إِذَا أَرَادُوا الصَّلَاةَ ذَهَبُوا إِلَى الشِّعَابِ فَاسْتَخْفَوْا، فَبَيْنَمَا سَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ وَعَمَّارٌ وَابْنُ مَسْعُودٍ

---

[1] تفسیرابن کثیر۶/۳۳۶،امتاع الاسماع۹/۱۳۷،تاریخ الإسلام ووفیات المشاهير والأعلام ۳/۲۴۱،ترتيب الأمالي الخميسية للشجري۲۰۰۲

[2] لقمان ۱۵،۱۴

وَخَبَّابٌ وَسَعِيدُ بْنُ زَيْدٍ يُصَلُّونَ فِي شِعْبٍ، اطَّلَعَ عَلَيْهِمْ نَفَرٌ مِنَ الْمُشْرِكِينَ، مِنْهُمْ: أَبُو سُفْيَانَ بْنُ حَرْبٍ، وَالْأَخْنَسُ بْنُ شَرِيقٍ، وَغَيْرُهُمَا فَسَبُّوهُمْ وَعَابُوهُمْ حَتَّى قَاتَلُوهُمْ، فَضَرَبَ سَعْدٌ رَجُلًا مِنَ الْمُشْرِكِينَ بِلَحْيِ جَمَلٍ فَشَجَّهُ، فَكَانَ أَوَّلَ دَمٍ أُرِيقَ فِي الْإِسْلَامِ

دعوت حق کے آغاز میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جن میں سعد بن ابو وقاص رضی اللہ عنہ، عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ، عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ، خباب اور سعید بن زید رضی اللہ عنہم شامل تھے کفار کی شرانگیزی سے بچنے کے لیے مکہ مکرمہ کے قریبی پہاڑوں کی سنسان گھاٹیوں میں چھپ کر اللہ وحدہ لاشریک کی عبادت کرتے تھے، کسی طرح مشرکین کو جن میں ابوسفیان بن حرب، اخنس بن شریق وغیرہ شامل تھے اس بات کی خبر ہوگئی، پہلے تو وہ مسلمانوں پر آوازے کسنے لگے اور پھر ان پر حملہ کر دیا، سعد رضی اللہ عنہ کی اٹھتی جوانی تھی انہیں جوش آ گیا پاس ہی اونٹ کی ایک ہڈی پڑی ہوئی تھی اسے اٹھا کر مشرکین پر پل پڑے جس سے ایک مشرک کا سر پھٹ گیا اور اس میں سے خون بہنے لگا، علامہ ابن اثیر رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ سعد رضی اللہ عنہ بن ابی وقاص پہلے شخص ہیں جنہوں نے حق کی حمایت میں خونریزی کی۔[1]

شَهِدَ سَعْدُ بَدْرًا وأحدا وثبت يَوْمَ أُحُدٍ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حين ولى الناس ، قَالَ عَبْدُ اللَّهِ: لَقَدْ رَأَيْتُ سَعْدًا يُقَاتِلُ يَوْمَ بَدْرٍ قِتَالَ الْفَارِسِ فِي الرِّجَالِ

سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ غزوہ بدر میں شامل ہوئے، عبد اللہ سے مروی ہے کہ میں نے غزوہ بدر میں سعد رضی اللہ عنہ کو جنگ کرتے دیکھا وہ پیادہ تھے مگر شہسواروں کی طرح لڑ رہے تھے۔[2]

وثبت يَوْمَ أُحُدٍ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حين ولى الناس وَشَهِدَ الْخَنْدَقَ وَالْحُدَيْبِيَةَ وَخَيْبَرَ وَفَتْحَ مَكَّةَ وَكَانَتْ مَعَهُ يَوْمَئِذٍ إِحْدَى رَايَاتِ الْمُهَاجِرِينَ الثَّلَاثُ وَشَهِدَ الْمَشَاهِدَ كُلَّهَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ مِنَ الرُّمَاةِ الْمَذْكُورِينَ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اور غزوہ احد میں حاضر ہوئے غزوہ احد میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ جب لوگوں نے پشت پھیری تو وہ اس وقت ثابت قدم رہے، غزوہ خندق، حدیبیہ اور غزوہ خیبر اور فتح مکہ میں بھی حاضر ہوئے، اس روز (فتح مکہ کے دن) مہاجرین کے تین جھنڈوں میں سے ایک ان کے پاس تھا، تمام مشاہد میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ حاضر ہوئے، اور وہ ان اصحاب میں سے تھے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تیر اندازوں میں بیان کیے گئے ہیں۔[3]

ان کی طرف کچھ اشعار منسوب ہیں۔

أَلا هَلْ أَتَى رَسُولَ اللَّهِ أَنِّي حَمَيْتُ صِحَابَتِي بِصُدُورِ نَبْلِي

---

[1] الکامل فی التاریخ ۶۵۸/۱

[2] ابن سعد ۱۰۴/۳

[3] ابن سعد ۱۰۵/۳

اے وہ رسول کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا — میں نے اپنے تیروں کی نوک سے اپنے ہمراہیوں کی حفاظت کی

أَذُودُ بِهَا عَدُوَّهُمُ ذِيَادًا — بِكُلِّ حُزُونَةٍ وَبِكُلِّ سَهْلِ

میں ان تیروں کے ذریعے سے ان کے دشمن کو دفع کرتا تھا — ہر سکت زمین سے اور ہر نرم زمین سے

فَمَا يُعْتَدُّ رَامٍ مِنْ مَعَدٍّ — بِسَهْمٍ مَعْ رَسُولِ اللَّهِ قَبْلِي

مجھ سے پہلے کوئی شخص رسول اللہ ﷺ کا تیرانداز نہیں شمار ہوتا تھا۔ (۱)

وأحد الستة أهل الشورى

وہ رسول اللہ ﷺ کے اصحاب شوری میں شامل تھے۔ (۲)

جنہیں رسول اللہ ﷺ نے جنت کی بشارت فرمائی تھی،

عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِي، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: أَوَّلُ مَنْ يَدْخُلُ مِنْ هَذَا الْبَابِ رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ، فَدَخَلَ سَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ

عبداللہ بن عمرو بن عاص سے مروی ہے نبی کریم ﷺ نے ایک دن فرمایا جو شخص اس دروازے سے پہلے داخل ہوگا وہ جنتی ہے تو سب سے پہلے سعد بن ابی وقاص اس دروازے سے داخل ہوئے۔ (۳)

جن کے بارے میں امام المتقین محمد ﷺ نے فرمایا

عَلِيًّا رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، يَقُولُ: مَا رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُفَدِّي رَجُلًا بَعْدَ سَعْدٍ سَمِعْتُهُ يَقُولُ: ارْمِ فِدَاكَ أَبِي وَأُمِّي

سیدنا علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے سعد بن ابی وقاص کے بعد میں نے کسی کے متعلق نبی کریم ﷺ سے نہیں سنا کہ آپ نے خود کو ان پر فدا کیا، میں نے سنا کہ آپ فرما رہے تھے تیر چلاؤ (اے سعد!) تم پر میرے ماں باپ قربان ہوں۔ (۴)

عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ قَالَ: نُبِّئْتُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قال لِسَعْدِ بْنِ مَالِكٍ: اللَّهُمَّ اسْتَجِبْ لَهُ إِذَا دَعَاكَ

قیس بن ابی حازم سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے سعد بن مالک کے لیے فرمایا اے اللہ! جب وہ دعا کریں تو ان کی دعا قبول فرما۔ (۵)

ارباب سیر نے شہسوار اسلام سعد رضی اللہ عنہ بن ابی وقاص کے دوسرے اوصاف و محاسن کے علاوہ ان کے ذوق عبادت، خوف خدا اور علم و فضل

---

(۱) ابن سعد ۱۰۵/۳

(۲) امتاع الاسماع ۱۳۷/۹

(۳) مسند احمد ۶۹۰۷

(۴) صحيح بخارى كِتَابُ الجِهَادِ وَالسِّيَرِ بَابُ المِجَنِّ وَمَنْ يَتَّرِسُ بِتُرْسِ صَاحِبِهِ ۲۹۰۵

(۵) ابن سعد ۱۰۵/۳

کا بھی خصوصیت سے کیا ہے،ان پر ہر وقت خشیت الٰہی کا غلبہ رہتا تھا،نہایت کثرت سے روزے رکھتے تھے اور رات کا بیشتر حصہ یادالٰہی میں گزارتے تھے،نماز کے لیے کھڑے ہوتے تو خوف الٰہی سے جسم پر لرزہ طاری ہوجاتا اور چہرے کا رنگ متغیر ہوجاتا،نماز تہجد کا خاص التزام تھا اکثر آدھی رات کے بعد مسجد نبوی میں جاکر نہایت خشوع وخضوع سے نمازیں پڑھا کرتے تھے،نماز کے بعد نہایت عجز والحاح سے دعا مانگتے تھے کہ الٰہی!میرے گناہوں کو بخش دے اور مجھے اپنی مخلوق کی خدمت کرنے کی توفیق دے،رمضان المبارک آتا تو ان کی خوشی کی کوئی انتہا نہ رہتی،اس مقدس مہینے میں رات دن عبادت کے سوا کوئی شغل نہ ہوتا،رات کے آخری حصے میں خوف خدا سے اس قدر روتے کہ ریش مبارک اور جائے نماز آنسوؤں سے تر ہوجاتی،قرآن مجید سے غیر معمولی شغف وانہماک تھا تلاوت قرآن میں کبھی ناغہ نہیں آنے دیتے تھے ،ایسی خوش الحانی اور درد کے ساتھ تلاوت کرتے کہ سننے والوں پر محویت کا عالم طاری ہوجاتا تھا،عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ بن سائب کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ سعد رضی اللہ عنہ ان کے پاس تشریف لائے اور فرمایا عبدالرحمٰن میں نے سنا ہے کہ تم قرآن کریم کی قرات خوش الحانی سے کرتے ہو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ قرآن عبرت کے لیے نازل ہوا ہے اس لیے جب پڑھو تو روؤ اگر روتے نہیں تو تمہاری صورت سے عبرت پذیری کا اظہار ہو اور اس کو خوش الحانی کے ساتھ پڑھو۔

وَكَانَ يَوْمَ مَاتَ ابْنَ بِضْعٍ وَسَبْعِينَ سَنَةً

انہوں نے ستر برس سے زیادہ عمر پائی۔[1]

عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهُ لَمَّا تُوُفِّيَ سَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ أَرْسَلَ أَزْوَاجُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَمُرُّوا بِجَنَازَتِهِ فِي الْمَسْجِدِ ،فَبَلَغَهُنَّ أَنَّ النَّاسَ عَابُوا ذَلِكَ وَقَالُوا: مَا كَانَتِ الْجَنَائِزُ يُدْخَلُ بِهَا الْمَسْجِدَ، فَبَلَغَ ذَلِكَ عَائِشَةَ فَقَالَتْ: مَا أَسْرَعَ النَّاسَ إِلَى أَنْ يَعِيبُوا مَا لا عِلْمَ لَهُمْ بِهِ. عَابُوا عَلَيْنَا أَنْ يُمَرَّ بِجَنَازَةٍ فِي الْمَسْجِدِ وَمَا صَلَّى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى سُهَيْلِ بْنِ بَيْضَاءَ إِلا فِي جَوْفِ الْمَسْجِدِ

ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے جب سعد بن ابی وقاص کی وفات ہوئی تو ازواج مطہرات صلی اللہ علیہ وسلم نے کہلا بھیجا کہ ان کا جنازہ مسجد سے گزاریں،لوگوں نے ایسا ہی کیا ان کا جنازہ ان کے حجروں کے پاس روکا گیا،ازواج مطہرات نے ان پر نماز جنازہ پڑھی پھر انہیں اس باب الجنائز سے نکالا گیا جو المقاعد کی جانب تھا،ازواج مطہرات کو معلوم ہوا کہ لوگوں نے اس پر اعتراض کیا ہے کہ جنازوں کو مسجد میں داخل نہیں کیا جاتا تھا،ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا کو معلوم ہوا تو انہوں نے فرمایا کہ لوگوں کو اس تیزی سے اس بات کی طرف کس نے چلایا کہ وہ اس پر اعتراض کر بیٹھے جس کا انہیں علم نہیں،انہوں نے ہم پر اعتراض کیا کہ مسجد میں جنازہ گزارا گیا حالانکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سہیل بن البیضا پر صحن مسجد ہی میں نماز پڑھی۔[2]

## سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ بن عفان (ذوالنورین)

---

[1] ابن سعد ۱۱۰؍۳

[2] ابن سعد ۱۰۹؍۳،مسند احمد ۲۴۴۹۸

عثمان بن عفان. وأمه أروى بنت كريز وأمها أم حكم. وهي البيضاء بِنْت عَبْد المُطَّلِب وكان عثمان في الجاهلية يكنى أبا عمروفلما كان الإسلام ولد له من رقية بنت رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غلام سماه عَبْد الله واكتنى به فكناه المسلمون أَبَا عَبْد الله

آپ کا اسم گرامی عثمان والد کا نام عفان والدہ کا نام اروی بنت کریز اور ام حکیم البیضاء بنت عبد المطلب، یعنی آپ ﷺ کے والد عبد اللہ کی حقیقی ہمشیرہ، زمانہ جاہلیت میں سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ کی کنیت ابو عمرو تھی، جب اسلام کا ظہور ہوا تو رقیہ رضی اللہ عنہا بنت رسول اللہ ﷺ سے ان کے یہاں ایک لڑکا پیدا ہوا جس کا نام انہوں نے عبد اللہ رکھا اور اسی نام سے اپنی کنیت ابو عبد اللہ رکھ لی، مسلمانوں نے انہیں ابو عبید اللہ کی کنیت سے پکارا اور لقب غنی تھا، دوسرے لفظوں میں عثمان غنی رسول اللہ ﷺ کے بھانجے تھے، آپ کا تعلق بنو امیہ سے تھا اور سلسلہ نسب یوں ہے، عثمان بن عفان بن ابو العاص بن امیہ عبد شمس بن عبد مناف، یعنی آپ کا سلسلہ نسب پانچویں پشت میں عبد مناف پر رسول اللہ ﷺ سے مل جاتا ہے۔ آپ کی ولادت ٥٧٦ء مکہ مکرمہ میں ہوئی۔

## حلیہ:

كَانَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ حسن الوجه دقيق الْبَشَرَةِ، كَبِيرَ اللِّحْيَةِ، مُعْتَدِلَ الْقَامَةِ، عَظِيمَ الْكَرَادِيسِ، بَعِيدَ مَا بَيْنَ الْمَنْكِبَيْنِ، كَثِيرَ شَعْرِ الرَّأْسِ، حسن الثغر، فيه سمرة، وقيل كان في وجهه شئ مِنْ آثَارِ الْجُدَرِيِّ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ. وَعَنِ الزهري: كان حسن الوجه والثغر، مربوعاً، أصلع، أروح الرجلين.يخضب بالصفرة وكان قد شد أسنانه بالذهب وقد كسى ذراعيه الشعر.

آپ کا چہرہ خوبصورت، کھال باریک، داڑھی بڑی، قد درمیانہ، جوڑوں کی ہڈیاں بڑی، کندھوں کے درمیان فاصلہ، سر کے بال زیادہ، دانت خوبصورت جن میں گندم گونی پائی جاتی تھی اور بعض کا قول ہے کہ آپ کے چہرے میں چیچک کے کچھ نشان بھی تھے اور زہری کا بیان ہے کہ آپ کا چہرہ اور دانت خوبصورت، قد درمیانہ، سر کے اگلے بال اڑے ہوئے، ٹانگیں کشادہ، آپ سیاہی سے رنگ کرتے تھے اور آپ نے اپنے دانتوں کو سونے سے کسا ہوا تھا اور آپ کے بازوؤں پر بہت بال تھے۔[1]

آپ نہایت ذہین و ہونہار، با اخلاق، اعلیٰ کردار رکھتے تھے، کہتے ہیں ہونہار کے چکنے چکنے پاؤں، آپ بچپن سے ہی نیک کاموں کی طرف راغب اور اس وقت کی تمام آلودگیوں سے متنفر تھے، شرم و حیاء آپ میں کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی تھی، اسلام لانے کے بعد مسلمانوں میں کامل الحیاء والایمان کے الفاظ آپ کے لئے استعمال کیے گئے، عرب میں جبکہ لکھنے پڑھنے کا کوئی رواج نہیں تھا مگر آپ نے کم عمری میں ہی لکھنا پڑھنا شروع کیا اور اس میں کمال مہارت حاصل کی، قریش کے عام نوجوانوں کی طرح جوان ہو کر تجارت کا پیشہ اختیار کیا اور اپنی ایمانداری اور صداقت کی بنا پر تجارت میں غیر معمولی کامیابی حاصل کی، اللہ نے اپنے فضل و کرم سے دولت میں بہت برکت عطا فرما رکھی تھی اس لئے مٹی بھی خریدتے تو وہ سونا بن جاتی تھی جس کی وجہ سے مکہ مکرمہ میں ایک ممتاز، معزز اور دولت مند تاجر کی حیثیت سے مشہور ہوئے، کیونکہ

[1] البداية والنهاية ٧/٢١٤

طبیعت میں فیاضی وسخاوت تھی اس لئے ہمیشہ دل کھول کر اپنا مال رفاعی واسلامی امور پر بے دریغ خرچ کرتے تھے اس لئے غنی کے لقب سے پکارے جانے لگے، آپ کو کئی شرف حاصل ہیں، ان کا شمار السابقون الاولون میں ہوتا ہے۔

عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ اپنے ایمان لانے کا واقعہ یوں بیان کرتے ہیں۔

أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَوَّجَ ابْنَتَهُ رُقَيَّةَ وَكَانَتْ ذَاتَ جَمَالٍ مِنَ ابْنِ عَمِّهَا عُتْبَةَ بْنِ أَبِي لَهَبٍ، تَأَسَّفَ إِذْ لَمْ يَكُنْ هُوَ تَزَوَّجَهَا فَدَخَلَ عَلَى أَهْلِهِ مَهْمُومًا فَوَجَدَ عِنْدَهُمْ خَالَتَهُ سُعْدَى بِنْتَ كُرَيْزٍ وَكَانَتْ كَاهِنَةً فَقَالَتْ لَهُ: أَبْشِرْ وَحُيِّيتَ ثَلَاثًا تَتْرَا، ثُمَّ ثَلَاثًا وَثَلَاثًا أُخْرَى، ثُمَّ بِأُخْرَى كَيْ تَتِمَّ عَشْرًا أَتَاكَ خَيْرٌ وَوُقِيتَ شَرًّا أُنْكِحْتِ وَاللَّهِ حَصَانًا زَهْرًا، وَأَنْتَ بِكْرٌ وَلَقِيتَ بِكْرًا، وَافَيْتَهَا بِنْتَ عَظِيمٍ قَدْرًا، بَنَيْتَ أَمْرًا قَدْ أَشَادَ ذِكْرًا، قَالَ عثمان: فعجبت من أمرها حيث تبشرني بالمرأة قَدْ تَزَوَّجَتْ بِغَيْرِي

جب مجھے پتہ چلا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیٹی رقیہ رضی اللہ عنہا کا جو بڑی صاحب جمال تھیں ان کے عم زاد عتبہ بن ابی لہب سے نکاح کر دیا ہے تو میں متاسف ہوا کہ آپ سے نکاح نہ کر سکا، میں غمگین ہو کر گھر لوٹا تو وہاں اپنی خالہ سعدی بنت کریز کو جو کہانت بھی کیا کرتیں تھیں موجو پایا اس نے مجھ سے کہا خوش ہو جاؤ اور آپ کو پے در پے تین سلام ہوں، پھر تین ہوں پھر تین ہوں پھر ایک اور سلام ہو تا کہ دس پورے ہو جائیں، آپ کے پاس بھلائی آئے گی اور آپ شر سے بچائے جائیں گے، اللہ کی قسم! آپ اصیل اور خوب صورت لڑکی سے نکاح کریں گے اور آپ کنوارے ہیں اور کنواری سے ملیں گے، میں نے اسے عظیم القدر پایا ہے آپ نے ایسے کام کی بنیاد رکھی ہے جو شہرت کو بلند کر دے گا سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا میں اس کی بات سے بہت حیران ہوا وہ مجھے ایسی عورت کی بشارت دیتی ہے جس نے کسی اور سے نکاح کر لیا ہے۔

فَقُلْتُ: يَا خَالَةُ! مَاتَقُولِينَ؟ فَقَالَتْ: عُثْمَانُ لَكَ الْجَمَالُ، ولكِ اللِّسَانُ، هذا النبي مَعَهُ الْبُرْهَانُ. أَرْسَلَهُ بِحَقِّهِ الدَّيَّانُ. وَجَاءَهُ التَّنْزِيلُ وَالْفُرْقَانُ، فَاتْبَعْهُ لَا تَغْتَالُكَ الْأَوْثَانُ، قَالَ: فَقُلْتُ إِنَّكِ لَتَذْكُرِينَ أَمْرًا مَا وَقَعَ بِبَلَدِنَا، فَقَالَتْ: مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، رَسُولٌ مِنْ عِنْدِ اللَّهِ، جَاءَ بِتَنْزِيلِ اللَّهِ، يَدْعُو بِهِ إِلَى اللَّهِ، ثُمَّ قَالَتْ: مِصْبَاحُهُ مِصْبَاحُ، وَدِينُهُ فَلَاحُ، وَأَمْرُهُ نَجَاحُ، وَقَرْنُهُ نَطَاحُ، ذلَّت لَهُ الْبِطَاحُ، مَا يَنْفَعُ الصِّيَاحُ، لَوْ وَقَعَ الذِّبَاحُ، وَسُلَّتِ الصِّفَاحُ وَمُدَّتِ الرِّمَاحُ، قَالَ عُثْمَانُ: فَانْطَلَقْتُ مُفَكِّرًا فَلَقِيَنِي أَبُو بَكْرٍ فَأَخْبَرْتُهُ

میں نے خالہ سے کہا آپ جو کچھ کہہ رہی ہیں میری سمجھ میں کچھ نہیں آیا؟ آپ ایک ایسی بات کا ذکر کر رہی ہیں جس کا مکہ میں کوئی تذکرہ ہی نہیں، اس پر میری خالہ نے کہا اے عثمان! تجھے خوبصورتی اور زبان حاصل ہے اور اس نبی کے ساتھ برہان ہے جسے بدلہ دینے والے نے حق کے ساتھ بھیجا ہے اور اس کے پاس تنزیل و فرقان آیا ہے، پس اس کی اتباع کر اور بت تجھے ہلاک نہ کر دیں، سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے کہا تو ایسی بات کا ذکر کر رہی ہے جس کا ہمارے ملک میں ظہور نہیں ہوا ہے، کہنے لگیں محمد بن عبد اللہ، اللہ کے رسول ہیں جو تنزیل الٰہی کے ساتھ آئے ہیں اور وہ اس کے ذریعے لوگوں کو اللہ کی طرف بلاتے ہیں، پھر اس نے کہا اس کا چراغ، چراغ ہے اور اس کا دین فلاح ہے

اور اس کا حکم کامیابی ہے اور اس کا مدمقابل مارا ہوا ہے اور وادیاں اس کی مطیع ہیں اور شور وغل کوئی فائدہ نہیں دے گا خواہ حلق درد کرے اور رخسار کی ہڈیاں کھینچ جائیں اور نیزے لمبے ہو جائیں، یہ اشعار سنا کر وہ چلی گئیں مگر انہوں نے جو کچھ کہا تھا وہ میرے دل میں اتر گیا اور میں غور و فکر کرتا ہوا چل پڑا تجارت اور طبیعت میں ہم آہنگی کی وجہ سے میرے سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ سے اچھے روابط تھے، میں اسی تفکر میں جا رہا تھا کہ سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ نے مجھے متفکر دیکھا تو میرے تفکر کی وجہ دریافت کی، میں نے اپنی خالہ سے جو کچھ سنا تھا من وعن ان کے گوش گزار کر دیا،

فَقَالَ: وَيْحَكَ يَا عُثْمَانُ إِنَّكَ لَرَجُلٌ حَازِمٌ، مَا يَخْفَى عَلَيْكَ الْحَقُّ مِنَ الْبَاطِلِ، مَا هَذِهِ الْأَصْنَامُ الَّتِي يَعْبُدُهَا قَوْمُنَا؟ أَلَيْسَتْ مِنْ حِجَارَةٍ صُمٍّ لَا تَسْمَعُ وَلَا تُبْصِرُ وَلَا تَضُرُّ وَلَا تَنْفَعُ؟قَالَ قُلْتُ بَلَى! وَاللَّهِ إِنَّهَا لَكَذَلِكَ،فَقَالَ: وَاللَّهِ لَقَدْ صَدَقَتْكَ خَالَتُكَ هَذَا رَسُولُ اللَّهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، قَدْ بَعَثَهُ اللَّهُ إِلَى خَلْقِهِ بِرِسَالَتِهِ، هَلْ لَكَ أَنْ تَأْتِيَهُ؟فاجتمعنا بِرَسُولُ اللَّهِ فقال: يا عثمان أجب الله إلى حقه، فَإِنِّي رَسُولُ اللَّهِ إِلَيْكَ وَإِلَى خَلْقِهِ، قَالَ :فوالله ماتمالكت حين سمعت قوله اسلَمْتُ

اس پر سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ نے کہا اے سیدنا عثمان! تم ایک ہوشیار اور سمجھ دار نوجوان ہو تم میں حق وباطل کو پرکھنے کی تمیز ہے تم جیسے نوجوان کو حق وباطل میں اشتباہ نہیں ہو سکتا، یہ مٹی پتھر اور لکڑی وغیرہ کے معبود جو اندھے، بہرے اور گونگے ہیں جو نہ ہماری پکار کو سن سکتے ہیں اور نہ ہماری حالت زار دیکھ سکتے ہیں، اور نہ کچھ کہہ سکتے ہیں، یہ ہمارے اپنے ہاتھوں سے گھڑے ہوئے معبود ہیں جو نہ کسی کو نفع پہنچا سکتے ہیں اور نہ ہی نقصان، مگر ہماری قوم معبود حقیقی کو چھوڑ کر ان کی پرستش میں مگن ہے، سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ کی بات سن کر میں نے کہا اللہ کی قسم! آپ نے جو کچھ کہا ٹھیک ہی کہا یہ معبود ایسے ہی ہیں، اس پر سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ نے کہا تمہاری خالہ نے تمہیں سچ ہی کہا ہے، محمد بن عبد اللہ، اللہ کے رسول ہیں ،اللہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنا پیغام دے کر تمام مخلوقات کی طرف مبعوث فرمایا ہے، اگر تم مناسب خیال کرو تو ان سے ملاقات کرو اور اللہ نے جو کلام نازل کیا ہے اسے سنو اور خود ہی فیصلہ کر لو، پس ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جمع ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے عثمان! اللہ کے حق کو قبول کرو مجھے تمہاری اور تمام مخلوق کی طرف اللہ کا رسول ہوں، عثمان رضی اللہ عنہ آپ کے فضائل واخلاق سے بہترین طور پر واقف تھے ،ان کے سامنے آپ کی زندگی کھلی کتاب کی طرح تھی اس لئے جیسے ہی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں دعوت اسلام پہنچائی فوراً ایمان لانے میں کچھ بھی تامل نہ ہوا، سیدنا عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں اللہ کی قسم! آپ کا کلام سنتے ہی میں ایسا بے خود ہوا کہ بے اختیار فوراً دعوت اسلام کو قبول کر لیا اور کلمہ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ میری زبان سے جاری ہو گیا۔[1]

پھر سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ عمر بھر جان ومال و دولت سے اسلام اور مسلمانوں کی خدمت میں مشغول رہے، آپ رضی اللہ عنہ خود کہتے تھے کہ میں اسلام قبول کرنے والے چار میں چوتھا ہوں۔

لَمَّا أَسْلَمَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ أَخَذَهُ عَمُّهُ الْحَكَمُ بْنُ أَبِي الْعَاصِ بْنِ أُمَيَّةَ فَأَوْثَقَهُ رِبَاطًا وَقَالَ: أَتَرْغَبُ عَنْ مِلَّةِ آبَائِكَ إِلَى دِينٍ مُحْدَثٍ؟وَاللَّهِ لَا أُحُلُّكَ أَبَدًا حَتَّى تَدَعَ مَا أَنْتَ عَلَيْهِ مِنْ هَذَا الدِّينِ، فَقَالَ عُثْمَانُ: وَاللَّهِ لَا أَدَعُهُ أَبَدًا وَلَا

[1] البداية والنهاية ۱۹۸؍۷

أُفَارِقُهُ، فَلَمَّا رَأَى الْحَكَمُ صَلَابَتَهُ فِي دِينِهِ تَرَكَهُ

جب سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے اسلام قبول کیا تو ان کے چچا حاکم بن ابی العاص نے ان کو رسی میں باندھ دیا اور کہا کیا تم اپنے آباؤاجداد کے دین کو چھوڑ کر ایک نیا دین کی طرف پھرتے ہو؟ اللہ کی قسم! میں تمہیں کبھی نہ کھولوں گا تاوقتیکہ تم اس دین کو ترک نہ کر دو، عثمان رضی اللہ عنہ نے جواب دیا اللہ کی قسم! میں اس دین کو کبھی نہیں چھوڑوں گا اور نہ کبھی اس سے علیحدہ ہوں گا، چچا نے جب ان کا عزم دیکھا کہ یہ اپنے دین پر کس قدر محکم اور پختہ ہیں تو انہیں چھوڑ دیا۔ [۱]

وكانت رقية ذات جمال بارع، ثُمَّ لَمْ أَلْبَثْ أَنْ تَزَوَّجْتُ رُقَيَّةُ بِنْتُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَانَ يُقَالُ: أَحْسَنُ زَوْجٍ رَآهُ إِنْسَانٌ وزوج رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ بَعْدَ رُقَيَّةَ أُمَّ كُلْثُومِ بنت رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فماتت عنده. فقال رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ كَانَ عِنْدِيَ ثَالِثَةٌ زَوَّجْتُهَا عُثْمَانَ

اللہ تعالیٰ نے رقیہ رضی اللہ عنہا کو خصوصی حسن و جمال سے نوازا تھا، کچھ ہی روز بعد سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیٹی رقیہ رضی اللہ عنہا کا نکاح عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ سے کر دیا، جس پر مکہ مکرمہ میں عام طور پر لوگ کہا کرتے تھے کہ بہترین جوڑا جو کسی آدمی نے دیکھا وہ سیدہ رقیہ رضی اللہ عنہا اور ان کے شوہر سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ بن عفان ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان سے انتہائی راضی تھے اس لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے رقیہ رضی اللہ عنہا کی وفات کے بعد ام کلثوم رضی اللہ عنہا کا نکاح سیدنا عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ سے کر دیا، جب وہ بھی انتقال کر گئیں تو خیر اولین و آخرین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر میری تیسری لڑکی ہوتی تو میں اس کا نکاح بھی عثمان رضی اللہ عنہ سے کر دیتا۔ [۲]

سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ سے جب رقیہ رضی اللہ عنہا کی شادی ہوئی تو قریش کی عورتیں اس جوڑے پر رشک کرتی تھیں اور وہ اپنے جذبات کو ان الفاظ سے تعبیر کرتی تھیں۔

وَتَزَوَّجَهَا عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ، وَكَانَتْ نِسَاءُ قُرَيْشٍ يَقُلْنَ حِينَ تَزَوَّجَهَا عُثْمَانُ: أَحْسَنُ شَخْصَيْنِ رَأَى إِنْسَانُ رُقَيَّةُ وَبَعْلُهَا عُثْمَانُ

سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ نے جب رقیہ رضی اللہ عنہا سے شادی کی تو قریش کی عورتیں کہتی تھیں کہ انسان نے جو حسین ترین جوڑا دیکھا وہ رقیہ رضی اللہ عنہا اور اس کے خاوند سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ ہیں۔ [۳]

عن أسامة بن زيدقال: بعثني رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بصحيفة فيها لحم إلى عُثْمَان فدخلت عليه وقد كان جالس مع رُقَيَّةَ، ما رأيت زوجا أحس منهما

اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دفعہ مجھے گوشت کا پیالہ بھر کر عنایت فرمایا اور فرمایا کہ سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ کے گھر یہ پیالہ دے آؤ، میں یہ پیالہ لے کر سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ کے گھر پہنچا، سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ اور رقیہ رضی اللہ عنہا اس وقت اپنے گھر میں تشریف فرما تھے، میں

[۱] ابن سعد ۳/۴۰

[۲] ابن سعد ۳/۴۱

[۳] تفسیر القرطبی ۱۴/۲۴۲

نے وہ ہدیہ ان دونوں کی خدمت میں رسول اللہ ﷺ کی طرف سے پیش کیا، میں نے اس سے زیادہ خوبصورت جوڑا اس سے پہلے کبھی نہیں دیکھا۔ (١)

اور سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ کا ام کلثوم رضی اللہ عنہا سے نکاح اللہ تعالیٰ کے حکم سے ہوا،

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقِيَ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ عَلَى بَابِ الْمَسْجِدِ فَقَالَ: يَا عُثْمَانُ! هَذَا جِبْرِيلُ يُخْبِرُنِي أَنَّ اللَّهَ قَدْ زَوَّجَكَ أُمَّ كُلْثُومٍ بِمِثْلِ صَدَاقِ رُقَيَّةَ، عَلَى مِثْلِ مُصَاحَبَتِهَا

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ کو مسجد کے دروازے پر ملے اور فرمایا اے عثمان رضی اللہ عنہ! یہ جبریل علیہ السلام ہیں اور مجھے خبر دیتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ام کلثوم رضی اللہ عنہا کا نکاح تجھ سے کر دیا ہے، رقیہ کے برابر حق مہر پر اور اس حسن سلوک پر جو حسن سلوک تم رقیہ رضی اللہ عنہا سے کرتے تھے۔ (٢)

قاله ابْنُ إِسْحَاق .وتزوج بعد رقية أم كلثوم بِنْت رَسُول اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فلما توفيت قَالَ رَسُول اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لو أن لنا ثالثة لزوجناك

اور ابن اسحاق کہتے ہیں رقیہ رضی اللہ عنہا کی وفات کے بعد ام کلثوم رضی اللہ عنہا بنت رسول اللہ ﷺ سے نکاح ہوا، جب وہ بھی وفات پا گئیں تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اگر میری تیسری بیٹی ہوتی تو میں اس کا نکاح تم سے کر دیتا۔ (٣)

حافظ ابن عبد البر رحمہ اللہ نے آپ رضی اللہ عنہ کی اس خصوصیت کا ذکر فرماتے ہوئے لکھا ہے کہ اس نکاح سے آپ جہنم کی آگ سے بھی آزاد ہو گئے کیونکہ رسول اللہ ﷺ نے دعا فرمائی تھی کہ میرے داماد اور سسرال کو جہنم کی آگ سے آزاد فرمانا۔ (٤)

زوجه رَسُول اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ابنتيه: رقية ثُمَّ أم كلثوم، واحدةً بعد واحدة، وَقَالَ: إن كَانَ عندي غيرهما لزوجتكها وثبت عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: سألت ربي عز وجل ألا يدخل النار أحدا صاهر إلي أو صاهرت إِلَيْهِ

چنانچہ فرماتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے اپنی دو صاحبزادیاں رقیہ رضی اللہ عنہا اور ام کلثوم رضی اللہ عنہا کو یکے بعد دیگرے آپ کے نکاح میں دیا اور فرمایا کہ ان دونوں کے علاوہ بھی اگر میری کوئی اور بیٹی ہوتی تو وہ بھی میں ان کا نکاح میں دے دیتا، اور یہ بات بھی نبی کریم ﷺ سے ثابت ہے کہ آپ ﷺ نے اللہ تعالیٰ سے دعا فرمائی تھی کہ میرے داماد اور میرے سسرال کو ہرگز جہنم میں داخل نہ فرمانا۔ (٥)

اس طرح یکے بعد دیگرے آپ ﷺ کی دو صاحبزادیاں سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ کے نکاح میں آئیں اور یہ وہ شرف ہے جو پوری انسانی تاریخ

(١) معجم الصحابة للبغوى ٣٢٨/٤، كنز العمال ٦٣/١٣، ذخائر العقبى في مناقب ذوى القربى ١٦٢/١

(٢) البداية والنهاية ٢١٢/٧

(٣) اسد الغابة ٥٧٨/٣

(٤) الاستيعاب فى معرفة الاصحاب ١٠٣٩/٣

(٥) الاستيعاب في معرفة الأصحاب ١٠٣٩/٣

میں کسی اور شخص کو حاصل نہیں ہوا۔

وَهُوَ أَحَدُ العشرة المشهود لهم بالجنة، وأحد الستة أصحاب الشُّورَى

سید نا عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ ان دس صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں شامل ہیں جنہیں جنت کی بشارت سنائی گئی، آپ رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شوری میں شامل تھے۔ [1]

آپ کو بلوائیوں نے بائیس روز یا چالیس روز محاصرے کے بعد مشہور قول کے مطابق اٹھارہ ذوالحجہ کو جمعہ کے روز چاشت کے وقت قتل کر دیا۔

ایک شاعر نے کہا

ضحَّوا بِأَشْمَطَ عُنْوَانُ السُّجُودِ بِهِ يُقَطِّعُ الليل تسبيحاً وقرآناً

انہوں نے سر کے سیاہ وسفید بالوں والے کو چاشت کے وقت قتل کر دیا جو سجود کا آئینہ تھا اور رات کو تسبیح کرتے اور قرآن پڑھتے گزارتا تھا۔

مختلف اقوال کے مطابق اس وقت آپ کی عمر ۷۵ سال، ۸۲ سال، ۸۲ سال چند ماہ، ۸۴ سال، ۸۶ سال، ۸۸ یا ۹۰ سال کی تھی۔

فَكَانَتْ خِلَافَتُهُ ثِنْتَيْ عَشْرَةَ سَنَةً إِلَّا اثْنَيْ عَشَرَ يَوْمًا

آپ کی خلافت بارہ سال سے بارہ روز کم رہی۔ [2]

فَخَرَجُوا بِهِ فِي نَفَرٍ قَلِيلٍ مِنَ الصحابة، فيهم حَكِيمُ بْنُ حِزَامٍ، وَحُوَيْطِبُ بْنُ عَبْدِ الْعُزَّى، وَأَبُو الْجَهْمِ بْنُ حُذَيْفَةَ، وَنِيَارُ بْنُ مُكْرَمٍ الْأَسْلَمِيُّ، وَجُبَيْرُ بْنُ مُطْعِمٍ، وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ، وَكَعْبُ بْنُ مَالِكٍ، وَطَلْحَةُ وَالزُّبَيْرُ، وَعَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ وَجَمَاعَةٌ مِنْ أَصْحَابِهِ وَنِسَائِهِ، مِنْهُنَّ امرأتاه نائلة وأم البنين بنت عتبة بن حصين، وَصِبْيَانٌ.

بلوائیوں کے خوف سے ان کے جنازہ میں بہت کم لوگ شامل ہو سکے،ان کے جنازے میں یہ صحابہ کرام شامل ہوئے حکیم بن حزم رضی اللہ عنہ، حویطب بن عبد العزی رضی اللہ عنہ، ابو جہم بن حذیفہ، نیار بن مکرم اسلمی، جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ، زید بن ثابت رضی اللہ عنہ، کعب بن مالک رضی اللہ عنہ، طلحہ رضی اللہ عنہ اور زبیر اور سید نا علی رضی اللہ عنہ بن ابو طالب اور کچھ اور صحابہ کرام اور کچھ عورتیں جن میں آپ کی اہلیہ نائلہ اور ام البنین بنت عتبہ بن حصین اور بچے۔ [3]

حذیفہ رضی اللہ عنہ نے ان کے قتل پر کہا

أَوَّلُ الْفِتَنِ قَتْلُ عُثْمَانَ، وآخر الفتن الدجال

سب سے پہلا فتنہ عثمان رضی اللہ عنہ کا قتل ہے اور آخری فتنہ دجال ہے،

عَنْ أَبِي جَعْفَرٍ الْأَنْصَارِيِّ .قَالَ: لَمَّا قُتِلَ عُثْمَانُ جِئْتُ عَلِيًّا وَهُوَ جَالِسٌ فِي الْمَسْجِدِ وَعَلَيْهِ عِمَامَةٌ سَوْدَاءُ فَقُلْتُ لَهُ: قُتِلَ عُثْمَانُ، فَقَالَ: تَبًّا لَهُمْ آخِرَ الدَّهْرِ وَفِي رِوَايَةٍ: خَيْبَةً لَهُمْ

---

[1] البداية والنهاية ۲۲۳،۷

[2] البداية والنهاية ۲۱۱،۷

[3] البداية والنهاية ۲۱۳،۷

ابو جعفر انصاری کہتے ہیں جب سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ قتل ہو گئے تو میں سیدنا علی رضی اللہ عنہ کے پاس آیا آپ مسجد میں سیاہ عمامہ پہنے بیٹھے ہوئے تھے میں نے آپ سے کہا سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ قتل ہو گئے ہیں آپ نے فرمایا ان پر ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ہلاکت ہو اور ایک روایت میں ہے کہ وہ نا کام ہوں۔ [1]

رَافِعًا صَوْتَهُ يَقُولُ : اللَّهُمَّ إِنِّي أَبْرَأُ إِلَيْكَ مِنْ دَمِ عُثْمَانَ

ایک روایت میں ہے سیدنا علی رضی اللہ عنہ نے مسجد کے دروازے پر بلند آواز سے کہا اے اللہ! میں تیرے حضور خون سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ سے بریت کا اظہار کرتا ہوں۔ [2]

## نزول سورۂ العلق ٦ تا ١٩:

سورۂ العلق کی پہلی چند آیات کی وحی کے کچھ عرصہ بعد اس سورۂ کی دوسری آیات نازل ہوئیں۔

كَلَّآ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَيَطْغٰٓى ۝٦ اَنْ رَّاٰهُ اسْتَغْنٰى ۝٧

سچ مچ انسان تو آپے سے باہر ہو جاتا ہے اس لیے کہ وہ اپنے آپ کو بے پرواہ (یا تونگر) سمجھتا ہے،

اِنَّ اِلٰى رَبِّكَ الرُّجْعٰى ۝٨ (العلق ٦ تا ٨)

یقیناً لوٹنا تیرے رب کی طرف ہے۔

آخرت کے منکرین کو سرزنش فرمائی کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کی حمد وثنا اور اس کا احسان ہے کہ اس نے اپنی حکمت ومشیّت کے مطابق کسی انسان کو کم اور کسی کو زیادہ مال ودولت، جاہ وحشم، اولاد اور خدام عطا فرمائے، مگر وقت کی قومیں بغیر کسی استحقاق کے عطا کردہ نعمتوں پر اپنے باعظمت رب کی شکر گزار ہونے کی بجائے اس کے احکام، عبادات، حقوق وفرائض سے انکار، سرکشی وبغاوت پر اتر آئیں اور اپنی جانوں پر خود ظلم کرتے ہوئے حد بندگی سے تجاوز کرنے لگیں، انہوں نے ان پاکیزہ احکام پر غور وفکر ہی نہ کیا جو سراسر خود انسانوں کے اپنے فائدے کے لئے ہی نازل ہوئے تھے، ہر قوم نے شد ومد کے ساتھ رب کی بے پناہ قدرتوں، اختیارات اور روز آخرت کا انکار کر کے درحقیقت اللہ تبارک وتعالیٰ اور اس کے علم وحکمت کے منکر ہوئے، خود اہل عرب بھی جو نام کی حد تک اللہ کو مانتے تھے مگر اس کے حضور پیشی کے تصور اور باز پرس کے خوف سے بیگانہ تھے، جیسے متعدد مقامات پر فرمایا:

اَيَعِدُكُمْ اَنَّكُمْ اِذَا مِتُّمْ وَكُنْتُمْ تُرَابًا وَّعِظَامًا اَنَّكُمْ مُّخْرَجُوْنَ ۝٣٥ هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ لِمَا تُوْعَدُوْنَ ۝٣٦ [3]

ترجمہ: یہ تمہیں اطلاع دیتا ہے کہ جب تم مر کر مٹی ہو جاؤ گے اور ہڈیوں کا پنجر بن کر رہ جاؤ گے اس وقت تم (قبروں سے) نکالے جاؤ گے؟ بعید، بالکل بعید ہے یہ وعدہ جو تم سے کیا جا رہا ہے۔

---

[1] البداية والنهاية ٢١٣ / ٧

[2] البداية والنهاية ٢١٥ / ٧

[3] المومنون ٣٦،٣٥

قَالُوۡۤا ءَاِذَا مِتۡنَا وَ كُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبۡعُوۡثُوۡنَ ﴿۸۲﴾ لَقَدۡ وُعِدۡنَا نَحۡنُ وَاٰبَآؤُنَا هٰذَا مِنۡ قَبۡلُ اِنۡ هٰذَاۤ اِلَّاۤ اَسَاطِيۡرُ الۡاَوَّلِيۡنَ ﴿۸۳﴾ (۱)

ترجمہ: یہ کہتے ہیں کیا جب ہم مر کر مٹی ہو جائیں گے اور ہڈیوں کا پنجر بن کر رہ جائیں گے تو ہم کو پھر زندہ کر کے اٹھایا جائے گا؟ ہم نے بھی یہ وعدے بہت سنے ہیں اور ہم سے پہلے ہمارے باپ دادا بھی سنتے رہے ہیں یہ محض افسانہائے پارینہ ہیں۔

وَكَانُوۡا يَقُوۡلُوۡنَ ۙ اَئِذَا مِتۡنَا وَ كُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبۡعُوۡثُوۡنَۙ ﴿۴۷﴾ اَوَ اٰبَآؤُنَا الۡاَوَّلُوۡنَ ﴿۴۸﴾ (۲)

ترجمہ: کہتے تھے کیا جب ہم مر کر خاک ہو جائیں گے تو پھر اٹھا کر کھڑے کیے جائیں گے؟ اور کیا ہمارے باپ دادا بھی اٹھائے جائیں گے جو پہلے گزر چکے ہیں؟۔

اس لئے حق کی دعوت پر کان نہیں دھرتے تھے، وہ اس بے بنیاد خوش فہمی میں مبتلا تھے کہ ہم جن ہستیوں کی پرستش کر رہے ہیں وہ روز آخرت شفاعت کر کے ہمیں بخشوا لیں گی، اور اب جبکہ محمد رسول اللہ ﷺ پر دین اسلام (جو ہر نبی کا دین تھا) مکمل ہو چکا، جیسے فرمایا

اَلۡيَوۡمَ يَئِسَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا مِنۡ دِيۡنِكُمۡ فَلَا تَخۡشَوۡهُمۡ وَاخۡشَوۡنِ ؕ اَلۡيَوۡمَ اَكۡمَلۡتُ لَـكُمۡ دِيۡنَكُمۡ وَاَتۡمَمۡتُ عَلَيۡكُمۡ نِعۡمَتِىۡ وَرَضِيۡتُ لَـكُمُ الۡاِسۡلَامَ دِيۡنًا ؕ فَمَنِ اضۡطُرَّ فِىۡ مَخۡمَصَةٍ غَيۡرَ مُتَجَانِفٍ لِّاِثۡمٍ ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ﴿۳﴾ (۳)

ترجمہ: آج کافروں کو تمہارے دین کی طرف سے پوری مایوسی ہو چکی ہے لہٰذا تم ان سے نہ ڈرو بلکہ مجھ سے ڈرو آج میں نے تمہارے دین کو تمہارے لیے مکمل کر دیا ہے اور اپنی نعمت تم پر تمام کر دی ہے اور تمہارے لیے اسلام کو تمہارے دین کی حیثیت سے قبول کر لیا ہے۔

نبوت ختم فرما دی گئی،

قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَإِنَّهُ سَيَكُونُ فِي أُمَّتِي كَذَّابُونَ ثَلَاثُونَ كُلُّهُمْ يَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِيٌّ، وَأَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّينَ لَا نَبِيَّ بَعْدِي

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اور عنقریب میری امت میں تیس کذاب آئیں گے جن میں سے ہر ایک بزعم خویش اپنے آپ کو نبی قرار دیتا ہو گا، حالانکہ میں آخری نبی ہوں اور میرے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا۔ (۴)

عَنْ حُذَيْفَةَ، أَنَّ نَبِيَّ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فِي أُمَّتِي كَذَّابُونَ وَدَجَّالُونَ سَبْعَةٌ وَعِشْرُونَ: مِنْهُمْ أَرْبَعُ نِسْوَةٍ، وَإِنِّي خَاتَمُ النَّبِيِّينَ لَا نَبِيَّ بَعْدِي

حذیفہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا میری امت میں ستائیس کذاب اور دجال آئیں گے جن میں چار عورتیں بھی شامل

(۱) المومنون ۸۲تا۸۳

(۲) الواقعة ۴۷،۴۸

(۳) المائدة ۳

(۴) مسند احمد ۲۲۳۹۵

ہوں گی حالانکہ میں آخری نبی ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا۔ (۱)

مسلمان اپنی مقدس کتاب قرآن مجید میں بار بار روز آخرت کا عقیدہ تلاوت کرتے ہیں، محفلوں میں روز آخرت کا زبانی اقرار کرتے ہیں مگر ان کے اعمال (جھوٹ فریب، دغابازی، سودخوری، رشوت ستانی، حق تلفی، قتل وغارت، زناکاری، فرائض وعبادات سے لاتعلقی وغیرہ) گواہی ہیں کہ وہ اس دن پر یقین نہیں رکھتے، کیونکہ اگر انہیں اس دن کا خوف ہوتا تو ان کے کردار یقیناً موجودہ اعمال سے مختلف ہوتے (جب آخرت کے منکروں نے اس سخت ترین دن کے لئے کچھ کیا ہی نہیں ہوگا تو وہاں کس چیز کی جزا پائیں گے) چنانچہ اس پہلی وحی میں ہی روز آخرت کا ذکر کر کے واضح کیا گیا کہ اے انسانو! کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ تخلیق کے بعد تمہیں اس زمین پر ایسے ہی چھوڑ دیا گیا ہے کہ تم اس چند روزہ زندگی کی رنگینیوں میں ڈوب کر تمرد اور سرکشی کرتے پھرو، اپنے خالق ومالک کے فرامین کو پس پشت ڈال کر اپنی من مرضی کے قاعدے قانون واصول وضع کرو اور ان خود ساختہ اصول وقانون کے مطابق زندگی گزارتے پھرو، جب تم زندگی کی یہ چند سانسیں گزار کر مرجاوگے اور مٹی کے ساتھ مٹی ہوجاوگے تو کیا تمہارا قصہ ہمیشہ کے لئے تمام ہوجائے گا، جیسے فرمایا:

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ۝۱۱۵ (۲)

ترجمہ: کیا تم نے یہ سمجھ رکھا تھا کہ ہم نے تمہیں فضول ہی پیدا کیا اور تمہیں ہماری طرف کبھی پلٹنا ہی نہیں ہے؟۔

جس قدرتوں والے رب نے تمہیں تخلیق فرما کر اس زمین میں پھیلایا ہے، کیا وہ دوبارہ تمہیں اپنے حضور جمع نہیں کرے گا۔

وَهُوَ الَّذِيْ ذَرَاَكُمْ فِي الْاَرْضِ وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝۷۹ (۳)

ترجمہ: وہی ہے جس نے تمہیں زمین میں پھیلایا اور اسی کی طرف تم سمیٹے جاؤ گے۔

قُلْ هُوَ الَّذِيْ ذَرَاَكُمْ فِي الْاَرْضِ وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝۲۴ (۴)

ترجمہ: ان سے کہو! اللہ ہی ہے جس نے تمہیں زمین میں پھیلایا ہے اور اسی کی طرف تم سمیٹے جاؤ گے۔

اپنے اعمال کی جواب دہی کے لئے تم اپنے رب کے حضور دوبارہ پیش نہیں ہوگے، کیا وہ تم سے تمہاری روش کی باز پرس نہیں کرے گا، اے غافل انسانوں! ایسا ہرگز ہرگز نہیں ہے، ہمارا ایک قانون جزا وسزا ہے، تمہاری تخلیق ایک متعین مقصد کے تحت ہوئی ہے، تمہیں زندگی بسر کرنے کا ایک مکمل ہدایت نامہ دے کر پیدا کیا گیا ہے جس کے مطابق زندگی بسر کرنا ہی حق اور نیکی ہے، دنیا کی یہ زندگی تو آزمائش کا ایک وقفہ ہے، عمل کرنے کی ایک مختصر سی مہلت ہے، اصل زندگی تو موت کے بعد شروع ہوگی جب تمہارا ذرہ ذرہ منتشر ہوچکا ہوگا، تمہیں اپنی قبروں سے دوبارہ جسم وجان کے ساتھ زندہ کیا جائے گا اور یقیناً ذرا ذرا سی نیکی اور بدی کے محاسبہ کے لئے اپنے رب کے حضور پیش کیے جاؤ گے، جیسے فرمایا

---

(۱) مسند احمد ۲۳۳۵۸

(۲) المومنون ۱۱۵

(۳) المومنون ۷۹

(۴) الملک ۲۴

يٰبُنَيَّ اِنَّهَآ اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِيْ صَخْرَةٍ اَوْ فِي السَّمٰوٰتِ اَوْ فِي الْاَرْضِ يَاْتِ بِهَا اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ۝ (1)

ترجمہ: (اور لقمان نے کہا تھا کہ) بیٹا! کوئی چیز رائی کے دانہ برابر بھی ہو اور کسی چٹان میں یا آسمانوں یا زمین میں کہیں چھپی ہوئی ہو اللہ اسے نکال لائے گا، وہ باریک بیں اور باخبر ہے۔

وَنَضَعُ الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْـــًٔا ۭ وَاِنْ كَانَ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ اَتَيْنَا بِهَا ۭ وَكَفٰى بِنَا حٰسِبِيْنَ ۝ (2)

ترجمہ: قیامت کے روز ہم ٹھیک تولنے والے ترازو رکھ دیں گے، پھر کسی شخص پر ذرا برابر ظلم نہ ہو گا جس کا رائی کے دانے برابر بھی کچھ کیا دھرا ہو گا وہ ہم سامنے لے آئیں گے اور حساب لگانے کے لیے ہم کافی ہیں۔

فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ ۝ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ ۝ (3)

ترجمہ: پھر جس نے ذرہ برابر نیکی کی ہو گی وہ اس کو دیکھ لے گا اور جس نے ذرہ برابر بدی کی ہو گی وہ اس کو دیکھ لے گا۔

جس مال و دولت پر تمہارا فخر و غرور ہے اس مال کی بابت سوال کیا جائے گا کہ اسے کیسے کمایا تھا، صرف بات یہیں پر ختم نہیں ہو جائے گی یہ بھی جواب دہی کرنی پڑے گی اس مال کو کس راہ میں خرچ کیا تھا؟ کیا اس مال کو اپنی عیش و عشرت، نمود و نمائش، ظلم و جبر اور اللہ کے بندوں کو راہ حق سے روکنے کے لئے خرچ کیا تھا یا غریبوں، محتاجوں، یتیموں، بیواوں، ضرورت مندوں، لْعَامِلِينَ عَلَيْهَا، الْمُؤَلَّفَةِ قُلُوبُ ،فِي الرِّقَابِ ،الْغَارِمِينَ ،فِي سَبِيلِ اللَّهِ ،ابْنَ السَّبِيلِ اور دوسرے دینی مصارف پر خرچ کر کے اللہ کو کچھ قرض حسنہ بھی دیا تھا، جوانی کی طاقت کیسے لٹائی؟ پھر ہر ایک کو اپنے اعمال کے مطابق جنت کی دائمی لازوال نعمتیں ملیں گی یا وہ دائمی جہنم کی ہولناک سزا کا حق دار بنے گا،

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا رَأَيْتُ مِثْلَ النَّارِ نَامَ هَارِبُهَا، وَلاَ مِثْلَ الجَنَّةِ نَامَ طَالِبُهَا

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ میں نے جہنم کی آگ سے زیادہ خطرناک چیز کوئی نہیں دیکھی کہ جس سے بھاگنے والا سو رہا ہے اور جنت سے زیادہ عمدہ چیز نہیں دیکھی کہ جس کا چاہنے والا سو رہا ہے۔ (4)

عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فِي بَعْضِ صَلَاتِهِ: اللَّهُمَّ حَاسِبْنِي حِسَابًا يَسِيرًا فَلَمَّا انْصَرَفَ، قُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللهِ، مَا الْحِسَابُ الْيَسِيرُ؟ قَالَ: أَنْ يَنْظُرَ فِي كِتَابِهِ فَيَتَجَاوَزَ عَنْهُ، إِنَّهُ مَنْ نُوقِشَ الْحِسَابَ يَوْمَئِذٍ يَا عَائِشَةُ هَلَكَ

ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ میں نے رسول رب العالمین صلی اللہ علیہ وسلم کو بعض نمازوں میں یہ دعا کرتے سنا اے اللہ! مجھ سے

(1) لقمان۱۶

(2) الانبیاء۴۷

(3) الزلزالۃ۷،۸

(4) جامع ترمذی أَبْوَابُ صِفَةِ جَهَنَّمَ بَابُ مَا جَاءَ أَنَّ لِلنَّارِ نَفَسَيْنِ، وَمَا ذُكِرَ مَنْ يَخْرُجُ مِنَ النَّارِ مِنْ أَهْلِ التَّوْحِيدِ۲۶۰۱

آسان محاسبہ کرنا، تو میں نے پوچھا اے اللہ کے رسول ﷺ! آسان محاسبہ کا کیا مطلب ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا آسان محاسبہ یہ ہے کہ اللہ بندہ کا نامہ اعمال دیکھے اور اس کی برائیوں سے درگزر کرے، پھر فرمایا اے عائشہ رضی اللہ عنہا! جس کا حساب لیتے وقت ایک ایک چیز کی کرید کی گئی تو اس کی خیر نہیں۔ (۱)

اَرَءَيْتَ الَّذِيْ يَنْهٰى ۙ﴿۹﴾ عَبْدًا اِذَا صَلّٰى ؕ﴿۱۰﴾ اَرَءَيْتَ اِنْ كَانَ عَلَى الْهُدٰۤى ۙ﴿۱۱﴾ اَوْ

(بھلا) اسے بھی تو نے دیکھا جو بندے کو روکتا ہے جبکہ وہ بندہ نماز ادا کرتا ہے، بھلا بتلا تو اگر وہ ہدایت پر ہو یا پرہیز گاری

اَمَرَ بِالتَّقْوٰى ؕ﴿۱۲﴾ اَرَءَيْتَ اِنْ كَذَّبَ وَ تَوَلّٰى ؕ﴿۱۳﴾ اَلَمْ يَعْلَمْ بِاَنَّ اللّٰهَ يَرٰى ؕ﴿۱۴﴾ (العلق ۹ تا ۱۴)

کا حکم دیتا ہو، بھلا دیکھو تو اگر یہ جھٹلاتا ہو اور منہ پھیرتا ہو تو کیا اس نے نہیں جانا کہ اللہ تعالیٰ اسے خوب دیکھ رہا ہے۔

کیونکہ وہ دین ہی نہیں جس میں نماز نہ ہو،

وَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ: لَا دِينَ لِمَنْ لَا صَلَاةَ لَهُ.

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں وہ دین ہی نہیں جس میں نماز نہ ہو۔ (۲)

اس لئے سب سے پہلے نماز جیسی عبادت ہی ہر پیغمبر پر فرض قرار دی جاتی رہی ہے، جس کا قیام پورے دین کا قیام ہے اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے محمد رسول اللہ ﷺ کو منصب رسالت کے ساتھ ہی کسی طریقہ (وحی غیر متلو) سے نماز کا طریقہ سمجھا دیا تھا اور آپ ﷺ نے اسلام کے راستے پر چلنے کا اظہار نماز ہی سے کیا تھا، مشرکین مکہ کے لئے یہ ایک بڑے خطرے کی نشانی تھی ان کو اندازہ ہو چلا تھا کہ ان کے سینکڑوں باطل معبودوں کے دن گنے جا چکے ہیں، اس لئے آپ ﷺ اور مشرکین مکہ میں محاذ آرائی شروع ہو گئی، مشرکین مکہ کے پاس مال و دولت، جاہ وحشم اور افرادی قوت مال تھی، جس کی بدمستی میں یہ لوگ بھی پہلی قوموں کی طرح اپنے خالق کو بھول چکے تھے، اب نہ اسے اپنا معبود سمجھتے تھے اور نہ ہی اس کے حضور اپنی پیشانی ٹیکتے تھے، اس لئے جیسے ہی رسول اللہ ﷺ نے مقام ابراہیم پر نماز پڑھنی، تقویٰ کی تعلیم دینی شروع فرمائی کفار مکہ نے انہیں ڈرانا دھمکانا شروع کر دیا، وہ یہ بھول گئے کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ جو علام الغیوب ہے، جسے نیند یا اونگھ نہیں، جیسے فرمایا

اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ۬ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّ لَا نَوْمٌ ... ﴿۲۵۵﴾ (۳)

ترجمہ: اللہ، وہ زندہ جاوید ہستی، جو تمام کائنات کو سنبھالے ہوئے ہے، اس کے سوا کوئی خدا نہیں ہے، نہ وہ سوتا ہے اور نہ اسے اونگھ لگتی ہے۔ جو اپنے عرش کے اوپر کرسی پر بیٹھا زمین پر ظالم کا ظلم اور مظلوم کی مظلومی دیکھ رہا ہے، اس طرح کی ہر کاروائی میں ابوجہل ہمیشہ پیش پیش رہا،

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ أَبُو جَهْلٍ: لَئِنْ رَأَيْتُ مُحَمَّدًا يُصَلِّي عِنْدَ الكَعْبَةِ لَأَطَأَنَّ عَلَى عُنُقِهِ، فَبَلَغَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ

---

(۱) مسند احمد ۲۴۲۱۵، صحیح ابن خزیمہ ۸۴۹، مستدرک حاکم ۱۹۰، صحیح ابن حبان ۷۳۷۲

(۲) تعظیم قدر الصلاۃ ۱۰۷۸

(۳) البقرۃ ۲۵۵

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ :لَوْ فَعَلَهُ لَأَخَذَتْهُ المَلاَئِكَةُ عِيَانًا

عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ابوجہل نے بنو قریش سے پوچھا کیا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) بیت اللہ میں تمہارے سامنے زمین پر اپنا منہ ٹکاتے ہیں؟ انہوں نے اثبات میں جواب دیا، یہ جواب سن کر وہ اپنے معبودوں لات وعزیٰ کی قسم کھا کر بولا اگر میں نے ان کو کعبہ میں اس طرح نماز پڑھتے ہوئے دیکھا تو ان کی گردن پر اپنا پاؤں رکھ کر ان کا منہ زمین پر رگڑ دوں گا، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تک یہ خبر پہنچ گئی تو حبیب رب العالمین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر اس نے ایسا کیا تو ملائکہ اعلانیہ اسے آپکڑیں گے۔ [۱]

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ أَبُو جَهْلٍ: هَلْ يُعَفِّرُ مُحَمَّدٌ وَجْهَهُ بَيْنَ أَظْهُرِكُمْ؟ قَالَ فَقِيلَ: نَعَمْ،فَقَالَ: وَاللَّاتِ وَالْعُزَّى لَئِنْ رَأَيْتُهُ يَفْعَلُ ذَلِكَ لَأَطَأَنَّ عَلَى رَقَبَتِهِ، أَوْ لَأُعَفِّرَنَّ وَجْهَهُ فِي التُّرَابِ، قَالَ: فَأَتَى رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُصَلِّي زَعَمَ لِيَطَأَ عَلَى رَقَبَتِهِ قَالَ: فَمَا فَجِئَهُمْ مِنْهُ إِلَّا وَهُوَ يَنْكُصُ عَلَى عَقِبَيْهِ وَيَتَّقِي بِيَدَيْهِ ، قَالَ: فَقِيلَ لَهُ: مَا لَكَ؟ فَقَالَ: إِنَّ بَيْنِي وَبَيْنَهُ لَخَنْدَقًا مِنْ نَارٍ وَهَوْلًا وَأَجْنِحَةً، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ دَنَا مِنِّي لَاخْتَطَفَتْهُ الْمَلَائِكَةُ عُضْوًا عُضْوًا

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ابوجہل نے بنو قریش سے پوچھا کیا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) تمہارے سامنے زمین پر اپنا منہ ٹکاتے ہیں؟ انہوں نے اثبات میں جواب دیا، یہ جواب سن کر وہ اپنے معبودوں لات وعزیٰ کی قسم کھا کر بولا اگر میں نے ان کو نماز پڑھتے ہوئے دیکھا تو ان کی گردن روند ڈالوں گا اور ان کے چہرے کو مٹی میں ملا دوں گا پھر وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت مقام ابراہیم پر وقت نماز پڑھ رہے تھے، اس امت کے فرعون ابوجہل نے آگے بڑھ کر آپ کی گردن مبارک پر اپنے پیر رکھنے کا ارادہ کیا کہ بدحواسی میں یک دم واپس پلٹا اور اپنے ہاتھوں سے اپنے منہ کا بچاؤ کرنے لگا اس کے ساتھیوں نے پوچھا کہ کیا بات ہے؟ ابوجہل نے جواب دیا میرے اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے درمیان آگ کی خندق، خوف ورعب اور بہت سارے پر حائل ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر یہ میرے ذرا قریب ہوتا تو فرشتے اس کی بوٹی بوٹی نوچ لیتے۔ [۲]

فَلَمَّا قام رسول الله قَالَ أَبُو جَهْلِ بْنُ هِشَامٍ: يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ إِنَّ مُحَمَّدًا قَدْ أَبَى إِلَّا مَا تَرَوْنَ مِنْ عَيْبِ دِينِنَا، وَشَتْمِ آبَائِنَا وَتَسْفِيهِ أَحْلَامِنَا وَسَبِّ آلِهَتِنَاوَإِنِّي أُعَاهِدُ اللَّهَ لَأَجْلِسُ لَهُ غَدًا بحجرٍ فَإِذَا سَجَدَ فِي صَلَاتِهِ فَضَخْتُ بِهِ رَأْسَهُ فَلْيَصْنَعْ بَعْدَ ذَلِكَ بَنُو عَبْدِ مَنَافٍ مَا بَدَا لَهُمْ، فَلَمَّا أَصْبَحَ أَبُو جَهْلٍ لَعَنَهُ اللَّهُ أَخَذَ حَجَرًا ثُمَّ جَلَسَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ينتظره ، وغدارَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا كان يغدو، وكان قِبْلَتُهُ الشَّامَ . فَكَانَ إِذَا صلى صلَّى بَيْنَ الرُّكْنَيْنِ الْأَسْوَدِ وَالْيَمَانِيِ ، وَجَعَلَ الْكَعْبَةَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الشَّامِ فَقَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي وَقَدْ غَدَتْ قُرَيْشٌ فَجَلَسُوا فِي أَنْدِيَتِهِمْ يَنْتَظِرُونَ

[۱] صحیح بخاری کتاب تفسیرسورۃ العلق بَابُ كَلَّا لَئِنْ لَمْ يَنْتَهِ لَنَسْفَعَنْ بِالنَّاصِيَةِ نَاصِيَةٍ كَاذِبَةٍ خَاطِئَةٍ۴۹۵۸،جامع ترمذی ابواب تفسیرالقرآن بَاب وَمِنْ سُورَةِ اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ۳۳۴۸

[۲] صحیح مسلم کتاب صفۃ القیامۃ بَابُ قَوْلِهِ إِنَّ الْإِنْسَانَ لَيَطْغَى أَنْ رَآهُ اسْتَغْنَى ۷۰۶۵ ، مسنداحمد۸۸۳۱

ایک روایت میں ہے جب خاتم الانبیاء ﷺ نے اپنی رسالت کا اعلان فرمایا تو ابوجہل بن ہشام نے قریش مکہ کو جمع کر کے ان سے کہا تھا اے قریش کے گروہ! تم دیکھ رہے ہو کہ محمد (ﷺ) ہمارے دین ہی کو نہیں بلکہ ہمارے بزرگوں کو برا بھلا کہتا اور ہمارے دیوتاؤں کو بھی گالیاں دیتا ہے چنانچہ آج میں نے یہ پختہ ارادہ کیا ہے کہ کل صبح ہوتے ہی ایک بڑا پتھر لے کر اس کی تاک میں بیٹھ جاؤں گا اور وہ جیسے ہی حرم میں نماز پڑھتے ہوئے سجدے میں جائے گا میں اس کا سر اس بڑے پتھر سے پاش پاش کر دوں گا تاکہ بنو عبد مناف پہلے کی طرح اپنے دیوتاؤں کی پرستش سکون و اطمینان سے کرتے رہیں، دوسری صبح کو ابوجہل اللہ اس پر لعنت کرے ایک بڑا پتھر اٹھا کر ایک طرف چھپ کر رسول اللہ ﷺ کی انتظار میں بیٹھ گیا چنانچہ اگلی صبح جب رسول اللہ ﷺ نماز کے لیے حسب معمول خانہ کعبہ میں تشریف لے گئے اور نماز پڑھنے لگے تو اس وقت آپ ﷺ حجر اسود اور حجر یمانی کے درمیان قیام میں کھڑے تھے اور آپ ﷺ کا رخ شام کی طرف تھا جب کہ خانہ کعبہ درمیان میں تھا رسول اللہ ﷺ نماز پڑھ رہے تھے اور کچھ دوسرے مشرکین قریش بھی ایک گوشے میں چھپے ہوئے یہ ماجرا دیکھ رہے تھے،

فَلَمَّا سَجَدَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَمَلَ أَبُو جَهْلٍ الْحَجَرَ ثُمَّ أَقْبَلَ نَحْوَهُ حَتَّى إِذَا دَنَا مِنْهُ رَجَعَ مُنْبَهِتًا مُنْتَقِعًا لَوْنُهُ مَرْعُوبًا قَدْ يَبِسَتْ يَدَاهُ عَلَى حَجَرِهِ، حَتَّى قَذَفَ الْحَجَرَ مِنْ يَدِهِ، وَقَامَتْ إِلَيْهِ رِجَالٌ مِنْ قُرَيْشٍ. فَقَالُوا لَهُ: مَا بِكَ يَا أَبَا الْحَكَمِ؟فَقَالَ قُمْتُ إِلَيْهِ لِأَفْعَلَ مَا قُلْتُ لَكُمُ الْبَارِحَةَ فَلَمَّا دَنَوْتُ مِنْهُ عَرَضَ لِي دُونَهُ فَحْلٌ مِنَ الْإِبِلِ وَاللَّهِ مَا رَأَيْتُ مِثْلَ هَامَتِهِ، وَلَا قَصَرَتِهِ ،وَلَا أَنْيَابِهِ لِفَحْلٍ قَطُّ فَهَمَّ أَنْ يَأْكُلَنِي

جب آپ ﷺ سجدے میں گئے تو ابوجہل پتھر لے کر آپ ﷺ کی طرف بڑھا لیکن جب ابوجہل نے پتھر آپ ﷺ کے سر مبارک پر مارنا چاہا تو وہ پتھر اس کے ہاتھوں سے ایسا چپکا کہ وہ اسے بصد ہزار کوشش پھینکنے پر قادر نہ ہو سکا بلکہ خوف سے کانپتا ہوا الٹے پاؤں بھاگا تو دوسرے لوگوں نے آگے بڑھ کر اس سے پوچھا اے ابوالحکم کیا ہوا ہے؟ ان کے اس سوال پر اس نے پتھر کا اپنے ہاتھ سے چپک جانے کا ماجرا بیان کرتے ہوئے یہ بھی بتایا کہ ایک لحیم شحیم اونٹ اس کی طرف لپکا تھا اور اگر وہ بھاگ کر نہ آتا تو وہ خوفناک اونٹ اسے اپنے کھلے ہوئے منہ میں اس کا سر لے کر اسے ضرور چبا ڈالتا، اس نے یہ بھی کہا کہ اس ہیئت کا اونٹ اس نے اس سے قبل کبھی نہیں دیکھا تھا۔ [1]

اللہ تعالیٰ نے لوگوں کو مخاطب کر کے فرمایا کہ تم لوگوں نے اس شخص کی حرکت دیکھی جو اللہ کے بندے کو اپنے رب کی بندگی سے روکتا ہے؟ اللہ تعالیٰ نے اس متکبر اور سرکش ابوجہل لعنہ اللہ سے فرمایا میرے بندے کو نماز سے روکنے والے مجھے بتا، اگر حق کا علم رکھنے والا اور اس پر عمل کرنے والا ہو یا دوسروں کو بھی تقویٰ اور عمل صالح کی تلقین کرنے والا ہو جس سے انسان جہنم کی آگ سے بچ سکتا ہے تو کیا یہ مناسب ہے کہ ایسے شخص کو اپنے رب کی بندگی سے روکا جائے، ان کی مخالفت کی جائے اور ان کو دھمکیاں دی جائیں، کیا اس کو روکنا اللہ تعالیٰ کے ساتھ سب سے بڑی دشمنی اور حق کے خلاف جنگ نہیں؟ کیا دعوت حق سے اعراض اور پیغمبر کو جھٹلانے والے کو یہ علم نہیں اللہ اس کے فعل کو دیکھ اور کلام کو سن رہا ہے اور عنقریب اسے اس کے ہر عمل کا پورا پورا بدلہ دے گا۔

---

[1] البدایة والنهایة ۳/۴۳

كَلَّا لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ ۙ لَنَسْفَعًۢا بِالنَّاصِيَةِ ۙ﴿۱۵﴾ نَاصِيَةٍ كَاذِبَةٍ خَاطِئَةٍ ۚ﴿۱۶﴾

یقیناً اگر یہ باز نہ رہا تو ہم اس کی پیشانی کے بال پکڑ کر گھسیٹیں گے، ایسی پیشانی جو جھوٹی خطا کار ہے،

فَلْيَدْعُ نَادِيَهٗ ۙ﴿۱۷﴾ سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ ۙ﴿۱۸﴾ (العلق ۱۵تا۱۸)

یہ اپنی مجلس والوں کو بلالے ہم بھی (دوزخ کے) پیادوں کو بلالیں گے۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي فَجَاءَ أَبُو جَهْلٍ فَقَالَ: أَلَمْ أَنْهَكَ عَنْ هَذَا؟ أَلَمْ أَنْهَكَ عَنْ هَذَا؟ أَلَمْ أَنْهَكَ عَنْ هَذَا؟ فَانْصَرَفَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَزَبَرَهُ، فَقَالَ أَبُو جَهْلٍ: إِنَّكَ لَتَعْلَمُ مَا بِهَا نَادٍ أَكْثَرُ مِنِّي، فَأَنْزَلَ اللَّهُ: {فَلْيَدْعُ نَادِيَهُ سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ}

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مقام ابراہیم پر نماز ادا فرما رہے تھے کہ ابوجہل کا اس طرف گزر ہوا، یہ دیکھ کر اس نے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مخاطب ہو کر بولا اے محمد! کیا میں نے تم کو اس سے (نماز پڑھنے سے) منع نہیں کیا تھا، کیا میں نے تم کو اس سے (نماز پڑھنے سے) منع نہیں کیا تھا، اور پھر دھمکیاں دیں کہ اگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھنے سے باز نہ آئے تو وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی گردن مبارک پر پاؤں رکھ دے گا (یعنی گردن روند کر ذلیل کرے گا) محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوجہل کے اس اعتراض پر سختی سے اسے جھڑک دیا تو ابوجہل جسے اپنی افرادی طاقت پر بڑا گھمنڈ تھا کہنے لگا اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم! تو مجھے کس چیز سے ڈراتا ہے؟ اللہ کی قسم! تو جانتا ہے اس وادی میں میری مجلس میں بیٹھنے والے اور میرے حمایتی سب سے زیادہ ہیں، میری ایک آواز پر یہ ساری وادی آدمیوں سے بھر جائے گی، اللہ تعالیٰ نے ابوجہل کی اس بات پر وعید نازل ہوئی کہ اللہ کا دشمن ملعون ابوجہل اللہ کے رسول کو اس بات کی دھمکی دیتا ہے کہ وہ ان کی گردن پر اپنا پاؤں رکھ کر ان کا چہرہ مبارک روند ڈالے گا اور اس طرح انہیں ذلیل کرے گا وہ اپنے جن حمایتیوں، مددگاروں، قرابت داروں اور کنبے قبیلے کی دھمکی دیتا ہے ان سب کو جمع کر کے ہر طرح کا جتن کر ڈالے، اس نے ہمارے پیغمبر کو جو دھمکی دی ہے، وہ ایسا ہرگز ہرگز نہیں کر سکے گا اور خود ہی ذلیل ورسوا ہو کر رہ جائے گا اور اگر وہ ہمارے رسول کے ساتھ اپنی مخالفت، سرکشی اور ایذا دہی سے باز نہ آیا تو بلالے اپنے حمایتیوں کو ہم بھی عذاب کے فرشتے بلالیں گے، پھر اسے معلوم ہو جائے گا کہ کون جیتا اور کون ہارا اور انجام کار اسے خطا کار پیشانی کے بالوں سے پکڑ کر گھسیٹتے ہوئے دوزخ میں ڈال دیا جائے گا۔[1]

فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: وَاللَّهِ لَوْ دَعَا نَادِيَهُ، لَأَخَذَتْهُ زَبَانِيَةُ الْعَذَابِ

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اللہ کی قسم! اگر وہ اپنے حمایتیوں کو بلاتا تو اسی وقت عذاب کے فرشتے اسے پکڑ لیتے۔[2]

كَلَّا ۭ لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ ﴿۱۹﴾ (العلق ۱۵)

خبردار! اس کا کہنا ہرگز نہ ماننا اور سجدہ کر اور قریب ہو جا۔

---

[1] جامع ترمذی کتاب تفسیرسورہ بَاب وَمِنْ سُورَةِ اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ ۳۳۴۹

[2] جامع ترمذی کتاب تفسیرسورہ بَاب وَمِنْ سُورَةِ اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ ۳۳۴۹، مسند احمد ۲۳۲۱

آخر آیت میں رسول اللہ ﷺ کو ایک بڑا اہم نکتہ بیان فرمایا کہ اپنے رب کا قرب حاصل کرنے کے لئے بے خوف وخطر جہاں دل چاہئے عبادت میں مشغول رہیں اور کافروں ومشرکوں کی مطلق پرواہ نہ کریں، ہم خود تمہارے محافظ و ناصر ہیں، ہم تمہیں دشمنوں کی شرارتوں ،سازشوں سے محفوظ رکھیں گے،

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ :أَقْرَبُ مَا يَكُونُ الْعَبْدُ مِنْ رَبِّهِ عَزَّ وَجَلَّ وَهُوَ سَاجِدٌ فَأَكْثِرُوا الدُّعَاءَ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا بندہ اپنے رب کے اس وقت سب سے زیادہ قریب ہوتا ہے جب وہ حالت سجدہ میں ہوتا ہے، پس تم کثرت سے سجدوں میں دعائیں کیا کرو۔[1]

رَبِيعَةُ بْنُ كَعْبٍ الْأَسْلَمِيُّ، قَالَ: كُنْتُ أَبِيتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَتَيْتُهُ بِوَضُوئِهِ وَحَاجَتِهِ فَقَالَ لِي :سَلْ فَقُلْتُ: أَسْأَلُكَ مُرَافَقَتَكَ فِي الْجَنَّةِ. قَالَ :أَوْ غَيْرَ ذَلِكَ قُلْتُ: هُوَ ذَاكَ. قَالَ :فَأَعِنِّي عَلَى نَفْسِكَ بِكَثْرَةِ السُّجُودِ

ربیعہ بن کعب اسلمی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے میں رات کو رسول اللہ ﷺ کے پاس رہا کرتا اور آپ ﷺ کے پاس وضو اور حاجت کا پانی لایا کرتا تھا ایک بار آپ ﷺ نے فرمایا مجھ سے کچھ مانگو میں نے عرض کیا میں جنت میں آپ کی رفاقت چاہتا ہوں، آپ ﷺ نے فرمایا اس کے علاوہ کچھ اور، میں نے عرض کیا بس یہی گزارش ہے آپ ﷺ نے فرمایا اچھا کثرت سجود سے تو میری مدد کر (یعنی تو سجدہ بہت کیا کر اس لئے کہ یہ عبادت اللہ تعالیٰ کو بہت پسند ہے، پس شاید مجھے تیرے لئے سفارش کرنے اور اپنے ساتھ جنت میں لے جانے کا موقع مل جائے)۔[2]

سلف صالحین کی فضیلت کہ وہ حصول جنت کے لیے کس قدر کوشاں اور حریص تھے کہ اکثر وبیشتر ان کے سوالات کا محور آخرت ہوتی تھی،

حَدَّثَنِي مَعْدَانُ بْنُ أَبِي طَلْحَةَ الْيَعْمُرِيُّ قَالَ :لَقِيتُ ثَوْبَانَ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: أَخْبِرْنِي بِعَمَلٍ أَعْمَلُهُ يُدْخِلُنِي اللّٰهُ بِهِ الْجَنَّةَ؟ أَوْ قَالَ قُلْتُ: بِأَحَبِّ الْأَعْمَالِ إِلَى اللّٰهِ ،ثُمَّ سَأَلْتُهُ فَسَكَتَ ثُمَّ سَأَلْتُهُ الثَّالِثَةَ فَقَالَ: سَأَلْتُ عَنْ ذَلِكَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ :عَلَيْكَ بِكَثْرَةِ السُّجُودِ لِلّٰهِ، فَإِنَّكَ لَا تَسْجُدُ لِلّٰهِ سَجْدَةً، إِلَّا رَفَعَكَ اللّٰهُ بِهَا دَرَجَةً، وَحَطَّ عَنْكَ بِهَا خَطِيئَةً

معدان بن ابی طلحہ یعمری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے میں ثوبان رضی اللہ عنہ سے ملا جو رسول اللہ ﷺ کے مولیٰ (آزاد کردہ غلام) تھے اور کہا مجھے کوئی ایسا کام بتلاؤ جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ مجھے جنت میں لے جائے یا یوں کہا کہ مجھے وہ کام بتلاؤ جو اللہ کو سب کاموں سے زیادہ پسندیدہ ہو، یہ سن

---

[1] صحیح مسلم کتاب الصلاة بَابُ مَا يُقَالُ فِي الرُّكُوعِ وَالسُّجُودِ ۱۰۸۳،سنن نسائی کتاب الافتتاع باب أَقْرَبُ مَا يَكُونُ الْعَبْدُ مِنَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ ۱۱۳۸،سنن ابوداودکتاب الصلاة بَابٌ فِي الدُّعَاءِ فِي الرُّكُوعِ وَالسُّجُودِ ۸۷۵،مسنداحمد ۹۴۶۱،صحیح ابن حبان ۱۹۲۸

[2] سنن نسائی کتاب الافتتاح باب فَضْلُ السُّجُودِ ۱۱۳۹،صحیح مسلم کتاب الصلوٰة بَابُ فَضْلِ السُّجُودِ وَالْحَثِّ عَلَيْهِ ۱۰۹۴، سنن ابوداودکتاب التطوع بَابُ وَقْتِ قِيَامِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ اللَّيْلِ ۱۳۲۰

کر ثوبان رضی اللہ عنہ چپ ہو رہے، پھر میں نے ان سے پوچھا تو چپ رہے، پھر تیسری بار پوچھا تو کہا میں نے بھی یہ رسول اللہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سے پوچھا تھا تو آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا تو سجدہ بہت کیا کر، اس واسطے کہ ہر ایک سجدہ سے اللہ تعالیٰ تیرا ایک درجہ بلند کرے گا اور تیرا ایک گناہ معاف کرے گا۔ [۱]

نماز کا اصل مقصود سجدہ ہے باقی تمہید اور خاتمہ ہے لہذا سجدے میں مکمل سکون و اطمینان ہونا چاہیے کیونکہ شیطان سجدے سے انکار کر کے ذلیل و رسوا ہوا اور انسان شیطان کی مخالفت یعنی سجدہ کر کے عزت و رتبہ حاصل کر سکتا ہے۔

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: سَجَدْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي إِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ وَاقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ہم نے رسول اللہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کے ساتھ سورہ الانشقاق اور سورہ العلق میں سجدہ کیا۔ [۲]

اس حکم کے ساتھ ہی وحی کا لگاتار سلسلہ شروع ہو گیا۔ [۳]

### خالد رضی اللہ عنہ بن سعید بن العاص

ان کا تعلق بنو عبد شمس سے تھا، یہ اسلام قبول کرنے والوں میں چوتھے یا پانچویں مسلمان ہیں، ان کے اسلام قبول کرنے کا واقعہ یوں ہے۔

وَيَرَى فِي النَّوْمِ كَأن آت أَتَاهُ يَدْفَعُهُ فِيهَا وَيَرَى رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آخِذًا بِحَقْوَيْهِ لَا يَقَعُ، فَفَزِعَ مِنْ نَوْمِهِ، فَقَالَ أَحْلِفُ بِاللَّهِ إِنَّ هَذِهِ لَرُؤْيَا حَقٌّ، فَلَقِيَ أَبَا بَكْرِ بْنَ أَبِي قحافة فذكر ذلك له، فقال [أبو بكر] أُريد بِكَ خَيْرًا هَذَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاتَّبِعْهُ فَإِنَّكَ سَتَتَّبِعُهُ وَتَدْخُلُ مَعَهُ فِي الْإِسْلَامِ، وَالْإِسْلَامُ يَحْجِزُكَ أَنْ تَدْخُلَ فِيهَا وَأَبُوكَ وَاقِعٌ فِيهَا. فَلَقِيَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ بأجيادٍ، فَقَالَ يا رسول الله يا محمد إلى ما تدعو؟ قال: أَدْعُوكَ إِلَى اللَّهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ وأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، وَتَخْلَعُ مَا أَنْتَ عَلَيْهِ مِنْ عِبَادَةِ حَجَرٍ لَا يَسْمَعُ، وَلَا يضر، وَلَا يُبْصِرُ، وَلَا يَنْفَعُ، وَلَا يَدْرِي مَنْ عَبَدَهُ مِمَّنْ لَا يَعْبُدُهُ. قَالَ خَالِدٌ: فَإِنِّي أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَأَشْهَدُ أَنَّكَ رَسُولُ اللَّهِ. فسرَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِإِسْلَامِهِ، وَتَغَيَّبَ خَالِدٌ وَعَلِمَأَبُوهُ بِإِسْلَامِهِ، فَأَرْسَلَ فِي طَلَبِهِ فَأُتِيَ بِهِ. فأنَّبه وَضَرَبَهُ بِمِقْرَعَةٍ فِي يَدِهِ حَتَّى كَسَرَهَا عَلَى رَأْسِهِ وقال: والله لأمنعنك القوت: فقال خالد: إن مَنَعْتَنِي فَإِنَّ اللَّهَ يَرْزُقُنِي مَا أَعِيشُ بِهِ، وَانْصَرَفَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فكان يكرمه ويكون معه

اسلام قبول کرنے سے پہلے انہوں نے ایک خواب دیکھا کہ وہ ایک نہایت گہری اور وسیع آگ کی خندق کے کنارے پر کھڑے ہوئے

[۱] صحیح مسلم کتاب الصلوٰۃ بَابُ فَضْلِ السُّجُودِ وَالْحَثِّ عَلَيْهِ۱۰۹۳ ،سنن نسائی کتاب الافتتاح بَابُ ثَوَابِ مَنْ سَجَدَ لِلَّهِ عَزَّ وَجَلَّ سَجْدَةً ۱۱۴۰،مسند احمد۲۲۳۷۷

[۲] صحیح مسلم کتاب المساجدبَابُ سُجُودِ التِّلَاوَةِ۱۳۰۱،مسند احمد۹۹۳۹

[۳] صحیح بخاری کتاب الوحی باب كَيْفَ كَانَ بَدْءُ الوَحْيِ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟۴،صحیح مسلم کتاب الایمان بَابُ بَدْءِ الْوَحْيِ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۴۰۶

ہیں اور ان کا باپ سعید بن العاص انہیں اس آگ کی طرف دھکیلنے کا ارادہ کر رہا ہے کہ اچانک رسول اللہ ﷺ وہاں تشریف لائے اور خالد کو کمر سے پکڑ کر کھینچ لیا، جب خالد نیند سے بیدار ہوئے تو ان کے ذہن پر اس خواب کا گہرا اثر تھا، جس پر انہوں نے قسم کھا کر کہا یہ خواب سچا ہے سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ کیونکہ کپڑے کا کاروبار کرتے تھے، طبیعت میں بھی نرمی تھی، صائب الرائے تھے اس لئے اکثر اہل مکہ کے ساتھ ان کے دوستانہ مراسم تھے، جس کی وجہ سے لوگ ان کے پاس اپنے مسائل بیان کرنے چلے آتے تھے خالد بن سعید بھی سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ بن ابی قحافہ کے پاس آئے اور اپنے خواب کا ذکر کیا سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ نے کہا تمہارا خواب حق ہے، اللہ نے تمہارے ساتھ کچھ خیر و بھلائی کا ارادہ فرمایا ہے، پھر انہوں نے محمد ﷺ کے بارے میں بیان کیا کہ آپ ﷺ اللہ کے رسول ہیں تم اسلام کی دعوت قبول کرو اور رسول اللہ ﷺ کی اتباع کرو جب تو اسلام میں داخل ہو کر اتباع رسول کرے گا تو اسلام ہی تجھے آگ میں گرنے سے بچالے گا مگر مجھے تمہارا والد اس ہولناک آگ میں گرتا نظر آرہا ہے، سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ کی بات سن کر خالد خاتم النبیین ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور عرض کیا اے اللہ کے رسول! اے محمد (ﷺ) آپ ہمیں کس چیز کی طرف دعوت دیتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا میں تمہیں اللہ کی طرف دعوت دیتا ہوں جو واحد ہے اور کوئی اس کا شریک نہیں، اور محمد ﷺ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں، اور اس بات کی طرف دعوت دیتا ہوں کہ بتوں کی پرستش کو ترک کر دو جو نہ کچھ نقصان پہنچا سکتے ہیں اور نہ ہی کچھ فائدہ، اور نہ ہی انہیں کچھ علم ہے کہ کس نے ان کی پرستش کی اور کس نے نہیں کی، رسول اللہ ﷺ کی اس دعوت پر خالد رضی اللہ عنہ نے عرض کیا میں گواہی دیتا ہوں اللہ وحدہ لاشریک ہے اور آپ اللہ کے سچے رسول ہیں، رسول اللہ ﷺ ان کے اسلام قبول کرنے سے خوش ہوئے لیکن انہوں نے اپنے والد سے اپنے مسلمان ہونے کا ذکر نہیں کیا بلکہ اس سے چھپتے پھرے، جب ان کے والد کو اپنے بیٹے کے آبائی دین کو ترک کرنے اور اسلام قبول کرنے کا علم ہوا تو انہیں بلا بھیجا جب وہ آئے اس نے کہا تو نے محمد (ﷺ) کا اتباع کیا جس نے ساری قوم کے خلاف کیا اور ہمارے معبودوں کو برا اور ہمارے آباو اجداد کو جاہل اور احمق قرار دیتا ہے تو اپنی چھڑی ان کے ہاتھ پر ماری اور پھر ان کے سر پر اس سے ایسی سخت ضرب لگائی کہ وہ ٹوٹ گئی اور سر زخمی ہو گیا، خالد رضی اللہ عنہ نے اپنے باپ سے کہا اللہ کی قسم محمد ﷺ بالکل صحیح دعوت دے رہے ہیں، یہ سن کر ان کے باپ کو مزید غصہ چڑھ گیا اور انہیں سخت سست کہا اور نظروں سے دور چلے جانے کا کہا اور کہا کہ میں تیرا کھانا پینا بند کر دوں گا خالد رضی اللہ عنہ نے کہا آپ میرا کھانا پینا بند کر دیں گے تو اللہ رب العالمین جو تمام مخلوقات کو رزق پہنچاتا ہے وہ مجھے بھی رزق عطا فرما دے گا، ایسا کڑا جواب سن کر سعید بن العاص نے اپنے بیٹے کو گھر سے ہی نکال باہر کیا اور دوسرے بیٹوں سے کہا کہ کوئی اس سے تعلق نہ رکھے اگر کسی نے اس کے ساتھ کوئی تعلق واسطہ رکھا تو میں اسے بھی گھر سے نکال دوں گا، یہ کہہ کر خالد رضی اللہ عنہ اپنے والد کے گھر کو چھوڑ کر رحمت رب العالمین ﷺ کے پاس چلے گئے اور آپ نے انہیں عزت کے ساتھ بٹھایا تو وہ آپ ﷺ ہی کے ساتھ رہنے لگے۔ (۱)

## عمرو رضی اللہ عنہ بن سعید اموی

ابو عقبہ عمرو رضی اللہ عنہ بن سعید السابقون الاولون کی مقدس جماعت کے ایک رکن تھے،

---

(۱) البدایة والنهایة ۴۴/۳، حیاة الصحابة ۸۴/۱

عمرو بن سعيد بن العاص يكنى أبا أمية

عمرو رضی اللہ عنہ بن سعید بن العاص کی کنیت ابو امیہ تھی۔ (۱)

وأمه صفية بِنْت المغيرة بْن عَبْد الله بْن عُمَر بْن مخزوم

ان کی والدہ نام صفیہ بنت مغیرہ تھا جو بنو مخزوم سے تھیں۔

اور خالد رضی اللہ عنہ بن ولید کی پھوپھی تھیں، عمرو رضی اللہ عنہ کے والد اور دادا سخت مشرک تھے لیکن ان کے بڑے بھائی خالد رضی اللہ عنہ بن سعید نہایت نیک فطرت تھے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعوت حق کا آغاز فرمایا تو انہوں نے بلا تامل اس پر لبیک کہا

كَانَ أَبِي خَامِسًا فِي الإِسْلامِ

اور اسلام قبول کرنے والوں میں وہ پانچویں نمبر پر ہیں۔ (۲)

قلت: من تقدّمه؟ قالت: على ابن أَبِي طَالِبٍ، وَابْنُ أَبِي قُحَافَةَ، وَزَيْدُ بْنُ حارثة، وسعد بن أبي وقّاص

ان سے پوچھا گیا آپ سے پہلے کون لوگ اسلام قبول کر چکے تھے تو انہوں نے کہا سیدنا علی رضی اللہ عنہ بن ابو طالب، سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ، زید رضی اللہ عنہ بن حارثہ اور سعد رضی اللہ عنہ بن ابی وقاص۔ (۳)

أسلم عَمْرُو بْنُ سَعِيدٍ بَعْدَ خَالِدِ بْنِ سَعِيدٍ بِيَسِيرٍ

عمرو رضی اللہ عنہ بھی سعید فطرت تھے انہوں نے بھی بھائی کی پیروی کی اور ان کے قبول اسلام کے چند دن بعد وہ بھی حلقہ بگوش اسلام ہو گئے۔ (۴)

باپ اور دوسرے اہل خاندان نے ان پر قبول اسلام کے جرم میں بے پناہ سختیاں کیں لیکن نشہ توحید ایسا نہیں تھا جو سختیوں کی ترشی سے اتر جاتا، اسی زمانے میں ان کے بھائی ابان بن سعید (جو اس وقت تک ایمان نہیں لائے تھے) دونوں بھائیوں کی ہجو کہی جس کا ایک شعر یہ تھا۔

أَلَا لَيْتَ مَيْتًا بِالظُّرَيْبَةِ شَاهِدُ — لِمَا يَفْتَرِي فِي الدِّينِ عَمْرٌو وَخَالِدُ

کاش ظریبہ میں موت کی نیند سونے والا (سعید بن عاص) دیکھتا۔ کہ عمرو رضی اللہ عنہ اور خالد رضی اللہ عنہ نے دین میں کیا افترا کیا ہے

عمرو رضی اللہ عنہ بن سعید بھی شعر و شاعری میں ورک رکھتے تھے انہوں نے یہ ہجو سنی تو انہوں نے بھی اس کا جواب نظم میں دیا جس کا مقطع یہ تھا۔

فدع عنك ميتا قد مضى لسبيله — وأقبل على الحقّ الّذي هو أظهر

اب اس موت کی نیند سونے والے کا ذکر چھوڑ وہ اپنا سفر لے چکا۔ اور اس حق کی طرف آؤ جس کا حق ہونا بالکل ظاہر ہے

وَكَانَ مِنْ مُهَاجِرَةِ الْحَبَشَةِ فِي الْهِجْرَةِ الثَّانِيَةِ مَعَهُ امْرَأَتُهُ فَاطِمَةُ بنت صفوان الْكِنَانِيَةُ

جب مشرکین کا ظلم و ستم حد سے بڑھ گیا تو دوسری ہجرت حبشہ میں عمرو رضی اللہ عنہ بن سعید اپنی اہلیہ فاطمہ رضی اللہ عنہا بنت صفوان کنانیہ اور خالد رضی اللہ عنہ بن

---

(۱) تاریخ دمشق لابن عساکر ۴۶٫۳۳

(۲) ابن سعد ۴٫۷۵

(۳) الاستیعاب فی معرفۃ اصحاب ۲٫۴۲۱

(۴) ابن سعد ۴٫۷۵

سعید بھی اپنی اہلیہ کے ساتھ اس میں شامل ہو گئے۔

قَدِمَ عَلَيْنَا عَمِّي عَمْرُو بْنُ سَعِيدٍ أرض الْحَبَشَةِ بَعْدَ مَقْدَمِ أَبِي بِسَنَتَيْنِ فَلَمْ يَزَلْ هُنَاكَ حَتَّى حُمِلَ فِي السَّفِينَتَيْنِ مَعَ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَدِمُوا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ بخير سَنَةَ سَبْعٍ مِنَ الْهِجْرَةِ، فَكَلَّمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُسْلِمِينَ فَأَسْهَمُوا لَنَا

عمرو رضی اللہ عنہ اور خالد رضی اللہ عنہ اپنے اہل خاندان سمیت تیرہ برس تک حبش میں غریب الوطنی کی مصیبتیں جھیلتے رہے، غزوہ خیبر کے زمانہ میں دوسرے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ہمراہ دو کشتیوں میں حبش سے مدینہ منورہ آئے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں سے گفتگو فرمائی اور گو وہ اس غزوہ میں شریک نہ تھے مگر مال غنیمت میں ان کا حصہ بھی لگایا گیا۔ (۱)

فَشَهِدَ عَمْرٌو مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْفَتْحَ وحنين وَالطَّائِفَ وَتَبُوكَ

عمرو رضی اللہ عنہ نے فتح مکہ، غزوہ طائف اور غزوہ تبوک (جیش عسرۃ) میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہم رکاب ہونے کا شرف حاصل کیا۔ (۲)

وكان رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قد استعمل عمرو بن سعيد على خيبر ووادي القرى وتيماء وتبوك

غزوہ تبوک سے واپسی پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں مدینہ منورہ کے مغربی علاقوں خیبر، وادی القری، تیماء اور تبوک کا عامل مقرر کیا اور اپنی دعاؤں کے ساتھ مدینہ منورہ سے روانہ فرمایا۔ (۳)

وعمرا بني سعيد بن العاص لما بلغتهم وفاة النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رجعوا عن أعمالهم ،فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ:ما لكم رجعتم عن عمالتكم،فقالوا:لا نعمل لأحد بعد رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أبدا

جب عمرو بن سعید نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کی روح فرسا خبر سنی تو فرط الم سے نڈھال ہو گئے اور سب کچھ چھوڑ چھاڑ کر مدینہ منورہ واپس آ گئے، جہاں سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ مسند نشین خلافت ہو چکے تھے، خلیفہ الرسول صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں پھر عہد رسالت کے عہدے پر واپس بھیجنا چاہا اور ان سے فرمایا تم سے بڑھ کر اس عہدے کا مستحق کون ہو سکتا ہے؟ مگر انہوں نے یہ کہہ کر واپس جانے سے معذرت کی کہ اے خلیفۃ الرسول، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد میں اس قسم کی کوئی ذمہ داری نہیں اٹھا سکتا۔ (۴)

فَلَمَّا خَرَجَ الْمُسْلِمُونَ إِلَى الشَّامِ فَكَانَ فِيمَنْ خَرَجَ فَقُتِلَ يَوْمَ أَجْنَادِينَ شَهِيدًا فِي خِلَافَةِ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ فِي جُمَادَى الأُولَى سَنَةَ ثَلَاثَ عَشْرَةَ

ابھی واپس آئے تھوڑے ہی دن گزرے تھے کہ سلطنت روم سے معرکہ آرائی کا آغاز ہو گیا شام اس زمانے میں رومی سلطنت کا حصہ تھا، جمادی الاول تیرہ ہجری میں خلیفۃ الرسول سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے شام پر فوج کشی کی تو عمرو رضی اللہ عنہ بن سعید شام جانے والے مجاہدین

(۱) ابن سعد ۴/۷۵

(۲) الاصابة فى تميز الصحابة ۴/۵۲۷

(۳) تاریخ دمشق لابن عساکر ۴۶/۲۰

(۴) الاستیعاب فی معرفة اصحاب ۲/۴۲۲

میں ایک معمولی سپاہی کی حیثیت سے شریک ہو گئے، دو تین معرکوں کے بعد مسلمانوں اور رومیوں کے درمیان اجنادین کے مقام پر نہایت سخت لڑائی ہوئی، عمرو رضی اللہ عنہ بن سعید اس معرکے میں بڑی بے جگری سے لڑے اور اسی میں ہی جام شہادت پی کر خلد بریں میں پہنچ گئے۔ (۱)

وبه أكثر من ثلاثين ضربة

ان کے جسم پر تیس سے زیادہ زخم شمار کیے گئے۔ (۲)

عمرو رضی اللہ عنہ بن سعید اور ان جیسے دوسرے شہدوں کا خون رائگاں نہ گیا رومیوں کو عبرتناک شکست ہوئی اور وہ اپنے ہزاروں آدمی کٹوا کر بھاگ کھڑے ہوئے۔ (۳)

**مضامین سورۂ القدر:**

سب سے پہلے اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ یہ قرآن محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی تصنیف نہیں بلکہ اس عظیم الشان کلام کو اللہ مالک ارض وسماوات نے نازل کیا ہے، جس رات میں یہ پاکیزہ کلام آسمان دنیا پر اتارا گیا اس کی فضیلت کے بارے میں فرمایا کہ ہم نے یہ قرآن اس رات میں نازل کیا جس کی قدر ومنزلت ہمارے ہاں ہزار راتوں سے زیادہ ہے کیونکہ اس رات میں ایک ایسی کتاب اتارنے کا فیصلہ کیا گیا جو خود خالق کائنات کا کلام ہے، اس قرآن کی وجہ سے ہم ان سارے لوگوں کو جو اس پر عمل پیرا ہوں گے عزت ومنزلت کے مناصب عطا کریں گے، نیز یہ کہ یہ کتاب اس قدر فضیلت اور برکت والی ہے کہ اس کے ذریعے سے ہم عرب بلکہ ساری کائنات کے نظام کو یکسر بدل دیں گے، سورۂ میں اہل مکہ کو لطیف پیرائے میں تنبیہ کی گئی کہ تم جس قرآن کو اپنے لئے مصیبت اور آفت سمجھ رہے ہو یہ قرآن بجائے خود ایک رحمت ہے بلکہ اس پر عمل کرنے والے دنیا وآخرت میں ہر مصیبت وآفت سے نجات پا جائیں گے، اس رات میں غروب آفتاب سے صبح صادق تک آپ کے رب کے حکم سے سلامتی اور خیر وبرکت نازل ہوتی رہتی ہے اور اس رات ہر قسم کی شر اور آفت کو روک دیا جاتا ہے اور اس رات تقدیروں کے فیصلے کر دیے جاتے ہیں۔

اس سورۂ کے شان نزول میں واحدی نے اپنی سند کے ساتھ مجاہد سے نقل کیا ہے۔

وَقَالَ ابن مسعود: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرَ رَجُلًا مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ لَبِسَ السِّلَاحَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَلْفَ شَهْرٍ فَعَجِبَ الْمُسْلِمُونَ مِنْ ذَلِكَ، فَنَزَلَتْ إِنَّآ أَنزَلْنَٰهُ فِى لَيْلَةِ ٱلْقَدْرِ، خَيْرٌ مِّنْ أَلْفِ شَهْرٍ

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بنی اسرائیل میں سے ایک شخص کا ذکر فرمایا جس نے ایک ہزار مہینے تک اللہ کی راہ میں جہاد کیا تھا اس کو سن کر مسلمانوں کو بے حد تعجب ہوا اس پر یہ سورۂ شریف نازل ہوئی۔ (۴)

---

(۱) تاریخ دمشق لابن عساکر ۴۶٫۲۱

(۲) الاصابة فی تمیز الصحابة ۴٫۵۲۷،تاریخ دمشق لابن عساکر ۴۶٫۲۶

(۳) تاریخ دمشق لابن عساکر ۴۶٫۲۵

(۴) تفسیر القرطبي ۲۰٫۱۳۲

عَنْ مُجَاهِدٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرَ رَجُلًا مِنْ بَنِي إِسرائيل لَبس السلاح فِي سَبِيلِ اللّٰهِ أَلْفَ شَهْرٍ قَالَ: فَعَجب الْمُسْلِمُونَ مِنْ ذَلِكَ ،قَالَ: فَأَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ :إِنَّآ أَنزَلْنَاهُ فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ وَمَآ أَدْرَاكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِّنْ أَلْفِ شَهْرٍ

مجاہد رحمہ اللہ کہتے ہیں نبی کریم ﷺ نے بنی اسرائیل کے ایک شخص کا ذکر فرمایا جو جنگی لباس پہن کر ایک ہزار ماہ تک اللہ کے دین کے لیے جہاد کرتے رہے، یہ سن کر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو تعجب ہوا تو اللہ عزوجل نے یہ سورہ نازل فرمائی ہم نے اس (قرآن) کو شب قدر میں نازل کیا ہے اور تم کیا جانو کہ شب قدر کیا ہے؟ شب قدر ہزار مہینوں سے زیادہ بہتر ہے۔ (۱)

رجلا من بنی إسرائیل اسمه شمسون لبس السلاح فی سبیل اللہ ألف شهر فتعجب المؤمنون منه وتقاصرت إلیهم أعمالهم فاعطوا لیلة هی خیر من مدة

مفسرین نے کہا ہے پہلے زمانے میں ایک بنی اسرائیل میں شمسون نامی نبی تھے جو ایک ہزار ماہ تک اللہ کے دین کے لئے جہاد فرماتے رہے اور اس تمام مدت میں انہوں نے اپنے ہتھیار جسم سے نہیں اتارے، یہ سن کر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے بھی اس طویل عمر کے لئے تمنا ظاہر کی تا کہ وہ بھی اس طرح خدمت اسلام کریں، اس پر یہ سورہ نازل ہوئی اور بتلایا گیا کہ تم کو صرف ایک رات ایسی دی گئی جو عبادت کے لئے ایک ہزار ماہ سے بھی بہتر و افضل ہے۔ (۲)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ۝۱ (القدر ۱)

یقیناً ہم نے اس شب قدر میں نازل فرمایا۔

اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا کہ کلام اللہ (قرآن مجید) کو کب نازل فرمایا اور اس رات کی عظمت کیا ہے۔

فرمایا یقیناً ہم نے اس قرآن کو لیلۃ القدر میں نازل کیا ہے،

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَغَيْرُهُ: أَنْزَلَ اللّٰهُ الْقُرْآنَ جُمْلَةً وَاحِدَةً مِنَ اللَّوْحِ الْمَحْفُوظِ إِلَى بَيْتِ العِزّة مِنَ السَّمَاءِ الدُّنْيَا ثُمَّ نَزَلَ مُفَصَّلًا بِحَسْبِ الْوَقَائِعِ فِي ثَلَاثٍ وَعِشْرِينَ سَنَةً على رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ اور دیگر ائمہ کرام رحمہم اللہ نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے لوح محفوظ سے آسمان دنیا کے بیت العزت میں ایک ہی مرتبہ نازل فرما دیا تھا پھر حسب حالات و واقعات بہ تدریج تیئس سال تک رسول اللہ ﷺ پر نازل ہوتا رہا۔ (۳)

---

(۱) تفسیرابن ابی حاتم ۸/۳۴۴۲

(۲) روح البیان ۱۰/۴۸۳،تفسیر حدائق الروح والریحان فی روابی علوم القرآن ۳۲/۱۸۹

(۳) تفسیرابن کثیر ۸/۴۴۱

وَمَآ اَدۡرٰىكَ مَا لَيۡلَةُ الۡقَدۡرِ ۝٢ لَيۡلَةُ الۡقَدۡرِ ۙ خَيۡرٌ مِّنۡ اَلۡفِ شَهۡرٍ ۝٣ (القدر ۲،۳)

تو کیا سمجھا کہ شب قدر کیا ہے؟ شب قدر ایک ہزار مہینوں سے بہتر ہے۔

اس رات کی عظمت واہمیت کو واضح کرنے کے لئے فرمایا کہ آپ کیا جانتے ہیں شب القدر کیا ہے؟ فرمایا یہ وہ رات ہے جس کی قدر و منزلت ہمارے ہاں ایک ہزار مہینوں، یعنی تریاسی سال چار مہینے کی عبادت سے بہتر ہے۔

حَدَّثَنِي أَوْسُ بْنُ أَوْسٍ الثَّقَفِيُّ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ غَسَّلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَاغْتَسَلَ، ثُمَّ بَكَّرَ وَابْتَكَرَ، وَمَشَى وَلَمْ يَرْكَبْ، وَدَنَا مِنَ الْإِمَامِ فَاسْتَمَعَ وَلَمْ يَلْغُ كَانَ لَهُ بِكُلِّ خُطْوَةٍ عَمَلُ سَنَةٍ أَجْرُ صِيَامِهَا وَقِيَامِهَا

اسی طرح اوس بن اوس ثقفی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے جس نے جمعہ کے روز غسل کیا اور خوب اچھی طرح کیا اور جلدی آیا اور (خطبہ میں) اول وقت پہنچا، پیدل چل کے آیا اور سوار نہ ہوا، امام سے قریب ہو کر بیٹھا اور غور سے سنا اور لغو سے بچا (یعنی باتیں کرنا، کپڑوں، صفوں کے تنکوں یا دریوں وغیرہ سے دھاگوں سے کھیلنا) تو اس کے لئے ہر قدم پر ایک سال کے روزوں اور قیام (یعنی دن کو روزہ اور رات کو مسلسل قیام کرنا) کے عمل کا ثواب ہے۔ [1]

اس رات کی قدر و منزلت اور عظمت و شرف اس لئے ہے کہ اس رات میں اللہ تعالیٰ تقدیروں کے فیصلے فرماتا ہے، جیسے فرمایا

وَالۡكِتٰبِ الۡمُبِيۡنِ ۝٢ اِنَّا جَعَلۡنٰهُ قُرۡءٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمۡ تَعۡقِلُوۡنَ ۝٣ وَاِنَّهٗ فِيۡۤ اُمِّ الۡكِتٰبِ لَدَيۡنَا لَعَلِيٌّ حَكِيۡمٌ ۝٤ [2]

ترجمہ: قسم ہے اس کتاب مبین کی کہ ہم نے اسے ایک بڑی خیر و برکت والی رات میں نازل کیا ہے کیونکہ ہم لوگوں کو متنبہ کرنے کا ارادہ رکھتے تھے، یہ وہ رات تھی جس میں ہر معاملہ کا حکیمانہ فیصلہ ہمارے حکم سے صادر کیا جاتا ہے۔

عن مجاهد، قوله (فِيهَا يُفۡرَقُ كُلُّ أَمۡرٍ حَكِيمٍ) قَالَ: فِي لَيۡلَةِ الۡقَدۡرِ كُلُّ أَمۡرٍ يَكُونُ فِي السَّنَةِ إِلَى السَّنَةِ: الْحَيَاةُ وَالْمَوْتُ، يُقَدَّرُ فِيهَا الْمَعَايِشُ وَالْمَصَائِبُ كُلُّهَا

مجاہد رحمہ اللہ آیت کریمہ "فِيهَا يُفۡرَقُ كُلُّ أَمۡرٍ حَكِيمٍ" کے بارے میں فرماتے ہیں لیلۃ القدر میں ایک سال سے دوسرے سال تک کے زندگی اور موت، لوگوں کے رزق اور ہر طرح کے معاملات کے فیصلے طے کر دیئے جاتے ہیں۔ [3]

## تقدیروں کا فیصلہ کرنے والی رات کونسی ہے؟

عَنْ أَبِي قَتَادَةَ الْأَنْصَارِيِّ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنْ صَوْمِ الِاثْنَيْنِ فَقَالَ فِيهِ

---

[1] سنن ابوداودکتاب الطهارة بَابٌ فِي الْغُسْلِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ ۳۴۵، جامع ترمذی کتاب الجمعة بَابُ مَا جَاءَ فِي فَضْلِ الغُسْلِ يَوْمَ الجُمُعَةِ۴۹۶،سنن نسائی کتاب الجمعة باب فَضْلِ الغُسْلِ يَوْمَ الجُمُعَةِ ۱۳۸۴،سنن ابن ماجه کتاب اقامة الصلوات بَابُ مَا جَاءَ فِي الْغُسْلِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ ۱۰۸۷

[2] الدخان ۲تا۴

[3] تفسیرطبری۸؍۲۲

وُلِدْتُ وَفِيهِ أُنْزِلَ عَلَيَّ

ابو قتادہ انصاری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوموار کے دن روزے کے بارے میں دریافت کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ وہ دن ہے جس میں میں پیدا ہوا، مجھے پیغمبر بنایا گیا اور مجھ پر وحی نازل کی گئی۔[1]

چنانچہ وحی بروز دوشنبہ (سوموار) کو نازل ہوئی اس پر تمام مورخین کا اتفاق ہے، مگر وہ مہینہ کونسا تھا اس پر محدثین مختلف الرائے ہیں،

حافظ ابن عبد البر رحمہ اللہ کا خیال ہے کہ سید الامم صلی اللہ علیہ وسلم کو خلعت نبوت آٹھ ربیع الاول کو پہنائی گئی اس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر مبارک پورے چالیس سال کی تھی۔

قاضی محمد سلیمان منصور پوری رحمہ اللہ لکھتے ہیں کہ دوشنبہ کا دن جس پر سب کو اتفاق ہے وہ نو ربیع الاول کو پڑتا ہے اس لئے یہ تاریخ صحیح ہے، عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اصحاب الفیل کے اکتالیس سال بعد اٹھارہ ربیع الاول کی تاریخ دیتے ہیں۔

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نزول وحی کی تاریخ ستائیس رجب کہتے ہیں۔

حالانکہ باری تعالیٰ نے خود فرما دیا

شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيٓ اُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَبَيِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰى وَالْفُرْقَانِ ۱۸۵ [2]

ترجمہ: رمضان وہ مہینہ ہے جس میں قرآن نازل کیا گیا جو انسانوں کے لیے سراسر ہدایت ہے اور ایسی واضح تعلیمات پر مشتمل ہے جو راہِ راست دکھانے والی اور حق و باطل کا فرق کھول کر رکھ دینے والی ہیں۔

اس لئے اکثر مورخین ربیع الاول اور رجب کے بجائے رمضان المبارک کو ہی ترجیح دیتے ہیں۔

حَدِيثِ أَنَسٍ،فَعَلَى الصَّحِيحِ الْمَشْهُورِ أَنَّ مَوْلِدَهُ فِي شَهْرِ رَبِيعٍ الْأَوَّلِ يَكُونُ حِينَ أُنْزِلَ عَلَيْهِ بن أَرْبَعِينَ سنة وَسِتَّة اشهروَكَانَ ذَلِكَ يَوْمَ الِاثْنَيْنِ نَهَارًاشَهْرُ رَمَضَانَ فِي سَابِعِ عَشَرِهِ أَنَّهُ الشَّهْرُ الَّذِي جَاءَ فِيهِ فِي حِرَاءٍ

چنانچہ انس سے روایت ہے جس میں حافظ ابن حجر نے فرمایا جب سید کونین صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر مبارک چالیس سال اور چھ ماہ کی ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ربیع الاول کے مہینے منصب نبوت پر فائز کیا گیا اس وقت سوموار کا دن اور رمضان المبارک کی سترہ تاریخ تھی، کیونکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہر سال ماہ رمضان المبارک میں غار حرا میں اعتکاف فرماتے تھے (قریش بھی اعتکاف کیا کرتے تھے) اس لئے حافظ عسقلانی اس قول کو صحیح تسلیم کرتے ہیں۔[3]

کچھ مورخین سات، کچھ بارہ رمضان المبارک، ام المومنین عائشہ صدیقہ سترہ رمضان المبارک، ابن اثیر اٹھارہ رمضان المبارک، مولانا صفی الرحمٰن اکیس رمضان المبارک، واثلہ بن الاسقع، جابر بن عبد اللہ چوبیس رمضان المبارک بیان کرتے ہیں، جبکہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے قرآن مجید میں تاریخ کے بارے میں فرمایا:

[1] صحیح مسلم كِتَاب الصِّيَامِ بَابُ اسْتِحْبَابِ صِيَامِ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ وَصَوْمِ يَوْمِ عَرَفَةَ وَعَاشُورَاءَ وَالِاثْنَيْنِ وَالْخَمِيسِ۲۷۵۰،اعلام النبوۃ للماوردی۲۳۹؍۱

[2] البقرۃ ۱۸۵

[3] شرح الزرقانی علی المواہب ۳۸۶؍۱،فتح الباری ۳۵۶؍۱۲

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ اِنَّا كُنَّا مُنْذِرِيْنَ ③ [1]

ترجمہ: اس کتاب مبین کو ہم نے ایک بڑی خیر و برکت والی رات میں نازل کیا ہے، کیونکہ ہم لوگوں کو متنبہ کرنے کا ارادہ رکھتے تھے۔

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ① [2]

ترجمہ: ہم نے اس (قرآن) کو شب قدر میں نازل کیا ہے۔

...اِنْ كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا يَوْمَ الْفُرْقَانِ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ... ④١ [3]

ترجمہ: اگر تم ایمان لائے ہو اللہ پر اور اس چیز پر جو فیصلے کے روز یعنی دونوں فوجوں کی مڈ بھیڑ کے دن ہم نے اپنے بندے پر نازل کی تھی۔

اور اکثر اہل علم کے نزدیک یہ مبارک رات رمضان المبارک کی آخری عشرے کی طاق راتوں میں ہوتی ہے،

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا: أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: تَحَرَّوْا لَيْلَةَ القَدْرِ فِي الوِتْرِ، مِنَ العَشْرِ الأَوَاخِرِ مِنْ رَمَضَانَ

ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا شب قدر کو رمضان المبارک کی آخری دس راتوں میں سے طاق راتوں میں تلاش کرو۔ [4]

عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ، قَالَ: خَرَجْتُ لِأُخْبِرَكُمْ بِلَيْلَةِ القَدْرِ، فَتَلاَحَى فُلاَنٌ وَفُلاَنٌ، فَرُفِعَتْ وَعَسَى أَنْ يَكُونَ خَيْرًا لَكُمْ فَالْتَمِسُوهَا فِي التَّاسِعَةِ، وَالسَّابِعَةِ، وَالخَامِسَةِ

عبادہ رضی اللہ عنہ بن صامت سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ ہمیں شب قدر کی خبر دینے کے لئے تشریف لا رہے تھے کہ دو مسلم ان آپس میں کچھ جھگڑا کرنے لگے، اس پر رحمۃ للعالمین ﷺ نے فرمایا کہ میں تمہیں شب قدر بتانے کے لئے آیا تھا لیکن فلاں اور فلاں نے آپس میں جھگڑا کر لیا پس اس کا علم اٹھالیا گیا اور امید یہی ہے کہ تمہارے حق میں یہی بہتر ہو گا پس اب تم شب قدر رمضان المبارک کی آخری دس راتوں میں سے طاق رات اکیس، تئیس، پچیس، ستائیس، انتیس میں تلاش کرو۔ [5]

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: التَمِسُوهَا فِي العَشْرِ الأَوَاخِرِ مِنْ رَمَضَانَ لَيْلَةَ القَدْرِ، فِي تَاسِعَةٍ تَبْقَى، فِي سَابِعَةٍ تَبْقَى، فِي خَامِسَةٍ تَبْقَى

---

[1] الدخان ۳

[2] القدر۱

[3] الانفال۴۱

[4] صحیح بخاری کتاب لیلۃ القدر بَابُ تَحَرِّي لَيْلَةِ القَدْرِ فِي الوِتْرِ مِنَ العَشْرِ الأَوَاخِرِ ۲۰۱۷، صحیح مسلم کتاب الصیام بَابُ اسْتِحْبَابِ صَوْمِ سِتَّةِ أَيَّامٍ مِنْ شَوَّالٍ إِتْبَاعًا لِرَمَضَانَ۲۷۷۶، جامع ترمذی ابواب الصوم بَابُ مَا جَاءَ فِي لَيْلَةِ القَدْرِ۷۹۲، مصنف ابن ابی شیبۃ۸۶۶۰

[5] صحیح بخاری کتاب لیلۃ القدر بَابُ رَفْعِ مَعْرِفَةِ لَيْلَةِ القَدْرِ لِتَلاَحِي النَّاسِ ۲۰۲۳

عبد اللہ رضی اللہ عنہ بن عباس سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شب قدر کو رمضان المبارک کی آخری دس راتوں میں تلاش کرو، جب مہینہ ختم ہونے میں نو دن، یا سات دن، یا پانچ دن باقی ہوں۔ (۱)

ذُكِرَتْ لَيْلَةُ القَدْرِ عِنْدَ أَبِي بَكْرَةَ فَقَالَ :فَإِنِّي سَمِعْتُهُ يَقُولُ :التَمِسُوهَا فِي تِسْعٍ يَبْقَيْنَ، أَوْ فِي سَبْعٍ يَبْقَيْنَ، أَوْ فِي خَمْسٍ يَبْقَيْنَ، أَوْ فِي ثَلَاثِ أَوَاخِرِ لَيْلَةٍ

سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے سامنے لیلۃ القدر کا ذکر کیا گیا تو انہوں نے فرمایا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ شب قدر کو تلاش کرو جب نو راتیں باقی ہوں یا سات دن، یا پانچ دن، یا تین دن یا آخری رات۔ (۲)

مگر کچھ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم صرف ستائیسویں رات ہی کو شب القدر کہتے ہیں،

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ،أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ : فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ :إِنَّهَا لَيْلَةُ سَابِعَةٍ أَوْ تَاسِعَةٍ وَعِشْرِينَ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شب قدر کے متعلق فرمایا کہ یہ ستائیسویں یا انتیسویں شب ہوتی ہے۔ (۳)

عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، قَالَ: قَالَ أُبَيٌّ فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ :وَاللهِ، إِنِّي لَأَعْلَمُهَا، قَالَ شُعْبَةُ: وَأَكْبَرُ عِلْمِي هِيَ اللَّيْلَةُ الَّتِي أَمَرَنَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقِيَامِهَا، هِيَ لَيْلَةُ سَبْعٍ وَعِشْرِينَ

ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے زر بن حبیش نے شب قدر کے بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے کہا اللہ کی قسم! میں اسے خوب جانتا ہوں، شعبہ نے کہا کہ اکثر روایتیں مجھے ایسی پہنچی ہیں کہ وہ وہی رات تھی جس میں ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جاگنے کا حکم فرمایا اور وہ ستائیسویں رات ہے۔ (۴)

عَنْ قَنَانِ بْنِ عَبْدِ اللهِ النِّهْمِيِّ، قَالَ: سَأَلْتُ زِرًّا عَنْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ، فَقَالَ: كَانَ عُمَرُ، وَحُذَيْفَةُ، وَنَاسٌ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَشُكُّونَ أَنَّهَا لَيْلَةُ سَبْعٍ وَعِشْرِينَ تَبْقَى ثَلَاثٌ

قنان بن عبد اللہ نہمی سے مروی ہے ہم نے ابوزر رضی اللہ عنہ سے شب القدر کے بارے میں دریافت کیا گیا تو انہوں نے فرمایا سیدنا عمر رضی اللہ عنہ بن خطاب، حدیفہ رضی اللہ عنہ اور بہت سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو اس میں کوئی شک نہ تھا کہ شب قدر رمضان المبارک کی ستائیسویں رات ہے۔ (۵)

اس لئے علمائے سلف کی ایک بڑی تعداد ستائیسویں رات کو ہی شب القدر کہتے ہیں، مگر صحیح حقیقت کا علم اللہ سبحانہ وتعالیٰ ہی کو ہے اس لئے صرف ستائیسویں رات پر تکیہ کرنے کے بجائے اس مبارک شب کو آخری طاق راتوں میں بھی تلاش کرنا چاہیے، وَاللّٰهُ أَعْلَم

(۱) صحیح بخاری کتاب لیلة لقدر بَابُ تَحَرِّي لَيْلَةِ القَدْرِ فِي الوِتْرِ مِنَ العَشْرِ الأَوَاخِرِ ۲۰۲۱

(۲) جامع ترمذی ابواب الصوم بَابُ مَا جَاءَ فِي لَيْلَةِ القَدْرِ ۷۹۴ ،مصنف ابن ابی شیبة ۸۶۶۱

(۳) مسنداحمد ۱۰۷۳۴

(۴) صحیح مسلم کتاب الصیام بَابُ فَضْلِ لَيْلَةِ الْقَدْرِ، وَالْحَثِّ عَلَى طَلَبِهَا، وَبَيَانِ مَحَلِّهَا وَأَرْجَى أَوْقَاتِ طَلَبِهَا ۲۷۷۷، جامع ترمذی ابواب الصوم بَابُ مَا جَاءَ فِي لَيْلَةِ القَدْرِ ۷۹۳،سنن ابوداودکتاب تفریع ابواب شهررمضان بَابٌ فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ ۱۳۷۸ مصنف ابن ابی شیبة ۸۶۶۷

تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَ الرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۚ مِنْ كُلِّ

اس میں (ہر کام) کے سرانجام دینے کو اپنے رب کے حکم سے فرشتے اور روح (جبرائیل علیہ السلام) اترتے ہیں،

اَمْرٍ ۛ﴿۴﴾ سَلٰمٌ ۛ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ﴿۵﴾ (القدر ۵،۴)

یہ رات سراسر سلامتی کی ہوتی ہے اور فجر طلوع ہونے تک (رہتی ہے)۔

جبرئیل علیہ السلام اور فرشتے اس رات میں اپنے رب کے اذن سے ہر حکم لے کر اترتے ہیں،

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ،أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ:وَإِنَّ الْمَلَائِكَةَ تِلْكَ اللَّيْلَةَ فِي الْأَرْضِ أَكْثَرُ مِنْ عَدَدِ الْحَصَى

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لیلۃ القدر میں زمین پر آنے والے فرشتوں کی تعداد کنکریوں کی تعداد سے بھی زیادہ ہوتی ہے۔[1]

عَنْ كَعْبٍ أَنَّهُ قَالَ: إِنَّ سِدْرَةَ الْمُنْتَهَى عَلَى حَدِّ السَّمَاءِ السَّابِعَةِ،مِمَّا يَلِي الْجَنَّةَ، فَهِيَ عَلَى حَدِّ هَوَاءِ الدُّنْيَا وَهَوَاءِ الْآخِرَةِ،عُلُوهَا فِي الْجَنَّةِ وَعُرُوقُهَا وَأَغْصَانُهَا مِنْ تَحْتِ الْكُرْسِيِّ، فِيهَا مَلَائِكَةٌ لَا يَعْلَمُ عِدَّتَهُمْ إِلَّا اللَّهُ، عَزَّ وَجَلَّ، يَعْبُدُونَ اللَّهَ، عَزَّ وَجَلَّ عَلَى أَغْصَانِهَا فِي كُلِّ مَوْضِعِ شَعْرَةٍ مِنْهَا مَلَكٌ وَمَقَامُ جِبْرِيلَ، عَلَيْهِ السَّلَامُ، فِي وَسَطِهَا فَيُنَادِي اللَّهُ جِبْرِيلَ أَنْ يَنْزِلَ فِي كُلِّ لَيْلَةِ قَدْرٍ مَعَ الْمَلَائِكَةِ الَّذِينَ يَسْكُنُونَ سِدْرَةَ الْمُنْتَهَى، وَلَيْسَ فِيهِمْ مَلَكٌ إِلَّا قَدْ أُعْطِيَ الرَّأْفَةَ وَالرَّحْمَةَ لِلْمُؤْمِنِينَ، فَيَنْزِلُونَ عَلَى جِبْرِيلَ فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ، حِينَ تَغْرُبُ الشَّمْسُ، فَلَا تَبْقَى بُقْعَةٌ فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ إِلَّا وَعَلَيْهَا مَلَكٌ، إِمَّا سَاجِدٌ وَإِمَّا قَائِمٌ، يَدْعُو لِلْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ إِلَّا أَنْ تَكُونَ كَنِيسَةٌ أَوْ بِيعَةٌ، أَوْ بَيْتُ نَارٍ أَوْ وَثَنٍ أَوْ بَعْضُ أَمَاكِنِكُمُ الَّتِي تَطْرَحُونَ فِيهَا الْخَبَثَ، أَوْ بَيْتٌ فِيهِ سَكْرَانُ، أَوْ بَيْتٌ فِيهِ مُسكر، أَوْ بَيْتٌ فِيهِ وَثَنٌ مَنْصُوبٌ، أَوْ بَيْتٌ فِيهِ جَرَسٌ مُعَلَّق، أَوْ مَبْوَلَةٌ، أَوْ مَكَانٌ فِيهِ كَسَاحَةِ الْبَيْتِ،

لیلۃ القدر کے بارے میں کعب رضی اللہ عنہ سے ایک لمبی روایت مروی ہے سدرۃ المنتہی جو ساتویں آسمان کی حد پر جنت سے متصل ہے جو دنیا اور آخرت کے فاصلہ پر ہے اس کی بلندی جنت میں ہے اور راس کی شاخیں اور ڈالیاں کرسی تلے ہیں، اس میں اس قدر فرشتے ہیں جن کی گنتی اللہ تعالیٰ کے سوا اور کوئی نہیں جانتا وہ اللہ عزوجل کی عبادت میں لگے رہتے ہیں، اس کی ہر ہر شاخ پر بیشمار فرشتے ہیں ایک بال برابر بھی جگہ ایسی نہیں جو فرشتوں سے خالی ہو اور اس درخت کے بیچوں بیچ جبرئیل علیہ السلام کا مقام ہے، اللہ تعالیٰ کی طرف سے جبرئیل کو آواز دی جاتی ہے کہ اے جبرئیل لیلۃ القدر میں اس درخت کے تمام فرشتوں کو لے کر زمین پر جاؤ، یہ سارے کے سارے فرشتے رافت اور رحمت والے ہیں، جن کے دلوں میں ہر مومن کے لئے رحم کے جذبات موج زن ہیں، سورج غروب ہوتے ہی یہ سارے کے سارے فرشتے جبرئیل علیہ السلام

[1] مسند احمد ۱۰۷۳۴

کے ساتھ لیلۃ القدر میں اترتے ہیں اور تمام روئے زمین پر پھیل جاتے ہیں، اور ہر جگہ میں قیام میں مشغول ہو جاتے ہیں اور تمام مومن مردوں اور عورتوں کے لئے دعائیں مانگتے رہتے ہیں البتہ گرجا گھروں، مندروں، آتش کدوں اور بت خانوں میں نہیں جاتے، الغرض اللہ کے سوا اوروں کی جہاں بھی پرستش ہوتی ہے وہاں یہ فرشتے نہیں جاتے اور ان جگہوں میں بھی جن میں تم گندی چیزیں ڈالتے ہو اور اس گھر میں بھی جہاں نشے والا شخص ہو یا نشہ والی چیز ہو یا جس گھر میں کوئی بت گڑا ہوا ہو یا جس گھر میں باجے گاجے گھنٹیاں ہوں یا ہیولے ہو یا کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ ہو وہاں تو یہ رحمت کے فرشتے جاتے نہیں باقی زمین کے چپے چپے پر گھوم جاتے ہیں۔

فَلَا يَزَالُونَ لَيْلَتَهُمْ تِلْكَ يَدْعُونَ لِلْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَجِبْرِيلُ لَا يَدَعُ أَحَدًا مِنَ الْمُؤْمِنِينَ إِلَّا صَافَحَهُ وَعَلَامَةُ ذَلِكَ مَنِ اقْشَعَرَّ جلده وَرَقَّ قَلْبُهُ ودمعت عَيْنَاهُ فَإِنَّ ذَلِكَ مِنْ مُصَافَحَةِ جِبْرِيلَ،وَذَكَرَ كَعْبٌ أَنَّهُ مَنْ قَالَ فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ: "لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ"، ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، غَفَرَ اللَّهُ لَهُ بِوَاحِدَةٍ، وَنَجَا مِنَ النَّارِ بِوَاحِدَةٍ، وَأَدْخَلَهُ الْجَنَّةَ بِوَاحِدَةٍ. فَقُلْنَا لِكَعْبِ الْأَحْبَارِ: يَا أَبَا إِسْحَاقَ، صَادِقًا؟ فَقَالَ كَعْبٌ وَهَلْ يَقُولُ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ إِلَّا كُلُّ صَادِقٍ؟ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، إِنَّ لَيْلَةَ الْقَدْرِ لَتَثْقُلُ عَلَى الْكَافِرِ وَالْمُنَافِقِ، حَتَّى كَأَنَّهَا عَلَى ظَهْرِهِ جَبَلٌ، فَلَا تَزَالُ الْمَلَائِكَةُ هَكَذَا حَتَّى يَطْلُعَ الْفَجْرُ

اور ساری رات مومن مردوں اور عورتوں کے لئے دعائیں مانگنے میں گزارتے ہیں، جبرئیل علیہ السلام تمام مومنوں سے مصافحہ کرتے ہیں، اس کی نشانی یہ ہے کہ جسم پر رونگھٹے کھڑے ہو جائیں، دل نرم پڑ جائے، آنکھیں بہہ نکلیں اس وقت آدمی کو سمجھ لینا چاہئے کہ اس وقت میرا ہاتھ جبرئیل علیہ السلام کے ہاتھ میں ہے، کعب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں جو شخص اس رات میں تین مرتبہ لا الہ الا اللہ پڑھے اس کی پہلی مرتبہ کے پڑھنے پر گناہوں کی بخشش ہو جاتی ہے دوسری مرتبہ کے کہنے پر آگ سے نجات مل جاتی ہے اور تیسری مرتبہ کے کہنے پر جنت میں داخل ہو جاتا ہے، راوی نے پوچھا کہ اے ابو اسحاق جو اس کلمہ کو سچائی سے کہے؟ فرمایا جو لا الہ الا اللہ کا سچائی سے کہنے والا ہو گا اس کے منہ سے تو نکلے ہی گا اللہ کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے لیلۃ القدر کافر و منافق پر تو اتنی بھاری پڑتی ہے کہ گویا اس کی پیٹھ پر پہاڑ آپڑا ہے، الغرض فجر ہونے تک فرشتے اسی طرح رہتے ہیں۔

فَأَوَّلُ مَنْ يَصْعَدُ جِبْرِيلُ حَتَّى يَكُونَ فِي وَجْهِ الْأُفُقِ الْأَعْلَى مِنَ الشَّمْسِ، فَيَبْسُطُ جناحيه وَلَهُ جَنَاحَانِ أَخْضَرَانِ، لَا يَنْشُرُهُمَا إِلَّا فِي تِلْكَ السَّاعَةِ فَتَصِيرُ الشَّمْسُ لَا شُعَاعَ لَهَا ثُمَّ يَدْعُو مَلَكًا فَيَصْعَدُ فَيَجْتَمِعُ نُورُ الْمَلَائِكَةِ وَنُورُ جَنَاحَيْ جِبْرِيلَ، فَلَا تَزَالُ الشَّمْسُ يَوْمَهَا ذَلِكَ مُتَحَيِّرَةً، فَيُقِيمُ جِبْرِيلُ وَمَنْ مَعَهُ بَيْنَ الْأَرْضِ وَبَيْنَ السَّمَاءِ الدُّنْيَا يَوْمَهُمْ ذَلِكَ، فِي دُعَاءٍ وَرَحْمَةٍ وَاسْتِغْفَارٍ لِلْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ، وَلِمَنْ صَامَ رَمَضَانَ احْتِسَابًا، وَدُعَاءٍ لِمَنْ حدث نَفْسَهُ إِنْ عَاشَ إِلَى قَابِلٍ صَامَ رَمَضَانَ لِلَّهِ

پھر سب سے پہلے جبرئیل علیہ السلام اوپر چڑھتے ہیں اور بہت اونچے چڑھ کر اپنے پروں کو پھیلا دیتے ہیں بالخصوص ان دو سبز پروں کو جنہیں اس

رات کے سوا وہ کبھی نہیں پھیلاتے، یہی وجہ ہے کہ سورج کی تیزی ماند پڑ جاتی ہے اور شعائیں جاتی رہتی ہیں، پھر ایک ایک فرشتے کو پکارتے ہیں اور سب کے سب اوپر چڑھتے ہیں، پس فرشتوں کا نور اور جبرئیل علیہ السلام کے پروں کا نور مل کر سورج کو ماند کر دیتا ہے، اس دن سورج متحیر رہ جاتا ہے، جبرئیل علیہ السلام اور یہ سارے کے سارے بیشمار فرشتے یہ دن آسمان و زمین کے درمیان مومن مردوں اور مومن عورتوں کے لئے رحمت کی دعائیں مانگنے میں اور ان کے گناہوں کی بخشش طلب کرنے میں گزار دیتے ہیں، نیک نیتی کے ساتھ روزے رکھنے والوں کے لئے اور ان لوگوں کے لئے بھی جن کا یہ خیال رہا کہ اگلے سال بھی اگر اللہ نے زندگی رکھی تو رمضان کے روزے عمدگی کے ساتھ پورے کریں گے یہی دعائیں مانگتے رہتے ہیں،

فَإِذَا أَمْسَوْا دَخَلُوا السَّمَاءَ الدُّنْيَا، فَيَجْلِسُونَ حِلَقًا [حِلَقًا] فَتَجْتَمِعُ إِلَيْهِمْ مَلَائِكَةُ سَمَاءِ الدُّنْيَا، فَيَسْأَلُونَهُمْ عَنْ رَجُلٍ رَجُلٍ، وَعَنِ امْرَأَةٍ امْرَأَةٍ فَيُحَدِّثُونَهُمْ حَتَّى يَقُولُوا: مَاذَا فَعَلَ فُلَانٌ؟ وَكَيْفَ وَجَدْتُمُوهُ العَامَ؟ فَيَقُولُونَ: وَجَدْنَا فُلَانًا عَامَ أَوَّلَ فِي هَذِهِ اللَّيْلَةِ مُتَعَبِّدًا وَوَجَدْنَاهُ الْعَامَ مُبْتَدِعًا، وَوَجَدْنَا فُلَانًا مُبْتَدِعًا وَوَجَدْنَاهُ الْعَامَ عَابِدًا قَالَ: فَيَكُفُّونَ عَنِ الِاسْتِغْفَارِ لِذَلِكَ، وَيُقْبِلُونَ عَلَى الِاسْتِغْفَارِ لِهَذَا، وَيَقُولُونَ: وَجَدْنَا فُلَانًا وَفُلَانًا يَذْكُرَانِ اللَّهَ، وَوَجَدْنَا فُلَانًا رَاكِعًا، وَفُلَانًا سَاجِدًا، وَوَجَدْنَاهُ تَالِيًا لِكِتَابِ اللَّهِ. قَالَ: فَهُمْ كَذَلِكَ يَوْمَهُمْ وَلَيْلَتَهُمْ، حَتَّى يَصْعَدُونَ إِلَى السَّمَاءِ الثَّانِيَةِ، فَفِي كُلِّ سَمَاءٍ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ،

شام کو آسمان دنیا پر چڑھ جاتے ہیں وہاں کے تمام فرشتے حلقے باندھ کر ان کے پاس جمع ہو جاتے ہیں اور ایک ایک مرد اور ایک ایک عورت کے بارے میں ان سے سوال کرتے ہیں اور یہ جواب دیتے ہیں یہاں تک کہ وہ پوچھتے ہیں کہ فلاں شخص کو اس سال تم نے کس حالت میں پایا؟ تو یہ کہتے ہیں کہ گزشتہ سال تو ہم نے اسے عبادتوں میں پایا تھا لیکن اس سال تو وہ بدعتوں میں مبتلا تھا اور فلاں شخص گزشتہ سال بدعتوں میں مبتلا تھا لیکن اس سال ہم نے اسے سنت کے مطابق عبادتوں میں پایا پس یہ فرشتے اس سے پہلے شخص کے لئے بخشش کی دعائیں مانگنی موقوف کر دیتے ہیں اور اس دوسرے شخص کے لئے شروع کر دیتے ہیں، اور یہ فرشتے انہیں سناتے ہیں کہ فلاں فلاں کو ہم نے ذکر اللہ میں اور فلاں کو رکوع اور فلاں کو سجدے میں اور فلاں کو کتاب اللہ کی تلاوت میں مشغول پایا غرض ایک رات دن یہاں گزار کر دوسرے آسمان پر جاتے ہیں یہاں بھی یہی ہوتا ہے۔

حَتَّى يَنْتَهُوا مَكَانَهُمْ مِنْ سِدْرَةِ الْمُنْتَهَى فَتَقُولُ لَهُمْ سِدْرَةُ الْمُنْتَهَى: يَا سُكَّانِي، حَدِّثُونِي عَنِ النَّاسِ وَسَمُّوهُمْ لِي. فَإِنَّ لِي عَلَيْكُمْ حَقًّا، وَإِنِّي أُحِبُّ مَنْ أَحَبَّ اللَّهَ. فَذَكَرَ كَعْبُ الْأَحْبَارِ أَنَّهُمْ يَعُدُّونَ لَهَا، وَيَحْكُونَ لَهَا الرَّجُلَ وَالْمَرْأَةَ بِأَسْمَائِهِمْ وَأَسْمَاءِ آبَائِهِمْ ثُمَّ تُقْبِلُ الجنة على السدرة فتقول: أخبرني بِمَا أَخْبَرَكِ سُكَّانُكِ مِنَ الْمَلَائِكَةِ فَتُخْبِرُهَا قَالَ: فَتَقُولُ الْجَنَّةُ: رَحْمَةُ اللَّهِ عَلَى فُلَانٍ، وَرَحْمَةُ اللَّهِ عَلَى فُلَانَةٍ، اللَّهُمَّ عَجِّلهم إِلَيَّ، فَيَبْلُغُ جِبْرِيلُ مَكَانَهُ قَبْلَهُمْ

یہاں تک کہ سدرۃ المنتہی میں اپنی اپنی جگہ پہنچ جاتے ہیں، اس وقت سدرۃ المنتہی ان سے پوچھتا ہے کہ مجھ میں بسنے والو! میرا بھی تم پر حق

ہے، میں بھی ان سے محبت رکھتا ہوں جو اللہ سے محبت رکھیں ذرا مجھے بھی تو لوگوں کی حالت کی خبر دو اور ان کے نام بتاؤ، کعب احبار رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ اب فرشتے اس کے سامنے گنتی کر کے اور ایک ایک مرد وعورت کا مع ولدیت کے نام بتاتے ہیں، پھر جنت سدرۃ المنتہی کی طرف متوجہ ہو کر پوچھتی ہے کہ تجھ میں رہنے والے فرشتوں نے جو خبریں تجھے دی ہیں مجھ سے بھی تو بیان کر چنانچہ سدرہ اس سے ذکر کرتا ہے، یہ سن کر وہ کہتی ہے اللہ کی رحمت ہو فلاں مرد پر اور فلاں عورت پر، اے اللہ! انہیں جلدی مجھ سے ملا، جبرئیل علیہ السلام سب سے پہلے اپنی جگہ پہنچ جاتے ہیں۔

فَيُلْهِمُهُ اللّٰهُ فَيَقُولُ: وَجَدْتُ فُلَانًا سَاجِدًا فَاغْفِرْ لَهُ فَيَغْفِرُ لَهُ،فيسمعُ جبريلُ جميعَ حَمَلَةِ الْعَرْشِ فَيَقُولُونَ: رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَى فُلَانٍ، وَرَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَى فُلَانَةٍ، وَمَغْفِرَتُهُ لِفُلَانٍ، وَيَقُولُ يَا رَبِّ، وَجَدْتُ عَبْدَكَ فُلَانًا الَّذِي وَجَدْتُهُ عَامَ أَوَّلَ عَلَى السُّنَّةِ وَالْعِبَادَةِ، وَوَجَدْتُهُ الْعَامَ قَدْ أَحْدَثَ حَدَثًا وَتَوَلَّى عَمَّا أُمِرَ بِهِ فَيَقُولُ اللّٰهُ: يَا جِبْرِيلُ، إِنْ تَابَ فَأَعْتَبَنِي قَبْلَ أَنْ يَمُوتَ بِثَلَاثِ سَاعَاتٍ غَفَرْتُ لَهُ فَيَقُولُ جِبْرِيلُ: لَكَ الْحَمْدُ إِلٰهِي، أَنْتَ أَرْحَمُ مِنْ جَمِيعِ خَلْقِكَ، وَأَنْتَ أَرْحَمُ بِعِبَادِكَ مِنْ عِبَادِكَ بِأَنْفُسِهِمْ، قَالَ: فَيَرْتَجُّ الْعَرْشُ وما حوله، والحجب والسموات وَمَنْ فِيهِنَّ، تَقُولُ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الرَّحِيمِ، الْحَمْدُ لِلّٰهِ الرَّحِيمِ

انہیں الہام ہوتا ہے اور یہ عرض کرتے ہیں پروردگار! میں نے تیرے فلاں فلاں بندوں کو سجدے میں پایا تو انہیں بخش دے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میں نے انہیں بخش دیا جبرئیل علیہ السلام اسے عرش کے اٹھانے والے فرشتوں کو سناتے ہیں، پھر سب کہتے ہیں فلاں فلاں مرد وعورت پر اللہ تعالیٰ کی رحمت اور مغفرت ہوئی، پھر جبرئیل علیہ السلام خبر دیتے ہیں اے رب! فلاں شخص کو گزشتہ سال تو عامل سنت اور عابد چھوڑا تھا لیکن امسال تو وہ بدعتوں میں مبتلا ہو گیا ہے اور تیرے احکام سے روگردانی کر لی ہے، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اے جبرئیل اگر یہ مرنے سے تین ساعت پہلے بھی توبہ کر لے گا تو میں اسے بخش دوں گا اس وقت جبرئیل علیہ السلام بے ساختہ کہہ اٹھتے ہیں اے اللہ! ساری تعریفیں تیرے لئے ہی سزاوار ہیں، الٰہی! تو اپنی مخلوق پر سب سے زیادہ مہربان ہے، بندوں پر تیری مہربانی خود ان کی مہربانی سے بھی بڑھی ہوئی ہے، اس وقت عرش اور اس کے آس پاس کی چیزیں اور پردے اور تمام آسمان جنبش میں آجاتے ہیں اور کہہ اٹھتے ہیں الحمد للہ الرحیم، الحمد للہ الرحیم۔ [1]

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَوْ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا شَكَّ الْأَعْمَشُ - قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ مَلَائِكَةً سَيَّاحِينَ فِي الْأَرْضِ فَضْلًا عَنْ كِتَابِ النَّاسِ إِذَا وَجَدُوا قَوْمًا يَذْكُرُونَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ تَنَادَوْا هَلُمُّوا إِلَى بُغْيَتِكُمْ فَيَحُفُّونَ بِهِمْ إِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا فَيَقُولُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: أَيُّ شَيْءٍ تَرَكْتُمْ عِبَادِي يَصْنَعُونَ؟ فَيَقُولُونَ: تَرَكْنَاهُمْ يَحْمَدُونَكَ وَيُمَجِّدُونَكَ وَيَذْكُرُونَكَ، فَيَقُولُ: هَلْ رَأَوْنِي؟ فَيَقُولُونَ: لَا، فَيَقُولُ: كَيْفَ لَوْ رَأَوْنِي، فَيَقُولُونَ: لَوْ رَأَوْكَ كَانُوا أَشَدَّ تَحْمِيدًا وَتَمْجِيدًا وَذِكْرًا،

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ یا ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ عزوجل کے فرشتے زمین پر ذاکرین کی مجالس کو تلاش

---

[1] تفسیر ابن ابی حاتم ١٩٤٢٨، ٣٤۵٣/١٠، تفسیر ابن کثیر ٤٣٤/٨

کرنے کے لیے گشت کرتے ہیں جب وہ ان لوگوں کے پاس سے گزرتے ہیں جو اللہ کی حمد و ثنا، تمجید و تہلیل اور ذکر کر رہے ہوتے ہیں تو یہ اعلان کرتے ہیں کہ اپنے مقصد کی طرف دوڑو پھر وہ آسمان دنیا کی طرف چڑھتے ہیں تو اللہ عزوجل ان ملائکہ سے پوچھتا ہے تم نے میرے بندوں کو کس حال میں چھوڑا ہے؟ وہ عرض کرتے ہیں ہم نے انہیں تیری حمد و ثنا، تمجید و تہلیل اور تیرا ذکر کرتے ہوئے چھوڑا ہے، اللہ تعالیٰ پوچھتا ہے کیا انہوں نے مجھے دیکھا ہے؟ فرشتے عرض کرتے ہیں نہیں انہوں نے آپ کو نہیں دیکھا اور اللہ فرماتا ہے کہ وہ مجھے دیکھ بھی کیسے سکتے ہیں تو فرشتے عرض کرتے ہیں کہ اگر وہ آپ کو دیکھ لیں تو وہ آپ کی حمد و ثنا، تمجید و تہلیل اور ذکر زیادہ کرنے لگیں۔

فَيَقُولُ : مَا يَسْأَلُونِي؟فَيَقُولُونَ : يَسْأَلُونَكَ الْجَنَّةَ، فَيَقُولُ : وَهَلْ رَأَوْهَا؟فَيَقُولُونَ : لَا ، فَيَقُولُ :فَكَيْفَ لَوْ رَأَوْهَا ، فَيَقُولُونَ : لَوْ رَأَوْهَا لَكَانُوا أَشَدَّ لَهَا طَلَبًا وَأَشَدَّ عَلَيْهَا حِرْصًا، فَيَقُولُ :فَمِنْ أَيِّ شَيْءٍ يَتَعَوَّذُونَ؟ فَيَقُولُونَ : مِنَ النَّارِ، فَيَقُولُ :وَهَلْ رَأَوْهَا؟ فَيَقُولُونَ : لَا، فَيَقُولُ : فَكَيْفَ لَوْ رَأَوْهَا ، فَيَقُولُونَ : لَوْ رَأَوْهَا لَكَانُوا أَشَدَّ مِنْهَا هَرَبًا وَأَشَدَّ مِنْهَا تَعَوُّذًا وَخَوْفًا، فَيَقُولُ :فَإِنِّي أُشْهِدُكُمْ أَنِّي غَفَرْتُ لَهُمْ ، فَيَقُولُونَ : فَإِنَّ فِيهِمْ فُلَانًا الْخَطَّاءَ لَمْ يُرِدْهُمْ إِنَّمَا جَاءَ لِحَاجَةٍ، فَيَقُولُ : هُمُ الْقَوْمُ لَا يَشْقَى بِهِمْ جَلِيسُهُمْ

اللہ تعالیٰ پوچھتا ہے وہ مجھ سے کیا سوال کرتے ہیں؟ فرشتے عرض کرتے ہیں وہ جنت کا سوال کرتے ہیں، اللہ تعالیٰ پوچھتا ہے کیا انہوں نے جنت کو دیکھا ہوا ہے؟ فرشتے عرض کرتے ہیں نہیں انہوں نے جنت کو نہیں دیکھا تو اللہ فرماتا ہے کہ وہ جنت کو دیکھ بھی کیسے سکتے ہیں، فرشتے عرض کرتے ہیں کہ اگر وہ جنت اور اس کی لازوال نعمتوں کو دیکھ لیں تو اس کی زیادہ شدت سے طلب کریں گے، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وہ کس چیز سے میری پناہ چاہتے ہیں؟ فرشتے عرض کرتے ہیں وہ جہنم سے پناہ مانگتے ہیں، اللہ تعالیٰ پوچھتا ہے کیا انہوں نے جہنم کو دیکھا ہوا ہے؟ فرشتے عرض کرتے ہیں نہیں انہوں نے جہنم کو نہیں دیکھا تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وہ جہنم کو دیکھ بھی کیسے سکتے ہیں، فرشتے عرض کرتے ہیں اگر وہ جہنم اور اس کے دردناک عذاب کو دیکھ لیں تو خوف سے اس کی زیادہ شدت سے پناہ مانگیں گے، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میں تمہیں گواہ بناتا ہوں کہ میں نے ان کی مغفرت کر دی، فرشتے عرض کرتے ہیں ان لوگوں کے ساتھ فلاں گنہگار شخص بھی ہے جو ان کے پاس کسی ضرورت سے آیا تھا، اللہ تعالیٰ انہیں فرماتا ہے ان کے ساتھ بیٹھنے والے محروم نہیں رہ سکتے۔ [1]

وہ ساری رات طلوع فجر تک سراسر سلامتی ہے، اور اس میں کوئی شر نہیں ہے۔

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: لَمَّا حَضَرَ رَمَضَانُ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَدْ جَاءَكُمْ رَمَضَانُ، شَهْرٌ مُبَارَكٌ، افْتَرَضَ اللَّهُ عَلَيْكُمْ صِيَامَهُ، تُفْتَحُ فِيهِ أَبْوَابُ الْجَنَّةِ، وَتُغْلَقُ فِيهِ أَبْوَابُ الْجَحِيمِ، وَتُغَلُّ فِيهِ الشَّيَاطِينُ، فِيهِ لَيْلَةٌ خَيْرٌ مِنْ أَلْفِ شَهْرٍ، مَنْ حُرِمَ خَيْرَهَا، فَقَدْ حُرِمَ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے جب رمضان آیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہارے پاس ماہ رمضان آ گیا ہے جو ماہ مبارک ہے، اللہ تعالیٰ نے اس کے روزے تم پر فرض قرار دیے ہیں، اس میں جنت کے دروازوں کو کھول دیا جاتا ہے جہنم کے دروازوں کو بند کر دیا جاتا ہے

---

[1] الدعاء للطبرانی ۱۸۹۴

اور شیطانوں کو بیڑیاں پہنادی جاتی ہیں، اس میں ایک ایسی رات ہے جو ہزار مہینے سے بہتر ہے، جو اس رات کی خیر و برکت سے محروم رہا وہ بلاشبہ بڑا محروم ہے۔ (١)

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ صَامَ رَمَضَانَ إِيمَانًا وَاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ، وَمَنْ قَامَ لَيْلَةَ الْقَدْرِ إِيمَانًا وَاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ

اور اس رات کے اجر و ثواب کے بارے میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے ایمان کی حالت میں حصول ثواب کی نیت سے لیلۃ القدر کا قیام کیا تو اس کے سابقہ تمام گناہ معاف کر دیئے گئے۔ (٢)

عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ :قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللهِ أَرَأَيْتَ إِنْ عَلِمْتُ أَيُّ لَيْلَةٍ لَيْلَةُ الْقَدْرِ مَا أَقُولُ فِيهَا؟قَالَ: قُولِي: اللَّهُمَّ إِنَّكَ عُفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّي

ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے میں نے پوچھا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم اگر میں لیلۃ القدر کو پالوں تو میں کیا دعا کروں؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بابرکت رات کے لئے بطور خاص یہ دعا بتلائی اے اللہ! تو درگزر فرمانے والا اور معافی کو پسند فرمانے والا ہے مجھ سے درگزر فرما۔ (٣)

قَالَ عُمَرُ :أَمَا إِنَّ نَبِيَّكُمْ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ قَالَ :إِنَّ اللهَ يَرْفَعُ بِهَذَا الْكِتَابِ أَقْوَامًا، وَيَضَعُ بِهِ آخَرِينَ

سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کتاب کی عظمت کے بارے میں فرمایا اللہ تعالیٰ اس کتاب کو (اپنانے) کی وجہ سے قوموں کو رفعت عطا فرماتا ہے اور اس کتاب (کو چھوڑنے) کی وجہ سے دوسری قوموں کو ذلت کا مزہ چکھا دیتا ہے۔ (٤)

### خباب رضی اللہ عنہ بن ارت

كان أصابه سِبًا فبيع بمكّة فاشترته أم أنماروكانت ختانة بمكّة

جو کم سنی میں کسی قبیلے کی لوٹ مار میں گرفتار ہو کر غلام بن گئے اور جنہیں ان کے چہرے کی شرافت دیکھ کر مکہ مکرمہ میں ام انمار خزاعیہ نے منڈی سے خرید لیا تھا جو مکہ میں عورتوں کا ختنہ کرتی تھی۔ (٥)

---

(١) مسند احمد ٧١٤٨، السنن الکبری للنسائی ٢٤٢٧

(٢) صحیح بخاری کتاب فضل لَيْلَةِ القَدْرِ بَابُ فَضْلِ لَيْلَةِ القَدْرِ ٢٠١٤، صحیح مسلم كِتَابُ صَلَاةِ الْمُسَافِرِينَ وَقَصْرِهَا بَابُ التَّرْغِيبِ فِي قِيَامِ رَمَضَانَ، وَهُوَ التَّرَاوِيحُ ١٧٧٩

(٣) جامع ترمذی ابواب الدعوات فی فضل سوال العافیة والمعافاة ٣٥١٣، سنن ابن ماجه كتاب الدعاء بَابُ الدُّعَاءِ بِالْعَفْوِ وَالْعَافِيَةِ ٣٨٥٠، مستدرک حاکم ١٩٤٢

(٤) صحیح مسلم کتاب فضائل القرآن بَابُ فَضْلِ مَنْ يَقُومُ بِالْقُرْآنِ، وَيُعَلِّمُهُ، وَفَضْلِ مَنْ تَعَلَّمَ حِكْمَةً مِنْ فِقْهٍ، أَوْ غَيْرِهِ فَعَمِلَ بِهَا وَعَلَّمَهَا ١٨٩٧، سنن ابن ماجه کتاب السنة بَابُ فَضْلِ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهُ ٢١٨، سنن الدارمی ٣٤٠٨

(٥) ابن سعد ١٢٢/٣

اپنے گھریلو کام کاج کے علاوہ مزید مالی فوائد حاصل کرنے کے لئے ام انمار خزاعیہ نے انہیں تلوار سازی کی تربیت دلائی اور وہ بہت جلد اعلیٰ قسم کی نفیس تلواریں بنانے لگے اور پھر انہیں ایک دوکان پر بٹھادیا گیا،

عَنْ عَلْقَمَةَ أَنَّ خَبَّابًا يُكْنَى أَبَا عَبْدِ اللهِ

علقمہ سے مروی ہے خباب رضی اللہ عنہ کی کنیت ابوعبداللہ تھی۔ (۱)

وقيل: أَبُو مُحَمَّد، وقيل: أَبُو يحيى

یہ بھی کہاجاتاہے کہ ان کی کنیت ابومحمد تھی اور یہ بھی کہاجاتاہے کہ ابویحییٰ تھی۔ (۲)

خَبَّابُ بْنُ الْأَرَتِّ مِنْ بَنِي تَمِيمٍ، وَيُقَالُ: هُوَ مِنْ خُزَاعَةَ

خباب رضی اللہ عنہ بن ارت نسب کے حساب سے تمیمی تھے اور یہ بھی کہاجاتاہے وہ خزاعہ سے تھے۔ (۳)

عَنْ يَزِيدَ بْنِ رُومَانَ قَالَ: أسلم خَبَّابُ بْنُ الأَرَتِّ قَبْلَ أَنْ يَدْخُلْ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَارَ الأَرْقَمِ وَقَبْلَ أَنْ يَدْعُوَ فِيهَا

یزید بن رومان کہتے ہیں خباب رضی اللہ عنہ بن ارت نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دار ارقم میں داخل ہونے سے پہلے اور اس میں دعوت اسلام دینے سے پہلے اسلام قبول کیاتھا۔ (۴)

وهو من السابقين الأولين إِلَى الإسلام، وممن يعذب في الله تعالى، كان سادس ستة في الإسلام

خباب رضی اللہ عنہ بن ارت تمیمی سابقون الاولون میں سے تھے،وہ دائرہ اسلام میں داخل ہونے والوں میں چھٹے یاساتویں نمبر پر تھے۔ (۵)

خباب رضی اللہ عنہ بن ارت بڑے خوش گفتار،خوش اخلاق اور مکہ مکرمہ میں چاروں طرف پھیلی ہوئی جہالت وگمراہی اور قبائل کی آپس کی دشمنی وبربریت سے متنفر تھے اور تلاش حق کی جستجو میں تھے،اللہ تبارک وتعالیٰ نے انہیں ان کے خلوص نیت کو دیکھ کر اپنے آخری رسول کا ساتھ دینے کے لئے چن لیا،چنانچہ جیسے ہی ان کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کا علم ہوا کوئی لمحہ ضائع کیے بغیر ایک متلاشی حق کی طرح،ایک پیاسے کی طرح جو اپنی جان بچانے کے لئے پانی کی طرف دوڑتا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے،رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے سامنے قرآن مجید سے کچھ آیات سنائیں اور انہیں دعوت اسلام پیش کی جسے انہوں نے فوراً قبول کر کے کلمہ شہادت اشهدان لااله الاالله واشهدان محمدعبده ورسوله پڑھ لیا،خباب رضی اللہ عنہ بن ارت نے بڑی دلیری وجرات سے اپنے قبول اسلام کو کسی سے مخفی نہ رکھا،ام انمار خزاعیہ یہ کب برداشت کرسکتی تھی کہ اس کا غلام اس کے آبائی معبودوں کو ترک کر کے ایک نئے دین میں شامل ہوجائے اور اس

(۱) ابن سعد۱۲۲؍۳
(۲) اسدالغابة۱۴۷؍۲
(۳) ابن ہشام ۲۵۴؍۱
(۴) ابن سعد۱۲۲؍۳
(۵) أسد الغابة في معرفة الصحابة۱۴۷؍۲

کے معبودوں پر تنقید کرے، بس پھر کیا تھا وہ اپنے بھائی سباع بن عبد العزیٰ اور اپنے قبیلے کے لڑکوں کے ساتھ اس پر ٹوٹ پڑی اور اتنا مارا کہ خباب رضی اللہ عنہ بن ارت کو لہولہان کر دیا جس سے نڈھال ہو کر وہ بے ہوش ہو کر گر گئے، مگر جب وہ ہوش میں آئے تو یہ نشہ کچھ اور ہی زیادہ چڑھ چکا تھا،

كُنْتُ رَجُلا قَيْنًا وَكَانَ لِي عَلَى الْعَاصِ بْنِ وَائِلٍ دَيْنٌ فَأَتَيْتُهُ أَتَقَاضَاهُ فَقَالَ لِي: لَنْ أَقْضِيَكَ حَتَّى تَكْفُرَ بِمُحَمَّدٍ، قَالَ فَقُلْتُ لَهُ: لَنْ أَكْفُرَ بِهِ حَتَّى تَمُوتَ ثُمَّ تُبْعَثَ،قَالَ: إِنِّي لَمَبْعُوثٌ مِنْ بَعْدِ الْمَوْتِ فَسَوْفَ أَقْضِيكَ إِذَا رَجَعْتُ إِلَى مَالٍ وَوَلَدٍ.قَالَ: فَنَزَلَ فِيهِ {أَفَرَأَيْتَ الَّذِي كَفَرَ بِآيَاتِنَا وَقَالَ: لَأُوتَيَنَّ مَالًا وَوَلَدًا، أَطَّلَعَ الْغَيْبَ أَمِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمَنِ عَهْدًا}

اسی دور میں خباب رضی اللہ عنہ نے ایک بار عاص بن وائل کے لئے تلوار بنائی، جب انہوں نے قیمت کا تقاضہ کیا تو عاص بن وائل نے دام دینے سے انکار کر دیا اور کہا جب تک تم محمد (صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت) کا انکار نہیں کرو گے تو ایک دمڑی بھی نہیں دوں گا، خباب رضی اللہ عنہ نے بڑی جرات سے جواب دیا اگر تو مر جائے اور پھر زندہ ہو جائے تب بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کا انکار نہیں کروں گا۔ اہل عرب دوسری قوموں کی طرح روز آخرت پر یقین نہیں رکھتے تھے اس لئے عاص نے کہا کیا میں مرنے کے بعد زندہ کیا جاؤں گا؟ خباب رضی اللہ عنہ نے کہا ہاں، اللہ تعالیٰ تمہیں اپنے اعمال کی جواب دہی کے لئے تمہاری قبروں سے زندہ کرے گا اس پر عاص نے استہزا کے لہجے میں کہا جب اللہ مجھے موت دے گا اور دوبارہ زندہ کرے گا اور اسی طرح مال و اولاد میرے ساتھ ہو گا میں اس وقت تمہارا قرضہ ادا کر دوں گا اس پر اللہ تعالیٰ نے سورہ مریم کی آیات ۷۷ تا ۸۰ نازل فرمائیں۔ ”پھر تو نے دیکھا اس شخص کو جو ہماری آیات کو ماننے سے انکار کرتا ہے اور کہتا ہے کہ میں مال اور اولاد سے نوازا ہی جاتا رہوں گا؟ کیا اسے غیب کا پتہ چل گیا ہے یا اس نے رحمان سے کوئی عہد لے رکھا ہے؟ ہرگز نہیں، جو کچھ یہ نکلتا ہے اسے ہم لکھ لیں گے اور اس کے لئے سزا میں اور زیادہ اضافہ کریں گے، جس سروسامان اور لاؤ لشکر کا یہ ذکر کر رہا ہے وہ سب ہمارے پاس رہ جائے گا اور یہ اکیلا ہمارے سامنے حاضر ہو گا۔“[1]

جب کفار قریش نے دیکھا کہ اسلام سلیم فطرت لوگوں کے دلوں میں جگہ بناتا چلا جا رہا ہے تو ان کو سخت اندیشوں نے آن گھیرا کہ اگر یہ دعوت ایسے ہی لوگوں کے دلوں میں جگہ بناتی چلی گئی تو معاملہ خطرناک حد پر پہنچ جائے گا لہذا اس دعوت کو اسی مقام پر ہی دبا دیا جائے تو ان کے حق میں بہتر ہو گا، چنانچہ مشترکہ فیصلہ کر لیا گیا کہ جس قبیلے کا کوئی شخص اپنے آبائی دین سے منحرف ہو جائے تو اسے اتنی سخت سزائیں دی جائیں کہ یا تو وہ واپس ہماری ملت میں شامل ہو جائے اور یا پھر اسے اس دنیا ہی سے رخصت کر دیا جائے، اس طرح قریش مکہ نے تمام قبائل عرب کو ظلم و ستم کی کھلی چھٹی دے دی، بنو خزاعہ کے پاس ان کا غلام خباب رضی اللہ عنہ بن ارت تھا انہوں نے اپنے غلام پر انسانیت سوز مظالم کرنے شروع کر دئے، وہ لوگ عین دوپہر کے وقت جب شدید گرمی ہوتی اور میدانی پتھر خوب تپ جاتے تو خباب رضی اللہ عنہ بن ارت پر پانی بند کر دیتے اور ان کو میدان

---

[1] صحیح بخاری کتاب تفسیرالقرآن سورۂ مریم بَابُ قَوْلِهِ أَطَّلَعَ الْغَيْبَ أَمِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمَنِ عَهْدًا ۴۷۳۳ ،فتح الباری ۴۷۳۳، ۴۳۰/۸،ابن سعد ۱۲۱/۳

میں لے جاکر ان کے کپڑے اتار کر لوہے کی درع پہنادیتے، گرمی اور پیاس سے جب وہ نڈھال ہوجاتے تو محمد ﷺ کے بارے میں دریافت کرتے کہ شاید اپنی جان بچانے کے لئے اب ان کے ہوش ٹھکانے پر آ گئے ہوں گے مگر وہاں سے ایک ہی کورا جواب ملتا کہ محمد ﷺ اللہ کے بندے اور رسول ہیں، اللہ تبارک وتعالیٰ نے انہیں ہماری طرف مبعوث فرمایا ہے تاکہ وہ ہمیں جہالت کی ظلمتوں، شرک کی پستیوں، ظلم وبربریت سے نکال کر حق کی طرف رہنمائی کریں تاکہ اس عارضی زندگی اور ہمیشہ قائم رہنے والی اخروی زندگی میں سرخرو ہوجائیں، ان کلمات میں ان کے معبودوں کی نفی اور اخروی زندگی کے بارے میں اثبات تھا جن کو وہ نہیں مانتے تھے اس لئے یہ کلمات ان کے عقائد پر تازیانے کا کام کرتے اور وہ دوبارہ مارپٹائی شروع کر دیتے، لوہے کی چادر کو سرخ انگارا کر کے انہیں پیٹھ کے بل اس پر گھسیٹا جاتا جس سے پیٹھ کا گوشت ہڈیوں سے جدا ہوجاتا اور جسم سے جو پانی اور خون نکلتا وہ اس چادر کو ٹھنڈا کرتا پھر پوچھتے ہمارے معبودوں کے بارے میں تو کیا کہتا ہے؟ خباب رضی اللہ عنہ کہاں چوکنے والے تھے فوراً جواب دیتے جن معبودوں کو تم نے نفع ونقصان کا مالک سمجھ کر ان سے آس وامیدیں وابستہ کر رکھی ہیں ان کے اختیار میں کچھ بھی نہیں، سب قدرتیں اور اختیارات اللہ وحدہ لاشریک کے پاس ہیں اور ہر مخلوق اس کی محتاج ہے تمہارے یہ معبود پتھر کے حقیر ٹکڑوں سے زیادہ کچھ نہیں، اس پر وہ بپھر جاتے اور گرم گرم پتھر اٹھا کر ان کی پشت سے لگادیتے جس سے خون وچربی بہنے لگتی، مگر ان مظالم پر ایک ہی جواب تھا اشهد ان لا اله الا اللّٰه واشهد ان محمدعبده ورسوله،

فكان المشركون يذيقونه أنواعا من التنكيل، يأخذون بشعر رأسه فيجذبونه جذبا، ويلوون عنقه تلوية عنيفة وأضجعوه مرات عديدة على فحام ملتهبة، ثم وضعوا عليه حجرا؛ حتى لا يستطيع أن يقوم

ایک روایت میں ہے مشرکین انہیں طرح طرح سے عذاب میں مبتلا کرتے، ان کے سر کے بال نوچتے تھے اور انتہائی بے دردی سے ان کی گردن مروڑ دیتے، انہیں بارہا مرتبہ دہکتے ہوئے انگاروں پر لٹا کر ان کے سینہ پر بھاری پتھر رکھ دیا جاتا تاکہ وہ وہ سے اٹھ نہ سکیں۔[1]

فكانت تأخذ الحديدة المحماة فتضعها عَلَى رأسه، فشكا ذلك إِلَى رَسُول اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فقال: اللهم انصر خبابًا فاشتكت مولاته أم أنمار رأسها، فكانت تعوي مثل الكلاب، فقيل لها: اكتوي، فكان خباب يأخذ الحديدة المحماة فيكوي بها رأسها

ان کی مالکہ اپنے قبیلے کے لوگوں سے چند ہاتھ آگے رہی وہ اپنی دوکان پر آتی اور آگ میں سرخ کی ہوئی لوہے کی سلاخ اٹھا کر خبیب رضی اللہ عنہ کے سر پر داغ دیتی اور شدت تکلیف سے آپ بے ہوش ہوجاتے، خباب نے رسول اللہ ﷺ سے شکوہ کیا تو آپ ﷺ نے خباب رضی اللہ عنہ کے حق میں دعا فرمائی اے اللہ خباب کی مدد فرما، رسول اللہ ﷺ کی دعا کے بعد ام انمار کے سر میں اتنی شدت کا درد اٹھتا کہ وہ کتوں کی طرح بھونکتی آخر لوگوں نے بتایا کہ جب تک لوہے کی گرم سلاخ سے تمہارا سر نہیں داغا جائے گا اس درد میں کمی نہیں ہوگی، ام انمار شدت کرب سے تڑپ رہی تھی اس نے خباب رضی اللہ عنہ ہی کو یہ کام تفوض کیا کہ وہ گرم لوہے سے اس کا سر داغیں، چنانچہ جب اس کے سر میں درد اٹھتا خباب رضی اللہ عنہ

[1] السيرة النبوية والدعوة في العهد المكي ۵۴۳/۱

گرم گرم سلاخیں اس کے سر پر لگاتے لیکن اس علاج کے باوجود اسے کوئی فائدہ نہ ہوا اور چند دنوں کے بعد تڑپ تڑپ کر جہنم رسید ہوئی۔ [1]
اس کے بعد خباب رضی اللہ عنہ بن ارت مدینہ منورہ ہجرت فرما گئے۔

قَتَادَةَ قَالَ :لَمَّا هَاجَرَ خَبَّابُ بْنُ الأَرَتِّ مِنْ مَكَّةَ إِلَى الْمَدِينَةِ نَزَلَ عَلَى كُلْثُومِ بْنِ الْهِدْمِ فَلَمْ يَزَالا عِنْدَهُ حَتَّى فُتِحَتْ بَنُو قُرَيْظَةَ

قتادہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے جب خباب بن ارت نے محض رضائے الٰہی کے حصول کے لیے مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ ہجرت کی تو کلثوم رضی اللہ عنہما بن الہدم کے گھر ٹھہرے اور غزوہ بنی قریظہ تک وہیں قیام پذیر رہے۔ [2]

ولما هاجر آخى رَسُول اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بينه وبين تميم مولى خراش بْن الصمة وقيل: آخى بينه وبين جبر بْن عتيك

جب انہوں نے ہجرت کی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خباب رضی اللہ عنہ اور تمیم مولی خراش بن صمہ کے درمیان بھائی چارہ قائم فرمایا اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ جبیر بن عتیک کے ساتھ بھائی چارہ قائم فرمایا۔ [3]

مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ قَالَ :وَآخَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ خَبَّابٍ وَبَيْنَ جَبْرِ بْنِ عَتِيكٍ

محمد بن عمر سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خباب رضی اللہ عنہ کی مواخاۃ جبیر رضی اللہ عنہ بن عتیک سے کرائی تھی۔ [4]

وَشَهِدَ خَبَّابٌ بدرًا وأحدًا والخندق والمشاهد كلها مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حق و باطل کے معرکے غزوہ بدر، غزوہ احد، غزوہ خندق اور دوسرے تمام غزوات میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رہے۔ [5]

دخل خَبَّابِ بْنِ الأَرَتِّ عَلَى عُمَرَ بِنِ الْخَطَّابِ فَأَجْلَسَهُ عَلَى مُتَّكَئِهِ وَقَالَ : مَا عَلَى الأَرْضِ أَحَدٌ أَحَقُّ بِهَذَا الْمَجْلِسِ مِنْ هَذَا إِلا رَجُلٌ وَاحِدٌ، قَالَ لَهُ خَبَّابٌ : مَنْ هُوَ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ؟ قَالَ : بِلالٌ،قَالَ فَقَالَ لَهُ خَبَّابٌ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ مَا هُوَ بِأَحَقِّ مِنِّي. إِنَّ بِلالا كَانَ لَهُ فِي الْمُشْرِكِينَ مَنْ يَمْنَعُهُ اللَّهُ بِهِ وَلَمْ يَكُنْ لِي أَحَدٌ يَمْنَعُنِي ،فَلَقَدْ رَأَيْتُنِي يَوْمًا أَخَذُونِي وَأَوْقَدُوا لِي نَارًا ثُمَّ سَلَقُونِي فِيهَا ثُمَّ وَضَعَ رَجُلٌ رِجْلَهُ عَلَى صَدْرِي فَمَا اتَّقَيْتُ الأَرْضَ. أَوْ قَالَ بَرْدَ الأَرْضِ. إِلا بِظَهْرِي قَالَ ثُمَّ كَشَفَ عَنْ ظَهْرِهِ فَإِذَا هُوَ قَدْ بَرِصَ

جب سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی خلافت کا وقت آیا تو خباب رضی اللہ عنہ بن ارت سیدنا عمر رضی اللہ عنہ سے ملنے کے لئے گئے، سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے از راہ قدر و منزلت انہیں اپنی نشست پر بٹھایا اور فرمایا سوائے ایک شخص کے روئے زمین پر کوئی شخص اس مجلس کا ان سے زیادہ مستحق

[1] اسد الغابة ۱۴۷، ۲
[2] ابن سعد ۱۲۳، ۳
[3] اسد الغابة ۱۴۷، ۲
[4] مستدرک حاکم ۵۶۴۲
[5] ابن سعد ۱۲۳، ۳، مستدرک حاکم ۵۶۴۲

نہیں، خباب رضی اللہ عنہ نے کہا اے امیر المومنین! وہ کون ہے؟ سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا وہ بلال رضی اللہ عنہ ہیں، اس پر خباب رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ اے امیر المومنین بلال رضی اللہ عنہ بھی مجھ سے زیادہ مستحق نہیں اس لئے کہ ان شدائد و مصائب میں بعض مشرکین مکہ بلال رضی اللہ عنہ کے حامی و ہمدرد تھے مگر میرا کوئی بھی حامی و ہمدرد نہیں تھا ایک روز میں نے اپنے کو اس حالت میں دیکھا کہ مشرکین مکہ نے مجھے پکڑ لیا اور آگ سلگائی اور مجھے دہکتے ہوئے انگاروں پر چت لٹایا اور ایک شخص نے میرے سینے پر اپنا پیر رکھ دیا تا کہ جنبش نہ کرسکوں میں زمین سے یا کہا زمین کی ٹھنڈک سے سوائے اپنی پیٹھ کے نہ بچ سکا، پھر انہوں نے کرتا اٹھا کر پشت دکھائی تو وہ برص کی طرح ہوگئی تھی۔ (۱)

خباب رضی اللہ عنہ کی دلدوز مصائب کی تفصیل سن کر سیدنا عمر رضی اللہ عنہ اور دوسرے حاضرین مجلس کی آنکھیں نم ہوگئیں۔

اللہ تبارک وتعالیٰ نے جس کے خزانوں میں کوئی کمی نہیں ہے خباب رضی اللہ عنہ بن ارت کو مال و دولت سے خوب نوازا مگر وہ اس سے بے نیاز ہی رہے بلکہ ہر وقت انہیں یہ اندیشہ لگا رہتا کہ روز قیامت اس مال و دولت کے بارے میں حساب لیا جائے گا اور اس مال کی وجہ سے وہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے عتاب کا شکار نہ ہو جائیں، اس لئے اللہ سبحانہ وتعالیٰ کا عطا کردہ یہ مال گھر میں بغیر کسی رکھوالی کے کھلا پڑا رہتا تھا اور کوئی بھی ضرورت مند شخص جتنا چاہتا اس میں سے اٹھا کر لے جاتا تھا۔

علامہ ابن اثیر رحمہ اللہ کہتے ہیں خباب رضی اللہ عنہ باہمہ جلالت بے حد منکسر المزاج تھے،

عن أَبِي خَالِد شيخ من أصحاب عَبْد اللَّهِ، قال: بينما نحن في المسجد إذ جاء خباب بْن الأرت، فجلس فسكت، فقال له القوم: إن أصحابك قد اجتمعوا إليك لتحدثهم أو لتأمرهم .قال: بم آمرهم؟ ولعلي آمرهم بما لست فاعلًا

عبد اللہ کے ساتھیوں میں سے ابو خالد شیخ کہتے ہیں ایک مرتبہ ہم مسجد میں بیٹھے ہوئے تھے کہ خباب رضی اللہ عنہ بن ارت تشریف لائے ان کے احترام میں سب خاموش ہوگئے، ان اصحاب نے خباب رضی اللہ عنہ سے درخواست کی کہ آپ ہمیں کسی بات کا حکم کریں تا کہ ہم اس پر عمل کریں، انہوں نے فرمایا میں کون ہوں جو کسی بات کا حکم کروں، ممکن ہے کہ میں لوگوں کو کسی بات کا حکم کروں اور خود اس پر عمل نہ کروں۔ (۲)

وَلَقَدْ رَأَيْتُنِي مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا أَمْلِكُ دِينَارًا وَلا دِرْهَمًا وَإِنَّ فِي نَاحِيَةِ بَيْتِي فِي تَابُوتِي لأَرْبَعِينَ أَلْفِ وَافٍ. وَلَقَدْ خَشِيتُ أَنْ تَكُونَ قَدْ عُجِّلَتْ لَنَا طَيِّبَاتُنَا فِي حَيَاتِنَا الدُّنْيَا

انہوں نے لمبی عمر پائی، جب وفات کا وقت آیا تو جو ساتھی عیادت کے لئے گئے تو ان کے سامنے زار و قطار روتے ہوئے فرمانے لگے میں نے اپنے کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اس حالت میں دیکھا ہے کہ نہ ایک دینار کا مالک تھا اور نہ ایک درہم کا، اب میرے مکان کے کونے میں صندوق میں چالیس ہزار درہم موجود ہیں، جس کی وجہ سے مجھے اندیشہ ہے کہ ہماری نیکیاں ہمیں اسی زندگی میں نہ دے دی گئی ہوں اور روز آخرت میں رب کی رحمت سے محروم نہ ہو جاؤں۔ (۳)

<u>قُتِلَ مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ</u> وَهُوَ خَيْرٌ مِنِّي، كُفِّنَ فِي بُرْدَةٍ، إِنْ غُطِّيَ رَأْسُهُ، بَدَتْ رِجْلاهُ، وَإِنْ غُطِّيَ رِجْلاهُ بَدَا رَأْسُهُ وَأُرَاهُ

(۱) ابن سعد ۱۲۳/۳

(۲) اسد الغابة ۱۴۷/۲

(۳) ابن سعد ۱۲۳/۳

فَأَمَرَنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نُغَطِّيَ رَأْسَهُ، وَأَنْ نَجْعَلَ عَلَى رِجْلَيْهِ مِنَ الإِذْخِرِ قَالَ: وَقُتِلَ حَمْزَةُ وَهُوَ خَيْرٌ مِنِّي ثُمَّ بُسِطَ لَنَا مِنَ الدُّنْيَا مَا بُسِطَ أَوْ قَالَ: أُعْطِينَا مِنَ الدُّنْيَا مَا أُعْطِينَا وَقَدْ خَشِينَا أَنْ تَكُونَ حَسَنَاتُنَا عُجِّلَتْ لَنَا

ایک روایت میں ہے فرمانے لگے جب مصعب رضی اللہ عنہ بن عمیر جو مجھ سے بہتر تھے قتل ہوئے تو ان کے کفنانے کے لیے ایک چھوٹی سی چادر کے سوا ہمارے پاس کوئی چیز نہ تھی، اس چادر سے ان کا سر ڈھانکتے تو ان کے پاؤں ننگے رہ جاتے اور پاؤں ڈھانکتے تو سر برہنہ ہو جاتا آخر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم فرمایا کہ ان کا سر چادر سے ڈھانپ دو اور پاؤں پر اذخر (ایک قسم کی گھاس) ڈال دو، اور سید الشہدا حمزہ رضی اللہ عنہ بن عبد المطلب جو مجھ سے بہتر تھے قتل ہوئے تو ان کے کفن کے لیے ایک چھوٹی سی چادر کے سوا کچھ نہ تھا، آج یہ حال ہے کہ اللہ کا فضل ہم پر بارش کی طرح برس رہا ہے مجھے اندیشہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہمارے مصائب کا بدلہ کہیں دنیا ہی میں تو نہیں دے دیا اور روز آخرت میں رب کی رحمت سے محروم نہ ہو جاؤں۔ (۱)

تُوُفِّيَ خَبَّابٌ سَنَةَ سَبْعٍ وَثَلَاثِينَ

خباب رضی اللہ عنہ نے بہتر برس کی عمر میں وفات پائی۔ (۲)

قال زيد بن وهب: سرنا مع علي حين رجع من صفين، حتى إذا كان عند باب الكوفة إذا نحن بقبور سبعة عن أيماننا، فقال: ما هذه القبور؟ فقالوا: يا أمير المؤمنين، إن خباب بن الأرت توفي بعد مخرجك إلى صفين، فأوصى أن يدفن في ظاهر الكوفة، وكان الناس إنما يدفنون موتاهم في أفنيتهم، وعلى أبواب دورهم، فلما رأوا خبابًا أوصى أن يدفن بالظهر دفن الناس، فقال علي رضي الله عنه: رحم الله خبابًا، أسلم راغبًا، وهاجر طائعًا، وعاش مجاهدًا، وابتلى في جسمه، ولن يضيع الله أجر من أحسن عملًا، ثم دنا من قبورهم فقال: السلام عليكم يا أهل الديار من المؤمنين والمسلمين، أنتم لنا سلف فارط ونحن لكم تبع عما قليل لاحق، اللهم أغفر لنا ولهم، وتجاوز بعفوك عنا وعنهم، طوبى لمن ذكر المعاد، وعمل للحساب، وقنع بالكفاف

زید بن وہب کہتے ہیں جنگ صفین کے بعد (۳۷ ہجری میں) اپنے دار الخلافہ کوفہ کو مراجعت کی تو شہر کے باہر آپ کی نظر سات قبروں پر پڑی لوگوں سے پوچھا یہ کس کی قبریں ہیں؟ جب ہم کوفہ سے چلے تھے تو یہاں کوئی قبر نہیں تھی؟ لوگوں نے کہا اے امیر المومنین! جب آپ صفین کی طرف روانہ ہو گئے تو خباب رضی اللہ عنہ فوت ہو گئے، انہوں نے وصیت کی تھی کہ انہیں کوفہ کے باہر کھلے میدان دفن کیا جائے باقی قبریں دوسرے لوگوں کی ہیں جنہیں ان کے اعزہ نے خباب رضی اللہ عنہ کے اتباع میں یہاں دفن کیا، سیدنا علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا خباب رضی اللہ عنہ پر اللہ تعالیٰ کی رحمت ہو وہ برضا و رغبت اسلام لائے اپنی خوشی سے ہجرت کی، ساری زندگی جہاد میں گزاری اور راہ حق میں بڑی مصیبتیں اٹھائیں اللہ تعالیٰ نیکو کاروں کے اعمال ضائع نہیں کرتا یہ فرما کر آپ رضی اللہ عنہ قبروں کے بالکل قریب کھڑے ہو گئے اور دیر تک خباب رضی اللہ عنہ اور دوسرے اہل قبور کے لیے مغفرت

---

(۱) صحیح بخاری کِتَابُ الجَنَائِزِ بَابٌ: الكَفَنُ مِنْ جَمِيعِ المَالِ ۱۲۷۵، ۱۲۷۶، سیر اعلام النبلاء ۳/۹۶

(۲) مستدرک حاکم ۵۶۴۲

کی دعا کرتے رہے۔[1]

**مضامین سورۃ البینہ:**

اللہ تبارک وتعالیٰ نے یہ بیان کرنے کے بعد کہ اللہ تعالیٰ کا پاکیزہ کلام کب نازل فرمایا گیا تھا، اس کے بعد یہ سورۃ البینہ نازل فرمائی، جس میں اہل کتاب یہود ونصاریٰ کے بارے میں فرمایا کہ انہوں نے نفسانی خواہشات اور مالی مفادات کے تحت دین میں خود ساختہ رسومات واعمال داخل کر دیے ہیں اور اصل دین نظر نہیں آتا، تورات وانجیل میں اس قدر من مانی تحریفات کر دی ہیں کہ اب صرف وہ برائے نام ہی اللہ کی کتاب رہ گئی ہے، اور اب ظلمتوں میں بھٹکتے لوگوں کی صحیح رہنمائی کرنے سے قاصر ہے، انہوں نے اللہ وحدہ لاشریک کی عبادت کرنے کی بجائے اللہ کی اولاد تخلیق کر ڈالی ہے، چنانچہ اہل کتاب اور مشرکین کو باور کرایا کہ دنیا میں رسول کا بھیجنا اس لیے ضروری تھا کہ اللہ اس پر تمام آمیزشوں، آلودگیوں سے پاک اپنی کتاب نازل کرے اور وہ خود عملی طور پر اس کتاب کے احکام پر عمل پیرا ہو اور لوگوں کو اپنے مالک حقیقی کی بندگی اور ان کے باہمی معاملات، معاشیات اور عدل وانصاف میں صحیح رہنمائی کرے تاکہ لوگ کماحقہ عمل پیرا ہو کر آخرت کے دردناک عذاب سے بچ جائیں۔

سورۃ البینہ میں تین امور پر بحث کی گئی ہے۔

- اہل کتاب کا رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے بارے میں موقف۔
- اخلاص جس کے بغیر ایمان وعمل معتبر نہیں ہوتا۔
- کفار ومشرکین اور اہل ایمان کا انجام۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

لَمۡ یَکُنِ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا مِنۡ اَہۡلِ الۡکِتٰبِ وَ الۡمُشۡرِکِیۡنَ مُنۡفَکِّیۡنَ حَتّٰی تَاۡتِیَہُمُ

اہل کتاب کے کافر اور مشرک لوگ جب تک کہ ان کے پاس ظاہر دلیل نہ آجائے باز رہنے والے نہ تھے

الۡبَیِّنَۃُ ۙ﴿۱﴾ رَسُوۡلٌ مِّنَ اللّٰہِ یَتۡلُوۡا صُحُفًا مُّطَہَّرَۃً ۙ﴿۲﴾ فِیۡہَا کُتُبٌ قَیِّمَۃٌ ؕ﴿۳﴾ (البینہ ۱تا۳)

(وہ دلیل یہ تھی کہ) اللہ تعالیٰ کا ایک رسول جو پاک آسمانی کتاب پڑھے جن میں صحیح اور درست احکام ہوں۔

أَبَا حَبَّةَ الْبَدْرِيَّ، قَالَ: لَمَّا نَزَلَتْ: {لَمْ يَكُنِ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ}[2] إِلَى آخِرِهَا، قَالَ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّ رَبَّكَ يَأْمُرُكَ أَنْ تُقْرِئَهَا أُبَيًّا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأُبَيٍّ: إِنَّ جِبْرِيلَ أَمَرَنِي أَنْ

---

[1] اسد الغابۃ ۲/۱۴۷

[2] البینۃ: ۱

أُقْرِئَكَ هَذِهِ السُّورَةَ قَالَ أُبَيٌّ: وَقَدْ ذُكِرْتُ ثَمَّ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ :نَعَمْ قَالَ: فَبَكَى أُبَيٌّ

ابوحبہ بدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے جب سورت البینہ نازل ہوئی تو جبرئیل علیہ السلام نے فرمایا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ نے آپ کو حکم دیا ہے کہ یہ سورت (ثابت قدمی اور ان کے ایمان کی زیادتی کے لئے) ابی رضی اللہ عنہ کو سناؤ، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابی رضی اللہ عنہ سے فرمایا جبرئیل علیہ السلام نے مجھے کہا ہے کہ میں یہ سورت تمہیں سناؤں تو ابی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! کیا وہاں میرا ذکر کیا گیا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں تو ابی رضی اللہ عنہ رو پڑے۔ [1]

سورۃ کا ابتدائیہ رسالت کی اہمت وفلسفہ کے بیان میں ہے، جب سے دنیا وجود میں آئی ہے، ابلیس اپنے چیلنج کے مطابق اللہ کے بندوں کو مختلف حیلوں بہانوں اور جھوٹے وعدوں سے راہ حق سے گمراہ کرتا ہی رہا ہے، جیسے فرمایا:

قَالَ فَبِمَآ اَغْوَيْتَنِيْ لَاَقْعُدَنَّ لَهُمْ صِرَاطَكَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝۱۶ ثُمَّ لَاٰتِيَنَّهُمْ مِّنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ وَعَنْ اَيْمَانِهِمْ وَعَنْ شَمَآئِلِهِمْ ۭ وَلَا تَجِدُ اَكْثَرَهُمْ شٰكِرِيْنَ ۝۱۷ [2]

ترجمہ: بولا اچھا تو جس طرح تو نے مجھے گمراہی میں مبتلا کیا ہے میں بھی اب تیری سیدھی راہ پر ان انسانوں کی گھات میں لگا رہوں گا آگے اور پیچھے، دائیں اور بائیں، ہر طرف سے ان کو گھیروں گا اور تو ان میں سے اکثر کو شکر گزار نہ پائے گا۔

قَالَ رَبِّ بِمَآ اَغْوَيْتَنِيْ لَاُزَيِّنَنَّ لَهُمْ فِي الْاَرْضِ وَلَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝۳۹ اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ ۝۴۰ [3]

ترجمہ: وہ بولا میرے رب! جیسا تو نے مجھے بہکایا اسی طرح اب میں زمین پر ان کے لیے دلفریبیاں پیدا کر کے ان سب کو بہکا دوں گا سوائے تیرے ان بندوں کے جنہیں تو نے ان میں سے خالص کر لیا ہو۔

قَالَ فَبِعِزَّتِكَ لَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ۝۸۲ [4]

ترجمہ: اس نے کہا تیری عزت کی قسم! میں ان سب لوگوں کو بہکا کر رہوں گا۔

قَالَ اَرَءَيْتَكَ هٰذَا الَّذِيْ كَرَّمْتَ عَلَيَّ ۡ لَىِٕنْ اَخَّرْتَنِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَاَحْتَنِكَنَّ ذُرِّيَّتَهٗٓ اِلَّا قَلِيْلًا ۝۶۲ [5]

ترجمہ: پھر وہ بولا دیکھ تو سہی کیا یہ اس قابل تھا کہ تو نے اسے مجھ پر فضیلت دی؟ اگر تو مجھے قیامت کے دن تک مہلت دے تو میں اس کی پوری نسل کی بیخ کنی کر ڈالوں، بس تھوڑے ہی لوگ مجھ سے بچ سکیں گے۔

اور اللہ تبارک وتعالیٰ اپنے وعدے کے مطابق بندوں کی ہدایت ورہنمائی کے لئے جلیل القدر پیغمبر مبعوث فرماتا رہا ہے، جیسے فرمایا

قُلْنَا اهْبِطُوْا مِنْهَا جَمِيْعًا ۚ فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّىْ هُدًى فَمَنْ تَبِعَ هُدَاىَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ

[1] مسند احمد ۱۶۰۰۱

[2] الاعراف ۱۶،۱۷

[3] الحجر ۳۹،۴۰

[4] ص ۸۲

[5] بنی اسرائیل ۶۲

يَحۡزَنُوۡنَ ۝ وَالَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا وَ كَذَّبُوۡا بِاٰيٰتِنَاۤ اُولٰٓـئِكَ اَصۡحٰبُ النَّارِ‌ ۚ هُمۡ فِيۡهَا خٰلِدُوۡنَ ۝ (۱)

ترجمہ:ہم نے کہا کہ تم سب یہاں سے اتر جاؤ پھر جو میری طرف سے کوئی ہدایت تمہارے پاس پہنچے تو جو لوگ میری اس ہدایت کی پیروی کریں گے ان کے لیے کسی خوف اور رنج کا موقع نہ ہو گا،اور جو اس کو قبول کرنے سے انکار کریں گے اور ہماری آیات کو جھٹلائیں گے وہ آگ میں جانے والے لوگ ہیں جہاں وہ ہمیشہ رہیں گے۔

اور اپنے پیغمبروں پر کتابیں نازل کر کے بندوں پر حجتیں اور دلیلیں قائم فرماتا رہا ہے،جیسے فرمایا

وَمَاۤ اَرۡسَلۡنَا مِنۡ قَبۡلِكَ مِنۡ رَّسُوۡلٍ اِلَّا نُوۡحِىۡۤ اِلَيۡهِ اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنَا فَاعۡبُدُوۡنِ ۝ (۲)

ترجمہ:ہم نے تم سے پہلے جو رسول بھی بھیجا ہے اس کو یہی وحی کی ہے کہ میرے سوا کوئی الٰہ نہیں ہے پس تم لوگ میری ہی بندگی کرو۔

مگر اس واضح ہدایات کے باوجود اہل کتاب نے اللہ کے کلام میں اختلاف کیا،توراۃ کے حامل یہود نے اللہ کو وحدہ لاشریک سمجھنے کے بجائے بدترین شرک میں مبتلا ہو کر اپنے پیغمبر عزیر رضی اللہ عنہ کو (نَعُوذُ بِاَللَّه) اللہ کا بیٹا مان لیا،جیسے فرمایا

وَقَالَتِ الۡيَهُوۡدُ عُزَيۡرُ ٱبۡنُ اللّٰهِ... (۳)

ترجمہ:یہودی کہتے ہیں کہ عزیر اللہ کا بیٹا ہے۔

اور اللہ کی کتاب انجیل کے حامل نصاریٰ نے بھی اللہ کو وحدہ لاشریک سمجھنے کی بجائے عیسیٰ علیہ السلام (روح اللہ) کو (نَعُوذُ بِاَللَّه) اللہ کا بیٹا سمجھ لیا،جیسے فرمایا:

وَقَالَتِ النَّصٰرَى الۡمَسِيۡحُ ابۡنُ اللّٰهِ‌ ؕ ذٰ لِكَ قَوۡلُهُمۡ بِاَفۡوَاهِهِمۡ... ۝ (۴)

ترجمہ:اور عیسائی کہتے ہیں کہ مسیح اللہ کا بیٹا ہے،یہ بے حقیقت باتیں ہیں جو وہ اپنی زبانوں سے نکالتے ہیں۔

ان میں سے بعض اپنے کفر میں اتنے بڑھے کہ انہوں نے خود مسیح ہی کو اللہ سمجھ لیا،جیسے فرمایا

لَقَدۡ كَفَرَ الَّذِيۡنَ قَالُوۡۤا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الۡمَسِيۡحُ ابۡنُ مَرۡيَمَ‌... ۝ (۵)

ترجمہ:یقیناً کفر کیا ان لوگوں نے جنہوں نے کہا کہ مسیح ابن مریم ہی اللہ ہے۔

ان میں بعض نے تثلیث کا عقیدہ وضع کر کے تین الٰہ تسلیم کر لیے،جیسے فرمایا

لَقَدۡ كَفَرَ الَّذِيۡنَ قَالُوۡۤا اِنَّ اللّٰهَ ثَالِثُ ثَلٰثَةٍ‌ ۘ وَمَا مِنۡ اِلٰهٍ اِلَّاۤ اِلٰـهٌ وَّاحِدٌ... ۝ (۶)

(۱) البقرة۳۸،۳۹

(۲) الانبیاء۲۵

(۳) التوبة۳۰

(۴) التوبة۳۰

(۵) المائدة ۱۷

(۶) المائدة۷۳

ترجمہ: یقیناً کفر کیا ان لوگوں نے جنہوں نے کہا کہ اللہ تین میں کا ایک ہے، حالانکہ ایک الٰہ کے سوا کوئی الٰہ نہیں ہے۔

انہوں نے یہ بھی دعویٰ کیا کہ انہوں نے عیسیٰ علیہ السلام کو صلیب پر لٹکا دیا ہے مگر اس واقعہ کو اللہ تبارک وتعالیٰ نے مشتبہ بنا دیا، جیسے فرمایا

وَّقَوۡلِهِمۡ اِنَّا قَتَلۡنَا الۡمَسِيۡحَ عِيۡسَى ابۡنَ مَرۡيَمَ رَسُوۡلَ اللّٰهِ‌ۚ وَمَا قَتَلُوۡهُ وَمَا صَلَبُوۡهُ وَلٰـكِنۡ شُبِّهَ لَهُمۡ‌ؕ وَاِنَّ الَّذِيۡنَ اخۡتَلَفُوۡا فِيۡهِ لَفِىۡ شَكٍّ مِّنۡهُ‌ؕ مَا لَهُمۡ بِهٖ مِنۡ عِلۡمٍ اِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ‌ۚ وَمَا قَتَلُوۡهُ يَقِيۡنًاۢ ۝١٥٧ (۱)

ترجمہ: اور خود کہا کہ ہم نے مسیح عیسیٰ ابن مریم رسول اللہ کو قتل کر دیا ہے حالانکہ فی الواقع انہوں نے نہ اس کو قتل کیا نہ صلیب پر چڑھایا بلکہ معاملہ ان کے لیے مشتبہ کر دیا گیا اور جن لوگوں نے اس کے بارے میں اختلاف کیا ہے وہ بھی دراصل شک میں مبتلا ہیں ان کے پاس اس معاملہ میں کوئی علم نہیں ہے، محض گمان ہی کی پیروی ہے۔

بنی اسرائیل نے چند ٹکوں کی منفعت حاصل کرنے کے لئے اپنی دینی کتابوں میں تحریف کر کے اللہ تبارک وتعالیٰ کی پاکیزہ تعلیمات کو مسخ کر دیا، جیسے فرمایا:

مِّنۡهُمۡ يَسۡمَعُوۡنَ كَلٰمَ اللّٰهِ ثُمَّ يُحَرِّفُوۡنَهٗ مِنۡۢ بَعۡدِ مَا عَقَلُوۡهُ وَهُمۡ يَعۡلَمُوۡنَ ۝٧٥ (۲)

ترجمہ: اے مسلمانو! اب کیا ان لوگوں سے تم یہ توقع رکھتے ہو کہ یہ تمہاری دعوت پر ایمان لے آئیں گے؟ حالانکہ ان میں سے ایک گروہ کا شیوہ یہ رہا ہے کہ اللہ کا کلام سنا اور پھر خوب سمجھ بوجھ کر دانستہ اس میں تحریف کی۔

مِنَ الَّذِيۡنَ هَادُوۡا يُحَرِّفُوۡنَ الۡـكَلِمَ عَنۡ مَّوَاضِعِهٖ ۝٤٦ (۳)

ترجمہ: جو لوگ یہودی بن گئے ہیں ان میں کچھ لوگ ہیں جو الفاظ کو ان کے محل سے پھیر دیتے ہیں۔

يُحَرِّفُوۡنَ الۡـكَلِمَ عَنۡ مَّوَاضِعِهٖ ۝١٣ (۴)

ترجمہ: اب ان کا حال یہ ہے کہ الفاظ کا الٹ پھیر کر کے بات کو کہیں سے کہیں لے جاتے ہیں۔

يُحَرِّفُوۡنَ الۡـكَلِمَ مِنۡۢ بَعۡدِ مَوَاضِعِهٖ ۝٤١ (۵)

ترجمہ: کتاب اللہ کے الفاظ کو ان کا صحیح محل متعیّن ہونے کے باوجود اصل معنی سے پھیرتے ہیں۔

اپنے علماء کو خدائی کا درجہ دے دیا یعنی جو وہ کہتے اسے حرف بحرف صحیح تسلیم کر لیا جاتا اور جس سے روکتے رک جاتے، جیسے فرمایا

اِتَّخَذُوۡۤا اَحۡبَارَهُمۡ وَرُهۡبَانَهُمۡ اَرۡبَابًا مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ وَالۡمَسِيۡحَ ابۡنَ مَرۡيَمَ‌ۚ وَمَاۤ اُمِرُوۡۤا اِلَّا لِيَعۡبُدُوۡۤا اِلٰهًا

---

(۱) النساء ۱۵۷

(۲) البقرة ۷۵

(۳) النساء ۴۶

(۴) المائدة ۱۳

(۵) المائدة ۴۱

وَّاحِدًا ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ سُبۡحٰنَهٗ عَمَّا يُشۡرِكُوۡنَ ﴿۳۱﴾ (۱)

ترجمہ:انہوں نے اپنے علماءاور درویشوں کو اللہ کے سوا اپنا رب بنالیا ہے اور اسی طرح مسیح ابن مریم کو بھی، حالانکہ ان کو ایک معبود کے سوا کسی کی بندگی کرنے کا حکم نہیں دیا گیا تھا وہ جس کے سوا کوئی مستحق عبادت نہیں، پاک ہے وہ ان مشرکانہ باتوں سے جو یہ لوگ کرتے ہیں۔

عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ، قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِي عُنُقِي صَلِيبٌ مِنْ ذَهَبٍ. فَقَالَ: يَا عَدِيُّ اطْرَحْ عَنْكَ هَذَا الوَثَنَ، وَسَمِعْتُهُ يَقْرَأُ فِي سُورَةِ بَرَاءَةٌ: {اتَّخَذُوا أَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ أَرْبَابًا مِنْ دُونِ اللَّهِ}، قَالَ: أَمَا إِنَّهُمْ لَمْ يَكُونُوا يَعْبُدُونَهُمْ، وَلَكِنَّهُمْ كَانُوا إِذَا أَحَلُّوا لَهُمْ شَيْئًا اسْتَحَلُّوهُ، وَإِذَا حَرَّمُوا عَلَيْهِمْ شَيْئًا حَرَّمُوهُ.

عدی رضی اللہ عنہ بن حاتم سے مروی ہے میں نبی کریم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی خدمت میں حاضر ہوا اور میری گردن میں سونے کی صلیب پڑی ہوئی تھی، صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا اے عدی! اس بت کو اپنے پاس سے دور کردو، اور میں نے سورۃ التوبہ کی اس آیت کو پڑھتے ہوئے سنا انہوں نے اپنے علماء اور رور درویشوں کو اللہ کے سوا اپنا رب بنالیا (یہ آیت سن کر عدی رضی اللہ عنہ نے عرض کی اے اللہ کے رسول صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم! ہم اپنے علماء اور درویشوں کو رب تو نہیں بناتے) رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا کہ یہ واقعہ نہیں ہے کہ جو کچھ یہ حلال قرار دیتے ہیں اسے حلال مان لیتے ہو اور جو کچھ یہ لوگ حرام قرار دیتے ہیں اسے تم حرام مان لیتے ہو؟ یہی تو رب بنانا ہے۔ (۲)

اللہ تبارک وتعالیٰ نے ان کی سرکشی پر ان میں یکے بعد دیگرے پیغمبر بھیجے مگر یہ اپنی روش سے باز نہ آئے بلکہ کئی پیغمبروں کو قتل تک کر دیا، جیسے فرمایا:

ضُرِبَتۡ عَلَيۡهِمُ الذِّلَّةُ اَيۡنَ مَا ثُقِفُوۡۤا اِلَّا بِحَبۡلٍ مِّنَ اللّٰهِ وَحَبۡلٍ مِّنَ النَّاسِ وَبَآءُوۡ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَضُرِبَتۡ عَلَيۡهِمُ الۡمَسۡكَنَةُ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمۡ كَانُوۡا يَكۡفُرُوۡنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقۡتُلُوۡنَ الۡاَنۡۢبِيَآءَ بِغَيۡرِ حَقٍّ ؕ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوۡا وَّكَانُوۡا يَعۡتَدُوۡنَ ﴿۱۱۲﴾ (۳)

ترجمہ: یہ جہاں بھی پائے گئے ان پر ذلت کی مار ہی پڑی، کہیں اللہ کے ذمّہ یا انسانوں کے ذمّہ میں پناہ مل گئی تو یہ اور بات ہے، یہ اللہ کے غضب میں گھر چکے ہیں، ان پر محتاجی و مغلوبی مسلط کر دی گئی ہے اور یہ سب کچھ صرف اس وجہ سے ہوا ہے کہ یہ اللہ کی آیات سے کفر کرتے رہے اور انہوں نے پیغمبروں کو ناحق قتل کیا، یہ ان کی نافرمانیوں اور زیادتیوں کا انجام ہے۔

مشرکین میں ستارہ پرست لوگوں نے جو کسی نبی کے پیروکار اور کسی کتاب کو ماننے والے نہ تھے اللہ تبارک وتعالیٰ کی ادنیٰ مخلوق سات ستاروں کو اپنا معبود بنالیا، ان کی عبادت کرنے کے لئے عظیم الشان ہیکل تعمیر کیے جہاں ان کی خوشنودی کے لئے انسانی وحیوانی جانوں کی قربانی کی رسومات ادا کی جانے لگیں، بدترین اخلاقی رسومات کو فروغ دیا گیا، مجوس نے دو الٰہ بنا کر اللہ تبارک وتعالیٰ کی ایک ادنیٰ مخلوق آگ کی پوجا شروع

---

(۱) التوبة۳۱

(۲) جامع ترمذی أَبْوَابُ تَفْسِيرِ الْقُرْآنِ بَابٌ وَمِنْ سُورَةِ التَّوْبَةِ۳۰۹۵

(۳) آل عمران۱۱۲

کر دی،اہل عرب جو اللہ تبارک وتعالیٰ کو تسلیم کرتے تھے مگر اللہ کی ذات وصفات واختیارات میں اپنے باطل معبودوں کو شریک کر کے ان کی پرستش کرنے لگے،اللہ تبارک وتعالیٰ کے مقدس گھر میں ہی ان باطل معبودوں کو سجادیا گیااور اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی زمین پر ہر طرح کے ظلم وستم کا بازار گرم کر دیا،ان کے علاوہ کئی لوگ ایسے تھے جو اللہ کو مانتا تھے مگر رسالت کے منکر تھے اور انبیاء کے ذریعہ آئی ہوئی ہدایت کو قبول نہ کرتے تھے،بعض لوگ ایسے تھے جو ایک نبی کو مانتے تھے مگر کسی دوسرے نبی کے منکر تھے،آخرت کا عقیدہ ان مشرکین کے لئے ایک دیوانے کی بڑ کے سوا کچھ نہ تھا،جیسے فرمایا

اَیَعِدُكُمْ اَنَّكُمْ اِذَا مِتُّمْ وَ كُنْتُمْ تُرَابًا وَّعِظَامًا اَنَّكُمْ مُّخْرَجُوْنَ ۳۵ هَیْهَاتَ هَیْهَاتَ لِمَا تُوْعَدُوْنَ ۳۶ اِنْ هِیَ اِلَّا حَیَاتُنَا الدُّنْیَا نَمُوْتُ وَنَحْیَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِیْنَ ۳۷ اِنْ هُوَاِلَّا رَجُلُ افْتَرٰی عَلَی اللهِ كَذِبًا وَّمَا نَحْنُ لَهٗ بِمُؤْمِنِیْنَ ۳۸ (۱)

ترجمہ:یہ تمہیں اطلاع دیتا ہے کہ جب تم مر کر مٹی ہو جاؤ گے اور ہڈیوں کا پنجر بن کر رہ جاؤ گے اس وقت تم (قبروں سے) نکالے جاؤ گے؟بعید، بالکل بعید ہے یہ وعدہ جو تم سے کیا جار ہا ہے،زندگی کچھ نہیں ہے مگر بس یہی دنیا کی زندگی،یہیں ہم کو مرنا اور جینا ہے اور ہم ہر گز اٹھائے جانے والے نہیں ہیں،یہ شخص اللہ کے نام پر محض جھوٹ گھڑ رہا ہے اور ہم کبھی اس کی ماننے والے نہیں ہیں۔

کفر وشرک میں ڈوبے ان سب لوگوں کو گمراہیوں،ظلمتوں سے نکالنے کی صرف ایک ہی سبیل تھی کہ جیسے اللہ تبارک وتعالیٰ نے پہلی امتوں میں ان کے اختلافات کی وجہ سے پیغمبر مبعوث فرمائے تھے،جیسے فرمایا:

كَانَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً فَبَعَثَ اللهُ النَّبِیّٖنَ مُبَشِّرِیْنَ وَمُنْذِرِیْنَ وَاَنْزَلَ مَعَهُمُ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِیَحْكُمَ بَیْنَ النَّاسِ فِیْمَا اخْتَلَفُوْا فِیْهِ... ۲۱۳ (۲)

ترجمہ:ابتدا میں سب لوگ ایک ہی طریقے پر تھے (پھر یہ حالت باقی نہ رہی اور اختلافات رونما ہوئے) تب اللہ نے اپنے نبی بھیجے جو راست روی پر بشارت دینے والے اور کجروی کے نتائج سے ڈرانے والے تھے،اور ان کے ساتھ کتاب برحق نازل کی تاکہ حق کے بارے میں لوگوں کے درمیان جو اختلافات رونما ہو گئے تھے ان کا فیصلہ کرے۔

اسی طرح اب بھی ساری دنیا کے لئے کمال درجہ کے پاکیزہ اخلاق و کردار والا خاتم النبیین محمد صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم مبعوث فرمائے،اس پر اپنی مقدس کتاب قرآن مجید نازل فرمائی تاکہ وہ لوگوں کے سامنے باطل کی تمام آمیزشوں سے پاک اللہ کی کتاب کو اس کی اصل اور صحیح حالت میں پیش کرے،راہ راست کو واضح کر کے کفر کی ہر صورت کا غلط اور خلاف حق ہونا سمجھائے،اور وہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے احکام دینیہ پر خود بھی عمل پیرا ہو اور ان احکامات کی عملی تعبیر سے کفر وشرک میں ڈوبے لوگوں کو ان کی ضلالت وجہالت بیان کریں اور ظلمتوں سے نکال کر صراط مستقیم پر گامزن کرے،اس کے باوجود بھی اگر کوئی بدقسمت چاہے وہ اہل کتاب میں ہو یا مشرکین میں سے اپنے کفر وشرک پر قائم رہے تو اللہ تعالیٰ

(۱) المومنون ۳۵تا۳۸

(۲) البقرة ۲۱۳

نے آخری رسول اور اس پر آخری کتاب نازل فرما کر اپنی حجت اس پر پوری فرمادی، جیسے فرمایا:

وَعَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِيْلِ وَمِنْهَا جَآئِرٌ ۔۔۔ ⑨ (۱)

ترجمہ: اور اللہ ہی کے ذمہ ہے سیدھا راستہ بتانا جب کہ راستے ٹیڑھے بھی موجود ہیں۔

اِنَّ عَلَيْنَا لَلْهُدٰى ⑫ (۲)

ترجمہ: راستہ بتانا ہمارے ذمہ ہے۔

اِنَّآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ كَمَآ اَوْحَيْنَآ اِلٰى نُوْحٍ وَّالنَّبِيّٖنَ مِنْۢ بَعْدِهٖ ۚ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَعِيْسٰى وَاَيُّوْبَ وَيُوْنُسَ وَهٰرُوْنَ وَسُلَيْمٰنَ ۚ وَاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا ⑯③ وَرُسُلًا قَدْ قَصَصْنٰهُمْ عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ وَرُسُلًا لَّمْ نَقْصُصْهُمْ عَلَيْكَ ۭ وَكَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰى تَكْلِيْمًا ⑯④ رُسُلًا مُّبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَى اللّٰهِ حُجَّةٌۢ بَعْدَ الرُّسُلِ ⑯⑤ (۳)

ترجمہ: اے نبی! ہم نے تمہاری طرف اسی طرح وحی بھیجی ہے جس طرح نوح اور اس کے بعد کے نبیوں کی طرف بھیجی تھی، ہم نے ابراہیم علیہ السلام، اسماعیل علیہ السلام، یعقوب علیہ السلام اور اولاد یعقوب، عیسیٰ علیہ السلام، ایوب علیہ السلام، یونس علیہ السلام، ہارون علیہ السلام اور سلیمان علیہ السلام کی طرف وحی بھیجی ہم نے داوٗد علیہ السلام کو زبور دی، ہم نے ان رسولوں پر بھی وحی نازل کی جن کا ذکر ہم اس سے پہلے تم سے کر چکے ہیں اور ان رسولوں پر بھی جن کا ذکر تم سے نہیں کیا، ہم نے موسیٰ علیہ السلام سے اس طرح گفتگو کی جس طرح گفتگو کی جاتی ہے، یہ سارے رسول خوش خبری دینے والے اور ڈرانے والے بنا کر بھیجے گئے تھے تاکہ ان کو مبعوث کر دینے کے بعد لوگوں کے پاس اللہ کے مقابلہ میں کوئی حجت نہ رہے۔

يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَاۗءَكُمْ رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ عَلٰي فَتْرَةٍ مِّنَ الرُّسُلِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا جَاۗءَنَا مِنْۢ بَشِيْرٍ وَّلَا نَذِيْرٍ ۡ فَقَدْ جَاۗءَكُمْ بَشِيْرٌ وَّنَذِيْرٌ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ⑲ (۴)

ترجمہ: اے اہل کتاب! ہمارا یہ رسول ایسے وقت تمہارے پاس آیا ہے اور دین کی واضح تعلیم تمہیں دے رہا ہے جبکہ رسولوں کی آمد کا سلسلہ ایک مدت سے بند تھا تاکہ تم یہ نہ کہہ سکو کہ ہمارے پاس کوئی بشارت دینے والا اور ڈرانے والا نہیں آیا، سو دیکھو اب وہ بشارت دینے والا اور ڈرانے والا آ گیا اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

اِذْ قَالُوْا لِقَوْمِهِمْ اِنَّا بُرَءٰۗؤُا مِنْكُمْ وَمِمَّا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۡ كَفَرْنَا بِكُمْ وَبَدَا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةُ وَالْبَغْضَاۗءُ اَبَدًا حَتّٰى تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗٓ ④ (۵)

(۱) النحل ۹
(۲) اللیل ۱۲
(۳) النساء ۱۶۳ تا ۱۶۵
(۴) المائدۃ ۱۹
(۵) الممتحنۃ ۴

ترجمہ: ہم تم سے اور تمہارے ان معبودوں سے جن کو تم اللہ کو چھوڑ کر پوجتے ہو قطعی بیزار ہیں، ہم نے تم سے کفر کیا اور ہمارے اور تمہارے درمیان ہمیشہ کے لے عداوت ہوگئی اور بیر پڑ گیا جب تک تم اللہ وحدہ پر ایمان نہ لاو۔

وَ مَا تَفَرَّقَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنَةُ ؕ۝۴

اہل کتاب اپنے پاس ظاہر دلیل آجانے کے بعد ہی (اختلاف میں پڑ کر) متفرق ہوگئے،

وَ مَاۤ اُمِرُوْۤا اِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۙ۬ حُنَفَآءَ

انہیں اس کے سوا کوئی حکم نہیں دیا گیا کہ صرف اللہ کی عبادت کریں اسی کے لیے دین کو خالص رکھیں، ابراہیم حنیف کے دین پر

وَ يُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَ يُؤْتُوا الزَّكٰوةَ وَ ذٰلِكَ دِيْنُ الْقَيِّمَةِ ؕ۝۵ (البینہ ۵،۴)

اور نماز قائم رکھیں اور زکوۃ دیتے رہیں، یہی ہے دین سیدھی ملت کا۔

اللہ تبارک وتعالیٰ نے پہلی امتوں یہود ونصاریٰ وغیرہ کی ہدایت ورہنمائی کے لئے ان میں لگا تار جلیل القدر پیغمبر مبعوث فرمائے، ان پیغمبروں پر اپنا پاکیزہ کلام (تورات، انجیل زبور اور کئی صحیفے) نازل فرمایا، ہر رسول نے اپنی قوم کو یہی دعوت پیش کی کہ اللہ وحدہ لاشریک کی بندگی کرو اور طاغوت سے بچو، جیسے فرمایا:

وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوْتَ ۝۳۶ [1]

ترجمہ: ہم نے ہر امت میں ایک رسول بھیج دیا اور اس کے ذریعہ سے سب کو خبردار کر دیا کہ اللہ کی بندگی کرو اور طاغوت کی بندگی سے بچو۔

اللہ تبارک وتعالیٰ نے ان پر اپنی واضح ہدایات بھیج کر حجتیں قائم کر دیں مگر ہدایت نے ان کی گمراہی میں اور بصیرت نے ان کے اندھے پن میں اضافے کے سوا کچھ نہیں کیا، حالانکہ تمام کتابیں ایک ہی اصل اور ایک ہی دین لے کر آئی ہیں، تمام شریعتوں میں حکم تو یہی ہوا تھا کہ اللہ وحدہ لاشریک کی اخلاص کے ساتھ ظاہری وباطنی بندگی کرو، مگر اہل کتاب اپنی فطری خساست وسرکشی میں ڈوب کر ان کتابوں میں اختلاف وتحریف کرنے لگے، اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے واضح کلام میں من مرضی کے مطالب نکال لئے، دین میں نئی نئی بدعات شامل کر لیں جس کی وجہ سے وہ بے شمار گروہوں میں بٹ گئے، ہر گروہ دوسرے کو گمراہ کہنے لگا حالانکہ وہ سب خود اپنے اعمال کی بدولت گمراہ ہو چکے تھے، جیسے فرمایا

وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ تَفَرَّقُوْا وَاخْتَلَفُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ ؕ وَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝۱۰۵ [2]

ترجمہ: کہیں تم ان لوگوں کی طرح نہ ہو جانا جو فرقوں میں بٹ گئے اور کھلی کھلی واضح ہدایات پانے کے بعد پھر اختلافات میں مبتلا ہوئے جنہوں نے یہ روش اختیار کی وہ اس روز سخت سزا پائیں گے۔

عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ زِيَادٍ الأَفْرِيقِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ

[1] النحل ۳۶

[2] آل عمران ۱۰۵

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيَأْتِيَنَّ عَلَى أُمَّتِي مَا أَتَى عَلَى بني إسرائيل حَذْوَ النَّعْلِ بِالنَّعْلِ حَتَّى إِنْ كَانَ مِنْهُمْ مَنْ أَتَى أُمَّهُ عَلَانِيَةً لَكَانَ فِي أُمَّتِي مَنْ يَصْنَعُ ذَلِكَ، وَإِنَّ بني إسرائيل تَفَرَّقَتْ عَلَى ثِنْتَيْنِ وَسَبْعِينَ مِلَّةً، وَتَفْتَرِقُ أُمَّتِي عَلَى ثَلَاثٍ وَسَبْعِينَ مِلَّةً، كُلُّهُمْ فِي النَّارِ إِلَّا مِلَّةً وَاحِدَةً، قَالُوا: وَمَنْ هِيَ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: مَا أَنَا عَلَيْهِ وَأَصْحَابِي

عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میری امت پر ایک ایسا زمانہ آئے گا جیسا بنی اسرائیل پر آیا تھا اور دونوں کے زمانہ اس طرح مطابق ہوں گے جیسے ایک نعل دوسرے نعل کے مطابق ہوتی ہے، یہاں تک کہ اگر بنی اسرائیل میں کوئی شخص ایسا ہوگا کہ علانیہ اپنی ماں سے زنا کرے کرے گا تو میری امت میں سے ایسا شخص ہوگا جو اس امر شنیع کا مرتکب ہوگا، اور بنی اسرائیل بہتر فرقوں میں متفرق ہوئے اور میری امت تہتر فرقوں میں متفرق ہوگی سوئے ایک کے سب جہنم میں جائیں گے، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے پوچھا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم وہ کون ہے؟ فرمایا وہ جو اس پر ہو جس پر میں اور میرے اصحاب ہیں یعنی کتاب وسنت پر۔ [1]

یہ ضعیف روایت ہے، اس کی سند میں راوی عبدالرحمٰن بن زیاد افریقی ضعیف ہے۔

اب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہم نے منصب رسالت پر فائز کر دیا ہے اور وہ امی ہونے کے باوجود قرآن مجید جیسی کتاب پیش کر رہے ہیں اور یہ ان کی رسالت کی واضح دلیل ہے اس طرح اللہ نے تم پر پھر حجت تمام کر دی ہے، اس کے بعد بھی اگر تم متفرق رہو تو اس کی ذمہ داری خود تمہیں پر عائد ہوتی ہے، مگر ان میں سے اکثر لوگ جن پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صداقت واضح تھی محض اپنے حسد وبغض اور ضد وہٹ دھرمی کی وجہ سے ایمان لانے سے گریزاں تھے اور آپ کی تکذیب کرتے تھے، یہاں اہل کتاب یہود ونصاریٰ کو ابراہیم علیہ السلام کا حوالہ دے کر فرمایا گیا کہ تم انہیں اپنا مذہبی پیشوا تسلیم کرتے ہو مگر جس طرح ابراہیم علیہ السلام نے اسلام کی طرف مائل اور یکسو ہو کر کفر وشرک میں ڈوبی اپنی قوم وبرادری کے خلاف واشگاف الفاظ میں یہ نعرہ حق لگایا تھا، جیسے فرمایا

قَدْ كَانَتْ لَكُمْ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ ۚ اِذْ قَالُوْا لِقَوْمِهِمْ اِنَّا بُرَءٰۗؤُا مِنْكُمْ وَمِمَّا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۡ كَفَرْنَا بِكُمْ وَبَدَا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةُ وَالْبَغْضَاۗءُ اَبَدًا حَتّٰى تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗٓ ... ۝۴ [2]

ترجمہ: تم لوگوں کے لئے ابراہیم علیہ السلام اور اس کے ساتھیوں میں ایک اچھا نمونہ ہے کہ انہوں نے اپنی قوم سے صاف کہہ دیا ہم تم سے اور تمہارے ان معبودوں سے جن کو تم خدا کو چھوڑ کر پوجتے ہو قطعی بیزار ہیں، ہم نے تم سے کفر کیا اور ہمارے اور تمہارے درمیان ہمیشہ کے لئے عداوت ہوگئی اور بیر پڑ گیا جب تک تم اللہ وحدہ پر ایمان نہ لاؤ۔

تم بھی ان کی سیرت کو صرف نام کی حد تک تسلیم کرنے کے بجائے ان کی طرح اپنے دین کو اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے لئے خالص کر کے شرک سے بیزاری ونفرت کا اظہار کرو، اپنے باطل معبودوں کے آگے سر جھکانے، ان کی رضا حاصل کرنے کے لئے مشرکانہ رسومات ادا کرنے کے بجائے ہر طرف سے رخ پھیر کر اپنے خالق ومالک اور رازق کو معبود برحق تسلیم کر کے اس کے حضور سر جھکاؤ، اللہ تبارک وتعالیٰ کی یاد کے لئے نماز قائم

---

[1] جامع ترمذی کتاب الایمان مَا جَاءَ فِي افْتِرَاقِ هَذِهِ الأُمَّةِ ٢٦٤١

[2] الممتحنة ۴

کرو جو بدن کی تمام عبادتوں میں سب سے اعلیٰ عبادت ہے، رب کا قرب حاصل کرنے کا بہترین طریقہ ہے، ہم نے جو مال و دولت تمہیں عنایت فرمایا ہے اس پر اترا کر مالی طور پر کمزور بندوں پر ظلم وستم نہ کرو بلکہ تمہارے اس مال میں ہم نے اپنے مالی طور پر کمزور بندوں، ضرورت مندوں، یتیموں، بیواوں وغیرہ کا حق رکھا ہے، یہ حق خوشی خوشی ان تک پہنچاو، یہ حق دیتے ہوئے اور نہ انہیں جھڑ کو اور نہ ان پر اپنا احسان نہ جتلاو، صرف اتنا ہی نہیں ہماری خوشنودی حاصل کرنے کے لئے فرض زکواۃ کے علاوہ بھی ان پر صدقہ وخیرات خرچ کرو، یہی صرط مستقیم ہے، اسی میں تمہاری کامیابی و کامرانی ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِيْنَ فِيْ نَارِ

بیشک جو لوگ اہل کتاب میں سے کافر ہوئے اور مشرکین سب دوزخ کی آگ میں ( جائیں گے ) ، جہاں وہ ( ہمیشہ ہمیشہ )

جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ اُولٰٓئِكَ هُمْ شَرُّ الْبَرِيَّةِ ؕ﴿۶﴾ (البینہ ۶)

رہیں گے، یہ لوگ بدترین خلائق ہیں۔

اے اہل کتاب ( یہود ونصاریٰ ) تمہارے پاس تو اللہ تبارک وتعالیٰ کی نازل کردہ کتابیں ہیں جس میں تم اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے احکامات پڑھتے ہو، انہیں کتابوں میں اللہ تعالیٰ لگاتار اپنے آخری پیغمبر محمد رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کے آنے کی خوشخبری دیتا رہا ہے جس رسول کا تم انتظار کر رہے تھے ، کیا تم نہیں دیکھتے کہ رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ جو تعلیمات دے رہے ہیں وہ وہی تعلیمات ہیں جو ان سے پہلے پیغمبر تمہیں دے چکے ہیں، یعنی ہر قسم کے شرک سے دور رہ کر خالص اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی بندگی، صرف اس کی پرستش اور تابع فرمانی، جیسے فرمایا:

قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ سَوَاۗءٍۢ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اَلَّا نَعْبُدَ اِلَّا اللّٰهَ وَلَا نُشْرِكَ بِهٖ شَـيْـــًٔـا وَّلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُوْلُوا اشْهَدُوْا بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ ﴿۶۴﴾ [1]

ترجمہ: اے نبی کہو! اے اہل کتاب آؤ ایک ایسی بات کی طرف جو ہمارے اور تمہارے درمیان یکساں ہے یہ کہ ہم اللہ کے سوا کسی کی بندگی نہ کریں، اسکے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرائیں اور ہم میں سے کوئی اللہ کے سوا کسی کو اپنا رب نہ بنالے، اس دعوت کو قبول کرنے سے اگر وہ منہ موڑیں تو صاف کہہ دو کہ گواہ رہو ہم تو مسلم ( صرف اللہ کی بندگی واطاعت کرنے والے ) ہیں۔

اب جبکہ پیغمبر آخر الزمان صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کو تمہاری ہدایت و رہنمائی کے لئے مبعوث کر دیا گیا ہے، اور تم ان کی امانت و دیانت وصداقت کے گواہ ہو پھر ان کی رسالت پر ایمان لانے کے بجائے حق و سچ کا انکار کیوں کر رہے ہو، اے اہل قریش! تم ہمارے پیغمبر ابراہیم علیہ السلام کو اپنا جد اعلیٰ تسلیم کرتے ہو، جنہوں نے ہمارے حکم سے بیت اللہ تعمیر کیا جس کے تم متولی ہو، ہمارے گھر کے متولی ہونے کی وجہ سے عرب میں تمہیں امن اور عزت واحترام حاصل ہے مگر ابراہیم واسماعیل علیہ السلام کی توحید پر مشتمل تعلیمات کو فراموش کر کے شرک کو ہی اصل دین قرار دیتے ہو، ابراہیم علیہ السلام کی تعلیمات کی یاد دہانی کے لئے ہی سید عرب وعجم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کو ساری دنیا کے لئے مبعوث کیا ہے اس لئے ہر طرح کے کفر وشریک سے تائب

---

[1] آل عمران ۶۴

ہو کر ان کی پیروی کرو، محمد رسول اللہ ﷺ کی لائی ہوئی ان واضح تعلیمات کے باوجود بھی اگر تم اپنی ضد وہٹ دھرمی اور خود ساختہ شرکیہ عقائد واعمال ورسومات کی روش سے باز نہ آئے تو اخروی زندگی میں تمہیں سوائے پچھتاوے کے کچھ حاصل نہ ہو گا جہاں تم جیسے جانوروں سے بھی گئے گزرے بدترین خلائق کے لئے جنہوں نے حق کو پہچان کر ترک کر دیا ہم نے دردناک عذاب کے لئے جہنم تیار کر رکھا ہے جس میں تم ہمیشہ ہمیشہ رہو گے جہاں نہ تم جی سو گے اور نہ مر سکو گے، جیسے فرمایا

اِنَّهٗ مَنْ يَّاْتِ رَبَّهٗ مُجْرِمًا فَاِنَّ لَهٗ جَهَنَّمَ ۭ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ۝ [1]

ترجمہ: حقیقت یہ ہے کہ جو مجرم بن کر اپنے رب کے حضور حاضر ہو گا اس کے لیے جہنم ہے جس میں وہ نہ جیے گا نہ مرے گا۔

سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَّخْشٰى ۝ وَيَتَجَنَّبُهَا الْاَشْقَى ۝ الَّذِيْ يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرٰى ۝ ثُمَّ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ۝ [2]

ترجمہ: جو شخص ڈرتا ہے وہ نصیحت قبول کرلے گا اور اس سے گریز کرے گا وہ انتہائی بدبخت جو بڑی آگ میں جائے گا، پھر نہ اس میں مرے گا اور نہ جیے گا۔

اِذَا رَاَتْهُمْ مِّنْ مَّكَانٍۢ بَعِيْدٍ سَمِعُوْا لَهَا تَغَيُّظًا وَّزَفِيْرًا ۝ وَاِذَآ اُلْقُوْا مِنْهَا مَكَانًا ضَيِّقًا مُّقَرَّنِيْنَ دَعَوْا هُنَالِكَ ثُبُوْرًا ۝ لَا تَدْعُوا الْيَوْمَ ثُبُوْرًا وَّاحِدًا وَّادْعُوْا ثُبُوْرًا كَثِيْرًا ۝ [3]

ترجمہ: وہ جب دور سے ان کو دیکھے گی تو یہ اس کے غضب اور جوش کی آوازیں سن لیں گے، اور جب یہ دست و پابستہ اس میں ایک تنگ جگہ ٹھونسے جائیں گے تو اپنی موت کو پکارنے لگیں گے، (اس وقت ان سے کہا جائے گا کہ) آج ایک موت کو نہیں بہت سی موتوں کو پکارو۔

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ اُولٰٓئِكَ هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ ۝ جَزَآؤُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتُ

بیشک جولوگ ایمان لائے اور نیک عمل کئے یہ لوگ بہترین خلائق ہیں، ان کا بدلہ ان کے رب کے پاس ہمیشگی والی جنتیں ہیں

عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَ رَضُوْا عَنْهُ ۭ

جنکے نیچے نہریں بہہ رہی ہیں، جن میں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے، اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہوا اور یہ اس سے راضی ہوئے،

ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهٗ ۝ (البینہ ۸،۷)

یہ ہے اس کے لیے جو اپنے پروردگار سے ڈرے۔

اور وہ لوگ جو دل وجاں کے ساتھ ہماری نازل کردہ تعلیمات اور ہمارے مبعوث کیے ہوئے پیغمبر پر ایمان لائیں گے اور ہماری تعلیمات پر ممکن حد تک عمل پیرا ہونے کی کوشش کریں گے، خالص اللہ تبارک وتعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے عبادات وطاعت اور اعمال صالحہ

---

[1] طٰہٰ ۷۴

[2] الاعلیٰ ۱۰ تا ۱۳

[3] الفرقان ۱۲ تا ۱۴

اپنائیں گے اور ہمارے علاوہ کسی اور مخلوق کی بندگی وعبادت کا شائبہ تک بھی پیدا نہیں ہونے دیں گے ایسے لوگ ہماری تمام مخلوقات سے افضل ہیں، اسے لوگوں کے انعام واکرام کے لئے ہم نے انواع واقسام کی لازوال نعمتوں سے بھری جنتیں تیار کر رکھی ہیں جن میں وہ بے خوف وخطر ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے، ایسی بہترین جزاء اور اس پر ہماری رضا ان لوگوں کے لئے ہوگی جو اس عارضی قیام گاہ میں اللہ تبارک وتعالیٰ کی نافرمانی سے بچتے ہوئے زندگی گزاریں گے اور اگر کسی بشری تقاضے سے ان سے کوئی لغزش ہو بھی جائے گی تو اپنی معصیت پر اصرار نہیں کریں گے، جری وبیباک بن کر نہیں رہیں گے بلکہ فوراً اللہ سبحان وتعالیٰ سے معافی کے خواستگار ہوں گے، جیسے فرمایا:

اِنَّمَا التَّوْبَةُ عَلَى اللّٰهِ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ يَتُوْبُوْنَ مِنْ قَرِيْبٍ فَاُولٰٓئِكَ يَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۱۷﴾ [۱]

ترجمہ: ہاں یہ جان لو کہ اللہ پر توبہ کی قبولیّت کا حق انہی لوگوں کے لیے ہے جو نادانی کی وجہ سے کوئی برا فعل کر گزرتے ہیں اور اس کے بعد جلدی ہی توبہ کر لیتے ہیں، ایسے لوگوں پر اللہ اپنی نظر عنایت سے پھر متوجّہ ہو جاتا ہے اور اللہ ساری باتوں کی خبر رکھنے والا اور حکیم ودانا ہے۔

اور روز قیامت اللہ تبارک وتعالیٰ کے انعامات اور رضا پر یہ لوگ اپنے رب سے راضی ہو جائیں گے۔

## ابو ذر غفاری (جندب رضی اللہ عنہ بن جنادہ)

مکہ مکرمہ سے جو کاروانی راستہ پہاڑوں کے دروں اور ریگستانی بیابانوں میں سے ہوتا ہوا شام فلسطین کی طرف جاتا ہے ٹھیک اسی شاہراہ کے کسی ایک سمت میں غفار بن ملیل بن ضمیر (جو کنانی النسل عرب تھے) کی اولاد غفار کے نام سے بسی ہوئی تھی، ایک روایت ہے کہ غفاریوں کا ماویٰ اور مسکن مدینہ منورہ سے اسی (۸۰) میل کے فاصلہ پر بدر کے نواح میں ودان نامی بستی تھی، قریش ایک تجارت پیشہ قوم تھی آئے دن قریشی تاجروں، عربی ساہوکاروں کے ہزاروں اونٹ عرب کی مخصوص پیداواروں سے لدے ہوئے شام کی طرف جاتے تھے اور وہاں سے شامی غلے رومی دولتوں کے انبار عرب لاتے تھے، خیال کیا جاتا ہے کہ جوں جوں بازنطینی حکومت شام میں اپنے قدم جمارہی تھی عربی تجارت کو خاص ترقی ہوتی رہی، غسانیوں کی پشت پناہی میں رومی درباروں تک عرب کی بخوبی گزر ہوتی تھی اس لیے ان ملکوں میں ہر طرح کی آسانیاں مہیا ہوتی رہیں تا آنکہ آخر زمانہ میں تو عرب تجارت سے رومی حکومت نے چنگی محصول بھی اٹھا دیا تھا، قیاس کا مقتضی ہے کہ عرب کے ان تجارتی ترقیوں پر راستے کے قبائل اعراب کی للچائی نگاہیں پڑنے لگیں اور رفتہ رفتہ اس معاملہ نے یہ صورت اختیار کی کہ غفار کے جو شیلے بہادر نوجوانوں سے رہا نہ گیا پھر جیسا کہ جہالت وافلاس اور شجاعت کے مجموعی جذبات وقویٰ کا تقاضا ہے غفاریوں کے ہاتھوں سے صبر کا دامن چھوٹ گیا، گزرنے والے قافلوں پر انہوں نے ڈاکہ زنی شروع کر دی، بیچارے راہ گیر وغریب مسافروں کو لوٹنے لگے اس کے بعد یہ ناممکن تھا کہ ان کی غارت گری اسی حد تک آ کر ٹھیر جاتی، ہر جرم دوسرے جرم کا مقدمہ ہے، علم النفس کا ایک مشہور ومسلم قانون ہے ضمیر کے خلاف جس وقت ایک کمزوری بھی سرزد ہو جاتی ہے تو آئندہ اس کا انسداد مشکل ہو جاتا ہے، بسا اوقات بے باقی بہت زیادہ دردناک ہو جاتی ہے، غفاریوں کو کیا معلوم تھا کہ راہزنی کے بعد انہیں اردگرد کے قبیلوں کے ریوڑ بھی تاخت وتاراج کی دعوت دیں گے حتی کی ایسا ہی ہوا غفاری ڈاکوؤں کی

[۱] النساء ۱۷

ایک جماعت بھی جو صبح کی اندھیریوں میں اکثر قبیلوں پر چھاپے مارتی، چراگاہوں پر دھاوے بول کر ان کے اونٹوں کو ہنکالاتی۔

غفاریوں پر اسی قسم کے طغیان وتمرد کے بادل چھائے ہوئے تھے لیکن عین انہی دنوں جنادہ بن کعب بن صعیرہ بن الواقعہ بن سفیان بن حرام بن غفار کے گھر رملہ بنت ربیعہ کے بطن سے جو ایک غفاریہ خاتون تھیں وہ سعید لڑکا پیدا ہوا جس سے زیادہ سچی زبان والے انسان کو زمین نے اپنی پشت پر کبھی نہیں اٹھایا تھا، باپ نے لڑکے کا نام جندب رکھا جن کی کنیت ابوذر تھی اور اسی کنیت سے ہی مشہور ہوئے۔

غفاری قبیلہ رہزنی میں بڑی شہرت رکھتا تھا وہ نہ صرف مکہ مکرمہ اور شام کے درمیان آنے جانے والے قافلوں کو لوٹ لیتے تھے بلکہ ارد گرد کے قبائل کو بھی اپنی ترکتازیوں کا نشانہ بناتے رہتے تھے، یہ بالکل ناممکن ہے کہ انسان جس قوم میں پیدا ہو ان کے عادات واطوار کے پرتو اس پر نہ پڑیں، چنانچہ جب ابوذر رضی اللہ عنہ جوان ہوئے اور تیر وکمان سنبھالنے کی صلاحیت پیدا ہوئی تو اپنی قوم کی عادت واطوار کے مطابق وہ ایک زبردست ڈاکو کی شکل میں سامنے آئے، ان کی جرات وبہادری کا یہ عالم تھا کہ قافلوں کو گھوڑے کی پیٹھ پر بیٹھ کر بلا کسی رفیق کے لوٹ کھسوٹ لیتے تھے، دیکھنے والوں کا بیان ہے کہ ان کا حملہ پیادہ ہوتا تو عجیب چستی وچالاکی سے قافلوں میں گھستے تھے ایسا معلوم ہوتا کہ ایک بپھرا ہوا شیر بکریوں پر جا پڑا ہے،

عَنْ خُفَافِ بْنِ إِيمَاءِ بْنِ رَحَضَةَ قَالَ: كَانَ أَبُو ذَرٍّ رَجُلًا يُصِيبُ الطَّرِيقَ وَكَانَ شُجَاعًا يَتَفَرَّدُ وَحْدَهُ يَقْطَعُ الطَّرِيقَ وَيُغِيرُ عَلَى الصِّرَمِ فِي عَمَايَةِ الصُّبْحِ عَلَى ظَهْرِ فَرَسِهِ أَوْ عَلَى قَدَمَيْهِ كَأَنَّهُ السَّبُعُ. فَيَطْرُقُ الْحَيَّ وَيَأْخُذُ مَا أَخَذَ

خفاف بن ایماء بن رحضہ سے مروی ہے ابوذر رضی اللہ عنہ راستہ روکتے تھے اور ایسے شجاع تھے کہ تنہا جا کر رہزنی کرتے تھے، صبح کی تاریکی میں اپنے گھوڑے کی پشت پر یا پیادہ اس طرح اونٹوں کو لوٹتے تھے گویا وہ درندے ہیں، رات کو وہ قبیلے میں جاتے تھے اور جو چاہتے تھے لے لیتے تھے۔ [1]

یہ بہت دانش مند، دور اندیش اور بڑے جرات مند تھے مگر اسلام لانے سے تین برس بیشتر یکا یک ان کی زندگی میں ایک انقلاب برپا ہو گیا اور طبیعت لوٹ مار، قتل وغارت اور رہزنی سے سخت متنفر ہو گئی اور اس کے ساتھ ہی قبیلے کے دیوی دیوتاؤں سے بھی متنفر ہو گئے، اپنی عاقبت کی بدانجامی کا خوف روز بروز بہت زیادہ شدت پذیر ہوا، رب اکبر نے انہیں توحید کا راستہ سمجھا دیا اور وہ شب وروز اللہ وحدہ لاشریک کی عبادت میں مشغول ہو گئے، کیونکہ نماز کا طریقہ معلوم نہ تھا اس لئے اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی یاد کے لئے جو طریقہ ذہن میں آتا اس طرح نماز پڑھ لیتے تھے،

قَالَ: وَقَدْ صَلَّيْتُ يَا ابْنَ أَخِي قَبْلَ أَنْ أَلْقَى رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَ سِنِينَ فَقُلْتُ: لِمَنْ؟ قَالَ: لِلَّهِ، فَقُلْتُ: أَيْنَ تَوَجَّهُ؟ قَالَ: أَتَوَجَّهُ حَيْثُ يُوَجِّهُنِي اللهُ أُصَلِّي عِشَاءً حَتَّى إِذَا كَانَ مِنْ آخِرِ السَّحَرِ أُلْقِيتُ كَأَنِّي خِفَاءٌ حَتَّى تَعْلُوَنِي الشَّمْسُ

ان کا اپنا بیان ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ملاقات سے تین سال پہلے ہی میں نے بھتیجے کے ساتھ نماز پڑھی تھی عبداللہ بن صامت کہتے ہیں کہ میں

[1] ابن سعد ۱۶۷/۴

نے کہا کس کی رضا کے لئے؟ انہوں نے کہا اللہ کی رضا کے لئے، میں نے کہا تو اپنا رخ کس طرف کرتا تھا انہوں نے کہا جہاں میرا رب رخ کر دیتا اسی طرف میں عشاء کی نماز ادا کر لیتا تھا یہاں تک کہ جب رات کا آخری حصہ ہوتا تو میں اپنے آپ کو اس طرح ڈال لیتا گویا کہ میں چادر رہی ہوں یہاں تک کہ سورج بلند ہو جاتا۔[1]

قبیلہ کے لوگ ان کی زبان سے الاالہ الااللہ، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں کے الفاظ سنتے تو حیران ہوتے کہ یہ اپنے آباؤ اجداد کے معبودوں کو چھوڑ کر کس خبط میں مبتلا ہو گیا ہے، وہ ایک نبی کے منتظر تھے جو لوگوں کو چاروں طرف پھیلی بت پرستی، عرب میں مختلف مذاہب اور ان کے فرقوں کے باطل عقائد کی گمراہی سے نکال کر سیدھے راستے پر گامزن کرے، اس وقت کوہ فاران کی چوٹیوں سے خورشید اسلام طلوع ہو چکا تھا اور ہادی برحق محمد رسول اللہ ﷺ لوگوں کو مسلسل اللہ وحدہ لاشریک کی طرف دعوت دے رہے تھے،

قَالَ: فَقَالَ أُنَيْسٌ: إِنَّ لِي حَاجَةً بِمَكَّةَ، فَاكْفِنِي حَتَّى آتِيَكَ. قَالَ: فَانْطَلَقَ فَرَاثَ عَلَيَّ، ثُمَّ أَتَانِي، فَقُلْتُ: مَا حَبَسَكَ؟ قَالَ: لَقِيتُ رَجُلًا يَزْعُمُ أَنَّ اللَّهَ أَرْسَلَهُ عَلَى دِينِكَ ، قَالَ: فَقُلْتُ: مَا يَقُولُ النَّاسُ لَهُ؟ قَالَ: فَقُلْتُ: مَا يَقُولُ النَّاسُ لَهُ؟ قَالَ: يَقُولُونَ: إِنَّهُ شَاعِرٌ وَسَاحِرٌ وَكَاهِنٌ وَكَانَ أُنَيْسٌ شَاعِرًا قَالَ: فَقَالَ: قَدْ سَمِعْتُ قَوْلَ الْكُهَّانِ، فَمَا يَقُولُ بِقَوْلِهِمْ وَقَدْ وَضَعْتُ قَوْلَهُ عَلَى أَقْرَاءِ الشِّعْرِ، فَوَاللَّهِ مَا يَلْتَامُ لِسَانُ أَحَدٍ أَنَّهُ شِعْرٌ وَاللَّهِ إِنَّهُ لَصَادِقٌ، وَإِنَّهُمْ لَكَاذِبُونَ،قَالَ: فَقُلْتُ لَهُ: هَلْ أَنْتَ كَافِيَّ حَتَّى أَنْطَلِقَ فَأَنْظُرَ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَكُنْ مِنْ أَهْلِ مَكَّةَ عَلَى حَذَرٍ، فَإِنَّهُمْ قَدْ شَنِفُوا لَهُ، وَتَجَهَّمُوا لَهُ

ابوذر رضی اللہ عنہ کے بھائی انیس نے کہا کہ مجھے مکہ مکرمہ میں ایک کام ہے مجھے اجازت دو کہ وہ کام کر کے تمہارے پاس آجاؤں، انیس گئے اور بہت دیر کے بعد آئے تو ابوذر رضی اللہ عنہ نے پوچھا کہ تمہیں کس نے روکا تھا؟ انیس نے کہا کہ میں مکہ مکرمہ میں ایک شخص سے ملا جو تمہارے دین پر ہے وہ دعویٰ کرتا ہے کہ اللہ نے اسے رسول بنایا ہے، یہ سنتے ہی سنبھل کر بیٹھ گئے اور نہایت اضطراب سے پوچھا کہ لوگ اسے کیا کہتے ہیں؟ انیس نے کہا کہ لوگ اسے شاعر، کاہن اور ساحر کہتے ہیں، انیس خود ایک بلند پایہ شاعر تھے مگر انہوں نے کہا کہ واللہ میں نے کاہنوں کا قول بھی سنا ہے لیکن یہ باتیں کاہنوں کے قول کے مطابق نہیں ہے، میں نے ان کے قول کو اقسام شعر پر بھی رکھ کر پرکھا مگر وہ کسی زبان پر نہیں بھرتا یہ بعید ہے کہ وہ شعر ہو، واللہ وہ ضرور سچے ہیں اور لوگ جھوٹے ہیں، ابوذر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ مجھے بھی موقعہ دو کہ میں مکہ مکرمہ جاؤں اور خود دیکھوں، انیس نے کہا ٹھیک ہے تم جاؤ مگر اہل مکہ سے ہوشیار رہنا کیونکہ وہ لوگ نے ان کے ساتھ برائی اور بد اخلاقی کرتے ہیں۔

قَالَ: فَانْطَلَقْتُ حَتَّى قَدِمْتُ مَكَّةَ، فَتَضَعَّفْتُ رَجُلًا مِنْهُمْ، فَقُلْتُ: أَيْنَ هَذَا الرَّجُلُ الَّذِي تَدْعُونَهُ الصَّابِئَ؟قَالَ: فَأَشَارَ إِلَيَّ، قَالَ: الصَّابِئُ، قَالَ: فَمَالَ أَهْلُ الْوَادِي عَلَيَّ بِكُلِّ مَدَرَةٍ وَعَظْمٍ حَتَّى خَرَرْتُ مَغْشِيًّا عَلَيَّ فَارْتَفَعْتُ حِينَ ارْتَفَعْتُ كَأَنِّي نُصُبٌ أَحْمَرُ فَأَتَيْتُ زَمْزَمَ فَشَرِبْتُ مِنْ مَائِهَا، وَغَسَلْتُ عَنِّي الدَّمَ ، فَدَخَلْتُ بَيْنَ الْكَعْبَةِ وَأَسْتَارِهَا فَلَبِثْتُ بِهِ ابْنَ أَخِي ثَلَاثِينَ، مِنْ بَيْنِ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ، وَمَا لِي طَعَامٌ إِلَّا مَاءُ زَمْزَمَ، فَسَمِنْتُ حَتَّى تَكَسَّرَتْ عُكَنُ بَطْنِي وَمَا

[1] مسند احمد ۲۱۵۲۵،ابن سعد ۲۲۶؍۴

وَجَدْتُ عَلَى كَبِدِي سَخْفَةَ جُوعٍ

ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں روانہ ہو کر مکہ مکرمہ آیا ایک شخص کو کمزور سمجھ کر اس سے پوچھا کہ وہ شخص کہاں ہے جسے تم لوگ بے دین کہتے ہو؟ اس نے مجھے اشارہ کیا اور کہا یہ ہے وہ بے دین! اہل وادی ڈھیلے اور ہڈی وغیرہ لے کر مجھ پر ٹوٹ پڑے اور مجھے اتنا زدو کوب کیا کہ میں بے ہوش ہو کر گر پڑا جب ہوش میں آیا اور زمین سے اٹھا تو میری یہ حالت تھی کہ گویا ایک سرخ بت ہوں، میں زمزم پر آیا، اس کا پانی پیا اور اپنے جسم سے خون دھویا اور خود کو غلاف کعبہ میں چھپا لیا اے بھتیجے! میں تیس شبانہ روز وہاں اس طرح رہا کہ میرے لئے سوائے آب زمزم کے کچھ نہ تھا مگر میں موٹا ہو گیا میرے پیٹ کی شکنیں جاتی رہیں اور میں نے اپنے جگر پر بھوک کی کمزوری محسوس نہیں کی،

قَالَ: فَبَيْنَا أَهْلُ مَكَّةَ فِي لَيْلَةٍ قَمْرَاءَ إِضْحِيَانٍ فَضَرَبَ اللَّهُ عَلَى أَصْمِخَةِ أَهْلِ مَكَّةَ فَمَا يَطُوفُ بِالْبَيْتِ غَيْرُ امْرَأَتَيْنِ، فَأَتَتَا عَلَيَّ وَهُمَا تَدْعُوَانِ إِسَافَ وَنَائِلَ قَالَ: فَقُلْتُ: أَنْكِحُوا أَحَدَهُمَا الْآخَرَفَمَا ثَنَاهُمَا ذَلِكَ، قَالَ: فَأَتَتَا عَلَيَّ، فَقُلْتُ: وَهَنٌ مِثْلُ الْخَشَبَةِ. غَيْرَ أَنِّي لَمْ أُكَنِّ، قَالَ: فَانْطَلَقَتَا تُوَلْوِلَانِ، وَتَقُولَانِ: لَوْ كَانَ هَاهُنَا أَحَدٌ مِنْ أَنْفَارِنَا

اہل مکہ ایک روشن چاندنی رات میں تھے، اللہ نے ان کے دماغوں پر ضرب لگادی سوائے دو عورتوں کے کوئی بھی بیت اللہ کا طواف نہیں کر رہا تھا، دونوں عورتیں اساف اور نائلہ (بتوں) کو پکارتی میرے پاس آئیں، میں نے کہا تم دونوں اساف اور نائلہ میں سے ایک دوسرے کا نکاح کر دو مگر وہ پھر بھی اپنے معبودوں کو پکارتی رہیں، وہ میرے پاس آئیں تو میں نے کچھ اس طرح کہا جیسے لکڑی سے آواز آئے، البتہ میں نے بات چھپائی نہیں، عورتیں پشت پھیر کر یہ کہتی ہوئی چلی گئیں کہ کاش اس جگہ ہمارے مردوں میں سے کوئی موجود ہوتا،

فَاسْتَقْبَلَهُمَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبُو بَكْرٍ وَهُمَا هَابِطَانِ مِنَ الْجَبَلِ فَقَالَ: مَا لَكُمَافَقَالَتَا: الصَّابِئُ بَيْنَ الْكَعْبَةِ وَأَسْتَارِهَا قَالَا: مَا قَالَ لَكُمَا؟ قَالَتَا: قَالَ لَنَا كَلِمَةً تَمْلَأُ الْفَمَ، قَالَ: فَجَاءَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ وَصَاحِبُهُ حَتَّى اسْتَلَمَ الْحَجَرَ، فَطَافَ بِالْبَيْتِ، ثُمَّ صَلَّى قَالَ: فَأَتَيْتُهُ، فَكُنْتُ أَوَّلَ مَنْ حَيَّاهُ بِتَحِيَّةِ أَهْلِ الْإِسْلَامِ فَقَالَ: عَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللَّهِ، مِمَّنْ أَنْتَ؟ قَالَ: قُلْتُ: مِنْ غِفَارٍ

راستہ میں ان عورتوں کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ ملے جو پہاڑ پر سے اتر رہے تھے انہوں نے عورتوں سے پوچھا کیا بات ہے؟ انہوں نے جواب دیا ایک صابی آیا ہے جو کعبہ کے پردوں میں چھپا ہوا ہے، انہوں نے پوچھا وہ کیا کہتا ہے؟ عورتوں نے کہا وہ فحش بات کہتا ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ کے ہمراہ آئے، حجر اسود کو بوسہ دیا، بیت اللہ کا طواف کیا اور نماز پڑھی، جب نماز پوری کر لی تو میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا میں پہلا شخص تھا جس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اسلامی سلام کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وعلیک (السلام) ورحمۃ اللہ، تم کون ہو؟ میں نے عرض کیا میں قبیلہ غفار سے ہوں۔

قَالَ: فَأَهْوَى بِيَدِهِ، فَوَضَعَهَا عَلَى جَبْهَتِهِ، قَالَ: فَقُلْتُ فِي نَفْسِي: كَرِهَ أَنِّي انْتَهَيْتُ إِلَى غِفَارٍ قَالَ: فَأَرَدْتُ أَنْ آخُذَ بِيَدِهِ، فَقَذَفَنِي صَاحِبُهُ، وَكَانَ أَعْلَمَ بِهِ مِنِّي قَالَ: مَتَى كُنْتَ هَاهُنَا؟قَالَ: كُنْتُ هَاهُنَا مُنْذُ ثَلَاثِينَ مِنْ بَيْنِ لَيْلَةٍ وَيَوْمٍ،

قَالَ :فَمَنْ كَانَ يُطْعِمُكَ؟قُلْتُ : مَا كَانَ لِي طَعَامٌ إِلَّا مَاءُ زَمْزَمَ قَالَ : فَسَمِنْتُ حَتَّى تَكَسَّرَتْ عُكَنُ بَطْنِي، وَمَا وَجَدْتُ عَلَى كَبِدِي سُخْفَةَ جُوعٍ، قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :إِنَّهَا مُبَارَكَةٌ، وَإِنَّهَا طَعَامُ طُعْمٍ

رسول اللہ ﷺ نے اپنا ہاتھ اپنی پیشانی کی طرف اس طرح بڑھایا جس سے میں نے اپنے دل میں کہا کہ میرا اپنے آپ کو قبیلہ غفار کی طرف منسوب کرنا آپ ﷺ نے ناپسند کیا ہے، میں نے آگے بڑھ کر آپ کے دست مبارک کا پکڑنا چاہا کہ سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے میری طرف توجہ کی جو آپ ﷺ سے زیادہ مجھے جانتے تھے، پوچھا کہ تم یہاں کب سے ہو؟ میں نے عرض کی تیس دن سے یہاں ہوں، فرمایا تمہیں کھانا کون کھلاتا ہے؟ میں نے عرض کی میرے لئے سوائے آب زمزم کے کوئی کھانا نہیں ہے، میں موٹا ہو گیا، پیٹ کی شکنیں جاتی رہیں مجھے جگر پر بھوک کی تکلیف بھی محسوس نہیں ہوئی، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ یہ مبارک ہے وہ بھوکے کی غذا ہے۔

قَالَ أَبُو بَكْرٍ : ائْذَنْ لِي يَا رَسُولَ اللَّهِ فِي طَعَامِهِ اللَّيْلَةَ. قَالَ : فَفَعَلَ،قَالَ : فَانْطَلَقَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَانْطَلَقَ أَبُو بَكْرٍ، وَانْطَلَقْتُ مَعَهُمَا، حَتَّى فَتَحَ أَبُو بَكْرٍ بَابًا، فَجَعَلَ يَقْبِضُ لَنَا مِنْ زَبِيبِ الطَّائِفِ قَالَ : فَكَانَ ذَلِكَ أَوَّلَ طَعَامٍ أَكَلْتُهُ بِهَا، قَالَ : فَانْطَلَقْتُ حَتَّى أَتَيْتُ أَخِي أُنَيْسًا، قَالَ : فَقَالَ لِي : مَا صَنَعْتَ؟قَالَ : قُلْتُ : إِنِّي صَنَعْتُ أَنِّي أَسْلَمْتُ وَصَدَّقْتُ، قَالَ : قَالَ : فَمَا بِي رَغْبَةٌ عَنْ دِينِكَ، فَإِنِّي قَدْ أَسْلَمْتُ وَصَدَّقْتُ

سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ نے کہا اے اللہ کے رسول ﷺ! آج رات مجھے ان کی مہمان داری کی اجازت دیجئے آپ ﷺ نے اجازت فرمادی، نبی ﷺ اور سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ روانہ ہوئے میں بھی ان کے ہمراہ چلا، سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ نے ایک دروازہ کھولا اور میرے لئے طائف کی کشمش لینے لگے یہ پہلا کھانا تھا جو میں نے مکہ میں کھایا، میں روانہ ہو گیا اور اپنے بھائی انیس سے ملا تو اس نے پوچھا تم نے کیا کیا؟ میں نے کہا میں نے اسلام قبول کر لیا اور محمد ﷺ کی رسالت کی تصدیق کی، انیس نے کہا مجھے بھی تمہارے دین اسلام سے انکار نہیں، میں بھی اسلام قبول کرتا ہوں اور آپ ﷺ کی رسالت کی تصدیق کرتا ہوں۔

ثُمَّ أَتَيْنَا أُمَّنَا، فَقَالَتْ : فَمَا بِي رَغْبَةٌ عَنْ دِينِكُمَا، فَإِنِّي قَدْ أَسْلَمْتُ وَصَدَّقْتُ،فَتَحَمَّلْنَا حَتَّى أَتَيْنَا قَوْمَنَا غِفَارًا، فَأَسْلَمَ بَعْضُهُمْ قَبْلَ أَنْ يَقْدَمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَوَكَانَ يَؤُمُّهُمْ خُفَافُ بْنُ إِيمَاءِ بْنِ رَحَضَةَ الْغِفَارِيُّ، وَكَانَ سَيِّدَهُمْ يَوْمَئِذٍ وَقَالَ بَقِيَّتُهُمْ : إِذَا قَدِمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَسْلَمْنَا فَقَدِمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ، فَأَسْلَمَ بَقِيَّتُهُمْ،قَالَ : وَجَاءَتْ أَسْلَمُ، فَقَالُوا : يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِخْوَانُنَا، نُسْلِمُ عَلَى الَّذِي أَسْلَمُوا عَلَيْهِ. فَأَسْلَمُوافَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :غِفَارٌ غَفَرَ اللَّهُ لَهَا، وَأَسْلَمُ سَالَمَهَا اللَّهُ

ہم دونوں اپنی والدہ کے پاس آئے اور انہیں دین اسلام پیش کیا تو انہوں نے کہا مجھے بھی تم دونوں کے دین سے انکار نہیں، میں بھی اسلام قبول کرتی ہوں اور رسالت کی تصدیق کرتی ہوں، ہم لوگ سوار ہوئے اور اپنی قوم کے پاس آئے اور انہیں دین اسلام کی دعوت پیش کی چنانچہ رسول اللہ ﷺ کے مدینہ منورہ ہجرت کرنے سے قبل ہمارے قبیلہ کے نصف لوگ ایمان لے آئے، ایماء بن رحضہ الغفاری ان کی امامت کراتے تھے اور وہی ان کے سردار تھے، بقیہ لوگوں نے کہا جب رسول اللہ ﷺ مدینہ منورہ تشریف لائیں گے تو ہم بھی اسلام قبول کرلیں

گے، جب رسول اللہ ﷺ ہجرت فرما کر مدینہ منورہ تشریف لے آئے تو ان لوگوں نے بھی اسلام قبول کرلیا، قبیلہ اسلم کے لوگ آئے اور عرض کی اے اللہ کے رسول ﷺ ہم بھی ان باتوں پر اسلام قبول کرتے ہیں جن پر ہمارے بھائی اسلام لائے، چنانچہ وہ لوگ بھی دین میں داخل ہو گئے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ قبیلہ غفار کی مغفرت کرے اور قبیلہ اسلم سے مصالحت کرے۔ (۱)

عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک دفعہ قبیلہ غفار کا ایک شخص مکہ معظّمہ گیا، وہاں اس کے کانوں میں دعوت توحید و رسالت کی بھنک پڑ گئی، وہ واپس آ کر ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے ملا اور انہیں بتلایا کہ مکہ میں بھی ایک شخص تمہاری طرح لاالہ الا اللہ کہتا ہے، وہ لوگوں کو معبودان باطلہ کی پرستش سے روکتا ہے چنانچہ وہ محمد رسول اللہ ﷺ کے بارے میں صحیح معلومات کے لئے بے چین ہو گئے اور فوراً اپنے بھائی أُنَیسؓ (۲) کو جو ایک بلند پایہ شاعر اور بڑے ذہین وفطین شخص تھے کہا۔

ارْكَبْ إِلَى هَذَا الْوَادِي فَاعْلَمْ لِي عِلْمَ هَذَا الرَّجُلِ الَّذِي يَزْعُمُ أَنَّهُ نَبِيٌّ، يَأْتِيهِ الْخَبَرُ مِنَ السَّمَاءِ، وَاسْمَعْ مِنْ قَوْلِهِ ثُمَّ ائْتِنِي، فَانْطَلَقَ الأَخُ حَتَّى قَدِمَهُ، وَسَمِعَ مِنْ قَوْلِهِ، ثُمَّ رَجَعَ إِلَى أَبِي ذَرٍّ فَقَالَ لَهُ: رَأَيْتُهُ يَأْمُرُ بِمَكَارِمِ الأَخْلاَقِ، وَكَلاَمًا مَا هُوَ بِالشِّعْرِ فَقَالَ: مَا شَفَيْتَنِي مِمَّا أَرَدْتُ فَتَزَوَّدَ وَحَمَلَ شَنَّةً لَهُ فِيهَا مَاءٌ، حَتَّى قَدِمَ مَكَّةَ، فَأَتَى الْمَسْجِدَ فَالْتَمَسَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلاَ يَعْرِفُهُ، وَكَرِهَ أَنْ يَسْأَلَ عَنْهُ، حَتَّى أَدْرَكَهُ بَعْضُ اللَّيْلِ، فَاضْطَجَعَ فَرَآهُ عَلِيٌّ فَعَرَفَ أَنَّهُ غَرِيبٌ، فَلَمَّا رَآهُ تَبِعَهُ فَلَمْ يَسْأَلْ وَاحِدٌ مِنْهُمَا صَاحِبَهُ عَنْ شَيْءٍ حَتَّى أَصْبَحَ، ثُمَّ احْتَمَلَ قِرْبَتَهُ وَزَادَهُ إِلَى الْمَسْجِدِ، وَظَلَّ ذَلِكَ الْيَوْمَ وَلاَ يَرَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى أَمْسَى، فَعَادَ إِلَى مَضْجَعِهِ، فَمَرَّ بِهِ عَلِيٌّ فَقَالَ: أَمَا نَالَ لِلرَّجُلِ أَنْ يَعْلَمَ مَنْزِلَهُ؟ فَأَقَامَهُ فَذَهَبَ بِهِ مَعَهُ، لاَ يَسْأَلُ وَاحِدٌ مِنْهُمَا صَاحِبَهُ عَنْ شَيْءٍ حَتَّى إِذَا كَانَ يَوْمُ الثَّالِثِ، فَعَادَ عَلِيٌّ عَلَى مِثْلِ ذَلِكَ، فَأَقَامَ مَعَهُ ثُمَّ قَالَ: أَلاَ تُحَدِّثُنِي مَا الَّذِي أَقْدَمَكَ؟

مکہ جانے کی تیاری کر اور اس شخص کے متعلق جو نبی ہونے کا مدعی ہے اور کہتا ہے کہ اس کے پاس آسمان سے خبر آتی ہے میرے لئے خبریں حاصل کر کے لا، اس کی باتوں کو خود غور سے سننا اور پھر میرے پاس آنا، ان کے بھائی وہاں سے چلے اور مکہ مکرمہ حاضر ہو کر رسول اللہ ﷺ کی باتیں خود سنیں پھر واپس ہو کر انہوں نے ابوذر رضی اللہ عنہ کو بتایا کہ میں نے انہیں خود دیکھا ہے، وہ اچھے اخلاق کا لوگوں کو حکم کرتے ہیں اور میں نے ان سے جو کلام سنا وہ شعر نہیں ہے، اس پر ابوذر رضی اللہ عنہ نے کہا جس مقصد کے لئے میں نے تمہیں بھیجا تھا مجھے اس پر پوری طرح تشفی نہیں ہوئی، آخر انہوں نے خود توشہ باندھا، پانی سے بھرا ہوا ایک پرانا مشکیزہ ساتھ لیا اور مکہ مکرمہ آئے، مسجد الحرام میں حاضری دی اور نبی کریم ﷺ کو تلاش کیا، ابوذر رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کو پہچانتے نہیں تھے اور کسی سے آپ ﷺ کے متعلق پوچھنا بھی مناسب نہ سمجھا کچھ رات گزر گئی کہ وہ لیٹے ہوئے تھے، سیدنا علی رضی اللہ عنہ نے ان کو اس حالت میں دیکھا اور سمجھ گئے کہ کوئی مسافر ہے، سیدنا علی رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا کہ آپ میرے گھر چل کر آرام کیجئے، ابوذر رضی اللہ عنہ ان کے پیچھے پیچھے چلے گئے لیکن کسی نے ایک دوسرے کے بارے میں بات نہیں کی، جب صبح

(۱) مسند احمد ۲۱۵۲۵، ابن سعد ۱۶۷/۴

(۲) مسند احمد ۲۱۵۲۵

ہوئی تو ابو ذر رضی اللہ عنہ نے اپنا مشکیزہ اور توشہ اٹھایا اور مسجد الحرام میں آگئے، یہ دن بھی یونہی گزر گیا اور وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو نہ دیکھ سکے، شام ہوئی تو سونے کی تیاری کرنے لگے، سیدنا علی رضی اللہ عنہ پھر وہاں سے گزرے اور سمجھ گئے کہ ابھی اپنے ٹھکانے جانے کا وقت اس شخص پر نہیں آیا، وہ انہیں وہاں سے پھر اپنے ساتھ لے آئے اور آج بھی کسی نے ایک دوسرے سے بات چیت نہیں کی، تیسرا دن جب ہوا اور سیدنا علی رضی اللہ عنہ نے ان کے ساتھ یہی کام کیا اور اپنے ساتھ لے گئے تو ان سے پوچھا کیا تم مجھے بتا سکتے ہو کہ یہاں آنے کا باعث کیا ہے؟

قَالَ: إِنْ أَعْطَيْتَنِي عَهْدًا وَمِيثَاقًا لَتُرْشِدَنِّي فَعَلْتُ، فَفَعَلَ فَأَخْبَرَهُ، قَالَ: فَإِنَّهُ حَقٌّ، وَهُوَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَإِذَا أَصْبَحْتَ فَاتْبَعْنِي، فَإِنِّي إِنْ رَأَيْتُ شَيْئًا أَخَافُ عَلَيْكَ قُمْتُ كَأَنِّي أُرِيقُ المَاءَ، فَإِنْ مَضَيْتُ فَاتْبَعْنِي حَتَّى تَدْخُلَ مَدْخَلِي فَفَعَلَ، فَانْطَلَقَ يَقْفُوهُ حَتَّى دَخَلَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَدَخَلَ مَعَهُ، فَسَمِعَ مِنْ قَوْلِهِ وَأَسْلَمَ مَكَانَهُ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ارْجِعْ إِلَى قَوْمِكَ فَأَخْبِرْهُمْ حَتَّى يَأْتِيَكَ أَمْرِي، قَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَأَصْرُخَنَّ بِهَا بَيْنَ ظَهْرَانَيْهِمْ

ابو ذر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اگر تم مجھ سے پختہ وعدہ کرلو کہ میری راہ نمائی کروگے تو میں تم کو سب کچھ بتادوں گا، سیدنا علی رضی اللہ عنہ نے وعدہ کرلیا تو انہوں نے اپنے خیالات کی خبر دی، سیدنا علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ بلاشبہ وہ حق پر ہیں اور اللہ کے سچے رسول ہیں، اچھا صبح کو تم میرے پیچھے پیچھے میرے ساتھ چلنا، اگر میں (راستے میں) کوئی ایسی بات دیکھوں جس سے مجھے تمہارے بارے میں کوئی خطرہ ہو تو میں کھڑا ہو جاؤں گا (کسی دیوار کے قریب) گویا مجھے پیشاب کرنا ہے، اس وقت تم میرا انتظار نہ کرنا اور جب میں پھر چلنے لگوں تو میرے پیچھے آجانا تاکہ کوئی سمجھ نہ سکے کہ یہ دونوں ساتھ ہیں اور اس طرح جس گھر میں، میں داخل ہوں تم بھی داخل ہو جانا، انہوں نے ایسا ہی کیا اور پیچھے پیچھے چلے تاآنکہ سیدنا علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پہنچ گئے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی باتیں سنیں اور وہیں اسلام لے آئے، پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا اب اپنی قوم غفار میں واپس جاؤ اور انہیں میرا حال بتاؤ تاآنکہ جب ہمارے غلبہ کا علم تم کو ہو جائے (تو پھر میرے پاس آجانا) ابو ذر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا اس ذات کی قسم! جس کے ہاتھ میں میری جان ہے میں ان قریشیوں کے مجمع میں پکار کر کلمہ توحید کا اعلان کروں گا۔

فَخَرَجَ حَتَّى أَتَى المَسْجِدَ فَنَادَى بِأَعْلَى صَوْتِهِ: أَشْهَدُ أَنْ لاَ إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللَّهِ، ثُمَّ قَامَ القَوْمُ فَضَرَبُوهُ حَتَّى أَضْجَعُوهُ وَأَتَى العَبَّاسُ فَأَكَبَّ عَلَيْهِ، قَالَ: وَيْلَكُمْ أَلَسْتُمْ تَعْلَمُونَ أَنَّهُ مِنْ غِفَارٍ، وَأَنَّ طَرِيقَ تِجَارِكُمْ إِلَى الشَّأْمِ، فَأَنْقَذَهُ مِنْهُمْ، ثُمَّ عَادَ مِنَ الغَدِ لِمِثْلِهَا، فَضَرَبُوهُ وَثَارُوا إِلَيْهِ، فَأَكَبَّ العَبَّاسُ عَلَيْهِ

چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے یہاں سے واپس وہ مسجد حرام میں آئے اور بلند آواز سے کہا کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور یہ کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں، یہ سنتے ہی سارا مجمع ٹوٹ پڑا اور اتنا مارا کہ زمین پر لٹا دیا اتنے میں عباس رضی اللہ عنہ آگئے اور ابو ذر رضی اللہ عنہ کے اوپر اپنے کو ڈال کر قریش سے کہا افسوس! کیا تمہیں معلوم نہیں کہ یہ شخص قبیلہ غفار سے ہے اور شام جانے والے تمہارے تاجروں کا راستہ ادھر ہی سے پڑتا ہے، اس طرح سے ان سے ان کو بچایا پھر ابو ذر رضی اللہ عنہ دوسرے دن مسجد الحرام میں آئے اور اپنے اسلام کا اظہار کیا، قوم بری

طرح ان پر ٹوٹ پڑی اور مارنے لگے، اس دن بھی عباس رضی اللہ عنہ ان پر اوندھے پڑ گئے۔ ①

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اور کئی اور اصحاب رضوان اللہ علیہم اجمعین سے مروی ہے ایک مرتبہ ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ایسے لہجے میں سلام کیا جس میں بے پناہ عقیدت اور محبت پائی جاتی تھی، انہیں دیکھ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روئے انور پر بشاشت پھیل گئی۔

قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا أَظَلَّتِ الْخَضْرَاءُ وَلا أَقَلَّتِ الْغَبْرَاءُ عَلَى ذِي لَهْجَةٍ أَصْدَقَ مِنْ أَبِي ذَرٍّ مَنْ سره أن ينظر إلى تواضع عِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ فَلْيَنْظُرْ إِلَى أَبِي ذَرٍّ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آسمان کسی ایسے شخص پر سایہ فگن نہیں ہوا اور زمین نے کسی ایسے شخص کو کندھوں پر اٹھایا جو ابوذر رضی اللہ عنہ سے زیادہ سچی زبان رکھتا ہو، جو شخص عیسیٰ ابن مریم کی تواضع دیکھنا چاہتا ہو وہ ابوذر رضی اللہ عنہ کو دیکھ لے۔ ②

## عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ بن عوف

آپ کا اصل نام عبد عمرو تھا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی والدہ آمنہ کے قبیلہ بنی زہرہ میں سے تھیں۔

وكان عَبْد الرَّحْمَن رجلا طويلا

عبدالرحمٰن بن عوف لمبے قد کے آدمی تھے۔ ③

سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ایمان لانے کے دو روز بعد ایمان لائے، اس وقت انکی عمر ستائیس یا تیس برس تھی،

صحیح بخاری کے مطابق عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ کا جاہلی نام عبد عمرو تھا۔ ④

كان اسمه عبد عمرو فأسماه رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَبْدَ الرَّحْمَنِ

جاہلیت میں ان کا نام عبد عمرو تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا نام عبدالرحمٰن رکھا۔ ⑤

كَانَ اسمه فِي الجاهلية عَبْد عَمْرو وقيل عَبْد الكعبة فسماه رَسُول اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَبْد الرَّحْمَن

جاہلیت میں ان کا نام عبد عمرو تھا اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ عبد الکعبہ تھا (جب انہوں نے اسلام قبول کیا تو) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نام بدل کر عبدالرحمٰن رکھا۔ ⑥

---

① صحيح بخارى كتاب مناقب الانصار بَابُ إِسْلاَمِ أَبِي ذَرٍّ الغِفَارِيِّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ ٣٨٦١

② ابن سعد ١٧٢/٤، الاستيعاب في معرفة الأصحاب ٢٥٥/١، اسد الغابة ٥٦٢/١، تهذيب الكمال في أسماء الرجال ٢٩٦/٣٣، معرفة الصحابة لابى نعيم ٥٦٠/٢

③ تاريخ دمشق ٢٤٩/٣٥

④ صحيح بخارى كِتَاب الوَكَالَةِ بَابُ إِذَا وَكَّلَ المُسْلِمُ حَرْبِيًّا فِي دَارِ الحَرْبِ، أَوْ فِي دَارِ الإِسْلاَمِ جَازَ ٢٣٠١

⑤ تاريخ دمشق ٢٤٠/٣٥

⑥ اسد الغابة ٤٧٥/٣

وكان اسمه عبد الكعبة، ويقال عبد عمرو، فغيّره النبيّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ان کانام عبد الکعبہ تھا یہ بھی کہا جاتا ہے کہ عبد عمرو تھا نبی کریم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے یہ نام بدل دیا۔ (۱)

حافظ ابن عبد البر رحمہ اللہ، بلاذری رحمہ اللہ اور حافظ ذہبی رحمہ اللہ نے ان کا جاہلی نام عبد الکعبہ لکھا ہے، حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے الاصابہ میں اور امام مالک رحمہ اللہ نے مستدرک میں بیان کیا ہے کہ جب وہ ایمان لائے تو رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے پیدائشی نام بدل کر عبد الرحمٰن رکھ دیا،

عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ قَالَ: كَانَ اسْمُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ عَبْدَ الْكَعْبَةِ فسماه رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. عَبْدَ الرَّحْمَنِ

عمرو بن دینار کہتے ہیں عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کا پیدائشی نام عبد الکعبہ تھا رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے بدل کر عبد الرحمٰن رکھ دیا۔ (۲)

كنية عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ أبو محمد

عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کی کنیت ابو محمد تھی۔ (۳)

دعوت اسلام قبول کرنے والوں میں آپ آٹھویں نمبر پر تھے، ایک روایت میں ہے اسلام لانے والوں میں ان کا تیرھواں نمبر تھا اس وقت تک سرور کونین صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دار ارقم میں پناہ گزین نہیں ہوئے تھے،

وأسلم قبل أن يدخل الرَّسُول صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دار الأرقم

عبد الرحمٰن رضی اللہ عنہ بن عوف رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کے دار الارقم میں داخل ہونے سے پہلے ایمان لائے۔ (۴)

وأسلم قديما قبل دخول دار الأرقم

وہ پہلے ایمان لانے والوں میں سے تھے، وہ رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کے دار الاقم میں داخل ہونے سے پہلے ایمان لائے۔ (۵)

قال أسلم عبد الرحمن بن عوف قبل ان يدخل رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دار أرقم بن أبي الأرقم

عبد الرحمٰن رضی اللہ عنہ بن عوف رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کے دار الارقم بن الارقم میں داخل ہونے سے پہلے ایمان لائے۔ (۶)

كان عبد الرحمن حرّم الخمر في الجاهلية

حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے لکھا ہے انہوں نے زمانہ جاہلیت میں اپنے اوپر شراب حرام کر لی تھی۔ (۷)

سینکڑوں معبودان باطل اور بدترین اخلاقی حالت کو ترک کرنے اور اللہ وحدہ لاشریک پر ایمان لاکر بہترین اخلاقی حالت اختیار کرنے کے

(۱) الإصابة في تمييز الصحابة ۲۹۰، ۴
(۲) ابن سعد ۲، ۳
(۳) تاريخ دمشق ۲۴۶، ۳۵
(۴) اسد الغابة ۴۷۵، ۳
(۵) الإصابة في تمييز الصحابة ۲۹۰، ۴
(۶) تاريخ دمشق ۲۵۲، ۳۵
(۷) الإصابة في تمييز الصحابة ۲۹۱، ۴، تاريخ دمشق ۲۹۵، ۳۵

جرم میں بے شمار تکالیف اٹھائیں مگر کفار مکہ کا کوئی ظلم وستم آپ کے قدموں لرزش پیدا نہ کرسکا۔

وَهَاجَرَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ إِلَى أَرْضِ الْحَبَشَةِ الْهِجْرَتَيْنِ جَمِيعًا

عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے اپنے دین وایمان کی سلامتی کے لئے اولین مسلمانوں کے ہمراہ اہل وعیال کو اللہ کے بھروسے پر چھوڑ کر تنہا دومرتبہ حبشہ کی طرف ہجرت کی۔ (۱)

وَهَاجَرَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ إِلَى أَرْضِ الْحَبَشَةِ الْهِجْرَتَيْنِ جَمِيعًا

عبد الرحمٰن بن عوف نے دومرتبہ حبشہ کی طرف ہجرت کی۔ (۲)

پھر جب ہجرت مدینہ منورہ کا حکم ہوا تو ہجرت کرنے والوں میں بھی سرفہرست تھے، اس طرح ان کو تین بار ہجرت کرنے کا شرف حاصل ہوا،

وكان من المهاجرين الأولين، هاجر إلى الحبشة، وإلى المدينة

عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ مہاجرین الاولین میں سے تھے انہوں نے حبشہ اور پھر مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کی۔ (۳)

وآخى رَسُول اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بينه، وبين سعد بْن الربيع

(جب آپ ہجرت کرکے مدینہ منورہ تشریف لائے تو) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے اور سعد بن ربیع کے درمیان بھائی چارہ کر دیا۔ (۴)

لَمَّا قَدِمْنَا المَدِينَةَ آخَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنِي وَبَيْنَ سَعْدِ بْنِ الرَّبِيعِ ،فَقَالَ سَعْدُ بْنُ الرَّبِيعِ: إِنِّي أَكْثَرُ الأَنْصَارِ مَالًا، فَأَقْسِمُ لَكَ نِصفَ مَالِي وَانْظُرْ أَيَّ زَوْجَتَيَّ هَوِيتَ نَزَلْتُ لَكَ عَنْهَا، فَإِذَا حَلَّتْ، تَزَوَّجْتَهَاقَالَ: فَقَالَ لَهُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ: لاَ حَاجَةَ لِي فِي ذَلِكَ هَلْ مِنْ سُوقٍ فِيهِ تِجَارَةٌ؟قَالَ: سُوقُ قَيْنُقَاعٍ ، قَالَ: فَغَدَا إِلَيْهِ عَبْدُ الرَّحْمَنِ، فَأَتَى بِأَقِطٍ وَسَمْنٍ

عبد الرحمن بن عوف نے بیان کیا جب ہم مدینہ منورہ آئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے اور سعد بن ربیع کے درمیان بھائی چارہ کر دیا، سعد رضی اللہ عنہ بن ربیع نے اپنے دینی بھائی عبد الرحمٰن رضی اللہ عنہ بن عوف کی خستہ مالی حالت دیکھ کر ان سے کہا میں انصار میں زیادہ مالدار ہوں اس لئے میں اپنا آدھا مال تجھ کو دیتا ہوں، اور میری بیویوں کو دیکھ لو میری جو بیوی تمہیں پسند آئے میں اس کو تمہارے لئے چھوڑ دوں جب وہ عدت سے فارغ ہو جائے تو تم اس سے نکاح کرلو، مگر عبد الرحمن رضی اللہ عنہ نے اپنے بھائی کا شکریہ ادا کیا اور کہا مجھے اس کی ضرورت نہیں یہاں کوئی بازار ہے جہاں تجارت ہوتی ہے؟ انہوں نے کہا قینقاع کا بازار ہے، چنانچہ عبد الرحمن وہاں گئے اور پنیر و گھی لے کر آئے یعنی مدینہ منورہ کی منڈی میں پنیر بنا کر اس کی تجارت کرنے لگے۔ (۵)

(۱) ابن سعد ۳٫۹۲

(۲) تاریخ دمشق ۳۵٫۲۴۱

(۳) اسد الغابة ۳٫۴۷۵

(۴) اسد الغابة ۳٫۴۷۵

(۵) صحیح بخاری كِتَابُ البُيُوعِ بَابُ مَا جَاءَ فِي قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى فَإِذَا قُضِيَتِ الصَّلاَةُ فَانْتَشِرُوا فِي الأَرْضِ وَابْتَغُوا مِنْ فَضْلِ اللَّهِ

عن أنس،أن الرَّسُول صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آخى بين المهاجرين والأنصار وآخى بَيْنَ سَعْدِ بْنِ الرَّبِيعِ وبين عَبْد الرَّحْمَن بْن عوف ، فَقَالَ لَهُ سعد: إن لي مالًا فهو بيني وبينك شطران ولي امرأتان فأنظر أيتهما أحببت حتَّى أخالعها، فإذا حلت فتزوجهافقال: لاَ حَاجَةَ لِي فِي أهلك ومالك، بارك اللَّه لَكَ فِي أهلك ومالك، دلوني عَلَى السوق

انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مہاجرین اور انصار میں بھائی چارہ کرایا توسعد بن ربیع رضی اللہ عنہ کا بھائی چارہ عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ سے فرمایا، سعد رضی اللہ عنہ بن ربیع نے عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ بن عوف سے کہامیں ایک مالدار آدمی ہوں اس لئے میں اپنا آدھامال تجھ کو دیتا ہوں،اور میری دوبیویاں ہیں،تم انہیں دیکھ لومیری جوبیوی تمہیں پسند آئے میں اس کوتمہارے لئے چھوڑ دوں جب وہ عدت سے فارغ ہو جائے توتم اس سے نکاح کرلو، عبدالرحمن رضی اللہ عنہ نے کہامجھے تمہارے مال اور تمہاری بیوی کی حاجت نہیں اللہ تعالیٰ تمہارے مال اور اہل وعیال میں برکت ڈالے مجھے یہاں کے بازار کے بارے میں رہنمائی کرو۔[1]

جب کام ایمانداری،دلی لگن اور محنت سے کیاجائے تواللہ سبحانہ وتعالیٰ اس میں برکت نازل کرتا ہے چنانچہ تھوڑے ہی عرصہ میں آپ نے کافی سرمایہ پس انداز کر کے (سہلہ رضی اللہ عنہا بنت عاصم) سے شادی کرلی(جوقبیلہ بلی سے تھیں)اور اپنی بیوی کوحق مہر میں سونے کی ڈلی دی، پھرخوشبو لگاکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے،آپ کی شادی کاسنکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایاولیمہ کروچاہئے ایک بکری ہی کیوں نہ ہواوراس وقت ان کے حق میں دعافرمائی کہ اللہ تبارک وتعالیٰ تمہارے مال میں برکت عطافرمائے،اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعاکوشرف قبولیت بخشااوراس دن کے بعدعبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ بن عوف کے مال میں اضافہ ہی ہوتاچلاگیا،خودعبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ بن عوف فرماتے ہیں کہ دنیامجھ پرفریفتہ ہوگئی میں اگرکوئی پتھر بھی اٹھاتاتومجھے اس کے نیچے سے سوناوچاندی ہی ہاتھ لگتا، تین سوتیرہ کمزور،اسلحہ سے تہی دست حق پرست اورایک ہزاراسلحہ سے لیس معبودان باطل کے پرستاروں کے مابین پہلاغزوہ بدر میں شامل ہوکرتلوار کے ایک ہی وار میں عمیر بن عثمان بن کعب کاسرتن سے جداکردیا،غزوہ احد میں آپ نے بڑی بہادری اورثابت قدمی کامظاہرہ کیا،جب چندمسلمانوں نے مال غنیمت جمع کرنے کے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کی خلاف ورزی کی اورپہاڑی درہ چھوڑدیاتوجنگ کانقشہ بدل کرکفار مکہ کے حق میں ہوگیااورصحابہ کرام رضی اللہ عنہم پسپاہوکربھاگنے پرمجبورہوگئے تواس وقت آپ ایک چٹان کی طرح اپنی جگہ پرجمے رہے،اس غزوہ میں آپ کے جسم پربیس سے زائدزخم آئے جن میں بعض زخم اتنے گہرے تھے کہ ان میں پوراہاتھ ہی داخل ہوسکتاتھا،پاؤں کازخم اتناشدیدتھا کہ عمربھرلنگڑاکرچلتے رہے،

وجرح يَوْم أحد إحدى وعشرين جراحة وجرح فِي رجله، فكان يعرض منها

غزوہ احد میں آپ رضی اللہ عنہ کے جسم پربیس سے زائدزخم آئے،آپ کے پاؤں پرشدیدزخم آیاکہ عمربھرلنگڑاکرچلتے رہے۔[2]

جس طرح آپ اپنی جان کی پرواہ نہ کرتے ہوئے میدان جنگ میں ثابت قدم رہے اسی طرح وافرمال ودولت کی محبت بھی ان کے دل میں

---



[1] اسدالغابة۴۷۵/۳

[2] اسدالغابة۴۷۵/۳،تاریخ دمشق۲۵۰/۳۵

جگہ نہ پاسکی، چنانچہ ایک موقعہ پر جب ان کے پاس چار ہزار دینار موجود تھے رسول اللہ ﷺ نے مسلمانوں کو جہاد کے لئے مالی امداد کی ترغیب دی، عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ بن عوف نے ان چار ہزار دیناروں میں سے نصف دو ہزار دینار لاکر خدمت اقدس میں پیش کر کے عرض کی اے اللہ کے رسول ﷺ! میرے پاس چار ہزار دینار تھے ان میں سے نصف دو ہزار میں اپنے اہل وعیال کے لئے چھوڑ آیا ہوں اور دو ہزار دینار جہاد فی سبیل اللہ کی ضروریات کے لئے آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں، رسول اللہ ﷺ آپ کی بات سن کر بہت خوش ہوئے اور ان کے حق میں دعافرمائی کہ تم نے جو سرمایہ پیش کیا ہے اللہ تبارک وتعالیٰ اسے قبول فرمائے اور جو سرمایا تو اپنے اہل وعیال کے لئے چھوڑ آیا ہے اس میں برکت عطافرمائے، اسی طرح جب غزوہ تبوک کا موقعہ آیا جس میں مسلمانوں کا سامنا رومیوں کی بے شمار اور منظم فوج سے تھا جن کے پاس جنگی وسائل کی بھی کوئی کمی نہیں تھی، مسلمانوں کو اس معرکے کے لئے افرادی قوت کے علاوہ کافی مالی وسائل کی بھی ضرورت تھی جبکہ اس کے برعکس مسلمانوں کے پاس جنگی اسلحہ ،اور طویل و دشوار گزار سفر کے گھوڑے ،اونٹ ناکافی تھے ،رسول اللہ ﷺ کے اعلان جہاد فی سبیل اللہ پر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اس شرف عظیم میں شمولیت کے لئے پروانوں کی طرح رسول اللہ ﷺ کے گرد جمع ہو گئے مگر اکثر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے پاس اس کٹھن سفر کے لئے سواری کا کوئی بندوبست نہ تھا جس کی بناپر رسول اللہ ﷺ نے انہیں واپس لوٹا دیا، اور صحابہ کرام جو راہ اللہ شہادت کی آرزو لے کر حاضر ہوئے تھے حکم کی تعمیل میں زاروقطار روتے ہوئے واپس لوٹ گئے، جیسے فرمایا:

لَيْسَ عَلَى الضُّعَفَاۗءِ وَلَا عَلَي الْمَرْضٰى وَلَا عَلَي الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ مَا يُنْفِقُوْنَ حَرَجٌ اِذَا نَصَحُوْا لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۭ مَا عَلَي الْمُحْسِنِيْنَ مِنْ سَبِيْلٍ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ؀ۙ وَّلَا عَلَي الَّذِيْنَ اِذَا مَآ اَتَوْكَ لِتَحْمِلَهُمْ قُلْتَ لَآ اَجِدُ مَآ اَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ ۠ تَوَلَّوْا وَّاَعْيُنُهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ حَزَنًا اَلَّا يَجِدُوْا مَا يُنْفِقُوْنَ ؀ۭ [1]

ترجمہ:ضعیف اور بیمار لوگ اور وہ لوگ جو شرکت جہاد کے لیے راہ نہیں پاتے ،اگر پیچھے رہ جائیں تو کوئی حرج نہیں جبکہ وہ خلوص دل کے ساتھ اللہ اور اس کے رسول کے وفادار ہوں ایسے محسنین پر اعتراض کی کوئی گنجائش نہیں ہے اور اللہ درگزر کرنے والا اور رحم فرمانے والا ہے، اسی طرح ان لوگوں پر بھی کوئی اعتراض کا موقع نہیں ہے جنہوں نے خود آکر تم سے درخواست کی تھی کہ ہمارے لیے سواریاں بہم پہنچائی جائیں، اور جب تم نے کہا کہ میں تمہارے لیے سواریوں کا انتظام نہیں کرسکتا تو وہ مجبوراً واپس آگئے اور حال یہ تھا کہ ان کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے اور انہیں اس بات کابڑا رنج تھا کہ وہ اپنے خرچ پر شریک جہاد ہونے کی مقدرت نہیں رکھتے۔

اس لئے تبوک جانے والے اس لشکر کا نام جیش عسر (تنگ حال لشکر) پڑ گیا، رسول اللہ ﷺ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو تبوک کے جنگی مقاصد کے لئے راہ اللہ خرچ کرنے کی ترغیب دے کر فرمایا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ اس مالی تعاون کا صلہ انہیں کئی گنا بڑھا چڑھا کر دے گا، رسول اللہ ﷺ کی زبان مبارک سے اتنی بڑی خوشخبری سن کر صحابہ کرام کب پیچھے رہنے والے تھے فوراً ایک دوسرے پر سبقت حاصل کرنے کے لئے دوڑ پڑے اس موقعہ پر بھی عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ بن عوف نے اتنا سرمایہ جمع کرایا کہ تمام صحابہ رضی اللہ عنہم سے بازی لے گئے،

وقال عمر بن الخطاب يا رسول الله إني لا أرى عبد الرحمن إلا قد اخترب ما ترك لأهله شيئا فسأله رَسُول اللَّه

[1] التوبة۹۱تا۹۲

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هل تركت لأهلك شيئاقال نعم اكثر ما انفقت وأطيب،قال كم؟ قال ما وعد الله ورسوله من الرزق والخير

ان کے ایثار و قربانی کا جذبہ دیکھ کر سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ فرمانے لگے کہ عبد الرحمٰن رضی اللہ عنہ بن عوف نے اپنا سارا سرمایہ رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے قدموں میں نچھاور کر دیا ہے اور اپنے اہل و عیال کے لئے کچھ نہیں چھوڑا ہے، سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی بات سن کر رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے عبد الرحمٰن رضی اللہ عنہ بن عوف سے دریافت کیا کیا تم اپنے گھر والوں کے لئے بھی کچھ چھوڑ کر آئے ہو، دست بدست عرض کی اے اللہ کے رسول صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم! جس قدر مال میں نے آپ کی خدمت میں پیش کیا ہے اس سے زیادہ اور بہترین مال میں اپنے اہل و عیال کے لئے چھوڑ آیا ہوں، رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے پوچھا کتنا؟ انہوں نے جو جواب رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی خدمت میں عرض کیا وہ ایسے الفاظ ہیں جو ایک مسلمان کے شان شیاں ہیں اور اللہ سبحانہ و تعالیٰ کے وعدوں پر کامل یقین و بھروسے کی ترجمانی کرتے ہیں اور سونے کے پانی سے لکھنے کے قابل ہیں، عرض کیا کیا اللہ تبارک و تعالیٰ نے اس کی راہ میں صرف اس کی رضا و خوشنودی کے لئے مال خرچ کرنے پر رزق کی فراوانی، مال میں خیر و برکت، اور ان گنت اجر و ثواب کا وعدہ نہیں فرمایا ہے۔ (١)

ان کو ایک عظیم شرف یہ بھی حاصل ہے کہ رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ان کی اقتدا میں نماز پڑھی۔

أن رَسُول اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لما انتهى إلى عَبْد الرَّحْمَن بْن عوف، وهو يصلي بالناس أراد عَبْد الرَّحْمَن أن يتأخر،

ہوا یوں کہ لشکر عسر تبوک روانہ ہوا، دوران سفر نماز کا وقت ہو گیا مگر امامت کے لئے رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم اس وقت موجود نہ تھے،

كَانَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بنُ عَوْفٍ مِمَّنْ يُفْتِي فِي عَهْدِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

عبد الرحمٰن رضی اللہ عنہ بن عوف رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی زندگی میں ہی فتوے جاری کرتے ہیں۔ (٢)

فأومأ إِلَيه النَّبِيّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أن مكانك، فصلى، وصلى رَسُول اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بصلاة عبد الرَّحْمَن،

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ان کے اکرام کے پیش نظر انہیں نماز کی امامت کے لئے آگے بڑھایا اور انہوں نے نماز پڑھانا شروع کی، ابھی پہلی رکعت ہی پڑھی گئی تھی کہ نبی کریم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم واپس تشریف لے آئے، انہوں نے پیچھے ہٹنے کا ارادہ کیا مگر آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے منع فرمایا اور باقی نماز عبد الرحمٰن رضی اللہ عنہ بن عوف کی اقتدا میں پڑھی۔ (٣)

فأتينا الناس وعبد الرحمن بن عوف يصلي بهم صلاة الصبح فلما رأى النَّبِيّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أراد ان يتأخر فأومأ إليه أن تمضي في صلاتك ، فصلى رَسُول اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وانا معه خلف عبد الرحمن بن عوف

(١) تاريخ دمشق لابن ابن عساكر ٢٫٢٨

(٢) الإصابة في تمييز الصحابة ٤٫٢٩١، سير أعلام النبلاء ٣٫٥٦

(٣) اسد الغابة ٣٫٤٧٥، تاريخ دمشق ٣٥٫٢٥٧

ركعة،فلما قضى صلاته قام يصلي إليها ركعة أخرى ولم يزد عليها شيئا

جب لوگ آئے تو عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہم نماز فجر پڑھا رہے تھے، جب انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا تو پیچھے ہٹنے کا ارادہ کیا مگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں کہا کہ وہ نماز پڑھاتے رہیں، چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کی اقتدا میں ایک رکعت نماز پڑھی ،جب نماز ختم ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کھڑے ہو کر ایک رکعت پڑھی اور اس میں کچھ اضافہ نہیں کیا۔ [1]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا ہمیشہ ان کے شامل حال رہی، ان کی تجارت پھلتی پھولتی ہی رہی اور وہ تمام اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ دولت مند بن گئے مگر وہ اپنا پرانا وقت کبھی نہ بھولے، مال و دولت کی محبت کبھی ان کے دل میں جگہ پیدا نہ کر سکی اور نہ کوئی فخر و غرور پیدا ہوا، وہ ہمیشہ سادہ غذا اور سادہ سا لباس زیب تن کرتے تھے اس لئے جب وہ اپنے غلاموں میں بیٹھے ہوتے تو ان میں اور عبد الرحمٰن رضی اللہ عنہ بن عوف میں کوئی فرق محسوس نہ ہوتا،

أُتِيَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ بِطَعَامٍ، فَجَعَلَ يَبْكِي، فَقَالَ: قُتِلَ حَمْزَة، فَلَمْ يُوْجَدْ مَا يُكَفَّنُ فِيْهِ إِلاَّ ثَوْباً لَقَدْ خَشِيْتُ أَنْ يَكُوْنَ عُجِّلَتْ لَنَا طَيِّبَاتُنَا فِي حَيَاتِنَا الدُّنْيَا وَجَعَلَ يَبْكِي

ایک مرتبہ افطار کے وقت عبد الرحمٰن رضی اللہ عنہ بن عوف کے سامنے (پر تکلف) کھانا پیش کیا گیا تو انہیں ابتدائے اسلام کا زمانہ یاد آ گیا اور رونے لگے اور فرمایا سید الشہداء حمزہ رضی اللہ عنہ بن عبد المطلب قتل ہوئے مگر ان کے کفن کے لیے ایک چھوٹی سی چادر کے سوا کچھ نہ تھا پھر اللہ تبارک وتعالیٰ نے ہم پر دنیاوی مال واسباب کی فراوانی کر دی، جس سے مجھے ڈر لگتا ہے کہ کہیں اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے ہمیں اس دنیا میں ہی نہ نپٹا دیا ہو اور آخرت میں ہم تہی دست رہے جائیں، پھر آخرت کے خوف سے زار وقطار رونے لگے اور کھانا چھوڑ دیا۔ [2]

أن عَبْد الرحمن أتي بطعام، وكان صائمًافَقَالَ: قتل مصعب بْن عمير، وهو خير مني، فكفن فِي بردته،إن غطي رأسه بدت رجلاه، وإن غطي رجلاه بدا رأسه وأراه قَالَ: وقتل حمزة وهو خير مني ثُمَّ بسط لنا من الدنيا ما بسط أَوْ قَالَ: أعطينا من الدنيا ما أعطينا وَقَدْ خشينا أن تكون حسناتنا عجلت لنا ثُمَّ جعل يبكي حتَّى ترك الطعام

اور اسد الغابہ میں ہے عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ دستر خوان پر تشریف لائے اور وہ روزے سے تھے، فرمانے لگے مصعب بن عمیر شہید ہوئے اور وہ مجھ سے بہتر تھے ،انہیں ایک چادر میں کفن دیا گیا وہ چادر اتنا چھوٹی تھی کہ اگر اس سے سر ڈھانپتے تو پاؤں کھل جاتے اور اگر پاؤں ڈھانپتے تو سر کھل جاتا تھا پھر فرمایا حمزہ بن عبد المطلب شہید ہوئے وہ بھی مجھ سے بہتر تھے پھر اللہ تبارک وتعالیٰ نے ہم پر دنیاوی مال واسباب کی فراوانی کر دی جس سے مجھے ڈر لگتا ہے کہ کہیں اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے ہمیں اس دنیا میں ہی نہ نپٹا دیا ہو اور آخرت میں ہم تہی دست رہے جائیں، پھر آخرت کے خوف سے زار وقطار رونے لگے اور کھانا چھوڑ دیا۔ [3]

---

[1] تاريخ دمشق۲۵۸/۳۵،سير أعلام النبلاء۵۶/۳

[2] سیراعلام النبلائ۱۴۵/۱

[3] اسد الغابة۴۷۵/۳

وَقُتِلَ مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ، فَلَمْ يُوجَدْ مَا يُكَفَّنُ بِهِ إِلَّا ثَوْبًا وَاحِدًاوَلَمْ يَتْرُكْ إِلاَّ نَمِرَةً كُنَّا إِذَا غَطَّيْنَا رَأْسَهُ بَدَتْ رِجْلَاهُ، وَإِذَا غَطَّيْنَا رِجْلَيْهِ بَدَا رَأْسُهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:غَطُّوا رَأْسَهُ، وَاجْعَلُوا عَلَى رِجلَيْهِ مِنَ الإِذْخِرِ

ایک روایت میں ہے اور مصعب رضی اللہ عنہ بن عمیر شہید ہوئے تو اس شہید راہ حق کے پاس ایک چھوٹی سی چادر کے سوا ان کے کفن کے لیے کچھ بھی نہ تھا اگر ان کر سر ڈھاپتے تو پاؤں کھل جاتے اور اگر پاؤں مستور کیے جاتے تو سر برہنہ ہو جاتا تھا، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اس کا سر چادر سے ڈھانپ دو اور اوں کو اذخر گھاس سے چھپا کر اس شہید حق کو سپرد خاک کر دو۔[1]

آپ اللہ تبارک وتعالیٰ کے عطا کر دہ مال و دولت کو اپنے دونوں ہاتھوں سے اس کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے جہاد فی سبیل اللہ، غریبوں، ضرورت مندوں، بیواوں، یتیموں اور محتاجوں پر بے دریغ خرچ کرتے رہتے تھے، ایک مرتبہ جہاد فی سبیل اللہ کے لئے پانچ سو اور ایک مرتبہ ایک سو پچاس تربیت یافتہ جنگی گھوڑے خرید کر مجاہدین کو نذر کیے، رسول اللہ ﷺ کے وصال کے بعد آپ امہات المومنین کی گھریلو مالی ضروریات کا ہر طرح خیال رکھتے، جب امہات المومنین میں سے کوئی سفر پر روانہ ہوتیں تو سارے کام چھوڑ کر خادم بن کر ساتھ ہو لیتے، جب ازواج مطہرات حج کا ارادہ فرماتیں ان کے سفر حج کا بندوبست فرماتے اور دوران سفر ان کی شان و مرتبہ کو ظاہر کرنے کے لئے ان کے ہودج پر سبز رنگ کا قیمتی کپڑا ڈلوا دیتے اور ان کے آرام و سکون کے لئے جہاں پڑاو کرنا پسند فرماتیں وہاں قیام کا بندوبست فرماتے،

حَدَّثَتْنَا أُمُّ بَكْرٍ بِنْتُ المِسْوَرِ أَنَّ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بَاعَ أرضًا له مِنْ عُثْمَانَ بِأَرْبَعِيْنَ أَلْفَ دِيْنَارٍ فَقَسَمَهُ فِي فقراء بني زُهْرَةَ وَفِي المُهَاجِرِيْنَ وَأُمَّهَاتِ المُؤْمِنِيْنَ، قَالَ المِسْوَرُ فَأَتَيْتُ عَائِشَةَ بِنَصِيْبِهَا فَقَالَتْ: مَنْ أَرْسَلَ بِهَذَا؟ قُلْتُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ، قَالَتْ أَمَا إِنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يقول :لاَ يَحْنُو عَلَيْكُنَّ بَعْدِي إِلَّا الصَّابِرُوْنَ ،سَقَى اللَّهُ ابْنَ عَوْفٍ مِنْ سَلْسَبِيْلِ الجَنَّةِ

ام بکر بنت مسور سے روایت ہے ایک مرتبہ اللہ تبارک وتعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے انہوں نے اپنی زمین چالیس ہزار دینار میں فروخت کر کے ساری کی ساری رقم ازواج مطہرات، محتاجوں، یتیموں، بیواوں، اور آپ ﷺ کی والدہ ماجدہ آمنہ کے خاندان بنو زہرہ میں تقسیم فرمادی، مسور کہتے ہیں جب ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا صدیقہ کا حصہ جب ان کے سامنے پیش کیا گیا تو عائشہ رضی اللہ عنہا نے پوچھا یہ کس نے بھیجا ہے؟ انہیں جواب دیا گیا کہ عبد الرحمٰن رضی اللہ عنہ نے یہ بھیجا ہے، عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا رسول اللہ ﷺ نے اپنی بیویوں کو مخاطب کر کے ارشاد فرمایا تھا کہ میرے بعد صابر و شاکر لوگ ہی تمہاری خدمت بجالائیں گے اے اللہ ابن عوف رضی اللہ عنہ کو جنت کے سلسبیل چشمہ سے پانی پلا۔[2]

عن أم سلمة قالت :سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لأَزْوَاجِهِ إِنَّ الَّذِي يُحَافِظُ عَلَيْكُنَّ بَعْدِي لَهُوَ

---

[1] سير السلف الصالحين لإسماعيل بن محمد الأصبهاني ۶۵۹/۱، سیر اعلام النبلاء ۹۶/۳

[2] سير أعلام النبلاء ۵۵/۳

الصَّادِقُ الْبَارُّ اللَّهُمَّ اسْقِ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ عَوْفٍ مِنْ سَلْسَبِيلِ الْجَنَّةِ

ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے میں نے رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کو اپنی ازواج مطہرات سے فرماتے ہوئے سنا کہ جو شخص میرے بعد تمہاری خدمت کرے گا وہ صادق اور سخی ہو گا، الٰہی! عبد الرحمٰن رضی اللہ عنہ بن عوف کو سلسبیل (جنت کا ایک چشمہ) سے سیراب کر۔ (۱)

عن ابن أبي نجيح، أنّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قال :الّذي يحافظ على أزواجي من بعدي هو الصّادق البارّ

ابن ابی نجیح سے روایت ہے جو شخص میرے بعد میری ازواج کی خدمت کرے گا وہ صادق اور سخی ہو گا۔ (۲)

آپ رضی اللہ عنہ نے سخاوت کو اپنا اوڑھنا بچھونا بنا رکھا تھا، آپ انکی سخاوت کا اندازہ اس واقعہ سے اچھی طرح لگا سکتے ہیں،

وَعَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ :قَالَ : بَيْنَمَا عَائِشَةُ فِي بَيْتِهَا إِذْ سَمِعَتْ صَوْتًا رُجَّتْ مِنْهُ الْمَدِينَةُ فَقَالَتْ : مَا هَذَا؟فَقَالُوا : عِيرٌ قَدِمَتْ لِعَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ مِنَ الشَّامِ، وَكَانَتْ سَبْعَمِائَةٍ ، فَقَالَتْ عَائِشَةُ: أَمَا إِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ :رَأَيْتُ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ عَوْفٍ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ حَبْوًا، فَبَلَغَ ذَلِكَ عَبْدَ الرَّحْمَنِ، فَأَتَاهَا فَسَأَلَهَا عَمَّا بَلَغَهُ فَحَدَّثَتْهُ ،قَالَ : فَإِنِّي أُشْهِدُكِ أَنَّهَا بِأَحْمَالِهَا وَأَقْتَابِهَا وَأَحْلَاسِهَا فِي سَبِيلِ اللهِ

انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے ایک مرتبہ میں عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے گھر پر تھا کہ انہوں نے تھرتھراہٹ کی آواز سنی جس سے مدینہ کی زمین تھرتھرانے لگی، تھرتھراہٹ محسوس فرما کر ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے دریافت کیا یہ کیسی تھرتھراہٹ ہے؟ جواب ملا کہ عبد الرحمٰن رضی اللہ عنہ بن عوف کا سات سو اونٹوں کا تجارتی قافلہ شام سے مدینہ منورہ میں داخل ہو رہا ہے، ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا ان کے ازواج مطہرات اور عام مسلمانوں کے ساتھ جود وسخا کو اچھی طرح جانتی تھیں اس لئے ان کے حق میں یوں دعا فرمائی الٰہی! تونے انہیں اس دنیا میں جو کچھ عطا کر رکھا ہے اس میں خیر و برکت فرما اور آخرت میں بھی اس سے زیادہ آجر و ثواب سے نوازنا، دعا ما نگ کر فرمانے لگیں میں نے رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ عبد الرحمٰن رضی اللہ عنہ بن عوف جنت میں خوشی سے اچھلتے کودتے ہوئے داخل ہو گا، ان کے کسی ساتھی نے عبد الرحمٰن رضی اللہ عنہ بن عوف کے حق میں رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کی یہ عظیم ترین بشارت سنی تو ان کی طرف دوڑ لگا دی اور قبل اس کے کہ قافلہ پوری طرح مدینہ منورہ میں داخل ہوتا انہیں اس بشارت سے اگاہ کر دیا، عبد الرحمٰن بن رضی اللہ عنہ عوف کو اس بشارت کا کوئی علم نہ تھا، یہ خوشخبری سننے کے لئے بیتاب ہو گئے اور سب کچھ چھوڑ کر دیوانہ وار عائشہ رضی اللہ عنہا کی طرف دوڑ لگا دی اور جا کر عرض کی اے ہماری ماں! کیا آپ نے خود رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم سے میرے لئے جنت کی بشارت کے کلمات سنے ہیں، عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا ہاں میں نے خود یہ کلمات رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم سے سنے ہیں، مال و دولت کے پہلے بھی رسیا نہ تھے، اور اب تو اس کی حیثیت نہ ہونے کے برابر ہو گئی تھی اسی سرخوشی میں ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا کو مخاطب کر کے کہنے لگے اے ہماری ماں! آپ گواہ رہئے گا کہ میں جنت کی اس عظیم خوشخبری کو سننے پر سات سو اونٹوں پر لدا ہوا اپنا تمام مال واسباب اللہ تبارک وتعالیٰ کی راہ میں پیش کرتا ہوں۔ (۳)

(۱) سیر اعلام النبلا ۶۲/۳، ابن سعد ۹۸/۳

(۲) الإصابة في تمييز الصحابة ۲۹۱/۴

(۳) معرفة الصحابة لابی نعیم ۱۲۳/۱، اسد الغابة ۴۷۵/۳، تاریخ دمشق ۲۵۴/۳۵، سیر السلف الصالحين لإسماعيل بن محمد

یہ منکر اور جھوٹا قصہ ہے۔

قال أحمد بن حنبل: هذا حديث منكر

امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ فرماتے ہیں یہ حدیث منکر ہے۔ (۱)

اس واقعہ کے بعد تو ان کے سخاوت کی کوئی انتہا نہ رہی اور انہوں نے چالیس ہزار دینار اور چالیس ہزار درہم کو بے دریغ راہ اللہ خرچ کر ڈالا، بھائیو کیا آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ بن عوف کی خوشی کا کیا حال ہوگا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں ان دس خوش نصیبوں میں شامل فرمایا تھا جن کو زندگی میں جنت کی بشارت سنادی گئی تھی،

عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، قَالَ، قَالَ: قَالَ رَسُول اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَبُو بَكْرٍ فِي الْجَنَّةِ، وَعُمَرُ فِي الْجَنَّةِ، وَعُثْمَانُ فِي الْجَنَّةِ، وَعَلِيٌّ فِي الْجَنَّةِ، وَطَلْحَةُ فِي الْجَنَّةِ، وَالزُّبَيْرُ فِي الْجَنَّةِ، وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ فِي الْجَنَّةِ، وَسَعْدُ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ فِي الْجَنَّةِ، وَسَعِيدُ بْنُ زَيْدٍ فِي الْجَنَّةِ، وَأَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ فِي الْجَنَّةِ

عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا یہ دس لوگ جنتی ہیں، سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ جنتی ہیں، سیدنا عمر رضی اللہ عنہ جنتی ہیں، سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ جنتی ہیں اور سیدنا علی رضی اللہ عنہ جنتی ہیں اور طلحہ رضی اللہ عنہ جنتی ہیں اور زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ جنتی ہیں، اور عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ جنتی ہیں اور سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ جنتی ہیں اور سعید بن زید رضی اللہ عنہ جنتی ہیں اور ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ جنتی ہیں۔ (۲)

جب سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو مجوسی غلام نے خنجر کے وار کر کے کاری زخم لگائے تو دار فانی سے کوچ کرنے سے پہلے انہوں نے لوگوں کے اصرار پر چھ اکابر صحابہ کی مجلس شوریٰ بنادی کہ اپنے میں سے کسی کو خلیفہ منتخب کر لیں مگر ساتھ ہی یہ ہدایت بھی دیں کہ اگر رائیں مساوی ہوں تو جدھر (ان کے بلند مقام و مرتبہ کی بنا پر فرمایا) عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ رائے دیں وہ قبول کر لی جائے، چنانچہ انہوں نے عام لوگوں کے خیالات اور رائیں معلوم کر کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے داماد سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ کو خلیفہ منتخب کیا، قبل از وفات اپنے تمام غلام آزاد کر دیئے، انہوں نے اپنی دولت کی تقسیم کے لئے وصیت فرمائی کہ جتنے بھی بدری صحابی زندہ ہوں ان میں سے ہر ایک کو میرے مال سے چار سو دینار پیش کیے جائیں اور امہات المومنین کو وافر مقدار میں حصہ پیش کیا جائے،

وصلّى عليه عثمان، ويقال الزبير بن العوام

آپ کی نماز جنازہ سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ ذوالنورین نے پڑھائی، یہ بھی کہا جاتا ہے کہ زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ نے پڑھائی۔ (۳)

ولما مات قَالَ عليّ بْن أَبِي طَالِب: اذهب يا ابنُ عوف قَدْ أدركت صفوها، وسبقت زنقها

---

الأصبهاني٢٥٧/١، الرياض النضرة في مناقب العشرة٣٠٥/٤، سير أعلام النبلاء٥٦/٣

(۱) مختصر تاريخ دمشق لابن عساكر٣٤٧/١٤

(۲) اسد الغابة٤٧٥/٣

(۳) الإصابة في تمييز الصحابة٢٩١/٤، تاريخ دمشق٢٤١/٣٥

جب دفن کرنے کے لئے جانے لگے تو سیدنا علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا اے عبد الرحمٰن تو نے کھرے سکے حاصل کیے اور کھوٹے سکے لینے سے انکار کر کے جنت کی پاکیزہ راحت کو پالیا اللہ تبارک وتعالیٰ آپ پر رحم فرمائے۔ (۱)

آپ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ماموں سعد رضی اللہ عنہ بن ابی وقاص نے قبر میں اتارا،

أوصى عَبْد الرَّحْمَن لمن بقي ممن شهد بدرًا، لكل رَجُل أربعمائة دينار، وكانوا مائة، فأخذوهاوكان لَهُ أربعة نسوة، أخرجت امْرَأَة بثمانين ألفًا، يعني صولحت ،وخلف مالًا عظيمًا، من ذَلِكَ ذهب قطع بالفئوس، حتَّى مجلت أيدي الرجال مِنْهُ، وترك ألف بعير، ومائة فرس، وثلاثمائة آلاف شاة

زہری رحمہ اللہ فرماتے ہیں عبد الرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے وصیت کی کہ کے تقریباً چار سو بدری صحابہ کی خدمت میں چار سو دینار پیش کیے جائیں ،چنانچہ انہیں یہ وصول کیے، آپ کی چار بیویاں تھیں وصیت کی تکمیل کے بعد ہر ایک کو اسی اسی ہزار دینار حصہ میں آئے، انہوں نے اپنے پیچھے بہت مال چھوڑا جس میں سونے اور چاندی کی اتنی مقدار تھی کہ ڈلیوں کو کاٹتے کاٹتے کاٹنے والوں کے ہاتھ زخمی ہو گئے، دینار و درہم کے علاوہ ایک ہزار اونٹ، چار سو گھوڑے، تین ہزار بکریاں موجود تھیں۔ (۲)

تقول عائشة: سقى الله أباك من سلسبيل الجنة

آپ کی وفات کے بعد عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی دعائیں ان کے حق میں جاری رہیں وہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ سے ان کے حق میں دعا کرتے ہوئے فرماتی تھیں الٰہی عبد الرحمٰن رضی اللہ عنہ بن عوف کو جنت کے میٹھے اور ٹھنڈے چشمے سلسبیل سے پانی پلانا۔

## مضامین سورۂ الم انشرح:

دعوائے نبوت سے قبل مکہ مکرمہ کا سارا معاشرہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے کردار و گفتار اور معاملات کی تعریف و توصیف کیا کرتا تھا، آپ کو صادق و امین گردانتا تھا، مگر اعلان نبوت کے ساتھ ہی وہی معاشرہ آپ کی جان کے درپے ہو گیا، وہی عزیز رشتہ دار، دوست احباب جو پہلے آپ کو عزت کی نگاہ سے دیکھتے اور ہاتھوں ہاتھ لیتے تھے گالیاں دینے اور آوازے کسنے لگے، ایسے دل شکن حالات میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی دی گئی کہ آپ دل گرفتہ نہ ہوں، تسلی کے لئے آپ پر کیے گئے مزید تین احسانات جتلائے گئے ہیں۔

❁ شرح صدر کی نعمت، یعنی اللہ تبارک وتعالیٰ نے آپ کے دل کو نور و حکمت سے بھر دیا اور ہر قسم کے گناہوں اور گندگی سے پاک کر دیا۔

❁ اس بوجھ کو ہٹا دیا جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی کمر توڑے دے رہا تھا۔ یعنی نبوت و رسالت کا بوجھ اور اس کے واجبات اور ذمہ داریوں کی ادائیگی۔

❁ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر کی بلندی، جو دوسرے کسی بندے کو نہیں دی گئی۔ یعنی جہاں جہاں اللہ تبارک وتعالیٰ کا ذکر ہے وہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر ہے، چاہے اذان ہو یا اقامت، تشہد ہو یا خطبہ یا قبر میں سوال و جواب۔

ان تین نعمتوں کے ذکر کے بعد اللہ نے مشکلات کو آسان بنانے اور پریشانیوں کو دور کرنے کا وعدہ فرمایا کہ یہ سختی و پریشانی کا دور طویل نہیں بلکہ

---

(۱) أسد الغابة في معرفة الصحابة ۳/۴۷۵

(۲) أسد الغابة في معرفة الصحابه ۳/۴۷۵

مشقت کا عرصہ جلد ختم ہونے اور آسانی وفراخی کا دور جلد شروع ہونے والا ہے، اس دور کے لئے خصوصی اعمال کی تلقین فرمائی کہ تبلیغ ودعوت کی ذمہ داری ادا کرنے کے بعد فراغت کے اوقات میں عبادت کی کثرت کریں کیونکہ رب کے ساتھ لو لگانے کا یہی طریق خوب تر اور پریشانیوں سے نجات کا ذریعہ بھی ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلَمۡ نَشۡرَحۡ لَکَ صَدۡرَکَ ۙ﴿۱﴾ (الم نشرح ۱)

کیا ہم نے تیرا سینہ نہیں کھول دیا۔

مکّہ مکرمہ میں اعلان نبوت اور دعوت حق بیان کرنے سے پہلے قریش اور ارد گرد کے قبائل آپ ﷺ کے حسن اخلاق کے قائل تھے اور آپ کو الصادق والامین کا لقب بھی دے چکے تھے، اس معاشرے میں جہاں کسی کی کوئی چیز محفوظ نہ تھی، طاقتور کمزور پر ظلم وستم کرتے ہوئے ذرا نہ شرماتا تھا، نامور سردار بھی بے شرمی اور ڈھٹائی کے ساتھ یتیموں تک کا مال ہڑپ کرنے سے بھی دریغ نہیں کرتے تھے، پورے معاشرے میں جس کی لاٹھی اس کی بھینس کا قانون نافذ تھا، ان حالات میں لوگ اپنی امانتیں آپ ﷺ کے پاس لا کر رکھتے، آپ ﷺ کی ذات پر اعتماد ویقین کی یہ کیفیت ہر طرح کی عداوت ومخالفت کے باوجود ہجرت مدینہ تک برقرار رہی، جب رحمت العالمین ﷺ نے ہجرت فرمائی تو جن لوگوں کی امانتیں آپ کے پاس رکھی ہوئی تھیں ان کو سیدنا علی رضی اللہ عنہ کے ذریعہ ان کے مالکوں کو لوٹانے کا باقاعدہ بندوبست کیا گیا، مگر یہ بھی حقیقت ہے کہ جب آپ ﷺ دعوت حق دینے لگے تو مکہ مکرمہ کا وہی معاشرہ جس میں آپ ﷺ کو نہایت عزت واحترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا تھا، جس میں آپ کی تعریف وتوصیف کی جاتی تھی آپ ﷺ کے لئے نفرت وعناد کی بھٹی میں تبدیل ہو گیا، بعض قریبی رشتہ دار تک آپ ﷺ کی جان کے درپے ہو گئے، ان دل شکن حالات میں تین احسانات کا ذکر فرما کر آپ کی دل جوئی کی گئی، فرمایا اے پیغمبر ﷺ! اللہ تبارک وتعالیٰ نے دین حق (اسلام) کو واضح کرنے، اسے مکمل طور پر پہچان لینے اور اس کی تعلیمات کو دل میں سمو دینے کے لئے آپ کے سینہ کو فراخ اور منور کر دیا ہے تاکہ آپ ہر طرح کے ذہنی خلجان اور تردد سے آزاد اور اس بات پر پوری طرح مطمئن ہو جائیں کہ اسلام کا راستہ ہی برحق ہے، جیسے فرمایا

فَمَنۡ یُّرِدِ اللّٰہُ اَنۡ یَّہۡدِیَہٗ یَشۡرَحۡ صَدۡرَہٗ لِلۡاِسۡلَامِ ﴿۱۲۵﴾ [1]

ترجمہ: پس (یہ حقیقت ہے کہ) جسے اللہ ہدایت بخشنے کا ارادہ کرتا ہے اس کا سینہ اسلام کے لئے کھول دیتا ہے۔

اور اللہ تبارک وتعالیٰ کے نازل کردہ احکام وہدایات ہی انسان کی سیدھے راستے کی طرف رہنمائی کر سکتے ہیں، اللہ تبارک وتعالیٰ نے آپ کو نبوت کی عظیم ذمہ داریاں سنبھالنے، اور تن تنہا (کسی سروسامان اور ظاہری کسی پشت پناہ کے بغیر) چاروں طرف کفر وشرک کی ضلالت

[1] الانعام ۱۲۵

کے مقابل ڈٹ جانے کے لئے شرح صدر کی عظیم دولت عطا کر دی کہ آپ ان ابتدائی مشکلات پر ہرگز دل گرفتہ نہ ہوں، اور اس راہ میں جو تکلیفیں اور دشواریاں درپیش آئیں ان پر صبر کریں۔

وَ وَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۝۲ الَّذِيْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۝۳ (الم نشرح ۲،۳)

اور تجھ پر سے تیرا بوجھ ہم نے اتار دیا جس نے تیری پیٹھ توڑ دی تھی۔

عرب میں جہاں گنتی کے چند لوگوں کو چھوڑ کر جن کے دلوں میں فطری شرافت، نیکی و پاکیزگی کا تصور اور حق کی جستجو تھی، غریبوں، محتاجوں کے لئے ہمدردی تھی باقی سارا معاشرہ کفر و شرک، فسق و فجور، قتل و غارت، سود خوری، حق تلفی وغیرہ جیسی لعنتوں میں مبتلا تھا اور یہ افعال ان لوگوں کے لئے کسی شرم و عار کا باعث بھی نہ تھے، رسول اللہ ﷺ بھی اسی معاشرے کے ایک فرد تھے مگر اللہ تبارک و تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کو بچپن سے ہی کفر و شرک، فسق و فجور اور لایعنی باتوں سے محفوظ فرما دیا تھا، یہ بات تاریخی طور پر بھی ثابت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے کبھی کسی باطل معبود کی پرستش نہیں کی،

قَالَ: حَدَّثَنِي جَارٌ، لِخَدِيجَةَ بِنْتِ خُوَيْلِدٍ أَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَقُولُ لِخَدِيجَةَ: أَيْ خَدِيجَةُ، وَاللَّهِ لَا أَعْبُدُ اللَّاتَ، وَاللَّهِ لَا أَعْبُدُ الْعُزَّى أَبَدًا

خدیجہ رضی اللہ عنہا کے ایک پڑوسی کا کہنا ہے کہ انہوں نے نبی کریم کو خدیجہ رضی اللہ عنہا سے یہ فرماتے ہوئے سنا ہے اے خدیجہ! اللہ کی قسم! میں لات کی عبادت کبھی نہیں کروں گا، اللہ کی قسم! میں عزی کی عبادت کبھی نہیں کروں گا۔ [1]

کبھی مشرکانہ رسوم میں شریک نہیں ہوئے، زبان مبارک سے کبھی شرک کا کوئی کلمہ ادا نہیں ہوا آپ کبھی فسق و فجور کی کسی محفل میں شریک نہیں ہوئے، جس کا ایک واضح ترین ثبوت یہ ہے کہ بدترین مخالفین نے آپ ﷺ پر شاعر، مجنون کاہن، جادوگر وغیرہ ہونے کے الزامات تو ضرور لگائے مگر کسی کو آپ ﷺ پر اخلاقی کمزوریوں پر مبنی کسی قسم کا کوئی الزام عائد کرنے کی ہمت نہیں ہوئی، بیشک اللہ سبحانہ و تعالیٰ کی توفیق سے آپ ہر طرح کی اخلاقی برائیوں اور کفر و شرک سے پاک وصاف رہے مگر آپ ﷺ کو بھی دین و شریعت علم نہ تھا، اللہ تبارک و تعالیٰ نے آپ ﷺ کو نہایت حساس اور دردمند دل عطا کیا تھا، آپ بتوں کی پرستش، معاشرے میں بے حیائی، ظلم و فساد دیکھتے اور کسی کی جان، مال و آبرو کو محفوظ نہ پاتے تو دل ہی دل میں کڑھتے، جب معاشرے کی اصلاح کی کوئی سبیل نظر نہ آتی تو روزمرہ کے ایسے واقعات نبی کریم ﷺ کے احساس و شعور پر بھاری بوجھ بن جاتے، بعض مفسرین کہتے ہیں کہ پچھلی چالیس سالہ زندگی میں عدم عبادت و عدم اطاعت کا بوجھ تھا، جو حقیقت میں تو نہیں تھا لیکن آپ ﷺ کے احساس و شعور نے اسے بوجھ بنا رکھا تھا، جیسے فرمایا:

لِّيَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ ۝۲ [2]

ترجمہ: تا کہ اللہ تمہاری اگلی پچھلی ہر کوتاہی سے درگزر فرمائے۔

[1] مسند احمد ۱۷۹۴۷

[2] الفتح ۲

بعض مفسرین کہتے ہیں کہ یہ نبوت و رسالت کا بوجھ تھا جسے اللہ عزوجل نے ہلکا کر دیا یعنی دعوت دین پیش کرنے میں آسانیاں پیدا فرمادیں اور اس راہ کی سختیوں اور مشکلات کو برداشت کرنے کی ہمت اور حوصلہ بھی عطا فرمادیا اور اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو صراط مستقیم (اسلام) دکھا کر اس بوجھ کو اتار دینے کا اعلان فرمایا، اللہ تعالیٰ کے اس احسان سے آپ کو معلوم ہو گیا کہ اسلام کے ذریعہ معاشرے کو ہر طرح کی گندگی و فساد سے پاک کیا جا سکتا ہے، جس سے آپ کے دل و دماغ کا سارا بوجھ اتر گیا اور آپ بالکل مطمئن ہو گئے۔

وَ رَفَعۡنَا لَكَ ذِكۡرَكَ ؕ﴿۴﴾ (الم نشرح ۴)

اور ہم نے تیرا ذکر بلند کر دیا۔

ہم نے آپ کی قدر و منزلت بلند کی، ہم نے آپ کو ثنائے حسن اور ذکر بلند سے سرفراز کیا جہاں آج تک مخلوق میں سے کوئی ہستی نہیں پہنچ سکی، مثلاً جب آدم علیہ السلام کی پشت سے اس دنیا میں پیدا ہونے والی تمام روحوں کو نکال کر عام انسانوں کے بعد مبعوث ہونے والے تمام پیغمبروں سے عہد لیا گیا کہ وہ سب آپ ﷺ پر ایمان لائیں گے، اور اپنی اپنی امتوں کو بھی آپ ﷺ پر ایمان لانے کا حکم کریں گے، چنانچہ انبیاء پر نازل شدہ صحیفوں، کتابوں میں آپ ﷺ کا ذکر ہوتا رہا، اس طرح اگلوں پچھلوں میں آپ ﷺ کا ذکر بلند کیا گیا، مکہ مکرمہ کے محدود معاشرے اور باہر کے چند لوگوں کے سوا آپ ﷺ کو کوئی نہیں جانتا تھا، اللہ تبارک و تعالیٰ کے حکم پر آپ ﷺ تن تنہا دعوت حق کو لے کر کھڑے ہوئے، آپ کی دعوت پر چند پاکیزہ نفوس ایمان لائے مگر مشرکین مکہ نے دعوت حق کو روکنے پر کمر کس لی، آپ کی دعوت حق کو سننے سے روکنے کے لئے کے حاجیوں، تاجروں، مسافروں کو ورغلانے کے لئے ہر طرح کے ہتھکنڈوں سے کام لینے کی کوشش کی مگر اللہ تعالیٰ کے آگے کس کی تدبیر چل سکتی ہے، یوں کفار کے پروپیگنڈے کے باوجود اسلام کی دعوت مزید تیزی سے دور دور تک پھیلنے لگی اور آپ ﷺ کا ذکر بلند ہوتا چلا گیا، نبی کیونکہ بندوں تک اللہ ہی کے فرامین و احکامات پہنچاتے ہیں اس لئے ان کی اطاعت در اصل اللہ ہی کی اطاعت ہے، نبی کی اطاعت سے منہ موڑ کر بندہ کسی طور پر اللہ کی اطاعت نہیں کر سکتا، اس لئے اللہ تعالیٰ نے خاتم النبیین محمد رسول اللہ ﷺ کی اطاعت کو اپنی اطاعت قرار دیا، جیسے فرمایا

وَمَاۤ اَرۡسَلۡنَا مِنۡ رَّسُوۡلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذۡنِ اللّٰهِ... ﴿۶۴﴾ [۱]

ترجمہ: اور ہم نے جس رسول کو بھی بھیجا اسی لئے بھیجا کہ حکم خداوندی کے تحت اس کی اطاعت کی جائے۔

مَنۡ يُّطِعِ الرَّسُوۡلَ فَقَدۡ اَطَاعَ اللّٰهَ... ؕ﴿۸۰﴾ [۲]

ترجمہ: جس نے رسول کی اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اَطِيۡعُوا اللّٰهَ وَرَسُوۡلَهٗ وَلَا تَوَلَّوۡا عَنۡهُ وَاَنۡتُمۡ تَسۡمَعُوۡنَ ۚ ﴿۲۰﴾ [۳]

[۱] النساء ۶۴
[۲] النساء ۸۰
[۳] الانفال ۲۰

ترجمہ: اے ایمان والو! اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو اور حکم سننے کے بعد اس سے سرتابی نہ کرو۔

اور اپنی اطاعت کے ساتھ ساتھ آپ ﷺ کی اطاعت کا بھی حکم فرمایا، اس لئے جہاں اللہ تبارک وتعالیٰ کی وحدانیت کا ذکر ہوتا ہے وہیں آپ ﷺ کی رسالت کا بھی ذکر ہوتا ہے، مثلاً کلمہ شہادت میں اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کے ساتھ محمد رسول اللہ ﷺ کی رسالت کی گواہی اشھدان الاالہ الااللہ واشھدان محمد رسول اللہ (میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی الہ نہیں اور محمد ﷺ اس کے رسول ہیں) ساری دنیا میں پانچ وقت اذان میں اشھدان الاالہ الااللہ واشھدان محمد رسول اللہ ،اللہ کی توحید کے ساتھ محمد رسول اللہ ﷺ کی رسالت کی آواز بلند ہوتی ہے، اسی طرح تکبیر اور نماز وغیرہ میں بھی آپ کا ذکر خیر کیا جاتا ہے،

عَنْ قَتَادَةَ، ﴿وَرَفَعۡنَا لَكَ ذِكۡرَكَ﴾ رَفَعَ اللَّهُ ذِكْرَهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ فَلَيْسَ خَطِيبٌ وَلَا مُتَشَهِّدٌ وَلَا صَاحِبُ صَلَاةٍ إِلَّا يُنَادِي بِهَا: أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللَّهِ

قتادہ رحمہ اللہ آیت کریمہ ” اور تمہاری خاطر تمہارے ذکر کا آوازہ بلند کردیا ۔“کے بارے میں فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ نے دنیاوآخرت میں آپ کے ذکرکو بلند فرمادیا ہے،چنانچہ جب بھی کوئی خطیب خطبہ دیتاہے یاکوئی تشہد پڑھتا ہے یاکوئی نمازادا کرتا ہے تووہ اشھدان لاالہ الااللہ کے ساتھ واشھدان محمدرسول اللہ بھی ضرور پکارتا ہے۔[1]

عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ قَالَ: أَتَانِي جِبْرِيلُ فَقَالَ: إِنَّ رَبِّي وَرَبَّكَ يَقُولُ: كَيْفَ رَفَعْتُ لَكَ ذِكْرَكَ؟ قَالَ: اللَّهُ أَعْلَمُ، قَالَ: إِذَا ذُكِرْتُ ذُكِرْتَ مَعِي

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جبریل تشریف لائے اور کہا میرا اور آپ کا رب فرماتا ہے ہم نے تمہارا ذکر کیسے بلند کیا ہے؟ آپ ﷺ نے کہا اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتا ہے، فرمایا جب میرا ذکر کیا جاتا ہے تو آپ کا ذکر بھی میرے ساتھ کیا جاتا ہے۔[2]

فرشتوں میں آپ ﷺ کا ذکر خیر ہے، اس کے علاوہ امت کے دلوں میں اللہ تعالیٰ کے بعد آپ کے لئے جو محبت، تعظیم اور اجلال ہے وہ کسی اور کے لئے نہیں۔

فَاِنَّ مَعَ الۡعُسۡرِ يُسۡرًا ۙ﴿۵﴾ اِنَّ مَعَ الۡعُسۡرِ يُسۡرًا ؕ﴿۶﴾ فَاِذَا فَرَغۡتَ فَانۡصَبۡ ۙ﴿۷﴾

پس یقیناً مشکل کے ساتھ آسانی ہے، بیشک مشکل کے ساتھ آسانی ہے، پس جب تو فارغ ہو تو عبادت میں محنت کر

وَ اِلٰى رَبِّكَ فَارۡغَبۡ ﴿۸﴾ (الم نشرح ۵تا۸)

اور اپنے پروردگار ہی کی طرف دل لگا۔

ان تین نعمتوں کے ذکر کے بعد اللہ تبارک وتعالیٰ نے آپ ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو یہ خوشخبری عنایت فرمائی کہ سختی، پریشانی اور تنگ دستی کا

[1] تفسیر طبری ۴۹۴/ ۲۴

[2] تفسیر طبری ۴۹۵/ ۲۴

دور زیادہ طویل نہیں، اس لئے گھبرائیں نہیں مشکلات کا دور ختم ہو کر آسانی و فراخی کا دور بہت جلد شروع ہونے والا ہے، جیسے فرمایا

...سَيَجْعَلُ اللّٰهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُّسْرًا [۱]

ترجمہ: بعید نہیں کہ اللہ تنگ دستی کے بعد فراخ دستی بھی عطا فرمادے۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ،فَقَالَ :وَأَنَّ الْفَرَجَ مَعَ الْكَرْبِ، وَأَنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کشادگی تنگی کے ساتھ ہے اور آسانی سختی کے ساتھ ہے۔ [۲]

چنانچہ ایسا ہی ہوا، ظلم کی آندھیاں تھم گئیں اور رحمت کی ٹھنڈی ہوائیں چلنے لگیں، اس دور کے لئے خصوصی اعمال کی تلقین فرمائی گئی کہ پریشانیوں، سختیوں اور مشکلات کا مقابلہ کرنے کے لئے فراغت کی اوقات میں ہر چیز سے بے نیاز ہو کر اپنے اکیلے رب پر اعتماد و بھروسہ کر کے انتھک عبادت و ریاضت میں منہمک ہو جائیں،

عَنْ مُجَاهِدٍ، قَوْلُهُ: فَإِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ، قَالَ: إِذَا قُمْتَ إِلَى الصَّلَاةِ فَانْصَبْ فِي حَاجَتِكَ إِلَى رَبِّكَ

مجاہد رحمہ اللہ اس آیت کریمہ ''لہٰذا جب تم فارغ ہو تو عبادت کی مشقت میں لگ جاؤ۔'' کے بارے میں فرماتے ہیں جب امر دنیا سے فارغ ہو جائیں اور نماز کے لیے کھڑے ہونے لگیں تو پھر اپنے رب کی عبادت میں خوب محنت کیا کریں۔ [۳]

اور تمام مقاصد و حاجات کے لئے خوب دعائیں کریں کیونکہ رب کے ساتھ لو لگانے کا یہی طریق خوب تر اور پریشانیوں سے نجات کا ذریعہ بھی ہے۔

## سعید رضی اللہ عنہ بن زید بن عمرو بن نفیل

اللہ تبارک و تعالیٰ نے زید بن عمرو بن نفیل کی دعا کو شرف قبولیت سے نوازا، سعید رضی اللہ عنہ بن عمرو بن نفیل اس باپ کے بیٹے تھے جنہوں نے تلاش حق میں کوئی دقیقہ نہیں چھوڑا تھا، آپ نے ان ہی کی گود میں پرورش پائی تھی، اپنے والد ہی سے تربیت حاصل کی تھی اس لئے بچپن ہی سے عرب میں پھیلی ہوئی گمراہیوں سے متنفر تھے، جب یہ بیس سال کے ہوئے تو انہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مبعوث ہونے کا علم ہوا تو بغیر کسی تاخیر کے اپنی اہلیہ فاطمہ رضی اللہ عنہا بنت خطاب (سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی حقیقی ہمشیرہ) کے ہمراہ پہلے مرحلے میں دعوت اسلام قبول کر کے سابقین اولین میں داخل ہو کر ان دس خوش نصیبوں میں شامل ہو گئے جن کو ان کی زندگی میں ہی جنت کی بشارت دے دی گئی تھی،

عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، قَالَ :قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَبُو بَكْرٍ فِي الْجَنَّةِ، وَعُمَرُ فِي الْجَنَّةِ، وَعُثْمَانُ فِي الْجَنَّةِ، وَعَلِيٌّ فِي الْجَنَّةِ، وَطَلْحَةُ فِي الْجَنَّةِ، وَالزُّبَيْرُ فِي الْجَنَّةِ، وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ فِي الْجَنَّةِ، وَسَعْدُ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ فِي الْجَنَّةِ، وَسَعِيدُ بْنُ زَيْدٍ فِي الْجَنَّةِ، وَأَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ فِي الْجَنَّةِ

---

[۱] الطلاق ۷

[۲] مسند احمد ۲۸۰۳

[۳] تفسیر طبری ۴۹۶/۲۴

رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا یہ دس لوگ جنتی ہیں، سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ جنتی ہیں، سیدنا عمر رضی اللہ عنہ جنتی ہیں، سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ جنتی ہیں اور سیدنا علی رضی اللہ عنہ جنتی ہیں اور طلحہ رضی اللہ عنہ جنتی ہیں اور زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ جنتی ہیں، اور عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ جنتی ہیں اور سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ جنتی ہیں اور سعید بن زید رضی اللہ عنہ جنتی ہیں اور ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ جنتی ہیں۔ (۱)

اس پاکیزہ دعوت کو قبول کرنے کے جرم میں انہوں نے بڑی تکالیف اٹھائیں مگر قریش کا کوئی جبر وستم انہیں اس راہ سے برگشتہ نہ کرسکا، جب غزوہ بدر واقع ہوا تو یہ رسول اللہ ﷺ کے کسی خاص کام سے گئے ہوئے تھے اس لئے اس غزوہ میں شریک نہ ہوسکے، آپ قیصر و کسریٰ کی سلطنتوں کو تہس نہس کرنے میں پیش پیش تھے، غزوہ یرموک میں جس میں مجاہدین کی تعداد چوبیس ہزار اور رومیوں کی ایک لاکھ بیس ہزار فوج تھی میں بے خوف وخطر بڑی بہادری کے جوہر دکھائے یہاں تک کہ اللہ تبارک وتعالیٰ فتح ونصرت مجاہدین کے حق میں لکھ دی، آپ دمشق کی فتح میں شامل رہے اور پھر ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ نے آپ کو وہاں کا پہلا گورنر بنادیا،

وكان مجاب الدعوة، فمن ذلك أن أروى بنت أويس، شكته إِلَى مروان بْن الحكم، وهو أمير المدينة لمعاوية، وقالت: إنه ظلمني أرضي فأرسل إليه مروان، فقال سَعِيد: أتروني ظلمتها، وقد سمعت رَسُول اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يقول: من ظلم شبرًا من أرض طوقه يَوْم القيامة من سبع أرضين؟اللهم إن كانت كاذبة فلا تمتها حتى تعمي بصرها، وتجعل قبرها في بئرها، فلم تمت حتى ذهب بصرها، وجعلت تمشي في دارها فوقعت في بئرها فكانت قبرها

مروان بن حکیم جب وہ امیر مدینہ تھے کے دور میں ایک بڑھیا اروی بنت اویس نے ان پر ایک گھناونا الزام لگایا کہ انہوں نے اس کی زمین ہتھیالی ہے، مروان بن حکم نے صورت حال معلوم کرنے کے لئے ان کے پاس کچھ افراد کو روانہ کیا، سعید رضی اللہ عنہ بن زید کو یہ الزام سن کر بہت دکھ ہوا اور کہنے لگے بھلا میں ایسا کیسے کرسکتا ہوں جبکہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے کہ جس نے کسی کی ایک بالشت زمین بھی ناجائز طور سے اپنے قبضہ میں کرلی تو قیامت کے روز ساتوں زمینوں کا طوق اس کے گلے میں ڈالا جائے گا اس کے بعد اللہ سبحانہ وتعالیٰ سے دعا گو ہو کر عرض کی اے اللہ تو جانتا ہے کہ میں بے گناہ ہوں، اور وہ عورت جھوٹی ہے، میں نے اس عورت پر کوئی ظلم نہیں کیا ہے، تو اس عورت کو اس کے جھوٹ کی سزا دے اور اسے اندھا کرکے اس کنوئیں میں گرادے جس کے متعلق ان نے میرے خلاف دعویٰ دائر کیا ہے اور میری بے گناہی واضع کردے کہ میں نے اس عورت پر کوئی ظلم نہیں کیا ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مظلوم کی آہ سے بچو کیونکہ اللہ تبارک وتعالیٰ اور مظلوم کے درمیان کوئی پردہ حائل نہیں ہوتا چنانچہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے مظلوم سعید رضی اللہ عنہ بن زید کی درخواست قبول فرمائی اور کچھ ہی عرصہ بعد وادی عقیق میں زوردار سیلاب بھیجا جس کے نتیجے میں اس عورت اور سعید رضی اللہ عنہ بن زید میں متنازع زمین کی حدبندی واضع ہوگئی جس سے مسلمانوں میں ان کی بے گناہی واضع ہوگئی، اس واقعہ کے ایک ماہ بعد وہ عورت اندھی ہوگئی اور اپنی زمین پر گھومتے ہوئے اسی کنوئیں میں گرکر ہلاک ہوگئی۔ (۲)

---

(۱) اسد الغابۃ ۳/۴۷۵

(۲) أسد الغابة في معرفة الصحابة ۲/۴۷۶، تهذيب الكمال في أسماء الرجال ۱۰/۴۵۲، سير أعلام النبلاء ۳/۴۷

مضامین سورۃ الاعلیٰ:

اس سورۃ میں تین مضامین توحید، رسالت اور آخرت کا ذکر ہوا۔

توحید: اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کا حکم ہے جو ہر قسم کے عیب، کمزوری، نقص اور مخلوقات سے تشبیہ سے پاک ہے، اسی اکیلے نے چند دنوں میں اس عظیم الشان کائنات کو تخلیق فرمایا، اس کا تناسب اور تقدیر مقرر فرمائی، اور وہی اپنی قدرت کاملہ سے طرح طرح کی نباتات کو پیدا فرماتا ہے اور پھر اسے خس وخاشاک میں بدل دیتا ہے۔

رسالت: رسول اللہ ﷺ کو ہدایت فرمائی کہ نوع انسانی کی ہدایت ورہنمائی کے لئے اس عظیم کلام کو نازل اور اس کو آپ کے سینہ اطہر میں محفوظ کر دینا اور اس کی حفاظت کرنا ہماری ذمہ داری ہے، آپ اس سلسلہ میں قطعاً فکرمند نہ ہوں، آپ کا کام اس پیغام کو لوگوں تک پہنچا دینا ہے، اس کے بعد جس کا جی چاہے اسے قبول کر کے اللہ کی خوشنودی اور جنتوں کا مستحق بن جائے، اور جو اس پر ایمان نہ لائیں اس کی آپ پر کسی قسم کی کوئی ذمہ داری نہیں ہے۔

آخرت: اور آخرت میں کامیابی اور فلاح ان لوگوں کا مقدر ہو گی جو اس کلام پر ایمان لائیں گے، اور عقائد واعمال اور اخلاق میں پاکیزگی اختیار کریں گے، عملی زندگی میں اپنے رب کی یاد کے لئے نماز قائم کریں گے، یہ دنیا فانی ہے، ایک وقت مقررہ پر اسے ختم کر دیا جائے گا، اس حقیقت کو اس سے قبل ابراہیم خلیل اللہ اور موسیٰ کلیم اللہ کے صحیفوں میں بھی بیان کر دیا گیا تھا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے

سَبِّحِ اسۡمَ رَبِّکَ الۡاَعۡلَی ۙ﴿۱﴾ الَّذِیۡ خَلَقَ فَسَوّٰی ۪﴿۲﴾ وَ الَّذِیۡ قَدَّرَ

اپنے بہت ہی بلند اللہ کے نام کی پاکیزگی بیان کر جس نے پیدا کیا اور صحیح سالم بنایا، اور جس نے (ٹھیک ٹھاک) اندازہ کیا اور

فَہَدٰی ۪﴿۳﴾ وَ الَّذِیۡۤ اَخۡرَجَ الۡمَرۡعٰی ۪﴿۴﴾ فَجَعَلَہٗ غُثَآءً اَحۡوٰی ؕ﴿۵﴾ (الاعلیٰ ۱تا۵)

پھر راہ دکھائی، اور جس نے تازہ گھاس پیدا کی پھر اس نے اس کو (سکھا کر) سیاہ کوڑا کر دیا۔

توحید کا حکم دیتے ہوئے فرمایا اے نبی ﷺ! اپنے وحدہ لاشریک رب کے نام کی عظمت کے لائق پاکیزگی اور حمد وثنا بیان کرو، اسے کسی ایسے نام سے یاد نہ کرو جو اپنے اندر کسی قسم کا نقص، عیب، کمزوری یا مخلوقات سے تشبیہ یا شرک کا کوئی پہلو رکھتا ہو، یا جن میں اس کی ذات، صفات یا افعال کے بارے میں کوئی غلط عقیدہ پایا جاتا ہو،

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَانَ إِذَا قَرَأَ: سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى، قَالَ: سُبْحَانَ رَبِّيَ الْأَعْلَى

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى کے جواب میں سُبْحَانَ رَبِّيَ الْأَعْلَى پڑھا کرتے تھے۔[1]

[1] سنن ابوداود کتاب الصلوۃ بَابُ الدُّعَاءِ فِي الصَّلَاةِ ۸۸۳، مسند احمد ۲۰۶۶

حکم الألباني : صحیح
شیخ البانی نے اسے صحیح کہا ہے۔

عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ، قَالَ : لَمَّا نَزَلَتْ :فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيمِ ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :اجْعَلُوهَا فِي رُكُوعِكُمْ، فَلَمَّا نَزَلَتْ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى، قَالَ :اجْعَلُوهَا فِي سُجُودِكُمْ

عقبہ بن عامر جہنی سے مروی ہے جب رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ پر یہ آیت فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيمِ نازل ہوئی تو آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا اس تسبیح (سبحان ربی العظیم) کو اپنے رکوع کے لئے کرلو اور جب آیت سَبِّحْ اسْمَ رَبِّکَ الْأَعْلَى اتری تو آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا اس تسبیح (سبحان ربی الاعلی) کو اپنے سجود میں اختیار کرلو۔ [1]

رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کو یہ سورۃ بہت محبوب تھی۔

عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ، قَالَ :كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ فِي الْعِيدَيْنِ، وَفِي الْجُمُعَةِ بِسَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى، وَهَلْ أَتَاكَ حَدِيثُ الْغَاشِيَةِ، قَالَ :وَإِذَا اجْتَمَعَ الْعِيدُ وَالْجُمُعَةُ، فِي يَوْمٍ وَاحِدٍ، يَقْرَأُ بِهِمَا أَيْضًا فِي الصَّلَاتَيْنِ

نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سورۃ اعلیٰ اور الغاشیہ جمعہ اور عیدین کی نماز میں پڑھا کرتے تھے،اگر جمعہ کے دن عید ہوتی تو عید اور جمعہ دونوں میں انہی دونوں سورتوں کی تلاوت فرماتے۔ [2]

عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ سَأَلْتُ عَائِشَةَ أُمَّ الْمُؤْمِنِينَ بِأَيِّ شَيْءٍ كَانَ يُوتِرُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَتْ : كَانَ يَقْرَأُ فِي الرَّكْعَةِ الْأُولَى بِ سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى، وَفِي الثَّانِيَةِ قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ، وَفِي الثَّالِثَةِ قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ

عبد العزیز بن جریج رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ میں نے ام المومنین عائشہ صدیقہ سے پوچھا کہ نبی کریم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وتروں میں کون سی سورتیں پڑھتے تھے؟ انہوں نے فرمایا آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وتر کی پہلی رکعت میں سورہ الاعلی دوسری میں سورہ الکافرون اور تیسری میں سورہ اخلاص پڑھتے تھے۔ [3]

حَدَّثَنَا مُحَارِبُ بْنُ دِثَارٍ، قَالَ : سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ الْأَنْصَارِيَّ، قَالَ :أَقْبَلَ رَجُلٌ بِنَاضِحَيْنِ وَقَدْ جَنَحَ اللَّيْلُ، فَوَافَقَ مُعَاذًا يُصَلِّي، فَتَرَكَ نَاضِحَهُ وَأَقْبَلَ إِلَى مُعَاذٍ، فَقَرَأَ بِسُورَةِ البَقَرَةِ أَوِ النِّسَاءِ فَانْطَلَقَ الرَّجُلُ وَبَلَغَهُ أَنَّ مُعَاذًا

---

[1] سنن ابوداودکتاب الصلاۃ بَابُ مَا يَقُولُ الرَّجُلُ فِي رُكُوعِهِ وَسُجُودِهِ٨٦٩،سنن ابن ماجه کتاب اقامة السلوات بَابُ التَّسْبِيحِ فِي الرُّكُوعِ وَالسُّجُودِ٨٨٧ ،مسنداحمد١٧٤١٤

[2] صحیح مسلم کتاب الجمعة بَابُ مَا يُقْرَأُ فِي صَلَاةِ الْجُمُعَةِ ٢٠٢٨ ، سنن ابوداودکتاب الصلوٰۃ بَابُ مَا يُقْرَأُ بِهِ فِي الْجُمُعَةِ ١١٢٢،جامع ترمذی ابواب العیدین بَابُ الْقِرَاءَةِ فِي الْعِيدَيْنِ ٥٣٣،سنن نسائی کتاب الجمعة ذِكْرُ الِاخْتِلَافِ عَلَى النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ فِي الْقِرَاءَةِ فِي صَلَاةِ الْجُمُعَةِ ١٥٩٣،١٥٧١،١٤٢٥ ،سنن ابن ماجه کتاب اقامة الصلوۃ بَابُ مَا جَاءَ فِي الْقِرَاءَةِ فِي صَلَاةِ الْعِيدَيْنِ١٢٨١ ،مسنداحمد١٨٤٠٩

[3] مسند احمد ٢٥٩٠٦

نَالَ مِنْهُ ،فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَشَكَا إِلَيْهِ مُعَاذًا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :يَا مُعَاذُ، أَفَتَّانٌ أَنْتَ أَوْأَفَاتِنٌ ثَلاَثَ مِرَارٍ :فَلَوْلاَ صَلَّيْتَ بِسَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ، وَالشَّمْسِ وَضُحَاهَا، وَاللَّيْلِ إِذَا يَغْشَى ،فَإِنَّهُ يُصَلِّي وَرَاءَكَ الكَبِيرُ وَالضَّعِيفُ وَذُو الحَاجَةِ

محارب بن دثار رضی اللہ عنہ نے بیان کیا میں نے جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ سے سنا کہ ایک شخص پانی اٹھانے والے دو اونٹ لئے ہوئے آیا، رات تاریک ہوچکی تھی اس نے معاذ رضی اللہ عنہ کو نماز پڑھاتے ہوئے پایا اس لئے اپنے اونٹوں کو بٹھا کر (نماز میں شریک ہونے کے لئے) معاذ رضی اللہ عنہ کی طرف بڑھا، معاذ رضی اللہ عنہ نے نماز میں سورہ البقرہ یا سورہ النساء شروع کی چنانچہ وہ شخص نیت توڑ کر چل دیا، پھر اسے معلوم ہوا کہ معاذ رضی اللہ عنہ نے تجھ کو برا بھلا کہا ہے، اس لئے وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور معاذ کی شکایت کی، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا معاذ! کیا تم لوگوں کو فتنہ میں ڈالتے ہو، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے معاذ رضی اللہ عنہ کو تین مرتبہ فرمایا تو نے سورہ الاعلی، سورہ الشمس اور سورہ الیل کے ساتھ نماز کیوں نہ پڑھائی کیونکہ تمہارے پیچھے بوڑھے، کمزور اور حاجت مند نماز پڑھتے ہیں۔ [۱]

دوسری روایت میں ہے سورہ الطارق اور الشمس یا سورہ الاعلی یا سورہ القمر پڑھنے کا حکم فرمایا۔

اس اللہ کی اسمائے حسنیٰ کے ساتھ تسبیح بیان کر وجس نے ایک منصوبے کے تحت سات آسمان وزمین اور ان کے درمیان بے حد وحساب چیزوں کو پیدا کیا مگر کوئی ایک چیز بھی ایسی نہیں ہے جو بے ڈھنگی اور بے تکی ہو بلکہ جو چیز بھی پیدا کی اسے بالکل راست اور درست بنایا، اس کا توازن اور تناسب ٹھیک قائم کیا، اس کو ایسی صورت پر پیدا کیا کہ اس جیسی چیز کے لیے اس سے بہتر صورت کا تصور نہیں کیا جاسکتا، جیسے فرمایا

الَّذِيْٓ اَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ ...۝۷ [۲]

ترجمہ: جس نے ہر چیز جو بنائی خوب بنائی۔

اور ان کی تقدیر بنائی، جیسے فرمایا

...وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ فَقَدَّرَهٗ تَقْدِيْرًا ۝۲ [۳]

ترجمہ: جس نے ہر چیز کو پیدا کیا پھر اس کی ایک تقدیر مقرر کی۔

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، قَالَ :سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ : كَتَبَ اللّٰهُ مَقَادِيرَ الْخَلَائِقِ قَبْلَ أَنْ يَخْلُقَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ بِخَمْسِينَ أَلْفَ سَنَةٍ قَالَ : وَعَرْشُهُ عَلَى الْمَاءِ

عبداللہ بن عمرو سے مروی ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا زمین وآسمان کی پیدائش سے پچاس ہزار سال پہلے اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق

---

[۱] صحیح بخاری کتاب الاذان بَابُ مَنْ شَكَا إِمَامَهُ إِذَا طَوَّلَ ۷۰۵،صحیح مسلم کتاب الصلاة بَابُ الْقِرَاءَةِ فِي الْعِشَاءِ ۱۰۴۰،سنن ابوداودکتاب الصلوة بَابٌ فِي تَخْفِيفِ الصَّلَاةِ ۷۹۰،مسنداحمد۱۴۱۹۰

[۲] السجدة۷

[۳] الفرقان۲

کی تقدیر لکھی، اس وقت پروردگار کا عرش پانی پر تھا۔ (۱)

انہیں وہ کام انجام دینے کی راہ بتائی جس کے لئے وہ پیدا کی گئی ہے، جیسے فرمایا:

...رَبُّنَا الَّذِيْٓ اَعْطٰى كُلَّ شَيْءٍ خَلْقَهٗ ثُمَّ هَدٰى ۞۵۰ (۲)

ترجمہ: ہمارا رب وہ ہے جس نے ہر چیز کو اس کی ساخت بخشی پھر اس کا راستہ بتایا۔

یعنی یہ کائنات کسی اتفاقی حادثے کی نتیجے میں وجود میں نہیں آ گئی بلکہ ایک حکیم و دانا اور رہادی نے عظیم حکمت کے مطابق اسے تخلیق کیا ہے، اور اس کے حکم کے تحت زمین، چاند، سورج، ستارے اور سیارے اپنے اپنے مدار میں حرکت کر رہے ہیں، پانی، ہوا، روشنی، جمادات و نباتات اور معدنیات وغیرہ وہی خدمات بجالا رہے ہیں جن کے لئے ان کو پیدا کیا گیا ہے، جانور، پرندے، درندے اور حشرات الارض سب اپنا اپنا کام بہ احسن وخوبی اپنا کام سرانجام دے رہی ہے اور جب تک اللہ رب العالمین چاہے گا اپنا کام کرتی رہے گی، اس نے انسان کو پانی کے ایک بدبودار حقیر قطرے سے پیدا کیا جب کہ اس سے پہلے اس کا وجود ہی نہ تھا، پھر اسے ایک حسن صورت والا کامل انسان بنا دیا، پھر اسے عقل وفہم عطا کی، انسان کی دونوں آنکھیں جن سے وہ دیکھتا ہے، دونوں کان جن سے وہ سنتا ہے، دونوں ہاتھوں جن سے وہ پکڑتا ہے اور دونوں پیروں کو جن سے وہ چلتا ہے متناسب بنایا، اگر انسان کے اعضا میں یہ برابری اور مناسبت نہ ہوتی تو اس کے وجود میں حسن کے بجائے بے ڈھب پن ہو جاتا، جیسے فرمایا

لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ ۞۴ (۳)

ترجمہ: ہم نے انسان کو بہترین ساخت پر پیدا کیا۔

پھر اسی خالق نے دنیا میں پاکیزہ زندگی گزارنے اور آخرت میں کامیابی کے لئے انسان کو نیکی اور بدی کی تمیز عطا فرمائی، جیسے فرمایا

فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰىهَا ۞۸ (۴)

ترجمہ: پھر اس کی بدی اور اس کی پرہیزگاری اس پر الہام کر دی۔

موسیٰ علیہ السلام نے بھی فرعون کے سوال پر یہی جواب دیا تھا۔

قَالَ فَمَنْ رَّبُّكُمَا يٰمُوْسٰى ۞۴۹ قَالَ رَبُّنَا الَّذِيْٓ اَعْطٰى كُلَّ شَيْءٍ خَلْقَهٗ ثُمَّ هَدٰى ۞۵۰ (۵)

ترجمہ: فرعون نے کہا اچھا تو پھر تم دونوں کا رب کون ہے اے موسیٰ؟ موسیٰ علیہ السلام نے جواب دیا ہمارا رب وہ ہے جس نے ہر چیز کو اس کی

---

(۱) صحیح مسلم کتاب القدر بَابُ حِجَاجِ آدَمَ وَمُوسَى عَلَيْهِمَا السَّلَامُ ۶۷۴۸، جامع ترمذی ابواب القدر بَابُ مَا جَاءَ فِي الرِّضَا بِالْقَضَاءِ ۲۱۵۶

(۲) طہ ۵۰

(۳) التین ۴

(۴) الشمس ۸

(۵) طہ ۴۹،۵۰

ساخت بخشی پھر اس کو راستہ بتایا۔

اسی طرح جسمانی ضروریات کے لئے دنیاوی نعمتوں کی انواع وصفات اور خصوصیات کا اندازہ فرما کر ان کی طرف رہنمائی فرمادی، اللہ جس کی قدرت کمال تم اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہو، اللہ جو آسمان سے پانی برسا کر تمہاری ضروریات کی مختلف نباتات اور تمہارے پینے کے لئے خوش ذائقہ دودھ، کھانے کے لئے گوشت، سواری اور مال برداری والے جانوروں اور حیوانات کے لئے تازہ گھاس پیدا فرماتا ہے، جن کی تازگی وشادابی دیکھ کر دل خوش ہوتا ہے پھر وہی اس تازہ اور شاداب نباتات اور گھاس کا جتنا جوبن مقدر ہوتا ہے اس کے مکمل کر لینے کے بعد سکھا کر خس وخاشاک کر دیتا ہے، جسے ہوائیں اڑاتی پھرتی ہیں، اس کے سوا کوئی ایسی ہستی نہیں جو بہار لانے پر قادر ہو یا خزاں کو آنے سے روک سکتی ہو، اسی مضمون کو متعدد مقامات پر بیان فرمایا:

**اِنَّمَا مَثَلُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَاۗءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَاۗءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ مِمَّا يَاْكُلُ النَّاسُ وَالْاَنْعَامُ ۭ حَتّٰٓي اِذَآ اَخَذَتِ الْاَرْضُ زُخْرُفَهَا وَازَّيَّنَتْ وَظَنَّ اَهْلُهَآ اَنَّھُمْ قٰدِرُوْنَ عَلَيْهَآ ۙ اَتٰىھَآ اَمْرُنَا لَيْلًا اَوْ نَهَارًا فَجَعَلْنٰھَا حَصِيْدًا كَاَنْ لَّمْ تَغْنَ بِالْاَمْسِ... ۝۲۴** [۱]

ترجمہ: دنیا کی یہ زندگی (جس کے نشے میں مست ہو کر تم ہماری نشانیوں سے غفلت برت رہے ہو) اس کی مثال ایسی ہے جیسے آسمان سے ہم نے پانی برسایا تو زمین کی پیداوار، جسے آدمی اور جانور سب کھاتے ہیں، خوب گھنی ہوگئی، پھر عین اس وقت جبکہ زمین اپنی بہار پر تھی اور کھیتیاں بنی سنوری کھڑی تھیں اور ان کے مالک سمجھ رہے تھے کہ اب ہم ان سے فائدہ اٹھا پر قادر ہیں، یکایک رات کو یا دن کو ہمارا حکم آ گیا اور ہم نے اسے ایسا غارت کر کے رکھ دیا کہ گویا کل وہاں کچھ تھا ہی نہیں۔

**وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَاۗءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَاۗءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ فَاَصْبَحَ هَشِيْمًا تَذْرُوْهُ الرِّيٰحُ... ۝۴۵** [۲]

ترجمہ: اور اے نبی! انہیں حیاتِ دنیا کی حقیقت اس مثال سے سمجھاؤ کہ آج ہم نے آسمان سے پانی برسادیا تو زمین کی پود خوب گھنی ہوگئی، اور کل وہی نباتات بھُس بن کر رہ گئی جسے ہوائیں اڑائے لیے پھرتی ہیں۔

**اِعْلَمُوْٓا اَنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ وَّزِيْنَةٌ وَّتَفَاخُرٌۢ بَيْنَكُمْ وَتَكَاثُرٌ فِي الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ ۭ كَمَثَلِ غَيْثٍ اَعْجَبَ الْكُفَّارَ نَبَاتُهٗ ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ يَكُوْنُ حُطٰمًا... ۝۲۰** [۳]

ترجمہ: خوب جان لو کہ یہ دنیا کی زندگی اس کے سوا کچھ نہیں کہ ایک کھیل اور دل لگی اور ظاہری ٹیپ ٹاپ اور تمہارا آپس میں ایک دوسرے پر فخر جتانا اور مال واولاد میں ایک دوسرے سے بڑھ جانے کی کوشش کرنا ہے، اس کی مثال ایسی ہے جیسے ایک بارش ہوگئی تو اس سے پیدا ہونے والی

---

[۱] یونس ۲۴

[۲] الکہف ۴۵

[۳] الحدید ۲۰

نباتات کو دیکھ کر کاشت کار خوش ہو گئے، پھر وہی کھیتی پک جاتی ہے اور تم دیکھتے ہو کہ وہ زرد ہو گئی، پھر وہ بھس بن کر رہ جاتی ہے۔

سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰۤى ۝٦ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَ مَا يَخْفٰى ۝٧

ہم تجھے پڑھائیں گے پھر تو نہ بھولے گا مگر جو کچھ اللہ چاہے، وہ ظاہر اور پوشیدہ کو جانتا ہے،

وَ نُيَسِّرُكَ لِلْيُسْرٰى ۝٨ فَذَكِّرْ اِنْ نَّفَعَتِ الذِّكْرٰى ۝٩ سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَّخْشٰى ۝١٠

ہم آپ کیلئے آسانی پیدا کر دیں گے تو آپ نصیحت کرتے رہیں اگر نصیحت کچھ فائدہ دے، ڈرنے والا تو نصیحت لے گا

وَ يَتَجَنَّبُهَا الْاَشْقَى ۝١١ الَّذِيْ يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرٰى ۝١٢ ثُمَّ لَا يَمُوْتُ

(ہاں) بدبخت اس سے گریز کرے گا جو بڑی آگ میں جائے گا، جہاں پھر نہ مرے گا

فِيْهَا وَ لَا يَحْيٰى ۝١٣ (الاعلیٰ ۶ تا ۱۳)

نہ جیئے گا (بلکہ حالت نزع میں پڑا رہے گا)۔

رسول اللہ ﷺ کو ابھی وحی کا نیا نیا تجربہ ہو رہا تھا اس لئے جب جبرائیل علیہ السلام وحی لے کر آتے تو اس خیال سے کہ کہیں آپ بھول نہ جائیں وحی کو جبرائیل علیہ السلام کے ساتھ جلدی جلدی پڑھتے، خالق کائنات نے فرمایا اے نبی ﷺ! ہم نے جو وحی آپ کی طرف نازل کی ہے اس کی تکمیل سے پہلے اسے بھولنے کی خوف سے جلدی جلدی اپنی زبان کو حرکت نہ دیں، اسے آپ کی زبان مبارک پر جاری کر دینا، آپ کے سینے میں اسے لفظ بلفظ محفوظ کر نا یقیناً ہماری ذمہ داری ہے پھر آپ اسے کبھی فراموش نہیں کریں گے، مگر جسے اللہ اپنی مشیت، مصلحت اور وحکمت بالغہ سے فراموش کرا دے (مگر اللہ نے ایسا نہیں چاہا اس لئے آپ کو سب کچھ یاد ہی رہا) لہذا جب ہم اسے پڑھ رہے ہوں اس وقت آپ اس کی قرات کو غور سے سنتے رہیں،

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، فَكَانَ إِذَا أَتَاهُ جِبْرِيلُ أَطْرَقَ، فَإِذَا ذَهَبَ قَرَأَه

چنانچہ عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے اس کے بعد جب آپ کے پاس جبرائیل وحی لے کر آتے تو آپ ﷺ توجہ سے سنتے، جب وہ چلے جاتے تو رسول اللہ ﷺ اس وحی کو اس طرح پڑھتے جس طرح جبرائیل نے اسے پڑھا تھا۔[1]

آپ تلاوت قرآن اونچی آواز سے پڑھیں یا پست آواز سے، رات کے اندھیروں میں چھپ کر کوئی عمل کریں گے یا دن کے اجالے میں کریں سب اللہ علام الغیوب جانتا ہے، جیسے فرمایا

وَاَسِرُّوْا قَوْلَكُمْ اَوِ اجْهَرُوْا بِهٖ ۭ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝١٣

ترجمہ: تم خواہ چپکے سے بات کرو یا اونچی آواز سے (اللہ کے لیے یکساں ہے) وہ تو دلوں کا حال تک جانتا ہے۔

---

[1] صحیح بخاری کتاب الوحی باب ۵، ح۷ ۴۹۲، ۵، ۴۹۲۹، ۴۹۲۹، ۵۰۴۴، ۷۵۲۴، ۴۹۲۹

يَعۡلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَيَعۡلَمُ مَا تُسِرُّوۡنَ وَمَا تُعۡلِنُوۡنَ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيۡمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوۡرِ ﴿۴﴾ [۱]

ترجمہ: زمین اور آسمانوں کی ہر چیز کا اسے علم ہے، جو کچھ تم چھپاتے ہو اور جو کچھ تم ظاہر کرتے ہو سب اس کو معلوم ہے، اور وہ دلوں کا حال تک جانتا ہے۔

...يَعۡلَمُ مَا يُسِرُّوۡنَ وَمَا يُعۡلِنُوۡنَ ۚ اِنَّهٗ عَلِيۡمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوۡرِ ﴿۵﴾ [۲]

ترجمہ: اللہ ان کے چھپے کو بھی جانتا ہے اور کھلے کو بھی، وہ تو ان بھیدوں سے بھی واقف ہے جو سینوں میں ہیں۔

وہ تو سینوں کے چھپے بھید کے علاوہ آنکھوں کی خیانت کو بھی جانتا ہے، جیسے فرمایا:

يَعۡلَمُ خَآئِنَةَ الۡاَعۡيُنِ وَمَا تُخۡفِي الصُّدُوۡرُ ﴿۱۹﴾ [۳]

ترجمہ: اللہ نگاہوں کی چوری تک سے واقف ہے اور راز تک جانتا ہے جو سینوں نے چھپا رکھے ہیں۔

اور سب دیکھ اور سن رہا ہے، اور اس کے علاوہ خواہ تم کوئی عمل اندھیرے میں، خلوتوں میں، سنسان جنگلوں میں کرو، کراماً کاتبین جو کسی سے نہ ذاتی محبت رکھتے ہیں نہ عداوت اللہ کے حکم سے تمہارے ہر چھوٹے بڑے، اچھے یا برے ہر طرح کے اعمال کو تحریر میں لا رہے ہیں، جیسے فرمایا:

وَاِنَّ عَلَيۡكُمۡ لَحٰفِظِيۡنَ ۙ ﴿۱۰﴾ كِرَامًا كَاتِبِيۡنَ ۙ ﴿۱۱﴾ يَعۡلَمُوۡنَ مَا تَفۡعَلُوۡنَ ﴿۱۲﴾ [۴]

ترجمہ: حالانکہ تم پر نگراں مقرر ہیں ایسے معزز کاتب جو تمہارے ہر فعل کو جانتے ہیں۔

اور ان کا تیار کردہ یہ نامہ اعمال ایسا مکمل ہو گا کہ روز قیامت ہر کوئی اسے دیکھ کر دنگ رہے جائے گا اور انکار نہیں کر سکے گا، جیسے فرمایا

وَوُضِعَ الۡكِتٰبُ فَتَرَى الۡمُجۡرِمِيۡنَ مُشۡفِقِيۡنَ مِمَّا فِيۡهِ وَيَقُوۡلُوۡنَ يٰوَيۡلَتَنَا مَالِ هٰذَا الۡكِتٰبِ لَا يُغَادِرُ صَغِيۡرَةً وَّلَا كَبِيۡرَةً اِلَّاۤ اَحۡصٰهَا ۚ وَوَجَدُوۡا مَا عَمِلُوۡا حَاضِرًا ؕ وَلَا يَظۡلِمُ رَبُّكَ اَحَدًا ﴿۴۹﴾ [۵]

ترجمہ: اور نامہ اعمال سامنے رکھ دیا جائے گا اس وقت تم دیکھو گے کہ مجرم لوگ اپنی کتاب زندگی کے اندراجات سے ڈر رہے ہوں گے اور کہہ رہے ہوں گے کہ ہائے ہماری کم بختی! یہ کیسی کتاب ہے کہ ہماری کوئی چھوٹی بڑی حرکت ایسی نہیں رہی جو اس میں درج نہ کی گئی ہو، جو جو کچھ انہوں نے کیا تھا وہ سب اپنے سامنے حاضر پائیں گے اور تیرا رب کسی پر ذرا ظلم نہ کرے گا۔

اور یہ اعمال نامہ روز قیامت نیک بختوں کو سیدھے ہاتھ میں اور بدبختوں کو پیٹھ کے پیچھے سے الٹے ہاتھ میں تھمایا جائے گا جسے وہ خود پڑھ لیں گے اور اسی کے مطابق جزا یا سزا دی جائے گی، جیسے فرمایا:

---

[۱] التغابن ۴

[۲] هود ۵

[۳] المومن ۱۹

[۴] الانفطار ۱۰ تا ۱۲

[۵] الكهف ۴۹

اِقۡرَاۡ كِتٰبَكَ ؕ كَفٰى بِنَفۡسِكَ الۡيَوۡمَ عَلَيۡكَ حَسِيۡبًا ؕ ﴿۱۴﴾ [۱]

ترجمہ: پڑھ اپنا نامہ اعمال، آج اپنا حساب لگانے کے لیے تو خود ہی کافی ہے۔

خوشخبری سنائی کہ ہم آپ کے لئے افعال واقوال آسان کر دیں گے جن میں خیر ہو، اور ہم آپ کے لئے ایسی شریعت مقرر کریں گے جو سہل، مستقیم اور معتدل ہو گی، جس میں کوئی کجی، عسر اور تنگی نہیں ہو گی، وعظ ونصیحت اور تعلیم کے لئے ایک اصول اور ادب بیان فرمایا:

أَيْ: ذكِّر حَيْثُ تَنْفَعُ التَّذْكِرَةُ

آپ وعظ ونصیحت وہاں کریں جہاں محسوس ہو کہ فائدہ مند ہو گی۔ [۲]

قول عبد الله بن مسعود :مَا أَنْتَ بمحدِّث قَوْمًا حَدِيثًا لَا تَبْلُغُهُ عُقُولُهُمْ إِلَّا كَانَ فِتْنَةً لِبَعْضِهِمْ ، وَقَالَ : حَدِّثِ النَّاسَ بِمَا يَعْرِفُونَ، أَتُحِبُّونَ أَنْ يُكَذَّبَ اللَّهُ وَرَسُولُهُ؟

عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا قول ہے اگر تم دوسروں کے ساتھ وہ باتیں کرو گے جو ان کی سمجھ میں نہ آسکیں تو اس کا نتیجہ یہ ہو گا کہ وہ تمہاری اچھی باتیں ان کے لئے بری اور باعث فتنہ بن جائیں گی، بلکہ لوگوں سے ان کی سمجھ بوجھ کے مطابق گفتگو کرو، کیا تم یہ پسند کرو گے کہ لوگ اللہ اور اس کے رسول کو جھٹلائیں۔ [۳]

بعض کہتے ہیں آپ نصیحت کرتے رہیں چاہے فائدہ دے یا نہ دے۔ (امام شوکانی رحمہ اللہ)

یہ دعوت وہ شخص قبول کرے گا جو ہر سو پھیلی اللہ کی قدرتوں کو پہچانتا ہو گا، جو رب کی بے شمار نعمتوں کا شکر گزار ہو گا، جو تباہ شدہ اقوام کے احوال سے عبرت حاصل کر کے اللہ سے ڈرتا ہو گا، جو ہدایت اور گمراہی کا فرق سمجھتا ہو گا، جسے اپنے انجام کا خوف ہو گا اور اللہ کی پکڑ سے بچنا چاہتا ہو گا، یہ دعوت وہی قبول کرے گا جو سمجھتا ہو گا کہ یہ دنیا دار الفنا ہے، یہ زندگی دائمی نہیں بلکہ سانسوں کی ایک مختصر ڈور ہے اور ایک وقت مقرر پر رب کے حضور کھڑا ہونا ہے، جو اچھی طرح جانتا ہو گا کہ ایک گھڑی کی لذت حاصل کرنے کے لئے ابدی رنج وغم کو نہیں خریدا جاسکتا، جو اعمال صالح کر کے رب کی نعمتوں بھری جنتوں میں داخل ہونا چاہتا ہو گا، جہاں انعام ہی انعام ہیں، جہاں نہ کوئی دکھ ہو گا نہ کوئی رنج، اور اس پاکیزہ دعوت سے وہی منہ موڑے گا جو جانوروں کی طرح آنکھیں بند کر کے زندگی گزار رہے ہیں، جن کے پاس دعوت حق پہنچی مگر حق بات سننا نہیں گوارا نہیں، جیسے فرمایا:

تَكَادُ تَمَيَّزُ مِنَ الۡغَيۡظِ ؕ كُلَّمَاۤ اُلۡقِىَ فِيۡهَا فَوۡجٌ سَاَلَهُمۡ خَزَنَتُهَاۤ اَلَمۡ يَاۡتِكُمۡ نَذِيۡرٌ ﴿۸﴾ قَالُوۡا بَلٰى قَدۡ جَآءَنَا نَذِيۡرٌ ۙ فَكَذَّبۡنَا وَقُلۡنَا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ مِنۡ شَىۡءٍ ۖۚ اِنۡ اَنۡتُمۡ اِلَّا فِىۡ ضَلٰلٍ كَبِيۡرٍ ﴿۹﴾ [۴]

ترجمہ: ہر بار جب کوئی انبوہ اس میں ڈالا جائے گا، اس کے کارندے ان لوگوں سے پوچھیں گے کیا تمہارے پاس کوئی خبر دار کرنے والا نہیں

[۱] بنی اسرائیل ۱۴

[۲] تفسیر ابن کثیر ۳۷۸/۸

[۳] صفوة التفاسير ۵۲۲/۳، البحر المحيط في التفسير ۴۷۱/۲، الأساس في التفسير ۳۴۲/۱

[۴] الملک ۸،۹

آیا تھا؟ وہ جواب دیں گے ہاں، خبردار کرنے والا ہمارے پاس آیا تھا مگر ہم نے اسے جھٹلا دیا اور کہا اللہ نے کچھ بھی نازل نہیں کیا ہے تم بڑی گمراہی میں پڑے ہوئے ہو۔

جو رب کے احکامات سے پہلوتہی کرتے ہیں، جو مشرکین مکہ اور منافقین مدینہ کی طرح اللہ کا نام تو لیتے ہیں مگر اپنے رب حقیقی کی بندگی کے بجائے طاغوت کی بندگی کو پسند کرتے ہیں، جو اللہ وحدہ لاشریک کی بارگاہ پر سر جھکانے کے بجائے در در اس کی مخلوق کی چوکٹوں پر سر جھکانا پسند کرتے ہیں، جن کا مقصد حیات صرف عیش و آرام، مال وجاہ اور فسق و فجور ہے، جو روز جزا کا اقرار تو کرتے ہیں مگر ان کی عملی زندگی اس بات پر شاہد ہوتی ہے کہ وہ اس دن پر یقین نہیں رکھتے، ایسے بدبخت لوگ جہنم کا ایندھن بنیں گے، جس کی آگ ان کے دلوں سے لپٹ جائے گی ،جس میں نہ وہ جی سکیں گے اور نہ ہی انہیں موت آئے گی یعنی موت اور زندگی کے درمیان میں ہی لٹکتا رہے گا جس سے اس کی زندگی قلبی، روحانی اور جسمانی عذاب سے لبریز ہوگی، جیسے فرمایا:

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ نَارُ جَهَنَّمَ ۚ لَا يُقْضٰى عَلَيْهِمْ فَيَمُوْتُوْا وَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ مِّنْ عَذَابِهَا ۔۔۔ ۳۶ [1]

ترجمہ: اور جن لوگوں نے کفر کیا ہے ان کے لیے جہنّم کی آگ ہے، نہ ان کا قصہ پاک کر دیا جائے گا کہ مر جائیں اور نہ ان کے لیے جہنّم کے عذاب میں کوئی کمی کی جائے گی۔

اِنَّهٗ مَنْ يَّاْتِ رَبَّهٗ مُجْرِمًا فَاِنَّ لَهٗ جَهَنَّمَ ۭ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰي ۷۴ [2]

ترجمہ: حقیقت یہ ہے کہ جو مجرم بن کر اپنے رب کے حضور حاضر ہوگا اس کے لیے جہنم ہے جس میں وہ نہ جیے گا نہ مرے گا۔

جہنم کے ہولناک سے بدحال ہو کر یہ لوگ موت کو پکاریں گے مگر موت نہ آئے گی، جیسے فرمایا

وَنَادَوْا يٰمٰلِكُ لِيَقْضِ عَلَيْنَا رَبُّكَ ۭ قَالَ اِنَّكُمْ مّٰكِثُوْنَ ۷۷ لَقَدْ جِئْنٰكُمْ بِالْحَقِّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَكُمْ لِلْحَقِّ كٰرِهُوْنَ ۷۸ [3]

ترجمہ: وہ پکاریں گے اے مالک! تیرا رب ہمارا کام ہی تمام کر دے تو اچھا ہے، وہ جواب دے گا تم یوں ہی پڑے رہو گے ہم تمہارے پاس حق لے کر آئے تھے مگر تم میں سے اکثر کو حق ہی ناگوار تھا۔

آج یہ لوگ کفر و شرک، فسق و فجور میں ڈوبے ہوئے ہیں مگر وہاں اعمال صالح کا وعدہ کریں گے جو قبول نہ کیا جائے گا، جیسے فرمایا

وَهُمْ يَصْطَرِخُوْنَ فِيْهَا ۚ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا غَيْرَ الَّذِيْ كُنَّا نَعْمَلُ ۭ اَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَّا يَتَذَكَّرُ فِيْهِ مَنْ تَذَكَّرَ وَجَاۗءَكُمُ النَّذِيْرُ ۭ فَذُوْقُوْا فَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ نَّصِيْرٍ ۳۷ [4]

---

[1] فاطر ۳۶

[2] طہ ۷۴

[3] الزخرف ۷۷، ۷۸

[4] فاطر ۳۷

ترجمہ:وہ وہاں چیخ چیخ کر کہیں گے اے ہمارے رب! ہمیں یہاں سے نکال لے تا کہ ہم نیک عمل کریں، ان اعمال سے مختلف جو پہلے کرتے رہے تھے (انہیں جواب دیا جائے گا) کیاہم نے تم کو اتنی عمر نہ دی تھی جس میں کوئی سبق لینا چاہتا تو سبق لے سکتا تھا؟ اور تمہارے پاس متنبہ کرنے والا بھی آ چکا تھا، اب مزا چکھو ظالموں کا یہاں کوئی مدد گار نہیں۔

البتہ گنہگاروں کو کچھ عرصہ بعد جہنم سے نکال لیا جائے گا۔

عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَمَّا أَهْلُ النَّارِ الَّذِينَ هُمْ أَهْلُهَا، فَإِنَّهُمْ لَا يَمُوتُونَ فِيهَا وَلَا يَحْيَوْنَ، وَلَكِنْ نَاسٌ أَصَابَتْهُمُ النَّارُ بِذُنُوبِهِمْ - أَوْ قَالَ بِخَطَايَاهُمْ - فَأَمَاتَهُمْ إِمَاتَةً حَتَّى إِذَا كَانُوا فَحْمًا، أُذِنَ بِالشَّفَاعَةِ، فَجِيءَ بِهِمْ ضَبَائِرَ ضَبَائِرَ، فَبُثُّوا عَلَى أَنْهَارِ الْجَنَّةِ، ثُمَّ قِيلَ: يَا أَهْلَ الْجَنَّةِ، أَفِيضُوا عَلَيْهِمْ، فَيَنْبُتُونَ نَبَاتَ الْحِبَّةِ تَكُونُ فِي حَمِيلِ السَّيْلِ، فَقَالَ: رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ، كَأَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ كَانَ بِالْبَادِيَةِ

ابوسعید رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے فرمایا وہ لوگ جو جہنم والے ہیں (یعنی جو وہاں ہمیشہ رہنے والے ہیں جیسے کافر، مشرک) وہ نہ تو مریں گے نہ جئیں گے، لیکن کچھ لوگ یا جس طرح آپ نے فرمایا جنہیں ان کے گناہوں یا آپ نے فرمایا کہ خطاؤں کی وجہ سے دوزخ میں ڈالا جائے گا تو اللہ تعالیٰ ایک بار انہیں موت دے دے گا حتی کہ جب وہ کوئلے کی طرح ہو جائیں گے، تو پھر ان کے بارے میں شفاعت کی اجازت دے دی جائے گی، چنانچہ انہیں گروہ در گروہ لایا جائے گا اور جنت کی نہروں پر پھیلا دیا جائے گا، حکم ہو گا اے جنت کے لوگو! ان پر پانی ڈالو، تب وہ اس طرح جی اٹھیں گے جیسے دانہ مٹی میں اگتا ہے جس کو پانی بہا کر لاتا ہے، ایک شخص بولا معلوم ہوتا ہے رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ جنگل میں رہے ہیں (اس لئے تو آپ کو یہ معلوم ہے کہ بہاؤ میں جو مٹی جمع ہوتی ہے اس میں دانہ خوب اگتا ہے)۔[1]

قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ﴿۱۴﴾ وَ ذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى ﴿۱۵﴾ بَلْ تُؤْثِرُوْنَ

بیشک اس نے فلاح پائی جو پاک ہوگیا اور جس نے اپنے رب کا نام یاد رکھا اور نماز پڑھتا رہا، لیکن تم تو

الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿۱۶﴾ وَ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّ اَبْقٰى ﴿۱۷﴾ اِنَّ هٰذَا لَفِي الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ﴿۱۸﴾

دنیا کی زندگی کو ترجیح دیتے ہو اور آخرت بہت بہتر اور بہت بقا والی ہے، یہ باتیں پہلی کتابوں میں بھی ہیں

صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَ مُوْسٰى ﴿۱۹﴾ (الاعلی ۱۴تا۱۹)

(یعنی) ابراہیم اور موسیٰ کی کتابوں میں۔

ان لوگوں نے حقیقی کامیابی حاصل کرلی جنہوں نے عقائد و اعمال میں پاکیزگی اختیار کی، یعنی اپنے نفس کو اخلاق رذیلہ سے اور دلوں کے شرک ومعصیت کی آلودگیوں سے پاک کرلیا، اور جو زبان اور دل میں ذکر الٰہی کرتے رہے اور عملی زندگی میں اپنے رب حقیقی کی بندگی کے اظہار کے

[1] صحیح مسلم کتاب الایمان بَابُ إِثْبَاتِ الشَّفَاعَةِ وَإِخْرَاجِ الْمُوَحِّدِينَ مِنَ النَّارِ ۴۵۹، سنن ابن ماجہ کتاب الزھد بَابُ ذِكْرِ الشَّفَاعَةِ ۴۳۰۹، مسند احمد ۱۱۰۷۷، صحیح ابن حبان ۱۸۴، مسندابی یعلی ۱۳۷۰

لئے مقررہ وقت پر سب سے مقدم عبادت جس کے بارے میں سب سے پہلے پوچھا جائے گا فرض نماز اور رب کی رضا و خوشنودی حاصل کرنے کے لئے نفلی نمازوں کا اہتمام اور اپنے مالوں کو یتیموں، بیواؤں اور ضرورت مندوں میں تقسیم کرتے رہے جیسے فرمایا:

...ثُمَّ اِلَیْنَا مَرْجِعُكُمْ فَنُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۲۳ [۱]

ترجمہ: پھر تمہیں ہماری ہی طرف لوٹ کر آنا ہے اس وقت ہم تمہیں بتادیں گے کہ تم دنیا میں کیا کچھ کرتے رہے ہو۔

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۱ [۲]

ترجمہ: یقیناً فلاح پائی ایمان والوں نے۔

الَّذِیْنَ یَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ ۭ هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ۱۱ [۳]

ترجمہ: یہی لوگ وہ وارث ہیں جو میراث میں فردوس پائیں گے اور اس میں ہمیشہ رہیں گے۔

اور جنت میں داخل کرنے والی کیا باتیں ہیں فرمایا۔

یٰبُنَیَّ اَقِمِ الصَّلٰوةَ وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلٰی مَآ اَصَابَكَ ۭ اِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ۱۷ وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ وَلَا تَمْشِ فِی الْاَرْضِ مَرَحًا ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ ۱۸ وَاقْصِدْ فِیْ مَشْیِكَ وَاغْضُضْ مِنْ صَوْتِكَ ۭ اِنَّ اَنْكَرَ الْاَصْوَاتِ لَصَوْتُ الْحَمِیْرِ ۱۹ [۴]

ترجمہ: بیٹا، نماز قائم کر، نیکی کا حکم دے، بدی سے منع کر اور جو مصیبت بھی پڑے اس پر صبر کر، یہ وہ باتیں ہیں جن کی بڑی تاکید کی گئی ہے، اور لوگوں سے منہ پھیر کر بات نہ کر، نہ زمین میں اکڑ کر چل، اللہ کسی خود پسند اور فخر جتانے والے شخص کو پسند نہیں کرتا، اپنی چال میں اعتدال اختیار کر اور اپنی آواز ذرا پست رکھ سب آوازوں سے زیادہ بری آواز گدھوں کی آواز ہوتی ہے۔

لیکن تمہاری ساری تگ و دو اس فانی زندگی کی راحت وآسائش، اس کے فائدوں اور لذتوں کے لئے ہے جبکہ آخروی زندگی کی راحتیں اور لذتیں دنیا کی تمام نعمتوں سے بڑھ کر ہیں جو دائمی اور ابدی ہے، اور عاقل فانی چیز کو باقی رہنے والی پر ترجیح نہیں دیتا،

عَنْ أَبِي مُوسَى الْأَشْعَرِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ أَحَبَّ دُنْيَاهُ أَضَرَّ بِآخِرَتِهِ، وَمَنْ أَحَبَّ آخِرَتَهُ أَضَرَّ بِدُنْيَاهُ، فَآثِرُوا مَا يَبْقَى عَلَى مَا يَفْنَى

ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے دنیا سے محبت کی اس نے اپنی آخرت کو نقصان پہنچایا اور جس نے آخرت سے محبت رکھی اس نے دنیا کو نقصان پہنچایا، اے لوگو! تم باقی رہنے والی کو فنا ہونے والی پر ترجیح دو۔ [۵]

---

[۱] یونس ۲۳

[۲] المومنون ۱

[۳] المومنون ۱۱

[۴] لقمان ۱۷تا۱۹

[۵] مسند احمد ۱۹۶۹۷، مستدرک حاکم ۷۸۵۳، صحیح ابن حبان ۷۰۹، شعب الایمان ۹۸۵۴، السنن الکبری للبیہقی ۶۵۱۶، شرح السنة للبغوی ۴۰۳۸

عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ :قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :الدُّنْيَا دَارُ مَنْ لَا دَارَ لَهُ، وَمَالُ مَنْ لَا مَالَ لَهُ، وَلَهَا يَجْمَعُ مَنْ لَا عَقْلَ لَهُ

ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دنیا اس کا گھر ہے جس کا آخرت میں گھر نہ ہو، دنیا اس کا مال ہے کس کا مال وہاں نہ ہو، اس کے جمع کرنے کے پیچھے وہ لگتے ہیں جو بیوقوف ہوں۔ [1]

نصیحت کی یہ باتیں انبیاء ومرسلین میں سب سے زیادہ شرف کے حامل رسول ابراہیم علیہ السلام اور موسیٰ علیہ السلام پر نازل صحف ابراہیم علیہ السلام اور تورات میں بھی نازل کی گئیں تھیں۔ ان صحیفوں میں کیا نازل فرمایا گیا تھا فرمایا:

اَمْ لَمْ يُنَبَّاْ بِمَا فِيْ صُحُفِ مُوْسٰى ﴿۳۶﴾ وَاِبْرٰهِيْمَ الَّذِيْ وَفّٰٓى ﴿۳۷﴾ اَلَّا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ﴿۳۸﴾ وَاَنْ لَّيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰى ﴿۳۹﴾ وَاَنَّ سَعْيَهٗ سَوْفَ يُرٰى ﴿۴۰﴾ ثُمَّ يُجْزٰىهُ الْجَزَاۗءَ الْاَوْفٰى ﴿۴۱﴾ [2]

ترجمہ: کیا اسے ان باتوں کی کوئی خبر نہیں پہنچی جو موسیٰ علیہ السلام کے صحفوں اور اس ابراہیم علیہ السلام کے صحیفوں میں بیان ہوئی ہیں جس نے وفا کا حق ادا کر دیا؟ یہ کہ کوئی بوجھ اٹھانے والا دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا، اور یہ کہ انسان کے لئے کچھ نہیں ہے مگر وہ جس کی اس نے سعی کی ہے، اور یہ کہ اس کی سعی عنقریب دیکھی جائے گی پھر اس کی پوری جزا اسے دی جائے گی۔

عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ أَفْلَحَ مَنْ تَزَكَّى قَالَ :مَنْ شَهِدَ أَنْ لَا إِلَهَ إِلا اللَّهُ، وَخَلَعَ الأَنْدَادَ، وَشَهِدَ أَنِّي رَسُولُ اللَّهِ وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهِ فَصَلَّى قَالَ : هِيَ الصَّلَوَاتُ الْخَمْسُ وَالْمُحَافَظَةُ عَلَيْهَا وَالِاهْتِمَامُ بِهَا

جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس آیت قَدْ أَفْلَحَ مَنْ تَزَكَّى کی تلاوت کر کے فرمایا جو شخص اللہ تعالیٰ کے وحدہ لاشریک ہونے کی گواہی دے، اس کے سوا کسی کی عبادت نہ کرے اور میری رسالت کو تسلیم کرے اور پانچوں وقت کی نمازوں کی پوری طرح حفاظت کرے وہ نجات پا گیا۔ [3]

### مضامین سورۃ القیامہ:

منکرین آخرت کے ایک ایک سوال اور ایک ایک شبہ کا مضبوط دلائل کے ساتھ قیامت اور آخرت کے امکان، وقوع اور وجوب کا تسلی بخش ثبوت دیا گیا کہ ایک وقت مقررہ پر قیامت قائم ہو کر رہے گی، اس دن چمکتا ہوا چاند بے نور ہو جائے گا، دہکتا ہوا سورج اور چمکتا ہوا چاند جمع کر دیئے جائیں گے، قیامت کی ہولناکیاں دیکھ کر نگاہ پتھرا جائے گی، انسان بھاگ جانے کی کوشش کرے گا مگر اس روز اللہ کی بارگاہ میں حاضری سے کسی صورت بھی فرار ممکن نہ ہو گا، اس روز کراماً کاتبین کا تیار کردہ نامہ اعمال انسان کے ہاتھ میں تھما دیا جائے گا جسے پڑھ کر اسے

[1] مسند احمد ۲۴۴۱۹، شعب الایمان ۱۰۱۵۳، مصنف ابن ابی شیبة ۳۵۷۰۷

[2] النجم ۳۶ تا ۴۱

[3] كشف الأستار عن زوائد البزار ۲۲۸۴

خود معلوم ہو جائے گا کہ وہ چند روزہ دنیاوی زندگی میں کیا کیا کارنامے سرانجام دیتا رہا ہے، یہ پڑھ کر انسان اپنے نامہ اعمال سے ہی منحرف ہو جائیں گے مگر اللہ انسانی اعضا کو زبان عطا فرمائے گا اور وہ انسان کے دنیاوی زندگی کے اعمال پر گواہی دیں گے اور یہ ساری باتیں عقل و دانش کے عین مطابق ہیں، البتہ خواہشات نفسانی اپنے ہولناک انجام سے ڈر کر انسان کو خود فریبی میں مبتلا کر رہی ہیں کہ قیامت کبھی برپا نہیں ہو گی اور اگر ایسا حادثہ رونما ہو گیا تو تمہارے دنیاوی عزت و وقار کی لاج رکھی جائے گی اور وہاں تمہیں عزت و وقار سے نوازا جائے گا، رسول اللہ ﷺ کو ہدایت فرمائی کہ نزول وحی کے دوران جبریل علیہ السلام کے ساتھ ساتھ نہ پڑھا کریں بلکہ وحی کو غور و توجہ سے سنیں، اس کلام کو آپ کے قلب مبارک پر جمع کرنا، قیامت تک اس کی حفاظت اور اس کا بیان کرانا ہماری ذمہ داری ہے، اس روز انسان دو گروہوں میں منقسم ہوں گے ایک گروہ خوش نصیب لوگوں کا ہو گا جن کے چہرے روشن ہوں گے اور رب تعالیٰ کی زیارت سے مشرف ہوں گے، اور دوسرا گروہ بدقسمت لوگوں کا ہو گا جن کے چہرے سیاہ اور بد رونق ہوں گے اور وہ اپنا نامہ اعمال پڑھ کر اور اپنے سامنے غیض و غضب سے دھاڑتی جہنم کو دیکھ کر جان جائیں گے کہ یہ ان کا ٹھکانہ ہو گی جس میں ان کے ساتھ کمر توڑ برتاؤ کیا جائے گا، سکرات موت کا ذکر فرمایا جب پنڈلی سے پنڈلی جڑ جائے گی اور انسان سمجھ لے گا کہ دنیا سے جدائی کا دن آ گیا اور فرشتوں کے برتاؤ سے مرنے والا سمجھ جائے گا کہ اس کا انجام کیا ہونے والا ہے، آخری آیات میں انسان کو باور کرایا گیا کہ تمہاری تخلیق بلاوجہ اور بے مقصد نہیں جیسا کہ تم میں سے اکثر لوگوں کا خیال ہے، اس مقصد کے لئے تخلیق انسانی کے مختلف مدارج پر غور و تدبر کی دعوت بھی دی گئی۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے

لَآ اُقۡسِمُ بِيَوۡمِ الۡقِيٰمَةِ ۙ‏ ﴿۱﴾ وَ لَاۤ اُقۡسِمُ بِالنَّفۡسِ اللَّوَّامَةِ ؕ‏ ﴿۲﴾

”میں قسم کھاتا ہوں قیامت کے دن کی، اور قسم کھاتا ہوں اس نفس کی جو ملامت کرنے والا ہو،

اَيَحۡسَبُ الۡاِنۡسَانُ اَلَّنۡ نَّجۡمَعَ عِظَامَهٗ ؕ‏ ﴿۳﴾ بَلٰى قٰدِرِيۡنَ

کیا انسان یہ خیال کرتا ہے کہ ہم اس کی ہڈیاں جمع کریں گے ہی نہیں، ہاں ضرور کریں گے ہم تو قادر ہیں کہ

عَلٰٓى اَنۡ نُّسَوِّىَ بَنَانَهٗ‏ ﴿۴﴾ بَلۡ يُرِيۡدُ الۡاِنۡسَانُ لِيَفۡجُرَ اَمَامَهٗ ۚ‏ ﴿۵﴾ يَسۡـَٔلُ

اس کی پور پور تک درست کر دیں، بلکہ انسان تو چاہتا ہے کہ آگے آگے نافرمانیاں کرتا جائے، پوچھتا ہے کہ

اَيَّانَ يَوۡمُ الۡقِيٰمَةِ ؕ‏ ﴿۶﴾ (القیامۃ ۱ تا ٦)

قیامت کا دن کب آئے گا۔

مشرکین مکہ دنیائے فانی کی محبت میں قیامت اور مرنے کے بعد آخروی زندگی کے قائل نہیں تھے، ان کا خیال تھا

وَقَالُوْا مَا هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَنَحْيَا وَمَا يُهْلِكُنَآ اِلَّا الدَّهْرُ ... ﴿٢٤﴾ (١)

ترجمہ: یہ لوگ کہتے ہیں کہ زندگی بس یہی ہماری دنیا کی زندگی ہے، یہیں ہمارا مرنا اور جینا ہے اور گردش ایام کے سوا کوئی چیز نہیں جو ہمیں ہلاک کرتی ہو۔

اِنْ هِيَ اِلَّا مَوْتَتُنَا الْاُوْلٰى وَمَا نَحْنُ بِمُنْشَرِيْنَ ﴿٣٥﴾ (٢)

ترجمہ: یہ لوگ کہتے ہیں ہماری پہلی موت کے سوا اور کچھ نہیں اس کے بعد ہم دوبارہ اٹھائے جانے والے نہیں ہیں۔

رسول اللہ ﷺ نے جب انہیں دعوت اسلام پیش کی اور انہیں بتلایا کہ اللہ نے انسان کو یوں ہی نہیں پیدا کر دیا بلکہ اس نے ایک مقصد اور منصوبے کے تحت اس کی تخلیق کی ہے، پھر مرنے کے بعد ایک وقت مقررہ پر اللہ مالک یوم الدین تمام اگلے پچھلے انسانوں کو دوبارہ زندہ فرمائے گا اور ان کے اعمال کا محاسبہ کرے گا، جس انسان نے اللہ وحدہ لاشریک اور رسید الامم ﷺ کے فرمان کے مطابق زندگی گزاری ہو گی وہ اس کی جزا خیر پائے گا اور جس نے نافرمانی اور فسق و فجور میں زندگی گزاری ہو گی وہ عذاب جہنم میں مبتلا ہو گا جس میں وہ نہ جی سکے گا اور نہ ہی اسے موت آئے گی، جیسے فرمایا:

ثُمَّ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ﴿١٣﴾ (٣)

ترجمہ: پھر نہ اس میں مرے گا نہ جیے گا۔

اِنَّهٗ مَنْ يَّاْتِ رَبَّهٗ مُجْرِمًا فَاِنَّ لَهٗ جَهَنَّمَ ۭ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ﴿٧٤﴾ (٤)

ترجمہ: حقیقت یہ ہے کہ جو مجرم بن کر اپنے رب کے حضور حاضر ہو گا اس کے لیے جہنم ہے جس میں وہ نہ جیے گا نہ مرے گا۔

اس حقیقت پر مشرکین انکار اور دعوت کا مذاق اڑانے لگے، کہنے لگے کہ ہمارے آباؤ اجداد جو صدیوں سے زمین میں دفن ہیں اور مٹی کے ساتھ مٹی ہو چکے ہیں کیا وہ بھی زندہ کیے جائیں گے۔

وَكَانُوْا يَقُوْلُوْنَ ۥ اَىِٕذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿٤٧﴾ اَوَاٰبَاۗؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ﴿٤٨﴾ (٥)

ترجمہ: کہتے تھے کیا جب ہم مر کر خاک ہو جائیں گے اور ہڈیوں کا پنجر رہ جائیں گے تو پھر اٹھا کھڑے کیے جائیں گے؟ اور کیا ہمارے باپ دادا بھی اٹھائے جائیں گے جو پہلے گزر چکے ہیں؟۔

وَقَالُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿١٥﴾ ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿١٦﴾ اَوَاٰبَاۗؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ﴿١٧﴾ (٦)

---

(١) الجاثیۃ ٢٤

(٢) الدخان ٣٥

(٣) الاعلی ١٣

(٤) طه ٧٤

(٥) الواقعة ٤٧، ٤٨

(٦) الصافات ١٥ تا ١٧

ترجمہ:اور کہتے ہیں یہ تو صریح جادو ہے، بھلا کہیں ایسا ہوسکتا ہے کہ جب ہم مر چکے ہوں اور مٹی بن جائیں اور ہڈیوں کا پنجر رہ جائیں اس وقت ہم پھر زندہ کر کے اٹھا کھڑے کیے جائیں؟اور کیا ہمارے اگلے وقتوں کے آباؤاجداد بھی اٹھائے جائیں گے؟۔

وہ اپنے یقین میں اتنے محکم تھے کہ اس حقیقت کو کسی طرح بھی تسلیم کرنے کو تیار نہ تھے، جیسے فرمایا

وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ ۙ لَا يَبْعَثُ اللّٰهُ مَنْ يَّمُوْتُ ۔۔۔ ۳۸ ①

ترجمہ:یہ لوگ اللہ کے نام سے کڑی کڑی قسمیں کھا کر کہتے ہیں کہ اللہ کسی مرنے والے کو پھر سے زندہ کر کے نہ اٹھائے گا۔

۔۔۔قَالَ مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ ۷۸ ②

ترجمہ: کہتا ہے کون ان ہڈیوں کو زندہ کرے گا جب کہ وہ بوسیدہ ہو چکی ہوں؟۔

يَقُوْلُوْنَ ءَاِنَّا لَمَرْدُوْدُوْنَ فِي الْحَافِرَةِ ۱۰ ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا نَّخِرَةً ۱۱ ③

ترجمہ:یہ لوگ کہتے ہیں کیا واقعی ہم پلٹا کر پھر واپس لائے جائیں گے؟ کیا جب ہم کھوکھلی بوسیدہ ہڈیاں بن چکے ہوں گے؟۔

وَقَالُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِيْدًا ۴۹ ④

ترجمہ:وہ کہتے ہیں جب ہم صرف ہڈیاں اور خاک ہو کر رہ جائیں گے تو کیا ہم نئے سرے سے پیدا کر کے اٹھائے جائیں گے؟۔

سورہ مدثر میں ان کے تکبر وانکار کو پوری وضاحت اور زجر وتوبیخ کے ساتھ بیان فرمادیا تھا،اس سورۂ میں کلام کو موثر اور دلنشین بنانے کے لئے معمولی تنبیہ کے ساتھ دلائل دیئے گئے ہیں،منکرین آخرت کے خیال کی تردید اور قیامت کے دن کی اہمیت وعظمت کو واضح کرنے کے لئے روز محشر اور نفس لوامہ یعنی برائیوں پر ملامت کرنے والے نفس کی قسم کھا کر فرمایا کہ یہ لوگ خیال کرتے ہیں کہ مرنے کے بعد کوئی زندگی نہیں، اللہ اور اس کے رسول کی فرمانبرداری،اور نیک اعمال پر جزاوانعام اور نافرمانی، گناہوں وبدکاریوں پر کوئی سزا نہیں،وہ سمجھتے ہیں ہم ان کی بوسیدہ منتشر ہڈیوں کو دوبارہ جمع نہیں کرسکتے،ان کا یہ گمان غلط ہے ایک وقت مقررہ پر جس کا علم اللہ ہی کو ہے قیامت قائم ہوگی،اس عظیم الشان کائنات کا ترتیب دیا ہوا یہ نظام اللہ کے حکم سے درہم برہم ہو جائے گا،پھر جب اللہ تعالیٰ چاہے گا تمام انسانوں کے بکھرے ہوئے اجزا جمع کر کے ان کی قبروں سے انہیں کھڑا کرے گا اور میدان محشر میں ان کے چھوٹے بڑے تمام اعمال کا محاسبہ کرے گا،جب خالق کائنات اپنی قدرت کاملہ سے جسم کے باریک اور لطیف چیزوں کو جوڑنے پر قادر ہے تو بڑی بڑی ہڈیوں کو جمع کر کے تمہارا ڈھانچہ پھر سے کھڑا کر دینا اس کے لئے کیا مشکل ہے،جب اللہ تعالیٰ رنگ وبو سے بھری یہ عظیم الشان کائنات تخلیق کرسکتا ہے،ابتدا میں انسان کو کھنکھناتی مٹی سے پیدا کرسکتا ہے، پھر ماں کے پیٹ میں پانی کے ایک حقیر قطرے سے اسے زندگی بخش سکتا ہے،اسے خوبصورت شکل وصورت اور متناسب جسم عطا فرما سکتا ہے تو وہ

---

① النحل ۳۸

② یٰسین ۷۸

③ النازعات ۱۱،۱۰

④ بنی اسرائیل ۴۹

دوبارہ کھڑا کیوں نہیں کرسکتا، جیسے فرمایا:

اَوَلَيۡسَ الَّذِىۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنۡ يَّخۡلُقَ مِثۡلَهُمۡ... ﴿۸۱﴾ (۱)

ترجمہ: کیا وہ جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اس پر قادر نہیں کہ ان جیسوں کو پیدا کر سکے؟۔

یہ بات عقل اور ان کا ضمیر بھی مانتا ہے مگر انسان کا نفس چاہتا ہے کہ وہ زمین پر شتر بے مہار کی طرح گھومتا پھرے، اس پر کوئی اخلاقی پابندی نہ ہو، وہ ظلم، بے ایمانیاں، فسق وفجور اور بدکاریاں کرتا پھرے، اور اس کا کوئی حساب کتاب نہ ہو، اس لئے اطاعت اور تقویٰ سے متکبرانہ اعراض میں قیامت کو ناممکن الوقوع سمجھتے ہوئے بطور استہزا پوچھتا ہے کہ قیامت کب قائم ہو گی۔

فَاِذَا بَرِقَ الۡبَصَرُ ﴿۷﴾ وَ خَسَفَ الۡقَمَرُ ﴿۸﴾ وَ جُمِعَ الشَّمۡسُ وَ الۡقَمَرُ ﴿۹﴾ يَقُوۡلُ الۡاِنۡسَانُ

پس جس وقت کہ نگاہ پتھرا جائے گی اور چاند بے نور ہو جائے گا اور سورج اور چاند جمع کر دیئے جائیں گے، اس دن انسان کہے گا

يَوۡمَئِذٍ اَيۡنَ الۡمَفَرُّ ﴿۱۰﴾ كَلَّا لَا وَزَرَ ﴿۱۱﴾ اِلٰى رَبِّكَ يَوۡمَئِذِ اِلۡمُسۡتَقَرُّ ﴿۱۲﴾

کہ آج بھاگنے کی جگہ کہاں ہے، نہیں نہیں کوئی پناہ گاہ نہیں آج تیرے پروردگار کی طرف ہی قرار گاہ ہے،

يُنَبَّؤُا الۡاِنۡسَانُ يَوۡمَئِذٍۢ بِمَا قَدَّمَ وَ اَخَّرَ ﴿۱۳﴾ بَلِ الۡاِنۡسَانُ عَلٰى نَفۡسِهٖ بَصِيۡرَةٌ ﴿۱۴﴾

آج انسان کو اس کے آگے بھیجے ہوئے اور پیچھے چھوڑے ہوئے سے آگاہ کیا جائے گا، بلکہ انسان خود اپنے اوپر حجت ہے

وَّ لَوۡ اَلۡقٰى مَعَاذِيۡرَهٗ ﴿۱۵﴾ (القیامۃ ۷ تا ۱۵)

اگر چہ کتنے ہی بہانے پیش کرے۔

چنانچہ مشرکین کے سوال کہ قیامت کب آئے گی؟ کے جواب میں تاریخ بتلانے کے بجائے اس دن کی جو ہولناک حالت ہوگی اس کی تصویر ان کے سامنے رکھ دی گئی کہ اس روز قیامت کے ہولناک مناظر دیکھ کر انسان کی آنکھیں خوف و دہشت اور حیرانی سے پتھرا جائیں گی، جیسے فرمایا

يَّوۡمَ يُنۡفَخُ فِى الصُّوۡرِ وَنَحۡشُرُ الۡمُجۡرِمِيۡنَ يَوۡمَئِذٍ زُرۡقًا ﴿۱۰۲﴾ (۲)

ترجمہ: اس دن جبکہ صور پھونکا جائے گا اور ہم مجرموں کو اس حال میں گھیر لائیں گے کہ ان کی آنکھیں (دہشت کے مارے) پتھرائی ہوئی ہوں گی۔

دل دہلا دینے والے منظر دیکھ کر انسان ہک دک رہے جائے گا اسے سمجھ میں نہیں آئے گا کہ اچانک زمین و آسمان کو کیا ہو گیا ہے، جیسے فرمایا

---

(۱) یٰسین ۸۱

(۲) طہ ۱۰۲

اِذَا زُلۡزِلَتِ الۡاَرۡضُ زِلۡزَالَهَا ۙ﴿۱﴾ وَ اَخۡرَجَتِ الۡاَرۡضُ اَثۡقَالَهَا ۙ﴿۲﴾ وَ قَالَ الۡاِنۡسَانُ مَا لَهَا ۚ﴿۳﴾ ⁽¹⁾

ترجمہ: جب زمین پوری طرح جھنجھوڑ دی جائے گی اور اپنے بوجھ باہر نکال پھینکے گی، انسان کہنے لگے گا اسے کیا ہو گیا ہے۔

بڑے بڑے رنگ برنگے بڑے بڑے پہاڑ کیوں ہوا میں اڑ رہے ہیں اور آپس میں ٹکرا کر ریزہ ریزہ ہوئے جاتے ہیں، جیسے فرمایا

وَّ بُسَّتِ الۡجِبَالُ بَسًّا ۙ﴿۵﴾ ⁽²⁾

ترجمہ: اور پہاڑ اس طرح ریزہ ریزہ کر دیئے جائیں گے۔

وَّ سُیِّرَتِ الۡجِبَالُ فَکَانَتۡ سَرَابًا ﴿۲۰﴾ ⁽³⁾

ترجمہ: اور پہاڑ چلائے جائیں گے یہاں تک کہ وہ سراب ہو جائیں گے۔

یَوۡمَ تَرۡجُفُ الۡاَرۡضُ وَ الۡجِبَالُ وَ کَانَتِ الۡجِبَالُ کَثِیۡبًا مَّهِیۡلًا ﴿۱۴﴾ ⁽⁴⁾

ترجمہ: یہ اس دن ہو گا جب زمین اور پہاڑ لرزا اٹھیں گے اور پہاڑوں کا حال ایسا ہو جائے گا جیسے ریت کے ڈھیر جو بکھرے جا رہے ہیں۔

بس اسی گھبراہٹ میں وہ منہ اٹھائے ایک طرف دوڑے چلے جا رہے ہوں گے، جیسے فرمایا

... اِنَّمَا یُؤَخِّرُهُمۡ لِیَوۡمٍ تَشۡخَصُ فِیۡهِ الۡاَبۡصَارُ ﴿۴۲﴾ مُهۡطِعِیۡنَ مُقۡنِعِیۡ رُءُوۡسِهِمۡ لَا یَرۡتَدُّ اِلَیۡهِمۡ طَرۡفُهُمۡ ۚ
وَ اَفۡـِٕدَتُهُمۡ هَوَآءٌ ﴿۴۳﴾ ⁽⁵⁾

ترجمہ: اللہ تو انہیں ٹال رہا ہے اس دن کے لیے جب حال یہ ہو گا کہ آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ گئی ہیں، سر اٹھائے بھاگے چلے جا رہے ہیں، نظریں اوپر جمی ہیں اور دل اڑے جاتے ہیں۔

جب چاند و سورج کی کشش ثقل ختم ہو جائے گی، چمکتا ہوا چاند گہنا جائے گا اور دمکتے ہوئے سورج کو بے نور کر دیا جائے گا اور تمام سیارے اپنے اپنے مدار سے باہر نکل کر آپس میں ٹکرا جائیں گے، جیسے فرمایا

اِذَا الشَّمۡسُ کُوِّرَتۡ ۪ۙ﴿۱﴾ وَ اِذَا النُّجُوۡمُ انۡکَدَرَتۡ ۪ۙ﴿۲﴾ ⁽⁶⁾

ترجمہ: جب سورج لپیٹ دیا جائے گا اور جب ستارے بکھر جائیں گے۔

اللہ تعالیٰ چاند و سورج دونوں کو آگ میں پھینک دے گا تاکہ بندے دیکھ لیں کہ یہ بھی اللہ تعالیٰ کے مسخر ہیں تاکہ جو لوگ ان کی عبادت کرتے ہیں وہ دیکھ لیں کہ وہ جھوٹے تھے، جب ایسے دہشت ناک واقعات ظہور پذیر ہوں گے تو انسان جو آج گھمنڈ کے نشہ میں اس قیامت

---

(1) الزلزال ۱ تا ۳

(2) الواقعۃ ۵

(3) النبا ۲۰

(4) المزمل ۱۴

(5) ابراہیم ۴۲، ۴۳

(6) التکویر ۱، ۲

اور آخرت کا مذاق اڑا رہے ہیں اور اس کے لئے جلدی مچا رہے ہیں مگر جب وہ سامنے آجائے گی تو وہ ان حوادث سے گلو خاصی اور نجات کے لئے فرار کی راہ ڈھنڈے گا، مگر اللہ تعالیٰ کے ٹھکانے کے سوا نہ کوئی پہاڑ اور نہ ہی کوئی مضبوط قلعہ ہو گا جس میں وہ پناہ حاصل کر سکے گا ،اس روز تو صرف اللہ مالک یوم الدین کے دربار کی طرف ہی جانا ہو گا کسی کے لئے ممکن نہ ہو گا کہ وہ چھپ سکے یا اس جگہ سے بھاگ سکے ،جیسے فرمایا:

...مَا لَكُمْ مِّنْ مَّلْجَاٍ يَّوْمَىِٕذٍ وَّمَا لَكُمْ مِّنْ نَّكِيْرٍ ﴿۴۷﴾ [1]

ترجمہ:اس دن تمہارے لئے کوئی جائے پناہ نہ ہوگی اور نہ کوئی تمہارے حال کو بدلنے کی کوشش کرنے والا ہو گا۔

میدان محشر میں ٹھیک ٹھیک تولنے والا انصاف کا ترازو نصب کر دیا جائے گا۔

وَنَضَعُ الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْـًٔا ۚ وَاِنْ كَانَ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ اَتَيْنَا بِهَا ۗ وَكَفٰى بِنَا حٰسِبِيْنَ ﴿۴۷﴾ [2]

ترجمہ: قیامت کے روز ہم ٹھیک ٹھیک تولنے والے ترازو رکھ دیں گے، پھر کسی شخص پر ذرا برابر ظلم نہ ہو گا، جس کا رائی کے دانے برابر بھی کچھ کیا دھرا ہو گا وہ ہم سامنے لے آئیں گے اور حساب لگانے کے لیے ہم کافی ہیں۔

اور اللہ مالک یوم الدین بندوں کے درمیان فیصلے فرمائے گا، انصاف کے تقاضے پورے کرنے کے لئے انسانوں کو ان کے نامہ اعمال تھما دیے جائیں گے، ہر انسان چاہے دنیا میں پڑھا لکھا تھا یا ان پڑھ اپنے نامہ اعمال کو خود پڑھ لے گا، جیسے فرمایا

اِقْرَاْ كِتٰبَكَ ؕ كَفٰى بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ حَسِيْبًا ﴿۱۴﴾ [3]

ترجمہ: پڑھ اپنا نامہ اعمال، آج اپنا حساب لگانے کے لیے تو خود ہی کافی ہے۔۔

انسان جو اپنے عیوب کو خود خوب جانتا ہے، اس لئے ہر کافر، ہر منافق، ہر فاسق و فاجر اور مجرم اس میں ادنیٰ سے ادنیٰ ہر نیکی و بدی کو تاریخ وار درج دیکھ کر حیران رہ جائے گا اور انکار نہ کر سکے گا اور سمجھ لے گا کہ آج وہ کس حیثیت سے رب کے دربار میں کھڑا ہے جیسے فرمایا

وَوُضِعَ الْكِتٰبُ فَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا فِيْهِ وَيَقُوْلُوْنَ يٰوَيْلَتَنَا مَالِ هٰذَا الْكِتٰبِ لَا يُغَادِرُ صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً اِلَّآ اَحْصٰىهَا ۚ وَوَجَدُوْا مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا ۗ وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ اَحَدًا ﴿۴۹﴾ [4]

ترجمہ:اور نامہ اعمال سامنے رکھ دیا جائے گا اس وقت تم دیکھو گے کہ مجرم لوگ اپنی کتاب زندگی کے اندراجات سے ڈر رہے ہوں گے اور کہہ رہے ہوں گے کہ ہائے ہماری کم بختی! یہ کیسی کتاب ہے کہ ہماری کوئی چھوٹی بڑی حرکت ایسی نہیں رہی جو اس میں درج نہ ہو گئی ہو، جو

---

[1] الشوریٰ ۴۷
[2] الانبیاء ۴۷
[3] بنی اسرائیل ۱۴
[4] الکہف ۴۹

جو کچھ انہوں نے کیا تھا وہ سب اپنے سامنے حاضر پائیں گے اور تمہارا پروردگار کسی پر کوئی ظلم نہیں کرے گا۔

اس نامہ اعمال کو پڑھ کر مجرم اللہ کی قسمیں کھا کھا کر بہانے تراشیں گے، معذرت کریں گے، توبہ کریں گے، دنیا میں دوبارہ واپس جانے اور نیک عمل کرنے کی باتیں کریں گے، جیسے فرمایا:

وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الْمُجْرِمُوْنَ نَاكِسُوْا رُءُوْسِهِمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۭ رَبَّنَآ اَبْصَرْنَا وَسَمِعْنَا فَارْجِعْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا اِنَّا مُوْقِنُوْنَ ⑫ ①

ترجمہ: کاش تم دیکھو وہ وقت جب یہ مجرم سر جھکائے اپنے رب کے حضور کھڑے ہوں گے (اس وقت یہ کہہ رہے ہونگے) اے ہمارے رب! ہم نے خوب دیکھ لیا اور سن لیا اب ہمیں واپس بھیج دے تا کہ ہم نیک عمل کریں ہمیں اب یقین آ گیا ہے۔۔

لیکن کچھ بھی قبول نہ کیا جائے گا، جیسے فرمایا:

فَيَوْمَىِٕذٍ لَّا يَنْفَعُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَعْذِرَتُهُمْ وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿٥٧﴾ ②

ترجمہ: پس وہ دن ہوگا جس میں ظالموں کو ان کی معذرت کوئی نفع نہ دے گی اور نہ ان سے معافی مانگنے کے لئے کہا جائے گا۔

يَوْمَ لَا يَنْفَعُ الظّٰلِمِيْنَ مَعْذِرَتُهُمْ وَلَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْۗءُ الدَّارِ ﴿٥٢﴾ ③

ترجمہ: جب ظالموں کو ان کی معذرت کچھ بھی فائدہ نہ دے گی اور ان پر لعنت پڑے گی اور بدترین ٹھکانا ان کے حصے میں آئے گا۔

وَيَوْمَ نَبْعَثُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا ثُمَّ لَا يُؤْذَنُ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿٨٤﴾ ④

ترجمہ: (انہیں کچھ ہوش بھی ہے کہ اس روز کیا بنے گا) جب کہ ہم ہر امت میں سے ایک گواہ کھڑا کریں گے، پھر کافروں کو نہ حجتیں پیش کرنے کا موقع دیا جائے گا نہ ان سے توبہ و استغفار کا مطالبہ کیا جائے گا۔

مجرموں کو خود پر شدید غصہ آرہا ہو گا، جیسے فرمایا

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُنَادَوْنَ لَمَقْتُ اللّٰهِ اَكْبَرُ مِنْ مَّقْتِكُمْ اَنْفُسَكُمْ اِذْ تُدْعَوْنَ اِلَى الْاِيْمَانِ فَتَكْفُرُوْنَ ⑩ ⑤

ترجمہ: جن لوگوں نے کفر کیا ہے قیامت کے روز ان کو پکارا جائے گا آج تمہیں جتنا شدید غصہ اپنے اوپر آرہا ہے اللہ تم پر اس سے زیادہ غضب ناک اس وقت ہوتا تھا جب تمہیں ایمان کی طرف بلایا جاتا تھا اور تم کفر کرتے تھے۔

آخر کوئی معقول عذر نہ پا کر مجرم اپنے کفر و شرک اور دوسرے جرائم سے انکار کریں گے، جیسے فرمایا:

---

① السجدة ١٢

② الروم ٥٧

③ المومن ٥٢

④ النحل ٨٤

⑤ المومن ١٠

ثُمَّ لَمْ تَكُنْ فِتْنَتُهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوْا وَاللّٰهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِيْنَ ﴿۲۳﴾ (۱)

ترجمہ: تو وہ اس کے سوا کوئی فتنہ نہ اٹھا سکیں گے کہ (یہ جھوٹا بیان دیں کہ) اے ہمارے آقا! تیری قسم ہم ہرگز مشرک نہ تھے۔

چنانچہ اللہ تعالیٰ ان کے اعضا کو زبان عطا فرمائے گا اور انسان کے ہاتھ، پاؤں، زبان اور اس کا ایک ایک بال ان کے جرائم کی گواہی دے گا، تمام گواہ میدان محشر میں حاضر ہوں گے وہ بھی ان کے جرائم کی گواہی دیں گے جس سے اس کا جرم ثابت ہو جائے گا۔ جیسے فرمایا:

اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓى اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَآ اَيْدِيْهِمْ وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۶۵﴾ (۲)

ترجمہ: آج ہم ان کے منہ بند کیے دیتے ہیں، ان کے ہاتھ ہم سے بولیں گے اور ان کے پاؤں گواہی دیں گے کہ یہ دنیا میں کیا کمائی کرتے رہے ہیں۔

حَتّٰٓى اِذَا مَا جَآءُوْهَا شَهِدَ عَلَيْهِمْ سَمْعُهُمْ وَاَبْصَارُهُمْ وَجُلُوْدُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۲۰﴾ وَقَالُوْا لِجُلُوْدِهِمْ لِمَ شَهِدْتُّمْ عَلَيْنَا ۭ قَالُوْٓا اَنْطَقَنَا اللّٰهُ الَّذِيْٓ اَنْطَقَ كُلَّ شَيْءٍ وَّهُوَ خَلَقَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ اَنْ يَّشْهَدَ عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلَآ اَبْصَارُكُمْ وَلَا جُلُوْدُكُمْ وَلٰكِنْ ظَنَنْتُمْ اَنَّ اللّٰهَ لَا يَعْلَمُ كَثِيْرًا مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۲﴾ (۳)

ترجمہ: پھر جب سب وہاں پہنچ جائیں گے تو ان کے کان اور ان کی آنکھیں اور ان کے جسم کی کھالیں ان پر گواہی دیں گی کہ وہ دنیا میں کیا کچھ کرتے رہے ہیں، وہ اپنے جسم کی کھالوں سے کہیں گے تم نے ہمارے خلاف کیوں گواہی دی؟ وہ جواب دیں گی ہمیں اسی اللہ نے گویائی دی ہے جس نے ہر چیز کو گویا کر دیا ہے، اسی نے تم کو پہلی مرتبہ پیدا کیا تھا اور اسی کی طرف تم واپس لائے جا رہے ہو، تم دنیا میں جرائم کرتے وقت جب چھپتے تھے تو تمہیں یہ خیال نہ تھا کہ کبھی تمہارے اپنے کان اور تمہاری آنکھیں اور تمہارے جسم کی کھالیں تم پر گواہی دیں گی بلکہ تم نے تو یہ سمجھا تھا کہ تمہارے بہت سے اعمال کی اللہ کو بھی خبر نہیں ہے۔

لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ ﴿۱۶﴾ اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَ قُرْاٰنَهٗ ﴿۱۷﴾

(اے نبی) آپ قرآن کو جلدی (یاد کرنے) کے لیے اپنی زبان کو حرکت نہ دیں، اسکا جمع کرنا اور (آپ کی زبان سے)

فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ ﴿۱۸﴾ ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ ﴿۱۹﴾ (القیامۃ ۱۶تا۱۹)

پڑھنا ہمارے ذمہ ہے، ہم جب اسے پڑھ لیں تو آپ اس کے پڑھنے کی پیروی کریں، پھر اس کا واضح کر دینا ہمارا ذمہ ہے۔

(۱) الانعام ۲۳

(۲) یٰسین ۶۵

(۳) حم السجدۃ ۲۰تا۲۲

ابتدائی دور میں جبکہ نبی ﷺ کو وحی اخذ کرنے کی عادت ومشق پوری طرح نہ ہوئی تھی،اس لئے جب جبرائیل علیہ السلام وحی لے کر آتے تو رسول اللہ ﷺ محسوس کرتے کہ یہ ایک عظیم الشان ذمہ داری اور ایک بہت بڑی امانت ہے جو آپ کے سپرد کی جارہی ہے،اگر اس میں کوئی ادنیٰ کوتاہی بھی ہوئی یا اس کا ایک نقطہ بھی ضائع ہوا تو آپ کو اس کا جواب دہ ہونا پڑے گا،ساتھ ہی آپ کو اس وحی کی زیادتی کی بھی تمنا تھی کہ شاید آپ کی قوم اس کے کسی حصے کی برکت سے راہ یاب ہو جائے،اس لئے جبرائیل علیہ السلام کے فارغ ہونے سے پہلے ہی ان کے ساتھ عجلت میں تلاوت کرنا شروع کر دیتے،قیامت کے سلسلہ کلام کو بیچ میں توڑ کر اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ ﷺ کو تعلیم فرمائی کہ آپ فرشتے کے ساتھ ساتھ اس طرح نہ پڑھیں،

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا، قَالَ:كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا نَزَلَ عَلَيْهِ الوَحْيُ حَرَّكَ بِهِ لِسَانَهُ وَوَصَفَ سُفْيَانُ يُرِيدُ أَنْ يَحْفَظَهُ فَأَنْزَلَ اللَّهُ:لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے جب نبی کریم ﷺ پر وحی نازل ہوتی تو آپ ﷺ اس پر اپنی زبان ہلایا کرتے تھے،سفیان نے کہا کہ اس ہلانے سے آپ ﷺ کا مقصد وحی کو یاد کرنا ہوتا تھا اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی ’’اے نبی!اس وحی کو جلدی جلدی یاد کرنے کے لئے اپنی زبان کو حرکت نہ دو اس کو یاد کرا دینا اور پڑھوا دینا ہمارے ذمہ ہے۔‘‘[1]

اور تسلی دیتے ہوئے فرمایا اے نبی ﷺ!بھول جانے کے خوف سے جبرائیل علیہ السلام کے ساتھ ساتھ اپنی زبان مبارک کو جلدی جلدی حرکت مت دیں بلکہ جب فرشتہ وحی لے کر آئے تو غور سے سنتے رہیں،اس کا آپ کے سینے میں جمع کر دینا تاکہ اس کا کوئی حصہ آپ کے ذہن سے محو نہ ہو،آپ کی زبان پر اس کی قراءت کو جاری کر دینا اور اس کی حفاظت ہماری ذمے داری ہے،جیسے فرمایا

اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۝۹ [2]

ترجمہ:بیشک ہم نے اس ذکر کو نازل کیا ہے اور ہم ہی اس کی حفاظت کرنے والے ہیں۔

یعنی جس کلام کی حفاظت کا ذمہ خود اللہ لے رہا ہے تو اس میں کچھ حصہ غائب کر دینا تو دور کی بات ہے اس میں ایک نقطہ یا ایک شوشہ کی بیشی یا تبدیلی یا زیادتی کا کوئی امکان نہیں چنانچہ جب جبرائیل علیہ السلام کے ذریعے سے ہم اس کی قراءت آپ پر پوری کرلیں تب آپ اس کی قراءت کریں،اس کا اتباع کریں اور اس کے شرائع واحکام لوگوں کو پڑھ کر سنائیں،اس کے معنی،مشکل مقامات کی تشریح اور حلال وحرام کی توضیح بھی ہماری ذمہ داری ہے،یعنی رسول اللہ ﷺ کا کام صرف یہی نہیں تھا کہ لوگوں کو کلام الٰہی سے آگاہ کر دیں بلکہ ان کی تعلیم وتربیت بھی شامل تھی جیسے فرمایا:

...وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ۝۴۴ [3]

---

[1] صحیح بخاری کتاب تفسیرسورۂ القیامۃ باب وَقَوْلُهُ لاَ تُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهِ ۴۹۲۷

[2] الحجر۹

[3] النحل ۴۴

ترجمہ: اور اب یہ ذکر تم پر نازل کیا ہے تا کہ تم لوگوں کے سامنے اس کی تعلیم کی تشریح و توضیح کرتے جاؤ جو ان کے لئے اتاری گئی ہے، اور تا کہ لوگ (خود بھی) غور و فکر کریں۔

رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيهِمْ رَسُولًا مِّنْهُمْ يَتْلُوا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيهِمْ... ﴿۱۲۹﴾ (۱)

ترجمہ: اے رب! ان لوگوں میں خود انہی کی قوم سے ایک رسول اٹھائیو، جو انہیں تیری آیات سنائے، ان کو کتاب اور حکمت کی تعلیم دے اور ان کی زندگیاں سنوارے۔

لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ اِذْ بَعَثَ فِيهِمْ رَسُولًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ... ﴿۱۶۴﴾ (۲)

ترجمہ: درحقیقت اہل ایمان پر تو اللہ نے یہ بہت بڑا احسان کیا ہے کہ ان کے درمیان خود انہی میں سے ایک ایسا پیغمبر اٹھایا جو اس کی آیات انہیں سناتا ہے، ان کی زندگیوں کو سنوارتا ہے اور ان کو کتاب اور دانائی کی تعلیم دیتا ہے۔

هُوَ الَّذِي بَعَثَ فِي الْاُمِّيّٖنَ رَسُولًا مِّنْهُمْ يَتْلُوا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ... ﴿۲﴾ (۳)

ترجمہ: وہی ہے جس نے امیوں کے اندر ایک رسول خود انہی میں سے اٹھایا جو انہیں اس کی آیات سناتا ہے، ان کی زندگی سنوارتا ہے اور ان کو کتاب اور حکمت کی تعلیم دیتا ہے۔

كَلَّا بَلْ تُحِبُّونَ الْعَاجِلَةَ ﴿۲۰﴾ وَ تَذَرُونَ الْاٰخِرَةَ ﴿۲۱﴾ وُجُوهٌ يَّوْمَئِذٍ

نہیں نہیں تم جلدی ملنے والی (دنیا) کی محبت رکھتے ہو اور آخرت کو چھوڑ بیٹھے ہو، اس روز بہت سے چہرے تر و تازہ اور

نَّاضِرَةٌ ﴿۲۲﴾ اِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ ﴿۲۳﴾ وَ وُجُوهٌ يَّوْمَئِذٍ بَاسِرَةٌ ﴿۲۴﴾

بارونق ہونگے اپنے رب کی طرف دیکھتے ہوں گے، اور کتنے چہرے اس دن (بدرونق اور) اداس ہوں گے سمجھتے ہوں گے

تَظُنُّ اَنْ يُّفْعَلَ بِهَا فَاقِرَةٌ ﴿۲۵﴾ كَلَّآ اِذَا بَلَغَتِ التَّرَاقِيَ ﴿۲۶﴾ وَ قِيلَ مَنْ سكتة

کہ ان کے ساتھ کمر توڑ دینے والا معاملہ کیا جائے گا، نہیں نہیں جب روح ہنسلی تک پہنچے گی اور کہا جائے گا کہ کوئی جھاڑ

رَاقٍ ﴿۲۷﴾ وَّ ظَنَّ اَنَّهُ الْفِرَاقُ ﴿۲۸﴾ وَ الْتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ ﴿۲۹﴾

پھونک کرنے والا ہے؟ اور جان لیا اس نے کہ یہ وقت جدائی ہے، اور پنڈلی سے پنڈلی لپٹ جائے گی،

---

(۱) البقرة ۱۲۹
(۲) آل عمران ۱۶۴
(۳) الجمعة ۲

## اِلٰى رَبِّكَ يَوْمَىِٕذِ ࣙالْمَسَاقُ ۳۰ؕ (القیامۃ۲۰تا۳۰)

آج تیرے پروردگار کی طرف چلنا ہے۔

یہاں سے سلسلہ کلام پھراسی مضمون کی ساتھ جوڑ دیا گیافرمایا تمہارے انکار آخرت کی اصل وجہ یہ نہیں کہ تم خالق کائنات کو قیامت برپا کرنے،موت کے بعد دوبارہ زندہ کر دینے سے عاجز سمجھتے ہو بلکہ اصل وجہ یہ ہے کہ اپنی تنگ نظری اور کوتاہ بینی سے دنیاوی فوری نتائج کو اہمیت دیتے ہو یعنی نقد سودا چاہتے ہو اور روز آخرت جیسی دور کی چیز میں جو نتائج ظاہر ہوں گے انہیں کوئی اہمیت نہیں دیتے حالانکہ انسان اپنے دل کے اندر خود بصیرت کی آنکھیں رکھتا ہے جو ان حقائق کو دیکھ سکتی ہیں،اللہ تعالیٰ نے ہر امت میں رسول مبعوث فرمائے،جیسے فرمایا

وَمَا كَانَ رَبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى حَتّٰى يَبْعَثَ فِيْٓ اُمِّهَا رَسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۚ وَمَا كُنَّا مُهْلِكِي الْقُرٰٓى اِلَّا وَاَهْلُهَا ظٰلِمُوْنَ ۵۹ [۱]

ترجمہ:اور تیرا رب بستیوں کو ہلاک کرنے والا نہ تھا جب تک ان کے مرکز میں ایک رسول نہ بھیج دیتا جو ان کو ہماری آیات سناتا اور ہم بستیوں کو ہلاک کرنے والے نہ تھے جب تک کہ ان کے رہنے والے ظالم نہ ہو جاتے۔

انسان کی ہدایت ورہنمائی کے لئے کتابیں نازل فرمائیں،مگر ہمیشہ ایک معمولی تعداد کے سوااکثریت ان پر ایمان نہ لائی،اکثریت نے دعوت حق کا مذاق اڑایا،طاغوت کو سر بلند کرنے اور کلمۃ اللہ کو دبانے اور مٹانے کے لئے رسولوں سے مقابلہ کیا،مگر چند نیک فطرت غریب ،کمزور اور مفلس لوگوں نے رسول کی تعلیم پر لبیک کہا اور مرتے دم تک اسی راہ پر گامزن رہے،یعنی جنہوں نے آخرت کو دنیا پر ترجیح دی،جب اللہ انہیں قبروں سے اٹھائے گا اور وہ دیکھیں گے کہ جو کچھ رسولوں نے فرمایا تھا سچ تھا اور ہم نے ان کی دعوت پر بالکل صحیح فیصلہ کیا تھا،مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہونا حق تھا تو اپنے فیصلے پر وہ مطمئن ہوں گے،ان کے چہرے خوشی سے چاند کی طرح دمک رہے ہوں گے اور اپنے مراتب کے مطابق رب حقیقی کی زیارت سے شاد کام ہوں گے،

عَنْ صُهَيْبٍ، تَلَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَذِهِ الْآيَةَ: لِلَّذِينَ أَحْسَنُوا الْحُسْنَى وَزِيَادَةٌ ، وَقَالَ: إِذَا دَخَلَ أَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَنَّةَ، وَأَهْلُ النَّارِ النَّارَ، نَادَى مُنَادٍ: يَا أَهْلَ الْجَنَّةِ إِنَّ لَكُمْ عِنْدَ اللَّهِ مَوْعِدًا يُرِيدُ أَنْ يُنْجِزَكُمُوهُ ، فَيَقُولُونَ: وَمَا هُوَ؟ أَلَمْ يُثَقِّلِ اللَّهُ مَوَازِينَنَا، وَيُبَيِّضْ وُجُوهَنَا، وَيُدْخِلْنَا الْجَنَّةَ، وَيُنْجِنَا مِنَ النَّارِ؟ قَالَ: فَيَكْشِفُ الْحِجَابَ، فَيَنْظُرُونَ إِلَيْهِ، فَوَاللَّهِ مَا أَعْطَاهُمُ اللَّهُ شَيْئًا أَحَبَّ إِلَيْهِمْ مِنَ النَّظَرِ - يَعْنِي إِلَيْهِ -وَلَا أَقَرَّ لِأَعْيُنِهِمْ

صہیب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰى وَزِيَادَةٌ [۲] کی تلاوت فرمائی،پھر فرمایا جب جنت والے جنت میں اور دوزخ والے دوزخ میں داخل ہو جائیں گے تو ایک پکارنے والا پکارے گا کہ اے جنت والو!اللہ کے پاس تمہارا ایک وعدہ ہے اور وہ اس کو پورا کرنا چاہتا ہے،لوگ کہیں گے کہ وہ کیا ہے؟ کیا اللہ تعالیٰ نے ہمارے نیک اعمال بھاری نہیں کیے اور ہمارے چہرے روشن نہیں

[۱] القصص۵۹

[۲] یونس۲۶

کر دیئے، اور ہمیں جنت میں داخل نہیں کر دیا اور جہنم سے نجات نہیں دی، یعنی اب کون سی نعمت باقی رہی ہے، پھر اللہ تعالیٰ ان کی آنکھوں سے پردہ ہٹا دے گا اور وہ اللہ شانہ کی طرف دیکھیں گے، سو قسم ہے اللہ تعالیٰ کی! ان لوگوں کو جو انعامات ملے تھے ان میں سے کوئی انعام انہیں اس سے زیادہ محبوب نہ ہوگا کہ وہ اپنے رب کی دید سے مشرف ہوں۔ (۱)

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ :أَنَّ النَّاسَ قَالُوا : يَا رَسُولَ اللَّهِ، هَلْ نَرَى رَبَّنَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ؟فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :هَلْ تُضَارُّونَ فِي الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ؟ قَالُوا : لاَ يَا رَسُولَ اللَّهِ،قَالَ :فَهَلْ تُضَارُّونَ فِي الشَّمْسِ، لَيْسَ دُونَهَا سَحَابٌ؟قَالُوا : لاَ يَا رَسُولَ اللَّهِ، قَالَ :فَإِنَّكُمْ تَرَوْنَهُ كَذَلِكَ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے لوگوں نے پوچھا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! کیا ہم قیامت کے روز اپنے رب کو دیکھیں گے؟ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا چودھویں رات کے چاند کو دیکھنے میں تمہیں کوئی دقت ہوتی ہے؟ لوگوں نے عرض کیا نہیں اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا کیا جب بادل نہ ہوں تو تمہیں سورج کو دیکھنے میں کوئی دشواری ہوتی ہے؟ لوگوں نے عرض کیا نہیں اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! آپ نے فرمایا اسی طرح تم قیامت کے روز اپنے رب کو دیکھو گے۔ (۲)

عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ : كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ نَظَرَ إِلَى الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ قَالَ :إِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ رَبَّكُمْ كَمَا تَرَوْنَ هَذَا الْقَمَرَ، لاَ تُضَامُونَ فِي رُؤْيَتِهِ ، فَإِنِ اسْتَطَعْتُمْ أَنْ لاَ تُغْلَبُوا عَلَى صَلاَةٍ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ، وَصَلاَةٍ قَبْلَ غُرُوبِ الشَّمْسِ، فَافْعَلُوا

جریر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بیٹھے تھے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے چاند کی طرف دیکھا، چودھویں رات کا چاند تھا اور فرمایا تم لوگ اپنے رب کو اسی طرح دیکھو گے جس طرح اس چاند کو دیکھ رہے ہو اور اس کے دیکھنے میں کوئی دھکا پیل نہیں ہوگی، پس اگر تم سے ہو سکے تو سورج نکلنے سے پہلے کی نماز (فجر) اور سورج ڈوبنے سے پہلے کی نماز (عصر) میں کسی طرح سستی نہ کرو۔ (۳)

ابْنَ عُمَرَ يَقُولُ : قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أَدْنَى أَهْلِ الْجَنَّةِ مَنْزِلَةً لَمَنْ يَنْظُرُ إِلَى جِنَانِهِ وَأَزْوَاجِهِ

---

(۱) صحیح مسلم کتاب الایمان بَابُ إِثْبَاتِ رُؤْيَةِ الْمُؤْمِنِينَ فِي الْآخِرَةِ رَبَّهُمْ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَى۴۴۹،جامع ترمذی ابواب الجنة بَابُ مَا جَاءَ فِي رُؤْيَةِ الرَّبِّ تَبَارَكَ وَتَعَالَى۲۵۵۲،سنن ابن ماجه کتاب السنة بَابٌ فِيمَا أَنْكَرَتِ الْجَهْمِيَّةُ۱۸۷، مسند احمد ۱۸۹۴۱،صحیح ابن حبان ۷۴۴۱

(۲) صحیح بخاری کتاب التوحید بَابُ قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ نَاضِرَةٌ إِلَى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ۷۴۳۷، صحیح مسلم کتاب الایمان بَابُ مَعْرِفَةِ طَرِيقِ الرُّؤْيَةِ۴۵۱

(۳) صحیح بخاری کتاب التوحیدبَابُ قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ نَاضِرَةٌ إِلَى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ ۷۴۳۴، ۴۸۵۱،۵۷۳، ۵۵۴ ۷۴۳۳،۳ ،۴،صحیح مسلم کتاب المساجدبَابُ فَضْلِ صَلَاتَيِ الصُّبْحِ وَالْعَصْرِ، وَالْمُحَافَظَةِ عَلَيْهِمَا ۱۴۳۴ ،سنن ابوداودکتاب السنة بَابٌ فِي الرُّؤْيَةِ ۴۷۲۹،جامع ترمذی ابواب الجنة بَابُ مَا جَاءَ فِي رُؤْيَةِ الرَّبِّ تَبَارَكَ وَتَعَالَى ۲۵۵۱،سنن ابن ماجه کتاب السنة بَابٌ فِيمَا أَنْكَرَتِ الْجَهْمِيَّةُ ۱۷۷

وَخَدَمِهِ وَسُرُرِهِ مَسِيرَةَ أَلْفِ سَنَةٍ، وَأَكْرَمُهُمْ عَلَى اللهِ مَنْ يَنْظُرُ إِلَى وَجْهِهِ غُدْوَةً وَعَشِيَّةً ثُمَّ قَرَأَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ {وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ نَاضِرَةٌ إِلَى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ}

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اہل جنت میں کم سے کم درجے کا جو آدمی ہو گا وہ اپنے باغ اور بیویوں اور خادموں اور تختوں کو (یعنی اپنی سلطنت کی وسعت کو) ایک ہزار سال کی مسافت تک دیکھے گا، اور ان میں سب سے زیادہ فضیلت رکھنے والے لوگ ہر روز دو مرتبہ اپنے رب کو دیکھیں گے، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت ''اس روز بہت سے چہرے ترو تازہ ہوں گے اور اپنے رب کی طرف دیکھ رہے ہوں گے۔'' تلاوت فرمائی۔[1]

عَبْدِ اللهِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ أَبِيهِ،عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: جَنَّتَانِ مِنْ فِضَّةٍ آنِيَتُهُمَا، وَمَا فِيهِمَا، وَجَنَّتَانِ مِنْ ذَهَبٍ آنِيَتُهُمَا، وَمَا فِيهِمَا، وَمَا بَيْنَ الْقَوْمِ وَبَيْنَ أَنْ يَنْظُرُوا إِلَى رَبِّهِمْ إِلَّا رِدَاءُ الْكِبْرِيَاءِ عَلَى وَجْهِهِ فِي جَنَّةِ عَدْنٍ

عبداللہ بن قیس (ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ) سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دو جنتیں چاندی کی ہوں گی، اس کے برتن اور سب چیزیں چاندی کی ہوں گی اور دو جنتیں سونے کی ہوں گی اس کے برتن اور سب چیزیں سونے کی ہوں گی اور لوگوں کو اپنے پروردگار کو دیکھنے میں کوئی آڑ نہ ہو گی، جنت العدن میں سوائے ایک بزرگی کی چادر کے جو اللہ کے منہ پر ہو گی۔[2]

عَنِ ابْنِ عُمَرَ، رَفَعَهُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:إِنَّ أَدْنَى أَهْلِ الْجَنَّةِ مَنْزِلَةً الَّذِي يَنْظُرُ إِلَى جِنَانِهِ وَنَعِيمِهِ وَخَدَمِهِ وَسُرُرِهِ مِنْ مَسِيرَةِ أَلْفِ سَنَةٍ، وَإِنَّ أَكْرَمَهُمْ عَلَى اللهِ، مَنْ يَنْظُرُ إِلَى وَجْهِهِ غُدْوَةً وَعَشِيَّةً ، ثُمَّ تَلَا هَذِهِ الْآيَةَ {وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ نَاضِرَةٌ إِلَى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ}

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ادنی درجے کا جنتی بھی اپنے باغوں، بیویوں، نعمتوں، خدمت گاروں اور تختوں کو ایک ہزار برس کی مسافت تک دیکھے گا، ان میں سے سب سے زیادہ اکرام والا وہ ہو گا جو صبح وشام اللہ تعالیٰ کے چہرے کی طرف دیکھے گا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت پڑھی ''اس روز بہت سے چہرے ترو تازہ ہوں گے اور اپنے رب کی طرف دیکھ رہے ہوں گے۔''[3]

عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:بَيْنَا أَهْلُ الْجَنَّةِ فِي نَعِيمِهِمْ، إِذْ سَطَعَ لَهُمْ نُورٌ، فَرَفَعُوا رُءُوسَهُمْ، فَإِذَا الرَّبُّ قَدْ أَشْرَفَ عَلَيْهِمْ مِنْ فَوْقِهِمْ، فَقَالَ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا أَهْلَ الْجَنَّةِ قَالَ: وَذَلِكَ قَوْلُ اللهِ: {سَلَامٌ قَوْلًا مِنْ رَبٍّ رَحِيمٍ}[4] ، قَالَ فَيَنْظُرُ إِلَيْهِمْ، وَيَنْظُرُونَ إِلَيْهِ، فَلَا يَلْتَفِتُونَ إِلَى شَيْءٍ مِنَ النَّعِيمِ، مَا دَامُوا يَنْظُرُونَ إِلَيْهِ، حَتَّى يَحْتَجِبَ عَنْهُمْ، وَيَبْقَى نُورُهُ وَبَرَكَتُهُ عَلَيْهِمْ فِي دِيَارِهِمْ

---

[1] جامع ترمذی کتاب تفسیرالقرآن بَاب وَمِنْ سُورَةِ الْقِيَامَةِ ۳۳۳۰،وبَابُ مَا جَاءَ فِي رُؤْيَةِ الرَّبِّ تَبَارَكَ وَتَعَالَى ۲۵۵۳، مسند احمد ۵۳۱۷،مستدرک حاکم۳۸۸۰، البعث والنشور للبیھقی ۴۳۲

[2] صحیح مسلم کتاب الایمانباب إِثْبَاتِ رُؤْيَةِ الْمُؤْمِنِينَ فِي الْآخِرَةِ رَبَّهُمْ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَى ۴۴۸

[3] مسنداحمد۵۳۱۷

[4] یس: ۵۸

جابر بن عبد اللہ سے مروی ہے رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا اہل جنت اپنی نعمتوں میں ہوں گے کی یکبارگی ان پر ایک نور چمکے گا اور وہ اپنا سر اٹھائیں گے اور دیکھیں گے کہ ان کا رب اوپر سے جھانک رہا ہے، اور پروردگار فرمائے گا اے جنت والو تم پر سلام ہے اور اللہ تعالیٰ ان کو اپنے کلام میں خبر دیتا ہے ''رب رحیم کی طرف سے ان کو سلام کہا گیا ہے۔'' فرمایا وہ ان کی طرف نظر کرتا رہے گا، پھر جب تک اللہ ان سے پردہ نہ فرمالے اس وقت تک وہ جنت کی کسی نعمت کی طرف توجہ نہ کریں گے اور اسی کی طرف دیکھتے رہیں گے، اور نور اور برکت ان کے گھروں میں باقی رہے گا۔ (۱)

مگر فاجر قیامت کے روز اپنے پروردگار کے دیدار سے محروم رہیں گے، جیسے فرمایا:

كَلَّآ اِنَّهُمۡ عَنۡ رَّبِّهِمۡ يَوۡمَئِذٍ لَّمَحۡجُوۡبُوۡنَؕ ۞۱۵ (۲)

ترجمہ: ہرگز نہیں، بالیقین اس روز یہ اپنے رب کے دیدار سے محروم رکھے جائیں گے۔

اس کے برعکس وہ لوگ جنہوں نے دولت، حیثیت اور طاقت کے غرور و گھمنڈ میں مبتلا رہے، دنیا کی لذت و شہوات میں کوشاں رہے، رسولوں کی دعوت اسلام کو ماننے کے بجائے مذاق اڑایا، رب حقیقی کی بندگی کے بجائے طاغوت کی پرستش میں لگے رہے، اللہ کو وحدہ لاشریک سمجھنے کے بجائے اس کی اولاد گھڑنے لگے، مشکل کشا، حاجت روا جاننے کے بجائے بے شمار الٰہ بنالئے اور در در پر پیشانی ٹکتے رہے، دعوت حق کو دبانے اور مٹانے کے لئے ہر طرح کے ہتکنڈے استعمال کیے، اس کے ساتھ ساتھ دوسروں کو بھی اس راستہ پر چلنے سے روکا، جب میدان محشر میں تمام حقیقتوں کو مجسم پائیں گے، اعمال کو تولتا ہو دیکھیں گے، اپنی آنکھوں کے سامنے جہنم کو غیض و غضب سے بھڑکتے ہوئے دیکھیں گے تو دل میں سوچیں گے کاش ہم نے بھی ایک صاحب بصیرت اور عقل مند انسان کی طرح دنیا پر آخرت کو ترجیح دی ہوتی تو آج ہمیں بھی کوئی خوف و رنج نہ ہوتا، وہ اچھی طرح جان چکے ہوں گے کہ اللہ نے جو رحمت ہماری طرف بھیجی تھی اسے نہ مان کر ہم نے بڑی بھول کی، ہم دولت ، حیثیت اور طاقت پر اتراتے رہے، ابلیس کے چیلے بن کر پھرتے رہے، اسی کی دعوت کو پھیلانے اور حقیقی دعوت کو دبانے اور مٹانے کی درپے رہے، لہٰذا رہائی کی اب کوئی صورت نظر نہیں آتی اب تو ہمیں ذلت آمیز اور دردناک عذاب دیا جانے والا ہے، یہ سوچ کر ان کے چہرے خوف و دہشت اور حسرت سے سیاہ اور متغیر ہوں گے، جیسے فرمایا:

يَّوۡمَ تَبۡيَضُّ وُجُوۡهٌ وَّتَسۡوَدُّ وُجُوۡهٌ ۚ فَاَمَّا الَّذِيۡنَ اسۡوَدَّتۡ وُجُوۡهُهُمۡ ۚ اَكَفَرۡتُمۡ بَعۡدَ اِيۡمَانِكُمۡ فَذُوۡقُوا الۡعَذَابَ بِمَا كُنۡتُمۡ تَكۡفُرُوۡنَ ۞۱۰۶ (۳)

ترجمہ: جبکہ کچھ لوگ سرخ رو ہوں گے اور کچھ لوگوں کا منہ کالا ہوگا، جن کا منہ کالا ہوگا (ان سے کہا جائے گا کہ) نعمت ایمان پانے کے بعد بھی تم نے کافرانہ رویہ اختیار کیا؟ اچھا تو اب اس کفران نعمت کے صلہ میں عذاب کا مزہ چکھو۔

(۱) سنن ابن ماجه كتاب السنة بَابُ فِيمَا أَنْكَرَتِ الْجَهْمِيَّةُ ۱۸۴

(۲) المطففين ۱۵

(۳) آل عمران ۱۰۶

وُجُوۡهٌ يَّوۡمَىِٕذٍ خَاشِعَةٌ ۝٢ [1]

ترجمہ: کچھ چہرے اس روز خوفزدہ ہوں گے۔

وُجُوۡهٌ يَّوۡمَىِٕذٍ نَّاعِمَةٌ ۝٨ لِّسَعۡيِهَا رَاضِيَةٌ ۝٩ [2]

ترجمہ: کچھ چہرے اس روز بارونق ہوں گے، اپنی کارگزاری پر خوش ہوں گے۔

اس لئے لوگو! اللہ نے تمہیں دونوں راستے بتلادیئے ہیں، ابھی وقت ہے، سانسوں کی ڈور باقی ہے سنبھل جاؤ، ہر طرف سے منہ موڑ کر اپنے رب کی طرف پلٹ آؤ، اس سے معافی چاہو، وہ غفور رحیم ہے معاف کر دینے کو پسند کرتا ہے،

عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّهَا قَالَتْ: أَنَّهَا قَالَتْ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَرَأَيْتَ إِنْ وَافَقْتُ لَيْلَةَ الْقَدْرِ مَا أَدْعُو؟ قَالَ: تَقُولِينَ: اللَّهُمَّ إِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّي

ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے میں نے عرض کی اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! اگر میں لیلۃ القدر کی رات کو پالوں تو میں اللہ تعالیٰ سے کیا مانگوں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم یوں دعا مانگنا اے اللہ! تو معاف کرنے والا ہے، معاف کر دینے کو پسند فرماتا ہے پس مجھے معاف فرمادے۔ [3]

اس کی رحمت اس کے غضب پر حاوی ہے وہ تمہیں معاف فرمادے گا۔

قُلۡ لِّمَنۡ مَّا فِی السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ؕ قُلۡ لِّلّٰهِ ؕ كَتَبَ عَلٰی نَفۡسِهِ الرَّحۡمَةَ ؕ ۝١٢ [4]

ترجمہ: ان سے پوچھو، آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے وہ کس کا ہے؟ کہو سب کچھ اللہ ہی کا ہے، اس نے رحم و کرم کا شیوہ اپنے اوپر لازم کرلیا ہے۔

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: إِنَّ اللَّهَ لَمَّا قَضَى الْخَلْقَ، كَتَبَ عِنْدَهُ فَوْقَ عَرْشِهِ: إِنَّ رَحْمَتِي سَبَقَتْ غَضَبِي

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے جب مخلوق پیدا کی تو عرش کے اوپر اپنے پاس لکھ دیا کہ میری رحمت میرے غصہ سے بڑھ کر ہے۔ [5]

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ:: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلَى نَفْسِهِ بِيَدِهِ قَبْلَ أَنْ يَخْلُقَ الْخَلْقَ: رَحْمَتِي سَبَقَتْ غَضَبِي

[1] الغاشية ٢

[2] الغاشية ٨،٩

[3] سنن ابن ماجه كِتَابُ الدُّعَاءِ بَابُ الدُّعَاءِ بِالْعَفْوِ وَالْعَافِيَةِ ٣٨٥٠

[4] الانعام ١٢

[5] صحیح بخاری كِتَابُ التَّوْحِيدِ بَابُ وَكَانَ عَرْشُهُ عَلَى الْمَاءِ ٧٤٢٢، شرح السنة للبغوی ٤١٧٨

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہارے رب نے مخلوق کی پیدائش سے قبل اپنے لیے اپنے ہاتھ سے لکھ دیا کہ میری رحمت میرے غضب پر حاوی ہے۔ (۱)

تمہارا یہ خیال ہرگز صحیح نہیں کہ مرنے کے بعد تم فنا ہو جاؤ گے اور حیات بعد الموت نہیں، روز محشر رب کے دربار میں پیشی نہیں، اعمال کی جزاو سزا نہیں، آج تم اپنے فخر و غرور اور دنیاوی مفادات کی بنا پر آخرت کو تسلیم نہیں کرتے مگر تم اچھی طرح جانتے ہو کہ جب قریب المرگ شخص کی جان حلق میں پہنچ جاتی ہے یعنی جب سکرات موت طاری ہو جاتی ہے اور موت کا آہنی پنجہ اسے اپنی گرفت میں لے لیتا ہے تو پھر کوئی بھی ڈاکٹر، یا جھاڑ پھونک کرنے والا مرنے والے کی مدد نہیں کر سکتا، جیسے فرمایا:

فَلَوْلَآ اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ ۝۸۳ وَاَنْتُمْ حِيْنَىِٕذٍ تَنْظُرُوْنَ ۝۸۴ وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْكُمْ وَلٰكِنْ لَّا تُبْصِرُوْنَ ۝۸۵ فَلَوْلَآ اِنْ كُنْتُمْ غَيْرَ مَدِيْنِيْنَ ۝۸۶ تَرْجِعُوْنَهَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝۸۷ (۲)

ترجمہ: اب اگر تم کسی کے محکوم نہیں ہو اور اپنے اس خیال میں سچے ہو تو جب مرنے والے کی جان حلق تک پہنچ چکی ہوتی ہے اور تم آنکھوں دیکھ رہے ہوتے ہو کہ وہ مر رہا ہے، اس وقت اس کی نکلتی ہوئی جان کو واپس کیوں نہیں لے آتے؟

خنساء نے ایک شعر میں کہا۔

لكن سهام المنايا من نصبن له ۔۔۔ لم ينجه طب ذي طب وَلا رَاق

جس کو موت کے تیر لگ گئے ۔۔۔ اس کو نہ کسی طبیب کی حذاقت شفا دے سکتی ہے نہ کسی جھاڑ پھونک والے کی جھاڑ پھونک۔ (۳)

عدی بن زید نے کہا۔

أو تكن وجهة فتلك سبيل الن ۔۔۔ اس لا تمنع الحتوف الرواقي

یا وہ راہ کھل جائے گی جو سب کی راہ ہے ۔۔۔ موت سے تعویذ گنڈے نجات نہیں دلا سکتے۔ (۴)

چنانچہ اس وقت جب ناعاقبت، بدقسمت انسان کو یقین ہو جاتا ہے کہ اب جبکہ پنڈلیاں خشک ہو گئی ہیں، جدوجہد کی طاقت ختم ہو گئی ہے اور اب مہلت کی گھڑیاں ختم ہوئیں، اب کسی بھی لمحہ سانسوں کی ڈور ٹوٹنے کو ہے، اب اپنی اولاد، جائز و ناجائز طریقوں سے حاصل ہونے والی دولت، مرتبہ اور طاقت کو جس پر مجھے بہت مان تھا، جن کی وجہ سے میں حق سے منہ موڑتا رہا، لوگوں پر ظلم وستم کرتا رہا کو چھوڑ کر اس دنیا فانی سے کوچ کرنا ہے، اس وقت اس انسان کو مال وجاہ کی جدائی اور عالم آخرت میں ایک مجرم کی حیثیت سے گرفتار ہو کر جانے کی مصیبت، اور انجام بد کا خوف ہوتا ہے۔

---

(۱) سنن ابن ماجه افتتاح الكتاب في الإيمان وفضائل الصحابة والعلم بَابٌ فِيمَا أَنْكَرَتِ الْجَهْمِيَّةُ۱۸۹

(۲) الواقعة۸۳تا۸۷

(۳) بلاغات النساء۱۷۸/۱

(۴) الحور العين۷۹/۱

فَلَا صَدَّقَ وَ لَا صَلّٰى ﴿۳۱﴾ وَ لٰكِنْ كَذَّبَ وَ تَوَلّٰى ﴿۳۲﴾ ثُمَّ ذَهَبَ اِلٰٓى اَهْلِهٖ يَتَمَطّٰى ﴿۳۳﴾

اس نے نہ تو تصدیق کی نہ نماز ادا کی بلکہ جھٹلایا اور روگردانی کی، پھر اپنے گھر والوں کے پاس اتراتا ہوا گیا،

اَوْلٰى لَكَ فَاَوْلٰى ﴿۳۴﴾ ثُمَّ اَوْلٰى لَكَ فَاَوْلٰى ﴿۳۵﴾ (القیامۃ۳۱تا۳۵)

افسوس ہے تجھ پر حسرت ہے تجھ پر، وائے ہے اور خرابی ہے تیرے لیے۔

قَالَ ابْنُ زَيْدٍ، فِي قَوْلِهِ: {فَلَا صَدَّقَ وَلَا صَلَّى وَلَكِنْ كَذَّبَ وَتَوَلَّى ثُمَّ ذَهَبَ إِلَى أَهْلِهِ يَتَمَطَّى}[1] قَالَ: هَذَا فِي أَبِي جَهْلٍ

انسان کے متکبرانہ سوال کے بعد مجاہد، قتادہ، اور ابن زید کے مطابق یہ آیت ’’مگر اس نے نہ سچ مانا اور نہ نماز پڑھی، بلکہ جھٹلایا اور پلٹ گیا، پھر اکڑتا ہوا اپنے گھر والوں کی طرف چل دیا۔‘‘ ابوجہل کے بارے میں نازل ہوئی۔[2]

چنانچہ ابوجہل کے متکبرانہ اعراض کا ذکر فرمایا کہ اس نے دعوت حق کو سنا مگر اس پر غور و تدبر کرنے کے بجائے اللہ کی کتابوں، فرشتوں، اچھی بری تقدیر، یوم آخرت، جزا وسزا، اور جنت و دوزخ کی تصدیق نہ کی اور نہ ہی اللہ کے رسول کی اطاعت کی، یعنی تکذیب اور ایمان واطاعت سے روگردانی کی، اللہ جس نے اسے صحیح سالم بنایا، زندگی بخشی، اولاد، مال و دولت، عزت و مرتبہ بخشا، پاکیزہ رزق عطا فرمایا، اس مالک حقیقی کا شکر گزار ہونے اور اس کی عبودیت کے لئے نماز قائم کرنے کے بجائے انکار کیا، اور تمسخر اڑاتے ہوئے منہ پھیر کر بے خوف وخطر اتراتا اور اکڑتا ہوا اپنے لوگوں کی طرف چل دیا، جیسے فرمایا:

وَاِذَا انْقَلَبُوْٓا اِلٰٓى اَهْلِهِمُ انْقَلَبُوْا فَكِهِيْنَ ﴿۳۱﴾[3]

ترجمہ: اور اپنے گھر والوں کی طرف پلٹتے تو مزے لیتے ہوئے پلٹتے تھے۔

اِنَّهٗ كَانَ فِيْٓ اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ﴿۱۳﴾ اِنَّهٗ ظَنَّ اَنْ لَّنْ يَّحُوْرَ ﴿۱۴﴾ بَلٰٓى ۚ اِنَّ رَبَّهٗ كَانَ بِهٖ بَصِيْرًا ﴿۱۵﴾[4]

ترجمہ: وہ اپنے گھر والوں میں مگن تھا اس نے سمجھا تھا کہ اسے کبھی پلٹنا نہیں ہے، پلٹنا کیسے نہ تھا اس کا رب اس کے کرتوت دیکھ رہا تھا۔

پھر ان کی اس حالت پر طنزیہ طور پر فرمایا جب تو اپنے خالق سے کفر کرنے کی جرات کر چکا تو پھر تجھ جیسے آدمی کو یہی چال زیب دیتی ہے جو تو چل رہا ہے، جیسا کہ حسرت کی مثال فرمائی۔

يٰحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ ۚ مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۳۰﴾[5]

---

[1] القیامۃ: ۳۲

[2] تفسیر طبری ۵۲۴/۲۳

[3] المطففین۳۱

[4] الانشقاق ۱۳تا۱۵

[5] یسین ۳۰

ترجمہ:افسوس بندوں کے حال پر جو رسول بھی ان کے پاس آیا اس کا وہ مذاق ہی اڑاتے رہے۔

دوزخ میں عذاب دیتے ہوئے مجرم انسان سے طنزیہ کہا جائے گا۔

ذُقْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْكَرِيْمُ ﴿۴۹﴾ [1]

ترجمہ:لے چکھ اس کا مزا، بڑا زبردست عزت دار آدمی ہے تو۔

حق سے روگردانی کے نتیجے میں پھر اللہ بھی اسے لوگوں کے ساتھ ایک شیطان مسلط کر دیتا ہے جو اسے نیکی وہدایت کی طرف راغب ہی نہیں ہونے دیتا، جیسے فرمایا:

وَمَنْ يَّعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ نُقَيِّضْ لَهٗ شَيْطٰنًا فَهُوَ لَهٗ قَرِيْنٌ ﴿۳۶﴾ [2]

ترجمہ:جو شخص رحمن کی نصیحت سے تغافل برتتا ہے ہم اس پر ایک شیطان مسلط کر دیتے ہیں اور وہ اس کا رفیق بن جاتا ہے۔

...اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوٰتِ فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا ﴿۵۹﴾ [3]

ترجمہ:جنہوں نے نماز کو ضائع کیا اور خواہشات نفس کی پیروی کی، پس قریب ہے کہ وہ گمراہی کے انجام سے دوچار ہوں۔

جب کوئی انسان اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت نہیں کرے گا، رب کی بندگی سے منہ موڑے گا تو اس کا لازمی نتیجہ جہنم ہی ہے، جیسے فرمایا

يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿۴۰﴾ عَنِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۴۱﴾ مَا سَلَكَكُمْ فِيْ سَقَرَ ﴿۴۲﴾ قَالُوْا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّيْنَ ﴿۴۳﴾ وَلَمْ نَكُ نُطْعِمُ الْمِسْكِيْنَ ﴿۴۴﴾ وَكُنَّا نَخُوْضُ مَعَ الْخَآئِضِيْنَ ﴿۴۵﴾ وَكُنَّا نُكَذِّبُ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ﴿۴۶﴾ حَتّٰٓى اَتٰىنَا الْيَقِيْنُ ﴿۴۷﴾ فَمَا تَنْفَعُهُمْ شَفَاعَةُ الشّٰفِعِيْنَ ﴿۴۸﴾ [4]

ترجمہ:وہ مجرموں سے پوچھیں گے تمہیں کیا چیز دوزخ میں لے گئی؟ وہ کہیں گے ہم نماز پڑھنے والوں میں سے نہ تھے، اور مسکین کو کھانا نہیں کھلاتے تھے، اور حق کے خلاف باتیں بنانے والوں کے ساتھ مل کر ہم بھی باتیں بنانے لگتے تھے اور روز جزا کو جھوٹ قرار دیتے تھے یہاں تک کہ ہمیں اس یقینی چیز سے سابقہ پیش آ گیا، اس وقت سفارش کرنے والوں کی کوئی سفارش ان کے کسی کام نہ آئے گی۔

اَيَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَنْ يُّتْرَكَ سُدًى ﴿۳۶﴾ اَلَمْ يَكُ نُطْفَةً مِّنْ مَّنِيٍّ يُّمْنٰى ﴿۳۷﴾

کیا انسان یہ سمجھتا ہے کے اسے بیکار چھوڑ دیا جائے گا، کیا وہ ایک گاڑھے پانی کا قطرہ نہ تھا جو ٹپکایا گیا تھا؟

ثُمَّ كَانَ عَلَقَةً فَخَلَقَ فَسَوّٰى ﴿۳۸﴾ فَجَعَلَ مِنْهُ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَ الْاُنْثٰى ﴿۳۹﴾ اَلَيْسَ

پھر لہو کا لوتھڑا ہو گیا پھر اللہ نے اسے پیدا کیا اور درست بنا دیا، پھر اس سے جوڑے یعنی نر مادہ بنائے، کیا (اللہ تعالیٰ)

[1] الدخان ۴۹

[2] الزخرف ۳۶

[3] مریم ۵۹

[4] المدثر ۴۰ تا ۴۸

ذٰلِكَ بِقٰدِرٍ عَلٰۤى اَنْ يُّحْيِۦَ الْمَوْتٰى ﴿۴۰﴾ (القیامۃ۳۶تا۴۰)

اس (امر) پر قادر نہیں کہ مردے کو زندہ کر دے۔

کیاانسان یہ سمجھتاہے کہ اسے شتربے مہار کی طرح یونہی مہمل چھوڑ دیا جائے گا، نہ اسے نیکی وبھلائی کا حکم دیا جائے گا اور نہ برائی سے روکا جائے گا،، نہ اس کا محاسبہ ہو گا نہ معاقبہ، یا اس کو قبر میں ہمیشہ کے لئے چھوڑ دیا جائے گا، جیسے فرمایا:

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱۵﴾ [1]

ترجمہ: کیا تم نے یہ سمجھ رکھا تھا کہ ہم نے تمہیں فضول ہی پیدا کیا ہے اور تمہیں ہماری طرف کبھی پلٹنا ہی نہیں ہے۔

ایسا ہر گز نہیں بلکہ دنیا میں اسے حکم وممانعت اور آخرت میں اپنے اپنے اعمال کے بموجب جزاوسزا ضرور ملے گی، پھر اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت کاملہ اور حکمت کی دلیل فرمائی کہ انسان ابتدائی طور پر ایک نطفہ کی شکل میں بے جان وبے بنیاد تھا، بدبودار پانی کا ایک حقیر قطرہ تھا جو پیٹھ سے رحم مادر میں ٹپکایا گیا، پھر ہم نے اس قطرے کو خون کی پھٹکی بنایا، پھٹکی کو پھر گوشت کا لوتھڑا بنا دیا، پھر اس لوتھڑے کو ہم نے شکل وصورت اور متناسب اعضاء عطا فرما کر اس میں روح پھونکی، اور ایک تناسب میں مرد یا عورت کی شکل میں پیدا کر دیا، کیا وہ اللہ جس نے اس طرح مختلف اطوار سے گزار کر اسے پیدا فرمایا ہے، کیا وہ اس پر قادر نہیں کہ اسے فنا ہو جانے کے بعد دوبارہ کھڑا کر دے؟ یقیناً پہلی مرتبہ پیدا کرنے والا دوبارہ بنانے پر بہت زیادہ اور بطور اولیٰ قادر ہے، جیسے فرمایا:

وَهُوَ الَّذِيْ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ وَهُوَ اَهْوَنُ عَلَيْهِ ۔۔۔ ﴿۲۷﴾ [2]

ترجمہ: وہی ہے جو تخلیق کی ابتدا کرتا ہے پھر وہی اس کا اعادہ کرے گا اور یہ اس کے لئے آسان تر ہے۔

اَفَعَيِيْنَا بِالْخَلْقِ الْاَوَّلِ ۭ بَلْ هُمْ فِيْ لَبْسٍ مِّنْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ﴿۱۵﴾ [3]

ترجمہ: کیا پہلی بار کی تخلیق سے ہم عاجز تھے؟ مگر ایک نئی تخلیق کی طرف سے یہ لوگ شک میں پڑے ہوئے ہیں۔

أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " مَنْ قَرَأَ مِنْكُمْ وَالتِّينِ وَالزَّيْتُونِ، فَانْتَهَى إِلَى آخِرِهَا: {أَلَيْسَ اللَّهُ بِأَحْكَمِ الْحَاكِمِينَ} [4]، فَلْيَقُلْ: بَلَى، وَأَنَا عَلَى ذَلِكَ مِنَ الشَّاهِدِينَ، وَمَنْ قَرَأَ: لَا أُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيَامَةِ، فَانْتَهَى إِلَى {أَلَيْسَ ذَٰلِكَ بِقَادِرٍ عَلَىٰ أَنْ يُحْيِيَ الْمَوْتَىٰ} [5]، فَلْيَقُلْ: بَلَى، وَمَنْ قَرَأَ: وَالْمُرْسَلَاتِ، فَبَلَغَ: {فَبِأَيِّ حَدِيثٍ بَعْدَهُ يُؤْمِنُونَ} [6]، فَلْيَقُلْ: آمَنَّا بِاللَّهِ

---

[1] المومنون۱۱۵

[2] الروم ۲۷

[3] ق۱۵

[4] التین: ۸

[5] القیامۃ: ۴۰

[6] المرسلات: 50

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص تم میں سے سورۂ التین کی آخری آیت ’’کیا (اللہ تعالیٰ) اس (امر) پر قادر نہیں کہ مردے کو زندہ کر دے۔ پڑھے وہ کہے ہاں میں بھی اس پر گواہ ہوں ، اور جو شخص سورۂ قیامہ کی آخری آیت ’’کیا (اللہ تعالیٰ) اس (امر) پر قادر نہیں کہ مردے کو زندہ کر دے۔ ‘‘پڑھے، تو وہ کہے ہاں، اور جو سورۂ المرسلات کی آخری آیت ’’اب اس (قرآن) کے بعد اور کونسا کلام ایسا ہوسکتا ہے جس پر یہ ایمان لائیں۔‘‘ پڑھے وہ امنا باللہ کہے۔[1]

ضعیف روایت ہے، اس میں راوی الاعرابی مجہول ہے۔[2]

اسلام عتبہ رضی اللہ عنہ بن غزوان

وكان طوالًا جميلًا

عتبہ رضی اللہ عنہ بن غزوان لمبے قد کے خوبصورت جوان تھے۔[3]

وقيل: كنيته أَبُو عبد الله

ان کی کنیت ابو عبداللہ تھی۔[4]

جب رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو حق کی طرف بلانا شروع کیا تو قریش مکہ پر دعوت حق بجلی بن کر گری کیونکہ وہ صدیوں سے جن اوہام وتعصّبات اور غلط کاریوں میں مبتلا تھے اسلام ان کی جڑ کاٹ کر رکھ دیتا تھا، چنانچہ قریش نے دین حق کی مخالفت کو اپنا اوڑھنا بچھونا بنالیا اور اس کی اشاعت کو روکنے کے لیے ایسی ایسی حرکتیں کرنے لگے کہ انسانیت سر پیٹ کر رہ گئی، جس شخص کو قبول اسلام کی سعادت نصیب ہوتی وہ ان کی ستم رانیوں کا ہدف بن جاتا اور زندگی اس پر دوبھر ہوجاتی، عتبہ رضی اللہ عنہ کو اللہ تعالیٰ نے فطرت سعید سے نوازا تھا جونہی دعوت حق کی صدا ان کے کانوں تک پہنچی ان کے دل و دماغ نے گواہی دی کہ یہ دعوت سراسر خیر ہے اور اسی میں انسانیت کی فلاح ہے، لیکن دوسری طرف دیکھا کہ اس دعوت کو قبول کرنا آگ کے آلاؤ میں کودنے کے مترادف ہے، جو شخص اس کو قبول کرتا ہے وہ کفار مکہ کے ہولناک مظالم کا شکار بن جاتا ہے لیکن ان کی ہمت مردانہ نے گوارہ نہ کیا کہ کفار کے جور وستم سے ڈر کر قبول حق کی سعادت سے محروم رہیں، چنانچہ انہوں نے کسی تامل کے بغیر آگے بڑھ کر لوائے توحید کو تھام لیا اور چرخ نیلی فام کے تلے ان مقدس ترین بندوں میں شامل ہونے کا شرف حاصل کیا جس کو قرآن کریم میں رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ وَرَضُوا عَنْهُ کا عظیم لقب دے کر کھلے لفظوں میں جنت کی بشارت دی ہے،

عتبة بْن غزوان ،وهو سابع سبعة فِي الْإِسْلَام مَعَ رَسُول اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس وقت تک ایک قلیل تعداد ہی سعادت اندوز ایمان ہوئی تھی ان میں عتبہ رضی اللہ عنہ بن غزوان کو صرف چھ مسلمانوں کا علم تھا اور ان کا خیال تھا کہ وہ ساتویں مسلمان ہیں۔

---

[1] سنن ابوداودكتاب الصلاة بَابُ مِقْدَارِ الرُّكُوعِ وَالسُّجُودِ۸۸۷،جامع ترمذی كتاب تفسير القرآن بَاب وَمِنْ سُورَةِ التِّينِ ۳۳۴۷

[2] مسنداحمد۷۳۹۱

[3] الإصابةفي تمييز الصحابة۳۶۴؍۴

[4] تاريخ اسلام بشار۸۰؍۳

تاہم اہل سیر کا اندازہ ہے کہ اس وقت مسلمانوں کی تعداد چھ سے بڑھ چکی تھی۔

یہ رسول اللہ ﷺ پر ایمان لانے والوں میں چھٹے نمبر پر تھے، اس وقت ان کی عمر تیس برس تھی،

وهاجر إِلَى أرض الحبشة

جب مشرکین مکہ کو عتبہ رضی اللہ عنہ کے اسلام کا علم ہوا تو وہ ان کے خون کے پیاسے بن گئے، نہ صرف ان پر معاش کے دروازے بند کر دیئے بلکہ جسمانی اذیتیں دینے سے بھی گریز نہ تھا، جب مشرکین کا ظلم وستم حد سے بڑھ گیا تو بیاسی مردوں اور بیس خواتین کے ساتھ یہ بھی حبشہ کی طرف ہجرت کر گئے،

ثُمَّ عاد إِلَى رَسُول اللہ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وهو بمكة، فأقام معه حتَّى هَاجَر إِلَى الْمَدِينَة مَعَ الْمِقْدَادوَإنما خرجا مَعَ الكفار يتوصلان إِلَى المدينة، وكان الكفار سرية عليهم عكرمة بْن أَبِي جهل، فلقيهم سرية للمسلمين عليهم عبيدة بْن الحارث، فالتحق المقداد، وعتبة بالمسلمين

اور ابھی رسول اللہ ﷺ مکہ مکرمہ میں ہی تھے کہ حبش کے دار الامن سے مکہ مکرمہ واپس آگئے اور آپ ﷺ کے ساتھ رہے اور جب ہجرت مدینہ منورہ کا حکم ہوا تو مقداد رضی اللہ عنہ کے ساتھ مدینہ منورہ ہجرت کر گئے، شوال ایک ہجری میں قریش کا ایک فوجی دستہ عکرمہ بن ابی جہل یا ابوسفیان کی قیادت میں مسلمانوں کی سرگرمیوں کی ٹوہ لینے مدینہ منورہ کی طرف روانہ ہوا، عتبہ رضی اللہ عنہ بن غزوان و رمقداد رضی اللہ عنہ بن اسود بھی اس دستے میں شامل ہو گئے، قریش نے یہ سمجھ کر انہیں اس دستے میں شامل ہونے کی اجازت دے دی کہ شاید وہ قومی حمیت کی بنا پر اہل مدینہ سے لڑنا چاہتے ہیں، اس دستے کی مٹھ بھیڑ رابغ کے مقام پر ساٹھ یا اسی شتر سواروں پر مشتمل مسلمانوں کے اس فوجی دستے سے ہوئی جس کو رسول اللہ ﷺ نے عبیدہ رضی اللہ عنہ بن حارث کی قیادت میں گشت لگانے کے لیے بھجا تھا، دونوں طرف سے تھوڑی دیر تک ایک دوسرے پر تیر باری ہوتی رہی اس کے بعد قریش مکہ نے پسپا ہو کر مکہ مکرمہ کا رخ کیا، اس اثنا میں عتبہ رضی اللہ عنہ بن غزوان اور مقداد رضی اللہ عنہ بن اسود موقع پا کر لشکر اسلام میں جا ملے اور اسی کے ساتھ مدینہ منورہ پہنچ کر اپنے مہاجر بھائیوں میں شامل ہو گے،

نَزَلَ عُتْبَةُ بْنُ غَزْوَانَ حِينَ هَاجَرَ إِلَى الْمَدِينَةِ عَلَى عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سَلَمَةَ الْعَجْلَانِيِّ

عتبہ رضی اللہ عنہ بن غزوان جب مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کی تو عبداللہ رضی اللہ عنہ بن سلمہ عجلانی نے انہیں اپنا مہمان بنایا۔[1]

آخَى رَسُولُ اللَّهِ صلّى الله عليه وسلم بَيْنَ عُتْبَةَ بْنِ غَزْوَانَ وَأَبِي دُجَانَةَ

جب سید الامم ﷺ نے مہاجرین اور انصار کے مابین مواخات قائم کرائی تو عتبہ رضی اللہ عنہ بن غزوان کو مشہور بہادر ابو دجانہ سماک بن خرشہ کا اسلامی بھائی بنایا،

ثُمَّ شهد بدرًا، والمشاهد مَعَ رَسُول اللہ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

آپ رضی اللہ عنہ حق وباطل کی جنگ غزوہ بدر میں اور دوسرے تمام غزوات میں رسول اللہ ﷺ کے ہم رکاب رہے۔

---

[1] ابن سعد ۳/۹۹

جب امیرالمومنین سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے سعد رضی اللہ عنہ بن ابی وقاص کو قادسیہ کی مہم پر روانہ کیا تو

وسيره عُمَر بْن الخطاب رَضِي اللَّه عَنْهُمَا إِلَى أرض البصرة، ليقاتل من بالأبلة من فارس، فَقَالَ لَهُ لما سيره انطلق أنت ومن معك حتَّى تأتوا أقصى مملكة العرب وأدنى مملكة العجم، فسر عَلَى بركة اللَّه تَعَالى ويمنه، اتق اللَّه ما استطعت، واعلم أنك تأتي حومة العدو، وأرجو أن يعينك اللَّه عليهم وَقَدْ كتبت إِلَى العلاء بْن الحضرمي أن يمدك بعرفجة بْن هرثمة، وهو ذو مجاهدة للعدو وذو مكايدة، فشاوره، وادع إِلَى اللَّه، فمن أجابك فاقبل مِنْهُ، ومن أبي فالجزية عَنْ يد مذلة وصغار، وَإِلا فالسيف فِي غير هوادة. واستنفر من مررت بِهِ من العرب، وحثهم عَلَى الجهاد، وكابد العدوّ، واتّق الله ربك

سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے آپ رضی اللہ عنہ کو شہر بصرہ کا امیر مقرر فرمایا اور فرمایا کہ وہ عراق عرب کے جنوبی حصے کو دوبارہ مفتوح بنائیں جو عہد صدیقی کے اواخر میں باغی ہو چکا تھا ابلہ، دست میسان وغیرہ اسی علاقے میں واقع تھے، عتبہ رضی اللہ عنہ کو اس مہم پر بھیجتے وقت سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے یہ ہدایات دیں اللہ کے فضل و کرم پر بھروسہ کرتے ہوئے تم عرب کے انتہائی حدود کی طرف جہاں سے مملکت عجم شروع ہوتی ہے اپنے ساتھیوں کو لے کر روانہ ہو جاؤ، ہر حال میں خوف خدا اور پرہیز گاری سے کام لینا اور یہ بات ذہن میں رکھنا کہ تم ایک مکار دشمن کی سرزمین میں جا رہے ہو، مجھے امید ہے کہ اللہ تعالیٰ تمہاری مدد فرمائے گا، میں نے علاء بن عبد اللہ حضرمی کو لکھ بھیجا ہے کہ بعرفجة بْن هرثمة کی قیادت میں تمہیں کمک بھیجیں وہ ایک صاحب تدبیر اور جانباز آدمی ہیں تم ان سے تمام معاملات میں مشورہ کرنا، تمہارے راستے میں جو عرب قبائل آباد ہیں ان کو بھی جہاد پر آمادہ کرو اور اپنے ساتھ لے لو، اہل عجم کو پہلے اسلام کی دعوت دو وہ قبول کر لیں تو ان کو اپنا بھائی سمجھو اور اگر اسلام قبول نہ کریں تو ان کو جزیہ دینے پر مجبور کرو اگر اس پر بھی تیار نہ ہوں تو تلوار سے کام لو، اللہ تمہارا حامی و ناصر ہو۔ [1]

فسار عتبة وافتتح الأبلة

عتبہ رضی اللہ عنہ فارس کے شہر ابلہ کی طرف روانہ ہوئے، ایرانیوں نے مسلمانوں کا بڑی پامردی اور استقلال سے مقابلہ کیا اور کئی ہفتوں تک مسلمانوں کو شہر پر قابض نہ ہونے دیا بالآخر ایک خونریز معرکے میں مسلمانوں نے ایرانیوں کے سارے کس بل نکال دیئے اور وہ اپنے سینکڑوں آدمی کٹوا کر بھاگ کھڑے ہوئے۔ [2]

فتح الأبله فوجد فيها غنائم كثيرة، فكتب بخبرها إلى عمر، وأرسل الكتاب مع نافع وبعث بالكتاب مع نافع بن الحارث بن كلده الثقفى

عتبہ رضی اللہ عنہ فاتحانہ شہر میں داخل ہوئے، بے انتہا مال غنیمت ان کے ہاتھ آیا، کسی تاخیر کے بغیر انہوں نے فوراً نافع بن حارث بن کلدہ ثقفی کو امیرالمومنین سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کو اس فتح کی اطلاع دینے کے لیے خط دے کر روانہ کیا۔ عتبہ رضی اللہ عنہ بن غزوان نے امیرالمومنین سیدنا عمر رضی اللہ عنہ

[1] اسد الغابة ۳/۴۶۲
[2] اسد الغابة ۳/۵۵۸

کو فتح کی اطلاع ان الفاظ میں دی۔

اما بعد، فان الله، وله الحمد، فتح علينا الأبله، وهي مرقى سفن البحر من عمان، والبحرين، وفارس، والهند، والصين، واغنمنا ذهبهم وفضتهم وذراريهم، وانا كاتب إليك ببيان ذلك ان شاء الله

امابعد! اللہ عزوجل کا ہزار شکر ہے کہ اس نے ابلہ ہمارے لیے مسخر کر دیا، یہ مقام عمان، بحرین، فارس، ہند اور چین سے آنے والے جہازوں کی لنگر گاہ ہے، ہم نے مال غنیمت میں بہت کچھ حاصل کیا ہے میں ان شاء اللہ اس کی تفصیل عنقریب آپ کو لکھوں گا۔

فلما قدم على عمر رضى الله عنه تباشر المسلمون بذلك

جب وہ امیر المومنین سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کے پاس اس خط کو لے کر پہنچے تو فتح کی اطلاع پڑھ کر امیر المومنین سیدنا عمر رضی اللہ عنہ اور مسلمان بے حد مسرور ہوئے۔ (۱)

لما نزل عتبة بْن غزوان الخريبة كتب إِلَى عُمَر بْن الخطاب يعلمه نزوله إياها وأنه لا بد للمسلمين من منزل يشتون به إذا شتوا، ويكنسون فيه إذا انصرفوا من غزوهم،فكتب إليه اجمع أصحابك في موضع واحد وليكن قريبا منَ الماء والرعي واكتب إِلَى بصفته،فكتب إليه إني وجدت أرضا كثيرة القصبة في طرف البر إِلَى الريف ودونها مناقع ماء فيها قصباء، فلما قرأ الكتاب، قَالَ: هَذِهِ أرض نضرة قريبة منَ المشارب والمراعي والمحتطب وكتب إليه أن أنزلها الناس

جب عتبہ رضی اللہ عنہ بن غزوان ابلہ اور دجلہ کے تمام ساحلی علاقے اسلام کے زیر نگیں لاچکے تو انہوں نے امیر المومنین سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کو لکھا کہ مسلمانوں کو ایک ایسے مستقر کی ضرورت ہے جہاں وہ سردی سے محفوظ رہ سکیں اور جنگ سے واپس آئیں تو قیام کریں، امیر المومنین سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے جواب فرمایا اپنے ساتھیوں کو ایک جگہ جمع کر لو، یہ جگہ پانی اور سبزہ زار کے قریب ہونی چاہیے پھر مجھے اس کی مفصل کیفیت لکھو، جب عتبہ رضی اللہ عنہ نے پوری تفصیلات لکھ بھیجیں تو امیر المومنین سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے بصرہ کے محل وقوع کو پسند فرمایا اور شہر بسانے کی اجازت فرمادی۔ (۲)

واختط البصرة ، وأمر محجن ابن الأدرع فخط مسجد البصرة الأعظم

توعتبہ رضی اللہ عنہ بن غزوان نے بصرہ شہر کی بنیاد رکھی اور محجن ابن درع کو حکم دیا کہ وہ بصرہ میں جامع مسجد تیار کریں۔ (۳)

خَطَبَنَا عُتْبَةُ بْنُ غَزْوَانَ فكان أول خطبة خطبها بالبصرة فَحَمِدَ اللَّهَ، وَأَثْنَى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ: أَمَّا بَعْدُ فَإِنَّ الدُّنْيَا قَدْ آذَنَتْ بِصرمٍ، وَوَلَّتْ حَذَّاءً .وَإِنَّمَا بَقِيَ مِنْهَا صُبَابَةٌ كَصُبَابَةِ الإِنَاءِ. وَأَنْتُمْ مُنْتَقِلُونَ عَنْهَا إِلَى دَارٍ لا زَوَالَ لَهَا، فَانْتَقِلُوا

---

(۱) اخبار الطوال ۱/۱۱۷

(۲) فتوح البلدان ۱/۳۳۲

(۳) اسد الغابة ۳/۴۶۱

مِنْهَا بِخَيْرِ مَا بِحَضْرَتِكُمْ، فَإِنَّهُ ذُكِرَ لَنَا أَنَّ الْحَجَرَ يُلْقَى مِنْ شَفِيرِ جَهَنَّمَ، فَيَهْوِي سَبْعِينَ عَامًا لا يُدْرِكُ لَهَا قَعْرًا، وَاللَّهِ لَتُمْلأَنَّ ،فَعَجِبْتُمْ،وَلَقَدْ ذُكِرَ لَنَا أَنَّ مَا بَيْنَ مِصْرَاعَيْنِ مِنْ مَصَارِيعِ الْجَنَّةِ مَسِيرَةُ أَرْبَعِينَ عَامًا، وَلَيَأْتِيَنَّ عَلَيْهَا يَوْمٌ، وَلِلْبَابِ كَظِيظٌ مِنَ الزِّحَامِ

جب مسجد تیار ہوگئی تو عتبہ رضی اللہ عنہ بن غزوان نے خطبہ ارشاد فرمایا اور یہ شہر بصرہ میں نو تعمیر جامع مسجد میں جمعہ کا پہلا خطبہ تھا جس میں انہوں نے پہلے اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا بیان کی اس کے بعد فرمایا لوگو! یہ دنیا چند روزہ ہے یہ بہت جلد ہم سے اپنی پیٹھ پھیرنے والی ہے، اس کا بڑا حصہ گزر چکا ہے اور تھوڑا باقی رہ گیا ہے جس طرح کسی برتن کا پانی پھینک دینے کے بعد آخر میں کچھ دیر تک اس سے قطرہ قطرہ پانی ٹپکتا ہے، بے شک تم اس دار فانی سے جلد ایک ایسی جگہ جانے والے ہو جس کو کبھی زوال نہیں پھر اس ابدی ٹھکانے کے لیے سامان کیوں تیار نہیں کرتے؟ یہ سامان تو بس نیکی ہے، لوگو! مجھے میرے آقا محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے بتایا ہے کہ جہنم اس قدر وسیع اور عمیق ہے کہ اس کے کنارے سے ایک پتھر پھینکا جائے تو ستر سال میں بھی اس کی تہہ تک نہیں پہنچتا اور اللہ کی قسم! ایک دن یہ جہنم ضرور بھری جائے گی کیا تمہیں یہ تعجب ہے؟ اللہ کی قسم! مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بتایا ہے کہ جنت اس قدر وسیع ہو گی کہ اس کا ایک دروازہ دوسرے دروازے سے چالیس سال کی مسافت پر ہو گا لیکن ایک دن ایسا بھی آئے گا کہ جنت کے حق داروں کا ان پر بے پناہ ہجوم ہو گا،

وَلَقَدْ رَأَيْتُنِي وَأَنَا سَابِعُ سَبْعَةٍ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ما لنا طَعَامٌ إلا وَرَقُ الشَّجَرِ، حَتَّى تَقَرَّحَتْ أَشْدَاقُنَا فالتقط بردة فاشتققتها بنى وَبَيْنَ سَعْدِ بْنِ مَالِكٍ، فَأْتَزَرْتُ بِبَعْضِهَا وَأْتَزَرَ بِبَعْضِهَا فَمَا أَصْبَحَ الْيَوْمَ مِنَّا وَاحِدٌ إلا وَهُوَ أَمِيرٌ عَلَى مِصْرٍ مِنَ الأَمْصَارِوَإِنِّي أَعُوذُ بِاللَّهِ أَنْ أَكُونَ فِي نَفْسِي عَظِيمًا وعند الناس صغيرا فإنّها لم تكن نُبُوَّةٌ إِلا تَنَاسَخَتْ، حَتَّى تَكُونَ عَاقِبَتُهَا مُلْكًا، وَسَتَبْلُونَ الأُمَرَاءَ، أَوْ قَالَ :سَتُجَرِّبُونَ الأُمَرَاءَ بَعْدِي

لوگو! ایک دن وہ تھا کہ میرے علاوہ صرف چھ آدمی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے اور ہماری عسرت اور ناداری کا یہ عالم تھا کہ درختوں کے پتوں کے سوا ہمیں کھانے کے لیے کوئی چیز میسر نہیں تھی یہاں تک کہ ہمارے جبڑے چھل گئے تھے، اور ہمارا لباس؟ تو اس کی کیفیت یہ تھی کہ ایک دن میں نے ایک چادر پڑی پائی تو اس کا پھاڑ کر دو حصے کیے ایک کا میں نے تہبند بنایا اور دوسرے کا سعد رضی اللہ عنہ بن مالک (ابی وقاص) نے، آج اللہ نے ہم پر یہ فضل کیا ہے کہ ہم میں سے ہر ایک کسی نہ کسی شہر کا امیر ہے میں اللہ سے اس بات کی پناہ چاہتا ہوں کہ اپنے آپ کو بڑا سمجھوں؟ حالانکہ اس کے نزدیک میں حقیر ترین مخلوق ہوں، لوگو! اچھی طرح سن لو کہ نبوت ختم ہو چکی ہے اور مجھے یوں معلوم ہوتا ہے کہ انجام کار بادشاہت قائم ہو گی، تم میرے بعد آنے والے امیروں کو آزما کر دیکھ لینا (یہ خطبہ کیا تھا ایک تازیانہ عبرت تھا جس نے سامعین پر رقت طاری کر دی اور شدت جذبات سے اکثر کی چیخیں نکل گئیں)۔ [1]

---

(1) الاستيعاب في معرفة الأصحاب١٠٢٨/٣،سير السلف الصالحين لإسماعيل بن محمد الأصبهاني٥٧٩/١،تهذيب الكمال في أسماء الرجال١٣٦/٨

مضامین سورۃ الدھر :

چھوٹے چھوٹے مگر انتہائی موثر انداز سے انسان کو اس دور کی یاد دلائی گئی جب اس انسان کا کائنات میں کوئی ذکر یا وجود تک نہ تھا، پھر نہ ہی یہ کائنات خود بخود اتفاقاً وجود میں آ گئی اور نہ انسان اور دوسری بے شمار مخلوقات، بلکہ اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت کاملہ سے یہ عظیم الشان کائنات تخلیق فرمائی اور اس کا ایک بے داغ نظام مقرر فرمایا، اور ایک حقیر مخلوط نطفے سے انسان کی تخلیق کے لئے مختلف مراحل اور مدارج مقرر فرمائے اور اس دنیا میں پہنچنے کا سبب اور وسیلہ اس کی ماں کو بنایا گیا جو خود اس نومولود بچے کی جنس شکل و صورت، قد و قامت صلاحیتیں، قابلیتیں اور دیگر حقائق سے بے خبر تھی، جب انسان اس دنیا میں آیا تو اس کو اشرف المخلوقات کا درجہ دیا گیا، اس کو خلیفہ فی الارض بنا کر زمین پر اتارا گیا تا کہ اس کے عقل و شعور اور کردار کا امتحان لیا جا سکے، کیونکہ انسان کی جبلت میں سہو و نسیان بھی ہے اس لئے اللہ تعالیٰ نے انبیاء و رسل کا سلسلہ شروع فرمایا جو اس انسان کو اس کا مقصد تخلیق یاد دلاتے رہے، اللہ نے انسان کی ہدایت و رہنمائی کے لئے پیغمبروں پر کتابیں نازل فرمائیں، ان تمام باتوں کا مقصد یہ تھا کہ انسان کا پتا چلایا جائے کہ عقل و شعور اور نازل کردہ ہدایت و رہنمائی کی روشنی کے باوجود کون کفر کی راہ اختیار ہے اور کون اللہ کا شکر گزار بندہ بن کر زندگی بسر کرتا ہے، کفار کے انجام بد کا ذکر کرنے کے بعد ان لوگوں کے اوصاف بیان فرمائے جو اپنی حیثیت سمجھ کر اللہ کے شکر گزار بندے ہیں اور پھر وہ خصوصیات بیان کی گئیں جن کے باعث انسانوں کو آخرت میں بلند ترین مناصب عطا کیے جائیں گے۔

دوسرے رکوع میں رسول اللہ ﷺ کو مخاطب کر کے تین باتیں ارشاد فرمائیں۔

✿ یہ کہ ہم اپنی حکمت کے تحت قرآن کو تھوڑا تھوڑا اس لئے نازل کر رہے ہیں کہ آپ کے دل میں اس کو محفوظ کر دیا جائے نیز یہ کہ کفار یہ نہ کہیں کہ یہ خود اس کا اپنا تصنیف کردہ کلام ہے۔

✿ کفار کی بد کرداری اور کفر کے باعث ان پر اگر عذاب الٰہی میں تاخیر ہو تو آپ کو گھبرانا نہیں چاہئے بلکہ صبر و استقلال کے ساتھ اپنا کام جاری رکھیں۔

✿ یا حکام الٰہی پر استقامت و دوام سے دلوں کو تقویت ملتی ہے، اس لئے ہر حال میں شب و روز اللہ کو یاد کریں، نمازوں کی پابندی کریں، راتوں کو ہر طرف سے کٹ کر اللہ کی بارگاہ میں گڑگڑائیں تا کہ کفار کے مقابلے میں آپ کو ثابت قدمی نصیب ہو۔

کفار کی غلط روش پر تنبیہ کر کے فرمایا کہ ان کے انکار کی اصل وجہ یہ ہے کہ ان کو آخرت کی جوابدہی کا احساس نہیں، اس سورۃ میں کفر اور ظلم کی مذمت کی گئی جبکہ شکر، ذکر الٰہی، مسکینوں کو کھانا کھلانے اور صبر و استقامت کی عظمت کا ذکر ہوا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے

هَلۡ اَتٰی عَلَی الۡاِنۡسَانِ حِیۡنٌ مِّنَ الدَّهۡرِ لَمۡ یَکُنۡ شَیۡـًٔا مَّذۡکُوۡرًا ﴿۱﴾ اِنَّا خَلَقۡنَا الۡاِنۡسَانَ

یقیناً گزرا ہے انسان ایک وقت زمانے میں جب کہ یہ کوئی قابل ذکر چیز نہ تھا، بیشک ہم نے انسان کو ملے

مِنۡ نُّطۡفَةٍ اَمۡشَاجٍ ۖ نَّبۡتَلِيۡهِ فَجَعَلۡنٰهُ سَمِيۡعًۢا بَصِيۡرًا ۝۲ اِنَّا هَدَيۡنٰهُ السَّبِيۡلَ

جلے نطفے سے امتحان کے لیے پیدا کیا اور اس کو سنتا دیکھتا بنایا، ہم نے اسے راہ دکھائی

اِمَّا شَاكِرًا وَّ اِمَّا كَفُوۡرًا ۝۳ (الدھر ۱تا۳)

اب خواہ وہ شکر گزار بنے خواہ ناشکرا۔

سورۂ قیامہ میں انسان کو دلائل کے ساتھ آخرت کی حقیقی کیفیت بیان کی گئی تھی، اس سورۂ میں بھی انتہائی موثر طریقے سے انسان کو دنیا میں اس کی حقیقی حیثیت ذہن نشین کی گئی ہے کہ اے انسان! جب تو وجود میں آنے سے پہلے پردہ عدم میں تھا اور کوئی قابل ذکر چیز نہ تھا پھر جب اللہ نے انسان کو پیدا کرنے کا ارادہ فرمایا تو آدم علیہ السلام کو بدبودار کھنکھناتی مٹی سے بنایا، جیسے فرمایا:

خَلَقَ الۡاِنۡسَانَ مِنۡ صَلۡصَالٍ كَالۡفَخَّارِ ۝۱۴ [1]

ترجمہ: اسی نے انسان کو ٹھیکرے کی طرح کھنکھناتی ہوئی مٹی سے پیدا کیا۔

پھر اس کی نسل کو مسلسل بنایا، اللہ نے اپنی قدرت کاملہ سے مرد و عورت کے اس مرکب نطفے کو مختلف مراحل و مدارج سے گزار کر مکمل انسان بنایا،

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: مَاءُ الْمَرْأَةِ وَمَاءُ الرَّجُلِ يَخْتَلِطَانِ

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اس سے مراد مرد اور عورت کا پانی ہے جب وہ دونوں جمع ہو کر آپس میں مل جاتے ہیں۔ [2]

خوبصورت شکل وصورت اور متناسب جسم وجاں کے ساتھ ماں کے پیٹ سے باہر نکالا جیسے فرمایا:

۔۔۔وَبَدَاَ خَلۡقَ الۡاِنۡسَانِ مِنۡ طِيۡنٍ ۝۷ ثُمَّ جَعَلَ نَسۡلَهٗ مِنۡ سُلٰلَةٍ مِّنۡ مَّآءٍ مَّهِيۡنٍ ۝۸ ثُمَّ سَوّٰىهُ۔۔۔ ۝۹ [3]

ترجمہ: اس نے انسان کی تخلیق کی ابتدا گارے سے کی، پھر اس کی نسل ایک ایسے ست سے چلائی جو حقیر پانی کی طرح ہے، پھر اس کو نک سک سے درست کیا۔

پیدائش سے پہلے ہی اس کے رزق کا بندوبست فرمایا، والدین کی دلوں میں محبت ڈالی جو ناتوانی میں اسے اٹھائے اٹھائے پھرتے ہیں، ناتوانی کے بعد خوب توانا کیا، جوڑ بازوؤں کو مضبوط کیا، عقل وشعور بخشا، انواع اقسام کی بے شمار نعمتیں عطا فرمائیں اب تو اپنی حیثیت وحقیقت کو بھول کر خالق حقیقی کا شکر گزار ہونے کے بجائے اس کے سامنے اکڑتا اور اتراتا ہے اور کہتا ہے کہ اعمال کی جزا کے لئے رب کے حضور پیش نہیں ہونا، کیا انسان یہ سمجھتا ہے کہ اس وسیع وعریض کائنات کا نظام اتفاقاً قائم ہو گیا ہے، کیا تم سب مرد وعورت یوں ہی اتفاقاً پیدا ہو گئے ہو یا مرد وعورت کے ارتقائی اعضا اتفاقاً وجود میں آ گئے ہیں، کیا انسانوں، صحت بخش دودھ دینے اور سواری و مال برداری والے جانوروں، عظیم

[1] الرحمٰن ۱۴

[2] تفسیر طبری ۸۹؍۲۴

[3] السجدۃ ۷تا۹

الجثہ حیوانوں، خونخوار درندوں، ہواؤں میں پرواز کرتے چھوٹے بڑے رنگ برنگے پرندوں، زمین پر رینگنے والے انواع اقسام کے حشرات الارض اور سمندروں میں ان گنت مخلوقات میں تخلیق کا نظام بھی اتفاقاً ہی چل رہا ہے، یا کیا اللہ نے تمہیں محض کھیل کے طور پر پیدا کر دیا ہے اے غفلت میں ڈوبے انسان! ایسا ہرگز نہیں ہے۔

وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ﴿١٦﴾ [١]

ترجمہ: ہم نے اس آسمان اور زمین کو اور جو کچھ بھی ان میں ہے کچھ کھیل کے طور پر نہیں بنایا ہے۔

نہ یہ عظیم الشان کائنات اتفاقاً وجود میں آ گئی ہے، نہ ہی تمام مخلوقات میں زندگی کا یہ مربوط نظام اتفاقاً چل رہا ہے، اور نہ ہی اللہ نے یہ سارا نظام محض کھیل کے طور پر تخلیق فرمایا ہے بلکہ اللہ تعالیٰ نے ایک سوچے ہوئے منصوبے کے تحت یہ کارخانہ چلایا ہے، اس نے انسان کو اشرف المخلوقات کا درجہ اس لئے دیا ہے، اسے زمین پر خلیفہ اس لئے بنایا گیا ہے، دوسری مخلوقات کے برعکس انسان کو ہوش و گوش یعنی علم و عقل کی قوتیں اس لئے عطا فرمائیں ہیں تاکہ وہ اطاعت و معصیت میں تمیز کر سکے، اس کے علاوہ چونکہ انسان کی جبلت میں سہو و نسیان بھی ہے، اس لئے اللہ نے محض علم و عقل کی صلاحتیں دے کر ہی نہیں چھوڑ دیا بلکہ اللہ نے یہ احسان بھی فرمایا کہ انبیاء، نازل کردہ کتابوں اور داعیان حق کے ذریعے سے شکر اور کفر، اطاعت و معصیت کے دونوں راستے کھول دیئے ہیں، جیسے فرمایا

وَالْاَرْضِ وَمَا طَحٰىهَا ۝ ﴿٦﴾ وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰىهَا ۝ ﴿٧﴾ فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰىهَا ۝ ﴿٨﴾ [٢]

ترجمہ: اور زمین کی اور اس ذات کی قسم جس نے اسے بچھایا، اور انسان کی اور اس کی جس نے اس کے اعضاء کو برابر کیا پھر اس کو بدکاری سے بچنے اور پرہیزگاری اختیار کرنے کی سمجھ دی۔

وَهَدَيْنٰهُ النَّجْدَيْنِ ﴿١٠﴾ [٣]

ترجمہ: اور (نیکی اور بدی کے) دونوں نمایاں راستے اسے (نہیں) دکھا دیے؟۔

انسان کو ضمیر عطا کیا جو اسے بھلائی پر اکساتا ہے اور برائی سے روکتا ہے اور برائی کرنے پر ملامت کرتا ہے، اخلاقی حس عطا کی گئی جس سے وہ بھلائی اور برائی میں فرق کرتا ہے، عبرت کے لئے تاریخی واقعات اس کے سامنے رکھے، انسان کو زندگی کی مہلت دی تاکہ وہ اس سے فائدہ اٹھا کر ہدایت و رہنمائی کی روشنی اور اپنی عقل و شعور، فہم و فراست سے کام لے کر سیدھے راستے کا انتخاب کر سکے، اللہ نے یہ سب کچھ اس لئے کیا ہے تاکہ اسے معلوم ہو جائے کہ دنیا کے اس امتحان میں کون اطاعت الٰہی کا راستہ اختیار کر کے عبادت گزار اور شکر گزار بندہ بنتا ہے اور کون معصیت کا راستہ اختیار کر کے اس کا ناشکرا بندہ بنتا ہے، جیسے فرمایا:

الَّذِيْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَيٰوةَ لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ... ﴿٢﴾ [٤]

[١] الانبیاء ۱۶

[٢] الشمس ۶ تا ۸

[٣] البلد ۱۰

[٤] الملک ۲

ترجمہ: جس نے موت اور زندگی کو ایجاد کیا تا کہ تم لوگوں کو آزما کر دیکھے تم میں کون بہتر عمل کرنے والا ہے۔

وَاَمَّا ثَمُوْدُ فَهَدَيْنٰهُمْ فَاسْتَحَبُّوا الْعَمٰى عَلَى الْهُدٰى ... ۝۱۷ [1]

ترجمہ: رہے ثمود تو ان کے سامنے ہم نے راہ راست پیش کی مگر انہوں نے راستہ دیکھنے کے بجائے اندھا بنا رہنا ہی پسند کیا۔

عَنْ أَبِي مَالِكٍ الْأَشْعَرِيِّ قَالَ : قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :الطُّهُورُ شَطْرُ الْإِيمَانِ وَالْحَمْدُ لِلَّهِ تَمْلَأُ الْمِيزَانَ، وَسُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلَّهِ تَمْلَآنِ - أَوْ تَمْلَأُ - مَا بَيْنَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ، وَالصَّلَاةُ نُورٌ، وَالصَّدَقَةُ بُرْهَانٌ وَالصَّبْرُ ضِيَاءٌ، وَالْقُرْآنُ حُجَّةٌ لَكَ أَوْ عَلَيْكَ، كُلُّ النَّاسِ يَغْدُو فَبَايِعٌ نَفْسَهُ فَمُعْتِقُهَا أَوْ مُوبِقُهَا

ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا طہارت نصف ایمان کے برابر ہے ،اور الحمد للہ میزان کو بھر دے گا اور سبحان اللہ اور الحمد للہ سے زمین وآسمان کی درمیانی فضا بھر جائے گی اور نماز نور ہے اور صدقہ دلیل ہے اور صبر روشنی ہے اور قرآن تیرے لئے حجت ہو گا یا تیرے خلاف ہو گا ہر شخص صبح کو اٹھتا ہے اپنے نفس کو فروخت کرنے والا ہے یا اس کو آزاد کرنے والا ہے (یعنی اپنے عمل وکسب کے ذریعے سے ہلاک یا آزاد کراتا ہے ،اگر شر کمائے گا تو اپنے نفس کو ہلاک اور خیر کمائے گا تو نفس کو آزاد کرا لے گا)۔ [2]

عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِكَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ :أَعَاذَكَ اللَّهُ مِنْ إِمَارَةِ السُّفَهَاءِ ، قَالَ : وَمَا إِمَارَةُ السُّفَهَاءِ؟، قَالَ :أُمَرَاءُ يَكُونُونَ بَعْدِي، لَا يَقْتَدُونَ بِهَدْيِي، وَلَا يَسْتَنُّونَ بِسُنَّتِي، فَمَنْ صَدَّقَهُمْ بِكَذِبِهِمْ، وَأَعَانَهُمْ عَلَى ظُلْمِهِمْ، فَأُولَئِكَ لَيْسُوا مِنِّي، وَلَسْتُ مِنْهُمْ، وَلَا يَرِدُوا عَلَيَّ حَوْضِي، وَمَنْ لَمْ يُصَدِّقْهُمْ بِكَذِبِهِمْ، وَلَمْ يُعِنْهُمْ عَلَى ظُلْمِهِمْ، فَأُولَئِكَ مِنِّي وَأَنَا مِنْهُمْ، وَسَيَرِدُوا عَلَيَّ حَوْضِي. يَا كَعْبُ بْنَ عُجْرَةَ، الصَّوْمُ جُنَّةٌ، وَالصَّدَقَةُ تُطْفِئُ الْخَطِيئَةَ، وَالصَّلَاةُ قُرْبَانٌ - أَوْ قَالَ: بُرْهَانٌ - يَا كَعْبُ بْنَ عُجْرَةَ، إِنَّهُ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ لَحْمٌ نَبَتَ مِنْ سُحْتٍ النَّارُ، أَوْلَى بِهِ. يَا كَعْبُ بْنَ عُجْرَةَ، النَّاسُ غَادِيَانِ: فَمُبْتَاعٌ نَفْسَهُ فَمُعْتِقُهَا، وَبَائِعٌ نَفْسَهُ فَمُوبِقُهَا

جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کعب بن عجرہ سے فرمایا اللہ تجھے بیوقوفوں کی سرداری سے بچائے، کعب رضی اللہ عنہ نے عرض کیا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم بیوقوفوں کی سرداری کیا ہے؟ فرمایا وہ میرے بعد کے سردار ہوں گے جو میری سنتوں پر نہ عمل کریں گے نہ میرے طریقوں پر چلیں گے پس جو لوگ ان کے جھوٹ کی تصدیق کریں اور ان کے ظلم کی امداد کریں وہ نہ میرے ہیں اور نہ میں ان کا ہوں، یاد رکھو وہ میرے حوض کوثر پر بھی نہیں آسکتے ،اور جو ان کے جھوٹ کو سچا نہ کرے اور ان کے ظلموں میں ان کا مددگار نہ بنے وہ میرا ہے اور میں اس کا ہوں یہ لوگ میرے حوض کوثر پر مجھ سے ملیں گے ،اے کعب رضی اللہ عنہ! روزہ ڈھال ہے اور صدقہ خطاؤں کو میٹ دیتا ہے ،اور نماز اللہ کے قرب کا سبب ہے یا فرمایا کہ دلیل نجات ہے ،اے کعب رضی اللہ عنہ! وہ گوشت پوست جنت میں نہیں جا سکتا جو حرام سے پلا ہو ،وہ تو جہنم میں ہی جانے کے قابل ہے ،اے کعب رضی اللہ عنہ! لوگ ہر صبح اپنے نفس کی خرید وفروخت کرتے ہیں، کوئی تو اسے

---

[1] حم السجدة ۱۷

[2] صحیح مسلم کتاب الطهارة بَابُ فَضْلِ الْوُضُوءِ ۵۳۴، جامع ترمذی ابواب الدعوات بَاب مَا جَاءَ فِي عَقْدِ التَّسْبِيحِ بِالْيَدِ ۳۵۱۷

آزاد کر لیتا ہے اور کوئی ہلاک کر گزرتا ہے۔ ①

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ خَارِجٍ يَخْرُجُ - يَعْنِي مِنْ بَيْتِهِ - إِلَّا بِبَابِهِ رَايَتَانِ: رَايَةٌ بِيَدِ مَلَكٍ، وَرَايَةٌ بِيَدِ شَيْطَانٍ، فَإِنْ خَرَجَ لِمَا يُحِبُّ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ، اتَّبَعَهُ الْمَلَكُ بِرَايَتِهِ، فَلَمْ يَزَلْ تَحْتَ رَايَةِ الْمَلَكِ حَتَّى يَرْجِعَ إِلَى بَيْتِهِ، وَإِنْ خَرَجَ لِمَا يُسْخِطُ اللهَ، اتَّبَعَهُ الشَّيْطَانُ بِرَايَتِهِ، فَلَمْ يَزَلْ تَحْتَ رَايَةِ الشَّيْطَانِ، حَتَّى يَرْجِعَ إِلَى بَيْتِهِ

اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو نکلنے والا نکلتا ہے اس کے دروازے پر دو جھنڈے ہوتے ہیں ایک فرشتے کے ہاتھ میں دوسرا شیطان کے ہاتھ میں، پس اگر وہ اس کام کے لئے نکلا جو اللہ کی مرضی کا کام ہے تو فرشتہ اپنا جھنڈا لئے ہوئے اس کے ساتھ ہو لیتا ہے اور یہ واپسی تک فرشتے کے جھنڈے تلے ہی رہتا ہے اور اگر اللہ کی ناراضگی کے کام کے لئے نکلا ہے تو شیطان اپنا جھنڈا لگائے اس کے ساتھ ہو لیتا ہے اور واپسی تک یہ شیطان کے جھنڈے تلے رہتا ہے۔ ②

اِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ سَلٰسِلَاۡ وَ اَغْلٰلًا وَّ سَعِيْرًا ④ اِنَّ الْاَبْرَارَ يَشْرَبُوْنَ

یقیناً ہم نے کافروں کے لیے زنجیریں اور طوق اور شعلوں والی آگ تیار کر رکھی ہے، بیشک نیک لوگ وہ جام پئیں گے

مِنْ كَاْسٍ كَانَ مِزَاجُهَا كَافُوْرًا ⑤ عَيْنًا يَّشْرَبُ بِهَا

جس کی امیزش کافور کی ہے جو ایک چشمہ ہے جس سے اللہ کے بندے پئیں گے،

عِبَادُ اللّٰهِ يُفَجِّرُوْنَهَا تَفْجِيْرًا ⑥ (الدھر ۴ تا ۶)

اس کی نہریں نکال لے جائیں گے (جدھر چاہیں)۔

## زنجیریں، طوق اور شعلے:

ان تمام انعامات و احسانات اور نعمتوں کے بعد بھی جو شخص عقل و خرد سے بیگانہ ہو کر حیوانوں والی زندگی گزارے گا، دنیا کی عارضی لذات اور عیش و آرام کو آخرت پر ترجیح دے گا، اللہ کو مالک حقیقی جان کر شکر گزار ہونے اور اللہ وحدہ لاشریک اور خاتم الانبیاء محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اطاعت گزار ہونے کے بجائے نافرمانی کے ارتکاب کی جسارت کر کے شیطان مردود جو انسان کا پکا و واضح دشمن ہے کا پیروکار بنے گا تو ایسے بدبخت کا انجام جہنم ہی ہے جس میں اسے ستر ہاتھ لمبی زنجیروں میں جکڑ کر، جیسے فرمایا:

ثُمَّ فِيْ سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا سَبْعُوْنَ ذِرَاعًا فَاسْلُكُوْهُ ㉜ ③

① مسند احمد ۱۴۴۴۱، صحیح ابن حبان ۴۵۱۴، مستدرک حاکم ۸۳۰۲، الآداب للبیہقی ۳۰۰، شعب الایمان ۸۹۵۲، شرح السنة للبغوی ۲۰۲۹، جامع

② مسند احمد ۸۲۸۶

③ الحاقة ۳۲

ترجمہ: پھراس کوستر ہاتھ لمبی زنجیر میں جکڑ دو۔

گردن میں طوق ڈال کریعنی ہاتھوں کو گردن کے ساتھ باندھ اور جکڑ کر، پاؤں میں زنجیریں ڈال کر منہ کے بل گھسٹے ہوئے ہمیشہ کے لئے جہنم کے دہکتے ہوئے شعلوں میں ڈال دیا جائے گا، جیسے فرمایا

اِذِ الْاَغْلٰلُ فِیْٓ اَعْنَاقِهِمْ وَ السَّلٰسِلُؕ یُسْحَبُوْنَۙ ﴿۷۱﴾ فِی الْحَمِیْمِ ۙ۬ ثُمَّ فِی النَّارِ یُسْجَرُوْنَۚ ﴿۷۲﴾ [1]

ترجمہ: جب طوق ان کی گردنوں میں ہوں گے اور زنجیریں جن سے پکڑ کر وہ کھولتے ہوئے پانی کی طرف کھینچے جائیں گے اور پھر دوزخ کی آگ میں جھونک دیے جائیں گے۔

جہنم کی یہ آگ ان کے جسموں کے ساتھ مزید بھڑکے گی، جب یہ کھالیں جل جائیں گی تو اللہ ان کے جسموں پر اور کھال پیدا کر دے گا اسی طرح عذاب کا یہ عمل جاری وساری رہے گا، جیسے فرمایا:

...كُلَّمَا نَضِجَتْ جُلُوْدُهُمْ بَدَّلْنٰهُمْ جُلُوْدًا غَیْرَهَا لِیَذُوْقُوا الْعَذَابَ... ﴿۵۶﴾ [2]

ترجمہ: اور جب ان کے بدن کی کھال گل جائے گی تو اس کی جگہ دوسری کھال پیدا کر دیں گے تا کہ وہ خوب عذاب کا مزا چکھیں۔

ان لوگوں کے برعکس وہ لوگ جنہوں نے اللہ وحدہ لاشریک ہی کو رزاق جانا، مشکلات وتکالیف اور پریشانیوں میں اللہ ہی کو مشکل کشا اور حاجت روا مانا، اللہ کی عنایت کردہ بے شمار نعمتوں پر اکڑنے اور اترانے کے بجائے شکر گزار رہے، اللہ تعالیٰ اور سید العالمین ﷺ کے اطاعت کا حق ادا کیا، اظہار بندگی کے لئے فرض اور نفلی نمازوں کا اہتمام اور اپنی پاکیزہ کمائی کو چاہت کے باوجود اللہ کی رضا و خوشنودی کے لئے سائل ومحرومین میں تقسیم اور دوسرے فرائض بجالاتے رہے، جیسے فرمایا:

..وَاٰتَی الْمَالَ عَلٰی حُبِّهٖ ذَوِی الْقُرْبٰی وَالْیَتٰمٰی وَالْمَسٰكِیْنَ وَابْنَ السَّبِیْلِۙ وَالسَّآىِٕلِیْنَ وَفِی الرِّقَابِ... ﴿۱۷۷﴾ [3]

ترجمہ: اور اللہ کی محبت میں اپنا دل پسند مال رشتے داروں اور یتیموں پر مسکینوں اور مسافروں پر، مدد کے لیے ہاتھ پھیلانے والوں پر اور غلاموں کی رہائی پر خرچ کرے۔

لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰی تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ... ﴿۹۲﴾ [4]

ترجمہ: تم نیکی کو نہیں پہنچ سکتے جب تک کہ اپنی وہ چیزیں (اللہ کی راہ میں) خرچ نہ کرو جنہیں تم عزیز رکھتے ہو۔

حَدَّثَنَا أَبُو هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ :جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ : يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَيُّ الصَّدَقَةِ أَعْظَمُ أَجْرًا؟قَالَ :أَنْ تَصَدَّقَ وَأَنْتَ صَحِيحٌ شَحِيحٌ تَخْشَى الفَقْرَ، وَتَأْمُلُ الغِنَى، وَلاَ تُمْهِلُ حَتَّى إِذَا بَلَغَتِ الحُلْقُومَ، قُلْتَ لِفُلاَنٍ كَذَا، وَلِفُلاَنٍ كَذَا وَقَدْ كَانَ لِفُلاَنٍ

[1] المومن ۷۱تا۷۲

[2] النساء ۵۶

[3] البقرة۱۷۷

[4] آل عمران۹۲

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ایک شخص نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور پوچھا کس طرح کے صدقہ میں سب سے زیادہ ثواب ہے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس صدقہ میں جسے تم صحت کے ساتھ بخل کے باوجود کرو، تمہیں ایک طرف تو فقیری کا ڈر ہو اور دوسری طرف مالدار بننے کی تمنا اور امید ہو اور (اس صدقہ خیرات میں) ڈھیل نہ ہونی چاہیے کہ جب جان حق تک آجائے تو اس وقت تو کہنے لگے کہ فلاں کے لئے اتنا اور فلاں کے لئے اتنا حالانکہ وہ تو اب فلاں کا ہو چکا۔[1]

گویا اللہ کے نزدیک گنتی کے بجائے وہ دلی حالت معتبر ہے جس کے ساتھ صدقہ کیا جاتا ہے۔

جو گفتار و کردار میں فرعون بننے کے بجائے اللہ کے بندوں کے ساتھ انکساری سے پیش آتے رہے، دعوت حق کو پہنچانے کے لئے جدوجہد کرتے رہے، الغرض جن لوگوں نے رب کی رضا اور آخروی زندگی میں کامیابی کے لئے آخرت کو دنیا پر ترجیح دی انہیں بلند ترین مناصب عطا کیے جائیں گے اور انعام کے طور پر انہیں انواع و اقسام کی لازوال نعمتوں بھری جنتوں میں داخل کیا جائے گا جہاں نہ انہیں کوئی خوف ہوگا نہ غم لاحق ہوگا، جیسے فرمایا:

یٰعِبَادِ لَا خَوْفٌ عَلَیْكُمُ الْیَوْمَ وَلَاۤ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ۚ﴿۶۸﴾ [2]

ترجمہ: اے میرے بندو! آج تمہارے لئے کوئی خوف نہیں اور نہ تمہیں کوئی غم لاحق ہوگا۔

خدام جنت خدمت میں حاضر ہوں گے، وہ انہیں کافور کی آمیزش والی ٹھنڈی شراب کے چھلکتے ہوئے جام پیش کریں گے، کافور ملی یہ شراب صراحیوں یا مٹکوں میں نہیں ہوگی کہ ختم ہو جانے کا اندیشہ ہو بلکہ یہ ہمیشہ جاری رہنے والا ایک چشمہ ہوگا، جنتی اگر اسے اپنے سفید موتیوں کے محلات و منازل، مجلسوں، بیٹھکوں اور باغات یا دلفریب تفریح گاہوں میں جس طرف اسے لے جانا چاہیں گے ان کے ایک اشارے پر یہ اس طرف رواں دواں ہو جائے گا۔

عَنْ مُجَاهِدٍ، قَوْلُهُ: {يُفَجِّرُونَهَا تَفْجِيرًا} [3] قَالَ: يَقُودُونَهَا حَيْثُ شَاءُوا

مجاہد رحمہ اللہ فرماتے ہیں ’’اور جہاں چاہیں گے بسہولت اس کی شاخیں نکال لیں گے‘‘ سے مراد یہ ہے اس چشمے سے نہر نکال کر جہاں چاہیں گے لے جائیں گے۔[4]

الغرض دنیا میں چاہے تم کتنا ہی مال و دولت، حیثیت و مرتبہ، طاقت و قوت حاصل کر لو، دنیا کی ہر نعمت کو حاصل نہیں کر سکتے، کوئی نہ خلش تمہارے دلوں میں ضرور رہے گی، مگر اللہ کی جنتوں میں تم وہ سب کچھ پاؤ گے جو تم تمنا کرو گے، جیسے فرمایا

---

[1] صحیح بخاری کتاب الزکاۃ بَابُ فَضْلِ صَدَقَةِ الشَّحِيحِ الصَّحِيحِ ۱۴۱۹، صحیح مسلم کتاب الزکاۃ بَابُ بَيَانِ أَنَّ أَفْضَلَ الصَّدَقَةِ صَدَقَةُ الصَّحِيحِ الشَّحِيحِ ۲۳۸۲، سنن ابوداودکتاب الوصایا بَابُ مَا جَاءَ فِي كَرَاهِيَةِ الْإِضْرَارِ فِي الْوَصِيَّةِ ۲۸۶۵، سنن نسائی کتاب الزکوٰۃ بَابُ أَيُّ الصَّدَقَةِ أَفْضَلُ ۲۵۴۳

[2] الزخرف ۶۸

[3] الإنسان: ۶

[4] تفسیرطبری ۹۴؍۲۴

لَهُمْ فِيهَا فَاكِهَةٌ وَّلَهُمْ مَّا يَدَّعُوْنَ ۝ [1]

ترجمہ: ہر قسم کی لذیذ چیزیں کھانے پینے کو ان کے لیے وہاں موجود ہیں، جو کچھ وہ طلب کریں ان کے لیے حاضر ہے۔

يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِصِحَافٍ مِّنْ ذَهَبٍ وَّاَكْوَابٍ ۚ وَفِيهَا مَا تَشْتَهِيهِ الْاَنْفُسُ وَتَلَذُّ الْاَعْيُنُ... ۝ [2]

ترجمہ: ان کے آگے سونے کے تھال اور ساغر گردش کرائے جائیں گے اور ہر من بھاتی اور نگاہوں کو لذت دینے والی چیز وہاں موجود ہو گی۔

يُوْفُوْنَ بِالنَّذْرِ وَ يَخَافُوْنَ يَوْمًا كَانَ شَرُّهٗ مُسْتَطِيْرًا ۝ وَ يُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ

جو نذر پوری کرتے ہیں اور اس دن سے ڈرتے ہیں جس کی برائی چاروں طرف پھیل جانے والی ہے، اور اللہ تعالیٰ کی محبت میں

عَلٰى حُبِّهٖ مِسْكِيْنًا وَّ يَتِيْمًا وَّ اَسِيْرًا ۝ اِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللّٰهِ لَا نُرِيْدُ

ھانا کھلاتے ہیں مسکین یتیم اور قیدیوں کو، ہم تمہیں صرف اللہ تعالیٰ کی رضامندی کے لیے کھلاتے ہیں نہ تم سے بدلہ چاہتے ہیں

مِنْكُمْ جَزَآءً وَّ لَا شُكُوْرًا ۝ اِنَّا نَخَافُ مِنْ رَّبِّنَا يَوْمًا عَبُوْسًا قَمْطَرِيْرًا ۝ (الدھر ۷ تا ۱۰)

نہ شکر گزاری، بیشک ہم اپنے پروردگار سے اس دن کا خوف کرتے ہیں جو اداسی اور سختی والا ہو گا۔

اللہ تعالیٰ نے نیک لوگوں کی مزید توصیف فرمائی کہ جنتوں میں اللہ کے وہ بندے داخل ہوں گے جو اللہ کی اطاعت میں اپنی نذروں کو پورا کرتے ہیں، یعنی وہ ایسے نیک بندے ہیں جو خیر و بھلائی کے کام جو اللہ نے ان پر واجب نہیں کیے ہیں جب ان کو انجام دینے کا اللہ سے عہد کر لیتے ہیں تو اس میں کسی قسم کی کوتاہی کرنے کے بجائے اسے پورا کرتے ہیں، مگر نذر صرف وہ پوری کی جائے گی جو اللہ کی اطاعت میں ہو گی معصیت میں نہیں،

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ نَذَرَ أَنْ يُطِيعَ اللَّهَ فَلْيُطِعْهُ، وَمَنْ نَذَرَ أَنْ يَعْصِيَهُ فَلَا يَعْصِهِ

ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے نذر مانی کہ وہ اللہ کی اطاعت کرے گا تو اسے اطاعت کرنی چاہیے، اور جس نے معصیت الٰہی کی نذر مانی تو وہ اللہ کی نافرمانی نہ کرے یعنی اسے پورا نہ کرے۔ [3]

اور اس دن سے ڈرتے ہوئے محرمات اور معصیات کا ارتکاب نہیں کرتے جس کا شر گنہگاروں کو گھیر لے گا، یہ وہ لوگ ہیں جو اللہ کی رضا و خوشنودی حاصل کرنے کے لئے غلاموں اور نوکر چاکروں کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آتے ہیں،

عَنْ أَنَسٍ قَالَ: كَانَتْ عَامَّةُ وَصِيَّةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ، وَهُوَ يُغَرْغِرُ بِنَفْسِهِ الصَّلَاةَ،

---

[1] یٰسین ۵۷

[2] الزخرف ۷۱

[3] صحیح بخاری کتاب الایمان والنذور بَابُ النَّذْرِ فِي الطَّاعَةِ ۶۶۹۶ ،سنن ابوداودكِتَاب الْأَيْمَانِ وَالنُّذُورِ بَابُ مَا جَاءَ فِي النَّذْرِ فِي الْمَعْصِيَةِ ۳۲۸۹، صحیح ابن خزیمة ۲۲۴۱، سنن الدارمی ۲۳۸۳، مصنف ابن ابی شیبة ۱۲۱۴۶

وَمَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ

انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات جب قریب تھی اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا سانس اٹک رہا تھا اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اکثر وصیت یہ تھی کہ نماز اور غلاموں کا خیال رکھنا۔ [1]

جو خود حاجت مند ہونے کے باوجود غریبوں، یتیموں، مسکینوں اسیروں (خواہ وہ کافر ہوں یا مسلمان، جنگی قیدی ہو یا کسی جرم میں گرفتار) اور مسافروں کو کھانا کھلاتے ہیں، یعنی حاجت مندوں کی جو بھی حاجت ہو اس میں مدد کرتے ہیں، اور اس شخص کو اطمینان دلانے کے لئے کہتے ہیں کہ ہم تم سے کسی بدلہ کے خواستگار نہیں ہیں اور نہ ہی تم کو احسان جتلانے یا مالی جزا یا کسی اور ضرورت کے لئے نہیں کر رہے بلکہ ہم تو مصیبت کے اس دن سے بچنے کے لئے کر رہے ہیں جو نہایت سخت ہو گا اور سختیوں اور ہولناکیوں کی وجہ سے کافروں پر بڑا لمبا ہو گا، اس لئے ہمارا مطمع نظر صرف اللہ رب العالمین کی خوشنودی حاصل کرنا ہے۔

فَوَقٰىهُمُ اللّٰهُ شَرَّ ذٰلِكَ الْيَوْمِ وَ لَقّٰىهُمْ نَضْرَةً وَّ سُرُوْرًا ﴿۱۱﴾ وَ جَزٰىهُمْ بِمَا صَبَرُوْا جَنَّةً

پس انہیں اللہ تعالیٰ نے اس دن کی برائی سے بچا لیا اور انہیں تازگی اور خوشی پہنچائی، اور انہیں ان کے صبر کے بدلے جنت

وَّ حَرِيْرًا ﴿۱۲﴾ مُّتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا عَلَى الْاَرَآىِٕكِ لَا يَرَوْنَ فِيْهَا شَمْسًا وَّ لَا زَمْهَرِيْرًا ﴿۱۳﴾

اور ریشمی لباس عطا فرمائے، یہ وہاں تختوں پر تکیے لگائے ہوئے بیٹھیں گے نہ وہاں آفتاب کی گرمی دیکھیں گے نہ جاڑے کی سختی،

وَ دَانِيَةً عَلَيْهِمْ ظِلٰلُهَا وَ ذُلِّلَتْ قُطُوْفُهَا تَذْلِيْلًا ﴿۱۴﴾ وَ يُطَافُ عَلَيْهِمْ

ان جنتوں کے سائے ان پر جھکے ہوئے ہوں گے اور ان کے (میوے اور) گچھے نیچے لٹکے ہوئے ہونگے، اور ان پر چاندی

بِاٰنِيَةٍ مِّنْ فِضَّةٍ وَّ اَكْوَابٍ كَانَتْ قَوَارِيْرَاۡ ﴿۱۵﴾ قَوَارِيْرَاۡ مِنْ فِضَّةٍ قَدَّرُوْهَا

کے برتنوں اور ان جاموں کا دور کرایا جائے گا جو شیشے کے ہونگے، شیشے بھی چاندی کے جن کو (ساقی نے) اندازے سے

تَقْدِيْرًا ﴿۱۶﴾ وَ يُسْقَوْنَ فِيْهَا كَاْسًا كَانَ مِزَاجُهَا زَنْجَبِيْلًا ﴿۱۷﴾

ناپ رکھا ہو گا، اور انہیں وہاں وہ جام پلائے جائیں گے جن کی آمیزش زنجبیل کی ہو گی،

عَيْنًا فِيْهَا تُسَمّٰى سَلْسَبِيْلًا ﴿۱۸﴾ (الدھر ۱۱ تا ۱۸)

جنت کی ایک نہر جس کا نام سلسبیل ہے۔

اللہ تعالیٰ ان کے اس جذبہ ایثار و قربانی کو پسند فرماتا ہے اس لئے وہ انہیں روز محشر کی ساری سختیوں اور ہولناکیوں سے بچائے گا، اس لئے ان

---

[1] سنن ابن ماجہ کتاب الوصایا بَابُ هَلْ أَوْصَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۲۶۹۸، مسند احمد ۱۲۱۶۹

سختیوں سے بچ جانے کی وجہ سے ان کا دل مسرت سے لبریز اور چہرے تروتازہ ہوں گے جیسے فرمایا

لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْاَكْبَرُ وَتَتَلَقّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ۭ هٰذَا يَوْمُكُمُ الَّذِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ [۱]

ترجمہ: وہ انتہائی گھبراہٹ کا وقت ان کو ذرا پریشان نہ کرے گا اور ملائکہ بڑھ کر ان کو ہاتھوں ہاتھ لیں گے کہ یہ تمہارا وہی دن ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا۔

مَنْ جَاۗءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ مِّنْهَا ۚ وَهُمْ مِّنْ فَزَعٍ يَّوْمَىِٕذٍ اٰمِنُوْنَ ﴿۸۹﴾ [۲]

ترجمہ: جو شخص بھلائی لے کر آئے گا اسے اس سے زیادہ بہتر صلہ ملے گا اور ایسے لوگ اس دن کے ہول سے محفوظ ہوں گے۔

دنیا میں جن لوگوں نے صبر کیا، یعنی استطاعت بھر اللہ کی اطاعت میں نفس کی خواہشات اور لذات کو قربان کیا، حرام و حلال کمائی کی تمیز رکھی، اللہ کی مقرر کردہ حدوں کی پابندی کی، اللہ کے عائد کردہ فرائض نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ وغیرہ کو پورا کیا، اللہ کی رضا و خوشنودی کے لئے اپنا وقت، اپنا مال، اپنی ساری قابلیتیں حتی کہ اپنی جان تک نچھاور کر دی، دین کی راہ میں جو تکالیف آئیں انہیں خندہ پیشانی سے برداشت کیا، اس کے بدلے اللہ انہیں نعمتوں بھری جنتوں میں داخل فرمائے گا اور وہ جنت کا سبز حریری لباس زیب تن کیے، جیسے فرمایا:

۔۔۔وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا حَرِيْرٌ ﴿۲۳﴾ [۳]

ترجمہ: اور ان کا لباس ریشم کے ہوں گے۔

آسودگی کی حالت میں اونچی مرصع اور مزین جڑاؤ مسندوں پر تکیے لگائے اپنی بیویوں اور حوروں کے ساتھ آمنے سامنے بیٹھے ہوں گے، ہمیشہ ایک طرح کا معتدل موسم ہوگا، نہ انہیں تیز دھوپ کی تپش ستائے گی اور نہ ہی سخت جاڑے کی سردی، اس موسم میں ان کے جسم لذت حاصل کریں گے، جنت کے پھل دار گھنے درخت ان پر جھکے سایہ فگن ہوں گے، جن کے انواع اقسام کے لذیز پھلوں کے گچھے اور میوؤں کے لچھے جھکے پڑے ہوں گے اور ہر وقت ان کی دسترس میں ہوں گے کہ لیٹے، بیٹھے اور کھڑے جس حالت میں ہوں جب اور جس قدر چاہیں حاصل کرلیں، جیسے فرمایا

قُطُوْفُهَا دَانِيَةٌ ﴿۲۳﴾ [۴]

ترجمہ: جس کے پھلوں کے گچھے جھکے پڑ رہے ہوں گے۔

عَنْ مُجَاهِدٍ، قَوْلُهُ: {وَذُلِّلَتْ قُطُوْفُهَا تَذْلِيْلًا} [۵] قَالَ: إِذَا قَامَ ارْتَفَعَتْ بِقَدْرِهِ، وَإِنْ قَعَدَ تَدَلَّتْ حَتَّى يَنَالَهَا، وَإِنِ اضْطَجَعَ تَدَلَّتْ حَتَّى يَنَالَهَا، فَذَلِكَ تَذْلِيلُهَا

[۱] الانبیاء ۱۰۳

[۲] النمل ۸۹

[۳] الحج ۲۳

[۴] الحاقۃ ۲۳

[۵] الإنسان: ۱۴

مجاہد رحمہ اللہ آیت کریمہ ’’اور اس کے پھل ہر وقت ان کے بس میں ہوں گے‘‘ کے بارے میں فرماتے ہیں جب وہ کھڑا ہو گا تو جنت کے درختوں کی ثمر بار شاخیں اس کے قد کے مطابق بلند ہو جائیں گی اور جب وہ بیٹھے گا تو نیچے جھک جائیں گی تا کہ وہ انہیں پکڑ سکے اور اسی طرح جب وہ لیٹے گا تو پھر اور بھی جھک جائیں گی تا کہ لیٹے لیٹے بھی پھل حاصل کر سکے، یہی معنی ہیں اللہ تعالیٰ کے ارشاد تذلیلا کے۔ (۱)

خدام جنت مہمان نوازی کے لئے ان کے آگے پھلوں اور بھنے ہوئے پرندوں کے لئے سونے اور چاندی کے خوان اور پاکیزہ شراب پینے کے لئے ہر شخص کو اس کی خواہش کے مطابق چاندی کے مگر شیشے کی طرح صاف وشفاف، نفیس و نازک جام جو ٹھیک اندازے سے بھرے ہوں گے پیش کرنے کے لئے دوڑتے پھرتے رہیں گے، جیسے فرمایا:

عَلٰى سُرُرٍ مَّوۡضُوۡنَةٍ ﴿۱۵﴾ مُّتَّكِـِٕيۡنَ عَلَيۡهَا مُتَقٰبِلِيۡنَ ﴿۱۶﴾ يَطُوۡفُ عَلَيۡهِمۡ وِلۡدَانٌ مُّخَلَّدُوۡنَ ﴿۱۷﴾ بِاَكۡوَابٍ وَّاَبَارِيۡقَ ۙ وَكَاۡسٍ مِّنۡ مَّعِيۡنٍ ﴿۱۸﴾ لَّا يُصَدَّعُوۡنَ عَنۡهَا وَلَا يُنۡزِفُوۡنَ ﴿۱۹﴾ وَفَاكِهَةٍ مِّمَّا يَتَخَيَّرُوۡنَ ﴿۲۰﴾ وَلَحۡمِ طَيۡرٍ مِّمَّا يَشۡتَهُوۡنَ ﴿۲۱﴾ (۲)

ترجمہ: مرصع تختوں پر تکیے لگائے آمنے سامنے بیٹھیں گے، ان کی مجلسوں میں ابدی لڑکے شراب چشمہ جاری سے لبریز پیالے اور کنڑ اور ساغر لیے دوڑتے پھرتے ہوں گے جسے پی کر نہ ان کا سر چکرائے گا نہ ان کی عقل میں فتور آئے گا اور وہ ان کے سامنے طرح طرح لذیذ پھل پیش کریں گے کہ جسے چاہیں چن لیں، اور پرندوں کے گوشت پیش کریں گے کہ جس پرندے کا چاہیں استعمال کریں۔

اہل عرب چونکہ شراب کے ساتھ سونٹھ ملے ہوئے پانی کی آمیزش کو پسند کرتے تھے جس سے شراب میں تلخی اور گرمی پیدا ہو جاتی تھی اس لئے اس کی مشابہت سے فرمایا کافور کی آمیزش والی شراب کے قدرتی چشمہ کے علاوہ سونٹھ کی آمیزش والی شراب کا بھی ایک قدرتی چشمہ ہے، اس کا نام سلسبیل ہے، یہ شراب تلخ ہونے کے بجائے میٹھی، ہلکی اور خوش ذائقہ ہو گی، جنتی اس سے بھی لطف اندوز ہوں گے۔

وَ يَطُوۡفُ عَلَيۡهِمۡ وِلۡدَانٌ مُّخَلَّدُوۡنَ ۚ اِذَا رَاَيۡتَهُمۡ حَسِبۡتَهُمۡ

اور ان کے ارد گرد گھومتے پھرتے ہوں گے وہ کم سن بچے جو ہمیشہ رہنے والے ہیں، جب تو انہیں دیکھے تو سمجھے کہ وہ بکھرے

لُؤۡلُؤًا مَّنۡثُوۡرًا ﴿۱۹﴾ وَ اِذَا رَاَيۡتَ ثَمَّ رَاَيۡتَ نَعِيۡمًا وَّ مُلۡكًا كَبِيۡرًا ﴿۲۰﴾ عٰلِيَهُمۡ ثِيَابُ سُنۡدُسٍ

ہوئے موتی ہیں، تو وہاں جہاں کہیں بھی نظر ڈالے گا سراسر نعمتیں اور عظیم الشان سلطنت ہی دیکھے گا، ان کے جسموں پر سبز

خُضۡرٌ وَّ اِسۡتَبۡرَقٌ ۫ وَّ حُلُّوۡۤا اَسَاوِرَ مِنۡ فِضَّةٍ ۚ وَ سَقٰهُمۡ رَبُّهُمۡ شَرَابًا

باریک اور موٹے ریشمی کپڑے ہوں گے اور انہیں چاندی کے کنگن کا زیور پہنایا جائے گا، اور انہیں ان کا رب پاک صاف

(۱) تفسیر طبری ۱۰۳/۲۴

(۲) الواقعة ۱۵ تا ۲۱

طَهُوْرًا ﴿۲۱﴾ اِنَّ هٰذَا كَانَ لَكُمْ جَزَآءً وَّ كَانَ سَعْيُكُمْ مَّشْكُوْرًا ﴿۲۲﴾ (الدھر ۱۹تا۲۲)

شراب پلائے گا( کہاجائے گا) کہ یہ ہے تمہارے اعمال کابدلہ اور تمہاری کوشش کی قدر کی گئی۔

خدام جنتیوں کی خدمت کے لئے میوؤں، پھلوں اور پرندوں کے بھنے ہوئے گوشت سے بھرے خوان اور پلانے کے لئے شیشے جیسے نفیس جام لئے ہرطرف مستعدی اور تیزی سے دوڑتے پھریں گے، یہ خدام حسن وصفائی اور تازگی وشادابی میں ایسے لگیں گے جیسے آب دار موتیوں کو جنت میں بکھیر دیا گیا ہو، ایک مقام پر ان کی خوبصورتی کو یوں بیان فرمایا:

وَيَطُوْفُ عَلَيْهِمْ غِلْمَانٌ لَّهُمْ كَاَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ مَّكْنُوْنٌ ﴿۲۴﴾ [۱]

ترجمہ: اور ان کی خدمت میں وہ لڑکے دوڑتے پھر رہے ہوں گے جو انہی ( کی خدمت ) کے لیے مخصوص ہوں گے، ایسے خوبصورت جیسے چھپا کر رکھے ہوئے موتی۔

جنتی جس طرف بھی نگاہ اٹھائیں گے ہرطرف اپنے رب کی لاتعداد نعمتوں کو پائیں گے، ہرجنتی کے پاس لاتعداد خدام ہوں گے،

عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو :مَا مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ مِنْ أَحَدٍ إِلَّا يَسْعَى عَلَيْهِ أَلْفُ خَادِمٍ، كُلُّ خَادِمٍ عَلَى عَمَلٍ مَا عَلَيْهِ صَاحِبُهُ

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ہرجنتی کو ایک ایک ہزار خادم ملیں گے جو مختلف کام کاج کریں گے۔[۲]

بہترین آرام گاہیں، سجائے اور مزین کیے ہوئے بالاخانے، خوبصورت باغات، انتہائی خوبصورت اور خوب سیرت بیویاں ہوں گی، ان کا حسن قلب کو سرور، لذت اور خوشی سے لبریز کر دے گا، اللہ کی عطاکردی یہ نعمتیں ہروقت اور ہرآن بڑھتی ہی رہیں گی اور اس سے بڑھ کر رب کریم کی رضا۔

عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ :قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّي لَأَعْلَمُ آخِرَ أَهْلِ النَّارِ خُرُوجًا مِنْهَا، وَآخِرَ أَهْلِ الجَنَّةِ دُخُولًا، رَجُلٌ يَخْرُجُ مِنَ النَّارِ كَبْوًا فَيَقُولُ اللَّهُ: اذْهَبْ فَادْخُلِ الجَنَّةَ، فَيَأْتِيهَا، فَيُخَيَّلُ إِلَيْهِ أَنَّهَا مَلأَى، فَيَرْجِعُ فَيَقُولُ: يَا رَبِّ وَجَدْتُهَا مَلأَى، فَيَقُولُ: اذْهَبْ فَادْخُلِ الجَنَّةَ، فَيَأْتِيهَا فَيُخَيَّلُ إِلَيْهِ أَنَّهَا مَلأَى، فَيَرْجِعُ فَيَقُولُ: يَا رَبِّ وَجَدْتُهَا مَلأَى ،فَيَقُولُ: اذْهَبْ فَادْخُلِ الجَنَّةَ، فَإِنَّ لَكَ مِثْلَ الدُّنْيَا وَعَشَرَةَ أَمْثَالِهَا - أَوْ: إِنَّ لَكَ مِثْلَ عَشَرَةِ أَمْثَالِ الدُّنْيَا فَيَقُولُ: تَسْخَرُ مِنِّي أَوْ: تَضْحَكُ مِنِّي وَأَنْتَ المَلِكُ، فَلَقَدْ رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَحِكَ حَتَّى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ وَكَانَ يَقُولُ: ذَاكَ أَدْنَى أَهْلِ الجَنَّةِ مَنْزِلَةً

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں خوب جانتا ہوں کہ اہل جہنم میں سے کون سب سے آخر میں وہاں سے نکلے گا اور اہل جنت میں کون سب سے آخر میں اس میں داخل ہو گا ایک شخص جہنم سے گھٹنوں کے بل گھسٹتے ہوئے نکلے گا اللہ تعالیٰ اس سے کہے گا کہ جاؤ اور جنت میں داخل ہو جاؤ، وہ جنت کے پاس آئے گا لیکن اسے ایسا معلوم ہو گا کہ جنت بھری ہوئی ہے چنانچہ وہ واپس آئے گا اور عرض

[۱] الطور ۲۴

[۲] تفسیرابن کثیر ۲۹۲/۸

کرے گا اے میرے رب! میں نے جنت کو بھرا ہوا پایا، اللہ تعالیٰ پھر اس سے کہے گا کہ جاؤ اور جنت میں داخل ہو جاؤ، وہ پھر آئے گا لیکن اسے ایسا معلوم ہو گا کہ جنت بھری ہوئی ہے، وہ واپس لوٹے گا اور عرض کرے گا کہ اے رب! میں نے جنت کو بھرا ہوا پایا، اللہ تعالیٰ فرمائے گا جاؤ اور جنت میں داخل ہو جاؤ تمہیں دنیا اور اس سے دس گنا دیا جاتا ہے یا (اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ) تمہیں دنیا کے دس گنا دیا جاتا ہے، وہ شخص کہے گا تو میرا مذاق بناتا ہے حالانکہ تو شہنشاہ ہے، میں نے دیکھا کہ اس بات پر رسول اللہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ہنس دیئے اور آپ کے آگے کے دندان مبارک ظاہر ہو گئے، اور کہا جاتا ہے کہ وہ جنت کا سب سے کم درجے والا شخص ہو گا۔ [۱]

یہ حال تو ادنیٰ جنتی کا ہے اعلیٰ جنتی کا درجہ کیا ہو گا؟

وہاں وہ اس شان و شوکت سے رہیں گے گویا وہ ایک عظیم الشان سلطنت کے وارث ہیں، دنیا میں تو مردوں کے لئے سونا پہننا، سونے چاندی کے برتن استعمال کرنا اور ریشمی کپڑوں کو زیب تن کرنا منع ہے مگر جنت میں اس کی اجازت ہو گی، چنانچہ فرمایا جنتی ہاتھوں میں سونے اور چاندی کے ہیروں سے جڑے کنگن، گلے میں موتیوں کے ہار اور موٹے اطلس و دیبا اور سبز باریک، نرم اور چمکدار ریشم سے بنے لباس زیب تن کیے اطمینان، راحت اور آسودگی کی حالت میں شاہانہ انداز سے اونچی مسندوں پر جن پر سجاوٹ والے کپڑے بچھائے گئے ہوں گے گاؤ تکیوں سے ٹیک لگا کر بیٹھے ہوں گے، جیسے متعدد مقامات پر فرمایا:

... يُحَلَّوْنَ فِيهَا مِنْ أَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّيَلْبَسُوْنَ ثِيَابًا خُضْرًا مِّنْ سُنْدُسٍ وَّإِسْتَبْرَقٍ مُّتَّكِئِيْنَ فِيهَا عَلَى الْأَرَائِكِ... ﴿٣١﴾ [۲]

ترجمہ: وہاں وہ سونے کے کنگنوں سے آراستہ کیے جائیں گے، باریک ریشم اور اطلس و دیبا کے سبز کپڑے پہنیں گے اور اونچی مسندوں پر تکیے لگا کر بیٹھیں گے۔

... يُحَلَّوْنَ فِيهَا مِنْ أَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا ۚ وَلِبَاسُهُمْ فِيهَا حَرِيْرٌ ﴿٢٣﴾ [۳]

ترجمہ: وہاں وہ سونے کے کنگنوں اور موتیوں سے آراستہ کیے جائیں گے اور ان کے لباس ریشم کے ہوں گے۔

... يُحَلَّوْنَ فِيهَا مِنْ أَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا ۚ وَلِبَاسُهُمْ فِيهَا حَرِيْرٌ ﴿٣٣﴾ [۴]

ترجمہ: وہاں انہیں سونے کے کنگنوں اور موتیوں سے آراستہ کیا جائے گا، وہاں ان کا لباس ریشم ہو گا۔

رب کریم جنتیوں کو کافور اور زنجبیل کی آمیزش والی شرابوں کے علاوہ ایک اور بہترین نوعیت کی شراب عنایت فرمائے گا اور فرمائے گا کہ

---

[۱] صحیح بخاری کتاب الرقاق بَابُ صِفَةِ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ ۶۵۷۱، ۷۵۱۱، صحیح مسلم کتاب الایمان بَابُ آخِرِ أَهْلِ النَّارِ خُرُوجًا ۴۶۱، جامع ترمذی ابواب الجهنم بَابُ مَا جَاءَ أَنَّ لِلنَّارِ نَفَسَيْنِ، وَمَا ذُكِرَ مَنْ يَخْرُجُ مِنَ النَّارِ مِنْ أَهْلِ التَّوْحِيدِ ۲۵۹۵، سنن ابن ماجہ کتاب الدهد بَابُ صِفَةِ الْجَنَّةِ ۴۳۳۹، مسند احمد ۴۳۹۱

[۲] الکہف ۳۱

[۳] الحج ۲۳

[۴] فاطر ۳۳

یہ ساری نعمتیں اس لئے تمہیں عطافرمائی گئیں ہیں کہ تم نے دنیامیں ہماری اطاعت میں زندگی گزاری اور امتحان میں کامیاب وکامران رہے،ہم نے تمہاری کوششوں کی قدر کی اور یہ تمام نعمتیں تمہیں ہمیشہ ہمیشہ کے لئے عطافرمادیں۔

كُلُوا وَاشْرَبُوا هَنِيْۗـــًٔا بِمَآ اَسْلَفْتُمْ فِي الْاَيَّامِ الْخَالِيَةِ ۝۲۴ (۱)

ترجمہ:(ایسے لوگوں سے کہاجائے گا)مزے سے کھاؤاور پیو اپنے ان اعمال کے بدلے جو تم نے گزرے ہوئے دنوں میں کیے ہیں۔

۔۔۔وَنُوْدُوْٓا اَنْ تِلْكُمُ الْجَنَّةُ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝۴۳ (۲)

ترجمہ:اس وقت ندا آئے گی کہ یہ جنت جس کے تم وارث بنائے گئے ہو ان اعمال کے بدلے میں ملی ہے جو تم کرتے رہے تھے۔

اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ تَنْزِيْلًا ۝۲۳ۚ فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تُطِعْ مِنْهُمْ اٰثِمًا

بیشک ہم نے تجھ پر بتدریج قرآن نازل کیا ہے،پس تو اپنے رب کے حکم پر قائم رہ،اور ان میں سے کسی گناہ گار یا ناشکرے کا

اَوْ كَفُوْرًا ۝۲۴ۚ وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۝۲۵ۖۚ وَمِنَ الَّيْلِ فَاسْجُدْ لَهٗ وَسَبِّحْهُ لَيْلًا

کہنا نہ مان،اور اپنے رب کے نام کا صبح شام ذکر کیا کر،اور رات کے وقت اس کے سامنے سجدے کر اور بہت رات تک اس کی

طَوِيْلًا ۝۲۶ اِنَّ هٰٓؤُلَاۗءِ يُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ وَيَذَرُوْنَ وَرَاۗءَهُمْ يَوْمًا ثَقِيْلًا ۝۲۷ (الدھر ۲۳تا۲۷)

تسبیح کیا کر،بیشک یہ لوگ جلدی ملنے والی(دنیا)کو چاہتے ہیں اور اپنے پیچھے ایک بڑے بھاری دن کو چھوڑے دیتے ہیں۔

بے شک ہم نے یہ قرآن جس میں وعدووعید اور ہر چیز کا بیان ہے آپ کا گھڑا ہوا نہیں ہے بلکہ ہم نے اپنی حکمت ومشیت کے تحت،انسان کی قوت فہم اور قوت اخذ میں نقص کے سبب،حسب ضرورت واقضابہ تدریج،مرحلہ وار آپ پر نازل کیا ہے، کفار ومشرکین دعوت حق کو دبانے اور طاغوت کی سربلندی کے لئے روڑے اٹکائیں گے،سازشیں کریں گے،ظلم وستم کے پہاڑ توڑیں گے مگر آپ تمام سختیوں اور مشکلات پر صبر واستقامت سے کام لیں اور پامردی کے ساتھ برداشت کرتے جائیں،اور اپنے رب پر بھروسہ کرتے ہوئے کھلم کھلا وعظ ونصیحت، ارشادوتلقین جاری رکھیں،دشمنوں کے مقابلہ میں حوصلہ واستقامت حاصل کرنے کے لئے صبح شام رب کی اظہار بندگی کے لئے نماز اور رات کا طویل حصہ بھی اس کے حضور سجدہ ریز رہا کریں،اور کثرت سے اس کی شان کے لائق حمد وثنا بیان کیا کریں جیسے فرمایا:

قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝۲ (۳)

ترجمہ:رات کو نماز میں کھڑے رہا کرو مگر کم۔

---

(۱) الحاقة ۲۴

(۲) الاعراف ۴۳

(۳) المزمل ۲

وَمِنَ الَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ ... ﴿۷۹﴾ (۱)

ترجمہ:اور رات کو تہجد پڑھو یہ تمہارے لئے نفل ہے۔

کفار مکہ جنہوں نے رب کی انمول نعمت کو قبول کرنے سے انکار کر دیا ہے، ان بیوقوفوں، دل کے اندھوں کے سامنے کھول کھول کر آیات بیان کی گئیں ہیں، ان کو روز قیامت کی سختیوں اور جہنم کی ہولناکیوں سے ڈرایا گیا ہے مگر اس چیز نے ان کو کوئی فائدہ نہیں دیا، یہ تو بس اخلاق وعقائد کی گمراہیوں پر مصر ہیں، اپنی ساری کوششیں اور جدوجہد دنیاوی مال واسباب کو حاصل کرنے میں لگے ہوئے ہیں، اس عارضی دنیا کی لذات میں ڈوبے ہوئے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ انہوں نے اپنے اعمال کی جزا کے لئے اللہ کے دربار میں پیش نہیں ہونا، اس لئے تمہارے حساب کے مطابق پچاس ہزار سال پر محیط سخت کٹھن دن کی شدتوں اور ہولناکیوں کو جس میں انہوں نے اللہ کی ہر نعمت اور اپنے ہر عمل کا حساب دینا ہے کو بھولے ہوئے ہیں۔ جیسے فرمایا:

...يَقُوْلُ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا يَوْمٌ عَسِرٌ ﴿۸﴾ (۲)

ترجمہ:اور وہی منکرین (جو دنیا میں اس کا انکار کرتے تھے) اس وقت کہیں گے کہ یہ دن تو بڑا کٹھن ہے۔

نَحْنُ خَلَقْنٰهُمْ وَ شَدَدْنَآ اَسْرَهُمْ ۚ وَ اِذَا شِئْنَا بَدَّلْنَآ اَمْثَالَهُمْ تَبْدِيْلًا ﴿۲۸﴾

ہم نے انہیں پیدا کیا اور ہم نے ہی ان کے جوڑ اور بندھن مضبوط کئے اور ہم جب چاہیں ان کے عوض ان جیسے اوروں کو بدل لائیں،

اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ﴿۲۹﴾ وَ مَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ؕ

یقیناً یہ تو ایک نصیحت ہے پس جو چاہے اپنے رب کی راہ لے لے، اور تم نہ چاہو گے مگر یہ کہ اللہ تعالیٰ ہی چاہے،

اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۳۰﴾ يُّدْخِلُ مَنْ يَّشَآءُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ وَ الظّٰلِمِيْنَ

بے شک اللہ تعالیٰ علم والا با حکمت ہے، جسے چاہے اپنی رحمت میں داخل کرلے، اور ظالموں کے لیے

اَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۳۱﴾ (الدھر ۲۸تا۳۱)

بیا اس نے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔

اللہ ہی ان لوگوں کو عدم سے وجود میں لایا ہے، اللہ نے ہی ان کے جوڑوں کو رگوں اور پٹھوں کے ذریعے سے ایک دوسرے سے ملا کر مضبوط کیا یہاں تک کہ جسم تکمیل کی منزل پر پہنچ گیا اور ہر اس فعل پر قادر ہو گیا جو وہ چاہتا تھا، پس جو ہستی انہیں حالت وجود میں لا سکتی ہے وہ ان کے مرنے کے بعد ان کو جزا و سزا دینے کے لئے دوبارہ زندہ کرنے پر قادر ہے، اور اگر اللہ چاہے تو ان نافرمان لوگوں کو ہلاک کر کے انہی کی جنس

(۱) بنی اسرائیل ۷۹

(۲) القمر ۸

کے دوسرے لوگوں کو لے آئے، جو اپنے کردار میں ان سے مختلف ہوں، جیسے فرمایا:

اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ اَيُّهَا النَّاسُ وَيَاْتِ بِاٰخَرِيْنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى ذٰلِكَ قَدِيْرًا ﴿۱۳۳﴾ (۱)

ترجمہ: اگر وہ چاہے تو تم لوگوں کو ہٹا کر تمہاری جگہ دوسروں کو لے آئے اور وہ اس کی پوری قدرت رکھتا ہے۔

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَيَاْتِ بِخَلْقٍ جَدِيْدٍ ﴿۱۹﴾ وَّمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ ﴿۲۰﴾ (۲)

ترجمہ: کیا تم دیکھتے نہیں ہو کہ اللہ نے آسمان وزمین کی تخلیق کو حق پر قائم کیا ہے؟ وہ چاہے تو تم لوگوں کو لے جائے اور ایک نئی خلقت تمہاری جگہ لے آئے ایسا کرنا اس پر کچھ بھی دشوار نہیں ہے۔

یہ قرآن تو ایک نصیحت ہے، جس میں تمام معاملات کھول کھول کر بیان کر دیے گئے ہیں، اور لوگوں پر حجت قائم کرنے کے لئے ان کو اختیار دے دیا کہ وہ چاہیں تو اس سے ہدایت ورہنمائی حاصل کر کے رب کی خوشنودی حاصل کر لیں اور جنت کے وارث بن جائیں اور جو چاہے نافرمانی کر کے رب کے غضب کو للکارے اور جہنم کا ایندھن بن جائے، مگر انسان اس پر قادر نہیں ہے کہ وہ اپنے کو ہدایت کی راہ پر لگالے یا اپنے لئے کسی نفع کو جاری کر لے ہاں اگر اللہ چاہے تو ایسا ممکن ہے، اس کی مشیت کے بغیر تم کچھ نہیں کر سکتے البتہ صحیح قصد ونیت پر وہ اجر ضرور عطا فرماتا ہے، ہر آدمی کے لئے وہ ہے جس کی وہ نیت کرے، اللہ علیم وحکیم ہے،

عَلْقَمَةَ بْنَ وَقَّاصٍ اللَّيْثِيَّ، يَقُولُ: سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ عَلَى المِنْبَرِ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّمَا الأَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ، وَإِنَّمَا لِكُلِّ امْرِئٍ مَا نَوَى، فَمَنْ كَانَتْ هِجْرَتُهُ إِلَى دُنْيَا يُصِيبُهَا، أَوْ إِلَى امْرَأَةٍ يَنْكِحُهَا، فَهِجْرَتُهُ إِلَى مَا هَاجَرَ إِلَيْهِ

علقمہ بن وقاص لیثی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے میں نے مسجد نبوی میں منبر رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر عمر رضی اللہ عنہ بن خطاب کی زبان سے سنا وہ فرما رہے تھے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ فرما رہے تھے تمام اعمال کا دارومدار نیت پر ہے اور ہر عمل کا نتیجہ ہر انسان کو اس کی نیت کے مطابق ہی ملے گا پس جس کی ہجرت اللہ اور اس کے رسول کے لئے ہو وہ اللہ اور اس کے رسول کے لئے سمجھی جائے گی اور جس کی ہجرت دنیا کے لئے ہو گی یا کسی عورت سے شادی کرنے کے لئے تو یہ ہجرت محض اسی کے لئے ہو گی جس کی نیت سے اس نے ہجرت کی ہے۔ (۳)

اللہ کے ہر کام میں حکمت ہوتی ہے وہ اپنی حکمت سے جسے چاہتا ہے اپنی رحمت میں داخل کرتا ہے، اور جسے چاہتا ہے اپنی رحمت سے دور پھینک دیتا ہے، مگر اللہ ہدایت اور گمراہی کے فیصلے بھی یوں ہی الل ٹپ نہیں کر دیتا بلکہ جس کو ہدایت عطا فرماتا ہے وہ واقعی اس کا مستحق

(۱) النساء ۱۳۳

(۲) ابراہیم ۱۹،۲۰

(۳) صحیح بخاری کتاب الوحی باب كَيْفَ كَانَ بَدْءُ الوَحْيِ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟۱، وکتاب العتق بَابُ الخَطَإِ وَالنِّسْيَانِ فِي العَتَاقَةِ وَالطَّلاَقِ وَنَحْوِهِ، وَلاَ عَتَاقَةَ إِلَّا لِوَجْهِ اللَّهِ ۲۵۲۹، مسند احمد ۱۶۸، صحیح ابن حبان ۳۸۹، سنن دارقطنی ۱۳۱، سنن الکبری للبیہقی ۸۹۹۲، ۸۱۰۸، ۷۰،۷۳، ۲۲۵۴

ہوتا ہے اور جس کے حصے میں گمراہی آتی ہے وہ حقیقتاً اسی کے لائق ہوتا ہے، اور ظالموں کے لئے اس نے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ يَوْمَ الجُمُعَةِ فِي صَلَاةِ الفَجْرِ: تَنْزِيلُ السَّجْدَةَ، وَهَلْ أَتَى عَلَى الإِنْسَانِ

عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کے دن نماز فجر میں سورہ السجدہ اور سورہ الدھر پڑھا کرتے تھے۔ (۱)

**مضامین سورۃ الفاتحہ:**

جس چیز سے کسی مضمون کتاب یا کسی بھی چیز کا آغاز کیا جائے اسے فاتحہ کہتے ہیں، چونکہ قرآن مجید کا آغاز اسی سورہ سے ہوا ہے لہذا اسے فَاتِحَةَ الْكِتَابِ کا نام دیا گیا،

اس سورۃ کے چند مشہور نام یہ ہیں،

أُمُّ الْكِتَابِ، أَمْ الْقُرْآنُ، سَبْعًا مِنَ الْمَثَانِي، الْحَمْدُ، سورۃ الصلوٰۃ، الدُّعَاء، الشِّفَاءُ، الرُّقْيَةُ، أَسَاسِ الْقُرْآن، الْكَافِيَةُ، تعلیم المسلہ۔

عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ: نَزَلَتْ فَاتِحَةُ الْكِتَابِ بِمَكَّةَ مِنْ كَنْزٍ تَحْتَ الْعَرْشِ

سیدنا علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فاتحہ الکتاب مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی اور یہ تحت العرش کا خزانہ ہے۔ (۲)

أُبَيّ بِنِ كَعْبٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ له: أَتُحِبُّ أَنْ أُعَلِّمَكَ سُورَةً لَمْ يَنْزِلْ فِي التَّوْرَاةِ وَلَا فِي الْإِنْجِيلِ وَلَا فِي الزَّبُورِ وَلَا فِي الْفُرْقَانِ مِثْلُهَا؟ ثُمَّ أَخْبَرَهُ أَنَّهَا الْفَاتِحَةُ

ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا میں تمہیں ایک سورۃ سکھلاؤں جو اس سے پہلے نہ تورات میں نازل ہوئی نہ انجیل میں اور نہ زبور میں اور نہ فرقان میں اس جیسی سورت، پھر فرمایا وہ سورۃ فاتحہ ہے۔ (۳)

عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي فَاتِحَةِ الْكِتَابِ شِفَاءٌ مِنْ كُلِّ دَاءٍ .

عبد المالک بن عمیر سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۃ فاتحہ کے بارے میں بتایا کہ یہ ہر مرض کی دوا ہے۔ (۴)

عَنْ خَارِجَةَ بْنِ الصَّلْتِ، عَنْ عَمِّهِ، قَالَ: أَنَّهُ أَتَى رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ أَقْبَلَ رَاجِعًا مِنْ عِنْدِهِ، فَمَرَّ عَلَى قَوْمٍ وَعِنْدَهُمْ رَجُلٌ مَجْنُونٌ مُوثَقٌ بِالْحَدِيدِ ، فَقَالَ أَهْلُهُ: أَعِنْدَكَ مَا تُدَاوِي بِهِ هَذَا؟ فَإِنَّ صَاحِبَكُمْ قَدْ جَاءَ بِخَيْرٍ، قَالَ:

(۱) صحیح مسلم کتاب الجمعۃ بَابُ مَا يُقْرَأُ فِي صَلَاةِ الْجُمُعَةِ ۲۰۳۱، سنن ابوداود کتاب الصلاۃ بَابُ مَا يُقْرَأُ فِي صَلَاةِ الصُّبْحِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ ۱۰۷۴، جامع ترمذی ابواب الجمعۃ بَابُ مَا جَاءَ فِيمَا يُقْرَأُ فِي صَلَاةِ الصُّبْحِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ ۵۲۰، سنن نسائی کتاب الافتتاع الْقِرَاءَةُ فِي الصُّبْحِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ ۹۵۷، سنن ابن ماجہ کتاب اقامۃ الصلوٰۃ باب القراۃ فی صلاۃ الفجر یوم الجمعۃ ۸۲۱

(۲) فتح القدیر ۱۷/۱

(۳) فتح القدیر ۱۸/۱

(۴) فتح القدیر ۱۹/۱

فَقَرَأْتُ عَلَيْهِ فَاتِحَةَ الْكِتَابِ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ فِي كُلِّ يَوْمٍ مَرَّتَيْنِ غُدْوَةً وَعَشِيَّةً، أَجْمَعُ بُزَاقِي ثُمَّ أَتْفُلُ فَبَرَأَ فَأَعْطَانِي مِائَةَ شَاةٍ، فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لَهُ فقال :كل، فلعمري من أَكَلَ بِرُقْيَةِ بَاطِلٍ فَقَدْ أَكَلْتَ بِرُقْيَةِ حَقٍّ

خارجہ بن صلت سے اپنے چچا سے روایت کرتے ہیں وہ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ لوٹے تو ایک ایسی قوم کے پاس سے گذرے جن کے درمیان ایک پاگل آدمی زنجیروں سے بندھا پڑا تھا اس پاگل کے والیوں نے کہا کہ ہمیں یہ معلوم ہوا ہے کہ تمہارے ساتھی (محمد ﷺ) ایک خیر (دین) لے کر آئے پس کیا تمہارے پاس کوئی ایسی چیز ہے جس سے ہم اس کا علاج کریں؟ میں نے تین دن صبح وشام سورت فاتحہ پڑھ کر اس پر دم کیا تو وہ تندرست ہو گیا تو انہوں نے مجھے ایک سو بکریاں دیں، میں نبی اکرم ﷺ کے پاس آیا اور انہیں بتلایا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ اس کے علاوہ بھی کچھ پڑھا تھا، میں نے عرض کیا نہیں آپ ﷺ نے فرمایا کہ اسے لے لو، قسم ہے میری عمر کی لوگ باطل طریقہ سے دم درود کر کے کھا لیتے ہیں تم نے تو حق طریقہ سے تعویذ وغیرہ کر کے کھایا۔ [1]

سورت الفاتحہ کے نزول سے پیشتر صرف متفرق آیات نازل ہوئی تھیں، ان سورتوں کے بعد جو سب سے پہلی مکمل سورت نازل ہوئی وہ یہی ہے، جس میں اللہ تبارک وتعالیٰ نے بندوں کو اپنی بارگاہ میں التجا کا قرینہ وسلیقہ سکھایا، اللہ تعالیٰ نے یہ کلمات ہر اس انسان کو تلقین فرمائے جو اس کتاب مقدس سے ہدایت ورہنمائی حاصل کرنا چاہتا ہے، ابتدائے قرآن میں ان کلمات کا مقصد یہ واضح کرتا ہے کہ قاری اس کتاب کو تلاش حق کے ارادے اور راہ راست کی جستجو میں پڑھے، اس مقصد کے لئے جس علم وعرفان کی ضرورت ہے، اس کا منبع اور سرچشمہ ذات باری تعالیٰ ہے، سو اس عقیدے کے ساتھ کہ میرا مطلوب اسی ذات حق کے اختیار میں ہے، اسی سے دعا کر کے اس کتاب ہدایت سے رہنمائی حاصل کرنے کے لئے مطالعہ شروع کرے، سورۂ فاتحہ میں دعائیہ کلمات اور اس کے بعد پورے قرآن مجید سے اس کا تعلق اس کے بعد از خود واضح ہو جاتا ہے کہ سورۂ فاتحہ کلام الٰہی کا ابتدائیہ اور دعا ہے جبکہ ہدایت وحکمت سے بھرا قرآن مجید اللہ تبارک وتعالیٰ کی طرف سے التجا کی قبولیت کے طور پر اسکا جواب دیا ہے،

قرآن مجید کے بنیادی مضامین تین ہیں، توحید، رسالت اور قیامت،

اس سورۂ کے ابتدائی دو آیتوں اور چوتھی آیت میں اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا، اس کی رحمت وربوبیت اور عدل وبادشاہت کا اقرار ہے، تیسری آیت میں قیامت کا ذکر ہے، پانچویں اور چھٹی آیت میں نبوت اور رسالت کی طرف اشارہ ہے، اسی طرح اس سورۂ میں اللہ تعالیٰ کے اسماء وصفات مذکور ہیں، اسی کی عبادت اور اسی سے استعانت اور استقامت اور سیدھی راہ پر چلنے کی توفیق طلب کی گئی ہے، ایک طرف انبیاء اور صلحاء کا تذکرہ ہے تو دوسری طرف ان قوموں کی روش سے بچنے کی تلقین ہے جو علمی اور عملی کج روی کی وجہ سے اللہ کے غضب اور عذاب کی مستحق ہو گئیں، یہ دعویٰ بلا خوف تردید کہا جا سکتا ہے کہ سورۂ فاتحہ ایک بے مثال دعاء ومعارف کا بیش بہا خزانہ اور قرآنی علوم کا ایسا شفاف آئینہ ہے جس میں ایک سو تیرہ سورتوں کی جھلک ہم مختصر وقت میں دیکھ سکتے ہیں، شاید یہ جھلک بار بار دکھانے کے لئے ہی ہر نماز کی ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ پڑھنے کا حکم فرمایا گیا ہے۔

---

[1] مسند احمد ۲۱۸۳۶، سنن ابوداود کِتَاب الطِّبِّ بَابُ كَيْفَ الرُّقَى ۳۹۰۱، السنن الكبرى للنسائی ۱۰۸۰۴، ۷۴۹۲، فتح القدير ۱۹/۱

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع کرتا ہوں میں اللہ تعالیٰ کے نام سے جو نہایت مہربان بڑا رحم والا ہے۔

قرآن مجید میں آیت بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۱۱۴ مرتبہ بار بار آئی ہے جس کی روحانی برکتیں بے حساب ہیں، اپنے معانی کے اعتبار سے یہ آیت نزول قرآن سے پہلے سے منقول چلی آتی ہے، سلیمان علیہ السلام نے ملکہ سبا کو جو خط لکھا تھا اسکی ابتداء میں اسے تحریر فرمایا تھا

اِنَّهٗ مِنۡ سُلَيۡمٰنَ وَاِنَّهٗ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِۙ ۝۳۰ (۱)

ترجمہ: وہ سلیمان علیہ السلام کی جانب سے ہے اور یہ اللہ الرحمٰن اور الرحیم کے نام سے شروع کیا گیا ہے۔

اخْتَلَفَ أَهْلُ الْعِلْمِ هَلْ هِيَ آيَةٌ مُسْتَقِلَّةٌ فِي أَوَّلِ كُلِّ سُورَةٍ كُتِبَتْ فِي أَوَّلِهَا؟ أَوْ هِيَ بَعْضُ آيَةٍ مِنْ أَوَّلِ كُلِّ سُورَةٍ ، أَوْ هِيَ كَذَلِكَ فِي الْفَاتِحَةِ فَقَطْ دُونَ غَيْرِهَا، أَوْ أَنَّهَا لَيْسَتْ بِآيَةٍ فِي الْجَمِيعِ وَإِنَّمَا كُتِبَتْ لِلْفَصْلِ؟

علماء کے نزدیک یہ بات مختلف فیہ ہے کہ "بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ" جو سورت کی ابتداء میں لکھی جاتی ہے کیا یہ ایک مستقل آیت ہے یا سورت کی آیتوں میں سے ایک آیت ہے یا صرف سورہ فاتحہ کا جزو ہے یا یہ کہ کسی بھی سورت کی آیت نہیں بلکہ سورتوں کے مابین فرق کی وجہ سے لکھی گئی ہے۔ (۲)

بعض اس کے اونچی آواز سے پڑھنے کے قائل ہیں اور بعض سری آواز سے، اکثر علماء نے سری آواز سے پڑھنے کو راجح قرار دیا ہے، تاہم جہری آواز سے بھی پڑھنا جائز ہے ہمارے نزدیک "بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ" سورہ فاتحہ کی ایک آیت اور ہر سورہ کا فاتحہ ہے، کیونکہ اگر یہ آیت ہر سورۃ کے آغاز میں اللہ کے حکم سے نہ لکھی گئی ہوتی تو کوئی اور اس کا مجاز نہ تھا کہ اسے تبرکاً خود لکھ دیتا، اس لئے جب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو سورہ توبہ کے آغاز میں "بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ" لکھی ہوئی نہ ملی تو انہوں نے اس سورت کو اس کے بغیر ہی مصحف میں درج کیا۔

## "بِسۡمِ اللّٰهِ۔"

اسم اللہ، اس بابرکت ذات کا ذاتی نام ہے، جو خالق و مالک، مدبر اور منتظم ہے جس نے اربوں کھربوں عالموں کو وجود بخشا، جس میں ہماری رنگ و بو سے بھری یہ کائنات بھی شامل ہے، اللہ جو پرورش کرنے اور خبر گیری کرنے والا ہے، اللہ جو تمام عالم جن، عالم انس، عالم ملائکہ، اور عالم حوش وطیور وغیرہ کو تخلیق فرما کر ان کی ضروریات (ان کے احوال و ظروف اور طباع و اجسام کے مطابق) مہیا کرنے والا اور اس کو تکمیل تک پہنچانے والا ہے، اللہ جس نے موت و حیات کی تخلیق فرمائی، اللہ جس کی قدرتوں، طاقتوں، اقتدار اور صفات کی کوئی حد نہیں، اس لئے ہر طرح کی تعریفوں کا اصل مستحق اور سزاوار صرف اللہ تبارک و تعالیٰ ہی ہے۔ اسم اللہ، اللہ رب العزت کی ذات کے علاوہ کسی اور پر نہیں بولا جاتا، اس بابرکت ذات کے ذاتی نام اللہ سے شروع کرتا ہوں، جو تمام کمالات کی جامع اور تمام نقائص سے پاک ہے، جس کا وجود ایک روشن حقیقت اور کھلی کتاب کی طرح غیر محدود کائنات کے ذرے ذرے سے عیاں ہے۔

---

(۱) النمل ۳۰

(۲) فتح القدیر ۱/۲۰

اللہ تبارک وتعالیٰ جس نے اپنی حکمت ومشیت کے تحت یہ حسین وجمیل عظیم کائنات تخلیق فرمائی۔

اَفَلَمْ يَنْظُرُوْٓا اِلَى السَّمَاۗءِ فَوْقَهُمْ كَيْفَ بَنَيْنٰهَا وَزَيَّنّٰهَا وَمَا لَهَا مِنْ فُرُوْجٍ ۝ وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا
رَوَاسِيَ وَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍۢ بَهِيْجٍ ۝ تَبْصِرَةً وَّذِكْرٰى لِكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ ۝ [1]

ترجمہ: اچھا تو کیا انہوں نے کبھی اپنے اوپر آسمان کی طرف نہیں دیکھا؟ کس طرح ہم نے اسے بنایا اور آراستہ کیا اور اس میں کہیں کوئی رخنہ نہیں ہے، اور زمین کو ہم نے بچھایا اور اس میں پہاڑ جمائے اور اس کے اندر ہر طرح کی خوش منظر نباتات اگادیں، یہ ساری چیزیں آنکھیں کھولنے والی اور سبق دینے والی ہیں ہر اس بندے کے لئے جو (حق کی طرف) رجوع کرنے والا ہو۔

اللہ تبارک وتعالیٰ جس نے تہ بہ تہ سات دیدہ زیب آسمان تخلیق فرمائے۔

الَّذِيْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ۭ مَا تَرٰى فِيْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ تَفٰوُتٍ ۭ فَارْجِعِ الْبَصَرَ ۙ هَلْ تَرٰى مِنْ
فُطُوْرٍ ۝ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيْرٌ ۝ وَلَقَدْ زَيَّنَّا السَّمَاۗءَ الدُّنْيَا
بِمَصَابِيْحَ وَجَعَلْنٰهَا رُجُوْمًا لِّلشَّيٰطِيْنِ وَاَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابَ السَّعِيْرِ ۝ [2]

ترجمہ: جس نے تہ بر تہ سات آسمان بنائے، تم رحمان کی تخلیق میں کسی قسم کی بے ربطی نہ پاؤ گے، پھر پلٹ کر دیکھو کہیں تمہیں کوئی خلل نظر آتا ہے؟ بار بار نگاہ دوڑاؤ تمہاری نگاہ تھک کر نامراد پلٹ آئے گی، ہم نے تمہارے قریب کے آسمان کو عظیم الشان چراغوں سے آراستہ کیا ہے اور انہیں شیاطین کو مار بھگانے کا ذریعہ بنادیا ہے، ان شیطانوں کے لئے بھڑکتی ہوئی آگ ہم نے مہیا کر رہی ہے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ جس نے انسانی ضروریات کے لئے دمکتا سورج اور چمکتا چاند تخلیق فرمایا۔

تَبٰرَكَ الَّذِيْ جَعَلَ فِي السَّمَاۗءِ بُرُوْجًا وَّجَعَلَ فِيْهَا سِرٰجًا وَّقَمَرًا مُّنِيْرًا ۝ [3]

ترجمہ: بڑا متبرک ہے وہ جس نے آسمان میں برج بنائے اور اس میں ایک چراغ اور ایک چمکتا چاند روشن کیا۔

اللہ تبارک وتعالیٰ جس نے انسانوں کی معاش کے لئے روشن دن اور سکون کے لئے تاریک رات تخلیق فرمائی۔

وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِبَاسًا وَّالنَّوْمَ سُبَاتًا وَّجَعَلَ النَّهَارَ نُشُوْرًا ۝ [4]

ترجمہ: اور وہ اللہ ہی ہے جس نے رات کو تمہارے لئے لباس اور نیند کو سکون موت اور دن کو جی اٹھنے کا وقت بنایا۔

وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ خِلْفَةً لِّمَنْ اَرَادَ اَنْ يَّذَّكَّرَ اَوْ اَرَادَ شُكُوْرًا ۝ [5]

---

[1] ق ۶تا۸

[2] الملک ۳تا۵

[3] الفرقان ۶۱

[4] الفرقان ۴۷

[5] الفرقان ۶۲

ترجمہ: وہی ہے جس نے رات اور دن کو ایک دوسرے کا جانشین بنایا ہر اس شخص کے لئے جو سبق لینا چاہے یا شکر گزار ہونا چاہے۔

يُقَلِّبُ اللّٰهُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّاُولِي الْاَبْصَارِ ۝۴۴ ①

ترجمہ: رات اور دن کا الٹ پھیر وہی کر رہا ہے، اس میں ایک سبق ہے آنکھوں والوں کے لئے۔

اَلَمْ يَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا الَّيْلَ لِيَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝۸۶ ②

ترجمہ: کیا ان کو سجھائی نہ دیتا تھا کہ ہم نے رات ان کے لئے سکون حاصل کرنے کو بنائی تھی اور دن کو روشن کیا تھا؟ اسی میں بہت نشانیاں تھیں ان لوگوں کے لئے جو ایمان لاتے تھے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ جو انسانوں، جانوروں، رینگنے والے حشرات الارض اور سمندری مخلوقات کی خوراک کے لئے بے جان زمین سے مختلف غلہ جات اور انواع اقسام کے پھل اور چیزیں پیدا کرتا ہے۔

وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الْاَرْضُ الْمَيْتَةُ ښ اَحْيَيْنٰهَا وَاَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ يَاْكُلُوْنَ ۝۳۳ وَجَعَلْنَا فِيْهَا جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ وَّفَجَّرْنَا فِيْهَا مِنَ الْعُيُوْنِ ۝۳۴ لِيَاْكُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖ ۙ وَمَا عَمِلَتْهُ اَيْدِيْهِمْ ۭ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ۝۳۵ ③

ترجمہ: ان لوگوں کے لئے بے جان زمین ایک نشانی ہے، ہم نے اس کو زندگی بخشی اور اس سے غلہ نکالا جسے یہ کھاتے ہیں، ہم نے اس میں کھجوروں اور انگوروں کے باغ پیدا کیے اور اس کے اندر سے چشمے پھوڑ نکالے تا کہ یہ اس کے پھل کھائیں، یہ سب کچھ ان کے اپنے ہاتھوں کا پیدا کیا ہوا نہیں ہے، پھر کیا یہ شکر ادا نہیں کرتے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ جو میٹھے پانی سے لدی ہوئی ٹھنڈی ہوائیں بھیجتا ہے، اور اپنی حکمت ومشیت سے جہاں چاہتا ہے بارش برساتا ہے۔

وَاَرْسَلْنَا الرِّيٰحَ لَوَاقِحَ فَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً فَاَسْقَيْنٰكُمُوْهُ ۚ وَمَآ اَنْتُمْ لَهٗ بِخٰزِنِيْنَ ۝۲۲ ④

ترجمہ: بار آور ہواؤں کو ہم ہی بھیجتے ہیں پھر آسمان سے پانی برساتے ہیں اور اس پانی سے تمہیں سیراب کرتے ہیں، اس دولت کے خزانہ دار تم نہیں ہو۔

اَللّٰهُ الَّذِيْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ فَتُثِيْرُ سَحَابًا فَيَبْسُطُهٗ فِي السَّمَاۗءِ كَيْفَ يَشَاۗءُ وَيَجْعَلُهٗ كِسَفًا فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ ۚ فَاِذَآ اَصَابَ بِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ مِنْ عِبَادِهٖٓ اِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ۝۴۸ ⑤

ترجمہ: اللہ ہی ہے جو ہواؤں کو بھیجتا ہے اور وہ بادل اٹھاتی ہیں پھر وہ ان بادلوں کو آسمان میں پھیلاتا ہے جس طرح چاہتا ہے اور انہیں ٹکڑیوں میں تقسیم کرتا ہے، پھر تو دیکھتا ہے کہ بارش کے قطرے بادل میں سے ٹپکے چلے آتے ہیں، یہ بارش جب وہ اپنے بندوں میں سے جن پر چاہتا ہے

① النور ۴۴

② النمل ۸۶

③ یٰسین ۳۳تا۳۵

④ الحجر ۲۲

⑤ الروم ۴۸

برساتا ہے تو یکایک وہ خوش وخرم ہو جاتے ہیں۔

اللہ تبارک وتعالیٰ جو ایک ہی پانی سے اس مردہ زمین سے مختلف کھیتیاں اور انواع اقسام کے رنگ، ذائقہ اور خوشبو کے پھل پیدا فرماتا ہے۔

وَفِي الْأَرْضِ قِطَعٌ مُّتَجٰوِرٰتٌ وَّجَنّٰتٌ مِّنْ اَعْنَابٍ وَّزَرْعٌ وَّنَخِيْلٌ صِنْوَانٌ وَّغَيْرُ صِنْوَانٍ يُّسْقٰى بِمَآءٍ وَّاحِدٍ وَنُفَضِّلُ بَعْضَهَا عَلٰى بَعْضٍ فِي الْاُكُلِ ۚ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿۴﴾ (۱)

ترجمہ: اور دیکھو، زمین میں الگ الگ خطے پائے جاتے ہیں جو ایک دوسرے سے متصل واقع ہیں، انگور کے باغ ہیں، کھیتیاں ہیں، کھجور کے درخت ہیں جن میں سے کچھ اکہرے ہیں اور کچھ دوہرے، سب کو ایک ہی پانی سیراب کرتا ہے مگر مزے میں ہم کسی کو بہتر بنادیتے ہیں اور کسی کو کمتر، ان سب چیزوں میں بہت سی نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لئے جو عقل سے کام لیتے ہیں۔

اللہ تبارک وتعالیٰ جس نے انسانوں کی غذا کے لئے آسمان سے بارش برسائی، پھر اس مردہ زمین کو پھاڑ کر جانوروں اور انسانوں کی خوراک کیلئے مختلف اجناس، ترکاریاں اور پھل پیدا فرمائے۔

فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ اِلٰى طَعَامِهٖٓ ﴿۲۴﴾ اَنَّا صَبَبْنَا الْمَآءَ صَبًّا ﴿۲۵﴾ ثُمَّ شَقَقْنَا الْاَرْضَ شَقًّا ﴿۲۶﴾ فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا حَبًّا ﴿۲۷﴾ وَّعِنَبًا وَّقَضْبًا ﴿۲۸﴾ وَّزَيْتُوْنًا وَّنَخْلًا ﴿۲۹﴾ وَّحَدَآئِقَ غُلْبًا ﴿۳۰﴾ (۲)

ترجمہ: پھر ذرا انسان اپنی خوراک کو دیکھے، ہم نے خوب پانی لنڈھایا پھر زمین کو عجیب طرح پھاڑا، پھر اس کے اندر اگائے غلے اور انگور اور ترکاریاں اور زیتون اور کھجوریں اور گھنے باغ اور طرح طرح کے پھل اور چارے تمہارے لئے اور تمہارے مویشیوں کے لئے سامان زیست کے طور پر۔

اللہ تبارک وتعالیٰ جس نے انسان کی خوراک کے لئے دودھ دینے والے جانور تخلیق فرمائے۔

وَاِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ۚ نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهٖ مِنْۢ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ ﴿۶۶﴾ (۳)

ترجمہ: اور تمہارے لئے مویشیوں میں بھی ایک سبق موجود ہے، ان کے پیٹ سے گوبر اور خون کے درمیان ہم ایک چیز تمہیں پلاتے ہیں، یعنی خالص دودھ جو پینے والوں کے لئے نہایت خوشگوار ہے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ جس نے انسانوں کی شفا کے لئے شہد کی مکھی تخلیق فرمائی۔

وَاَوْحٰى رَبُّكَ اِلَى النَّحْلِ اَنِ اتَّخِذِيْ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا وَّمِنَ الشَّجَرِ وَمِمَّا يَعْرِشُوْنَ ﴿۶۸﴾ ثُمَّ كُلِيْ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ فَاسْلُكِيْ سُبُلَ رَبِّكِ ذُلُلًا ۚ يَخْرُجُ مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ۚ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۶۹﴾ (۴)

(۱) الرعد ۴
(۲) عبس ۲۴ تا ۳۰
(۳) النحل ۶۶
(۴) النحل ۶۸، ۶۹

ترجمہ: اور دیکھو تمہارے رب نے شہید کی مکھی پر یہ بات وحی کر دی کہ پہاڑوں میں اور درختوں میں اور ٹٹیوں پر چڑھائی ہوئی بیلوں میں اپنے چھتے بنا اور ہر طرح کے پھلوں کا رس چوس اور اپنے رب کی ہموار کی ہوئی راہوں پر چلتی رہ، اس مکھی کے اندر سے رنگ برنگ کا ایک شربت نکلتا ہے جس میں شفا ہے لوگوں کے لئے، یقیناً اس میں بھی ایک نشانی ہے ان لوگوں کے لئے جو غور و فکر کرتے ہیں۔

اللہ تبارک وتعالیٰ جس نے اپنی قدرت کاملہ سے مختلف اقسام کے ہرے بھرے کھیت اگائے۔

اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَحْرُثُوْنَ ۝٦٣ ءَاَنْتُمْ تَزْرَعُوْنَهٗٓ اَمْ نَحْنُ الزّٰرِعُوْنَ ۝٦٤ لَوْ نَشَاۗءُ لَجَعَلْنٰهُ حُطَامًا فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُوْنَ ۝٦٥ اِنَّا لَمُغْرَمُوْنَ ۝٦٦ بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ۝٦٧ (۱)

ترجمہ: کبھی تم نے سوچا، یہ بیج جو تم بوتے ہو ان سے کھیتیاں تم اگاتے ہو یا ان کے اگانے والے ہم ہیں؟ ہم چاہیں تو ان کھیتیوں کو بھس بنا کر رکھ دیں اور تم طرح طرح کی باتیں بناتے رہ جاؤ کہ ہم پر تو الٹی چٹی پڑ گئی بلکہ ہمارے تو نصیب ہی پھوٹے ہوئے ہیں۔

اللہ تبارک وتعالیٰ جس انسانی زندگی کی بنیادی ضرورت شیریں پانی پیدا فرمایا۔

اَفَرَءَيْتُمُ الْمَاۗءَ الَّذِيْ تَشْرَبُوْنَ ۝٦٨ ءَاَنْتُمْ اَنْزَلْتُمُوْهُ مِنَ الْمُزْنِ اَمْ نَحْنُ الْمُنْزِلُوْنَ ۝٦٩ لَوْ نَشَاۗءُ جَعَلْنٰهُ اُجَاجًا فَلَوْلَا تَشْكُرُوْنَ ۝٧٠ (۲)

ترجمہ: کبھی تم نے آنکھیں کھول کر دیکھا یہ پانی جو تم پیتے ہو اسے تم نے بادل سے برسایا ہے یا اس کے برسانے والے ہم ہیں؟ ہم چاہیں تو اسے سخت کھاری بنا کر رکھ دیں پھر کیوں تم شکر گزار نہیں ہوتے؟

اللہ تبارک وتعالیٰ جس نے انسانی زندگی کی ضرورت آگ تخلیق فرمائی۔

اَفَرَءَيْتُمُ النَّارَ الَّتِيْ تُوْرُوْنَ ۝٧١ ءَاَنْتُمْ اَنْشَاْتُمْ شَجَرَتَهَآ اَمْ نَحْنُ الْمُنْشِـُٔوْنَ ۝٧٢ نَحْنُ جَعَلْنٰهَا تَذْكِرَةً وَّمَتَاعًا لِّلْمُقْوِيْنَ ۝٧٣ (۳)

ترجمہ: کبھی تم نے خیال کیا یہ آگ جو تم سلگاتے ہو اس کا درخت تم نے پیدا کیا ہے یا اس کے پیدا کرنے والے ہم ہیں؟ ہم نے اس کو یاد دہانی کا ذریعہ اور حاجت مندوں کے لئے سامان زیست بنایا ہے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ جس نے ٹپکائی ہوئی بدبودار حقیر بوند سے تخلیق کا عجیب وغریب کارنامہ فرمایا۔

اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تُمْنُوْنَ ۝٥٨ ءَاَنْتُمْ تَخْلُقُوْنَهٗٓ اَمْ نَحْنُ الْخٰلِقُوْنَ ۝٥٩ (۴)

ترجمہ: ہم نے تمہیں پیدا کیا ہے پھر کیوں تصدیق نہیں کرتے؟ کبھی تم نے غور کیا یہ نطفہ جو تم ڈالتے ہو اس سے بچہ تم بناتے ہو یا اس کے بنانے والے ہم ہیں۔

(۱) الواقعة ۶۳تا۶۷

(۲) الواقعة ۶۸تا۷۰

(۳) الواقعه ۷۱تا۷۳

(۴) لواقعة ۵۸،۵۹

اللہ تبارک وتعالیٰ جو اپنی قدرت کاملہ سے نطفے کو مختلف بصیرت افروز مراحل سے گزار کر انسان کی تخلیق کا عمل مکمل فرماتا ہے۔

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ ﴿۱۲﴾ ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ﴿۱۳﴾ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ۗ ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ ۭ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ﴿۱۴﴾ (۱)

ترجمہ: ہم نے انسان کو مٹی کے ست سے بنایا پھر اسے ایک محفوظ جگہ ٹپکی ہوئی بوند میں تبدیل کیا، پھر اس بوند کو لوتھڑے کی شکل دی، پھر لوتھڑے کو بوٹی بنادیا، پھر بوٹی کی ہڈیاں بنائیں، پھر ہڈیوں پر گوشت چڑھایا پھر اسے ایک دوسری ہی مخلوق بنا کھڑا کیا، پس بڑا ہی بابرکت ہے اللہ، سب کاریگروں سے اچھا کاریگر۔

خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ الْاَنْعَامِ ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ۭ يَخْلُقُكُمْ فِيْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ خَلْقًا مِّنْۢ بَعْدِ خَلْقٍ فِيْ ظُلُمٰتٍ ثَلٰثٍ ۭ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ ۭ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ﴿۶﴾ (۲)

ترجمہ: اسی نے تم کو ایک جان سے پیدا کیا پھر وہی ہے جس نے اس جان سے اس کا جوڑا بنایا، اور اسی نے تمہارے لئے مویشیوں میں سے آٹھ نر و مادہ پیدا کیے، وہ تمہاری ماؤں کے پیٹوں میں تین تین تاریک پردوں کے اندر تمہیں ایک کے بعد ایک شکل دیتا چلا جاتا ہے، یہی اللہ (جس کے یہ کام ہیں) تمہارا رب ہے، بادشاہی اسی کی ہے، کوئی معبود اس کے سوا نہیں ہے پھر تم کدھر پھرائے جا رہے ہو؟۔

ذٰلِكَ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۶﴾ الَّذِيْٓ اَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ وَبَدَاَ خَلْقَ الْاِنْسَانِ مِنْ طِيْنٍ ﴿۷﴾ ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّاۗءٍ مَّهِيْنٍ ﴿۸﴾ ثُمَّ سَوّٰىهُ وَنَفَخَ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِهٖ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿۹﴾ (۳)

ترجمہ: وہی ہے ہر پوشیدہ اور ظاہر کا جاننے والا زبردست اور رحیم، جو چیز بھی اس نے بنائی خوب ہی بنائی، اس نے انسان کی تخلیق کی ابتدا گارے سے کی پھر اس کی نسل ایک ایسے ست سے چلائی جو حقیر پانی کی طرح کا ہے، پھر اس کو نک سک سے درست کیا اور اس کے اندر اپنی روح پھونک دی اور تم کو کان دیے، آنکھیں دیں اور دل دیے، تم لوگ کم ہی شکر گزار ہوتے ہو۔

اللہ تبارک وتعالیٰ جس نے اپنی حکمت کے تحت انسانوں کے مختلف رنگ اور زبان کا اختلاف پیدا فرمایا۔

وَمِنْ اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافُ اَلْسِنَتِكُمْ وَاَلْوَانِكُمْ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلْعٰلِمِيْنَ ﴿۲۲﴾ (۴)

---

(۱) المومنون ۱۲ تا ۱۴

(۲) الزمر ۶

(۳) السجدة ۶ تا ۹

(۴) الروم ۲۲

ترجمہ: اور اس کی نشانیوں میں سے آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور تمہاری زبانوں اور تمہارے رنگوں کا اختلاف ہے، یقیناً اس میں بہت سی نشانیاں ہیں دانشمند لوگوں کے لئے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ جس نے ایک ہی طرح کے حقیر پانی سے مختلف انواع کے جانور تخلیق فرمائے۔

وَاللّٰهُ خَلَقَ كُلَّ دَآبَّةٍ مِّنْ مَّآءٍ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰى بَطْنِهٖ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰى رِجْلَيْنِ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰٓى اَرْبَعٍ ۚ يَخْلُقُ اللّٰهُ مَا يَشَآءُ ۚ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۴۵﴾ [۱]

ترجمہ: اور اللہ نے ہر جاندار ایک طرح کے پانی سے پیدا کیا، کوئی پیٹ کے بل چل رہا ہے تو کوئی دو ٹانگوں پر اور کوئی چار ٹانگوں پر، جو کچھ وہ چاہتا ہے پیدا کرتا ہے وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

اس عظیم الشان کائنات کا ذرہ ذرہ پکار پکار کر گواہی دے رہا ہے کہ اس دلفریب کائنات کا ایک بہترین موجد اور لاشریک رب ہے۔

الاسم الاعظم ھو اللہ

شیخ عبد القادر جیلانی کہتے ہیں اسم اعظم اللہ ہے۔

امام طحاوی رحمہ اللہ، امام ابن قیم رحمہ اللہ اور امام رازی رحمہ اللہ نے اسی قول کو اختیار کیا ہے،

عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَيْسٍ، قَالَتْ: قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا أُعَلِّمُكِ كَلِمَاتٍ تَقُولِينَهُنَّ عِنْدَ الْكَرْبِ أَوْ فِي الْكَرْبِ ؟ اللَّهُ، اللَّهُ رَبِّي لَا أُشْرِكُ بِهِ شَيْئًا

اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا کیا میں تمہیں ایسے کلمات نہ سکھادوں جو تم پریشانی کی صورت میں پڑھا کرو اللہ، اللہ میرا رب ہے میں اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہراتی۔ [۲]

''الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔''

قرآن مجید میں صفاتی نام الرحمٰن ستاون بار اور الرحیم ایک سو چودہ بار آیا ہے۔

علامہ ابن قیم کہتے ہیں کہ الرحمٰن دلالت کرتا ہے ایک ایسی صفت پر جو کہ قائم رہتی ہے اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے ساتھ اور الرحیم دلالت کرتا ہے ایسی صفت پر جس کا تعلق مرحوم یعنی رحم کئے ہوئے کے ساتھ ہوتا ہے، یعنی رحم در رحم۔

ایک قول ہے کہ الرحمٰن وہ ہے جب اس سے مانگا جائے تو عطا کرے اور الرحیم وہ ہے جب اس سے نہ مانگا جائے تو ناراض ہو جائے۔

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّهُ مَنْ لَمْ يَسْأَلِ اللَّهَ يَغْضَبْ عَلَيْهِ

---

[۱] النور ۴۵

[۲] سنن ابن ماجه كتاب الدعاء بَابُ الدُّعَاءِ عِنْدَ الْكَرْبِ ۳۸۸۲، سنن ابوداود كتاب الوتر بَابٌ فِي الِاسْتِغْفَارِ ۱۵۲۵، صحيح ابن حبان ۸۶۴، مصنف ابن ابی شيبة ۲۹۱۵۶، مسند اسحاق ۲۱۳۵، مسند احمد ۲۷۰۸۲، فتح القدير ۳/۳۴۲، الدعا للطبرانی ۱۰۲۷، عمل اليوم والليلة للنسائی ۶۴۹

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو اللہ سے نہیں مانگتا اللہ اس سے ناراض ہوجاتا ہے۔ ①

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَا يَسْأَلْهُ يَغْضَبْ عَلَيْهِ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو اللہ سے نہیں مانگتا اللہ اس سے ناراض ہوجاتا ہے۔ ②

قَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَا يَدْعُو اللَّهَ يَغْضَبْ عَلَيْهِ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ایک اور روایت میں یہ الفاظ ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اللہ سے نہیں مانگتا اللہ اس سے ناراض ہوجاتا ہے۔ ③

ایک قول ہے کہ صفت الرحمٰن ہر نیک و بد پر عام ہے شفقت میں، انہیں رزق دینے میں اور ان سے مصیبتوں کو دور کرنے میں، جبکہ صفت الرحیم خاص ہے مومنوں کے ساتھ ان کی مغفرت کرنے میں اور انہیں جنت میں داخل کرنے میں۔

...وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِينَ رَحِيمًا ﴿٤٣﴾ ④

ترجمہ: وہ مومنوں پر بہت مہربان ہے۔

...إِنَّهُ بِهِمْ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ ﴿١١٧﴾ ⑤

ترجمہ: بیشک اس کا معاملہ مومنوں کے ساتھ شفقت و مہربانی کا ہے۔

...إِنَّهُ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ﴿٥٤﴾ ⑥

ترجمہ: وہ بڑا معاف کرنے والا اور رحم فرمانے والا ہے۔

...إِنَّ اللَّهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوفٌ رَّحِيمٌ ﴿١٤٣﴾ ⑦

ترجمہ: وہ لوگوں کے حق میں نہایت شفیق و رحیم ہے۔

...إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ﴿١٨٢﴾ ⑧

ترجمہ: اللہ بخشنے والا اور رحم فرمانے والا ہے ۔

---

① جامع ترمذی ابواب الدعوات عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بَاب مَا جَاءَ فِي فَضْلِ الدُّعَاءِ ۳۳۷۳

② مستدرک حاکم ۱۸۰۶

مستدرک حاکم ۱۸۰۶

④ الاحزاب ۴۳

⑤ التوبة ۱۱۷

⑥ البقرة ۵۴

⑦ البقرة ۱۴۳

⑧ البقرة ۱۸۲

وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ الرَّحِيمُ ﴿٩﴾ [1]

ترجمہ: تیرا رب زبردست بھی ہے اور رحیم بھی۔

جس کی وسعت رحمت سے معلوم ہوتا ہے کہ الرحمٰن اور الرحیم وہ ذات ہے جس کے رحم وکرم نے کائنات کے ذرہ ذرہ کو اپنے گھیرے میں لے رکھا ہے۔

اور اس بابرکت ذات نے اپنی بے پناہ رحمت وبخشش کا اعلان فرماتے ہوئے روز اول ہی سے عرش پر لکھ دیا ہے،

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: لَمَّا خَلَقَ اللَّهُ الْخَلْقَ كَتَبَ فِي كِتَابِهِ وَهُوَ يَكْتُبُ عَلَى نَفْسِهِ وَهُوَ وَضْعٌ عِنْدَهُ عَلَى الْعَرْشِ إِنَّ رَحْمَتِي تَغْلِبُ غَضَبِي

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جب اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو تخلیق فرمایا تو اپنی کتاب میں لکھ دیا اس نے اپنی ذات کے متعلق بھی لکھا اور یہ اب بھی عرش پر لکھا ہوا موجود ہے کہ بیشک میری رحمت میرے غضب پر غالب ہے۔ [2]

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم میں بندہ اس بات کا اقرار کرتا ہے کہ ہر طرح کا فضل واحسان اللہ تبارک وتعالیٰ ہی کی جانب سے ہیں، یعنی اللہ تبارک وتعالیٰ نے ہم پر جو بھی احسانات فرمائے ہیں، یہ ہمارے استحقاق یا زور بازو کا نتیجہ نہیں بلکہ سب کچھ اللہ تبارک وتعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ کا ہی فیضان ہے چنانچہ اسی وجہ سے ابتدائے وحی کے وقت ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ کے نام کی یاد کا حکم ہوا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اپنے کام کا آغاز بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے کرے گا اللہ تبارک وتعالیٰ کی رحمت وبرکت اس کے شامل حال ہوں گی، وہ گمراہی سے بچ جائے گا، اس کا کام آسان ہو جائے گا، اس لیے ہر عمل اور قول کے شروع میں بسم اللہ پڑھنا مستحب ہے،

وضو کے شروع میں بسم اللہ پڑھنا۔

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا صَلَاةَ لِمَنْ لَا وُضُوءَ لَهُ، وَلَا وُضُوءَ لِمَنْ لَمْ يَذْكُرِ اسْمَ اللَّهِ عَلَيْهِ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ نماز نہیں جس میں وضو نہ کیا گیا ہو اور جو شخص وضو (شروع) کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کا نام نہ لے تو اس کا وضو نہیں ہوتا۔ [3]

أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ أَبِيهِ ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا وُضُوءَ لِمَنْ لَمْ يَذْكُرِ اسْمَ

---

[1] الشعراء ۹

[2] صحیح بخاری کتاب التوحید الجهمية بَابُ قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى وَيُحَذِّرُكُمُ اللَّهُ نَفْسَهُ ۷۴۰۴، سنن ابن ماجه کتاب الزهد بَابُ مَا يُرْجَى مِنْ رَحْمَةِ اللَّهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۴۲۹۵، جامع ترمذی ابواب الدعوات بَاب فِي فَضْلِ التَّوْبَةِ وَالِاسْتِغْفَارِ وَمَا ذُكِرَ مِنْ رَحْمَةِ اللَّهِ بِعِبَادِهِ ۳۵۴۳، مسنداحمد۹۵۹۷، مسندالبزار۸۳۷۱، الاعتقادللبیهقی ۱۱۴/۱، صحیح ابن حبان ۶۱۴۳، مصنف ابن ابی شیبة۳۴۱۹۹، مسندابی یعلی۶۴۳۲

[3] مسنداحمد۹۴۱۸

اللّٰہِ عَلَیْہِ

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اور جو شخص وضو (شروع) کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کا نام نہ لے تو اس کا وضو نہیں ہوتا۔ [1]

کھانا کھانے سے پہلے بسم اللہ پڑھنا۔

عَنْ عُمَرَ بْنِ أَبِي سَلَمَةَ قَالَ :قَالَ لِي يَعْنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :يَا غُلَامُ، سَمِّ اللَّهَ، وَكُلْ بِيَمِينِكَ، وَكُلْ مِمَّا يَلِيكَ

عمر بن ابوسلمہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا اے لڑکے! بِسْمِ اللّٰہِ کہو، اپنے دائیں ہاتھ سے کھاؤ اور اپنے سامنے سے کھاؤ۔ [2]

بیوی سے جماع کرتے وقت بسم اللہ پڑھنا۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ أَنَّ أَحَدَهُمْ إِذَا أَرَادَ أَنْ يَأْتِيَ أَهْلَهُ، قَالَ: بِاسْمِ اللّٰهِ، اللهُمَّ جَنِّبْنَا الشَّيْطَانَ، وَجَنِّبِ الشَّيْطَانَ مَا رَزَقْتَنَا، فَإِنَّهُ إِنْ يُقَدَّرْ بَيْنَهُمَا وَلَدٌ فِي ذَلِكَ، لَمْ يَضُرَّهُ شَيْطَانٌ أَبَدًا

عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جب ان میں سے کوئی اپنی بیوی سے ہم بستری کے وقت یہ دعا پڑھ لے اللہ کے نام سے، اے اللہ! تو ہم (دونوں) کو شیطان سے بچا اور جو اولاد تو ہمیں عطا فرمائے اسے بھی شیطان سے بچا لہذا اگر اس ہم بستری سے حمل قرار پا جائے تو اس پیدا ہونے والے بچے کو شیطان کبھی بھی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ [3]

عَن جَابر بن عبد اللّٰه قَالَ: لما نزلت {بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ} هرب الْغَيْم إِلَى الْمشرق وسكنت الرّيح وهاج الْبَحْر وأصغت الْبَهَائِم بآذانها ورجمت الشَّيَاطِين من السَّمَاء وَحلف اللّٰه بعزته وجلاله أَن لَا يُسمى على شَيْء إِلَّا بَارك فِيهِ

جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے جب بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نازل ہوئی تو بادل مشرق کی طرف ہٹ گئے، ہوا رک گئی، دریا پرسکون ہو گیا اور اللہ تعالیٰ نے اپنی عزت کی قسم کھا کر فرمایا جس چیز پر میرا یہ نام بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لیا جائے گا اس میں ضرور برکت ہو گی۔ [4]

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ۙ﴿۱﴾ (الفاتحہ ۱)

سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے۔

---

[1] مسند احمد ۱۱۳۷۰

[2] مسند احمد ۱۶۳۳۲، صحیح مسلم کتاب الْأَشْرِبَةِ بَابُ آدَابِ الطَّعَامِ وَالشَّرَابِ وَأَحْكَامِهِمَا ۵۲۶۹

[3] صحیح بخاری كِتَابُ الدَّعَوَاتِ بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا أَتَى أَهْلَهُ ۶۳۸۸، صحیح مسلم كِتَابُ النِّكَاحِ بَابُ مَا يُسْتَحَبُّ أَنْ يَقُولَهُ عِنْدَ الْجِمَاعِ ۳۵۳۳

[4] الدر المنثور ۲۶/۱

الحمد للہ کلمہ شکر ہے،اس کلمہ کی بڑی فضیلت ہے،

جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ يَقُولُ :سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ :أَفْضَلُ الذِّكْرِ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، وَأَفْضَلُ الدُّعَاءِ الْحَمْدُ لِلَّهِ

جابر بن عبد اللہ فرماتے ہیں میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا آپ ﷺ فرمارہے تھے سب سے بہتر ذکر لاالہ الااللہ ہے اور سب سے بہتر دعا الحمد للہ ہے۔ (۱)

عَنْ أَبِي مَالِكٍ الْأَشْعَرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:الطُّهُورُ شَطْرُ الْإِيمَانِ وَالْحَمْدُ لِلَّهِ تَمْلَأُ الْمِيزَانَ، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلَّهِ تَمْلَآنِ - أَوْ تَمْلَأُ - مَا بَيْنَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ

ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا طہارت آدھے ایمان کے برابر ہے اور کلمہ الحمد للہ میزان کو بھر دیتا ہے اور سبحان اللہ اور الحمد للہ دونوں آسمانوں اور زمین کی بیچ کی جگہ کو بھر دیں گے۔ (۲)

رسول اللہ ﷺ نے کلمہ لاالہ الااللہ اور سبحان اللہ کی فضیلت بیان فرمائی،

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ،أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ قَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، فِي يَوْمٍ مِائَةَ مَرَّةٍ كَانَتْ لَهُ عَدْلَ عَشْرِ رِقَابٍ وَكُتِبَتْ لَهُ مِائَةُ حَسَنَةٍ وَمُحِيَتْ عَنْهُ مِائَةُ سَيِّئَةٍ، وَكَانَتْ لَهُ حِرْزًا مِنَ الشَّيْطَانِ، يَوْمَهُ ذَلِكَ، حَتَّى يُمْسِيَ وَلَمْ يَأْتِ أَحَدٌ أَفْضَلَ مِمَّا جَاءَ بِهِ إِلَّا أَحَدٌ عَمِلَ أَكْثَرَ مِنْ ذَلِكَ، وَمَنْ قَالَ: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ، فِي يَوْمٍ مِائَةَ مَرَّةٍ حُطَّتْ خَطَايَاهُ وَلَوْ كَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص ایک دن میں سوبار" لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ، لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ " کہے گا اس کو دس غلام آزاد کرنے کا ثواب ملے گا اور اس کے اعمال میں سو نیکیاں لکھی جائیں گی اور سو برائیاں مٹادی جائیں گی،اور سارا دن یہ دعا شیطان سے اس کی حفاظت کرتی رہے گی،اور کوئی شخص اس دن اس سے بہتر عمل نہ لائے گا مگر جو اس سے زیادہ عمل کرے (یعنی یہی تسبیح سو بار سے زیادہ پڑھے یا اور اعمال خیر زیادہ کرے) اور جو شخص دن میں سو بار سبحان اللہ و بحمدہ کہے گا اس کے گناہ مٹادیے جائیں گے چاہے وہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں۔ (۳)

عَنْ أَبِي ذَرٍّ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ :أَلَا أُخْبِرُكَ بِأَحَبِّ الْكَلَامِ إِلَى اللّٰهِ؟ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَخْبِرْنِي بِأَحَبِّ الْكَلَامِ إِلَى اللّٰهِ،فَقَالَ: إِنَّ أَحَبَّ الْكَلَامِ إِلَى اللّٰهِ: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ

(۱) سنن ابن ماجه كِتَابُ الْأَدَبِ بَابُ فَضْلِ الْحَامِدِينَ ۳۸۰۰

(۲) صحيح مسلم كتاب الطهارة بَابُ فَضْلِ الْوُضُوءِ ۵۳۴،مسند احمد ۱۸۲۸۷

(۳) صحيح مسلم كتاب الذكروالدعاء بَابُ فَضْلِ التَّهْلِيلِ وَالتَّسْبِيحِ وَالدُّعَاءِ ۶۸۴۲،صحيح بخارى كتاب بدء الخلق بَابُ صِفَةِ إِبْلِيسَ وَجُنُودِهِ ۶۴۰۳، ۳۲۹۳،جامع ترمذى كتاب الدعوات باب مَا جَاءَ فِي فَضْلِ التَّسْبِيحِ وَالتَّكْبِيرِ وَالتَّهْلِيلِ وَالتَّحْمِيدِ ۳۴۶۸،سنن ابن ماجه كتاب الادب بَابُ فَضْلِ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ ۳۷۹۸ ،صحيح ابن حبان ۸۴۹

ابو ذر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں تجھ کو وہ کلام نہ بتلاؤں جو اللہ تعالیٰ کو بہت پسند ہے؟ میں نے عرض کیا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! مجھے وہ کلام بتلائیں جو اللہ تعالیٰ کو بہت پسند ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ کو یہ کلام بہت پسند ہے سبحان اللہ وبحمدہ۔ [۱]

عَنْ أَنَسٍ قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : مَا أَنْعَمَ اللَّهُ عَلَى عَبْدٍ نِعْمَةً فَقَالَ : الْحَمْدُ لِلَّهِ، إِلَّا كَانَ الَّذِي أَعْطَى أَفْضَلَ مِمَّا أَخَذَ

انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس بندے کو اللہ تعالیٰ کسی نعمت سے سرفراز فرمائے اور وہ اس پر الحمد للہ کہے تو اس کا یہ حمد کہنا اس نعمت سے افضل ہے جو اس نے حاصل کی ہے۔ [۲]

فَحَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَهُمْ: أَنَّ عَبْدًا مِنْ عِبَادِ اللَّهِ قَالَ: يَا رَبِّ لَكَ الْحَمْدُ كَمَا يَنْبَغِي لِجَلَالِ وَجْهِكَ وَلِعَظِيمِ سُلْطَانِكَ، فَعَضَّلَتْ بِالْمَلَكَيْنِ، فَلَمْ يَدْرِيَا كَيْفَ يَكْتُبَانِهَا، فَصَعِدَا إِلَى السَّمَاءِ، وَقَالَا: يَا رَبَّنَا، إِنَّ عَبْدَكَ قَدْ قَالَ مَقَالَةً لَا نَدْرِي كَيْفَ نَكْتُبُهَا، قَالَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ: وَهُوَ أَعْلَمُ بِمَا قَالَ عَبْدُهُ: مَاذَا قَالَ عَبْدِي؟ قَالَا: يَا رَبِّ إِنَّهُ قَالَ: يَا رَبِّ لَكَ الْحَمْدُ كَمَا يَنْبَغِي لِجَلَالِ وَجْهِكَ وَعَظِيمِ سُلْطَانِكَ، فَقَالَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ لَهُمَا :اكْتُبَاهَا كَمَا قَالَ عَبْدِي، حَتَّى يَلْقَانِي فَأَجْزِيَهُ بِهَا

عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بندگان الٰہی میں سے ایک بندے نے یہ کہا ''اے پروردگار! تیری اس طرح تعریف ہے جس طرح تیرے چہرہ اقدس کے جلال اور تیری عظیم بادشاہت کے شایان شان ہے'' اس سے دونوں فرشتے حیران و پریشان ہو گئے انہیں معلوم نہیں تھا کہ وہ اس کا اجر و ثواب کیسے لکھیں؟ لہٰذا وہ آسمان کی طرف چڑھ گئے اور بارگاہ الٰہی میں انہوں نے عرض کی اے ہمارے رب! تیرے ایک بندے نے ایک ایسا کلمہ کہا ہے جس کے بارے میں ہمیں معلوم نہیں کہ ہم اس کا اجر و ثواب کیسے لکھیں؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا حالانکہ وہ خوب جانتا ہے کہ اس کے بندے نے کیا کہا تھا، میرے بندے نے کیا کہا ہے؟ انہوں نے عرض کی اے پروردگار! تیرے بندے نے کہا ''تیری اس طرح تعریف ہے جس طرح تیرے چہرہ اقدس کے جلال اور تیری عظیم بادشاہت کے شایان شان ہے'' تو اللہ عزوجل نے ان فرشتوں سے فرمایا کہ اس کلمہ کو اسی طرح لکھ لو جس طرح میرے بندے نے کہا ہے حتی کہ جب وہ میری ملاقات کے لیے آئے گا تو میں خود اسے اس کی جزا دوں گا۔ [۳]

سب تعریف اللہ تعالیٰ کے لئے ہے جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے،

عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ :قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللَّهَ لَيَرْضَى عَنِ الْعَبْدِ أَنْ يَأْكُلَ الْأَكْلَةَ فَيَحْمَدَهُ عَلَيْهَا أَوْ يَشْرَبَ الشَّرْبَةَ فَيَحْمَدَهُ عَلَيْهَا

---

[۱] صحيح مسلم كتاب الذكروالدعائ باب بَابُ فَضْلِ سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهِ ٦٩٢٦

[۲] سنن ابن ماجه كِتَابُ الْأَدَبِ بَابُ فَضْلِ الْحَامِدِينَ ٣٨٠٥

[۳] سنن ابن ماجه كِتَابُ الْأَدَبِ بَابُ فَضْلِ الْحَامِدِينَ ٣٨٠١

انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ اس بات کو پسند فرماتا ہے کہ ہر کھانے پر اور پینے پر بندہ اللہ کی حمد وثنا کرے۔ (۱)

یعنی اللہ تعالیٰ صرف اس زمینی عالم کا رب نہیں ہے بلکہ وہ رب العالمین یعنی زمان ومکان میں سبھی عالموں کا پروردگار ہے اور اگر وہ ان گنت عالموں کا پروردگار ہے تو لازمی بات ہے کہ پرورش پانے والے بھی تمام عالموں میں ہوں گے، ایک مقام پر فرمایا:

فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝۳۶ (۲)

ترجمہ: پس تعریف اللہ ہی کے لیے ہے جو زمین اور آسمانوں کا مالک اور سارے جہان والوں کا پروردگار ہے۔

اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝۲۷ لِمَنْ شَاۗءَ مِنْكُمْ اَنْ يَّسْتَقِيْمَ ۝۲۸ وَمَا تَشَاۗءُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَاۗءَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۝۲۹ (۳)

ترجمہ: یہ تو سارے جہان والوں کے لیے نصیحت ہے، تم میں سے ہر اس شخص کے لیے جو راہ راست پر چلنا چاہتا ہو اور تمہارے چاہنے سے کچھ نہیں ہوتا جب تک اللہ رب العالمین نہ چاہے۔

جہاں تک ان دنیاؤں کی شکل وصورت کا تعلق ہے تو یہ آیت ظاہر کرتی ہے کہ ان میں اور ہماری دنیا میں مشابہت ہے فرمایا

اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَّمِنَ الْاَرْضِ مِثْلَهُنَّ ۭ يَتَنَزَّلُ الْاَمْرُ بَيْنَهُنَّ لِتَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ڏ وَّاَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا ۝۱۲ (۴)

ترجمہ: اللہ وہ ہے جس نے سات آسمان بنائے اور زمین کی قسم سے بھی انہی کے مانند، ان کے درمیان حکم نازل ہوتا رہتا ہے (یہ بات تمہیں اس لیے بتائی جارہی ہے) تاکہ تم جان لو کہ اللہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے، اور یہ کہ اللہ کا علم ہر چیز پر محیط ہے۔

اور کائنات میں زندگی جگہ جگہ بکھری پڑی ہے۔

وَمِنْ اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَثَّ فِيْهِمَا مِنْ دَاۗبَّةٍ ۭ وَهُوَ عَلٰي جَمْعِهِمْ اِذَا يَشَاۗءُ قَدِيْرٌ ۝۲۹ (۵)

ترجمہ: اس کی نشانیوں میں سے ہے یہ زمین اور آسمانوں کی پیدائش، اور یہ جاندار مخلوقات جو اس نے دونوں جگہ پھیلا رکھی ہیں وہ جب چاہے انہیں اکٹھا کر سکتا ہے۔

جب اللہ تعالیٰ نے نوح علیہ السلام کو اپنی مشرک قوم سے نجات عطا فرمائی تو حمد بیان کرنے کا فرمایا:

(۱) صحیح مسلم کتاب الذکروالدعاباَبُ اسْتِحْبَابِ حَمْدِ اللهِ تَعَالَى بَعْدَ الْأَكْلِ وَالشُّرْبِ ۶۹۳۲،جامع ترمذی کتاب الاطعمة بَابُ مَا جَاءَ فِي الحَمْدِ عَلَى الطَّعَامِ إِذَا فُرِغَ مِنْهُ ۱۸۱۶

(۲) الجاثیة۳۶

(۳) التکویر۲۷تا۲۹

(۴) الطلاق ۱۲

(۵) الشوری۲۹

فَاِذَا اسْتَوَيْتَ اَنْتَ وَمَنْ مَّعَكَ عَلَى الْفُلْكِ فَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ نَجّٰىنَا مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۸﴾ (۱)

ترجمہ: پھر جب تو اور جو تیرے ساتھ ہیں، کشتی پر سوار ہو جاؤ تو کہہ سب تعریف اللہ کے لیے ہے جس نے ہمیں ظالم لوگوں سے نجات دی۔

اور جب ابراہیم علیہ السلام کو بڑھاپے میں اللہ تعالیٰ نے اسماعیل علیہ السلام اور اسحاق علیہ السلام اولاد عطا فرمائی تو انہوں نے اللہ کی حمد ہی بیان فرمائی۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ وَهَبَ لِيْ عَلَى الْكِبَرِ اِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ ۭ اِنَّ رَبِّيْ لَسَمِيْعُ الدُّعَاۗءِ ﴿۳۹﴾ (۲)

ترجمہ: سب تعریف اس اللہ کی ہے جس نے مجھے بڑھاپے کے باوجود اسماعیل علیہ السلام اور اسحاق علیہ السلام عطا کیے، بے شک میرا رب تو بہت دعا سننے والا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے داؤد علیہ السلام اور سلیمان علیہ السلام کو علم عطا فرمایا تو انہوں نے اس پر مغرور ہونے کے بجائے اللہ تعالیٰ کا انعام سمجھا اور اس کی حمد ہی بیان کی۔

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ عِلْمًا ۚ وَقَالَا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ فَضَّلَنَا عَلٰي كَثِيْرٍ مِّنْ عِبَادِهِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۵﴾ (۳)

ترجمہ: اور بلاشبہ یقیناً ہم نے داؤد علیہ السلام اور سلیمان علیہ السلام کو ایک علم دیا اور ان دونوں نے کہا تمام تعریف اللہ کے لیے ہے جس نے ہمیں اپنے بہت سے مومن بندوں پر فضیلت دی۔

جب اللہ تعالیٰ کے پرہیز گار بندے اس کی بے شمار اور لازوال نعمتوں بھری جنتوں میں داخل ہوں تو وہ بھی اللہ تعالیٰ کی حمد ہی بیان کریں گے۔

جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا ۚ وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا حَرِيْرٌ ﴿۳۳﴾ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ ۭ اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرُۨ ﴿۳۴﴾ الَّذِيْٓ اَحَلَّنَا دَارَ الْمُقَامَةِ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ لَا يَمَسُّنَا فِيْهَا نَصَبٌ وَّلَا يَمَسُّنَا فِيْهَا لُغُوْبٌ ﴿۳۵﴾ (۴)

ترجمہ: ہمیشہ رہنے والی جنتیں ہیں جن میں یہ لوگ داخل ہوں گے، وہاں انہیں سونے کے کنگنوں اور موتیوں سے آراستہ کیا جائے گا، وہاں ان کا لباس ریشم ہوگا اور وہ کہیں گے سب تعریف اس اللہ کی ہے جس نے ہم سے غم دور کر دیا، یقیناً ہمارا رب بے حد بخشنے والا اور نہایت قدر فرمانے والا ہے، جس نے ہمیں اپنے فضل سے ابدی قیام کی جگہ ٹھہرا دیا، اب یہاں نہ ہمیں کوئی مشقت پیش آتی ہے اور نہ تکان لاحق ہوتی ہے۔

وَسِيْقَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ اِلَى الْجَنَّةِ زُمَرًا ۭ حَتّٰٓى اِذَا جَاۗءُوْهَا وَفُتِحَتْ اَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِيْنَ ﴿۷۳﴾ وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ صَدَقَنَا وَعْدَهٗ وَاَوْرَثَنَا الْاَرْضَ نَتَبَوَّاُ مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ نَشَاۗءُ ۚ فَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ﴿۷۴﴾ (۵)

(۱) المومنون ۲۸

(۲) ابراہیم ۳۹

(۳) النمل ۱۵

(۴) فاطر ۳۳ تا ۳۵

(۵) الزمر ۷۳، ۷۴

ترجمہ:اور جولوگ اپنے رب کی نافرمانی سے پرہیز کرتے تھے انہیں گروہ در گروہ جنت کی طرف لے جایا جائے گا یہاں تک کہ جب وہ وہاں پہنچیں گے اور اس کے دروازے پہلے ہی کھولے جا چکے ہوں گے تو اس کی منتظمین ان سے کہیں گے کہ سلام ہو تم پر، بہت اچھے رہے، داخل ہو جاؤ اس میں ہمیشہ کے لیے، اور وہ کہیں گے سب تعریف اللہ کے لیے ہے جس نے ہمارے ساتھ اپنا وعدہ سچ کر دکھایا اور ہم کو اس زمین کا وارث بنا دیا، اب ہم جنت میں جہاں چاہیں اپنی جگہ بنا سکتے ہیں، پس بہترین اجر ہے عمل کرنے والوں کے لیے۔

الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝۲ (الفاتحہ ۲)

بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا۔

اللہ تبارک وتعالیٰ کی یہ دونوں صفات الرحمٰن الرحیم کہ وہ بہت ہی رحم کرنے والا ہے، بڑے مبالغہ کا صیغہ ہے، یعنی اللہ تبارک وتعالیٰ کی رحمت اور کرم وفضل اپنی مخلوق پر اس قدر زیادہ، اس قدر وسیع اور اس قدر بے حد وحساب ہے جو بیان سے باہر ہے، اللہ یہ صفات دیگر دوسری صفات کی طرح دائمی ہیں، بعض کہتے ہیں کہ صفت رحمٰن میں صفت رحیم کی نسبت زیادہ مبالغہ ہے، جیسے ایک مقام پر فرمایا

قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ۭ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَاۗءُ الْحُسْنٰى... ۝۱۱۰ [1]

ترجمہ:اے نبی (ﷺ) ان سے کہو، اللہ کہہ کر پکارو یا رحمان کہہ کر، جس نام سے بھی پکارو اس کے لیے سب اچھے نام ہیں۔

رَحْمٰنِ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ

اس لئے کہا جاتا ہے،

فَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ :سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ : قَالَ اللَّهُ: أَنَا اللَّهُ، وَأَنَا الرَّحْمَنُ، خَلَقْتُ الرَّحِمَ وَشَقَقْتُ لَهَا مِنْ اسْمِي، فَمَنْ وَصَلَهَا وَصَلْتُهُ، وَمَنْ قَطَعَهَا بَتَتُّهُ

عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ سے مروی ہے میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں اللہ ہوں، میں رحمان ہوں، میں نے رحم کو پیدا کیا اور اپنے نام سے اس (کے نام) کو مشتق کیا ہے جس نے اسے ملایا میں اسے ملاؤں گا اور جس نے اسے توڑا میں بھی اسے توڑ دوں گا۔[2]

دنیا میں اس کی رحمت عام ہے جس سے بلا تخصیص کافر ومومن سب فیض یاب ہو رہے ہیں اور آخرت میں وہ صرف رحیم ہو گا یعنی اس کی رحمت صرف مومنین کے لئے خاص ہو گی، جیسے ایک مقام پر فرمایا

...وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَحِيْمًا ۝۴۳ [3]

ترجمہ:اور اللہ مومنوں پر بہت رحمت کرنے والا ہے۔

---

[1] بنی اسرائیل ۱۱۰

[2] جامع ترمذی أَبْوَابُ الْبِرِّ وَالصِّلَةِ بَابُ مَا جَاءَ فِي قَطِيعَةِ الرَّحِمِ ۱۹۰۷

[3] الاحزاب ۴۳

اللّٰهُمَّ اجْعَلْنَامِنْهُمْ

اے ہمارے رب! ہمیں ان میں سے کر دے۔ (آمین)

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَأَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ :لَوْ يَعْلَمُ الْمُؤْمِنُ مَا عِنْدَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ مِنَ الْعُقُوبَةِ، مَا طَمِعَ بِجَنَّتِهِ أَحَدٌ وَلَوْ يَعْلَمُ الْكَافِرُ مَا عِنْدَ اللّٰهِ مِنَ الرَّحْمَةِ، مَا قَنَطَ مِنْ رَحْمَتِهِ أَحَدٌ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر مومن کو اللہ تعالیٰ کے عذاب کے بارے میں صحیح علم ہو تو کوئی بھی اس کی جنت کی خواہش نہ کرے، اور اگر کافر کو اس کی رحمت کے بارے میں علم ہو تو کوئی بھی اس کی رحمت سے مایوس نہ ہو۔ [۱]

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝۳ (الفاتحہ ۳)

بدلے کے دن (یعنی قیامت کا) مالک ہے۔

ایک حدیث میں ہے جب بندہ مالک یوم الدین کہتا ہے تو اللہ سبحانہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میرے بندے نے اپنے آپ کو میرے حوالے کر دیا ،یعنی یہ اعتماد و توکل اور حوالگی کا کلمہ ہے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ نے روز قیامت کے عظیم عقیدے کا بیان فرما کر انسانوں کو متوجہ کیا کہ اے انسانو! اللہ تبارک وتعالیٰ نے خیر وشر کے دونوں مادے اندر رکھ کر تمہاری تخلیق فرمائی، تمام مخلوقات کو تمہاری خدمت کے لئے مقرر فرمایا، تمہیں پورے اختیارات کے ساتھ اس زمین پر خلیفہ بنادیا تا کہ تمہیں آزمائے کہ تم میں سے اچھے کام کون کرتا ہے۔

الَّذِیْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَ الْحَیٰوةَ لِیَبْلُوَكُمْ اَیُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ؕ وَ هُوَ الْعَزِیْزُ الْغَفُوْرُ ۝۲ [۲]

ترجمہ: جس نے موت اور زندگی کو ایجاد کیا تا کہ تم لوگوں کو آزما کر دیکھے تم میں سے کون بہتر عمل کرنے والا ہے، اور وہ زبردست بھی ہے اور درگزر فرمانے والا بھی۔

اِنَّا خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ ۖۗ نَّبْتَلِیْهِ فَجَعَلْنٰهُ سَمِیْعًۢا بَصِیْرًا ۝۲ [۳]

ترجمہ: ہم نے انسان کو ایک مخلوط نطفے سے پیدا کیا تا کہ اس کا امتحان لیں اور اس غرض کے لئے ہم نے اسے سننے اور دیکھنے والا بنایا۔

...وَ لَیَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ لَیَعْلَمَنَّ الْمُنٰفِقِیْنَ ۝۱۱ [۴]

ترجمہ: اور اللہ کو تو ضرور یہ دیکھنا ہے کہ سچے کون ہیں اور جھوٹے کون۔

یعنی سانسوں کی یہ عارضی ڈور اس لئے قائم کی گئی ہے تا کہ تمہارا رب تمہیں آزما کر دیکھے کہ اس چند روزہ زندگی کا صحیح اور بہتر مصرف کس انسان

---

[۱] مسنداحمد۹۱۶۴،یہ روایتصحیح مسلم کتاب التَّوْبَةِ بَابٌ فِي سِعَةِ رَحْمَةِ اللّٰهِ تَعَالَى وَأَنَّهَا سَبَقَتْ غَضَبَهُ۶۹۷۹، جامع ترمذی أَبْوَابُ الدَّعَوَاتِ باب ۱۰۰،ح۳۵۴۲ ،صحیح ابن حبان ۳۴۵ ،شعب الایمان۹۶۹،مسندابی یعلی۶۵۰۷

[۲] الملک ۲

[۳] الدھر۲

[۴] العنکبوت ۱۱

نے کیا، کس نے ہماری ہدایت کے مطابق زندگی بسر کی اور کس نے سرکشی کی، کس نے ہمارے رسولوں کی پیروی کی اور کون ان کی تکذیب کرتا رہا، کون ہمارے وعدوں سے روگردانی کر کے ابلیس کے جھوٹے وعدوں پر خوش ہوتا رہا اور کس شخص کو جزاء کے اس دن پر یقین محکم تھا اور کون صرف اس کا نام ہی لیتا رہا، کون اللہ عزوجل کی بے شمار نعمتوں پر اس کو شکر ادا کرتا رہا اور کون دنیا کا حریص بن کر جائز و ناجائز دولت حاصل کرنے کی تگ و دو کرتا پھیرا۔

یہ کائنات نہ ہمیشہ سے ہے اور نہ ہمیشہ رہے گی، اس عارضی زندگی کے بعد یقیناً موت ہے جس کا تلخ ذائقہ ہر جاندار کو لازماً چکھنا پڑے گا۔

كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ... ۱۸۵ (۱)

ترجمہ: آخر کار ہر شخص کو مرنا ہے۔

كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ ۲۶ وَّيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ۲۷ (۲)

ترجمہ: ہر چیز جو اس زمین پر ہے فنا ہو جانے والی ہے اور صرف تیرے رب کی جلیل و کریم ذات ہی باقی رہنے والی ہے۔

پھر اللہ تبارک و تعالیٰ جو عادل ہے، اعمال کی جزاء کے لئے ایک دوسری عظیم تر کائنات کی تخلیق فرمائے گا جس کو فنا نہ ہو گی۔

يَوْمَ تُبَدَّلُ الْاَرْضُ غَيْرَ الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتُ وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ۴۸ (۳)

ترجمہ: ڈراؤ انہیں اس دن سے جب کہ زمین اور آسمان بدل کر کچھ سے کچھ کر دیے جائیں گے اور سب کے سب اللہ واحد قہّار کے سامنے بے نقاب حاضر ہو جائیں گے۔

وہ یوم الدین ہو گا جس میں بادشاہی رب کی ہو گی، اس وقت اللہ عزوجل پکار کر پوچھے گا

... لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ۱۶ (۴)

ترجمہ: (اس روز پکار کر پوچھا جائے گا) (اس عارضی دنیا میں اپنی بڑائی کا دعویٰ کرنے والو، زمین پر فتنہ و فساد برپا کرنے والو، صراط مستقیم کا راستہ روکنے والو، اپنی حاکمیت جتلانے ولو) آج کس کی بادشاہی ہے (سارا عالم پکار اٹھے گا) اللہ واحد قہار کی۔

عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَبَّاسٍ: ﴿مَالِكِ يَوْمِ الدِّينِ﴾ يَقُولُ: لَا يَمْلِكُ أَحَدٌ فِي ذَلِكَ الْيَوْمِ مَعَهُ حُكْمًا كَمُلْكِهِمْ فِي الدُّنْيَا

عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ "بدلے کے دن (یعنی قیامت کا) مالک ہے۔" کی تفسیر میں فرماتے ہیں اس روز اس کی بادشاہت میں اس کے سوا اور کوئی صاحب اختیار نہ ہو گا جس طرح دنیا میں یہ مجازاً بادشاہ تھے۔ (۵)

عَبْدُ اللهِ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَطْوِي اللهُ عَزَّ وَجَلَّ السَّمَاوَاتِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، ثُمَّ

(۱) آل عمران ۱۸۵

(۲) الرحمن ۲۶،۲۷

(۳) ابراہیم ۴۸

(۴) المومن ۱۶

(۵) تفسیر طبری ۱/۱۴۹

يَأْخُذُهُنَّ بِيَدِهِ الْيُمْنَى، ثُمَّ يَقُولُ: أَنَا الْمَلِكُ، أَيْنَ الْجَبَّارُونَ؟ أَيْنَ الْمُتَكَبِّرُونَ. ثُمَّ يَطْوِي الْأَرَضِينَ بِشِمَالِهِ، ثُمَّ يَقُولُ: أَنَا الْمَلِكُ أَيْنَ الْجَبَّارُونَ؟ أَيْنَ الْمُتَكَبِّرُونَ؟

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن اللہ رب العزت آسمانوں کو لپیٹ لے گا پھر انہیں اپنے دائیں ہاتھ میں لے کر فرمائے گا میں بادشاہ ہوں، جابر بادشاہ کہاں ہیں؟ تکبر والے کہاں ہیں؟، پھر زمینوں کو اپنے بائیں ہاتھ میں لے کر فرمائے گا میں بادشاہ ہوں جابر بادشاہ کہاں ہیں؟ تکبر والے کہاں ہیں؟۔ (۱)

نفسا نفسی کے اس دن اگلی پچھلی نسلوں کے ہر شخص کو رب کے حضور حاضر ہو کر اپنے اعمال (جو مجسم شکل میں سامنے ہوں گے)

...وَوَجَدُوا مَا عَمِلُوا حَاضِرًا... (۲)

ترجمہ: جو جو کچھ انہوں نے کیا تھا وہ سب اپنے سامنے حاضر پائیں گے۔

کی جواب دہی کرنی ہو گی، اس روز کوئی بات چھپی نہ رہے گی۔

يَوْمَئِذٍ تُعْرَضُونَ لَا تَخْفَىٰ مِنكُمْ خَافِيَةٌ ﴿١٨﴾ (۳)

ترجمہ: وہ دن ہو گا جب تم لوگ پیش کیے جاؤ گے، تمہارا کوئی راز بھی چھپا نہ رہ جائے گا۔

سب کو اپنی اپنی بخشش کی پڑی ہو گی کوئی کسی کے کچھ کام نہ آسکے گا، جہنم سامنے ہی غیض وغضب سے پھٹنے کو ہو گی، بچنے کی کوئی صورت نظر نہیں آئے گا سوائے اس کے کہ اللہ جس پر چاہئے رحم کرے۔

يَوْمَ لَا تَمْلِكُ نَفْسٌ لِّنَفْسٍ شَيْئًا ۖ وَالْأَمْرُ يَوْمَئِذٍ لِّلَّهِ ﴿١٩﴾ (۴)

ترجمہ: یہ وہ دن ہے جب کسی شخص کے لیے کچھ کرنا کسی کے بس میں نہ ہو گا، فیصلہ اس دن بالکل اللہ کے اختیار میں ہو گا۔

اور کوئی شخص اللہ تعالیٰ کی اجازت کے بغیر بول نہ سکے گا۔

يَوْمَ يَأْتِ لَا تَكَلَّمُ نَفْسٌ إِلَّا بِإِذْنِهِ ۚ فَمِنْهُمْ شَقِيٌّ وَسَعِيدٌ ﴿١٠٥﴾ (۵)

ترجمہ: جب وہ آئے گا تو کسی کو بات کرنے کی مجال نہ ہو گی الا یہ کہ اللہ کی اجازت سے کچھ عرض کرے، پھر کچھ لوگ اس روز بد بخت ہوں گے اور کچھ نیک بخت۔

...وَخَشَعَتِ الْأَصْوَاتُ لِلرَّحْمَٰنِ فَلَا تَسْمَعُ إِلَّا هَمْسًا ﴿١٠٨﴾ (۶)

(۱) صحیح بخاری كِتَابُ الرِّقَاقِ بَابٌ يَقْبِضُ اللَّهُ الأَرْضَ يَوْمَ القِيَامَةِ ۶۵۱۹، وبَابُ قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى: مَلِكِ النَّاسِ ۷۳۸۲، صحیح مسلم كِتَابُ صِفَاتِ الْمُنَافِقِينَ وَأَحْكَامِهِمْ باب صِفَةِ الْقِيَامَةِ وَالْجَنَّةِ وَالنَّارِ ۷۰۵۱، ۷۰۵۰

(۲) الکہف ۴۹

(۳) الحاقۃ ۱۸

(۴) الانفطار ۱۹

(۵) ھود ۱۰۵

(۶) طہ ۱۰۸

ترجمہ:اور آوازیں رحمٰن کے آگے دب جائیں گی ایک سرسراہٹ کے سوا تم کچھ نہ سنو گے۔

يَوْمَ يَقُومُ الرُّوحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا ۖ لَّا يَتَكَلَّمُونَ إِلَّا مَنْ أَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ﴿۳۸﴾ (۱)

ترجمہ:جس روز روح اور ملائکہ صف بستہ کھڑے ہوں گے، کوئی نہ بولے گا سوائے اس کے جسے رحمٰن اجازت دے اور جو ٹھیک بات کہے۔

چنانچہ جو کوئی شخص اللہ تبارک وتعالیٰ کے نازل شدہ ہدایت وفرامین اور رسول کی اطاعت میں زندگی گزارے گا اس کے لئے لازوال اور ابدی نعمتوں بھری جنتوں کی شکل میں بہترین جزاء ہے اور اس پر رب کی زیارت جس کے مقابلے میں ہر نعمت ہیچ ہوگی، اور جو شخص ان پاکیزہ ہدایت اور رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی سیرت کو پس پشت ڈال کر اپنی من مرضی کی زندگی گزارے گا، دین میں نئی نئی باتیں گھڑے گا، کسی ہستی کو اپنا سفارشی سمجھے گا، اللہ وحدہ لاشریک کو چھوڑ کر ان ہستیوں کو پکارے گا جن کے اختیار میں کچھ بھی نہیں، جو خود اپنے لئے کوئی اختیار نہیں رکھتے، جیسے فرمایا

أَيُشْرِكُونَ مَا لَا يَخْلُقُ شَيْئًا وَهُمْ يُخْلَقُونَ ﴿۱۹۱﴾ وَلَا يَسْتَطِيعُونَ لَهُمْ نَصْرًا وَلَا أَنفُسَهُمْ يَنصُرُونَ ﴿۱۹۲﴾ (۲)

ترجمہ: کیسے نادان ہیں یہ لوگ کہ ان کو اللہ کا شریک ٹھہراتے ہیں جو کسی چیز کو بھی پیدا نہیں کرتے بلکہ خود پیدا کیے جاتے ہیں، جو نہ ان کی مدد کر سکتے ہیں اور نہ آپ اپنی مدد ہی پر قادر ہیں۔

اس کا وبال ہولناک جہنم کی شکل میں اسی کے لئے ہوگا، جس میں وہ نہ تو جی ہی سکے گا اور نہ ہی موت آئے گی،

...لَا يَمُوتُ فِيهَا وَلَا يَحْيٰى ﴿۷۴﴾ (۳)

ترجمہ:جس میں نہ وہ جی سکے گا اور نہ مر سکے گا۔

ثُمَّ لَا يَمُوتُ فِيهَا وَلَا يَحْيٰى ﴿۱۳﴾ (۴)

ترجمہ:پھر وہ جس میں نہ جی سکے گا اور نہ مر ہی سکے گا۔

عَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ، قَالَ :رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْكَيِّسُ مَنْ دَانَ نَفْسَهُ وَعَمِلَ لِمَا بَعْدَ الْمَوْتِ وَالْعَاجِزُ مَنْ أَتْبَعَ نَفْسَهُ هَوَاهَا وَتَمَنَّى عَلَى اللَّهِ

شداد بن اوس رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ سے مروی ہے رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا عقلمند وہ ہوتا ہے جو اپنے نفس کا خود محاسبہ کرے اور مابعد الموت زندگی کے لئے تیاری کرے، اور وہ شخص بیوقوف ہوتا ہے جو اپنی خواہشات کی پیروی کرتا ہے اور اللہ پر امیدیں باندھتا پھرے۔ (۵)

---

(۱) النبا ۳۸

(۲) الاعراف ۱۹۱،۱۹۲

(۳) طٰہٰ ۷۴

(۴) الاعلیٰ ۱۳

(۵) مسند أبي داود الطيالسي ۱۲۱۸،مسند أحمد ۱۷۱۲۳،سنن ابن ماجه كِتَابُ الزُّهْدِ بَابُ ذِكْرِ الْمَوْتِ وَالِاسْتِعْدَادِ لَهُ۴۲۶۰،جامع ترمذی أَبْوَابُ صِفَةِ الْقِيَامَةِ وَالرَّقَائِقِ وَالْوَرَعِ باب۲۴۵۹، مسندالبزار ۳۴۸۹

عَنْ عُمَرَ بْنِ الخَطَّابِ، قَالَ: حَاسِبُوا أَنْفُسَكُمْ قَبْلَ أَنْ تُحَاسَبُوا وَزِنُوا أَنْفُسَكُمْ قَبْلَ أَنْ تُوزَنُوا، وَتَجَهَّزُوا لِلْعَرْضِ الأَكْبَرِ وَإِنَّمَا يَخِفُّ الحِسَابُ يَوْمَئِذٍ عَلَى مَنْ حَاسَبَ نَفْسَهُ فِي الدُّنْيَا

سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے اپنا محاسبہ کرتے رہا کرو قبل اس کے کہ تم سے حساب لیا جائے، اور اپنا وزن کرتے رہا کرو قبل اس کے تمہارا وزن کیا جائے اور اس ذات گرامی کے سامنے اس بڑی پیشی کی تیاری کرتے رہا کرو، جس نے دنیا میں اپنا محاسبہ کر لیا روز قیامت اس پر حساب آسان ہو جائے گا۔ (۱)

ضعیف روایت ہے۔ (۲)

## اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ﴿۴﴾ (الفاتحہ ۴)

**ہم صرف تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ سے ہی مدد چاہتے ہیں۔**

اے ہمارے رب! تو ہی ہمارا خالق و مالک ہے، تو ہی تمام کائنات کو رزق دینے والا ہے، تو ہی دکھی دلوں کی پکار کو سننے والا ہے، تو ہی اولاد دینے والا ہے، جسے چاہے لڑکے دے، جسے چاہے لڑکیاں دے، جسے چاہے لڑکے اور لڑکیاں دے اور جسے چاہے کچھ بھی عطا نہ کرے، تو ہی عزت و مرتبہ عطا فرمانے والا ہے، سب قدرتیں اور اختیارات صرف اور صرف تیرے ہاتھ میں ہیں، اس لیے ہم صرف تیری ہی عبادت کرتے ہیں،

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلامُ: قُلْ يَا مُحَمَّدُ، وَهُوَ جِمَاعُ إِيَّاكَ نَعْبُدُ. يَعْنِي إِيَّاكَ نُوَحِّدُ وَنَخَافُ وَنَرْجُو يَا رَبَّنَا لا غَيْرَكَ

عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے جبریل نے عرض کی اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم! آپ یوں کہیں "اے ہمارے رب! ہم خاص تیری ہی توحید مانتے ہیں، صرف تجھ ہی سے ڈرتے ہیں اور تیری ہی ذات سے امید وابستہ رکھتے ہیں، تیرے سوا ہم نہ کسی کی توحید کے قائل ہیں، نہ کسی سے ڈرتے ہیں اور نہ کسی سے امید وابستہ رکھتے ہیں۔" (۳)

اے میرے رب! تو نے ہمیں اپنی عبادت کے لئے تخلیق کیا، جیسے فرمایا:

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِیَعْبُدُوْنِ ﴿۵۶﴾ (۴)

ترجمہ: میں نے جن اور انسانوں کو اس کے سوا کسی کام کے لیے پیدا نہیں کیا ہے کہ وہ میری بندگی کریں۔

اور تو نے ہی انسانوں کو حکم فرمایا ہے۔

یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّكُمُ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ وَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۲۱﴾ (۵)

(۱) جامع ترمذی أَبْوَابُ صِفَةِ الْقِيَامَةِ وَالرَّقَائِقِ وَالْوَرَعِ باب ۲۴۵۹،شرح السنة للبغوى۳۰۹ /۱۴
سلسلة الأحاديث الضعيفة والموضوعة وأثرها السيئ في الأمة۵۳۱۹

(۳) تفسیرابن ابی حاتم۲۹ /۱، تفسیرطبری۱۵۷ /۱

(۴) الذٰریات۵۶

(۵) البقرة۲۱

ترجمہ: لوگو! بندگی اختیار کرو اپنے اس رب کی جو تمہارا اور تم سے پہلے جو لوگ ہو گزرے ہیں ان سب کا خالق ہے، تمہارے بچنے کی توقع اسی صورت سے ہو سکتی ہے۔

رب العالمین نے انسان کو اپنی شناخت، حیثیت و مقام بتلا کر اسرار خودی سمجھائی کہ بندے کی حیثیت رب العالمین کے ایک غلام کی سی ہے، جس کا مقصد حیات اپنے رب کی عبادت ہے، ایسا غلام جو اپنے مالک کے کسی حکم کی خلاف ورزی نہیں کرتا اور اگر اسے کسی چیز کی ضرورت درپیش ہو تو کسی اور کے آگے ہاتھ پھیلانے کے بجائے اپنے مالک سے ہی مانگتا ہے،

عَنْ قَتَادَةَ، فِي قَوْلِهِ: ﴿إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِينُ﴾[1] قَالَ: يَأْمُرُكُمْ أَنْ تُخْلِصُوا لَهُ الْعِبَادَةَ، وَأَنْ تَسْتَعِينُوهُ عَلَى أَمَرَكُمْ

قتادہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں اس آیت ''ہم صرف تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ سے ہی مدد چاہتے ہیں۔'' میں اللہ تعالیٰ نے تمہیں یہ حکم دیا ہے کہ سب صرف اسی کا خالص عبادت کرو اور اپنے تمام کاموں میں صرف اسی سے مدد مانگو۔[2]

لہذا اے میرے بندے! تو ہمارا حق بندگی بجالانے کے لئے ہر قسم کے معبودوں سے آزادی حاصل کر کے اپنی ہر سانس ہماری بندگی میں لگادے، اپنی پوری زندگی اپنے حقیقی خالق و مالک کا تابعدار بندہ بن کر گزار، جس طرح پیغمبر آخر محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تمہیں عبادات کا طریقہ سمجھایا ہے اسی کے مطابق ہماری عبادات اور حمد و ثنا بیان کرو، ہماری تمام صفات کو بغیر کسی تاویل اور تحریف کے تسلیم کرو، پھر ہم سے مدد چاہتے ہوئے کہو اے ہمارے مالک! ہماری عاجزانہ التجا ہے کہ۔

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝۵ (الفاتحہ ۵)

ہمیں سچی اور سیدھی راہ دکھا۔

ہمیں سیدھی (اور سچی) راہ دکھا۔ سیدھے رستے کی توفیق عطا فرمادے، سیدھے راستے کی طرف رہنمائی فرمادے، یعنی اپنے پسندیدہ دین اسلام پر چلنے کی توفیق عطا فرمادے، جیسے فرمایا

اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا ۝۳ [3]

ترجمہ: آج میں نے تمہارے دین کو تمہارے لیے مکمل کر دیا ہے اور اپنی نعمت تم پر تمام کر دی ہے اور تمہارے لیے اسلام کو تمہارے دین کی حیثیت سے قبول کر لیا ہے۔

عَنْ النَّوَّاسِ بْنِ سَمْعَانَ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ضَرَبَ اللَّهُ مَثَلًا صِرَاطًا مُسْتَقِيمًا، وَعَلَى جَنْبَتَيِ الصِّرَاطِ سُورَانِ، فِيهِمَا أَبْوَابٌ مُفَتَّحَةٌ، وَعَلَى الْأَبْوَابِ سُتُورٌ مُرْخَاةٌ، وَعَلَى بَابِ الصِّرَاطِ دَاعٍ يَقُولُ:

---

[1] الفاتحة: ۵

[2] تفسیرابن ابی حاتم ۲۹/۱

[3] المائدة ۳

أَيُّهَا النَّاسُ، ادْخُلُوا الصِّرَاطَ جَمِيعًا، وَلَا تَتَعَرَّجُوا، وَدَاعٍ يَدْعُو مِنْ فَوْقِ الصِّرَاطِ، فَإِذَا أَرَادَ يَفْتَحُ شَيْئًا مِنْ تِلْكَ الْأَبْوَابِ، قَالَ: وَيْحَكَ لَا تَفْتَحْهُ، فَإِنَّكَ إِنْ تَفْتَحْهُ تَلِجْهُ، وَالصِّرَاطُ الْإِسْلَامُ، وَالسُّورَانِ: حُدُودُ اللَّهِ، وَالْأَبْوَابُ الْمُفَتَّحَةُ: مَحَارِمُ اللَّهِ، وَذَلِكَ الدَّاعِي عَلَى رَأْسِ الصِّرَاطِ: كِتَابُ اللَّهِ، وَالدَّاعِي مِنْ فَوْقَ الصِّرَاطِ: وَاعِظُ اللَّهِ فِي قَلْبِ كُلِّ مُسْلِمٍ

نواس بن سمعان انصاری سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے صراط مستقیم کی مثال اس طرح بیان کی ہے جیسے ایک راستہ ہو اور اس کے دونوں طرف دیواریں ہوں ان میں کئی ایک کھلے ہوئے دروازے ہوں اور دروازوں پر پردے لٹک رہے ہوں اور راستے کے دروازے پر ایک پکارنے والا مقرر ہو جو یہ اعلان کر رہا ہو کہ اے لوگو! تم سب سیدھے راستے پر چلو اور دائیں بائیں مت جھانکو، اور ایک پکارنے والا راستے کے درمیان میں ہو جب کوئی ان میں سے کسی دروازے کو کھولنا چاہے تو وہ کہہ دے تجھ پر افسوس! اسے نہ کھولنا، اگر تو نے اسے کھول دیا تو اس میں داخل ہو جائے گا چنانچہ اس مثال میں صراط (رستے) سے مراد اسلام ہے، دیواریں حدود الٰہی ہیں، کھلے ہوئے دروازوں سے مراد اللہ تعالیٰ کی حرام کردہ چیزیں ہیں، اور راستے کے دروازے پر پکارنے والا قرآن کریم ہے اور سر راہ پکارنے والا اللہ تعالیٰ کا وہ خوف ہے جو ہر مسلمان کے دل میں ہوتا ہے۔ [1]

کیونکہ آزمائش اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی سنت ہے اور کسی صورت میں بھی بندے کے لئے اس سے مفر نہیں، قرآن مجید میں اللہ تبارک وتعالیٰ نے چند انبیاء مثلاً آدم علیہ السلام کی آزمائش کا ذکر فرمایا

وَيٰٓاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ فَكُلَا مِنْ حَيْثُ شِئْتُمَا وَلَا تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۹﴾ [2]

ترجمہ: اور اے آدم! تو اور تیری بیوی دونوں اس جنت میں رہو جہاں جس چیز کو تمہارا جی چاہے کھاؤ مگر اس درخت کے پاس نہ پھٹکنا اور نہ ظالموں میں سے ہو جاؤ گے۔

نوح علیہ السلام کی آزمائش کی گئی،

وَنَادٰى نُوْحٌ رَّبَّهٗ فَقَالَ رَبِّ اِنَّ ابْنِيْ مِنْ اَهْلِيْ وَاِنَّ وَعْدَكَ الْحَقُّ وَاَنْتَ اَحْكَمُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿۴۵﴾ [3]

ترجمہ: نوح علیہ السلام نے اپنے رب کو پکارا کہا اے رب! میرا بیٹا میرے گھر والوں میں سے ہے اور تیرا وعدہ سچا ہے اور تو سب حاکموں سے بڑا اور بہتر حاکم ہے۔

ابراہیم علیہ السلام کی آزمائش کا ذکر فرمایا

وَاِذِ ابْتَلٰٓى اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ فَاَتَمَّهُنَّ ؕ قَالَ اِنِّيْ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ اِمَامًا ؕ قَالَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ؕ قَالَ لَا يَنَالُ

[1] مسند احمد ۱۷۶۳۴

[2] الاعراف ۱۹

[3] ھود ۴۵

عَهۡدِی الظّٰلِمِیۡنَ ﴿۱۲۴﴾ (۱)

ترجمہ: یاد کرو کہ جب ابراہیم کو اس کے رب نے چند باتوں میں آزمایا اور وہ ان سب میں پورا اتر گیا تو اس نے کہا میں تجھے سب لوگوں کا پیشوا بنانے والا ہوں، ابراہیم نے عرض کیا اور کیا میری اولاد سے بھی یہی وعدہ ہے؟ اس نے جواب دیا میرا وعدہ ظالموں سے متعلق نہیں ہے۔

یوسف کی آزمائش اس طرح کی گئی۔

...وَغَلَّقَتِ الۡاَبۡوَابَ وَقَالَتۡ هَيۡتَ لَكَ‌ؕ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ‌ اِنَّهٗ رَبِّىۡۤ اَحۡسَنَ مَثۡوَاىَ‌ؕ اِنَّهٗ لَا يُفۡلِحُ الظّٰلِمُوۡنَ ﴿۲۳﴾ وَلَـقَدۡ هَمَّتۡ بِهٖ‌ ۚ وَهَمَّ بِهَا لَوۡلَاۤ اَنۡ رَّاٰ بُرۡهَانَ رَبِّهٖ‌ ؕ كَذٰلِكَ لِنَصۡرِفَ عَنۡهُ السُّۤوۡءَ وَالۡفَحۡشَآءَ‌ ؕ اِنَّهٗ مِنۡ عِبَادِنَا الۡمُخۡلَصِيۡنَ ﴿۲۴﴾ (۲)

ترجمہ: جس عورت کے گھر میں وہ تھا وہ اس پر ڈورے ڈالنے لگی اور ایک روز دروازے بند کر کے بولی، آجا، یوسف نے کہا اللہ کی پناہ، میرے رب نے مجھے اچھی منزلت بخشی (اور میں یہ کام کروں!) ایسے ظالم کبھی فلاح نہیں پایا کرتے، وہ اس کی طرف بڑھی اور یوسف علیہ السلام بھی اس کی طرف بڑھتا اگر اپنے رب کی برہان نہ دیکھ لیتا، ایسا ہوا تاکہ ہم اس سے بدی اور بے حیائی کو دور کر دیں درحقیقت وہ ہمارے چنے ہوئے بندوں میں سے تھا۔

داود علیہ السلام کی آزمائش اس طرح ہوئی،

اِنَّ هٰذَاۤ اَخِىۡ لَهٗ تِسۡعٌ وَّتِسۡعُوۡنَ نَعۡجَةً وَّلِىَ نَعۡجَةٌ وَّاحِدَةٌ فَقَالَ اَكۡفِلۡنِيۡهَا وَعَزَّنِىۡ فِى الۡخِطَابِ ﴿۲۳﴾ قَالَ لَقَدۡ ظَلَمَكَ بِسُؤَالِ نَعۡجَتِكَ اِلٰى نِعَاجِهٖ ؕ وَاِنَّ كَثِيۡرًا مِّنَ الۡخُلَطَآءِ لَيَبۡغِىۡ بَعۡضُهُمۡ عَلٰى بَعۡضٍ اِلَّا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَقَلِيۡلٌ مَّا هُمۡ‌ ؕ وَظَنَّ دَاوٗدُ اَنَّمَا فَتَنّٰهُ فَاسۡتَغۡفَرَ رَبَّهٗ وَخَرَّ رَاكِعًا وَّاَنَابَ ۩ ﴿۲۴﴾ فَغَفَرۡنَا لَهٗ ذٰلِكَ‌ ؕ وَاِنَّ لَهٗ عِنۡدَنَا لَزُلۡفٰى وَحُسۡنَ مَاٰبٍ ﴿۲۵﴾ يٰدَاوٗدُ اِنَّا جَعَلۡنٰكَ خَلِيۡفَةً فِى الۡاَرۡضِ فَاحۡكُمۡ بَيۡنَ النَّاسِ بِالۡحَـقِّ وَلَا تَتَّبِعِ الۡهَوٰى فَيُضِلَّكَ عَنۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ‌ ؕ اِنَّ الَّذِيۡنَ يَضِلُّوۡنَ عَنۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ لَهُمۡ عَذَابٌ شَدِيۡدٌ ۢ بِمَا نَسُوۡا يَوۡمَ الۡحِسَابِ ﴿۲۶﴾ (۳)

ترجمہ: یہ میرا بھائی ہے، اس کے پاس ننانوے دنبیاں ہیں اور میرے پاس صرف ایک ہی دنبی ہے، اس نے مجھ سے کہا کہ یہ ایک دنبی بھی میرے حوالے کر دے اور اس نے گفتگو میں مجھے دبا لیا، داؤد علیہ السلام نے جواب دیا اس شخص نے اپنی دنبیوں کے ساتھ تیری دنبی ملا لینے کا مطالبہ کر کے یقیناً تجھ پر ظلم کیا اور واقعہ یہ ہے کہ مل جل کر ساتھ رہنے والے لوگ اکثر ایک دوسرے پر زیادتیاں کرتے رہتے ہیں، بس وہی لوگ اس سے بچے ہوئے ہیں جو ایمان رکھتے اور عمل صالح کرتے ہیں، اور ایسے لوگ کم ہی ہیں (یہ بات کہتے کہتے) داؤد سمجھ گیا کہ یہ تو ہم نے دراصل اس کی آزمائش کی ہے، چنانچہ اس نے اپنے رب سے معافی مانگی اور سجدے میں گر گیا اور رجوع کر لیا، تب ہم نے اس کا وہ قصور معاف

(۱) البقرۃ ۱۲۴

(۲) یوسف ۲۴،۲۳

(۳) ص ۲۳ تا ۲۶

کیااور یقیناًہمارے ہاں اس کے لئے تقرب کامقام اور بہتر انجام ہے (ہم نے اس سے کہا) اے داوٗد، ہم نے تجھے زمین میں خلیفہ بنایا ہے لہذا تو لوگوں کے درمیان حق کے ساتھ حکومت کر اور خواہش نفس کی پیروی نہ کر کہ وہ تجھے اللہ کی راہ سے بھٹکادے گی، جو لوگ اللہ کی راہ سے بھٹکتے ہیں یقیناً ان کے لئے سخت سزا ہے کہ وہ یوم الحساب کو بھول گئے۔

سلیمان علیہ السلام کی آزمائش ایسے ہوئی،

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ﴿۳۴﴾ قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَهَبْ لِيْ مُلْكًا لَّا يَنْۢبَغِيْ لِاَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِيْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ﴿۳۵﴾ (۱)

ترجمہ:اور (دیکھو کہ) سلیمان علیہ السلام کو بھی ہم نے آزمائش میں ڈالا اور اس کی کرسی پر ایک جسد لاکر ڈال دیا، پھر اس نے رجوع کیا اور کہا اے میرے رب، مجھے معاف کر دے اور مجھے وہ بادشاہی دے جو میرے بعد کسی کے لئے سزاوار نہ ہو، بیشک تو ہی اصل داتا ہے۔

ایوب علیہ السلام کو اس طرح آزمایا گیا،

وَاَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۸۳﴾ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَكَشَفْنَا مَا بِهٖ مِنْ ضُرٍّ وَّاٰتَيْنٰهُ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَذِكْرٰى لِلْعٰبِدِيْنَ ﴿۸۴﴾ (۲)

ترجمہ:اور یہی (ہوشمندی اور حکم وعلم کی نعمت) ہم نے ایوب علیہ السلام کو دی تھی، یاد کرو جبکہ اس نے اپنے رب کو پکارا کہ مجھے بیماری لگ گئی ہے اور تو ارحم الراحمین ہے، ہم نے اس کی دعا قبول کی اور جو تکلیف اسے تھی اس کو دور فرمادیا اور صرف اس کے اہل وعیال ہی اس کو نہیں دیے بلکہ ان کے ساتھ اتنے ہی اور بھی دیے اپنی خاص رحمت کے طور پر اور اس لئے کہ یہ ایک سبق ہو عبادت گزاروں کے لئے۔

اللہ تعالیٰ نے اصحاب الجنۃ کو پھلوں سے آزمایا:

اِنَّا بَلَوْنٰهُمْ كَمَا بَلَوْنَآ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ ۚ اِذْ اَقْسَمُوْا لَيَصْرِمُنَّهَا مُصْبِحِيْنَ ﴿۱۷﴾ وَلَا يَسْتَثْنُوْنَ ﴿۱۸﴾ فَطَافَ عَلَيْهَا طَآئِفٌ مِّنْ رَّبِّكَ وَهُمْ نَآئِمُوْنَ ﴿۱۹﴾ فَاَصْبَحَتْ كَالصَّرِيْمِ ﴿۲۰﴾ فَتَنَادَوْا مُصْبِحِيْنَ ﴿۲۱﴾ اَنِ اغْدُوْا عَلٰى حَرْثِكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰرِمِيْنَ ﴿۲۲﴾ فَانْطَلَقُوْا وَهُمْ يَتَخَافَتُوْنَ ﴿۲۳﴾ اَنْ لَّا يَدْخُلَنَّهَا الْيَوْمَ عَلَيْكُمْ مِّسْكِيْنٌ ﴿۲۴﴾ وَّغَدَوْا عَلٰى حَرْدٍ قٰدِرِيْنَ ﴿۲۵﴾ فَلَمَّا رَاَوْهَا قَالُوْٓا اِنَّا لَضَآلُّوْنَ ﴿۲۶﴾ بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ﴿۲۷﴾ (۳)

ترجمہ:ہم نے ان (اہل مکہ) کو اسی طرح آزمائش میں ڈالا ہے جس طرح ایک باغ کے مالکوں کو آزمائش میں ڈالا تھا، جب انہوں نے قسم کھائی کہ صبح سویرے ضرور اپنے باغ کے پھل توڑیں گے اور وہ کوئی استثناء نہیں کر رہے تھے، رات کو وہ سوئے پڑے تھے کہ تمہارے رب کی طرف سے ایک بلا اس باغ پر پھر گئی اور اس کا ایسا حال ہو گیا جیسے کٹی ہوئی فصل ہو، صبح ان لوگوں نے ایک دوسرے کو پکارا کہ اگر پھل توڑنے

(۱) ص ۳۴، ۳۵

(۲) الانبیاء ۸۳، ۸۴

(۳) القلم ۱۷تا۲۷

ہیں تو سویرے سویرے اپنی کھیتی کی طرف نکل چلو، چنانچہ وہ چل پڑے اور آپس میں چپکے چپکے کہتے جاتے تھے کہ آج کوئی مسکین تمہارے پاس باغ میں نہ آنے پائے، وہ کچھ نہ دینے کا فیصلہ کیے ہوئے صبح سویرے جلدی جلدی اس طرح وہاں گئے جیسے کہ وہ (پھل توڑنے پر) قادر ہیں، مگر جب باغ کو دیکھا تو کہنے لگے ہم راستہ بھول گئے ہیں، نہیں بلکہ ہم محروم رہ گئے۔

یحییٰ علیہ السلام کی آزمائش قتل سے اور عیسیٰ علیہ السلام کی آزمائش صلیب سے ہوئی، اسی طرح یہ آزمائش ہر شخص کے لئے ہے جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا

اَحَسِبَ النَّاسُ اَنۡ يُّتۡرَكُوۡۤا اَنۡ يَّقُوۡلُوۡۤا اٰمَنَّا وَهُمۡ لَا يُفۡتَنُوۡنَ ﴿٢﴾ وَلَقَدۡ فَتَنَّا الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ فَلَيَعۡلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيۡنَ صَدَقُوۡا وَلَيَعۡلَمَنَّ الۡكٰذِبِيۡنَ ﴿٣﴾ [1]

ترجمہ: کیا لوگوں نے گمان کر رکھا ہے کہ بس اتنا کہنے پر چھوڑ دئے جائیں گے کہ ہم ایمان لائے اور ان کی آزمائش نہیں کی جائے گی، حالانکہ ہم ان سب لوگوں کی آزمائش کر چکے ہیں جو ان سے پہلے گزرے ہیں اللہ کو تو ضرور یہ دیکھنا ہے کہ سچے کون ہیں اور جھوٹے کون۔

فَاَكۡرَمَهٗ وَنَعَّمَهٗ ۙ فَيَقُوۡلُ رَبِّىۡۤ اَكۡرَمَنِ ﴿١٥﴾ وَاَمَّاۤ اِذَا مَا ابۡتَلٰٮهُ فَقَدَرَ عَلَيۡهِ رِزۡقَهٗ ۙ فَيَقُوۡلُ رَبِّىۡۤ اَهَانَنِ ﴿١٦﴾ [2]

ترجمہ: مگر انسان کا حال یہ ہے کہ اس کا رب جب اس کو آزمائش میں ڈالتا ہے اور اسے عزت اور نعمت دیتا ہے تو وہ کہتا ہے کہ میرے رب نے مجھے عزت دار بنایا ہے اور جب وہ اس کو آزمائش میں ڈالتا ہے اور اس کا رزق اس پر تنگ کر دیتا ہے تو وہ کہتا ہے میرے رب نے مجھے ذلیل کر دیا۔

چنانچہ اے ہمارے رب! تو ہمیں ہر طرح کے خیال و عمل کی گمراہیوں سے بچا کر وہ چیز عنایت فرما جو ہماری ابدی زندگی کا ذریعہ ہو یعنی ہمیں وہ روح ہدایت بخش جو صراط مستقیم کی طرف رہنمائی کرتی ہے، جو بندے کو پروردگار کے پاس پہنچاتی ہے اور وہی زندگی کا سرچشمہ ہے، اس لئے ہمارے رب پھر اس سیدھی راہ پر چلنے کی توفیق و استقامت نصیب فرما، یعنی آزمائش کی لغزشوں سے بچا کر جمنے کے بعد قدم اکھڑنے نہ پائیں تاکہ ہمیں تیری خوشنودی حاصل ہو جائے۔

صِرَاطَ الَّذِيۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَيۡهِمۡ ۙ غَيۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَيۡهِمۡ وَلَا الضَّآلِّيۡنَ ﴿٧﴾ (الفاتحہ ٧)

"ان لوگوں کا راستہ جن پر تو نے انعام کیا، ان کا نہیں جن پر غضب کیا گیا اور نہ گمراہوں کا۔

اے ہمارے رب! تو ہمیں ان بد بخت لوگوں (یہود) کی راہ جن کی نیتیں، تہذیب و تمدن، معاشرتی، معاشی، اقتصادی اصول و قانون، عقائد و اعمال تیری ہدایات کے خلاف ہیں، جنہوں نے عزیر علیہ السلام کو تیرا شریک بنالیا۔

وَقَالَتِ الۡيَهُوۡدُ عُزَيۡرُ ۨابۡنُ اللّٰهِ... ﴿٣٠﴾ [3]

ترجمہ: یہودی کہتے ہیں کہ عزیر اللہ کا بیٹا ہے۔

<u>جو تیرے احکامات سے</u> سرکشی و بغاوت کرتے اور نبیوں و صالحین کو قتل کرتے رہے ہیں، جیسے فرمایا

[1] العنکبوت ٢،٣

[2] الفجر ١٥،١٦

[3] التوبۃ ٣٠

... وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ وَالْمَسْكَنَةُ وَبَآءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ
وَيَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ بِغَيْرِ الْحَقِّ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ﴿٦١﴾ [۱]

ترجمہ: آخر کار نوبت یہاں تک پہنچی کہ ذلّت وخواری اور پستی وبد حالی ان پر مسلط ہوگئی اور وہ اللہ کے غضب میں گھر گئے یہ نتیجہ تھا اس کا کہ وہ اللہ کی آیات سے کفر کرنے لگے اور پیغمبروں کو ناحق قتل کرنے لگے، یہ نتیجہ تھا ان کی نافرمانیوں کا اور اس بات کا کہ وہ حدود شرع سے نکل نکل جاتے تھے۔

جنہوں نے ہمیشہ اسلام کی سیدھی راہ کو چھوڑ کر شیطانی روش پر چلنا پسند کیا، جن پر تیرا غضب نازل ہوا، جیسے فرمایا:

...مَنْ لَّعَنَهُ اللّٰهُ وَغَضِبَ عَلَيْهِ ... ﴿٦٠﴾ [۲]

ترجمہ: یہ وہ لوگ ہیں جن پر اللہ نے لعنت کی اور جن پر وہ غضب ناک ہوا۔

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ... ﴿١٤﴾ [۳]

ترجمہ: کیا تم نے دیکھا ان لوگوں کو جنہوں نے دوست بنایا ہے ایک ایسے گروہ کو جو اللہ کا مغضوب ہے؟۔

اور ان لوگوں (نصاریٰ) کی راہ سے بھی جو صراط مستقیم سے بھٹک چکے ہیں۔

...قَدْ ضَلُّوْا مِنْ قَبْلُ وَاَضَلُّوْا كَثِيْرًا وَّضَلُّوْا عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ ﴿٧٧﴾ [۴]

ترجمہ: جو تم سے پہلے خود گمراہ ہوئے اور بہتوں کو گمراہ کیا اور رسواء السبیل سے بھٹک گئے۔

جنہوں نے عیسیٰ علیہ السلام کو (نعوذ باللہ) اللہ کا بیٹا بنا رکھا ہے، جیسے فرمایا

...وَقَالَتِ النَّصٰرَى الْمَسِيْحُ ابْنُ اللّٰهِ ... ﴿٣٠﴾ [۵]

ترجمہ: اور عیسائی کہتے ہیں مسیح اللہ کا بیٹا ہے۔

سے بچا کر ان کی لوگوں کی راہ (اطاعت الٰہی اور اطاعت رسول کے راستہ) پر چلا جو تیرے منظور نظر رہے ہیں، جن پر تیرا حقیقی اور پائدار انعام ہوا، یعنی انبیاء، صدیقین، شہداء اور صالحین کی راہ پر۔

وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ
وَالصّٰلِحِيْنَ وَحَسُنَ اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا ﴿٦٩﴾ [۶]

---

[۱] البقرة ۶۱
[۲] المائدة ۶۰
[۳] المجادلة ۱۴
[۴] المائدة ۷۷
[۵] التوبة ۳۰
[۶] النساء ۶۹

ترجمہ: جو اللہ اور رسول کی اطاعت کرے گا وہ ان لوگوں کے ساتھ ہوگا جن پر اللہ نے انعام فرمایا ہے یعنی انبیاء اور صدّیقین اور شہداء اور صالحین، کیسے اچھے ہیں یہ رفیق جو کسی کو میسّر آئیں۔

کہ ہے ذات واحد عبادت کے لائق　　زبان اور دل کی شہادت کے لائق
اسی کے ہے فرماں اطاعت کے لائق　　اسی کی ہے سرکار خدمت کے لائق
لگاؤ تو لو اسی سے اپنی لگاؤ
جھکاؤ تو سر اس کے آگے جھکاؤ
اسی پر ہمیشہ بھروسہ کرو تم　　اسی کے سدا محبت کا دم بھرو تم
اسی کے غضب سے ڈرو گر ڈرو تم　　اسی کی طلب میں مرو جب مرو تم
مبرا ہے شرکت سے اس کی خدائی
نہیں اس کے آگے کسی کی بڑائی
کہ ہے ذات واحد عبادت کے لائق　　زبان اور دل کی شہادت کے لائق
اسی کے ہے فرماں اطاعت کے لائق　　اسی کی ہے سرکار خدمت کے لائق
لگاؤ تو لو اسی سے اپنی لگاؤ
جھکاؤ تو سر اس کے آگے جھکاؤ
اسی پر ہمیشہ بھروسہ کرو تم　　اسی کے سدا محبت کا دم بھرو تم
اسی کے غضب سے ڈرو گر ڈرو تم　　اسی کی طلب میں مرو جب مرو تم
مبرا ہے شرکت سے اس کی خدائی
نہیں اس کے آگے کسی کی بڑائی

**مضامین سورۃ الجن:**

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ: انْطَلَقَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي طَائِفَةٍ مِنْ أَصْحَابِهِ عَامِدِينَ إِلَى سُوقِ عُكَاظَ، وَهُوَ بِنَخْلَةَ عَامِدًا إِلَى سُوقِ عُكَاظَ، وَهُوَ يُصَلِّي بِأَصْحَابِهِ صَلَاةَ الْفَجْرِ مَا قَرَأَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْجِنِّ وَلَا رَآهُمْ وَإِنَّمَا أُوحِيَ إِلَيْهِ قَوْلُ الْجِنِّ

عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے (نبوت کے ابتدائی دور میں) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چند صحابہ کے ہمراہ مکہ سے عکاظ کے میلے میں جو پندرہ ذوالقعدہ سے ذی الحجہ کے چاند نظر آنے تک نجد اور عرفات کے درمیان جاری رہتا تھا تبلیغ کے لئے جا رہے تھے، سوق عکاظ کی طرف جاتے

ہوئے وادی نخلہ میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو نماز فجر پڑھا رہے تھے کہ جنوں کی ایک سلیم الفطرت جماعت جو موسیٰ علیہ السلام اور سابقہ آسمانی کتابوں پر ایمان تو رکھتے تھے مگر شرک میں بری طرح گرفتار تھے وہاں سے گزری، کیونکہ جنات غیر مرئی مخلوق ہیں اس لئے نہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں دیکھا اور نہ ہی ان کے سامنے قرآن پڑھا گیا تھا بلکہ وحی کے ذریعے سے آپ کو اس سے آگاہ فرمایا گیا۔[1]

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ :أَنَّهُمْ سَبْعَةٌ مِنْ جِنِّ نَصِيبِينَ

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں یہ جنات نصیبین کے تھے جن کی تعداد سات تھی۔[2]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں قرآن مجید کا کوئی حصہ تلاوت فرما رہے تھے کیونکہ وہ سابقہ آسمانی کتب کی تعلیمات سے آشنا تھے اس لئے جب انہوں نے قرآن کی تعلیمات سنیں جو پہلی کتب کے مطابق ہی تھیں اور انہیں اپنے عقیدے کی غلطی معلوم ہوگئی تو شرک سے تائب ہو کر فوراً ہی اس پر ایمان لے آئے، جنات نے تلاوت سننے کے بعد جو تاثرات اپنی قوم کے سامنے بیان کئے ان میں سے چیدہ چیدہ باتیں انسانیت کی ہدایت وراہنمائی کے لئے اس سورہ میں بیان کی گئیں، اس میں خاص طور پر شرک کی مذمت کی گئی ہے اور انسانوں کو تنبیہ کی گئی کہ شرک کو چھوڑ کر توحید کو اپنالیں تاکہ انوار الٰہی اور اس کی رحمتوں کی بارش ان پر نازل ہو، بصورت دیگر سخت عذاب کا شکار ہوں گے، نیز فرمایا کہ نبی کا کام پیغام الٰہی مخلوق تک پہنچانا ہے وہ لوگوں کو نفع یا نقصان پہنچانے کا اختیار نہیں رکھتے اور نہ وہ اس بات کا دعویٰ کرتے ہیں، آج اگر قوم کی مخالفت کے باعث نبی صلی اللہ علیہ وسلم بظاہر تمہیں بے یار و مددگار اور تنہا نظر آتے ہیں مگر عنقریب وہ وقت آنے والا ہے جب تم حقائق سے بہرہ ور ہو جاؤ گے تو تمہیں پتا چل جائے گا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم بے یار و مددگار نہیں، اسی طرح نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس بات کا بھی مدعی نہیں کہ وہ عالم غیب کے اسرار و رموز سے مکمل طور پر آگاہ ہے بلکہ عالم الغیب ہونا صرف اللہ تعالیٰ ہی کی شان ہے، نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ اپنی حکمت کاملہ کے ساتھ مخلوق میں سب سے زیادہ علوم و معارف عطا کرتا ہے تاکہ وہ فریضہ رسالت کی ادائیگی کا حق ادا کرسکیں، نیز یہ کہ ان علوم کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچنے میں کسی قسم کی رکاوٹ یا مداخلت کا امکان نہیں، اسی واقعہ کے اہم نکات کو سورۂ جن کی ابتدائی آیات میں بیان کر کے سرداران مکہ کو تنبیہ کی گئی کہ جن جو گمراہی میں مبتلا تھے مگر قرآن کی چند آیات سنکر ہی ان کی کایا پلٹ گئی اور یہ سمجھ گئے کہ یہ اللہ کا کلام ہے کسی انسان کا نہیں اس لئے فوراً ہی اس پر ایمان لے آئے لیکن انسانوں نے جنہیں ہم نے اشرف المخلوقات بنایا ہے اس جلیل القدر کلام کو متعدد بار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سننے کے باوجود اس سے فائدہ نہیں اٹھایا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے

قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا

(اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) آپ کہہ دیں کہ مجھے وحی کی گئی ہے کہ جنوں کی ایک جماعت نے (قرآن) سنا اور کہا کہ ہم نے

---

[1] صحیح بخاری کتاب الاذان بَابُ الجَهْرِ بِقِرَاءَةِ صَلاَةِ الفَجْرِ ۷۷۳،صحیح مسلم کتاب الصلاۃ بَابُ الْجَهْرِ بِالْقِرَاءَةِ فِي الصُّبْحِ وَالْقِرَاءَةِ عَلَى الْجِنِّ۱۰۰۶ ، مسنداحمد۲۲۷۱

[2] تفسیرابن کثیر۲۸۹؍۷

سَمِعۡنَا قُرۡاٰنًا عَجَبًا ۙ﴿۱﴾ یَّهۡدِیۡۤ اِلَی الرُّشۡدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ؕ وَ لَنۡ

عجب قرآن سنا ہے جو راہ راست کی طرف راہنمائی کرتا ہے، ہم اس پر ایمان لا چکے (اب) ہم ہر گز کسی کو بھی اپنے رب کا

نُّشۡرِكَ بِرَبِّنَاۤ اَحَدًا ۙ﴿۲﴾ وَّ اَنَّهٗ تَعٰلٰی جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّ لَا وَلَدًا ۙ﴿۳﴾

شریک نہ بنائیں گے اور بیشک ہمارے رب کی شان بڑی بلند ہے، نہ اس نے کسی کو (اپنی) بیوی بنایا ہے نہ بیٹا،

وَّ اَنَّهٗ كَانَ یَقُوۡلُ سَفِیۡهُنَا عَلَی اللّٰهِ شَطَطًا ۙ﴿۴﴾ وَّ اَنَّا ظَنَنَّاۤ اَنۡ لَّنۡ تَقُوۡلَ الۡاِنۡسُ

اور یہ کہ ہم میں کا بیوقوف اللہ کے بارے میں خلاف حق باتیں کہا کرتا تھا اور ہم تو یہی سمجھتے رہے کہ ناممکن ہے کہ انسان

وَ الۡجِنُّ عَلَی اللّٰهِ كَذِبًا ۙ﴿۵﴾ وَّ اَنَّهٗ كَانَ رِجَالٌ مِّنَ الۡاِنۡسِ یَعُوۡذُوۡنَ بِرِجَالٍ مِّنَ الۡجِنِّ

اور جنات اللہ پر جھوٹی باتیں لگائیں، بات یہ ہے کہ چند انسان بعض جنات سے پناہ طلب کیا کرتے تھے جس سے جنات اپنی

فَزَادُوۡهُمۡ رَهَقًا ۙ﴿۶﴾ وَّ اَنَّهُمۡ ظَنُّوۡا كَمَا ظَنَنۡتُمۡ

سرکشی میں اور بڑھ گئے، اور (انسانوں) نے بھی تم جنوں کی طرح گمان کرلیا تھا

اَنۡ لَّنۡ یَّبۡعَثَ اللّٰهُ اَحَدًا ۙ﴿۷﴾ (الجن ا تا ۷)

کہ اللہ کسی کو نہ بھیجے گا (یا کسی کو دوبارہ زندہ نہ کرے گا)۔

## آفات سے نجات کا سبب:

اے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم! ان منکرین حق سے کہہ دیں کہ اللہ نے میری طرف وحی نازل فرمائی ہے کہ جنوں کے ایک گروہ نے (جو شاید عیسائیوں کے کسی فرقہ سے تعلق رکھتے تھے) قرآنی تعلیمات کو غور سے سنا، جیسے فرمایا:

وَاِذۡ صَرَفۡنَاۤ اِلَیۡكَ نَفَرًا مِّنَ الۡجِنِّ یَسۡتَمِعُوۡنَ الۡقُرۡاٰنَ... ﴿۲۹﴾ [1]

ترجمہ: (اور وہ واقعہ بھی قابل ذکر ہے) جب ہم نے جنوں کے ایک گروہ کو تمہاری طرف لے آئے تھے تا کہ قرآن سنیں۔

اور پھر اپنی قوم میں جا کر کہنے لگے ہم نے وادی نخلہ میں فجر کے وقت ایک ایسا کلام سنا جو فصاحت و بلاغت اور اپنے مضامین کے اعتبار سے بے نظیر اور برکت کے لحاظ سے نہایت تعجب انگیز ہے، یہ ایسا کلام ہے جو گمراہی سے نکال کر سیدھی راہ کی طرف رہنمائی کرتا ہے، ہم نے اسے کلام الٰہی تسلیم کیا اور شرک سے تائب ہو کر اس پر ایمان لے آئے ہیں اس لئے اب ہم ہر گز اللہ وحدہ لاشریک کے ساتھ کسی مخلوق یا کسی معبود کی عبادت نہیں کریں گے، ہم تو کبھی تصور بھی نہیں سکتے تھے کہ جن وانس اللہ عزوجل کے بارے میں جھوٹ گھڑنے کی جرات بھی کر سکتے ہیں کہ

---

[1] الاحقاف ۲۹

اللہ کی کوئی بیوی، بیٹی یا بیٹا ہو، انہی گمراہ انسانوں کے دھوکے میں آ کر ہم میں سے بہت سے احمق اور بے عقل لوگ اپنی ناسمجھی اور جہالت میں اللہ کی اولاد اور بیوی ٹھہرا کر ان کی عبادت کرتے رہے ہیں، انہیں اللہ کا شریک جان کر مشکلات و پریشانیوں میں پکارتے رہے ہیں، ان سے امیدیں وابستہ کرتے ہیں، مگر اب یہ پاکیزہ کلام سن ہم نے اچھی طرح جان لیا ہے کہ ہمارے رب کی شان اس سے اعلیٰ وارفع اور بلند و برتر ہے کہ اس کی اولاد یا بیوی یا ماں باپ ہو، وہ اپنی ربوبیت میں متفرد ہے، اس کا کوئی ہمسر اور کفو نہیں ہے، اس کی ذات وصفات و اختیارات میں کوئی شریک نہیں، وہ ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا، جیسے فرمایا:

كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ ﴿٢٦﴾ وَّيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ﴿٢٧﴾ [1]

ترجمہ: ہر چیز جو اس زمین پر ہے فنا ہو جانے والی ہے اور صرف تیرے رب کی جلیل و کریم ذات ہی باقی رہنے والی ہے۔

جب خلیفہ فی الارض نے غیر آباد وادیوں میں قیام کرنے کے لئے جنوں سے ڈرنا شروع کر دیا اور اللہ وحدہ لاشریک سے پناہ چاہنے کے بجائے وادی کے جنوں سے پناہ طلب کرنے لگے،

قال مقاتل: أوّل من تعوّذ بالجن قوم من أهل اليمن، ثمّ بنو حنيفة ثمّ فشا ذلك في العرب

مقاتل رحمہ اللہ کہتے ہیں سب سے پہلے جنوں سے پناہ طلب کرنے کام اہل یمن کی قوم نے شروع کیا اور پھر بنوحنفیہ نے شروع کیا اور پھر یہ سارے عرب میں پھیل گیا۔ [2]

في الجاهلية يَعُوذُونَ بِرِجالٍ مِنَ الْجِنِّ، وذلك أن الرجل إذا نزل في فضاء من الأرض، كان يقول أعوذ بسيد هذا الوادي، فيكون في أمانهم تلك الليلة

دور جاہلیت میں لوگ جنوں سے پناہ مانگتے تھے، جب کوئی شخص کسی زمین پر قیام کرنا چاہتا تو کہتا تھا میں اس وادی کے جن سے پناہ مانگتا ہوں پھر وہ سمجھتا تھا کہ آج کی رات وہ اس کی امان میں ہے۔ [3]

أَنَّ رِجالًا مِنَ الْإِنْسِ كَانَ أَحَدُهُمْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ إِذَا كَانَ مُسَافِرًا، فَأَمْسَى فِي الْأَرْضِ الْقَفْرِ نَادَى: أَعُوذُ بِسَيِّدِ هَذَا الْوَادِي مِنْ سُفَهَاءِ قَوْمِهِ، فَيَبِيتُ فِي مَنَعَةٍ مِنْهُ حَتَّى يصبح

دور جاہلیت میں انسانوں میں سے کوئی شخص سفر پر جاتا اور رات کو کسی زمین پر بسیرا کرنا چاہتا تو وہ بلند آواز سے کہتا کہ میں اس وادی کے جن سے پناہ مانگتا ہوں کہ اس کی قوم کے برے افراد اس تنگ کریں، یہ پناہ مانگ کر وہ سمجھتا تھا کہ وہ صبح تک مامون ہو گیا ہے۔ [4]

قال :أعوذ بسيد هَذَا الوادي من سفهاء قومه فيبيت آمنا في جوارهم حتى يصبح

---

[1] الرحمٰن ۲۶،۲۷

[2] تفسیرالثالبی۔الکشف والبیان عن تفسیر القرآن ۵۰/۱۰

[3] تفسیر السمرقندی۔ بحرالعلوم ۵۰۵/۳

[4] تفسیرالقرآن العزیزلابن ابی زمنین ۴۳/۵

کہتے تھے ہم اس وادی کے سردار جن کے شر سے پناہ مانگتے ہیں، یہ پناہ مانگ کر وہ سمجھتا تھا کہ وہ صبح تک مامون ہو گیا ہے۔ [۱]

قَالُوا: نَعُوذُ بِأَعَزِّ هَذَا الْمَكَانِ

وہ کہتا تھا میں اس جگہ کے سردار کی پناہ مانگتا ہوں کہ اس کی قوم کے برے لوگ تنگ کریں۔ [۲]

قالوا: نعوذ بسيد هذا الوادي من شرّ ما فيه

وہ کہتا تھا میں اس وادی کے سردار کی پناہ مانگتا ہوں کہ مجھے اس سے کوئی برائی پہنچے۔ [۳]

تو جنوں کی سرکشی و طغیانی اور کفر و ظلم اور زیادہ بڑھ گیا اور وہ اپنی گمراہی میں زیادہ جری ہو گئے،

وقال مجاهد: طغيانا .وقال ابن زيد: خوفا

مجاہد رحمہ اللہ کہتے ہیں کافر لوگ سرکشی اور طغیان میں بہت بڑھ گئے، ابن زید رحمہ اللہ کہتے ہیں جنات نے ان لوگوں کو بہت زیادہ خوف زدہ کر دیا۔ [۴]

علماء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ غیر اللہ سے استعاذہ ممنوع اور حرام ہے، ملا علی قاری حنفی رحمہ اللہ لکھتے ہیں جنات وغیرہ سے استعاذہ کرنا ممنوع اور حرام ہے اور اس عمل بد پر اللہ تعالیٰ نے کافروں اور مشرکوں کی مذمت فرمائی ہے ، اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے،

وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيعًا ۚ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ قَدِ اسْتَكْثَرْتُمْ مِّنَ الْاِنْسِ ۚ وَقَالَ اَوْلِيٰٓؤُهُمْ مِّنَ الْاِنْسِ رَبَّنَا اسْتَمْتَعَ بَعْضُنَا بِبَعْضٍ وَّبَلَغْنَآ اَجَلَنَا الَّذِيْٓ اَجَّلْتَ لَنَا ۭ قَالَ النَّارُ مَثْوٰىكُمْ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اِلَّا مَا شَاۗءَ اللّٰهُ ۭ اِنَّ رَبَّكَ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ۱۲۸ [۵]

ترجمہ: جس روز اللہ ان سب لوگوں کو گھیر کر جمع کرے گا، اس روز وہ جنوں سے خطاب کر کے فرمائے گا کہ اے گروہ جن! تم نے تو نوع انسانی پر خوب ہاتھ صاف کیا، انسانوں میں سے جو ان کے رفیق تھے وہ عرض کریں گے پروردگار! ہم میں سے ہر ایک نے دوسرے کو خوب استعمال کیا ہے اور اب ہم اس وقت پر آ پہنچے ہیں جو تو نے ہمارے لیے مقرر کر دیا تھا، اللہ فرمائے گا اچھا اب آگ تمہارا ٹھکانا ہے اس میں تم ہمیشہ رہو گے، اس سے بچیں گے صرف وہی جنہیں اللہ بچانا چاہے گا، بیشک تمہارا رب دانا اور علیم ہے۔

جنات سے فائدہ حاصل کرنے کی صورت یہ ہوتی ہے کہ ان سے اپنی کوئی ضرورت پوری کروالے یا اپنا کوئی حکم منوالے یا کسی نا معلوم اور مقام بعید کی خبر حاصل کر لے وغیرہ اور جنات کے انسانوں سے فائدہ حاصل کرنے کی صورت یہ ہو سکتی ہے کہ ان سے اپنی تعظیم کرالے یا اس کو استعاذہ پر مجبور کر دے یا اپنے سامنے اس کو کسی کام کے لیے مجبور کر دے وغیرہ خولہ بنت حکیم رضی اللہ عنہا (انہیں ام شریک کہا جاتا ہے، یہ عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کے نکاح میں تھیں جب وہ فوت ہو گئے تو انہوں نے اپنے آپ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں نکاح کے لیے پیش کیا تھا لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

[۱] تفسیر مقاتل بن سلیمان ۴۶۲؍۴

[۲] تفسیرعبدالرزاق ۳۵۱؍۳

[۳] تفسر طبری ۶۵۴؍۲۳

[۴] تفسیرثعالبی۔الكشف والبيان عن تفسير القرآن ۵۱؍۱۰

[۵] الانعام ۱۲۸

ان سے نکاح نہیں کیا، ابن عبد البر رحمہ اللہ کہتے ہیں یہ بہت ہی پارسا اور صالحہ خاتون تھیں اور کتاب وسنت کے زیور علم سے آراستہ تھیں) کہتی ہیں۔
سَمِعْتُ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ نَزَلَ مَنْزِلًا ثُمَّ قَالَ: أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ، لَمْ يَضُرَّهُ شَيْءٌ، حَتَّى يَرْتَحِلَ مِنْ مَنْزِلِهِ ذَلِكَ
میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جو شخص کسی جگہ قیام کرے اور یہ دعا أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں اس کے مکمل اور بے عیب کلمات کے ساتھ، تمام مخلوق کے شر سے پڑھ لے تو اس کو وہاں سے روانہ ہونے تک کوئی چیز اسے ضرر نہ پہنچا سکے گی۔ [1]

اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو ان مقدس کلمات سے استعاذہ کی تعلیم دی اور دور جاہلیت میں جو جنات سے استعاذہ کیا جاتا تھا اس کو ترک کرنے کی تلقین کی، اللہ تعالیٰ نے اس موقع پر مسلمانوں کو اپنے ناموں اور صفات سے استعاذہ کے لیے ہدایت فرمائی،

علامہ قرطبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں التامات کا مطلب یہ ہے کہ یہ ایسے کامل ترین کلمات ہیں جن میں اس طرح نقص پایا جانا ممکن نہیں ہے جس طرح کہ انسانوں کے کلام میں نقص پیدا ہو جاتا ہے، یہ کلمات نقص سے مبرا اور بے عیب ہیں۔

ان کلمات کی حیثیت ایک رہنما کی ہے جس سے انسان موذی چیزوں سے محفوظ رہتا ہے چونکہ اللہ تعالیٰ کی صفات کے ساتھ استعاذہ کی طرف توجہ دلائی گئی ہے اور یہ انتہائی پسندیدہ عمل ہے لہذا ہر شخص پر لازم ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے اسماء اور صفات سے استعاذہ کرے اور اپنی آرزوؤں کو صدق دل سے اس کے سامنے پیش کرے، استعاذہ کے بارے میں اللہ تعالیٰ پر بھروسہ رکھے اور اس کو اپنے دل کی گہرائیوں میں اتارے، جب کسی شخص میں یہ صفات پیدا ہو جائیں گی تو ان شاء اللہ وہ اپنے مقصد میں کامیاب ہو گا اپنی آرزو اور خواہش کو پالے گا اور اس کے گناہ بھی معاف ہو جائیں گے،

شیخ الاسلام امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں ائمہ کرام جن میں امام احمد رحمہ اللہ سرفہرست ہیں اس بات کی تصریح فرمائی ہے کہ مخلوق میں سے کسی سے بھی استعاذہ کرنا جائز نہیں ہے اور اسی سے ان ائمہ نے قرآن کریم کے غیر مخلوق ہونے کا استدلال کیا ہے، تمام ائمہ نے یہ لکھا اور کہا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ کے کلمات سے استعاذہ اور پناہ کرنے کا حکم فرمایا ہے اور خود بھی اس پر عمل کیا ہے، اسی بنا پر علماء نے ایسے تعویذات سے سختی سے منع فرمایا ہے جن کے معانی کا علم نہ ہو اس کی وجہ یہ ہے کہ مبادا ان میں شرکیہ کلمات ہوں۔

علامہ ابن قیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں جو شخص کسی سلطان کے لیے کوئی جانور ذبح کرے اس کو پکارے یا اس سے استعاذہ کرے اور اپنی محبوب چیز کے حصول کے لیے اس کا قرب حاصل کرے تو یوں سمجھے کہ اس شخص نے شیطان کی عبادت کی ہے اگرچہ وہ شخص اس کو عبادت سے تعبیر نہ کرے بلکہ خدمت ہی کے نام سے کیوں نہ تعبیر کرے، شیطان پر اعتماد کر کے ہی اس سے خدمت لی جاسکتی ہے

---

[1] صحیح مسلم کتاب الذِّكْرِ وَالدُّعَاءِ وَالتَّوْبَةِ وَالِاسْتِغْفَارِ بَابٌ فِي التَّعَوُّذِ مِنْ سُوءِ الْقَضَاءِ وَدَرَكِ الشَّقَاءِ وَغَيْرِهِ ٦٨٧٨، جامع ترمذی أَبْوَابُ الدَّعَوَاتِ بَاب مَا جَاءَ مَا يَقُولُ إِذَا نَزَلَ مَنْزِلًا ٣٤٣٧

اس فعل سے انسان شیطان کے غلاموں اور اس کے پجاریوں میں شمار ہوگا، اسی وجہ سے شیطان انسان کی خدمت کرتا ہے لیکن شیطان کے انسان کی خدمت کرنے کا یہ مطلب ہرگز نہ ہوگا کہ شیطان نے انسان کی عبادت کی ہے کیونکہ شیطان تو کسی کے سامنے نہ جھکتا ہے نہ کسی کی عبادت کرتا ہے برخلاف انسان کے کہ وہ شیطان کے سامنے جھکتا بھی ہے اور اس کی عبادت بھی کرتا ہے، اللہ تعالیٰ نے فرمایا

مِنۡ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ﴿۲﴾ [1]

ترجمہ: ہر اس چیز کے شر سے جو اس نے پیدا کی ہے۔

علامہ ابن قیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں یعنی ہر شر سے جس مخلوق میں بھی پایا جائے وہ مخلوق حیوان ہو یا غیر حیوان جن ہو یا انسان، چوپایہ ہو یا کوئی زہریلا کیڑا، ہوا میں ہو یا رعد و بجلی میں الغرض دنیا اور آخرت کی کسی چیز میں بھی شر ہو۔

انسانوں کی طرح تمہارا یہ خیال کہ اللہ کسی رسول کو مبعوث نہیں کرے گا غلط ثابت ہو گیا اللہ نے اپنی رحمت سے جن وانس کی رشد وہدایت کے لئے اپنا رسول مبعوث فرمادیا ہے اور اس پر اپنا جلیل القدر کلام نازل فرما رہا ہے۔

وَّ اَنَّا لَمَسۡنَا السَّمَآءَ فَوَجَدۡنٰهَا مُلِئَتۡ حَرَسًا شَدِيۡدًا وَّ شُهُبًا ۙ﴿۸﴾ وَّ اَنَّا كُنَّا نَقۡعُدُ

اور ہم نے آسمان کو ٹٹول کر دیکھا تو اسے سخت چوکیداروں اور سخت شعلوں سے پر پایا، اس سے پہلے ہم باتیں سننے کے لیے

مِنۡهَا مَقَاعِدَ لِلسَّمۡعِ ؕ فَمَنۡ يَّسۡتَمِعِ الۡاٰنَ يَجِدۡ لَهٗ شِهَابًا رَّصَدًا ۙ﴿۹﴾ وَّ اَنَّا لَا نَدۡرِىۡۤ

آسمان میں جگہ جگہ بیٹھ جایا کرتے تھے، اب جو بھی کان لگاتا ہے وہ ایک شعلے کو اپنی تاک میں پاتا ہے، ہم نہیں جانتے کہ

اَشَرٌّ اُرِيۡدَ بِمَنۡ فِى الۡاَرۡضِ اَمۡ اَرَادَ بِهِمۡ رَبُّهُمۡ رَشَدًا ۙ﴿۱۰﴾ وَّ اَنَّا مِنَّا

زمین والوں کے ساتھ کسی برائی کا ارادہ کیا گیا ہے یا ان کے رب کا ارادہ ان کے ساتھ بھلائی کا ہے، اور یہ کہ (بیشک) بعض

الصّٰلِحُوۡنَ وَ مِنَّا دُوۡنَ ذٰلِكَ ؕ كُنَّا طَرَآئِقَ قِدَدًا ۙ﴿۱۱﴾ وَّ اَنَّا ظَنَنَّاۤ اَنۡ لَّنۡ

تو ہم میں نیکوکار ہیں اور بعض اس کے برعکس بھی ہیں، ہم مختلف طریقوں سے بٹے ہوئے ہیں، اور ہم نے سمجھ لیا کہ ہم

نُّعۡجِزَ اللّٰهَ فِى الۡاَرۡضِ وَ لَنۡ نُّعۡجِزَهٗ هَرَبًا ۙ﴿۱۲﴾ وَّ اَنَّا لَمَّا سَمِعۡنَا الۡهُدٰٓى

اللہ تعالیٰ کو زمین میں ہرگز عاجز نہیں کر سکتے اور نہ بھاگ کر اسے ہرا سکتے ہیں، ہم تو ہدایت کی بات سنتے ہیں اس

اٰمَنَّا بِهٖ ؕ فَمَنۡ يُّؤۡمِنۡۢ بِرَبِّهٖ فَلَا يَخَافُ بَخۡسًا وَّ لَا رَهَقًا ۙ﴿۱۳﴾ وَّ اَنَّا مِنَّا الۡمُسۡلِمُوۡنَ

پر ایمان لا چکے ہیں اور جو بھی اپنے رب پر ایمان لائے گا نہ کسی نقصان کا اندیشہ ہے نہ ظلم وستم کا، ہاں ہم میں بعض تو مسلمان ہیں

[1] الفلق ۲

وَ مِنَّا الْقٰسِطُوْنَ ؕ فَمَنْ اَسْلَمَ فَاُولٰٓئِكَ تَحَرَّوْا رَشَدًا ۝۱۴ وَ اَمَّا الْقٰسِطُوْنَ

اور بعض بے انصاف ہیں، پس جو فرماں بردار ہوگئے انہوں نے تو راہ راست کا قصد کیا اور جو ظالم ہیں

فَكَانُوْا لِجَهَنَّمَ حَطَبًا ۝۱۵ (الجن ۸ تا ۱۵)

وہ جہنم کا ایندھن بن گئے۔

ہم نے آسمان کو ٹٹولا تو دیکھا کہ وہ پہرے داروں سے پٹا پڑا ہے اور شہابوں کی بارش ہو رہی ہے، پہلے ہم عالم بالا میں بیٹھنے کی جگہ پا لیتے تھے اور وہاں سے کچھ سن گن لے آتے تھے اور کاہنوں تک یہ خبریں پہنچا دیتے تھے جس میں وہ اپنی طرف سے سو جھوٹ ملا کر لوگوں کو بتلایا کرتے تھے مگر اب اتنا سخت انتظام کر دیا گیا ہے کہ جب ہم وہاں کچھ چوری چھپے سن گن لینے کی کوشش کرتے ہیں تو آگ کا ایک انگارہ ہماری گھات میں لگ جاتا ہے۔

أَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ عَبَّاسٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْأَنْصَارِ، أَنَّهُمْ بَيْنَمَا هُمْ جُلُوسٌ لَيْلَةً مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رُمِيَ بِنَجْمٍ فَاسْتَنَارَ، فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَاذَا كُنْتُمْ تَقُولُونَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، إِذَا رُمِيَ بِمِثْلِ هَذَا؟ قَالُوا: اللهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ، كُنَّا نَقُولُ وُلِدَ اللَّيْلَةَ رَجُلٌ عَظِيمٌ، وَمَاتَ رَجُلٌ عَظِيمٌ،

عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ مجھ سے ایک انصاری صحابی نے بیان کیا کہ وہ رات کے وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بیٹھے تھے اتنے میں ایک ستارہ ٹوٹا اور بہت چمکا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جاہلیت کے زمانے میں جب ایسا واقعہ ہوتا تو تم کیا کہتے تھے، انہوں نے کہا اللہ اور اس کا رسول خوب جانتا ہے لیکن ہم زمانہ جاہلیت میں یوں کہتے تھے آج کی رات کوئی بڑا شخص پیدا ہوا یا فوت ہوا ہے،

فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَإِنَّهَا لَا يُرْمَى بِهَا لِمَوْتِ أَحَدٍ وَلَا لِحَيَاتِهِ، وَلَكِنْ رَبُّنَا تَبَارَكَ وَتَعَالَى اسْمُهُ، إِذَا قَضَى أَمْرًا سَبَّحَ حَمَلَةُ الْعَرْشِ، ثُمَّ سَبَّحَ أَهْلُ السَّمَاءِ الَّذِينَ يَلُونَهُمْ، حَتَّى يَبْلُغَ التَّسْبِيحُ أَهْلَ هَذِهِ السَّمَاءِ الدُّنْيَا ثُمَّ قَالَ: الَّذِينَ يَلُونَ حَمَلَةَ الْعَرْشِ لِحَمَلَةِ الْعَرْشِ: مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ؟ فَيُخْبِرُونَهُمْ مَاذَا قَالَ: قَالَ فَيَسْتَخْبِرُ بَعْضُ أَهْلِ السَّمَاوَاتِ بَعْضًا، حَتَّى يَبْلُغَ الْخَبَرُ هَذِهِ السَّمَاءَ الدُّنْيَا، فَتَخْطَفُ الْجِنُّ السَّمْعَ فَيَقْذِفُونَ إِلَى أَوْلِيَائِهِمْ، وَيُرْمَوْنَ بِهِ، فَمَا جَاءُوا بِهِ عَلَى وَجْهِهِ فَهُوَ حَقٌّ، وَلَكِنَّهُمْ يَقْرِفُونَ فِيهِ وَيَزِيدُونَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ستارہ کسی کے فوت ہونے یا پیدا ہونے کے لئے نہیں ٹوٹتا لیکن ہمارا مالک جل جلالہ جب کچھ حکم دیتا ہے تو عرش کے اٹھانے والے فرشتے تسبیح کرتے ہیں پھر ان کی آواز سن کر ان کے پاس والے آسمان کے فرشتے تسبیح کہتے ہیں یہاں تک تسبیح کی نوبت آسمان دنیا تک پہنچتی ہے، پھر جو لوگ عرش اٹھانے والے فرشتوں سے قریب ہیں وہ ان سے پوچھتے ہیں کہ تمہارے مالک نے کیا حکم دیا ہے؟ وہ بیان کرتے ہیں، اسی طرح آسمان والے ایک دوسرے سے بیان کرتے ہیں یہاں تک کہ وہ خبر آسمان دنیا والوں تک پہنچتی ہے، ان سے وہ خبر جن

اڑا لیتے ہیں اور اپنے دوستوں کو آ کر سناتے ہیں، فرشتے جب ان جنوں کو دیکھتے ہیں تو ان تاروں سے مارتے ہیں، پھر جو خبر جن لاتے ہیں اگر اتنی ہی کہیں تو سچ ہے لیکن وہ جھوٹ ملاتے ہیں اور اس میں زیادہ کرتے ہیں۔[1]

اتنے سخت اور غیر معمولی انتظامات کی دو وجہ ہماری سمجھ میں آتی تھی، ایک یہ کہ اللہ نے اہل زمین پر یکایک کوئی عذاب نازل کرنے کا فیصلہ فرمایا ہے، دوسرے یہ کہ اللہ نے زمین پر رشد وہدایت کے لئے رسول مبعوث فرمایا ہو، ہم اسی تلاش میں نکلے تھے کہ صبح کے وقت وادی نخلہ میں ہم نے یہ پاکیزہ کلام سنا تو ہمیں معلوم ہو گیا کہ اللہ تعالیٰ نے زمین پر عذاب نازل کرنے کا فیصلہ نہیں فرمایا بلکہ خلق کو راہ راست دکھانے کے لئے ایک رسول مبعوث فرمایا ہے، پھر جنوں نے اپنی قوم کے اختلافات کا ذکر کیا کہ ہم اخلاقی لحاظ سے بھی مختلف جماعتوں (یعنی اچھے برے) اور مذہبی لحاظ سے بھی مختلف گروہوں (مسلمان، کافر، عیسائی، مجوسی وغیرہ) میں منقسم ہیں، پھر فخریہ طور پر کہا کہ جب ہم پر پوری طرح واضح ہو گیا کہ اللہ تعالیٰ کامل قدرت کا مالک اور ہم کامل طور پر بے بس ہیں، ہماری پیشانیاں اسی کے ہاتھ میں ہیں اگر ہم نے اس کی نافرمانی کی تو کہیں بھی اس کی گرفت سے بچ نہیں سکیں گے، اس لئے جب وہ لاثانی کلام ہم نے سنا جو صراط مستقیم کی طرف رہنمائی کرتا ہے، ہم نے اس کی رشد وہدایت کو پہچان لیا اور اس کلام نے ہمارے دلوں پر اثر کیا تو اپنے عقائد باطلا پر جمے رہنے کے بجائے فوراً اس پر ایمان لے آئے، اب جو کوئی اپنے رب پر سچا ایمان لائے گا اسے اس بات کا اندیشہ نہیں ہو گا کہ اس کے اجر وثواب میں کمی کر دی گئی ہے اور نہ یہ خوف ہو گا کہ اس کی برائیوں میں اضافہ کر دیا گیا ہے، بیشک ہم میں بعض مسلمان ہیں اور بعض کافر، پس جو اللہ، اس کے رسول اور آخرت پر ایمان لائے گا اور ان کی اطاعت میں عمل صالحہ اختیار کرے گا اس نے راہ راست کو اختیار کر لیا اور اللہ کی رحمت ونعمتوں کا امیدوار بن گیا اور جو تکذیب کریں گے تو ایسے ظالموں کو اللہ ان کے ظلم کی پاداش میں جہنم رسید کرے گا، جیسے فرمایا:

...وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ وَمَنْ يَّتَوَلَّ يُعَذِّبْهُ عَذَابًا اَلِيْمًا[2] ۱۷

ترجمہ: جو کوئی اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرے گا اللہ اسے ان جنتوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہہ رہی ہوں گی، اور جو منہ پھیرے گا اسے وہ دردناک عذاب دے گا۔

وَّاَنْ لَّوِ اسْتَقَامُوْا عَلَى الطَّرِيْقَةِ لَاَسْقَيْنٰهُمْ مَّاۗءً غَدَقًا ۱۶

اور (اے نبی یہ بھی کہہ دو! کہ اگر لوگ اگر راہ راست پر سیدھے رہتے تو یقیناً ہم انہیں بہت وافر پانی پلاتے

لِّنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ ۭ وَمَنْ يُّعْرِضْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهٖ يَسْلُكْهُ عَذَابًا

تاکہ ہم اس میں انہیں آزمالیں، اور جو شخص اپنے پروردگار کے ذکر سے منہ پھیر لے گا تو اللہ تعالیٰ اسے سخت عذاب میں

---

[1] صحیح مسلم کتاب السلام بَابُ تَحْرِيمِ الْكِهَانَةِ وَإِتْيَانِ الْكُهَّانِ ۵۸۱۹،جامع ترمذی ابواب تفسیرالقرآن بَابٌ وَمِنْ سُورَةِ سَبَأٍ ۳۲۲۴

[2] الفتح ۱۷

صَعَدًا ﴿١٧﴾ وَّ اَنَّ الْمَسٰجِدَ لِلّٰهِ فَلَا تَدْعُوْا مَعَ اللّٰهِ اَحَدًا ﴿١٨﴾ وَّ اَنَّهٗ لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللّٰهِ

مبتلا کر دے گا اور یہ کہ مسجدیں صرف اللہ ہی کے لئے خاص ہیں، پس اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی اور کو نہ پکارو اور جب اللہ کا بندہ

يَدْعُوْهُ كَادُوْا يَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِ لِبَدًا ﴿١٩﴾ (الجن ١٦ تا ١٩)

اس کی عبادت کے لئے کھڑا ہوا تو قریب تھا کہ وہ بھیڑ کی بھیڑیں بن کر اس پر پل پڑیں۔

جنوں کی بات ختم کر کے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا اے نبی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم! ان منکرین حق سے کہیں کہ اللہ نے میری طرف وحی فرمائی ہے کہ اگر یہ لوگ اللہ پر ایمان لاتے، رسولوں کی اطاعت کرتے اور اپنی زندگی نازل شدہ تعلیمات کے مطابق بسر کرتے تو اللہ ان پر آسمان وزمین کی برکتیں کھول دیتا، اللہ کے حکم سے زمین اپنے اندر چھپے خزانے اگل دیتی، جیسے فرمایا

وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْقُرٰۤى اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَفَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَرَكٰتٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ وَلٰكِنْ كَذَّبُوْا ... ﴿٩٦﴾ [١]

ترجمہ: اگر بستیوں کے لوگ ایمان لاتے اور تقویٰ کی روش اختیار کرتے تو ہم ان پر آسمان اور زمین سے برکتوں کے دروازے کھول دیتے، مگر انہوں نے تو جھٹلایا۔

نوح عَلَیْہِ السَّلَام نے اپنی قوم سے فرمایا تھا۔

فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ اِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا ﴿١٠﴾ يُّرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا ﴿١١﴾ وَّيُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ وَّيَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهٰرًا ﴿١٢﴾ [٢]

ترجمہ: میں نے کہا اپنے رب سے معافی مانگو! بے شک وہ بڑا معاف کرنے والا ہے، وہ تم پر آسمان سے خوب بارشیں برسائے گا، تمہیں مال اور اولاد سے نوازے گا، تمہارے لیے باغ پیدا کرے گا اور تمہارے لیے نہریں جاری کر دے گا۔

پھر اللہ دیکھتا کہ اس کی نعمتیں پا کر کون شکر گزار بندے بنتے ہیں اور کون گمراہی کی طرف لوٹ جاتے ہیں، اپنے رب کی عطا فرمائی ہوئی دولت کو صحیح راہ پر خرچ کر کے اللہ کی خوشنودی حاصل کرتے ہیں یا شیطان کے ساتھی بن کر نمود ونمائش اور فضول خرچی میں اڑاتے ہیں، اگر کوئی اللہ کی نازل کی ہوئی نصیحت کو سننا گوارا نہیں کرتا، اس پر ایمان نہیں لاتا، اس کا اتباع نہیں کرتا بلکہ اس کے بارے میں غافل رہتا ہے تو اللہ اپنی رحمت کو ٹھکرانے کے جرم میں اسے الم ناک عذاب میں مبتلا کرے گا، ویسے تو اللہ تعالیٰ کی ساری زمین ہی عبادت گاہ ہے۔

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: جُعِلَتْ لِيَ الْأَرْضُ مَسْجِدًا وَطَهُورًا

ابوہریرہ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ سے مروی ہے رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا زمین میرے لئے پاک کرنے والی بنائی گئی ہے اور جائے سجدہ بھی۔ [٣]

---

[١] الاعراف ٩٦

[٢] نوح ١٠ تا ١٢

[٣] سنن ابن ماجه كِتَابُ الطَّهَارَةِ وَسُنَنِهَا بَابُ مَا جَاءَ فِي السَّبَبِ ٥٦٧، صحيح بخارى كتاب الصلوة بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جُعِلَتْ لِيَ الأَرْضُ مَسْجِدًا وَطَهُورًا ٤٣٨١، سنن نسائى كتاب المساجد باب الرُّخْصَةُ فِي ذَلِكَ ٧٣٦، سنن ابوداودكتاب

پلید زمین پر، قبرستان اور مذبح میں نماز منع ہے اسی طرح اونٹوں کے باڑے میں بھی منع ہے۔

مگر بطور خاص مساجد کی تعمیر کی غرض وغایت کا ذکر فرمایا کہ مساجد جو عبادت کے لئے سب سے بڑا مقام و محل ہے، جو اللہ کے اخلاص، اس کی عظمت کے سامنے خضوع اور اس کے غلبے کے سامنے فروتنی کی بنیاد پر تعمیر کی گئی ہیں کا مقصد صرف ایک اللہ وحدہ لاشریک کی عبادت ہے، اس لئے مسجدوں میں کسی اور کی عبادت، کسی اور سے دعا و مناجات، کسی اور سے استغاثہ واستمداد جائز نہیں، جب اللہ کا رسول محمد ﷺ مدتوں سے گمراہی میں مبتلا لوگوں کو راہ راست کی طرف بلانے کے لئے کھڑا ہوا تو جن وانس اس کے خلاف کھڑے ہو گئے، کفار نے ایذا رسانی، مخالفت اور تکذیب پر کمر باندھ لی اور اللہ تعالیٰ کے نور کو پھونکوں سے بجھا دینے کے لئے طرح طرح کی سازشیں کرنے لگے۔

قُلْ اِنَّمَآ اَدْعُوْا رَبِّيْ وَلَآ اُشْرِكُ بِهٖٓ اَحَدًا ۝۲۰ قُلْ

آپ کہہ دیجئے کہ میں تو صرف اپنے رب ہی کو پکارتا ہوں اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتا، کہہ دیجئے کہ

اِنِّيْ لَآ اَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا رَشَدًا ۝۲۱ قُلْ اِنِّيْ لَنْ يُّجِيْرَنِيْ مِنَ اللّٰهِ اَحَدٌ ڏ وَّلَنْ اَجِدَ

مجھے تمہارے کسی نفع نقصان کا اختیار نہیں، کہہ دیجئے کہ مجھے ہرگز کوئی اللہ سے بچا نہیں سکتا اور میں ہرگز اس کے سوا

مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ۝۲۲ۙ اِلَّا بَلٰغًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِسٰلٰتِهٖ ۭ

کوئی جائے پناہ بھی نہیں پا سکتا، البتہ ( میرا کام) اللہ کی بات اور اس کے پیغامات (لوگوں کو) پہنچا دینا ہے،

وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۝۲۳ۭ (الجن ۲۰تا۲۳)

(اب) جو بھی اللہ اور اس کے رسول کی نہ مانے گا اس کے لیے جہنم کی آگ ہے جس میں ایسے لوگ ہمیشہ رہیں گے۔

**اعلان توحید:**

اے نبی ﷺ! جب یہ سب آپ کی عداوت پر متحد ہو گئے ہیں تو آپ جس چیز کی طرف انہیں دعوت دے رہے ہیں، اس کی حقیقت کا برملا اعلان فرما دیں کہ میں تو بیشک اپنے رب کی عبادت کرتا ہوں جس کا کوئی شریک نہیں، میں اسی وحدہ لاشریک کی ذات پر مکمل آس و امید رکھتا ہوں، اسی سے ہر طرح کے شر سے اس کی پناہ طلب کرتا ہوں، اسی پر ہی مکمل بھروسہ کرتا ہوں اور بھروسہ کرنے والوں کو اسی پر ہی بھروسہ کرنا چاہیے، جیسے فرمایا:

...اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ۭ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ۚ وَعَلَيْهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ۝۶۷ [1]

---

الصلاة بَابٌ فِي الْمَوَاضِعِ الَّتِي لَا تَجُوزُ فِيهَا الصَّلَاةُ عن ابی ذر ۴۸۹، جامع ترمذی ابواب الصلوٰة بَابُ مَا جَاءَ أَنَّ الأَرْضَ كُلَّهَا مَسْجِدٌ إِلاَّ الْمَقْبَرَةَ وَالْحَمَّامَ ۳۱۷، سنن الکبری للنسائی ۸۱۷، مسند احمد ۷۲۶۶، صحیح ابن حبان ۲۳۱۳، مصنف عبد الرزاق ۹۸

[1] یوسف ۶۷

ترجمہ: حکم اس کے سوا کسی کا بھی نہیں چلتا، اسی پر میں نے بھروسہ کیا اور جس کو بھی بھروسہ کرنا ہو اسی پر کرے۔

اور اس کے سوا تمام خود ساختہ معبودوں اور ان ہستیوں سے بیزاری کا اعلان کرتا ہوں جن کو مشرکین نے اللہ کی صفات عطا کر کے معبود بنا رکھا ہے، مجھے تمہاری رشد و ہدایت کا یا کسی اور طرح کے نفع یا نقصان کا کچھ بھی اختیار نہیں ہے، جیسے ایک اور مقام پر فرمایا

قُلْ لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا اِلَّا مَا شَاۗءَ اللّٰهُ ۭ وَلَوْ كُنْتُ اَعْلَمُ الْغَيْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ الْخَيْرِ ۖ وَمَا مَسَّنِيَ السُّوْۗءُ ۚ اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۱۸۸﴾ (۱)

ترجمہ: اے محمد ﷺ! ان سے کہو کہ میں اپنی ذات کے لیے کسی نفع اور نقصان کا اختیار نہیں رکھتا اللہ ہی جو کچھ چاہتا ہے وہی ہوتا ہے، اور اگر مجھے غیب کا علم ہوتا تو میں بہت سے فائدے اپنے لیے حاصل کر لیتا اور مجھے کبھی کوئی نقصان نہ پہنچتا، میں تو محض ایک خبردار کرنے والا اور خوشخبری سنانے والا ہوں ان لوگوں کے لیے جو میری بات مانیں۔

قُلْ لَّآ اَمْلِكُ لِنَفْسِيْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا اِلَّا مَا شَاۗءَ اللّٰهُ ... ﴿۴۹﴾ (۲)

ترجمہ: کہو میرے اختیار میں خود اپنا نفع و ضرر بھی نہیں، سب کچھ اللہ کی مشیّت پر موقوف ہے۔

میں تو صرف اس کا ایک عاجز بندہ ہوں جسے اللہ نے اپنی رحمت و کرم سے وحی و رسالت کے لئے منتخب فرما لیا ہے، معاملے اور تصرف میں مجھے کوئی اختیار نہیں، اگر میں اس کے احکامات و ہدایات کی نافرمانی کروں تو اللہ کے سوا کوئی اور ہستی نہیں جو مجھے اس کی گرفت سے بچا سکے یا پناہ ہی دے سکے، میرا کام پوری امانت و دیانت کے ساتھ لوگوں تک اللہ کے احکامات و ہدایات واضح طور پر پہنچا دینا اور اس پر عمل کر کے دکھا دینا ہے تاکہ لوگوں پر حجت قائم ہو جائے، اس کے باوجود جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کی بات کی تکذیب کریں گے، اللہ انہیں ہمیشہ کے لئے جہنم کے المناک عذاب میں مبتلا کر دے گا۔

حَتّٰٓى اِذَا رَاَوْا مَا يُوْعَدُوْنَ فَسَيَعْلَمُوْنَ مَنْ اَضْعَفُ نَاصِرًا

(ان کی آنکھ نہ کھلے گی) یہاں تک کہ اسے دیکھ لیں جس کا ان کو وعدہ دیا جاتا ہے، پس عنقریب جان لیں گے کہ کس کا مددگار

وَّاَقَلُّ عَدَدًا ﴿۲۴﴾ (الجن ۲۴)

کمزور اور کس کی جماعت کم ہے۔

اسلام کی دعوت عام کو شروع ہوئے ابھی زیادہ عرصہ نہیں گزرا تھا مگر چند کمزور مگر سلیم الفطرت لوگ اس پر ایمان لے آئے تھے اور آئے روز کسی نہ کسی کے مسلمان ہونے کی خبر آتی رہتی تھی جس پر سرداران قریش کو اپنے مشرکانہ آبائی دین کی فکر لاحق ہو گئی تھی، چنانچہ اس دعوت کو روکنے کے لئے انہوں نے کمزور و بے بس مسلمانوں پر ظلم و ستم شروع کر دیا تھا، وہ اپنے اس زعم میں مبتلا تھے کہ ہمارا جتھا بڑا زبردست ہے

---

(۱) الاعراف ۱۸۸

(۲) یونس ۴۹

اور رسول اللہ ﷺ کے ساتھی چند مٹھی بھر ہیں اس لئے ظلم وستم سے یہ لوگ با آسانی واپس ان کی ملت پر پلٹ آئیں گے، جس پر اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اس وقت یہ لوگ رسول اللہ ﷺ کو کمزور اور بے یار و مددگار اور اپنے آپ کو کثیر التعداد اور طاقتور دیکھ کر حق کی آواز کو دبانے کے لئے بڑے دلیر ہو رہے ہیں مگر جب دنیا میں یا آخرت میں وہ المناک عذاب دیکھ لیں گے اور انہیں یقین آجائے گا کہ وہ ان پر واقع ہونے والا ہے اس وقت جن وانس کو حقیقت معلوم ہو جائے گی کہ اصل میں کس کا جتھا کمزور ہے اور بے یار و مددگار کون ہیں، اس وقت نہ وہ خود اپنی مدد کر سکیں گے اور نہ کوئی دوسرا مدد کرنے والا ہو گا۔

قُلْ اِنْ اَدْرِيْٓ اَقَرِيْبٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ اَمْ يَجْعَلُ لَهٗ رَبِّيْٓ اَمَدًا ﴿۲۵﴾

کہہ دیجئے مجھے معلوم نہیں کہ جس کا وعدہ تم سے کیا جاتا ہے، وہ قریب ہے یا میرا رب اس کے لیے دوری کی مدت مقرر کرے گا،

عٰلِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلٰي غَيْبِهٖٓ اَحَدًا ﴿۲۶﴾ اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ فَاِنَّهٗ يَسْلُكُ

وہ غیب کا جاننے والا ہے اور اپنے غیب پر کسی کو مطلع نہیں کرتا سوائے اس پیغمبر کے جسے وہ پسند کر لے، لیکن اس کے بھی

مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ رَصَدًا ﴿۲۷﴾ لِّيَعْلَمَ اَنْ قَدْ اَبْلَغُوْا رِسٰلٰتِ رَبِّهِمْ

آگے پیچھے پہرے دار مقرر کر دیتا ہے تاکہ ان کے اپنے رب کے پیغام پہنچا دینے کا علم ہو جائے، اللہ تعالیٰ نے انکے

وَاَحَاطَ بِمَا لَدَيْهِمْ وَاَحْصٰى كُلَّ شَيْءٍ عَدَدًا ﴿۲۸﴾ (الجن ۲۵تا۲۸)

آس پاس (کی تمام چیزوں) کا احاطہ کر رکھا ہے، اور ہر چیز کی گنتی کا شمار کر رکھا ہے۔

## کسی کو معلوم نہیں کہ قیامت کب قائم ہو گی:

جب کفار کو عذاب کے وعدے کا ذکر کیا گیا تو انہوں نے بطور طنز اور مذاق کے سوال کیا کہ جس عذاب سے آپ ہمیں ڈرا رہے ہیں وہ کب واقع ہو گا؟ جیسے فرمایا:

وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۴۸﴾ [1]

ترجمہ: کہتے ہیں اگر تمہاری یہ دھمکی سچی ہے تو آخر یہ کب پوری ہو گی؟۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے نبی ﷺ! انہیں فرما دیں کہ اللہ علام الغیوب بعض غیب کے امور سے جن کا تعلق فرائض رسالت سے ہوتا ہے یا وہ رسالت کی صداقت کی دلیل ہوتے ہیں یا کسی چیز کے لئے اس کی مشیت وحکمت تقاضا کرتی ہے مجھے مطلع فرما دیتا ہے تاکہ ان تعلیمات کے ذریعے میں لوگوں کو گمراہی سے بچنے کی تلقین کر سکوں، ہاں جس دن کا وعدہ کیا جا رہا ہے اس دن کا آنا یقینی ہے مگر وہ کب واقع ہو گا اس کے بارے میں مجھے مطلع نہیں فرمایا گیا، جیسے فرمایا

[1] یونس ۴۸، الانبیاء ۳۸، النمل ۷۱، سبا ۲۹، یٰسین ۴۸، الملک ۲۵

۔۔۔ وَلَا يُحِيطُونَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۔۔۔ ﴿۲۵۵﴾ [۱]

ترجمہ:اور اس کی معلومات میں سے کوئی چیزان کی گرفت ادراک میں نہیں آسکتی الایہ کہ کسی چیز کا علم وہ خودہی ان کو دیناچاہے۔

اور اگر یہ آپ سے پوچھیں کہ قیامت قائم ہونے کی جو دھمکی آپ دے رہے ہیں کب پوری ہو گی؟ تو آپ ان سے کہہ دیں اللہ تعالیٰ ہی علام الغیوب ہے وہی جانتا ہے کہ وہ دن جلدی آنے والا ہے یا اس کی ایک طویل مدت مقرر کی گئی ہے،

مَتَی السَّاعَةُ؟ قَالَ: مَا المَسْئُولُ عَنْهَا بِأَعْلَمَ مِنَ السَّائِلِ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جبرائیل علیہ السلام نے ایک اعرابی کی شکل میں ظاہر ہو کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا قیامت کب آئے گی؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کے بارے میں جواب دینے والا پوچھنے والے سے کچھ زیادہ نہیں جانتا۔[۲]

اور نزول وحی کے وقت اللہ تعالیٰ وحی کی حفاظت کے لئے اس کے آگے اور پیچھے نگہبان فرشتے مقرر فرما دیتا ہے تاکہ وہ علم نہایت محفوظ طریقے سے رسول تک پہنچ جائے اور اس میں کسی قسم کی آمیزش نہ ہونے پائے اور تاکہ اللہ تعالیٰ جان لے کہ فرشتوں نے اللہ تعالیٰ کے پیغامات اس کے رسول تک ٹھیک پہنچا دیے ہیں اور رسولوں نے اپنے رب کے پیغامات لوگوں تک پوری امانت و دیانت کے ساتھ پہنچا دیے ہیں، اور جو کچھ ان کے پاس ہے جسے وہ چھپاتے ہیں اور جسے وہ ظاہر کرتے ہیں اللہ تعالیٰ نے اس کا ایک ایک حرف شمار کر رکھا ہے۔

## نزول سورۃ المدثر ۸ تا ۵۶:

فَاِذَا نُقِرَ فِي النَّاقُوْرِ ۝۸ۙ فَذٰلِكَ يَوْمَىِٕذٍ يَّوْمٌ عَسِيْرٌ ۝۹ۙ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ غَيْرُ يَسِيْرٍ ۝۱۰

پس جبکہ صور میں پھونک ماری جائے گی وہ دن بڑا سخت دن ہوگا، (جو) کافروں پر آسان نہ ہوگا،

ذَرْنِيْ وَمَنْ خَلَقْتُ وَحِيْدًا ۝۱۱ۙ وَّجَعَلْتُ لَهٗ مَالًا مَّمْدُوْدًا ۝۱۲ۙ وَّبَنِيْنَ شُهُوْدًا ۝۱۳ۙ

مجھے اور اسے چھوڑ دے جسے میں نے اکیلا پیدا کیا ہے، اور اسے بہت سا مال دے رکھا تھا اور حاضر باش فرزند بھی،

وَّمَهَّدْتُّ لَهٗ تَمْهِيْدًا ۝۱۴ۙ ثُمَّ يَطْمَعُ اَنْ اَزِيْدَ ۝۱۵ۤ كَلَّا ۭ

اور میں نے اسے بہت کچھ کشادگی دے رکھی ہے پھر بھی اس کی چاہت ہے کہ میں اسے اور زیادہ دوں، نہیں نہیں،

اِنَّهٗ كَانَ لِاٰيٰتِنَا عَنِيْدًا ۝۱۶ۭ سَاُرْهِقُهٗ صَعُوْدًا ۝۱۷ۭ (المدثر ۸ تا ۱۷)

وہ ہماری آیتوں کا مخالف ہے عنقریب میں اسے ایک سخت چڑھائی چڑھاؤں گا۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے دین کا اظہار کھلم کھلا بیت اللہ میں نماز پڑھنے اور پھر علانیہ دعوت اسلام شروع کر چکے تھے، جسے ایک قلیل التعداد سلیم

---

[۱] البقرة ۲۵۵

[۲] صحیح بخاری کتاب الایمان بَابُ سُؤَالِ جِبْرِيلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الإِيمَانِ، وَالإِسْلاَمِ، وَالإِحْسَانِ، وَعِلْمِ السَّاعَةِ ۵۰

الفطرت لوگ قبول بھی کر چکے تھے، مشرکین مکہ کے کان کھڑے ہو چکے تھے کہ ان کی سیادت وقیادت اور آباؤاجداد کے مشرکانہ دین کو خطرہ لاحق ہو چکا ہے، ان کے عقائد کو ایک پر اثر اور دلاویز کلام سے پرزور دلائل سے جھٹلایا جارہا ہے، حج کا مہینہ آچکا تھا انہیں اندیشہ لاحق ہوا کہ کہیں یہ دعوت مکہ سے باہر نہ نکل جائے، اور اس عقیدے کے لوگوں کی تعداد بڑھ نہ جائے،

أَنَّهُمْ لَمَّا اجْتَمَعُوا فِي دَارِ النَّدْوَةِ لِيُجْمِعُوا رَأْيَهُمْ عَلَى قَوْلٍ يَقُولُونَهُ فِيهِ، قَبْلَ أَنْ يَقْدَمَ عَلَيْهِمْ وفودُ الْعَرَبِ لِلْحَجِّ ليصدّوهم عَنْهُ قَالُوا: نَقُولُ كَاهِنٌ، قَالَ: لَا وَاللَّهِ مَا هُوَ بِكَاهِنٍ، لَقَدْ رَأَيْنَا الْكُهَّانَ فَمَا هُوَ بِزَمْزَمَةِ الْكَاهِنِ وَلَا سَجْعِهِ، قَالُوا: فَنَقُولُ: مَجْنُونٌ، قَالَ: مَا هُوَ بِمَجْنُونٍ.لَقَدْ رَأَيْنَا الْجُنُونَ وَعَرَفْنَاهُ، فَمَا هُوَ بِخَنْقِهِ، وَلَا تَخَالُجِهِ، وَلَا وَسْوَسَتِهِ، قَالُوا :فَنَقُولُ: شَاعِرٌ قَالَ: مَا هُوَ بِشَاعِرٍ، لَقَدْ عَرَفْنَا الشِّعْرَ كُلَّهُ رَجَزَهُ وَهَزَجَهُ وَقَرِيضَهُ وَمَقْبُوضَهُ وَمَبْسُوطَهُ، فَمَا هُوَ بِالشِّعْرِ قَالُوا: فَنَقُولُ: سَاحِرٌ قَالَ :مَا هُوَ بِسَاحِرٍ، لَقَدْ رَأَيْنَا السُّحَّارَ وَسِحْرَهُمْ، فَمَا هُوَ بِنَفْثِهِمْ وَلَا عَقْدِهِمْ قَالُوا: فَمَا نَقُولُ يَا أَبَا عَبْدِ شَمْسٍ؟وَاللَّهِ إِنَّ لِقَوْلِهِ لَحَلَاوَةً، وَإِنَّ أَصْلَهُ لَعَذِقٌ، وَإِنَّ فَرْعَهُ لَجُنَاةٌ قَالَ ابْنُ هِشَامٍ: وَيُقَالُ لَغَدِقٌ وَمَا أَنْتُمْ بِقَائِلِينَ مِنْ هَذَا شَيْئًا إِلَّا عُرِفَ أَنَّهُ بَاطِلٌ، وَإِنَّ أَقْرَبَ الْقَوْلِ فِيهِ لَأَنْ تَقُولُوا سَاحِرٌ، جَاءَ بِقَوْلٍ هُوَ سِحْرٌ يُفَرِّقُ بِهِ بَيْنَ الْمَرْءِ وَأَبِيهِ، وَبَيْنَ الْمَرْءِ وَأَخِيهِ، وَبَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجَتِهِ، وَبَيْنَ الْمَرْءِ وَعَشِيرَتِهِ، فَتَفَرَّقُوا عَنْهُ بِذَلِكَ، فَجَعَلُوا يَجْلِسُونَ بِسُبُلِ النَّاسِ حِينَ قَدِمُوا الْمَوْسِمَ، لَا يَمُرُّ بِهِمْ أَحَدٌ إِلَّا حَذَّرُوهُ إِيَّاهُ، وَذَكَرُوا لَهُمْ أَمْرَهُ

اس لئے حفظ ماتقدم کے طور پر مشترکہ لائحہ عمل اپنانے کے لئے انہوں نے دار الندوہ میں ایک میٹنگ بلائی، مختلف امور کا جائزہ لیا گیا کہ لوگوں کو کس طرح رسول اللہ ﷺ کے خلاف ابھارا جائے، لوگوں نے مختلف مشورے دیے، کسی نے کہا آپ کو کاہن کہا جائے، ولید بن مغیرہ نے کہا یہ کہنا بے جا اور بے محل ہوگا کیونکہ کاہن کی گن گناہٹ محمد میں نہیں اور نہ اس کے کلام کے سے سجع ہیں اس بات میں تم جھوٹے ہو جاؤ گے، کسی نے رائے دی کہ انہیں مجنون کہا جائے، ولید نے کہا یہ بھی حقیقت کے بالکل برعکس بات ہوگی مجنونوں کو ہم نے دیکھا ہے ان کی علامات بھی ان میں نہیں ہیں، کسی نے کہا انہیں شاعر کہا جائے، ولید نے کہا شعرا اور شاعری کی اصناف سے ہم آگاہ ہیں، رجز اور ہجز اور قریض اور مقبوض اور مبسوط سب کو ہم جانتے ہیں، محمد ﷺ جو کلام سناتے ہیں وہ شاعری نہیں، کسی نے کہا انہیں ساحر کہا جائے، اس پر ولید نے پھر ٹوکا کہ یہ بات بھی مناسب نہ ہوگی ہم نے ساحروں کو بخوبی دیکھا ہے اور منتر جنتر سے واقف ہیں، آخر وہ لوگ عاجز ہو گئے تو پوری قوم ولید کے سر ہو گئی کہ اچھا اے ابو عبد شمس (ولید کی کنیت) آپ بتائیں ہمیں کیا کہنا چاہیے؟ ولید بن مغیرہ نے جو کفر وطغیان میں بہت بڑھا ہوا تھا کافی دیر سوچ بچار کے بعد بولا اللہ کی قسم! سچ بات تو یہ ہے کہ محمد کے کلام میں حلاوت اور شیرینی ہے، اس کلام کی جڑیں مضبوط اور گہری ہیں اور شاخیں ثمر آور! اور اے قریش! یہ جس قدر باتیں تم نے بیان کی ہیں ان میں سے جو بات تم کہو گے فوراً معلوم ہو جائے گی کہ یہ جھوٹ اور باطل ہے، مگر یہی بات مناسب معلوم ہوتی ہے کہ لوگوں کو بدگمان، متنفر کرنے کے لئے تم انہیں ساحر کہو اور یہ کہو کہ اس سحر ہی کے سبب سے محمد (ﷺ) نے لوگوں میں تفرقہ ڈال دیا ہے اور اس کا قول ایسا ہے کہ اس سے میاں بیوی اور باپ بیٹے اور بھائی بھائی اور کنبے اور برادری میں تفریق ہو جاتی ہے، یہ تجویز سب نے پسند کی اور منظور ہو گئی اور سب لوگ منتشر ہو گئے، چنانچہ ہر گلی کوچہ اور گزرگاہ پر بیٹھ

کرلوگوں کورسول اللہ ﷺ سے بہکانے اور بدگمان کرنے کے لیے یہ بات زائرین حرم سے کہی جانے لگی، لیکن یہ پروپیگنڈا آپ ﷺ کی مزید شہرت کا سبب بن گیا۔

اللہ تعالیٰ نے اس کے جواب میں فرمایا اچھا تم دعوت اسلام کو جھٹلاتے ہو، رسول اللہ ﷺ کی تکذیب کرتے ہو، مشرکانہ دین کو بچانے، اپنی سیادت وقیادت کو قائم رکھنے اور حق کے ساتھ عناد کے لئے مقابلہ پر اتر آئے ہو، تم لوگوں نے یہ بھی سوچا کہ اسرافیل علیہ السلام جو صور کو منہ سے لگائے، پیشانی جھکائے اللہ کے حکم کے منتظر ہیں کہ کب حکم ہو اور وہ صور پھونک دے،

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ: حَدَّثَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللَّهَ لَمَّا خَلَقَ السَّمَوَاتِ وَالْأَرْضَ خَلَقَ الصُّورَ فَأَعْطَاهُ إِسْرَافِيلَ، فَهُوَ وَاضِعُهُ عَلَى فِيهِ، شَاخِصٌ بَصَرُهُ إِلَى الْعَرْشِ، يَنْتَظِرُ مَتَى يُؤْمَرُ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے جب آسمانوں اور زمین کی تخلیق فرمائی تو اس نے صور کی بھی تخلیق کی اور اسے اسرافیل علیہ السلام کے سپرد کر دیا وہ اس وقت سے اسے منہ سے لگائے سر جھکائے کھڑے ہیں ان کی نگاہیں اللہ کے عرش پر لگی ہیں کہ کب اللہ تعالیٰ کا حکم ہو اور وہ اس میں پھونک دیں۔[1]

جب اللہ کے حکم سے وہ صور(نرسنگھا، قرنا، بوق، بگل) میں پھونک ماریں گے( نَفْخُةُ الْفَزَعِ یعنی گھبرادینے والا صور) جس کی ہیبت ناک آواز سے کائنات کا تمام نظام درہم برہم ہوجائے گا، چاند وسورج اور دوسرے سیارے آپس میں ٹکرا جائیں گے اور ان کی روشنی ختم ہوجائے گی۔

اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ ۝۱ وَاِذَا النُّجُوْمُ انْكَدَرَتْ ۝۲ [2]

ترجمہ: جب سورج لپیٹ دیا جائے گا اور جب تارے بکھر جائیں گے۔

يَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ ۝۶ تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ ۝۷ قُلُوْبٌ يَّوْمَىِٕذٍ وَّاجِفَةٌ ۝۸ اَبْصَارُهَا خَاشِعَةٌ ۝۹ [3]

ترجمہ: جس روز ہلا مارے گا زلزلے کا ایک جھٹکا اور اس کے بعد دوسرا جھٹکا، اس دن دل کانپ رہے ہوں گے اور نگاہیں خوف زدہ ہوں گی۔

اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا ۝۱ وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا ۝۲ وَقَالَ الْاِنْسَانُ مَا لَهَا ۝۳ [4]

ترجمہ: جبکہ زمین اپنی پوری شدت کے ساتھ ہلا ڈالی جائے گی اور زمین اپنے اندر کے سارے بوجھ نکال کر باہر ڈال دے گی، اور انسان کہے گا کہ یہ اس کو کیا ہو رہا ہے؟۔

فَاِذَا نُفِخَ فِي الصُّوْرِ نَفْخَةٌ وَّاحِدَةٌ ۝۱۳ وَّحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً ۝۱۴ فَيَوْمَىِٕذٍ وَّقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ۝۱۵ [5]

---

[1] تعظیم قدر الصلاۃ ۲۷۳

[2] التکویر ۱،۲

[3] النازعات ۶تا۹

[4] الزلزال ۱تا۳

[5] الحاقة ۱۳تا۱۵

ترجمہ: جب صور میں ایک پھونک ماردی جائے گی اور زمین اور پہاڑ اٹھا کر ایک ہی چوٹ میں توڑ دیے جائیں گے تو وہ واقعہ عظیم پیش آجائے گا۔

اِذَا رُجَّتِ الۡاَرۡضُ رَجًّا ۙ﴿۴﴾ وَّ بُسَّتِ الۡجِبَالُ بَسًّا ۙ﴿۵﴾ فَکَانَتۡ ہَبَآءً مُّنۡۢبَثًّا ۙ﴿۶﴾ [1]

ترجمہ: جس روز زمین جھنجھوڑ ڈالی جائے گی اور پہاڑ پراگندہ غبار بن کر رہ جائیں گے۔

فَکَیۡفَ تَتَّقُوۡنَ اِنۡ کَفَرۡتُمۡ یَوۡمًا یَّجۡعَلُ الۡوِلۡدَانَ شِیۡبَۨا ﴿۱۷﴾ السَّمَآءُ مُنۡفَطِرٌۢ بِہٖ ﴿۱۸﴾ [2]

ترجمہ: اگر تم نے پیغمبر کی بات نہ مانی تو کیسے بچو گے اس دن کی آفت سے جو بچوں کو بوڑھا کر دے گا اور جس کی شدت سے آسمان پھٹا پڑتا ہو گا۔ الغرض زمین کی کیفیت ایسی ہو گی جیسے کشتی موجوں کے تھپیڑے کھا کر ڈگمگاتی ہے، اس دن کی ہولناکیوں اور سختیوں کو دیکھ کر تم لوگ ہر بھلائی سے مایوس ہو جاؤ گے، تمہیں اپنی ہلاکت وتباہی کا یقین ہو جائے گا، وہ دن تمہارے لئے ہلکا نہیں بلکہ بڑا ہی سخت ہو گا، جیسا کہ کفار کہیں گے،

...یَقُوۡلُ الۡکٰفِرُوۡنَ ہٰذَا یَوۡمٌ عَسِرٌ ﴿۸﴾ [3]

ترجمہ: کفار کہیں گے کہ یہ دن بڑا ہی سخت ہے۔

پھر دوسرا صور (نَفۡخُہُ الصَّعۡق یعنی مار گرانے والا) پھونکا جائے گا جس کی آواز سے تمام لوگ ہلاک ہو جائیں گے یعنی قیامت برپا ہو جائے گی، پھر ایک معین مدت کے بعد اللہ زمین وآسمان کی موجودہ ہیئت کو بدل دے گا اور ایک دوسرا نظام دوسرے قوانین کے ساتھ بنائے گا، جیسے فرمایا:

یَوۡمَ تُبَدَّلُ الۡاَرۡضُ غَیۡرَ الۡاَرۡضِ وَ السَّمٰوٰتُ وَ بَرَزُوۡا لِلّٰہِ الۡوَاحِدِ الۡقَہَّارِ ﴿۴۸﴾ [4]

ترجمہ: جس دن یہ زمین دوسری زمین سے بدل دی جائے گی اور آسمان بھی بدل دیے جائیں گے اور لوگ زبردست اکیلے اللہ کے سامنے نکل کھڑے ہوں گے۔

اللہ تعالیٰ اسرافیل علیہ السلام کو صور (نَفۡخُہُ الۡقِیَام یعنی رب کے حضور پیش ہونے ہونے کے لئے) پھونکنے کا حکم فرمائے گا، وہ اس کی تعمیل کریں گے اور اس آواز پر جو زمین میں ہر جگہ گونجے گی، آدم علیہ السلام سے لیکر آخری انسان تک جسم وروح اور اسی شخصیت کے ساتھ جو وہ دنیا میں تھے از سر نو زندہ ہو جائیں گے اور زمین کے ہر گوشے میں اپنے مرقدوں سے نکل کر میدان محشر کی طرف دوڑنے لگیں گے، جیسے فرمایا

وَ نُفِخَ فِی الصُّوۡرِ فَاِذَا ہُمۡ مِّنَ الۡاَجۡدَاثِ اِلٰی رَبِّہِمۡ یَنۡسِلُوۡنَ ﴿۵۱﴾ [5]

ترجمہ: اور جس وقت صور پھونکا جائے گا یہ قبروں سے نکل کر اپنے رب کی طرف دوڑ پڑیں گے۔

---

(۱) الواقعۃ ۴تا۶

(۲) المزمل ۱۷،۱۸

(۳) القمر ۸

(۴) ابراہیم ۴۸

(۵) یٰسین ۵۱

قیامت کی چند نشانیاں بیان کرنے کے بعد فرمایا یہ شخص جو بے شمار معبودان باطلہ کی حمایت میں دعوت توحید کی بھرپور مخالفت کر رہا ہے، اللہ نے اسے کسی دوسرے معبود کی مدد سے پیدا نہیں کیا تھا اور نہ ہی یہ ماں کے پیٹ سے مال و اولاد، حیثیت و مرتبہ لیکر پیدا ہوا تھا، اللہ تعالیٰ نے ہی اپنے فضل سے اسے ڈھیروں مال عنایت کیا، اسے سات، دس، بارہ یا تیرہ نامور، باا ثر اور تابعدار بیٹوں سے نوازا جو دشمنوں کے خلاف اس کی مدد کرتے ہیں، ان میں سے تین خالد بن ولید، ہشام بن ولید اور ولید بن ولید مسلمان ہوئے پھر اس کو عمر عطا فرمائی اور قیادت کی راہ ہموار کر کے سرداری عطا فرمائی، مگر ان نعمتوں اور بھلائیوں کے باوجود اس کی حرص ختم نہیں ہوتی بلکہ کفر و معصیت کے باوجود اس کی خواہش ہے کہ دنیا بھر کی نعمتیں اسے دے دی جائیں، اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہر گز نہیں، ان نعمتوں پر وہ ہمارا شکر گزار اور اطاعت گزار ہونے کے بجائے ہماری آیات سے بغض و عناد رکھتا ہے، ہم اسے نعمتیں عطا کرنے کے بجائے اسے ایسے عذاب میں مبتلا کریں گے جس کا برداشت کرنا نہایت سخت ہوگا۔

اِنَّهٗ فَكَّرَ وَ قَدَّرَ ۝۱۸ فَقُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ ۝۱۹ ثُمَّ قُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ ۝۲۰ ثُمَّ نَظَرَ ۝۲۱ ثُمَّ

”اس نے غور کر کے تجویز کی، اسے ہلاکت ہو کیسی (تجویز) سوچی؟ وہ پھر غارت ہو کس طرح اندازہ کیا، اس نے پھر دیکھا،

عَبَسَ وَ بَسَرَ ۝۲۲ ثُمَّ اَدْبَرَ وَ اسْتَكْبَرَ ۝۲۳ فَقَالَ اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا سِحْرٌ يُّؤْثَرُ ۝۲۴

پھر تیوری چڑھائی اور منہ بنایا، پھر پیچھے ہٹ گیا اور غرور کیا اور کہنے لگا یہ تو صرف جادو ہے جو نقل کیا جاتا ہے،

اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا قَوْلُ الْبَشَرِ ۝۲۵ (المدثر ۱۸تا۲۵)

سوائے انسانی کلام کے کچھ بھی نہیں۔

دارالندوہ میں جب سب نے ولید بن مغیرہ مخزومی کو کہا کہ آخر وہ کوئی تجویز پیش کرے، اللہ تعالیٰ نے ولید بن مغیرہ کی اس وقت ذہنی انتشار کی تصویر کشی کی کہ سوچ و بچار کرتے ہوئے اس نے رسول اللہ ﷺ کی ابتدائی زندگی کا جائزہ لیا، آپ کے چالیس سالہ کردار و سیرت کو پرکھا، آپ کے خطاب صادق و امین کو جانچا، کلام الٰہی کے مضامین کی گہرائی و سچائی کو پہچانا اور اس کی حقیقت سے متاثر ہوا اور اس کے دل نے سچائی کی گواہی دی، مگر اس نے جانتے بوجھتے اطاعت قبول کرنے کے بجائے روگردانی کی اور اس تجویز پر غور کیا کہ وہ کیا بات کہے جس کے ذریعے سے وہ کلام الٰہی کا انکار کر سکے، اس پر اللہ کی پھٹکار ہو اس نے کیسی بات سوچی، ہاں مکرر اس نے سوچا کہ قرآن کا رد کس طرح ممکن ہے، پھر مجلس میں موجود لوگوں کے چہروں کو پڑھا کہ وہ کیا چاہتے ہیں، پھر حق سے نفرت اور بغض ظاہر کرنے کے لئے اس نے تیوری چڑھائی اور اپنا منہ بسورا، پھر پیٹھ پھیر کر چل دیا، پھر رسول اللہ ﷺ کی معاشی حالت اور ان کے پیروکاروں کی حالت زار اور اپنی ظاہری شان و شوکت کو دیکھ کر تکبر میں پڑ گیا اور بہت غور و خوض کے بعد بولا محمد جو کلام پیش کر رہے ہیں وہ اللہ کا کلام نہیں بلکہ انسانی کلام ہے، جو وہ کسی سے سیکھ کر آیا ہے اور دعویٰ کر دیا ہے کہ یہ کلام الٰہی ہے، مگر یہ کلام جادو کے سوا کچھ نہیں جو ہمارے آباؤ اجداد سے چلا آرہا ہے۔

جیسے اللہ نے ان کی کم عقلی اور بدحواسی کا ذکر فرمایا:

أُنْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوْا لَكَ الْاَمْثَالَ فَضَلُّوْا فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَبِيْلًا ۝٩ [1]

ترجمہ: دیکھو، کیسی کیسی حجتیں یہ لوگ تمہارے آگے پیش کر رہے ہیں، ایسے بہکے ہیں کہ کوئی ٹھکانے کی بات ان کو نہیں سوجھتی۔

سَاُصْلِيْهِ سَقَرَ ۝٢٦ وَ مَآ اَدْرٰىكَ مَا سَقَرُ ۝٢٧ لَا تُبْقِيْ وَ لَا تَذَرُ ۝٢٨

میں عنقریب اس دوزخ میں ڈالوں گا، اور تجھے کیا خبر کہ دوزخ کیا چیز ہے، نہ وہ باقی رکھتی ہے نہ چھوڑتی ہے،

لَوَّاحَةٌ لِّلْبَشَرِ ۝٢٩ عَلَيْهَا تِسْعَةَ عَشَرَ ۝٣٠ وَ مَا جَعَلْنَآ اَصْحٰبَ النَّارِ

کھال کو جھلسا دیتی ہے، اور اس میں انیس (فرشتے مقرر) ہیں، ہم نے دوزخ کے داروغے صرف

اِلَّا مَلٰٓئِكَةً ۖ وَّ مَا جَعَلْنَا عِدَّتَهُمْ اِلَّا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۙ لِيَسْتَيْقِنَ الَّذِيْنَ

فرشتے رکھے ہیں، اور ہم نے ان کی تعداد صرف کافروں کی آزمائش کے لیے مقرر کی ہے، تاکہ

اُوْتُوا الْكِتٰبَ وَ يَزْدَادَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِيْمَانًا وَّ لَا يَرْتَابَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ

اہل کتاب یقین کرلیں اور اہل ایمان میں اضافہ ہوجائے، اور اہل کتاب

وَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۙ وَ لِيَقُوْلَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّ الْكٰفِرُوْنَ مَاذَآ اَرَادَ اللّٰهُ

اور مسلمان شک نہ کریں، اور جن کے دلوں میں بیماری ہے، اور وہ کافر کہیں کہ اس بیان سے اللہ تعالیٰ کی کیا مراد ہے؟

بِهٰذَا مَثَلًا ؕ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ يَّشَآءُ وَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَ مَا

اس طرح اللہ تعالیٰ جسے چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے، تیرے رب کے ل

يَعْلَمُ جُنُوْدَ رَبِّكَ اِلَّا هُوَ ؕ وَ مَا هِيَ اِلَّا ذِكْرٰى لِلْبَشَرِ ۝٣١ (المدثر ٢٦ تا ٣١)

شکروں کو اس کے سوا کوئی نہیں جانتا، یہ تو کل بنی آدم کے لیے سراسر پند و نصیحت ہے۔

## عذاب جہنم کی وعید:

عنقریب اللہ اسے اس کے اعمال کے سبب سقر (دوزخ کا ایک نام) میں جھونک دے گا، اور تم کیا جانتے ہو کہ سقر کیسے سخت عذاب کی جگہ ہے؟ جو بد بخت اس میں داخل کیا جائے گا اس کی آگ اس کو جلا کر خاک کر دے گی، نہ کھال چھوڑے گی نہ ہڈی مگر پھر بھی پیچھا نہیں چھوٹے گا، اللہ اس شخص کو فوراً دوسری کھال پہنا دے گا اور یہ آگ پھر ان کے منہ اور جسم کی کھال اور ہڈیوں کو جلا کر کوئلہ کر دے گی اور عذاب کا یہ سلسلہ چلتا ہی رہے گا، جو شخص اس کی گرفت میں آجائے گا وہ نہ تو مرے گا اور نہ ہی جی سکے گا، جیسے فرمایا

[1] الفرقان ٩

ثُمَّ لَا يَمُوتُ فِيهَا وَلَا يَحْيَىٰ ⑬ [1]

ترجمہ: پھر وہ نہ اس میں مرے گا نہ جیے گا۔

مجرموں کو قابو میں رکھنے اور فرداًفرداً ایک ایک شخص کو عذاب دینے کے لئے اللہ نے اس جہنم کے انیس (۱۹) دربان متعین فرمائے ہیں، جو نہایت سخت اور درشت ہیں، اور جو اپنا کام کرتے ہوئے نہ تھکتے ہیں اور نہ مجرموں پر رحم کھاتے ہیں، ہم نے ان فرشتوں کو سختی اور قوت کی بنا پر جہنم کا دربان بنایا ہے، اور دربانوں کی گنتی مشرکین کی آزمائش کے لئے ہے، اس کے ردعمل میں کلدہ بن اسید بن خلف جس کی کنیت ابوالاشد تھی ، یہ شخص بڑا ہی مغرور اور قوی تھا، یہ گائے کے چمڑے پر کھڑا ہو جاتا پھر دس طاقتور آدمی مل کر اسے اس کے پیروں کے تلے سے نکالنا چاہتے مگر کھال کے ٹکڑے اڑ جاتے لیکن اس کے قدم جنبش نہ کھاتے،

لَمَّا نَزَلَتْ عَلَيْهَا تِسْعَةَ عَشَرَ قَالَ: رَجُلٌ مِنْ قُرَيْشٍ يُدْعَى أَبَا الْأَشَدَّيْنِ: يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ لَا يَهُولَنَّكُمُ التِّسْعَةَ عَشَرَ، أَنَا أَدْفَعُ عَنْكُمْ بِمَنْكِبِي الْأَيْمَنِ عَشَرَةً وَبِمَنْكِبِي الْأَيْسَرِ التِّسْعَةَ

اس نے فرشتوں کی یہ تعداد سن کر اپنی طاقت کے گھمنڈ میں کہا اے اہل قریش! تم سب مل کر ان میں سے دو کو روک لینا باقی سترہ کے لئے میں کافی ہوں۔ [2]

قَالَ أَبُو جَهْلٍ يَوْمًا وَهُوَ يَهْزَأُ بِرَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِمَا جَاءَ بِهِ مِنَ الْحَقِّ يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ يَزْعُمُ مُحَمَّدٌ أَنَّ جُنُودَ اللهِ الَّذِينَ يُعَذِّبُونَكُمْ فِي النَّارِ وَيَحْبِسُونَكُمْ فِيهَا تِسْعَةَ عَشَرَ وَأَنْتُمْ أَكْثَرُ النَّاسِ عَدَدًا وَكَثْرَةً أَفَيُعْجِزُكُمْ مِائَةُ رَجُلٍ مِنْكُمْ عَنْ رَجُلٍ مِنْهُمْ؟

ایک روایت ہے ابوجہل نے قریش کو خطاب کرتے ہوئے کہا اے قریش! محمد (صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم) کا یہ دعویٰ ہے کہ جہنم میں عذاب دینے کے لیے انیس کارکن ہیں تم اتنی کثرت میں ہو تو کیا تم میں سے ہر دس آدمیوں کا گروپ ایک ایک فرشتے کے لئے کافی نہیں ہو گا؟۔ [3]

اللہ تعالیٰ نے فرمایا اتنی بڑی غیض وغضب سے دہکتی جہنم جس میں بے حد وحساب مجرم ہوں گے اور اس کے اتنے کم نگراں کافروں کے لئے باعث فتنہ ہیں، اور رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے اس کھلم کھلا اعلان سے یہود ونصاریٰ کو بھی یقین ہو جائے کہ یہ رسول برحق ہے اور یہ اللہ کا کلام ہے اور اہل ایمان کے ایمان میں یقین واعتماد، اطاعت وفرمانبرداری کی وجہ سے اضافہ ہو اور اہل ایمان واہل کتاب کسی شک وشبہ میں نہ رہیں اور جن کے دلوں میں شکوک ہیں اور کفار کہیں کہ بھلا جہنم کے نگرانوں کی تعداد بتلانے سے اللہ کی کیا حکمت ہے؟ اسی طرح اللہ اپنے کلام اور اپنے احکام وفرامین سے دلوں کی آزمائش کرتا ہے، جس کے دل میں کجی ہوتی ہے، جو ہٹ دھرم اور کج فہم ہوتا ہے اسے ضلالت کے راستوں پر دھکیل دیتا ہے اور جن کے دلوں میں یقین کامل اور اطاعت گزاری کا جذبہ ہوتا ہے، جو سلیم الطبع اور صحیح الفکر ہوتے ہیں انہیں ہدایت کی راہ پر گامزن کر دیتا ہے، کفار ومشرکین سمجھتے ہیں کہ جہنم میں انیس (۱۹) دربانوں پر قابو پانا کون سا مشکل کام ہے؟ لیکن اس عظیم الشان کائنات میں

[1] الاعلیٰ ۱۳

[2] تفسیرابن ابی حاتم ۱۰,۳۳۳۴

[3] تفسیرابن ابی حاتم ۸,۲۶۹۸

اللہ نے کیسی کیسی مخلوقات پیدا کر رکھی ہیں، ان کو کیا طاقتیں بخشی ہیں اور اللہ ان سے کیا کام لے رہا ہے، ان کے بارے میں نہ تو فرشتے ہی جانتے ہیں نہ کوئی اور، ان کی صحیح تعداد تو صرف اللہ ہی جانتا ہے، صرف فرشتے ہی اتنی تعداد میں ہیں کہ

يُصَلِّي فِيهِ كُلَّ يَوْمٍ سَبْعُونَ أَلْفَ مَلَكٍ، إِذَا خَرَجُوا لَمْ يَعُودُوا إِلَيْهِ آخِرَ مَا عَلَيْهِمْ

ستر ہزار فرشتے روزانہ اللہ کی عبادت کے لئے بیت المعمور میں داخل ہوتے ہیں پھر قیامت تک ان کی باری نہیں آئے گی۔ (۱)

اور دوزخ اور اس کی ہولناکی کا ذکر صرف نصیحت کے لئے کیا گیا ہے تا کہ نافرمانیوں سے باز آجاؤ اور جہنم کے دردناک عذاب سے بچنے کی کوشش کرو۔

كَلَّا وَ الْقَمَرِ ﴿۳۲﴾ وَ الَّيْلِ اِذْ اَدْبَرَ ﴿۳۳﴾ وَ الصُّبْحِ اِذَآ اَسْفَرَ ﴿۳۴﴾ اِنَّهَا

سچ کہتا ہوں قسم ہے چاند کی اور رات جب وہ پیچھے ہٹے، اور صبح کی جب وہ روشن ہو جائے کہ (یقیناً وہ جہنم)

لَاِحْدَى الْكُبَرِ ﴿۳۵﴾ نَذِيْرًا لِّلْبَشَرِ ﴿۳۶﴾ لِمَنْ شَآءَ مِنْكُمْ اَنْ يَّتَقَدَّمَ اَوْ يَتَاَخَّرَ ﴿۳۷﴾

بڑی چیزوں میں سے ایک ہے، بنی آدم کو ڈرانے والی، (یعنی) اسے جو تم میں سے آگے بڑھنا چاہے یا پیچھے ہٹنا چاہیے،

كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ رَهِيْنَةٌ ﴿۳۸﴾ اِلَّآ اَصْحٰبَ الْيَمِيْنِ ﴿۳۹﴾ فِيْ جَنّٰتٍ

ہر شخص اپنے اعمال کے بدلے میں گروی ہے، مگر دائیں ہاتھ والے کہ وہ بہشتوں میں (بیٹھے ہوئے) گناہ گاروں سے

يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿۴۰﴾ عَنِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۴۱﴾ مَا سَلَكَكُمْ فِيْ سَقَرَ ﴿۴۲﴾ قَالُوْا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّيْنَ ﴿۴۳﴾

سوال کرتے ہوں گے تمہیں دوزخ میں کس چیز نے ڈالا، وہ جواب دیں گے ہم نمازی نہ تھے،

وَ لَمْ نَكُ نُطْعِمُ الْمِسْكِيْنَ ﴿۴۴﴾ وَ كُنَّا نَخُوْضُ مَعَ الْخَآئِضِيْنَ ﴿۴۵﴾

نہ مسکینوں کو کھانا کھلاتے تھے، اور ہم بحث کرنے والے (انکاریوں) کا ساتھ دے کر بحث مباحثہ میں مشغول رہا کرتے تھے،

وَ كُنَّا نُكَذِّبُ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ﴿۴۶﴾ حَتّٰى اَتٰىنَا الْيَقِيْنُ ﴿۴۷﴾ فَمَا تَنْفَعُهُمْ شَفَاعَةُ

اور روز جزا کو جھٹلاتے تھے، یہاں تک کہ ہمیں موت آگئی، پس انہیں سفارش کرنے والوں کی

الشّٰفِعِيْنَ ﴿۴۸﴾ (المدثر ۳۲ تا ۴۸)

سفارش نفع نہ دے گی۔

---

(۱) صحیح بخاری کتاب بدء الخلق بَابُ ذِكْرِ المَلَائِكَةِ ۳۲۰۷، صحیح مسلم کتاب الایمان بَابُ الْإِسْرَاءِ بِرَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى السَّمَاوَاتِ، وَفَرْضِ الصَّلَوَاتِ ۴۱۱

اہل مکہ کے خیالات کی نفی کرتے ہوئے فرمایا کہ دوزخ کوئی ہوائی بات نہیں جس کا اس طرح مذاق اڑایا جائے اور نہ ہی فرشتے ایسے بودے ہیں کہ تم انہیں مغلوب کرلوگے، قسم ہے چاند کی اور رات کی جب وہ جانے لگے، اور صبح کی جبکہ وہ خوب روشن ہوتی ہے، اللہ نے تین نہایت اہم چیزوں کی قسم کھا کر فرمایا جس طرح چاند، رات اور روشن دن اللہ تعالیٰ کی قدرت کے عظیم نشانات ہیں اسی طرح دوزخ بھی عظائم قدرت میں سے ایک نشانی ہے اور اس کی بڑائی اور ہولناکی میں کوئی شک نہیں، جو انسانوں کو سیدھا چلانے کے لئے ایک ڈراوا ہے، جہنم کے ہولناک عذاب سے لوگوں کو خبر دار کر دیا گیا ہے اب جس کا جی چاہے اس کے عذاب سے ڈر کر بھلائی کے راستے کو اپنائے اور جس کا جی چاہے کفر کرے ، جیسے فرمایا:

وَقُلِ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ فَمَنْ شَآءَ فَلْيُؤْمِنْ وَّمَنْ شَآءَ فَلْيَكْفُرْ ... ۝۲۹ [1]

ترجمہ: صاف کہہ دو کہ یہ حق ہے تمہارے رب کی طرف سے اب جس کا جی چاہے مان لے اور جس کا جی چاہے انکار کر دے۔

اللہ نے انسان کو دنیا میں جو طاقتیں، صلاحتیں اور جو اختیارات عطا فرمائے ہیں یہ تو ایک قرض ہیں جس کے بدلے میں انسان کا نفس اللہ کے پاس رہن ہے، انسان خواہ وہ کتنے ہی بڑے مرتبہ والا ہو اگر ان طاقتوں، صلاحیتوں اور اختیارات کا اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت میں صحیح استعمال کرے گا تو وہ اپنے نفس کو چھڑا لے گا ورنہ اسے ضبط کر لیا جائے گا، جو لوگ عمل صالح اختیار کر کے اللہ سے اپنے نفس کو چھڑا لیں گے وہ آزاد ہوں گے اور اللہ انہیں نعمتوں بھری جنتوں میں داخل فرمائے گا جس میں عیش ہی عیش اور آرام ہی آرام ہے، مگر جو لوگ اپنا نفس آزاد نہ کرا سکیں گے وہ مجرم ہوں گے اور انہیں جہنم میں داخل کر دیا جائیگا جو بدترین عذاب کی جگہ ہے، جنتی اپنے بالاخانوں میں بیٹھے ایک دوسرے سے مجرموں کے بارے میں پوچھیں گے کہ وہ کس حال کو پہنچے، پھر ان مجرموں کو کسی توسط کے بغیر ہزاروں میل کے فاصلہ سے براہ راست مبتلائے عذاب دیکھیں گے تو دریافت کریں گے کیا چیز تمہیں دوزخ میں لے جانے کا سبب بن گئی؟

دوزخی بڑی حسرت سے آہ بھر کر کہیں گے ہم اپنے معبود حقیقی کی بندگی کرنے والے نہ تھے، یعنی ہم نے ایمان کا اعلان تو کیا مگر اللہ تعالیٰ کا اولین حق جو ہم پر فرض کیا گیا تھا اس کے تارک تھے، حالانکہ ہمیں کہا گیا تھا۔

وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ ۝۹۹ [2]

ترجمہ: اور اس آخری گھڑی تک اپنے رب کی بندگی کرتے رہو جس کا آنا یقینی ہے۔

اللہ نے بغیر کسی استحقاق کے اپنے خزانوں سے ہمیں انگنت نعمتیں عطا کر رکھی تھیں مگر ہم اس رب کی خوشنودی کے لئے سائلوں، بیواؤں، یتیموں، مسکینوں، اسیروں اور مسافروں کو کھانا نہیں کھلاتے تھے، یعنی نہ تو ہم نے حقوق اللہ کا خیال کیا اور نہ ہی حقوق العباد کی پرواہ کی، ہم اتنے گمراہ تھے کہ جو لوگ حق کو دبانے یا مٹانے کے لئے جدوجہد کرتے تھے ہم کے خلاف کھڑے ہونے کے بجائے ان کے ہم نوا ہو جاتے تھے، اور سرگرمی سے ان کی حمایت کرتے تھے، ہم زبانی طور پر روز جزا کا اقرار تو کرتے تھے مگر ہمارے اعمال اس کی گواہی نہیں دیتے تھے،

---

[1] الکہف ۲۹

[2] الحجر ۹۹

مرتے دم تک ہم اسی روش پر قائم رہے، آخرہمیں دوزخ سے سابقہ پڑگیا جس سے بچنے کے لئے بار بار تنبیہات کی گئی تھیں،
جو لوگ صفات مذکورہ کا حامل ہوگا اسے کسی سفارش کرنے والے کی سفارش اور شفاعت فائدہ نہیں پہنچائے گی۔

فَمَا لَهُمْ عَنِ التَّذْكِرَةِ مُعْرِضِيْنَ ۝۴۹ كَاَنَّهُمْ حُمُرٌ مُّسْتَنْفِرَةٌ ۝۵۰

انہیں کیا ہوگیا ہے کہ نصیحت سے منہ موڑ رہے ہیں گویا کہ وہ بدکے ہوئے گدھے ہیں جو شیر سے بھاگے ہوں، بل

فَرَّتْ مِنْ قَسْوَرَةٍ ۝۵۱ بَلْ يُرِيْدُ كُلُّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ اَنْ يُّؤْتٰى صُحُفًا مُّنَشَّرَةً ۝۵۲ كَلَّا

کہ ان میں سے ہر ایک شخص چاہتا ہے کہ اسے کھلی ہوئی کتابیں دی جائیں، ہرگز ایسا نہیں (ہو سکتا بلکہ)

بَلْ لَّا يَخَافُوْنَ الْاٰخِرَةَ ۝۵۳ كَلَّآ اِنَّهٗ تَذْكِرَةٌ ۝۵۴ فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ۝۵۵

یہ قیامت سے بے خوف ہیں، سچی بات تو یہ ہے کہ یہ (قرآن) ایک نصیحت ہے، اب جو چاہے اس سے نصیحت حاصل کرے،

وَ مَا يَذْكُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ هُوَ اَهْلُ التَّقْوٰى وَ اَهْلُ الْمَغْفِرَةِ ۝۵۶ (المدثر۴۹تا۵۶)

اور وہ اس وقت نصیحت حاصل کریں گے جب اللہ تعالیٰ چاہے، وہ اسی لائق ہے کہ اس سے ڈریں اور اس لائق بھی کہ وہ بخشے۔

آخر کیا بات ہے کہ یہ لوگ اس نصیحت سے روگرداں ہیں جو خود انہی کے فائدے کے لئے کی جاتی ہے، یہ تو اس پاکیزہ دعوت سے نفرت واعراض میں ایسے دور بھاگ رہے ہیں جیسے وحشی، خوف زدہ گدھے خطرے کی بو پا کر بھاگتے ہیں، بلکہ اس نصیحت سے اعراض کی اصل وجہ ان کے دل کا چور ہے ان میں سے ہر شخص یہ چاہتا ہے کہ اس پر براہ راست آسمان سے کھلی کتاب نازل ہو جائے، میں کسی دوسرے کی پیروی واطاعت کیوں کروں؟ ایک اور مقام ان کا مطالبہ نقل فرمایا

وَاِذَا جَآءَتْهُمْ اٰيَةٌ قَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ حَتّٰى نُؤْتٰى مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ رُسُلُ اللّٰهِ... ۝۱۲۴ [1]

ترجمہ: جب ان کے سامنے کوئی آیت آتی ہے تو وہ کہتے ہیں ہم نہ مانیں گے جب تک کہ وہ چیز خود ہم کو نہ دی جائے جو اللہ کے رسولوں کو دی گئی ہے۔

ایک مقام ان کا مطالبہ یوں نقل فرمایا:

...اَوْ تَرْقٰى فِي السَّمَآءِ ۭ وَلَنْ نُّؤْمِنَ لِرُقِيِّكَ حَتّٰى تُنَزِّلَ عَلَيْنَا كِتٰبًا نَّقْرَؤُهٗ... ۝۹۳ [2]

ترجمہ: اور یا تو آسمان پر چڑھ جائے اور تیرے چڑھنے کا بھی ہم یقین نہ کریں گے جب تک کہ تو ہمارے اوپر ایک ایسی تحریر نہ اتار لائے جسے ہم پڑھیں۔

---

[1] الانعام ۱۲۴

[2] بنی اسرائیل ۹۳

اللہ تعالیٰ نے ان کے دل کی حقیقت بیان فرمائی، ہر گز نہیں، یہ لوگ جھوٹ کہتے ہیں اور حق سے اعراض کے لئے مختلف بہانے ڈھونڈتے ہیں، حقیقت یہ ہے کہ انہیں حیات بعد الموت اور روز آخرت پر ایمان نہیں، اپنے اعمال کی جوابدہی کا خوف نہیں، اگر انہیں اپنے اعمال کی جوابدہی کا خوف ہوتا تو اس کی تکذیب کرنے کے بجائے اس پر ایمان لاتے جیسے فرمایا

وَلَوْ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ كِتٰبًا فِيْ قِرْطَاسٍ فَلَمَسُوْهُ بِاَيْدِيْهِمْ لَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۞ [1]

ترجمہ: اے پیغمبر! اگر ہم تمہارے اوپر کوئی کاغذ میں لکھی لکھائی کتاب بھی اتار دیتے اور لوگ اسے اپنے ہاتھوں سے چھو کر بھی دیکھ لیتے تب بھی جنھوں نے حق کا انکار کیا ہے وہ یہی کہتے کہ یہ تو صریح جادو ہے۔

اس لئے ان کا کوئی مطالبہ پورا نہیں کیا جائے گا، اللہ نے قرآن نازل فرما کر حق و باطل کو ممیز کر دیا ہے اب جس کا جی چاہے سیدھے راستے کو اختیار کرے اور یہ اس سے کوئی نصیحت حاصل نہیں کریں گے جب تک کہ اللہ کی مشیت نہ ہو، کیونکہ اللہ کی مشیت ساری مشیتوں پر غالب ہے، جیسے فرمایا:

وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ۞ [2]

ترجمہ: اور تمہارے چاہنے سے کچھ نہیں ہوتا جب تک اللہ رب العالمین نہ چاہے۔

اور اللہ جس نے کائنات کو تخلیق فرمایا، انسان کی تخلیق فرمائی، اسے زمین پر خلیفہ بنایا، تمام کائنات کو اس کی خدمت کے لئے مسخر کر دیا، اسے آسمان وزمین سے ہر طرح کا رزق عطا فرمایا، اسے اولاد، حیثیت اور مرتبہ عنایت کیا، اس کا حق ہے کہ اس کے بندے اس سے خوف کھائیں، اس کے علاوہ کسی کو معبود نہ بنائیں اور اس کی اطاعت میں زندگی بسر کریں، اسی وحدہ لاشریک کی عبادت کریں، اسی کی حمد وثنا بیان کریں، اسی کو مشکل کشا اور حاجت روا جانیں، اپنی مشکلات اور پریشانیوں میں اسی کو پکاریں، اور اسی پر بھروسہ کریں، اور یہ اللہ ہی کو زیب دیتا ہے کہ اپنے بندوں کو چاہے انہوں نے کتنی ہی نافرمانیاں کی ہوں اگر وہ اپنے گناہوں سے توبہ کر لیں تو وہ ان کے قصوروں سے درگزر فرمائے اور بغیر سزا دیے معاف فرما دے۔

عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، قَالَ: كُنْتُ رِدْفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ بَيْنِي وَبَيْنَهُ إِلَّا مُؤْخِرَةُ الرَّحْلِ، فَقَالَ: يَا مُعَاذُ بْنَ جَبَلٍ، قُلْتُ: لَبَّيْكَ رَسُولَ اللهِ، وَسَعْدَيْكَ، ثُمَّ سَارَ سَاعَةً، ثُمَّ قَالَ: يَا مُعَاذُ بْنَ جَبَلٍ قُلْتُ: لَبَّيْكَ رَسُولَ اللهِ وَسَعْدَيْكَ، ثُمَّ سَارَ سَاعَةً، ثُمَّ قَالَ: يَا مُعَاذُ بْنَ جَبَلٍ قُلْتُ: لَبَّيْكَ رَسُولَ اللهِ وَسَعْدَيْكَ، قَالَ: هَلْ تَدْرِي مَا حَقُّ اللهِ عَلَى الْعِبَادِ؟ قَالَ: قُلْتُ: اللهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ، قَالَ: فَإِنَّ حَقَّ اللهِ عَلَى الْعِبَادِ أَنْ يَعْبُدُوهُ، وَلَا يُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا، ثُمَّ سَارَ سَاعَةً، ثُمَّ قَالَ: يَا مُعَاذُ بْنَ جَبَلٍ قُلْتُ: لَبَّيْكَ رَسُولَ اللهِ، وَسَعْدَيْكَ، قَالَ: هَلْ تَدْرِي مَا حَقُّ الْعِبَادِ عَلَى اللهِ إِذَا فَعَلُوا ذَلِكَ؟ قَالَ: قُلْتُ: اللهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ، قَالَ: أَنْ لَا يُعَذِّبَهُمْ

[1] الانعام ۷

[2] التکویر ۲۹

معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے مروی ہے میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے سوار تھا میرے اور آپ کے درمیان پالان کے ڈنڈے کے سوا کوئی چیز حائل نہ تھی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے معاذ! میں نے عرض کیا لَبَّیْکَ رَسُولَ اللّٰہِ وَسَعْدَیْکَ پھر تھوڑی دیر چلے اور فرمایا اے معاذ! میں نے کہا لَبَّیْکَ رَسُولَ اللّٰہِ وَسَعْدَیْکَ، پھر تھوڑی دیر چلے اور فرمایا اے معاذ! میں نے کہا لَبَّیْکَ رَسُولَ اللّٰہِ وَسَعْدَیْکَ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جانتے ہو کہ اللہ کا اپنے بندے پر کیا حق ہے، میں نے کہا اللہ اور اس کے رسول زیادہ جانتے ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ کا حق بندے پر یہ ہے کہ اس کی عبادت کرے اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرے، پھر تھوڑی دیر چلے اور فرمایا اے معاذ بن جبل! میں نے عرض کیا لَبَّیْکَ رَسُولَ اللّٰہِ وَسَعْدَیْکَ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم جانتے ہو کہ بندے کا حق اللہ پر کیا ہے جب وہ یہ کام کریں؟ میں نے کہا اللہ اور اس کے رسول زیادہ جانتے ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بندے کا حق اللہ پر یہ ہے کہ وہ ان کو عذاب نہ دے۔[1]

[1] صحیح بخاری کِتَابُ الجِهَادِ وَالسِّيَرِ بَابُ اسْمِ الفَرَسِ وَالحِمَارِ ۲۸۵۶،صحیح مسلم كِتَابُ الْإِيمَانَ بَابُ مَنْ لَقِيَ اللهَ بِالْإِيمَانِ وَهُو غَيْرُ شَاكٍّ فِيهِ دَخَلَ الْجَنَّةَ وَحُرِّمَ عَلَى النَّارِ ۱۴۳،مسنداحمد ۲۱۹۹۴

# ۲ بعثتِ نبوی

## مضامین سورۂ المرسلات

عَنْ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: بَيْنَمَا نَحْنُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَارٍ، إِذْ نَزَلَتْ عَلَيْهِ: وَالمُرْسَلاَتِ فَإِنَّهُ لَيَتْلُوهَا وَإِنِّي لَأَتَلَقَّاهَا مِنْ فِيهِ، وَإِنَّ فَاهُ لَرَطْبٌ بِهَا، إِذْ وَثَبَتْ عَلَيْنَا حَيَّةٌ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:اقْتُلُوهَافَابْتَدَرْنَاهَا فَذَهَبَتْ،فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وُقِيَتْ شَرَّكُمْ كَمَا وُقِيتُمْ شَرَّهَا

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں ایک بار ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک غار میں تھے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر سورت المرسلات نازل ہوئی آپ اس کو تلاوت کر رہے تھے اور میں اسے آپ سے سن کر سیکھ رہا تھا ابھی ختم بھی نہیں کیا تھا کہ ہم نے ایک سانپ کو دیکھا، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اسے مار ڈالو، ہم اس کی طرف دوڑے مگر وہ بھاگ گیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ تمہارے شر سے بچ گیا جس طرح تم اس کے شر سے بچ گئے۔[1]

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا، أَنَّهُ قَالَ: إِنَّ أُمَّ الفَضْلِ سَمِعَتْهُ وَهُوَ يَقْرَأُ:وَالمُرْسَلاَتِ عُرْفًافَقَالَتْ: يَا بُنَيَّ، وَاللَّهِ لَقَدْ ذَكَّرْتَنِي بِقِرَاءَتِكَ هَذِهِ السُّورَةَ، إِنَّهَا لَآخِرُ مَا سَمِعْتُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ بِهَا فِي المَغْرِبِ

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے میری والدہ ام فضل نے ایک مرتبہ نماز میں مجھے سورہ المرسلات پڑھتے سنا تو کہنے لگیں کی اے میرے بیٹے! تو نے یہ سورت پڑھ کر مجھے یاد دلایا کہ یہی آخری سورت ہے جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کو مغرب کی نماز میں پڑھتے تھے۔[2]

سورۂ القیامہ اور الدھر کی طرح اس سورۃ کا مضمون بھی قیامت اور حیات بعد الموت ہے، اللہ تعالیٰ نے اس عقیدے کو ذہن نشین کرنے کے لئے پانچ قسمیں کھا کر قیامت اور اس کے بعد کی زندگی کے ثبوت پر دلائل بیان فرمائے، فرمایا کہ جس چیز کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے وہ ایک وقت مقررہ پر ضرور قائم ہو گی، اور حساب کتاب اور جزا و سزا کا معاملہ ہو کر رہے گا، پچھلی تباہ شدہ اقوام کی طرح اہل مکہ بھی قیامت اور عذاب کو بعید از امکان سمجھ کر بار بار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مطالبہ کرتے تھے کہ قیامت یا عذاب لا کر دکھا دو تب ہم تمہاری بات کا یقین کر لیں گے، فرمایا کہ ہم نے کائنات کا یہ نظام کھیل تماشے کے طور پر نہیں بنایا گیا ہے کہ جب کوئی عذاب کا مطالبہ کرے اسی وقت اسے دکھا دیا جائے، یہ تو ایک حکیم ذات کا ترتیب دیا ہوا ایسا نظام ہے جس کے ہر معاملے کے لیے خالق نے ایک وقت مقرر کر رکھا ہے اور ہر چیز اپنے مقررہ وقت پر ظہور پذیر ہو گی، اللہ تعالیٰ نے فیصلے کے دن کا بھی ایک خاص وقت مقرر کر رکھا ہے اور وہ دن اپنے مقررہ وقت پر یقیناً آئے گا اور اس دن اللہ تعالیٰ مخلوق کے درمیان عدل و انصاف پر مبنی فیصلہ فرمائے گا، آج یہ لوگ تمسخر کے طور پر اس ہولناک دن کا مطالبہ کرتے

---

[1] صحیح بخاری تفسیر سورۂ المرسلات بَابُ قَوْلِهِ هَذَا يَوْمُ لاَ يَنْطِقُونَ ۴۹۳۴، صحیح مسلم کتاب السلام بَابُ قَتْلِ الْحَيَّاتِ وَغَيْرِهَا ۵۸۳۵

[2] صحیح بخاری کتاب الاذان بَابُ القِرَاءَةِ فِي المَغْرِبِ ۷۶۳، صحیح مسلم کتاب الصلوۃ بَابُ الْقِرَاءَةِفِي الْمَغْرِبِ ۱۰۳۳

ہیں مگر جب وہ دن آئے گا اس دن آسمان دنیا پر چمکتے ہوئے ان بے شمار ستاروں کو بے نور کر دیا جائے گا، آسمان توڑ پھوڑ دیا جائے گا، زمین میں میخوں کی طرح ٹھوکے ہوئے بڑے بڑے پہاڑ زمین سے نکال کر ہوا میں اڑا دیے جائیں گے، یہ ہولناک منظر دیکھ کر انسان حواس باختہ ہو جائیں گے، اللہ تعالیٰ نے اپنا قانون بیان فرمایا کہ پچھلی اقوام کو ہم نے ان کے عقائد و افکار، اخلاق و اعمال بد کے سبب تباہ و برباد کر دیا اور اگر بعد کے لوگ بھی انہی کی پیروی کریں گے تو ہم انہیں بھی اسی عذاب سے دوچار کر دیں گے، اللہ کا یہ قانون ہمیشہ سے جاری و ساری ہے، پھر اللہ تعالیٰ نے اپنی قدرت کاملہ کا بیان فرمایا کہ کیا ہم نے تم کو ایک بدبودار حقیر پانی کے ایک قطرے سے پیدا نہیں کیا، پھر ٹپکے ہوئے اس قطرے کو ماں کے پیٹ میں مختلف مراحل سے گزار کر بے شمار صلاحیتوں کا حامل خوبصورت انسان نہیں بنا دیا، وہ اللہ جو تمہیں اس طرح عدم سے وجود میں لا سکتا ہے، وہ قادر مطلق اور حکیم ذات جو کائنات کے اس سارے نظام کو پیدا کر کے انسان کی فلاح کے لیے مسخر کر سکتی ہے اور یہ عظیم الشان اور بے داغ نظام اس کی مشیت کے مطابق چل رہا ہے تو وہ ان اشیاء اور خصوصاً انسان کو اعمال کی جزا کے لیے دوبارہ بھی زندہ کرنے کی یقیناً قدرت رکھتا ہے، پھر دوزخیوں کے عذاب کا ہولناک بیان فرمایا جنہیں بھڑکتی ہوئی آگ کی طرف لے جایا جائے گا جبکہ متقین کو ٹھنڈے سائے اور بہتے چشموں کے پاس جگہ دی جائے گی، آخری آیات میں مجرموں کو دوبارہ تنبیہ کی گئی کہ اللہ اور اس کے رسول کے یہ منکرین کچھ دن اور ہماری نعمتوں سے استفادہ حاصل کر لیں، بالآخر ان کے لیے ہلاکت اور تباہی کے سوا کچھ نہیں، آخر میں فرمایا جو شخص اللہ کے اس بے نظیر کلام سے ہدایت حاصل کر کے اپنی عاقبت نہ سنوار سکے تو پھر دنیا کی کوئی چیز اسے ہدایت کی جانب رہنمائی نہیں کر سکتی۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَ الۡمُرۡسَلٰتِ عُرۡفًا ۙ﴿۱﴾ فَالۡعٰصِفٰتِ عَصۡفًا ۙ﴿۲﴾ وَّ النّٰشِرٰتِ نَشۡرًا ۙ﴿۳﴾

دل خوش کن چلتی ہوئی ہواؤں کی قسم، پھر زور سے جھونکا دینے والیوں کی قسم، پھر (ابر کو) ابھار کر پراگندہ کرنے والیوں کی قسم،

فَالۡفٰرِقٰتِ فَرۡقًا ۙ﴿۴﴾ فَالۡمُلۡقِیٰتِ ذِکۡرًا ۙ﴿۵﴾ عُذۡرًا اَوۡ نُذۡرًا ۙ﴿۶﴾

پھر حق اور باطل کو جدا جدا کر دینے والے اور وحی لانے والے فرشتوں کی قسم، جو (وحی) الزام اتارنے

اِنَّمَا تُوۡعَدُوۡنَ لَوَاقِعٌ ؕ﴿۷﴾ (المرسلات ۱تا۷)

جس چیز کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے یقیناً ہونے والی ہے۔

المرسلات کے معنی کے بارے میں اختلاف ہے، بعض کے مطابق مذکورہ بالا قسمیں ان اوصاف والے فرشتوں کی کھائی ہیں،

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، فِي قَوْلِهِ: وَالۡمُرۡسَلٰتِ عُرۡفًا، قَالَ: الْمَلَائِكَةُ

عبداللہ رضی اللہ عنہ سے آیت کریمہ ''قسم ہے ان (ہواؤں) کی جو پے در پے بھیجی جاتی ہیں'' کے بارے میں روایت ہے اس سے مراد فرشتے ہیں۔ [1]

[1] تفسیر طبری ۱۲۴؍۲۴

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ وَالْمُرْسَلَاتِ عُرْفًا، قَالَ: الْمَلَائِكَةُ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے "قسم ہے ان (ہواؤں) کی جو پے درپے بھیجی جاتی ہیں" کے بارے میں کہتے ہیں اس سے مراد فرشتے ہیں۔ (۱)

عَنْ أَبِي الْعُبَيْدَيْنِ أَنَّهُ سَأَلَ ابْنَ مَسْعُودٍ وَالْمُرْسَلَاتِ عُرْفًا، قَالَ: الرِّيحُ

ابوالعبدین سے روایت ہے کہ میں نے ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے "قسم ہے ان (ہواؤں) کی جو پے درپے بھیجی جاتی ہیں" کے بارے میں پوچھا آپ نے فرمایا اس سے مراد ہوا ہے۔ (۲)

بعض کے مطابق پہلی چار قسمیں تو ہواؤں کی ہیں اور پانچویں قسم فرشتوں کی ہے، مگر بظاہر مرسلات سے ہوائیں ہیں، جیسے فرمایا

وَاَرْسَلْنَا الرِّيٰحَ لَوَاقِحَ... ﴿۲۲﴾ (۳)

ترجمہ: بار آور ہواؤں کو ہم ہی بھیجتے ہیں۔

وَهُوَ الَّذِيْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًاۢ بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ... ﴿۵۷﴾ (۴)

ترجمہ: اور وہ اللہ ہی ہے جو ہواؤں کو اپنی رحمت کے آگے آگے خوشخبری لئے ہوئے بھیجتا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے ہوا جس سے حیوانی اور نباتی زندگی ممکن ہوئی کی پانچ صفات کا ذکر فرمایا کہ وہ ہوائیں جو بھلائی کے طور پر بھیجی جاتی ہیں یعنی باران رحمت کی خوشخبری دینی والی ہوائیں، وہ ہوائیں جو بہت تیزی اور شدت کے ساتھ چلتی ہیں جس میں اللہ کا عذاب پوشیدہ ہوتا ہے، وہ ہوائیں جو بادلوں کو بارش برسانے کے لئے مختلف قطعات تک پھیلاتی ہیں، اور وہ ہوائیں جو ان بادلوں کو پھاڑ کر جدا کرتی ہیں، اور وہ ہوائیں جن کے رکنے اور قحط کا خطرہ پیدا ہونے سے دل گداز ہوتے ہیں اور لوگ اللہ سے توبہ واستغفار کرنے لگتے ہیں، اللہ تعالیٰ نے ہوا کی ان پانچ چیزوں صفات کی قسم کھا کر فرمایا جو قادر مطلق اور حکیم ذات اس سارے حیرت انگیز نظام کو پیدا کر کے انسان کی فلاح کے لئے مسخر کر سکتی ہے، اور یہ سارا نظام اس کی مشیت کے مطابق چل رہا ہے تو اس کی قدرت ان اشیاء اور خصوصاً انسان کی دوبارہ پیدائش پر کیوں قادر نہیں ہو سکتی؟ اس بات پر غور وفکر کرو اور یاد رکھو مرنے کے بعد زندگی اور اعمال کی جزا وسزا کا وعدہ وہ ضرور واقع ہونے والا ہے۔

فَاِذَا النُّجُوْمُ طُمِسَتْ ﴿۸﴾ وَاِذَا السَّمَآءُ فُرِجَتْ ﴿۹﴾ وَاِذَا الْجِبَالُ

پس جب ستارے بے نور کر دیئے جائیں گے اور جب آسمان توڑ پھوڑ دیا جائے گا اور جب پہاڑ

نُسِفَتْ ﴿۱۰﴾ وَاِذَا الرُّسُلُ اُقِّتَتْ ﴿۱۱﴾

ٹکڑے ٹکڑے کر کے اڑا دیئے جائیں گے اور جب رسولوں کو وقت مقررہ پر لایا جائے گا،

(۱) تفسیرابن ابی حاتم ۳۳۹۲/۱۰

(۲) تفسیر طبری ۱۲۲/۲۴، تفسیر ابن ابی حاتم ۳۳۹۲/۱۰

(۳) الحجر ۲۲

(۴) الاعراف ۵۷

لِاَیِّ یَوۡمٍ اُجِّلَتۡ ﴿۱۲﴾ لِیَوۡمِ الۡفَصۡلِ ﴿۱۳﴾ وَ مَاۤ اَدۡرٰىكَ مَا یَوۡمُ الۡفَصۡلِ ﴿۱۴﴾

کس دن کے لیے (ان سب کو) موخر کیا گیا ہے؟ فیصلے کے دن کے لئے، تجھے کیا معلوم کہ فیصلے کا دن کیا ہے ؟

وَیۡلٌ یَّوۡمَئِذٍ لِّلۡمُكَذِّبِیۡنَ ﴿۱۵﴾ (المرسلات ۸ تا ۱۵)

اس دن جھٹلانے والوں کی خرابی ہے۔

جب اللہ کے حکم سے صور پھونکا جائے گا جس کی آواز سے نظام شمسی درہم برہم ہو جائے گا، تمام ستاروں اور سیاروں کی کشش ثقل ختم ہو جائے گی، جس کے نتیجے میں یہ ان گنت روشن ستارے اور سیارے اپنے اپنے مدار سے باہر نکل کر آپس میں ٹکرا کر مٹ جائیں گے، جیسے فرمایا

وَاِذَا النُّجُوۡمُ انۡكَدَرَتۡ ﴿۲﴾ [1]

ترجمہ: اور جب تارے بکھر جائیں گے۔

وَاِذَا الۡكَوَاكِبُ انۡتَثَرَتۡ ﴿۲﴾ [2]

ترجمہ: اور جب ستارے جھڑ جائیں گے۔

آسمان پھاڑ دیا جائے گا۔

اِذَا السَّمَآءُ انۡفَطَرَتۡ ﴿۱﴾ [3]

ترجمہ: جب آسمان پھٹ جائے گا۔

فَاِذَا انۡشَقَّتِ السَّمَآءُ... ﴿۳۷﴾ [4]

ترجمہ: پھر (کیا بنے گا اس وقت) جب آسمان پھٹے گا۔

اور پہاڑ اچانک زمین سے نکل کر ہوا میں اڑنے لگیں گے اور آپس میں ٹکرا کر دھنکی ہوئی روئی کی طرح ہو جائیں گے، اور زمین ایک چٹیل میدان کی طرح ہو جائے گی جس میں کوئی نشیب و فراز نہیں ہو گا جیسے فرمایا

وَیَسۡـَٔلُوۡنَكَ عَنِ الۡجِبَالِ فَقُلۡ یَنۡسِفُهَا رَبِّیۡ نَسۡفًا ﴿۱۰۵﴾ فَیَذَرُهَا قَاعًا صَفۡصَفًا ﴿۱۰۶﴾ لَّا تَرٰى فِیۡهَا عِوَجًا وَّلَاۤ اَمۡتًا ﴿۱۰۷﴾ [5]

ترجمہ: یہ لوگ تم سے پوچھتے ہیں کہ آخر اس دن پہاڑ کہاں چلے جائیں گے؟ کہو کہ میرا رب ان کو دھول بنا کر اڑا دے گا اور زمین کو ایسا ہموار چٹیل میدان بنا دے گا کہ اس میں تم کوئی بل اور سلوٹ نہ دیکھو گے۔

وَیَوۡمَ نُسَیِّرُ الۡجِبَالَ وَتَرَى الۡاَرۡضَ بَارِزَةً ۙ وَّحَشَرۡنٰهُمۡ فَلَمۡ نُغَادِرۡ مِنۡهُمۡ اَحَدًا ﴿۴۷﴾

---

[1] التکویر ۲

[2] الانفطار ۲

[3] الانفطار ۱

[4] الرحمٰن ۳۷

[5] طٰہٰ ۱۰۵ تا ۱۰۷

ترجمہ: فکر اس دن کی ہونی چاہیے جب کہ ہم پہاڑوں کو چلائیں گے اور تم زمین کو صاف میدان پاؤ گے اور ہم تمام انسانوں کو اس طرح گھیر کر جمع کریں گے کہ (اگلوں پچھلوں میں سے) ایک بھی نہ چھوٹے گا۔

یہ وہ دن ہوگا جس دن مقررہ وقت پر رسولوں کو اللہ کی بارگاہ میں حاضری کے لئے لایا جائے گا تا کہ ان کے بیانات سن کر ان کی قوموں کے بارے میں فیصلہ کیا جائے، جیسے فرمایا:

وَاَشۡرَقَتِ الۡاَرۡضُ بِنُوۡرِ رَبِّهَا وَوُضِعَ الۡكِتٰبُ وَجِآىۡءَ بِالنَّبِيّٖنَ وَالشُّهَدَآءِ وَقُضِىَ بَيۡنَهُمۡ بِالۡحَـقِّ وَهُمۡ لَا يُظۡلَمُوۡنَ ﴿۶۹﴾ [1]

ترجمہ: زمین اپنے رب کے نور سے چمک اٹھے گی، کتاب اعمال لا کر رکھ دی جائے گی، انبیاء اور تمام گواہ حاضر کر دیے جائیں گے، لوگوں کے درمیان ٹھیک ٹھیک حق کے ساتھ فیصلہ کر دیا جائے گا اور ان پر کوئی ظلم نہ ہوگا۔

يَوۡمَ يَجۡمَعُ اللّٰهُ الرُّسُلَ فَيَـقُوۡلُ مَاذَاۤ اُجِبۡتُمۡ ... ﴿۱۰۹﴾ [2]

ترجمہ: جس روز اللہ سب رسولوں کو جمع کر کے پوچھے گا کہ تمہیں کیا جواب دیا گیا۔

اس روز وہ چیز واقع ہو جائے گی، استفہام تعظیم اور تعجب کے طور پر فرمایا ان سب کاموں کو کس عظیم دن کے لئے موخر کیا گیا ہے؟ اس دن کے لئے جس دن لوگوں کے اعمال کے مطابق صحیح صحیح فیصلے کر دیے جائیں گے، پھر کوئی خوش نصیب جنت کی نعمتوں سے سرفراز ہوگا اور کوئی بدبخت جہنم کے عذاب میں گرفتار ہو جائے گا، اور آپ کو کیا معلوم وہ فیصلے کا دن کیا ہے؟ یہ وہ دن ہوگا جب زمین و آسمان بدل دیئے جائیں گے، جیسے فرمایا

يَوۡمَ تُبَدَّلُ الۡاَرۡضُ غَيۡرَ الۡاَرۡضِ وَالسَّمٰوٰتُ وَبَرَزُوۡا لِلّٰهِ الۡوَاحِدِ الۡقَهَّارِ ﴿۴۸﴾ [3]

ترجمہ: ڈراؤ انہیں اس دن سے جب کہ زمین اور آسمان بدل کر کچھ سے کچھ کر دیے جائیں گے اور سب کے سب اللہ واحد قہار کے سامنے بے نقاب حاضر ہو جائیں گے۔

اس دن جھٹلانے والوں کے لئے حسرت و ہلاکت کے سوا کچھ نہیں ہے۔

اَلَمۡ نُهۡلِكِ الۡاَوَّلِيۡنَ ﴿۱۶﴾ ثُمَّ نُتۡبِعُهُمُ الۡاٰخِرِيۡنَ ﴿۱۷﴾ كَذٰلِكَ نَفۡعَلُ

کیا ہم نے اگلوں کو ہلاک نہیں کیا؟ پھر ہم ان کے بعد پچھلوں کو لائے، ہم گنہگاروں کے ساتھ

بِالۡمُجۡرِمِيۡنَ ﴿۱۸﴾ وَيۡلٌ يَّوۡمَئِذٍ لِّلۡمُكَذِّبِيۡنَ ﴿۱۹﴾ (المرسلات ۱۶ تا ۱۹)

اسی طرح کرتے ہیں، اس دن جھٹلانے والوں کے لیے ویل (افسوس) ہے۔

اللہ تعالیٰ نے آخرت کے حق میں تاریخی استدلال پیش کیا کہ کیا تم لوگ اپنے ارد گرد پھیلے تباہ شدہ قوموں کے آثار نہیں دیکھتے جنہوں نے

[1] الزمر ۶۹

[2] المائدۃ ۱۰۹

[3] ابراہیم ۴۸

تمہاری طرح حقائق سے آنکھیں بند کر کے انبیاء کی تعلیمات، قیامت اور حیات بعد از موت کا انکار کیا، جس کے نتیجے میں اللہ نے ان باغیوں اور ناشکروں کو زمین سے حرف غلط کی طرح مٹا دیا جیسے فرمایا:

وَلَقَدْ اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَمَّا ظَلَمُوْا ۙ وَجَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ وَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا ﴿۱۳﴾ (۱)

ترجمہ: لوگو! تم سے پہلے کی قوموں کو ہم نے ہلاک کر دیا جب انہوں نے ظلم کی روش اختیار کی اور ان کے رسول ان کے پاس کھلی کھلی نشانیاں لے کر آئے اور انہوں نے ایمان لا کر ہی نہ دیا۔

قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۶۹﴾ (۲)

ترجمہ: کہو ذرا زمین میں چل پھر کر دیکھو کہ مجرموں کا کیا انجام ہو چکا ہے۔

اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ... ﴿۹﴾ (۳)

ترجمہ: اور کیا یہ لوگ کبھی زمین میں چلے پھرے نہیں ہیں کہ انہیں ان لوگوں کا انجام نظر آتا جو ان سے پہلے گزر چکے ہیں؟۔

اللہ کا یہ مستقل قانون ہے جس سے کوئی مستثنٰی نہیں کہ جس طرح اس نے پچھلی قوموں کو رسولوں، قیامت اور عقیدہ حیات بعد از موت کی تکذیب کے سبب نیست و نابود کر دیا اسی طرح بعد والی منکر قوموں کے لئے بھی تباہ کن ثابت ہو گا، جیسے فرمایا

سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ۚ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ﴿۶۲﴾ (۴)

ترجمہ: یہ اللہ کی سنت ہے جو ایسے لوگوں کے معاملے میں پہلے سے چلی آرہی ہے، اور تم اللہ کی سنت میں کوئی تبدیلی نہ پاؤ گے۔

سُنَّةَ اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلُ ۖ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ﴿۲۳﴾ (۵)

ترجمہ: یہ اللہ کی سنت ہے جو پہلے سے چلی آرہی ہے اور تم اللہ کی سنت میں کوئی تبدیلی نہ پاؤ گے۔

فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا سُنَّتَ الْاَوَّلِيْنَ ۚ فَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ۚ وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَحْوِيْلًا ﴿۴۳﴾ (۶)

ترجمہ: اب کیا یہ لوگ اس کا انتظار کر رہے ہیں کہ پچھلی قوموں کے ساتھ اللہ کا جو طریقہ رہا ہے وہی ان کے ساتھ بھی برتا جائے؟ یہی بات ہے تو تم اللہ کے طریقے میں ہرگز کوئی تبدیلی نہ پاؤ گے اور تم کبھی نہ دیکھو گے کہ اللہ کی سنت کو اس کے مقرر راستے سے کوئی طاقت پھیر سکتی ہے۔

مگر دنیا میں اللہ اور اس کے رسول کے فرمان کو جھٹلانے والوں کے لئے سخت عذاب ہے، مگر یہ اصل سزا نہیں بلکہ ان کے جرائم کا فیصلہ اور سزا تو اللہ روز محشر میں ساری خلقت کے سامنے سنائے گا۔

---

(۱) یونس ۱۳

(۲) النمل ۶۹

(۳) الروم ۹

(۴) الاحزاب ۶۲

(۵) الفتح ۲۳

(۶) فاطر ۴۳

اَلَمۡ نَخۡلُقۡکُّمۡ مِّنۡ مَّآءٍ مَّهِیۡنٍ ﴿۲۰﴾ فَجَعَلۡنٰهُ فِیۡ قَرَارٍ مَّکِیۡنٍ ﴿۲۱﴾

کیا ہم نے تمھیں حقیر پانی سے (منی سے) پیدا نہیں کیا پھر ہم نے اسے مضبوط و محفوظ جگہ میں رکھا

اِلٰی قَدَرٍ مَّعۡلُوۡمٍ ﴿۲۲﴾ فَقَدَرۡنَا ۖ فَنِعۡمَ الۡقٰدِرُوۡنَ ﴿۲۳﴾ وَیۡلٌ یَّوۡمَئِذٍ

ایک مقررہ وقت تک، پھر ہم نے اندازہ کیا اور ہم کیا خوب اندازہ کرنے والے ہیں، اس دن جھٹلانے والوں

لِّلۡمُکَذِّبِیۡنَ ﴿۲۴﴾ اَلَمۡ نَجۡعَلِ الۡاَرۡضَ کِفَاتًا ﴿۲۵﴾ اَحۡیَآءً وَّ اَمۡوَاتًا ﴿۲۶﴾

کے لیے خرابی ہے، کیا ہم نے زمین کو سمیٹنے والی نہیں بنایا ؟ زندوں کو بھی اور مردوں کو بھی،

وَّ جَعَلۡنَا فِیۡهَا رَوَاسِیَ شٰمِخٰتٍ وَّ اَسۡقَیۡنٰکُمۡ مَّآءً فُرَاتًا ﴿۲۷﴾

اور ہم نے اس میں بلند اور بھاری پہاڑ بنا دیئے اور تمھیں سیراب کرنے والا میٹھا پانی پلایا،

وَیۡلٌ یَّوۡمَئِذٍ لِّلۡمُکَذِّبِیۡنَ ﴿۲۸﴾ (المرسلات ۲۰تا۲۸)

اس دن جھوٹ جاننے والوں کے لیے وائے اور افسوس ہے۔

اللہ نے مخلوق کو اپنا احسان یاد دلانے اور منکرین قیامت کے سامنے دلیل کے طور پر بیان فرمایا کہ کیا اللہ نے اپنی قدرت کاملہ سے انسان کو پشت اور سینے کے درمیان سے خارج ہونے والے بدبودار پانی کے ایک حقیر قطرے سے پیدا نہیں کیا؟ جیسے فرمایا:

فَلۡیَنۡظُرِ الۡاِنۡسَانُ مِمَّ خُلِقَ ﴿۵﴾ خُلِقَ مِنۡ مَّآءٍ دَافِقٍ ﴿۶﴾ یَّخۡرُجُ مِنۡ بَیۡنِ الصُّلۡبِ وَ التَّرَآئِبِ ﴿۷﴾ [۱]

ترجمہ: پھر ذرا انسان یہی دیکھ لے کہ وہ کس چیز سے پیدا کیا گیا ہے، ایک اچھلنے والے پانی سے پیدا کیا گیا ہے، جو پیٹھ اور سینے کی ہڈیوں کے درمیان سے نکلتا ہے۔

پھر اس نطفہ کو ایک مقررہ وقت تک رحم مادر میں مضبوطی سے ٹھہرائے رکھا، جیسے فرمایا:

ثُمَّ جَعَلۡنٰهُ نُطۡفَةً فِیۡ قَرَارٍ مَّکِیۡنٍ ﴿۱۳﴾ [۲]

ترجمہ: پھر اسے ایک محفوظ جگہ ٹپکی ہوئی بوند میں تبدیل کیا۔

پھر اسی نے رحم مادر میں نطفہ کی نشو ونما کے لئے غذا، اس کی حیات اور روح کے لئے ضروری وسائل کا بندوبست کیا، اسی کی قدرت سے یہ نطفہ تین تاریکیوں میں نشو ونما پاتا رہا، جیسے فرمایا:

...یَخۡلُقُکُمۡ فِیۡ بُطُوۡنِ اُمَّهٰتِکُمۡ خَلۡقًا مِّنۡۢ بَعۡدِ خَلۡقٍ فِیۡ ظُلُمٰتٍ ثَلٰثٍ... ﴿۶﴾ [۳]

---

[۱] الطارق ۵تا۷

[۲] المومنون ۱۳

[۳] الزمر ۶

ترجمہ: وہ تمہاری ماؤں کے پیٹوں میں تین تین تاریک پردوں کے اندر تمہیں ایک کے بعد ایک شکل دیتا چلا جاتا ہے۔

پہلے یہ نطفہ خون کے لوتھڑے اور پھر بوٹی میں تبدیل ہوا، پھر اللہ نے جیسے چاہا اس کی شکل وصورت اور جسمانی ساخت بنائی، پھر اس میں روح پھونکی، اس کی تقدیر لکھی اور پھر وہی بچے کو ماں کے پیٹ سے باہر نکال لاتا ہے، جیسے فرمایا:

يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّاسُ إِن كُنتُمْ فِى رَيْبٍ مِّنَ ٱلْبَعْثِ فَإِنَّا خَلَقْنَٰكُم مِّن تُرَابٍ ثُمَّ مِن نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ مِن مُّضْغَةٍ مُّخَلَّقَةٍ وَغَيْرِ مُخَلَّقَةٍ لِّنُبَيِّنَ لَكُمْ ۚ وَنُقِرُّ فِى ٱلْأَرْحَامِ مَا نَشَآءُ إِلَىٰٓ أَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ نُخْرِجُكُمْ طِفْلًا .. ﴿۵﴾ (۱)

ترجمہ: لوگو! اگر تمہیں زندگی بعد موت کے بارے میں کچھ شک ہے تو تمہیں معلوم ہو کہ ہم نے تم کو مٹی سے پیدا کیا ہے، پھر نطفے سے، پھر خون کے لوتھڑے سے، پھر گوشت کی بوٹی سے جو شکل والی بھی ہوتی ہے اور بے شکل بھی (یہ ہم اس لیے بتا رہے ہیں) تاکہ تم پر حقیقت واضح کریں، ہم جس (نطفے) کو چاہتے ہیں ایک وقت خاص تک رحموں میں ٹھہرائے رکھتے ہیں پھر تم کو ایک بچے کی صورت میں نکال لاتے ہیں۔

یہ سب اللہ رب العزت کی قدرت وتدبیر ہے، تو غور وفکر کرو جو قادر مطلق تمہاری تخلیق کا یہ عظیم الشان کارنامہ سرانجام دے سکتا ہے تو کیا وہ تمہیں دوبارہ زندہ کر دینے کی قدرت نہیں رکھتا، آج یہ لوگ اللہ کی واضح آیات، عبرت ناک چیزیں اور کھلی نشانیاں دیکھنے کے بعد عقیدہ حیات بعد از موت کو جھٹلا رہے ہیں، اس حقیقت کا مذاق اڑا رہے ہیں مگر روز محشر جب یہ اللہ کی بارگاہ میں مجرموں کی طرح پیش کیے جائیں گے اور یہ ندامت وخجالت سے سر جھکائے کھڑے ہوں گے، وہ ان کے لئے تباہی وحسرت کا دن ثابت ہوگا، اللہ تعالیٰ نے آخرت کے ممکن اور معقول ہونے کی ایک اور دلیل پیش کی کہ کیا اللہ نے انسان پر یہ احسان نہیں کیا کہ زمین کو اس کے لیے مسخر کر دیا جس پر وہ بستا ہے، جیسے فرمایا:

أَلَمْ تَرَوْا أَنَّ ٱللَّهَ سَخَّرَ لَكُم مَّا فِى ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَمَا فِى ٱلْأَرْضِ وَأَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهُۥ ظَٰهِرَةً وَبَاطِنَةً ... ﴿۲۰﴾ (۲)

ترجمہ: کیا تم لوگ نہیں دیکھتے کہ اللہ نے زمین اور آسمانوں کی ساری چیزیں تمہارے لیے مسخر کر رکھی ہیں اور اپنی کھلی اور چھپی نعمتیں تم پر تمام کر دی ہیں؟۔

جو کروڑوں، اربوں سالوں سے حیوانات اور انسانوں کی غذا کے لئے مختلف اجناس، انواع اقسام کے پھل اور چارے پیدا کرتی ہے، پھر جب اللہ کی مخلوقات مرتی ہیں تو ان کے لاشے اسی زمین میں ٹھکانے لگ جاتے ہیں، جیسے فرمایا

قَالَ فِيهَا تَحْيَوْنَ وَفِيهَا تَمُوتُونَ وَمِنْهَا تُخْرَجُونَ ﴿۲۵﴾ (۳)

ترجمہ: اور فرمایا وہیں تم کو جینا اور وہیں مرنا ہے اور اسی میں سے تم کو آخر کار نکالا جائے گا۔

عَن مُجَاهِد كفاتاً ،قَالَ: تكفت الْمَيّت وَلَا يرى مِنْهُ شَيْء

مجاہد رحمہ اللہ کفاتاً کے بارے میں فرماتے ہیں زمین میت کو اس طرح چھپا لیتی ہے کہ کچھ بھی نظر نہیں آتا۔ (۴)

---

(۱) الحج ۵

(۲) لقمان ۲۰

(۳) الاعراف ۲۵

(۴) الدر المنثور ۸٫۳۸۴، تفسیر ابن کثیر ۸٫۲۹۹

اس کے علاوہ اللہ نے زمین کو سپاٹ گیند کی طرح نہیں بنایا بلکہ اس میں جگہ جگہ پہاڑی سلسلے اور فلک بوس پہاڑ قائم کیے تا کہ زمین ڈھلک نہ پڑے، جیسے فرمایا:

وَاَلْقٰى فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ وَاَنْهٰرًا وَّسُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۵﴾ (۱)

ترجمہ: اس نے زمین میں پہاڑوں کی میخیں گاڑ دیں تا کہ زمین تم کو لے کر ڈھلک نہ جائے، اس نے دریا جاری کیے اور قدرتی راستے بنائے تا کہ تم ہدایت پاؤ۔

اس کے علاوہ ان پہاڑوں کا بارشوں کے برسنے، دریاؤں کی پیدائش، زرخیز وادیوں کے وجود میں آنے، مضبوط اور تناور درختوں کے اگنے، قسم قسم کی معدنیات اور طرح طرح کے پتھروں کی فراہمی میں بہت بڑا دخل ہے، جن سے انسان استفادہ کرتا ہے، پھر اسی زمین کے نیچے پینے اور زراعت کے قابل شیریں اور خوش ذائقہ پانی پیدا کیا، اگر میٹھا پانی نہ ہوتا تو زراعت ممکن ہی نہ ہوتی، جیسے فرمایا:

اَفَرَءَيْتُمُ الْمَآءَ الَّذِيْ تَشْرَبُوْنَ ﴿۶۸﴾ ءَاَنْتُمْ اَنْزَلْتُمُوْهُ مِنَ الْمُزْنِ اَمْ نَحْنُ الْمُنْزِلُوْنَ ﴿۶۹﴾ لَوْ نَشَآءُ جَعَلْنٰهُ اُجَاجًا فَلَوْلَا تَشْكُرُوْنَ ﴿۷۰﴾ (۲)

ترجمہ: کبھی تم نے آنکھیں کھول کر دیکھا ہے یہ پانی جو تم پیتے ہو اسے تم نے بادل سے برسایا ہے یا اس کے برسانے والے ہم ہیں؟ ہم چاہیں تو اسے سخت کھاری بنا کر رکھ دیں پھر کیوں تم شکر گزار نہیں ہوتے۔

وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الْاَرْضُ الْمَيْتَةُ ۚ اَحْيَيْنٰهَا وَاَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ يَاْكُلُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَجَعَلْنَا فِيْهَا جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ وَّفَجَّرْنَا فِيْهَا مِنَ الْعُيُوْنِ ﴿۳۴﴾ (۳)

ترجمہ: ان لوگوں کے لئے بے جان زمین ایک نشانی ہے، ہم نے اس کو زندگی بخشی اور اس سے غلہ نکالا جسے یہ کھاتے ہیں، ہم نے اس میں کھجوروں اور انگوروں کے باغ پیدا کیے اور اس کے اندر سے چشمے پھوڑ نکالے۔

تو کیا تمہارے خیال میں یہ عظیم الشان کائنات خود بخود وجود میں آ گئی ہے؟ اور کیا کائنات کا یہ بے داغ نظام خود بخود چل رہا ہے؟ جیسے فرمایا

مَا تَرٰى فِيْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ تَفٰوُتٍ ۖ فَارْجِعِ الْبَصَرَ ۙ هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ﴿۳﴾ (۴)

ترجمہ: تم رحمان کی تخلیق میں کسی قسم کی بے ربطی نہ پاؤ گے، پھر پلٹ کر دیکھو کہیں تمہیں کوئی خلل نظر آتا ہے؟ بار بار نگاہ دوڑاؤ تمہاری نگاہ تھک کر نامراد پلٹ آئے گی۔

کیا یہ اس بات کی دلیل نہیں کہ اس عظیم الشان نظام کو ایک قادر مطلق نے تخلیق کیا ہے اور وہی اپنی حکمت و مشیت سے اس کو چلا رہا ہے اور وہی ایک وقت مقرر پر اس دنیا کی بساط لپیٹ دے گا، پھر جب چاہے گا ایک دوسری دنیا نئی طرز اور نئے قوانین کے تحت تخلیق فرمائے گا، پھر اول

---

(۱) النحل ۱۵

(۲) الواقعة ۶۸ تا ۷۰

(۳) یٰسین ۳۳، ۳۴

(۴) الملک ۳

تا آخر تمام انسانوں کو دوبارہ زندہ کر کے ان کے اعمال کی باز پرس کرے گا، جو اس کے تابعدار ہوں گے انہیں انعام واکرام سے نوازے گا اور نافرمانوں کو جہنم میں دھکیل دے گا جہاں وہ عذاب میں مبتلا رہیں گے۔

اِنْطَلِقُوْٓا اِلٰى مَا كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿۲۹﴾ اِنْطَلِقُوْٓا اِلٰى ظِلٍّ ذِيْ ثَلٰثِ شُعَبٍ ﴿۳۰﴾

اس دوزخ کی طرف جاؤ جسے تم جھٹلاتے رہے تھے، چلو تین شاخوں والے سائے کی طرف

لَّا ظَلِيْلٍ وَّ لَا يُغْنِيْ مِنَ اللَّهَبِ ﴿۳۱﴾ اِنَّهَا تَرْمِيْ بِشَرَرٍ كَالْقَصْرِ ﴿۳۲﴾

جو دراصل نہ سایہ دینے والا ہے اور نہ شعلے سے بچا سکتا ہے، یقیناً دوزخ چنگاریاں پھینکتی ہے جو مثل محل کے ہیں

كَاَنَّهٗ جِمٰلَتٌ صُفْرٌ ﴿۳۳﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۳۴﴾ هٰذَا يَوْمُ

گویا کہ وہ زرد اونٹ ہیں، آج ان جھٹلانے والوں کی درگت ہے، آج (کا دن) وہ دن ہے

لَا يَنْطِقُوْنَ ﴿۳۵﴾ وَ لَا يُؤْذَنُ لَهُمْ فَيَعْتَذِرُوْنَ ﴿۳۶﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ

کہ یہ بول بھی نہ سکیں گے نہ انہیں معذرت کی اجازت دی جائے گی، اس دن جھٹلانے والوں کی

لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۳۷﴾ هٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ جَمَعْنٰكُمْ وَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۳۸﴾ فَاِنْ كَانَ لَكُمْ

خرابی ہے، یہ ہے فیصلہ کا دن ہم نے تمہیں اور اگلوں کو سب کو جمع کرلیا ہے پس اگر تم مجھ سے کوئی

كَيْدٌ فَكِيْدُوْنِ ﴿۳۹﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۴۰﴾ (المرسلات ۲۹ تا ۴۰)

چال چل سکتے ہو تو چل لو، وائے ہے اس دن جھٹلانے والوں کے لئے۔

فرشتے جہنمیوں سے کہیں گے اب اس دوزخ کی طرف چلو جسے تم جھٹلاتے تھے، جہنم کا جو دھواں آئے گا وہ بلند ہو کر تین جہتوں میں پھیل جائے گا فرشتے کہیں گے چلو اس تین شاخوں والے دھوئیں کے سائے کی طرف، لیکن جہنم کا یہ گرم سایہ راحت وعافیت نہ دے گا، جیسے فرمایا

لَهُمْ مِّنْ فَوْقِهِمْ ظُلَلٌ مِّنَ النَّارِ وَمِنْ تَحْتِهِمْ ظُلَلٌ... ﴿۱۶﴾ (۱)

ترجمہ: ان پر آگ کی چھتریاں اوپر سے بھی چھائی ہوں گی اور نیچے سے بھی۔

لَهُمْ مِّنْ جَهَنَّمَ مِهَادٌ وَّمِنْ فَوْقِهِمْ غَوَاشٍ... ﴿۴۱﴾ (۲)

ترجمہ: ان کے لئے تو جہنم کا بچھونا ہو گا اور جہنم ہی کا اوڑھنا۔

یقیناً دوزخ بڑی بڑی چنگاریاں پھینکے گی جو چاروں طرف اڑنے لگیں گی اور ایسی نظر آئیں گی جیسے (سیاہی مائل) زرد اونٹ اچھل کود کر رہے

(۱) الزمر ۱۶

(۲) الاعراف ۴۱

ہیں، جو لوگ روز محشر کی حقیقت کو تسلیم نہیں کرتے اس دن ان کے لئے حسرت اور عذاب ہے، آج یہ لوگ اپنے لایعنی قیاسات اور گھمنڈ میں بڑھ بڑھ کر باتیں بنا رہے ہیں مگر اس روز جب رب کی بارگاہ میں ان کا نامہ اعمال پیش کیا جائے گا اور بطور ثبوت گواہ بھی پیش کر دیے جائیں گے تو پہلے یہ لوگ اللہ سے معذرت کریں گے جو انہیں کچھ فائدہ نہ دے گی، جیسے فرمایا:

فَيَوْمَئِذٍ لَّا يَنفَعُ الَّذِينَ ظَلَمُوا مَعْذِرَتُهُمْ وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُونَ ﴿۵۷﴾ [۱]

ترجمہ: پس وہ دن ہوگا جس میں ظالموں کو ان کی معذرت کوئی نفع نہ دے گی اور نہ ان سے معافی مانگنے کے لئے کہا جائے گا۔

پھر ایک دوسرے پر اپنے قصوروں کا الزام ڈال کر خود بے قصور بننے کی کوشش کریں گے، اپنے سرداروں اور پیشواؤں کو برا بھلا کہیں گے ، جیسے فرمایا:

قَالَ ادْخُلُوا فِي أُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِن قَبْلِكُم مِّنَ الْجِنِّ وَالْإِنسِ فِي النَّارِ ۖ كُلَّمَا دَخَلَتْ أُمَّةٌ لَّعَنَتْ أُخْتَهَا ۖ حَتَّىٰ إِذَا ادَّارَكُوا فِيهَا جَمِيعًا قَالَتْ أُخْرَاهُمْ لِأُولَاهُمْ رَبَّنَا هَٰؤُلَاءِ أَضَلُّونَا فَآتِهِمْ عَذَابًا ضِعْفًا مِّنَ النَّارِ ۖ قَالَ لِكُلٍّ ضِعْفٌ وَلَٰكِن لَّا تَعْلَمُونَ ﴿۳۸﴾ [۲]

ترجمہ: اللہ فرمائے گا جاؤ تم بھی اسی جہنم میں چلے جاؤ جس میں تم سے پہلے گزرے ہوئے گروہ جن وانس جا چکے ہیں، ہر گروہ جب جہنم میں داخل ہوگا تو اپنے پیش رو گروہ پر لعنت کرتا ہوا داخل ہوگا، حتیٰ کہ سب وہاں جمع ہو جائیں گے تو ہر بعد والا گروہ پہلے گروہ کے حق میں کہے گا کہ اے ربّ! یہ لوگ تھے جنہوں نے ہم کو گمراہ کیا لہٰذا انہیں آگ کا دوہرا عذاب دے، جواب میں ارشاد ہوگا ہر ایک کے لیے دوہرا ہی عذاب ہے مگر تم جانتے نہیں ہو۔

وَإِذْ يَتَحَاجُّونَ فِي النَّارِ فَيَقُولُ الضُّعَفَاءُ لِلَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا إِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ أَنتُم مُّغْنُونَ عَنَّا نَصِيبًا مِّنَ النَّارِ ﴿۴۷﴾ قَالَ الَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا إِنَّا كُلٌّ فِيهَا إِنَّ اللَّهَ قَدْ حَكَمَ بَيْنَ الْعِبَادِ ﴿۴۸﴾ [۳]

ترجمہ: پھر ذرا خیال کرو اس وقت کا جب یہ لوگ دوزخ میں ایک دوسرے سے جھگڑ رہے ہوں گے، دنیا میں جو لوگ کمزور تھے وہ بڑے بننے والوں سے کہیں گے کہ ہم تمہارے تابع تھے اب کیا یہاں تم نار جہنم کی تکلیف کے کچھ حصے سے ہم کو بچا لوگے؟ وہ بڑے بننے والے جواب دیں گے ہم سب یہاں ایک حال میں ہیں اور اللہ بندوں کے درمیان فیصلہ کر چکا ہے۔

وَقَالُوا رَبَّنَا إِنَّا أَطَعْنَا سَادَتَنَا وَكُبَرَاءَنَا فَأَضَلُّونَا السَّبِيلَا ﴿۶۷﴾ رَبَّنَا آتِهِمْ ضِعْفَيْنِ مِنَ الْعَذَابِ وَالْعَنْهُمْ لَعْنًا كَبِيرًا ﴿۶۸﴾ [۴]

ترجمہ: اور کہیں گے اے رب ہمارے! ہم نے اپنے سرداروں اور اپنے بڑوں کی اطاعت کی اور انہوں نے ہمیں راہ راست سے بے راہ کر

[۱] الروم ۵۷

[۲] الاعراف ۳۸

[۳] المومن ۴۸،۴۷

[۴] الاحزاب ۶۸،۶۷

دیا اے رب! ان کو دوہرا عذاب دے اور ان پر سخت لعنت کر۔

وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ مَوْقُوْفُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚۖ يَرْجِعُ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضِ ِۨ الْقَوْلَ ۚ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا
لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا لَوْلَآ اَنْتُمْ لَكُنَّا مُؤْمِنِيْنَ ۳۱ قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْٓا اَنَحْنُ صَدَدْنٰكُمْ
عَنِ الْهُدٰى بَعْدَ اِذْ جَآءَكُمْ بَلْ كُنْتُمْ مُّجْرِمِيْنَ ۳۲ وَقَالَ الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا بَلْ مَكْرُ
الَّيْلِ وَالنَّهَارِ اِذْ تَاْمُرُوْنَنَآ اَنْ نَّكْفُرَ بِاللّٰهِ وَنَجْعَلَ لَهٗٓ اَنْدَادًا ۭ وَاَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ ۭ وَجَعَلْنَا
الْاَغْلٰلَ فِيْٓ اَعْنَاقِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ هَلْ يُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۳۳ (۱)

ترجمہ: کاش تم دیکھو ان کا حال اس وقت جب یہ ظالم اپنے رب کے حضور کھڑے ہوں گے اس وقت یہ ایک دوسرے پر الزام دھریں گے جو لوگ دنیا میں دبا کر رکھے گئے تھے وہ بڑے بننے والوں سے کہیں گے کہ اگر تم نہ ہوتے تو ہم مومن ہوتے، وہ بڑے بننے والے ان دبے ہوئے لوگوں کو جواب دیں گے کیا ہم نے تمہیں اس ہدایت سے روکا تھا جو تمہارے پاس آئی تھی؟ نہیں بلکہ تم خود مجرم تھے، وہ دبے ہوئے لوگ ان بڑے بننے والوں سے کہیں گے، نہیں بلکہ شب روز کی مکاری تھی جب تم ہم سے کہتے تھے کہ ہم اللہ سے کفر کریں اور دوسروں کو اس کا ہمسر ٹھیرائیں، آخر کار جب یہ لوگ عذاب دیکھیں گے تو اپنے دلوں میں پچھتائیں گے اور ہم ان منکرین کے گلوں میں طوق ڈال دیں گے، کیا لوگوں کو اس کے سوا اور کوئی بدلہ دیا جا سکتا ہے کہ جیسے اعمال ان کے تھے ویسی ہی جزا وہ پائیں؟۔

پھر پوری ڈھٹائی کے ساتھ اپنے جرائم سے مکر جائیں گے، پھر اللہ ان کے اعضا کو زبان عطا فرمائے گا جو حق بیان کریں گے، جیسے فرمایا

وَيَوْمَ يُحْشَرُ اَعْدَاۗءُ اللّٰهِ اِلَى النَّارِ فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ۱۹ حَتّٰٓي اِذَا مَا جَاۗءُوْهَا شَهِدَ عَلَيْهِمْ سَمْعُهُمْ وَاَبْصَارُهُمْ
وَجُلُوْدُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۲۰ وَقَالُوْا لِجُلُوْدِهِمْ لِمَ شَهِدْتُّمْ عَلَيْنَا ۭ قَالُوْٓا اَنْطَقَنَا اللّٰهُ الَّذِيْٓ اَنْطَقَ كُلَّ
شَيْءٍ وَّهُوَ خَلَقَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۲۱ (۲)

ترجمہ: اور ذرا اس وقت کا خیال کرو جب اللہ کے یہ دشمن دوزخ کی طرف کے لیے گھیر لائے جائیں گے ان کے اگلوں کو پچھلوں کے آنے تک روک رکھا جائے گا پھر جب سب وہاں پہنچ جائیں گے تو ان کے کان اور ان کی آنکھیں اور ان کے جسم کی کھالیں ان پر گواہی دیں گی کہ وہ دنیا میں کیا کچھ کرتے رہے ہیں، وہ اپنے جسم کی کھالوں سے کہیں گے تم نے ہمارے خلاف کیوں گواہی دی؟ وہ جواب دیں گی ہمیں اس خدا نے گویائی دی ہے جس نے ہر چیز کو گویا کر دیا ہے، اسی نے تم کو پہلی مرتبہ پیدا کیا تھا اور اب اسی کی طرف تم واپس لائی جا رہے ہو۔

اس طرح عدل وانصاف کے تمام تر تقاضے پورے کر کے علی الاعلان پوری خلقت کے سامنے انہیں سزا سنا دی جائے گی، پھر اللہ کے حکم سے فرشتے انہیں بیڑیاں اور طوق پہنا کر جہنم میں داخل کرنے کے لئے گھسیٹ رہے ہوں گے تو یہ لوگ عالم اضطراب و پریشانی میں دم بخود رہ جائیں گے اور کوئی کلام نہ کر سکیں گے، اس سخت دن میں جھٹلانے والوں کی تباہی ہے، اللہ تعالیٰ فرمائے گا ہم نے تمام اولین و آخرین کو اپنی

---

(۱) سبا ۳۱ تا ۳۳

(۲) حم السجدة ۱۹ تا ۲۱

قدرت کاملہ سے فیصلہ کرنے کے لئے ایک ہی میدان میں جمع کرلیا ہے، دنیا میں تو تم ہمارے مقابلے میں بڑی چالبازیاں، مکاریاں اور ہوشیاری کرتے رہے ہو آج اگر میرے مقابلہ میں کوئی چال چل کر عذاب سے بچ سکتے ہو تو کوشش کر دیکھو، جیسے فرمایا:

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ؕ ﴿۳۳﴾ (۱)

ترجمہ: اے گروہ جن وانس! اگر تم زمین اور آسمانوں کی سرحدوں سے نکل کر بھاگ سکتے ہو تو بھاگ دیکھو۔

...وَلَا تَضُرُّوْنَهٗ شَيْـًٔا... ﴿۵۷﴾ (۲)

ترجمہ: اور تم اللہ کا کچھ نہ بگاڑ سکو گے۔

عَنْ أَبِي ذَرٍّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِيمَا رَوَى عَنِ اللهِ تَبَارَكَ وَتَعَالَى أَنَّهُ قَالَ: يَا عِبَادِي إِنِّي حَرَّمْتُ الظُّلْمَ عَلَى نَفْسِي، وَجَعَلْتُهُ بَيْنَكُمْ مُحَرَّمًا، فَلَا تَظَالَمُوا، يَا عِبَادِي كُلُّكُمْ ضَالٌّ إِلَّا مَنْ هَدَيْتُهُ، فَاسْتَهْدُونِي أَهْدِكُمْ، يَا عِبَادِي كُلُّكُمْ جَائِعٌ، إِلَّا مَنْ أَطْعَمْتُهُ، فَاسْتَطْعِمُونِي أُطْعِمْكُمْ، يَا عِبَادِي كُلُّكُمْ عَارٍ، إِلَّا مَنْ كَسَوْتُهُ، فَاسْتَكْسُونِي أَكْسُكُمْ، يَا عِبَادِي إِنَّكُمْ تُخْطِئُونَ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ، وَأَنَا أَغْفِرُ الذُّنُوبَ جَمِيعًا، فَاسْتَغْفِرُونِي أَغْفِرْ لَكُمْ، يَا عِبَادِي إِنَّكُمْ لَنْ تَبْلُغُوا ضَرِّي فَتَضُرُّونِي وَلَنْ تَبْلُغُوا نَفْعِي، فَتَنْفَعُونِي،

ابو ذر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ عزوجل نے فرمایا اے میرے بندو! میں نے اپنے اوپر ظلم کو حرام قرار دیا ہے اور میں نے تمہارے درمیان بھی ظلم کو حرام قرار دیا ہے تو تم ایک دوسرے پر ظلم نہ کرو، اے میرے بندو تم سب گمراہ ہو سوائے اس کے کہ جسے میں ہدایت دوں تم مجھ سے ہدایت مانگو میں تمہیں ہدایت دوں گا، اے میرے بندو تم سب بھوکے ہو سوائے اس کے کہ جسے میں کھلاؤں تو تم مجھ سے کھانا مانگو میں تمہیں کھانا کھلاؤں گا، اے میرے بندو! تم سب ننگے ہو اس کے کہ جسے میں پہناؤں تو تم مجھ سے لباس مانگو تو میں تمہیں لباس پہناؤں گا، اے میرے بندو تم سب دن رات گناہ کرتے ہو اور میں سارے گناہوں کو بخشتا ہوں تو تم مجھ سے بخشش مانگو میں تمہیں بخش دوں گا، اے میرے بندو تم مجھے ہرگز نقصان نہیں پہنچا سکتے اور نہ ہی ہرگز مجھے نفع پہنچا سکتے ہو،

يَا عِبَادِي لَوْ أَنَّ أَوَّلَكُمْ وَآخِرَكُمْ وَإِنْسَكُمْ وَجِنَّكُمْ كَانُوا عَلَى أَتْقَى قَلْبِ رَجُلٍ وَاحِدٍ مِنْكُمْ، مَا زَادَ ذَلِكَ فِي مُلْكِي شَيْئًا، يَا عِبَادِي لَوْ أَنَّ أَوَّلَكُمْ وَآخِرَكُمْ وَإِنْسَكُمْ وَجِنَّكُمْ كَانُوا عَلَى أَفْجَرِ قَلْبِ رَجُلٍ وَاحِدٍ، مَا نَقَصَ ذَلِكَ مِنْ مُلْكِي شَيْئًا، يَا عِبَادِي لَوْ أَنَّ أَوَّلَكُمْ وَآخِرَكُمْ وَإِنْسَكُمْ وَجِنَّكُمْ قَامُوا فِي صَعِيدٍ وَاحِدٍ فَسَأَلُونِي فَأَعْطَيْتُ كُلَّ إِنْسَانٍ مَسْأَلَتَهُ، مَا نَقَصَ ذَلِكَ مِمَّا عِنْدِي إِلَّا كَمَا يَنْقُصُ الْمِخْيَطُ إِذَا أُدْخِلَ الْبَحْرَ، يَا عِبَادِي إِنَّمَا هِيَ أَعْمَالُكُمْ أُحْصِيهَا لَكُمْ، ثُمَّ أُوَفِّيكُمْ إِيَّاهَا، فَمَنْ وَجَدَ خَيْرًا، فَلْيَحْمَدِ اللهَ وَمَنْ وَجَدَ غَيْرَ ذَلِكَ، فَلَا يَلُومَنَّ إِلَّا نَفْسَهُ

اے میرے بندو اگر تم سب اولین و آخریں اور جن وانس اس آدمی کے دل کی طرح ہو جاؤ جو سب سے زیادہ تقوی والا ہو تو بھی تم میری سلطنت

---

(۱) الرحمٰن ۳۳

(۲) ھود ۵۷

میں کچھ بھی اضافہ نہیں کر سکتے،اور اگر سب اولین او ر آخرین اور جن وانس اس ایک آدمی کی طرح ہو جاؤ کہ جو سب سے زیادہ بد کار ہے تو پھر بھی تم میری سلطنت میں کچھ کمی نہیں کر سکتے،اے میرے بندو اگر تم سب اولین اور آخرین اور جن اور انس ایک صاف چٹیل میدان میں کھڑے ہو کر مجھ سے مانگنے لگو اور میں ہر انسان کو جو وہ مجھ سے مانگے عطا کر دوں تو پھر بھی میرے خزانوں میں اس قدر بھی کمی نہیں ہو گی جتنی کہ سمندر میں سوئی ڈال کر نکالنے سے،اے میرے بندو یہ تمہارے اعمال ہیں کہ جنہیں میں تمہارے لئے اکٹھا کر رہا ہوں پھر میں تمہیں ان کا پورا پورا بدلہ دوں گا تو جو آدمی بہتر بدلہ پائے وہ اللہ کا شکر ادا کرے اور جو بہتر بدلہ نہ پائے تو وہ اپنے نفس ہی کو ملامت کرے۔ (۱)

اس روز جھٹلانے والوں کی تباہی وہلاکت ہے۔

اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ ظِلٰلٍ وَّ عُيُوْنٍ ﴿۴۱﴾ وَّ فَوَاكِهَ مِمَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿۴۲﴾

بیشک پرہیز گار لوگ سایوں میں ہیں اور بہتے چشموں میں اور ان میووں میں جن کی وہ خواہش کریں ،

كُلُوْا وَ اشْرَبُوْا هَنِيْٓـًٔا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۴۳﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۴۴﴾

(اے جنتیو!) کھاؤ پیو مزے سے اپنے کئے ہوئے اعمال کے بدلے،یقیناً ہم نیکی کرنے والوں کو اسی طرح جزا دیتے ہیں،

وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۴۵﴾ كُلُوْا وَ تَمَتَّعُوْا قَلِيْلًا اِنَّكُمْ

اس دن سچا نہ جاننے والوں کے لیے ویل (افسوس) ہے،(اے جھٹلانے والو) تم دنیا میں تھوڑا سا کھالو اور فائدہ اٹھالو

مُّجْرِمُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۴۷﴾ وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمُ

بیشک تم گناہ گار ہو، اس دن جھٹلانے والوں کے لیے سخت ہلاکت ہے،ان سے جب کہا جاتا ہے کہ

ارْكَعُوْا لَا يَرْكَعُوْنَ ﴿۴۸﴾ وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۴۹﴾

رکوع کرلو تو نہیں کرتے، اس دن جھٹلانے والوں کی تباہی ہے

فَبِاَيِّ حَدِيْثٍۭ بَعْدَهٗ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۰﴾ (المرسلات ۴۱ تا ۵۰)

اب اس قرآن کے بعد کس بات پر ایمان لائیں گے۔

اور وہ متقی و پرہیز گار لوگ جو آخرت پر ایمان لائے اور جنہوں نے اس عقیدے سے زندگی بسر کی کہ ایک دن ہمیں رب کی بارگاہ میں اپنے اقوال وافعال اور اخلاق وکردار کی جوابدہی کرنی ہے وہ کامیاب وکامران ہوں گے، جیسے فرمایا:

فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ فَيَقُوْلُ هَآؤُمُ اقْرَءُوْا كِتٰبِيَهْ ﴿۱۹﴾ اِنِّيْ ظَنَنْتُ اَنِّيْ مُلٰقٍ حِسَابِيَهْ ﴿۲۰﴾ (۲)

(۱) صحيح مسلم كتاب البر والصلة بَابُ تَحْرِيمِ الظُّلْمِ ۶۵۷۲

(۲) الحاقة ۲۰،۱۹

ترجمہ:اس وقت جس کانامہ اعمال اس کے سیدھے ہاتھ میں دیا جائے گاوہ کہے گالو دیکھو پڑھو میرا نامہ اعمال، میں سمجھتا تھا کہ مجھے ضرور اپنا حساب ملنے والا ہے۔

وہ جنت کے خوش منظر درختوں کے گھنے ٹھنڈے اور پر کیف سایوں میں لیٹے بیٹھے ہوں گے،خوش ذائقہ پانی اور مختلف شراب کے چشمے ان کے گرد پوری روانی سے جاری وساری ہوں گے،جنت کے انواع اقسام کے لذیذ پھل،میوہ جات اور مرغوب کھانے انہیں کھانے کو دیے جائیں گے جس میں نہ روک ٹوک ہو گی نہ ہی کمی یا نقصان کا اندیشہ ہو گا،رب العزت فرمائے گا جنت کی یہ بے شمار نعمتیں تمہیں تمہارے اعمال صالحہ کی وجہ سے دی گئی ہیں،بافراغت ہر چیز کھاؤ اور شراب طہور کے لبریز جام پیو اللہ متقی و پرہیز گار لوگوں کو ایسی ہی جزا عطا فرماتا ہے،اب جس کو حسن انجام کی طلب ہو تو وہ دنیا میں نیکی اور بھلائی کا راستہ اپنا لے،آج جو لوگ آخرت سے بے خوف ہو کر زندگی گزار رہے ہیں ان کے لئے عذاب جہنم ہے،پھر تمام دنیا کے کفار و مشرکین کو تہدید و وعید کے لئے فرمایا اچھا اللہ کی پکڑ سے بے خوف ہو کر اس کی عطا کردہ نعمتوں کو تھوڑے دن جانوروں کی طرح کھاپی کر خوب عیش و آرام کر لو عنقریب یہ نعمتیں بھی فنا ہو جائیں گی اور تم بھی موت کے گھات اتر جاؤ گے،تمہاری بداعمالیوں اور سیاہ کاریوں کی سزا کے طور پر ہم نے یہاں شکنجہ عذاب تیار کر رکھا ہے،پھر تو تمہیں ہمیشہ کے لئے جہنم کا ایندھن بننا ہی ہے،جیسے فرمایا

نُمَتِّعُهُمْ قَلِيْلًا ثُمَّ نَضْطَرُّهُمْ اِلٰى عَذَابٍ غَلِيْظٍ ﴿۲۴﴾ (۱)

ترجمہ:ہم تھوڑی مدت انہیں دنیا میں مزے کرنے کا موقع دے رہے ہیں پھر ان کو بے بس کر کے ایک سخت عذاب کی طرف کھینچ لے جائیں گے۔

مَتَاعٌ فِي الدُّنْيَا ثُمَّ اِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ نُذِيْقُهُمُ الْعَذَابَ الشَّدِيْدَ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ﴿۷۰﴾ (۲)

ترجمہ:دنیا کی چند روزہ زندگی میں مزے کر لیں پھر ہماری طرف ان کو پلٹنا ہے پھر ہم اس کفر کے بدلے جس کا ارتکاب وہ کر رہے ہیں ان کو سخت عذاب کا مزہ چکھائیں گے۔

قُلْ اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ ﴿۶۹﴾ مَتَاعٌ فِي الدُّنْيَا ثُمَّ اِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ ثُمَّ نُذِيْقُهُمُ الْعَذَابَ الشَّدِيْدَ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ﴿۷۰﴾ (۳)

ترجمہ:اے نبی! کہہ دو کہ جو لوگ اللہ پر جھوٹے افترا باندھتے ہیں وہ ہرگز فلاح نہیں پا سکتے،دنیا کی چند روزہ زندگی میں مزے کر لیں پھر ہماری طرف ان کو پلٹنا ہے پھر ہم اس کفر کے بدلے جس کا ارتکاب وہ کر رہے ہیں ان کو سخت عذاب کا مزہ چکھائیں گے۔

جب مجرموں کو عذاب میں جھونکا جائے گاوہ دن ان کے لئے بڑا ہی سخت ہو گا،یہ اس بنا پر ہو گا کہ جب ان سے کہا جاتا ہے کہ اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو،اس کی نازل کردہ کتاب پر ایمان لاؤ اور اسی کے مطابق اپنی زندگی کا دستور عمل تیار کرو،ہر طرف سے منہ موڑ کر اللہ وحدہ لاشریک کی بندگی کرو اور سنت کے مطابق اعمال صالحہ اختیار کر کے اپنی اخروی زندگی کی تیاری کرو تو تکبر کے ساتھ اس عقیدے کا مذاق

(۱) لقمان ۲۴

(۲) یونس ۷۰

(۳) یونس ۶۹،۷۰

اڑاتے ہیں،اور سخت عذاب ہے ان دل کے اندھوں کے لئے جو حق کو جھٹلاتے ہیں،اب قرآن کریم سے بڑھ کر اور کونسا کلام ہوسکتا ہے جو انہیں حق وباطل کا فرق سمجھائے اور ہدایت کا راستہ دکھائے اور جس پر یہ ایمان لائیں، جیسے فرمایا:

فَبِاَیِّ حَدِیۡثٍۭ بَعۡدَ اللّٰہِ وَ اٰیٰتِہٖ یُؤۡمِنُوۡنَ ۞ [۱]

ترجمہ: اَب آخر اللہ اور اس کی آیات کے بعد اور کون سی بات ہے جس پر یہ لوگ ایمان لائیں گے۔

### ابو عبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ:

اسمه عامر بن عبد الله بن الجرَّاحِ بن هِلاَلِ بن أُهَيْبِ بنِ ضَبَّةَ بنِ الحارِثِ بنِ فِهْرِ بنِ مَالِكِ

عامر رضی اللہ عنہ بن عبد اللہ بن جراح بن بلال بن اہیب بن ضبہ بن حارث بن فہر بن مالک۔ [۲]

جن کی کنیت ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ تھی،

مشهور بكنيته

اور آپ اپنی کنیت سے ہی مشہور رہیں۔ [۳]

عَنْ مَالِكِ بْنِ يُخَامِرَ أَنَّهُ وَصَفَ أَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ الْجَرَّاحِ فَقَالَ: كَانَ رَجُلا نَحِيفًا. مَعْرُوقَ الْوَجْهِ. خَفِيفَ اللِّحْيَةِ. طُوَالا. أَجْنَأَ. أَثْرَمَ الثَّنِيَّتَيْنِ

مالک بن یخامر سے مروی ہے انہوں نے ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ بن الجراح کا حلیہ بیان کیا کہ وہ دبلے پتلے لمبے، چھدری داڑھی، ابھرے سینے والے، وہ ذہانت کے کھونڈے تھے اور ان کے چہرے میں بھرا ہوا گوشت نہ تھا۔ [۴]

أَحَدُ السَّابِقِيْنَ الأَوَّلِيْنَ

آپ سابقون اولون کی ان عظیم شخصیات میں سے ہیں۔

جنہوں نے سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ صدیق کے ایمان لانے کے دوسرے روز ہی سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ہمراہ عبد الرحمان بن عوف رضی اللہ عنہ، عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ، اور ارقم بن ابی الارقم کے ساتھ کلمہ شہادت پڑھ کر اپنے مسلمان ہونے کا اعلان کر دیا اس وقت ان کی عمر چالیس برس تھی، آپ کی والدہ امیمہ رضی اللہ عنہا بنت غنم فہریہ کو بھی صحابیت کا شرف حاصل ہوا، ان کا تعلق بنو حارث سے تھا، جیسے ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اعلان توحید و رسالت کیا کفار مکہ کا لشکر اپنے معبودوں کی حمایت میں ہر طرح کار شتہ ناطہ، قوم قبیلہ اور اخلاق کو بالائے طاق رکھ کر بھوکے بھیڑیوں کی طرح مسلمانوں پر ٹوٹ پڑا اور جو بھی ظلم وستم وہ سوچ سکتے تھے کمزور مسلمانوں پر روا ہو گیا، مسلمانوں کی آہ وبکا پر نہ ہی ان کے دلوں میں کچھ ہمدردی پیدا ہوئی اور نہ ہی ان کا کوئی ہاتھ روکنے والا تھا، مگر تاریخ شاید ہے کوئی مسلمان پھر دوبارہ ان کی ملت پر لوٹ کر نہ گیا، بلکہ جتنا جتنا ظلم وستم بڑھتا

---

[۱] الجاثية٦

[۲] ابن ہشام۲۵۲٫۱

[۳] الإصابة في تمييز الصحابة ۴۷۵٫۳

[۴] ابن سعد۳۱۶٫۳

گیا اتنا ہی ان کا اللہ سبحانہ وتعالیٰ پر ایمان ویقین بڑھتا چلا گیا، ظلم کی چکی میں پسنے والوں میں ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ بن الجراح بھی تھے، دوسرے مسلمانوں کی طرح وہ بھی اس دور ابتلاء میں اپنے اسلام پر ثابت قدم رہ کر اپنی قوت ایمانی، دینی جذبہ اور امانت و دیانت کے اعلیٰ مقام پر قائم رہے،

قَالُوا: وَهَاجَرَ أَبُو عبيدة إلى أرض الحبشة الهجرة الثانية

جب مسلمانوں نے حبشہ ہجرت کی تو ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ بھی مہاجرین کے دوسرے قافلہ میں شامل ہوئے۔

اور وہاں کئی سال تک غریب الوطنی کی زندگی گزارتے رہے بالآخر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجرت مدینہ سے قبل مکہ مکرمہ واپس آگئے، جب تیرہ ہجری میں سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کا اذن دیا تو ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ بھی دوسرے مہاجرین کے ہمراہ ارض مکہ کو الوداع کہہ کر مدینہ منورہ آگئے،

لَمَّا هَاجَرَ أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ مِنْ مَكَّةَ إِلَى الْمَدِينَةِ نَزَلَ عَلَى كُلْثُومِ بْنِ الْهِدْمِ

جب ابو عبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ نے مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ ہجرت کی تو انہوں نے کچھ عرصہ قباء میں کلثوم بن الہدم کے مکان میں قیام کیا۔ (۱)

قال ابن إسحاق آخَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بينه وَبَيْنَ سعد بن معاذ

ابن اسحاق کہتے ہیں مدینہ منورہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کی مواخات سید الاوس سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے ساتھ قائم فرمائی تھی۔ (۲)

عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آخَى بَيْنَ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ، وَبَيْنَ أَبِي طَلْحَةَ

لیکن صحیح مسلم میں انس رضی اللہ عنہ بن مالک سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ بن جراح اور ابو طلحہ رضی اللہ عنہ کے درمیان مواخاۃ قائم فرمائی۔ (۳)

اور قرائن سے بھی یہی روایت صحیح معلوم ہوتی ہے کیونکہ تقریب مواخاۃ راوی یعنی انس رضی اللہ عنہ ہی کے مکان پر منعقد ہوئی تھی اور ابو طلحہ رضی اللہ عنہ ان کے سوتیلے باپ تھے۔

آپ رضی اللہ عنہ کے مدینہ منورہ ہجرت کے بعد ان کی والدہ بھی مدینہ منورہ ہجرت کر کے آگئیں،

وَشَهِدَ أَبُو عُبَيْدَةَ بَدْرًا وَأُحُدًا وَثَبَتَ يَوْمَ أُحُدٍ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ انْهَزَمَ النَّاسُ وَوَلَّوْا

ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ بن جراح حق و باطل کے معرکہ بدر اور احد میں شریک ہوئے اور غزوہ احد میں جب کچھ لوگ منتشر ہو گئے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ثابت قدم رہے۔ (۴)

---

(۱) ابن سعد ۳/۳۱۳

(۲) تهذيب التهذيب ۵/۷۳

(۳) صحيح مسلم كتاب فَضَائِلِ الصَّحَابَةِ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهُمْ بَابُ مُؤَاخَاةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ أَصْحَابِهِ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهُمْ ۶۴۶۲، اسد الغابة ۳/۱۲۵

(۴) ابن سعد ۳/۳۱۳

جب آپ حق وباطل کے اولین معرکے بدر میں دنیائے کفر کے مقابلہ میں کھڑے ہو گئے اور موت سے بے خوف ہو کر دشمنوں پر ٹوٹ پڑے اور کوئی ان کے مقابلہ کو کھڑا نہ ہو سکا،

أَنَّ أَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ الْجَرَّاحِ شَهِدَ بَدْرًا وَهُوَ ابْنُ إِحْدَى وَأَرْبَعِينَ سَنَةً

غزوہ بدر کے وقت ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ بن جراح کی عمر اکتالیس سال تھی۔ (۱)

اللہ تبارک وتعالیٰ نے یہاں بھی ان کا شدید امتحان لیا۔

ولما كان أَبُو عبيدة ببدر يَوْم الوقعة، جعل أبوه يتصدى له، وجعل أَبُو عبيدة يحيد عنه، فلما أكثر أَبُوه قصده قتله أَبُو عبيدة

ان کے والد عبد اللہ بن جراح کفار مکہ کی طرف سے شامل معرکہ ہوئے تھے، وہ بار بار اپنے بیٹے کے سامنے آئے مگر ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ نے ہر بار ان پر وار کرنے سے پہلوتہی کی مگر ایک موقعہ ایسا بھی آ گیا کہ والد سے مقابلہ کے سوا اور کوئی چارہ نہ رہا تو ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ نے وار کر کے اپنے والد کی کھوپڑی کو دو حصوں میں تقسیم کر دیا اور باپ اپنے بیٹے کے ہاتھوں اپنے انجام کو پہنچا۔

اللہ تبارک وتعالیٰ نے اس پر یہ آیت نازل فرمائی۔

لَا تَجِدُ قَوْمًا يُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَآدُّوْنَ مَنْ حَآدَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَوْ كَانُوْٓا اٰبَآءَهُمْ اَوْ اَبْنَآءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِيْرَتَهُمْ ۭ ﴿۲۲﴾ (۲)

ترجمہ: تم کبھی نہ پاؤ گے کہ جو لوگ اللہ اور آخرت پر ایمان رکھنے والے ہیں وہ ان لوگوں سے محبت کرتے ہوں جنہوں نے اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کی ہے خواہ وہ ان کے باپ ہوں، یا ان کے بیٹے یا ان کے بھائی یا ان کے اہل خانہ ہوں۔ (۳)

إنه قتل أباه يوم بدر

انہوں نے غزوہ بدر میں اپنے والد کو قتل کر دیا۔ (۴)

وقتل أباه يوم بدر كافرا

آپ نے غزوہ بدر میں اپنے والد کو قتل کیا جبکہ وہ کفر پر تھا۔ (۵)

وَقَدْ شَهِدَ أَبُو عُبَيْدَةَ بَدْراً فَقَتَلَ يَوْمَئِذٍ أَبَاهُ

ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ غزوہ بدر میں شریک ہوئے اور اس دن انہوں نے اپنے والد کو قتل کر دیا۔ (۶)

(۱) ابن سعد ۳/۳۱۶

(۲) المجادلة ۲۲

(۳) اسد الغابة ۳/۱۲۵

(۴) الإصابة في تمييز الصحابة ۳/۴۷۵

(۵) تهذيب التهذيب ۵/۷۳

(۶) سير أعلام النبلاء ۳/۵

غزوہ احد میں جنگی صورت حال تبدیل ہونے کی وجہ سے رسول اللہ ﷺ کی پیشانی مبارک زخمی ہوئی، رخسار مبارک میں خود کے دو حلقے پیوست ہو چکے تھے اور دانت مبارک شہید ہوئے اور تھوڑی دیر کے لئے اکیلے ہو گئے اس وقت آپ ان دس جان نثار صحابہ میں شامل تھے جنہوں نے اپنی جان کی پرواہ نہ کرتے ہوئے آپ ﷺ کے گرد گھیرا ڈال کر رکھا تھا اور دشمنوں کی جانب سے آئے ہوئے ہر تیر کو اپنے سینوں پر کھا کر آپ ﷺ کی جانب سے دفاع کا فریضہ سرانجام دے رہے تھے، جنگ کے بعد رخسار مبارک سے حلقے نکالنے کے لئے سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ آگے بڑھے مگر اسی وقت ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ نے آگے بڑھ کر گزارش کی کہ یہ خدمت ان کے سپرد کر دی جائے چنانچہ آپ کے جذبہ کو دیکھ کر سیدنا ابوبکر صدیق پیچھے ہٹ گئے، ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ نے حلقوں کی کیفیت دیکھ کر اندازہ لگایا کہ اگر وہ اپنا ہاتھ ڈال کر انہیں رخسار مبارک سے نکالنے کی کوشش کریں گے تو رسول اللہ ﷺ کو بہت تکلیف اٹھانی پڑے گی اور اگر وہ اپنا اگلا دانت حلقہ میں ڈال کر زور لگائیں گے تو بہتر انداز سے رخسار مبارک میں پیوست حلقہ باہر آ جائے گا اور آپ ﷺ کو تکلیف بھی کم ہو گی چنانچہ انہوں نے ایسے ہی کیا اپنا اگلا ایک دانت ایک پیوست حلقہ میں مضبوطی سے گاڑ کر باہر نکالنے کے لئے زور لگایا، ان کی اس کوشش میں حلقہ تو باہر آ گیا مگر ان کا وہ دانت بھی ٹوٹ گیا، یہی عمل دوسرے حلقہ کے ساتھ بھی کیا گیا اور دوسرا دانت بھی ٹوٹ کر گر گیا اس طرح دونوں اگلے دانت ٹوٹ گئے مگر سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کہتے تھے

فما رئي أهتم قط أحسن منه

دونوں دانت ٹوٹ جانے کے باوجود ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ بہت خوبصورت نظر آتے تھے۔

چھ ہجری ربیع الآخر رسول اللہ ﷺ نے آپ رضی اللہ عنہ کو چالیس صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ہمراہ نماز مغرب کے بعد بنو ثعلبہ اور انمار کے علاقوں کی طرف روانہ کیا جو مدینہ منورہ کے مویشیوں کو لوٹنے کا پروگرام بنا رہے تھے، مجاہدین کا یہ دستہ جو صبح کے وقت ذوالقصہ (جو مدینہ سے چوبیس میل دور ہے) پہنچ گیا سوائے ایک شخص کے جس نے بعد میں اسلام قبول کر لیا باقی سب لوگ فرار ہو گئے، مجاہدین نے ان کے مویشی اور دیگر سامان سمیٹ کر مدینہ منورہ واپس لوٹ آئے، آپ بیت رضوان میں شامل تھے، رسول اللہ ﷺ نے ان کی جنت میں ہونے کی بشارت دی اس طرح آپ عشرہ مبشرہ صحابہ میں سے ہیں،

وَهُوَ أحد العشرة الَّذِينَ شهد لهم رَسُول اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بالجنة

آپ ان دس صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے ایک ہیں جنہیں رسول اللہ ﷺ نے جنت کی بشارت دی تھی۔ (1)

نصرانیوں کے ایک وفد نے رسول اللہ ﷺ کے پاس حاضر ہو کر گزارش کی کہ ہمارے اندرونی اختلاف شدت اختیار کر چکے ہیں آپ ہماری طرف کسی ایسے شخص کو روانہ کریں جو ہمارے اختلافات کو نپٹا دے، آپ ﷺ نے انہیں شام کو آنے کا کہا اور فرمایا میں تمہارے ساتھ ایک ایسا آدمی روانہ کروں گا جو دیانتدار اور طاقتور بھی ہے، سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ سمیت کئی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین اس امید پر کہ رسول اللہ ﷺ نے جو اوصاف بیان فرمائے ہیں شاید وہ اس پر پورے اتر جائیں جلدی جلدی نماز ظہر کے لئے مسجد میں جمع ہو گئے، رسول اللہ ﷺ جب

(1) الاستيعاب في معرفة الأصحاب ۴/۱۷۱۰، أسد الغابة في معرفة الصحابة ۳/۱۲۵

نماز سے فارغ ہوئے تو دائیں بائیں بڑے غور سے کسی کو دیکھنے لگے آخر آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کی نگاہ مبارک ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ پر جا کر ٹھہر گئی جن میں امانت ودیانت، شجاعت اور قائدانہ صلاحتیں بدرجہ اتم موجود تھیں، انہیں اپنے پاس بلایا اور حکم فرمایا تم نصرانیوں کے وفد کے ہمراہ جاو اور ان کے باہمی اختلافات کو عدل و انصاف سے نپٹا آو، اس موقعہ پر سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ پکار اٹھے ابوعبیدہ ہم سے بازی لے گئے، رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کی وفات کے بعد سقیفہ بنی ساعدہ میں سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

لِأَنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لِكُلِّ أُمَّةٍ أَمِينٌ، وَأَمِينُ هَذِهِ الْأُمَّةِ أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ

میں نے رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کو فرماتے ہوئے سنا ہے ہر امت کا ایک امین ہوتا ہے اور اس امت کا امین ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ بن جراح ہے۔ (۱)

رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ان سے بہت محبت کرتے تھے،

عَنْ عَمْرِو بِنِ العَاصِ قَالَ: قِيلَ يَا رَسُوْلَ اللهِ! أَيُّ النَّاسِ أَحَبُّ إِلَيْكَ؟ قَالَ: عَائِشَةُ قِيلَ مِنَ الرِّجَالِ؟ قَالَ: أَبُو بَكْرٍ قِيلَ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: ثُمَّ أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ

عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں میں عرض کی اے اللہ کے رسول صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ! آپ سب سے زیادی کس سے محبت کرتے ہیں؟ رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے، میں نے عرض کی اور مردوں میں سے، رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ سے، میں عرض کی ان کے بعد کس سے زیادہ محبت کرتے ہیں؟ رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا ان کے بعد ابوعبیدہ بن الجراح سے محبت کرتا ہوں۔ (۲)

عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ شَقِيقٍ قَالَ: قُلْتُ لِعَائِشَةَ: يَا أُمَّ الْمُؤْمِنِينَ أَيُّ صَحَابَةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ أَحَبَّ إِلَيْهِ؟ قَالَتْ: أَبُو بَكْرٍ. قُلْتُ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَتْ: ثُمَّ عُمَرُ. قَالَ: قُلْتُ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَتْ: ثُمَّ أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ.

عبداللہ بن شقیق کہتے ہیں میں نے ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا اے ام المومنین رضی اللہ عنہا! رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اپنے اصحاب میں کن لوگوں سے زیادہ محبت کرتے تھے؟ انہوں نے جواب دیا سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ سے، میں نے کہا ان کے بعد؟ ان نے کہا ان کے بعد سیدنا عمر رضی اللہ عنہ، میں نے کہا ان کے بعد؟ کہا ان کے بعد ابوعبیدہ بن الجراح سے محبت کرتے تھے۔ (۳)

عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَرْحَمُ أُمَّتِي بِأُمَّتِي أَبُو بَكْرٍ، وَأَشَدُّهُمْ فِي أَمْرِ اللهِ عُمَرُ، وَأَصْدَقُهُمْ حَيَاءً عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ، وَأَعْلَمُهُمْ بِالحَلَالِ وَالحَرَامِ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ، وَأَفْرَضُهُمْ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ، وَأَقْرَؤُهُمْ أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ وَلِكُلِّ أُمَّةٍ أَمِينٌ وَأَمِينُ هَذِهِ الأُمَّةِ أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الجَرَّاحِ.

انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے ارشاد فرمایا میری امت میں سے میری امت پر سب سے زیادہ مہربان سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ ہیں، دین کے معاملے میں سب سے زیادہ سخت سیدنا عمر رضی اللہ عنہ ہیں، اور سب سے زیادہ سچی حیاء والے سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ ہیں، اور حلال وحرام کے سب سے بڑے عالم معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ ہیں، اور علم وراثت کے سب سے بڑے عالم زید بن ثابت رضی اللہ عنہ ہیں، اور کتاب اللہ کے سب سے

(۱) تاريخ المدينة لابن شبة ۳/۸۸۱، سير أعلام النبلاء ۳/۸، سير أعلام النبلاء ۳/۱۰، الإصابة في تمييز الصحابة ۳/۴۷۵

(۲) سير أعلام النبلاء ۳/۹

(۳) الإصابة في تمييز الصحابة ۳/۴۷۷، بحر الفوائد المشهور بمعاني الأخبار ۱/۲۷۵، حديث ابى الفضل الزهري ۲۴۶، مسند أبي يعلى الموصلي ۴۸۰۰

بڑے قاری ابی بن کعب رضی اللہ عنہ ہیں، اور او رہر امت کا ایک امین ہوتا ہے، اس امت کے امین ابو عبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ ہیں۔ (۱)
اس لئے میری گزارش ہے کہ آپ اپنا ہاتھ آگے بڑھائیں تا کہ میں آپ کے ہاتھ پر بیعت کرلوں مگر ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ نے ایک تاریخی فقرہ فرمایا کہ میں اس عظیم ہستی سے بھلا کس طرح سبقت لے جا سکتا ہوں جسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی حیات مبارک میں ہمارا امام مقرر فرمایا تھا، آپ رضی اللہ عنہ کی یہ بات سب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے دلوں میں گھر کر گئی او ربا اتفاق سب نے سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ہاتھ پر بیعت کرنا شروع کردی، سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں آپ رضی اللہ عنہ کے زیر کمان تمام ملک شام کو فتح ہوا اور لشکر اسلامی دریائے فرات اور ایشائے کوچک تک پہنچ گیا، اسی دور میں جب آپ کے زیر کمان شہر در شہر فتح ہوتے جا رہے تھے کہ شام میں طاعون کی خطرناک وبا پھوٹ پڑی جس سے بڑی تعداد میں لوگ جاں بحق ہوئے،

أَنَّ عُمَرَ كَتَبَ إِلَى أَبِي عُبَيْدَةَ فِي الطَّاعُوْنِ إِنَّهُ قَدْ عَرَضَتْ لِي حَاجَةٌ وَلاَ غِنَى بِي عَنْكَ فِيهَا فَعَجِّلْ إِلَيَّ فَلَمَّا قَرَأَ الكِتَابَ قَالَ: عَرَفْتُ حَاجَةَ أَمِيْرِ المُؤْمِنِيْنَ إِنَّهُ يُرِيْدُ أَنْ يَسْتَبْقِيَ مَنْ لَيْسَ بِبَاقٍ فَكَتَبَ إِنِّي قَدْ عَرَفْتُ حَاجَتَكَ فَحَلِّلْنِي مِنْ عَزِيْمَتك فَإِنِّي فِي جُنْدٍ مِنْ أَجْنَادِ المُسْلِمِيْنَ لاَ أَرْغَبُ بِنَفْسِي عَنْهُم فَلَمَّا قَرَأَ عُمَرُ الكِتَابَ بَكَى

اس صورت حال کے پیش نظر سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے انہیں واپس مدینہ منورہ بلانا چاہا چنانچہ خط لکھ کر فوراً طلب فرمایا، جب انہوں نے خط کو پڑھا تو آپ رضی اللہ عنہ سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا عندیہ سمجھ گئے اور واپسی خط لکھا کہ وہ اس مصیبت میں اپنے مسلمان بھائیوں کو چھوڑ کر نہیں آسکتے اس لئے انہیں ان کے ساتھ ہی رہنے کی اجازت مرحمت فرمائیں، امیر المومنین سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے جب ان کا نامہ پڑھا تو رو دیئے۔

توفي بعمواس سنة ثمان عشرة

آپ نے اٹھارہ ہجری میں طاعون عمواس میں وفات پائی۔ (۲)

مَاتَ أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ فِي طَاعُونِ عَمَوَاسَ بِالشَّامِ سَنَةَ ثَمَانِ عَشْرَةَ

ابو عبیدہ بن الجراح نے شام میں طاعون عمواس سے اٹھارہ ہجری کو وفات پائی۔ (۳)

وصلى عَلَيْهِ معاذ بْن جبل، ونزل فِي قبره معاذ، وعمرو بْن العاص ، والضحاك بْن قيس

معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے ان کی نماز جنازہ پڑھائی اور معاذ رضی اللہ عنہ، عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ اور ضحاک بن قیس رضی اللہ عنہ نے انہیں قبر میں اتارا۔ (۴)

مالك بن أنس أن عمر بن الخطاب أَرْسَلَ إِلَى أَبِي عُبَيْدَةَ بِأَرْبَعَةِ آلافِ دِرْهَمٍ وَأَرْبَعِمِائَةِ دِينَارٍ.وَقَالَ لِلرَّسُولِ: انْظُرْمَا يَصْنَعُ،قَالَ فَقَسَمَهَا أَبُو عُبَيْدَةَ. قَالَ ثُمَّ أَرْسَلَ إِلَى مُعَاذٍ بِمِثْلِهَا وَقَالَ لِلرَّسُولِ مِثْلَ مَا قَالَ. فَقَسَمَهَا مُعَاذٌ إِلا شَيْئًا قَالَتِ امْرَأَتُهُ نَحْتَاجُ إِلَيْهِ. فَلَمَّا أَخْبَرَ الرَّسُولُ عُمَرَ قَالَ:الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي جَعَلَ فِي الإِسْلامِ مَنْ يَصْنَعُ هَذَا.

(۱) جامع ترمذی أَبْوَابُ الْمَنَاقِبِ بَابُ مَنَاقِبِ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، وَزَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ، وَأُبَيٍّ، وَأَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ الجَرَّاحِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُم ۳۷۹۰

(۲) اسد الغابة ۳/۱۲۵

(۳) معرفة الصحابة لابی نعیم ۱/۱۵۰

(۴) الاستيعاب في معرفة الأصحاب ۴/۱۷۱۰

مالک بن انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ایک مرتبہ سیدنا عمر رضی اللہ عنہ بن خطاب نے ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کو چار ہزار درہم اور چار سو دینار بھیجے اور قاصد سے فرمایا کہ دیکھنا وہ ان رقوم کا کیا کرتے ہیں؟ ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ نے اس تمام رقم کو تقسیم کر دیا، انہوں نے اس قدر معاذ رضی اللہ عنہ کے پاس بھیجا اور قاصد سے اسی طرح فرمایا جس طرح ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں فرمایا تھا معاذ رضی اللہ عنہ نے بھی سوائے ایک قلیل رقم کے سب تقسیم کر دیا، ان کی اہلیہ نے کہا کہ ہمیں اس کی حاجت ہے، جب قاصد نے سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کو خبر دی تو فرمایا سب تعریف اسی اللہ کے لیے ہے جس نے اسلام میں ایسے آدمی شامل کیے جو یہ عمل کرتے ہیں۔ (۱)

ارقم رضی اللہ عنہ بن الارقم:

ويكنى الأرقم أَبَا عَبْد الله

الارقم رضی اللہ عنہ کی کنیت ابوعبداللہ تھی۔ (۲)

یہ ساتویں یا دسویں صحابہ میں سے ہیں اور سابقین اولین میں سے تھے،

يَقُولُ: أَنَا ابْنُ سَبْعَةٍ فِي الإِسْلامِ أَسْلَمَ أَبِي سَابِعُ سَبْعَةٍ

خود فرماتے تھے کہ میں دعوت اسلام قبول کرنے والوں میں ساتویں نمبر پر ہوں، میرے والد اسلام لائے جو سات میں سے ساتویں تھے۔ (۳)

دعوت اسلام اندر ہی اندر خوب پھیلتی چلی گئی مگر ابھی کوئی مرکز قائم نہیں ہوا تھا وقت نماز مسلمان مکہ مکرمہ سے باہر نکل کر چھپ کر کسی سنسان گھاٹیوں میں نماز ادا کر لیتے تھے

وَكَانَ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَخْرُجُ إِلَى الْكَعْبَةِ أَوَّلَ النَّهَارِ وَيُصَلِّي صَلَاةَ الضُّحَى، وَكَانَتْ قُرَيْشٌ لَا تُنْكِرُهَا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سورج نکلنے کے بعد بیت اللہ میں تشریف لے جاتے اور چاشت کی نماز ادا کرتے تھے کیونکہ یہ نماز قریش میں بھی جائز تھی اس لیے وہ منع نہیں کرتے تھے۔ (۴)

فَكَانَ أَصْحَابُهُ إِذَا أَرَادُوا الصَّلَاةَ ذَهَبُوا إِلَى الشِّعَابِ فَاسْتَخْفَوْا، فَبَيْنَمَا سَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ وَعَمَّارٌ وَابْنُ مَسْعُودٍ وَخَبَّابٌ وَسَعِيدُ بْنُ زَيْدٍ يُصَلُّونَ فِي شِعْبٍ ، اطَّلَعَ عَلَيْهِمْ نَفَرٌ مِنَ الْمُشْرِكِينَ، مِنْهُمْ: أَبُو سُفْيَانَ بْنُ حَرْبٍ، وَالْأَخْنَسُ بْنُ شَرِيقٍ، وَغَيْرُهُمَا فَسَبُّوهُمْ وَعَابُوهُمْ حَتَّى قَاتَلُوهُمْ، فَضَرَبَ سَعْدٌ رَجُلًا مِنَ الْمُشْرِكِينَ بِلَحْيِ جَمَلٍ فَشَجَّهُ ،فَكَانَ أَوَّلَ دَمٍ أُرِيقَ فِي الْإِسْلَامِ

دعوت حق کے آغاز میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جن میں سعد بن ابو وقاص رضی اللہ عنہ، عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ، عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ، خباب اور سعید بن زید شامل تھے کفار کی شرانگیزی سے بچنے کے لیے مکہ مکرمہ کے قریبی پہاڑوں کی سنسان گھاٹیوں میں چھپ کر اللہ وحدہ لاشریک کی عبادت

(۱) ابن سعد ۳۱۵؍۳

(۲) ابن سعد ۱۸۳؍۳

(۳) ابن سعد ۱۸۳؍۳

(۴) الکامل فی التاریخ ۶۵۷؍۱

کرتے تھے، مگر کسی طرح مشرکین کو جن میں ابوسفیان بن حرب، اخنس بن شریق وغیرہ شامل تھے اس بات کی خبر ہوگئی پہلے تو وہ مسلمانوں پر آوازے کسنے لگے اور پھر ان پر حملہ کر دیا، سعد رضی اللہ عنہ کی اٹھتی جوانی تھی انہیں جوش آ گیا پاس ہی اونٹ کی ایک ہڈی پڑی ہوئی تھی اسے اٹھا کر مشرکین پر پل پڑے جس سے بنی تیم کے ایک مشرک عبداللہ بن خطل کا سر پھٹ گیا اور اس میں سے خون بہنے لگا اس طرح سعد رضی اللہ عنہ بن ابی وقاص پہلے شخص ہیں جنہوں نے حق کی حمایت میں خونریزی کی۔ (۱)

اب اس بات کا اندیشہ پیدا ہو گیا کہ مسلمانوں اور کفار مکہ کے درمیان قبل از وقت ہی تصادم برپا نہ ہو جائے، اس لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فوراً ارقم رضی اللہ عنہ بن ارقم مخزومی کے مقدس و متبرک مکان کو جو صفا سے بائیں جانب پینتیس یا چالیس میٹر کے فاصلہ پر تھا مسلمانوں کے اجتماع اور دعوت و تبلیغ کا مرکز بنا دیا تاکہ مسلمان گھاٹیوں میں چھپ کر نماز ادا کرنے کے بجائے اس مکان میں جمع ہو کر نماز ادا کریں اور جو نئے لوگ اسلام قبول کریں وہ بھی یہیں آئیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہاں تشریف فرما ہو جاتے اور دیگر مسلمان جمع ہو کر قرآن کی نازل شدہ سورتوں، آیات سے اور اسلام کے احکامات سے بہرہ مند ہوتے، کیونکہ مشرکین مکہ کے غلبہ کی وجہ سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نہ تو اعلانیہ نماز پڑھ سکتے تھے اور نہ ہی دعوت دین کی خدمت سرانجام دے سکتے تھے اس لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مکان کو عرصہ دراز تک تبلیغ، تدریس اور نماز کا مرکز بنائے رکھا، دعوت رسالت کے ابتدائی تین سالہ دور میں دار ارقم بڑی ہی اہمیت کا حامل تھا اور اس مرکز کو بڑی شہرت حاصل ہوئی، اسی مکان میں ہی سیدنا عمر رضی اللہ عنہ بن خطاب نے اسلام قبول فرمایا تھا، شعب بنی ہاشم میں محصور ہونے تک بھی یہ مرکز قائم رہا، بعد میں ارقم رضی اللہ عنہ نے اس مکان کو اپنی اولاد پر وقف کر دیا۔

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ

هَذَا مَا قَضَى الْأَرْقَمُ فِي رُبُعِهِ مَا حَازَ الصَّفَا إِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ بِمَكَانِهَا مِنَ الْحَرَمِ، لَا تُبَاعُ وَلَا تُوَرَّثُ،

شَهِدَ هِشَامُ بْنُ الْعَاصِ وَفُلَانٌ مَوْلَى هِشَامِ بْنِ الْعَاصِ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یہ وہ تحریر ہے جو الارقم رضی اللہ عنہ نے اپنے اس مکان کا فیصلہ کیا جو حدود صفا میں ہے وہ حرم میں ہونے کی وجہ سے محرم ہے جو نہ فروخت کیا جائے گا نہ میراث بنے گا۔

گواہ شد ہشام بن العاص وفلاں شخص مولائے ہشام بن العاص

قَالَ: فَلَمْ تَزَلْ هَذِهِ الدَّارُ صَدَقَةً قَائِمَةً فِيهَا وَلَدُهُ يَسْكُنُونَ وَيُؤَاجِرُونَ وَيَأْخُذُونَ عَلَيْهَا، حَتَّى كَانَ زَمَنُ أَبِي جَعْفَرٍ

یہ مکان وقف قطعی رہا جس میں ان کے لڑکے رہتے تھے، اسے کرایہ پر دیتے تھے اور اس پر رقم وصول کرتے تھے یہاں تک کہ ابوجعفر کا زمانہ آ گیا۔ (۲)

ارقم بن الارقم رضی اللہ عنہ نے مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کی،

آخَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ أَرْقَمَ بْنِ أَبِي الْأَرْقَمِ وَبَيْنَ أَبِي طَلْحَةَ زَيْدِ بْنِ سَهْلٍ

(۱) الکامل فی التاریخ ۶۵۸/۱، تاریخ طبری ۳۱۸/۲

(۲) ابن سعد ۲۴۴/۳

تو رسول اللہ ﷺ نے ارقم بن الارقم رضی اللہ عنہ اور ابو طلحہ زید بن سہل رضی اللہ عنہ کے مابین بھائی چارہ قائم فرمایا۔ (۱)

قَالُوا: وَشَهِدَ الأَرْقَمُ بْنُ أَبِي الأَرْقَمِ بَدْرًا وَأُحُدًا وَالْخَنْدَقَ وَالْمَشَاهِدَ كُلَّهَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ارقم ابن الاقم رضی اللہ عنہ حق و باطل کے تمام معرکوں غزوہ بدر، غزوہ احد، غزوہ خندق اور تمام غزوات میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ رہے۔ (۲)

قَالَ: حَضَرَتِ الْأَرْقَمَ بْنَ أَبِي الْأَرْقَمِ الْوَفَاةُ، فَأَوْصَى أَنْ يُصَلِّيَ عَلَيْهِ سَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ، وَكَانَ مَرْوَانُ بْنُ الْحَكَمِ وَالِيًا لِمُعَاوِيَةَ عَلَى الْمَدِينَةِ، وَكَانَ سَعْدٌ فِي قَصْرِهِ بِالْعَقِيقِ ، ثُمَّ جَاءَ سَعْدٌ فَصَلَّى عَلَيْهِ، وَهَلَكَ الْأَرْقَمُ وَهُوَ ابْنُ بِضْعٍ وَثَمَانِينَ سَنَةً

جب ارقم بن الاقم رضی اللہ عنہ کی وفات کا وقت آیا تو انہوں نے وصیت کی کہ ان کی نماز جنازہ سعد بن ابو وقاص رضی اللہ عنہ پڑھائیں حالانکہ مروان بن الحکم مدینے پر معاویہ رضی اللہ عنہ کا ولی تھا اور سعد رضی اللہ عنہ اپنے محل واقع عقیق میں تھے، پھر سعد رضی اللہ عنہ آ گئے اور انہوں نے ان پر نماز جنازہ پڑھی، وفات کے وقت ارقم بن الارقم رضی اللہ عنہ اسی برس سے زائد کے ہو چکے تھے۔ (۳)

خلیفہ ہارون الرشید کی والدہ خیزان جب حج کے لئے آئیں تو دار ارقم کو خرید کر یہاں مسجد تعمیر کرائی، بعد میں جب سعودی حکومت نے حرم کی توسیع کا پروگرام بنایا تو یہ مسجد اس کی ذد میں آ گئی جس کی وجہ سے اسے گرا دیا گیا۔

**مضامین سورۃ النبا:**

سورۃ القیامہ، الدھر، المرسلات کی طرح اس سورۃ کا مرکزی مضمون بھی بعث بعد الموت ہے، رسول اللہ ﷺ نے دعوت حق کا آغاز تین چیزوں کے خصوصی ذکر سے کیا جو ایمان کی بنیاد ہیں۔

- اللہ تعالیٰ کی وحدانیت پر ایمان اور شرک سے اجتناب۔
- محمد رسول اللہ ﷺ کی رسالت اور آپ ﷺ کے حکم کی مکمل اطاعت۔
- آخرت اور اس میں اعمال کی جزا کے لیے اولین و آخرین کا جمع ہونا اور عقائد و اعمال کا حساب لیا جانا۔

پچھلی تباہ شدہ اقوام کی طرح اہل مکہ بھی اللہ تعالیٰ کے وجود کے قائل تھے، وہ اللہ کے خالق ہونے، قادر ہونے اور رزاق ہونے پر ایمان رکھتے تھے مگر وہ مخلوقات کے چند افراد کو خدائی صفات و اختیارات کا مالک سمجھتے تھے، جیسا کہ سورۃ الزمر میں بیان ہوا۔ رسول اللہ ﷺ نے اپنی رسالت کا اعلان کرنے سے پہلے چالیس سال انہی لوگوں میں گزارے تھے، وہ رسول اللہ ﷺ کی دانائی و فرزانگی، سلامت روی اور اخلاق کی بلندی کے قائل و معترف تھے، وہ سید الامم ﷺ کی دیانت و امانت کے عینی شاہد تھے اور نبی کریم ﷺ کو صادق و امین کا لقب بھی دے چکے تھے لیکن اس کے باوجود آپ کی رسالت کے اقرار میں انہیں اس لیے ہچکچاہٹ تھی کیونکہ اس سے ان کی اپنی سیادت اور عظمت متاثر ہوتی

---

(۱) ابن سعد ۱۸۵،۳

(۲) ابن سعد ۱۸۵،۳

(۳) ابن سعد ۱۸۵،۳

تھی اور اسی طرح بیت اللہ کے مجاور اور متولی ہونے کی حیثیت سے حاصل ہونے والے مفادات سے بھی انہیں محروم ہونا پڑتا تھا، مگر انہیں سب سے زیادہ الجھن آخرت کے ذکر سے تھی اس لیے اس بات کا وہ سب سے زیادہ مذاق اڑاتے تھے اور تعجب کرتے تھے کہ جب انسان مر کر مٹی کے ساتھ مٹی ہو جائے گا اس کے ذرات بکھر جائیں گے تو پھر ان ذرات کو جمع کرنا اور ان سے دنیا کی زندگی کے بارے میں باز پرس کرنا بعید از عقل معلوم ہوتا ہے، چونکہ اسلام میں اس عقیدے کو بھی اولیت حاصل ہے اور اس عقیدے کو ذہنوں میں راسخ کرنے کے لیے اس کو کئی بار دہرایا گیا تا کہ انسانی تصورات وخیالات میں سنجیدگی اور راست گوئی پیدا کی جاسکے اور انسان کو اس کے مقصد حیات سے قریب تر لایا جاسکے۔

قیامت کے بارے میں اہل مکہ شکوک وشبہات کا شکار تھے اور اس کے بارے میں ہر کوچہ وبازار اور ہر محفل میں چرچے اور چہ مگوئیاں کرتے تھے، ان مکذبین سے سوال کیا گیا کہ کیا یہ لوگ یوم الفصل والی عظیم خبر کے بارے میں قرآن کی بتلائی ہوئی حقیقت سے اختلاف رکھتے ہیں، کوئی اس کا اقرار کرتا ہے اور کوئی انکار، کوئی تذبذب کا شکار ہے اور کوئی اس کا اثبات کرتا ہے وہ عنقریب جان لیں گے کہ ایک وقت مقررہ پر قیامت قائم ہو گی، اس کے بعد قدرت الٰہیہ کے دلائل اور قیامت کے مختلف مناظر اور جنت وجہنم کا تذکرہ ہے، فرمایا وہ اللہ جس نے زمین کو فرش کی طرح بچھونا بنایا ہے، بلند وبالا پہاڑوں کو میخوں کی طرح زمین میں گاڑ دیا ہے، تمام انسانوں کو مردوں اور عورتوں کے جوڑوں کی شکل میں پیدا کیا ہے، جس نے نیند کو ذریعہ آرام وسکون، رات کو لباس اور دن کو وقت معاش بنایا ہے، جس نے تمہارے اوپر بغیر ستونوں کے تہہ بہ تہہ سات مضبوط آسمان بنائے ہیں، جس نے آسمان دنیا پر ساری دنیا کو روشن اور حرارات مہیا کرنے والا چراغ بنایا ہے، جو بھرے بادلوں سے موسلا دھار مینہ برسا کر تمہارے لیے انواع واقسام کے اناج، سبزیاں، مختلف رنگوں، ذائقوں کے گھنے باغات اور جانوروں کے لیے چارہ پیدا کرتا ہے وہ قادر مطلق یقیناً مرنے کے بعد اعمال کی جزا کے لیے دوبارہ زندگی بھی عطا کر سکتا ہے، وہ سرکش لوگ جو حساب کتاب کی توقع نہیں رکھتے اور جنہوں نے اللہ کی آیات کو جھٹلا دیا ہے، ان کے سب اعمال اللہ کے ہاں لکھے ہوئے ہیں اور ان کی خبر لینے کے لیے جہنم گھات لگائے ہوئے ہے جہاں ان کے اعمال کا پورا پورا بدلہ چکا دیا جائے گا اور متقین کامیاب وکامران ہوں گے، اللہ تعالیٰ انہیں ان کے اجر کے علاوہ بہترین انعامات سے بھی نوازے گا، یوم الفصل برحق ہے اس کے وقوع میں کوئی شک وشبہ نہیں، اس دن کو دور نہ سمجھو وہ قریب آ لگا ہے اب جو شخص چاہے اپنے رب کے پاس اپنا ٹھکانا بنا لے، اس روز سب لوگ اللہ کی بارگاہ میں خشوع وخضوع کے ساتھ سر جھکائے کھڑے ہوں گے اور باوجود اللہ کے بے حد مہربان اور رحمٰن ہونے کے کسی کو اللہ تعالیٰ کے سامنے تاب گویائی نہ ہو گی، اس دن اللہ کی بارگاہ میں صرف وہی آدمی سفارش کا مجاز ہو گا جس کو اللہ اجازت فرمائے گا اور ان لوگوں کے حق میں سفارش قبول کی جائے گی جو ایمان کی دولت سے مالا مال اس دنیا سے اٹھائے گئے مگر عمل کے سلسلے میں ان کی کوتاہی تھی، کفار کے حق میں ہرگز ہرگز کوئی سفارش قبول نہیں کی جائے گی، اس روز ہر شخص اپنے کیے ہوئے اعمال کو دیکھ لے گا اور اس کے بارے میں قطعی فیصلہ سنا دیا جائے گا اس فیصلہ کو سن کر کافر یہ تمنا کرے گا اے کاش! میں مٹی ہوتا، یعنی میں پیدا ہی نہ ہوا ہوتا، یا میں تکبر نہ کرتا اور مٹی کی طرح مسکینی اور عاجزی اختیار کرتا، یا یہ کہ میں انسان نہیں حیوان ہوتا اور مجھے بھی حیوانوں کی طرح دوبارہ زندہ کرنے کے بعد مٹی بنا دیا جاتا تا کہ میں جہنم کے اس ہولناک عذاب سے بچ جاتا مگر ان کو اس پشیمانی کا ہرگز فائدہ نہ پہنچ سکے گا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

عَمَّ یَتَسَآءَلُوۡنَ ۚ﴿۱﴾ عَنِ النَّبَاِ الۡعَظِیۡمِ ۙ﴿۲﴾ الَّذِیۡ ہُمۡ فِیۡہِ مُخۡتَلِفُوۡنَ ؕ﴿۳﴾

یہ لوگ کس کے بارے میں پوچھ گچھ کر رہے ہیں اس بڑی خبر کے متعلق جس کے بارے میں یہ اختلاف کر رہے ہیں،

کَلَّا سَیَعۡلَمُوۡنَ ۙ﴿۴﴾ ثُمَّ کَلَّا سَیَعۡلَمُوۡنَ ﴿۵﴾ (النبا۱تا۵)

یقیناً یہ ابھی جان لیں گے پھر بالیقین انہیں بہت جلد معلوم ہو جائے گا۔

اللہ تعالیٰ نے دین کی تبلیغ کا آغاز اللہ تعالیٰ کی وحدانیت، رسول اللہ ﷺ کی رسالت اور ان کی اطاعت اور آخرت جس میں اولین وآخرین تمام لوگوں کا جمع ہونا سے کیا، اہل مکہ اللہ تعالیٰ کے خالق، قادر اور رازق ہونے کو تسلیم کرتے تھے، مگر اپنے خود ساختہ معبودوں کو اللہ کے اختیارات میں شریک سمجھتے تھے، رسول اللہ ﷺ نبوت سے پہلے کی تمام زندگی اسی معاشرہ میں گزار چکے تھے، رسول اللہ ﷺ کی سیرت وکردار کی بنا پر انہیں صادق وامین کے خطاب سے بھی نواز اجاچکا تھا، کیونکہ قریش کو اپنی سیادت اور بیت اللہ کے مجاور ہونے کی حیثیت سے مالی مفادات کا خوف تھا اس لئے اہل مکہ آپ کی رسالت کے اقرار میں ہچکچاتے تھے، مگر سب سے زیادہ پریشان کن بات ان کے لئے نظریہ آخرت تھا، عرب میں قیامت کے بارے میں مختلف خیالات کے لوگ بستے تھے، ان میں ایک گروہ جو عیسائیوں سے متاثر تھا وہ حیات بعد از موت کو مانتا تھا مگر اس زندگی کو جسمانی کی بجائے روحانی تسلیم کرتا تھا، ایک گروہ ایسا تھا جو قیامت کے بارے میں شک وشبہ میں مبتلا تھا، جیسے فرمایا

اِنۡ نَّظُنُّ اِلَّا ظَنًّا وَّمَا نَحۡنُ بِمُسۡتَیۡقِنِیۡنَ ﴿۳۲﴾ [1]

ترجمہ: ہم تو بس ایک گمان سار کھتے ہیں، یقین ہم کو نہیں ہے۔

ایک گروہ ایسا تھا جو صاف صاف کہتا تھا کہ مرنے کے بعد کوئی زندگی نہیں ہے۔

وَقَالُوۡۤا اِنۡ ہِیَ اِلَّا حَیَاتُنَا الدُّنۡیَا وَمَا نَحۡنُ بِمَبۡعُوۡثِیۡنَ ﴿۲۹﴾ [2]

ترجمہ: جو کچھ بھی ہے بس ہماری یہی دنیا کی زندگی ہے اور ہم ہرگز مرنے کے بعد دوبارہ نہ اٹھائے جائیں گے۔

ایک گروہ دہریہ تھا جو کہتا تھا کہ گردش زمانہ ہی ہمیں ہلاک کرتی ہے۔

وَقَالُوۡا مَا ہِیَ اِلَّا حَیَاتُنَا الدُّنۡیَا نَمُوۡتُ وَنَحۡیَا وَمَا یُہۡلِکُنَاۤ اِلَّا الدَّہۡرُ ﴿۲۴﴾ [3]

ترجمہ: زندگی یہی ہماری دنیا کی زندگی ہے، یہیں ہم مرتے اور جیتے ہیں اور گردش ایام کے سوا کوئی چیز نہیں جو ہمیں ہلاک کرتی ہو۔

ایک گروہ ایسا تھا جو دہریہ تو نہ تھا مگر اللہ کو دوبارہ زندگی بخشنے پر قادر نہیں سمجھتا تھا۔

[1] الجاثیہ۳۲

[2] الانعام۲۹

[3] الجاثیہ۲۴

قَالَ مَنۡ يُّحۡىِ الۡعِظَامَ وَهِىَ رَمِيۡمٌ ۝۷۸ [1]

ترجمہ: کہتا ہے کون ان ہڈیوں کو زندہ کرے گا جبکہ یہ بوسیدہ ہو چکی ہوں؟۔

اللہ تعالیٰ نے آخرت کے عقیدے کو ذہنوں میں راسخ کرنے کے لئے اس ذکر کو بار بار دہرایا تاکہ انسانی تصورات وخیالات میں سنجیدگی اور راست گوئی پیدا کی جاسکے اور انسان کو اس کے مقصد حیات سے قریب تر لایا جائے چنانچہ جب اللہ تعالیٰ نے قیامت کے بارے میں صحیح نقشہ بیان فرمایا تو یہ لوگ تعجب سے مکہ کے ہر کوچہ وبازار اور مجلسوں میں اپنے اپنے گمان وقیاس کا اظہار کرنے لگے کہ کیا ایسا ہونا ممکن ہے ،چنانچہ ان لوگوں کی قیاس آرائیوں کے بارے میں فرمایا مشرکین قیامت کے بارے میں مختلف چہ میگوئیاں کر رہے ہیں کہ کیا قیامت کا واقع ہونا ممکن ہے؟ یہ اس عظیم خبر کے بارے میں چہ میگوئیاں کر رہے ہیں جس کے آنے میں کوئی شک نہیں ،جو کچھ یہ گمان وقیاس کر رہے ہیں وہ صحیح نہیں ، قیامت جس کا صحیح وقت اللہ ہی کو معلوم ہے بہت دور نہیں بلکہ بہت جلد ایک حقیقت بن کر ان کے سامنے آجائے گی ،ہاں بہت جلد انہیں اس عذاب کے بارے میں معلوم ہو جائے گا جسے یہ جھٹلاتے تھے۔

اَلَمۡ نَجۡعَلِ الۡاَرۡضَ مِهٰدًا ۝۶ وَّ الۡجِبَالَ اَوۡتَادًا ۝۷ وَّ خَلَقۡنٰكُمۡ اَزۡوَاجًا ۝۸

کیا ہم نے زمین کو فرش نہیں بنایا ؟ اور پہاڑوں کو میخیں (نہیں بنایا)؟ اور ہم نے تجھے جوڑا جوڑا پیدا کیا

وَّ جَعَلۡنَا نَوۡمَكُمۡ سُبَاتًا ۝۹ وَّ جَعَلۡنَا الَّيۡلَ لِبَاسًا ۝۱۰ وَّ جَعَلۡنَا النَّهَارَ مَعَاشًا ۝۱۱

اور ہم نے تمہاری نیند کو آرام کا سبب بنایا اور رات کو ہم نے پردہ بنایا اور دن کو ہم نے وقت روزگار بنایا،

وَّ بَنَيۡنَا فَوۡقَكُمۡ سَبۡعًا شِدَادًا ۝۱۲ وَّ جَعَلۡنَا سِرَاجًا وَّهَّاجًا ۝۱۳

اور تمہارے اوپر ہم نے سات مضبوط آسمان بنائے اور ایک چمکتا ہوا روشن چراغ (سورج) پیدا کیا،

وَّ اَنۡزَلۡنَا مِنَ الۡمُعۡصِرٰتِ مَآءً ثَجَّاجًا ۝۱۴ لِّنُخۡرِجَ بِهٖ حَبًّا وَّ نَبَاتًا ۝۱۵

اور بدلیوں سے ہم نے بکثرت بہتا ہوا پانی برسایا تاکہ اس سے اناج اور سبزہ اگائیں

وَّ جَنّٰتٍ اَلۡفَافًا ۝۱۶ (النبا۶تا۱۶)

اور گھنے باغ (بھی اگائیں)۔

اللہ تعالیٰ نے تخلیق کائنات اور نوع انسانی پر کیے گئے احسانات کا تذکرہ فرمایا کہ کیا یہ حقیقت نہیں کہ اللہ نے مخلوقات کے لیے ہموار ونرم زمین کا فرش بنایا، جیسے فرمایا:

الَّذِىۡ جَعَلَ لَكُمُ الۡاَرۡضَ مَهۡدًا ... ۝۵۳ [2]

[1] یٰسین ۷۸

[2] طٰہٰ:53

ترجمہ: وہی جس نے تمہارے لیے زمین کا فرش بچھایا۔

الَّذِیۡ جَعَلَ لَکُمُ الۡاَرۡضَ مَھۡدًا ... ۝۱۰ ①

ترجمہ: وہی نا جس نے تمہارے لیے اس زمین کو گھوارہ بنایا۔

وَاللّٰہُ جَعَلَ لَکُمُ الۡاَرۡضَ بِسَاطًا ۝۱۹ ②

ترجمہ: اور اللہ نے زمین کو تمہارے لیے فرش کی طرح بچھا دیا۔

زمین جو ایک ہزار میل فی گھنٹہ کی رفتار سے اپنے محور پر گھوم رہی ہے مگر تم اسے محسوس تک نہیں کرتے، پھر زمین کو ساکن رکھنے، زمین کی گردش اور اس کی رفتار میں انضباط کے لئے پہاڑوں کو اس میں میخوں کی طرح گاڑ دیا، اور ان پہاڑوں کے بیچ میں درے بنائے، جیسے فرمایا:

...وَاَنۡھٰرًا وَّسُبُلًا لَّعَلَّکُمۡ تَھۡتَدُوۡنَ ۝۱۵ ③

ترجمہ: اس نے دریا جاری کیے اور قدرتی راستے بنائے تا کہ تم ہدایت پاؤ۔

پانی کو ان پر منجمد کرنے اور پھر ان دروں سے ضرورت کے وقت بہانے کا بندوبست فرمایا، اس نے پانی کے ایک حقیر قطرے سے مختلف جسمانی ساخت، مختلف ذہنی ونفسی اوصاف اور مختلف جذبات، مختلف شکلوں، رنگوں والے مرد و عورتوں کے علاوہ حیوانات، نباتات و جمادات غرض ہر چیز کا جوڑا جوڑا پیدا کیا، جیسے فرمایا:

وَّخَلَقۡنٰکُمۡ اَزۡوَاجًا ۝۸ ④

ترجمہ: اور تمہیں (مردوں اور عورتوں کے) جوڑوں کی شکل میں پیدا کیا۔

وَاللّٰہُ خَلَقَکُمۡ مِّنۡ تُرَابٍ ثُمَّ مِنۡ نُّطۡفَۃٍ ثُمَّ جَعَلَکُمۡ اَزۡوَاجًا ... ۝۱۱ ⑤

ترجمہ: اللہ نے تم کو مٹی سے پیدا کیا، پھر نطفہ سے، پھر تمہارے جوڑے بنا دیے (یعنی مرد اور عورت)۔

...وَمِنۡ کُلِّ الثَّمَرٰتِ جَعَلَ فِیۡھَا زَوۡجَیۡنِ اثۡنَیۡنِ ... ۝۳ ⑥

ترجمہ: اسی نے ہر طرح کے پھلوں کے جوڑے پیدا کیے ہیں۔

وَمِنۡ کُلِّ شَیۡءٍ خَلَقۡنَا زَوۡجَیۡنِ لَعَلَّکُمۡ تَذَکَّرُوۡنَ ۝۴۹ ⑦

---

① الزخرف ۱۰

② نوح ۱۹

③ النحل ۱۵

④ النبا ۸

⑤ فاطر ۱۱

⑥ الرعد ۳

⑦ الذاریات ۴۹

ترجمہ:اور ہر چیز کے ہم نے جوڑے بنائے ہیں شاید کہ تم اس سے سبق لو۔

اور سارے دن کے کام کاج کی تھکان، کسل مندی دور کرنے کے لئے پردہ پوش رات بنائی جس میں انسان سو کر راحت حاصل کرتا ہے، اور دن کو کسب معاش کے لئے روشن بنایا،اسی نے زمین کے اوپر سات تہہ بہ تہہ مضبوط و مستحکم اور زینت والے آسمان بنائے، جیسے فرمایا

الَّذِیْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ... ﴿۳﴾ [۱]

ترجمہ:جس نے تہ بہ تہ سات آسمان بنائے۔

اَلَمْ تَرَوْا كَیْفَ خَلَقَ اللّٰهُ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًاۙ ﴿۱۵﴾ [۲]

ترجمہ: کیا دیکھتے نہیں ہو کہ اللہ نے کس طرح سات آسمان تہ بہ تہ بنائے۔

جن میں سے ہر ایک کا درمیانی فاصلہ پانچ سو میل کی مسافت جتنا ہے،زمین سے پانچ سو میل بلندی تک ہوا کا ایک کثیف پردہ چڑھایا جس سے گزر کر کوئی شہاب ثاقب اور مہلک شعاعیں زمین تک نہیں پہنچ سکتی،یہی ہوا ایک قانون کے تحت درجہ حرارت کو قابو میں رکھتی ہے ، کبھی یہ ٹھنڈی ہو کر چلتی ہے اور کبھی گرم ہو کر، کبھی بند ہو جاتی ہے تو کبھی آندھی اور طوفان کی شکل اختیار کر لیتی ہے، کبھی خشک چلتی ہے اور کبھی مرطوب، کبھی بارش لانے والی ہوتی ہے تو کبھی بادلوں کو اڑا لے جانے والی ہوتی ہے،طرح طرح کی ہواؤں سے موسموں کی تبدیلی واقع ہوتی ہے،زمین سے نو کروڑ تیس لاکھ میل دور ایک کروڑ چالیس لاکھ ڈگری سینٹی گریڈ حرارت والا سورج چمکایا،جو اللہ کے حکم سے ایک لگے بندھے نظام کے مطابق اربوں سالوں سے تمام جہان کو روشنی اور حرارت مہیا کر رہا ہے جس سے انسان حرارت حاصل کرتا ہے،اسی حرارت سے ہوائیں سمندروں سے گرم بھاپیں اٹھاتی ہیں، پھر یہ بادل بنتے ہیں اور پھر زمین کے مختلف حصوں پر جہاں اللہ چاہتا ہے بارش برسا دیتا ہے، جیسے فرمایا:

اَللّٰهُ الَّذِیْ یُرْسِلُ الرِّیٰحَ فَتُثِیْرُ سَحَابًا فَیَبْسُطُهٗ فِی السَّمَآءِ كَیْفَ یَشَآءُ ...﴿۴۸﴾ [۳]

ترجمہ:اللہ ہی ہے جو ہواؤں کو بھیجتا ہے اور وہ بادل اٹھاتی ہیں پھر وہ ان بادلوں کو آسمان میں پھیلاتا ہے جس طرح چاہتا ہے۔

پھر بارش کے اس پانی سے مختلف اجناس، سبزیاں اور انواع اقسام ،مختلف رنگت اور مختلف ذائقہ دار پھل اور جانوروں کے لئے چارہ پیدا ہوتا ہے، جیسے فرمایا:

وَفِی الْاَرْضِ قِطَعٌ مُّتَجٰوِرٰتٌ وَّجَنّٰتٌ مِّنْ اَعْنَابٍ وَّزَرْعٌ وَّنَخِیْلٌ صِنْوَانٌ وَّغَیْرُ صِنْوَانٍ یُّسْقٰى بِمَآءٍ وَّاحِدٍ وَنُفَضِّلُ بَعْضَهَا عَلٰى بَعْضٍ فِی الْاُكُلِ ۭ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ ﴿۴﴾ [۴]

ترجمہ:اور دیکھو زمین میں الگ الگ خطے پائے جاتے ہیں جو ایک دوسرے سے متصل واقع ہیں،انگور کے باغ ہیں، کھیتیاں ہیں، کھجور کے

[۱] الملک ۳

[۲] نوح ۱۵

[۳] الروم ۴۸

[۴] الرعد ۴

درخت ہیں جن میں سے کچھ اکہرے ہیں اور کچھ دوہرے، سب کو ایک ہی پانی سیراب کرتا ہے مگر مزے میں ہم کسی کو بہتر بنادیتے ہیں اور کسی کو کمتر، ان سب چیزوں میں بہت سی نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لیے جو عقل سے کام لیتے ہیں۔

جس قادر مطلق نے اپنی قدرت کاملہ سے یہ کائنات تخلیق کی ہے، اتنا عظیم الشان نظام شمسی تیار کر کے اس کو انسان کی خدمت پر مامور کر دیا ہے، مختلف مخلوقات پیدا کیں اور ان کے رزق کا بندوبست کیا ہے، کیا یہ سارا نظام اس نے لغو اور بے کار بنایا ہے؟ ہر گز نہیں، بلکہ یہ کارخانہ قدرت بامقصد ہے، جیسے فرمایا:

**وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا بَاطِلًا ۚ ذٰلِكَ ظَنُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ...﴿۲۷﴾** (۱)

ترجمہ: ہم نے اس آسمان اور زمین کو اور اس دنیا کو جو ان کے درمیان ہے فضول پیدا نہیں کر دیا ہے یہ تو ان لوگوں کا گمان ہے جنہوں نے کفر کیا ہے۔

تو پھر سوچو کیا اللہ اس پر قادر نہیں ہو سکتا کہ وسیع و عریض جنت و دوزخ تیار کر لے اور انسان کو دوبارہ پیدا کر کے اس کے اعمال اور اپنی نعمتوں کا محاسبہ کرے۔

**اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ كَانَ مِيْقَاتًا ﴿۱۷﴾ يَّوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَتَاْتُوْنَ اَفْوَاجًا ﴿۱۸﴾**

بیشک فیصلہ کا دن کا وقت مقرر ہے، جس دن کہ صور پھونکا جائے گا پھر تم فوج در فوج چلے آؤ گے،

**وَّ فُتِحَتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ اَبْوَابًا ﴿۱۹﴾ وَّ سُيِّرَتِ الْجِبَالُ**

اور آسمان کھول دیا جائے گا تو اس میں دروازے دروازے ہوجائیں گے اور پہاڑ چلائے جائیں گے

**فَكَانَتْ سَرَابًا ﴿۲۰﴾** (النبا ۱۷ تا ۲۰)

پس وہ سراب ہوجائیں گے۔

قیامت کے وقوع پذیر ہونے سے قبل کی نشانیاں بتلائیں کہ یقیناً انسانوں کے اعمال کی جزا کے لئے فیصلے کا ایک دن مقرر ہے جو مقررہ وقت سے نہ آگے ہوگا نہ پیچھے، جیسے فرمایا:

**وَمَا نُؤَخِّرُهٗۤ اِلَّا لِاَجَلٍ مَّعْدُوْدٍ ﴿۱۰۴﴾** (۲)

ترجمہ: ہم اس کے لانے میں کچھ بہت زیادہ تاخیر نہیں کر رہے ہیں۔

**...وَجَعَلَ لَهُمْ اَجَلًا لَّا رَيْبَ فِيْهِ...** (۳)

ترجمہ: اس نے ان کے حشر کے لیے ایک وقت مقرر کر رکھا ہے جس کا آنا یقینی ہے۔

(۱) ص ۲۷

(۲) ہود ۱۰۴

(۳) بنی اسرائیل ۹۹

جب تیسری اور آخری مرتبہ صور میں پھونک ماری جائے گی، جس کی آواز بلند ہوتے ہی آغاز آفرینش سے قیامت تک پیدا ہونے والے تمام مرے ہوئے انسان یکا یک گروہ در گروہ اپنی قبروں سے جسم وجان کے ساتھ نکل آئیں گے، اور ہر امت اپنے اپنے نبی کے ساتھ رب العزت کی بارگاہ میں کھڑی ہو جائے گی، جیسے فرمایا:

يَوْمَ نَدْعُوا كُلَّ أُنَاسٍۢ بِإِمَامِهِمْ ... ﴿٧١﴾ (۱)

ترجمہ: پھر خیال کرو اس دن کا جب کہ ہم ہر انسانی گروہ کو اس کے پیشوا کے ساتھ بلائیں گے۔

وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِي كُلِّ أُمَّةٍ شَهِيدًا عَلَيْهِم مِّنْ أَنفُسِهِمْ وَجِئْنَا بِكَ شَهِيدًا عَلَىٰ هَٰؤُلَاءِ ... ﴿٨٩﴾ (۲)

ترجمہ: (اے نبی ﷺ انہیں اس دن دے خبردار کر دو) جب کہ ہم ہر امت میں خود اسی کے اندر سے ایک گواہ اٹھا کھڑا کریں گے جو اس کے مقابلہ میں شہادت دے گا اور ان لوگوں کے مقابلے میں شہادت دینے کے لئے ہم تمہیں لائیں گے۔

(دوسرے صور کی کیفیت بیان فرمائی) کہ اس کی آواز سے آسمان پھٹ جائے گا اور اس میں دروازے بن جائیں گے، جیسے فرمایا

فَإِذَا انشَقَّتِ السَّمَاءُ فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ ﴿٣٧﴾ (۳)

ترجمہ: پھر (کیا بنے گا اس وقت) جب آسمان پھٹے گا اور لال چمڑے کی طرح سرخ ہو جائے گا؟۔

زمین جھنجھوڑ دی جائے گی، جیسے فرمایا

إِذَا رُجَّتِ الْأَرْضُ رَجًّا ﴿٤﴾ (۴)

ترجمہ: زمین اس وقت یکبارگی ہلا ڈالی جائے گی۔

إِذَا زُلْزِلَتِ الْأَرْضُ زِلْزَالَهَا ﴿١﴾ (۵)

ترجمہ: جب زمین اپنی پوری شدت کے ساتھ ہلا ڈالی جائے گی۔

دیکھتے ہی دیکھتے بلند وبالا پہاڑ اپنی جگہ سے اکھڑ کر ہوا میں بادلوں کی طرح اڑنے لگیں گے اور آپس میں ٹکرا کر ریزہ ریزہ ہو کر اس طرح پھیل جائیں گے کہ جہاں پہلے کبھی پہاڑ تھے، وہاں ریت کے وسیع، ہموار اور چٹیل میدانوں کے سوا اور کچھ نہیں ہوگا، جیسے فرمایا

وَيَسْأَلُونَكَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ يَنسِفُهَا رَبِّي نَسْفًا ﴿١٠٥﴾ فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا ﴿١٠٦﴾ لَّا تَرَىٰ فِيهَا عِوَجًا وَلَا أَمْتًا ﴿١٠٧﴾ (۶)

---

(۱) بنی اسرائیل ۷۱

(۲) النحل ۸۹

(۳) الرحمٰن ۳۷

(۴) الواقعۃ ۴

(۵) الزلزال ۱

(۶) طٰہٰ ۱۰۵ تا ۱۰۷

ترجمہ: یہ لوگ تم سے پوچھتے ہیں کہ آخر اس دن پہاڑ کہاں چلے جائیں گے ؟ کہو کہ میرا رب ان کو دھول بنا کر اڑا دے گا اور زمین کو ایسا ہموار چٹیل میدان بنادے گا کہ اس میں تم کوئی بل اور سلوٹ نہ دیکھو گے۔

وَيَوْمَ نُسَيِّرُ الْجِبَالَ وَتَرَى الْأَرْضَ بَارِزَةً ... ﴿٤٧﴾ [1]

ترجمہ: جب کہ ہم پہاڑوں کو چلائیں گے اور تم زمین کو بالکل برہنہ (صاف میدان کی طرح) پاؤ گے۔

وَتَكُونُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ الْمَنْفُوشِ ﴿٥﴾ [2]

ترجمہ: اور پہاڑ رنگ برنگ کے دھنکے ہوئے اون کی طرح ہوں گے۔

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا بَيْنَ النَّفْخَتَيْنِ أَرْبَعُونَ،قَالَ: أَرْبَعُونَ يَوْمًا؟ قَالَ: أَبَيْتُ،قَالَ: أَرْبَعُونَ شَهْرًا؟قَالَ: أَبَيْتُ،قَالَ: أَرْبَعُونَ سَنَةً؟ قَالَ: أَبَيْتُ،قَالَ:ثُمَّ يُنْزِلُ اللَّهُ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَيَنْبُتُونَ كَمَا يَنْبُتُ البَقْلُ، لَيْسَ مِنَ الإِنْسَانِ شَيْءٌ إِلَّا يَبْلَى، إِلَّا عَظْمًا وَاحِدًا وَهُوَ عَجْبُ الذَّنَبِ، وَمِنْهُ يُرَكَّبُ الخَلْقُ يَوْمَ القِيَامَةِ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا دونوں صور کے درمیان چالیس ہوں گے،صحابہ رضی اللہ عنہم نے دریافت کیا چالیس دن؟فرمایا میں نہیں کہہ سکتا،انہوں نے دریافت کیا چالیس مہینے؟فرمایا مجھے خبر نہیں،انہوں نے پھر دریافت کیا چالیس سال؟فرمایا میں یہ بھی نہیں کہہ سکتا فرمایا پھر اللہ تعالیٰ آسمان سے پانی برسائے گا اور جس طرح درخت اگتے ہیں لوگ زمین سے اگیں گے،انسان سارے کا سارا گل سڑ جائے گا لیکن ایک ہڈی اور وہ کمر کی ریڑھ کی ہڈی ہے اسی سے قیامت کے دن مخلوق مرکب کی جائے گی۔ [3]

اِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا ﴿٢١﴾ لِّلطَّاغِيْنَ مَاٰبًا ﴿٢٢﴾ لّٰبِثِيْنَ فِيْهَآ اَحْقَابًا ﴿٢٣﴾

بیشک دوزخ گھات میں ہے، سرکشوں کا ٹھکانا وہی ہے اس میں وہ مدتوں تک پڑے رہیں گے

لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا بَرْدًا وَّ لَا شَرَابًا ﴿٢٤﴾ اِلَّا حَمِيْمًا وَّ غَسَّاقًا ﴿٢٥﴾ جَزَآءً وِّفَاقًا ﴿٢٦﴾

نہ کبھی اس میں خنکی کا مزہ چکھیں گے نہ پانی کا سوائے گرم پانی اور (بہتی) پیپ کے،(ان کو) پورا پورا بدلہ ملے گا،

اِنَّهُمْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ حِسَابًا ﴿٢٧﴾ وَّ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا كِذَّابًا ﴿٢٨﴾

انہیں تو حساب کی توقع ہی نہ تھی اور بےباکی سے ہماری آیتوں کو جھٹلاتے تھے،

---

[1] الکہف ۴۷

[2] القارعۃ ۵

[3] صحیح بخاری کتاب التفسیر سورۂ عم یتساء لون بَابُ يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّورِ فَتَأْتُونَ أَفْوَاجًا ۴۹۳۵، صحیح مسلم کتاب الفتن بَابُ مَا بَيْنَ النَّفْخَتَيْنِ ۷۴۱۴

وَ كُلَّ شَيۡءٍ اَحۡصَيۡنٰهُ كِتٰبًا ﴿۲۹﴾ فَذُوۡقُوۡا فَلَنۡ نَّزِيۡدَكُمۡ اِلَّا عَذَابًا ﴿۳۰﴾ (النبا۲۱تا۳۰)

ہم نے ہر چیز کو لکھ کر شمار کر رکھا ہے اب تم (اپنے کیئے کا) مزہ چکھو ،ہم تمہارا عذاب ہی بڑھاتے رہیں گے۔

حقیقت یہ ہے کہ جہنم اللہ کے حکم سے کفار کے لئے گھات لگائے بیٹھی ہے،جہنم جو اللہ کے باغیوں اور سرکشوں کا ٹھکانا ہے، جس میں وہ ابدالآباد تک پڑے رہیں گے،وہاں انہیں اپنے اعمال کے سبب ٹھنڈایا پینے کے قابل مشروب کے بجائے کھولتا ہوا پانی اور سخت تعفن اورسڑانڈ والا پیپ اور کچ لہو وغیرہ دیا جائے گا،اور یہ پانی اتنا تیز گرم ہو گا کہ جہنمیوں کی انتیں اس سے کٹ جائیں گی۔

۔۔۔وَسُقُوۡا مَآءً حَمِيۡمًا فَقَطَّعَ اَمۡعَآءَهُمۡ ﴿۱۵﴾ [1]

ترجمہ:اور جنہیں ایسا گرم پانی پلایا جائے گا جو ان کی آنتیں تک کاٹ دے گا۔

اس سزا کی وجہ یہ ہے کہ یہ دنیا میں سرکشی کی زندگی گزارتے اور اپنے عقائد پر قائم رہے کہ قیامت کبھی قائم نہیں ہو گی، مرنے کے بعد کوئی زندگی نہیں، اللہ کی بے شمار نعمتوں اور اپنے اعمال کا حساب دینے کے لئے کوئی روز محشر نہیں،ان باغیوں نے انبیاء کی تنبیہات کو جھوٹ قرار دے کر تسلیم کرنے سے انکار کر دیا تھا حالانکہ اللہ نے ان کو متنبہ کر دیا تھا کہ اس کے مقرر کر دہ اہل کار ان کی نیتوں اور چھوٹے بڑے اعمال کا پورا پورا ریکاڈ تیار کر رہے ہیں، جیسے فرمایا:

وَاِنَّ عَلَيۡكُمۡ لَحٰفِظِيۡنَ ﴿۱۰﴾ كِرَامًا كَاتِبِيۡنَ ﴿۱۱﴾ يَعۡلَمُوۡنَ مَا تَفۡعَلُوۡنَ ﴿۱۲﴾ [2]

ترجمہ: حالانکہ تم پر نگراں مقرر ہیں،ایسے معزز کاتب جو تمہارے ہر فعل کو جانتے ہیں۔

جس میں ذرہ بھر بھول چوک نہیں ہو گی اور تمہیں اس کی جوابدہی کرنی ہو گی جیسے فرمایا:

۔۔۔وَنَكۡتُبُ مَا قَدَّمُوۡا وَاٰثَارَهُمۡ ۔۔۔ ﴿۱۲﴾ [3]

ترجمہ: جو کچھ افعال انہوں نے کیے ہیں وہ سب ہم لکھتے جا رہے ہیں اور جو کچھ آثار انہوں نے پیچھے چھوڑے ہیں وہ بھی ہم ثبت کر رہے ہیں۔

وَوُضِعَ الۡكِتٰبُ فَتَرَى الۡمُجۡرِمِيۡنَ مُشۡفِقِيۡنَ مِمَّا فِيۡهِ وَيَقُوۡلُوۡنَ يٰوَيۡلَتَنَا مَالِ هٰذَا الۡكِتٰبِ لَا يُغَادِرُ صَغِيۡرَةً وَّلَا كَبِيۡرَةً اِلَّاۤ اَحۡصٰٮهَا ۚ وَوَجَدُوۡا مَا عَمِلُوۡا حَاضِرًا ؕ وَلَا يَظۡلِمُ رَبُّكَ اَحَدًا ﴿۴۹﴾ [4]

ترجمہ:اور نامہ اعمال سامنے رکھ دیا جائے گا اس وقت تم دیکھو گے کہ مجرم لوگ اپنی کتاب زندگی کے اندراجات سے ڈر رہے ہوں گے اور کہتے جاتے ہوں گے اور کہہ رہے ہوں گے ہائے ہماری کم بختی! یہ کیسی کتاب ہے کہ ہماری کوئی چھوٹی بڑی حرکت ایسی نہیں رہی جو اس میں درج نہ ہو گئی، ہو جو جو کچھ انہوں نے کیا تھا وہ سب اپنے سامنے حاضر پائیں گے اور تیرا رب کسی پر ذرا ظلم نہ کرے گا۔

مگر تم لوگوں نے ہر تنبیہ کو سنا ان سنا کر خود ہی اپنی جانوں پر ظلم کیا تھا،لہذا اس دردناک عذاب اور دائمی رسوائی کو جھٹلانے والو اب اپنی سرکشی

[1] محمد۱۵

[2] الانفطار۱۰تا۱۲

[3] یٰسین۱۲

[4] الکہف۴۹

اور بد اعمالیوں کا مزا چکھو، اب ہم عذاب میں تخفیف کرنے کے بجائے ہر آن اور ہر وقت اضافہ ہی کریں گے۔

اِنَّ لِلۡمُتَّقِیۡنَ مَفَازًا ﴿۳۱﴾ حَدَآئِقَ وَ اَعۡنَابًا ﴿۳۲﴾ وَّ کَوَاعِبَ اَتۡرَابًا ﴿۳۳﴾

”یقیناً پرہیز گار لوگوں کے لیے کامیابی ہے، باغات ہیں اور انگور ہیں اور نوجوان کنواری ہم عمر عورتیں ہیں، چھل

وَّ کَاۡسًا دِهَاقًا ﴿۳۴﴾ لَا یَسۡمَعُوۡنَ فِیۡهَا لَغۡوًا وَّ لَا کِذّٰبًا ﴿۳۵﴾

کتے ہوئے جام شراب ہیں، وہاں نہ تو وہ بیہودہ باتیں سنیں گے اور نہ ہی جھوٹیں باتیں سنیں گے ،

جَزَآءً مِّنۡ رَّبِّکَ عَطَآءً حِسَابًا ﴿۳۶﴾

(ان کو) تیرے رب کی طرف سے (ان کے نیک اعمال کا) یہ بدلہ ملے گا جو کافی انعام ہوگا

رَّبِّ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ وَ مَا بَیۡنَهُمَا

(اس رب کی طرف سے ملے گا جو کہ) آسمانوں کا اور زمین کا اور جو کچھ ان کے درمیان ہے

الرَّحۡمٰنِ لَا یَمۡلِکُوۡنَ مِنۡهُ خِطَابًا ﴿۳۷﴾ (النبا ۳۱ تا ۳۷)

ان کا پروردگار ہے اور بڑی بخشش کرنے والا ہے، کسی کو اس سے بات چیت کرنے کا اختیار نہیں ہوگا۔

مجرموں اور باغیوں کے مقابلہ میں وہ متقی لوگ جو اللہ کی آیات پر ایمان لائے، اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت میں زندگی گزاری، جنھوں نے اللہ کی پکڑ سے ڈرتے ہوئے زندگی گزاری کہ آخر ایک دن رب کی بارگاہ میں کھڑے ہو کر ذرہ ذرہ کا حساب دینا ہے، جیسے لقمان نے اپنے بیٹے سے فرمایا تھا۔

یٰبُنَیَّ اِنَّهَاۤ اِنۡ تَکُ مِثۡقَالَ حَبَّةٍ مِّنۡ خَرۡدَلٍ فَتَکُنۡ فِیۡ صَخۡرَةٍ اَوۡ فِی السَّمٰوٰتِ اَوۡ فِی الۡاَرۡضِ یَاۡتِ بِهَا اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَطِیۡفٌ خَبِیۡرٌ ﴿۱۶﴾ [۱]

ترجمہ: (اور لقمان نے کہا تھا کہ) بیٹا! کوئی چیز رائی کے دانہ برابر بھی ہو اور کسی چٹان میں یا آسمانوں یا زمین میں کہیں چھپی ہوئی ہو اللہ اسے نکال لائے گا، وہ باریک بیں اور باخبر ہے۔

فَمَنۡ یَّعۡمَلۡ مِثۡقَالَ ذَرَّةٍ خَیۡرًا یَّرَهٗ ﴿۷﴾ وَمَنۡ یَّعۡمَلۡ مِثۡقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا یَّرَهٗ ﴿۸﴾ [۲]

ترجمہ: پھر جس نے ذرہ برابر نیکی کی ہوگی وہ اس کو دیکھ لے گا اور جس نے ذرہ برابر بدی کی ہوگی وہ اس کو دیکھ لے گا۔

وَنَضَعُ الۡمَوَازِیۡنَ الۡقِسۡطَ لِیَوۡمِ الۡقِیٰمَةِ فَلَا تُظۡلَمُ نَفۡسٌ شَیۡـًٔا ؕ وَاِنۡ کَانَ مِثۡقَالَ حَبَّةٍ مِّنۡ خَرۡدَلٍ

---

[۱] لقمان ۱۶

[۲] الزلزال ۷،۸

اٰتَیْنَا بِہَا ؕ وَ کَفٰی بِنَا حٰسِبِیْنَ ﴿۴۷﴾ (۱)

ترجمہ: قیامت کے روز ہم ٹھیک تولنے والے ترازو رکھ دیں گے پھر کسی شخص پر ذرا برابر ظلم نہ ہوگا، جس کارائی کے دانے برابر بھی کچھ کیا دھرا ہوگا وہ ہم سامنے لے آئیں گے اور حساب لگانے کے لیے ہم کافی ہیں۔

وہ امتحان میں کامیاب و کامران قرار پائیں گے اور اللہ انہیں انکے تقوی اور اعمال صالح کے صلے میں جنتوں میں داخل فرمائے گا، جَعَلَنَا اللّٰہُ مِنْہُمْ، جہاں انگور اور انواع واقسام کے بہترین ذائقے والے پھل کھائیں گے، اللہ ان کی زوجیت میں ان کے ہم سن کنواریاں، بھر پور شباب کے باعث ابھرے ہوئے پستانوں والیاں، شرم وحیا والیاں، خوبصورت آنکھوں والیاں اور محبت والفت رکھنے والیاں حوریں دے گا جنہیں کسی انسان نے یا جن نے نہ چھوا ہوگا جیسے فرمایا:

وَعِنْدَہُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ اَتْرَابٌ ﴿۵۲﴾ (۲)

ترجمہ: اور ان کے پاس شرمیلی ہم سن بیویاں ہوں گی۔

وَحُوْرٌ عِیْنٌ ﴿۲۲﴾ کَاَمْثَالِ اللُّؤْلُؤِ الْمَکْنُوْنِ ﴿۲۳﴾ (۳)

ترجمہ: اور ان کے لئے خوبصورت آنکھوں والی حوریں ہوں گی، ایسی حسین جیسے چھپا کر رکھے ہوئے موتی۔

فِیْہِنَّ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ ۙ لَمْ یَطْمِثْہُنَّ اِنْسٌ قَبْلَہُمْ وَلَا جَآنٌّ ﴿۵۶﴾ (۴)

ترجمہ: ان نعمتوں کے درمیان نیچی نگاہوں والی (حوریں) ہوں گی جنہیں جنتیوں سے پہلے کبھی کسی انسان یا جن نے نہ چھوا ہوگا۔

وہاں وہ کافور، سونٹھ کی آمیزش والی اور دوسری شرابوں کے چھلکتے ہوئے جام پر جام نوش کریں گے، جیسے فرمایا:

اِنَّ الْاَبْرَارَ یَشْرَبُوْنَ مِنْ کَاْسٍ کَانَ مِزَاجُہَا کَافُوْرًا ۚ ﴿۵﴾ (۵)

ترجمہ: نیک لوگ جنت میں شراب کے ایسے ساغر پئیں گے جن میں آب کافور کی آمیزش ہوگی۔

مگر اس سے دماغ میں کوئی فتور پیدا نہیں ہوگا، جنتی وہاں ہر بیہودہ، جھوٹی اور گندی بات سننے سے محفوظ ہوں گے، جیسے فرمایا

لَا یَسْمَعُوْنَ فِیْہَا لَغْوًا وَّلَا تَاْثِیْمًا ﴿۲۵﴾ اِلَّا قِیْلًا سَلٰمًا سَلٰمًا ﴿۲۶﴾ (۶)

ترجمہ: وہاں وہ کوئی بے ہودہ کلام یا گناہ کی بات نہ سنیں گے، بس ہر طرف سے سلام ہی سلام کی آوازیں آرہی ہوں گی۔

---

(۱) الانبیاء ۴۷

(۲) ص ۵۲

(۳) الواقعۃ ۲۳،۲۲

(۴) الرحمن ۵۶

(۵) الدھر ۵

(۶) الواقعۃ ۲۶،۲۵

...لَّا لَغْوٌ فِيهَا وَلَا تَأْثِيمٌ ﴿۲۳﴾ (۱)

ترجمہ: جس میں نہ یاوہ گوئی ہوگی نہ بدکرداری۔

يَوْمَ يَقُومُ الرُّوحُ وَ الْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا ۖۙ لَّا يَتَكَلَّمُونَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ

جس دن روح اور فرشتے صفیں باندھ کھڑے ہوں گے تو کوئی کلام نہ کر سکے گا مگر جسے رحمٰن اجازت

لَهُ الرَّحْمٰنُ وَ قَالَ صَوَابًا ﴿۳۸﴾ ذٰلِكَ الْيَوْمُ الْحَقُّ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ مَاٰبًا ﴿۳۹﴾

دے دے اور وہ ٹھیک بات زبان سے نکالے، یہ دن حق ہے اب جو چاہے اپنے رب کے پاس (نیک اعمال کرکے) ٹھکانا بنالے،

اِنَّآ اَنْذَرْنٰكُمْ عَذَابًا قَرِيبًا ۖۚ يَّوْمَ يَنْظُرُ الْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ يَدٰهُ

ہم نے تمہیں عنقریب آنے والے عذاب سے ڈرا دیا اور (چوکنا کر دیا) ہے، جس دن انسان اپنے ہاتھوں کی

وَ يَقُولُ الْكٰفِرُ يٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ تُرٰبًا ﴿۴۰﴾ (النبا ۳۸ تا ۴۰)

کمائی کو دیکھ لے گا اور کافر کہے گا کہ کاش! میں مٹی ہو جاتا۔

روز محشر جب سب فرشتوں میں افضل جبرائیل امین اور دوسرے فرشتے رب کے دربار میں سرافگندہ ہو کر صف باندھے کھڑے ہوں گے، اور اللہ مالک یوم الدین جس کی بارگاہ میں اس کی عظمت، ہیبت اور جلالت کے باعث بغیر اجازت کوئی بھی انسان یا فرشتے لب کشائی یا شفاعت یا عدالت کے کام میں مداخلت کی جرات و حوصلہ نہیں کر سکیں گے اور جسے اجازت ملے گی وہ حق بات میں ہی شفاعت کرے گا، جیسے فرمایا:

...مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ... ﴿۲۵۵﴾ (۲)

ترجمہ: ایسا کون ہے جو اس کی اجازت کے بغیر اس کے ہاں سفارش کر سکے۔

يَوْمَ يَاْتِ لَا تَكَلَّمُ نَفْسٌ اِلَّا بِاِذْنِهٖ... ﴿۱۰۵﴾ (۳)

ترجمہ: جب وہ دن آئے گا تو کسی کی مجال نہ ہوگی الا یہ کہ اللہ کی اجازت سے کچھ عرض کرے۔

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ:فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا يَتَكَلَّمُ يَوْمَئِذٍ إِلَّا الرُّسُلُ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس دن رسولوں کے سوا اور کوئی بات نہ کر سکے گا۔ (۴)

(۱) الطور ۲۳

(۲) البقرۃ ۲۵۵

(۳) ہود ۱۰۵

(۴) صحیح بخاری كِتَابُ التَّوْحِيدِ بَابُ قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ نَاضِرَةٌ إِلَى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ ۷۴۳۷، صحیح مسلم كِتَابُ الْإِيمَانَ بَابُ مَعْرِفَةِ طَرِيقِ الرُّؤْيَةِ ۴۵۱، السنن الکبری للنسائی ۱۱۴۲۴، مسند احمد ۷۹۲۷

اے غافل لوگو! فیصلے کا وہ دن یقیناً آنے والا ہے، اللہ اپنے فضل واحسان سے ان خوش نصیبوں کو تکریم کے طور پر مزید انعام واکرام سے نوازے گا یعنی اللہ کی طرف سے داد و دہش کی فراوانی ہو گی جو کبھی ختم نہ ہو گی، جیسے فرمایا:

لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰى وَزِيَادَةٌ ۝۲۶ (۱)

ترجمہ: جن لوگوں نے بھلائی کا طریقہ اختیار کیا ان کے لئے بھلائی ہے اور مزید فضل۔

مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ مِّنْهَا ۚ وَهُمْ مِّنْ فَزَعٍ يَّوْمَىِٕذٍ اٰمِنُوْنَ ۝۸۹ (۲)

ترجمہ: جو شخص بھلائی لے کر آئے گا اسے اس سے زیادہ بہتر صلہ ملے گا اور ایسے لوگ اس دن کے ہول سے محفوظ ہوں گے۔

مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ مِّنْهَا ... ۝۸۴ (۳)

ترجمہ: جو کوئی بھلائی لے کر آئے گا اس کے لئے اس سے بہتر بھلائی ہے۔

اور اللہ تعالیٰ نے جہنم اور جنت کی طرف جانے والے دونوں راستوں کے بارے میں واضح طور بتلا دیا ہے، جیسے فرمایا

وَهَدَيْنٰهُ النَّجْدَيْنِ ۝۱۰ (۴)

ترجمہ: اور (نیکی اور بدی کے) دونوں نمایاں راستے اسے (نہیں) دکھا دیے؟۔

اللہ نے تم پر حجت قائم کر دی ہے اب ان دونوں راستوں میں سے جس پر تم چلنا پسند کرو فیصلہ تمہارے اپنے ہاتھوں میں ہے، لوگو! روز محشر میں اللہ مالک یوم الدین کے حضور کھڑے ہو کر اعمال کا حساب دینے کا وقت بہت دور نہیں بلکہ قریب آ گا ہے، لہذا سانسوں کی ڈور کو لمبا سمجھنے کے بجائے مختصر سمجھو اور جلدی فیصلہ کر لو تا کہ اس دن پچھتانا نہ پڑے، کہیں ابلیس کے بہکاوے میں آ کر یہ نہ سوچنے لگو کہ ابھی تو لمبی زندگی پڑی ہے، ابھی عمر ہی کیا ہے ابھی یہ کام ضروری ہے یہ کر لوں پھر اللہ تعالیٰ سے معافی مانگ لوں گا، یا یہ نہ سوچنے لگو کہ یہ مولوی لوگ تو بس اللہ سے ڈراتے ہی رہتے ہیں ایسی کوئی بات ہی نہیں اللہ تعالیٰ بڑا غفور رحیم ہے وہ بخش دے گا، بھائیو! اس سخت ترین دن میں ہر انسان اپنے تمام اعمال کو دیکھ لے گا جو اس نے کیے تھے، جیسے فرمایا:

...وَوَجَدُوْا مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا ... ۝۴۹ (۵)

ترجمہ: جو جو کچھ انہوں نے کیا تھا وہ سب اپنے سامنے حاضر پائیں گے۔

يُنَبَّؤُا الْاِنْسَانُ يَوْمَىِٕذٍۭ بِمَا قَدَّمَ وَاَخَّرَ (۶)

ترجمہ: اس روز انسان کو جتا دیا جائے گا کہ اس نے کیا آگے بھیجا تھا اور کیا پیچھے چھوڑا تھا۔

---

(۱) یونس ۲۶

(۲) النمل ۸۹

(۳) القصص ۸۴

(۴) البلد ۱۰

(۵) الکہف ۴۹

(۶) القیامۃ ۱۳

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَلْتَنظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ... ﴿۱۸﴾ [۱]

ترجمہ: اے لوگو! جو ایمان لائے ہو اللہ سے ڈرو اور ہر شخص یہ دیکھے کہ اس نے کل کے لیے کیا سامان کیا ہے۔

اس وقت میدان محشر میں سامنے غیض وغضب سے پھٹتی جہنم کو دیکھ کر کفار ومشرکین آرزو کریں گے کہ کاش وہ دنیا میں پیدا ہی نہ ہوا ہوتا یا اب مٹی کے ساتھ مٹی ہو جائے اور اس ہولناک عذاب سے نجات پا جائے۔

**ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ:**

اختلف فِي اسمه واسم أبيه، وأصح مَا فِي ذلك قول من قَالَ: اسمه نضلة بْن عبيد، وَهُوَ قول أحمد بن حنبل، ويحيى بن معين اسمه نضلة بْن عَبْد الله

ان کے اور ان کے والد کے نام میں اختلاف ہے، امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ اور یحییٰ بن معین رحمہ اللہ ان کا نام نضلہ بن عبد اللہ بیان کرتے ہیں۔ [۲]

ويُقال: نضلة بن عَمْرو

بعض ان کا نام نضلہ بن عمرو بیان کرتے ہیں۔ [۳]

وقال بعضهم: ابن عُبَيْد الله بْن الْحَارِث بْن حبال بْن ربيعة

اور بعض اہل علم ابن عبید اللہ بن حارث بن حبال بن ربیعہ بیان کرتے ہیں۔ [۴]

أن ولده يقولون: اسمه عَبْد اللَّه بْن نضلة

واقدی کے بقول اور ان کے والد کا نام عبد اللہ بن نضلہ بیان کیا جاتا ہے۔ [۵]

ان کا تعلق قبیلہ اسلم بن افصیٰ سے تھا۔

أسلم قديمًا وَشَهِدَ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فتح مكّة

آپ بعثت نبوی کے ابتدائی زمانے میں مشرف بہ اسلام ہوئے اور فتح مکہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے۔

عَنْ أَبِي بَرْزَةَ قَالَ:النَّاسُ آمِنُونَ كُلُّهُمْ غَيْرَ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ خطل وبناته الْفَاسِقَةِ،قَالَ أَبُو بَرْزَةَ: فَقَتَلْتُهُ وَهُوَ مُتَعَلِّقٌ بِأَسْتَارِ الْكَعْبَةِ. يَعْنِي عَبْدَ اللَّهِ بْنَ خَطَلٍ.

ابو برزہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں (فتح مکہ کے موقع پر) عبد اللہ بن خطل کے سوا سب کو امان مل گئی جس کی وجہ سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی کا حمل

---

[۱] الحشر ۱۸

[۲] الاستيعاب في معرفة الأصحاب ۴/۱۶۱۰

[۳] تهذيب الكمال في أسماء الرجال ۲۹/۴۰۷

[۴] ابن سعد ۴/۲۲۳

[۵] أسد الغابة في معرفة الصحابة ۳/۴۰۱

اسقاط ہو گیا تھا ابو برزہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں وہ کعبہ کا غلاف پکڑ کر لٹکا ہوا تھا میں نے اسے یعنی عبد اللہ بن خطل کو اس کے کیفر کردار تک پہنچا دیا۔ ①

عَنْ أَبِي بَرْزَةَ الأَسْلَمِيِّ قَالَ: قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ مُرْنِي بِعَمَلٍ أَعْمَلُهُ. قَالَ: أَمِطِ الأَذَى عَنِ الطَّرِيقِ فَإِنَّهُ لَكَ صَدَقَةٌ.

ابو برزہ الاسلمی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے میں نے عرض کی اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! مجھے کوئی ایسا عمل بتائیے جو میں کروں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا راستے سے ایذا پہنچانے والی چیز (کانٹے پتھر وغیرہ) دور کرو یہی تمہاری خیرات ہے۔ ②

حدثنا سيار ابن سَلامَةَ قَالَ: رَأَيْتُ أَبَا بَرْزَةَ أَبْيَضَ الرَّأْسِ وَاللِّحْيَةِ

سیار بن سلامہ سے مروی ہے کہ میں نے ابو برزہ کو سفید سر اور داڑھی والا دیکھا۔ ③

وحضر مع علي بْن أَبِي طالب قتال الخوارج بالنهروان

آپ رضی اللہ عنہ نہروان میں خوارج کے قتال میں سیدنا علی بن ابو طالب کے ساتھ تھے۔ ④

ابو برزہ رضی اللہ عنہ نہایت پاکیزہ اخلاق و کردار کے حامل تھے، ابن سعد کا بیان ہے کہ ان کا معمول تھا کہ صبح و شام غریبوں اور مسکینوں کو کھانا کھلاتے تھے۔

حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَكِيمٍ قَالَ: حَدَّثَتْنِي أُمِّي أَنَّهَا كَانَتْ لِأَبِي بَرْزَةَ جَفْنَةٌ مِنْ ثَرِيدٍ غُدْوَةً وَجَفْنَةٌ عَشِيَّةً لِلْأَرَامِلِ وَالْيَتَامَى وَالْمَسَاكِينِ

حسن بن حکیم اپنی والدہ سے روایت کرتے ہیں ابو برزہ رضی اللہ عنہ ثرید (عربوں کا ایک مرغوب کھانا) کا ایک بڑا طشت بھر کر ہر صبح و شام بیواؤں، یتیموں اور مسکینوں کو کھلاتے تھے۔ ⑤

أَخْبَرَنَا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ أَنَّ عَائِذَ بْنَ عَمْرٍو كَانَ يَلْبَسُ الْخَزَّ وَيَرْكَبُ الْخَيْلَ وَكَانَ أَبُو بَرْزَةَ لا يَلْبَسُ الْخَزَّ وَلا يَرْكَبُ الْخَيْلَ وَيَلْبَسُ ثَوْبَيْنِ مُمَصَّرَيْنِ. فَأَرَادَ رَجُلٌ أَنْ يَشِيَ بَيْنَهُمَا فَأَتَى عَائِذَ بْنَ عَمْرٍو فَقَالَ: أَلَمْ تَرَ إِلَى أَبِي بَرْزَةَ يَرْغَبُ عَنْ لُبْسِكَ وَهَيْئَتِكَ وَنَحْوِكَ لا يَلْبَسُ الْخَزَّ وَلا يَرْكَبُ الْخَيْلَ؟ فَقَالَ عَائِذٌ: يَرْحَمُ اللَّهُ أَبَا بَرْزَةَ. مَنْ فِينَا مِثْلُ أَبِي بَرْزَةَ! ثُمَّ أَتَى أَبَا بَرْزَةَ فَقَالَ: أَلَمْ تَرَ إِلَى عَائِذٍ يَرْغَبُ عَنْ هَيْئَتِكَ وَنَحْوِكَ. يَرْكَبُ الْخَيْلَ وَيَلْبَسُ الْخَزَّ؟ فَقَالَ: يَرْحَمُ اللَّهُ عَائِذًا. وَمَنْ فِينَا مِثْلُ عَائِذٍ؟

ثابت بنانی سے مروی ہے عائذ رضی اللہ عنہ بن عمرو خز کے عمدہ کپڑے بھی پہنتے تھے اور گھوڑے پر سواری بھی کرتے تھے جبکہ ابو برزہ رضی اللہ عنہ جن کو اللہ

---

① ابن سعد ۲۲۳/۴

② ابن سعد ۲۹۹/۴

③ ابن سعد ۶/۷

④ تهذيب الكمال في أسماء الرجال ۲۹/۴۰۹، تهذيب التهذيب ۱۰/۴۴۶

⑤ ابن سعد ۲۲۴/۴

تعالیٰ نے بہت کچھ دے رکھا تھا لیکن وہ زاہدانہ زندگی بسر کرتے تھے، زندگی بھر کبھی پر تکلف لباس نہ پہنا، صرف دو گیروے کپڑے پہنتے تھے اور گھوڑے کی سواری سے بھی اجتناب کرتے تھے، کسی شخص نے ان دونوں بزرگوں کے درمیان پھوٹ ڈلوانے کے خیال سے عائذ رضی اللہ عنہ بن عمرو سے کہا ابو برزہ رضی اللہ عنہ نے تو آپ کی مخالفت پر کمر باندھ رکھی ہے آپ خز (ایک قیمتی کپڑا) استعمال کرتے ہیں اور گھوڑے پر بھی سوار ہوتے ہیں لیکن ابو برزہ رضی اللہ عنہ ان دونوں سے اجتناب کرتے ہیں، عائذ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا اللہ تعالیٰ ابو برزہ رضی اللہ عنہ پر رحم نازل فرمائے آج ہم میں کون ان کی ہمسری کرسکتا ہے، وہ شخص عائذ کے جواب سے مایوس ہو کر ابو برزہ رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور کہا عائذ رضی اللہ عنہ بن عمرو نے تو آپ کی مخالفت پر کمر باندھ رکھی ہے وہ کس ٹھاٹھ سے زندگی گزارتے ہیں خز کا لباس پہنتے ہیں اور گھوڑے پر سواری کرتے ہیں، ابو برزہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا اللہ تعالیٰ عائذ رضی اللہ عنہ پر رحم فرمائے ہم میں ان کے مرتبہ کا کون ہے؟۔ (۱)

ابو برزہ رضی اللہ عنہ کو فیضان نبوت سے بہرہ یاب ہونے کا کافی موقع ملا اس لیے وہ علم وفضل کے اعتبار سے بڑا اونچا مقام رکھتے تھے ان سے چھیالیس آحادیث مروی ہیں ان میں ستائیس متفق علیہ ہیں، دو صحیح بخاری اور چار صحیح مسلم میں منفرد ہیں، ان کے کثیر التعداد شاگردوں میں ابو عثمان نہدی رضی اللہ عنہ، ابو منہال ریاحی رحمہ اللہ، ارزق بن قیس رحمہ اللہ، ابو طالوت رحمہ اللہ، مغیرہ رحمہ اللہ، ابو العالیہ ریاحی رحمہ اللہ، کنانہ بن نعیم رحمہ اللہ، رابسی رحمہ اللہ اور ابو السوار عدوی رحمہ اللہ کے نام قابل ذکر ہیں۔

ومات بالبصرة

آپ رضی اللہ عنہ بصرہ میں فوت ہوئے۔ (۲)

## واقد رضی اللہ عنہ بن عبد اللہ یربوعی التمیمی:

واقد رضی اللہ عنہ بن عبد اللہ کا تعلق عرب کے مشہور قبیلے بنو تمیم سے تھا، اہل سیر نے یہ وضاحت نہیں کی کہ واقد رضی اللہ عنہ کب مکہ مکرمہ میں مقیم تھے کیونکہ مکہ بنو تمیم کا وطن نہیں تھا، یہ بھی ہوسکتا ہے کہ واقد رضی اللہ عنہ کے آباؤ اجداد میں سے کوئی صاحب مکہ مکرمہ میں آکر بس گئے ہوں اور واقد رضی اللہ عنہ مکہ مکرمہ ہی میں پلے بڑھے ہوں، واقد رضی اللہ عنہ بن عبد اللہ ان عظیم المرتبت صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی مقدس جماعت میں سے ہیں جن کو بعثت نبوی کے بالکل ابتدائی زمانے میں قبول حق کا شرف حاصل ہوا۔

عَنْ يَزِيدَ بْنِ رُومَانَ قَالَ:أَسْلَمَ وَاقِدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ التَّمِيمِيُّ قَبْلَ دُخُولِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَارَ الأَرْقَمِ وَقَبْلَ أَنْ يَدْعُوَ فِيهَا

یزید بن رومان کہتے ہیں واقد رضی اللہ عنہ بن عبد اللہ تمیمی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دار ارقم میں داخل ہونے اور وہاں دعوت اسلام دینے سے پہلے ایمان لائے۔ (۳)

واقد بن عبد الله حليف بني عديّ.من السّابقين الأوّلين

(۱) ابن سعد ۲۲۴/ ۴

(۲) الاستیعاب في معرفة الأصحاب ۱۶۱۰/ ۴

(۳) ابن سعد ۲۹۸/ ۳، اسدالغابة

واقد رضی اللہ عنہ بن عبد اللہ بن عبد مناف جو بنو عدی کے حلیف تھے اور سابقوں الالون میں سے تھے۔ ①

واقد بن عبد الله التميمي حليف بنى عدى بن كعب

واقد رضی اللہ عنہ بن عبد اللہ تمیمی بنی عدی بن کعب کے حلیف تھے۔ ②

دوسرے مسلمانوں کی طرح واقد رضی اللہ عنہ بھی کئی سال تک مشرکین قریش کے تشدد کا نشانہ بنے رہے، جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو ہجرت مدینہ منورہ کا اذن دیا تو بیشتر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم خفیہ طور پر مکہ مکرمہ سے ہجرت کر کے مدینہ منورہ چلے گئے لیکن واقد رضی اللہ عنہ بن عبد اللہ نے سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے ساتھ علانیہ ہجرت کی

لَمَّا هَاجَرَ وَاقِدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ التَّمِيمِيُّ مِنْ مَكَّةَ إِلَى الْمَدِينَةِ نَزَلَ عَلَى رِفَاعَةَ بْنِ عَبْدِ الْمُنْذِرِآخى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ وَاقِدِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ التَّمِيمِيِّ وَبِشْرِ بْنِ الْبَرَاءِ بْنِ مَعْرُورٍ

مدینہ منورہ پہنچ کر واقد رضی اللہ عنہ نے رفاعہ رضی اللہ عنہ بن عبد المنذر انصاری کے ہاں قیام کیا، سید الامم صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ منورہ میں نزول اجلال فرمایا اور چند ماہ بعد مہاجرین وانصار کے درمیان مواخاۃ قائم فرمائی تو تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے واقد رضی اللہ عنہ بن عبد اللہ اور بشر رضی اللہ عنہ بن برائ بن معرور کے درمیان مواخاۃ قائم فرمائی۔ ③

وَشَهِدَ وَاقِدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ مَعَ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ جَحْشٍ سَرِيَّتَهُ إِلَى نَخْلَةَ، وَقُتِلَ يَوْمَئِذٍ عَمْرُو بْنُ الْحَضْرَمِيُّ ، فَقَالَتِ يَهُودُ: عَمْرُو بْنُ الْحَضْرَمِيُّ قَتَلَهُ وَاقِدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ

واقد رضی اللہ عنہ بن عبد اللہ عبد اللہ رضی اللہ عنہ بن جحش کے ساتھ سریہ نخلہ میں شامل تھے اور انہوں نے ہی عمرو بن حضرمی کا قتل کیا تھا، یہودی کہتے تھے واقد رضی اللہ عنہ بن عبد اللہ نے عمرو بن حضرمی کا قتل کیا ہے۔ ④

فرمى وَاقِدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ التميمي عَمْرَو بْنَ الْحَضْرَمِيَّ بسهم فَقَتَلَهُ

واقد رضی اللہ عنہ بن عبد اللہ نے عمرو بن حضرمی پر تیر چلایا اور انہیں قتل کر دیا۔ ⑤

وعمرو بن الحضرمي أول قتل من المشركين فِي الإسلام

عمرو بن حضرمی مشرکین میں پہلا شخص ہے جو اسلام میں قتل ہوا۔ ⑥

قال ابن دُرَيْد: هو أول من رمى بسهم في سبيل الله عز وجل

---

① تاریخ اسلام بشار۱۲۶/۲

② الجرح والتعديل لابن ابی حاتم۳۲/۹، اسد الغابة ۴۰۳/۵، الإصابة في تمييز الصحابة۴۶۵/۶

③ الاستيعاب في معرفة الأصحاب۱۵۵۰/۴

④ الاستيعاب في معرفة الأصحاب۱۵۵۰/۴

⑤ اسدالغابة ۴۰۳/۵، الإصابة في تمييز الصحابة۴۶۵/۶

⑥ الاستيعاب في معرفة الأصحاب۱۵۵۰/۴

ابن درید کہتے ہیں یہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے فی سبیل اللہ پہلا تیر چلایا۔(۱)

وشهد وَاقِدٌ بَدْرًا وَأُحُدًا وَالْخَنْدَقَ وَالْمَشَاهِدَ كُلَّهَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وتوفي فِي أَوَّلِ خِلافَةِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، وَلَيْسَ لَهُ عَقِبٌ ،فَصَلَّى عَلَيْهِ ابْنُ عُمَرَ , وَدَفَنَهُ

اور واقد رضی اللہ عنہ نے غزوہ بدر، غزوہ احد، غزوہ خندق اور دوسرے تمام غزوات میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمرکاب ہونے کی سعادت حاصل کی،اور سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کے دور خلافت کے ابتدائی عرصہ میں وفات پائی،انہوں نے اپنے پیچھے کوئی اولاد نہیں چھوڑی، عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے ان کی نماز جنازہ پڑھی اور انہیں دفن کیا۔(۲)

## عاقل رضی اللہ عنہ ،عامر رضی اللہ عنہ،ایاس رضی اللہ عنہ اور خالد رضی اللہ عنہ بن بکیر کا اسلام قبول کرنا:

بعثت نبوی کے اڑھائی سال بعد سید الامم صلی اللہ علیہ وسلم نے دار ارقم کو مرکز تبلیغ وہدایت بنایا توسب سے پہلے عاقل رضی اللہ عنہ ،عامر رضی اللہ عنہ،ایاس رضی اللہ عنہ اور خالد رضی اللہ عنہ بن بکیر نے اس مرکز میں اسلام قبول کیا،

عَنْ يَزِيدَ بْنِ رُومَانَ قَالَ:أسلم عَاقِلٌ وَعَامِرٌ وَإِيَاسٌ وَخَالِدٌ بَنُو أَبِي الْبُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ يَالِيلَ جَمِيعًا فِي دَارِ الأَرْقَمِ وَهُمْ أَوَّلُ مَنْ بَايَعَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهاوكان اسم عاقل غافلًا فَلَمَّا أسلم سَمَّاهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عاقلا

یزید بن رومان کہتے ہیں دار ارقم میں سب سے پہلے عاقل رضی اللہ عنہ،عامر رضی اللہ عنہ،ایاس رضی اللہ عنہ اور خالد رضی اللہ عنہ بن بکیر (چاروں حقیقی بھائیوں) نے اسلام قبول کیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دست اقدس پر بیعت کا شرف حاصل کیا،عاقل رضی اللہ عنہ کا نام غافل تھا جب انہوں نے اسلام قبول کیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا نام عاقل رکھ دیا۔(۳)

حليف بني عدي بْن كَعْب بْن لؤي

یہ بنوعدی بن کعب بن لوی کے حلیف تھے۔

جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کا اذن دیا تو

خَرَجَ عَاقِلٌ وَخَالِدٌ وَعَامِرٌ وَإِيَاسٌ بَنُو أَبِي الْبُكَيْرِ مِنْ مَكَّةَ إِلَى الْمَدِينَةِ لِلْهِجْرَةِ فَأَوْعَبُوا رِجَالُهُمْ وَنِسَاؤُهُمْ فَلَمْ يَبْقَ فِي دُورِهِمْ أَحَدٌ حَتَّى غُلِّقَتْ أَبْوَابُهُمْ ،فَنَزَلُوا عَلَى رِفَاعَةَ بْنِ عَبْدِ الْمُنْذِروآخى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ عَاقِلِ بْنِ أَبِي الْبُكَيْرِ وَبَيْنَ مُبَشِّرِ بْنِ عَبْدِ الْمُنْذِرِ وَيُقَالُ بَلْ آخَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ عَاقِلِ بْنِ أَبِي الْبُكَيْرِ وَمُجَذَّرِ بْنِ زِيَادٍ

چاروں بھائیوں عاقل رضی اللہ عنہ،عامر رضی اللہ عنہ،ایاس رضی اللہ عنہ اور خالد رضی اللہ عنہ نے اپنے تمام مردوں اور عورتوں کو جمع کرلیا،ان کے مکانوں میں کوئی

(۱) المؤتلف والمختلف للدارقطنی ۲۲۸۴؍۴

(۲) ابن سعد ۲۹۸؍۳

(۳) ابن سعد ۲۹۶؍۳،اسدالغابة ۱۱۳؍۳

باقی نہ رہا یہاں تک کہ گھروں کے دروازے بند کر کے روانہ ہوئے، اور مدینہ منورہ میں رفاعہ رضی اللہ عنہ بن عبد المنذر کے گھر قیام کیا، جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مہاجرین وانصار میں مواخاۃ قائم فرمائی تو عاقل رضی اللہ عنہ بن بکیر اور مبشر بن عبد المنذر کے درمیان مواخاۃ قائم فرمائی، یہ بھی کہا جاتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عاقل رضی اللہ عنہ بن بکیر اور مجذر بن زیاد کے درمیان مواخاۃ قائم فرمائی تھی،

وَقُتِلَ عَاقِلُ بْنُ أَبِي الْبُكَيْرِ يَوْمَ بَدْرٍ شَهِيدًا وَهُوَ ابْنُ أَرْبَعٍ وَثَلَاثِينَ سَنَةً ، قَتَلَهُ مَالِكُ بْنُ زُهَيْرٍ الْجُشَمِيُّ

جب غزوات کا سلسلہ شروع ہوا تو عاقل رضی اللہ عنہ بن ابو بکیر غزوہ بدر میں شامل ہوئے اور اس میں شہادت کے عظیم درجہ پر فائز ہوئے، اس وقت ان کی عمر چونتیس برس کی تھی، انہیں مالک بن زہیر جشمی نے قتل کیا۔

آخى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ خَالِدِ بْنِ أَبِي الْبُكَيْرِ وَبَيْنَ زَيْدِ بْنِ الدَّثِنَةِ ، وَشَهِدَ خَالِدُ بْنُ أَبِي الْبُكَيْرِ بَدْرًا، وَأُحُدًا وَقُتِلَ يَوْمَ الرَّجِيعِ شَهِيدًا فِي صفر سنة أربعٍ من الهجرة، وكان يوم قُتِلَ ابن اربع وثلاثين سنة

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خالد رضی اللہ عنہ بن بکیر اور زید رضی اللہ عنہ بن دثنہ کے درمیان مواخاۃ قائم فرمائی، خالد رضی اللہ عنہ بن بکیر نے غزوہ بدر اور غزوہ احد میں شرکت کی اور صفر چار ہجری میں یوم الرجیع میں شہادت پائی، جس روز وہ شہید ہوئے چونتیس برس کے تھے۔

وله يقول حسّان بن ثابت:

حسان رضی اللہ عنہ بن ثابت نے ان کی مدح میں یہ کہا

أَلَا لَيْتَنِي فِيهَا شَهِدْتُ ابْنَ طَارِقٍ وَزَيْدًا وَمَا تُغْنِي الْأَمَانِي وَمَرْثَدَا

کاش میں اس میں ابن طارق اور زید اور مرثد کے پاس موجود ہوتا اور مجھے (آرزوئیں بے نیاز نہ کرتیں)

فَدَافَعْتُ عَنْ حِبِّي خُبَيْبٍ وَعَاصِمٍ وَكَانَ شِفَاءً لَوْ تَدَارَكْتُ خَالِدَا

تو میں اپنے محبوب خبیب رضی اللہ عنہ اور عاصم رضی اللہ عنہ کی طرف سے مدافعت کرتا اور اگر میں خالد رضی اللہ عنہ کا انتظام کرتا تو وہ بھی شفا تھے۔

آخى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ إِيَاسِ بْنِ أَبِي الْبُكَيْرِ وَالْحَارِثِ بْنِ خَزْمَةَ، وَشَهِدَ إِيَاسُ بْنُ أَبِي الْبُكَيْرِ بَدْرًا، وَأُحُدًا، وَالْخَنْدَقَ، وَالْمَشَاهِدَ كُلَّهَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وتوفي إياس سنة أربع وثلاثين

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایاس رضی اللہ عنہ بن بکیر اور حارث رضی اللہ عنہ بن خزیمہ کے درمیان مواخاۃ قائم فرمائی، ایاس رضی اللہ عنہ بن بکیر غزوہ بدر، غزوہ احد، غزوہ خندق اور تمام غزوات میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہمرکاب رہے، اور ایاس رضی اللہ عنہ نے چونتیس ہجری میں وفات پائی۔ (۱)

آخى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ عامر بْن أبي البكير وثابت بْن قَيْس بْن شماس ، وَشَهِدَ عَامِرُ بْنُ أَبِي الْبُكَيْرِ بَدْرًا، وَأُحُدًا، وَالْخَنْدَقَ، وَالْمَشَاهِدَ كُلَّهَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عامر رضی اللہ عنہ بن بکیر اور ثابت رضی اللہ عنہ بن قیس بن شماس کے درمیان مواخاۃ قائم فرمائی، عامر رضی اللہ عنہ بن بکیر غزوہ بدر، غزوہ احد، غزوہ خندق اور تمام غزوات میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہمرکاب رہے۔ (۲)

(۱) اسد الغابة ۱٫۳۳۴

(۲) ابن سعد ۳٫۲۹۶

اور سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں جنگ یمامہ میں جام شہادت نوش کیا۔

**مضامین سورۃ النازعات:**

اس سورۃ میں بھی قیامت کے مختلف احوال اور ہولناکیوں کا ذکر کیا گیا، اللہ تعالیٰ نے موت کے وقت جان نکالنے والے اور اللہ کے احکام کو بلا تاخیر بجالانے والے اور حکم الٰہی کے مطابق ساری کائنات کا انتظام کرنے والے فرشتوں کی قسم کھا کر فرمایا کہ تمہیں قیامت کے دن ضرور زندہ کیا جائے گا، مکذبین قیامت کی کیفیت کو بیان کیا گیا کہ اس دن خوف سے ان کے دل کانپ رہے ہوں گے، دہشت سے ان کی آنکھیں سہمی ہوئی ہوں گی، خلقت کے سامنے ذلت اور ندامت سے ان کی نظریں جھکی ہوں گی، لیکن آج دنیا میں یہ فرعون بنے بیٹھے ہیں اور اللہ اور اس کے رسول کی دعوت کو تسلیم کرنے کو تیار نہیں لیکن شاید انہیں فرعون کا عبرتناک انجام معلوم نہیں، قیامت کے بارے میں شک وشبہ کے اظہار کرنے والوں سے سوال کیا گیا کہ بتاؤ تمہاری تخلیق زیادہ مشکل ہے یا بغیر ستونوں کے بلند وبالا آسمان کو بنانا؟ جو لوگ بعث بعد الموت کے بارے میں شک وشبہ کا اظہار کرتے ہیں یہ نہیں سوچتے کہ جو اللہ اپنی قدرت کاملہ سے بے حد وحساب ستاروں اور سیاروں کے ساتھ پھیلی ہوئی یہ عظیم الشان کائنات تخلیق کرسکتا ہے، انسانوں کی ضرورت کے لیے شب وروز کا نظام مقرر کرسکتا ہے، انسانوں کے آباد ہونے کے لیے فرش کی طرح ہموار زمین بچھا سکتا ہے، زمین کو ایک طرف ڈھلک جانے سے بچانے کے لیے اس میں رنگ برنگ کے بلند وبالا ٹھوس پہاڑوں کو میخوں کی طرح گاڑ سکتا ہے، انسانوں اور جانوروں کی ضرورت کے لیے زمین سے چشموں کی صورت میں پانی نکال سکتا ہے، انسانوں اور جانوروں کی خوراک کے لیے مختلف اجناس، انواع اقسام کے پھل فروٹ اور چارہ پیدا کرسکتا ہے، کیا اس خالق کی قدرت کاملہ نہیں ہے کہ تمہیں مرنے کے بعد اعمال کی جزا کے لیے دوبارہ زندہ کردے؟ یقیناً اللہ تعالیٰ کے لیے یہ کام چنداں مشکل نہیں ہے، اختتام پر مشرکین کا سوال مذکور ہے جو وقوع قیامت کو محال سمجھ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے قیامت کے وقت کے بارے میں سوال کرتے تھے، فرمایا اس کا وقت صرف اللہ تعالیٰ ہی کو معلوم ہے، رسول کا کام صرف متنبہ کردینا ہے کہ وہ وقت یقیناً آئے گا پھر جس کا جی چاہے اللہ کی بارگاہ میں کھڑا ہونے کا خوف کرے اور اپنا رویہ درست کرلے اور جس کا جی چاہے اللہ سے بے خوف ہو کر شتر بے مہار کی طرح زندگی گزاردے لیکن جس روز یہ قیامت کو دیکھ لیں گے تو انہیں ایسا معلوم ہوگا کہ وہ صرف دن کا آخری حصہ یا اول حصہ ہی دنیا میں رہے، اور اس قلیل وقت کے لیے انہوں نے دائمی زندگی کو برباد کردیا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالنّٰزِعٰتِ غَرۡقًا ۙ﴿۱﴾ وَّالنّٰشِطٰتِ نَشۡطًا ۙ﴿۲﴾ وَّالسّٰبِحٰتِ سَبۡحًا ۙ﴿۳﴾

”ڈوب کر سختی سے کھینچنے والوں کی قسم، بند کھول کر چھڑا دینے والوں کی قسم، اور تیرنے پھرنے والوں کی قسم،

فَالسّٰبِقٰتِ سَبۡقًا ۙ﴿۴﴾ فَالۡمُدَبِّرٰتِ اَمۡرًا ۘ﴿۵﴾ یَوۡمَ تَرۡجُفُ الرَّاجِفَۃُ ۙ﴿۶﴾

پھر دوڑ کر آگے بڑھنے والوں کی قسم، پھر کام کی تدبیر کرنے والوں کی قسم، جس دن کانپنے والی کانپے گی،

تَتۡبَعُهَا الرَّادِفَةُ ۝۷ قُلُوۡبٌ يَّوۡمَئِذٍ وَّاجِفَةٌ ۝۸ اَبۡصَارُهَا خَاشِعَةٌ ۝۹ (النازعات ۱تا۹)

اس کے بعد ایک پیچھے آنے والی (پیچھے پیچھے) آئے گی، (بہت سے) دل اس دن دھڑکتے ہوں گے جس کی نگاہیں نیچی ہونگی۔

اہل عرب فرشتوں کی ہستی کے منکر نہ تھے، وہ اس بات کو تسلیم کرتے تھے کہ موت کے وقت انسان کی روح فرشتے ہی نکالتے ہیں، ان کا یہ بھی عقیدہ تھا کہ فرشتے انتہائی تیزی سے حرکت کرتے ہیں، وہ زمین سے آسمان کی بلندیوں اور ایک جگہ سے دوسری جگہ تک آناً فاناً پہنچ جاتے ہیں اور اللہ انہیں جو حکم دیتا ہے اسے فوراً سرانجام دیتے ہیں، ان کا یہ بھی عقیدہ تھا کہ فرشتے خود مختیار اور اپنی مرضی کے مالک نہیں بلکہ اللہ کے تابع فرمان ہیں اور اللہ کے حکم سے کائنات کا انتظام چلاتے ہیں، جہالت کی بنا پر وہ انہیں اللہ کی بیٹیاں سمجھتے تھے اس لئے انہیں معبود بنا کر ان کی پرستش کرتے تھے مگر وہ یہ بھی کہتے تھے کہ اصل اختیارات ان کے ہاتھ میں نہیں بلکہ اللہ کے ہاتھ میں ہیں، اس لئے یہاں وقوع قیامت اور حیات بعد الموت پر فرشتوں (جن پر ایمان لانا ضروری ہے) کے پانچ افعال واوصاف کی قسم کھا کر فرمایا کہ جس اللہ کے حکم سے فرشتے موت کے وقت کافروں کی جان کو سختی سے اس کے جسم کی گہرائیوں تک اتر کر اور اس کی رگ رگ سے کھینچ کر نکالتے ہیں، جو مومن کی جان بہ سہولت نکالتے ہیں جیسے کسی چیز کی گرہ کھول دی جائے، جو انتہائی تیزی سے اللہ کا حکم لے کر اترتے اور چڑھتے ہیں اور ایسے معلوم ہوتا ہے جیسے وہ فضا میں تیر رہے ہوں، جو حکم الٰہی کا اشارہ پاتے ہی نہایت سرعت سے اس کی تعمیل میں دوڑ پڑتے ہیں، اور جو اللہ عزوجل کے حکم کے موجب بارشوں، نباتات، ہواؤں، سمندروں، ماؤں کے پیٹوں میں بچوں، حیوانات اور جہنم وغیرہ کا انتظام چلاتے ہیں، مثلاً تم مرنے کے بعد اپنے اعمال کے محاسبہ کے لئے ضرور زندہ کیے جاؤ گے، جیسے فرمایا:

زَعَمَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡۤا اَنۡ لَّنۡ يُّبۡعَثُوۡا ؕ قُلۡ بَلٰى وَرَبِّىۡ لَتُبۡعَثُنَّ ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا عَمِلۡتُمۡ ؕ وَذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيۡرٌ ۝۷ [1]

ترجمہ: منکرین بڑے دعوے سے کہا ہے کہ وہ مرنے کے بعد ہرگز دوبارہ نہ اٹھائے جائیں گے، ان سے کہو کیوں نہیں، میرے رب کی قسم تم ضرور اٹھائے جاؤ گے پھر ضرور تمہیں بتایا جائے گا کہ تم نے (دنیا میں) کیا کچھ کیا ہے اور ایسا کرنا اللہ کے لئے بہت آسان ہے۔

جب اللہ کے حکم سے صور پھونکا جائے گا جس کے نتیجے میں ساری کائنات کانپ اور لرز اٹھے گی، جیسے فرمایا:

يَوۡمَ تَرۡجُفُ الۡاَرۡضُ وَالۡجِبَالُ ... ۝۱۴ [2]

ترجمہ: جب زمین اور پہاڑ لرز اٹھیں گے۔

اِذَا زُلۡزِلَتِ الۡاَرۡضُ زِلۡزَالَهَا ۝۱ [3]

ترجمہ: جب زمین اپنی پوری شدت کے ساتھ ہلا ڈالی جائے گی۔

جس سے ہر چیز فنا ہو جائے گی، تمام انسان اور فرشتے ماسوائے جنہیں اللہ زندہ رکھنا چاہے گا مر جائیں گے پھر چالیس سال بعد دوسرا صور پھونکا جائے گا جس سے تمام انسان جسم وجاں کے ساتھ زندہ ہو کر میدان محشر کی طرف دوڑنے لگیں گے جیسے فرمایا

[1] التغابن ۷
[2] المزمل ۱۴
[3] الزلزال ۱

وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ ۭ ثُمَّ نُفِخَ فِيْهِ اُخْرٰى فَاِذَا هُمْ قِيَامٌ يَّنْظُرُوْنَ ﴿۶۸﴾ ①

ترجمہ:اوراس روزصور پھونکاجائے گااوروہ سب مرکرگرجائیں گے جوآسمانوں اور زمین میں ہیں سوائے ان کے جنہیں اللہ زندہ رکھناچاہے، پھرایک دوسراصور پھونکاجائے گااوریکا یک سب کے سب اٹھ کر دیکھنے لگیں گے۔

سب انسان میدان محشر میں جمع ہوجائیں گے،اللہ کے حکم سے فرشتے نیک بخت لوگوں کوسیدھے ہاتھ میں اور بدبختوں کوپیچھے سے الٹے ہاتھ میں نامہ اعمال تھمادیں گے،اپنے ہرطرح کے اعمال ہرانسان خودپڑھ لے گا،جیسے فرمایا:

اِقْرَاْ كِتٰبَكَ ۭ كَفٰى بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ حَسِيْبًا ﴿۱۴﴾ ②

ترجمہ:پڑھ اپنانامہ اعمال، آج اپناحساب لگانے کے لیے توخودہی کافی ہے۔

میدان محشر میں انصاف کاترازوقائم کردیاجائے گاجومادی چیزوں کوتولنے کے بجائے انسان کے اخلاقی اوصاف واعمال اوراس کی نیکی وبدی کوتولے گااورٹھیک ٹھیک وزن کرکے بتادے گاکہ اخلاقی حیثیت سے کس شخص کاکیاپایہ ہے،نیک ہے توکتنانیک ہے اور بدہے توکتنا بد،جیسے فرمایا:

وَنَضَعُ الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَـيْـــًٔا ﴿۴۷﴾ ③

ترجمہ:قیامت کے روزہم ٹھیک ٹھیک تولنے والے ترازورکھ دیں گے پھرکسی شخص پرذرابرابرظلم نہ ہوگا۔

اللہ رب العزت اپنی شان کے لائق اپنے تخت پرجلوہ گرہوگا،فرشتے سرجھکائے صف باندھے کھڑے ہوں گے،جہنم کوجواپنے غیض وغضب سے پھٹی جاتی ہوگی اوراس میں سے بھیانک آوازیں نکل رہی ہوں گی جیسے فرمایا

اِذَآ اُلْقُوْا فِيْهَا سَمِعُوْا لَهَا شَهِيْقًا وَّهِىَ تَفُوْرُ ۝ ﴿۷﴾ تَكَادُ تَمَيَّزُ مِنَ الْغَيْظِ... ﴿۸﴾ ④

ترجمہ:جب وہ اس میں پھینکے جائیں گے تواس کے دھاڑنے کی ہولناک آوازیں سنیں گے اور وہ جوش کھارہی ہوگی شدت غضب سے پھٹی جاتی ہوگی۔

گھسیٹ کرمیدان میں لایاجائے گا،جیسے فرمایا:

وَّعَرَضْنَا جَهَنَّمَ يَوْمَىِٕذٍ لِّلْكٰفِرِيْنَ عَرْضَۨا ﴿۱۰۰﴾ ⑤

ترجمہ:اوروہ دن ہوگاجب ہم جہنم کوکافروں کے سامنے لائیں گے۔

① الزمر ۶۸

② بنی اسرائیل ۱۴

③ الانبیاء ۴۷

④ الملک ۷،۸

⑤ الکہف ۱۰۰

وَجِايْٓءَ يَوْمَىٕذٍۭ بِجَهَنَّمَ ...ۙ ﴿۲۳﴾ (۱)

ترجمہ:اور جہنم اس روز سامنے لے آئی جائے گی۔

یہ سب منظر دیکھ کر کفار، فجار اور منافقین کو یقین آجائے گا کہ اللہ اور اس کے رسول نے قیامت، حیات بعد الموت اور جزاوسزا کے بارے میں صحیح خبر دی تھی، قیامت کے اہوال اور شدائد سے ان کی نگاہیں سہمی اور تاسف وحسرت سے مجرموں کی طرح جھکی ہوئی ہوں گی، جیسے فرمایا

خَاشِعَةً اَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ... ﴿۴۳﴾ (۲)

ترجمہ:ان کی نگاہیں نیچی ہوں گی ذلت ان پر چھارہی ہوگی۔

خوف ودہشت سے ان کے دل ہول کھارہے ہوں گے، ان کے برعکس اہل تقویٰ بالکل مطمئن ہوں گے جیسے فرمایا:

لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْاَكْبَرُ وَتَتَلَقّٰىهُمُ الْمَلٰٓىِٕكَةُ ۭ هٰذَا يَوْمُكُمُ الَّذِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿۱۰۳﴾ (۳)

ترجمہ: وہ انتہائی گھبراہٹ کاوقت ان کو ذرا پریشان نہ کرے گا اور فرشتے بڑھ کر ان کو ہاتھوں ہاتھ لیں گے کہ یہ ہے وہ تمہارا وہی دن ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا۔

يَقُوْلُوْنَ ءَاِنَّا لَمَرْدُوْدُوْنَ فِي الْحَافِرَةِ ﴿۱۰﴾ ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا نَّخِرَةً ﴿۱۱﴾

کہتے ہیں کہ کیا پہلی کی سی حالت کی طرف لوٹائے جائیں گے؟ کیا اس وقت جب کہ ہم بوسیدہ ہڈیاں ہوجائیں گے،

قَالُوْا تِلْكَ اِذًا كَرَّةٌ خَاسِرَةٌ ﴿۱۲﴾ فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ ﴿۱۳﴾

کہتے ہیں کہ پھر تو یہ لوٹنا نقصان دہ ہے، (معلوم ہونا چاہیے)وہ تو صرف ایک (خوفناک) ڈانٹ ہے کہ

فَاِذَا هُمْ بِالسَّاهِرَةِ ﴿۱۴﴾ (النازعات ۱۰تا۱۴)

(جس کے ظاہر ہوتے ہی) وہ ایک دم میدان میں جمع ہوجائیں گے۔

منکرین قیامت اللہ کی آیات پر حیرت وبے یقینی سے کہتے ہیں کیا واقعی ہمیں اس طرح زندہ کر دیا جائے گا جس طرح مرنے سے پیشتر تھے؟ انکار حیات بعد الموت کی مزید تاکید کے طور پر کہتے ہیں ہم کس طرح زندہ کر دیے جائیں گے جب کہ قبروں میں جانے کے بعد ہماری ہڈیاں بوسیدہ ہوکر مٹی کے ساتھ مٹی ہوچکی ہوں گے، توان لوگوں کو جواب دیا گیا ہاں واقعی ایک وقت مقررہ پر اللہ قادر مطلق تمہیں اپنے اعمال کی جزا کے لئے زندہ کرے گا تو یہ تمسخر کے طور پر آپس میں ایک دوسرے سے کہنے لگے اگر واقعی ایسا ہوا جیسا کہ خیرالاولین والآخرین محمد رسول اللہ ﷺ کہتے ہیں تو وہ زندگی ہمارے لئے سخت نقصان دہ ہوگی، اللہ تعالیٰ نے فرمایا جس کام کو یہ بہت بڑا اور ناممکن سمجھ رہے ہیں وہ تو ہماری قدرت کاملہ کے تحت، بہت ہی معمولی کام ہے، بس اللہ کے حکم سے اسرافیل علیہ السلام صور پھونکیں گے اور دنیا کے تمام لوگ یکایک

(۱) الفجر ۲۳

(۲) القلم ۴۳

(۳) الانبیاء ۱۰۳

اپنے آپ کو ایک نئی زمین کی پیٹھ پر جسم وجان کے ساتھ موجود پائیں گے، جیسے فرمایا:

يَوْمَ تُبَدَّلُ الْاَرْضُ غَيْرَ الْاَرْضِ وَالسَّمٰوٰتُ وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ﴿۴۸﴾ (۱)

ترجمہ: ڈراؤانہیں اس دن سے جب کہ زمین اور آسمان بدل کر کچھ سے کچھ کر دیے جائیں گے اور سب کے سب اللہ واحد قہّار کے سامنے بے نقاب حاضر ہو جائیں گے۔

يَوْمَ يَدْعُوْكُمْ فَتَسْتَجِيْبُوْنَ بِحَمْدِهٖ وَتَظُنُّوْنَ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۵۲﴾ (۲)

ترجمہ: جس روز وہ تمہیں پکارے گا تو تم اس کی حمد کرتے ہوئے اس کی پکار کے جواب میں نکل آؤ گے اور تمہارا گمان اس وقت یہ ہو گا کہ ہم بس تھوڑی دیر ہی اس حالت میں پڑے رہے ہیں۔

اور یہ کہ اللہ کا حکم فوراً نافذ ہوتا ہے۔

وَمَآ اَمْرُنَآ اِلَّا وَاحِدَةٌ كَلَمْحٍۢ بِالْبَصَرِ ﴿۵۰﴾ (۳)

ترجمہ: اور ہمارا حکم بس ایک ہی حکم ہوتا ہے اور پلک جھپکاتے وہ عمل میں آجاتا ہے۔

...وَمَآ اَمْرُ السَّاعَةِ اِلَّا كَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْ هُوَ اَقْرَبُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۷۷﴾ (۴)

ترجمہ: اور قیامت کے برپا ہونے کا معاملہ کچھ دیر نہ لے گا مگر بس اتنی کہ جس میں آدمی کی پلک جھپک جائے بلکہ اس سے بھی کچھ کم، حقیقت یہ ہے کہ اللہ سب کچھ کر سکتا ہے۔

اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَـيْـــًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿۸۲﴾ (۵)

ترجمہ: وہ جب کسی چیز کے پیدا کرنے کا ارادہ کرتا ہے تو بس وہ اس سے اتنا ہی فرما دیتا ہے کہ ہو جا اور وہ ہو جاتی ہے۔

هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ﴿۱۵﴾ اِذْ نَادٰىهُ رَبُّهٗ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى ﴿۱۶﴾

کیا موسیٰ (علیہ السلام) کی خبر تمہیں پہنچی ہے؟ جب کہ انہیں ان کے رب نے پاک میدان طویٰ میں پکارا

اِذْهَبْ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ﴿۱۷﴾ فَقُلْ هَلْ لَّكَ اِلٰٓى اَنْ تَزَكّٰى ﴿۱۸﴾

(کہ) تم فرعون کے پاس جاؤ اس نے سرکشی اختیار کر لی ہے، اس سے کہو کہ کیا تو اپنی درستگی اور اصلاح چاہتا ہے،

---

(۱) ابراہیم ۴۸

(۲) بنی اسرائیل ۵۲

(۳) القمر ۵۰

(۴) النحل ۷۷

(۵) یٰسین ۸۲

وَ اَهۡدِيَكَ اِلٰى رَبِّكَ فَتَخۡشٰى ۚ﴿۱۹﴾ فَاَرٰىهُ الۡاٰيَةَ الۡكُبۡرٰى ۖ﴿۲۰﴾

اور یہ کہ میں تجھے تیرے رب کی راہ دکھاؤں تاکہ تو (اس سے) ڈرنے لگے، پس اسے بڑی نشانی دکھائی

فَكَذَّبَ وَعَصٰى ۖ﴿۲۱﴾ ثُمَّ اَدۡبَرَ يَسۡعٰى ۖ﴿۲۲﴾ فَحَشَرَ فَنَادٰى ۖ﴿۲۳﴾

تو اس نے جھٹلایا اور نافرمانی کی، پھر پلٹا دوڑ دھوپ کرتے ہوئے، پھر سب کو جمع کر کے پکارا

فَقَالَ اَنَا رَبُّكُمُ الۡاَعۡلٰى ۖ﴿۲۴﴾ فَاَخَذَهُ اللّٰهُ نَكَالَ الۡاٰخِرَةِ وَ الۡاُوۡلٰى ؕ﴿۲۵﴾

تم سب کا رب میں ہی ہوں، تو (سب سے بلند وبالا) اللہ نے بھی اسے آخرت کے اور دنیا کے عذاب میں گرفتار کرلیا،

اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَعِبۡرَةً لِّمَنۡ يَّخۡشٰى ؕ﴿۲۶﴾ (النازعات ۱۵تا۲۶)

بیشک اس میں اس شخص کے لیے عبرت ہے جو ڈرے۔

کفار ومشرکین مکہ عقیدہ حیات بعد الموت کو تسلیم نہ کر کے رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کی تکذیب اور دعوت اسلام کو زک پہنچانے کی کوشش کر رہے تھے، اس لئے انہیں فرعون کا قصہ سنایا گیا کہ تمہیں موسیٰ علیہ السلام کے قصے کی خبر ہے جب اللہ رب العالمین نے موسیٰ علیہ السلام کو جو سردی کے دنوں میں اپنی اہلیہ کے ہمراہ مدین سے مصر واپس جا رہے تھے اور جبکہ رات کا کچھ حصہ گزر چکا تھا تو انہیں مقدس وادی طویٰ میں پکارا تھا اور انہیں خلعت رسالت سے سرفراز فرمایا تھا۔

فَلَمَّاۤ اَتٰٮهَا نُوۡدِىَ يٰمُوۡسٰىؕ ﴿۱۱﴾ اِنِّىۡۤ اَنَا رَبُّكَ فَاخۡلَعۡ نَعۡلَيۡكَ‌ۚ اِنَّكَ بِالۡوَادِ الۡمُقَدَّسِ طُوًىؕ ﴿۱۲﴾ وَاَنَا اخۡتَرۡتُكَ... ﴿۱۳﴾ [1]

ترجمہ: وہاں پہنچا تو پکارا گیا اے موسیٰ میں ہی تیرا رب ہوں، جوتیاں اتار دے تو وادی مقدس طویٰ میں ہے اور میں نے تجھ کو چن لیا ہے۔

پھر حکم فرمایا تھا کہ فرعون مصر جو بندگی کی حد سے تجاوز کر کے خالق اور خلق دونوں کے معاملہ میں سرکشی کرتا ہے کے پاس دعوت اسلام لے کر جاؤ، جیسے فرمایا:

اِذۡهَبۡ اِلٰى فِرۡعَوۡنَ اِنَّهٗ طَغٰى ﴿۲۴﴾ [2]

ترجمہ: اب تو فرعون کے پاس جا وہ سرکش ہو گیا ہے۔

اور اس سے کہو کہ کیا تم دعوت اسلام قبول کرتے ہو، جیسے فرمایا:

...وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا مَنۡ تَزَكّٰى ﴿۷۶﴾ [3]

ترجمہ: یہ جزا ہے اس کی شخص کی جو پاکیزگی اختیار کرے۔

---

[1] طٰہٰ ۱۱تا۱۳

[2] طٰہٰ ۲۴

[3] طٰہٰ ۷۶

وَمَا يُدْرِيكَ لَعَلَّهُ يَزَّكَّىٰ ۝٣ ⁽¹⁾

ترجمہ: تمہیں کیا خبر شاید وہ سدھر جائے یا نصیحت پر دھیان دے۔

وَمَا عَلَيْكَ أَلَّا يَزَّكَّىٰ ۝٧ ⁽²⁾

ترجمہ: حالانکہ اگر وہ نہ سدھرے تو تم پر اس کی کیا ذمہ داری ہے۔

اگر تم یہ پاکیزہ دعوت قبول کر و تو میں اللہ کا رسول تمہیں تمہارے رب کی طرف جانے والے سیدھے راستے کی طرف رہنمائی کروں تاکہ تو اپنے مالک حقیقی کو پہچان جائے، اس کی طاقت و قدرتوں سے تیرے دل میں اس کا خوف پیدا ہو اور تو اعمال صالحہ اختیار کر کے اس کی رحمت کا مستحق بن جائے، چنانچہ حکم ربانی کے مطابق موسیٰ علیہ السلام نے فرعون مصر کے دربار میں جا کر اسے دعوت اسلام پیش کی، اس پر فرعون نے موسیٰ علیہ السلام کی رسالت کی کوئی نشانی مانگی، جیسے فرمایا:

قَالَ فَأْتِ بِهِ إِن كُنتَ مِنَ الصَّادِقِينَ ۝٣١ ⁽³⁾

ترجمہ: فرعون نے کہا اچھا تو لے آ اگر تو سچا ہے۔

موسیٰ علیہ السلام نے اپنی صداقت کے دلائل میں معجزات دکھانے کے لئے اپنی لاٹھی کو زمین پر پھینکا اور اللہ کی قدرت سے وہ بے جان عصا سب درباریوں کے سامنے ایک اژدہا بن گیا اور ادھر ادھر دوڑنے لگا، جب موسیٰ علیہ السلام نے اسے پکڑا تو عصا اپنی اصلی حالت پر لوٹ آیا، موسیٰ علیہ السلام نے اپنی دوسری نشانی دکھائی کہ اپنا ہاتھ بغل میں دبایا اور جب باہر نکالا وہ ہاتھ بغیر کسی تکلیف کے خوب چمکنے لگا، جیسے فرمایا:

فَأَلْقَىٰ عَصَاهُ فَإِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ مُّبِينٌ ۝٣٢ وَنَزَعَ يَدَهُ فَإِذَا هِيَ بَيْضَاءُ لِلنَّاظِرِينَ ۝٣٣ ⁽⁴⁾

ترجمہ: موسیٰ نے اپنا عصا پھینکا اور یکایک وہ ایک صریح اژدہا تھا، پھر اس نے اپنا ہاتھ (بغل سے) کھینچا اور وہ سب دیکھنے والوں کے سامنے چمک رہا تھا۔

مگر فرعون نے دعوت حق کو قبول کرنے اور ان معجزات کو ماننے سے انتہائی حقارت و تکبر کے ساتھ انکار کر دیا اور ان معجزات کو جادوگر دانا، جیسے فرمایا:

فَلَمَّا جَاءَهُم مُّوسَىٰ بِآيَاتِنَا بَيِّنَاتٍ قَالُوا مَا هَٰذَا إِلَّا سِحْرٌ مُّفْتَرًى ۝٣٦ ⁽⁵⁾

ترجمہ: پھر جب موسیٰ ان لوگوں کے پاس ہماری کھلی کھلی نشانیاں لے کر پہنچا تو انہوں نے کہا کہ یہ کچھ نہیں ہے مگر بناوٹی جادو۔

اور چالبازی کرتے ہوئے ماہر جادوگروں کو موسیٰ علیہ السلام کے مقابلے کے لئے بلوایا، جیسے فرمایا

---

(1) عبس ۳

(2) عبس ۷

(3) الشعراء ۳۱

(4) الشعراء ۳۲، ۳۳

(5) القصص ۳۶

قَالُوْۤا اَرْجِهْ وَاَخَاهُ وَابْعَثْ فِی الْمَدَآئِنِ حٰشِرِیْنَ ﴿۳۶﴾ یَاْتُوْكَ بِكُلِّ سَحَّارٍ عَلِیْمٍ ﴿۳۷﴾ فَجُمِعَ السَّحَرَةُ لِمِیْقَاتِ یَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۳۸﴾ (۱)

ترجمہ: انہوں نے کہا اسے اور اس کے بھائی کو روک لیجیے اور شہروں میں ہرکارے بھیج دیجیے کہ ہر سیانے جادوگر کو آپ کے پاس لے آئیں، چنانچہ ایک روز مقررہ وقت پر جادوگر اکٹھے کر لیے گئے۔

توفرعون نے انہیں اپنا مقرب بنانے اور انعام واکرام کا لالچ دے کر موسیٰ علیہ السلام کے مقابلہ میں کھڑا کر دیا، جیسے فرمایا

فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالُوْا لِفِرْعَوْنَ اَىِٕنَّ لَنَا لَاَجْرًا اِنْ كُنَّا نَحْنُ الْغٰلِبِیْنَ ﴿۴۱﴾ قَالَ نَعَمْ وَاِنَّكُمْ اِذًا لَّمِنَ الْمُقَرَّبِیْنَ ﴿۴۲﴾

ترجمہ: جب جادوگر میدان میں آئے تو انہوں نے فرعون سے کہا ہمیں انعام تو ملے گا اگر ہم غالب رہے؟ اس نے کہا ہاں، اور تم تو اس وقت مقربین میں شامل ہو جاؤ گے۔

ماہر فن جادوگروں نے اپنے فن کا خوب مظاہرہ کیا مگر ناکام رہے، جیسے فرمایا:

وَجَآءُوْ بِسِحْرٍ عَظِیْمٍ ﴿۱۱۶﴾ (۳)

ترجمہ: اور بڑا ہی زبردست جادو بنا لائے۔

موسیٰ علیہ السلام کے معجزے کو دیکھ کر جادوگر جن کی زندگی ہی جادو کو سیکھتے ہوئے گزری تھی حقیقت کو پا گئے کہ یہ جادو نہیں معجزہ ہے جس پر انہوں نے اسی مجمع میں علی الاعلان دعوت اسلام کو قبول کر لیا، جیسے فرمایا

فَاُلْقِیَ السَّحَرَةُ سٰجِدِیْنَ ﴿۴۶﴾ قَالُوْۤا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۴۷﴾ (۴)

ترجمہ: اس پر سارے جادوگر بے اختیار سجدے میں گر پڑے اور بول اٹھے کہ مان گئے ہم رب العالمین کو۔

اس طرح پوری عوام کے سامنے فرعون کی چالبازی خود اس کے لئے ہی باعث ذلت بن گئی، فرعون اللہ کی ہستی کا منکر نہ تھا وہ بھی بے شمار معبودوں کی پرستش کرتا تھا، جیسے فرمایا:

وَقَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ اَتَذَرُ مُوْسٰى وَقَوْمَهٗ لِیُفْسِدُوْا فِی الْاَرْضِ وَیَذَرَكَ وَاٰلِهَتَكَ ۔۔۔ ﴿۱۲۷﴾

(۵) ترجمہ: فرعون سے اس کی قوم کے سرداروں نے کہا کیا تو موسیٰ اور اس کی قوم کو یوں ہی چھوڑ دے گا کہ ملک میں فساد پھیلائیں اور وہ تیری اور تیرے معبودوں کی بندگی چھوڑ بیٹھیں؟۔

---

(۱) الشعراء۳۶تا۳۸

(۲) الشعراء۴۱،۴۲

(۳) الاعراف۱۱۶

(۴) الشعراء۴۶،۴۷

(۵) الاعراف۱۲۷

فَلَوْلَآ اُلْقِيَ عَلَيْهِ اَسْوِرَةٌ مِّنْ ذَهَبٍ اَوْ جَآءَ مَعَهُ الْمَلٰٓئِكَةُ مُقْتَرِنِيْنَ ﴿۵۳﴾ (۱)

ترجمہ: (اگر موسیٰ اللہ کا بھیجا ہوا ہوتا تو) کیوں نہ اس پر سونے کے کنگن اتارے گئے؟ یا فرشتوں کا ایک دستہ اس کی اردلی میں نہ آیا۔

وہ حکومت، طاقت اور اختیارات کے غرور میں مبتلا ہو کر اپنے آپ کو الٰہ اور رب اعلیٰ کہتا تھا، جیسے فرمایا:

قَالَ لَئِنِ اتَّخَذْتَ اِلٰهًا غَيْرِيْ لَاَجْعَلَنَّكَ مِنَ الْمَسْجُوْنِيْنَ ﴿۲۹﴾ (۲)

ترجمہ: فرعون نے کہا اگر تو نے میرے سوا کسی اور کو معبود مانا تو تجھے بھی ان لوگوں میں شامل کر دوں گا جو قید خانوں میں پڑے سڑ رہے ہیں۔

وَقَالَ فِرْعَوْنُ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَاُ مَا عَلِمْتُ لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرِيْ ... ﴿۳۸﴾ (۳)

ترجمہ: اور فرعون نے کہا اے اہل دربار میں تو اپنے سوا تمہارے کسی الٰہ کو نہیں جانتا۔

فَقَالَ اَنَا رَبُّكُمُ الْاَعْلٰى ﴿۲۴﴾ (۴)

ترجمہ: اس نے کہا میں تمہارا سب سے بڑا رب ہوں۔

عَنْ مُجَاهِدٍ، قَالَ: هُوَ قَوْلُهُ: {مَا عَلِمْتُ لَكُمْ مِنْ إِلٰهٍ غَيْرِي} وَقَوْلُهُ: {أَنَا رَبُّكُمُ الْأَعْلَى}، وَكَانَ بَيْنَهُمَا أَرْبَعُونَ سَنَةً

مجاہد رحمہ اللہ فرماتے ہیں فرعون نے پہلے یہ کہا تھا "میں تو اپنے سوا تمہارے کسی الٰہ کو نہیں جانتا" پھر اس کے چالیس سال بعد یہ کلمہ کہا "میں ہی تمہارا سب سے بڑا رب ہوں۔" (۵)

یعنی میں اقتدار اعلیٰ کا مالک ہوں، میرے سوا کسی کو میری مملکت میں حکم چلانے کا حق نہیں ہے، اور میرے اوپر کوئی بالاتر طاقت نہیں ہے جس کا فرمان یہاں جاری ہو سکتا ہو، اللہ تعالیٰ کی سنت ہے کہ نافرمانوں اور سرکشوں کو لمبی مہلت عطا فرماتا ہے، جیسے فرمایا:

... فَنَذَرُ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۱۱﴾ (۶)

ترجمہ: ہم ان لوگوں کو جو ہم سے ملنے کی توقع نہیں رکھتے ان کی سرکشی میں بھٹکنے کے لئے چھوٹ دے دیتے ہیں۔

مگر آخر ہر چیز کا ایک وقت مقرر ہے جیسے فرمایا:

... لِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ ۚ اِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ فَلَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿۴۹﴾ (۷)

ترجمہ: ہر امت کے لئے مہلت کی ایک مدت ہے، جب یہ مدت پوری ہو جاتی ہے تو گھڑی بھر کی تقدیم و تاخیر بھی نہیں ہوتی۔

---

(۱) الزخرف ۵۳

(۲) الشعراء ۲۹

(۳) القصص ۳۸

(۴) النازعات ۲۴

(۵) تفسیر طبری ۲۰/ ۲۴، تفسیر القرطبی ۱۹/ ۲۰۲

(۶) یونس ۱۱

(۷) یونس ۴۹

بالآخر فرعون کی ڈھیل کا وقت ختم ہوا اور اللہ نے اسے اور اس کے لشکر کو غرق کر دیا اور فرعون کی لاش کو رہتی دنیا تک عبرت کا نشان بنا دیا، جیسے فرمایا:

...حَتّٰٓى اِذَآ اَدْرَكَهُ الْغَرَقُ ۙ قَالَ اٰمَنْتُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا الَّذِيْٓ اٰمَنَتْ بِهٖ بَنُوْٓا اِسْرَاۗءِيْلَ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ۝۹۰ آٰلْئٰنَ وَقَدْ عَصَيْتَ قَبْلُ وَكُنْتَ مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝۹۱ فَالْيَوْمَ نُنَجِّيْكَ بِبَدَنِكَ لِتَكُوْنَ لِمَنْ خَلْفَكَ اٰيَةً ۭ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ عَنْ اٰيٰتِنَا لَغٰفِلُوْنَ ۝۹۲ (۱)

ترجمہ: حتٰی کہ جب فرعون ڈوبنے لگا تو بول اٹھا میں نے مان لیا کہ خداوند حقیقی اس کے سوا کوئی نہیں ہے جس پر بنی اسرائیل ایمان لائے، اور میں بھی سر اطاعت جھکا دینے والوں میں سے ہوں (جواب دیا گیا) اب ایمان لاتا ہے! حالانکہ اس سے پہلے تک تو نافرمانی کرتا رہا اور فساد برپا کرنے والوں میں سے تھا اب تو ہم صرف تیری لاش ہی کو بچائیں گے تاکہ تو بعد کی نسلوں کے لیے نشان عبرت بنے اگرچہ بہت سے انسان ایسے ہیں جو ہماری نشانیوں سے غفلت برتتے ہیں۔

اور اس جرم میں کہ اس نے رسول کی دعوت کو قبول کرنے سے انکار کیا اور سرکشی میں مقابلے پر نکل کھڑا ہوا قبر میں صبح شام اس کے سامنے دوزخ پیش کی جاتی ہے جس میں وہ داخل کیا جائے گا، جیسے فرمایا:

اَلنَّارُ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا غُدُوًّا وَّعَشِيًّا ۚ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ ۣ اَدْخِلُوْٓا اٰلَ فِرْعَوْنَ اَشَدَّ الْعَذَابِ ۝۴۶ (۲)

ترجمہ: دوزخ کی آگ ہے جس کے سامنے صبح و شام وہ پیش کیے جاتے ہیں اور جب قیامت کی گھڑی آجائے گی تو حکم ہوگا کہ آل فرعون کو شدید تر عذاب میں داخل کرو۔

وَجَعَلْنٰهُمْ اَىِٕمَّةً يَّدْعُوْنَ اِلَى النَّارِ ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ لَا يُنْصَرُوْنَ ۝۴۱ (۳)

ترجمہ: ہم نے انہیں جہنم کی طرف دعوت دینے والے پیش رو بنا دیا اور قیامت کے روز وہ کہیں سے کوئی مدد نہ پا سکیں گے۔

اس طرح اللہ نے اسے دنیا و آخرت کے عذاب میں گرفتار کر دیا، اے لوگو! اگر تم نے لوگوں کے واقعات سے عبرت نہ پکڑی تو تمہارا انجام بھی فرعون جیسا ہو سکتا ہے۔

ءَاَنْتُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمِ السَّمَاۗءُ ۭ بَنٰىهَا ۝۲۷ۣ رَفَعَ سَمْكَهَا فَسَوّٰىهَا ۝۲۸ۙ

کیا تمہارا پیدا کرنا زیادہ دشوار ہے یا آسمان کا؟ اللہ تعالیٰ نے اسے بنایا اس کی بلندی اونچی کی

وَاَغْطَشَ لَيْلَهَا وَاَخْرَجَ ضُحٰىهَا ۝۲۹۠ وَالْاَرْضَ بَعْدَ ذٰلِكَ دَحٰىهَا ۝۳۰ۭ

پھر اسے ٹھیک ٹھاک کر دیا، اسکی رات کو تاریک بنایا اسکے دن کو نکالا، اس کے بعد زمین کو (ہموار) بچھا دیا

---

(۱) یونس ۹۰ تا ۹۲

(۲) المومن ۴۶

(۳) القصص ۴۱

| اَخۡرَجَ | مِنۡهَا | مَآءَهَا | وَ | مَرۡعٰهَا ﴿۳۱﴾ وَ | الۡجِبَالَ | اَرۡسٰهَا ﴿۳۲﴾ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| اس | میں سے | پانی | اور | چارہ نکالااور | پہاڑوں کو | (مضبوط) گاڑھ دیا، |

مَتَاعًا لَّكُمۡ وَلِاَنۡعَامِكُمۡ ﴿۳۳﴾ (النازعات ۲۷تا۳۳)

یہ سب تمہارے اور تمہارے جانوروں کے فائدے کے لیے ہیں۔

انسان جوحیات بعد الموت کوامر محال سمجھتاہےاور اس کو ناممکن سمجھتے ہوئے مختلف تاویلات گھڑتا ہے، مگر کبھی اس چیز پر تم غور وفکر نہیں کرتے کہ عالم بالا جس میں بے حد وحساب ستارے، سیارے اور ان گنت کہکشائیں ہیں کی تخلیق زیادہ سخت کام ہے یا انسانوں کو دربارہ اسی شکل صورت اور جسم وجاں سے پیدا کر دینا؟ جس حکیم ودانا ہستی کے لئے زمین وآسمان اور ان کے درمیان جو کچھ ہے کی تخلیق کچھ مشکل کام نہیں ہے تو پھر وہ انسانوں کو دوبارہ زندہ کر دینے پر کیوں قادر نہیں ہوسکتا، جیسے فرمایا

اَوَلَيۡسَ الَّذِىۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنۡ يَّخۡلُقَ مِثۡلَهُمۡ... ﴿۸۱﴾ [1]

ترجمہ: کیاوہ جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اس پر قادر نہیں کہ ان جیسوں کو پیدا کر سکے؟۔

لَخَلۡقُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ اَكۡبَرُ مِنۡ خَلۡقِ النَّاسِ... ﴿۵۷﴾ [2]

آسمانوں اور زمین کا پیدا کرناانسان کو پیدا کرنے کی بہ نسبت یقیناً زیادہ بڑا کام ہے۔

اللہ رب العزت نے زمین کے اوپر چھت کی مانند آسمان کو کسی ستون کے بغیر بلند وبالا، کشادہ، محکم اور مضبوط بنایا، جیسے فرمایا

اَللّٰهُ الَّذِىۡ رَفَعَ السَّمٰوٰتِ بِغَيۡرِ عَمَدٍ تَرَوۡنَهَا... ﴿۲﴾ [3]

ترجمہ: وہ اللہ ہی ہے جس نے آسمانوں کو ایسے سہاروں کے بغیر قائم کیا جو تم کو نظر آتے ہوں۔

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ بِغَيۡرِ عَمَدٍ تَرَوۡنَهَا... ﴿۱۰﴾ [4]

ترجمہ: اس نے آسمانوں کو پیدا کیا بغیر ستونوں کے جو تم کو نظر آئیں۔

جس سے باہر کوئی نکل نہیں سکتا، جیسے فرمایا:

يٰمَعۡشَرَ الۡجِنِّ وَالۡاِنۡسِ اِنِ اسۡتَطَعۡتُمۡ اَنۡ تَنۡفُذُوۡا مِنۡ اَقۡطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ فَانۡفُذُوۡا ؕ لَا تَنۡفُذُوۡنَ اِلَّا بِسُلۡطٰنٍ ﴿۳۳﴾ [5]

ترجمہ: اے گروہ جن وانس! اگر تم زمین اور آسمان کی سرحدوں سے نکل کر بھاگ سکتے ہو تو بھاگ دیکھو، نہیں بھاگ سکتے اس کے لئے

[1] یٰسین ۸۱

[2] المومن ۵۷

[3] الرعد ۲

[4] لقمان ۱۰

[5] الرحمٰن ۳۳

بڑا زور چاہیے۔

پھر اس میں چمکنے والے ستارے جڑ دیے، جیسے فرمایا:

وَلَقَدْ زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيحَ... ۵ [۱]

ترجمہ: ہم نے تمہارے قریب کے آسمان کو عظیم الشان چراغوں سے آراستہ کیا ہے۔

...وَزَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيحَ ۖ وَحِفْظًا... ۱۲ [۲]

ترجمہ: اور آسمان دنیا کو ہم نے چراغوں سے آراستہ کیا اور اسے خوب محفوظ کر دیا۔

اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ ِۨ الْكَوَاكِبِ ۙ ۶ [۳]

ترجمہ: ہم نے آسمان دنیا کو تاروں کی زینت سے آراستہ کیا ہے۔

پھر ان بے شمار ستاروں، سیاروں اور کہکشاؤں کے درمیان حیرت انگیز توازن قائم کیا، جیسے فرمایا:

الَّذِيْ خَلَقَ فَسَوّٰى ۙ ۲ [۴]

ترجمہ: جس نے پیدا کیا اور تناسب قائم کیا۔

سورج غروب ہونے سے زمین پر رات کی تاریکی چھا جاتی ہے جیسے اوپر سے اس پر پردہ ڈال کر ڈھانک دیا گیا ہو، اور سورج کے طلوع ہونے سے روشن دن نکل آتا ہے، اسی اللہ نے زمین میں روئیدگی کی صلاحیت پیدا کی اور اس کے اندر میٹھے پانی کے سوتے جاری کیے جس کی وجہ سے وہ انسانوں اور جانوروں کی ضرورت کے لئے اربوں، کروڑوں سالوں سے مختلف اجناس، انواع واقسام کے لذیز پھل، میوہ جات ، جانوروں کے لئے چارے، آگ جلانے اور دوسرے کئی کاموں کے لئے انواع اقسام کے درخت، بیماروں کی شفا کے لئے جڑی بوٹیاں پیدا کرتی چلی آرہی ہے، اور اس میں بلند و بالا پہاڑ میخوں کی طرح گاڑ دیے، جیسے فرمایا:

وَهُوَ الَّذِيْ مَدَّ الْاَرْضَ وَجَعَلَ فِيْهَا رَوَاسِيَ... ۳ [۵]

ترجمہ: اور وہی ہے جس نے یہ زمین پھیلا رکھی ہے، اس میں پہاڑوں کے کھونٹے گاڑ رکھے ہیں۔

وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ ۱۹ [۶]

ترجمہ: ہم نے زمین کو پھیلایا اس میں پہاڑ جمائے۔

---

[۱] الملک ۵

[۲] حم السجدۃ ۱۲

[۳] الصافات ۶

[۴] الاعلی ۲

[۵] الرعد ۳

[۶] الحجر ۱۹

وَاَلْقٰى فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ... ⑮ (۱)

ترجمہ: اس نے زمین میں پہاڑوں کی میخیں گاڑ دیں تا کہ زمین تم کو لے کر ڈھلک نہ جائے۔

وَجَعَلْنَا فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِهِمْ (۲)

ترجمہ: اور ہم نے زمین میں پہاڑ جما دیے تا کہ وہ انہیں لے کر ڈھلک نہ جائے۔

وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ... ⑦ (۳)

ترجمہ: اور زمین کو ہم نے بچھایا اور اس میں پہاڑ جمائے۔

زمین وآسمان کے درمیان یہ عظیم الشان نظام جس میں کوئی کجی نہیں اتفاقاً قائم نہیں ہو گیا بلکہ اللہ نے زمین کو رہائش کے قابل بنانے کے لئے بڑی حکمت کے ساتھ ٹھیک ٹھیک ایک اندازے کے مطابق یہ نظام قائم کیا ہے، کیا وہ قدرتوں والا رب انسانوں کو دوبارہ پیدا نہیں کر سکتا۔

فَاِذَا جَآءَتِ الطَّآمَّةُ الْكُبْرٰى ۳۴ يَوْمَ يَتَذَكَّرُ الْاِنْسَانُ مَا سَعٰى ۳۵

پس جب وہ بڑی آفت (قیامت) آجائے گی، جس دن کے انسان اپنے کئے ہوئے کاموں کو یاد کرے گا،

وَ بُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ لِمَنْ يَّرٰى ۳۶ فَاَمَّا مَنْ طَغٰى ۳۷

اور (ہر) دیکھنے والے کے سامنے جہنم ظاہر کی جائے گی، تو جس (شخص) نے سرکشی کی (ہوگی)

وَ اٰثَرَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ۳۸ فَاِنَّ الْجَحِيْمَ هِيَ الْمَاْوٰى ۳۹

اور دنیاوی زندگی کو ترجیح دی( ہوگی)(اسکا) ٹھکانا جہنم ہی ہے،

وَ اَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَ نَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى ۴۰

ہاں جو شخص اپنے رب کے سامنے کھڑے ہونے سے ڈرتا رہا ہوگا اور اپنے نفس کو خواہش سے روکا ہوگا

فَاِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَاْوٰى ۴۱ (النازعات ۳۴تا۴۱)

تو اس کا ٹھکانا جنت ہی ہے۔

جب قیامت کا عظیم ہنگامہ برپا ہوگا جس کے سامنے ہر سختی ہیچ ہے، جیسے فرمایا:

بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ اَدْهٰى وَاَمَرُّ ۴۶ (۴)

(۱) النحل ۱۵

(۲) الانبیاء ۳۱

(۳) ق ۷

(۴) القمر ۴۶

ترجمہ: اور وہ بڑی آفت اور زیادہ تلخ ساعت ہے۔

اسی سختی میں انسان اپنے والدین، اولاد اور دوستوں سے غافل ہو جائے گا، جیسے فرمایا

فَاِذَا جَآءَتِ الصَّآخَّةُ ﴿۳۳﴾ يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِيْهِ ﴿۳۴﴾ وَاُمِّهٖ وَاَبِيْهِ ﴿۳۵﴾ وَصَاحِبَتِهٖ وَبَنِيْهِ ﴿۳۶﴾ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَاْنٌ يُّغْنِيْهِ ﴿۳۷﴾ [1]

ترجمہ: آخر کار جب وہ کان بہرے کر دینے والی آواز بلند ہو گی، اس روز آدمی اپنے بھائی اور اپنی ماں اور اپنے باپ اور اپنی بیوی اور اپنی اولاد سے بھاگے گا ان میں سے ہر شخص پر اس دن ایسا وقت آپڑے گا کہ اسے اپنے سوا کسی کا ہوش نہ ہو گا۔

وَلَا يَسْئَلُ حَمِيْمٌ حَمِيْمًا ﴿۱۰﴾ يُّبَصَّرُوْنَهُمْ ۭ يَوَدُّ الْمُجْرِمُ لَوْ يَفْتَدِيْ مِنْ عَذَابِ يَوْمِئِذٍۭ بِبَنِيْهِ ﴿۱۱﴾ وَصَاحِبَتِهٖ وَاَخِيْهِ ﴿۱۲﴾ وَفَصِيْلَتِهِ الَّتِيْ تُـــْٔوِيْهِ ﴿۱۳﴾ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۙ ثُمَّ يُنْجِيْهِ ﴿۱۴﴾ [2]

ترجمہ: اور کوئی جگری دوست اپنے جگری دوست کو نہ پوچھے گا حالانکہ وہ ایک دوسرے کو دکھائے جائیں گے، مجرم چاہے گا کہ اس دن کے عذاب سے بچنے کے لیے اپنی اولاد کو اپنی بیوی کو اپنے بھائی کو اپنے قریب ترین خاندان کو جو اسے پناہ دینے والا تھا اور روئے زمین کے سب لوگوں کو فدیہ میں دے دے اور یہ تدبیر اسے نجات دلا دے۔

تمام اسباب اور تعلقات منقطع ہو جائیں گے، جیسے فرمایا:

فَاِذَا نُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَلَآ اَنْسَابَ بَيْنَهُمْ يَوْمَئِذٍ وَّلَا يَتَسَاۗءَلُوْنَ ﴿۱۰۱﴾ [3]

ترجمہ: پھر جونہی کہ صور پھونک دیا گیا ان کے درمیان پھر کوئی رشتہ نہ رہے گا اور نہ وہ ایک دوسرے کو پوچھیں گے۔

اس وقت انسان کو اچھی طرح یاد آجائے گا کہ یہ وہی ہولناک دن ہے جس کی اسے خبر دی جاتی رہی ہے، پھر جب وہ میدان محشر میں کھڑا ہو گا اور اللہ کے فرمان کو حق دیکھ کر نامہ اعمال کے ملنے سے قبل ہی اس کے چشم تصور میں اپنے اچھے برے، چھوٹے بڑے تمام اعمال یک لخت گھوم جائیں گے، اس وقت وہ اپنی نیکیوں میں ذرہ بھر نیکی کے اضافے کی تمنا کرے گا اور اپنی برائیوں میں ذرہ بھر اضافے پر غم زدہ ہو جائے گا مگر اس وقت سب تمنائیں، آرزوئیں لاحاصل ہوں گی، فرشتے جہنم کو لگاموں سے گھسیٹ کر میدان محشر میں خلقت کے سامنے لے آئیں گے جسے دیکھ کر کفار و مشرکین خوف و دہشت میں مبتلا ہو جائیں گے، ان کے غم و حسرت میں اضافہ ہو جائے گا، جیسے فرمایا:

وَجِايْۗءَ يَوْمَئِذٍۢ بِجَهَنَّمَ ڏ يَوْمَئِذٍ يَّتَذَكَّرُ الْاِنْسَانُ وَاَنّٰى لَهُ الذِّكْرٰى ﴿۲۳﴾ [4]

ترجمہ: اور جہنم اس روز سامنے لائی جائے گی اس دن انسان کو سمجھ آئے گی اور اس وقت کے سمجھنے کا کیا حاصل؟۔

جس شخص نے اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کی بجائے بغاوت کی ہو گی، حق کا راستہ روکنے کی کوشش کی ہو گی، اللہ عزوجل کی آیات کا مذاق

---

[1] عبس ۳۳تا۳۷

[2] المعارج ۱۰تا۱۴

[3] المومنون ۱۰۱

[4] الفجر ۲۳

اڑایا اور حدود کو پامال کیا ہوگا، جو اپنے نفس کی خواہشوں کا غلام بن کر دنیا ہی کے حظوظ وشہوات میں مستغرق رہا اور اسی کے لئے بھاگ دوڑ کی ہوگی، الغرض جس نے دنیا کی عارضی زندگی کو آخرت کی ہمیشہ رہنے والی زندگی پر ترجیح دی ہوگی اس کا دائمی ٹھکانہ یہی جہنم ہوگا، اللہ ان کے بارے میں فرمائے گا۔

اَلْقِيَا فِيْ جَهَنَّمَ كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيْدٍ ﴿۲۴﴾ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ مُّرِيْبٍ ﴿۲۵﴾ (۱)

ترجمہ: پھینک دو جہنم میں ہر کٹر کافر کو جو حق سے عناد رکھتا تھا، خیر کو روکنے والا اور حد سے تجاوز کرنے والا تھا۔

چنانچہ فرشتے اسے بالوں سے پکڑ کر اور پاؤں سے گھسیٹ کر جہنم کی ہولناک وادیوں میں پھینک دیں گے، جہنم کی آگ مجرموں کو اوپر اور نیچے سے گھیر لے گی، پھر وہ اس عذاب میں نہ جی سکیں گے نہ ہی انہیں موت آئے گی، جیسے فرمایا:

اِنَّهٗ مَنْ يَّاْتِ رَبَّهٗ مُجْرِمًا فَاِنَّ لَهٗ جَهَنَّمَ ؕ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ﴿۷۴﴾ (۲)

ترجمہ: حقیقت یہ ہے کہ جو مجرم بن کر اپنے رب کے حضور حاضر ہوگا اس کے لیے جہنم ہے جس میں وہ نہ جیے گا نہ مرے گا۔

سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَّخْشٰى ﴿۱۰﴾ وَيَتَجَنَّبُهَا الْاَشْقَى ﴿۱۱﴾ الَّذِيْ يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرٰى ﴿۱۲﴾ ثُمَّ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ﴿۱۳﴾ (۳)

ترجمہ: جو شخص ڈرتا ہے وہ نصیحت قبول کرے گا اور اس سے گریز کرے گا وہ انتہائی بدبخت جو بڑی آگ میں جائے گا پھر نہ اس میں مرے گا اور نہ جیے گا۔

اور جس شخص نے اللہ اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کی، اپنی خواہشات کو اللہ اور اس کے رسول کے حکم کے تابع کر دیا، اللہ کے احکامات وفرائض کو کماحقہ ہو بجالانے کی کوشش کی، دنیا کی دلکش رنگینیوں، ناروا لذتوں اور ہنگاموں سے بچ کر چلنے کی کوشش کرتا رہا، جو شخص رب کے سامنے کھڑے ہونے اور اپنے اعمال کی جوابدہی کے خوف سے زندگی گزارتا رہا اس کا دائمی ٹھکانہ جنت ہوگی، جس میں رب کی کبھی ختم نہ ہونے والی نعمتیں ہی نعمتیں ہوں گی، جیسے فرمایا:

وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ ﴿۴۶﴾ (۴)

ترجمہ: اور جو شخص اپنے رب کے حضور پیشی سے ڈرتا رہا اس کے لئے (بہشت کے) دو باغ ہوں گے۔

لوگو! اللہ نے سزا وجزا کی دونوں صورتیں واضح کر دی ہیں، جیسے فرمایا:

وَهَدَيْنٰهُ النَّجْدَيْنِ ﴿۱۰﴾ (۵)

ترجمہ: اور (نیکی اور بدی کے) دونوں نمایاں راستے اسے (نہیں) دکھا دیئے؟۔

---

(۱) ق ۲۴،۲۵

(۲) طٰہٰ ۷۴

(۳) الاعلیٰ ۱۰ تا ۱۳

(۴) الرحمٰن ۴۶

(۵) البلد ۱۰

فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰىهَا ۝۸ (1)

ترجمہ: پھر اس کی بدی اور اس کی پرہیز گاری اس پر الہام کر دی۔

فیصلہ بہرحال تم کو ہی کرنا ہے کہ تم کون سی زندگی گزارنا چاہتے ہو؟ کیا وسیع وعرض جنت کی لازوال انواع واقسام نعمتوں میں ہمیشہ رہنا چاہتے ہو یا دوزخ کے المناک عذاب میں؟

يَسْــَٔلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰىهَا ۝۴۲ فِيْمَ اَنْتَ مِنْ ذِكْرٰىهَا ۝۴۳

لوگ آپ سے قیامت کے واقع ہونے کا وقت دریافت کرتے ہیں، آپ کو اس کے بیان کرنے سے کیا تعلق؟

اِلٰى رَبِّكَ مُنْتَهٰىهَا ۝۴۴ اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرُ مَنْ يَّخْشٰىهَا ۝۴۵ كَاَنَّهُمْ يَوْمَ

اس کے علم کی انتہا تو اللہ کی جانب ہے، آپ تو صرف اس سے ڈرتے رہنے والوں کو آگاہ کرنے والے ہیں، جس روز

يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰىهَا ۝۴۶ (النازعات ۴۲ تا ۴۶)

یہ اسے دیکھ لیں گے تو ایسا معلوم ہوگا کہ صرف دن کا آخری حصہ یا اول حصہ ہی (دنیا میں) رہے ہیں۔

مشرکین مکہ قیامت اور روز آخرت اور حشر ونشر کے منکر تھے وہ ان واقعات کو غیر ممکن اور بعید از عقل سمجھتے تھے اس لئے قیامت کو جھٹلانے اور اس کا مذاق اڑانے کے لئے رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سے بار بار سوال کرتے تھے کہ قیامت کی وہ گھڑی جس سے تم ہمیں ڈراتے رہتے ہو کب آئے گی، جیسے فرمایا:

وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝۲۵ (2)

ترجمہ: یہ کہتے ہیں اگر تم سچے ہو تو بتاؤ یہ وعدہ کب پورا ہوگا؟۔

فرمایا یہ لوگ آپ سے قیامت کی گھڑی کے بارے میں سوال کرتے ہیں آپ کہہ دیں کہ اس پر تو مجھے یقین کامل ہے کہ قیامت واقع ہوگی البتہ وہ کب واقع ہوگی مجھے اس گھڑی کا کوئی یقینی علم نہیں ہے، اس کے وقوع ہونے کی گھڑی کا علم صرف اللہ رب العزت ہی کو ہے، جیسے فرمایا

يَسْــَٔلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰىهَا ۭ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّيْ ۚ لَا يُجَلِّيْهَا لِوَقْتِهَآ اِلَّا هُوَ ؔ ثَقُلَتْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ لَا تَاْتِيْكُمْ اِلَّا بَغْتَةً ۭ يَسْــَٔلُوْنَكَ كَاَنَّكَ حَفِيٌّ عَنْهَا ۭ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝۱۸۷ (3)

ترجمہ: یہ لوگ تم سے پوچھتے ہیں کہ آخر وہ قیامت کی گھڑی کب نازل ہوگی؟ کہو اس کا علم میرے رب ہی کے پاس ہے اسے اپنے وقت

(1) الشمس ۸

(2) الملک ۲۵

(3) الاعراف ۱۸۷

پر وہی ظاہر کرے گا، آسمانوں اور زمین میں وہ بڑا سخت وقت ہو گا، وہ تم پر اچانک آجائے گی، یہ لوگ اس کے متعلق تم سے اس طرح پوچھتے ہیں گویا کہ تم اس کی کھوج میں لگے ہوئے ہو، کہو اس کا علم تو صرف اللہ کو ہے مگر اکثر لوگ اس حقیقت سے ناواقف ہیں۔

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ:قَالَ: مَتَى السَّاعَةُ؟ قَالَ: مَا المَسْئُولُ عَنْهَا بِأَعْلَمَ مِنَ السَّائِلِ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جبرائیل علیہ السلام انسانی شکل میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کچھ سوالات کیے، جن کے جوابات آپ نے دیئے، پھر انہوں نے قیامت کے دن کی تعین کا سوال پوچھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کے بارے میں جواب دینے والا پوچھنے والے سے کچھ زیادہ نہیں جانتا۔ (۱)

اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم! آپ صرف ڈرانے والے ہیں، قیامت کی گھڑی کی خبر دینے والے نہیں، اور اس انذار و تبلیغ سے اصل فائدہ وہی لوگ حاصل کرتے ہیں جن کے دلوں میں اللہ کا خوف ہوتا ہے، جو اللہ کے حضور کھڑے ہونے سے خائف ہوتے ہیں، ابھی یہ لوگ ان حقائق پر ایمان نہیں لاتے مگر جب یہ اپنی اپنی قبروں سے اٹھ کر میدان محشر میں جمع ہوں گے، اس وقت انہیں دنیا کی لمبی عمر بہت ہی کم نظر آئے گی، انہیں ایسے معلوم ہو گا کہ انہوں نے صبح یا صرف شام کا کچھ حصہ وہاں گزارا تھا، جیسے فرمایا:

قٰلَ كَمْ لَبِثْتُمْ فِي الْاَرْضِ عَدَدَ سِنِيْنَ ﴿۱۱۲﴾ قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ فَسْـَٔلِ الْعَاۗدِّيْنَ ﴿۱۱۳﴾ (۲)

ترجمہ: اللہ تعالیٰ پوچھے گا تم زمین میں کتنے سال رہے ہو؟ وہ کہیں گے ایک دن یا دن کا بھی کچھ حصہ ہم وہاں ٹھہرے ہیں، شمار کرنے والوں سے پوچھ لیجئے۔

ایک مقام پر ہے کہ دنیا کی لمبی زندگی انہیں بمشکل دس دن نظر آئے گی۔

يَّتَخَافَتُوْنَ بَيْنَهُمْ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا عَشْرًا ﴿۱۰۳﴾ (۳)

ترجمہ: آپس میں چپکے چپکے کہیں گے کہ دنیا میں مشکل ہی سے تم نے کوئی دس دن گزارے ہوں گے۔

اسی طرح مجرم لوگ برزخ کی زندگی کو بھی بہت قلیل سمجھیں گے، انہیں احساس بھی نہیں ہو گا کہ وہ مر چکے تھے اور ایک مدت دراز کے بعد انہیں دوبارہ زندہ کیا گیا ہے۔

يَوْمَ يَدْعُوْكُمْ فَتَسْتَجِيْبُوْنَ بِحَمْدِهٖ وَتَظُنُّوْنَ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۵۲﴾ (۴)

ترجمہ: جس روز وہ تمہیں پکارے گا تو تم اس کی حمد کرتے ہوئے اس کی پکار کے جواب میں نکل آؤ گے اور تمہارا گمان اس وقت یہ ہو گا کہ ہم بس تھوڑی دیر ہی اس حالت میں پڑے رہے ہیں۔

(۱) صحیح بخاری کتاب الایمان بَابُ سُؤَالِ جِبْرِيلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الإِيمَانِ، وَالإِسْلاَمِ، وَالإِحْسَانِ، وَعِلْمِ السَّاعَةِ۵۰، صحیح مسلم کتاب الایمان بَابُ الْإِيمَانُ مَا هُوَ وَبَيَانُ خِصَالِهِ۹۷، مسند احمد ۱۸۴

(۲) المومنون ۱۱۲ ، ۱۱۳

(۳) طه ۱۰۳

(۴) بنی اسرائیل ۵۲

وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يُقْسِمُ الْمُجْرِمُوْنَ ۙ مَا لَبِثُوْا غَيْرَ سَاعَةٍ ۭ كَذٰلِكَ كَانُوْا يُؤْفَكُوْنَ ۝۵۵ وَقَالَ الَّذِيْنَ
أُوْتُوا الْعِلْمَ وَالْاِيْمَانَ لَقَدْ لَبِثْتُمْ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ اِلٰى يَوْمِ الْبَعْثِ ۡ فَهٰذَا يَوْمُ الْبَعْثِ وَلٰكِنَّكُمْ كُنْتُمْ لَا
تَعْلَمُوْنَ ۝۵۶ [۱]

ترجمہ: اور جب وہ ساعت برپا ہوگی تو مجرم قسمیں کھا کھا کر کہیں گے کہ ہم ایک گھڑی بھر سے زیادہ نہیں ٹھیرے ہیں، اسی طرح وہ دنیا کی زندگی میں دھوکا کھایا کرتے تھے، مگر جو علم اور ایمان سے بہرہ مند کیے گئے تھے وہ کہیں گے کہ اللہ کے نوشتے میں تو تم روز حشر تک پڑے رہے ہو سو یہ وہی روز حشر ہے لیکن تم جانتے نہ تھے۔

یعنی قبروں سے اٹھنے کے بعد کفار ومشرکین جب آخرت کی بے پایاں زندگی کو اپنے سامنے پائیں گے تو اس وقت وہ پلٹ کر اپنی دنیا کی زندگی پر نگاہ ڈالیں گے تو انہیں مستقبل کے مقابلہ میں اپنا یہ ماضی نہایت حقیر محسوس ہوگا، اس وقت ان کو خوب اندازہ ہوجائے گا کہ انہوں نے اپنی پچھلی زندگی میں تھوڑی سے لذتوں اور منفعتوں کی خاطر اپنے اس ابدی مستقبل کو خراب کر کے کتنی بڑی حماقت کا ارتکاب کیا تھا۔

زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ:

أن العوّام لما مات كان نوفل بن خويلد يلي ابن أخيه الزبير ،وكانت صفية تضربه وهو صغير وتغلظ عليه، فعاتبها نوفل وقال: ما هكذا يضرب الولد، إنك لتضربينه ضرب مبغضة،فرجزت به صفية

حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے لکھا ہے جب العوام فوت ہو گئے تو چچا نوفل بن خویلد نے اپنی سرپرستی میں ان کی پرورش کی، زبیر رضی اللہ عنہ کی والدہ صفیہ رضی اللہ عنہا بڑی شجاع اور شیردل خاتون تھیں چنانچہ وہ زبیر رضی اللہ عنہ سے سخت محنت ومشقت کا کام لیتیں اور وقتاً فوقتاً زجر وتوبیخ اور زدوکوب سے بھی گریز نہ کرتیں، نوفل بن خویلد ایک دن بھتیجے کو ماں کے ہاتھوں پٹتا دیکھ کر بیتاب ہو گئے اور صفیہ رضی اللہ عنہا کو سختی سے روکا کہ اس طرح تم بچے کو مار ڈالوگی، انہوں نے بنوہاشم سے بھی کہا کہ وہ صفیہ رضی اللہ عنہا کو بچے پر سختی کرنے سے روکیں جب اس بات کا چرچا عام ہوا تو صفیہ رضی اللہ عنہا نے لوگوں کے سامنے یہ رجز پڑھا۔

| | |
|---|---|
| من قال إنّي أبغضه فقد كذب | وإنَّمَا أَضْرِبُهُ لِكَي يلب |
| جس نے یہ کہا کہ میں اس سے بغض رکھتی ہوں اس نے غلط کہا | میں اس کو اس لیے پیٹتی ہوں کہ عقلمند ہو |
| ويهزم الجَيْشَ ويأتي بالسّل | ولا يكن لماله خبأ مخب |

اور فوج کو شکست دے اور مال غنیمت حاصل کرے اور اپنے مال کو نہ چھپائے۔ [۲]

عُرْوَةَ، وَكَسَرَ يَدَ غُلَامٍ ذَاتَ يَوْمٍ فَجِيْءَ بِالغُلَامِ إِلَى صَفِيَّةَ فقيل لها ذلك،فقالت كيف وجدت زبرًا أَأَقِطاً أَمْ تَمرًا أَمْ مُشْمَعِلاً صَقْرَا

---

[۱] الروم ۵۵، ۵۶

[۲] الإصابة في تمييز الصحابة۲،۴۵۷

عروہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے زبیر رضی اللہ عنہ کو لڑکپن میں ایک جوان آدمی سے مقابلہ پیش آ گیا انہوں نے ایسی ضرب لگائی کہ اس شخص کا ہاتھ ٹوٹ گیا، لوگوں نے صفیہ رضی اللہ عنہا سے شکایت کی تو انہوں نے کہا کیا تو نے زبیر رضی اللہ عنہ کو پنیر یا کھجور سمجھا تھا یا پر پھیلانے والا شکرہ یعنی کیا تم نے اسے بزدل سمجھا بہادر نہیں۔ (۱)

الغرض ماں کی تربیت کا یہ اثر ہوا کہ زبیر رضی اللہ عنہ بڑے ہو کر ایک دلاور صف شکن اور ضیغم شجاعت بنے۔

حَدَّثَنِي أَبُو الأَسْوَدِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ نَوْفَلٍ قَالَ: وَكَانَ إِسْلامُ الزُّبَيْرِ بَعْدَ أَبِي بَكْرٍ. كَانَ رَابِعًا أَوْ خَامِسًا

ابو الاسود کہتے ہیں بعض مورخین نے اسلام لانے والوں میں سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ کے بعد ان کا نمبر چوتھا یا پانچواں لکھا ہے، لیکن یہ صحیح نہیں۔ (۲)

وَأسلم الزبير وَهُوَ ابْن اثْنَتَيْ عشرَة سنة أَو ثَمَان أَو سِتّ عشرَة سنة

زبیر رضی اللہ عنہ بن العوام نے باختلاف روایت آٹھ، بارہ یا سولہ برس کی عمر میں ہی دعوت حق پر لبیک کہا۔ (۳)

حدثني أبو الأسود، قال :لما أسلم الزبير كان عمه يعلقه في حصير ويدخن عليه بالنار، ويقول له: ارجع إلى الكفر، فيقول الزبير: لا أكفر أبدًا.

ابو الاسود کہتے ہیں جب زبیر بن العوام نے اسلام قبول کیا تو انہیں اپنے آباؤ اجداد کے دین پر لوٹانے کے لئے ان کے چچا انہیں ایک چٹائی میں لپیٹ کر نیچے سے دھواں دیتے، مگر زبیر رضی اللہ عنہ فرماتے میں کبھی بھی کفر نہیں کروں گا۔ (۴)

قال عروة وَنَفَحتْ نَفْحَةٌ مِنَ الشَّيْطَانِ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ أُخِذَ بِأَعْلَى مَكَّةَ ، فَخَرَجَ الزُّبَيْرُ وَهُوَ غُلاَمٌ ابْنُ اثْنَتَي عَشْرَةَ سَنَةً ومعه السَّيْفُ فَمَنْ رَآهُ ممن لا يعرفه قال الغلام معه السَّيْفُ حَتَّى أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قال فقال له رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا لَكَ يَا زُبَيْرُ؟قال أخبرت أنك أخذت

عروہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ایک دن مکہ مکرمہ میں ایک وحشت اثر افواہ پھیل گئی کہ مشرکین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مکہ کے بالائی حصہ میں گرفتار کرلیا ہے، اس منحوس خبر نے پرستاران حق کو سخت اضطراب میں مبتلا کر دیا ہر ایک کی زبان پر یہی الفاظ تھے کہ یہ کیسے ممکن ہے ابھی ابوطالب زندہ ہیں اور بنو ہاشم کی تلواریں کند نہیں ہوگئیں، بنو ہاشم سخت غیظ وغضب کے عالم میں تھے اور اس سلسلے میں کوئی قدم اٹھانے کے بارے میں ابھی سوچ ہی رہے تھے کہ زبیر رضی اللہ عنہ جو اس وقت سولہ برس کے تھے وہ شمشیر برہنہ کر کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تلاش میں نکل پڑے یہاں تک کہ گلی گلی تلاش کرتے ہوئے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچ گئے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے زبیر رضی اللہ عنہ! اس وقت تم شمشیر برہنہ سونت کر کیسے آ رہے ہو؟ زبیر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں میں نے سنا تھا کہ

---

(۱) سیر اعلام النبلاء ۳۴/۳، الاصابة فی تمیز اصحابة ۴۵۸/۲

(۲) اسد الغابة ۳۰۷/۲، ابن سعد ۷۵/۳، اکال تہذیب الکمال ۴۸/۳

(۳) الوافي بالوفيات ۱۲۲/۱۴

(۴) الرياض النضرة في مناقب العشرة ۲۷۳/۴، اکال فی تہذیب الکمال ۴۷/۵، الوافي بالوفيات ۱۲۲/۱۴، الاصابة فی تمیز اصحابة ۴۵۷/۲

آپ کو دشمنوں نے گرفتار کرلیا ہے۔ (۱)

قَالَ: سَمِعْتُ أَنَّكَ قُتِلْتَ

ایک روایت میں ہے میں نے یہ منحوس خبر سنی کہ شاید آپ شہید کر دیئے گئے ہیں۔ (۲)

قَالَ فکنت صَانِعًاماذا؟ قَالَ: أَرَدْتُ والله أَنْ أَسْتَعْرِضَ أَهْلَ مَكَّةَ، قال فَدَعَا لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ولسيفه وكان أَوَّلُ سَيْفَ سل فِي سَبِيْلِ اللهِ تعالى

ارشاد ہوا اچھا تو یہ بات ہے اور اگر واقعی مجھے قتل کر دیا جاتا تو تم کیا کرتے؟ زبیر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! اللہ کی قسم میں اہل مکہ سے لڑ مرتا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے زبیر رضی اللہ عنہ کے جذبہ فدویت کی تحسین فرمائی اور اس کے حق میں دعائے خیر کی بلکہ اس کی تلوار کو بھی دعا دی کہ یہ پہلی تلوار تھی جو راہ حق اور رسول برحق کی حمایت میں بلند ہوئی۔ (۳)

**مضامین سورۃ التکویر:**

اس سورت میں کئی مضامین بیان فرمائے گئے۔

❁ اہل عرب روز قیامت اور دوبارہ جی اٹھنے کے قائل نہ تھے، چنانچہ پہلی نازل کردہ سورت العلق میں اللہ تبارک وتعالیٰ نے کہہ دیا کہ تمہارے قیامت کے قائل ہونے یا نہ ہونے سے اللہ کے قانون پر کچھ اثر نہیں پڑتا، یہ کائنات نہ ہمیشہ سے تھی اور نہ ہمیشہ رہے گی ایک روز یقیناً ہر شخص کو اپنے رب کی طرف ہی پلٹنا ہے۔

اِنَّ اِلٰى رَبِّكَ الرُّجْعٰى ﴿۸﴾

ترجمہ: (حالانکہ) پلٹنا یقیناً تیرے رب ہی کی طرف ہے۔

سورۃ الحمد میں اللہ رب العزت اپنے اقتدار واختیار کا اظہار

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ﴿۳﴾ (۴)

ترجمہ: وہ روز جزا کا مالک ہے۔

کہہ کر فرما چکا تھا، اس سورت کی پہلی چودہ آیات میں بطور خاص اسرافیل علیہ السلام کے صور پھونکنے کے نتیجہ میں جو ہولناک کائناتی انقلاب برپا ہوگا اس کی بہترین نقشہ کشی فرمائی گئی ہے اور واضح کیا گیا ہے کہ اس عارضی زندگی میں تمہارے چھوٹے بڑے تمام اعمال کا پورا پورا احساب رکھا جارہا ہے، نفسانفسی کے اس روز ہر انسان پر اچھی طرح عیاں ہوجائے گا کہ وہ اپنے دامن میں رب کی بارگاہ میں کیا اچھے یا برے اعمال لے کر حاضر ہوا ہے، اگر اس کے عقائد واعمال ٹھیک تھے تو اس کے صلہ میں اس کا ٹھکانہ جنت کی انواع واقسام کی لازوال نعمتوں میں ہوگا

---

(۱) تاریخ دمشق لابن عساکر ۱۸٫۳۵۱

(۲) تاریخ دمشق لابن عساکر ۱۸٫۳۵۱

(۳) تاریخ دمشق لابن عساکر ۱۸٫۳۴۴، دلائل النبوة لأبي نعيم الأصبهاني ۱٫۶۲۲، اسد الغابة ۲٫۳۰۷

(۴) الفاتحة ۳

اور اگر بات اس کے برعکس تھی تو وہ ہمیشہ کے لیے غیض وغضب سے دہکتی دوزخ کے ہولناک گڑھوں میں پھینک دیا جائے گا۔

❁ قیامت کے ہولناک منظر کے ساتھ ہی ستارہ پرستوں کو بھی بڑے خوبصورت انداز میں تنبیہ فرمائی کہ خالق کائنات کو چھوڑ کر تم سورج، چاند اور ستاروں کو قابل پرستش سمجھتے ہو وہ تو خود اللہ تبارک وتعالیٰ کی ایک ادنیٰ مخلوق ہے، جن کے روز ازل سے اپنے اپنے مدار مقرر کر دیئے گئے ہیں جن سے وہ ہٹ نہیں سکتے، صور کی آواز کے ساتھ ہی آپس میں ٹکرا کر پاش پاش ہو جائیں گے، ان کی روشنیاں ختم ہو جائیں گے اور وہ آسمان سے جھڑنے لگیں گے، [1] ذرا غور وفکر کرو کیا وہ ہستی یا چیز معبود ہو سکتی ہے جسے خود موت آنی ہو۔

❁ جاہلیت کے معاشرے (خاص طور پر بنی تمیم) میں لڑکیوں کو زندہ گاڑ دینے کو جائز رکھا گیا تھا، جس کی بنا پر ان والدین پر نہ کوئی ملامت کرنے والا تھا اور نہ ہی کوئی قانونی گرفت تھی اس لئے ایسا ظالمانہ فعل کرنے والے آزاد اور عزت دار تھے، ایسے والدین کو غضبناک انداز میں تنبیہ فرمائی کہ اس زندگی میں تمہیں پوچھنے والا کوئی نہیں مگر روز قیامت تمہیں اس شقاوت قلبی کا حساب دینا ہوگا۔

❁ مشرکین مکہ کو رسول اللہ ﷺ کی رسالت وصداقت کی تصدیق فرمائی کہ تم ان پر دیوانگی کا الزام لگاتے ہو، اگر تم غور وفکر کرو تو تمہارا ضمیر خود گواہی دے گا کہ الصادق والامین کا لقب پانے والا یہ عظیم انسان تو اللہ کا پاکیزہ کلام بندوں تک پہنچانے والا سچا نبی ہے، جیسے ارشاد فرمایا:

اَوَلَمۡ يَتَفَكَّرُوۡا‌ ۗ مَا بِصَاحِبِهِمۡ مِّنۡ جِنَّةٍ‌ ؕ اِنۡ هُوَ اِلَّا نَذِيۡرٌ مُّبِيۡنٌ ﴿۱۸۴﴾ [2]

ترجمہ: اور کیا ان لوگوں نے کبھی سوچا نہیں؟ اِن کے رفیق پر جنوں کا کوئی اثر نہیں ہے، وہ تو ایک خبردار کرنے والا ہے جو (بُرا انجام سامنے آنے سے پہلے) صاف صاف متنبہ کر رہا ہے۔

قُلۡ اِنَّمَاۤ اَعِظُكُمۡ بِوَاحِدَةٍ‌ ۚ اَنۡ تَقُوۡمُوۡا لِلّٰهِ مَثۡنٰى وَفُرَادٰى ثُمَّ تَتَفَكَّرُوۡا‌ ۚ مَا بِصَاحِبِكُمۡ مِّنۡ جِنَّةٍ‌ ؕ اِنۡ هُوَ اِلَّا نَذِيۡرٌ لَّكُمۡ بَيۡنَ يَدَىۡ عَذَابٍ شَدِيۡدٍ ﴿۴۶﴾ [3]

ترجمہ: اے نبی! اِن سے کہو کہ میں تمہیں بس ایک بات کی نصیحت کرتا ہوں اللہ کے لیے تم اکیلے اکیلے اور دو دو مِل کر اپنا دماغ لڑاؤ اور سوچو تمہارے صاحب میں آخر کون سی جنون کی بات ہے؟ وہ تو ایک سخت عذاب کی آمد سے پہلے تم کو متنبّہ کرنے والا ہے۔

❁ اللہ تبارک وتعالیٰ نے تین قسمیں کھا کر قرآن مجید کی حقانیت بیان فرمائی کہ یہ ابلیس مردود کے اوہام وتصورات نہیں، یہ تو رب العالمین کا پاکیزہ کلام ہے جو جبریل علیہ السلام کی معرفت رسول اللہ ﷺ تک پہنچا ہے، جو لوگ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں کھڑا ہونے سے ڈریں اور سیدھی راہ پر چلنا چاہیں ان کے لئے یہ کلام سراسر ہدایت ونصیحت ہے۔

ابْنَ عُمَرَ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَنْظُرَ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ كَأَنَّهُ رَأْيُ عَيْنٍ فَلْيَقْرَأْ: إِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ، وَإِذَا السَّمَاءُ انْفَطَرَتْ، وَإِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ

[1] العلق ۸

[2] الاعراف ۱۸۴

[3] سبا ۴۶

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص قیامت کو اپنی آنکھوں سے دیکھنا چاہے تو وہ سورہ التکویر اور سورہ انفطار اور سورہ انشقاق پڑھے۔ (1)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے

اِذَا الشَّمۡسُ کُوِّرَتۡ ۪ۙ﴿۱﴾ وَ اِذَا النُّجُوۡمُ انۡکَدَرَتۡ ۪ۙ﴿۲﴾ وَ اِذَا الۡجِبَالُ سُیِّرَتۡ ۪ۙ﴿۳﴾

جب سورج لپیٹ لیا جائے گا اور جب ستارے بے نور ہو جائیں گے اور جب پہاڑ چلائے جائیں گے

وَ اِذَا الۡعِشَارُ عُطِّلَتۡ ۪ۙ﴿۴﴾ وَ اِذَا الۡوُحُوۡشُ حُشِرَتۡ ۪ۙ﴿۵﴾ وَ اِذَا الۡبِحَارُ سُجِّرَتۡ ۪ۙ﴿۶﴾

اور جب دس ماہ کی حاملہ اونٹنیاں چھوڑ دی جائیں گی اور جب وحشی جانور اکھٹے کئے جائیں گے اور جب سمندر بھڑکائے جائیں گے

وَ اِذَا النُّفُوۡسُ زُوِّجَتۡ ۪ۙ﴿۷﴾ وَ اِذَا الۡمَوۡءٗدَۃُ سُئِلَتۡ ۪ۙ﴿۸﴾ بِاَیِّ ذَنۡۢبٍ قُتِلَتۡ ۚ﴿۹﴾

اور جب جانیں (جسموں سے) ملا دی جائیں گی جب زندہ گاڑی ہوئی لڑکی سے سوال کیا جائے گا کہ کس گناہ کی وجہ سے وہ قتل کی گئی،

وَ اِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتۡ ۪ۙ﴿۱۰﴾ وَ اِذَا السَّمَآءُ کُشِطَتۡ ۪ۙ﴿۱۱﴾ وَ اِذَا الۡجَحِیۡمُ سُعِّرَتۡ ۪ۙ﴿۱۲﴾

جب نامہ اعمال کھول دیئے جائیں گے اور جب آسمان کی کھال اتار لی جائے گی اور جب جہنم بھڑکائی جائے گی

وَ اِذَا الۡجَنَّۃُ اُزۡلِفَتۡ ۪ۙ﴿۱۳﴾ عَلِمَتۡ نَفۡسٌ مَّاۤ اَحۡضَرَتۡ ﴿ؕ۱۴﴾ (التکویر ۱تا۱۴)

اور جب جنت نزدیک کر دی جائے گی تو اس دن ہر شخص جان لے گا جو کچھ لے کر آیا ہو گا۔

یہ آیات کریمہ کائنات کی قیامت کے مختلف ادوار، حشر نشر اور یوم جزو اسزا کی پوری تاریخ کا تصور پیش کر رہی ہے، اربوں سالوں پر محیط مناظر کو چند الفاظ میں سمیٹ کر تمام واقعات کا نقشہ کھینچ دینا صرف رب العالمین ہی کا کام ہے، فرمایا انسان کے لئے تخلیق کی گئی رنگ و بو سے بھری یہ کائنات نہ ہمیشہ سے ہے اور نہ ہمیشہ رہے گی، اللہ تبارک وتعالیٰ نے جو بھی چیز تخلیق کی ساتھ ہی اس کی فنا کا وقت بھی مقرر فرما دیا ہے ،جیسے فرمایا:

۔۔۔وَسَخَّرَ الشَّمۡسَ وَالۡقَمَرَ ؕ كُلٌّ يَّجۡرِىۡ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ يُدَبِّرُ الۡاَمۡرَ۔۔۔ ﴿۲﴾ (2)

ترجمہ: اور اس نے آفتاب و ماہتاب کو ایک قانون کا پابند بنایا اس سارے نظام کی ہر چیز ایک وقت مقرر تک کے لیے چل رہی ہے اور اللہ ہی اس سارے کام کی تدبیر فرما رہا ہے۔

---

(1) مسند احمد ۴۹۳۴،مستدرک حاکم ۸۷۱۹،جامع ترمذی کتاب تفسیرالقرآن بَاب وَمِنْ سُورَةِ إِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ ۳۳۳۳

(2) الرعد۲

اَوَلَمۡ يَتَفَكَّرُوۡا فِىۡۤ اَنۡفُسِهِمۡ ۗ مَا خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ وَمَا بَيۡنَهُمَاۤ اِلَّا بِالۡحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّى... ⑧ ⁽¹⁾

ترجمہ: کیا انھوں نے کبھی اپنے آپ میں غور وفکر نہیں کیا؟ اللہ نے زمین اور آسمانوں کو اور ان ساری چیزوں کو جو ان کے درمیان ہیں برحق اور ایک مقرر مدت ہی کے لیے پیدا کیا ہے۔

...وَسَخَّرَ الشَّمۡسَ وَالۡقَمَرَ ۖ كُلٌّ يَّجۡرِىۡۤ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى... ㉙ ⁽²⁾

ترجمہ: اس نے سورج اور چاند کو مسخر کر رکھا ہے، سب ایک وقت مقرر تک چلے جا رہے ہیں۔

مَا خَلَقۡنَا السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ وَمَا بَيۡنَهُمَاۤ اِلَّا بِالۡحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ③ ⁽³⁾

ترجمہ: ہم نے زمین اور آسمانوں کو ان ساری چیزوں کو جو ان کے درمیان ہیں برحق اور ایک مدت خاص کے تعین کے ساتھ پیدا کیا ہے۔

اس کائنات کو فنا کرنے کے لئے اسرافیل علیہ السلام اپنا سر جھکائے صور کو منہ سے لگائے اللہ کے حکم کے منتظر کھڑے ہیں، کائنات کو فنا کرنے سے قبل اللہ تعالیٰ ایک نرم ہوا چلائے گا جس سے ہر وہ شخص جس کے دل میں ذرا برابر بھی ایمان ہو گا فوت ہو جائے گا، زمین پر اللہ تعالیٰ کا کوئی نام لیوا باقی نہ رہے گا، ہر طرف ابلیس ننگا ہو کر ناچے گا پھر کائنات کو فنا کرنے کے لئے اسرافیل علیہ السلام کو صور پھونکنے کا حکم فرمایا جائے گا جس کی وہ تعمیل کریں گے جس کی ہیبت ناک آواز ہر جگہ سنی جائے گی جیسے فرمایا:

وَيَوۡمَ يُنۡفَخُ فِى الصُّوۡرِ فَفَزِعَ مَنۡ فِى السَّمٰوٰتِ وَمَنۡ فِى الۡاَرۡضِ اِلَّا مَنۡ شَآءَ اللّٰهُ... ㊇ ⁽⁴⁾

ترجمہ: اور کیا گزرے گی اس روز جب کہ صور پھونکا جائے گا اور ہول کھا جائیں گے وہ سب جو آسمانوں اور زمین میں ہیں سوائے ان لوگوں کے جنھیں اللہ اس ہول سے بچانا چاہے گا۔

صور کی ہیبت ناک آواز سے پوری کائنات میں ایک ہولناک انقلاب برپا ہو جائے گا، تمام نظام فلکی وارضی درہم برہم ہو جائے گا، زمین سے کروڑوں میل دور گردش کرتا سورج (جسے تقریباً پندرہ ارب سال قبل تخلیق کیا گیا تھا اور جس کا درجہ حرارت ساٹھ لاکھ ڈگری سنٹی گریڈ ہے) یک دم بے نور ہو جائے گا اور اسے عمامہ کی طرح لپیٹ کر زمین پر پھینک دیا جائے گا،

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الشَّمْسُ وَالقَمَرُ مُكَوَّرَانِ يَوْمَ القِيَامَةِ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت والے دن چاند اور سورج لپیٹ دیے جائیں گے۔ ⁽⁵⁾

عن ابن عباس رضي الله عنهما في قَوْلِهِ: إِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ قَالَ: يُكَوِّرُ اللَّهُ الشمس والقمر والنجوم يوم الْقِيَامَةِ فِي الْبَحْرِ وَيَبْعَثُ اللَّهُ رِيحًا دَبُورًا فَتَنْفُخُهُ حَتَّى يَرْجِعَ نارا .

---

⁽¹⁾ الروم ۸

⁽²⁾ لقمان ۲۹

⁽³⁾ الاحقاف ۳

⁽⁴⁾ النمل ۸۷

⁽⁵⁾ صحیح بخاری بدء الخلق بَابُ صِفَةِ الشَّمْسِ وَالقَمَرِ بِحُسْبَانٍ ۳۲۰۰

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ آیت کریمہ " جب سورج لپیٹ دیا جائے گا" کے بارے میں فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ سورج، چاند اور ستاروں کو لپیٹ کر سمندروں میں ڈال دے گا، پھر اللہ تعالیٰ پچھوا ہوائیں چلائے گا جس سے آگ لگ جائے گی۔ (۱)

عَنْ أَبِي مَرْيَمَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي قَوْلِهِ: إِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ قَالَ: كُوِّرَتْ فِي جَهَنَّمَ

ابی مریم آیت کریمہ " جب سورج لپیٹ دیا جائے گا" کے بارے کہتے ہیں سورج کو تہہ کر کے جہنم میں ڈال دیا جائے گا۔ (۲)

صور کی آواز کے ساتھ ہی آسمان دھماکے سے پھٹ جائے گا، جیسے فرمایا:

وَيَوْمَ تَشَقَّقُ السَّمَآءُ بِالْغَمَامِ... ﴿۲۵﴾ (۳)

ترجمہ: آسمان کو چیرتا ہوا ایک بادل اس روز نمودار ہوگا۔

کروڑوں اربوں ستاروں، سیاروں کی باہمی کشش نابود ہو جائے گی اور وہ آپس میں ٹکرا کر پاش پاش ہو جائیں گے، جیسے فرمایا:

اِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ ﴿۱﴾ وَاِذَا الْكَوَاكِبُ انْتَثَرَتْ ﴿۲﴾ (۴)

ترجمہ: جب آسمان پھٹ جائے گا اور جب ستارے جھڑ جائیں گے۔

فَاِذَا النُّجُوْمُ طُمِسَتْ ﴿۸﴾ وَاِذَا السَّمَآءُ فُرِجَتْ ﴿۹﴾ (۵)

ترجمہ: پھر جب ستارے ماند پڑ جائیں گے اور آسمان پھاڑ دیا جائے گا۔

وَخَسَفَ الْقَمَرُ ﴿۸﴾ وَجُمِعَ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ﴿۹﴾ (۶)

ترجمہ: اور چاند بے نور ہو جائے گا اور چاند سورج ملا کر ایک کر دیے جائیں گے۔

الغرض ستاروں اور سیاروں کے ٹکرانے سے مہیب آوازیں پیدا ہوں گی اور اس قدر توانائی خارج ہوگی کہ آسمان کا درجہ حرارت لاکھوں ڈگری سنٹی گریڈ تک اونچا ہو جائے گا اور وہ تانبے کی طرح سرخ ہو جائے گا۔

يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ ۙ وَّنُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرٰنِ ﴿۳۵﴾ (۷)

ترجمہ: (بھاگنے کی کوشش کرو گے تو) تم پر آگ کا شعلہ اور دھواں چھوڑ دیا جائے گا جس کا تم مقابلہ نہ کر سکو گے۔

خلا میں بے حد و حساب کثیف گیسوں کے دھویں اور گرد و غبار کے سوا کچھ نظر نہ آئے گا، رفتہ رفتہ درجہ حرارت کم ہو جائے گا، آسمان سے

---

(۱) تفسیر ابن ابی حاتم ۱۹۱۵۷، ۱۹۱۴۲

(۲) تفسیر ابن ابی حاتم ۱۹۱۴۱

(۳) الفرقان ۲۵

(۴) انفطار ۱،۲

(۵) المرسلات ۸،۹

(۶) القیامۃ ۸،۹

(۷) الرحمٰن ۳۵

سورج، چاند، ستاروں کے صاف ہونے سے ہر طرف گھپ اندھیرا چھا جائے گا، سورج کے بجھ جانے سے زمین پر منجمند کرنے والی سردی چھا جائے گی، صور کی ہیبت ناک آواز کے ساتھ ہی زمین کا اپنے محور کے گرد گھومنے کا توازن بگڑ جائے گا اور وہ زور زور سے بار بار جھٹکے لینے لگے گی، جیسے فرمایا:

اِذَا زُلۡزِلَتِ الۡاَرۡضُ زِلۡزَالَهَا ۙ﴿۱﴾ ⁽¹⁾

ترجمہ: جب زمین اپنی پوری شدت کے ساتھ ہلا ڈالی جائے گی۔

توازن کے لئے اس میں میخوں کی طرح گاڑے ہوئے چھوٹے بڑے تمام پہاڑ ٹکڑے ٹکڑے ہو کر باہر نکل جائیں گے اور بے وزن ہو کر دھنی ہوئی روئی کی مانند ہو جائیں گے، جیسے فرمایا:

وَتَكُوۡنُ الۡجِبَالُ كَالۡعِهۡنِ الۡمَنۡفُوۡشِ ؕ﴿۵﴾ ⁽²⁾

ترجمہ: اور پہاڑ رنگ برنگ کے دھنکے ہوئے اون کی طرح ہوں گے۔

وَتَكُوۡنُ الۡجِبَالُ كَالۡعِهۡنِ ؕ﴿۹﴾ ⁽³⁾

ترجمہ: اور پہاڑ رنگ برنگ کے دھنکے ہوئے اون جیسے ہو جائیں گے۔

تنکوں کی طرح ہواؤں میں بے ہنگم طور پر اڑنے لگیں گے، جیسے فرمایا:

يَّوۡمَ تَمُوۡرُ السَّمَآءُ مَوۡرًا ۙ﴿۹﴾ وَّتَسِيۡرُ الۡجِبَالُ سَيۡرًا ؕ﴿۱۰﴾ ⁽⁴⁾

ترجمہ: وہ اس روز واقع ہوگا جب آسمان بری طرح ڈگمگائے گا اور پہاڑ اڑے اڑے پھریں گے۔

وَتَرَى الۡجِبَالَ تَحۡسَبُهَا جَامِدَةً وَّهِىَ تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ ؕ﴿۸۸﴾ ⁽⁵⁾

ترجمہ: آج تو پہاڑوں کو دیکھتا ہے اور سمجھتا ہے کہ خوب جمے ہوئے ہیں مگر اس وقت یہ بادلوں کی طرح اڑ رہے ہوں گے۔

اور آپس میں زوردار آوازوں سے ٹکرانے لگیں گے اور ریزہ ریزہ ہو کر باریک ریت کی طرح ہو جائیں گے، جیسے فرمایا

وَّسُيِّرَتِ الۡجِبَالُ فَكَانَتۡ سَرَابًا ؕ﴿۲۰﴾ ⁽⁶⁾

ترجمہ: اور پہاڑ چلائے جائیں گے یہاں تک کہ وہ سراب ہو جائیں گے۔

يَوۡمَ تَرۡجُفُ الۡاَرۡضُ وَالۡجِبَالُ وَكَانَتِ الۡجِبَالُ كَثِيۡبًا مَّهِيۡلًا ﴿۱۴﴾ ⁽⁷⁾

---

(1) الزلزال ۱

(2) القارعة ۵

(3) المعارج ۹

(4) الطور ۹،۱۰

(5) النمل ۸۸

(6) النبا ۲۰

(7) المزمل ۱۴

ترجمہ: یہ اس دن ہوگا جب زمین اور پہاڑ لرز اٹھیں گے اور پہاڑوں کا حال ایسا ہو جائے گا جیسے ریت کے ڈھیر جو بکھرے جا رہے ہیں۔

وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ۝۵ فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْۢبَثًّا ۝۶ (۱)

ترجمہ: اور پہاڑ اس طرح ریزہ ریزہ کر دیئے جائیں گے پراگندہ غبار بن کر رہ جائیں گے۔

اس طرح زمین میں کوئی اونچ نیچ نہیں رہے بلکہ ایک ہموار چٹیل میدان بن جائے گی، جیسے فرمایا:

وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ يَنْسِفُهَا رَبِّيْ نَسْفًا ۝۱۰۵ فَيَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا ۝۱۰۶ لَّا تَرٰى فِيْهَا عِوَجًا وَّلَآ اَمْتًا ۝۱۰۷ (۲)

ترجمہ: یہ لوگ تم سے پوچھتے ہیں آخر اس دن یہ پہاڑ کہاں چلے جائیں گے؟ کہو کہ میرا رب ان کو دھواں بنا کر اڑا دے گا اور زمین کو ایسا ہموار چٹیل میدان بنا دے گا کہ اس میں کوئی بل اور سلوٹ نہ دیکھو گے۔

اسی عالم میں اندرونی دباؤ سے بھی زمین کی تہہ پھٹنے لگے گی جس سے آتش فشاں پھٹ پڑیں گے اور ان کا سرخ لاوہ سمندروں کے پانی پر چھا جائے گا اور سمندر جلتے ہوئے نظر آئیں گے، جس سے ہر طرف شدید افراتفری، خوفزدگی اور گھبراہٹ کا سماں ہوگا، آنکھیں پتھرا دینے والے ان بھیانک اور ہولناک مناظر کو دیکھ کر ہر شخص اپنے ہواس کھو دے گا اور اپنی حرکات وسکنات سے نشے میں مدہوش معلوم ہوگا، جیسے فرمایا:

...وَتَرَى النَّاسَ سُكٰرٰى وَمَا هُمْ بِسُكٰرٰى وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ ۝۲ (۳)

ترجمہ: اور لوگ تم کو مدہوش نظر آئیں گے حالانکہ وہ نشے میں نہ ہوں گے بلکہ اللہ کا عذاب ہی کچھ ایسا سخت ہوگا۔

اور جب دس ماہ کی حاملہ اونٹنیاں جنہیں بہترین سمجھا جاتا ہے چھوڑ دی جائیں، یعنی ہولناک منظر کی وجہ سے کسی کو اپنی قیمتی سے قیمتی چیز کا ہوش نہ رہے گا ہر انسان صرف اپنے بچاؤ کا سوچے گا، وحشی جانور بھی اپنی درندگی بھول کر انسانوں کے قریب ایک جگہ جمع ہو جائیں گے، جیسے فرمایا

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا طٰۗىِٕرٍ يَّطِيْرُ بِجَنَاحَيْهِ اِلَّآ اُمَمٌ اَمْثَالُكُمْ ۭمَا فَرَّطْنَا فِي الْكِتٰبِ مِنْ شَيْءٍ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ يُحْشَرُوْنَ ۝۳۸ (۴)

ترجمہ: زمین میں چلنے والے کسی جانور اور ہوا میں پروں سے اڑنے والے کسی پرندے کو دیکھ لو یہ سب تمہاری ہی طرح کی انواع ہیں، ہم نے ان کی تقدیر کے نوشتے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی ہے، پھر یہ سب اپنے رب کی طرف سمیٹے جاتے ہیں۔

عَنِ ابن عباس رضي الله عنهما: وإذا الوحوش حشرت قَالَ: يُحْشَرُ كُلُّ شَيْءٍ حَتَّى إِنَّ الذُّبَابَ ليحشر .

ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں آیت ” اور جب جنگلی جانور سمیٹ کر اکٹھے کر دیے جائیں گے۔“ کے بارے میں کہتے ہیں ہر چیز حتی کہ مکھیوں

(۱) الواقعة ۵،۶

(۲) طه ۱۰۵تا۱۰۷

(۳) الحج ۲

(۴) الانعام ۳۸

تک کو بھی اکٹھا کیا جائے گا۔ (۱)

اور جب اللہ تعالیٰ کے حکم سے سمندر میں آگ بھڑک اٹھے گی، اس وقت انسان کہے گا کہ آج میں کہاں بھاگ کر جاؤں مگر کوئی جائے پناہ نہ ہوگی اور سب انسان وحیوان وغیرہ پیوند خاک ہوجائیں گے، جیسے فرمایا:

كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ ﴿٢٦﴾ وَّيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ﴿٢٧﴾ (۲)

ترجمہ: ہر چیز جو اس زمین پر ہے فنا ہوجانے والی ہے اور صرف تیرے رب کی جلیل و کریم ذات ہی باقی رہنے والی ہے۔

پھر صور کی دوسری آواز کے ساتھ ہی نئی تخلیق کا اعلان ہوگا اور سب انسان اپنی قبروں سے جسم وجان کے ساتھ زندہ ہوکر آواز کی طرف دوڑتے ہوئے میدان محشر میں جمع ہوجائیں گے، جیسے فرمایا:

وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ ﴿٥١﴾ (۳)

ترجمہ: پھر ایک صور پھونکا جائے گا اور یکایک یہ اپنے رب کے حضور پیش ہونے کے لیے اپنی اپنی قبروں سے نکل پڑیں گے۔

میدان محشر میں ہر صاحب عمل کو اسی جیسے صاحب عمل کا ساتھی بنادیا جائے گا، ابرار کو ابرار کے ساتھ، فجار کو فجار کے ساتھ جمع کر دیا جائے گا، اہل ایمان کو حوروں کے ساتھ جوڑے جوڑے بنادیا جائے گا اور کفار کو شیاطین کے ساتھ، جیسے فرمایا

اُحْشُرُوا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَاَزْوَاجَهُمْ وَمَا كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ ﴿٢٢﴾ (۴)

ترجمہ: (حکم ہوگا) گھیر لاؤ سب ظالموں اور ان کے ساتھیوں اور ان معبودوں کو جن کی وہ اللہ کو چھوڑ کر بندگی کیا کرتے تھے۔

وَّكُنْتُمْ اَزْوَاجًا ثَلٰثَةً ﴿٧﴾ فَاَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ﴿٨﴾ وَاَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ﴿٩﴾ وَالسّٰبِقُوْنَ السّٰبِقُوْنَ ﴿١٠﴾ (۵)

ترجمہ: تم لوگ اس وقت تین گروہوں میں تقسیم ہوجاؤ گے، دائیں بازو والے، دائیں بازو والوں کی (خوش نصیبی) کا کیا کہنا اور بائیں بازو والے تو بائیں بازو والوں (کی بدنصیبی) کا کیا ٹھکانا اور آگے والے تو پھر آگے والے ہی ہیں۔

وَسِيْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى جَهَنَّمَ زُمَرًا ... ﴿٧١﴾ (۶)

ترجمہ: (اس فیصلہ کے بعد) وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا تھا جہنم کی طرف گروہ در گروہ ہانکے جائیں گے۔

---

(۱) تفسیرابن ابی حاتم ۳۴۰۴/۱۰

(۲) الرحمن ۲۶،۲۷

(۳) یسین ۵۱

(۴) الصافات ۲۲

(۵) الواقعة ۷تا۱۰

(۶) الزمر ۷۱

وَسِيقَ الَّذِينَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ إِلَى الْجَنَّةِ زُمَرًا ﴿۷۳﴾ (۱)

ترجمہ: اور جو لوگ اپنے رب کی نافرمانی سے پرہیز کرتے تھے انہیں گروہ در گروہ جنت کی طرف لے جایا جائے گا۔

اس روز جہنم کو اللہ تعالیٰ کے نافرمانوں کے لئے خوب بھڑکایا جائے گا، میدان حشر میں جہاں مقدموں کی سماعت ہو رہی ہو گی فرشتے اسے لگاموں سے گھسیٹ کر سامنے لائیں گے جہاں وہ غیض و غضب سے پھٹنے کو ہو گی، جیسے فرمایا:

تَكَادُ تَمَيَّزُ مِنَ الْغَيْظِ... ﴿۸﴾ (۲)

ترجمہ: شدت غضب سے پھٹی جاتی ہو گی۔

اس کے ساتھ ہی اللہ تعالیٰ کے تابع فرمان لوگوں کے لئے جنت کو بھی ساری نعمتوں سمیت میدان حشر سے قریب کر دیا جائے گا، جیسے فرمایا

وَأُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِينَ غَيْرَ بَعِيدٍ ﴿۳۱﴾ (۳)

ترجمہ: اور جنت متقین کے قریب لے آئی جائے گی کچھ بھی دور نہ ہو گی۔

جاہلیت کے معاشرے (خاص طور پر بنی تمیم) میں لڑکیوں کو زندہ گاڑ دینے کو جائز قرار دیا گیا تھا، جس کی بنا پر ان والدین پر نہ کوئی ملامت کرنے والا تھا اور نہ ہی کوئی قانونی گرفت تھی اس لئے ایسا ظالمانہ فعل کرنے والے آزاد اور عزت دار تھے، کچھ دردمند لوگوں کو اس فعل کی قباحت کا احساس تھا اور ان لوگوں نے کوشش کر کے کچھ لڑکیوں کو بچا بھی لیا تھا جیسے فرزدق شاعر کا دادا صعصعہ بن ناجیہ الماشعی نے کئی لڑکیوں کو زندہ دفن ہونے سے بچا لیا تھا اسلام قبول کرنے کے بعد انہوں نے رسول اللہ ﷺ سے عرض کیا

يَا رَسُولَ اللهِ، إِنِّي عَمِلْتُ أَعْمَالًا فِي الْجَاهِلِيَّةِ، وَقَدْ أَحْيَيْتُ ثَلَاثَمِائَةٍ وَسِتِّينَ مِنَ الْمَوْؤُدَةِ أَشْتَرِي كُلَّ وَاحِدَةٍ مِنْهُنَّ بِنَاقَتَيْنِ عَشْرَاوَيْنِ وَجَمَلٍ فَهَلْ لِي فِي ذَلِكَ مِنْ أَجْرٍ؟فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَكَ أَجْرُهُ إِذْ مَنَّ اللهُ عَلَيْكَ بِالْإِسْلَامِ

اے اللہ کے رسول اللہ ﷺ! میں نے جاہلیت کے زمانے میں کچھ اچھے اعمال بھی کیے ہیں جس میں سے ایک یہ ہے کہ میں نے ۳۶۰ لڑکیوں کو زندہ دفن ہونے سے بچایا اور ہر ایک کی جان بچانے کے لئے دو دو اونٹ فدیے میں دیے کیا مجھے اس پر اجر ملے گا؟ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ہاں تیرے لئے اجر ہے اور وہ یہ ہے کہ اللہ نے تجھے اسلام کی نعمت عطا فرمائی۔ (۴)

النُّعْمَانَ بْنَ بَشِيرٍ، يَقُولُ: سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، يَقُولُ وَسُئِلَ عَنْ قَوْلِهِ {وَإِذَا الْمَوْءُودَةُ سُئِلَتْ} قَالَ: جَاءَ قَيْسُ بْنُ عَاصِمٍ إِلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنِّي وَأَدتُ ثَمَانِيَ بَنَاتٍ لِي فِي الْجَاهِلِيَّةِ، قَالَ: أَعْتِقْ عَنْ كُلِّ وَاحِدَةٍ مِنْهَا رَقَبَةً، قُلْتُ: إِنِّي صَاحِبُ إِبِلٍ، قَالَ: «اهْدِ إِنْ شِئْتَ عَنْ كُلِّ وَاحِدَةٍ مِنْهُنَّ بَدَنَةً

(۱) الزمر ۷۳

(۲) الملک ۸

(۳) ق ۳۱

(۴) المعجم الکبیر للطبرانی ۷۴۱۲

نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے سیدنا عمر رضی اللہ عنہ بن خطاب کو آیت کریمہ وَإِذَا الْمَوْءُودَةُ سُئِلَتْ کے بارے میں فرماتے ہوئے سنا ،فرماتے ہیں قیس بن عاصم رضی اللہ عنہ آئے اور انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں نے دور جاہلیت میں اپنی (آٹھ یا بارہ یا تیرہ) بیٹیوں کو زندہ گاڑ دیا تھا اب میں کیا کروں؟ سید الامم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر ایک کے بدلے ایک غلام آزاد کر دو،انہوں نے عرض کیا اے اللہ کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں غلام تو نہیں رکھتا البتہ میرے پاس اونٹ ہیں،رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر ایک کے بدلے ایک اونٹ اللہ کے نام پر قربان کر دو۔ (١)

تلاش حق کے مسافر زید بن عمرو بن نفیل بھی ایسا ہی کرتے تھے،جب اسلام کی برکتیں نازل ہوئیں تو اس نے اس سنگدلانہ رسم کو مٹا دیا اور تعلیم دی کی لڑکیوں کی پرورش کرنا نیکی کا کام بلکہ جہنم سے نجات کی ایک صورت ہے،اس سلسلے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کئی فرمان ہیں،

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا، قَالَتْ: دَخَلَتِ امْرَأَةٌ مَعَهَا ابْنَتَانِ لَهَا تَسْأَلُ، فَلَمْ تَجِدْ عِنْدِي شَيْئًا غَيْرَ تَمْرَةٍ، فَأَعْطَيْتُهَا إِيَّاهَا، فَقَسَمَتْهَا بَيْنَ ابْنَتَيْهَا، وَلَمْ تَأْكُلْ مِنْهَا، ثُمَّ قَامَتْ، فَخَرَجَتْ، فَدَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْنَا، فَأَخْبَرْتُهُ فَقَالَ: مَنِ ابْتُلِيَ مِنْ هَذِهِ البَنَاتِ بِشَيْءٍ كُنَّ لَهُ سِتْرًا مِنَ النَّارِ

ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے ایک عورت اپنی دو بیٹیوں کے ساتھ مانگتے ہوئی آئی،اس نے میرے پاس سوائے ایک کھجور کے کچھ نہیں پایا تو میں نے وہ کھجور اسے دیدی،اس عورت نے اس کھجور کو دونوں لڑکیوں میں بانٹ دیا اور خود کچھ نہیں کھایا پھر کھڑی ہوئی اور چل دی،جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس آئے تو میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کیا آپ نے فرمایا کہ جو کوئی ان لڑکیوں کے سبب سے آزمائش میں ڈالا جائے تو یہ لڑکیاں اس کے لئے آگ سے حجاب ہوں گی۔ (٢)

عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:مَنْ عَالَ جَارِيَتَيْنِ حَتَّى تَبْلُغَا، جَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ أَنَا وَهُوَ وَضَمَّ أَصَابِعَهُ

انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے دو لڑکیوں کو پرورش کیا یہاں تک کہ وہ بالغ ہوگئیں تو قیامت کے روز میرے ساتھ وہ اس طرح آئے گا یہ فرما کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی انگلیوں کو جوڑ کر بتایا۔ (٣)

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ آوَى يَتِيمًا إِلَى طَعَامِهِ وَشَرَابِهِ، أَوْجَبَ اللَّهُ لَهُ الْجَنَّةَ الْبَتَّةَ، وَمَنْ عَالَ ثَلَاثَ بَنَاتٍ أَوْ مِثْلَهُنَّ مِنَ الأَخَوَاتِ، فَأَدَّبَهُنَّ وَرَحِمَهُنَّ حَتَّى يُغْنِيَهُنَّ اللَّهُ، أَوْجَبَ اللَّهُ لَهُ الْجَنَّةَ، فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَوِ اثْنَتَيْنِ؟ قَالَ: أَوِ اثْنَتَيْنِ، حَتَّى لَوْ قَالُوا:وَوَاحِدَةً، لَقَالَ: وَاحِدَةً،

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے تین بیٹیوں یا بہنوں کو پرورش کیا ان کو اچھا ادب سکھایا اور ان

---

(١) المعجم الکبیر للطبرانی ٨٦٣

(٢) صحیح بخاری کتاب الزکوۃ بَابٌ: اتَّقُوا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ وَالقَلِيلِ مِنَ الصَّدَقَةِ١٤١٨، صحیح مسلم کتاب البروالصلة والادب بَابُ فَضْلِ الْإِحْسَانِ إِلَى الْبَنَاتِ٦٦٩٣،جامع ترمذی ابواب البروالصلة بَابُ مَا جَاءَ فِي النَّفَقَةِ عَلَى البَنَاتِ وَالأَخَوَاتِ ١٩١٤،مسند احمد ٢٦٠٦٠

(٣) ۔صحیح مسلم کتاب البروالصلة والادب بَابُ فَضْلِ الْإِحْسَانِ إِلَى الْبَنَاتِ ٦٦٩٥

سے شفقت کا برتاؤ کیا یہاں تک کہ وہ اس کی مدد کی محتاج نہ رہیں تو اللہ اس کے لئے جنت واجب کر دیگا،ایک شخص نے عرض کیا اے اللہ کے رسول ﷺ اور دو لڑکیاں ہوں تو؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اور دو بھی لڑکیاں بھی تب بھی، عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ اگر لوگ اس وقت ایک کے متعلق پوچھتے تو رسول اللہ ﷺ اس کے بارے میں بھی یہی فرماتے۔ (۱)

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:مَنْ كَانَتْ لَهُ أُنْثَى فَلَمْ يَئِدْهَا، وَلَمْ يُهِنْهَا، وَلَمْ يُؤْثِرْ وَلَدَهُ عَلَيْهَا، قَالَ: يَعْنِي الذُّكُورَ أَدْخَلَهُ اللَّهُ الْجَنَّةَ

عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس کے ہاں لڑکی ہو اور وہ اسے زندہ دفن نہ کرے (جیسا کہ کفار کرتے تھے) نہ اس کی اہانت کرے اور نہ لڑکے کو اس پر فضیلت دے تو اللہ اسے جنت میں داخل فرمائے گا۔

(۲) عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:مَنْ كَانَ لَهُ ثَلَاثُ بَنَاتٍ فَصَبَرَ عَلَيْهِنَّ، وَأَطْعَمَهُنَّ، وَسَقَاهُنَّ، وَكَسَاهُنَّ مِنْ جِدَتِهِ كُنَّ لَهُ حِجَابًا مِنَ النَّارِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس کے ہاں تین بیٹیاں ہوں اور وہ ان کے ہونے پر صبر کرے،اور اپنی وسعت کے مطابق ان کو کھلائے اور پلائے اور اچھے کپڑے پہنائے تو یہ تین بیٹیاں (بھی) روز قیامت اس کے لئے دوزخ سے آڑ اور رکاوٹ کا سبب بن جائیں گی۔ (۳)

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رضي الله عنهما عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِن مُسلم تُدركه ابْنَتَانِ فَيُحْسِنُ صحبتهُما إلا أدخلتاه الجنة

عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے نبی کریم ﷺ نے فرمایا جس مسلمان کے ہاں دو بیٹیاں ہوں اور وہ ان کو اچھی طرح رکھے وہ اسے جنت میں پہنچائیں گی۔ (۴)

عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِسُرَاقَةَ بْنِ جُعْشُمٍ :أَلَا أَدُلُّكَ عَلَى أَعْظَمِ الصَّدَقَةِ أَوْ مِنْ أَعْظَمِ الصَّدَقَةِ؟قَالَ: بَلَى يَا رَسُولَ اللَّهِ،قَالَ:ابْنَتُك مَرْدُودَةٌ إِلَيْكَ ليس لها كاسِبٌ غيرُكَ

علی بن رباح سے مروی ہے نبی ﷺ نے سراقہ بن جعشم رضی اللہ عنہ سے فرمایا میں تمہیں بتاؤں کہ سب سے بڑا صدقہ یا بڑے صدقوں میں سے ایک کیا ہے؟انہوں نے عرض کیا اے اللہ کے رسول ﷺ!ضرور بتایئے،فرمایا تیری وہ بیٹی جو(طلاق پا کر یا بیوہ ہو کر) تیری طرف پلٹ آئے اور تیرے سوا کوئی اس کے لئے کمانے والا نہ ہو۔ (۵)

اللہ تبارک وتعالیٰ نے ہر پیغمبر کی امت کو بار بار روز آخرت کی تلقین فرمائی جس میں ہر شخص کو اس کے اچھے یا برے اعمال کی جزاء کے لئے ایک

(۱) شرح السنة للبغوى ۳۴۵۷

(۲) سنن ابوداودكتاب الادب بَابٌ فِي فَضْلِ مَنْ عَالَ يَتِيمًا۵۱۴۶

(۳) سنن ابن ماجه كتاب الادب بَابُ بِرِّ الْوَالِدِ، وَالْإِحْسَانِ إِلَى الْبَنَاتِ ۳۶۶۹

(۴) ادب المفرد بالتعليقات ۷۷

(۵) ادب المفرد بالتعليقات۸۰،سنن ابن ماجه كتاب الادب بَابُ بِرِّ الْوَالِدِ، وَالْإِحْسَانِ إِلَى الْبَنَاتِ ۳۶۶۷

عدالت قائم ہوگی، چنانچہ یوم الدین کو اللہ سبحانہ وتعالیٰ شدید غضبناکی میں اس لڑکی پر ظلم عظیم کی دار رسی کے لئے ان قابل نفرت والدین سے منہ پھیر کر اس معصوم لڑکی سے پوچھے گا کہ وہ کس جرم میں زندہ گاڑی گئی تھی اور وہ لڑکی تمام احوال بیان کرے گی۔

پھر نامہ اعمال کے صحیفوں کو کھول کر خوش بختوں کو دائیں ہاتھ اور بدبختوں کو بائیں ہاتھ میں تھما دیئے جائیں گے اور کہا جائے گا پڑھو اپنا نامہ اعمال تاکہ اعمال کا وزن کرنے سے پیشتر وہ خود اپنے ہر چھوٹے بڑے، اچھے یا برے اعمال کا جائزہ لے لیں، جیسے فرمایا:

يَوْمَ تَجِدُ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ مِنْ خَيْرٍ مُّحْضَرًا ۚ وَّمَا عَمِلَتْ مِنْ سُوْٓءٍ ۚ تَوَدُّ لَوْ اَنَّ بَيْنَهَا وَبَيْنَهٗٓ اَمَدًا ۢ بَعِيْدًا ۔۔ ﴿۳۰﴾ ⁽¹⁾

ترجمہ: وہ دن آنے والا ہے جب ہر نفس اپنے کیے کا پھل حاضر پائے گا خواہ اس نے بھلائی کی ہو یا برائی، اس روز آدمی یہ تمنا کرے گا کہ کاش ابھی یہ دن اس سے بہت دور ہوتا۔

يُنَبَّؤُا الْاِنْسَانُ يَوْمَىِٕذٍۢ بِمَا قَدَّمَ وَاَخَّرَ ﴿۱۳﴾ ⁽²⁾

ترجمہ: اس روز انسان کو اس کا سب اگلا پچھلا کیا کرایا بتا دیا جائے گا۔

۔۔۔وَوَجَدُوْا مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا ۔۔۔ ﴿۴۹﴾ ⁽³⁾

ترجمہ: جو جو کچھ انہوں نے کیا تھا وہ سب اپنے سامنے حاضر پائیں گے۔

يَوْمَ تَجِدُ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ مِنْ خَيْرٍ مُّحْضَرًا ۚ وَّمَا عَمِلَتْ مِنْ سُوْٓءٍ ۔۔۔ ﴿۳۰﴾ ⁽⁴⁾

ترجمہ: وہ دن آنے والا ہے جب ہر نفس اپنے کیے کا پھل حاضر پائے گا خواہ اس نے بھلائی کی ہو یا برائی۔

وَقَالَ قَتَادَةُ: [صَحِيفَتُكَ] يَا ابْنَ آدَمَ، تُملى فِيهَا، ثُمَّ تُطْوَى، ثُمَّ تُنْشَرُ عَلَيْكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَلْيَنْظُرْ رَجُلٌ مَاذَا يُمْلِي فِي صَحِيفَتِهِ

قتادہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں اے ابن آدم! اپنے نامہ اعمال میں تو خود ہی لکھواتا ہے پھر تیرا نامہ اعمال کو لپیٹ دیا جائے گا اور پھر قیامت کے دن تیرے سامنے اسے کھولا جائے گا لہذا ہر آدمی کو خود اپنا جائزہ لینا چاہیے کہ وہ اپنے نامہ اعمال میں کیا لکھوا رہا ہے۔ ⁽⁵⁾

کسی شخص کو کسی سے پوچھنے کی ضرورت پیش نہیں آئے گی بلکہ ہر شخص اپنا نامہ اعمال خود پڑھ لے گا، جیسے فرمایا:

اِقْرَاْ كِتٰبَكَ ۭ كَفٰى بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ حَسِيْبًا ﴿۱۴﴾ ⁽⁶⁾

ترجمہ: پڑھ اپنا نامہ اعمال، آج اپنا حساب لگانے کے لیے تو خود ہی کافی ہے۔

اور اسے اپنی کامیابی (جنت کی نعمتیں سے سرفرازی) یا ناکامی (جہنم کے ہولناک عذاب) کی منزل صاف نظر آنے لگے گی، آسمان کا پردہ ہٹا

---

(۱) آل عمران ۳۰

(۲) القیامة ۱۳

(۳) الکهف ۴۹

(۴) آل عمران ۳۰

(۵) تفسیر ابن ابی حاتم ۱۰/۳۴۰۳

(۶) بنی اسرائیل ۱۴

دیا جائے گا اور اللہ کی خدائی اپنی اصل حقیقت کے ساتھ سب کے سامنے بے پردہ ہو جائے گی، جیسے فرمایا

وَيَوْمَ تَشَقَّقُ السَّمَاءُ بِالْغَمَامِ... ﴿۲۵﴾ [1]

ترجمہ: آسمان کو چیرتا ہوا ایک بادل اس روز نمودار ہوگا۔

يَوْمَ نَطْوِي السَّمَاءَ كَطَيِّ السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ... ﴿۱۰۴﴾ [2]

ترجمہ: وہ دن جب کہ آسمان کو ہم یوں لپیٹ کر رکھ دیں گے جیسے طومار میں اوراق لپیٹ دیے جاتے ہیں۔

...وَالْأَرْضُ جَمِيعًا قَبْضَتُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَالسَّمَاوَاتُ مَطْوِيَّاتٌ بِيَمِينِهِ... ﴿۶۷﴾ [3]

ترجمہ: قیامت کے روز پوری زمین اس کی مٹھی میں ہوگی اور آسمان اس کے دست راست میں لپٹے ہوئے ہوں گے۔

اللہ کے حکم سے جہنم کو خوب بھڑکایا اور جنت کو بہترین طریق پر سنوارا جائے گا، اور پھر غیض و غضب سے دہکتی جہنم اور نعمتوں سے بھری اور سجی سنوری ہوئی جنت کو میدان محشر میں لوگوں کے سامنے لایا جائے گا تا کہ مجرم جان لیں کہ وہ کس دردناک عذاب میں مبتلا ہونے والے ہیں اور کامیاب لوگ جان جائیں کہ کس دردناک عذاب سے بچ کر کن کن نعمتوں سے سرفراز ہونے والے ہیں، جیسے فرمایا

يَوْمَ تَجِدُ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ مِنْ خَيْرٍ مُّحْضَرًا ۚ وَمَا عَمِلَتْ مِن سُوءٍ تَوَدُّ لَوْ أَنَّ بَيْنَهَا وَبَيْنَهُ أَمَدًا بَعِيدًا... ﴿۳۰﴾ [4]

ترجمہ: وہ دن آنے والا ہے جب ہر نفس اپنے کیے کا پھل حاضر پائے گا خواہ اس نے بھلائی کی ہو یا برائی، اس روز آدمی یہ تمنا کرے گا کہ کاش ابھی یہ دن اس سے بہت دور ہوتا!۔

يُنَبَّأُ الْإِنسَانُ يَوْمَئِذٍ بِمَا قَدَّمَ وَأَخَّرَ ﴿۱۳﴾ [5]

ترجمہ: اس روز انسان کو اس کا سب اگلا پچھلا کیا کرایا بتا دیا جائے گا۔

میدان محشر میں عدل کا ترازو نصب کر دیا جائے گا اور لوگوں سے ان کے عقائد و اعمال کی باز پرس شروع ہو جائے گی۔

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَالَّذِينَ هَادُوا وَالصَّابِئِينَ وَالنَّصَارَىٰ وَالْمَجُوسَ وَالَّذِينَ أَشْرَكُوا إِنَّ اللَّهَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ شَهِيدٌ ﴿۱۷﴾ [6]

ترجمہ: جو لوگ ایمان لائے اور جو یہودی ہوئے اور صابئی اور نصاریٰ اور مجوس اور جن لوگوں نے شرک کیا ان سب کے درمیان اللہ قیامت کے روز فیصلہ کر دے گا ہر چیز اللہ کی نظر میں ہے۔

[1] الفرقان ۲۵

[2] الانبیاء ۱۰۴

[3] الزمر ۶۷

[4] آل عمران ۳۰

[5] القیامۃ ۱۳

[6] الحج ۱۷

فَلَآ اُقۡسِمُ بِالۡخُنَّسِ ﴿۱۵﴾ الۡجَوَارِ الۡكُنَّسِ ﴿۱۶﴾ وَ الَّیۡلِ اِذَا عَسۡعَسَ ﴿۱۷﴾

میں قسم کھاتا ہوں پیچھے ہٹنے والے چلنے پھرنے والے چھپنے والے ستاروں کی اور رات کی جب جانے لگے

وَ الصُّبۡحِ اِذَا تَنَفَّسَ ﴿۱۸﴾ اِنَّهٗ لَقَوۡلُ رَسُوۡلٍ كَرِيۡمٍ ﴿۱۹﴾ ذِىۡ قُوَّةٍ عِنۡدَ

اور صبح کی جب چمکنے لگے، یقیناً یہ ایک بزرگ رسول کا کہا ہوا ہے جو قوت والا ہے

ذِى الۡعَرۡشِ مَكِيۡنٍ ﴿۲۰﴾ مُّطَاعٍ ثَمَّ اَمِيۡنٍ ﴿۲۱﴾ وَ مَا صَاحِبُكُمۡ بِمَجۡنُوۡنٍ ﴿۲۲﴾

عرش والے (اللہ) کے نزدیک بلند مرتبہ ہے، جس کی (آسمانوں میں) اطاعت کی جاتی ہے امین ہے اور تمہارا ساتھی دیوانہ نہیں،

وَ لَقَدۡ رَاٰهُ بِالۡاُفُقِ الۡمُبِيۡنِ ﴿۲۳﴾ وَ مَا هُوَ عَلَى الۡغَيۡبِ بِضَنِيۡنٍ ﴿۲۴﴾

اس نے اس (فرشتے) کو آسمان کے کھلے کنارے پر دیکھا بھی ہے، اور یہ غیب کی باتوں کو بتلانے کے لیے بخیل بھی نہیں،

وَ مَا هُوَ بِقَوۡلِ شَيۡطٰنٍ رَّجِيۡمٍ ﴿۲۵﴾ فَاَيۡنَ تَذۡهَبُوۡنَ ﴿۲۶﴾ اِنۡ هُوَ اِلَّا ذِكۡرٌ لِّلۡعٰلَمِيۡنَ ﴿۲۷﴾

اور یہ قرآن شیطان مردود کا کلام نہیں پھر تم کہاں جا رہے ہو، یہ تمام جہان والوں کے لیے نصیحت نامہ ہے

لِمَنۡ شَآءَ مِنۡكُمۡ اَنۡ يَّسۡتَقِيۡمَ ﴿۲۸﴾ وَ مَا تَشَآءُوۡنَ اِلَّاۤ اَنۡ يَّشَآءَ اللّٰهُ

(بالخصوص) اس کے لیے جو تم میں سے سیدھی راہ پر چلنا چاہے، اور تم بغیر پروردگار عالم کے

رَبُّ الۡعٰلَمِيۡنَ ﴿۲۹﴾ (التکویر ۱۵تا۲۹)

چاہے کچھ نہیں چاہ سکتے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ نے مشرق کی جہت میں کواکب کی عادی رفتار سے پیچھے ہٹ جانے والے ہفت سیارگان ستارے سورج، چاند، زحل، مشتری، مریخ، زہرہ، عطارد وغیرہ کی قسم۔ رات کی قسم جب وہ آئے اور چھا جائے، دن کی قسم جب وہ طلوع ہو جائے اور روشنی پھیلائے، جیسے فرمایا

وَالَّيۡلِ اِذَا يَغۡشٰى ﴿۱﴾ وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى ﴿۲﴾ [1]

ترجمہ: قسم ہے رات کی جبکہ وہ چھا جائے اور دن کی جبکہ وہ روشن ہو۔

وَالضُّحٰى ﴿۱﴾ وَالَّيۡلِ اِذَا سَجٰى ﴿۲﴾ [2]

ترجمہ: قسم ہے روز روشن کی اور رات کی جبکہ وہ سکون کے ساتھ طاری ہو جائے۔

---

[1] اللیل ۱،۲

[2] الضحیٰ ۱،۲

تین قسمیں کھاکر قرآن مجید کی حقانیت بیان فرمائی کہ جبرائیل علیہ السلام جو اللہ کے ہاں بلند پایہ اور ذی مرتبہ ہیں، یعنی تمام ملائکہ سے بڑھ کر ان کی قدر و منزلت ہے، جن کی آسمانوں میں سرداری ہے اور ان گنت مقرب فرشتے جن کے تابع فرمان ہیں، اللہ تعالیٰ کے حکم سے یہ ذی قوت، طاقتور، امین اور مقرب فرشتہ دوسرے فرشتوں کی سخت ترین حفاظت میں یہ کلام لیکر تمہارے رفیق محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل کر رہے ہیں، جیسے فرمایا:

وَاِنَّهٗ لَتَنْزِيْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۱۹۲ نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ ۱۹۳ عَلٰي قَلْبِكَ لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ۱۹۴ (۱)

ترجمہ: یہ رب العالمین کی نازل کردہ چیز ہے، اسے لے کر تیرے دل پر امانت دار روح اتری ہے تاکہ تو ان لوگوں میں شامل ہو جو (اللہ کی طرف سے خلق خدا کو) متنبہ کرنے والے ہیں۔

قَالَ قَتَادَةُ: {مُطَاعٍ ثَمَّ} أَيْ: فِي السَّمٰوَاتِ، يَعْنِي: لَيْسَ هُوَ مِنْ أَفْنَادِ الْمَلَائِكَةِ بَلْ هُوَ مِنَ السَّادَةِ وَالْأَشْرَافِ، مُعتَنى بِهِ، انْتُخِبَ لِهٰذِهِ الرِّسَالَةِ الْعَظِيمَةِ

قتادہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں ''وہاں اس کا حکم مانا جاتا ہے۔'' اس کے معنی یہ ہیں آسمانوں میں اس کی بات سنی جاتی ہے کیونکہ وہ عام فرشتوں میں سے نہیں ہے، بلکہ سادات واشراف میں سے ہے، لہذا اس کی اسی اہمیت وعظمت کے پیش نظر اسے اس عظیم الشان پیغام رسانی کے لیے منتخب کیا گیا ہے۔ (۲)

تم اس پاکیزہ کلام کی ہدایات کو سن کر جس کی صداقت کی تمہارے دل گواہی دیتے ہیں، جان بوجھ کر اپنی ہٹ دھرمی اور غرور وتکبر کی وجہ سے اپنے الصادق والامین، دانا وہوشمند ساتھی محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم پر دیوانگی کا الزام لگاتے ہو، وہ دیوانہ نہیں تمہاری عقل کا فریب ہے، ذرا قرآن پڑھ کر تو دیکھو کہ کیا کوئی دیوانہ ایسے معارف وحقائق بیان کرسکتا ہے اور گزشتہ قوموں کے صحیح صحیح حالات بتلا سکتا ہے جو قرآن میں بیان کیے گئے ہیں، جیسے فرمایا

مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوٰى ۲ وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى ۳ (۳)

ترجمہ: تمہارا رفیق نہ بھٹکا ہے نہ بہکا ہے، وہ اپنی خواہش نفس سے نہیں بولتا۔

سید الامم صلی اللہ علیہ وسلم کھلے آسمان پر پورے ہوش وحواس میں اس طاقتور اور امین پیغمبر فرشتے کو ابتدائے نبوت اور معراج کے موقع پر اس کی اصلی صورت میں دیکھ چکے ہیں، جیسے فرمایا:

عَلَّمَهٗ شَدِيْدُ الْقُوٰى ۵ ذُوْ مِرَّةٍ فَاسْتَوٰى ۶ وَهُوَ بِالْاُفُقِ الْاَعْلٰى ۷ ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى ۸ فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى ۹ فَاَوْحٰٓى اِلٰى عَبْدِهٖ مَآ اَوْحٰى ۱۰ (۴)

ترجمہ: اسے زبردست قوت والے نے تعلیم دی ہے، جو بڑا صاحب حکمت ہے، وہ سامنے آ کھڑا ہوا جبکہ وہ بالائی افق پر تھا، پھر قریب آیا اور اوپر

(۱) الشعراء ۱۹۲ تا ۱۹۴

(۲) تفسیر ابن کثیر ۳۳۹/۸

(۳) النجم ۲،۳

(۴) النجم ۵ تا ۱۰

معلق ہو گیا یہاں تک کہ دو کمانوں کے برابر یا اس سے کچھ کم فاصلہ پر رہ گیا تب اس نے اللہ کے بندے کو وحی پہنچائی جو وحی بھی اسے پہنچائی۔

دوسری مرتبہ دیکھنے کے بارے میں فرمایا:

وَلَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰى ۝١٣ عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى ۝١٤ عِنْدَهَا جَنَّةُ الْمَاْوٰى ۝١٥ [1]

ترجمہ: اور ایک مرتبہ پھر اس نے سدرۃ المنتہیٰ کے پاس اس کو اترتے دیکھا جہاں پاس ہی جنت الماویٰ ہے۔

عَنِ الشَّعْبِيِّ، قَالَ:لَقِيَ ابْنُ عَبَّاسٍ كَعْبًا بِعَرَفَةَ فَسَأَلَهُ عَنْ شَيْءٍ فَكَبَّرَ حَتَّى جَاوَبَتْهُ الجِبَالُ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: إِنَّا بَنُو هَاشِمٍ ، فَقَالَ كَعْبٌ: إِنَّ اللَّهَ قَسَمَ رُؤْيَتَهُ وَكَلَامَهُ بَيْنَ مُحَمَّدٍ وَمُوسَى، فَكَلَّمَ مُوسَى مَرَّتَيْنِ، وَرَآهُ مُحَمَّدٌ مَرَّتَيْنِ،قَالَ مَسْرُوقٌ: فَدَخَلْتُ عَلَى عَائِشَةَ، فَقُلْتُ: هَلْ رَأَى مُحَمَّدٌ رَبَّهُ؟ فَقَالَتْ: لَقَدْ تَكَلَّمْتَ بِشَيْءٍ قَفَّ لَهُ شَعْرِي، قُلْتُ: رُوَيْدًا ثُمَّ قَرَأْتُ لَقَدْ رَأَى مِنْ آيَاتِ رَبِّهِ الكُبْرَى، قَالَتْ: أَيْنَ يُذْهَبُ بِكَ؟إِنَّمَا هُوَ جِبْرِيلُ مَنْ أَخْبَرَكَ أَنَّ مُحَمَّدًا رَأَى رَبَّهُ أَوْ كَتَمَ شَيْئًا مِمَّا أُمِرَ بِهِ أَوْ يَعْلَمُ الخَمْسَ الَّتِي قَالَ اللَّهُ تَعَالَى إِنَّ اللَّهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ وَيُنَزِّلُ الغَيْثَ فَقَدْ أَعْظَمَ الفِرْيَةَ،إِنَّ اللهَ عِنْدَه عِلْمُ السَّاعَةِ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ،وَلَكِنَّهُ رَأَى جِبْرِيلَ، لَمْ يَرَهُ فِي صُورَتِهِ إِلاَّ مَرَّتَيْنِ: مَرَّةً عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهَى، وَمَرَّةً فِي جِيَادٍ لَهُ سِتُّ مِائَةِ جَنَاحٍ قَدْ سَدَّ الأُفُقَ

شعبی رحمہ اللہ سے مروی ہے عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی عرفات میں کعب رضی اللہ عنہ سے ملاقات ہو گئی تو انہوں نے (یعنی عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے) کعب رضی اللہ عنہ سے کوئی بات پوچھی تو وہ تکبیر کہنے لگے یہاں تک کہ انکی آواز پہاڑوں میں گونجنے لگی، عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا ہم بنو ہاشم ہیں، کعب رضی اللہ عنہ فرمانے لگے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام اور دیدار کو محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور موسیٰ علیہ السلام پر تقسیم کیا چنانچہ موسیٰ علیہ السلام نے دو مرتبہ کلام کیا اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ کا دو مرتبہ دیدار کیا، مسروق کہتے ہیں کہ میں ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا اور پوچھا کہ کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کا دیدار کیا ہے؟ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ تم نے ایسی بات کی ہے جس سے میرے رونگٹے کھڑے ہو گئے بے شک انہوں نے اپنے رب کی بڑی بڑی نشانیاں دیکھیں، عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا تمہاری عقل کہاں چلی گئی ہے وہ تو جبرائیل علیہ السلام ہیں تمہیں کس نے بتایا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کو دیکھا ہے یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی ایسی چیز (امت سے) چھپائی ہے جس کا اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے یا یہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ان پانچ چیزوں کا علم ہے جن کے متعلق اللہ تعالیٰ کا ارشاد گرامی ہے (بے شک اللہ ہی کو قیامت کی خبر ہے اور وہی بارش برساتا اور وہی جانتا ہے کہ رحم (ماں کے پیٹ) میں کیا ہے اور کوئی شخص نہیں جانتا کہ کل کیا کمائے گا اور کوئی شخص نہیں جانتا کہ وہ کس زمین پر مرے گا) جس نے یہ کہا تو اس نے بہت بڑا بہتان باندھا، ہاں البتہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جبرائیل علیہ السلام کو دیکھا ہے اور انہیں بھی انکی اصلی صورت میں صرف دو بار دیکھا ہے۔ ایک بار سدرۃ المنتہیٰ کے پاس اور ایک بار جیاد کے مقام پر کہ ان کے چھ سو پر تھے جنہوں نے آسمان کے کناروں کو ڈھانپ لیا ہے۔ [2]

[1] النجم ۱۳ تا ۱۵

[2] صحیح بخاری کتاب التفسیرسورۃ والنجم باب ۱،ح۴۸۵۵،صحیح مسلم کتاب بَابٌ فِي ذِكْرِ سِدْرَةِ الْمُنْتَهَى ۴۳۹ ،جامع ترمذی ابواب تفسیرالقرآن بَابٌ وَمِنْ سُورَةِ وَالنَّجْمِ ۳۲۷۸

أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللَّهِ: أَنَّ مُحَمَّدًا صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى جِبْرِيلَ لَهُ سِتُّ مِائَةِ جَنَاحٍ

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے جبریل علیہ السلام کو اس شان میں دیکھا کہ ان کے چھ سو پر تھے۔ (۱)

محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے آخری پیغمبر ہیں جنہیں ساری دنیا کی ہدایت ورہنمائی کے لئے مبعوث کیا گیا ہے، اللہ تعالیٰ کا رسول ہونے کی بنا پر وہ اس پرحکمت پیغام کو جس میں رب العالمین کی ذات وصفات، احکام وفرائض، اللہ کی طاقتور مخلوق فرشتوں، مرنے کے بعد ابدی زندگی، حشر ونشر، اللہ تعالیٰ کا عدل وانصاف اور جنت وجہنم وغیرہ کے بارے میں پوری امانت ودیانتداری سے لوگوں تک پہنچادیتے ہیں، یہ پرحکمت وپاکیزہ کلام شیطان مردود کے اوہام وتصورات یا کسی کاہن کا کلام یا کسی دیوانے کی بڑ نہیں بلکہ رب العالمین کا نازل کردہ دائمی پیغام ہے، ان لوگوں کے لئے جو دنیا میں سیدھی راہ پر چلنا چاہیں ہدایت ونصیحت ہے جیسے فرمایا:

وَمَا تَنَزَّلَتْ بِهِ الشَّيٰطِيْنُ ﴿۲۱۰﴾ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهُمْ وَمَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ﴿۲۱۱﴾ اِنَّهُمْ عَنِ السَّمْعِ لَمَعْزُوْلُوْنَ ﴿۲۱۲﴾

(۲) ترجمہ: اس (کتاب مبین) کو شیاطین لے کر نہیں اترے ہیں نہ یہ کلام ان کو سجتا ہے اور نہ وہ ایسا کرہی سکتے ہیں وہ تو اس کی سماعت تک سے دور رکھے گئے ہیں۔

اس کلام کے ذریعہ سے وہ تمہارا تزکیہ نفس اور رہدایت کی طرف رہنمائی کرتے ہیں، پھر اس کلام کی حقانیت وصداقت ظاہر ہونے کے باوجود تم کیوں اس سے اعراض کرتے ہو، کیا تم اپنے غرور وتکبر کی بنا پر اس کلام کی ابدی ہدایت کو تسلیم نہیں کروگے، اس دعوت کے خلاف محاذ آرائی سے باز نہیں آؤگے، مگر یادرکھو تمہارے کچھ چاہنے یا نہ چاہنے سے کچھ حاصل نہیں ہوگا ہوگا وہی جو پروردگار عالم چاہے گا، ہر تدبیر اس کی مشیت کی تابع ہے، اور دنیا وآخرت میں تم ذلیل ورسوا ہوکر رہ جاؤگے، جیسے فرمایا:

وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ۭ ﴿۳۰﴾ (۳)

ترجمہ: اور تمہارے چاہنے سے کچھ نہیں ہوتا جب تک کہ اللہ نہ چاہے۔

وَمَا يَذْكُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ۭ ﴿۵۶﴾ (۴)

ترجمہ: اور یہ کوئی سبق حاصل نہ کریں گے الا یہ کہ اللہ ہی ایسا چاہے۔

**طلحہ رضی اللہ عنہ بن عبیداللہ کا اسلام قبول کرنا:**

طَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ عَمْرِو بْنِ كَعْبِ بْنِ سَعْدِ بْنِ تَيْمِ بْنِ مُرَّةَ

---

(۱) صحیح بخاری کتاب التفسیرسورۂ نجم بَابُ قَوْلِهِ: فَأَوْحَى إِلَى عَبْدِهِ مَا أَوْحَى ۴۸۵۷،صحیح مسلم کتاب الایمان بَابُ مَعْنَى قَوْلِ اللهِ عَزَّ وَجَلَّ وَلَقَدْ رَآهُ نَزْلَةً أُخْرَى، وَهَلْ رَأَى النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَبَّهُ لَيْلَةَ الْإِسْرَاءِ ۴۳۲، جامع ترمذی ابواب تفسیر القرآن بَابٌ وَمِنْ سُورَةِ وَالنَّجْمِ ۳۲۷۷، مسنداحمد ۳۷۸۰

(۲) الشعراء ۲۱۰تا۲۱۲

(۳) الدھر ۳۰

(۴) المدثر ۵۶

ان کانسب یوں ہے طلحہ بن عبید اللہ بن عثمان بن عمرو بن کعب بن سعد بن تیم بن مرہ۔ ①

قَالَ:أُمُّ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللهِ الصَّعْبَةُ بِنْتُ الْحَضْرَمِيِّ

طلحہ بن عبید اللہ کی والدہ صعبہ بنت حضرمی تھیں۔ ②

كُنْيَتُهُ، أَبُو مُحَمَّدٍ

آپ رضی اللہ عنہ کی کنیت ابو محمد تھی۔ ③

طلحہ رضی اللہ عنہ بن عبید اللہ نے اپنے اسلام قبول کرنے کا واقعہ کچھ یوں بیان کیا ہے،

حَضَرْتُ سُوقَ بُصْرَى فَإِذَا رَاهِبٌ فِي صومعته يقول: سلوا أهل [هذا] الْمَوْسِمِ أَفِيهِمْ رَجُلٌ مَنْ أَهْلِ الْحَرَمِ؟ قَالَ طَلْحَةُ: قُلْتُ: نَعَمْ أَنَا فَقَالَ هَلْ ظَهَرَ أَحْمَدُ بَعْدُ؟ قُلْتُ وَمَنْ أَحْمَدُ؟قَالَ ابْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، هَذَا شَهْرُهُ الَّذِي يَخْرُجُ فِيهِ، وَهُوَ آخِرُ الْأَنْبِيَاءِ مَخْرَجُهُ مِنَ الْحَرَمِ، وَمُهَاجَرُهُ إِلَى نَخْلٍ وَحَرَّةٍ وَسِبَاخٍ، فَإِيَّاكَ أَنْ تُسْبَق إِلَيْهِ، قَالَ طَلْحَةُ: فَوَقَعَ فِي قَلْبِي مَا قَالَ، فَخَرَجْتُ سَرِيعًا حَتَّى قَدِمْتُ مَكَّةَ فَقُلْتُ هَلْ كَانَ مِنْ حَدَثٍ ؟قَالُوا: نَعَمْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْأَمِينُ قد تَنَبَّأَ، وَقَدِ اتَّبَعَهُ أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي قحافة،قال فخرجت حتى قدمت عَلَى أَبِي بَكْرٍ، فخرج بي إليه، فأسلمت،فَأَخْبَرَهُ طَلْحَةُ بِمَا قَالَ الرَّاهِبُ

میں تجارت کی غرض سے بصری گیا ہوا تھا، ایک روز میں بازار میں تھا کہ ایک راہب اپنے صومعہ سے پکار کر کہہ رہا تھا کہ معلوم کرو کہ ان لوگوں میں کوئی حرم مکہ کا رہنے والا بھی ہے؟ اس کی بات سن کر طلحہ نے کہا کیا بات ہے میں حرم مکہ کا رہنے والا ہوں، راہب نے کہا کیا احمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کا ظہور ہو گیا ہے؟ میں نے حیرانی سے پوچھا کون احمد (صلی اللہ علیہ وسلم)؟ راہب نے کہا عبد اللہ بن عبد المطلب کے بیٹے، یہ ماہ ان کے ظہور کا ہے وہ حرم مکہ میں ظاہر ہوں گے وہی آخری نبی ہیں پھر ایک پتھریلی اور نخلستانی زمین کی طرف ہجرت فرمائیں گے، پھر مجھے نصیحت کی دیکھو تم پیچھے نہ رہنا، راہب نے جس جوش وعقیدت سے گفتگو کی اس سے میرے دل پر خاص اثر ہوا میں فوراً مکہ واپس آ گیا اور لوگوں سے دریافت کیا کہ کیا یہاں کوئی نئی بات رونما ہوئی ہے؟ لوگوں نے کہا ہاں، محمد بن عبد اللہ نے نبوت کا دعوی کیا ہے اور ابن ابی قحافہ (سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ) نے انہیں نبی تسلیم کر لیا ہے، میں فوراً سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ کے پاس پہنچا اور محمد بن عبد اللہ کی دعوت کے بارے میں دریافت کیا، وہ مجھے ساتھ لے کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے، اور میں نے اسلام قبول کر لیا اور میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو راہب کا واقعہ بیان کیا۔ ④

---

① معرفة الصحابة لابی نعیم ۱/۹۴

② معرفةالصحابة لابی نعیم ۱/۹۵

③ سير السلف الصالحين لإسماعيل بن محمد الأصبهاني ۱/۲۰۹،تاريخ دمشق لابن عساكر ۲۵/۵۹

④ الاصابة فی تمیز الصحابة ۳/۴۳۰،البداية والنهاية ۳/۴۰،المنتظم في تاريخ الأمم والملوك ۵/۱۱۲،تاريخ الإسلام ووفيات المشاهير والأعلام ۱/۱۳۹،حياة الصحابة ۱/۳۴۳، سير السلف الصالحين لإسماعيل بن محمد الأصبهاني ۱/۲۱۸،تاريخ دمشق لابن عساكر ۲۵/۶۴

کتب سیر میں متعدد روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ قبول اسلام کے بعد دوسرے فرزندان توحید کی طرح طلحہ رضی اللہ عنہ کو بھی کفار مکہ کے ظلم وستم کانشانہ بنناپڑااس وقت تک ان کی والدہ اسلام نہیں لائی تھیں وہ بھی بیٹے کے قبول اسلام پر برافروختہ ہوئیں،

أخرج البخاري في التاريخ عن مسعود بن خِراش رضي الله عنه قال: بينا نحن نطوف بين الصَّفا والمروة إذا أُناس كثير يتبعون فتى شاباً مُوثقاً بيده في عنقه، قلت: ما شأنه؟قالوا: هذا طلحة بن عبيد الله صبأ؛ وامرأةٌ وراءه تدمدم وتسبّه، قلت من هذه، قالوا: الصعبة بنت الحضرمي أمه

امام بخاری رحمہ اللہ نے تاریخ الصغیر میں مسعود رضی اللہ عنہ بن خراش سے یہ بیان نقل کیا ہے کہ ہم صفاومروہ کے درمیان چکر لگارہے تھے ہم نے دیکھا کہ بہت سے لوگ ایک نوجوان کو کھینچتے ہوئے لے جارہے ہیں، میں نے پوچھا کہ یہ معاملہ کیا ہے؟لوگوں نے کہا کہ طلحہ رضی اللہ عنہ بن عبیداللہ نے دین ہوگیا ہے، ایک عورت اس نوجوان کے پیچھے پیچھے غراتی ہوئی اور گالیاں دیتی ہوئی جارہی تھی، میں نے پوچھا یہ عورت کون ہے؟لوگوں نے کہا یہ اس کی ماں صعبہ بنت حضرمی ہے۔ (١)

بعد میں انہوں نے بھی اسلام قبول کرلیا تھا۔

أَسلَمَتِ الصَّعْبَةُ أُمُّ طَلْحَةَ فَتُوُفِّيَتْ مُسْلِمَةً

طلحہ رضی اللہ عنہ بن عبیداللہ کی والدہ نے اسلام قبول کرلیا اور مسلمان فوت ہوئیں۔ (٢)

غزوہ احد میں طلحہ رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور کفار کے درمیان دیوار بن گئے اور کسی دشمن کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچنے نہ دیا،

فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أوجب طلحة

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا طلحہ رضی اللہ عنہ نے (اپنے لیے) جنت کو واجب کرلیا۔ (٣)

قال: فَرَأَيْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ ظاهر بين درعين يومئذ، فلم يستطع أن ينهض إليها، يعني إلى صخرة في الجبل، فجلس تحته طلحة بن عبيد الله فنهض رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى استوى عليها . فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:أوجب طلحة

زبیر رضی اللہ عنہ بن عوام سے مروی ہے میں نے غزوہ احد میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو زرعیں پہنی ہوئی تھیں جن کے بوجھ کی وجہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اوپر پہاڑی پر چڑھ نہیں پارہے تھے، یہ دیکھ کر طلحہ رضی اللہ عنہ بن عبیداللہ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے پشت کے بل جھک گئے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پشت پر کھڑے ہوگئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا طلحہ رضی اللہ عنہ نے اپنے لیے جنت واجب کرلی۔ (٤)

عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا، قَالَتْ: إِنِّي لَجَالِسَةٌ فِي بَيْتِي وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَصْحَابُهُ فِي الْفِنَاءِ إِذْ أَقْبَلَ

(١) حياة الصحابة٣٤٣،١

(٢) معرفة الصحابة لابى نعيم ٩٥،١

(٣) الاستيعاب في معرفة الأصحاب٧٦٥،٢

(٤) سير أعلام النبلاء٤٠٧،١

طَلْحَةُ بْنُ عُبَيْدِ اللَّهِ ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَنْظُرَ إِلَى رَجُلٍ يَمْشِي عَلَى الْأَرْضِ قَدْ قَضَى نَحْبَهُ فَلْيَنْظُرْ إِلَى طَلْحَةَ

ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے ہم گھر میں رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے ساتھ بیٹھی ہوئی تھیں کہ طلحہ رضی اللہ عنہ بن عبید اللہ تشریف لائے، رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا جو شخص کسی جنتی کو زمین پر چلتے پھرتے دیکھنا چاہتا ہے وہ طلحہ رضی اللہ عنہ بن عبید اللہ کو دیکھ لے۔(۱)

عن عَائِشَةَ، قَالَتْ:كَانَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ إِذَا ذَكَرَ يَوْمَ أُحُدٍ، قَالَ: ذَاكَ كُلُّهُ يَوْمُ طَلْحَةَ

ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے جب سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ غزوہ احد کا ذکر فرماتے تو فرماتے یہ جنگ کل کی کل طلحہ رضی اللہ عنہ کے لیے تھی (یعنی رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے تحفظ کا اصل کارنامہ انہوں نے سرانجام دیا تھا۔(۲)

**مضامین سورۃ الانفطار:**

اس سورہ میں یہ باتیں خصوصاً قابل غور ہیں۔

- سورت التکویر کی طرح اس سورت میں بھی قیامت کے ہولناک منظر کی انتہائی خوبصورت تصویر کشی کی گئی ہے۔
- انسان کی نفسیات کہ وہ اپنے رب کے بارے میں دھوکے میں پڑا ہوا ہے۔
- انسان کا خالق، مالک اور رازق تو صرف اللہ وحدہ لاشریک ہے مگر انسان نے نہ معلوم کن کن ہستیوں کو یہ مقام دیا ہوا ہے۔
- انسان کا دھوکے میں پڑ جانے اور گروہوں میں بٹ جانے کا سب سے بڑا سبب یہ ہے کہ وہ جوابدہی کے تصور سے گھبراتا ہے حالانکہ اس کی ہر ہر حرکات وسکنات کو نگران فرشتے کراماً کاتبین نوٹ کر رہے ہیں۔
- اعمال کے بارے میں اصل فیصلہ روز قیامت ہوگا جس دن نیک لوگ جنت میں ہوں گے اور گناہ گار جہنم میں، یہ وہ دن ہوگا جب کوئی کسی کے کام نہیں آئے گا، اصل اقتدار واختیار کی مالک اللہ کی ذات ہے، وہی فیصلہ کرنے کا مجاز ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے

اِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ ۝۱ وَ اِذَا الْكَوَاكِبُ انْتَثَرَتْ ۝۲ وَ اِذَا الْبِحَارُ فُجِّرَتْ ۝۳

جب آسمان پھٹ جائے گا اور جب ستارے جھڑ جائیں گے اور جب سمندر بہہ نکلیں گے

وَ اِذَا الْقُبُوْرُ بُعْثِرَتْ ۝۴ عَلِمَتْ نَفْسٌ

اور جب قبریں (شق کر کے) اکھاڑ دی جائیں گی (اس وقت) ہر شخص اپنے آگے بھیجے ہوئے

---

(۱) سیر السلف الصالحین لإسماعیل بن محمد الأصبهاني ۲۱۶/۱

(۲) فتح الباری ۳۶۱/۷، شرح الزرقانی علی المواهب ۴۲۵/۲، سیر أعلام النبلاء ۴۱۰/۱

## مَا قَدَّمَتۡ وَ اَخَّرَتۡ ؕ﴿۵﴾ (الانفطار ا تا ۵)

اور پیچھے چھوڑے ہوئے (یعنی اگلے پچھلے اعمال) کو معلوم کرلے گا۔

قرآن کریم کے یہ بیانات حسن تعبیر و اسلوب کی اعلیٰ ترین مثال ہے جن میں قیامت، زماں و مکان اور آخرت کے مختلف ادوار کی نہایت جامع طور پر انتہائی بلاغت کے ساتھ چند الفاظ میں منظر کشی کر دی ہے لیکن زور واقعات پر نہیں بلکہ مقصد پر ہے کہ لوگ تنبیہ حاصل کریں اور حرص و ہوس میں کھو کر اپنا دائمی نقصان نہ کر بیٹھیں، عالم برزخ میں ہمارے مقام کا انحصار اس بات پر ہے کہ دنیا کی چند روزہ زندگی ہم نے کیسے گزاری تھی، ستاروں کے جھڑ جانے کے مناظر، فلکیات کے بکھر جانے کے واقعات، قبروں کے پھٹ جانے، آسمانوں میں شگاف اور بکھر جانے کے عمل اور سورج کو لپیٹ لئے جائے کے مناظر ہمارے زمان و مکان کے سفر میں پیش آنے والے چند واقعات ہیں اصل اور اہم سوال تو یہ ہے کہ ہمارے نفوس نے آگے کیا بھیجا ہے اور اپنے پیچھے کیا چھوڑا ہے؟ آخرت میں ہماری اگلی زندگی کے سفر کا دارومدار اعمال پر ہوگا جو ہم آگے بھیج چکے ہونگے یا پیچھے چھوڑ چکے ہوں گے، جیسے فرمایا:

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَلۡتَنۡظُرۡ نَفۡسٌ مَّا قَدَّمَتۡ لِغَدٍ‌ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ‌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيۡرٌۢ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۱۸﴾ [1]

ترجمہ: اے لوگو! جو ایمان لائے ہو! اللہ سے ڈرو اور ہر شخص یہ دیکھے کہ اس نے کل کے لیے کیا سامان کیا ہے، اللہ سے ڈرتے رہو اللہ یقیناً تمہارے ان سب اعمال سے باخبر ہے جو تم کرتے ہو۔

فرمایا صور کی آواز کے ساتھ بے ستونوں کا بلند و بالا آسمان جو انسانوں کے لئے رحمت کی چھتری بنا ہوا تھا اللہ سبحانہ و تعالیٰ کے حکم اور ہیبت سے پھٹ جائے گا اور فرشتے نیچے میدان محشر میں اتر آئیں گے، اس طرح کے منظر کو اس آیت میں بڑے ڈرامائی انداز میں پیش کیا گیا ہے۔

وَيَوۡمَ تَشَقَّقُ السَّمَآءُ بِالۡغَمَامِ وَنُزِّلَ الۡمَلٰۤـئِكَةُ تَنۡزِيۡلًا ﴿۲۵﴾ [2]

ترجمہ: آسمان کو چیرتا ہوا ایک بادل اس روز نمودار ہوگا اور فرشتوں کے پرے کے پرے اتار دیے جائیں گے۔

السَّمَآءُ مُنۡفَطِرٌۢ بِهٖ... ﴿۱۸﴾ [3]

ترجمہ: جس کی سختی سے آسمان پھٹا جا رہا ہوگا۔

آسمان کے نیچے لاتعداد کواکب جن کی مالک حقیقی کو چھوڑ کر پرستش کی جاتی تھی، جن کی خوشنودی کے لئے رسوم ادا کی جاتی تھیں، جن سے انسان اپنی تقدیر وابستہ سمجھتا تھا، مشرکین کے یہ سب باطل معبود آپس میں ٹکرا کر نابود ہو جائیں گے، اس وقت ان کی پوجا کرنے والوں کو حقیقت حال کا علم ہو جائے گا کہ جس کو فنا ہو وہ معبود نہیں ہو سکتا مگر اس وقت بہت دیر ہو چکی ہوگی، صور کی ہیبتناک آواز کے ساتھ سب نظام فلکی وارضی تباہ و برباد ہو جائے گا، جیسے فرمایا

---

[1] الحشر ۱۸

[2] الفرقان ۲۵

[3] المزمل ۱۸

يَّوْمَ تَمُوْرُ السَّمَآءُ مَوْرًا ۙ ۝۹ وَّتَسِيْرُ الْجِبَالُ سَيْرًا ۭ ۝۱۰ ①

ترجمہ: جب آسمان بری طرح ڈگمگائے گا اور پہاڑ اڑے اڑے پھریں گے۔

ستاروں، سیاروں کے ٹکرانے سے درجہ حرارت لاکھوں ڈگری سنٹی گریڈ تک بڑھ جائے گا، شدید تھرتھراہٹ سے زمین کی اوپری تہہ چاک چاک ہو جائے گی اور پہاڑ اس سے باہر نکل کر ایک تنکے کی طرح اڑنے لگیں گے، جیسے فرمایا:

اِذَا رُجَّتِ الْاَرْضُ رَجًّا ۙ ۝۴ وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ۙ ۝۵ فَكَانَتْ هَبَاۗءً مُّنْۢبَثًّا ۙ ۝۶ ②

ترجمہ: زمین اس وقت یکبارگی ہلا ڈالی جائے گی اور پہاڑ اس طرح ریزہ ریزہ کر دیئے جائیں گے کہ پراگندہ غبار بن کر رہ جائیں گے۔

فَاِذَا نُفِخَ فِي الصُّوْرِ نَفْخَةٌ وَّاحِدَةٌ ۝۱۳ وَّحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً ۝۱۴ ③

ترجمہ: پھر جب ایک دفعہ صور میں پھونک ماردی جائے گی اور زمین اور پہاڑوں کو اٹھا کر ایک ہی چوٹ میں ریزہ ریزہ کر دیا جائے گا۔

اس بار بار کے شدید بھونچال سے سمندروں کی تہہ بھی پھٹ جائے گی اور ان کا پانی زمین کے اس اندرونی حصے میں اترنے لگے گا جہاں ہر وقت ایک بے انتہا گرم لاوا کھولتا رہتا ہے، پھر اس لاوے تک پہنچ کر پانی اپنے ان دو ابتدائی اجزاء کی شکل میں تحلیل ہو جائے گا جس سے ایک آکسیجن جلانے والی اور دوسری ہائیڈروجن بھڑک اٹھنے والی ہے اور یوں تحلیل اور آتش افروزی کا ایک ایسا مسلسل ردعمل شروع ہو جائے گا جس سے دنیا کے تمام سمندروں میں آگ لگ جائے گی، بعض کہتے ہیں کہ اللہ سب سمندروں کا پانی ایک ہی سمندر میں جمع کر دے گا پھر اللہ پچھمی ہوا بھیجے گا جو اس میں آگ بھڑکا دے گی اور اس سے فلک شگاف شعلے بلند ہوں گے، پھر قیامت کا دوسرا مرحلہ بیان فرمایا کہ جب اللہ تعالیٰ چاہے گا صور کی آواز پر دنیا کے ہر گوشے میں قبریں شق ہو جائیں گی اور اللہ ان میں مدفون تمام انسانوں کو ان کے اعمال کی جزا کے لئے ازسرنو جسم وجان کے ساتھ زندہ کر کے کھڑا کرے گا اور مردے قبروں سے نکل کر میدان محشر کی طرف تیز تیز بھاگیں گے، جیسے فرمایا

يَوْمَ يَخْرُجُوْنَ مِنَ الْاَجْدَاثِ سِرَاعًا كَاَنَّهُمْ اِلٰى نُصُبٍ يُّوْفِضُوْنَ ۝۴۳ ④

ترجمہ: جب یہ اپنی قبروں سے نکل کر اس طرح دوڑے جا رہے ہوں گے جیسے اپنے بتوں کے استھانوں کی طرف دوڑے جا رہے ہوں۔

فَتَوَلَّ عَنْهُمْ ۘ يَوْمَ يَدْعُ الدَّاعِ اِلٰى شَيْءٍ نُّكُرٍ ۝۶ خُشَّعًا اَبْصَارُهُمْ يَخْرُجُوْنَ مِنَ الْاَجْدَاثِ كَاَنَّهُمْ جَرَادٌ مُّنْتَشِرٌ ۝۷ مُّهْطِعِيْنَ اِلَى الدَّاعِ ۭ يَقُوْلُ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا يَوْمٌ عَسِرٌ ۝۸ ⑤

ترجمہ: پس اے نبی صلی اللہ علیہ وسلم! ان سے رخ پھیر لو جس روز پکارنے والا ایک سخت ناگوار چیز کی طرف پکارے گا، لوگ سہمی ہوئی نگاہوں کے ساتھ اپنی قبروں سے اس طرح نکلیں گے گویا وہ بکھری ہوئی ٹڈیاں ہیں، پکارنے والے کی طرف دوڑے جا رہے ہوں گے اور وہی منکرین (جو

① الطور ۹،۱۰

② الواقعة ۴تا۶

③ الحاقة ۱۳،۱۴

④ المعارج ۴۳

⑤ القمر ۶تا۸

دنیا میں اس کا انکار کرتے تھے) اس وقت کہیں گے کہ یہ دن تو بڑا کٹھن ہے۔

پھر کراما کاتبین کے ترتیب اور تاریخ وار مرتب نامہ اعمال ان کے ہاتھوں میں تھمائے جائیں گے تو انسانوں کو اسے پڑھ کر دنیا میں کیے تمام اعمال، اور اپنے کردار و عمل کے اچھے یا برے نمونے جو دنیا میں وہ چھوڑ آیا اور لوگ ان نمونوں پر عمل کرتے رہے (یہ نمونے اگر اچھے ہیں تو اس کے مرنے کے بعد ان نمونوں پر جو لوگ بھی عمل کریں گے اس کا ثواب اسے بھی پہنچتا رہے گا اور اگر برے نمونے اپنے پیچھے چھوڑ گیا تو جو بھی اسے اپنائے گا ان کا گناہ بھی اس شخص کو پہنچتا رہے گا جس کی مساعی سے وہ برا طریقہ یا کام رائج ہوا) اور جو کچھ آگے بھیجا ہو گا اس کا علم ہو جائے گا۔

يٰاَيُّهَا الْاِنْسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيْمِ ۙ۝۶ الَّذِيْ خَلَقَكَ فَسَوّٰىكَ

اے انسان! تجھے اپنے رب کریم سے کس چیز نے بہکایا؟ جس (رب نے) تجھے پیدا کیا پھر ٹھیک ٹھاک کیا اور پھر

فَعَدَلَكَ ۙ۝۷ فِيْٓ اَيِّ صُوْرَةٍ مَّا شَاۗءَ رَكَّبَكَ ۝۸ۭ كَلَّا بَلْ تُكَذِّبُوْنَ بِالدِّيْنِ ۙ۝۹

(درست اور) برابر بنایا، جس صورت میں چاہا تجھے جوڑ دیا، ہرگز نہیں بلکہ تم تو جزا و سزا کے دن کو جھٹلاتے ہو،

وَاِنَّ عَلَيْكُمْ لَحٰفِظِيْنَ ۝۱۰ۙ كِرَامًا كَاتِبِيْنَ ۝۱۱ۙ يَعْلَمُوْنَ مَا تَفْعَلُوْنَ ۝۱۲ (الانفطار ۶ تا ۱۲)

یقیناً تم پر نگہبان عزت والے لکھنے والے مقرر ہیں جو کچھ تم کرتے ہو وہ جانتے ہیں۔

اے انسان! اللہ وحدہ لاشریک نے تجھے بدبو دار پانی کے ایک حقیر قطرے سے وجود بخشا، تیرے اعضا کو درست کیا اور انہیں متناسب بنایا، اپنے لطف و کرم سے اچھا قد و قامت اور بہترین شکل و صورت بنائی، عقل و فہم عطا کی، یعنی تجھے ایک کامل انسان بنا دیا، جیسے فرمایا

لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ ۝۴ (۱)

ترجمہ: بے شک ہم نے انسان کو بڑے عمدہ انداز میں پیدا کیا ہے۔

عَنْ بُسْرِ بْنِ جَحَّاشٍ الْقُرَشِيِّ، بَزَقَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي كَفِّهِ ثُمَّ وَضَعَ أُصْبُعَهُ السَّبَّابَةَ وَقَالَ: يَقُولُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ: أَنَّى تُعْجِزُنِي ابْنَ آدَمَ وَقَدْ خَلَقْتُكَ مِنْ مِثْلِ هَذِهِ، فَإِذَا بَلَغَتْ نَفْسُكَ هَذِهِ وَأَشَارَ إِلَى حَلْقِهِ، قُلْتَ: أَتَصَدَّقُ، وَأَنَّى أَوَانُ الصَّدَقَةِ؟

بسر بن حجاش رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ہتھیلی میں تھوکا پھر اپنے کلمہ کی انگلی اس پر رکھی اور فرمایا کہ اللہ جل جلالہ فرماتا ہے آدم کا بیٹا مجھے کیسے عاجز کر سکتا ہے اور میں نے تجھ کو ایسی ہی چیز سے بنایا پھر جب تیری سانس یہاں تک آتی ہے اور اپنے حلق کی طرف اشارہ کیا تو تو کہتا ہے اس کا صدقہ کرتا ہوں، اس وقت صدقہ کا وقت کہاں رہا۔ (۲)

---

(۱) التین ۴

(۲) مسند احمد ۱۷۸۴۴، ۱۷۸۴۳، سنن ابن ماجه كتاب الوصايا بَابُ النَّهْيِ عَنِ الْإِمْسَاكِ فِي الْحَيَاةِ وَالتَّبْذِيرِ عِنْدَ الْمَوْتِ ۲۷۰۸

عَنْ بُسْرِ بْنِ جَحَّاشٍ الْقُرَشِيِّ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَزَقَ يَوْمًا فِي كَفِّهِ، فَوَضَعَ عَلَيْهَا أُصْبُعَهُ، ثُمَّ قَالَ: قَالَ اللَّهُ: ابْنَ آدَمَ أَنَّى تُعْجِزُنِي وَقَدْ خَلَقْتُكَ مِنْ مِثْلِ هَذِهِ، حَتَّى إِذَا سَوَّيْتُكَ وَعَدَلْتُكَ، مَشَيْتَ بَيْنَ بُرْدَيْنِ وَلِلْأَرْضِ مِنْكَ وَئِيدٌ، فَجَمَعْتَ وَمَنَعْتَ، حَتَّى إِذَا بَلَغَتِ التَّرَاقِيَ، قُلْتَ: أَتَصَدَّقُ، وَأَنَّى أَوَانُ الصَّدَقَةِ

بسر بن جحاش رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ایک روز نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کف دست پر لعاب مبارک ڈالا پھر اس پر انگشت مبارک (اشارے کے طور پر) رکھتے ہوئے فرمایا اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے اے ابن آدم! تو مجھے کیسے عاجز کر سکتا ہے حالانکہ میں نے تجھے اس طرح کی چیز سے پیدا فرمایا ہے حتی کہ جب میں نے تجھے ٹھیک ٹھیک اور نہایت توازن و اعتدال کے ساتھ پیدا کر دیا تو تو اپنی دو چادروں کے درمیان چلنے لگا اور تیری آہٹ سے زمین لرز رہی تھی، پھر تو نے مال جمع کیا اور خرچ نہ کیا حتی کہ جب وہ (روح) ہنسلیوں تک پہنچ گئی تو تو نے کہا کہ میں صدقہ کرتا ہوں لیکن اب یہ صدقے کا کون سا وقت ہے؟۔ (۱)

پھر دنیا میں تجھے بے شمار اسباب حیات مہیا کیے، ان تمام احسانات پر تجھے تو اس قادر مطلق کا شکر گزار ہونا چاہیے تھا اور احسان مند ہو کر اس کی اطاعت و فرمانبرداری کرتا، مگر تو اس دھوکے میں پڑ گیا کہ یہ عظیم الشان کائنات اور تو خود حادثاتی طور پر ہی وجود میں آ گیا ہے لہذا حیات بعد الموت کی کوئی حقیقت نہیں، تو دنیا میں بڑے بڑے گناہ اور لغزشیں کرتا ہے مگر رحیم و کریم رب تجھے سوچنے سمجھنے اور سنبھلنے کی مہلت عطا فرماتا ہے مگر تو اس دھوکے میں مبتلا ہو گیا کہ اللہ کے ہاں عدل و انصاف نام کی کوئی چیز نہیں، ایسا نہیں ہے نہ تو کائنات اور نہ تم خود عناصر کے حادثاتی طور جڑ جانے پر وجود میں آ گئے ہو، اور نہ ہی تیرے والدین نے تجھے بنایا ہے، بلکہ خالق کائنات نے تجھے مکمل انسانی شکل میں تخلیق کیا ہے، دوسری مخلوقات کے مقابلے میں تجھے بہترین ساخت اور افضل و اشرف قوتیں و صلاحیتیں عطا فرمائی ہیں، عقل کا تقاضا تو یہ ہونا چاہیے تھا کہ تم احسان مند ہو کر اس کی بارگاہ میں جھک جاتے اور نافرمانیوں سے بچنے کی کوششیں کرتے مگر تم لوگ تھوڑے پر اترا گئے اور یوم جزا کو جھٹلانے اور مذاق اڑانے لگے، اور دنیا میں غافل ہو کر، اللہ کے انصاف سے بے خوف ہو کر من مانی زندگی گزار رہے ہو، مگر اللہ نے زمین و آسمان اور ان کے درمیان جو کچھ ہے ایک مقصد اور ایک وقت مقررہ کے لئے پیدا کیا ہے، اللہ نے تمہیں شتر بے مہار بنا کر یونہی نہیں چھوڑ دیا ایک وقت تم اپنے اعمال کی جزا کے لئے اللہ کی بارگاہ میں پیش کیے جاؤ گے، اس لئے ریکارڈ تیار کرنے کے لئے اس نے دو نگران فرشتوں کراماً کاتبین (بزرگ اور معزز کاتب) کو مستقل طور پر تمہارے ساتھ لگا دیا ہے، جیسے فرمایا:

اِذْ يَتَلَقَّى الْمُتَلَقِّيٰنِ عَنِ الْيَمِيْنِ وَعَنِ الشِّمَالِ قَعِيْدٌ ﴿۱۷﴾ مَا يَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ اِلَّا لَدَيْهِ رَقِيْبٌ عَتِيْدٌ ﴿۱۸﴾ (۲)

ترجمہ: (اور ہمارے اس براہِ راست علم کے علاوہ) دو کاتب اس کے دائیں اور بائیں بیٹھے ہر چیز ثبت کر رہے ہیں، کوئی لفظ اس کی زبان سے نہیں نکلتا جسے محفوظ کرنے کے لئے ایک حاضر باش نگراں موجود نہ ہو۔

جو تمہاری نیتوں، اقوال اور ہر فعل کو چاہے چھپ کر و یا ظاہرا، دن میں کر و یا رات میں جانتے ہیں، اور وہ بے لاگ طریقے سے تمہارا ہر فعل اپنے رجسٹر میں ترتیب و تاریخ وار درج کر رہے ہیں اور یہی تمہارا اعمال نامہ میدان محشر میں تمہارے ہاتھوں میں تھما دیا جائے گا جسے پڑھ کر تم

(۱) مسند احمد ۱۷۸۴۲

(۲) ق ۱۸،۱۷

ہک دک رہ جاؤ گے، جیسے فرمایا:

وَوُضِعَ الْكِتٰبُ فَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا فِيْهِ وَيَقُوْلُوْنَ يٰوَيْلَتَنَا مَالِ هٰذَا الْكِتٰبِ لَا يُغَادِرُ صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً اِلَّآ اَحْصٰهَا ۚ وَوَجَدُوْا مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا ۭ ﴿۴۹﴾ [1]

ترجمہ: اور کہتے جاتے ہوں گے کہ ہائے ہماری کم بختی! یہ کیسا نوشتہ ہے کہ اس نے ہمارے نہ کسی چھوٹے ہی گناہ کو چھوڑا اور نہ بڑے ہی کو جو اس میں درج نہ ہو گیا ہو، غرضیکہ جو کچھ انہوں نے دنیا میں کیا تھا وہ سب لکھا ہوا موجود پائیں گے۔

تم لوگ حسرت و پشیمانی سے خود کو اور اپنے سرداروں اور اپنے پیشواؤں کو کوسو گے مگر سب لاحاصل ہو گا۔

اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِيْ نَعِيْمٍ ﴿۱۳﴾ وَ اِنَّ الْفُجَّارَ لَفِيْ جَحِيْمٍ ﴿۱۴﴾

یقیناً نیک لوگ (جنت کے عیش آرام اور) نعمتوں میں ہوں گے اور یقیناً بدکار لوگ دوزخ میں ہونگے

يَّصْلَوْنَهَا يَوْمَ الدِّيْنِ ﴿۱۵﴾ وَ مَا هُمْ عَنْهَا بِغَآئِبِيْنَ ﴿۱۶﴾

بدلے والے دن اس میں جائیں گے وہ اس سے کبھی غائب نہ ہونے پائیں گے،

وَ مَآ اَدْرٰىكَ مَا يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿۱۷﴾ ثُمَّ مَآ اَدْرٰىكَ مَا يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿۱۸﴾

تجھے کچھ خبر بھی ہے کہ بدلے کا دن کیا ہے، پھر میں (کہتا ہوں) تجھے کیا معلوم کہ جزا (اور سزا) کا دن کیا ہے، (وہ ہے)

يَوْمَ لَا تَمْلِكُ نَفْسٌ لِّنَفْسٍ شَيْـًٔا ۭ وَ الْاَمْرُ يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ ﴿۱۹﴾ (الانفطار ۱۳تا۱۹)

جس دن کوئی شخص کسی شخص کے لیے کسی چیز کا مختار نہ ہو گا اور (تمام تر) احکام اس روز اللہ کے ہی ہوں گے۔

یقیناً وہ لوگ جنہوں نے اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت میں زندگی گزاری، اللہ کے احکامات و فرائض کو پورا کرنے کی کوشش کی، رب کی خوشنودی حاصل کرنے کے لئے اپنے پاکیزہ مال مستحقین میں خرچ کیا، جو اللہ سے محبت اور اپنے گناہوں پر شرمندہ ہو کر خوف سے زندگی گزارتے رہے وہ امتحان میں کامیاب ہوں گے، اللہ تعالیٰ انہیں طرح طرح کی نعمتوں سے بھرپور جنتوں میں داخل فرمائے گا جہاں انہیں موتیوں سے زیادہ حسین نوجوان حوریں ملیں گی، جیسے فرمایا:

وَحُوْرٌ عِيْنٌ ﴿۲۲﴾ كَاَمْثَالِ اللُّؤْلُؤِ الْمَكْنُوْنِ ﴿۲۳﴾ [2]

ترجمہ: اور ان کے لیے خوبصورت آنکھوں والی حوریں ہوں گی ایسی حسین جیسے چھپا کر رکھے ہوئے موتی۔

خدمت کے لئے نوجوان خوبصورت لڑکے ہوں گے، جیسے فرمایا

---

[1] الکہف ۴۹

[2] الواقعۃ ۲۲،۲۳

وَيَطُوفُ عَلَيْهِمْ غِلْمَانٌ لَّهُمْ كَأَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ مَّكْنُونٌ ﴿۲۴﴾ ⁽¹⁾

ترجمہ: اور ان کی خدمت میں وہ لڑکے دوڑتے پھر رہے ہوں گے جو انہی (کی خدمت) کے لیے مخصوص ہوں گے، ایسے خوبصورت جیسے چھپا کر رکھے ہوئے موتی۔

جو انہیں پرندوں کے بھنے ہوئے گوشت، انواع و اقسام کے پھل، میوہ جات اور ختم نہ ہونے والی شراب کے چشموں سے بہترین ذائقوں والی شراب، پیش کریں گے، جیسے فرمایا:

يَطُوفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُونَ ﴿۱۷﴾ بِأَكْوَابٍ وَأَبَارِيقَ ۙ وَكَأْسٍ مِّن مَّعِينٍ ﴿۱۸﴾ لَّا يُصَدَّعُونَ عَنْهَا وَلَا يُنزِفُونَ ﴿۱۹﴾ وَفَاكِهَةٍ مِّمَّا يَتَخَيَّرُونَ ﴿۲۰﴾ وَلَحْمِ طَيْرٍ مِّمَّا يَشْتَهُونَ ﴿۲۱﴾ ⁽²⁾

ترجمہ: ان کی مجلسوں میں ابدی لڑکے شراب چشمہ جاری سے لبریز پیالے اور کنڑ اور ساغر لیے دوڑتے پھرتے ہونگے جسے پی کر نہ ان کا سر چکرائے گا نہ ان میں فتور آئے گا اور وہ ان کے سامنے طرح طرح لذیذ پھل پیش کریں گے کہ جسے چاہیں چن لیں، اور پرندوں کے گوشت پیش کریں گے کہ جس پرندے کا چاہیں استعمال کریں۔

رب کریم اپنی زیارت کرائے گا اور جنتی دنیا کے ہر دکھ درد، ہر رنج و غم اور ہر محرومی و ملال کو بھول جائیں گے، اور جو لوگ اپنے قول یا اپنے عمل سے روز جزا کو بھولیں گے، اللہ نے زندگی گزارنے کے جو احکامات اور فرائض نازل فرمائے تھے ان کی پرواہ نہیں کریں، اللہ کی مقرر کی ہوئی حدودں کو پامال کریں گے، اللہ کے قوانین کو چھوڑ کر اپنے خود ساختہ قوانین اور طریقے اختیار کریں گے، اللہ کے نازل کردہ دین اسلام اور رسول اللہ ﷺ کی شریعت کو نامکمل سمجھ کر دین میں نئی نئی بدعات شامل کریں گے اس طرح کے لوگ امتحان میں فیل ہو جائیں گے، اللہ کے حکم سے داروغہ جہنم انہیں کول تار کا لباس پہنا کر، گلے میں طوق اور پیروں میں بیڑیاں ڈال کر، ستر گز لمبی زنجیروں سے جکڑ کر، سر کے بالوں سے پکڑ کر اور پیروں سے منہ کے بل گھسیٹتے ہوئے سر کے بل جہنم میں گرا دیں گے، جیسے فرمایا:

إِنَّا أَعْتَدْنَا لِلْكَافِرِينَ سَلَاسِلَا وَأَغْلَالًا وَسَعِيرًا ﴿۴﴾ ⁽³⁾

ترجمہ: کفر کرنے والوں کے ہم نے زنجیریں اور طوق اور بھڑکتی ہوئی آگ مہیا کر رکھی ہے۔

وَذَرْنِي وَالْمُكَذِّبِينَ أُولِي النَّعْمَةِ وَمَهِّلْهُمْ قَلِيلًا ﴿۱۱﴾ إِنَّ لَدَيْنَا أَنكَالًا وَجَحِيمًا ﴿۱۲﴾ وَطَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَعَذَابًا أَلِيمًا ﴿۱۳﴾ ⁽⁴⁾

ترجمہ: ان جھٹلانے والے خوشحال لوگوں سے نمٹنے کا کام تم مجھ پر چھوڑ دو اور انہیں ذرا کچھ دیر اسی حالت میں رہنے دو، ہمارے پاس (ان کے لیے) بھاری بیڑیاں ہیں اور بھڑکتی ہوئی آگ اور حلق میں پھنسنے والا کھانا اور دردناک عذاب۔

---

(1) الطور ۲۴

(2) الواقعۃ ۱۷ تا ۲۱

(3) الدھر ۴

(4) المزمل ۱۱ تا ۱۳

اس دردناک عذاب میں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے، دنیا سے انہتر گناہ تیز حرارت والی سیاہ آگ انہیں اوپر اور نیچے سے گھیر لے گی، جیسے فرمایا

لَهُمْ مِّنْ جَهَنَّمَ مِهَادٌ وَّمِنْ فَوْقِهِمْ غَوَاشٍ ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۱﴾ (۱)

ترجمہ: ان کے لیے جہنم کا بچھونا ہوگا اور جہنم ہی کا اوڑھنا، یہ ہے وہ جزا جو ہم ظالموں کو دیا کرتے ہیں۔

وہاں انہیں پینے کو کھولتا ہوا پانی اور کچ لہو اور کھانے کو تھوہر دیا جائے گا، جیسے فرمایا:

ثُمَّ اِنَّكُمْ اَيُّهَا الضَّآلُّوْنَ الْمُكَذِّبُوْنَ ﴿۵۱﴾ لَاٰكِلُوْنَ مِنْ شَجَرٍ مِّنْ زَقُّوْمٍ ﴿۵۲﴾ فَمَالِـُٔوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ ﴿۵۳﴾ فَشٰرِبُوْنَ عَلَيْهِ مِنَ الْحَمِيْمِ ﴿۵۴﴾ فَشٰرِبُوْنَ شُرْبَ الْهِيْمِ ؕ ﴿۵۵﴾ (۲)

ترجمہ: پھر اے گمراہو اور جھٹلانے والو، تم شجر زقوم کی غذا کھانے والے ہو اسی سے تم پیٹ بھروگے اور اوپر سے کھولتا ہوا پانی تونس لگے ہوئے اونٹ کی طرح پیوگے۔

اِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّوْمِ ﴿۴۳﴾ طَعَامُ الْاَثِيْمِ ﴿۴۴﴾ كَالْمُهْلِ ۚ يَغْلِيْ فِي الْبُطُوْنِ ﴿۴۵﴾ كَغَلْيِ الْحَمِيْمِ ﴿۴۶﴾ (۳)

ترجمہ: زقوم کا درخت گناہگاروں کا کھانا ہوگا، پیٹ میں وہ اس طرح جوش کھائے گا جیسے تیل کی تیجھلٹ جیسا کھولتا ہوا پانی جوش کھاتا ہے۔

هٰذَا ۙ فَلْيَذُوْقُوْهُ حَمِيْمٌ وَّغَسَّاقٌ ﴿۵۷﴾ وَّاٰخَرُ مِنْ شَكْلِهٖۤ اَزْوَاجٌ ﴿۵۸﴾ (۴)

ترجمہ: یہ ہے ان کے لیے، پس وہ مزا چکھیں کھولتے ہوئے پانی اور پیپ، لہو اور اس قسم کی دوسری تلخیوں کا۔

وہاں وہ چیخ و پکار کریں گے مگر کوئی شنوائی نہیں ہوگی، جیسے فرمایا:

رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْهَا فَاِنْ عُدْنَا فَاِنَّا ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۰۷﴾ قَالَ اخْسَـُٔوْا فِيْهَا وَلَا تُكَلِّمُوْنِ ﴿۱۰۸﴾ اِنَّهٗ كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْ عِبَادِيْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۰۹﴾ فَاتَّخَذْتُمُوْهُمْ سِخْرِيًّا حَتّٰۤى اَنْسَوْكُمْ ذِكْرِيْ وَكُنْتُمْ مِّنْهُمْ تَضْحَكُوْنَ ﴿۱۱۰﴾ (۵)

ترجمہ: اے پروردگار! اب ہمیں یہاں سے نکال دے پھر ہم ایسا قصور کریں تو ظالم ہوں گے، اللہ تعالیٰ جواب دے گا دور ہو میرے سامنے سے، پڑے رہو اسی میں اور مجھ سے بات نہ کرو تم وہی لوگ تو ہو کہ میرے کچھ بندے جب کہتے تھے کہ اے ہمارے پروردگار! ہم ایمان لائے ہمیں معاف کردے، ہم پر رحم کر تو سب رحیموں سے اچھا رحیم ہے تو تم نے ان کا مذاق بنالیا یہاں تک کہ ان کی ضد نے تمہیں یہ بھی بھلادیا کہ میں بھی کوئی ہوں اور تم ان پر ہنستے رہے۔

---

(۱) الاعراف ۴۱

(۲) الواقعۃ ۵۱ تا ۵۵

(۳) الدخان ۴۳ تا ۴۶

(۴) ص ۵۸،۵۷)

(۵) المومنون ۱۰۷ تا ۱۱۰

جہنمی اس گڑھے سے نکلنے کی کوشش کریں گے مگر داروغہ جہنم انہیں لوہے کی گرز مار کر نیچے گرا دیں گے، جیسے فرمایا:

وَلَهُمْ مَّقَامِعُ مِنْ حَدِيْدٍ ﴿۲۱﴾ كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا مِنْ غَمٍّ اُعِيْدُوْا فِيْهَا ۗ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿۲۲﴾ (۱)

ترجمہ: اور ان کو خبر لینے کے لیے لوہے کے گرز ہوں گے جب کبھی وہ گھبرا کر جہنم سے نکلنے کی کوشش کریں گے پھر اسی میں دھکیل دیے جائیں گے کہ چکھو اب جلنے کی سزا کا مزہ۔

روز جزا کی عظمت وضخامت اور اس دن کی ہولناکیوں کی وضاحت کے لئے فرمایا اور تم کیا جانتے ہو کہ جزا کا دن کیا ہے؟ ہاں، تمہیں کیا خبر کہ وہ جزا کا دن کیا ہے؟ یہ وہ دن ہو گا جس میں تمام اقتدار و اختیارات کلیتاً صرف اور صرف اللہ رب العالمین کے پاس ہوں گے، جیسے فرمایا

...لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ۖ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ﴿۱۶﴾ (۲)

ترجمہ: (اس روز پکار کر پوچھا جائے گا) آج بادشاہی کس کی ہے؟ (سارا عالم پکار اٹھے گا) اللہ واحد قہار کی۔

اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذِ ۨالْحَقُّ لِلرَّحْمٰنِ... ﴿۲۶﴾ (۳)

ترجمہ: اس روز حقیقی بادشاہی صرف رحمان کی ہو گی۔

مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ﴿۳﴾ (۴)

ترجمہ: اللہ ہی روز جزا کا مالک ہے۔

عَنْ قَتَادَةَ، قَوْلُهُ ﴿يَوْمَ لَا تَمْلِكُ نَفْسٌ لِّنَفْسٍ شَيْـًٔا ۖ وَالْاَمْرُ يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ﴾ وَالْأَمْرُ وَاللَّهِ الْيَوْمَ لِلَّهِ، وَلَكِنَّهُ يَوْمَئِذٍ لَا يُنَازِعُهُ أَحَدٌ

قتادہ رحمہ اللہ ”یہ وہ دن ہے جب کسی شخص کے لیے کچھ کرنا کسی کے بس میں نہ ہو گا8، فیصلہ اس دن بالکل اللہ کے اختیار میں ہو گا۔“ کے بارے میں فرماتے ہیں اللہ کی قسم! حکم تو آج بھی صرف اور صرف اللہ ہی کا ہے لیکن اس دن کوئی اس کے بارے میں اللہ تعالیٰ سے جھگڑا نہیں کر سکے گا۔ (۵)

وہی بندوں کے درمیان فیصلہ کرے گا اور مظلوم کا حق ظالموں سے لے کر دے گا، اللہ کی عدالت میں کسی کو کوئی طاقت یا اختیار حاصل نہ ہو گا کہ کسی قریبی رشتہ دار یا مخلص دوست کو اس کے اعمال کے نتائج بھگتنے سے بچا سکے، وہاں تو ہر شخص کو اپنی نجات کی فکر کھائے جا رہی ہو گی، ہاں اللہ جسے چاہے سفارش کی اجازت فرما دے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی پھوپھی صفیہ رضی اللہ عنہا اور اپنی لخت جگر فاطمہ الزہرا رضی اللہ عنہا کو فرمایا تھا۔

---

(۱) الحج ۲۱،۲۲

(۲) المومن ۱۶

(۳) الفرقان ۲۶

(۴) الفاتحہ ۳

(۵) تفسیر طبری ۲۴/۷۳

يَا صَفِيَّةُ عَمَّةَ رَسُولِ اللَّهِ لاَ أُغْنِي عَنْكِ مِنَ اللَّهِ شَيْئًا، وَيَا فَاطِمَةُ بِنْتَ مُحَمَّدٍ سَلِينِي مَا شِئْتِ مِنْ مَالِي لاَ أُغْنِي عَنْكِ مِنَ اللَّهِ شَيْئًا

اے صفیہ رسول اللہ کی پھوپھی! میں اللہ کے یہاں تمہیں کچھ فائدہ نہ پہنچا سکوں گا، اے فاطمہ رضی اللہ عنہا بنت محمد صلی اللہ علیہ وسلم! میرے مال میں سے جو چاہو مجھ سے لے لو لیکن اللہ کی بارگاہ میں میں تمہیں کوئی فائدہ نہ پہنچا سکوں گا۔ (١)

اور بنی ہاشم اور بنی عبد المطلب کو بھی متنبہ فرمایا تھا۔

يَا بَنِي هَاشِمٍ، أَنْقِذُوا أَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ، يَا بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، أَنْقِذُوا أَنْفُسَكُمْ مِنَ النَّارِ

اے بنو ہاشم! اپنی جانوں کو جہنم سے بچالو، اے بنی عبد المطلب اپنی جانوں کو جہنم سے بچالو میں اللہ کے سامنے کچھ اختیار نہیں رکھتا۔ (٢)

**ابو فکیہہ جہنی رضی اللہ عنہ (یسار) کا اسلام:**

ان کا نام یسار تھا اور ان کی کنیت ابو فکیہہ تھی۔

هُوَ مشهور بكنيته

اور یہ اپنی کنیت ہی سے زیادہ مشہور ہیں،

أبو فكيهة يسار مولى صفوان بْن أمية بْن حرب

ابو فکیہہ یسار رضی اللہ عنہ صفوان بن امیہ بن حرب کے غلام تھے۔ (٣)

أفلح أَبُو فكيهة مولى بني عبد الدار، وقيل: مولى صفوان بْن أمية ،وقيل مولى ابن عبد الدار،أسلم قديمًا بمكة

ابو فکیہہ رضی اللہ عنہ صفوان بن امیہ بن حرب کے غلام تھے، یہ بھی کہا جاتا ہے آپ رضی اللہ عنہ ابن عبد الدار کے غلام تھے، آپ رضی اللہ عنہ مکہ مکرمہ میں پہلے اسلام قبول کرنے والوں میں سے ہیں۔ (٤)

فكانوا يشدون برجله الحبل، ثم يجرونه على الأرض ،فأخرجه نصف النهار في شدة الحر مقيدا إلى الرمضاء ووضع على بطنه صخرة فدلع لسانه فلم يزل على تلك الحال حتى ظنوا أنه قد مات،وَكَانَ أَبُو فُكَيْهَةَ يُعَذَّبُ حَتَّى لا يَدْرِي مَا يَقُولُ

مشرکین نے مسلمانوں کو اپنے دین حق سے لوٹانے کے لئے ظلم وستم شروع کیا تو امیہ بن خلف کبھی آپ کے پیروں میں رسی باندھوا کر صحرا کی گرم تپتی ہوئی ریت پر، کبھی گرم پتھروں پر گھسواتا اور عین دوپہر کے وقت صحرا کے جلتے ہوئے پتھروں پر پشت کے بل لٹا دیتا اور پیٹ پر ایک

---

(١) صحيح بخارى كتاب التفسيرسورة الشعراء بَابُ وَأَنْذِرْ عَشِيرَتَكَ الأَقْرَبِينَ وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ ٤٧٧١،صحيح مسلم كتاب الايمان بَابٌ فِي قَوْلِهِ تَعَالَى وَأَنْذِرْ عَشِيرَتَكَ الْأَقْرَبِينَ ٥٠١

(٢) صحيح مسلم كتاب الايمان بَابٌ فِي قَوْلِهِ تَعَالَى: وَأَنْذِرْ عَشِيرَتَكَ الْأَقْرَبِينَ٥٠١،صحيح بخارى كتاب التفسيرسورة الشعراء بَابُ وَأَنْذِرْ عَشِيرَتَكَ الأَقْرَبِينَ وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ ٤٧٧٠

(٣) الاستيعاب فى معرفة الاصحاب ١٥٨٢/٤

(٤) أسدالغابة في معرفة الصحابة ٢٦٤/١

بھاری پتھر رکھوا دیتا تھا، گرمی کی شدت اور پتھر کے وزن کی وجہ سے آپ رضی اللہ عنہ بے سدھ ہو جاتے اور گمان ہونے لگتا کہ مر ہی گئے ہیں، اور انہیں اس قدر عذاب کیا جاتا کہ وہ حواس باختہ ہو جاتے اور یہ بھی نہ جانتے کہ کہ کیا بول رہے ہیں۔ (۱)

كان أبو فكيهة يعذب حتى لا يدري ما يقول

ابو فکیہہ رضی اللہ عنہ کو اس قدر عذاب کیا جاتا کہ وہ حواس باختہ ہو جاتے اور یہ بھی نہ جانتے کہ کہ کیا بول رہے ہیں۔ (۲)

فكان يعذب ليرجع عن دينه فيأبى، وكان قوم من بني عبد الدار يخرجونه نصف النهار في حر شديد في قيد من حديد، ويلبس ثيابًا ويبطح في الرمضاء، ثم يؤتى بالصخرة فتوضع على ظهره، حتى لا يعقل

انہیں اپنے آباؤ اجداد کے دین پر واپس لانے کے لیے ان پر ظلم و تشدد کیا جاتا تھا مگر وہ انکار کرتے تھے، قبیلہ بنی عبد الدار کے لوگ ٹھیک دوپہر کے وقت جب شدید گرمی ہوتی انہیں لوہے کی زرہ پہنا کر کھڑا کر دیتے، پھر صحرا کے جلتے ہوئے پتھروں پر پشت کے بل لٹا دیتے یہاں تک کہ گرمی کی شدت سے وہ حواس باختہ ہو جاتے۔ (۳)

فربط أمية بن خلف في رجله حبلا فجره حتى ألقاه في الرمضاء وجعل يخنقه، فجاء أخوه أبيّ بن خلف فقال: زده، فلم يزل على ذلك حتى ظن أنه مات ثم أفاق،فمرّ به أبو بكر رضي الله عنه فاشتراه وأعتقه

اور کبھی اسی حالت میں آپ کا گلا پکڑ کر اس زور سے دباتا کہ آنکھیں باہر نکل آتیں،ایک روز امیہ آپ کو لٹا کر آپ کا گلا گھونٹ رہا تھا کہ سامنے سے امیہ کا بھائی آ گیا بجائے اس کے کہ وہ کچھ رحم کھاتا اپنے بھائی سے کہنے لگا اس کا گلا اور زور سے گھونٹو، بھائی کی بات پر امیہ نے اس زور سے گلا دبایا کہ تماشا دیکھنے والے لوگ سمجھے کہ یسار رضی اللہ عنہ کا دم نکل گیا اتفاقاً سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اس طرف آ نکلے اور ابو فکیہہ رضی اللہ عنہ کو امیہ سے خرید کر آزاد فرما دیا۔ (۴)

حتى هاجر أصحاب رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إلى أرض الحبشة فخرج معهم في الهجرة الثانية

یہاں تک کہ اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حبشہ کی طرف ہجرت کر گئے یہ دوسری ہجرت حبشہ میں اس قافلہ حق میں شامل تھے۔ (۵)

ذكره ابن إسحاق فيمن نزل فيه قوله تعالى وَلَا تَطْرُدِ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ  مَا عَلَيْكَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ وَّمَا مِنْ حِسَابِكَ عَلَيْهِمْ مِّنْ شَيْءٍ فَتَطْرُدَهُمْ فَتَكُوْنَ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ

(۱) ابن سعد۱۸۸؍۳،امتاع الاسماع۱۰۷؍۹، سبل الهدى والرشاد، في سيرة خير العباد۳۶۰؍۲

(۲) تاريخ دمشق لابن عساكر۲۲۱؍۲۴

(۳) الموسوعة في صحيح السيرة النبوية العهد المكى۲۹۱؍۱، الاستيعاب في معرفة الأصحاب ۱۷۳۰؍۴،أسد الغابة في معرفة الصحابة۳۴۱؍۶

(۴) امتاع الاسماع۱۱۲؍۹،سبل الهدى والرشاد، في سيرة خير العباد ۳۶۰؍۲، السيرة الحلبية ۴۲۴؍۱،أسد الغابة في معرفة الصحابة۲۴۱؍۶

(۵) الاستيعاب في معرفة الأصحاب ۱۷۳۰؍۴، أسد الغابة في معرفة الصحابة۲۴؍۶،الموسوعة في صحيح السيرة النبوية العهد المكى ۲۹۱؍۱

اور جو لوگ اپنے رب کو رات دن پکارتے رہتے ہیں اور اس کی خوشنودی کی طلب میں لگے ہوئے ہیں انہیں اپنے سے دور نہ پھینکو ان کے حساب میں سے کسی چیز کا بار تم پر نہیں ہے اور تمہارے حساب میں سے کسی چیز کا بار ان پر نہیں اس پر بھی اگر تم انہیں دور پھینکو گے تو ظالموں میں شمار ہو گے۔ابن اسحاق کہتے ہیں یہ آیت کریمہ انہی کے بارے میں نازل ہوئی تھی۔(۱)

وماتت قبل بدر

اور غزوہ بدر سے پہلے فوت ہو گئے۔(۲)

اسی طرح سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ نے بہت سے غلاموں اور کنیزوں کو خرید کر آزاد فرمایا جن میں بلال رضی اللہ عنہ،عامر بن فہیرہ رضی اللہ عنہ،زنیرہ رضی اللہ عنہا ،نہدیہ اور اس کی بیٹی لبینہ،مولیتہ اور ام عبیس وغیرہ شامل ہیں۔

مضامین سورۂ الغاشیہ:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعوت حق کے آغاز میں دو باتوں کی طرف خصوصی طور پر توجہ دلائی، کیونکہ قرآن مجید نے انہی دو عقائد کو سارے اعمال کی بنیاد قرار دیا ہے، توحید اور آخرت،اور اہل مکہ ان دونوں باتوں کو تسلیم سے انکار کر رہے تھے،غفلت میں پڑے ہوئے لوگوں کو چونکانے کے لیے اچانک ان کے سامنے یہ سوال پیش کیا گیا کہ کیا تمہیں اس وقت کی بھی خبر ہے جب پوری کائنات پر ایک آفت چھا جائے گی اور پھر انسان اپنے اعمال کی مناسبت سے دو گروہوں میں بٹ جائیں گے،ایک گروہ ہو گا جن کے چہرے تھکے تھکے ہوئے،خستہ اور مرجھائے ہوئے ہوں گے،علما کہتے ہیں اس سے مراد وہ لوگ ہیں جنہوں نے دنیا میں بڑی عبادت و ریاضت کی ہو گی لیکن ان کے عقائد صحیح نہیں تھے اس لیے یہ عبادت ان کے کسی کام نہ آئے گی وہ جہنم کا ایندھن بنیں گے جہاں انہیں ایسے ایسے سخت عذاب جھیلنے پڑیں گے اور جن کے چہرے تر و تازہ اور پر رونق ہوں گے جنہوں نے دنیا میں صحیح رخ پر محنت کی ہو گی اور ان کے عقائد میں بھی باطل کی آمیزش نہیں ہو گی وہ عالی مقام جنت کے حقدار ہوں گے جہاں انہیں ایسی اور ایسی نعمتیں میسر ہوں گی،اس طرح لوگوں کو چونکانے کے بعد یکلخت مضمون تبدیل کر کے سوال کیا گیا کہ یہ لوگ قرآن کی تعلیم توحید اور خبر آخرت کو سن کر ناک بھوں چڑھا رہے ہیں،اپنے سامنے ان چیزوں کو نہیں دیکھتے جب سے ہر وقت انہیں سابقہ پیش آتا ہے مثلاً اونٹ جس پر صحرائی زندگی کا انحصار ہے یہ صابر جانور کیسے ٹھیک انہی خصوصیات کا حامل بن گیا جیسی خصوصیات کے جانور کی ضرورت ان کی صحرائی زندگی کے لیے تھی؟ ہر طرف پھیلا ہوا بغیر ستونوں کے بلند و بالا آسمان کیسے چھا گیا؟ میخوں کی طرح زمین میں گڑی ہوئی پہاڑوں کی سر بفلک چوٹیاں کیسے کھڑی ہو گئیں ؟اور زمین کی نرمی و ملائمت جو انسان کے لئے فرش ہے کیسے بچھ گئی ؟ کیا یہ سب کچھ کسی قادر مطلق صانع حکیم کی کاریگری کے بغیر خود بخود ہو گیا اگر یہ تسلیم کرتے ہیں کہ یہ سب کچھ اللہ وحدہ لاشریک نے بنایا ہے تو اسی کو اکیلا رب تسلیم کیوں نہیں کرتے؟اس کے ساتھ اس کی مخلوق کو کیوں شریک گردانتے ہیں ؟اگر یہ تسلیم کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ یہ سب کچھ پیدا کر دینے کی قدرت رکھتا ہے تو پھر وہ قیامت لانے،انسانوں کو دوبارہ زندہ کر دینے اور اعمال کی جزا و سزا کے لیے جنت و جہنم پیدا کرنے کی قدرت بھی رکھتا ہے،اگر ان کے پاس اللہ کی قدرت سے انکار کی اگر کوئی معقول وجہ اور دلیل ہے تو پیش کریں ورنہ اپنے بدترین انجام کو دیکھنے کے لئے

---

(۱) الإصابة في تمييز الصحابة۶،۵۳۶

(۲) أسد الغابة في معرفة الصحابة۶،۲۴۱

تیار رہیں، مختصر اور نہایت معقول استدلال سے توحید الہی سمجھانے کے بعد رسول اللہ ﷺ کو تسلی دی گئی کہ اگر یہ لوگ سرکشی اور ہٹ دھرمی کا مظاہرہ کرتے ہیں تو آپ فکرمند نہ ہوں آپ کا کام نصیحت کرنا ہے سو آپ کیے جائیں، آخر ایک وقت مقررہ پر انہیں ہمارے پاس ہی آنا ہے اس وقت ہم ہر شخص کے اعمال کا حساب کریں گے اور اسی کے مطابق جزا دیں گے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

هَلۡ اَتٰىكَ حَدِيۡثُ الۡغَاشِيَةِ ؕ‏ ﴿۱﴾ وُجُوۡهٌ يَّوۡمَئِذٍ خَاشِعَةٌ ۙ‏ ﴿۲﴾

کیا تجھے بھی چھپا لینے والی (قیامت) کی خبر پہنچی ہے، اس دن بہت سے چہرے ذلیل ہونگے

عَامِلَةٌ نَّاصِبَةٌ ۙ‏ ﴿۳﴾ تَصۡلٰى نَارًا حَامِيَةً ۙ‏ ﴿۴﴾ تُسۡقٰى مِنۡ عَيۡنٍ اٰنِيَةٍ ؕ‏ ﴿۵﴾

(اور) محنت کرنے والے تھکے ہوئے ہوں گے اور دہکتی ہوئی آگ میں جائیں گے، اور نہایت گرم چشمے کا پانی ان کو پلایا جائے گا،

لَيۡسَ لَهُمۡ طَعَامٌ اِلَّا مِنۡ ضَرِيۡعٍ ۙ‏ ﴿۶﴾ لَّا يُسۡمِنُ وَلَا يُغۡنِىۡ مِنۡ جُوۡعٍ ؕ‏ ﴿۷﴾ (الغاشیہ ۱تا۷)

ان کے لیے کانٹے دار درختوں کے سوا اور کچھ کھانا نہ ہوگا جو نہ موٹا کرے گا نہ بھوک مٹائے گا۔

عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ، قَالَ:كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ فِي الْعِيدَيْنِ، وَفِي الْجُمُعَةِ بِسَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى، وَهَلْ أَتَاكَ حَدِيثُ الْغَاشِيَةِ

نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ جمعہ اور عیدین میں سورۃ الاعلیٰ اور سورۃ الغاشیہ کو پڑھتے تھے۔ (۱)

عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّ الضَّحَّاكَ بْنَ قَيْسٍ، سَأَلَ النُّعْمَانَ بْنَ بَشِيرٍ: بِمَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقْرَأُ فِي الْجُمُعَةِ مَعَ سُورَةِ الْجُمُعَةِ؟ قَالَ:هَلْ أَتَاكَ حَدِيثُ الْغَاشِيَةِ

عبیداللہ بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ضحاک بن قیس نے نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ کو لکھ کر بھیجا کہ رسول اللہ ﷺ (جمعہ کی نماز میں) سورہ جمعہ کی تلاوت کے بعد کون سی سورت پڑھتے تھے، انہوں نے کہا سورہ الغاشیہ پڑھتے تھے۔ (۲)

اللہ تعالیٰ نے فرمایا کیا تمہیں اس وقت کی بھی خبر ہے جب سارے عالم پر چھا جانے والی ایک آفت یعنی قیامت نازل ہوگی؟ جس سے تمام نظام

---

(۱) صحیح مسلم کتاب الجمعة باب مایقرافی صلاة الجمعة۲۰۲۸ ، سنن نسائی کتاب الجمعة باب القراة فی صلوٰة الجمعة سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْأَعْلَى و هَلْ اَتٰـكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ۱۴۲۵

(۲) صحیح مسلم کتاب الجمعة بَابُ مَا يُقْرَأُ فِي صَلَاةِ الْجُمُعَةِ ۲۰۳۰،سنن ابن ماجه کتاب اقامة الصلوٰة بَابُ مَا جَاءَ فِي الْقِرَاءَةِ فِي الصَّلَاةِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ ۱۱۱۹،سنن نسائی کتاب الجمعة ذِكْرُ الِاخْتِلَافِ عَلَى النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ فِي الْقِرَاءَةِ فِي صَلَاةِ الْجُمُعَةِ۱۴۲۵،سنن ابوداودکتاب الصلاة بَابُ مَا يُقْرَأُ بِهِ فِي الْجُمُعَةِ۱۱۲۳،موطا امام مالک کتاب باب جامع ماجاءَ فی الجمعة۱۹، مسند احمد ۱۸۳۸۳

کائنات درہم برہم ہو جائے گا، پھر ایک وقت مقررہ پر اللہ تعالیٰ انسانوں کو ان کی قبروں سے زندہ کر کے میدان محشر میں جمع کرے گا، اعمال کی جزا کے لئے رب کی بارگاہ میں ہر انسان کا نامہ اعمال پیش کیا جائے گا، اللہ تعالیٰ اعمال کو وزن عطا فرمائے گا اور ہر چھوٹا بڑا عمل چاہے وہ اچھا تھا یا برا اس کا وزن کیا جائے گا، جیسے فرمایا:

وَالْوَزْنُ يَوْمَئِذِ الْحَقُّ ۚ فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِينُهُ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ۝ وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِينُهُ فَأُولَٰئِكَ الَّذِينَ خَسِرُوا أَنْفُسَهُمْ بِمَا كَانُوا بِآيَاتِنَا يَظْلِمُونَ ۝ (۱)

ترجمہ: اور وزن اس روز عین حق ہو گا جن کے پلڑے بھاری ہوں گے وہی فلاح پانے والے ہوں گے، اور جن کے پلڑے ہلکے ہوں گے وہی اپنے آپ کو خسارے میں مبتلا کرنے والے ہوں گے کیونکہ وہ ہماری آیات کے ساتھ ظالمانہ برتاؤ کرتے رہے تھے۔

گواہ پیش ہوں گے، جیسے فرمایا:

فَكَيْفَ إِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ أُمَّةٍ بِشَهِيدٍ وَجِئْنَا بِكَ عَلَىٰ هَٰؤُلَاءِ شَهِيدًا ۝ يَوْمَئِذٍ يَوَدُّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَعَصَوُا الرَّسُولَ لَوْ تُسَوَّىٰ بِهِمُ الْأَرْضُ وَلَا يَكْتُمُونَ اللَّهَ حَدِيثًا ۝ (۲)

ترجمہ: پھر سوچو کہ اس وقت یہ کیا کریں گے جب ہم ہر امت میں سے ایک گواہ لائیں گے اور ان لوگوں پر تمہیں (یعنی محمد ﷺ) کو گواہ کی حیثیت سے کھڑا کریں گے، اس وقت وہ سب لوگ جنہوں نے رسول کی بات نہ مانی اور اس کی نافرمانی کرتے رہے تمنا کریں گے کہ کاش زمین پھٹ جائے اور وہ اس میں سما جائیں، وہاں یہ اپنی کوئی بات اللہ سے نہ چھپا سکیں گے۔

انسان کے اپنے اعضا بھی اس کے خلاف یا حق میں گواہی دیں گے، جیسے فرمایا:

حَتَّىٰ إِذَا مَا جَاءُوهَا شَهِدَ عَلَيْهِمْ سَمْعُهُمْ وَأَبْصَارُهُمْ وَجُلُودُهُمْ بِمَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ (۳)

ترجمہ: پھر جب سب وہاں پہنچ جائیں گے تو ان کے کان اور ان کی آنکھیں اور ان کے جسم کی کھالیں ان پر گواہی دیں گی کہ وہ دنیا میں کیا کچھ کرتے رہے ہیں۔

... وَوَجَدُوا مَا عَمِلُوا حَاضِرًا ۗ وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ أَحَدًا ۝ (۴)

ترجمہ: جو جو کچھ انہوں نے کیا تھا وہ سب اپنے سامنے حاضر پائیں گے اور تیرا رب کسی پر ذرا ظلم نہ کرے گا۔

کئی لوگ ایسے بھی ہوں گے جو دنیا میں عمل کر کے تھکے ہوئے ہوں گے، یعنی بہت عمل کرتے رہے ہوں گے لیکن وہ عمل باطل مذہب کے مطابق یا بدعات پر مبنی ہوں گے، اس لئے عبادات اور اعمال شاقہ کے باوجود ان کے اعمال کو وزن ہی نہیں دیا جائے گا یا قبول نہیں کیا جائے گا،

أَبَا عِمْرَانَ الْجَوْنِيَّ، يَقُولُ: مَرَّ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ بِدَيْرِ رَاهِبٍ فَنَادَاهُ: يَا رَاهِبُ يَا رَاهِبُ. قَالَ: فَأَشْرَفَ عَلَيْهِ فَجَعَلَ عُمَرُ يَنْظُرُ إِلَيْهِ وَيَبْكِي، قَالَ: فَقِيلَ لَهُ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ مَا يُبْكِيكَ مِنْ هَذَا؟ قَالَ: ذَكَرْتُ قَوْلَ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ فِي كِتَابِهِ:

(۱) الاعراف ۸، ۹

(۲) النساء ۴۱ تا ۴۲

(۳) حم السجدة ۲۰

(۴) الکھف ۴

{عَامِلَةٌ نَاصِبَةٌ تَصْلَىٰ نَارًا حَامِيَةً تُسْقَىٰ مِنْ عَيْنٍ آنِيَةٍ} [١] فَذٰلِكَ الَّذِي أَبْكَانِي

ابو عمران جونی سے مروی ہے امیر المومنین سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کا ایک راہب کے دیر (راہبوں کے رہنے کی جگہ) کے پاس سے گزر ہوا تو انہوں نے راہب کو آواز دی اے راہب، اے راہب، راہب آپ کی طرف متوجہ ہوا تو سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ اسے دیکھ کر رونے لگے، آپ کی خدمت میں عرض کی گئی امیر المومنین! آپ کیوں رو رہے ہیں؟ آپ نے فرمایا مجھے اللہ تعالیٰ کی کتاب میں اس کا یہ فرمان یاد آ گیا سخت مشقت کر رہے ہوں گے، تھکے جاتے ہوں گے، شدید آگ میں جھلس رہے ہوں گے، کھولتے ہوئے چشمے کا پانی انہیں پینے کو دیا جائے گا تو اس فرمان الٰہی نے مجھے رلا دیا ہے۔ [٢]

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: {عَامِلَةٌ نَاصِبَةٌ} [٣]: النَّصَارَى

عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے ''سخت مشقت کر رہے ہونگے، تھکے جاتے ہوں گے۔'' سے مراد نصاری لئے ہیں۔ [٤]

حقوق العباد کے بدلے نیکیوں اور برائیوں کا تبادلہ ہو گا، کئی لوگ ایسے بھی ہوں گے جو بہت سی نیکیاں کر کے لائے ہوں گے، جنہوں نے سخت تکالیف اٹھائی ہوں گی مگر حقوق العباد میں پکڑے جائیں گے اور ان کی نیکیاں دوسرے لوگوں کو دے دی جائیں گے اور ان کے برے عمل اس کے کھاتے میں شامل ہو جائیں گے اس طرح وہ شخص مفلس ہو جائے گا، کئی انسان اپنے نیک اعمال کی کمی اور برے اعمال کی زیادتی کی وجہ سے خوف زدہ ہوں گے، الغرض عذاب جہنم کے خوف سے مجرموں کے چہروں پر ذلت، فضیحت اور رسوائی برس رہی ہو گی، جیسے فرمایا

وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ عَلَيْهَا غَبَرَةٌ ﴿٤٠﴾ تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ ﴿٤١﴾ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكَفَرَةُ الْفَجَرَةُ ﴿٤٢﴾ [٥]

ترجمہ: اور کچھ چہروں پر اس روز خاک اڑ رہی ہو گی اور کلونس چھائی ہوئی ہو گی، یہی کافر و فاجر لوگ ہوں گے۔

وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍۭ بَاسِرَةٌ ﴿٢٤﴾ تَظُنُّ اَنْ يُّفْعَلَ بِهَا فَاقِرَةٌ ﴿٢٥﴾ [٦]

ترجمہ: اور کچھ چہرے اداس ہوں گے اور سمجھ رہے ہوں گے کہ ان کے ساتھ کمر توڑ برتاؤ ہونے والا ہے۔

بالآخر انصاف کے تمام تقاضے پورے کر کے فیصلہ چکا دیا جائے گا، اس وقت سارے انسان دو گروہوں میں تقسیم ہو جائیں گے، ایک گروہ شقی لوگوں کا ہو گا جنہیں اللہ کے حکم سے زنجیروں میں جکڑ کر، گلے میں طوق ڈال کر منہ کے بل پیروں سے گھسیٹتے ہوئے سر کے بل غیض و غضب سے پھٹتی جہنم کی کسی وادی میں گرا دیا جائے گا، جیسے فرمایا:

اَلْقِيَا فِيْ جَهَنَّمَ كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيْدٍ ﴿٢٤﴾ مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ مُّرِيْبٍ ﴿٢٥﴾ الَّذِيْ جَعَلَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰـهًا اٰخَرَ فَاَلْقِيٰهُ فِي

---

[١] الغاشية: 4

[٢] مستدرک حاکم ٣٩٢٥

[٣] الغاشية: 3

[٤] صحیح بخاری کتاب تفسیر سورۃ سُورَةُ هَلْ أَتَاكَ حَدِيثُ الْغَاشِيَةِ

[٥] عبس ٤٠ تا ٤٢

[٦] القيامة ٢٤، ٢٥

الْعَذَابِ الشَّدِيْدِ ﴿٢٦﴾ (١)

ترجمہ: حکم دیا گیا پھینک دو جہنم میں ہر کٹے کافر کو جو حق سے عناد رکھتا تھا خیر کو روکنے والا اور حد سے تجاوز کرنے والا تھا شک میں پڑا ہوا تھا اور اللہ کے ساتھ کسی دوسرے کو خدا بنائے بیٹھا تھا، ڈال دو اسے سخت عذاب میں۔

اِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ سَلٰسِلَا۟ وَاَغْلٰلًا وَّسَعِيْرًا ﴿٤﴾ (٢)

ترجمہ: کفر کرنے والوں کے لیے ہم نے زنجیریں اور طوق اور بھڑکتی ہوئی آگ مہیا کر رکھی ہے۔

خُذُوْهُ فَغُلُّوْهُ ﴿٣٠﴾ ثُمَّ الْجَحِيْمَ صَلُّوْهُ ﴿٣١﴾ ثُمَّ فِيْ سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا سَبْعُوْنَ ذِرَاعًا فَاسْلُكُوْهُ ﴿٣٢﴾ اِنَّهٗ كَانَ لَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ ﴿٣٣﴾ وَلَا يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ﴿٣٤﴾ فَلَيْسَ لَهُ الْيَوْمَ هٰهُنَا حَمِيْمٌ ﴿٣٥﴾ وَّلَا طَعَامٌ اِلَّا مِنْ غِسْلِيْنٍ ﴿٣٦﴾ لَّا يَاْكُلُهٗٓ اِلَّا الْخَاطِئُوْنَ ﴿٣٧﴾ (٣)

ترجمہ: (حکم ہوگا) پکڑو اسے اور اس کی گردن میں طوق ڈال دو پھر اسے جہنم میں جھونک دو پھر اس کو ستر ہاتھ لمبی زنجیر میں جکڑ دو، یہ نہ اللہ بزرگ و برتر پر ایمان لاتا تھا اور نہ مسکین کو کھانا کھلانے کی ترغیب دیتا تھا لہذا آج نہ یہاں اس کا کوئی یار غم خوار ہے اور نہ زخموں کے دھوون کے سوا اس کے لیے کوئی کھانا جسے خطا کاروں کے سوا کوئی نہیں کھاتا۔

جہاں جہنم کی سیاہ آگ انہیں اوپر اور نیچے سے ڈھانپ لے گی، جیسے فرمایا:

لَهُمْ مِّنْ جَهَنَّمَ مِهَادٌ وَّمِنْ فَوْقِهِمْ غَوَاشٍ ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ﴿٤١﴾ (٤)

ترجمہ: ان کے لیے تو جہنم کا بچھونا ہوگا اور جہنم ہی کا اوڑھنا، یہ ہے وہ جزا جو ہم ظالموں کو دیا کرتے ہیں۔

يَوْمَ يَغْشٰهُمُ الْعَذَابُ مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ وَيَقُوْلُ ذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٥٥﴾ (٥)

ترجمہ: (اور انہیں پتہ چلے گا) اس روز جبکہ عذاب انہیں اوپر سے بھی ڈھانک لے گا اور پاؤں کے نیچے سے بھی اور کہے گا کہ اب چکھو مزا ان کرتوتوں کا جو تم کرتے تھے۔

لَهُمْ مِّنْ فَوْقِهِمْ ظُلَلٌ مِّنَ النَّارِ وَمِنْ تَحْتِهِمْ ظُلَلٌ... ﴿١٦﴾ (٦)

ترجمہ: ان پر آگ کی چھتریاں اوپر سے بھی چھائی ہوں گی اور نیچے سے بھی۔

پینے کے لئے انہیں انتہائی درجے کے کھولتے ہوئے چشمہ کا پانی دیا جائے گا جیسے فرمایا

(١) ق ٢٤تا٢٦

(٢) الدھر ٤

(٣) الحاقة ٣٠تا٣٧

(٤) الاعراف ٤١

(٥) العنکبوت ٥٥

(٦) الزمر ١٦

...وَإِنْ يَّسْتَغِيْثُوْا يُغَاثُوْا بِمَآءٍ كَالْمُهْلِ يَشْوِي الْوُجُوْهَ ۚ بِئْسَ الشَّرَابُ ۚ وَسَآءَتْ مُرْتَفَقًا ﴿۲۹﴾ (الکہف۲۹)

ترجمہ: وہاں اگر وہ پانی مانگیں گے تو ایسے پانی سے ان کی تواضع کی جائے گی جو تیل کی تلچھٹ جیسا ہوگا اور ان کا منہ بھون ڈالے گا، بدترین پینے کی چیز اور بہت بری آرام گاہ۔

عَنْ أَبِي أُمَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي قَوْلِهِ: {وَيُسْقَى مِنْ مَاءٍ صَدِيدٍ يَتَجَرَّعُهُ} قَالَ: يُقَرَّبُ إِلَى فِيهِ فَيَكْرَهُهُ، فَإِذَا أُدْنِيَ مِنْهُ شَوَى وَجْهَهُ وَوَقَعَتْ فَرْوَةُ رَأْسِهِ، فَإِذَا شَرِبَهُ قَطَّعَ أَمْعَاءَهُ حَتَّى تَخْرُجَ مِنْ دُبُرِهِ

ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کے ارشاد وَيُسْقَى مِنْ مَاءٍ صَدِيدٍ يَتَجَرَّعُهُ اسے پیپ کا پانی پلایا جائے گا جسے وہ (یعنی جہنمی) گھونٹ گھونٹ پیئے گا کے بارے میں فرمایا جب اسے اس کے منہ کے نزدیک کیا جائے گا تو وہ اسے ناپسند کرے گا، جب اور قریب کیا جائے گا تو اس کا منہ اس سے بھن جائے گا اور اس کے سر کی کھال اس میں گر پڑے گی اور جب وہ اسے پیئے گا تو اس کی آنتیں کٹ کر دبر سے نکل جائیں گی۔[1]

ایک مقام پر مشروب کا ذکر یوں فرمایا

ثُمَّ اِنَّكُمْ اَيُّهَا الضَّآلُّوْنَ الْمُكَذِّبُوْنَ ﴿۵۱﴾ لَاٰكِلُوْنَ مِنْ شَجَرٍ مِّنْ زَقُّوْمٍ ﴿۵۲﴾ فَمَالِــُٔوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ ﴿۵۳﴾ فَشٰرِبُوْنَ عَلَيْهِ مِنَ الْحَمِيْمِ ﴿۵۴﴾ فَشٰرِبُوْنَ شُرْبَ الْهِيْمِ ﴿۵۵﴾ هٰذَا نُزُلُهُمْ يَوْمَ الدِّيْنِ ﴿۵۶﴾ [2]

ترجمہ: پھر اے گمراہو اور جھٹلانے والو! تم زقوم کے درخت کی غذا کھانے والے ہو، اسی سے تم پیٹ بھرو گے اور اوپر سے کھولتا ہوا پانی تونس لگے ہوئے اونٹ کی طرح پیو گے، یہ ہے (ان بائیں بازو والوں) کی ضیافت کا سامان روز جزا میں۔

...وَسُقُوْا مَآءً حَمِيْمًا فَقَطَّعَ اَمْعَآءَهُمْ ﴿۱۵﴾ [3]

ترجمہ: اور جنہیں ایسا گرم پانی پلایا جائے گا جو ان کی آنتیں تک کاٹ دے گا۔

ایک مقام پر فرمایا کہ انہیں کچ لہو جیسا پانی دیا جائے گا

مِّنْ وَّرَآئِهٖ جَهَنَّمُ وَيُسْقٰى مِنْ مَّآءٍ صَدِيْدٍ ﴿۱۶﴾ يَّتَجَرَّعُهٗ وَلَا يَكَادُ يُسِيْغُهٗ... ﴿۱۷﴾ [4]

ترجمہ: پھر اس کے بعد آگے اس کے لئے جہنم ہے، وہاں اسے کچ لہو کا سا پانی پینے کو دیا جائے گا جسے وہ زبردستی حلق سے اتارنے کی کوشش کرے گا اور مشکل ہی سے اتار سکے گا۔

ایک مقام پر مشروب کا ذکر یوں فرمایا

---

[1] جامع ترمذی ابواب صفة جهنم بَابُ مَا جَاءَ فِي صِفَةِ شَرَابِ أَهْلِ النَّارِ ۲۵۸۳ ، مستدرک الحاکم ۳۳۹۳

[2] الواقعة ۵۱تا ۵۶

[3] محمد۱۵

[4] ابراہیم۱۶،۱۷

...وَاِنَّ لِلطّٰغِيْنَ لَشَرَّ مَاٰبٍ ﴿۵۵﴾ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۚ فَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۵۶﴾ هٰذَا ۙ فَلْيَذُوْقُوْهُ حَمِيْمٌ وَّغَسَّاقٌ ﴿۵۷﴾ وَّاٰخَرُ مِنْ شَكْلِهٖۤ اَزْوَاجٌ ﴿۵۸﴾ ⁽¹⁾

ترجمہ: اور سرکشوں کے لئے بدترین ٹھکانا ہے جہنم جس میں وہ جھلسے جائیں گے بہت ہی بری قیام گاہ، یہ ہے اس کے لئے، پس وہ مزا چکھیں کھولتے ہوئے پانی اور پیپ لہو اور اسی قسم کی دوسری تلخیوں کا (وہ جہنم کی طرف اپنے پیرووں کو آتے دیکھ کر آپس میں کہیں گے) یہ ایک لشکر تمہارے پاس گھسا چلا آرہا ہے کوئی خوش آمدید ان کے لئے نہیں ہے یہ آگ میں جھلسنے والے ہیں۔

عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الخُدْرِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَوْ أَنَّ دَلْوَ غَسَّاقٍ يُهَرَاقُ فِي الدُّنْيَا لَأَنْتَنَ أَهْلَ الدُّنْيَا

ابوسعید رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر غساق کا ایک ڈول دنیا میں انڈیل دیا جائے تو وہ سارے دنیا والوں کو بدبودار کر دے۔ ⁽²⁾

اور کھانے کے لئے نہایت تلخ، بدمزہ اور خاردار سوکھی گھاس ضریع دی جائے گی، اور جہنم کے مختلف طبقات کے لحاظ سے کھانے کے لئے کسی کو زقوم دیا جائے گا، جیسے فرمایا:

اَذٰلِكَ خَيْرٌ نُّزُلًا اَمْ شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ ﴿۶۲﴾ اِنَّا جَعَلْنٰهَا فِتْنَةً لِّلظّٰلِمِيْنَ ﴿۶۳﴾ اِنَّهَا شَجَرَةٌ تَخْرُجُ فِيْۤ اَصْلِ الْجَحِيْمِ ۙ ﴿۶۴﴾ طَلْعُهَا كَاَنَّهٗ رُءُوْسُ الشَّيٰطِيْنِ ﴿۶۵﴾ فَاِنَّهُمْ لَاٰكِلُوْنَ مِنْهَا فَمَالِـُٔوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ ﴿۶۶﴾ ثُمَّ اِنَّ لَهُمْ عَلَيْهَا لَشَوْبًا مِّنْ حَمِيْمٍ ۚ ﴿۶۷﴾ ثُمَّ اِنَّ مَرْجِعَهُمْ لَاِلَى الْجَحِيْمِ ﴿۶۸﴾ ⁽³⁾

ترجمہ: بولو یہ ضیافت اچھی ہے یا زقوم کا درخت؟ ہم نے اس درخت کو ظالموں کے لئے فتنہ بنا دیا ہے، وہ ایک درخت ہے جو جہنم کی تہ سے نکلتا ہے اس کے شگوفے ایسے ہیں جیسے شیطانوں کے سر، جہنم کے لوگ اسے کھائیں گے اور اسی سے پیٹ بھریں گے پھر اس پر پینے کے لئے ان کو کھولتا ہوا پانی ملے گا اور اس کے بعد ان کی واپسی اسی آتش دوزخ کی طرف ہو گی۔

ایک مقام پر دوزخیوں کی خوراک یوں بیان فرمائی۔

اِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّوْمِ ۙ ﴿۴۳﴾ طَعَامُ الْاَثِيْمِ ۛ ﴿۴۴﴾ كَالْمُهْلِ ۛ يَغْلِيْ فِي الْبُطُوْنِ ۙ ﴿۴۵﴾ كَغَلْيِ الْحَمِيْمِ ﴿۴۶﴾ خُذُوْهُ فَاعْتِلُوْهُ اِلٰى سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ۖ ﴿۴۷﴾ ثُمَّ صُبُّوْا فَوْقَ رَاْسِهٖ مِنْ عَذَابِ الْحَمِيْمِ ؕ ﴿۴۸﴾ ذُقْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْكَرِيْمُ ﴿۴۹﴾ اِنَّ هٰذَا مَا كُنْتُمْ بِهٖ تَمْتَرُوْنَ ﴿۵۰﴾ ⁽⁴⁾

ترجمہ: زقوم کا درخت گناہ گار کا کھاجا ہو گا تیل کی تلچھٹ جیسا، پیٹ میں وہ اس طرح جوش کھائے گا جیسے کھولتا ہوا پانی جوش کھاتا ہے، پکڑ واسے

---

(۱) ص ۵۵تا۵۸

(۲) جامع ترمذی ابواب صفة جهنم بَابُ مَا جَاءَ فِي صِفَةِ شَرَابِ أَهْلِ النَّارِ ۲۵۸۴، مستدرک حاکم ۸۷۷۹

(۳) الصافات ۶۲تا۶۸

(۴) الدخان ۴۳تا۵۰

اور رگیدتے ہوئے لے جاؤاس کو جہنم کے بیچوں بیچ اور انڈیل دو اس کے سر پر کھولتے پانی کا عذاب، چکھ اس کا مزا بڑا زبردست عزت دار آدمی ہے تو، یہ وہی چیز ہے جس کے آنے میں تم لوگ شک رکھتے تھے۔

کسی کو غسلین (زخموں کی دھوون) دیا جائے گا، جیسے ارشاد فرمایا:

فَلَيْسَ لَهُ الْيَوْمَ هٰهُنَا حَمِيْمٌ ﴿۳۵﴾ وَّلَا طَعَامٌ اِلَّا مِنْ غِسْلِيْنٍ ﴿۳۶﴾ لَّا يَاْكُلُهٗٓ اِلَّا الْخَاطِئُوْنَ ﴿۳۷﴾ (۱)

ترجمہ: لہذا آج نہ یہاں اس کا کوئی یار غم خوار ہے اور نہ زخموں کی دھوون کے سوا اس کے لئے کوئی کھانا، جسے خطا کاروں کے سوا کوئی نہیں کھاتا۔

ایک مقام پر فرمایا:

اِنَّ لَدَيْنَآ اَنْكَالًا وَّجَحِيْمًا ﴿۱۲﴾ وَّطَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَّعَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۳﴾ (۲)

ترجمہ: ہمارے پاس (ان کے لئے) بھاری بیڑیاں ہیں اور بھڑکتی ہوئی آگ اور حلق میں پھنسنے والا کھانا اور دردناک عذاب۔

یعنی مجرموں کو ایسا تلخ اور بدمزہ کھانا ملے گا جسے وہ نگل نہ سکیں گے بلکہ وہ جو ان کے حلق میں پھنس کر رہ جائے گا، یہ ایسا کھانا ہو گا جو نہ تندرستی بخشے گا اور نہ ہی اس سے بھوک ہی ختم ہو گی، دوسرے لفظوں میں مجرموں کو کوئی ٹھنڈا فرحت بخش مشروب یا صحت بخش مرغوب غذا بہر حال انہیں نصیب نہ ہو گی۔ جیسے فرمایا:

لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا بَرْدًا وَّلَا شَرَابًا ﴿۲۴﴾ اِلَّا حَمِيْمًا وَّغَسَّاقًا ﴿۲۵﴾ جَزَآءً وِّفَاقًا ﴿۲۶﴾ اِنَّهُمْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ حِسَابًا ﴿۲۷﴾ وَّكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا كِذَّابًا ﴿۲۸﴾ وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ كِتٰبًا ﴿۲۹﴾ فَذُوْقُوْا فَلَنْ نَّزِيْدَكُمْ اِلَّا عَذَابًا ﴿۳۰﴾ (۳)

ترجمہ: اس کے اندر کسی ٹھنڈک اور پینے کے قابل کسی چیز کا مزہ وہ نہ چکھیں گے، کچھ ملے گا تو بس گرم پانی اور زخموں کا دھوون (ان کے کرتوتوں) کا بھرپور بدلہ، وہ کسی حساب کی توقع نہ رکھتے تھے اور ہماری آیات کو انہوں نے بالکل جھٹلا دیا تھا اور حال یہ تھا کہ ہم نے ہر چیز گن گن کر لکھ رکھی تھی، اب چکھو مزہ، ہم تمہارے لئے عذاب کے سوا کسی چیز میں ہرگز اضافہ نہ کریں گے۔

وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاعِمَةٌ ﴿۸﴾ لِّسَعْيِهَا رَاضِيَةٌ ﴿۹﴾ فِيْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ﴿۱۰﴾

بہت سے چہرے اس دن تروتازہ اور (آسودہ حال) ہونگے، اپنی کوشش پر خوش ہونگے، بلند و بالا جنتوں میں ہونگے

لَّا تَسْمَعُ فِيْهَا لَاغِيَةً ﴿۱۱﴾ فِيْهَا عَيْنٌ جَارِيَةٌ ﴿۱۲﴾ فِيْهَا سُرُرٌ مَّرْفُوْعَةٌ ﴿۱۳﴾

جہاں کوئی بیہودہ بات نہیں سنیں گے، جہاں بہتا ہوا چشمہ ہوگا (اور) اس میں اونچے اونچے تخت ہونگے

---

(۱) الحاقۃ ۳۵ تا ۳۷

(۲) المزمل ۱۲، ۱۳

(۳) النبا ۲۴ تا ۳۰

وَّ اَكْوَابٌ مَّوْضُوْعَةٌ ۙ﴿۱۴﴾ وَّ نَمَارِقُ مَصْفُوْفَةٌ ۙ﴿۱۵﴾ وَّ زَرَابِيُّ مَبْثُوْثَةٌ ؕ﴿۱۶﴾ (الغاشیہ ۸ تا ۱۶)

اور آبخورے رکھے ہوئے (ہوں گے) اور قطار میں لگے ہوئے تکیے ہوں گے اور مخملی مسندیں پھیلی پڑی ہوں گی۔

دوسرا گروہ ان لوگوں کا ہو گا جو اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت میں زندگی گزارتے رہے ہوں گے، جو اللہ کے مقرر کردہ حقوق و فرائض ادا کرنے اور معصیت سے بچنے کی سعی کرتے رہے ہوں گے، جو ناجائز دنیاوی فائدوں اور لذتوں سے کنارہ کش رہے ہوں گے، جب وہ اپنے حق میں فیصلہ سنیں گے تو اپنی کامیابی پر ان کے چہروں پر اطمینان اور آسودگی کے آثار ظاہر ہوں گے، جیسے فرمایا:

وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ مُّسْفِرَةٌ ﴿۳۸﴾ ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ ﴿۳۹﴾ [1]

ترجمہ: کچھ چہرے اس روز دمک رہے ہوں گے، ہشاش بشاش اور خوش و خرم ہوں گے۔

اللہ تعالیٰ کے حکم سے انہیں جنت میں داخل کر دیا جائے گا، جیسے فرمایا

وَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ عَرَّفَهَا لَهُمْ ﴿۶﴾ [2]

ترجمہ: اور ان کو اس جنت میں داخل کرے گا جس سے وہ ان کو واقف کرا چکا ہے۔

وہاں وہ کوئی بیہودہ کلام، جھوٹ، غیبت، چغلی، بہتان طنز و تمسخر اور طعن و تشنیع وغیرہ نہیں سنیں گے، جیسے فرمایا

لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا اِلَّا سَلٰمًا ... ﴿۶۲﴾ [3]

ترجمہ: وہاں وہ کوئی بیہودہ بات نہ سنیں گے جو کچھ بھی سنیں گے ٹھیک ہی سنیں گے۔

يَتَنَازَعُوْنَ فِيْهَا كَاْسًا لَّا لَغْوٌ فِيْهَا وَلَا تَاْثِيْمٌ ﴿۲۳﴾ [4]

ترجمہ: وہ ایک دوسرے سے جام شراب لپک لپک کر لے رہے ہوں گے جس میں نہ یاوہ گوئی ہو گی نہ بدکرداری۔

لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَّلَا تَاْثِيْمًا ﴿۲۵﴾ اِلَّا قِيْلًا سَلٰمًا سَلٰمًا ﴿۲۶﴾ [5]

ترجمہ: وہاں وہ کوئی بیہودہ کلام یا گناہ کی بات نہ سنیں گے جو بات بھی ہو گی ٹھیک ٹھیک ہو گی۔

جنت میں مختلف ذائقہ کی شرابوں، صاف و شفاف پانی، دودھ اور شہد وغیرہ کے چشمے رواں ہوں گے، جیسے فرمایا

مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ۭ فِيْهَآ اَنْهٰرٌ مِّنْ مَّاۗءٍ غَيْرِ اٰسِنٍ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ لَّبَنٍ لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهٗ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ڬ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى ۭ وَلَهُمْ فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ وَمَغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ ﴿۱۵﴾ [6]

---

[1] عبس ۳۸،۳۹

[2] محمد ۶

[3] مریم ۶۲

[4] الطور ۲۳

[5] الواقعة ۲۵،۲۶

[6] محمد ۱۵

ترجمہ: پرہیز گاروں کے لیے جس جنت کا وعدہ کیا گیا ہے اس کی شان تو یہ ہے کہ اس میں نہریں بہہ رہی ہوں گی نتھرے ہوئے پانی کی، نہریں بہہ رہی ہوں گی ایسے دودھ کی جس کے مزے میں ذرا فرق نہ آیا ہوگا، ایسی شراب کی جو پینے والوں کے لیے لذیذ ہوگی، نہریں بہہ رہی ہوں گی صاف شفاف شہد کی، اس میں ان کے لیے ہر طرح کے پھل ہوں گے اور ان کے رب کی طرف سے بخشش۔

ان کے کناروں پر گھنے پھل دار درختوں کے سائے میں جن کے پھل جھکے ہوئے ہوں گے، جیسے فرمایا

**قُطُوْفُهَا دَانِيَةٌ ﴿۲۳﴾** (۱)

ترجمہ: جس کے پھلوں کے گچھے جھکے پڑ رہے ہوں گے۔

یا موتیوں کے محلات میں بالاخانوں پر جگہ جگہ دبیز مخملی کپڑوں سے مزین اونچی مسندوں بچھی ہوں گی تا کہ وہ جہاں چاہیں بیٹھ کر اللہ تعالیٰ کی تیار کردہ اکرام وتکریم کی نعمتوں کا نظارہ کرسکیں، سامنے قرینے سے چنے ہوئے مختلف شرابوں کے بھرے ہوئے جام رکھے ہوں گے جنہیں پی کر وہ لذت محسوس کریں گے مگر بدمست نہیں ہوں گے، مسندوں پر سہارا لینے کے لئے حریر اور دبیز ریشم وغیرہ کے گاؤ تکیوں کی قطاریں لگی ہوں گی اور جن کے نیچے نفیس غالیچے بچھے ہوں گے۔

حَدَّثَنِي أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ لِأَصْحَابِهِ:أَلَا مُشَمِّرٌ لِلْجَنَّةِ؟ فَإِنَّ الْجَنَّةَ لَا خَطَرَ لَهَا، هِيَ وَرَبِّ الْكَعْبَةِ نُورٌ يَتَلَأْلَأُ، وَرَيْحَانَةٌ تَهْتَزُّ، وَقَصْرٌ مَشِيدٌ، وَنَهَرٌ مُطَّرِدٌ، وَفَاكِهَةٌ كَثِيرَةٌ نَضِيجَةٌ، وَزَوْجَةٌ حَسْنَاءُ جَمِيلَةٌ، وَحُلَلٌ كَثِيرَةٌ فِي مَقَامٍ أَبَدًا، فِي حَبْرَةٍ وَنَضْرَةٍ، فِي دَارٍ عَالِيَةٍ سَلِيمَةٍ بَهِيَّةٍ قَالُوا: نَحْنُ الْمُشَمِّرُونَ لَهَا، يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ: قُولُوا إِنْ شَاءَ اللَّهُ

اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن اپنے اصحاب سے فرمایا کیا کوئی شخص جنت کیلئے کمر نہیں باندھتا؟ اس لئے کہ جنت کی مثل دوسری کوئی چیز نہیں ہے، رب کعبہ کی قسم! وہ ایک چمکتا ہوا نور ہے اور جس میں خوشبودار پھول ہیں جو جھوم رہے ہیں اور جس میں بلند وبالا محلات ہیں اور جس میں بہتی ہوئی نہریں ہیں، جس میں میوہ جات اور پکے پکائے تیار عمدہ پھل ہیں اور جس میں خوبصورت خوش اخلاق زوجہ ہے، اور جس میں بہت سے جوڑے ہیں اور ایسا مقام ہے جہاں ہمیشہ تازگی بہار ہے، جس میں تروتازہ بلند وبالا جگہ ہے اور جس میں بڑا اونچا اور محفوظ اور روشن محل ہے، سب لوگ بول اٹھے اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! ہم سب اس کے خواہشمند ہیں اور اس کے لئے تیاری کریں گے، فرمایا ان شاءاللہ کہو۔ (۲)

**اَفَلَا يَنْظُرُوْنَ اِلَى الْاِبِلِ كَيْفَ خُلِقَتْ ﴿۱۷﴾ وَ اِلَى السَّمَآءِ كَيْفَ رُفِعَتْ ﴿۱۸﴾**

کیا یہ اونٹوں کو نہیں دیکھتے کہ وہ کس طرح پیدا کیے گئے ہیں، اور آسمان کو کہ کس طرح اونچا کیا گیا ہے،

(۱) الحاقة ۲۳

(۲) سنن ابن ماجه كتاب الزهد بَابُ صِفَةِ الْجَنَّةِ ۴۳۳۲

وَ اِلَى الْجِبَالِ كَيْفَ نُصِبَتْ ﴿۱۹﴾ وَ اِلَى الْاَرْضِ كَيْفَ سُطِحَتْ ﴿۲۰﴾ (الغاشیہ ۱۷تا۲۰)

اور پہاڑوں کی طرف کہ کس طرح گاڑھ دیئے گئے ہیں اور زمین کی طرف کہ کس طرح بچھائی گئی ہے۔

**کائنات پر غور و تدبر کی دعوت:**

یہ لوگ قیامت اور حیات بعد الموت کو تسلیم نہیں کرتے، مگر کیا یہ اللہ کی مخلوق اونٹ کی خلقت، خصوصیات اور افادیت کو نہیں سمجھتے جس پر صحرائی زندگی کا انحصار ہے، کیا یہ خود بخود پیدا ہو گیا ہے یا ایک خالق نے اسے صحرا کی ان خصوصیات کے ساتھ تمہارے تابع فرمان بنایا ہے ؟ کیا یہ لوگ ہر سو پھیلے ہوئے بغیر ستونوں والے بلند و بالا آسمان پر غور نہیں کرتے جس کے نیچے دن کو سورج اور رات کو چاند اور ستارے چمکتے ہیں، کیا یہ آسمان خود بخود بلند ہو گیا ہے؟ کیا اس کے نیچے کی یہ سب چیزیں خود بخود ایک نظام قائم کر کے چل رہی ہیں؟ جیسے فرمایا:

اَفَلَمْ يَنْظُرُوْٓا اِلَى السَّمَآءِ فَوْقَهُمْ كَيْفَ بَنَيْنٰهَا وَزَيَّنّٰهَا وَمَا لَهَا مِنْ فُرُوْجٍ ﴿۶﴾ [1]

ترجمہ: اچھا تو کیا انہوں نے کبھی اپنے اوپر آسمان کی طرف نہیں دیکھا؟ کس طرح ہم نے اسے بنایا اور آراستہ کیا اور اس میں کہیں کوئی رخنہ نہیں ہے۔

آنکھیں کھول کر دیکھو یہ رنگ برنگ کے سر بفلک چوٹیوں والے معدنیات سے بھرے پہاڑ زمین میں کیسے قائم ہو گئے؟ اور کیا یہ ہموار زمین جو انسان کے لئے فرش ہے جس میں میٹھے پانی کے چشمے اور کنوئیں ہیں جس سے انسان کے لئے مختلف اجناس و نباتات، پھل دار درخت، میوہ جات اور جانوروں کے لئے چارہ پیدا ہوتا ہے، کیا زمین خود بخود ہموار ہو گئی ہے اور انواع و اقسام کی چیزیں پیدا کر رہی ہے؟ اگر غور و فکر کرو تو یہ سب چیزیں قادر مطلق کی حکمت پر شاہد ہیں، ضد و ہٹ دھرمی کو بالائے طاق رکھ کر سوچو جو قدرتوں اور حکمتوں والا رب آسمان و زمین اور ان کے درمیان جو کچھ ہے کو بہترین انداز سے تخلیق کر کے ایک مقررہ نظام کے تحت چلا سکتا ہے تو اس کے حکم سے قیامت کیوں نہیں آسکتی؟ جس نے یہ عظیم الشان کائنات اور اس کا نظام بنایا ہے وہ اسے فنا کر دینے کے بعد دوسری دنیا نئے قوانین کے تحت وجود میں کیوں نہیں لا سکتا؟ جس نے انسان کو پہلی بار بغیر کسی نمونے کے تخلیق کیا وہ اسے دوبارہ پیدا کیوں نہیں کر سکتا؟ اور زندہ کر کے اعمال کی جزا و سزا کے لئے جہنم و جنت کیوں نہیں تخلیق کر سکتا۔

فَذَكِّرْ ۗ اِنَّمَآ اَنْتَ مُذَكِّرٌ ﴿۲۱﴾ لَسْتَ عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ ﴿۲۲﴾

پس آپ نصیحت کر دیا کریں (کیونکہ) آپ صرف نصیحت کرنے والے ہیں، آپ کچھ ان پر داروغہ نہیں ہیں،

اِلَّا مَنْ تَوَلّٰى وَ كَفَرَ ﴿۲۳﴾ فَيُعَذِّبُهُ اللّٰهُ الْعَذَابَ الْاَكْبَرَ ﴿۲۴﴾

ہاں ! جو شخص روگردانی کرے اور کفر کرے اسے اللہ بہت بڑا عذاب دے گا،

---

[1] ق۶

إِنَّ إِلَيْنَا إِيَابَهُمْ ﴿٢٥﴾ ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا حِسَابَهُمْ ﴿٢٦﴾ (الغاشیہ۲۱تا۲۶)

بیشک ہماری طرف ان کالوٹنا ہے اور بیشک ہمارے ذمہ ہے ان سے حساب لینا۔

اچھا تو اے نبی ﷺ! اگر یہ لوگ چاروں طرف اللہ کی بکھری ہوئی نشانیوں کو نہیں دیکھتے اور ہٹ دھرمی سے اس کی قدرتوں کو تسلیم نہیں کرتے تو آپ فکرمند نہ ہوں، آپ کا کام وعظ و نصیحت اور واضح طور پر متنبہ کر دینا ہے، آپ کو ان پر داروغہ بنا کر مسلط نہیں کیا گیا کہ کسی کو زبردستی اسلام میں داخل کریں، جیسے فرمایا:

۔۔۔وَمَآ أَنتَ عَلَيْهِم بِجَبَّارٍ ۖ فَذَكِّرْ بِالْقُرْآنِ مَن يَخَافُ وَعِيدِ ﴿٤٥﴾ [1]

ترجمہ: اور تمہارا کام ان سے جبراً بات منوانا نہیں ہے، بس تم اس قرآن کے ذریعہ سے ہر اس شخص کو نصیحت کر دو جو میری تنبیہ سے ڈرے۔

جو شخص اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت سے منہ موڑ کر کفر کا رویہ اختیار کرے گا تو اللہ اسے سخت اور دائمی عذاب دے گا، جیسے فرمایا

فَلَا صَدَّقَ وَلَا صَلَّىٰ ﴿٣١﴾ وَلَٰكِن كَذَّبَ وَتَوَلَّىٰ ﴿٣٢﴾ [2]

ترجمہ: مگر اس نے نہ سچ مانا اور نہ نماز پڑھی بلکہ جھٹلایا اور پلٹ گیا۔

عَنْ أَبِي خَالِدٍ، قَالَ: مَرَّ أَبُو أُمَامَةَ الْبَاهِلِيُّ عَلَى خَالِدِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ مُعَاوِيَةَ فَسَأَلَهُ عَنْ أَلْيَنِ كَلِمَةٍ سَمِعَهَا مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: كُلُّكُمْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ إِلَّا مَنْ شَرَدَ عَلَى اللَّهِ شِرَادَ الْبَعِيرِ عَلَى أَهْلِهِ

علی بن خالد کہتے ہیں ایک مرتبہ ابوامامہ رضی اللہ عنہ کا گذر خالد بن یزید پر ہوا تو اس نے ان سے پوچھا کہ کوئی نرم بات جو آپ نے نبی کریم ﷺ سے سنی ہو؟ انہوں نے فرمایا کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے یاد رکھو! تم میں سے ہر شخص جنت میں داخل ہو گا سوائے اس آدمی کے جو اللہ کی اطاعت سے اس طرح بدک کر نکل جائے جیسے اونٹ اپنے مالک کے سامنے بدک جاتا ہے۔ [3]

جو شخص ایمان لانے سے روگردانی کرے اور کفر کی راہ اختیار کرے اللہ تعالیٰ اسے جہنم کا دائمی عذاب دے گا، بالآخر تمام خلائق کو روز محشر ہمارے دربار میں پیش ہونا ہی ہے، اور یقیناً ہم ان سے ذرہ ذرہ کا حساب لیں گے۔

بعض نمازوں میں یہ دعا اللَّهُمَّ حَاسِبْنِي حِسَابًا يَسِيرًا پڑھنا رسول اللہ ﷺ سے ثابت ہے۔

**عثمان رضی اللہ عنہ بن عثمان کا ایمان لانا:**

شَمَّاسُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ الشَّرِيدِ بْنِ هَرَمِيِّ بْنِ عَامِرِ بْنِ مَخْزُومٍ. وكان اسم شماس عُثْمَان وإنما سمي شماسا لوضاءته فغلب على اسمه

[1] ق ۴۵

[2] القیامۃ ۳۱،۳۲

[3] مستدرک حاکم ۱۸۴، مسند احمد ۲۲۲۲۶

شماس بن عثمان بن الشرید بن ہرمی بن عامر بن مخزوم، شماس رضی اللہ عنہ کا نام عثمان تھا صرف ان کی صفائی اور خوبصورتی کی وجہ سے اس کا نام شماس رکھ دیا گیا اس لقب نے اتنی شہرت پائی کہ لوگ اصل نام بھول گئے۔

یہ بچپن میں ہی یتیم ہوئے تو ان کی والدہ صفیہ بنت ربیعہ نے ان کی پرورش کی، شماس ابھی انیس بیس برس کے تھے جب رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعوت حق کا آغاز فرمایا، اللہ تعالیٰ نے شماس رضی اللہ عنہ کو حسن صورت کے ساتھ حسن سیرت سے بھی نوازا تھا ان کے کان جونہی دعوت توحید سے آشنا ہوئے انہوں نے بغیر کسی تامل کے اس دعوت پر لبیک کہا، ماں بھی نہایت نیک بخت خاتون تھیں وہ بھی اپنے بیٹے کے ساتھ نعمت اسلام سے بہرہ یاب ہوگئیں، یہ بڑا پر آشوب زمانہ تھا اور دعوت حق قبول کرنا گرداب بلا میں پھنسنے کے مترادف تھا، مشرکین قریش کو کسی مسلمان کا چین سے بیٹھا گوارا نہیں تھا جوں جوں دعوت اسلام پھیلتی جارہی تھی ان کی آتش غضب اور تیز ہوتی جاتی تھی، ان کے دست ظلم سے صفیہ رضی اللہ عنہا بنت ربیعہ اور شماس رضی اللہ عنہ بھی محفوظ نہ رہے،

وكان شماس ممَّنْ هاجر إِلَى أرض الحبشة فِي الهجرة الثانية

چنانچہ کفار مکہ کے ظلم وستم سے مجبور ہو کر شماس رضی اللہ عنہ اپنی والدہ کے ہمراہ دوسری ہجرت حبشہ میں حبشہ چلے گئے۔

اور کئی سال وہاں مقیم رہ کر غریب الوطنی کی مصیبتیں جھیلتے رہے اور ہجرت مدینہ منورہ سے کچھ پہلے مکہ مکرمہ واپس آگئے، لیکن مکہ مکرمہ میں ان کو واپس آئے کچھ زیادہ دن نہیں گزرے تھے کہ ہجرت مدینہ منورہ کا اعلان ہو گیا چنانچہ وہ والدہ کے ہمراہ مدینہ منورہ ہجرت کر گئے، اس طرح انہیں ذوالہجرتین (دو ہجرتیں کرنے والے) کا شرف حاصل ہو گیا۔

لَمَّا هَاجَرَ شَمَّاسُ بْنُ عُثْمَانَ إِلَى الْمَدِينَةِ نَزَلَ عَلَى مُبَشِّرِ بْنِ عَبْدِ الْمُنْذِرِسَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ قَالَ: لَمْ يَزَلْ شَمَّاسُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ الشَّرِيدِ نَازِلا بِبَنِي عمرو بن عَوْفٍ عِنْدَ مُبَشِّرِ بْنِ عَبْدِ الْمُنْذِرِ حَتَّى قُتِلَ بِأُحُدٍ، قَالَ: آخَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ شَمَّاسِ بْنِ عُثْمَانَ وَحَنْظَلَةَ بْنِ أَبِي عَامِرٍ

شماس رضی اللہ عنہ کو مدینہ منورہ میں مبشر رضی اللہ عنہ بن عبدالمنذر انصاری نے اپنا مہمان بنایا اور سعید بن مسیب کہتے ہیں شماس بن عثمان بن شرید غزوہ احد میں شہید ہونے تک بنی عمرو بن عوف میں مبشر بن عبدالمنذر کے پاس مقیم رہے، ہجرت کے چند ماہ بعد سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے مہاجرین اور انصار کے مابین مواخاۃ قائم فرمائی تو شماس رضی اللہ عنہ کو غسیل الملائکہ حنظلہ رضی اللہ عنہ بن ابی عامر انصاری کا اسلامی بھائی بنایا۔ [1]

شَهِدَ شَمَّاسُ بْنُ عُثْمَانَ بَدْرًا وَأُحُدًا وَكَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لا يَرْمِي بِبَصَرِهِ يَمِينًا وَلا شِمَالا إِلا رَأَى شَمَّاسًا فِي ذَلِكَ الْوَجْهِ يَذُبُّ بِسَيْفِهِ حَتَّى غَشِيَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَرَّسَ بِنَفْسِهِ دُونَهُ حَتَّى قُتِلَ، فَحُمِلَ إِلَى الْمَدِينَةِ وَبِهِ رَمَقٌ، فَحُمِلَ إِلَى الْمَدِينَةِ وَبِهِ رَمَقٌ فَأُدْخِلَ عَلَى عَائِشَةَ ،فَقَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ: ابْنُ عَمِّي يَدْخُلُ عَلَى غَيْرِي؟فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:احملوا إِلَى أُمِّ سَلَمَةَ . فَحُمِلَ إِلَيْهَا فَمَاتَ عِنْدَهَاوَقَدْ مَكَثَ يَوْمًا وَلَيْلَةً وَلَكِنَّهُ لَمْ يَذُقْ شَيْئًا،كَانَ يَوْمَ قُتِلَ. رَحِمَهُ اللَّهُ. ابْنُ أَرْبَعٍ وَثَلاثِينَ سَنَةً. وَلَيْسَ لَهُ عَقِبٌ ،فَأَمَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ

[1] ابن سعد۱۸۵؍۳

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُرَدَّ إِلَى أُحُدٍ فَيُدْفَنُ هُنَاكَ كَمَا هُوَ فِي ثِيَابِهِ الَّتِي مَاتَ فِيهَا وَلَيْسَ لَهُ عَقِبٌ ،وَكَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا وَجَدْتُ لِشَمَّاسِ بْنِ عُثْمَانَ شَبِيهًا إِلا الْجُنَّةَ

شماس رضی اللہ عنہ غزوہ بدر اور غزوہ احد میں شریک ہوئے، غزوہ بدر میں ان کے دو حقیقی ماموں عتبہ بن ربیعہ اور شیبہ بن ربیعہ مخالف صفوں میں تھے لیکن شماس رضی اللہ عنہ کے نزدیک راہ حق میں دینوی رشتے ناتے کوئی حقیقت نہیں رکھتے تھے، غزوہ احد میں جب ایک اتفاقی غلطی سے مسلمانوں میں انتشار پھیل گیا اور سید الامم صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب صرف چند جان نثار رہ گئے تھے ان جان نثاروں میں شماس رضی اللہ عنہ بھی تھے اور وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دائیں بائیں آگے پیچھے اور ان کی تلوار برق بے اماں بن کر کفار پر گر رہی تھی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس طرف نظر اٹھا کر دیکھتے شماس رضی اللہ عنہ کو اپنی تلوار کے ساتھ کفار سے نبرد آزما پاتے، انہوں نے اپنے آپ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ڈھال بنالیا تھا اور کفار کے ہر وار کو بڑھ کر اپنے جسم پر لے رہے تھے یہاں تک کہ زخموں سے چور چور ہو کر گر پڑے، لڑائی ختم ہوئی اور شہیدوں اور زخمیوں کی تلاس شروع ہوئی تو شماس رضی اللہ عنہ اس حالت میں ملے کہ جس کا کوئی حصہ زخموں سے خالی نہ تھا لیکن ابھی سانس چل رہی تھی، انہیں مدینہ منورہ میں ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس پہنچا دیا گیا، ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ میرے چچازاد بھائی میرے سوا کسی اور کے پاس پہنچائے جائیں؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا انہیں ام سلمہ مخزومیہ رضی اللہ عنہا کے گھر لے جاؤ، انہیں وہاں لے جایا گیا، ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے ان کی تیمار داری کی لیکن شماس رضی اللہ عنہ حالت علاج معالجہ اور تیمار داری کی حد سے گزر چکے تھے، صرف ایک رات اور ایک دن زندہ رہے اس دوران میں نہ کچھ کھایا نہ پیا اس کے بعد اپنی جان جان آفریں کے سپرد کر دی، اس وقت ان کی عمر چونتیس برس تھی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم فرمایا کہ ان کی میت میدان احد میں لائی جائے چنانچہ ان کی میت احد میں لائی گئی اور جن خون آلود کپڑوں میں انہوں نے شہادت پائی تھی انہی میں اس شہید راہ حق کو بغیر غسل احد کے گنج شہداں میں سپرد خاک کر دیا گیا، ان کی نسل نہیں چلی، سید الامم صلی اللہ علیہ وسلم غزوہ احد کا ذکر کرتے وقت فرمایا کرتے تھے میں شماس رضی اللہ عنہ کے لیے جنت کے سوا کوئی تشبہ نہیں پاتا۔[1]

## مضامین سورۂ التین:

انسان کی تکریم کے مختلف پہلو ہیں اس سورت میں جلیل القدر انبیاء کے مقامات کی قسم کھا کر ایک پہلو بیان فرمایا کہ ہم نے انسان کو بہترین اور معتدل طریق پر تخلیق کیا ہے، جس طرح انسان کی یہ خوبصورتی جسمانی اور ظاہری شکل کے اعتبار سے ہے اسی طرح عقلی و روحانی کمالات کے اعتبار سے بھی ہے، اللہ تبارک وتعالیٰ نے انسانی فطرت کو نیکی وبدی کا شعور الہام کیا اور خیر وشر کے امتیاز کی صلاحیت بخشی، اب صلاحیت اور عمل کے اختیار کے بعد اگر کوئی انسان ناشکر اپن کا راستہ اختیار کرتا ہے تو پھر اسے نیچوں سے بھی نیچے گرا دیا جاتا ہے، حیوانی اور شہوانی زندگی کو اپنا مقصد حیات بنا کر وہ حیوانوں سے بھی زیادہ پستیوں میں جا گرتا ہے اور نقصان کا سودا کرتا ہے اور اگر انسان ایمان وعمل صالح کی راہ کو اپنا مقصد حیات بنالے تو یہ اس کی بڑی کامیابی ہے، وہ اللہ جو پانی کے ایک حقیر قطرے سے ایسا خوبصورت انسان پیدا کر سکتا ہے وہ اس کے

---

[1] ابن سعد ۱۸۵؍۳

مرنے کے بعد بھی اس کو دوبارہ پیدا کرسکتا ہے، ویسے بھی دوبارہ پیدا کرنا اور حساب و جزا اس کے حاکم اور عادل ہونے کا تقاضا ہے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے۔

وَ التِّيۡنِ وَ الزَّيۡتُوۡنِ ۙ﴿۱﴾ وَ طُوۡرِ سِيۡنِيۡنَ ۙ﴿۲﴾ وَ هٰذَا الۡبَلَدِ الۡاَمِيۡنِ ۙ﴿۳﴾ لَقَدۡ خَلَقۡنَا

قسم ہے انجیر کی اور زیتون کی اور طور سینین کی اور اس امن والے شہر کی، یقیناً ہم نے انسان کو

الۡاِنۡسَانَ فِىۡۤ اَحۡسَنِ تَقۡوِيۡمٍ ۖ﴿۴﴾ (التین ۱تا۴)

بہترین صورت میں پیدا کیا۔

اللہ تعالیٰ نے کئی سورتوں میں مختلف چیزوں کی قسمیں کھائی ہیں، ان قسموں کی ایک خاص نوعیت ہے، ان کا مقصود یہ ہوتا ہے کہ جس بات پر قسم کھائی گئی ہے اس پر، ان چیزوں کو جن کی قسم کھائی گئی ہے بطور شہادت پیش کیا جائے، عام قسموں کی طرح ان میں جس چیز کی قسم کھائی گئی ہے ان کی تعظیم مقصود نہیں ہوا کرتی، اس سورۃ میں چار شہادتیں پیش کی گئی ہیں اور یہ چاروں شہادتیں ہی جزا کے ایسے واقعات کی طرف اشارہ کر رہی ہیں جو اس دنیا میں پیش آئے ہیں تا کہ لوگ اس پر غور وفکر کریں کہ اللہ رب کائنات بندوں کے اعمال سے بے خبر نہیں ہے بلکہ عدل وانصاف کے ساتھ لوگوں کو بدلہ دیتا ہے، جیسے فرمایا:

اَفَنَجۡعَلُ الۡمُسۡلِمِيۡنَ كَالۡمُجۡرِمِيۡنَ ؕ﴿۳۵﴾ مَا لَكُمۡ ۟ كَيۡفَ تَحۡكُمُوۡنَ ۚ﴿۳۶﴾ [۱]

ترجمہ: کیا ہم فرمانبرداروں کا حال مجرموں کا سا کر دیں؟ تم لوگوں کو کیا ہو گیا ہے تم کیسے حکم لگاتے ہو؟۔

كَيۡفَ تَكۡفُرُوۡنَ بِاللّٰهِ وَكُنۡتُمۡ اَمۡوَاتًا فَاَحۡيَاكُمۡ ... ﴿۲۸﴾ [۲]

ترجمہ: تم اللہ کے ساتھ کفر کا رویہ کیسے اختیار کرتے ہو حالانکہ تم بے جان تھے اس نے تم کو زندگی عطا کی۔

قَالَتۡ رُسُلُهُمۡ اَفِى اللّٰهِ شَكٌّ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ... ﴿۱۰﴾ [۳]

ترجمہ: ان کے رسولوں نے کہا کیا اللہ کے بارے میں شک ہے جو آسمانوں اور زمین کا خالق ہے؟۔

یہاں جو شہادتیں پیش کی گئی ہیں وہ جزا کے ایک ایسے پہلو کی طرف اشارہ کر رہی ہیں جس سے ضمناً رسول اللہ ﷺ کی رسالت بھی ثابت ہو رہی ہے، کیونکہ یہ بات اپنی جگہ پر طے ہے کہ نبی کریم ﷺ کی بعثت جزا کے اہم ترین واقعات میں سے ہے، یہی وجہ ہے کہ قرآن مجید میں اکثر جگہ نبوت کے اثبات پر یوں دلیل قائم کی گئی ہے کہ ایسا ہونا اللہ تعالیٰ کی رحمت اور عدل کے ظہور کے لئے ضروری ہے، چنانچہ اس نے کسی قوم پر نبی کی بعثت سے پہلے عذاب نازل نہیں کیا، جیسے فرمایا:

---

[۱] القلم ۳۵،۳۶

[۲] البقرۃ ۲۸

[۳] ابراہیم ۱۰

وَمَا كَانَ رَبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى حَتّٰى يَبْعَثَ فِيْٓ اُمِّهَا رَسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۚ وَمَا كُنَّا مُهْلِكِي الْقُرٰٓى اِلَّا وَاَهْلُهَا ظٰلِمُوْنَ ۝۵۹ [1]

ترجمہ: اور تیرا رب بستیوں کو ہلاک کرنے والا نہ تھا جب تک کہ ان کے مرکز میں ایک رسول نہ بھیج دیتا جو ان کو ہماری آیات سناتا اور ہم بستیوں کو ہلاک کرنے والے نہ تھے جب تک کہ ان کے رہنے والے ظالم نہ ہو جاتے۔

ذٰلِكَ اَنْ لَّمْ يَكُنْ رَّبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّاَهْلُهَا غٰفِلُوْنَ ۝۱۳۱ [2]

ترجمہ: تمہارا رب بستیوں کو ظلم کے ساتھ تباہ کرنے والا نہ تھا جبکہ ان کے باشندے حقیقت سے ناواقف ہوں۔

وَلِكُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلٌ ۚ فَاِذَا جَآءَ رَسُوْلُهُمْ قُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝۴۷ [3]

ترجمہ: ہر امت کے لیے ایک رسول ہے، پھر جب کسی امت کے پاس اس کا رسول آجاتا ہے تو اس کا فیصلہ پورے انصاف کے ساتھ چکا دیا جاتا ہے اور اس پر ذرہ برابر ظلم نہیں کیا جاتا۔

اور قیامت کے دن جب تک انبیاء شہادت نہ دیں گے کسی شخص کے معاملہ کا فیصلہ نہیں ہوگا، اس سے معلوم ہوا کہ نبی کی بعثت درحقیقت ایک روز جزا یا دوسرے معنوں میں قیامت صغریٰ کا ظہور ہے، کیونکہ اس وقت ایک قوم فائز المرام ہوتی ہے اور دوسری فنا کر دی جاتی ہے، اللہ کی طرف پوری طرح اتمام حجت قائم ہو جاتی ہے اور لوگوں کے پاس کوئی عذر باقی نہیں رہتا، جیسے فرمایا:

رُسُلًا مُّبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَى اللّٰهِ حُجَّةٌۢ بَعْدَ الرُّسُلِ ... ۝۱۶۵ [4]

ترجمہ: یہ سارے رسول خوش خبری دینے والے اور ڈرانے والے بنا کر بھیجے گئے تھے تاکہ ان کو مبعوث کر دینے کے بعد لوگوں کے پاس اللہ کے مقابلہ میں کوئی حجت نہ رہے۔

اسی اصول پر یہاں بھی پچھلے واقعات جزا سے دو باتوں پر دلیل قائم کی گئی، ایک یہ کہ جزا ضرور واقع ہوگی دوسرا یہ کہ رسول اللہ ﷺ کی بعثت اس عام اللہ کی سنت کے مطابق ہوئی ہے جو اس کائنات میں ہمیشہ سے جاری ہے، عربوں میں جس چیز کی پیداوار جہاں ہوتی اسی نام سے اس مقام کو موسوم کر دیتے تھے مثلاً غضی، شَجَر، نَخْلَة وغیرہ، مختلف مقامات کے نام رکھنے کا یہ طریقہ بہت رائج تھا۔

تِيْن ایک خاص مقام کا نام ہے، تِيْن انجیر کو کہتے ہیں عرب اس کو اسی نام سے جانتے تھے چونکہ یہاں انجیر کی پیداوار بکثرت تھی اس وجہ سے یہ تِيْن ہی کے نام سے مشہور ہو گیا،

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَوْلُهُ: {وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ} يَعْنِي: مَسْجِدَ نُوحٍ الَّذِي بُنِيَ عَلَى الْجُودِيِّ

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے قول مروی ہے ”قسم ہے انجیر اور زیتون کی“ سے مراد نوح علیہ السلام کی وہ مسجد ہے جو کوہ جودی پر بنی تھی۔ [5]

[1] القصص ۵۹

[2] الانعام ۱۳۱

[3] یونس ۴۷

[4] النساء ۱۶۵

[5] تفسیر طبری ۶۰۳، ۲۴

اس سے معلوم ہوا کہ تِیْن سے مراد یا تو کوہ جودی ہے یا اسی کے قریب کوئی دوسرا پہاڑ ہے، تورات میں ہے کہ نبی آدم نوح علیہ السلام کے بعد ادھر ادھر متفرق ہوئے اور قرآن سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ واقعہ کوہ جودی کے پاس پیش آیا، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ جبل تین آدم علیہ السلام اور ان کی ذریت کا مسکن تھا، اس قیاس کی مزید تائید اس بات سے بھی ہوتی ہے کہ تورات میں ہے کہ آدم علیہ السلام اپنے آپ کو ڈھانکنے کے لئے اپنے اوپر انجیر کی پتیاں سی لیتے تھے۔

اسی طرح زَّیْتُوْنِ بھی ایک مقام کا نام ہے جہاں زیتون کی پیداوار زیادہ تھی اسی وجہ سے یہ زَّیْتُوْنِ کے نام سے موسوم ہو گیا اور زَّیْتُوْنِ یقینا وہی پہاڑ ہے جس کا انجیل میں اکثر ذکر آتا ہے اور جس پر مسیح علیہ السلام نے بار ہا دعائیں کی ہیں، لوقا ۲۱:۳۷ میں ہے اور دن میں وہ ہیکل میں تعلیم دیتا تھا اور رات میں نکل جاتا تھا اور اس پہاڑ پر شب بسر کرتا تھا جس کا نام کوہ زَّیْتُوْنِ ہے،

{وَالزَّيْتُونِ} قَالَ كَعْبُ الْأَحْبَارِ، وَقَتَادَةُ، وَابْنُ زَيْدٍ، وَغَيْرُهُمْ: هُوَ مَسْجِدُ بَيْتِ الْمَقْدِسِ.

کعب، قتادہ، ابن زید وغیرہ کہتے ہیں زَّیْتُوْنِ سے مراد وہ پہاڑ ہے جہاں بیت المقدس واقع ہے۔

اور طُوْرِ سِیْنِیْنَ معلوم ومشہور ہے، قرآن نے اس کو ایک جگہ طُورِ سَيْنَاءَ بھی کہا ہے۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ {وَطُورِ سِينِينَ} قَالَ: هُوَ الطُّورُ

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں ”اور طور سینا “ سے مراد طور پہاڑ ہے۔[1]

اور بَلَدِ الْاَمِیْنِ یعنی مکہ مکرمہ۔

یہ چاروں مقامات جن کی اس سورۂ میں قسم کھائی گئی ہے ان مقامات میں سے ہیں جن میں جزاء کے نہایت اہم واقعات پیش آئے ہیں، ان واقعات سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ بندوں کو ان کے اعمال کے مطابق انصاف اور رحم کے ساتھ جزا اور سزا دیتا ہے۔

والتِّیْنِ: تِیْنِ وہ پہلا مقام ہے جہاں انسان کے لئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے جزاء وسزا کا معاملہ پیش آیا یعنی جب آدم علیہ السلام نے اللہ کا عہد بھلا دیا اور اپنے حاسد (شیطان) کی بات مان لی تو ان کو اور ان کی بیوی کو جزاء کے قانون سے دوچار ہونا پڑا یعنی اللہ تعالیٰ نے ان کو اپنی سرفرازی سے محروم کر دیا اور جنت کا خلعت جو ان کو بخشا گیا تھا ان سے چھین لیا گیا جس کی وجہ سے وہ اپنے جسم کو چھپانے کے لئے درخت کے پتے لپیٹنے لگے، جیسے فرمایا:

فَلَمَّا ذَاقَا الشَّجَرَةَ بَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا وَطَفِقَا يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَّرَقِ الْجَنَّةِ ... ؁۲۲ [2]

ترجمہ: آخر کار جب انہوں نے اس درخت کا مزا چکھا تو ان کے ستر ایک دوسرے کے سامنے کھل گئے اور وہ اپنے جسموں کو جنّت کے پتّوں سے ڈھانکنے لگے۔

اور یہ واقعہ ان کی پوری نسل کے لئے ایک یادگار واقعہ قرار پایا، چنانچہ قرآن مجید میں مختلف مقامات پر اس کو اسی حیثیت سے یاد دلایا گیا ہے۔

يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ لَا يَفْتِنَنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ كَمَآ اَخْرَجَ اَبَوَيْكُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ يَنْزِعُ عَنْهُمَا لِبَاسَهُمَا لِيُرِيَهُمَا

---

[1] تفسیر طبری ۲۴؍۵۰۳

[2] الاعراف ۲۲

سَوۡاٰتِهِمَا... ﴿۲۷﴾ ⑴

ترجمہ: اے بنی آدم! ایسا نہ ہو کہ شیطان تمہیں پھر اُسی طرح فتنے میں مبتلا کر دے جس طرح اس نے تمہارے والدین کو جنت سے نکلوایا تھا اور ان کے لباس ان پر سے اُتروا دیے تھے تا کہ ان کی شرم گاہیں ایک دوسرے کے سامنے کھولے۔

اور تورات میں تصریح ہے کہ وہ انجیر کا درخت تھا، پھر قرآن میں تصریح ہے کہ آدم علیہ السلام اور حوا نے اس وقت توبہ کی، جیسے فرمایا:

قَالَا رَبَّنَا ظَلَمۡنَاۤ اَنۡفُسَنَا ٚ وَاِنۡ لَّمۡ تَغۡفِرۡ لَنَا وَتَرۡحَمۡنَا لَنَكُوۡنَنَّ مِنَ الۡخٰسِرِيۡنَ ﴿۲۳﴾ ⑵

ترجمہ: دونوں بول اٹھے اے ربّ! ہم نے اپنے او پر ستم کیا اب اگر تو نے ہم سے درگزر نہ فرمایا اور رحم نہ کیا تو یقیناً ہم تباہ ہو جائیں گے۔

اور اللہ تعالیٰ نے ان کی توبہ قبول فرمائی اور ان پر ہدایت نازل کرنے اور اس ہدایت کی پیروی کرنے والوں کو اجز ادینے کا وعدہ فرمایا جیسے فرمایا

فَتَلَقّٰۤى اٰدَمُ مِنۡ رَّبِّهٖ كَلِمٰتٍ فَتَابَ عَلَيۡهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيۡمُ ﴿۳۷﴾ قُلۡنَا اهۡبِطُوۡا مِنۡهَا جَمِيۡعًا ۚ فَاِمَّا يَاۡتِيَنَّكُمۡ مِّنِّىۡ هُدًى فَمَنۡ تَبِعَ هُدَاىَ فَلَا خَوۡفٌ عَلَيۡهِمۡ وَلَا هُمۡ يَحۡزَنُوۡنَ ﴿۳۸﴾ ⑶

ترجمہ: اس وقت آدم نے اپنے رب سے چند کلمات سیکھ کر توبہ کی جس کو اس کے رب نے قبول کر لیا کیونکہ وہ بڑا معاف کرنے والا اور رحم فرمانے والا ہے، ہم نے کہا کہ تم سب یہاں سے اتر جاؤ پھر جو میری طرف سے کوئی ہدایت تمہارے پاس پہنچے تو جو لوگ میری اس ہدایت کی پیروی کریں گے ان کے لیے کسی خوف اور رنج کا موقع نہ ہوگا۔

پہلے عہد کے بعد یہ اللہ تعالیٰ کا دوسرا عہد تھا جو اس نے آدم علیہ السلام سے باندھا، اس سے معلوم ہوا کہ جَبَلِ تِیْنِ کا واقعہ اپنے اندر دو بالکل متضاد خصوصیات رکھتا ہے، اس دن اللہ تعالیٰ نے ایک طرف آدم علیہ السلام سے اپنی ایک نعمت چھینی اور دوسری طرف ایک عظیم الشان نعمت ان کو بخشی، چھینی اس لئے کہ انہوں نے اللہ کے پہلے عہد کو فراموش کر دیا تھا اور بخشی اس لئے کہ غفلت کے بعد وہ متنبہ ہو گئے اور انہوں نے توبہ کی، جَبَلِ تِیْنِ کے پاس جزا کا دوسرا واقعہ نوح علیہ السلام کے عہد میں پیش آیا ان کے زمانہ میں اسی مقام پر اللہ تعالیٰ نے ظالموں کو تباہ کیا اور نیکو کاروں کو طوفان سے نجات دی اور ان کو برکت بخشی، قرآن مجید میں ہے۔

وَقِيۡلَ يٰۤاَرۡضُ ابۡلَعِىۡ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقۡلِعِىۡ وَغِيۡضَ الۡمَآءُ وَقُضِىَ الۡاَمۡرُ وَاسۡتَوَتۡ عَلَى الۡجُوۡدِىِّ وَقِيۡلَ بُعۡدًا لِّلۡقَوۡمِ الظّٰلِمِيۡنَ ﴿۴۴﴾ ⑷

ترجمہ: حکم ہوا اے زمین اپنا سارا پانی نگل جا اور اے آسمان رک جا، چنانچہ پانی زمین میں بیٹھ گیا، فیصلہ چکا دیا گیا، کشتی جودی پر ٹک گئی اور کہہ دیا گیا کہ دور ہوئی ظالموں کی قوم۔

پھر نوح علیہ السلام کی دعا کے ذکر کے بعد فرمایا:

⑴ الاعراف ۲۷

⑵ الاعراف ۲۳

⑶ البقرہ ۳۷ تا ۳۸

⑷ ھود ۴۴

قِيۡلَ يٰنُوۡحُ اهۡبِطۡ بِسَلٰمٍ مِّنَّا وَبَرَكٰتٍ عَلَيۡكَ وَعَلٰٓى اُمَمٍ مِّمَّنۡ مَّعَكَ‌ؕ وَاُمَمٌ سَنُمَتِّعُهُمۡ ثُمَّ يَمَسُّهُمۡ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيۡمٌ ۝۴۸ ⁽¹⁾

ترجمہ: حکم ہوا اے نوح! اتر جا ہماری طرف سے سلامتی اور برکتیں ہیں تجھ پر اور ان گروہوں پر جو تیرے ساتھ ہیں، اور کچھ گروہ ایسے بھی ہیں جن کو ہم کچھ مدت سامان زندگی بخشیں گے پھر انہیں ہماری طرف سے دردناک عذاب پہنچے گا۔

اس سے معلوم ہوا کہ جبلِ تِیۡنِ اللہ تعالیٰ کے قانون جزا کے ظہور کا ایک یادگار مقام ہے اور اس کو تِیۡنِ کے نام سے ذکر فرمایا گیا ہے۔

کوہ زَیۡتُوۡنِ پر جزا کا ایک نہایت عظیم الشان واقعہ پیش آیا، اسی پہاڑ پر اللہ نے یہود سے اپنی شریعت کی امانت چھینی اور وہ امانت سلسلہ ابراہیمی کی ایک دوسری شاخ کے حوالہ کر دی۔ ⁽²⁾

یہ واقعہ مسیح علیہ السلام کی آخری زندگی سے تعلق رکھتا ہے ایک روز وہ شب بھر جاگ کر اللہ سے دعا و مناجات کرتے رہے کہ ان کی قوم کی کشتی غرق ہونے سے بچ جائے لیکن تقدیر کا فیصلہ اٹل تھا، بالآخر وہ قوم کے مستقبل سے مایوس ہو گئے اور جب آپ کو یہ معلوم ہوا کہ یہود آپ کے قتل کے درپے ہیں تو آپ کو نہایت غم ہوا کیونکہ آپ جانتے تھے کہ اس اقدام کے بعد یہود پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہو جائے گی اور اللہ اپنی امانت ان سے چھین کر دوسروں کے حوالہ کر دے گا، قرآن مجید کی یہ آیت اسی حقیقت کی طرف اشارہ کر رہی ہے۔

وَحَسِبُوۡۤا اَلَّا تَكُوۡنَ فِتۡنَةٌ فَعَمُوۡا وَصَمُّوۡا ثُمَّ تَابَ اللّٰهُ عَلَيۡهِمۡ ثُمَّ عَمُوۡا وَصَمُّوۡا كَثِيۡرٌ مِّنۡهُمۡ... ۝۷ ⁽³⁾

ترجمہ: اور اپنے نزدیک یہ سمجھے کہ کوئی فتنہ رونما نہ ہو گا اس لیے اندھے اور بہرے بن گئے پھر اللہ نے انہیں معاف کیا تو ان میں سے اکثر لوگ اور زیادہ اندھے اور بہرے بنتے چلے گئے۔

طُوۡرِ سِيۡنِيۡنَ میں جزا کی شہادت کا پہلو بالکل واضح ہے، یہی مقام ہے جہاں اللہ تعالیٰ نے ایک مظلوم و مقہور قوم پر اپنی عنایت مبذول فرمائی اور اس کے صبر و برداشت کے صلہ میں اس کے دشمنوں کے پنجوں سے اس کو نجات دے کر اس کا سر اونچا کیا اور پھر اس کو ایک ایسی شریعت عطا فرمائی جو منکروں اور دشمنوں کے لئے یکسر تازیانہ عذاب تھی، یہ واقعہ مظلوموں پر لطف و نوازش اور ظالموں پر قہر و غضب کی ایک نہایت واضح مثال ہے، قرآن مجید میں فرعون اور اس کی قوم کے واقعات جہاں بیان ہوئے ہیں وہاں جا بجا اس بات کی طرف اشارات ملتے ہیں۔

فَاسۡتَخَفَّ قَوۡمَهٗ فَاَطَاعُوۡهُ‌ ؕ اِنَّهُمۡ كَانُوۡا قَوۡمًا فٰسِقِيۡنَ ۝۵۴ فَلَمَّاۤ اٰسَفُوۡنَا انْتَقَمۡنَا مِنۡهُمۡ فَاَغۡرَقۡنٰهُمۡ اَجۡمَعِيۡنَۙ ۝۵۵ فَجَعَلۡنٰهُمۡ سَلَفًا وَّمَثَلًا لِّلۡاٰخِرِيۡنَ ۝۵۶ ⁽⁴⁾

ترجمہ: اس نے اپنی قوم کو ہلکا سمجھا اور انہوں نے اس کی اطاعت کی درحقیقت وہ تھے ہی فاسق لوگ، آخر کار جب انہوں نے ہمیں غضب ناک کر دیا تو ہم نے اس سے انتقام لیا اور ان کو اکٹھا غرق کر دیا اور بعد والوں کے لئے پیش رو اور نمونہ عبرت بنا کر رکھ دیا۔

(1) ہود ۴۸

(2) لوقا ۳۹:۲۲-۵۲

(3) المائدہ ۷۱

(4) الزخرف ۵۴ تا ۵۶

ایک مقام پر ہے۔

۔۔۔ وَتَمَّتۡ كَلِمَتُ رَبِّكَ الۡحُسۡنٰى عَلٰى بَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ ۙ بِمَا صَبَرُوۡا‌ ؕ وَدَمَّرۡنَا مَا كَانَ يَصۡنَعُ فِرۡعَوۡنُ وَقَوۡمُهٗ وَمَا كَانُوۡا يَعۡرِشُوۡنَ ﴿۱۳۷﴾ (۱)

ترجمہ: اس طرح بنی اسرائیل کے حق میں تیرے رب کا وعدہ خیر پورا ہوا کیونکہ انہوں نے صبر سے کام لیا تھا اور ہم نے فرعون اور اس کی قوم کا وہ سب کچھ برباد کر دیا جو وہ بناتے اور چڑھاتے تھے۔

ایک اور مقام پر ہے۔

اِنَّ فِرۡعَوۡنَ عَلَا فِى الۡاَرۡضِ وَجَعَلَ اَهۡلَهَا شِيَعًا يَّسۡتَضۡعِفُ طَآئِفَةً مِّنۡهُمۡ يُذَبِّحُ اَبۡنَآءَهُمۡ وَيَسۡتَحۡىٖ نِسَآءَهُمۡ‌ ؕ اِنَّهٗ كَانَ مِنَ الۡمُفۡسِدِيۡنَ‏ ﴿۴﴾ وَنُرِيۡدُ اَنۡ نَّمُنَّ عَلَى الَّذِيۡنَ اسۡتُضۡعِفُوۡا فِى الۡاَرۡضِ وَنَجۡعَلَهُمۡ اَئِمَّةً وَّنَجۡعَلَهُمُ الۡوٰرِثِيۡنَ ۙ‏ ﴿۵﴾ وَنُمَكِّنَ لَهُمۡ فِى الۡاَرۡضِ وَنُرِىَ فِرۡعَوۡنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوۡدَهُمَا مِنۡهُمۡ مَّا كَانُوۡا يَحۡذَرُوۡنَ‏ ﴿۶﴾ (۲)

ترجمہ: واقعہ یہ ہے کہ فرعون نے زمین میں سرکشی کی اور اس کے باشندوں کو گروہوں میں تقسیم کر دیا ان میں سے ایک گروہ کو وہ ذلیل کرتا تھا اس کے لڑکوں کو قتل کرتا اور اس کی لڑکیوں کو زندہ رہنے دیتا تھا فی الواقع وہ مفسد لوگوں میں سے تھا، اور ہم یہ ارادہ رکھتے تھے کہ مہربانی کریں ان لوگوں پر جو زمین میں ذلیل کر کے رکھے گئے تھے اور انہیں پیشوا بنا دیں اور انہی کو وارث بنائیں اور زمین میں ان کو اقتدار بخشیں اور ان سے فرعون وہامان اور ان کے لشکروں کو وہی کچھ دکھلا دیں جس کا انہیں ڈر تھا۔

اس تفصیل سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کو طور پر اس لئے بلایا تھا کہ نیکوکاروں کی اولاد پر اپنی نعمت پوری کرے اور ان کو زمین میں سطوت واقتدار بخشے تا کہ وہ دین حق کے گواہ ہوں اور ان کی قوت شریروں اور منکروں کے لئے تازیانہ بنے، پس یہ ایک ہی واقعہ رحمت وغضب اور ثواب وعذاب دونوں کا مجموعہ ہے جس کو دوسرے لفظوں میں جزاء وسزا سے تعبیر کر سکتے ہیں تا کہ لوگ اللہ تعالیٰ کے عزیز ورحیم اور دیان وحلیم ہونے کا بھید سمجھ سکیں۔

بَلَدِ الۡاَمِيۡنِ، جزا کا یہ واقعہ مکہ معظّمہ میں پیش آیا اس کی تفصیل یوں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ابراہیم علیہ السلام کو چند باتوں میں آزمایا اور وہ ان میں کامیاب وکامران ٹھہرے یہاں تک کہ اپنے اکلوتے بیٹے کو بھی اپنے بڑھاپے میں اللہ کی راہ میں قربان کر دینے کو تیار ہو گئے جیسے فرمایا

وَاِذِ ابۡتَلٰٓى اِبۡرٰهٖمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ فَاَتَمَّهُنَّ‌ ؕ قَالَ اِنِّىۡ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ اِمَامًا ۔۔۔ ﴿۱۲۴﴾ (۳)

ترجمہ: یاد کرو کہ جب ابراہیم علیہ السلام کو اس کے رب نے چند باتوں میں آزمایا اور وہ ان سب میں پورا اتر گیا تو اس نے کہا میں تجھے سب لوگوں کا پیشوا بنانے والا ہوں۔

تو اللہ تعالیٰ نے ان کو برکت اور اسحاق علیہ السلام کی ولادت کی خوشخبری دی، جیسے فرمایا:

(۱) الاعراف ۱۳۷

(۲) القصص ۴ تا ۶

(۳) البقرۃ ۱۲۴

وَبَشَّرْنٰهُ بِاِسْحٰقَ نَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۱۲﴾ (۱)

ترجمہ:اور ہم نے اسے اسحاق کی بشارت دی ایک نبی صالحین میں سے۔

اور ان سے دو وعدے کیے،ایک اسماعیل علیہ السلام کی اولاد کے متعلق تھا دوسرا اسحاق علیہ السلام کی اولاد سے،جو وعدہ سحاق علیہ السلام کی اولاد سے متعلق تھا وہ اس وقت پورا فرمایا جب موسیٰ علیہ السلام کو طور پر بلا کر کتاب دی،پھر یہود کی مسلسل شرارتوں کے باوجود آل اسحاق پر اپنی اس نعمت کو باقی رکھا یہاں تک کہ انہوں نے اس نبی (مسیح علیہ السلام) کو قتل کر دینے کا ارادہ کر لیا جو ان کے پاس تذکیر وموعظت کا آخری پیام لے کر آیا تھا اس طرح انہوں نے اپنا پیمانہ بھر لیا،اس وقت اللہ تعالیٰ نے اپنی نعمت ان سے چھین لی اور جزا کا وہ وعدہ پیش آیا جو بنی آدم کی ایک جماعت کے ساتھ مخصوص اور ایک زمانہ تک کے لئے محدود تھا،رہا وہ وعدہ جو اسماعیل علیہ السلام کی ذریت کے بارہ میں فرمایا تھا تو اس کو اس وقت اٹھا رکھا تا کہ وہ تمام بنی آدم کے نیکوکاروں کے لئے رحمت اور بدکاروں کے لئے عذاب کا ایک یوم موعود بنے،یہ گویا جزاء وسزا کی آخری عدالت کا ظہور تھا جس کے بعد صرف محشر کی عدالت قائم ہونے والی تھی،چونکہ اس معاملہ کو اتمام وتکمیل کے تمام مراحل سے گزرنا تھا اس وجہ سے ضروری ہوا کہ اس کا انتظار تو روز اول سے رہے لیکن اس کا ظہور بالکل آخر میں ہو،اللہ تعالیٰ نے اپنے اس وعدہ کے ظہور کا مرکز بَلَدِ الْاَمِيْنِ کو قرار دیا جو ہمیشہ دشمنوں کے نرغہ سے محفوظ رہا اور اس کے لئے ایک بہترین امت منتخب فرمائی تا کہ وہ تمام زمین میں اللہ کے حق و عدل کی گواہی دے اور ان میں ایک نبی مبعوث فرمایا جو تمام عالم کے لئے نوید رحمت لے کر آیا،جیسے فرمایا

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۷﴾ (۲)

ترجمہ:اے نبی (صلی اللہ علیہ وسلم)! ہم نے تو تم کو دنیا والوں کے لئے رحمت بنا کر بھیجا ہے۔

اور جس کے ذریعہ سے شریعت وحکمت کا درس بالکل پورا کر دیا گیا کہ جب قیامت کے دن جزاء کی میزان قائم ہو تو کسی کے پاس کوئی عذر باقی نہ رہے،قرآن مجید نے ان باتوں کو نہایت وضاحت کے ساتھ یوں بیان فرمایا ہے۔

وَاِذِ ابْتَلٰٓى اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ فَاَتَمَّهُنَّ ۭ قَالَ اِنِّىْ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ اِمَامًا ۭ قَالَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِىْ ۭ قَالَ لَا يَنَالُ عَهْدِي الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۲۴﴾ وَاِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَاَمْنًا ۭ وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰهٖمَ مُصَلًّى ۭ وَعَهِدْنَآ اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ اَنْ طَهِّرَا بَيْتِىَ لِلطَّاۗىِٕفِيْنَ وَالْعٰكِفِيْنَ وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ ﴿۱۲۵﴾ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا بَلَدًا اٰمِنًا وَّارْزُقْ اَهْلَهٗ مِنَ الثَّمَرٰتِ مَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۭ قَالَ وَمَنْ كَفَرَ فَاُمَتِّعُهٗ قَلِيْلًا ثُمَّ اَضْطَرُّهٗٓ اِلٰى عَذَابِ النَّارِ ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۱۲۶﴾ وَاِذْ يَرْفَعُ اِبْرٰهٖمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَاِسْمٰعِيْلُ ۭ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ۭ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۱۲۷﴾ رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَآ اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ ۠ وَاَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۲۸﴾ رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا

(۱) الصافات ۱۱۲

(۲) الانبیاء ۱۰۷

عَلَيۡهِمۡ اٰيٰتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الۡكِتٰبَ وَالۡحِكۡمَةَ وَيُزَكِّيۡهِمۡ‌ؕ اِنَّكَ اَنۡتَ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ ؁ ﴿۱۲۹﴾ ①

ترجمہ: یاد کرو جب ابراہیم علیہ السلام کو اس کے رب نے چند باتوں میں آزمایا اور وہ ان سب میں پورا اتر گیا تو اس نے کہا میں تجھے سب لوگوں کا پیشوا بنانے والا ہوں، ابراہیم علیہ السلام نے عرض کیا اور کیا میری اولاد سے بھی یہی وعدہ ہے؟ اس نے جواب دیا میرا وعدہ ظالموں سے متعلق نہیں ہے، اور یہ کہ ہم نے اس گھر (کعبے) کو لوگوں کے لئے مرکز اور امن کی جگہ قرار دیا تھا اور لوگوں کو حکم دیا تھا کہ ابراہیم علیہ السلام جہاں عبادت کے لئے کھڑا ہوتا ہے اس مقام کو مستقل جائے نماز بنالو، اور ابراہیم علیہ السلام اور اسمٰعیل کو تاکید کی تھی کہ میرے اس گھر کو طواف اور اعتکاف اور رکوع اور سجدہ کرنے والوں کے لئے پاک رکھو اور یہ کہ ابراہیم علیہ السلام نے دعا کی اے میرے رب! اس شہر کو امن کا شہر بنادے اور اس کے باشندوں میں سے جو اللہ اور آخرت کو مانیں انہیں ہر قسم کے پھلوں کا رزق دے، جواب میں اس کے رب نے فرمایا اور جو نہ مانے گا دنیا کی چند روزہ زندگی کا سامان تو میں اسے بھی دوں گا مگر آخر کار اسے عذاب جہنم کی طرف گھسیٹوں گا اور وہ بدترین ٹھکانہ ہے، اور یاد کرو ابراہیم علیہ السلام اور اسمٰعیل علیہ السلام جب اس گھر کی دیواریں اٹھا رہے تھے تو دعا کرتے جاتے تھے اے ہمارے رب! ہم سے یہ خدمت قبول فرمالے توسب کی سننے اور سب کچھ جاننے والا ہے، اے رب! ہم دونوں کو اپنا مسلم (مطیع فرمان) بنا، ہماری نسل سے ایک ایسی قوم اٹھا جو تیری مسلم ہو، ہمیں اپنی عبادت کے طریقے بتا اور ہماری کوتاہیوں سے درگزر فرما تو بڑا معاف کرنے والا اور رحم فرمانے والا ہے، اور اے رب! ان لوگوں میں خود انہی کی قوم سے ایک رسول اٹھائیو جو انہیں تیری آیات سنائے، ان کو کتاب اور حکمت کی تعلیم دے اور ان کی زندگیاں سنوارے، تو بڑا مقتدر اور حکیم ہے۔

اللہ تعالیٰ نے ابراہیم علیہ السلام سے جو وعدہ فرمایا تھا وہ پورا فرمایا اور ان کو لوگوں کی قیادت و امامت کا منصب عطا فرمایا، چنانچہ اپنے گھر کی کلید برداری اور ان کے بیٹے اسماعیل علیہ السلام کو سونپی اور اس گھر کو لوگوں کے جمع ہونے کا مرکز اور امن کا گہوارہ قرار دیا، پھر ابراہیم علیہ السلام کی دعا قبول فرمائی اور اسی بَلَدِ الۡاَمِيۡنِ میں ایک رسول مبعوث فرمایا، ابراہیم علیہ السلام نے اس شہر کو بَلَدِ الۡاَمِيۡنِ بنانے کی دعا فرمائی تھی چنانچہ اسی دعا کی یہ برکت تھی کہ عرب میں ہر طرف پھیلی ہوئی بدامنی کے درمیان صرف یہی شہر ڈھائی ہزار سال سے امن کا گہوارہ بنا ہوا تھا، قرآن مجید کے مخاطب اس امر سے اچھی طرح واقف تھے، انہوں نے اصحاب الفیل کی تباہی و بربادی کا حیرت انگیز تماشا خود اپنی آنکھوں سے دیکھا تھا کہ اس گھر کے خلاف سازش کرنے کی پاداش میں اللہ تعالیٰ نے ان کو کیسی دردناک سزا دی تھی، اس کے برعکس ذریت اسحاق علیہ السلام کے بارہ میں اللہ تعالیٰ کا جو وعدہ تھا وہ تو پورا ہوا لیکن ساتھ ہی ان کی شرارتوں کے سبب سے ان کے مرکز یعنی بیت المقدس پر بار بار نہایت ہولناک آفتیں آئیں۔ قدیم صحیفوں میں اس کی تباہیوں کی داستانیں مذکور ہیں، اس تفصیل سے معلوم ہوا کہ جزا و سزا کا جو عظیم الشان واقعہ بَلَدِ الۡاَمِيۡنِ میں پیش آیا وہ ایک ہمہ گیر نوعیت رکھتا ہے، اس مباحث کا خلاصہ یہ ہے کہ ان مقامات کا ذکر اللہ تعالیٰ نے اس لئے فرمایا کہ ان میں جزا کے واقعات پیش آچکے ہیں اور اس پہلو سے ان کے اندر جزا کے واقع ہونے پر نہایت اہم شہادتیں مضمر ہیں تاکہ لوگوں میں یہ یقین پیدا ہو کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو بے مقصد نہیں بنایا ہے اور نہ وہ ان کے حالات سے بے خبر ہے، چنانچہ اس نے محض ہدایت و رہنمائی ہی کے لئے کتابیں نازل کی ہیں اور انذار و تبشیر کا سلسلہ برابر جاری رکھا ہے تاکہ انسانی فطرت کے اندر جن مدارج کمال تک پہنچنے کی استعداد موجود ہے ان مدارج تک وہ

① البقرة ۱۲۴تا۱۲۹

پہنچ جائے اور اس بات کو اس نے اس امر کی دلیل قرار دیا ہے کہ آخرت میں بھی جزاء کا معاملہ ضرور پیش آئے گا۔

چنانچہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے ان تین مقامات کی قسم کھا کر بیان فرمایا کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے انسان کو بہترین ساخت اور نہایت مستقیم فطرت پر پیدا کیا، یعنی ظاہری طور پر اسے متناسب اعضا اور بلند قامت کے ساتھ پیدا کیا، جیسے فرمایا:

یٰۤاَیُّهَا الْاِنْسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِیْمِۙ ۝۶ الَّذِیْ خَلَقَكَ فَسَوّٰىكَ فَعَدَلَكَۙ ۝۷ فِیْۤ اَیِّ صُوْرَةٍ مَّا شَآءَ رَكَّبَكَؕ ۝۸ [۱]

ترجمہ: اے انسان کس چیز نے تجھے اپنے اس رب کریم کی طرف سے دھوکے میں ڈال دیا جس نے تجھے پیدا کیا، تجھے نک سک سے درست کیا، تجھے متناسب بنایا، اور جس صورت میں چاہا تجھ کو جوڑ کر تیار کیا؟۔

اس کو آزاد اور کامل بنایا، اسے فکر وفہم اور علم وعقل کی وہ بلند پایہ قابلیتیں بخشی جو کسی دوسری مخلوق کو نہیں بخشی، اور باطنی طور پر خیر وشر کی تمیز کے لئے اس کو الہام کی روشنی بخشی، جیسے فرمایا

وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰىهَاۙ ۝۷ فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰىهَاۙ ۝۸ [۲]

ترجمہ: اور نفس انسانی کی اور اس ذات کی قسم جس نے اسے ہموار کیا پھر اس کی بدی اور اس کی پرہیزگاری اس پر الہام کر دی۔

ارادہ اور فعل دونوں میں اس کو بالکل خود مختیار بنایا تا کہ وہ خود اپنے اختیار سے نفس کی برائی کے پہلو کو دبائے اور تقویٰ کے پہلو کو اختیار کرے ، یعنی اس کی اطاعت وبندگی آزادانہ وخود مختارانہ ہو، محکومانہ ومجبورانہ نہ ہو اور یقیناً یہ اطاعت وبندگی اس اطاعت وبندگی سے بدرجہا افضل ہے جس کے لئے کوئی مخلوق مجبور کر دی گئی ہو، پھر اس میں خیر وشر کے دو متضاد میلانات رکھے اور دوسری طرف اس کو خیر وشر کا علم عطا فرمایا اور پھر اس کی اصل فطرت محبت وخیر کے سانچہ میں ڈھال لی، یہ سب کچھ اس لئے کیا کہ انسانی قویٰ کی تربیت واصلاح اور ان کا عروج وکمال جدوجہد پر منحصر ہے، اس مقصد کے لئے ضروری ہوا کہ انسان کو اختیار وارادہ رکھنے والی مخلوق بنایا جائے تا کہ کھرے اور کھوٹے میں امتیاز کی ایک بنیاد قائم ہو سکے، یہی تزکیہ اور ابتلاء کی حقیقت ہے، اگر یہ سعی اور جدوجہد کا قانون نہ ہوتا تو انسان اس رتبہ کمال کو نہ پہنچ سکتا جو اللہ تعالیٰ نے اس کی فطرت میں ودیعت کیا ہے اور جس کی وجہ سے وہ علم وعمل اور حکمت وپاکیزگی کی ایک بہترین مخلوق قرار پایا ہے۔

پھر چونکہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو ارادہ واختیار کی حکمت سے سرفراز فرمایا اس وجہ سے اس کے ساتھ وہ معاملہ کیا جو ایک آزاد وبااختیار مخلوق کے شایان شان ہے یعنی اس سے اطاعت وبندگی کا عہد لیا اس کو مجبور ومحکوم نہیں بنایا اور اس طرح وہ جزا وسزا کا مستحق ٹھہرا۔

ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سٰفِلِیْنَۙ ۝۵ اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ اَجْرٌ

پھر اسے نیچوں سے نیچا کر دیا، لیکن جو لوگ ایمان لائے اور (پھر) نیک عمل کئے تو ان کے لیے ایسا اجر ہے

غَیْرُ مَمْنُوْنٍؕ ۝۶ (التین ۵،۶)

جو کبھی ختم نہ ہو گا۔

---

[۱] الانفطار ۶تا۸

[۲] الشمس ۷،۸

انسان کی تکریم کے مختلف پہلو ہیں اس سورت میں ایک پہلو بیان فرمایا کہ ہم نے انسان کو بہترین طور پر تخلیق کیا ہے، جس طرح انسان کی یہ خوبصورتی جسمانی اور ظاہری شکل کے اعتبار سے ہے اسی طرح عقلی و روحانی کمالات کے اعتبار سے بھی ہے، انسان کو عطاکردہ ان عظیم نعمتوں پر شکر کرنا چاہیے تھا، مگر اکثر انسان منعم کے شکر سے منحرف اور لہو و لعب میں مشغول ہیں، لوگ اپنے لئے پست ترین معاملے اور بدترین اخلاق پر راضی ہیں، چنانچہ صلاحیت اور عمل کے اختیار کے بعد اگر کوئی انسان ناشکر اپن کا راستہ اختیار کرتا ہے، جسم اور ذہن کی طاقتوں کو برائی کے راستے میں استعمال کرتا ہے، حرص، طمع، خود غرضی، شہوت پرستی، نشہ بازی، کمینہ پن، غیظ و غضب اور ایسی ہی دوسری خصلتوں میں غرق ہوجاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے انہی جیسے اعمال ہی کی توفیق دیتا ہے اور پھر اخلاقی حیثیت سے گراتے گراتے اسے گراوٹ کی اس انتہا تک پہنچادیتا ہے کہ کوئی ادنیٰ ترین مخلوق گراوٹ میں اس حد کو پہنچی ہوئی نہیں ہوتی یعنی حیوانی اور شہوانی زندگی کو اپنا مقصد حیات بنا کر وہ حیوانوں سے بھی زیادہ پستیوں میں جاگرتا ہے، جیسے فرمایا:

وَلَقَدْ ذَرَاْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيْرًا مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ۡ لَهُمْ قُلُوْبٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ بِهَا ۡ وَلَهُمْ اَعْيُنٌ لَّا يُبْصِرُوْنَ بِهَا ۡ وَلَهُمْ اٰذَانٌ لَّا يَسْمَعُوْنَ بِهَا ۭ اُولٰۗىِٕكَ كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ ۭ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ۝۱۷۹ [1]

ترجمہ: اور یہ حقیقت ہے کہ بہت سے جن اور انسان ایسے ہیں جن کو ہم نے جہنم ہی کے لیے پیدا کیا ہے، ان کے پاس دل ہیں مگر وہ ان سے سوچتے نہیں، ان کے پاس آنکھیں ہیں مگر وہ ان سے دیکھتے نہیں، ان کے پاس کان تو ہیں مگر وہ ان سے سنتے نہیں وہ جانوروں کی طرح ہیں بلکہ ان سے بھی زیادہ گئے گزرے، یہ وہ لوگ ہیں جو غفلت میں کھوئے گئے ہیں۔

اَمْ تَحْسَبُ اَنَّ اَكْثَرَهُمْ يَسْمَعُوْنَ اَوْ يَعْقِلُوْنَ ۭ اِنْ هُمْ اِلَّا كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ سَبِيْلًا ۝۴۴ [2]

ترجمہ: کیا تم سمجھتے ہو کہ ان میں سے اکثر لوگ سنتے اور سمجھتے ہیں؟ یہ تو جانوروں کی طرح ہیں بلکہ ان سے بھی گئے گزرے۔

تو اللہ تعالیٰ انہیں جہنم کا سب سے نچلا حصہ جو اپنے رب کی نافرمانی کرنے والے سرکشوں کا مقام ہے میں گرادیتا ہے، اگر انسان ایمان و عمل صالح کی راہ کو اپنا مقصد حیات بنالے، اللہ تعالیٰ کو اپنا رب، اس کے رسولوں کو اللہ کا نائب، ان پر نازل کتابوں کو برحق، اچھی بری تقدیر، اللہ کی دوسری نظر نہ آنے والی مخلوقات جن و فرشتے وغیرہ اور روز آخرت پر ایمان لائے اور رسول کے فرمان کے مطابق عمل صالح و اخلاق فاضلہ پر قائم رہے، پس ان کے لئے ان اعمال کی وجہ سے بلند درجات ہیں، کبھی ختم نہ ہونے والا اجر ہے، بلکہ ان کے لئے وافر لذتیں، متواتر فرحتیں اور بکثرت نعمتیں اتنے عرصے تک حاصل ہوں گی جو کبھی ختم نہ ہوگا، وہ ایسی نعمتوں بھری جنت میں رہیں گے جو کبھی نہیں بدلے گی جس کے پھل اور سائے دائمی ہوں گے۔

فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّيْنِ ۝۷ۭ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ ۝۸ (التین ۷، ۸)

پس تجھے اب روز جزا کے جھٹلانے پر کون سی چیز آمادہ کرتی ہے، کیا اللہ تعالیٰ سب حاکموں کا حاکم نہیں ہے؟۔

پس اے انسان! جب تو اپنی پہلی اور اول مرتبہ پیدائش کو جانتا ہے، تو اللہ کی بے شمار نشانیوں کو دیکھتا ہے جن سے تجھے یقین حاصل ہوسکتا ہے

[1] الاعراف ۱۷۹

[2] الفرقان ۴۴

تو اللہ تعالیٰ کی انگنت نعمتوں کو بھی دیکھ چکا ہے یہ سب چیزیں تجھ پر واجب ٹھہراتی ہیں کہ تو حیات بعد الموت، جزا او سزا اور جنت و دوزخ میں سے کسی چیز کا انکار نہ کرے، مگر اتنی نشانیوں کے باوجود کون سی چیز تجھے اعمال کی جزا و سزا کے جھٹلانے پر آمادہ کرتی ہے، تم سوچتے نہیں کہ کیا اللہ تعالیٰ کی حکمت تقاضا کرتی ہے کہ مخلوق کو بے کار اور مہمل چھوڑ دیا جائے، ان کو نہ حکم دیا جائے اور نہ کسی چیز سے روکا جائے، ان کو اچھے اعمال کا ثواب اور برے اعمال کی سزا نہ دی جائے؟ جیسے فرمایا:

اَفَنَجْعَلُ الْمُسْلِمِیْنَ كَالْمُجْرِمِیْنَ ﴿۳۵﴾ مَا لَكُمْ ۫ كَیْفَ تَحْكُمُوْنَ ﴿۳۶﴾ (۱)

ترجمہ: کیا ہم فرمانبرداروں کو مجرموں کی طرح کر دیں؟ تم لوگوں کو کیا ہو گیا ہے تم کیسے حکم لگاتے ہو؟۔

اَمْ حَسِبَ الَّذِیْنَ اجْتَرَحُوا السَّیِّاٰتِ اَنْ نَّجْعَلَهُمْ كَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ سَوَآءً مَّحْیَاهُمْ وَ مَمَاتُهُمْ ؕ سَآءَ مَا یَحْكُمُوْنَ ﴿۲۱﴾ (۲)

ترجمہ: کیا وہ لوگ جنہوں نے برائیوں کا ارتکاب کیا ہے یہ سمجھے بیٹھے ہیں کہ ہم انہیں اور ایمان لانے والوں اور نیک عمل کرنے والوں کو ایک جیسا کر دیں گے کہ ان کا جینا اور مرنا یکساں ہو جائے؟ بہت برے حکم ہیں جو یہ لوگ لگاتے ہیں۔

وہ اللہ جس نے بنی نوع انسان کو کئی مراحل میں پیدا کیا، ان کو اتنی نعمتوں، بھلائیوں اور احسانات سے نوازا جن کا شمار ہی نہیں کیا جا سکتا، اس کی بہترین طور پر پرورش کی، کیا وہ اطاعت گزاروں اور نافرمانوں کے درمیان انصاف نہیں کرے گا، کیا وہ نیکو کاروں کو حسن عمل کی بہترین جزا اور بدترین افعال کرنے والوں کو دردناک عذاب نہیں دے گا، یقیناً وہ قادر مطلق جو کسی پر ظلم نہیں کرتا اور اس کے عدل ہی کا یہ تقاضا ہے کہ قیامت برپا کریگا اور ان سب کو اس گھر کی طرف لوٹائے گا جو ان کا ٹھکانا اور ان کی غایت و انتہا ہے، جس کا وہ قصد کرتے ہیں اور جس کی طرف وہ ارادہ رکھتے ہیں۔

البَرَاءَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ: وَالتِّينِ وَالزَّيْتُونِ فِي العِشَاءِ، وَمَا سَمِعْتُ أَحَدًا أَحْسَنَ صَوْتًا مِنْهُ أَوْ قِرَاءَةً

براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے میں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو عشاء کی نماز میں سورہ التین پڑھتے ہوئے سنا اور میں نے آپ سے زیادہ خوش آواز یا اچھا پڑھنے والا نہیں سنا۔ (۳)

أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَرَأَ مِنْكُمْ وَالتِّينِ وَالزَّيْتُونِ، فَانْتَهَى إِلَى آخِرِهَا: {أَلَيْسَ اللَّهُ بِأَحْكَمِ الْحَاكِمِينَ} (۴)، فَلْيَقُلْ: بَلَى، وَأَنَا عَلَى ذَلِكَ مِنَ الشَّاهِدِينَ

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی سورۂ التین پڑھے اور جب آخر میں پہنچے تو کہے ہاں اور میں

(۱) القلم ۳۵،۳۶

(۲) الجاثیۃ ۲۱

(۳) صحیح بخاری کتاب الاذان بَابُ القِرَاءَةِ فِي العِشَاءِ ۷۶۹،صحیح مسلم کتاب الصلاۃ بَابُ القِرَاءَةِ فِي العِشَاءِ ۱۰۳۹

(۴) [التین: 8

اس پر شہادت دینے والوں میں سے ہوں۔ (۱)

عثمان رضی اللہ عنہ بن مظعون کا اسلام:

عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُونِ بْنِ حَبِيبِ بْنِ وَهْبِ بْنِ حُذَافَةَ بْنِ جُمَحَ يكنى أبا السائب وأمه سخيلة بِنْت العنبس

ان کا نام عثمان والد کا نام مظعون اور کنیت ابوالسائب تھی اور والدہ کا نام سخيلة بِنْت العنبس تھا۔ (۲)

آپ قریش کے خاندان بنوجمح سے تعلق رکھتے تھے،

عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ قُدَامَةَ قَالَتْ:كَانَ عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُونٍ وَإِخْوَتُهُ مُتَقَارِبْيْنِ فِي الشَّبهِ، كَانَ عُثْمَانُ شَدِيدَ الأُدْمَةِ لَيْسَ بِالْقَصِيرِ وَلا بِالطَّوِيلِ. كَبِيرَ اللِّحْيَةِ عَرِيضَهَا

عائشہ بنت قدامہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ اور ان کے بھائی حلیے میں باہم ملتے جلتے تھے، عثمان رضی اللہ عنہ بہت سیاہ رنگ کے تھے، نہ بہت لانبے نہ بہت پستہ قد، داڑھی لمبی چوڑی تھی۔ (۳)

عثمان بن مظعون اپنے وعدے کے پکے، نیزہ وتلوار کے دھنی اور گھڑسواری کے ماہر تھے، آپ زمانہ جاہلیت میں بھی اس وقت کی تمام گندگیوں سے دور ممتاز اخلاق وکردار کے مالک تھے، اس دور میں جب عرب کے ہر گھر کا بچہ بچہ شراب کا رسیا تھا عثمان رضی اللہ عنہ کو ام الخبائث سے شدید نفرت تھی،

عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَابِطٍ قَالَ:زَعَمُوا أَنَّ عُثْمَانَ بْنَ مَظْعُونٍ حَرَّمَ الْخَمْرَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، وَقَالَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ: إِنِّي لا أَشْرَبُ شَيْئًا يُذْهِبُ عَقْلِي وَيُضْحِكُ بِي مَنْ هُوَ أَدْنَى مِنِّي وَيَحْمِلُنِي عَلَى أَنْ أُنْكِحَ كَرِيمَتِيَّ مَنْ لا أُرِيدُ

عبدالرحمٰن بن سابط کہتے ہیں عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ نے جاہلیت میں شراب کو حرام کرلیا تھا اور کہتے تھے میں کوئی ایسی چیز نہ پیوں گا جس سے میری عقل وفہم پر پردے پڑجائیں، نشے میں دھت ہوکر شرابی اپنی زبان سے بیہودہ باتیں کہتا ہے اور لوگوں کے مذاق کا نشانہ بنتا ہے اور مجھے اس کام پر اکسائے کہ میں اپنی بیٹی کا نکاح اس شخص سے کردوں جس سے میں نہیں چاہتا۔ (۴)

ایسا نیک فطرت انسان دین حق سے زیادہ دور نہیں رہ سکتا تھا

قَالَ ابْنُ إِسْحَاق: أَسْلَمَ عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُونٍ بعد ثلاثة عشر رجلًا

چنانچہ ابن اسحاق کہتے ہیں ابھی صرف تیرہ نفوس ہی حلقہ بگوش اسلام ہوئے تھے کہ سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ کی تحریک پر ارقم بن الارقم، ابوسلمہ عبداللہ بن الاسد، ابوعبیدہ بن الجراح، عبدالرحمٰن بن عوف اور عبیدہ بن الحارث کے ساتھ دائرہ اسلام میں داخل ہوکر السابقون الاولون کی صف میں

(۱) جامع ترمذی ابواب تفسیرالقرآن بَاب وَمِنْ سُورَةِ التِّينِ۳۳۴۷،سنن ابوداودکتاب الصلاةبَابُ مِقْدَارِ الرُّكُوعِ وَالسُّجُودِ ۸۸۷،مسند احمد۷۳۹۱

(۲) أسدالغابة في معرفة الصحابة۵۸۹/۳

(۳) ابن سعد۳۰۵/۳

(۴) الاستيعاب في معرفة الأصحاب۱۰۵۴/۳،سير أعلام النبلاء۱۰۱/۳،أسد الغابة في معرفة الصحابة۵۸۹/۳

شامل ہوگئے۔ (١)

عَنْ يَزِيدَ بْنِ رُومَانَ قَالَ: انْطَلَقَ عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُونٍ وَعُبَيْدَةُ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ الْمُطَّلِبِ وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ وَأَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الأَسَدِ وَأَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ حَتَّى أَتَوْا رَسُولَ اللَّهِ - صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - فعرض عَلَيْهِمُ الإِسْلَامَ وَأَنْبَأَهُمْ بِشَرَائِعِهِ فَأَسْلَمُوا جَمِيعًا فِي سَاعَةٍ وَاحِدَةٍ وَذَلِكَ قَبْلَ دُخُولِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَارَ الأَرْقَمِ. وَقَبْلَ أَنْ يَدْعُوَ فِيهَا.

یزید بن رومان کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ کے دار ارقم میں داخل ہونے سے پہلے عثمان بن مظعون اور عبیدہ بن حارث بن مطلب اور عبد الرحمٰن بن عوف اور ابوسلمہ بن عبد الاسد اور ابوعبیدہ بن الجراح ایک جگہ جمع ہو کر رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے، آپ ﷺ نے انہیں اسلام کی دعوت دی اور شریعت کی کچھ باتیں بتلائیں چنانچہ ان سب نے اسی وقت اس دعوت حقہ کو قبول کرلیا۔ (٢)

جب اہل مکہ کا ظلم وستم شروع ہوا تو دوسرے کی طرح یہ بھی اس کا نشانہ بنے، جب حالات نا قابل برداشت ہو گئے تو رسول اللہ ﷺ نے اہل ایمان کو مشورہ دیا کہ وہ حبشہ کے منصف مزاج بادشاہ کے ملک میں جاکر پناہ حاصل کریں اور جب تک اللہ تعالیٰ معاملہ آسان نہ فرمادے وہیں قیام کریں، آپ ﷺ کا فرمان سن کر ایک بڑی تعداد ہجرت کے لئے تیار ہوگئی مگر کیونکہ بیک وقت ایک کثیر تعداد کا ہجرت کرنا ممکن نہیں تھا اس لئے رجب میں گیارہ مرد اور چار خواتین پر مشتمل ایک قافلہ حبشہ روانہ ہوگیا جن میں عثمان رضی اللہ عنہ بن مظعون بھی شامل تھے، اس قافلہ کے امیر بھی عثمان بن مظعون ہی تھے۔ (٣)

یہ لوگ کفار سے بچ کر نکل جانے میں کامیاب ہوگئے اور حبشہ میں امن وسکون سے رہنے لگے۔

عَنِ ابْنِ إِسْحَاق، قَالَ: فلما بلغ من بالحبشة سجود أهل مكَّة مَعَ رَسُول اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أقبلوا، ومن شاء اللَّه منهم، وهم يرون أنهم قَدْ تابعوا النَّبِيّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فلما ادنوا من مكَّة بلغهم الأمر، فثقل عليهم أن يرجعوا، وتخوفوا أن يدخلوا مكَّة بغير جوار، فمكثوا حتَّى دخل كل رَجُل منهم بجوار من بعض أهل مكَّة، وقدم عثمان بْن مظعون بجوار الْوَلِيد بْن المغيرة

ابن اسحاق کہتے ہیں حبشہ ہی میں مسلمانوں کو کسی طرح یہ خبر ملی کہ مشرکین مکہ نے اسلام قبول کرلیا ہے یا یہ کہ مشرکین اور رسول اللہ ﷺ کے درمیام مفاہت ہوگئی ہے، یہ خبر سن کر اہل ایمان بہت خوش ہوئے اور واپسی کا قصد کیا مگر جب مکہ مکرمہ کے قریب پہنچے تو معلوم ہوا کہ یہ تو محض ایک افواہ تھی صحابہ کرام سوچ میں پڑ گئے کہ آیا واپس حبشہ چلے جائیں یا اپنے وطن میں داخل ہو کر مشرکین کے ظلم وستم کا نشانہ بنیں، آخر یہ فیصلہ ہوا کہ واپس حبشہ جانے کے بجائے اپنے رشتہ داروں، دوست احباب یا بعض قریشی سرداروں کی حمایت حاصل کر کے شہر میں داخل ہوجائیں، چنانچہ سب نے کسی نہ کسی طرح پناہ حاصل کرلی اور مکہ میں داخل ہو گئے، عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ ولید بن مغیرہ کی پناہ حاصل کر کے

(١) الاستيعاب في معرفة الأصحاب ١٠٥٣/٣، سير أعلام النبلاء ١٠١/٣، الإصابة في تمييز الصحابة ٣٨١/٤
(٢) ابن سعد ٣٠٠/٣
(٣) سير السلف الصالحين لإسماعيل بن محمد الأصبهاني ٥٤٧/١

مکہ میں داخل ہوئے۔

جب مشرکین کاانسانیت سوز ظلم وستم برداشت سے باہر ہوگیا تو رسول اللہ ﷺ نے مسلمانوں کو دوبارہ حبشہ جانے کی اجازت فرمادی لیکن اب مشرکین مکہ بڑے چوکنا تھے،اب مکہ مکرمہ سے ہجرت کرنااتنا اسان نہ تھا پھر بھی کسی نہ کسی طرح تریاسی مرد اور بیس خواتین ہجرت کر کے حبشہ پہنچنے میں کامیاب ہوگئے،ان میں عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ،ان کے کمسن بیٹے سائب اور دو بھائی قدامہ رضی اللہ عنہ اور عبداللہ بن مظعون بھی شامل تھے،مشرکین نے ان لوگوں کی واپسی کے جتن کیے اور ابوجہل کے ماں جائے بھائی عبداللہ بن ربیعہ اور عمرو بن العاص کو قیمتی تحایف کے ساتھ نجاشی کے پاس بھیجامگر ان کی یہ سفارتی کوشش بری طرح ناکام ہوگئی اور الٹانجاشی مسلمان ہوگیا،جب مہاجرین کو علم ہوا کہ رسول اللہ ﷺ ہجرت فرماکر مدینہ منورہ چلے گئے ہیں تو یہ لوگ بھی رسول اللہ ﷺ کے زیر سایہ رہنے کے لئے بے قرار ہوگئے،ان میں ۳۳ مرد اور آٹھ خواتین مکہ مکرمہ کے راستے مدینہ منورہ جانے کے لئے تیار ہوگئے ان میں عثمان رضی اللہ عنہ،ان کے بیٹے سائب اور دونوں بھائی قدامہ رضی اللہ عنہ اور عبداللہ بن مظعون بھی شامل تھے، مکہ مکرمہ میں چند دن قیام کے بعد عثمان رضی اللہ عنہ اپنے تمام اہل وعیال کے ہمراہ مدینہ منورہ ہجرت کر گئے،

وَغُلِّقَتْ بُيُوْتُهُمْ بِمَكَّةَ

اور مکہ میں ان کے گھروں کو تالے لگ گئے،

مدینہ میں انہوں نے عبداللہ بن سلمہ عجلانی کے گھر پر قیام کیا،جب رسول اللہ ﷺ کو ان لوگوں کے آنے کی خبر ہوئی تو بہت خوش ہوئے اور عثمان رضی اللہ عنہ اور ان کے خاندان کو مکانات کی تعمیر کے لئے ایک وسیع قطعہ اراضی مرحمت فرمایا،

آخَى رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبُو الهَيْثَمِ ابْنُ التَّيِّهَانِ وَبَيْنَ عُثْمَانَ بِنِ مَظْعُوْنٍ

جب رسول اللہ ﷺ نے مہاجرین اور انصار میں مواخاۃ قائم فرمائی تو عثمان رضی اللہ عنہ کو جلیل القدر صحابی ابوالہیثم بن اتیہان انصاری کا بھائی بنایا۔[1]

عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ غزوہ بدر میں شامل ہوئے اور بڑی بہادری اور سرفروشی سے قریش کے ایک بہت بڑے بہادر جنگجو اوس بن المعبر بن نوران جو مسلمانوں پر بڑھ چڑھ کر حملے کر رہا تھا کی طرف بڑھے،اسی اثنا میں سیدنا علی رضی اللہ عنہ بن ابی طالب بھی اس کی طرف بڑھے اور دونوں جانبازوں نے اس کا کام تمام کر دیا،ایک اور مشرک حنظلہ بن قبیصہ کو مغلوب کر کے سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ نے گرفتار کرلیا،جنگ بدر سے واپس آئے تو علیل ہوگئے،انصاری بھائی اور ان کے اہلیہ ام العلاء انصاریہ نے دلجمی اور دلسوزی کے ساتھ تیمارداری کی اور معقول علاج کروایا مگر علالت کا سلسلہ طویل ہوتا گیا یہاں تک کہ ۲ ہجری کے آخر میں خالق حقیقی کی طرف سے بلاوا آ گیا،ان کی وفات پر مدینہ منورہ میں کہرام مچ گیا اور جس جس نے ان کی رحلت کی خبر سنی ششدر رہ گیا،رسول اللہ ﷺ خود چشم پرنم ام العلاء کے گھر تشریف لے گئے،

وروى ابْنُ عَبَّاس أن النَّبِيّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دخل عَلَى عثمان بْن مظعون حين مات، فانكب عَلَيْهِ ورفع رأسه، ثُمَّ حنى الثانية، ثُمَّ قَالَ: اسْتَغْفِرُ اللَّهَ،أَذْهِبْ عليك أَبَا السَّائِبِ، فقد خرجت مِنْهَا وَلَمْ تَلَبَّسْ مِنْهَا بِشَيْءٍ

---

[1] سیر أعلام النبلاء ۱۲۱؍۳

عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں جب عثمان بن مظعون فوت ہو گئے تو نبی کریم ﷺ وہاں تشریف لائے اور میت کی پیشانی پر تین بار بوسہ دیا اور گلو گیر ہو کر فرمایا میں اللہ تعالیٰ سے تمہاری مغفرت کی دعا کرتا ہوں، ابو السائب میں تم سے جدا ہوتا ہوں تم دنیا سے اس طرح رخصت ہوئے کہ تمہارا دامن ذرہ برابر اس سے آلودہ نہ ہونے پایا۔ (۱)

فَقُلْتُ: رَحْمَةُ اللَّهِ عَلَيْكَ أَبَا السَّائِبِ، فَشَهَادَتِي عَلَيْكَ: لَقَدْ أَكْرَمَكَ اللَّهُ،فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:وَمَا يُدْرِيكِ أَنَّ اللَّهَ قَدْ أَكْرَمَهُ؟فَقُلْتُ: بِأَبِي أَنْتَ يَا رَسُولَ اللَّهِ، فَمَنْ يُكْرِمُهُ اللَّهُ؟فَقَالَ:أَمَّا هُوَ فَقَدْ جَاءَهُ اليَقِينُ، وَاللَّهِ إِنِّي لَأَرْجُو لَهُ الخَيْرَ، وَاللَّهِ مَا أَدْرِي، وَأَنَا رَسُولُ اللَّهِ، مَا يُفْعَلُ بِي،قَالَتْ: فَوَاللَّهِ لاَ أُزَكِّي أَحَدًا بَعْدَهُ أَبَدًا حَدَّثَنَا

ام العلا رضی اللہ عنہا نے رسول اللہ ﷺ کے سامنے میت کو مخاطب ہو کر کہا ابو السائب! تم پر اللہ کی رحمت ہو میں شہادت دیتی ہوں کہ اللہ نے تمہیں معزز کیا، نبی کریم ﷺ اگرچہ عثمان رضی اللہ عنہ سے غایت درجہ محبت فرماتے تھے مگر ان کی بات سن کر فرمایا ام العلاء رضی اللہ عنہا تمہیں یہ کیسے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں معزز فرمایا ہے؟ انہوں نے عرض کیا اے اللہ کے رسول ﷺ! اللہ تعالیٰ انہیں معزز نہیں فرمائے گا تو کسے فرمائے گا؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ان پر موت آئی ہے بخدا میں اس کے لئے خیر کا امیدوار ہوں بخدا میں یقین کے ساتھ نہیں جانتا ہوں حالانکہ میں اللہ کا رسول ہوں کہ میرے ساتھ کیا کیا جائے گا، ام علاء رضی اللہ عنہا نے کہا کہ بخدا میں نے اس کے بعد کسی کے متعلق کبھی بھی پاک ہونے کی شہادت نہیں دی۔ (۲)

جَاءَتْ خَوْلَةُ بِنْتُ حَكِيمٍ امْرَأَةُ عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُونٍ

عثمان رضی اللہ عنہ کی بیوی کا نام خولہ بنت حکیم تھا جن کا تعلق قبیلہ سلیم سے تھا۔ (۳)

اور مسند احمد کے مطابق رشتہ میں رسول اللہ ﷺ کی خالہ تھیں، یہ بہت ہی عبادت گزار اور نیک سیرت خاتون تھیں اپنے شوہر کی وفات کے بعد دوسرا نکاح نہیں کیا، عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ عبادت میں اس قدر محو ہو گئے کہ بیوی بچوں سے غافل ہو گئے جس کے نتیجہ میں ان کی زوجہ نے بناؤ سنگار چھوڑ دیا اور بہت ہی سادہ حالت میں رہنے لگیں۔

دَخَلَتِ امْرَأَةُ عُثْمَانَ بِنِ مَظْعُونٍ عَلَى نِسَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَأَيْنَهَا سَيِّئَةَ الْهَيْئَةِ فَقُلْنَ لَهَا: مالك؟ فَمَا فِي قُرَيْشٍ أَغْنَى مِنْ بَعْلِكِ! قَالَتْ أَمَّا لَيْلُهُ فَقَائِمٌ وَأَمَّا نَهَارُهُ فَصَائِمٌ،فَدَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْنَ ذَلِكَ لَهُ فَلَقِيَهُ فَقَالَ:يَا عُثْمَانَ بْنَ مَظْعُونٍ، أَمَا لَكَ بِيَّ أُسْوَةٌ؟فَقَالَ: يَا بِأَبِي وَأُمِّي وَمَا ذَاكَ؟قَالَ:تَصُومُ النَّهَارَ وَتَقُومُ اللَّيْلَ، قَالَ: إِنِّي لَأَفْعَلُ،قَالَ:لَا تَفْعَلْ إِنَّ لِعَيْنَيْكَ عَلَيْكَ حَقًّا وَإِنَّ لِجَسَدِكَ حَقًّا وَإِنَّ لِأَهْلِكَ حَقًّا فَصَلِّ وَنَمْ وَصُمْ وَأَفْطِرْ فَأَتَتْهُنَّ بَعْد ذَلِكَ عَطِرَةً كَأَنَّهَا عَرُوسٌ

(۱) الاستيعاب في معرفة الأصحاب١٠٥٥/٣،أسد الغابة في معرفة الصحابة٥٨٩/٣، سير السلف الصالحين لإسماعيل بن محمد الأصبهاني٥٤٨/١

(۲) صحيح بخاری كِتَابُ الجَنَائِزِ بَابُ الدُّخُولِ عَلَى المَيِّتِ بَعْدَ المَوْتِ إِذَا أُدْرِجَ فِي أَكْفَانِهِ

(۳) مسند احمد٢٥٧٦٩

ایک دن اتفاق سے حرم نبوی میں آئیں تو امہات المومنین نے انہیں اس قدر سادہ حالت میں دیکھا تو بڑی حیران ہوئیں اور پوچھا خولہ یہ آپ نے اپنی کیا حالت بنا رکھی ہے تمہارے شوہر تو قریش کے آسودہ حال لوگوں میں شمار ہوتے ہیں، وہ بولیں میرا ان سے کیا واسطہ ہے وہ تو دن بھر روزے سے ہوتے ہیں اور رات بھر نمازیں پڑھتے ہیں، امہات المومنین بات کی تہہ تک پہنچ گئیں اور نبی کریم ﷺ سے عثمان رضی اللہ عنہ کی عبادت کا تذکرہ کیا، آپ ﷺ اسی وقت عثمان رضی اللہ عنہ کے گھر تشریف لے گئے اور فرمایا اے عثمان! کیا میری ذات تمہارے لئے نمونہ نہیں ہے؟ انہوں نے عرض کیا اے اللہ کے رسول ﷺ میرے ماں باپ آپ پر قربان یہ کیا بات ہوئی؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم مسلسل روزے رکھتے ہو اور رات بھر عبادت میں مصروف رہتے ہو، انہوں نے عرض کیا جی ہاں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ایسا نہ کرو تم پر تمہاری آنکھوں کا حق ہے، تمہارے جسم کا تم پر حق ہے، اور تمہارے بیوی بچوں کا حق بھی تم پر ہے، نمازیں بھی پڑھو اور آرام بھی کرو روزے بھی رکھو اور افطار بھی کرو، عثمان رضی اللہ عنہ نے عرض کیا اے اللہ کے رسول ﷺ! آئندہ اسی طرح عمل کروں گا، اس واقعہ کے چند دن بعد ان کی زوجہ پھر اتفاق سے حرم نبوی میں حاضر ہوئیں تو انہوں نے اچھا لباس اور بناؤ سنگار کر رکھا تھا گویا وہ دلہن ہیں۔ (۱)

عثمان رضی اللہ عنہ نہایت عبادت گزار، مجسمہ خشیت الٰہی، وعدے کے پکے اور فیاض تھے۔

عُمَارَةَ بِنِ غُرَابٍ الْيَحْصِبِيِّ أَنَّ عُثْمَانَ بْنَ مَظْعُونٍ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي لا أُحِبُّ أَنْ تَرَى امْرَأَتِي،قال رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَلِمَ؟قَالَ:أَسْتَحْيِي مِنْ ذَلِكَ وَأَكْرَهُهُ،قَالَ: إِنَّ اللَّهَ جَعَلَهَا لَكَ لِبَاسًا وَجَعَلَكَ لَهَا لِبَاسًافلما أدبر قال رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ ابْنَ مَظْعُونٍ لَحَيِيٌّ سِتِّيرٌ

عمارہ بن غراب سے مروی ہے ایک روز عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے (اور اپنی طبیعت کے رجحان کا ذکر کیا) اور عرض کیا اے اللہ کے رسول ﷺ! میں نہیں چاہتا کہ مجھے میری عورت دیکھے، رسول اللہ ﷺ نے دریافت فرمایا کیوں؟ انہوں نے کہا میں اس سے شرماتا ہوں اور اسے ناپسند کرتا ہوں، آپ ﷺ نے فرمایا اے عثمان! اللہ نے تمہاری بیوی کو تمہارے لئے اور تمہیں اس کے لئے پردہ بنایا ہے جب وہ مجلس نبوی سے رخصت ہوئے تو رسول اللہ ﷺ نے تعریفی لہجے میں فرمایا عثمان بن مظعون بڑے حیادار اور ستر چھپانے والے ہیں۔ (۲)

عَنْ أَبِي قِلابَةَ أَنَّ عُثْمَانَ بْنَ مَظْعُونٍ اتَّخَذَ بَيْتًا فَقَعَدَ يَتَعَبَّدُ فِيهِ ، فَبَلَغَ ذَلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَتَاهُ فَأَخَذَ بِعِضَادَتَيْ بَابِ الْبَيْتِ الَّذِي هُوَ فِيهِ فَقَالَ: يَا عُثْمَانُ إِنَّ اللَّهَ لَمْ يَبْعَثْنِي بِالرَّهْبَانِيَّةِ. مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلاثًا وَإِنَّ خَيْرَ الدِّينِ عِنْدَ اللَّهِ الْحَنِيفِيَّةُ السَّمْحَةُ

ابی قلابہ سے مروی ہے عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ نے ایک کوٹھڑی بنائی ہوئی تھی جس میں بیٹھ کر وہ عبادت کیا کرتے تھے، نبی کریم ﷺ کو معلوم ہوا تو ان کے پاس آئے اور اس کوٹھڑی کا دروازے کا ایک پٹ پکڑ کر دو یا تین بار فرمایا اے عثمان رضی اللہ عنہ! اللہ تعالیٰ نے مجھے رہبانیت کے ساتھ مبعوث نہیں فرمایا اللہ کے نزدیک سب سے بہترین دین حنفیہ (یعنی خالص توحید و دین ابراہیمی) ہے۔ (۳)

---

(۱) ابن سعد۳۰۲؍۳،سیر أعلام النبلاء۱۰۱؍۳

(۲) ابن سعد۳۰۱؍۳

(۳) ابن سعد۳۰۲؍۳

وَشَهِدَ عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُونٍ بَدْرًا وَمَاتَ فِي شَعْبَانَ عَلَى رَأْسِ ثَلَاثِينَ شَهْرًا مِنَ الْهِجْرَةِ
عثمان بن مظعون غزوہ بدر میں شریک ہوئے اور ہجرت کے تیسویں مہینے شعبان میں وفات پائی۔ (۱)

وهو أول رَجُل مات بالمدينة من المهاجرين
آپ مہاجرین مکہ میں پہلے شخص تھے جو مدینہ منورہ میں فوت ہوئے۔ (۲)

كَانَ عُثْمَان بْن مظعون أول رجل مات بالمدينة من المهاجرين بعد ما رجع من بدر
عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ مہاجرین مکہ میں پہلے شخص تھے جو مدینہ منورہ میں غزوہ بدر کے بعد فوت ہوئے۔

(۳) أول من دفن بالبقيع عُثْمَان بْن مظعون أَبُو السائب
آپ عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ ابو سائب پہلے صحابی رسول ہیں جنہیں جنت البقیع میں دفن کیا گیا۔ (۴)

فلما غسل وكفن قبل رَسُول اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بين عينيه
جب انہیں غسل اور کفن پہنادیا گیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے دونوں آنکھوں کے درمیان بوسہ دیا۔ (۵)

أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى عَلَى عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُونٍ , فَكَبَّرَ أَرْبَعًا
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی نماز جنازہ پڑھائی اور چار تکبیرات کہیں۔ (۶)

نَزَلَ فِي قَبْرِ عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُونٍ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - قَائِمٌ عَلَى شَفِيرِ الْقَبْرِ. عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَظْعُونٍ وَقُدَامَةُ بْنُ مَظْعُونٍ وَالسَّائِبُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُونٍ وَمَعْمَرُ بْنُ الْحَارِثِ
عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کی قبر میں عبد اللہ بن مظعون اور قدامہ رضی اللہ عنہ بن مظعون اور سائب بن عثمان ابن مظعون اور معمر بن حارث اترے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم قبر کے کنارے کھڑے تھے۔ (۷)

فَوَضَعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَجَرًا عِنْدَ رَأْسِهِ
دفن کرنے کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی قبر پر علامت کے طور پر سر کی طرف ایک پتھر رکھا۔ (۸)

---

(۱) ابن سعد ۳۰۳/۳

(۲) أسد الغابة في معرفة الصحابة ۵۸۹/۳

(۳) (الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب ۱۰۵۳/۳)

(۴) الاستيعاب في معرفة الأصحاب ۱۰۵۵/۳، أسد الغابة في معرفة الصحابة ۵۸۹/۳، سير أعلام النبلاء ۱۸۷/۳

(۵) الاستيعاب في معرفة الأصحاب ۱۰۵۳/۳

(۶) معجم الصحابة لابن قانع ۳۵۹/۲، تاريخ دمشق لابن عساكر ۳۰/۹

(۷) ابن سعد ۳۰۳/۳

(۸) الاستيعاب في معرفة الأصحاب ۱۰۵۴/۳، سير أعلام النبلاء ۱۰۱/۳، ابن سعد ۳۰۳/۳

مضامین سورۃ الزلزال:

اس میں زلزلے کی خبر دی گئی ہے، بعض مفسرین نے اس زلزلہ سے مراد وہ پہلا زلزلہ لیا ہے جس سے قیامت کے پہلے مرحلے کا آغاز ہوگا، کائنات کا نظام درہم برہم ہوجائے گا اور جب ساری مخلوق ہلاک ہوجائے گی، لیکن مفسرین کی ایک بڑی جماعت کے نزدیک اس سے مراد وہ زلزلہ ہے جس سے قیامت کا دوسرا مرحلہ شروع ہوگا یعنی جب تمام اگلے پچھلے انسان دوبارہ زندہ ہوکر اٹھیں گے کیونکہ بعد کا سارا مضمون اسی بات پر دلالت کرتا ہے اس لئے دوسری تفسیر صحیح ہے، اس سورہ میں موت اور موت کے بعد کی زندگی کے ذکر میں ایک انوکھا اور نرالا انداز اختیار کیا گیا کہ حشر کے میدان میں انسان کی زندگی کے اعمال کا پورا کچا چٹھا مکمل طور پر اس کے سامنے آجائے گا، انسان اس دنیا کی رنگینیوں اور چکا چوند روشنی میں اس قدر غرق ہو چکا ہے کہ اس کو موت کا احساس تک نہیں مگر جوں ہی موت کا فرشتہ آئے گا تو یہ غافل انسان حسرت سے کہے گا کہ یہ کیا ہوگیا؟ موت کے بعد انسان زمین کے گوشے گوشے سے گروہ در گروہ دوبارہ زندہ ہوکر اپنے مرقدوں سے نکل آئیں گے تاکہ ان کے اعمال ان کو دکھائے جائیں اور اعمال کی یہ پیشی ایسی مکمل اور مفصل ہوگی کہ کوئی ذرہ برابر نیکی یا بدی بھی ایسی نہ رہ جائے گی جو سامنے نہ آجائے، رسول اللہ ﷺ نے ایک بدو کے سامنے آیت فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ ۝ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ ۝ پڑھی، اس نے کہا اے اللہ کے رسول اللہ ﷺ! بس مجھے زندگی بھر کے لیے یہی ایک آیت کافی ہے، رسول اللہ ﷺ نے مسکراتے ہوئے فرمایا کہ بات اس کی سمجھ میں آگئی ہے، یہ دوسری زندگی بڑی حیران کن ہوگی، اللہ تعالیٰ کے حکم سے بے جان زمین کلام کرے گی اور انسان کے افعال واقوال اور حرکات وسکنات کی گواہی دے گی کہ کون سا عمل کہاں اور کن اوقات میں کیا گیا تھا، زمین کا ذرہ ذرہ اپنے راز اور بوجھ اگل دے گا، ہر انسان کو اس کی اچھائی اور برائی کا ذرا ذرا بدلہ دیا جائے گا انسان اپنے اعمال کی بدولت دو گروہوں میں بٹ جائیں گے ایک گروہ شقی لوگوں کا اور ایک گروہ سعید لوگوں کا ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بے حد مہربان نہایت رحم والا ہے

اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا ۝۱ وَ اَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا ۝۲ وَ قَالَ الْاِنْسَانُ مَا

جب زمین پوری طرح جھنجھوڑ دی جائے گی اور اپنے بوجھ باہر نکال پھینکے گی، انسان کہنے لگے گا اسے کیا

لَهَا ۝۳ يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا ۝۴ بِاَنَّ رَبَّكَ اَوْحٰى لَهَا ۝۵ (الزلزال ۱تا۵)

ہوگیا؟ اس دن زمین اپنی سب خبریں بیان کردے گی اس لیے کہ تیرے رب نے اسے حکم دیا ہوگا۔

جب قیامت کے پہلے مرحلہ میں صور پھونکتے ہی زمین کو جھٹکے پر جھٹکے دے کر شدت کے ساتھ ہلا دیا جائے گا، پھر دوسرے صور میں زمین اپنے اندر انسانوں، ان کے افعال واقوال اور حرکات وسکنات کی شہادتوں کا انبار، سونا چاندی، جواہر اور ہر قسم کی دولت کے ڈھیر سب باہر نکال پھینکے گی، جیسے فرمایا:

وَإِذَا الْأَرْضُ مُدَّتْ ﴿٣﴾ وَأَلْقَتْ مَا فِيهَا وَتَخَلَّتْ ﴿٤﴾ [1]

ترجمہ: اور جب زمین پھیلادی جائے گی اور جو کچھ اس کے اندر ہے اسے باہر پھینک کر خالی ہوجائے گی۔

اور انسان قبروں سے جسم وجان کے ساتھ باہر نکل کر آئیں گے، جیسے فرمایا:

وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَإِذَا هُمْ مِّنَ الْأَجْدَاثِ إِلَىٰ رَبِّهِمْ يَنسِلُونَ ﴿٥١﴾ قَالُوا يَا وَيْلَنَا مَن بَعَثَنَا مِن مَّرْقَدِنَا... ﴿٥٢﴾ [2]

ترجمہ: پھر ایک صور پھونکا جائے گا اور یکایک یہ اپنے رب کے حضور پیش ہونے کے لیے اپنی قبروں سے نکل پڑیں گے گھبرا کر کہیں گے ارے یہ کس نے ہمیں ہماری خواب گاہ سے اٹھا کھڑا کیا؟۔

پھر جیسے ہی ہوش میں آئیں گے زمین کو اپنا سونا چاندی جواہر وغیرہ باہر نکال کر پھینکتے دیکھ کر دہشت زدہ ہو کر کہیں گے کہ زمین کیوں اس طرح ہل رہی ہے اور اپنے خزانے اگل رہی ہے، بعد میں انسانوں پر یہ بات کھلے گی کہ یہ تو روز حشر ہے جس کو ہم بعید از قیاس سمجھتے تھے،

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَقِيءُ الْأَرْضُ أَفْلَاذَ كَبِدِهَا، أَمْثَالَ الْأُسْطُوَانِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ، فَيَجِيءُ الْقَاتِلُ فَيَقُولُ: فِي هَذَا قَتَلْتُ، وَيَجِيءُ الْقَاطِعُ فَيَقُولُ: فِي هَذَا قَطَعْتُ رَحِمِي، وَيَجِيءُ السَّارِقُ فَيَقُولُ: فِي هَذَا قُطِعَتْ يَدِي، ثُمَّ يَدَعُونَهُ فَلَا يَأْخُذُونَ مِنْهُ شَيْئًا

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا زمین اپنے کلیجے کے ٹکڑوں کو قے کر دے گی جیسے سونے اور چاندی کے بڑے کھمبے ہوتے ہیں، چور بھی کہے گا کہ اسی کی محبت میں میں نے ہاتھ کٹوا دیے تھے، قاتل اسے دیکھ کر افسوس کرتا ہوئے کہے گا کہ ہائے اسی مال کے لئے میں نے فلاں کو قتل کیا تھا، اسی طرح صلہ رحمی توڑنے والا بھی کہے گا کہ اسی کی محبت میں آکر رشتے داروں سے میں سلوک نہیں کرتا تھا الغرض وہ مال یونہی رلتا پھرے گا اور اسے کوئی نہیں اٹھائے گا۔ [3]

عذاب جہنم سے بچنے کے لئے مجرم اپنے جرم سے ہی انکار کر دیں گے تو اللہ تعالیٰ ان کے اعمال کو مجسم شکل عطا فرمائے گا اور وہ گواہوں میں شامل ہو کر ان کے خلاف گواہی دیں گے، یعنی ہر چیز کے کان، آنکھیں اور شعور ہے جس سے انہیں اپنے ماحول کا ادراک ہوتا ہے اور ان کی اپنی ایک یادداشت بھی ہے جس کی بنا پر جو کچھ ان پر وارد ہوتا ہے ہمیشہ یاد رکھتی ہیں اور وقت آنے پر ظاہر کر دیں گی، اللہ تعالیٰ انسانوں کے اعضا کو زبان عطا فرمائے گا اور انسان کے ہاتھ، پاؤں، آنکھیں، کان، کھال اور زبان اس کے خلاف گواہی دیں گے، جیسے فرمایا:

الْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلَىٰ أَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَا أَيْدِيهِمْ وَتَشْهَدُ أَرْجُلُهُم بِمَا كَانُوا يَكْسِبُونَ ﴿٦٥﴾ [4]

ترجمہ: آج ہم ان کے منہ بند کیے دیتے ہیں، اِن کے ہاتھ ہم سے بولیں گے اور ان کے پاؤں گواہی دیں گے کہ یہ دنیا میں کیا کمائی کرتے

---

[1] الانشقاق ۳،۴

[2] یٰسین ۵۱،۵۲

[3] صحیح مسلم کتاب الزکاة بَابُ التَّرْغِيبِ فِي الصَّدَقَةِ قَبْلَ أَنْ لَا يُوجَدَ مَنْ يَقْبَلُهَا ۲۳۴۱،جامع ترمذی ابواب الفتن بَابُ مَا جَاءَ فِي أَشْرَاطِ السَّاعَةِ ۲۲۰۹،صحیح ابن حبان ۶۶۹۷،شرح السنة للبغوی ۴۲۴۱،۳۵/۱۵

[4] یٰسین ۶۵

رہے ہیں۔

يَّوۡمَ تَشۡهَدُ عَلَيۡهِمۡ اَلۡسِنَتُهُمۡ وَاَيۡدِيۡهِمۡ وَاَرۡجُلُهُمۡ بِمَا كَانُوۡا يَعۡمَلُوۡنَ ﴿۲۴﴾ (۱)

ترجمہ: وہ اس دن کو بھول نہ جائیں جبکہ ان کی اپنی زبانیں اور ان کے اپنے ہاتھ پاؤں اس کے کرتوتوں کی گواہی دیں گے۔

حَتّٰۤى اِذَا مَا جَآءُوۡهَا شَهِدَ عَلَيۡهِمۡ سَمۡعُهُمۡ وَاَبۡصَارُهُمۡ وَجُلُوۡدُهُمۡ بِمَا كَانُوۡا يَعۡمَلُوۡنَ ﴿۲۰﴾ وَقَالُوۡا لِجُلُوۡدِهِمۡ لِمَ شَهِدۡتُّمۡ عَلَيۡنَا ؕ قَالُوۡۤا اَنۡطَقَنَا اللّٰهُ الَّذِىۡۤ اَنۡطَقَ كُلَّ شَىۡءٍ ... ﴿۲۱﴾ (۲)

ترجمہ: پھر جب سب وہاں پہنچ جائیں گے تو ان کے کان اور ان کی آنکھیں اور ان کے جسم کی کھالیں ان پر گواہی دیں گی کہ وہ دنیا میں کیا کچھ کرتے رہے ہیں، وہ اپنے جسم کی کھالوں سے کہیں گے تم نے ہمارے خلاف کیوں گواہی دی؟ وہ جواب دیں گی ہمیں اسی اللہ نے گویائی دی ہے جس نے ہر چیز کو گویا کر دیا ہے۔

یعنی انسان کا اپنا جسم بھی اس کا دوست نہیں بلکہ ہمارے اوپر اللہ تعالیٰ کا جاسوس ہے، ہاتھ پاؤں عقل دماغ سب اسی وقت تک ہمارے ہیں جب تک ہم ان سے اچھے کام لیتے ہیں اگر انہیں غلط کاموں کے لیے استعمال کیا تو عالم آخرت میں یہی ہمارے دشمن ہوں گے، پھر اللہ تعالیٰ زمین کو شہادت دینے کے لئے کہے گا تا کہ انسان خود اپنے کرتوتوں کی داستان سن لے اور کوئی بہانہ نہ بنا سکے، پس زمین نافرمانی نہیں کرے گی اور کھلے طور پر عمل کرنے والوں کے اچھے برے اعمال کی صاف صاف گواہی دے گی کہ فلاں فلاں شخص نے اس کی پشت پر فلاں فلاں نافرمانی کی ہے۔

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَرَأَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَوۡمَئِذٍ تُحَدِّثُ أَخۡبَارَهَا قَالَ: أَتَدْرُونَ مَا أَخْبَارُهَا؟ قَالُوا: اللَّهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ، قَالَ: فَإِنَّ أَخْبَارَهَا أَنْ تَشْهَدَ عَلَى كُلِّ عَبْدٍ أَوْ أَمَةٍ بِمَا عَمِلَ عَلَى ظَهْرِهَا أَنْ تَقُولَ: عَمِلَ كَذَا وَكَذَا يَوْمَ كَذَا وَكَذَا قَالَ: فَهَذِهِ أَخْبَارُهَا

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت "اس دن زمین اپنی سب خبریں بیان کر دے گی۔" پڑھ کر پوچھا جانتے ہو اس کے وہ حالات کیا ہیں؟ لوگوں نے عرض کیا اللہ اور اس کے رسول کو زیادہ علم ہے، فرمایا وہ حالات یہ ہیں کہ زمین ہر بندے اور بندی کے بارے میں اس عمل کی گواہی دے گی جو اس کی پیٹھ پر اس نے کیا ہو گا، وہ کہے گی کہ اس نے فلاں دن فلاں کام کیا تھا، یہ ہیں وہ حالات جو زمین بیان کرے گی۔ (۳)

رَبِيعَةَ الْجُرَشِيِّ يَقُولُ: إِنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: تَحَفَّظُوا مِنَ الْأَرْضِ، فَإِنَّهَا أُمُّكُمْ، وَإِنَّهُ لَيْسَ مِنْ أَحَدٍ

(۱) النور ۲۴

(۲) حم السجدة ۲۱،۲۰

(۳) جامع ترمذی کتاب صفة القيامة بَابُ مَا جَاءَ فِي العَرْضِ ۲۴۲۹، وکتاب تفسیرالقرآن باب وَمِنْ سُورَةِ إِذَا زُلْزِلَتِ الأَرْضُ ۳۳۵۳، مسند احمد ۸۸۶۷، مستدرک حاکم ۳۰۱۲، السنن الکبری للنسائی ۱۱۶۲۹، شرح السنة للبغوی ۴۳۰۸، تفسیر القرطبی ۲۰/۱۴۸

عَامِلٌ عَلَيْهَا خَيْرًا أَوْ شَرًّا، إِلَّا وَهِيَ مُخبرة

ربیعۃ الخرشی سے مروی ہے رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا ذرا زمین سے بچ کر رہنا کیونکہ یہ تمہاری جڑ بنیاد ہے،اور اس پر عمل کرنے والا کوئی شخص ایسا نہیں ہے جس کے عمل کی یہ خبر نہ دے خواہ اچھا ہو یا برا۔ (۱)

عنْ أَنَسٍ، أَنَّهُ سَمِعَهُ يُحَدِّثُ عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ الْأَرْضَ لَتُخْبِرُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِكُلِّ عَمَلٍ عُمِلَ عَلَى ظَهْرِهَا وَقَرَأَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا زُلْزِلَتِ الْأَرْضُ زِلْزَالَهَا

انس رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ سے مروی ہے رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا قیامت کے روز زمین ہر اس عمل کو لے آئے گی جو اس کی پیٹھ پر کیا گیا ہو پھر رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے یہی آیات ''جب زمین اپنی پوری شدت کے ساتھ ہلا ڈالی جائے گی'' تلاوت فرمائیں۔ (۲)

يَوْمَئِذٍ يَصْدُرُ النَّاسُ أَشْتَاتًا لِّيُرَوْا أَعْمَالَهُمْ ۝٦ فَمَن يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا

اس روز لوگ مختلف جماعتیں ہو کر (واپس) لوٹیں گے تاکہ انہیں ان کے اعمال دکھا دیئے جائیں، پس جس نے ذرہ برابر

يَرَهُ ۝٧ وَمَن يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَرَهُ ۝٨ (الزلزال ۶ تا ۸)

بھی نیکی کی ہو گی وہ اسے دیکھ لے گا، اور جس نے ذرہ برابر برائی کی ہو گی وہ اسے دیکھ لے گا۔

زمین و آسمان اور اس کا نظام بدل دیا جائے گی، جیسے فرمایا:

يَوْمَ تُبَدَّلُ الْأَرْضُ غَيْرَ الْأَرْضِ وَالسَّمٰوٰتُ وَبَرَزُوا لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ۝٤٨ (۳)

ترجمہ: ڈراؤ انہیں اس دن سے جب کہ زمین اور آسمان بدل کر کچھ سے کچھ کر دیے جائیں گے اور سب کے سب اللہ واحد قہار کے سامنے بے نقاب حاضر ہو جائیں گے۔ اور انسان اپنے مرقدوں سے انہی جسموں کے ساتھ دوبارہ زندہ ہو کر میدان محشر کا رخ کریں گے، جیسے فرمایا

يَوْمَ يُنفَخُ فِي الصُّورِ فَتَأْتُونَ أَفْوَاجًا ۝١٨ (۴)

ترجمہ: جس روز صور میں پھونک مار دی جائے گی تم فوج در فوج نکل آؤ گے۔

يَوْمَ يَخْرُجُونَ مِنَ الْأَجْدَاثِ سِرَاعًا كَأَنَّهُمْ إِلَىٰ نُصُبٍ يُوفِضُونَ ۝٤٣ (۵)

ترجمہ: جب یہ اپنی قبروں سے نکل کر اس طرح دوڑے جا رہے ہوں گے جیسے اپنے بتوں کے استھانوں کی طرف دوڑے جا رہے ہوں۔

---

(۱) معجم الکبیر للطبرانی ۴۵۹۶

(۲) شعب الایمان ۶۹۱۳

(۳) ابراہیم ۴۸

(۴) النبا ۱۸

(۵) المعارج ۴۳

وَاسْتَمِعْ يَوْمَ يُنَادِ الْمُنَادِ مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ ﴿۴۱﴾ يَّوْمَ يَسْمَعُوْنَ الصَّيْحَةَ بِالْحَقِّ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُرُوْجِ ﴿۴۲﴾ (۱)

ترجمہ: اور سنو، جس دن منادی کرنے والا (ہر شخص کے) قریب ہی سے پکارے گا، جس دن سب لوگ آوازۂ حشر کو ٹھیک سن رہے ہوں گے، وہ زمین سے مردوں کے نکلنے کا دن ہو گا۔

جہاں ہر شخص کو کِرَامًا کَاتِبِیْنَ کا لکھا ہوا اعمال نامہ جس میں ایک ایک قول اور فعل درج ہو گا اس کے ہاتھ میں تھما دیا جائے گا، جیسے فرمایا

اِذْ يَتَلَقَّى الْمُتَلَقِّيٰنِ عَنِ الْيَمِيْنِ وَعَنِ الشِّمَالِ قَعِيْدٌ ﴿۱۷﴾ مَا يَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ اِلَّا لَدَيْهِ رَقِيْبٌ عَتِيْدٌ ﴿۱۸﴾

(۲) ترجمہ: (اور ہمارے اس براہ راست علم کے علاوہ) دو کاتب اس کے دائیں اور بائیں بیٹھے ہر چیز ثبت کر رہے ہیں کوئی لفظ اس کی زبان سے نہیں نکلتا جسے محفوظ کرنے کے لئے ایک حاضر باش نگراں موجود نہ ہو۔

وَاِنَّ عَلَيْكُمْ لَحٰفِظِيْنَ ﴿۱۰﴾ كِرَامًا كَاتِبِيْنَ ﴿۱۱﴾ يَعْلَمُوْنَ مَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۱۲﴾ (۳)

ترجمہ: حالانکہ تم پر نگران مقرر ہیں، ایسے معزز کاتب جو تمہارے ہر فعل کو جانتے ہیں۔

انسان کو کہا جائے گا آج تو اپنا نامہ اعمال پڑھ کر خود ہی فیصلہ کر سکتا ہے کہ تیرے ساتھ کیا سلوک ہونا چاہیے، جیسے فرمایا:

اِقْرَاْ كِتٰبَكَ كَفٰى بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ حَسِيْبًا ﴿۱۴﴾ (۴)

ترجمہ: پڑھ اپنا نامہ اعمال آج اپنا حساب لگانے کے لئے تو خود ہی کافی ہے۔

جب انسان چاہے وہ پڑھا لکھا تھا یا جاہل اپنا اعمال نامہ پڑھے گا تو چھوٹی بڑی ہر چیز کو درج دیکھ کر حیران رہ جائے گا، جیسے فرمایا

...وَيَقُوْلُوْنَ يٰوَيْلَتَنَا مَالِ هٰذَا الْكِتٰبِ لَا يُغَادِرُ صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً اِلَّا اَحْصٰهَا... ﴿۴۹﴾ (۵)

ترجمہ: اور کہے رہے ہوں گے کہ ہائے ہماری کم بختی! یہ کیسی کتاب ہے کہ ہماری کوئی چھوٹی بڑی حرکت ایسی نہیں رہی جو اس میں درج نہ ہو گئی ہو، جو کچھ انہوں نے کیا تھا وہ سب اپنے سامنے حاضر پائیں گے۔

فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ فَيَقُوْلُ هَآؤُمُ اقْرَءُوْا كِتٰبِيَهْ ﴿۱۹﴾ اِنِّيْ ظَنَنْتُ اَنِّيْ مُلٰقٍ حِسَابِيَهْ ﴿۲۰﴾ (۶)

ترجمہ: اس وقت جس کا نامہ عمال اس کے سیدھے ہاتھ میں دیا جائے گا وہ کہے گا لو دیکھو پڑھو میرا نامۂ اعمال، میں سمجھتا تھا کہ مجھے ضرور اپنا حساب ملنے والا ہے۔

جبکہ بائیں ہاتھ کے نامہ اعمال والے بجھ کر رہ جائیں گے، جیسے فرمایا:

---

(۱) ق ۴۲،۴۱

(۲) ق ۱۸،۱۷

(۳) الانفطار ۱۰تا۱۲

(۴) بنی اسرائیل ۱۴

(۵) الکہف ۴۹

(۶) الحاقۃ ۲۰،۱۹

وَوُجُوۡهٌ يَّوۡمَئِذٍۭ بَاسِرَةٌ ﴿۲۴﴾ تَظُنُّ اَنۡ يُّفۡعَلَ بِهَا فَاقِرَةٌ ﴿۲۵﴾ (۱)

ترجمہ: اور کچھ چہرے اداس ہوں گے، اور سمجھ رہے ہوں گے کہ ان کے ساتھ کمر توڑ برتاؤ ہونے والا ہے۔

وَوُجُوۡهٌ يَّوۡمَئِذٍ عَلَيۡهَا غَبَرَةٌ ﴿۴۰﴾ تَرۡهَقُهَا قَتَرَةٌ ﴿۴۱﴾ اُولٰٓئِكَ هُمُ الۡكَفَرَةُ الۡفَجَرَةُ ﴿۴۲﴾ (۲)

ترجمہ: اور کچھ چہروں پر اس روز خاک اڑ رہی ہو گی اور کلونس چھائی ہوئی ہو گی یہی کافر و فاجر لوگ ہیں۔

وُجُوۡهٌ يَّوۡمَئِذٍ خَاشِعَةٌ ﴿۲﴾ (۳)

ترجمہ: کچھ چہرے اس روز خوف زدہ ہوں گے۔

اللہ تعالیٰ میدان محشر میں ٹھیک ٹھیک تولنے والا انصاف کا ترازو نصب فرمائے گا، جیسے فرمایا:

وَنَضَعُ الۡمَوَازِيۡنَ الۡقِسۡطَ لِيَوۡمِ الۡقِيٰمَةِ فَلَا تُظۡلَمُ نَفۡسٌ شَيۡـئًا ؕ وَاِنۡ كَانَ مِثۡقَالَ حَبَّةٍ مِّنۡ خَرۡدَلٍ اَتَيۡنَا بِهَا ؕ وَكَفٰى بِنَا حٰسِبِيۡنَ ﴿۴۷﴾ (۴)

ترجمہ: قیامت کے روز ہم ٹھیک ٹھیک تولنے والے ترازو رکھ دیں گے، پھر کسی شخص پر ذرا برابر ظلم نہ ہو گا جس کا رائی کے دانے برابر بھی کچھ کیا دھرا ہو گا وہ ہم سامنے لے آئیں گے اور حساب لگانے کے لیے ہم کافی ہیں۔

انبیاء اور تمام گواہ موجود ہوں گے، جیسے فرمایا:

وَاَشۡرَقَتِ الۡاَرۡضُ بِنُوۡرِ رَبِّهَا وَوُضِعَ الۡكِتٰبُ وَجِايۡٓءَ بِالنَّبِيّٖنَ وَالشُّهَدَآءِ وَقُضِىَ بَيۡنَهُمۡ بِالۡحَـقِّ وَهُمۡ لَا يُظۡلَمُوۡنَ ﴿۶۹﴾ (۵)

ترجمہ: زمین اپنے رب کے نور سے چمک اٹھے گی، کتاب اعمال لا کر رکھ دی جائے گی، انبیاء اور تمام گواہ حاضر کر دیے جائیں گے، لوگوں کے درمیان ٹھیک ٹھیک حق کے ساتھ فیصلہ کر دیا جائے گا ان پر کوئی ظلم نہ ہو گا۔

اللہ سبحانہ وتعالیٰ نیکی وبدی کے ہر چھوٹے بڑے عمل کو وزن عطا کرے گا، جیسے فرمایا:

وَالۡوَزۡنُ يَوۡمَئِذِ الۡحَـقُّ ... ﴿۸﴾ (۶)

ترجمہ: اور وزن اس روز عین حق ہو گا۔

اور ہر شخص اپنے اعمال کو ترازو کے پلڑے میں تلتا دیکھ لے گا جس کے مطابق یا تو وہ شخص سعید لوگوں میں ہو جائے گا یا شقی لوگوں میں، جیسے فرمایا:

---

(۱) القیامۃ ۲۵،۲۴

(۲) عبس ۴۰ تا ۴۲

(۳) الغاشیۃ ۲

(۴) الانبیاء ۴۷

(۵) الزمر ۶۹

(۶) الاعراف ۸

...فَمِنۡهُمۡ شَقِىٌّ وَّسَعِيۡدٌ ﴿۱۰۵﴾ (۱)

ترجمہ: پھر کچھ لوگ اس روز بد بخت ہوں گے اور کچھ نیک بخت۔

شقی لوگ عذاب جہنم سے بچنے کے لئے اپنے جرم سے ہی انکار کر دیں گے تو اللہ تعالیٰ ان کے اعمال کو مجسم شکل عطا فرمائے گا اور وہ گواہوں میں شامل ہو کر ان کے خلاف گواہی دیں گے، اللہ تعالیٰ ان کے اعضا کو زبان عطا فرمائیں گے اور انسان کے ہاتھ، پاؤں، آنکھیں، کان، کھال اور زبان اس کے خلاف گواہی دیں گے، جیسے فرمایا:

يَّوۡمَ تَشۡهَدُ عَلَيۡهِمۡ اَلۡسِنَتُهُمۡ وَاَيۡدِيۡهِمۡ وَاَرۡجُلُهُمۡ بِمَا كَانُوۡا يَعۡمَلُوۡنَ ﴿۲۴﴾ (۲)

ترجمہ: وہ اس دن کو بھول نہ جائیں جبکہ ان کی اپنی زبانیں اور ان کے اپنے ہاتھ پاؤں اس کے کرتوتوں کی گواہی دیں گے۔

حَتّٰۤى اِذَا مَا جَآءُوۡهَا شَهِدَ عَلَيۡهِمۡ سَمۡعُهُمۡ وَاَبۡصَارُهُمۡ وَجُلُوۡدُهُمۡ بِمَا كَانُوۡا يَعۡمَلُوۡنَ ﴿۲۰﴾ وَقَالُوۡا لِجُلُوۡدِهِمۡ لِمَ شَهِدۡتُّمۡ عَلَيۡنَا ؕ قَالُوۡۤا اَنۡطَقَنَا اللّٰهُ الَّذِىۡۤ اَنۡطَقَ كُلَّ شَىۡءٍ... ﴿۲۱﴾ (۳)

ترجمہ: پھر جب سب وہاں پہنچ جائیں گے تو ان کے کان اور ان کی آنکھیں اور ان کے جسم کی کھالیں ان پر گواہی دیں گی کہ وہ دنیا میں کیا کچھ کرتے رہے ہیں، وہ اپنے جسم کی کھالوں سے کہیں گے تم نے ہمارے خلاف کیوں گواہی دی؟ وہ جواب دیں گی ہمیں اسی خدا نے گویائی دی ہے جس نے ہر چیز کو گویا کر دیا ہے۔

فیصلے کے بعد سعید لوگوں کی ٹولیوں کے چہرے شاداب، روشن اور بے خوف ہوں گے اور وہ دائیں جانب جنتوں کی طرف گامزن ہوں گے جبکہ شقی لوگوں کی ٹولیوں کے جھکے ہوئے چہرے پشیمان، مضطرب اور سیاہ ہوں گے اور وہ بائیں جانب جہنم کی طرف سر کے بالوں اور پاؤں سے پکڑ کر گھسیٹے جا رہے ہوں گے، اور وہ تمنا کریں گے کہ کاش! ابھی یہ دن اس سے بہت دور ہوتا، جیسے فرمایا:

يَوۡمَ تَجِدُ كُلُّ نَفۡسٍ مَّا عَمِلَتۡ مِنۡ خَيۡرٍ مُّحۡضَرًا ۖۚ وَّمَا عَمِلَتۡ مِنۡ سُوۡٓءٍ ۚۛ تَوَدُّ لَوۡ اَنَّ بَيۡنَهَا وَبَيۡنَهٗۤ اَمَدًاۢ بَعِيۡدًا ؕ وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفۡسَهٗ ؕ وَاللّٰهُ رَءُوۡفٌۢ بِالۡعِبَادِ ﴿۳۰﴾ (۴)

ترجمہ: وہ دن آنے والا ہے جب ہر نفس اپنے کیے کا پھل حاضر پائے گا خواہ اس نے بھلائی کی ہو یا برائی، اس روز آدمی یہ تمنا کرے گا کہ کاش! ابھی یہ دن اس سے بہت دور ہوتا۔

عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ يَأْكُلُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَنَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ: {فَمَنۡ يَّعۡمَلۡ مِثۡقَالَ ذَرَّةٍ} خَيۡرًا يَّرَهٗ ؕ وَمَنۡ يَّعۡمَلۡ مِثۡقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ (۵) فَرَفَعَ أَبُو بَكْرٍ يَدَهُ مِنَ الطَّعَامِ، وَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي

(۱) ہود۱۰۵

(۲) النور۲۴

(۳) حم السجدہ۲۱،۲۰

(۴) آل عمران ۳۰

(۵) [الزلزلة: 8

أُجزَى بِمَا عَمِلْتُ مِنْ مِثْقَالِ ذَرَّةٍ مِنْ شَرٍّ؟ فَقَالَ:يَا أَبَا بَكْرٍ، مَا رَأَيْتَ فِي الدُّنْيَا مِمَّا تَكْرَهُ فَمَثَاقِيلُ ذَرِّ الشَّرِّ، وَيَدَّخِرُ لَكَ اللَّهُ مَثَاقِيلَ الْخَيْرِ حَتَّى تَوَفَّاهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے جب آیت ’’ پھر جس نے ذرہ برابر نیکی کی ہوگی وہ اس کو دیکھ لے گا اور جس نے ذرہ برابر بدی کی ہوگی وہ اس کو دیکھ لے گا‘‘ نازل ہوئی اس وقت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کھانا کھا رہے تھے جسے سن کر وہ بہت روئے اور پوچھنے لگے اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! کیا میں ایک ایک ذرے کا بدلہ دیا جاؤں گا؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے ابوبکر رضی اللہ عنہ! ذرہ برابر برائی بھی تجھے دنیا میں ناپسندیدہ محسوس ہوتی ہے اور اگر اسکے برعکس ذرہ برابر نیکی ہو تو اسے جمع کر لینے میں ذرا بھی دریغ نہیں کرنا کیونکہ اچھائی اور برائی کا بدلہ اللہ تعالیٰ روزِ قیامت عطا فرمائے گا۔ (۱)

أَنَّهُ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَرَأَ عَلَيْهِ:فَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَرَهُ وَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَرَهُ، قَالَ: حَسْبِي، لَا أُبَالِي أَنْ لَا أَسْمَعَ غَيْرَهَا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صعصعہ بن مالک رضی اللہ عنہ کے سامنے یہ آیت پڑھی انہوں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! بس مجھے زندگی بھر کے لئے یہی ایک آیت کافی ہے، اور زیادہ اگر نہ بھی سنوں تو کوئی ضرورت نہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسکراتے ہوئے فرمایا کہ بات اس کی سمجھ میں آ گئی ہے۔ (۲)

اس لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چھوٹی سے چھوٹی نیکی کی ترغیب دلائی،

عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْكُمْ أَحَدٌ إِلَّا سَيُكَلِّمُهُ رَبُّهُ لَيْسَ بَيْنَهُ وَبَيْنَهُ تُرْجُمَانٌ، فَيَنْظُرُ أَيْمَنَ مِنْهُ فَلاَ يَرَى إِلَّا مَا قَدَّمَ مِنْ عَمَلِهِ، وَيَنْظُرُ أَشْأَمَ مِنْهُ فَلاَ يَرَى إِلَّا مَا قَدَّمَ، وَيَنْظُرُ بَيْنَ يَدَيْهِ فَلاَ يَرَى إِلَّا النَّارَ تِلْقَاءَ وَجْهِهِ، فَاتَّقُوا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ

عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے ہر آدمی سے اللہ قیامت کے دن گفتگو فرمائے گا اس طرح کہ اس کے اور اللہ کے درمیان کوئی ترجمان نہیں ہوگا پھر وہ اپنے دائیں جانب دیکھے گا تو اسے اپنے اعمال کے سوا اور کچھ نظر نہیں آئے گا پھر وہ اپنے بائیں جانب دیکھے گا تو اسے اپنے اعمال کے سوا اور کچھ نظر نہیں آئے گا پھر اپنے سامنے نظر کرے گا تو اپنے سامنے جہنم کے سوا اور کوئی چیز نظر نہیں آئے گی، اس لئے تم میں سے جو شخص آگ سے بچنا چاہے (تو وہ بچے) اگرچہ کھجور کے ایک ٹکڑے ہی کے ذریعہ کیوں نہ ہو۔ (۳)

عَنْ أَبِي ذَرٍّ، قَالَ: قَالَ لِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:لَا تَحْقِرَنَّ مِنَ الْمَعْرُوفِ شَيْئًا، وَلَوْ أَنْ تَلْقَى أَخَاكَ بِوَجْهٍ طَلْقٍ

---

(۱) تفسیرطبری ۵۵۱/۲۴

(۲) السنن الکبری للنسائی ۱۱۶۳۰، مسنداحمد ۲۰۵۹۳، المعجم الکبیر للطبرانی ۷۴۱۱، تفسیرقرطبی ۱۵۳/۲۰

(۳) صحیح بخاری کتاب التوحید بَابُ كَلاَمِ الرَّبِّ عَزَّ وَجَلَّ يَوْمَ القِيَامَةِ مَعَ الأَنْبِيَاءِ وَغَيْرِهِمْ ۷۵۱۲، صحیح مسلم کتاب الزکاۃ بَابُ الْحَثِّ عَلَى الصَّدَقَةِ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ، أَوْ كَلِمَةٍ طَيِّبَةٍ وَأَنَّهَا حِجَابٌ مِنَ النَّارِ ۲۳۴۷، سنن نسائی کتاب الزکوٰۃ باب الْقَلِيلُ فِي الصَّدَقَةِ ۲۵۵۳

اور ابو ذر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا احسان اور نیکی کو ہلکا نہ سمجھو اور یہ بھی ایک احسان ہے کہ اپنے کسی مسلمان بھائی سے کشادہ روئی اور خندہ پیشانی سے ملاقات کرلو۔ ⑴

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:يَا نِسَاءَ المُسْلِمَاتِ، لاَ تَحْقِرَنَّ جَارَةٌ لِجَارَتِهَا وَلَوْ فِرْسِنَ شَاةٍ

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے ایمان والی عورتو! تم اپنی پڑوسن کے بھیجے ہوئے تحفے،ہدیئے کو حقیر نہ سمجھو گو ایک کھر ہی آیا ہو۔ ⑵

عَنْ ابْنِ بُجَيْدٍ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ جَدَّتِهِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:رُدُّوا السَّائِلَ وَلَوْ بِظِلْفٍ مُحْرَقٍ

ابن بجید انصاری رضی اللہ عنہ نے اپنی دادی سے سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سائل کو کچھ نہ کچھ دے دو گو جلا ہوا کھر ہی ہو۔ ⑶

عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:يَا عَائِشَةُ إِيَّاكِ وَمُحَقَّرَاتِ الْأَعْمَالِ، فَإِنَّ لَهَا مِنَ اللَّهِ طَالِبًا

ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا اے عائشہ رضی اللہ عنہا ! گناہوں کو حقیر نہ سمجھو یاد رکھو کہ اللہ ان کا بھی حساب لینے والا ہے۔ ⑷

### صہیب رضی اللہ عنہ بن سنان

صُهَيْبُ بْنُ سِنَانِ بْن مالك وأمه سلمى بِنْت قعيد،وكان أَبُوهُ سِنَان بْن مالك. أو عمه. عاملًا لكسرى على الأبلة

ان کا نام صہیب بن سنان اور والد کا نام سنان بن مالک اور والدہ کا نام سلمٰی بنت قعید تھا یہ خاندان اپنے علاقے میں بہت معزز تھا سنان بن مالک یا ان کے بھائی لبید شاہ ایران کی طرف سے ابلہ کے حاکم تھے۔ ⑸

وَيُقَالُ: إِنَّهُ رُومِيٌّ ،فقَالَ بَعْضُ مَنْ ذَكَرَ أَنَّهُ مِنْ النَّمِرِ بْنِ قَاسِطٍ

کہا جاتا ہے کہ صہیب رضی اللہ عنہ بن سنان روم سے تعلق رکھتے تھے بعض کہتے ہیں بنی نمر بن قاسط سے تعلق رکھتے تھے جن کا علاقہ موصل کے قریب تھا۔

وَيُقَالُ: كَانُوا فِي قَرْيَةٍ عَلَى شَطِّ الْفُرَاتِ مِمَّا يَلِي الْجَزِيرَةَ وَالْمَوْصِلِ فَأَغَارَتِ الرُّومُ عَلَى تِلْكَ النَّاحِيَةِ فَسَبَتْ صُهَيْبًا

⑴ صحیح مسلم کتاب البروالصلة بَابُ اسْتِحْبَابِ طَلَاقَةِ الْوَجْهِ عِنْدَ اللِّقَاءِ ۶۶۹۰ ،جامع ترمذی ابواب الاطعمة بَابُ مَا جَاءَ فِي إِكْثَارِ مَاءِ الْمَرَقَةِ ۱۸۳۳، مسند احمد ۲۱۵۱۹

⑵ صحیح بخاری کتاب الادب بَابٌ لاَ تَحْقِرَنَّ جَارَةٌ لِجَارَتِهَا ۶۰۱۷ ، صحیح مسلم کتاب الزکاة بَابُ الْحَثِّ عَلَى الصَّدَقَةِ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ، أَوْ كَلِمَةٍ طَيِّبَةٍ وَأَنَّهَا حِجَابٌ مِنَ النَّارِ ۲۳۷۹

⑶ سنن نسائی کتاب الزکوٰة بَابُ رَدِّ السَّائِلِ ۲۵۶۶ ،مسند احمد ۲۷۴۵۰،صحیح ابن حبان ۳۳۷۴،السنن الصغیر للبیہقی ۱۲۵۷،شرح السنة للبغوی ۱۶۷۳

⑷ سنن ابن ماجه کتاب الذهدبَابُ ذِكْرِ الذُّنُوبِ ۴۲۴۳،مسنداحمد ۲۴۴۱۵

⑸ ابن سعد ۱۶۹؍۳

وَهُوَ غُلَامٌ صَغِيرٌ فَقَالَ عَمُّهُ: أَنْشُدُ اللَّهَ، الْغُلَامُ النَّمَرِيُّ، دَجٌّ وَأَهْلِي بِالثَّنِيِّ، قَالَ: وَالثَّنِيِّ اسْمُ الْقَرْيَةِ الَّتِي كَانَ أَهْلُهُ بِهَا، فَنَشَأَ صُهَيْبٌ بِالرُّومِ فَصَارَ أَلْكَنَ، فَابْتَاعَتْهُ كَلْبٌ مِنْهُمْ، ثُمَّ قَدِمَتْ بِهِ مَكَّةَ فَاشْتَرَاهُ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ جُدْعَانَ التَّيْمِيُّ مِنْهُمْ فَأَعْتَقَهُ

صہیب ابھی کم سن ہی تھے کہ اہل روم نے ابلہ پر دھاوا بول دیا اور دوسرے مال و اسباب کے علاوہ صہیب کو بھی پکڑ کر اپنے ساتھ لے گئے، چنانچہ انہوں نے لڑکپن سے جوانی تک کا زمانہ رومیوں کی غلامی ہی میں گزارا اسی لیے رومی مشہور ہو گئے، ایک دفعہ بنو کلب کے کچھ تاجر اس علاقے میں گئے جہاں صہیب غلامی کی زندگی گزار رہے تھے، کلبی تاجروں نے صہیب رضی اللہ عنہ کو رومیوں سے خرید لیا اور اپنے ساتھ مکہ مکرمہ لے آئے یہاں انہیں عبداللہ بن جدعان تیمی نے (جو سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کا قریبی عزیز تھا) کلبیوں سے خرید لیا اور آزاد کر دیا۔ (۱)

فَاشْتَرَاهُ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ جُدْعَانَ التَّيْمِيُّ فَأَعْتَقَهُ

مستدرک حاکم میں ہے انہیں عبداللہ بن جدعان تیمی نے انہیں کلبیوں سے خرید کر آزاد کر دیا۔ (۲)

وَأَمَّا أَهْلُ صُهَيْبٍ وَوَلَدُهُ فَيَقُولُونَ: بَلْ هَرَبَ مِنَ الرُّومِ حِينَ بَلَغَ وَعَقَلَ فَقَدِمَ مَكَّةَ فَحَالَفَ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ جُدْعَانَ وَأَقَامَ مَعَهُ إِلَى أَنْ هَلَكَ

لیکن ابن سعد کا بیان ہے جب صہیب رضی اللہ عنہ بالغ ہوئے اور کچھ سمجھ داری پیدا ہو گئی تو فرار ہو کر مکہ مکرمہ پہنچے اور عبداللہ بن جدعان سے حلیفانہ تعلق قائم کر لیا اور جب تک عبداللہ بن جدعان فوت نہیں ہو گیا اس کے ساتھ رہے۔ (۳)

اس طرح یہ سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ کی توسط سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے متعارف ہوئے اور ان کی مجلس میں آنے جانے لگے اسی زمانے میں سید الامم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعوت حق کا آغاز فرمایا

عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ: لَقِيتُ صُهَيْبَ بْنَ سِنَانٍ عَلَى بَابِ دَارِ الْأَرْقَمِ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهَا فَقُلْتُ: مَا تُرِيدُ؟ فَقَالَ لِي: ما تريد أنت؟ فقلت: أردت أن أدخل عَلَى مُحَمَّدٍ فَأَسْمَعَ كَلَامَهُ قَالَ: وَأَنَا أُرِيدُ ذَلِكَ. قَالَ فَدَخَلْنَا عَلَيْهِ فَعَرَضَ عَلَيْنَا الإِسْلَامَ فَأَسْلَمْنَا أسلم صهيب وعمار في يَوْم واحد وكان إسلامهما بعد بضعة وثلاثين رجلًا

عبداللہ بن ابو عبیدہ کہتے ہیں عمار رضی اللہ عنہ بن یاسر کی ملاقات صہیب بن سنان سے دار ارقم کے دروازے پر ہوئی جہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے چند جاں نثاروں کے ہمراہ پناہ گزین تھے، عمار رضی اللہ عنہ نے صہیب رضی اللہ عنہ سے پوچھا تمہارا کیا ارادہ ہے؟ صہیب رضی اللہ عنہ نے مجھ سے کہا تمہارا کیا ارادہ ہے، میں نے کہا میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے دین میں داخل ہونا اور اللہ کا کلام سننا چاہتا ہوں، صہیب رضی اللہ عنہ نے کہا میرا بھی یہی ارادہ ہے، چنانچہ دونوں اندر داخل ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اسلام کی دعوت دی جو انہوں نے قبول کر لی، صہیب رضی اللہ عنہ اور عمار رضی اللہ عنہ نے ایک ہی دن میں ایک ساتھ اسلام قبول کیا اس وقت تک صرف تیس اصحاب دائرہ اسلام میں داخل ہوئے تھے۔ (۴)

---

(۱) ابن سعد ۱۷۰/۳

(۲) مستدرک حاکم ۵۶۹۸

(۳) ابن سعد ۱۶۹/۳، اسد الغابة ۴۱۹/۲

(۴) اسد الغابة ۴۱۹/۲

فَكَانَ إِسْلامُ عَمَّارٍ وَصُهَيْبٍ بَعْدَ بِضْعَةٍ وَثَلاثِينَ رَجُلا

عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ اور صہیب بن سنان نے تیس اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد اسلام قبول کیا۔ (١)

أن صهيبا كان يكنى أبا يحيى ان صہیب رضی اللہ عنہ کی کنیت ابو یحییٰ تھی۔ (٢)

قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صُهَيْبٌ سَابِقُ الرُّومِ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا صہیب رضی اللہ عنہ روم کا پہلا پھل ہے۔ (٣)

عن أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُول اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " السُّبَّاقُ أَرْبَعَةٌ، أَنَا سَابِقُ الْعَرَبِ، وَصُهَيْبٌ سَابِقُ الرُّومِ، وَسَلْمَانُ سَابِقُ فَارِسَ، وَبِلالٌ سَابِقُ الْحَبَشِ

اور انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چار بہترین پھل یعنی اشخاص ہیں، میں عرب کا بہترین شخص ہوں اور صہیب رضی اللہ عنہ روم کا اور سلمان رضی اللہ عنہ فارس کا اور بلال رضی اللہ عنہ حبش کا بہترین شخص ہیں۔ (٤)

عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کی طرح مشرکین مکہ نے انہیں بھی طرح طرح کی تکالیف پہنچائیں،

عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ قَالَ: كَانَ صُهَيْبُ بْنُ سِنَانٍ مِنَ الْمُسْتَضْعَفِينَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ الَّذِينَ كَانُوا يُعَذَّبُونَ فِي اللَّهِ بِمَكَّةَ

عروہ بن زبیر کہتے ہیں صہیب بن سنان رضی اللہ عنہ مسلمانوں کے مستضعفین

(وَالْمُسْتَضْعَفُونَ قَوْمٌ لا عَشَائِرَ لَهُمْ بِمَكَّةَ وَلَيْسَتْ لَهُمْ مَنَعَةٌ وَلا قُوَّةٌ)

وہ جماعت جن کے مکہ میں قبائل نہ تھے اور نہ ان کا کوئی محافظ تھا اور نہ انہیں کوئی قوت حاصل تھی۔

لوگوں میں سے تھے جن کو مکہ مکرمہ میں عذاب دیا جاتا تھا۔

فَكَانَتْ قُرَيْشٌ تُعَذِّبُهُمْ فِي الرَّمْضَاءِ بأنصاف النهار لِيَرْجِعُوا عَنْ دِينِهِمْ

قریش ان لوگوں پر دوپہر کی تیز گرمی میں عذاب کرتے تھے تاکہ وہ اپنے دین سے پھر جائیں۔ (٥)

عَنْ عُمَرَ بْنِ الْحَكَمِ قَالَ: كان عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ يعذب حتى لا يدرى ما يقول، وكذا صُهَيْب وأبو فائد، وعَامِرُ بْنُ فُهَيْرَةَ وقوم،وفيهم نزلت هذه الآية:ثُمَّ إِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِينَ هَاجَرُوا مِنْ بَعْدِ مَا فُتِنُوا ثُمَّ جَاهَدُوا وَصَبَرُوا إِنَّ رَبَّكَ مِنْ بَعْدِهَا لَغَفُورٌ رَحِيمٌ

عمر بن حکم سے مروی ہے مشرکین مکہ جب صہیب رضی اللہ عنہ، عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ، ابو فائد اور عامر بن فہیرہ رضی اللہ عنہ وغیرہ کو اس قدر تکالیف پہنچاتے کہ

---

(١) ابن سعد١٧١/٣،الاستيعاب في معرفة الأصحاب٧٢٨/٢،سير أعلام النبلاء٢٤٦/٣

(٢) الاستيعاب في معرفة الأصحاب٧٣٠/٢،ابن سعد١٧٠/٣

(٣) ابن سعد١٧٠/٣

(٤) اسدالغابة٤١٩/٢

(٥) ابن سعد ١٧١/٣

بیخود اور بے ہوش ہو جاتے تھے اور انہیں یہ بھی خبر نہیں رہتی تھی کہ ہماری زبانوں سے کیا نکل رہا ہے، انہی کے بارے میں سورہ النحل کی آیت ۱۱۰ نازل ہوئی۔ ''بخلاف اس کے جن لوگوں کا حال یہ ہے کہ جب (ایمان لانے کی وجہ سے) وہ ستائے گئے تو انہوں نے گھر بار چھوڑ دیئے ،ہجرت کی، اللہ کی راہ میں سختیاں جھیلیں اور صبر سے کام لیا ان کے لئے یقیناً تیرا رب غفور و رحیم ہے۔''(۱)

عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ: أَقْبَلَ صُهَيْبٌ مُهَاجِرًا نَحْوَ الْمَدِينَةِ وَاتَّبَعَهُ نَفَرٌ مِنْ قُرَيْشٍ فَنَزَلَ عَنْ رَاحِلَتِهِ وَانْتَشَلَ مَا فِي كِنَانَتِهِ ثُمَّ قَالَ: يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ لَقَدْ عَلِمْتُمْ أَنِّي مِنْ أَرْمَاكُمْ رَجُلا. وَايْمُ اللَّهِ لا تَصِلُونَ إِلَيَّ حَتَّى أَرْمِيَ بِكُلِّ سَهْمٍ مَعِيَ فِي كِنَانَتِي ثُمَّ أَضْرِبَكُمْ بِسَيْفِي مَا بَقِيَ فِي يَدِي مِنْهُ شَيْءٌ.

سعید بن مسیب سے مروی ہے صہیب رضی اللہ عنہ جب ہجرت کر کے مدینہ منورہ جانے لگے تو مشرکین کو ان کے ارادے کا علم ہوا تو انہوں نے صہیب رضی اللہ عنہ کو چاروں طرف سے گھیر لیا اور کہا ہم تمہیں یہاں سے نہیں جانے دیں گے، صہیب رضی اللہ عنہ اپنی سواری سے اُترے تیر کمان پر رکھ کر للکارے اے گروہ قریش! تم خوب جانتے ہو کہ میرے تیر کا نشانہ کبھی خطا نہیں کرتا اللہ کی قسم! تم میرے قریب نہیں پہنچ سکتے جب تک کہ میں اپنے ترکش کے تمام تر تیر تم پر ختم نہ کر دوں، اگر پھر بھی تم میں سے کوئی بچ گیا تو پھر میں تلوار نکالوں گا اور جب تک میری جان میں جان ہے تم سے لڑوں گا اگر سلامتی چاہتے ہو تو میرا پیچھا چھوڑ دو اور اپنے گھروں کو لوٹ جاؤ۔(۲)

أَنَّ صُهَيْبًا حِينَ أَرَادَ الْهِجْرَةَ قَالَ لَهُ كُفَّارُ قُرَيْشٍ: أَتَيْتَنَا صُعْلُوكًا حَقِيرًا، فَكَثُرَ مَالُكَ عِنْدَنَا، وَبَلَغْتَ الَّذِي بَلَغْتَ، ثُمَّ تُرِيدُ أَنْ تَخْرُجَ بِمَالِكَ وَنَفْسِكَ، وَاللَّهِ لَا يَكُونُ ذَلِكَ، فَقَالَ لَهُمْ صُهَيْبٌ: أَرَأَيْتُمْ إِنْ جَعَلْتُ لَكُمْ مَالِي أَتُخَلُّونَ سَبِيلِي؟ قَالُوا: نَعَمْ. قَالَ: فَإِنِّي جَعَلْتُ لَكُمْ مَالِي. قَالَ: فَبَلَغَ ذَلِكَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

جب صہیب رضی اللہ عنہ نے ہجرت کا ارادہ کیا تو قریش نے ان سے کہا اے صہیب رضی اللہ عنہ! جب تو یہاں آیا تھا تو نہایت مفلس اور فقیر تھا یہاں تیرے پاس اس قدر مال جمع ہو گیا ہے اب تو چاہتا ہے کہ مال لے کر یہاں سے چلا جائے تو اللہ کی قسم! ہم تجھے ہرگز نہ جانے دیں گے، صہیب رضی اللہ عنہ نے کہا اگر میں یہ سارا مال تمہارے حوالے کر دوں تو کیا تم میرا راستہ چھوڑ دو گے؟ انہوں نے کہا ہاں پھر جانے دیں گے، صہیب رضی اللہ عنہ کی نظر میں دنیا کیا حقیقت رکھتی تھی فوراً بولے یہ سب مال تمہارا ہے اور جو کچھ ان کے پاس تھا ٹھوکر مار کر مدینہ منورہ ہجرت فرما گئے، جب مدینہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خدمت اقدس میں حاضر ہوئے تو اور سارا واقعہ بیان کیا۔(۳)

فقال رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ : رَبِحَ الْبَيْعُ

تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا صہیب رضی اللہ عنہ نے اس بیع سے خوب نفع کمایا۔(۴)

فَقَالَ:رَبِحَ صُهَيْبٌ، رَبِحَ صُهَيْبٌ

(۱) امتاع الاسماع ۱۶۵؍۹،ابن سعد ۱۸۷؍۳

(۲) ابن سعد ۱۷۱؍۳،أسد الغابة في معرفة الصحابة ۳۸؍۳

(۳) ابن ہشام ۴۷۷؍۱

(۴) ابن سعد ۱۷۲؍۳

ایک روایت میں ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا صہیب رضی اللہ عنہ نے اس بیع سے خوب نفع کمایا، صہیب نے اس بیع سے خوب نفع کمایا۔ (۱)

فَلَمَّا قَدِمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رَبِحَ الْبَيْعُ أَبَا يحيى. ربح الْبَيْعُ

ایک روایت میں ہے جب صہیب رضی اللہ عنہ مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ ہجرت کر کے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور سارا واقعہ بیان کیا تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا ابو یحییٰ نے اس بیع سے خوب نفع کمایا، اس بیع سے خوب نفع کمایا۔ (۲)

اللہ تعالیٰ نے اس بارے میں یہ آیت نازل فرمائی

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِيْ نَفْسَهُ ابْتِغَاۗءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ رَءُوْفٌۢ بِالْعِبَادِ ۝۲۰۷ (۳)

ترجمہ: دوسری طرف انسانوں ہی میں کوئی ایسا بھی ہے جو رضائے الٰہی کی طلب میں اپنی جان کھپا دیتا ہے اور ایسے بندوں پر اللہ بہت مہربان ہے۔

عُمَرَ بْنِ قَتَادَةَ قَالَ: لَمَّا هَاجَرَ صُهَيْبٌ مِنْ مَكَّةَ إِلَى الْمَدِينَةِ نَزَلَ عَلَى سَعْدِ بْنِ خَيْثَمَةَ

عمر بن قتادہ کہتے ہیں جب صہیب رضی اللہ عنہ مکہ مکرمہ سے ہجرت کر کے مدینہ منورہ پہنچے تو قبا میں سعد رضی اللہ عنہ بن خثیمہ اوسی کے گھر قیام کیا۔ (۴)

وآخى رَسُول اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بينه وبين الحارث بْن الصمة، ولما هاجر صهيب إِلَى المدينة

جب صہیب رضی اللہ عنہ ہجرت کر کے مدینہ منورہ پہنچے تو رسول اللہ ﷺ نے ان کی مواخاۃ جلیل القدر صحابی ابوسعید حارث رضی اللہ عنہ بن صمہ نجاری خزرجی کے ساتھ قائم فرمائی۔ (۵)

وشهِدَ صُهَيْب بدرًا وأحدًا والخندق والمشاهد مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

صہیب رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ غزوہ بدر، غزوہ احد، غزوہ خندق اور دوسرے تمام غزوات میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ (۶)

قول عمر رضي الله عنه في صُهَيْبٌ بن سنان الرومي نعم العبد صهيب لو لم يخف الله لم يعصه

سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ صہیب بن سنان رومی اچھے بندے ہیں اگر وہ اللہ کا خوف نہ کرتے تب بھی اس کی معصیت نہ کرتے۔ (۷)

أَنَّ عُمَرَ حِينَ طُعِنَ قَالَ: لِيُصَلِّ لَكُمْ صُهَيْبٌ

سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی نگاہ مردم شناس میں صہیب بڑے مرتبے اور عظمت کے حامل تھے زخمی ہونے کے بعد جب خلیفہ سوئم سیدنا عمر رضی اللہ عنہ

(۱) ابن ہشام ۴۷۷/۱، الروض الانف ۱۱۶/۴،عیون الآثر ۲۰۳/۱، البدایة والنهایة ۲۱۲/۳، ابن سعد۱۷۱/۳

(۲) ابن سعد۱۷۱/۳

(۳) البقرة۲۰۷

(۴) ابن سعد۱۷۱/۳

(۵) ابن سعد۳۸۶/۳، سير أعلام النبلاء۴۴۱/۱

(۶) اسدالغابة۴۱۹/۲

(۷) مسندالفاروق لابن كثير۶۸۱/۲

فاروق نے تیسرے خلیفہ کے لئے کمیٹی بنائی تو ان کے لئے وصیت فرمائی کہ وہ ہی ان کی نماز جنازہ پڑھائیں اور جب تک شوریٰ کسی خلیفہ پر متفق نہ ہو جائے یہ مسجد نبوی میں نماز پڑھاتے رہیں گے۔

وَصَلَّى عَلَى عُمَرَ صُهَيْبُ بْنُ سِنَانٍ بين القبر والمنبر في مسجدرَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

صہیب رضی اللہ عنہ نے ہی سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی نماز جنازہ مسجد نبوی میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک اور منبر کے درمیان پڑھائی تھی۔ (۱)

مُحَمَّدِ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ صُهَيْبًا كَبَّرَ عَلَى عُمَرَ أَرْبَعًا.

محمد بن عمار کہتے ہیں صہیب رضی اللہ عنہ نے سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کے جنازے میں چار تکبیرات کہیں۔ (۲)

اور پھر تین دن تک نہایت خوش اسلوبی سے مسلمانوں کی امامت کرتے رہے۔

وقال صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أول من يسقى من حوضي صُهَيْب الرومي

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حوض کوثر سے سب سے پہلے صہیب رومی پانی پئیں گے۔ (۳)

تُوُفِّيَ صُهَيْبٌ فِي شَوَّالٍ سَنَةَ ثَمَانٍ وَثَلاثِينَ وَهُوَ ابْنُ سَبْعِينَ سَنَةً بِالْمَدِينَةِ. وَدُفِنَ بِالْبَقِيعِ

صہیب رضی اللہ عنہ ماہ شوال ۳۸ ہجری میں مدینہ منورہ میں وفات پائی، اس وقت ان کی عمر ستر یا بہتر برس کی تھی اور گورستان بقیع میں مدفون ہوئے۔ (۴)

## عمار رضی اللہ عنہ بن یاسر

عمار رضی اللہ عنہ بن یاسر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دوستوں میں شامل تھے، یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا سے شادی کے وقت موجود تھے۔

أَنَّ عَبْدَ اللهِ بْنَ الْحَارِثِ، حَدَّثَهُ أَنَّ عَمَّارَ بْنَ يَاسِرٍ كَانَ إِذَا سَمِعَ مَا يَتَحَدَّثُ بِهِ النَّاسُ عَنْ تَزْوِيجِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَدِيجَةَ، وَمَا يُكْثِرُونَ فِيهِ يَقُولُ: أَنَا أَعْلَمُ النَّاسِ بِتَزْوِيجِهِ إِيَّاهَا

عبداللہ بن حارث کہتے ہیں عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کہتے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ام المومنین خدیجہ الکبریٰ رضی اللہ عنہا سے شادی کا حال مجھ سے زیادہ کون جانتا ہے میں اس میں شریک تھا۔ (۵)

چنانچہ ابتدائے اسلام میں جیسے ہی انہیں دین اسلام کا علم ہوا یہ صہیب رضی اللہ عنہ کے ساتھ ایمان لائے،

قَالَ عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ: لَقِيتُ صُهَيْبَ بْنَ سِنَانٍ عَلَى بَابِ دَارِ الأَرْقَمِ وَرَسُولُ اللّٰهِ فِيهَا فَقُلْتُ لَهُ: مَا تُرِيدُ؟ قَالَ لِي: مَا تُرِيدُ

(۱) تاریخ دمشق لابن عساکر ۴۴/۴۵۰،ابن سعد ۳/۱۵۵، شرف المصطفی ۳/۱۶۵

(۲) ابن سعد ۳/۲۸۱

(۳) شرف مصطفی ۶/۸۹

(۴) ابن سعد ۳/۱۷۳

(۵) دلائل النبوۃللبیہقی ۲/۷۱،تاریخ دمشق لابن عساکر ۳/۱۸۸

أَنْتَ؟ فَقُلْتُ: أَرَدْتُ أَنْ أَدْخُلَ على محمد فأسمع كلامه قَالَ: وَأَنَا أُرِيدُ ذَلِكَ، فَدَخَلْنَا عَلَيْهِ فَعَرَضَ عَلَيْنَا الإِسْلامَ فَأَسْلَمْنَا ثُمَّ مَكَثْنَا يَوْمَنَا عَلَى ذَلِكَ حَتَّى أَمْسَيْنَا. ثُمَّ خَرَجْنَا وَنَحْنُ مُسْتَخْفُونَ فَكَانَ إِسْلامُ عَمَّارٍ وَصُهَيْبٍ بَعْدَ بِضْعَةٍ وَثَلاثِينَ رَجُلا

عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں صہیب رضی اللہ عنہ بن سنان سے دار ارقم کے دروازے پر ملا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اندر تھے، میں نے ان سے کہا تم کیا چاہتے ہو؟ انہوں نے مجھ سے کہا تم کیا چاہتے ہو؟ میں نے کہا میں یہ چاہتا ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جاؤں اور ان کا کلام سنوں، انہوں نے کہا میں بھی یہی چاہتا ہوں، ہم دونوں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم پر اسلام پیش کیا اور ہم نے قبول کر لیا پھر ہم دونوں اس روز اس حالت میں رہے یعنی دار ارقم میں رہے شام ہوئی تو باہر نکلے اور ہم قریش سے چھپتے تھے عمار رضی اللہ عنہ و صہیب رضی اللہ عنہ کا اسلام بیس سے زائد آدمیوں کے بعد ہوا۔ (١)

عمار بن یاسر نے قریش کے ہاتھوں بڑی تکلیفیں اٹھائیں۔

فَغَطُّوكَ فِي الْمَاءِ وفي رواية فَغَطُّوكَ فِي النَّارِ

دین اسلام قبول کرنے کے جرم میں عمار رضی اللہ عنہ کو کبھی پانی میں غوطے دیئے جاتے تو کبھی جلتی آگ پر لٹایا جاتا۔ (٢)

جس سے دم کھینچ کر آنکھوں میں آجاتا مگر واہ رے دین حق سے محبت! اللہ کا نام مبارک پھر بھی زبان سے نہ جاتا، ایک بار نبی صلی اللہ علیہ وسلم مقام رمضہ کے اس طرف سے گزرے جہاں عمار رضی اللہ عنہ رہا کرتے تھے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس حال میں دیکھا کہ آگ کی شدت سے پیٹھ جل کر سیاہ ہوگئی تھی اور جسم کی بوٹیاں پچی ہوئی تھیں، درد کی شدت سے عمار رضی اللہ عنہ مچھلی کی طرح تڑپ رہے تھے مگر ہائے رے بے بسی! اس وقت کچھ بھی نہ کیا جا سکتا تھا۔

فَكَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمُرُّ بِهِ وَيُمِرُّ يَدَهُ عَلَى رَأْسِهِ فَيَقُولُ: يَا نارُ كُونِي بَرْداً وَسَلاماً عَلى عَمَّارٍ كَمَا كُنْتِ عَلَى إِبْرَاهِيمَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے سر پر اپنا دست مبارک پھیرا اور دعا فرمائی اے آگ تو عمار رضی اللہ عنہ پر اس طرح ٹھنڈی ہو جا جیسا کہ تو ابراہیم علیہ السلام پر ہوگئی تھی۔ (٣)

جوان بیٹے کا یہ حال بوڑھی ماں اور بوڑھے باپ پر بھی یہی کچھ گزرتی تھی۔ آخر یاسر تکالیف برداشت کرتے کرتے شہید ہوگئے، پھر ان کی والدہ سمیہ رضی اللہ عنہا بھی اسلام کی پہلی شہید ہوگئیں تو ان کی تکریم کے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عمار رضی اللہ عنہ کو شفقت بھرے انداز میں ابن سمیہ رضی اللہ عنہما کہہ کر پکارتے تھے،

---

(١) ابن سعد ١٨٧/٣، سير أعلام النبلاء ٣٥٠/٣، اسد الغابة ١٢٢/٤

(٢) الدّر المنثور فِي التَّفْسِير بالمأثور ١٧٠/٥، سيرة ابن اسحاق ١٩٢/١

(٣) ابن سعد ١٨٨/٣، سير أعلام النبلاء ٢٤٧/٣

عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:ابْنُ سُمَيَّةَ مَا عُرِضَ عَلَيْهِ أَمْرَانِ قَطُّ إِلَّا اخْتَارَ الْأَرْشَدَ مِنْهُمَا

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابن سمیہ رضی اللہ عنہما کو کسی دو باتوں کا اختیار دیا جائے تو وہ ان میں سے آسان بات کو اختیار کرے گا۔ (۱)

لَمَّا عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، قَالَ:أَخَذَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بِنَاءِ الْمَسْجِدِ جَعَلْنَا نَحْمِلُ لَبِنَةً لَبِنَةً وَجَعَلَ عَمَّارٌ يَحْمِلُ لَبِنَتَيْنِ لَبِنَتَيْنِ. فَجِئْتُ فَحَدَّثَنِي أَصْحَابِي أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جُعِلَ يَنْفُضُ التُّرَابَ عَنْ رَأْسِهِ وَيَقُولُ: وَيْحَكَ ابْنَ سُمَيَّةَ تَقْتُلُكَ الْفِئَةُ الْبَاغِيَةُ

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد کی تعمیر شروع کی تو ہم لوگ ایک اینٹ اٹھانے لگے اور عمار رضی اللہ عنہ دو دو اینٹیں اٹھانے لگے تو میرے ساتھیوں نے بیان کیا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم عمار رضی اللہ عنہ کے سر سے مٹی جھاڑ رہے تھے اور فرما رہے تھے اے ابن سمیہ رضی اللہ عنہما! تجھ پر افسوس ہے تجھے ایک باغی گروہ قتل کرے گا۔ (۲)

أَوَّلُ مَنْ بَنَى مَسْجِدًا يُصَلِّي فِيهِ عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ

امام ذھبی رحمہ اللہ نے لکھا ہے عمار رضی اللہ عنہ نے پہلی مسجد بنائی تھی جس میں نماز پڑھی جاتی تھی۔ (۳)

---

(۱) مسند احمد ۴۲۴۹

(۲) مسنداحمد۱۱۰۱۱،صحیح بخاری كِتَابُ الصَّلَاةِ بَابُ التَّعَاوُنِ فِي بِنَاءِ الْمَسْجِدِ ۴۴۷،ابن سعد ۱۹۱/۳، شرف المصطفی ۶/۶۱

(۳) سیراعلام النبلاء ۲۴۸/۳،ابن سعد۱۸۹/۳

# ۳ بعثتِ نبوی

## کفار کی ایک تجویز:

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ سرداران قریش مکہ میں جمع ہوئے جن میں عتبہ بن ربیعہ،ابوسفیان بن حرب،نصر بن حارث،ابوالبختری،اسود بن عبدالمطلب،زمعہ بن اسود،ولید بن مغیرہ،ابوجہل بن ہشام،عبداللہ بن امیہ،امیہ بن خلف،عاص بن وائل،منبہ بن حجاج وغیرہ شامل تھے،اور سب نے اپنی اس مجلس میں یہ طے کیا کہ ایک مرتبہ اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو سمجھادو تاکہ ان کا کوئی عذر باقی نہ رہے جائے اور اگر اب بھی وہ نہ مانیں تو پھر ان کی مخالفت میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھی جائے،چنانچہ انہوں نے اپنا ایک قاصد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بھیجا کہ ہم لوگ آپ سے کچھ بات چیت کرنا چاہتے ہیں آپ ہماری مجلس میں آئیں اور ہماری تجویز سن لیں،یہ پیغام ملتے ہی آپ صلی اللہ علیہ وسلم سرداران قریش کے مجمع میں پہنچ گئے،تمام شامل حاضرین نے ایک زبان ہوکر کہا کہ آج یہ ہمارا آخری اجتماع ہے اور ہم نے آپس میں طے کر کے صلح کی ایک آخری تجویز سوچی ہے جو ہر طرح سے آپ کے حق میں مفید اور بہتر ہے اگر آپ نے ہماری یہ تجویز تسلیم کر لی تو ہماری صلح ہے ورنہ ہم آپ سے جنگ کریں گے۔

قَالَ: یَا بن أَخِي، إنْ كُنْتَ إنَّمَا تُرِيدُ بِمَا جِئْتَ بِهِ مِنْ هَذَا الْأَمْرِ مَالًا جَمَعْنَا لَكَ مِنْ أَمْوَالِنَا حَتَّى تَكُونَ أَكْثَرَنَا مَالًا وَإِنْ كُنْتَ تُرِيدُ بِهِ شَرَفًا سَوَّدْنَاكَ عَلَيْنَا، حَتَّى لَا نَقْطَعَ أَمْرًا دُونَكَ، وَإِنْ كُنْتَ تُرِيدُ بِهِ مُلْكًا مَلَّكْنَاكَ عَلَيْنَا وَإِنْ كَانَ هَذَا الَّذِي يَأْتِيكَ رِئْيًا تَرَاهُ لَا تَسْتَطِيعُ رَدَّهُ عَنْ نَفْسِكَ، طَلَبْنَا لَكَ الطِّبَّ، وَبَذَلْنَا فِيهِ ،

اے بھتیجے!ہماری تجویز یہ ہے کہ آپ نے جو یہ نئی بات نکالی ہے اس سے اگر آپ کی غرض مالدار بننا ہے تو ہم حاضر ہیں،ہم آپس میں مال جمع کر کے آپ کو اتنا دے دیتے ہیں کہ حجاز میں آپ سے بڑا مالدار اور کوئی نہیں ہو گا اور اگر اس سے آپ کی غرض اپنی سرداری اور بادشاہت کو منوانا ہے تو آج سے ہم آپ کو یہ شرف اور منصب دیتے ہیں اور آپ کو اپنا سردار اور بادشاہ تسلیم کر لیتے ہیں،اور اگر یہ بات ہے کہ کوئی جن یا آسیب تمہارے سر پر آتا ہے اور تم اس کو دفع نہیں کر سکتے تو ہم سے کہو ہم حکیم بلا کر اپنے خرچ سے تمہارا اس قدر علاج کریں گے کہ تم اچھے ہو جاؤ۔[1]

ایک روایت میں ہے کسی خوبصورت لڑکی سے شادی کرنا چاہتے ہیں تو ہم وہاں آپ کی شادی کرا دیتے ہیں وغیرہ یعنی ختم ہو جانے والا دنیاوی مال ومتاع اور بلند منصب کا لالچ سامنے پیش کیا گیا۔

فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:مَا بِي مَا تَقُولُونَ، مَا جِئْتُ بِمَا جِئْتُكُمْ بِهِ أَطْلُبُ أَمْوَالَكُمْ، وَلَا الشَّرَفَ فِيكُمْ، وَلَا الْمُلْكَ عَلَيْكُمْ وَلَكِنَّ اللَّهَ بَعَثَنِي إلَيْكُمْ رَسُولًا وَأَنْزَلَ عَلَيَّ كِتَابًا وَأَمَرَنِي أَنْ أَكُونَ لَكُمْ بَشِيرًا وَنَذِيرًا فَبَلَّغْتُكُمْ رِسَالَاتِ رَبِّي وَنَصَحْتُ لَكُمْ،فَإِنْ تَقْبَلُوا مِنِّي مَا جِئْتُكُمْ بِهِ، فَهُوَ حَظُّكُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَإِنَّ تَرُدُّوهُ عَلَيَّ أَصْبِرْ لِأَمْرِ

[1] ابن ہشام ۲۹۳/۱،عیون الأثر ۱۲۴/۱، سیر أعلام النبلاء ۲۱۶/۱

اللّٰهِ حَتَّى يَحْكُمَ اللّٰهُ بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ

یہ سن کر رسول اللہ ﷺ نے جواب ارشاد فرمایا آپ لوگوں نے جو چیزیں پیش کی ہیں ان میں سے کسی کی مجھے نہ ضرورت ہے اور نہ تمنا، میں اس لئے نہیں آیا کہ تمہارے مال طلب کروں یا تم میں اپنی شرافت و بلندی پیدا کروں یا حجاز کا بادشاہ بن جاؤں، سنو! مجھے رب العالمین نے تم سب کی طرف اپنا رسول بنا کر بھیجا ہے، اور اس نے مجھ پر اپنی کتاب نازل فرمائی ہے، اور مجھے حکم فرمایا ہے کہ میں تمہارے لئے خوشیاں سنانے والا اور متنبہ کرنے والا بنوں، مجھے خوشی ہے کہ میں اپنا فرض با حسن خوبی بجا لا رہا ہوں، میں تمہیں اپنے رب کی رسالت پہنچا رہا ہوں، تمہاری خیر خواہی و بہبودی میں کوئی کمی نہیں کر رہا، اب اگر تم نے اسے قبول کر لیا تو اپنے دونوں جہاں سنوار لو گے اور اگر تم نے اس کو تسلیم نہ کیا تو میں اس وقت تک صبر سے کام لوں گا جب تک کہ باری تعالیٰ میرے اور تمہارے درمیان کوئی دوٹوک فیصلہ کر دے۔ (۱)

موتیوں کی لڑیوں جیسے الفاظ ان کے دلوں میں کھب گئے اور وہ معاملہ کی اصلیت تک بھی پہنچ گئے لیکن اتنی ہمت و جرات نہ ہوئی کہ علی الاعلان قبول کر لیں اور صدیوں کی پرانی ڈگر کو یکسر چھوڑ دیں۔

قَالُوا: فَإِذَا لَمْ تَفْعَلْ هَذَا لَنَا، فَخُذْ لِنَفْسِكَ، سَلْ رَبَّكَ أَنْ يَبْعَثَ مَعَكَ مَلَكًا يُصَدِّقُكَ بِمَا تَقُولُ، وَيُرَاجِعُنَا عَنْكَ وَسَلْهُ، فَلْيَجْعَلْ لَكَ جِنَانًا وَقُصُورًا وَكُنُوزًا مِنْ ذَهَبٍ وَفِضَّةٍ يُغْنِيكَ بِهَا عَمَّا نَرَاكَ تَبْتَغِي، فَإِنَّكَ تَقُومُ بِالْأَسْوَاقِ كَمَا نَقُومُ، وَتَلْتَمِسُ الْمَعَاشَ كَمَا نَلْتَمِسُهُ، حَتَّى نَعْرِفَ فَضْلَكَ وَمَنْزِلَتَكَ مِنْ رَبِّكَ إِنْ كُنْتَ رَسُولًا كَمَا تَزْعُمُ، فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا أَنَا بِفَاعِلٍ وَمَا أَنَا بِالَّذِي يَسْأَلُ رَبَّهُ هَذَا وَمَا بُعِثْتُ إِلَيْكُمْ بِهَذَا وَلَكِنَّ اللّٰهَ بَعَثَنِي بَشِيرًا وَنَذِيرًا أَوْ كَمَا قَالَ فَإِنْ تَقْبَلُوا مَا جِئْتُكُمْ بِهِ فَهُوَ حَظُّكُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، وَإِنْ تَرُدُّوهُ عَلَيَّ أَصْبِرْ لِأَمْرِ اللّٰهِ حَتَّى يَحْكُمَ اللّٰهُ بَيْنِي وَبَيْنَكُمْ

اس لئے خفت مٹانے کے طور پر کہنے لگے اچھا اگر آپ ان سب باتوں میں سے کسی پر بھی آمادہ نہیں تو ہم اپنے مسلمان ہو جانے کے لئے آپ سے کچھ اور عرض کرتے ہیں آپ اپنے رب سے دعا کریں کہ وہ کسی فرشتے کو آپ کی تصدیق کے لئے آپ کے ساتھ کر دے ہم اس سے آپ کے بارے میں دریافت کریں اور وہ ہمیں مطمئن کر دے، اگر یہ بھی نہیں مانتے تو آپ اپنے رب سے کہیں کہ وہ آپ کو سونے چاندی کے محلات جن میں باغات لگے ہوئے ہوں آپ کو دے دے تاکہ ہم آپ کی فضیلت کے قائل ہو جائیں اور اچھی طرح جان لیں کہ واقعی آپ اپنے رب کے پاس بہت قدر و قیمت والے ہیں ورنہ ہم تو دیکھتے ہیں کہ آپ بھی ہماری طرح بازاروں میں پھرتے ہیں اور کسب معاش میں لگے رہتے ہیں، ان کی یہ تجاویز سن کر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں تم لوگوں کی یہ تجاویز بھی قبول نہیں کر سکتا اور نہ ہی میں اپنے رب سے ان کو مانگوں گا نہ تو یہ میرا منصب ہے اور نہ ہی مقصد اور نہ ہی میری بعثت سے یہ مطلب، میں تو صرف اللہ تعالیٰ کا پیغام پہنچانے والا اور جنت و دوزخ کے کام بتلانے والا ہوں، اگر تم قبول کرو تو تمہارے لیے ہی بہتر ہے ورنہ میں اللہ کے حکم کا انتظار کروں گا کہ وہ میرے اور تمہارے درمیان کیا فیصلہ فرماتا ہے۔ (۲)

---

(۱) ابن ہشام ۱؍۲۹۵

(۲) ابن ہشام ۱؍۲۹۶

اس پر قریش برہم اور برافروختہ ہو کر اٹھ کھڑے ہوئے کہ دیکھو نہ یوں مانتے ہیں اور نہ وؤں، ہم تو امن وآشتی اور صلح کے ساتھ رہنا چاہتے ہیں لیکن ان کی فطرت میں ہی نہیں کہ مل جل کر رہیں۔

يَا مُحَمَّدُ، وَإِنَّا وَاللَّهِ لَا نَتْرُكُكَ وَمَا بَلَغْتَ مِنَّا حَتَّى نملكك، أَوْ تُهْلِكَنَا

اچھا اے محمد (ﷺ)! تو اب قسم ہے ہم تمہیں نہیں چھوڑیں گے یا ہم تمہیں ہلاک کر دیں گے یا پھر تم ہمیں ہلاک کر دو گے۔

کافروں کے اسی سوال اور واقعہ کا بیان قرآن مجید کی ان آیتوں میں ہے۔

وَقَالُوا مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ يَاْكُلُ الطَّعَامَ وَيَمْشِيْ فِي الْاَسْوَاقِ ۭ لَوْلَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَلَكٌ فَيَكُوْنَ مَعَهٗ نَذِيْرًا ۝ اَوْ يُلْقٰٓى اِلَيْهِ كَنْزٌ اَوْ تَكُوْنُ لَهٗ جَنَّةٌ يَّاْكُلُ مِنْهَا ۭ وَقَالَ الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرًا ۝[1]

ترجمہ: کہتے ہیں کہ یہ کیسا رسول ہے جو کھانا کھاتا ہے اور بازاروں میں چلتا پھرتا ہے؟ کیوں نہ اس کے پاس کوئی فرشتہ بھیجا گیا جو اس کے ساتھ رہتا اور (نہ ماننے والوں کو) دھمکاتا؟ یا اور کچھ نہیں تو اس کے لئے کوئی خزانہ ہی اتار دیا جاتا یا اس کے پاس کوئی باغ ہی ہوتا جس سے یہ (اطمینان کی) روزی حاصل کرتا اور یہ ظالم کہتے ہیں تم لوگ تو ایک سحر زدہ آدمی کے پیچھے لگ گئے ہو۔

**مضامین سورۃ العادیات:**

آخرت کے منکرین کو بتایا گیا کہ انسان جب اپنے انجام سے غافل ہو تو اخلاقی اعتبار سے کیسی کیسی پستیاں اس کا مقدر بنتی ہیں، نیز یہ کہ قیامت کے دن ظاہری اور پوشیدہ ہر طرح کے اعمال اور تصورات کا محاسبہ ہو گا اس غفلت کو دور کرنے اور قیامت کی اچانک آمد کا ذکر عربوں کی غیر مہذب، غیر متمدن اور بدامنی پر مبنی حالت کے حوالے سے کیا کہ تم لوگ ہر وقت اپنے گھوڑوں پر سوار کشت وخون اور لوٹ مار میں سرگرم ہو، ہر شخص کو یہی خطرہ ہے کہ نامعلوم میرا دشمن کب مجھ پر حملہ آور ہو اور ہم لوگ مصیبت میں گرفتار ہو جائیں جبکہ ہر شخص اصل مصیبت کی گھڑی سے بے خبر ہے، اللہ کے حضور حاضری اور جوابدہی جو ایک لازم امر ہے اس سے قطعاً بے خوف ہے، رب کی عطا کی ہوئی نعمتوں اور قوتوں کا شکریہ ادا کرنے کی بجائے ان کی ناقدری کر رہا ہے، انسان مال و دولت کی محبت میں بڑا حریص ہے، اس کے پاس سونے کی ایک وادی ہو تو دوسری تلاش کرتا ہے اور دوسری ہو تو تیسری تلاش کرتا ہے، وہ مال و دولت کی محبت میں اندھا ہو کر گھناونے اور ناپسندیدہ ترین عمل کر گزرتا ہے، پھر اس غفلت سے نکالنے کے لئے فرمایا کہ تم سب کو رب کے حضور پیش ہو کر اپنے سارے اعمال اور وسوسوں کا جواب دینا ہو گا، تمہارا رب ان سب سے آگاہ ہے اور ان کا بدلہ تم کو ضرور دے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے

وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا ۝۱ فَالْمُوْرِيٰتِ قَدْحًا ۝۲ فَالْمُغِيْرٰتِ صُبْحًا ۝۳

ہانپتے ہوئے دوڑنے والے گھوڑوں کی قسم! پھر ٹاپ مار کر آگ جھاڑنے والوں کی قسم! پھر صبح کے وقت دھاوا بولنے والوں کی قسم،

[1] الفرقان ۸،۷

فَاَثَرْنَ بِهٖ نَقْعًا ۝۴ فَوَسَطْنَ بِهٖ جَمْعًا ۝۵ (العادیات ۱ تا ۵)

پس اس وقت گرد وغبار اڑاتے ہیں پھر اسی کے ساتھ فوجوں کے درمیان گھس جاتے ہیں۔

ان پانچ آیات میں جو قسمیں کھائی گئی ہیں، قسم ہے ان گھوڑوں کی جو ہانپتے، ہنہناتے اور سموں کی سختی سے پتھروں سے آگ نکالتے ہوئے قوت سے دشمن کی طرف دوڑتے ہیں، جن کے تیزی سے دوڑنے اور شب خون مارنے کی وجہ سے فضا میں گرد وغبار چھا جاتا ہے، اس حالت گرد وغبار سے اٹی ہوئی فضا میں صبح کے وقت مدافعت کرنے والے دشمن کے جتھوں میں اپنے سواروں کے ساتھ گھس کر گھمسان کی جنگ کرتے ہیں، ان کا اشارہ اس عام کشت وخون اور غارت گری کی طرف ہے جو عربوں میں اس وقت برپا تھی، جاہلیت کے زمانے میں اہل عرب کا قاعدہ تھا کہ جب انہیں کسی بستی پر انہیں چھاپہ مارنا ہوتا تو رات کے اندھیرے میں تیز رو گھوڑوں پر سوار ہو کر جاتے تاکہ دشمن خبردار نہ ہو جائے اور منہ اندھیرے جب وہ نیند میں غافل ہوتے اچانک اس پر ٹوٹ پڑتے، گرد وغبار سے اٹی فضا میں مدافعت کرنے والوں کو بے دریغ قتل کرتے، کھلے میدان میں عورتوں کی آبروریزی کرتے، ان کی عورتوں اور بچوں کو غلام بنالیتے اور ان کے مال مویشی ہانک کر لے جاتے، اس لئے رات ایک خوفناک چیز ہوتی تھی جس میں ہر قبیلے اور بستی کے لوگ یہ خطرہ محسوس کرتے تھے کہ نہ معلوم کونسا دشمن ان پر چڑھائی کرنے کے لئے آرہا ہو، دن کی روشنی نمودار ہونے پر وہ اطمینان کا سانس لیتے تھے کہ رات خیریت سے گزر گئی۔

اِنَّ الْاِنْسَانَ لِرَبِّهٖ لَكَنُوْدٌ ۝۶ وَ اِنَّهٗ عَلٰى ذٰلِكَ لَشَهِيْدٌ ۝۷ وَ اِنَّهٗ

یقیناً انسان اپنے رب کا ناشکرا ہے اور یقیناً وہ خود بھی اس پر گواہ ہے، یہ

لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌ ۝۸ (العادیات ۶ تا ۸)

مال کی محبت میں بھی بڑا سخت ہے۔

جواب قسم میں ارشاد فرمایا کہ بیشک انسان اپنے رب کا ناشکرا ہے اور ہزارہا نعمتوں کو بھلائے ہوئے ہے جس پر اللہ تعالیٰ شاہد ہے، ہم نے اسے طاقت وقوت اس لئے عنایت فرمائی تھی کہ وہ ہمارا شکر گزار ہو اور اس طاقت، قوت اور وسائل کو ہماری خوشنودی حاصل کرنے کے لئے خرچ کرے مگر وہ ایسا کرنے کے بجائے جنگ وجدل اور غارت گری میں استعمال کر کے فساد فی الارض کا موجب بن رہا ہے جو اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ ناپسندیدہ ہے، اللہ نے انسان کو ضمیر عطا فرمایا ہے جو اسے سچ اور جھوٹ، صحیح وغلط میں تمیز بتلاتا ہے اگر تمہارے ضمیر زندہ ہیں مر نہیں گئے تو اس میں جھانک کر دیکھ لو وہ تمہیں صحیح حقیقت بتادے گا، اس کے علاوہ تمہاری ناشکری خود تمہارے افعال واقوال سے صاف ظاہر ہے، تمہیں اپنے رب سے زیادہ مال ودولت سے شدید محبت ہے، تم اسے حاصل کرنے میں نہایت حریص اور خرچ کرنے میں انتہائی بخیل ہو، یہ مال جو ہم نے ہی تمہیں عطا فرمایا تھا اس کی محبت میں پھنس کر ہماری راہ میں خرچ کرنے سے جی چراتے اور بخل کرتے ہو، اس طرح اپنی شہوت نفس کو اپنے رب کی رضا پر ترجیح دیتے ہو، اپنی نظر کو دنیا پر مرکوز رکھتے ہو اور آخرت سے بالکل غافل ہو سوائے اس شخص کے جس کو ہم نے ہدایت سے بہرہ مند کیا اور اس نے حقوق کی ادائیگی میں فیاضی کے وصف کو اختیار کر لیا۔

اَفَلَا یَعْلَمُ اِذَا بُعْثِرَ مَا فِی الْقُبُوْرِ ۙ﴿۹﴾ وَ حُصِّلَ مَا فِی الصُّدُوْرِ ۙ﴿۱۰﴾ اِنَّ رَبَّهُمْ

کیا اسے وہ وقت معلوم نہیں جب قبروں میں جو (کچھ) ہے نکال لیا جائے گا اور سینوں کی پوشیدہ باتیں ظاہر کر دی جائیں گی، بیشک

بِهِمْ یَوْمَىٕذٍ لَّخَبِیْرٌ ﴿۱۱﴾ (العادیات ۹ تا ۱۱)

ان کا رب اس دن ان کے حال سے پورا باخبر ہو گا۔

اقتدار کی وجہ سے اپنے آپ کو طاقتور، دولت و مرتبہ کی وجہ سے صاحب حیثیت سمجھنے والا اور جتھوں کی قوت پر نازاں شخص کیا یہ نہیں جانتا کہ آخر ایک دن اس نے مر جانا ہے، جیسے فرمایا

كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ ﴿۲۶﴾ وَّيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ﴿۲۷﴾ [1]

ترجمہ: ہر چیز جو اس زمین پر ہے فنا ہو جانے والی ہے اور صرف تیرے رب کی جلیل و کریم ذات ہی باقی رہنے والی ہے۔

اور اسے خالی ہاتھ ایک معمولی چادر میں لپیٹ کر قبر میں دفن کر دیا جاتا ہے، جہاں حشرات الارض اسے مٹی کے ساتھ مٹی بنا دیں گے، پھر جب اللہ سبحانہ وتعالیٰ چاہئے گا تمام مردوں کو قبروں میں جہاں جس حالت میں بھی پڑے ہوں گے سے (جسم وجان سے زندہ فرما کر) حشر نشر کے لئے نکالے گا اور جزاوسزا دے گا، جیسے فرمایا

قُلْ اِنَّ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ ﴿۴۹﴾ لَمَجْمُوْعُوْنَ ۙ اِلٰى مِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۵۰﴾ [2]

ترجمہ: اے نبی ﷺ! ان لوگوں سے کہو، یقیناً اگلے اور پچھلے سب ایک دن ضرور جمع کیے جانے والے ہیں جس کا وقت مقرر کیا جا چکا ہے۔

عدل کا اصل تقاضا یہ ہے کہ عمل کی جزاوسزا دیتے ہوئے ان اعمال کو سرانجام دینے والے کی نیت کو اصل بنیاد بنایا جائے نہ کہ عمل کی ظاہری شکل کو، چنانچہ اللہ ان کے سینوں میں جو ارادے اور نیتیں، جو اغراض ومقاصد، جو خیالات وافکار اور ظاہری افعال کے پیچھے جو باطنی محرکات چھپے ہوں گے سب کھول کر رکھ دے گا، یعنی صرف ظاہری فعل کی بنا پر سزا نہیں دی جائے گی بلکہ یہ بھی دیکھا جائے گا کہ اس نے کس نیت سے وہ فعل کیا تھا، پھر ان کی جانچ پڑتال کر کے اچھائی اور برائی کو الگ الگ چھانٹ دیا جائے گا، جیسے فرمایا:

يَوْمَ تُبْلَى السَّرَآئِرُ ﴿۹﴾ [3]

ترجمہ: جس روز پوشیدہ اسرار کی جانچ پڑتال ہو گی۔

قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَغَيْرُهُ: يَعْنِي أَبْرَزَ وَأَظْهَرَ مَا كَانُوا يُسِرُّونَ فِي نُفُوسِهِمْ

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ اور دیگر مفسرین فرماتے ہیں کہ اپنے نفسوں میں جو کچھ وہ چھپاتے تھے اسے بالکل نمایاں اور ظاہر کر دیا جائے گا۔ [4]

ان کے اعمال کا نتیجہ تمام مخلوق کے سامنے ظاہر ہو جائے گا (اللہ تعالیٰ بندوں کے احوال سے ہر وقت باخبر ہے مگر اس نے اپنے علم کو اس دن

---

[1] الرحمٰن ۲۶،۲۷

[2] الواقعۃ ۴۹،۵۰

[3] الطارق ۹

[4] تفسیر ابن کثیر ۴۶۷/۸

کے ساتھ خاص طور پر ذکر کیا ہے) بیشک ان کا رب ان کے ظاہری و باطنی ہر طرح کے اعمال سے خبر دار ہے، وہ انہیں ان کے اعمال کے مطابق جزا دے گا۔

## ام حبیبہ رضی اللہ عنہا بنت ابی سفیان

ابوسفیان قریش کا ایک معزز سردار تھا، اہل مکہ اس کی عزت واحترام کرتے تھے، اہل مکہ کی طرح اس کا پیشہ بھی تجارت ہی تھا، جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قریش مکہ کے معبودان باطل سے برات کا اعلان فرمایا اور لوگوں کو توحید کی دعوت دی تو دوسرے سرداران قریش کی طرح یہ بھی فتح مکہ تک ان کے ہم نوا رہے اور قریش کے ساتھ مل کر تمام غزوات میں حصہ لیا مگر یہ اللہ تبارک وتعالیٰ کی رحمت وکرم ہے کہ جس کو چاہئے اپنی رحمت سے ڈھانپ لے جس کو چاہئے راہ ہدایت نصیب فرمادے اور جس کو چاہئے گمراہ کر دے، جیسے فرمایا:

...وَاللّٰهُ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۲۱۳﴾ (۱)

ترجمہ: اللہ جسے چاہتا ہے، راہ راست دکھادیتا ہے۔

لَقَدْ اَنْزَلْنَآ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ وَاللّٰهُ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۴۶﴾ (۲)

ترجمہ: ہم نے صاف صاف حقیقت بتانے والی آیات نازل کر دی ہیں، آگے صراط مستقیم کی طرف ہدایت اللہ ہی جسے چاہتا ہے دیتا ہے۔

وہ جس کو چاہئے عزت عطا فرمادے اور جس کو چاہئے ذلیل وخوار فرمادے، جیسے فرمایا:

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ۡ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ۭ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ۭ اِنَّكَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۶﴾ (۳)

ترجمہ: کہو! خدایا! ملک کے مالک! تو جسے چاہے حکومت دے اور جس سے چاہے چھین لے، جسے چاہے عزّت بخشے اور جس کو چاہے ذلیل کر دے بھلائی تیرے اختیار میں ہے، بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے۔

مسلمانوں کو مٹانے یا کم از کم انہیں اپنی ملت میں واپس لانے کی ہر کوشش میں ابوسفیان دار الندوہ میں منعقد سرداران قریش کی ہر مجلس میں شریک ہوتے مگر اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی قدرت کہ خود اس کے گھر میں اس کی بیٹی ام حبیبہ رضی اللہ عنہا

واسمها رملة

جن کا نام رملہ تھا۔

اپنے خاوند عبید اللہ بن جحش کے ہمراہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت اسلام قبول کر کے سابقون اولین میں شامل ہو گئیں،

فَوَلَدَتْ لَهُ حَبِيبَةَ فكنيت بها

---

(۱) البقرة ۲۱۳

(۲) النور ۴۶

(۳) آل عمران ۲۶

عبید اللہ بن جحش سے ان کے ہاں حبیبہ نام کی بیٹی پیدا ہوئی اسی کے نام پر آپ نے اپنی کنیت ام حبیبہ رکھی۔ [۱]

سرداران قریش میں یہ واقعہ ابوسفیان کے لئے باعث شرم بن گیا،اس نے بیٹی اور داماد کو سمجھانے،اپنے اباؤاجداد کے مشرکانہ دین پر واپس لوٹانے کی ہرممکن کوشش کی،اس میں ناکامی کے بعد دوسرے مسلمانوں کی طرح ان پرظلم وبربریت کاایک طوفان کھڑاکر دیا مگران کے دلوں میں حق کے مقابلے میں باطل دم دباکرفرار ہوچکاتھا،پاکیزہ دعوت حق ان کے رگ رگ میں سرایت کرچکی تھی جس کے نشہ میں وہ چور چور تھے، ابوسفیان اور دوسرے قریشیوں کا کوئی حربہ،ہرطرح کی اذیتیں ان کے پائے استقلال میں کسی طرح کی لرزش، کمزوری پیدانہ کرسکا،جب قریش مکہ مکرمہ کے ظلم وبربریت کی انتہاہوگئی اور اپنے گھروں میں رہنامشکل ہوگیا تواپنے دین وایمان کو بچانے کے لئے دونوں میاں بیوی نے اپنے وطن، گھربار،عزیزواقارب کی قربانی دینے کی سوچی اور رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی اجازت سے جعفر رضی اللہ عنہ بن ابی طالب کی سربراہی میں دوسرے مسلمانوں کے ہمراہ حبشہ چلی گئیں،

وَكَانَ عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ جَحْشٍ هَاجَرَ بِأُمِّ حَبِيبَةَ مَعَهُ إِلَى أَرْضِ الْحَبَشَةِ فِي الْهِجْرَةِ الثَّانِيَةِ

عبید اللہ بن جحش ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کو لے کر دوسری ہجرت کے موقعہ پر سرزمین حبشہ چلے گئے۔ [۲]

مگرقریش مکہ نے وہاں بھی ان کو پیچھانہ چھوڑااور ہجرت کرنے والے مسلمانوں کی واپسی کامطالبہ کرنے کے لئے ایک وفدنجاشی شاہ حبشہ کے پاس روانہ کیا،اس وفدنے نجاشی کومسلمانوں کے خلاف برانگیختہ کرنے کی اپنی تمام چالیں چلیں مگر دین دارنجاشی شاہ حبشہ کو اپنا ہم خیال نہ بناسکے اورشرمندگی سے سرجھکاکر واپس مکہ مکرمہ لوٹ گئے،حبشہ میں قریش کے وفدکی وجہ سے مسلمانوں کے دلوں میں بڑااضطراب تھا کہ نجاشی نجانے کیافیصلہ کرتاہے کہیں انہیں پھرتو اس ظلم وبربریت کانشانہ نہیں بنناپڑے گا؟ کیاہم اپنادین وایمان بچاسکیں گے؟ مگرجب اللہ تبارک وتعالیٰ نے وفدکاہرمکروفریب ناکام فرمادیا تومسلمانوں نے سکھ کاسانس لیااور اللہ سبحانہ وتعالیٰ کاشکر بجالائے کہ اب وہ بغیرکسی خوف وخطراپنے رب کی عبادت کرسکیں گے، مگرکس کی تقدیر،مقدرمیں کیالکھاہے یہ کوئی نہیں جانتا،آنے والے لمحوں میں کیاواقعہ پیش آئے گااللہ عزوجل کے علاوہ کوئی نہیں جانتا،ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کاوہی خاوندجس نے دین اسلام قبول کرکے قریش مکہ کے ظلم وستم کو برداشت کیاتھااور راس کے قدم نہیں لڑکھڑائے تھے،جواپنے دین وایمان کو بچانے کے لئے اپناوطن گھربار،عزیزواقارب وغیرہ چھوڑکرحبشہ چلاآیاتھااور اب جبکہ چین وسکون سے زندگی اللہ تبارک وتعالیٰ کی اطاعت میں گزاری جاسکتی تھی مےنوشی شروع کردی اور پھردین اسلام کی پاکیزہ راہ کوچھوڑکرنصرانی بن گیا۔

فَتَنَصَّرَ وَارْتَدَّ عَنِ الْإِسْلَامِ وَتُوُفِّيَ بِأَرْضِ الْحَبَشَةِ

حبشہ پہنچ کر عبید اللہ بن جحش اسلام سے مرتد ہوگیااور نصرانی مذہب اختیار کرلیااور وہیں اس کی وفات ہوگئی۔ [۳]

حالانکہ یہ دین تووہ مکہ مکرمہ میں بھی اختیار کرسکتا تھااور قریش کے ظلم وستم سے بھی محفوظ رہ سکتا تھامگرمقدرمیں بھلائی نہیں لکھی تھی اور وہ

---

[۱] ابن سعد ۶۷؍۱

[۲] ابن سعد ۹۶؍۸

[۳] ابن سعد ۹۶؍۸

مرتد ہو کر حبشہ ہی میں مرا، ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کے لئے یہ بڑی سخت آزمائش کا وقت تھا کہ وہ کیا فیصلہ کریں کیا وہ اپنے خاوند کی طرح دین اسلام کی پاکیزہ تعلیمات سے مرتد ہو کر نصرانیت قبول کر لیں اور اس چند روزہ زندگی کی رسوائی اور آخروی زندگی کے مسلسل عذاب جہنم کو مقدر کر لیں؟ کیا وہ اپنے وطن کفر و شرک کے گڑھ مکہ مکرمہ اور کفر و شرک کے علمبردار سردار اپنے والد ابوسفیان کے پاس واپس چلی جائیں یا ان دو صورتوں کے علاوہ دیارِ غیر حبشہ میں اللہ تبارک و تعالیٰ کے سہارے اس کی اطاعت میں زندگی بتادی جائے، جس میں اللہ کی رضا و خوشنودی، اس زندگی اور آخروی زندگی میں کامیابی و کامرانی ہے؟ چنانچہ آزمائش کے ان کھٹن لمحات میں انہوں نے فیصلہ کرنے میں کچھ دیر نہیں لگائی اور دنیا کی ہر قیمتی چیز سے زیادہ بیش قیمت چیز اپنے دین و ایمان کی سلامتی کو ہر چیز پر ترجیح دی اور اپنے خاوند سے علیحدگی اختیار کر کے اللہ تبارک و تعالیٰ پر صابر و شاکر ہو کر بیٹھ گئیں،

وَثَبَتَتْ أُمُّ حَبِيبَةَ عَلَى دِينِهَا الْإِسْلَامِ وَهِجْرَتِهَا

لیکن ام حبیبہ رضی اللہ عنہا اسلام اور ہجرت پر ثابت قدم رہیں۔ [1]

کچھ ہی دن گزرے تھے کہ عبد اللہ بن جحش مرتد ہو کر مر گیا، اللہ رب العزت نے ام حبیبہ بنت ابوسفیان کو آزمائش میں سرخرو ہونے کا بہترین انعام دیا، عبد اللہ بن جحش کے فوت ہونے کے چند روز بعد ہی ان کے نصیب جاگ گئے، ایک دن باوقت چاشت شاہ حبشہ نجاشی کی ایک خادمہ آپ رضی اللہ عنہا کے پاس خوشیاں بھر پیغام لائی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شاہ حبشہ کو ایک نامہ مبارک لکھا ہے جس میں انہوں نے نجاشی کو اپنا وکیل مقرر فرما کر آپ رضی اللہ عنہا کو اپنے عقد مبارک میں لینے کا فیصلہ کیا ہے آپ بھی اپنا کوئی وکیل مقرر فرمادیں تاکہ آپ کا نکاح پڑھا جا سکے، یہ کوئی معمولی خبر نہ تھی، ان کے تکالیف پر صبر و شکر اور آزمائش میں کامیاب ہونے کے عوض اللہ سبحانہ و تعالیٰ نے انہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجیت میں دینے کا فیصلہ فرمایا تھا، وہ ام المومنین بننے کا شرف حاصل کرنے جا رہی تھیں، اس خبر کو سن کر ام حبیبہ رضی اللہ عنہا بنت ابوسفیان خوشی سے جھوم اٹھیں اور اس خادمہ کو اس بے سروسامانی میں جو دے سکتی تھیں دے کر رخصت کر دیا اور نکاح کے لئے اپنے قریبی رشتہ دار خالد بن سعید بن عاص کو اپنا وکیل مقرر فرمایا، چنانچہ اس مقصد کے لئے نجاشی نے ایک تقریب کا بندوبست کیا جس میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین شامل ہوئے،

فخطب النجاشي فقال: أحمد لِلَّهِ الْمَلِكِ الْقُدُّوسِ السَّلامِ الْمُؤْمِنِ الْمُهَيْمِنِ الْعَزِيزِ الْجَبَّارِ أَشْهَدُ أَنَّ لا إِلَهَ إِلا اللَّهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ وَأَنَّهُ الَّذِي بَشَّرَ بِهِ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَمَّا بَعْدُ فَإِنَّ رَسُولَ اللَّهِ كَتَبَ إِلَيَّ أَنْ أُزَوِّجَهُ أُمَّ حَبِيبَةَ بِنْتَ أَبِي سُفْيَانَ فَأَجَبْتُ إِلَى مَا دَعَا إِلَيْهِ رَسُولُ اللَّهِ وَقَدْ أَصْدَقْتُهَا أَرْبَعَ مِائَةِ دِينَارٍ ثُمَّ سَكَبَ الدَّنَانِيرَ بَيْنَ يَدَيِ الْقَوْمِ ،

پھر خطبہ پڑھا کہ تمام تعریفیں اس ایک اللہ کے لیے ہیں جو بادشاہ ہے، تمام عیوب سے پاک ہے، سلامتی والا ہے، امن دینے والا ہے اور غلبہ والا ہے، میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور رسول ہیں، یہ وہی رسول ہیں جن کی بشارت عیسیٰ بن مریم کو دی گئی تھی، اللہ عزوجل کی حمد و ثنا کے بعد نجاشی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وکیل کی حیثیت سے حاضرین مجلس سے کہا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا پیغام پہنچا ہے کہ میں ام حبیبہ رضی اللہ عنہا بنت ابوسفیان کا نکاح ان سے کر دوں، میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے مطابق

[1] ابن سعد ۸/۹۶

ام حبیبہ رضی اللہ عنہا بنت ابوسفیان کا حق مہر چار سو دینار مقرر کیا ہے، مہر کی یہ رقم میں ان کے وکیل خالد رضی اللہ عنہ بن سعید بن عاص کے سپرد کرتا ہوں،

فَتَكَلَّمَ خَالِدُ بْنُ سَعِيدٍ، فَقَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ أَحْمَدُهُ وَأَسْتَعِينُهُ وَأَسْتَنْصِرُهُ وَأَشْهَدُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ أَرْسَلَهُ بِالْهُدَى وَدِينِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهُ عَلَى الدِّينِ كُلِّهِ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُونَ ، أَمَّا بَعْدُ فَقَدْ أَجَبْتُ إِلَى مَا دَعَا إِلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ وَزَوَّجْتُهُ أُمَّ حَبِيبَةَ بِنْتَ أَبِي سُفْيَانَ فَبَارَكَ اللّٰهُ رَسُولَ اللّٰهِ

پھر خالد رضی اللہ عنہ بن سعید بن عاص نے خطبہ پڑھا اور کہا امابعد! تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں، میں اس کی حمد بیان کرتا ہوں، اسی سے مدد مانگتا ہوں اور اسی سے دشمن کے خلاف نصرت طلب کرتا ہوں، اور اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور رسول ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے ہدایت اور دین حق دے کر بھیجا ہے تا کہ اس کو تمام دینوں پر غالب کر دے اگرچہ مشرکوں کو کتنا ہی ناگوار ہو، حمد وصلاۃ کے بعد کہتا ہوں کہ جس چیز کی طرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خواہش ظاہر کی ہے میں اس پر لبیک کہتے ہوئے ام حبیبہ رضی اللہ عنہا بنت ابوسفیان کو ان کے نکاح میں دیتا ہوں، اللہ تبارک وتعالیٰ اس کار خیر میں برکت عطا فرمائے۔ [1]

میں ام حبیبہ رضی اللہ عنہا بنت ابوسفیان کو ان کی ام المومنین بننے کی خوش بختی پر مبارکباد پیش کرتا ہوں اور مہر کی حاصل شدہ رقم اپنی موکلہ کو دینے کے لئے ان کے گھر روانہ ہو گئے، نجاشی نے ولیمہ کا بندبست کیا ہوا تھا جسے کھا کر سب صحابہ کرام اور دوسرے شریک محفل لوگ گھروں کو واپس لوٹ گئے، جب مہر کے چار سو دینار ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کے پاس پہنچے تو اس میں سے پچاس دینار پیغام لانے والی خادمہ جس کا نام ابرہہ بتایا جاتا ہے کو بھیج دیئے، مگر دوسرے دن نجاشی کے حکم سے خادمہ ابرہہ نے دیناروں سمیت تمام مال اسے پہلے دے چکی تھیں واپس لوٹا دیا، بعد میں اس خادمہ نے اسلام قبول کر لیا،

فَلَمَّا قَدِمْتُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ أَخْبَرْتُهُ كَيْفَ كَانَتِ الْخِطْبَةُ وَمَا فَعَلَتْ بِي أَبْرَهَةُ فَتَبَسَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ وَأَقْرَأْتُهُ مِنْهَا السَّلَامَ، فَقَالَ: وَعَلَيْهَا السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ

نکاح کے بعد ام حبیبہ رضی اللہ عنہا بنت ابوسفیان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضری کے لئے حبشہ سے روانہ ہو گئیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو نکاح کی تمام روئداد سنائی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم سن کر مسکرا دیئے، میں نے ابراہہ کا سلام عرض کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وَعَلَيْهَا السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ۔ [2]

وَكَانَ لَهَا يَوْمَ قَدِمَ بِهَا الْمَدِينَةَ بِضْعٌ وَثَلَاثُونَ سَنَةً

جب ام المومنین ام حبیبہ رضی اللہ عنہا نکاح کے بعد مدینہ منورہ پہنچیں تو اس وقت اس کی عمر تیس سال سے کچھ زائد تھی۔ [3]

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ: لَمَّا قَدِمَ أَبُو سُفْيَانَ بْنُ حَرْبٍ الْمَدِينَةَ جَاءَ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُرِيدُ غَزْوَ مَكَّةَ فَكَلَّمَهُ أَنْ يَزِيدَ فِي هُدْنَةِ الْحُدَيْبِيَةِ فَلَمْ يُقْبِلْ عَلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ. فَقَامَ فَدَخَلَ عَلَى ابْنَتِهِ

---

[1] ابن سعد ٨/٧٨، الاستيعاب في معرفة الأصحاب ٤/١٩٣٠، سير أعلام النبلاء ٣/٢٦٩

[2] ابن سعد ٨/٩٦

[3] ابن سعد ٨/٩٨

أُمِّ حَبِيبَةَ. فَلَمَّا ذَهَبَ لِيَجْلِسَ عَلَى فِرَاشِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَوَتْهُ دُونَهُ فَقَالَ: يَا بُنَيَّةُ أَرَغِبْتِ بِهَذَا الْفِرَاشِ عَنِّي أَمْ بِي عَنْهُ؟ فَقَالَتْ: بَلْ هُوَ فِرَاشُ رَسُولِ اللَّهِ وَأَنْتَ امْرُؤٌ نَجِسٌ مُشْرِكٌ. فَقَالَ: يَا بُنَيَّةُ لَقَدْ أَصَابَكِ بَعْدِي شَرٌّ.

محمد بن عبد اللہ زہری نقل کرتے ہیں جب ابوسفیان بن حرب مدینہ منورہ آئے تو رسول اللہ ﷺ اس وقت فتح مکہ کی تیاری فرمار ہے تھے ابوسفیان نے درخواست کی کہ صلح حدیبیہ کی مدت میں کچھ توسیع کر دے جائے لیکن رسول اللہ ﷺ نے یہ درخواست قبول نہیں فرمائی، وہاں سے مایوس ہو کر وہ اپنی بیٹی ام المومنین ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کے گھر پہنچے جب انہوں نے نبی کریم ﷺ کے بستر مبارک پر بیٹھنے کا ارادہ کیا تو ام حبیبہ رضی اللہ عنہا نے وہ بستر لپیٹ دیا، ابوسفیان نے کہا اے بیٹی! میں بستر کے لائق نہیں یا بستر میرے لائق نہیں؟ ام المومنین ام حبیبہ رضی اللہ عنہا نے کہا یہ رسول اللہ ﷺ کا بستر مبارک ہے اور تم ناپاک و مشرک ہو لہذا اس کے قابل نہیں کہ اس بستر پر بیٹھیں، ابوسفیان نے کہا اے بیٹی! میرے بعد تمہارے مزاج میں خرابی پیدا ہوگئی۔ [1]

عَنْ عَوْفِ بْنِ الْحَارِثِ قَالَ: سَمِعْتُ عَائِشَةَ تَقُولُ: دَعَتْنِي أُمُّ حَبِيبَةَ زَوْجُ النَّبِيِّ صلّى الله عليه وسلم عِنْدَ مَوْتِهَا فَقَالَتْ: قَدْ كَانَ يَكُونُ بَيْنَنَا وَبَيْنَ الضَّرَائِرِ فَغَفَرَ اللَّهُ لِي وَلَكِ مَا كَانَ مِنْ ذَلِكَ، فَقُلْتُ: غَفَرَ اللَّهُ لَكِ ذَلِكَ كُلَّهُ وَتَجَاوَزَ وَحَلَّلَكِ مِنْ ذَلِكَ، فَقَالَتْ: سَرَرْتِنِي سَرَّكِ اللَّهُ، وَأَرْسَلَتْ إِلَى أُمِّ سَلَمَةَ فَقَالَتْ لَهَا مِثْلَ ذَلِكَ، وَتُوُفِّيَتْ سَنَةَ أَرْبَعٍ وَأَرْبَعِينَ فِي خِلَافَةِ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ

عوف بن حارث سے مروی ہے میں ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے سنا کہ جب ام المومنین ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کا انتقال ہونے لگا تو انہوں نے مجھے بلایا اور کہا کہ کبھی کبھی ہم سوکنوں کے درمیان کچھ ناگوار باتیں ہو جایا کرتی تھیں اللہ تعالیٰ مجھے بھی معاف فرمائے اور تمہیں بھی، میں نے کہا اللہ تعالیٰ تمہاری تمام لغزشات کو معاف و درگزر فرمائے اور تمہیں ان سے پاک کر دے، ام المومنین ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کہنے لگیں اللہ تعالیٰ تمہیں خوش رکھے تم نے مجھے خوش کر دیا پھر ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا کو بلایا اور ان سے بھی یہی بات کی، ان کی وفات ۴۴ ہجری میں امیر معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ کے عہد میں ہوئی۔ [2]

مضامین سورۃ القارعہ

اللہ تعالیٰ نے قیامت کے کئی نام گنوائے گئے ہیں جیسے

اَلْحَاقَّةُ (الحاقۃ ۱) الطَّآمَّةُ الْكُبْرٰى (النازعات ۳۴) الصَّآخَّةُ (عبس ۳۳) الْغَاشِيَةِ (الغاشیۃ ۱) السَّاعَةَ، الْاٰزِفَةُ، الْوَاقِعَةُ، هَاوِيَةٌ، الْحُطَمَةِ (الھمزہ ۴) اَلْقَارِعَةُ (القارعۃ ۱)

وہ واقعہ جس کو لازماً پیش آ کر رہنا ہے یعنی قیامت۔ عظیم ہنگامہ۔ کان بہرے کر دینے والی آواز، ہولناک شور۔ چھا جانے والی آفت۔ قیامت کی گھڑی۔ قریب آنے والی۔ ہونے والا واقعہ۔ عمیق۔ چکنا چور کر دینے والی جگہ۔ کھڑ کھڑا دینے والی، ٹھونکنے والی۔ اس لئے کہتے ہیں کہ جس طرح دروازہ کھٹکھٹانے والا مکینوں کو خبردار کرتا ہے اسی طرح یہ بھی اپنی ہولناکیوں سے دلوں کو بیدار اور اللہ کے دشمنوں کو عذاب سے

[1] ابن سعد ۹۹/۸، سير أعلام النبلاء ۱۰۵/۲، الإصابة في تمييز الصحابة ۱۴۲/۸

[2] ابن سعد ۱۰۰/۸، سير أعلام النبلاء ۴۸۰/۳، الإصابة في تمييز الصحابة ۱۴۲/۸

خبردار کردے گی۔

قیامت کو عظیم اور ہلادینے والی آفت اور حادثہ قرار دے کر غافل انسان کو چوکنا کیا کہ جب یہ حادثہ رونما ہوگا تو گھبراہٹ اور بدحواسی کا یہ عالم ہوگا کہ لوگ بھاگتے پھریں گے جیسے روشنی کے گرد پروانے، عظیم الشان، بلند و بالا ٹھوس پہاڑ بے وزن ہو کر روئی کے گالوں کی طرح اڑتے ہوں گے، قیامت قائم ہونے کے بعد جب اللہ چاہے گا مردوں کو ان کی قبروں سے زندہ کر کے عدالت قائم کرے گا اور نیکی اور برائی کا موازنہ شروع ہوگا، جن لوگوں کی نیکیوں کا وزن زیادہ ہوگا وہ پسندیدہ زندگی گزاریں گے اور جن لوگوں کا برائی کا پلڑا بھاری ہوگا وہ دہکتی بھڑکتی آگ کی گہری خندقوں میں گرا دیئے جائیں گے جہاں سے نکلنے کی کوئی سبیل نہ ہوگی۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلۡقَارِعَۃُ ۙ﴿۱﴾ مَا الۡقَارِعَۃُ ۚ﴿۲﴾ وَ مَاۤ اَدۡرٰىکَ مَا الۡقَارِعَۃُ ؕ﴿۳﴾ یَوۡمَ یَکُوۡنُ النَّاسُ

کھڑکھڑا دینے والی، کیا ہے وہ کھڑکھڑا دینے والی، تجھے کیا معلوم کہ وہ کھڑکھڑانے والی کیا ہے، جس دن انسان

کَالۡفَرَاشِ الۡمَبۡثُوۡثِ ۙ﴿۴﴾ وَ تَکُوۡنُ الۡجِبَالُ کَالۡعِہۡنِ الۡمَنۡفُوۡشِ ؕ﴿۵﴾ (القارعہ ۱تا۵)

بکھرے ہوئے پروانوں کی طرح ہو جائیں گے، اور پہاڑ دھنے ہوئے رنگین اون کی طرح ہو جائیں گے۔

اس سورت میں قیامت کے پہلے مرحلے سے لیکر عذاب و ثواب کے آخری مرحلے تک پورے عالم آخرت کا یکجا ذکر ہو رہا ہے، اس عظیم واقعہ کی ہولناکی بیان کرنے کے لیے سوال کیا گیا کہ کھڑکھڑا دینے والی کیا ہے کھڑکھڑا دینے والی؟ اور آپ کو کیا علم کہ وہ کھڑکھڑا دینے والی کیا ہے؟ پھر قیامت کے پہلے مرحلے میں لوگوں کی جو کیفیت ہوگی وہ بیان فرمائی کہ زمین و آسمان کو پھٹتا، سورج چاند و ستارے آپس میں ٹکراتے اور معدوم ہوتے، پر ہیبت پہاڑوں کو بے حیثیت تنکوں کی طرح ہوا میں اڑتے، سمندروں میں بھڑکتی آگ اور جنگلی جانوروں کا خوف سے انسانوں کے قریب اکھٹے ہونا دیکھ کر لوگ انتہائی گھبراہٹ کی حالت میں ہوں گے، خوف و دہشت سے ان کے کلیجے پھٹے جا رہے ہوں گے ، دہشت سے وہ اتنے بدحواس باختہ ہوں گے کہ دیکھنے والا یہ سمجھے کہ جیسے وہ نشے میں ہوں، جیسے فرمایا:

یَوۡمَ تَرَوۡنَہَا تَذۡہَلُ کُلُّ مُرۡضِعَۃٍ عَمَّاۤ اَرۡضَعَتۡ وَ تَضَعُ کُلُّ ذَاتِ حَمۡلٍ حَمۡلَہَا وَ تَرَی النَّاسَ سُکٰرٰی وَ مَا ہُمۡ بِسُکٰرٰی وَ لٰکِنَّ عَذَابَ اللّٰہِ شَدِیۡدٌ ﴿۲﴾ [1]

ترجمہ: جس روز تم اسے دیکھو گے حال یہ ہوگا کہ ہر دودھ پلانے والی اپنے دودھ پیتے بچے سے غافل ہو جائے گی، ہر حاملہ کا حمل گر جائے گا اور لوگ تم کو مدہوش نظر آئیں گے حالانکہ وہ نشے میں نہ ہوں گے بلکہ اللہ کا عذاب ہی کچھ ایسا سخت ہوگا۔

اور اس اچانک ٹوٹ پڑنے والی عظیم آفت سے پناہ حاصل کرنے کے لئے ٹڈی دل کی طرح ہر طرف بھاگے بھاگے پھریں گے جیسے روشنی پر

---

[1] الحج ۲

آنے والے پروانے ہر طرف پراگندہ و منتشر ہوتے ہیں اور وہ نہیں جانتے کہ وہ کہاں کا رخ کریں، جیسے فرمایا

...كَاَنَّهُمْ جَرَادٌ مُّنْتَشِرٌ ﴿۷﴾ (۱)

ترجمہ: گویا وہ بکھری ہوئی ٹڈیاں ہیں۔

انسان نظام شمسی کو تباہ ہوتے دیکھ رہے ہوں گے مگر زمین بھی اس تباہی سے مستثنیٰ نہیں ہوگی، زمین کی کشش ثقل بھی ختم ہو جائے گی جس کے نتیجے میں زمین میں مضبوطی سے جمے ہوئے بلند و بالا، سر فلک چوٹیوں والے رنگ برنگ کے ٹھوس اور سخت پہاڑ زمین سے نکل کر بادلوں اور دھنکی ہوئی رنگ برنگی اون کی طرح اڑتے پھریں گے اور آپس میں ٹکرا کر ریزہ ریزہ ہو رہے ہوں گے اور بکھرا ہو غبار بن کر ختم ہو جائیں گے اور ان میں سے کچھ باقی نہیں بچے گا جس کو دیکھا جائے، جیسے فرمایا:

وَتَرَى الْجِبَالَ تَحْسَبُهَا جَامِدَةً وَّهِيَ تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ... ﴿۸۸﴾ (۲)

ترجمہ: آج تو پہاڑوں کو دیکھتا ہے اور سمجھتا ہے کہ خوب جمے ہوئے ہیں مگر اس وقت یہ بادلوں کی طرح اڑ رہے ہوں گے۔

فَاَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ ﴿۶﴾ فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ﴿۷﴾ وَاَمَّا مَنْ خَفَّتْ

پھر جس کے پلڑے بھاری ہونگے وہ دل پسند آرام کی زندگی میں ہوگا، جن کے پلڑے

مَوَازِيْنُهٗ ﴿۸﴾ فَاُمُّهٗ هَاوِيَةٌ ﴿۹﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا هِيَهْ ﴿۱۰﴾ نَارٌ حَامِيَةٌ ﴿۱۱﴾ (القارعہ ۶ تا ۱۱)

ہلکے ہونگے اس کا ٹھکانا ہاویہ (جہنم) ہے، تجھے کیا معلوم کہ وہ کیا ہے وہ تند تیز آگ ہے۔

پھر جب اللہ تعالیٰ چاہے گا سب انسان اپنے مرقدوں سے زندہ ہو کر کان دبائے رب کے حضور پیش ہو جائیں گے، جیسے فرمایا

...وَّنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَجَمَعْنٰهُمْ جَمْعًا ﴿۹۹﴾ (۳)

ترجمہ: اور صور پھونکا جائے گا اور ہم سب انسانوں کو ایک ساتھ جمع کریں گے۔

يَّوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ وَنَحْشُرُ الْمُجْرِمِيْنَ يَوْمَئِذٍ زُرْقًا ﴿۱۰۲﴾ (۴)

ترجمہ: اس دن جبکہ صور پھونکا جائے گا اور ہم مجرموں کو اس حال میں گھیر لائیں گے کہ ان کی آنکھیں (دہشت کے مارے) پتھرائی ہوئی ہوں گی۔

وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ ﴿۵۱﴾ (۵)

ترجمہ: پھر ایک صور پھونکا جائے گا اور یکا یک یہ اپنے رب کے حضور پیش ہونے کے لیے اپنی قبروں سے نکل پڑیں گے۔

(۱) القمر ۷

(۲) النمل ۸۸

(۳) الکہف ۹۹

(۴) طٰہٰ ۱۰۲

(۵) یٰسین ۵۱

يَّوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَتَاْتُوْنَ اَفْوَاجًا ﴿۱۸﴾ (۱)

ترجمہ: جس روز صور میں پھونک ماردی جائے گی تم فوج در فوج نکل آ ؤ گے۔

اللہ کے حکم سے میدان محشر میں ترازو عدل نصب کر دیا جائے گا، کسی شخص نے رائی کے دانے برابر بھی کچھ کیا دھرا ہو گا حاضر کر دیا جائے گا اور کسی شخص پر ذرہ برابر ظلم نہ ہو گا، جیسے فرمایا:

وَنَضَعُ الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْـًٔا ۭ وَاِنْ كَانَ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ اَتَيْنَا بِهَا ۭ وَكَفٰى بِنَا حٰسِبِيْنَ ﴿۴۷﴾ (۲)

ترجمہ: قیامت کے روز ہم ٹھیک تولنے والے ترازو رکھ دیں گے، پھر کسی شخص پر ذرہ برابر ظلم نہ ہو گا، جس کا رائی کے دانے برابر بھی کچھ کیا دھرا ہو گا وہ ہم سامنے لے آئیں گے اور حساب لگانے کے لئے ہم کافی ہیں۔

يٰبُنَيَّ اِنَّهَآ اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِيْ صَخْرَةٍ اَوْ فِي السَّمٰوٰتِ اَوْ فِي الْاَرْضِ يَاْتِ بِهَا اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ﴿۱۶﴾ (۳)

ترجمہ: (اور لقمان نے کہا تھا کہ) اے بیٹے کوئی چیز رائی کے دانہ برابر بھی ہو اور کسی چٹان میں یا آسمانوں یا زمین میں کہیں چھپی ہوئی ہو اللہ اسے نکال لائے گا، وہ باریک بیں اور باخبر ہے۔

فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ ﴿۷﴾ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ ﴿۸﴾ (۴)

ترجمہ: پھر جس نے ذرہ برابر نیکی کی ہو گی وہ اس کو دیکھ لے گا اور جس نے ذرہ برابر بدی کی ہو گی وہ اس کو دیکھ لے گا۔

مقدمہ کے گواہ پیش ہوں گے اور حق کے ساتھ گواہی دیں گے، اللہ اعمال کو وزن عطا فرمائے گا اور ترازو عدل میں ہر شخص کے چھوٹے سے چھوٹے اچھے یا برے عمل کو تولا جائے گا، اور انصاف کے تمام تقاضے پورے کر کے فیصلہ چکا دیا جائے گا، اس طرح تمام لوگ دو گروہوں میں منقسم ہو جائیں گے ایک گروہ خوش بخت لوگوں کا ہو گا اور دوسرا بد بخت لوگوں کا، ترازو کے ایک پلڑے میں ایمان اور ظاہری و پوشیدہ نیکیاں رکھ دی جائیں گی اور دوسرے پلڑے میں برائیاں، جس شخص کا ایمان اور نیکیوں کا پلڑا بھاری ہو جائے گا وہ خوش بخت گروہ میں شامل ہو جائے گا، ان کے انعام کے لئے انگنت لازوال نعمتوں والی جنت، فرشتوں کی ہر طرف سے مرحبا مرحبا کی آوازیں، خدمت پر مامور بے شمار موتیوں کی طرح چمکتے ہوئے خدام اور سب سے بڑی بات رب کی رضا ہو گی، اور جن کے وزن ہلکے نکلیں گے یعنی اس کی نیکیاں اتنی نہ ہوں گی جو اس کی برائیوں کے برابر ہوں، یا اللہ تعالیٰ اسکے اعمال کو کفر، شرک کی وجہ سے وزن ہی نہ دے گا تو اس بد بخت کا ٹھکانہ جہنم ہو گا، جیسے فرمایا

وَالْوَزْنُ يَوْمَئِذِ الْحَقُّ ۚ فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۸﴾ وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰۗىِٕكَ

---

(۱) النبا ۱۸

(۲) الانبیاء ۴۷

(۳) لقمان ۱۶

(۴) الزلزال ۷،۸

الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ بِمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَظْلِمُوْنَ ⑨ (۱)

ترجمہ:اور وزن اس روز عین حق ہوگا جن کے پلڑے بھاری ہوں گے وہی فلاح پانے والے ہوں گے اور جن کے پلڑے ہلکے ہوں گے وہی اپنے آپ کو خسارے میں مبتلا کرنے والے ہوں گے۔

اَلَّذِيْنَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ يُحْسِنُوْنَ صُنْعًا ۱۰۴ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ وَلِقَآئِهٖ فَحَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فَلَا نُقِيْمُ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَزْنًا ۱۰۵ (۲)

ترجمہ:وہ کہ دنیا کی زندگی میں جن کی ساری سعی وجہد راہ راست سے بھٹکی رہی اور وہ سمجھتے رہے کہ وہ سب کچھ ٹھیک کر رہے ہیں، یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے رب کی آیات کو ماننے سے انکار کیا اور اس کے حضور پیشی کا یقین نہ کیا، اس لئے ان کے سارے اعمال ضائع ہو گئے ،قیامت کے روز ہم انہیں کوئی وزن نہ دیں گے۔

اس شخص کے پاوں میں بھاری بیڑیاں پہنا کر اور گلے میں طوق ڈال کر سر کے بل جہنم کے عمیق گھڑے میں ڈال دیا جائے گا، جیسے فرمایا

اِنَّ لَدَيْنَآ اَنْكَالًا وَّجَحِيْمًا ⑫ (۳)

ترجمہ:ہمارے پاس (ان کے لیے) بھاری بیڑیاں ہیں اور بھڑکتی ہوئی آگ۔

اِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ سَلٰسِلَا۟ وَاَغْلٰلًا وَّسَعِيْرًا ④ (۴)

ترجمہ: کفر کرنے والوں کے لیے ہم نے زنجیریں اور طوق اور بھڑکتی ہوئی آگ مہیا کر رکھی ہے۔

جہاں سے نکلنے کی کوئی سبیل نہ ہو گی اور جہنم کا عذاب اس کو چمٹ جائے گا، جیسے فرمایا

...اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ۶۵ (۵)

ترجمہ:اس کا عذاب تو جان کالاگو ہے۔

جہنم کی ہولناکی اور شدت عذاب کو بیان کرنے کے لئے سوال کیا گیا اور تم کیا جانو کہ وہ ہاویہ کیا ہے، پھر خود ہی تشریح فرمائی ہم تمہیں بتلاتے ہیں وہ سخت حرارت والی آگ ہو گی۔

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:نَارُكُمْ جُزْءٌ مِنْ سَبْعِينَ جُزْءًا مِنْ نَارِ جَهَنَّمَ، قِيلَ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنْ كَانَتْ لَكَافِيَةً،قَالَ:فُضِّلَتْ عَلَيْهِنَّ بِتِسْعَةٍ وَسِتِّينَ جُزْءًا كُلُّهُنَّ مِثْلُ حَرِّهَا

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہاری آگ (کی حرارت) جہنم کی آگ (کی حرارت) کے ستر حصوں میں سے ایک حصہ ہے، عرض کیا گیا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! (ہماری آگ کی حرارت) کافی ہے، فرمایا کہ وہ اس پر انہتر حصہ زیادہ کر دی

(۱) الاعراف ۸،۹

(۲) الکہف ۱۰۵،۱۰۴

(۳) المزمل ۱۲

(۴) الدھر ۴

(۵) الفرقان ۶۵

گئی ہے ہر حصہ میں اتنی ہی گرمی ہے۔ ①

عَنْ يَحْيَى بْنِ جَعْدَةَ:إِنَّ نَارَكُمْ هَذِهِ جُزْءٌ مِنْ سَبْعِينَ جُزْءًا مِنْ نَارِ جَهَنَّمَ، وَضُرِبَتْ بِالْبَحْرِ مَرَّتَيْنِ، وَلَوْلَا ذَلِكَ مَا جَعَلَ اللَّهُ فِيهَا مَنْفَعَةً لِأَحَدٍ

یحییٰ بن جعدہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ آگ باوجود اس آگ کا سترھواں حصہ ہونے کے بھی دو مرتبہ سمندر کے پانی میں بجھا کر بھیجی گئی ہے اگر یہ نہ ہوتا تو اس سے بھی نفع نہ اٹھا سکتے۔ ②

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:أَتَدْرُونَ مَا مَثَلُ نَارِكُمْ هَذِهِ مِنْ نَارِ جَهَنَّمَ؟لَهِيَ أَشَدُّ سَوَادًا مِنْ دُخَانِ نَارِكُمْ هَذِهِ بِسَبْعِينَ ضِعْفًا

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم جانتے ہو کہ تمہاری اس آگ اور جہنم کی آگ کے درمیان کیا نسبت ہے؟ تمہاری اس آگ کے دھوئیں سے بھی ستر حصہ زیادہ سیاہ خود وہ آگ ہے۔ ③

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَاشْتَكَتِ النَّارُ إِلَى رَبِّهَايَا رَبِّ أَكَلَ بَعْضِي بَعْضًا، فَأَذِنَ لَهَا بِنَفَسَيْنِ، نَفَسٍ فِي الشِّتَاءِ وَنَفَسٍ فِي الصَّيْفِ،فَهُوَ أَشَدُّ مَا تَجِدُونَ مِنَ الحَرِّ، وَأَشَدُّ مَا تَجِدُونَ مِنَ الزَّمْهَرِيرِ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دوزخ نے اپنے رب سے شکایت کی اے میرے رب! میرا ایک حصہ دوسرے حصے کو کھائے جا رہا ہے، اللہ تعالیٰ نے اسے دو سانس لینے کی اجازت فرما دی، ایک سانس گرمی میں اور ایک سانس سردی میں، پس جو سخت سردی ہوتی ہے یہ اس کا ٹھنڈا سانس ہے اور نہایت سخت گرمی جو پڑتی ہے وہ جہنم کا گرم سانس ہے۔

④عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: «إِذَا اشْتَدَّ الحَرُّ فَأَبْرِدُوا بِالصَّلاَةِ، فَإِنَّ شِدَّةَ الحَرِّ مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب گرمی زیادہ سخت ہو تو نماز ٹھنڈی کر کے پڑھو اس لئے کہ گرمی کی شدت جہنم کے جوش کی وجہ سے ہے۔ ⑤

عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الخُدْرِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:إِنَّ أَدْنَى أَهْلِ النَّارِ عَذَابًا يَنْتَعِلُ بِنَعْلَيْنِ مِنْ نَارٍ،

---

① صحیح بخاری کتاب بدء الخلق بَابُ صِفَةِ النَّارِ، وَأَنَّهَا مَخْلُوقَةٌ ٣٢٦٥،صحیح مسلم کتاب الجنة بَابٌ فِي شِدَّةِ حَرِّ نَارِ جَهَنَّمَ وَبُعْدِ قَعْرِهَا وَمَا تَأْخُذُ مِنَ الْمُعَذَّبِينَ٧١٦٥

② مسنداحمد٧٣٢٧،صحیح ابن حبان ٧٤٦٣

③ المعجم الاوسط للطبرانی٤٨٥

④ صحیح بخاری کتاب مواقیت الصلاة بَابُ الإِبْرَادِ بِالظُّهْرِ فِي شِدَّةِ الحَرِّ٥٣٧،وکتاب بدئ الخلق بَابُ صِفَةِ النَّارِ، وَأَنَّهَا مَخْلُوقَةٌ ٣٢٦٠، صحیح مسلم کتاب المساجد بَابُ اسْتِحْبَابِ الْإِبْرَادِ بِالظُّهْرِ فِي شِدَّةِ الْحَرِّ٦١٧

⑤ صحیح بخاری کتاب الصلاةبَابُ الإِبْرَادِ بِالظُّهْرِ فِي شِدَّةِ الحَرِّ٥٣٦،صحیح مسلم کتاب المساجد بَابُ اسْتِحْبَابِ الْإِبْرَادِ بِالظُّهْرِ فِي شِدَّةِ الْحَرِّ١٣٩٨

يَغْلِي دِمَاغُهُ مِنْ حَرَارَةِ نَعْلَيْهِ

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سب سے ہلکے عذاب والا جہنمی وہ ہے جس کے پیروں میں آگ کی دو جوتیاں ہوں گی جس سے اس کا دماغ کھدبدیاں لے رہا ہو گا۔ (۱) ہم اس آگ سے اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی پناہ چاہتے ہیں۔

اسماء رضی اللہ عنہا بنت ابی بکر صدیق رضی اللہ عنہ

أَسْلَمَتْ قَدِيمًا بِمَكَّةَ , وَبَايَعَتْ رَسُولَ اللَّهِ وَهِيَ ذَاتُ النِّطَاقَيْنِ

اسماء رضی اللہ عنہا مکہ مکرمہ ہی میں شروع زمانہ اسلام میں مسلمان ہوگئی تھیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بیعت کا شرف بھی حاصل کر لیا تھا، انہی کا لقب ذات النطاقین (دو پٹکوں والی) ہے۔ (۲)

وأسلمت بعد سبعة عشر إنسانا

اسماء رضی اللہ عنہا سترہ مرد وعورتوں کے ایمان لانے کے بعد دائرہ اسلام میں داخل ہوئیں۔ (۳)

إن أَسْمَاءَ بِنْتَ أَبِي بَكْرٍ أسلمت بعد [إسلام] سبعة عشر إنسانًا

اسماء رضی اللہ عنہا بنت ابوبکر سترہ مرد وعورتوں کے ایمان لانے کے بعد دائرہ اسلام میں داخل ہوئیں۔ (۴)

آپ عبداللہ بن عثمان رضی اللہ عنہ (سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ) کی بیٹی ہیں جو مردوں میں بلا کسی تامل وتردد سب سے پہلے ایمان لائے،

وَأُمُّهَا: هِيَ قُتَيْلَةُ بِنْتُ عَبْدِ الْعُزَّى الْعَامِرِيَّةُ ،وَأُخْتُ أُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ عَائِشَةَ

ان کی والدہ کا نام قتیلہ بنت عبدالعزی العامریہ تھا آپ ام المومنین عائشہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی بہن ہیں۔ (۵)

طَلَّقَ امْرَأَتَهُ قُتَيْلَةَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، وَهِيَ أُمُّ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِي بَكْرٍ

سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے قتیلہ کو جاہلیت میں طلاق دے دی تھی اور یہ اسماء رضی اللہ عنہا کی والدہ ہیں۔ (۶)

ولدت قبل الهجرة بسبع وعشرين سنة

آپ ہجرت سے ستائیس سال قبل پیدا ہوئیں۔ (۷)

ولدت قبل التاريخ بسبع وعشرين سنة

آپ تاریخ سے ستائیس سال قبل پیدا ہوئیں۔ (۸)

(۱) صحيح مسلم كتاب الايمان بَابُ أَهْوَنِ أَهْلِ النَّارِ عَذَابًا ۵۱۴،مسند احمد ۱۱۲۱۶

(۲) ابن سعد ۸/۱۹۶

(۳) اسد الغابة ۷/۷

(۴) الاستيعاب في معرفة الأصحاب ۴/۱۷۸۲

(۵) سير أعلام النبلاء ۳/۵۲۰

(۶) معرفة الصحابة لابی نعيم ۶/۳۲۵۴

(۷) الإصابة في تمييز الصحابة ۸/۱۴

(۸) أسد الغابة في معرفة الصحابة ۷/۷

وَكَانَتْ أَسَنَّ مِنْ عَائِشَةَ بِبِضْعَ عَشْرَةَ سَنَةً

آپ رضی اللہ عنہا ام المومنین عائشہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے دس سال بڑی تھیں۔ (۱)

وَكَانَتْ أَسَنَّ مِنْ عَائِشَةَ، وُلِدَتْ قَبْلَ التَّأْرِيخِ بِسَبْعٍ وَعِشْرِينَ سَنَةً

آپ رضی اللہ عنہا ام المومنین عائشہ صدیقہ سے عمر میں بڑی تھیں، آپ ہجرت سے ۲۷ سال قبل پیدا ہوئیں۔ (۲)

حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ أَبِيهِ، وَفَاطِمَةُ،عَنْ أَسْمَاءَ، قَالَتْ:صَنَعْتُ سُفْرَةَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَيْتِ أَبِي بَكْرٍ حِينَ أَرَادَ أَنْ يُهَاجِرَ. قَالَتْ:فَلَمْ نَجِدْ لِسُفْرَتِهِ وَلَا لِسِقَائِهِ مَا نَرْبِطُهُمَا بِهِ. قَالَتْ:فَقُلْتُ لِأَبِي بَكْرٍ: وَاللَّهِ مَا أَجِدُ شَيْئًا أَرْبِطُهُ بِهِ إِلَّا نِطَاقِي. قَالَ:فَقَالَ: شُقِّيهِ بِاثْنَيْنِ، فَارْبِطِي بِوَاحِدٍ السِّقَاءَ، وَالْآخَرِ السُّفْرَةَ، فَلِذَلِكَ سُمِّيَتْ ذَاتَ النِّطَاقَيْنِ

ہشام بن عروہ اپنے والد سے اور وہ اپنی والدہ اسماء سے نقل کرتے ہیں وہ فرماتی ہیں کہ جس وقت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کا ارادہ کیا تو میں نے سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ کے گھر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سفر کے لیے کھانا تیار کیا لیکن کھانا اور مشکیزہ باندھنے کے لیے مجھے کوئی کپڑا نہیں مل رہا تھا، میں نے اپنے والد سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ سے کہا کہ میں ان دونوں چیزوں کو باندھنے کے لیے اپنے کمر بند کے سوا کوئی کپڑا نہیں پاتی، انہوں نے فرمایا کہ اس کے دو ٹکڑے کرلو اور ایک سے کھانا اور دوسرے سے مشکیزہ باندھ دو، پس میں نے ایسا ہی کیا اس وقت سے میرا نام ذات النطاقین پڑ گیا۔ (۳)

آپ کی شادی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پھوپھی صفیہ رضی اللہ عنہا جن کا پہلا نکاح امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے حقیقی چچا حارث بن حرب سے ہوا ان کے انتقال کے بعد دوسرا نکاح العوام بن خویلد سے ہوا تھا جن سے زبیر رضی اللہ عنہ پیدا ہوئے انہی حواری رسول زبیر رضی اللہ عنہ بن العوام بن خویلد سے ہوا۔

فَوَلَدَتْ لَهُ عَبْدَ اللَّهِ وَعُرْوَةَ وَالْمُنْذِرَ وَعَاصِمًا وَالْمُهَاجِرَ وَخَدِيجَةَ الْكُبْرَى وَأُمَّ الْحَسَنِ وَعَائِشَةَ

جن سے اسماء رضی اللہ عنہا رضی اللہ عنہا رضی اللہ عنہا کے یہاں عبد اللہ، عروہ، منذر، عاصم، مہاجر، خدیجہ الکبری، ام حسن اور عائشہ آٹھ بچے پیدا ہوئے۔

اس طرح آپ کو ایک صحابی رسول کی اہلیہ ہونے کا شرف ملا،

شديدة الحياءَ قوية الايمان وفقيرة الحال

وہ شدید حیاء والی قوی ایمان والی فقیرانہ شخصیت کی حامل تھیں۔

عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ،وَكَانَتِ امْرَأَةً سَخِيَّةَ النَّفْسِ

محمد بن منکدر سے مروی ہے اسماء رضی اللہ عنہا رضی اللہ عنہا بنت ابو بکر رضی اللہ عنہ ایک فیاض و سخی خاتون تھیں۔ (۴)

فلما هاجر النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إلى المدينة وتبعه أصحابه أرسالا ، خرجت أَسْمَاءُ بِنْتُ أَبِي بَكْرٍ بعد أن هاجر

(۱) سير أعلام النبلاء ۳/۵۲۰

(۲) معرفة الصحابة لابی نعیم ۶/۳۲۵۶

(۳) ابن سعد ۸/۱۹۶

(۴) ابن سعد ۸/۱۹۸، سیر اعلام النبلاء ۳/۵۲۲

النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بأشهر
جب نبی کریم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم ہجرت فرما کر مدینہ منورہ پہنچ گئے تو کچھ لوگوں کو انہیں لانے کے بھیجا، اسماء رضی اللہ عنہا بنت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی ہجرت کے ایک ماہ بعد ہجرت کی۔ (١)

وهاجرت إلى المدينة وهي حامل بعبد الله بن الزبير، فوضعته بقباء
جب انہوں نے مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کی تو اس وقت وہ عبداللہ بن زبیر سے حاملہ تھیں اور مقام قبا پر عبداللہ بن زبیر پیدا ہوئے۔ (٢)

عَنْ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الزُّبَيْرِ أَخْبَرَهُ عَنْ [أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِي بَكْرٍ أَنَّهَا جَاءَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ: يَا نَبِيَّ اللَّهِ لَيْسَ فِي بَيْتِي شَيْءٌ إِلَّا مَا أَدْخَلَ عَلَيَّ الزُّبَيْرُ فَهَلْ عَلَيَّ جُنَاحٌ أَنْ أَرْضَخَ مِمَّا أَدْخَلَ عَلَيَّ؟ فَقَالَ:ارْضَخِي مَا اسْتَطَعْتِ وَلَا تُوكِي فَيُوكِيَ اللَّهُ عَلَيْكِ
عباد بن عبداللہ بن زبیر سے مروی ہے اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہ نبی کریم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کے پاس آئیں اور عرض کیا اے اللہ کے نبی صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم! میرے گھر میں زبیر رضی اللہ عنہ کی لائی ہوئی چیزوں کے علاوہ کچھ نہیں ہے اگر میں اس میں سے کچھ صدقہ خیرات کروں تو مجھ پر کوئی گناہ تو نہیں؟ رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا جہاں تک ہو سکے صدقہ خیرات کیا کرو اور تھیلی کا منہ باندھ کر نہ رکھا کرو ورنہ اللہ تعالیٰ تمہارے اوپر بھی تھیلی کا منہ باندھ دے گا۔ (٣)

عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَدِمَتْ قُتَيْلَةُ ابْنَةُ عَبْدِ الْعُزَّى بْنِ عَبْدِ أَسْعَدَ مِنْ بَنِي مَالِكِ بْنِ حَسَلٍ، عَلَى ابْنَتِهَا أَسْمَاءَ ابْنَةِ أَبِي بَكْرٍ بِهَدَايَا، ضِبَابٍ، وَقِرْظٍ، وَسَمْنٍ وَهِيَ مُشْرِكَةٌ، فَأَبَتْ أَسْمَاءُ أَنْ تَقْبَلَ هَدِيَّتَهَا، وَتُدْخِلَهَا بَيْتَهَا، فَسَأَلَتْ عَائِشَةُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ: {لَا يَنْهَاكُمُ اللَّهُ عَنِ الَّذِينَ لَمْ يُقَاتِلُوكُمْ فِي الدِّينِ} (٤) إِلَى آخِرِ الْآيَةِ، فَأَمَرَهَا أَنْ تَقْبَلَ هَدِيَّتَهَا وَأَنْ تُدْخِلَهَا بَيْتَهَا
عبداللہ بن زبیر سے مروی ہے قتیلہ بنت عبدالعزی اپنی بیٹی اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس کچھ ہدایہ کشمش، گھی اور درخت سلم کے پتے وغیرہ لے کر آئیں، سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے زمانہ جاہلیت میں ان کو طلاق دے دی تھی، اسماء رضی اللہ عنہا نے ان کا ہدیہ قبول کرنے اور ان کو گھر میں داخل ہونے سے انکار کر دیا اور ام المومنین عائشہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس پیغام بھجوایا کہ رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم سے اس سلسلے میں معلوم کر کے بتائیں، رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا کہ انہیں گھر میں داخل ہونے کی اجازت دیں اور ان کا ہدیہ قبول کریں (٥) چنانچہ اللہ تعالیٰ نے سورہ الممتحنہ کی آیت ٨، ٩ کی نازل فرمائی، ”اللہ تمہیں اس بات سے نہیں روکتا کہ تم ان لوگوں کے ساتھ نیکی اور انصاف کا برتاؤ کرو جنہوں نے دین کے

(١) الإصابة في تمييز الصحابة٧٩/٤
(٢) اسد الغابة ٧/٧، الاستيعاب في معرفة الأصحاب ١٧٨٢/٤، الإصابة في تمييز الصحابة١٣/٨
(٣) ابن سعد١٩٨/٨
(٤) الممتحنة: ٨
(٥) الممتحنه٩،٨

معاملہ میں تم سے جنگ نہیں کی ہے اور تمہیں تمہارے گھروں سے نہیں نکالا ہے اللہ انصاف کرنے والوں کو پسند کرتا ہے، وہ تمہیں جس بات سے روکتا ہے وہ تو یہ ہے کہ تم ان لوگوں سے دوستی کرو جنہوں نے تم سے دین کے معاملہ میں جنگ کی ہے اور تمہیں تمہارے گھروں سے نکالا ہے اور تمہارے اخراج میں ایک دوسرے کی مدد کی ہے ان سے جو لوگ دوستی کریں وہی ظالم ہیں۔'' چنانچہ انہوں نے انہیں گھر میں داخل ہونے کی اجازت فرمائی اور ان کی تحفہ قبول فرمالیا۔ [1]

وَقَدْ ذَهَبَ بَصَرُهَا

آخری عمر میں آپ رضی اللہ عنہا کی بنیائی زائل ہوگئی تھی۔ [2]

اسماء رضی اللہ عنہا ہمیشہ سادہ لباس ہی پہنتی تھیں،

عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ أَنَّ الْمُنْذِرَ بْنَ الزُّبَيْرِ قَدِمَ مِنَ الْعِرَاقِ فَأَرْسَلَ إِلَى أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِي بَكْرٍ بِكِسْوَةٍ من ثياب مروية وقوهية رقاق عتاق بعد ما كُفَّ بَصَرُهَا قَالَ: فَلَمَسَتْهَا بِيَدِهَا ثُمَّ قَالَتْ: أُفٍّ! رُدُّوا عَلَيْهِ كِسْوَتَهُ ، قَالَ: فَشَقَّ ذَلِكَ عَلَيْهِ وَقَالَ: يَا أُمَّهْ إِنَّهُ لا يَشِفُّ، قَالَتْ: إِنَّهَا إِنْ لَمْ تَشِفَّ فَإِنَّهَا تَصِفُ، قال: فَاشْتَرَى لَهَا ثِيَابًا مَرْوِيَّةً وَقَوْهِيَّةً فَقَبِلَتْهَا وَقَالَتْ: مِثْلَ هَذَا فَاكْسُنِي

ہشام بن عروہ سے مروی ہے منذر بن زبیر جب عراق سے آئے تو اسماء رضی اللہ عنہا بنت ابو بکر رضی اللہ عنہ کے پاس انتہائی قیمتی و نفیس مروی و قوہی کپڑے بھیجے، اسماء رضی اللہ عنہا اس وقت نابینا ہو چکی تھیں انہوں نے کپڑوں کو ہاتھ سے ٹٹول کر فرمایا اف! انہیں ان کے کپڑے واپس لوٹا دو، منذر بن زبیر کو یہ بات شاق گزری اور انہوں نے عرض کیا امی جان! ان کپڑوں میں بدن نہیں جھلکتا، اسماء رضی اللہ عنہا نے فرمایا اگر چہ بدن نہ جھلکتا ہو لیکن یہ کپڑے خوبصورت اور بھڑ کیلے تو ہیں، پھر منذر نے ان کے لیے دوسرے مروی و قوہی کپڑے خرید کر پیش کیے جنہیں انہوں نے قبول کر لیا اور فرمایا اس جیسے کپڑے مجھے پہنایا کرو۔ [3]

عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْمُنْذِرِ أَنَّهَا قَالَتْ:مَا رَأَيْتُ أَسْمَاءَ لَبِسَتْ إِلا مُعَصْفَرًا حَتَّى لَقِيَتِ اللَّهَ وَإِنْ كَانَتْ لَتَلْبَسُ الدِّرْعَ يَقُومُ قياما من العصفر.

فاطمہ بنت منذر سے مروی ہے فرماتی ہیں کہ میں نے اسماء رضی اللہ عنہا کو ہمیشہ عصفر میں رنگے ہوئے کپڑے ہی پہنے ہوئے دیکھا ہے یہاں تک کہ وہ اللہ کو پیاری ہوگئیں، البتہ کبھی کبھی وہ ایسا لباس بھی پہن لیا کرتی تھیں جو عصفر کے قائم مقام ہوتا تھا۔ [4]

عَنِ الرُّكَيْنِ بْنِ الرَّبِيعِ قَالَ:قَالَ:دَخَلْتُ عَلَى أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِي بَكْرٍ وَهِيَ عَجُوزٌ كَبِيرَةٌ عَمْيَاءُ فَوَجَدْتُهَا تُصَلِّي وَعِنْدَهَا إِنْسَانٌ يُلَقِّنُهَا: قُومِي. اقْعُدِي. افْعَلِي

---

[1] ابن سعد ۸/۱۹۸

[2] معرفة الصحابة لابی نعیم ۶/۳۲۵۳

[3] ابن سعد ۸/۱۹۸

[4] ابن سعد ۸/۱۹۹

رکین بن ربیع سے مروی ہے فرماتے ہیں میں اسماء رضی اللہ عنہا بنت سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ کے پاس گیا وہ بہت بوڑھی اور نابینا ہو گئی تھیں، وہ اس وقت نماز پڑھ رہی تھیں ان کے پاس ایک شخص بیٹھا ہوا تھا جو بتاتا جاتا تھا کہ کھڑی ہو جاؤ، اب یہ کرو اور اب یہ کرو۔ (۱)

عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ: فَرَضَ عُمَرُ الأَعْطِيَةَ فَفَرَضَ لأَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِي بَكْرٍ أَلْفَ دِرْهَمٍ

مصعب بن سعد سے مروی ہے سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے جب وظائف مقرر کیے تو اسماء رضی اللہ عنہا بنت ابو بکر رضی اللہ عنہ کا وظیفہ ایک ہزار درہم مقرر فرمایا۔ (۲)

وتوفيت أسماء بمكة في جمادى الأولى سنة ثلاث وسبعين ، وقد بلغت مائة سنة

اسماء رضی اللہ عنہا کا مکہ میں جمادی الاولی تہتر ہجری میں انتقال ہوا، جب وہ فوت ہوئیں تو ان کی عمر سو سال کی تھی۔ (۳)

## سببِ نزول سورۃ التکاثر:

عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ فِي قَوْلِهِ: أَلْهَاكُمُ التَّكَاثُرُ قَالَ: نَزَلَت قَبِيلَتَيْنِ مِنْ قَبَائِلِ الْأَنْصَارِ، فِي بَنِي حَارِثَةَ وَبَنِي الْحَارِثِ، تَفَاخَرُوا وَتَكَاثَرُوا فَقَالَتْ إِحْدَاهُمَا: فِيكُمْ مثلُ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ، وَفُلَانٍ؟ وَقَالَ الْآخَرُونَ مِثْلَ ذَلِكَ، تفَاخَرُوا بِالْأَحْيَاءِ، ثُمَّ قَالُوا: انْطَلِقُوا بِنَا إِلَى الْقُبُورِ فَجَعَلَتْ إِحْدَى الطَّائِفَتَيْنِ تَقُولُ: فِيكُمْ مِثْلُ فُلَانٍ؟ يُشِيرُونَ إِلَى الْقَبْرِ وَمِثْلُ فُلَانٍ؟ وَفَعَلَ الْآخَرُونَ مِثْلَ ذَلِكَ ،فَأَنْزَلَ اللَّهُ:أَلْهَاكُمُ التَّكَاثُرُ حَتَّى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ} لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيمَا رَأَيْتُمْ عِبْرَةٌ وَشُغْلٌ

بریدہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے فرمان " أَلْهَاكُمُ التَّكَاثُرُ "کے نزول کے بارے میں کہتے ہیں قبائل بنو حارثہ اور بنو حارث میں ایک مباحثہ شروع ہو گیا اور ہر قبیلے کا فرد اپنے قبیلے کے افراد کے مفاخر بیان کرنے لگا ایک کہتا تھا دیکھو ہم میں فلاں شخص ایسا بہادر اور ایسا مالدار وغیرہ ہے، دوسرے قبیلے والے اپنے میں سے اس طرح کے لوگوں کو پیش کرتے تھے، جب زندوں کے ساتھ یہ فخر و مباہات کر چکے تو کہنے لگے آؤ قبرستان چلیں، وہاں جا کر اپنے آباؤ اجداد کی قبروں کی طرف اشارے کر کے کہنے لگے بتلاؤ اس جیسا بھی تم میں کوئی گزرا ہے، وہ انہیں اپنے مردوں کے ساتھ الزام دینے لگے، اس پس منظر میں یہ دونوں ابتدائی آیتیں نازل ہوئیں کہ تم فخر و مباہات کرتے ہوئے قبرستان میں پہنچ گئے اور اپنے اپنے مردوں پر فخر و غرور کرنے لگے حالاں کہ چاہئے تو یہ تھا کہ اس شہر خاموشاں میں آ کر عبرت حاصل کرتے اور اپنا مرنا اور گلنا سڑنا یاد کرتے۔ (۴)

مگر یہ سورت مکی ہے اس لئے مدنی قبائل بنو حارثہ اور بنو حارث میں مفاخر کا کیا سوال پیدا ہوتا ہے،

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَمُقَاتِلٌ وَالْكَلْبِيُّ: نَزَلَتْ فِي حَيَّيْنِ مِنْ قُرَيْشٍ: بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ، وَبَنِي سَهْمٍ، تَعَادُّوا وَتَكَاثَرُوا بِالسَّادَةِ وَالْأَشْرَافِ فِي الْإِسْلَامِ، فَقَالَ كُلُّ حَيٍّ مِنْهُمْ نَحْنُ أَكْثَرُ سَيِّدًا، وَأَعَزُّ عَزِيزًا، وَأَعْظَمُ نَفَرًا، وَأَكْثَرُ عَائِذًا، فَكَثَرَ بَنُو عَبْدِ مَنَافٍ سَهْمًا. ثُمَّ تَكَاثَرُوا بِالْأَمْوَاتِ، فَكَثَرَتْهُمْ سَهْمٌ، فَنَزَلَتْ أَلْهَاكُمُ التَّكَاثُرُ بأحيائكم فلم ترضوا

---

(۱) ابن سعد ۸/۱۹۸

(۲) ابن سعد ۸/۱۹۹

(۳) الاستيعاب في معرفة الأصحاب ۴/۱۷۸۲، معرفة الصحابة لابن منده ۱/۹۸۲

(۴) ابن ابی حاتم محققا ۱۹۴۵۳

عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ، مقاتل رحمہ اللہ اور امام کلبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں بنی عبد مناف اور بنی سہم میں سے ہر قبیلہ نے ایک دوسرے سے کہا کہ ہم سرداری اور عزت میں تم سے برتر ہیں ہمارے قبیلے کے افراد کی تعداد بھی تم سے زیادہ ہے، بنو سہم نے کہا کہ اب ہم اپنے مردوں کو شمار کریں گے، چنانچہ قبرستان میں جاکر فوت شدگان کو شمار کیا گیا تو بنی سہم کے تین گھر بڑھ گئے، اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ سورت نازل فرمائی جس میں انسان کی غفلت پر مذمت وافسوس کا اظہار کیا گیا۔ [۱]

وَقَالَ مُقَاتِلٌ وَقَتَادَةُ أَيْضًا وَغَيْرُهُمَا: نَزَلَتْ فِي الْيَهُودِ حِينَ قَالُوا: نَحْنُ أَكْثَرُ مِنْ بَنِي فُلَانٍ، وَبَنُو فُلَانٍ أَكْثَرُ مِنْ بَنِي فُلَانٍ

مقاتل رحمہ اللہ اور قتادہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں یہ سورۃ یہود کے بارے میں نازل ہوئی جب انہوں نے یہ کہا کہ بیشک ہم فلاں فلاں قبیلے سے تعداد میں زیادہ ہیں۔ [۲]

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:أَلَا يَسْتَطِيعُ أَحَدُكُمْ أَنْ يَقْرَأَ أَلْفَ آيَةٍ فِي كُلِّ يَوْمٍ؟ قَالُوا: وَمَنْ يَسْتَطِيعُ أَنْ يَقْرَأَ أَلْفَ آيَةٍ فِي كُلِّ يَوْمٍ؟ قَالَ:أَمَا يَسْتَطِيعُ أَحَدُكُمْ أَنْ يَقْرَأَ أَلْهَاكُمُ التَّكَاثُرُ؟!

اس سورۃ کی فضیلت کے بارے میں عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم میں سے کسی میں یہ طاقت ہے کہ وہ روزانہ ایک ہزار آیات کی تلاوت کر سکے؟ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا روزانہ ایک ہزار آیات کی تلاوت کرنے کی کس میں طاقت ہے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم میں کوئی یہ طاقت نہیں رکھتا کہ روزانہ سورہ التکاثر کی تلاوت کر سکے؟۔ [۳]

### مضامین سورۃ التکاثر:

اس سورت میں ان لوگوں کی مذمت کی گئی ہے جو دولت، شہرت اور اقتدار کے حصول کو اپنا مقصد حیات بنا لیتے ہیں اور دنیا کا ایندھن جمع کرنے میں ایک دوسرے سے بازی لے جانے اور انہی چیزوں کے حصول پر فخر کرنے میں لگے رہتے ہیں، ان کے انہماک کو دیکھ کر یوں لگتا ہے کہ انہیں دنیا میں ہمیشہ رہنا ہے لیکن پھر اچانک موت آجاتی ہے جس کی وجہ سے ان کے تمام منصوبے دھرے کے دھرے رہ جاتے ہیں اور انہیں بے بسی کے ساتھ پر آسائش اور وسیع قصر، مال و دولت اور اقتدار کو چھوڑ کر اندھیری تنگ قبر کی طرف منتقل ہونا پڑتا ہے، جہاں ان کی دولت ،اقتدار اور اس کی جاہ وحشمت کسی کام نہیں آسکیں گے، ان لوگوں کو برے انجام پر متنبیہ گیا کہ قیامت کے دن تم سے تمہارے تمام اعمال کے بارے میں سوال کیا جائے گا، پھر تم دہکتی اور غیض وغضب سے پھٹتی جہنم کو ضرور دیکھو گے جس کی طرف سے تم ابھی بے خوف ہو اور جن نعمتوں کو تم یہاں بے فکری کے ساتھ سمیٹ رہے ہو یہ محض نعمتیں ہی نہیں ہیں بلکہ تمہاری آزمائش کا سامان بھی ہیں، روز قیامت تم سے اللہ کی ان عطا کردہ نعمتوں کے بارے میں جواب طلب کیا جائے گا کہ امن، صحت، فراغت، اکل وشرب، مسکن، علم اور دولت جیسی نعمتوں کو کہاں استعمال کیا تھا؟ عذاب قبر کے سلسلہ میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

---

[۱] تفسیر المظهری ۳۳۵، ۱۰، تفسیرالقرطبی ۱۶۸، ۲۰، تفسیرالخازن ۴۶۴، ۴

[۲] فتح القدیر ۵۹۶، ۵

[۳] مستدرک حاکم ۲۰۸۱، شعب الایمان ۲۲۸۷

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلۡهٰكُمُ التَّكَاثُرُ ۙ﴿۱﴾ حَتّٰی زُرۡتُمُ الۡمَقَابِرَ ؕ﴿۲﴾ (التکاثر۱،۲)

زیادتی کی چاہت نے تمہیں غافل کر دیا یہاں تک کہ تم قبرستان جا پہنچے۔

تم لوگوں نے اللہ وحدہ لاشریک کی عبادت ومحبت کو چھوڑ کر مال واولاد، اعوان وانصار، خاندان وقبیلہ، خدم وحشم، دنیا کے تمام فوائد ومنافع، سامان عیش وعشرت، وسائل قوت واقتدار کو زیادہ سے زیادہ حاصل کرنے کی سعی وجہد اور ان کے حصول میں ایک دوسرے سے بڑھ جانے، ایک دوسرے کے مقابلہ میں ان کی کثرت پر فخر جتانے کی دھن، تمہارا لہو ولعب اور دنیا کی رنگینیوں میں تمہاری خود فراموشیوں نے تمہیں ایسا مشغول کر رکھا ہے کہ تم اخلاقی حدود، اخلاقی ذمہ داریوں اور سب سے اہم چیز اللہ کے احکام، عمل صالح اور آخرت کی جوابدہی سے غافل ہو گئے ہو یعنی تمہاری زندگی اور زندگی کی تمام سرگرمیوں کا محور بس دنیا ہی ہے، جس کے عشق میں تم اپنی ساری زندگی کھپا کر آخرت کی پہلی منزل برزخی مسکن میں پہنچ جاتے ہو، مگر جب تم اس دنیا سے انتقال کرتے ہو تو حلال وحرام، جائز وناجائز طریقے سے حاصل کیا ہوا یہ مال قبر میں تمہارے ساتھ نہیں جاتا اور نہ ہی آخرت میں، ہی کچھ کام آئے گا، وہاں کا سکہ رائج وقت تو ایمان کی حالت میں کی گئی نیکیاں اور بھلائیاں ہی ہیں، ان بدبخت اور نامراد لوگوں کے بارے میں جن کی ساری سعی وجہد دنیا کے حصول میں بیتی، جو مال ودولت اور دنیاوی حیثیت کے نشے میں نبیوں اور رسولوں کا مذاق اڑاتے رہے، جو اللہ کی نشانیاں اور آخرت کے منکر تھے جیسے فرمایا:

قُلۡ هَلۡ نُنَبِّئُكُمۡ بِالۡاَخۡسَرِیۡنَ اَعۡمَالًا ؕ﴿۱۰۳﴾ اَلَّذِیۡنَ ضَلَّ سَعۡیُهُمۡ فِی الۡحَیٰوةِ الدُّنۡیَا وَهُمۡ یَحۡسَبُوۡنَ اَنَّهُمۡ یُحۡسِنُوۡنَ صُنۡعًا ﴿۱۰۴﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِیۡنَ كَفَرُوۡا بِاٰیٰتِ رَبِّهِمۡ وَلِقَآئِهٖ فَحَبِطَتۡ اَعۡمَالُهُمۡ فَلَا نُقِیۡمُ لَهُمۡ یَوۡمَ الۡقِیٰمَةِ وَزۡنًا ﴿۱۰۵﴾ ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمۡ جَهَنَّمُ بِمَا كَفَرُوۡا وَاتَّخَذُوۡۤا اٰیٰتِیۡ وَرُسُلِیۡ هُزُوًا ﴿۱۰۶﴾ [1]

ترجمہ: اے نبی! ان سے کہو کیا ہم تمہیں بتائیں کہ اپنے اعمال میں سب سے زیادہ ناکام ونامراد لوگ کون ہیں؟ وہ کہ دنیا کی زندگی جن کی ساری سعی وجہد راہ راست سے بھٹکی رہی اور وہ سمجھتے رہے کہ وہ سب کچھ ٹھیک کر رہے ہیں، یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے رب کی آیات کو ماننے سے انکار کیا اور اس کے حضور پیشی کا یقین نہ کیا اس لئے ان کے سارے اعمال ضائع ہو گئے قیامت کے روز ہم انہیں کوئی وزن نہ دیں گے، ان کی جزا جہنم ہے اس کفر کے بدلے جو انہوں نے کیا اور اس مذاق کی پاداش میں جو وہ میری آیات اور میرے رسولوں کے ساتھ کرتے رہے۔

ایسے ہی لوگوں کی بابت ایک مقام پر فرمایا:

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تُلۡهِكُمۡ اَمۡوَالُكُمۡ وَلَاۤ اَوۡلَادُكُمۡ عَنۡ ذِكۡرِ اللّٰهِ ۚ وَمَنۡ یَّفۡعَلۡ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الۡخٰسِرُوۡنَ ﴿۹﴾ وَاَنۡفِقُوۡا مِنۡ مَّا رَزَقۡنٰكُمۡ مِّنۡ قَبۡلِ اَنۡ یَّاۡتِیَ اَحَدَكُمُ الۡمَوۡتُ فَیَقُوۡلَ رَبِّ لَوۡلَاۤ اَخَّرۡتَنِیۡۤ اِلٰۤی اَجَلٍ قَرِیۡبٍ ۙ فَاَصَّدَّقَ وَاَكُنۡ مِّنَ الصّٰلِحِیۡنَ ﴿۱۰﴾ وَلَنۡ یُّؤَخِّرَ اللّٰهُ نَفۡسًا اِذَا جَآءَ اَجَلُهَا ؕ وَاللّٰهُ خَبِیۡرٌۢ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۱۱﴾ [2]

[1] الکہف ۱۰۳تا۱۰۶

[2] المنافقون ۹تا۱۱

ترجمہ: اے لوگو جو ایمان لائے ہو! تمہارے مال اور تمہاری اولادیں تم کو اللہ کی یاد سے غافل نہ کر دیں، جو لوگ ایسا کریں گے وہی خسارے میں رہنے والے ہیں، جو رزق ہم نے تمہیں دیا اس میں سے خرچ کرو قبل اس کے کہ تم میں سے کسی کی موت کا وقت آجائے اور اس وقت وہ کہے کہ اے میرے رب! کیوں نہ تو نے مجھے تھوڑی سی مہلت اور دے دی کہ میں صدقہ دیتا اور صالح لوگوں میں شامل ہوتا، حالاں کہ جب کسی کی مہلت عمل پوری ہونے کا وقت آجاتا ہے تو اللہ کسی شخص کو ہرگز مزید مہلت نہیں دیتا اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس سے باخبر ہے۔

جن لوگوں نے ساری زندگی دنیا کے عشق وطلب میں گنوادی ہوگی مگر روز قیامت جب اس کی زندگی کے تمام اعمال وافعال اور اللہ کی بخشی ہوئی تمام نعمتوں کے متعلق پرسش ہوگی تو اپنی اس بے حاصل بوالہوسی اور خسران پر ماتم کریں گے لیکن اس وقت کا ماتم بالکل بے سود ہوگا، جیسے فرمایا

وَجِائٓءَ یَوۡمَئِذٍۭ بِجَهَنَّمَ ۙ یَوۡمَئِذٍ یَّتَذَکَّرُ الۡاِنۡسَانُ وَاَنّٰی لَهُ الذِّکۡرٰی ﴿۲۳﴾ یَقُوۡلُ یٰلَیۡتَنِیۡ قَدَّمۡتُ لِحَیَاتِیۡ ﴿۲۴﴾ [1]

ترجمہ: اور جہنم اس روز سامنے لے آئی جائے گی اس دن انسان کو سمجھ آئے گی اور اس وقت اس کے سمجھنے کا کیا حاصل؟ وہ کہے گا کہ کاش میں نے اپنی اس زندگی کے لیے کچھ پیشگی سامان کیا ہوتا! ۔

ایک مقام پر یوں فرمایا:

حَتّٰۤی اِذَا جَآءَ اَحَدَهُمُ الۡمَوۡتُ قَالَ رَبِّ ارۡجِعُوۡنِ ﴿۹۹﴾ لَعَلِّیۡۤ اَعۡمَلُ صَالِحًا فِیۡمَا تَرَکۡتُ کَلَّا ؕ اِنَّهَا کَلِمَةٌ هُوَ قَآئِلُهَا ؕ وَمِنۡ وَّرَآئِهِمۡ بَرۡزَخٌ اِلٰی یَوۡمِ یُبۡعَثُوۡنَ ﴿۱۰۰﴾ فَاِذَا نُفِخَ فِی الصُّوۡرِ فَلَاۤ اَنۡسَابَ بَیۡنَهُمۡ یَوۡمَئِذٍ وَّلَا یَتَسَآءَلُوۡنَ ﴿۱۰۱﴾ فَمَنۡ ثَقُلَتۡ مَوَازِیۡنُهٗ فَاُولٰٓئِکَ هُمُ الۡمُفۡلِحُوۡنَ ﴿۱۰۲﴾ وَمَنۡ خَفَّتۡ مَوَازِیۡنُهٗ فَاُولٰٓئِکَ الَّذِیۡنَ خَسِرُوۡۤا اَنۡفُسَهُمۡ فِیۡ جَهَنَّمَ خٰلِدُوۡنَ ﴿۱۰۳﴾ [2]

ترجمہ: (یہ لوگ اپنی کرنی سے باز نہ آئیں گے) یہاں تک کہ جب ان میں سے کسی کو موت آجائے گی تو کہنا شروع کرے گا کہ اے میرے رب، مجھے اسی دنیا میں واپس بھیج دیجیے جسے میں چھوڑ آیا ہوں امید ہے کہ اب میں نیک عمل کروں گا، ہرگز نہیں، یہ تو بس ایک بات ہے جو وہ بک رہا ہے، اب ان سب (مرنے والوں) کے پیچھے ایک برزخ حائل ہے دوسری زندگی کے دن تک، پھر جونہی کہ صور پھونک دیا گیا ان کے درمیان پھر کوئی رشتہ نہ رہے گا اور نہ وہ ایک دوسرے کو پوچھیں گے، اس وقت جس کے پلڑے بھاری ہوں گے وہی فلاح پائیں گے اور جن کے پلڑے ہلکے ہوں گے وہی لوگ ہوں گے جنہوں نے اپنے آپ کو گھاٹے میں ڈال لیا، وہ جہنم میں ہمیشہ رہیں گے۔

قرآن مجید نے دولت کی محبت اور بخیلی کا ایک واقعہ یوں بیان کیا ہے۔

اِنَّا بَلَوۡنٰهُمۡ کَمَا بَلَوۡنَاۤ اَصۡحٰبَ الۡجَنَّةِ ۚ اِذۡ اَقۡسَمُوۡا لَیَصۡرِمُنَّهَا مُصۡبِحِیۡنَ ﴿۱۷﴾ وَلَا یَسۡتَثۡنُوۡنَ ﴿۱۸﴾ فَطَافَ عَلَیۡهَا طَآئِفٌ مِّنۡ رَّبِّکَ وَهُمۡ نَآئِمُوۡنَ ﴿۱۹﴾ فَاَصۡبَحَتۡ کَالصَّرِیۡمِ ﴿۲۰﴾ فَتَنَادَوۡا مُصۡبِحِیۡنَ ﴿۲۱﴾ اَنِ اغۡدُوۡا عَلٰی حَرۡثِکُمۡ اِنۡ کُنۡتُمۡ صٰرِمِیۡنَ ﴿۲۲﴾ فَانۡطَلَقُوۡا وَهُمۡ یَتَخَافَتُوۡنَ ﴿۲۳﴾ اَنۡ لَّا یَدۡخُلَنَّهَا الۡیَوۡمَ عَلَیۡکُمۡ مِّسۡکِیۡنٌ ﴿۲۴﴾ وَّغَدَوۡا عَلٰی حَرۡدٍ قٰدِرِیۡنَ ﴿۲۵﴾ فَلَمَّا رَاَوۡهَا قَالُوۡۤا اِنَّا لَضَآلُّوۡنَ ﴿۲۶﴾ بَلۡ نَحۡنُ مَحۡرُوۡمُوۡنَ ﴿۲۷﴾ قَالَ اَوۡسَطُهُمۡ اَلَمۡ اَقُلۡ لَّکُمۡ لَوۡلَا

---

[1] الفجر ۲۴،۲۳

[2] المومنون ۹۹ تا ۱۰۳

تُسَبِّحُوْنَ ﴿۲۸﴾ قَالُوْا سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿۲۹﴾ فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَلَاوَمُوْنَ ﴿۳۰﴾ قَالُوْا يٰوَيْلَنَآ اِنَّا
كُنَّا طٰغِيْنَ ﴿۳۱﴾ عَسٰى رَبُّنَآ اَنْ يُّبْدِلَنَا خَيْرًا مِّنْهَآ اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا رٰغِبُوْنَ ﴿۳۲﴾ كَذٰلِكَ الْعَذَابُ ۭ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ
اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۳﴾ [1]

ترجمہ: ہم نے ان (اہل مکہ) کو اسی طرح آزمائش میں ڈالا ہے جس طرح ایک باغ کے مالکوں کو آزمائش میں ڈالا تھا جب انہوں نے قسم کھائی کہ صبح سویرے ضرور اپنے باغ کے پھل توڑیں گے اور وہ کوئی استثناء نہیں کر رہے تھے، رات کو وہ سوئے پڑے تھے کہ تمہارے رب کی طرف سے ایک بلا اس باغ پر پھر گئی اور اس کا ایسا حال ہوگیا جیسے کٹی ہوئی فصل، صبح سویرے ان لوگوں نے ایک دوسرے کو پکارا کہ اگر پھل توڑنے ہیں تو سویرے سویرے اپنی کھیتی کی طرف نکل چلو، چنانچہ وہ چل پڑے اور آپس میں چپکے چپکے کہتے جاتے تھے کہ آج کوئی مسکین تمہارے پاس باغ میں نہ آنے پائے، وہ کچھ نہ دینے کا فیصلہ کیے ہوئے صبح سویرے جلدی جلدی اس طرح وہاں گئے جیسے کہ وہ پھل (توڑنے پر) قادر ہیں، مگر جب باغ کو دیکھا تو کہنے لگے ہم راستہ بھول گئے نہیں بلکہ ہم محروم رہے گئے، ان میں جو سب سے بہتر آدمی تھا اس نے کہا میں نے تم سے کہا نہ تھا کہ تم تسبیح کیوں نہیں کرتے؟ وہ پکار اٹھے پاک ہے ہمارا رب! واقعی ہم گناہ گار تھے، پھر ان میں سے ہر ایک دوسرے کو ملامت کرنے لگا آخر کو انہوں نے کہا افسوس ہمارے حال پر بیشک ہم سرکش ہو گئے تھے، بعید نہیں کہ ہمارا رب ہمیں بدلے میں اس سے بہتر باغ عطا فرمائے ہم اپنے رب کی طرف رجوع کرتے ہیں، ایسا ہوتا ہے عذاب اور آخرت کا عذاب اس سے بھی بڑا ہے کاش یہ لوگ اس کو جانتے۔

اس لئے رسول اللہ ﷺ کو مال کی کثرت اور دولت کی فراوانی قطعاً پسند نہ تھی،

عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:اللَّهُمَّ أَحْيِنِي مِسْكِينًا وَأَمِتْنِي مِسْكِينًا وَاحْشُرْنِي فِي زُمْرَةِ الْمَسَاكِينِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ یہ دعا مانگا کرتے تھے اے میرے اللہ! مجھے مسکین زندہ رکھ اور مجھے موت بھی مسکینی کی حالت میں ہی آئے اور میرا حشر بھی مسکینوں کے گروہ میں ہو۔ [2]

عَنْ أُسَامَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:قُمْتُ عَلَى بَابِ الجَنَّةِ، فَكَانَ عَامَّةَ مَنْ دَخَلَهَا المَسَاكِينُ، وَأَصْحَابُ الجَدِّ مَحْبُوسُونَ، غَيْرَ أَنَّ أَصْحَابَ النَّارِ قَدْ أُمِرَ بِهِمْ إِلَى النَّارِ وَقُمْتُ عَلَى بَابِ النَّارِ فَإِذَا عَامَّةُ مَنْ دَخَلَهَا النِّسَاءُ

اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم ﷺ نے فرمایا میں (معراج کی رات) جنت کے دروازے پر کھڑا ہوا تو اس میں داخل ہونے والوں کی اکثریت فقراء کی تھی جبکہ امراء کو (میدان حشر میں) روکا ہوا تھا البتہ دوزخیوں کو دوزخ (میں ڈالنے) کا حکم دیا جا چکا تھا، میں دوزخ کے دروازے پر کھڑا تھا وہاں اس میں داخل ہونے والوں کی اکثریت عورتوں کی تھی۔ [3]

[1] القلم ۱۷ تا ۳۳

[2] جامع ترمذی کتاب الزہد بَابُ مَا جَاءَ أَنَّ فُقَرَاءَ الْمُهَاجِرِينَ يَدْخُلُونَ الجَنَّةَ قَبْلَ أَغْنِيَائِهِمْ ۲۳۵۲، مشکوٰۃ المصابیح کتاب الرقاق باب فضل الفقراء ۵۲۴۴

[3] صحیح بخاری کتاب النکاح بَابُ لاَ تَأْذَنِ المَرْأَةُ فِي بَيْتِ زَوْجِهَا لِأَحَدٍ إِلَّا بِإِذْنِهِ ۵۱۹۶، صحیح مسلم کتاب الرقاق بَابُ أَكْثَرُ

عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ،قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:يَدْخُلُ فُقَرَاءُ الْمُسْلِمِينَ الْجَنَّةَ قَبْلَ الْأَغْنِيَاءِ بِأَرْبَعِينَ خَرِيفًا

جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس میں کچھ شک نہیں کہ قیامت کے دن فقرا مہاجر لوگ، مالدار لوگوں سے چالیس سال پہلے جنت میں جائیں گے۔ (١)

اسی طرح قرآن مجید ایک اور واقعہ بیان کیا ہے کہ کس طرح مال و دولت کی کثرت انسان کو شرک کے اندھیروں میں غرق کر دیتی ہے۔

وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا رَّجُلَيْنِ جَعَلْنَا لِأَحَدِهِمَا جَنَّتَيْنِ مِنْ أَعْنَابٍ وَّحَفَفْنٰهُمَا بِنَخْلٍ وَّجَعَلْنَا بَيْنَهُمَا
زَرْعًا ﴿٣٢﴾ كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ اٰتَتْ اُكُلَهَا وَلَمْ تَظْلِمْ مِّنْهُ شَيْـًٔا ۙ وَّفَجَّرْنَا خِلٰلَهُمَا نَهَرًا ﴿٣٣﴾ وَّكَانَ لَهٗ ثَمَرٌ ۚ فَقَالَ
لِصَاحِبِهٖ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗۤ اَنَا اَكْثَرُ مِنْكَ مَالًا وَّاَعَزُّ نَفَرًا ﴿٣٤﴾ وَدَخَلَ جَنَّتَهٗ وَهُوَ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ قَالَ مَاۤ اَظُنُّ اَنْ
تَبِيْدَ هٰذِهٖۤ اَبَدًا ﴿٣٥﴾ وَّمَاۤ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآئِمَةً ۙ وَّلَئِنْ رُّدِدْتُّ اِلٰى رَبِّيْ لَاَجِدَنَّ خَيْرًا مِّنْهَا مُنْقَلَبًا ﴿٣٦﴾ قَالَ لَهٗ
صَاحِبُهٗ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗۤ اَكَفَرْتَ بِالَّذِيْ خَلَقَكَ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ سَوّٰىكَ رَجُلًا ﴿٣٧﴾ لٰكِنَّا۠ هُوَ اللّٰهُ رَبِّيْ
وَلَاۤ اُشْرِكُ بِرَبِّيْۤ اَحَدًا ﴿٣٨﴾ وَلَوْلَاۤ اِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَكَ قُلْتَ مَا شَآءَ اللّٰهُ ۙ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ۚ اِنْ تَرَنِ اَنَا اَقَلَّ مِنْكَ
مَالًا وَّوَلَدًا ﴿٣٩﴾ فَعَسٰى رَبِّيْۤ اَنْ يُّؤْتِيَنِ خَيْرًا مِّنْ جَنَّتِكَ وَيُرْسِلَ عَلَيْهَا حُسْبَانًا مِّنَ السَّمَآءِ فَتُصْبِحَ صَعِيْدًا
زَلَقًا ﴿٤٠﴾ اَوْ يُصْبِحَ مَآؤُهَا غَوْرًا فَلَنْ تَسْتَطِيْعَ لَهٗ طَلَبًا ﴿٤١﴾ وَاُحِيْطَ بِثَمَرِهٖ فَاَصْبَحَ يُقَلِّبُ كَفَّيْهِ عَلٰى مَاۤ اَنْفَقَ
فِيْهَا وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا وَيَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ لَمْ اُشْرِكْ بِرَبِّيْۤ اَحَدًا ﴿٤٢﴾ وَلَمْ تَكُنْ لَّهٗ فِئَةٌ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ
اللّٰهِ وَمَا كَانَ مُنْتَصِرًا ﴿٤٣﴾ هُنَالِكَ الْوَلَايَةُ لِلّٰهِ الْحَقِّ ۚ هُوَ خَيْرٌ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ عُقْبًا ﴿٤٤﴾ (٢)

ترجمہ:اے نبی انکے سامنے ایک مثال پیش کرو، دو شخص تھے ان میں ایک کو ہم نے انگور کے دو باغ دیے اور ان کے گرد کھجور کے درختوں کی باڑھ لگائی اور ان کے درمیان کاشت کی زمین رکھی، دونوں باغ خوب پھلے پھولے اور بار آور ہونے میں انہوں نے ذرا بھی کسر بھی نہ چھوڑی، ان باغوں کے اندر ہم نے ایک نہر جاری کر دی اور اسے خوب نفع حاصل ہوا، یہ سب کچھ پا کر ایک دن وہ اپنے ہمسائے سے بات کرتے ہوئے بولا میں تجھ سے زیادہ مالدار ہوں اور تجھ سے زیادہ طاقتور نفری رکھتا ہوں پھر وہ اپنی جنت میں داخل ہوا اور اپنے نفس کے حق میں ظالم بن کر کہنے لگا میں نہیں سمجھتا کہ یہ دولت کبھی فنا ہو جائے گی اور مجھے توقع نہیں کہ قیامت کی گھڑی کبھی آئے گی تاہم اگر کبھی مجھے اپنے رب کے حضور پلٹایا بھی گیا تو ضرور اس سے بھی زیادہ شاندار جگہ پاؤں گا، اس کے ہمسائے نے گفتگو کرتے ہوئے اس سے کہا کیا تو کفر کرتا ہے اس ذات سے جس نے تجھے مٹی سے اور پھر نطفے سے پیدا کیا اور تجھے ایک پورا آدمی بنا کھڑا کیا، رہا میں، تو میرا رب تو وہی اللہ ہے اور میں اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتا اور جب تو اپنی جنت میں داخل ہو رہا تھا تو اس وقت تیری زبان سے یہ کیوں نہ نکلا مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ اگر

أَهْلِ الْجَنَّةِ الْفُقَرَاءُ وَأَكْثَرُ أَهْلِ النَّارِ النِّسَاءُ وَبَيَانِ الْفِتْنَةِ بِالنِّسَاءِ ٦٩٣٧،مشكوٰة المصابيح كتاب الرقاق باب فضل الفقراء ٥٢٣٣

(١) جامع ترمذی کتاب الزهد بَابُ مَا جَاءَ أَنَّ فُقَرَاءَ الْمُهَاجِرِينَ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ قَبْلَ أَغْنِيَائِهِمْ ٢٣٥٤، صحيح مسلم كتاب الزهد الدُّنْيَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ، وَجَنَّةُ الْكَافِرِ ٧٤٦٣،مشكوٰة المصابيح كتاب الرقاق باب فضل الفقراء ٥٢٣٥، مسند احمد ١٤٤٧٦

(٢) الكهف ٣٢تا ٤٤

تم مجھے مال اور اولاد میں اپنے سے کمتر پا رہا ہے تو بعید نہیں کہ میرا رب مجھے تیری جنت سے بہتر عطا فرما دے اور تیری جنت پر آسمان سے کوئی آفت بھیج دے جس سے وہ صاف میدان بن کر رہ جائے یا اسکا پانی زمین میں اتر جائے اور پھر تو اسے کسی طرح نہ نکال سکے، آخر کار ہوا یہ کہ اسکا سارا ثمر مارا گیا اور وہ اپنے انگوروں کے باغ کو ٹٹیوں پر الٹا پڑا دیکھ کر اپنی لگائی ہوئی لاگت پر ہاتھ ملتا رہ گیا اور کہنے لگا کاش میں نے اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھرایا ہوتا، نہ ہوا اللہ کو چھوڑ کر اس کے پاس کوئی جتھا کہ اس کی مدد کرتا اور نہ کر سکا وہ آپ ہی اس آفت کا مقابلہ ،اس وقت معلوم ہوا کہ کارسازی کا اختیار خدائے برحق ہی کے لئے ہے، انعام وہی بہتر ہے جو وہ بخشے اور انجام وہی بخیر ہے جو وہ دکھائے۔

عَنْ مُطَرِّفٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَقْرَأُ: أَلْهَاكُمُ التَّكَاثُرُقَالَ: يَقُولُ ابْنُ آدَمَ: مَالِي، مَالِي، قَالَ: وَهَلْ لَكَ، يَا ابْنَ آدَمَ مِنْ مَالِكَ إِلَّا مَا أَكَلْتَ فَأَفْنَيْتَ، أَوْ لَبِستَ فَأَبْلَيْتَ، أَوْ تَصَدَّقْتَ فَأَمْضَيْتَ؟

عبداللہ رضی اللہ عنہ بن شخیر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہنچے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سورہ التکاثر پڑھ رہے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آدمی کہتا ہے کہ میرا مال میرا مال اور اے آدمی! تیرا مال کیا ہے؟ تیرا مال صرف وہ ہے جسے تو نے کھا کر فنا کر دیا یا پہن کر بوسیدہ کر دیا صدقہ کیا اور توشہ آخرت بنا لیا؟[۱]

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: يَقُولُ الْعَبْدُ: مَالِي، مَالِي، إِنَّمَا لَهُ مِنْ مَالِهِ ثَلَاثٌ: مَا أَكَلَ فَأَفْنَى، أَوْ لَبِسَ فَأَبْلَى، أَوْ أَعْطَى فَاقْتَنَى، وَمَا سِوَى ذَلِكَ فَهُوَ ذَاهِبٌ، وَتَارِكُهُ لِلنَّاسِ

اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بندہ کہتا ہے میرا مال، میرا مال حالانکہ اس کا مال تین چیزیں ہیں، جو کھایا اور فنا کیا اور جو پہنا اور بوسیدہ کر دیا اور اللہ کی راہ میں دیا اور جمع کیا، اور اس کے سوا جو کچھ ہے اسے تو لوگوں کے لئے چھوڑ کر جانے والا ہے۔[۲]

انسان دولت کا کتنا حریص اور مال جمع کرنے کا کس قدر خواہش مند ہے اس کے بارے میں

أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:لَوْ أَنَّ لِابْنِ آدَمَ وَادِيًا مِنْ ذَهَبٍ أَحَبَّ أَنْ يَكُونَ لَهُ وَادِيَانِ، وَلَنْ يَمْلَأَ فَاهُ إِلَّا التُّرَابُ، وَيَتُوبُ اللَّهُ عَلَى مَنْ تَابَ

انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر فرزند آدم کے پاس سونے سے بھری ہوئی ایک وادی ہو تو اس کی خواہش ہوتی ہے کہ اس کے پاس ایک کے بجائے سونے کی دو وادیاں ہونی چاہئیں، اور آدم کے بیٹے کے منہ کو صرف (قبر کی) مٹی ہی بھر سکتی ہے، اور اللہ اس کی توبہ قبول کرتا ہے جو توبہ کرے۔[۳]

وَلاَ يَمْلَأُ جَوْفَ ابْنِ آدَمَ إِلَّا التُّرَابُ

اور عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں آدم کے بیٹے کا پیٹ تو (قبر کی) مٹی ہی بھرے گی۔[۴]

وَلاَ يَمْلَأُ عَيْنَ ابْنِ آدَمَ إِلَّا التُّرَابُ

[۱] صحیح مسلم کتاب الزهد الدُّنْيَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ، وَجَنَّةُ الْكَافِرِ ۷۴۲۲،جامع ترمذی ابواب تفسیرالقرآن بَاب وَمِنْ سُورَةِ أَلْهَاكُمُ التَّكَاثُرُ ۳۳۵۴

[۲] صحیح مسلم کتاب الزهد الدُّنْيَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ، وَجَنَّةُ الْكَافِرِ ۷۴۲۲، مسند احمد ۸۸۱۳،صحیح ابن حبان ۳۲۴۴، شعب الایمان ۳۰۶۲،السنن الکبری للبیھقی ۶۵۱۰، الترغیب والترھیب للمنذری ۱۲۷۳

[۳] صحیح بخاری کتاب الرقاق بَابُ مَا يُتَّقَى مِنْ فِتْنَةِ المَالِ ۶۴۳۹

[۴] صحیح بخاری کتاب الرقاق بَابُ مَا يُتَّقَى مِنْ فِتْنَةِ المَالِ ۶۴۳۷

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کی ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں فرزند آدم کی آنکھ کو (قبر کی) مٹی ہی سیر کرے گی۔ (۱)

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:تَعِسَ عَبْدُ الدِّينَارِ، وَالدِّرْهَمِ، وَالقَطِيفَةِ، وَالخَمِيصَةِ، إِنْ أُعْطِيَ رَضِيَ، وَإِنْ لَمْ يُعْطَ لَمْ يَرْضَ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہلاک ہوگیا دینار کا بندہ، ہلاک ہوگیا درہم کا بندہ، ہلاک ہوگیا ادنی چادر کا بندہ اور ہلاک ہوگیا مخملی چادر کا بندہ، اگر اسے دیا گیا تو راضی ہوا اور اگر نہیں دیا گیا تو ناراض ہوگیا۔ (۲)

انسان کی اسی غفلت، لاپرواہی اور آخرت سے بے رغبتی پر اظہار افسوس کرتے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یوں فرمایا:

أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:يَتْبَعُ المَيِّتَ ثَلاَثَةٌ، فَيَرْجِعُ اثْنَانِ وَيَبْقَى مَعَهُ وَاحِدٌ: يَتْبَعُهُ أَهْلُهُ وَمَالُهُ وَعَمَلُهُ، فَيَرْجِعُ أَهْلُهُ وَمَالُهُ وَيَبْقَى عَمَلُهُ

انس رضی اللہ عنہ بن مالک سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میت کے ساتھ تین چیزیں چلتی ہیں، دو تو واپس آجاتی ہیں صرف ایک کام اس کے ساتھ رہ جاتا ہے، اس کے ساتھ اس کے گھر والے اس کا مال اور اس کا عمل چلتا ہے، اس کے گھر والے اور مال (جن کی محبت اور فکر میں انسان زندگی بھر ڈوبا رہتا ہے اور ان کی طرف لگاؤ کی وجہ سے آخرت کی طرف کوئی توجہ ہی نہیں کرتا) تو واپس آجاتے ہیں اور اس کا عمل اس کے ساتھ باقی رہ جاتا ہے (اور وہی اس کے ساتھی اور سہارا بنتے ہیں)۔ (۳)

عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:يَكْبَرُ ابْنُ آدَمَ وَيَكْبَرُ مَعَهُ اثْنَانِ: حُبُّ المَالِ، وَطُولُ العُمُرِ

انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابن آدم بوڑھا ہوجاتا ہے لیکن دو چیزیں اس کے ساتھ باقی رہ جاتی ہیں مال کی محبت اور عمر بڑھنے کی حرص۔ (۴)

یہاں یہ غلط فہمی ہرگز نہیں ہونی چاہیے کہ اللہ نے مال کمانے سے منع فرمایا ہے، ایسا ہرگز نہیں ہے بلکہ جو شخص جائز اور حلال طریقے سے مال کماتا ہے اور اپنے اہل وعیال پر خرچ کرنے کے بعد باقی مال اللہ کی راہ میں خرچ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے رزق میں کشائش وبرکت عطا فرماتا ہے اور اس کے مال کی حفاظت کرتا ہے،

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بَيْنَا رَجُلٌ بِفَلَاةٍ مِنَ الْأَرْضِ، فَسَمِعَ صَوْتًا فِي سَحَابَةٍ: اسْقِ حَدِيقَةَ فُلَانٍ، فَتَنَحَّى ذَلِكَ السَّحَابُ، فَأَفْرَغَ مَاءَهُ فِي حَرَّةٍ، فَإِذَا شَرْجَةٌ مِنْ تِلْكَ الشِّرَاجِ قَدِ اسْتَوْعَبَتْ ذَلِكَ الْمَاءَ

(۱) صحیح بخاری کتاب الرقاق بَابُ مَا يُتَّقَى مِنْ فِتْنَةِ المَالِ۶۴۳۹

(۲) صحیح بخاری کتاب الجهاد بَابُ الحِرَاسَةِ فِي الغَزْوِ فِي سَبِيلِ اللَّهِ۲۸۸۶ ،وکتاب الرقاق بَابُ مَا يُتَّقَى مِنْ فِتْنَةِ المَالِ ۶۴۳۵

(۳) صحیح بخاری کتاب الرقاق بَابُ سَكَرَاتِ المَوْتِ ۶۵۱۴،صحیح مسلم کتاب الزهد الدُّنْيَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ، وَجَنَّةُ الْكَافِرِ ۷۴۲۴،جامع ترمذی ابواب الزهدباب ۱۴۸۵،ح ۲۳۷۹

(۴) صحیح بخاری کتاب الرقاق بَابُ مَنْ بَلَغَ سِتِّينَ سَنَةً، فَقَدْ أَعْذَرَ اللَّهُ إِلَيْهِ فِي العُمُرِ۶۴۲۱،صحیح مسلم کتاب الزكاة بَابُ كَرَاهَةِ الْحِرْصِ عَلَى الدُّنْيَا۲۴۱۲

كُلَّهُ، فَتَتَبَّعَ الْمَاءَ، فَإِذَا رَجُلٌ قَائِمٌ فِي حَدِيقَتِهِ يُحَوِّلُ الْمَاءَ بِمِسْحَاتِهِ، فَقَالَ لَهُ: يَا عَبْدَ اللهِ مَا اسْمُكَ؟ قَالَ: فُلَانٌ - لِلِاسْمِ الَّذِي سَمِعَ فِي السَّحَابَةِ - فَقَالَ لَهُ: يَا عَبْدَ اللهِ لِمَ تَسْأَلُنِي عَنِ اسْمِي؟ فَقَالَ: إِنِّي سَمِعْتُ صَوْتًا فِي السَّحَابِ الَّذِي هَذَا مَاؤُهُ يَقُولُ: اسْقِ حَدِيقَةَ فُلَانٍ، لِاسْمِكَ، فَمَا تَصْنَعُ فِيهَا؟ قَالَ: أَمَّا إِذْ قُلْتَ هَذَا، فَإِنِّي أَنْظُرُ إِلَى مَا يَخْرُجُ مِنْهَا، فَأَتَصَدَّقُ بِثُلُثِهِ، وَآكُلُ أَنَا وَعِيَالِي ثُلُثًا، وَأَرُدُّ فِيهَا ثُلُثَهُ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک واقعہ بیان فرمایا ایک شخص کسی بیابان اور ویران جگہ پر تھا کہ اسی دوران اس نے ایک بادل میں آواز سنی فلاں کے باغ کو سیراب کر تو وہ بادل (دوسرے بادلوں سے ہٹ کر) ایک طرف چلا گیا اور پانی ایک پتھریلی زمین پر برسادیا وہ سارا پانی وہاں بنی نالیوں میں جمع ہوتا گیا (اور ایک جانب کو بہتا گیا)، وہ شخص (جس نے آواز سنی تھی (پانی کے پیچھے پیچھے چلا (کہ دیکھے آخر ماجرا کیا ہے) آگے چل کر اس نے دیکھا کہ ایک آدمی اپنے باغ میں کھڑا بیلچے سے پانی کو باغ کی طرف پھیر رہا ہے، اس شخص نے اس باغ والے سے کہا اے اللہ کے بندے! تیرا نام کیا ہے؟ اس آدمی نے وہی نام بتایا جو اس نے بادل میں سے سنا تھا، اب اس باغ والے نے پوچھا کہ اے اللہ کے بندے! تو نے میرا نام کس لئے پوچھا ہے؟ اس نے کہا کہ میں نے اس بدلی میں جس کا پانی آ رہا ہے غیبی آواز سنی تھی کسی کہنے والے نے تمہارا نام لے کر کہا تھا کہ فلاں آدمی کے باغ کو سیراب کر دے تو آخر تم اس باغ میں کیا کرتے ہو؟ (جو اتنے مقرب ہو اللہ کے یہاں) اس نے کہا کہ جب تم نے یہ بات کہی ہے تو مجھے بتانا ہی پڑے گا میں اس باغ کی پیداوار کو دیکھتا ہوں، اس کی کل پیداوار میں سے ایک تہائی غریبوں، مسکینوں، یتیموں کو) صدقہ کر دیتا ہوں، ایک تہائی میں اور میرے اہل وعیال کھا پی لیتے ہیں اور ایک تہائی دوبارہ اسی باغ میں استعمال کر لیتا ہوں۔ [1]

كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُونَ ۝٣ ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُونَ ۝٤ كَلَّا لَوْ تَعْلَمُونَ

ہرگز نہیں، تم عنقریب معلوم کرلو گے، ہرگز نہیں، پھر تمہیں جلد معلوم ہوجائے گا، ہرگز نہیں، اگر تم ی

عِلْمَ الْيَقِينِ ۝٥ (التکاثر ۳ تا ۵)

قینی طور پر جان لو۔

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُونَ مَا يَنْزِلُ بِكُمْ مِنَ الْعَذَابِ فِي الْقَبْرِ. ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُونَ فِي الْآخِرَةِ إِذَا حَلَّ بِكُمُ الْعَذَابُ. فَالْأَوَّلُ فِي الْقَبْرِ، وَالثَّانِي فِي الْآخِرَةِ، فَالتَّكْرَارُ لِلْحَالَتَيْنِ

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں خبردار! عنقریب تم جان لو گے، اس سے مراد وہ عذاب ہے جو تمہیں قبر میں دیا جائے گا، پھر خبردار! عنقریب تمہیں علم ہوجائے گا سے مراد آخرت کا عذاب ہے، پس پہلی آیت قبر کے بارے میں ہے اور دوسری آیت آخرت کے متعلق ہے، اور ایک جیسے الفاظ کا دو مرتبہ آنا دو حالتوں (قبر اور آخرت) کو بیان کرنے کے لئے ہے۔ [2]

[1] صحیح مسلم کتاب الزهدبَابُ الصَّدَقَةِ فِي الْمَسَاكِينِ ۷۴۷۳، مسند احمد ۷۹۴۱ ، مسندالبزار ۹۳۴۷، صحیح ابن حبان ۳۳۵۵ ،شعب الایمان ۳۱۳۴،السنن الکبری للبیہقی ۷۵۱۲

[2] تفسیرالقرطبی ۱۷۴/۲۰

عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَهُ:كُنَّا نَشُكُّ فِي عَذَابِ الْقَبْرِ، حَتَّى نَزَلَتْ هَذِهِ السُّورَةُ، فَأَشَارَ إِلَى أَنَّ قَوْلَهُ: كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُونَ يَعْنِي فِي الْقُبُورِ. وَقِيلَ: كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُونَ

سیدنا علی المرتضی رضی اللہ عنہ نے بھی اس آیت کی یہی تفسیر بیان کی ہے فرماتے ہیں ہم عذاب قبر کے متعلق شک میں مبتلا تھے کہ سورۃ التکاثر نازل ہوئی تو ہمارا شک دور ہو گیا، آپ کا اشارہ اس آیت کی طرف تھا خبردار عنقریب تم جان لو گے یعنی قبروں میں تمہیں اپنے عقائد و اعمال کے انجام کا علم ہو جائے گا۔[1]

یہ ضعیف روایت ہے، اس کی سند میں موسیٰ بن عبیدہ اور یزید بن ابان ضعیف راوی ہیں۔

عقیدہ عذاب قبر اس قدر اہم ہے کہ امام بیہقی رحمہ اللہ نے اثبات عذاب القبر، ابن ابی الدنیا رحمہ اللہ نے کتاب القبور اور کتاب الاھوال، امام قرطبی رحمہ اللہ نے التذکرہ، ابن رجب رحمہ اللہ نے اھوال القبور، حافظ ابن قیم رحمہ اللہ نے کتاب الروح اور جلال الدین سیوطی رحمہ اللہ نے شرح الصدور جیسی گراں قدر کتابیں لکھی ہیں، چنانچہ لوگوں کو قبر کے حالات پر غور و خوض کرنے اور قبر میں پیش آنے والے واقعات کی فکر کرنے کی رغبت دلاتے ہوئے متنبہ کیا گیا کہ اے انسانو! میرے احکام سے روگردانی، اطاعت رسول سے اعراض اور ذکر الٰہی سے غفلت کا جو راستہ تم نے اختیار کر رکھا ہے اگر تم اس سے باز نہ آئے اور دینوی جاہ و جلال اور مال و منال کی طلب اور حصول میں اسی طرح مشغول رہے تو موت کا ذائقہ چکھنے کے بعد قبر میں تمہیں تمہارے اعتقادات و نظریات اور اعمال و افعال کے نتائج سے آگاہ کیا جائے گا اور تمہیں اچھی طرح معلوم ہو جائے گا کہ تم کتنے غلط کار، نافرمان اور روگردان تھے، اور تم نے دنیا کی حرص و ہوس میں آخرت کو بھلا کر کیسا خسارے، گھاٹے اور نقصان کا سودا کیا، ابتدا سے لے کر انتہا تک انسان کو پانچ ادوار سے واسطہ پڑتا ہے، اور ہر دور کی کیفیت دوسرے دور کی کیفیت سے یکسر مختلف ہے۔

○ جب روحوں کو آدم علیہ السلام کی پشت سے نکالا گیا اور انہیں عقل اور قوت گویائی عطا فرما کر اپنی ربوبیت عامہ کا عہد لیا تھا، جیسے فرمایا

وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْۢ بَنِيْٓ اٰدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَاَشْهَدَهُمْ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ ۚ اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ ۭ قَالُوْا بَلٰى ۔۔۔ ۝۱۷۲[2]

ترجمہ: اور اے نبی! لوگوں کو یاد دلاؤ وہ وقت جب کہ تمہارے رب نے بنی آدم کی پشتوں سے ان کی نسل کو نکالا تھا اور انہیں خود ان کے اوپر گواہ بناتے ہوئے پوچھا تھا کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں انہوں نے کہا ضرور آپ ہی ہمارے رب ہیں۔

اس کو عالم ارواح کہتے ہیں اور اسی سے انسانی زندگی کے سفر کی ابتدا ہوئی تھی۔

○ اللہ تعالیٰ اپنی قدرت کاملہ سے رحم مادر میں نو ماہ تک جسم کی تخلیق فرماتا ہے اور دنیا میں بھیجنے سے پہلے انسان کو ہر طرح کی صلاحیتیں بخشی جاتی ہیں، اس کو عالم بطن کہتے ہیں، جیسے فرمایا:

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ ۝۱۲ ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ۝۱۳ ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً

[1] تفسیر القرطبی ۱۷۲/۲۰، تفسیر القرآن العظیم لابن أبي حاتم۳۴۵۹/۱۰، جامع ترمذی کتاب تفسیرالقرآن باب ومن سورة الھاکم التکاثر ۳۳۵۵

[2] الاعراف۱۷۲

فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ۗ ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ ۗ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ﴿۱۴﴾ ⁽¹⁾

ترجمہ: ہم نے انسان کو مٹی کے ست سے بنایا پھر اسے ایک محفوظ جگہ ٹپکی ہوئی بوند میں تبدیل کیا، پھر اس بوند کو لوتھڑے کی شکل دی ،پھر لوتھڑے کو بوٹی بنا دیا، پھر بوٹی کی ہڈیاں بنائیں، پھر ہڈیوں پر گوشت چڑھایا پھر اسے ایک دوسری ہی مخلوق بنا کھڑا کیا پس بڑا ہی بابرکت ہے اللہ سب کاریگروں سے اچھا کاریگر۔

ایک مقام پر فرمایا:

...حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ كُرْهًا وَّوَضَعَتْهُ كُرْهًا... ﴿۱۵﴾ ⁽²⁾

ترجمہ: اس کی ماں نے مشقت اٹھا کر اسے پیٹ میں رکھا اور مشقت اٹھا کر ہی اس کو جنا۔

○ رحم مادر سے باہر آنے سے لے کر موت تک کے عرصہ کو عالم دنیا یا عالم حیات کہتے ہیں یہ امتحان کا دور ہے، یہ دور ختم ہونے کے بعد ایک وقت مقررہ پر ہر ذی روح کو چاہے وہ اللہ کا پیغمبر ہو، صالح یا بدکار انسان ہو موت کا ذائقہ چکھنا ہے، جیسے فرمایا:

اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ ﴿۳۰﴾ ⁽³⁾

ترجمہ (اے نبی ﷺ!) تمہیں بھی مرنا ہے اور ان لوگوں کو بھی مرنا ہے۔

وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ ۭ اَفَاۡىِٕنْ مِّتَّ فَهُمُ الْخٰلِدُوْنَ ﴿۳۴﴾ كُلُّ نَفْسٍ ذَاۗىِٕقَةُ الْمَوْتِ ۭ وَنَبْلُوْكُمْ بِالشَّرِّ وَالْخَيْرِ فِتْنَةً ۭ وَاِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۳۵﴾ ⁽⁴⁾

ترجمہ: اور اے نبی، ہمیشگی تو ہم نے تم سے پہلے بھی کسی انسان کے لئے نہیں رکھی ہے اگر تم مرو گے تو کیا یہ لوگ ہمیشہ جیتے رہیں گے؟ ہر جاندار کو موت کا مزہ چکھنا ہے۔

وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ۭ اَفَاۡىِٕنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ... ﴿۱۴۴﴾ ⁽⁵⁾

ترجمہ: محمد ﷺ! اس کے سوا کچھ نہیں کہ بس ایک رسول ہیں، ان سے پہلے اور رسول بھی گزر چکے ہیں پھر کیا اگر وہ مر جائیں یا قتل کر دیے جائیں تو تم الٹے پاؤں پھر جاؤ گے؟

○ موت کے وقت سے لے کر دوبارہ اٹھنے تک کے طویل ترین دور کو عالم برزخ کہتے ہیں۔

...وَمِنْ وَّرَاۗىِٕهِمْ بَرْزَخٌ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ ⁽⁶⁾

---

(1) المومنون ۱۲تا۱۴

(2) الاحقاف ۱۵

(3) الزمر ۳۰

(4) الانبیاء ۳۵،۳۴

(5) آل عمران ۱۴۴

(6) المومنون ۱۰۰

ترجمہ:اب ان سب (مرنے والوں) کے پیچھے ایک برزخ حائل ہے دوسری زندگی کے دن تک۔

○ دنیاوی جسم وجاں کے ساتھ قبروں سے اٹھائے جانے اور محاسبہ اعمال کے بعد حقیقی قیام گاہ، جنت یا جہنم میں دائمی زندگی کو عالم آخرت کہاجاتا ہے۔

جولوگ عذاب قبر، حیات بعد الموت اور جزاوسزا کے منکر ہیں وہ سمجھتے ہیں کہ جو شخص آگ میں جل کر راکھ ہو گیا اور اس کے ذرات ہوا میں منتشر ہو گئے یا جو شخص پانی میں ڈوب مرا اور اس کا جسم پانی کی مخلوق نے کھا کر برابر کر دیا تو اس کو جب قبر نصیب ہی نہیں ہوئی تو عذاب قبر کیسے ہو گا؟ یعنی وہ اللہ تعالیٰ کو اس پر قادر نہیں سمجھتے کہ وہ انسان کے ذرات کو اکٹھا کر کے عدالت میں کھڑا کر سکتا ہے، اس کی وضاحت کے لئے رسول اللہ ﷺ نے پہلے زمانے کے ایک ایسے شخص کا ذکر فرمایا جسے اللہ تعالیٰ نے وافر مال اور اولاد عطا فرما رکھی تھی،

قَالَ حُذَيْفَةُ وَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: إِنَّ رَجُلًا حَضَرَهُ المَوْتُ، فَلَمَّا يَئِسَ مِنَ الحَيَاةِ أَوْصَى أَهْلَهُ: إِذَا أَنَا مُتُّ فَاجْمَعُوا لِي حَطَبًا كَثِيرًا، وَأَوْقِدُوا فِيهِ نَارًا، حَتَّى إِذَا أَكَلَتْ لَحْمِي وَخَلَصَتْ إِلَى عَظْمِي فَامْتُحِشَتْ، فَخُذُوهَا فَاطْحَنُوهَا، ثُمَّ انْظُرُوا يَوْمًا رَاحًا فَاذْرُوهُ فِي اليَمِّ ،فَفَعَلُوا فَجَمَعَهُ اللَّهُ فَقَالَ لَهُ: لِمَ فَعَلْتَ ذَلِكَ؟ قَالَ: مِنْ خَشْيَتِكَ، فَغَفَرَ اللَّهُ لَهُ

حذیفہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب ایک شخص کی موت کا وقت آ گیا اور وہ اپنی زندگی سے بالکل مایوس ہو گیا تو اس نے اپنے گھر والوں کو وصیت کی کہ جب میں مر جاؤں تو میرے لئے بہت ساری لکڑیاں جمع کرنا اور ان میں آگ لگا دینا، جب آگ میرے گوشت کو جلا چکے اور آخری ہڈی کو بھی جلا دے تو ان جلی ہوئی ہڈیوں کو پیس ڈالنا اور کسی تند و تیز ہوا والے دن کا انتظار کرنا اور (ایسے کسی دن) میری راکھ کو ہوا میں اڑا دینا اس کے گھر والوں نے وصیت کے مطابق کام کیا لیکن اللہ تعالیٰ نے اس کی راکھ کو جمع کیا اور اس سے پوچھا تو تم ایسا کیوں کروایا تھا؟ اس نے عرض کیا اے میرے رب! میں نے تیرے خوف اور ڈر سے یہ کام کیا تھا، رب العالمین نے اسی وجہ سے اس کی مغفرت فرما دی۔[1]

○ موت کا عمل اس وقت شروع ہوتا ہے جب عزائیل علیہ السلام انسان کی جان قبض کرنے کے لئے آتے ہیں اور اس وقت مرنے والے کو فرشتوں کے برتاؤ سے خوب احساس ہو جاتا ہے کہ اس کے ساتھ عالم برزخ میں کیا سلوک کیا جانے والا ہے، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا جب کفار و مشرکین کی روحیں قبض کرنے کے لئے ملائکہ آتے ہیں تو سختی سے روح قبض کرتے ہیں۔

الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ۠ فَاَلْقَوُا السَّلَمَ مَا كُنَّا نَعْمَلُ مِنْ سُوْۗءٍ ۭ بَلٰٓى اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝۲۸ فَادْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ فَلَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ۝۲۹ [2]

ترجمہ: ہاں انہی کافروں کے لئے جو اپنے نفس پر ظلم کرتے ہوئے جب ملائکہ کے ہاتھوں گرفتار ہوتے ہیں تو (سرکشی چھوڑ کر) فوراً ڈگیں ڈال

---

[1] صحیح بخاری کتاب الانبیاء بَابُ مَا ذُكِرَ عَنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ ۳۴۵۲،سنن نسائی کتاب الجنائزباب أَرْوَاحُ الْمُؤْمِنِينَ ۲۰۸۲، مسند احمد ۲۳۳۵۳، مسندالبزار ۲۸۲۲، المعجم الکبیرللطبرانی ۶۳۲، شعب الایمان ۶۷۲۰، السنن الکبری للنسائی ۱۱۸۲۵، شرح السنة للبغوی ۴۱۸۳، روح البیان ۲۶۷/۱۰، تفسیرابن کثیر ۵۹۵/۶

[2] النحل ۲۸،۲۹

دیتے ہیں اور کہتے ہیں ہم تو کوئی قصور نہیں کر رہے تھے، ملائکہ جواب دیتے ہیں کر کیسے نہیں رہے تھے! اللہ تمہارے کرتوتوں سے خوب واقف ہے، اب جاؤ جہنم کے دروازوں میں گھس جاؤ وہیں تم کو ہمیشہ رہنا ہے، پس حقیقت یہ ہے کہ بڑا ہی بڑا ٹھکانہ ہے متکبروں کے لئے۔ اس کے برعکس متقیوں کی روح قبض کرنے کے لئے خوبصورت اور روشن چہروں والے ملائکہ کو جنت سے خوشبودار اور سفید رومال دے کر بھیجا جاتا ہے۔

الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ طَيِّبِيْنَ ۙ يَقُوْلُوْنَ سَلٰمٌ عَلَيْكُمُ ۙ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝۳۲ [۱]

ترجمہ: ان متقیوں کو جن کی روحیں پاکیزگی کی حالت میں جب ملائکہ قبض کرتے ہیں تو کہتے ہیں تم پر سلام ہو اپنے اعمال کے بدلے جنت میں جاؤ۔

وَعَن الْبَراء بن عَازِب رَضِي الله عَنهُ قَالَ خَرَجْنَا فِي جِنَازَةِ رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصارِ، فَانْتَهَيْنَا إِلَى الْقَبْرِ وَلَمَّا يُلْحَدُ قَالَ: فَجَلَسَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم وَجَلَسْنا حَوْلَهُ كَأَنَّ عَلَى رُءُوسِنَا الطَّيْرَ، وَفِي يَدِهِ عُودٌ يَنْكُتُ بِهِ . فَرَفَعَ رَأْسَهُ، وَقَالَ: اسْتَعِيذُوا بِاللَّهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِفَإِنَّ الرَّجُلَ الْمُؤْمِنَ إِذَا كَانَ فِي انْقِطَاعٍ مِنَ الدُّنْيَا وَإِقْبَالٍ مِنَ الْآخِرَةِ نَزَلَ إِلَيْهِ مِنَ السَّمَاءِ مَلَائِكَةٌ بِيضُ الْوجُوهِ كَأَنَّ عَلَى وُجُوهِهِمُ الشَّمْسَ، مَعَهُمْ حَنُوطٌ مِنْ حَنُوطِ الْجَنَّةِ، وَكَفَنٌ مِنْ كَفَنِ الْجَنَّةِ، حَتَّى يَجْلِسَ عِنْدَ رَأْسِهِ فَيَقُولُ: أَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ اخْرُجِي إِلَى مَغْفِرَةٍ مِنَ اللَّهِ وَرِضْوَانٍ

براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ہم ایک انصاری کے جنازے کے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ قبرستان کی طرف گئے، جب قبر پر پہنچے تو قبر ابھی تیار نہیں ہوئی تھی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم وہاں تشریف فرما ہوئے اور ہم بھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اردگرد انتہائی خاموشی سے بیٹھ گئے جیسے سروں پر پرندے بیٹھے ہوں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ میں ایک چھڑی تھی جس سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم زمین کو کرید رہے تھے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا سر مبارک اوپر اٹھا کر دو یا تین مرتبہ فرمایا، عذاب قبر سے اللہ کی پناہ مانگو پھر آپ نے فرمایا بے شک مومن جب دنیا سے رخصت ہو کر آخرت کی طرف روانہ ہونے لگتا ہے تو اس کے پاس آسمان سے سفید چہروں والے فرشتے آتے ہیں، ان کے چہرے سورج کی طرح چمک رہے ہوتے ہیں، ان کے پاس جنت کا لباس اور جنت کی خوشبو ہوتی ہے، وہ مومن سے حد نگاہ کے فاصلے پر بیٹھ جاتے ہیں پھر ملک الموت آتا ہے اور اس کے سرہانے بیٹھ کر کہتا ہے اے پاک روح! تو اللہ تعالیٰ کی مغفرت اور رضا کی جانب نکل آ

فَتَخْرُجُ نَفْسُهُ فَتَسِيلُ كَمَا تَسِيلُ الْقَطْرَةُ مِنْ فِيِّ السِّقَاءِ، فَأَخَذَهَا فَإِذَا أَخَذَهَا لَمْ يَدَعُوهَا فِي يَدِهِ طَرْفَةَ عَيْنٍ حَتَّى يَأْخُذُوهَا فَيَجْعَلُوهَا فِي ذَلِكَ الْكَفَنِ وَفِي ذَلِكَ الْحَنُوطِ ثُمَّ يَخْرُجُ مِنْهَا كَأَطْيَبِ نَفْحَةِ رِيحِ مِسْكٍ وُجِدَتْ عَلَى ظَهْرِ الْأَرْضِ، فَلَا يَمُرُّونَ بِمَلَأٍ مِنَ الْمَلَائِكَةِ إِلَّا قَالُوا: مَا هَذِهِ الرِّيحُ الطَّيِّبَةُ؟ فَيَقُولُونَ: فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ بِأَحْسَنِ أَسْمَائِهِ الَّتِي كَانَ يُسَمَّى بِهَا فِي الدُّنْيَا حَتَّى يُنْتَهَى بِهِ إِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا فَيُفْتَحُ لَهُ فَيُشَيِّعُهُ مِنْ كُلِّ سَمَاءٍ مُقَرَّبُوهَا إِلَى السَّمَاءِ الَّتِي تَلِيهَا حَتَّى يُنْتَهَى بِهَا إِلَى السَّمَاءِ السَّابِعَةِ

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا روح اس قدر آرام اور آسانی کے ساتھ نکل آتی ہے جیسے مشکیزے سے پانی کا قطرہ بہہ نکلتا ہے، چنانچہ ملک الموت

---

[۱] النحل ۳۲

اس روح کو پکڑ لیتا ہے، وہ روح موت کے فرشتے کے ہاتھ میں لمحہ بھر ہی رہتی ہے کہ دوسرے فرشتے اس روح کو ملک الموت کے ہاتھ میں آنکھ جھپکنے کے برابر (عرصے تک) بھی نہیں رہنے دیتے کہ اس سے لے لیتے ہیں، پھر اسے لے کر جنتی لباس اور جنتی خوشبو میں لپیٹ لیتے ہیں، اس روح سے زمین میں پائی جانے والی کستوری سے بھی نہایت عمدہ مہک کی طرح خوشبو پھیل رہی ہوتی ہے، آپ ﷺ نے فرمایا پھر فرشتے اس روح کو لے کر آسمان کی طرف چڑھتے ہیں، وہ فرشتوں کی جس جماعت کے پاس سے بھی گزرتے ہیں تو وہ (فرشتوں کی جماعت) پوچھتے ہیں کہ یہ پاکیزہ روح کس آدمی کی ہے؟ فرشتے جواب میں اس آدمی کا نام بتاتے ہیں کہ یہ فلاں کا بیٹا فلاں ہے، اس کا وہ نہایت عمدہ نام بتلاتے ہیں جس سے وہ دنیا میں پکارا جاتا تھا، یہاں تک کہ فرشتے اس روح کو لے کر آسمان دنیا تک پہنچ جاتے ہیں اور اس کے لئے آسمان کا دروازہ کھولنے کی درخواست کرتے ہیں تو اس کے لئے آسمان کا دروازہ کھول دیا جاتا ہے، پس اس آسمان کے فرشتے اگلے آسمان تک اس روح کو الوداع کہنے کے لئے ساتھ جاتے ہیں یہاں تک کہ اس روح کو ساتویں آسمان تک پہنچا دیا جاتا ہے،

فَيَقُولُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ: اكْتُبُوا كِتَابَ عَبْدِي فِي عِلِّيِّينَ فِي السَّمَاءِ السَّابِعَةِ وَأَعِيدُوهُ إِلَى الْأَرْضِ، فَإِنِّي مِنْهَا خَلَقْتُهُمْ وَفِيهَا أُعِيدُهُمْ وَمِنْهَا أُخْرِجُهُمْ تَارَةً أُخْرَى

اب اللہ عزوجل کی طرف سے حکم دیا جاتا ہے کہ میرے اس بندے کا نام عِلِّيِّينَ میں لکھ دو اور اسے دوبارہ زمین میں لے جاؤ کیونکہ میں نے انہیں مٹی سے پیدا کیا ہے، اسی میں انہیں دوبارہ لے جاؤں گا اور اسی سے قیامت کو اٹھاؤں گا۔ [1]

○ جب نیک اور بری روح کا جنازہ لے جایا جا رہا ہوتا ہے تو اس وقت میت کہہ رہی ہوتی ہے۔

أَبَا سَعِيدٍ الخُدْرِيَّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِذَا وُضِعَتِ الجِنَازَةُ، فَاحْتَمَلَهَا الرِّجَالُ عَلَى أَعْنَاقِهِمْ، فَإِنْ كَانَتْ صَالِحَةً قَالَتْ: قَدِّمُونِي، وَإِنْ كَانَتْ غَيْرَ صَالِحَةٍ قَالَتْ لِأَهْلِهَا: يَا وَيْلَهَا أَيْنَ يَذْهَبُونَ بِهَا يَسْمَعُ صَوْتَهَا كُلُّ شَيْءٍ إِلَّا الإِنْسَانُ، وَلَوْ سَمِعَ الإِنْسَانُ لَصَعِقَ

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم ﷺ نے فرمایا جب میت چارپائی پر رکھی جاتی ہے اور لوگ اسے کندھوں پر اٹھا لیتے ہیں اس وقت اگر وہ مرنے والا نیک ہوتا ہے تو کہتا ہے مجھے جلدی لے چلو لیکن اگر وہ نیک نہیں ہوتا تو کہتا ہے ہائے بربادی! مجھے کہاں لے جا رہے ہو؟ میت کی یہ آواز انسانوں کے علاوہ ساری مخلوق سنتی ہے، کہیں اگر انسان مردے کی اس آواز کو سن لیں تو بے ہوش ہو جائیں۔ [2]

جنازہ اٹھائے وقت اللہ تعالیٰ برزخی زبان میت کو عطا کر دیتا ہے جس میں وہ اگر جنتی ہے تو جنت کے شوق میں کہتا ہے کہ مجھ کو جلدی جلدی لے چلو تا کہ جلد اپنی مراد کو حاصل کروں اور اگر وہ دوزخی ہے تو وہ گھبرا گھبرا کر کہتا ہے کہ ہائے مجھے کہاں لئے جا رہے ہو؟ اس وقت اللہ تعالیٰ ان کو اس طور پر مخفی طریقہ سے بولنے کی طاقت دیتا ہے اور اس آواز کو انسان اور جنوں کے علاوہ تمام مخلوق سنتی ہے، اس حدیث سے سماع موتی

[1] الترغیب والترہیب للمنذری ۵۳۹۶، مسند احمد ۱۸۵۳۴، ابن ابی شیبہ ۱۲۰۵۹ ، اثبات عذاب القبر للبیہقی ۴۴

[2] صحیح بخاری کتاب الجنائز بَابُ قَوْلِ المَيِّتِ وَهُوَ عَلَى الجِنَازَةِ: قَدِّمُونِي ۱۳۱۶، وبَابُ حَمْلِ الرِّجَالِ الجِنَازَةَ دُونَ النِّسَاءِ ۱۳۱۴، وبَابُ كَلاَمِ المَيِّتِ عَلَى الجَنَازَةِ ۱۳۸۰، سنن نسائی کتاب الجنائز باب السُّرْعَةُ بِالْجَنَازَةِ ۱۹۱۱، مسند احمد ۱۱۳۷۲، اثبات عذاب القنر للبیہقی ۴۲، کتاب الروح ۶۵/۱، شرح الصدور ۱۵، اھوال القبور واحوال اھلھا الی النشور ۹۵/۱، صحیح ابن حبان ۳۰۳۸، السنن الکبری للنسائی ۲۰۴۷، السنن الکبری للبیہقی ۶۸۴۶، مسند ابی یعلی ۱۲۶۵، شرح السنة للبغوی ۱۴۸۲

پر بعض لوگوں نے دلیل پکڑی ہے جو بالکل غلط ہے، قرآن مجید میں صاف سماع موتی کی نفی موجود ہے۔

إِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتَىٰ... ﴿٨٠﴾ [١]

ترجمہ: تم مُردوں کو نہیں سنا سکتے۔

اگر مرنے والے ہماری آوازیں سن پاتے تو ان کو میت ہی نہ کہا جاتا اس لئے جملہ ائمہ ہدیٰ نے سماع موتی کا انکار کیا ہے، جو لوگ سماع موتی کے قائل ہیں ان کے دلائل بالکل بے وزن ہیں۔

## قبر میت کو دباتی ہے:

عَنْ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:هَذَا الَّذِي تَحَرَّكَ لَهُ الْعَرْشُ،وَفُتِحَتْ لَهُ أَبْوَابُ السَّمَاءِ،وَشَهِدَهُ سَبْعُونَ أَلْفًا مِنَ الْمَلَائِكَةِ، لَقَدْ ضُمَّ ضَمَّةً، ثُمَّ فُرِّجَ عَنْهُ

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سعد بن معاذ وہ شخص ہے جس (کی وفات پر اللہ تعالیٰ کا) عرش (ان کے استقبال کی خوشی میں) جھوم گیا جس کے لئے آسمانوں کے (سارے) دروازے کھول دیئے گئے، جس (کے جنازہ) میں ستر ہزار فرشتے شریک ہوئے، اسے بھی قبر نے ایک مرتبہ دبایا پھر فراغ ہوگئی۔ [٢]

عَنِ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا قَالَ:قَالَ:ضُمَّ سَعْدٌ فِي الْقَبْرِ ضَمَّةً فَدَعَوْتُ اللَّهَ أَنْ يَكْشِفَ عَنْهُ

عبداللہ بن عمر سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سعد قبر میں دبائے گئے، میں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ اس سے یہ تکلیف دور فرمادے (اور اللہ نے دور فرمادی)۔ [٣]

عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمَا، قَالَ: فَجَلَسَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى قَبْرِهِ وَهُوَ يُدْفَنُ، فَبَيْنَمَا هُوَ جَالِسٌ إِذْ قَالَ: سُبْحَانَ اللهِ مَرَّتَيْنِ، فَسَبَّحَ الْقَوْمُ، ثُمَّ قَالَ: اللهُ أَكْبَرُ، اللهُ أَكْبَرُ فَكَبَّرَ الْقَوْمُ، فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِهَذَا الْعَبْدُ الصَّالِحُ شَدَّدَ اللهُ عَلَيْهِ فِي قَبْرِهِ حَتَّى كَانَ هَذَا حِينَ فُرِّجَ عَنْهُ

جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے جب سعد رضی اللہ عنہ دفن کیے گئے اور ہم قبر کے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے کہ وفعتہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سبحان اللہ کہا اور باقی حضرات نے بھی آپ کے ساتھ سبحان اللہ کہا، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ اکبر، اللہ اکبر کہا تو حاضرین نے بھی اللہ اکبر، اللہ اکبر کہا، صحابہ نے دریافت کیا کہ آپ نے کس بات پر سبحان اللہ اور اللہ اکبر، اللہ اکبر فرمایا تھا، آپ نے فرمایا اس نیک بندے کی قبر تنگ ہوگئی تھی مگر اللہ تعالیٰ نے اس میں وسعت پیدا فرمادی۔ [٤]

عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:إِنَّ لِلْقَبْرِ ضَغْطَةً، وَلَوْ كَانَ أَحَدٌ نَاجِيًا مِنْهَا نَجَا مِنْهَا سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ

---

[١] النمل ٨٠

[٢] سنن نسائی کتاب الجنائز:باب ضَمَّةُ الْقَبْرِ وَضَغْطَتُهُ ٢٠٥٧

[٣] مستدرک حاکم ۴۹۲۴، صحیح ابن حبان ۷۰۳۴

[٤] شرح مشکل الآثار ۴۱۷۳ ، مسند احمد ۱۴۵۰۵

اور ام المومنین عائشہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ایک دفعہ قبر میت کو ضرور دباتی ہے اگر کوئی اس سے نجات پا سکتا تو سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ اس سے ضرور نجات پاتے۔ (۱)

○ جب میت کو دفن کر دیا جاتا ہے تو مردہ کو وقتی پر عزیز واقارب، دوست واحباب اور رواقف کاروں کے لوٹتے پاؤں کی آہٹ سنائی جاتی ہے تا کہ اسے یقین کامل ہو جائے کہ اس کا دنیا سے رابطہ منقطع ہو چکا ہے، اور جن اہل وعیال، عزیز واقارب، اور رفیقوں کے لئے جائز وناجائز کام کرتا رہا ہوں، اللہ کی نافرمانیاں کرتا رہا ہے وہ اسے قبر میں بے یار ومدد گار چھوڑ کر واپس جا رہے ہیں۔

عَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:إِنَّ الْعَبْدَ، إِذَا وُضِعَ فِي قَبْرِهِ، وَتَوَلَّى عَنْهُ أَصْحَابُهُ، إِنَّهُ لَيَسْمَعُ قَرْعَ نِعَالِهِمْ

انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب بندہ اپنی قبر میں دفن کر دیا جاتا ہے اور اس کے ساتھی واپس لوٹتے ہیں تو میت ان کے پاؤں کی آواز سنتی ہے۔ (۲)

قبر میں منکر نکیر کے سوال وجواب کے لئے میت کے جسم میں عارضی طور پر اس کی روح لوٹا دی جاتی ہے۔

عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ذَكَرَ فَتَّانَ الْقُبُورِ فَقَالَ عُمَرُ: أَتُرَدُّ عَلَيْنَا عُقُولُنَا يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:نَعَمْ، كَهَيْئَتِكُمُ الْيَوْمَ،فَقَالَ عُمَرُ: بِفِيهِ الْحَجَرُ

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قبر میں آزمائش کرنے والے فرشتوں کا ذکر فرمایا تو سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا اے اللہ کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا ہمیں وہاں ہماری عقل وسمجھ لوٹا دی جائے گی؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں (قبر میں) آج کی طرح عقل وشعور دیا جائے گا تو سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے کہا پھر تو میں اس فرشتے کے منہ پر پتھر دے ماروں گا یعنی اسے خاموش کرا دوں گا۔ (۳)

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، براء بن عازب رضی اللہ عنہ، جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ، عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ، ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ، اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہ اور عائشہ عائشہ رضی اللہ عنہا ان سب کی روایت میں یہی ہے کہ منکر نکیر کے سوالات کے لئے روح قبر میں لوٹا دی جاتی ہے مگر بعض فقہا اور متکلمین اس مسئلہ میں مختلف الرائے ہیں، بعض کا خیال ہے کہ صرف روح سے اور بعض کے مطابق صرف جسم سے سوال وجواب ہوتا ہے۔

امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ کہتے ہیں حوض کوثر، شفاعت، عذاب قبر، ملک الموت کا روحوں کو قبض کرنا اور قبروں میں اجسام کی طرف لوٹائے جانے اور ایمان وتوحید کے متعلق سوال ہونے پر ایمان رکھنا ضروری ہے۔ (۴)

(۱) مسنداحمد ۲۴۲۸۳ ،اثبات عذاب القبرللبیہقی ۱۰۶

(۲) صحیح بخاری کتاب الجنائز بَابٌ: المَيِّتُ يَسْمَعُ خَفْقَ النِّعَالِ ۱۳۳۸،صحیح مسلم کتاب الجنة ونعیمهابَابُ عَرْضِ مَقْعَدِ الْمَيِّتِ مِنَ الْجَنَّةِ أَوِ النَّارِ عَلَيْهِ، وَإِثْبَاتِ عَذَابِ الْقَبْرِ وَالتَّعَوُّذِ مِنْهُ ۷۲۱۷،سنن نسائی کتاب الجنائزباب التَّسْهِيلُ فِي غَيْرِ السِّبْتِيَّةِ ۲۰۵۲،سنن ابوداودکتاب الجنائز بَابُ الْمَشْيِ فِي النَّعْلِ بَيْنَ الْقُبُورِ ۳۲۳۱،مسند احمد ۱۲۲۷۱، صحیح ابن حبان ۳۱۲۰،السنن الکبری للبیہقی ۷۲۱۷،شرح السنة للبغوی ۱۵۲۲

(۳) مسنداحمد ۶۶۰۳،المعجم الکبیرللطبرانی ۱۰۶،صحیح ابن حبان ۳۱۱۵،الترغیب والترہیب ۵۳۹۱

(۴) کتاب الصلاة ۴۵

وإعادة الرّوح إِلَى الْجَسَد فِي قَبره حق

امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کہتے ہیں اور قبر میں میت کی طرف روح کا لوٹایا جانا برحق ہے ۔ (۱)

وسؤال مُنكر وَنَكِير حق كَائِن فِي الْقَبْر وإعادة الرّوح إِلَى الْجَسَد فِي قَبره حق وضغطة الْقَبْر وعذابه حق

ایک مقام پر فرماتے ہیں منکر نکیر کے سوال حق ہے، اور قبر میں میت کی طرف روح کا لوٹایا جانا برحق ہے، قبر کا مردہ کو دبانا حق ہے اور عذاب قبر برحق ہے۔ (۲)

قَالَ ابو حنيفَة من قَالَ لَا اعرف عَذَاب الْقَبْر فَهُوَ من الْجَهْمِية الهالكة لِأَنَّهُ انكر قَوْله تَعَالَى {سَنُعَذِّبُهُم مرَّتَيْنِ} يَعْنِي عَذَاب الْقَبْر

ایک مقام پر فرماتے ہیں جو شخص یہ کہتا ہے کہ میں عذاب قبر کو تسلیم نہیں کرتا تو وہ فرقہ جہمیہ سے تعلق رکھتا ہے اور اللہ تعالی کے قول ہم انہیں دو مرتبہ عذاب سے دوچار کریں گے کو نہیں مانتا یعنی عذاب قبر۔

الْأَحَادِيث الصَّحِيحَة المتواترة تدل على عود الرّوح إِلَى الْبدن وَقت السُّؤَال وسؤال الْبدن بِلَا روح قَول قَالَه طَائِفَة من النَّاس وَأنْكرهُ الْجُمْهُور وقابلهم آخَرُونَ فَقَالُوا السُّؤَال للروح بِلَا بدن وَهَذَا قَالَه ابْن مرّة وَابْن حزم وَكِلَاهُمَا غلط وَالْأَحَادِيث الصَّحِيحَة ترده وَلَو كَانَ ذَلِك على الرّوح فَقَط لم يكن للقبر بِالروحِ اخْتِصَاص

امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ کہتے ہیں صحیح اور متواتر احادیث اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ سوالات کے وقت روح بدن میں لوٹادی جاتی ہے، روح کے بغیر صرف بدن ہی سے سوال کے بھی بعض لوگ قائل ہیں مگر جمہور نے اس کا انکار کیا ہے، اسی طرح بعض کے نزدیک محض روح سے سوال ہوتا ہے بدن سے نہیں جیسا کہ ابن مرہ رحمہ اللہ اور ابن حزم رحمہ اللہ کی رائے ہے مگر یہ دونوں باتیں غلط ہیں اور صحیح احادیث کی روشنی میں باطل ہیں، اگر سوال محض روح ہی سے ہوتا تو روح کے لئے قبر کی خصوصیت نہ ہوتی۔ (۳)

فهؤلاء السلف كلهم صرحوا بأن الروح تعاد إلى البدن عند السؤال وصرح بمثل ذلك طوائف من الفقهاء والمتكلمين من أصحابنا وغيرهم كالقاضي أبي يعلى وغيره

ابن رجب حنبلی رحمہ اللہ کہتے ہیں ان سب ائمہ سلف نے صراحت فرمائی ہے کہ سوالات کے وقت روح کا جسم کی طرف لوٹایا جانا ایک مستند امر ہے اور اسی طرح ہمارے ساتھیوں میں سے فقہا اور متکلمین کی جماعتوں نے بھی اس کی صراحت کی ہے جیسے قاضی ابویعلی وغیرہ ہیں۔ وَقد أَخذ بن جَرِيرٍ وَجَمَاعَةٌ مِنَ الْكَرَّامِيَّةِ مِنْ هَذِهِ الْقِصَّةِ أَنَّ السُّؤَالَ فِي الْقَبْرِ يَقَعُ عَلَى الْبَدَنِ فَقَطْ وَأَنَّ اللَّهَ يَخْلُقُ فِيهِ إِدْرَاكًا بِحَيْثُ يسمع وَيعلم ويلذ ويألم، وَذهب بن حزم وبن هُبَيْرَةَ إِلَى أَنَّ السُّؤَالَ يَقَعُ عَلَى الرُّوحِ فَقَطْ مِنْ غَيْرِ عَوْدٍ إِلَى الْجَسَدِ وَخَالَفَهُمُ الْجُمْهُورُفَقَالُوا تُعَادُ الرُّوحُ إِلَى الْجَسَدِ أَوْ بَعْضِهِ كَمَا ثَبَتَ فِي الْحَدِيثِ، وَلَوْ كَانَ عَلَى الرُّوحِ فَقَطْ

(۱) الفقه الاكبر ۱۰۱

(۲) الفقه الاكبر ۱/۶۵

(۳) كتاب الروح ۱/۵۰

لَمْ يَكُنْ لِلْبَدَنِ بِذَلِكَ اخْتِصَاصٌ، وَلَا يَمْنَعُ مِنْ ذَلِكَ كَوْنُ الْمَيِّتِ قَدْ تَتَفَرَّقُ أَجْزَاؤُهُ لِأَنَّ اللَّهَ قَادِرٌ أَنْ يُعِيدَ الْحَيَاةَ إِلَى جُزْءٍ مِنَ الْجَسَدِ وَيَقَعُ عَلَيْهِ السُّؤَالُ كَمَا هُوَ قَادِرٌ عَلَى أَنْ يَجْمَعَ أَجْزَاءَهُ

علامہ ابن حجر رحمہ اللہ کہتے ہیں بلاشبہ اس واقعہ سے ابن جریر اور فرقہ کرامیہ کے ایک گروہ نے یہ دلیل لی ہے کہ قبر میں سوال صرف بدن سے ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ اس بدن میں ایسا ادراک پیدا فرمادیتے ہیں جس کی وجہ سے وہ سنتا اور جانتا، لذت اور درد بھی محسوس کرتا ہے جبکہ ابن حزم رحمہ اللہ اور ابن ہبیرہ رحمہ اللہ کا مذہب یہ ہے کہ صرف روح سے بغیر جسم کی طرف لوٹائے سوال ہوتا ہے لیکن جمہور علماء نے ان سب کی مخالفت کی ہے، جمہور کا مسلک یہ ہے کہ روح کو جسم یا اس کے بعض حصے کی طرف لوٹایا جاتا ہے جیسا کہ صحیح احادیث سے ثابت ہے کیونکہ اگر یہ ساری کاروائی فقط روح سے وابستہ ہوتی تو بدن کی اس میں کوئی خصوصیت نہ ہوتی (حالانکہ بدن اس میں ملحوظ ہے) اور اس میں بھی کوئی امتناع نہیں کہ کبھی میت کے اجزا بالکل بکھر جاتے ہیں کیونکہ اللہ تعالیٰ اس بات پر قادر ہے کہ بدن کے ایک حصے کی طرف روح لوٹا دے اور اس سے سوال ہو جیسا کہ وہ تمام اجزا کے جمع کرنے پر قادر ہے۔[1]

( فَتُعَادُ رُوحُهُ فِي جَسَدِهِ) ظَاهِرُ الْحَدِيثِ أَنَّ عَوْدَ الرُّوحِ إِلَى جَمِيعِ أَجْزَاءِ بَدَنِهِ،فَلَا الْتِفَاتَ إِلَى قَوْلِ الْبَعْضِ بِأَنَّ الْعَوْدَ إِنَّمَا يَكُونُ إِلَى الْبَعْضِ وَلَا إِلَى قَوْلِ ابْنِ حَجَرٍ إِلَى نِصْفِهِ فَإِنَّهُ لَا يَصِحُّ أَنْ يُقَالَ مِنْ قِبَلِ الْعَقْلِ بَلْ يَحْتَاجُ إِلَى صِحَّةِ النَّقْلِ

جسم کے بعض اجزا کی طرف روح لوٹائے جانے والی بات کی تردید کرتے ہوئے علامہ علی قاری رحمہ اللہ کہتے ہیں حدیث کے الفاظ پھر اس کے جسم کی طرف اس کی روح لوٹادی جاتی ہے کا ظاہر اسی بات کا تقاضا کرتا ہے کہ روح کا لوٹایا جانا سارے بدن کی طرف ہوتا ہے، لہذا ان چند لوگوں کے قول کی طرف توجہ نہیں کی جاسکتی جو یہ کہتے ہیں کہ عود روح بدن کے بعض حصے کی طرف ہوتی ہے، اور نہ ہی ابن حجر رحمہ اللہ کے قول کی طرف التفات کیا جاسکتا ہے جو نصف بدن کی طرف اعادہ روح کے قائل ہیں کیونکہ محض عقلاً ایسا کہنا درست نہیں اس میں صحت نقل ضروری ہے۔[2]

إن الْأَرْوَاح تُعَاد إِلَى الأجساد عِنْد الْمَسْأَلَة وَهُوَ قَول الْأَكْثَر من أهل السّنة

علامہ بدرالدین عینی رحمہ اللہ کہتے ہیں بلاشبہ قبر میں سوال کے وقت روحوں کو ان کے اجسام کی طرف لوٹادیا جاتا ہے اور یہ قول اہل سنت کی اکثریت کا ہے۔[3]

وَالشَّرْعُ لَا يَأْتِي بِمَا تُحِيلُهُ الْعُقُولُ وَلَكِنَّهُ قَدْ يَأْتِي بِمَا تَحَارُ فِيهِ الْعُقُولُ، فَإِنَّ عَوْدَ الرُّوحِ إِلَى الْجَسَدِ لَيْسَ عَلَى الْوَجْهِ الْمَعْهُودِ فِي الدُّنْيَابَلْ تُعَادُ الرُّوحُ إِلَيْهِ إِعَادَةً غَيْرَ الْإِعَادَةِ الْمَأْلُوفَةِ فِي الدُّنْيَا

علامہ ابن ابی العز رحمہ اللہ فرماتے ہیں شریعت ایسی باتوں کا ذکر نہیں کرتی جن کو عقلیں محال سمجھیں البتہ ایسی باتوں کا ذکر ضرور کرتی ہے جس

---

[1] فتح الباری ۲۳۵،۳

[2] مرقاۃ۱۱۷۸،۳

[3] عمدۃ القاری ۹۳،۱۷

میں عقلیں حیران ہوتی ہیں، پس یقین کرلو کہ روح کا جسم کی طرف لوٹایا جانا اس طرح کا نہیں جس طرح دنیا میں معروف ہے بلکہ روح کا اعادہ اس اعادہ کے خلاف ہے جو دنیا میں معلوم ہے۔ (۱)

پھر اللہ کی طرف سے دو فرشتے آتے ہیں جنہیں منکر اور نکیر کہا جاتا ہے۔

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:إِذَا قُبِرَ المَيِّتُ أَوْ قَالَ: أَحَدُكُمْ أَتَاهُ مَلَكَانِ أَسْوَدَانِ أَزْرَقَانِ، يُقَالُ لِأَحَدِهِمَا: الْمُنْكَرُ، وَلِلْآخَرِ: النَّكِيرُ

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب میت کو قبر میں دفن کر دیا جاتا ہے تو اس کے پاس دو فرشتے آتے ہیں جن کے رنگ سیاہ اور آنکھیں نیلی ہوتی ہیں ان میں سے ایک کو منکر اور دوسرے کو نکیر کہا جاتا ہے۔ (۲)

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: شَهِدْنَا جَنَازَةً مَعَ نَبِيِّ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ دَفْنِهَا وَانْصَرَفَ النَّاسُ قَالَ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:إِنَّهُ يَسْمَعُ الْآنَ خَفْقَ نِعَالِكُمْ، أَتَاهُ مُنْكَرٌ وَنَكِيرٌ، أَعْيُنُهُمَا مِثْلُ قُدُورِ النُّحَاسِ، وَأَنْيَابُهُمَا مِثْلُ صَيَاصِي الْبَقَرِ، وَأَصْوَاتُهُمَا مِثْلُ الرَّعْدِ

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ایک روایت میں ان کا حلیہ یوں بیان کیا گیا ہے ہم ایک جنازے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ تھے جب ہم اس کو دفن کر کے فارغ ہوئے اور لوگ واپس جانے لگے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اب یہ تمہارے جوتوں کی آہٹ سنے گا اور اس کے پاس منکر نکیر آئے ہیں جن کی آنکھیں تانبے کے دیگچے جیسی، ان کے دانت گائے کے سینگ کی مانند اور ان کی آواز بادلوں کی بجلی کی طرح گرجدار ہے۔ (۳)

منکر نکیر وحشت کا ماحول پیدا کرنے کے لئے اپنے دانتوں سے زمین کو اکھیڑتے اور زوردار آوازیں نکالتے ہوئے قبر میں میت کے پاس آتے ہیں،

عَنِ الْبَرَاءِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذَكَرَ فِيهِ اسْمَ الْمَلَكَيْنِ فَقَالَ فِي ذِكْرِ الْمُؤْمِنِ:فَيُرَدُّ إِلَى مَضْجَعِهِ فَيَأْتِيهِ مُنْكَرٌ، وَنَكِيرٌ يُثِيرَانِ الْأَرْضَ بِأَنْيَابِهِمَا، وَيُلْحِقَانِ الْأَرْضَ بِأَشْفَاهِهِمَا

براء بن عازب سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مومن آدمی کی قبر کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا پھر اس کے پاس منکر اور نکیر اپنے دانتوں سے زمین کو اکھیڑتے اور پروں سے زمین کو روندتے ہوئے آتے ہیں۔ (۴)

کیونکہ صالح آدمی نے قبر کے لئے تیاری مکمل کی ہوئی ہوتی ہے اس لئے اسے کوئی خوف یا گھبراہٹ محسوس نہیں ہوتی:

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ،عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: إِنَّ الْمَيِّتَ يَصِيرُ إِلَى الْقَبْرِ، فَيُجْلَسُ الرَّجُلُ الصَّالِحُ فِي قَبْرِهِ،

---

(۱) شرح العقيدة الطحاوية۲/۵۷۸

(۲) جامع ترمذی کتاب الجنائزبَابُ مَا جَاءَ فِي عَذَابِ الْقَبْرِ۱۰۷۱،ابن حبان۳۱۱۷،بیهقی فی عذاب القبر۵۶، مسند البزار ۸۴۶۲،شرح السنة للبغوی۱۵۲۲

(۳) المعجم الاوسط۴۶۲۹،الترغيب والترهيب للمنذری۵۳۹۸

(۴) الترغيب والترهيب ۵۳۹۸،۵۳۹۶،شعب الايمان۳۹۰

غَيْرَ فَزِعٍ، وَلَا مَشْعُوفٍ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے قبر میں نیک آدمی کی حالت کا تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا جب نیک آدمی کی میت قبر کی طرف لے جائی جاتی ہے پس اسے قبر میں بٹھایا جاتا ہے تو اسے کسی قسم کی کوئی گھبراہٹ اور پریشانی نہیں ہوتی۔ [۱]

مومن کو جب ہوش آتا ہے تو اسے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ نماز عصر کا وقت نکلا چلا جارہا ہے اس لئے اسے پہلے نماز کی فکر لاحق ہوتی ہے۔

عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ،عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: إِذَا دَخَلَ الْمَيِّتُ الْقَبْرَ، مُثِّلَتِ الشَّمْسُ عِنْدَ غُرُوبِهَا فَيَجْلِسُ يَمْسَحُ عَيْنَيْهِ، وَيَقُولُ: دَعُونِي أُصَلِّي

جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب میت کو قبر میں داخل کیا جاتا ہے تو اسے نظر آتا ہے جیسے سورج غروب ہونے کے قریب ہے وہ اپنی دونوں آنکھوں کو ملتے ہوئے بیٹھ جاتا ہے اور (فرشتوں سے) کہتا ہے مجھے چھوڑ دو کہ میں (عصر کی) نماز ادا کرلوں۔ [۲]

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَيُقَالُ لَهُ: اجْلِسْ فَيَجْلِسُ قَدْ مُثِّلَتْ لَهُ الشَّمْسُ قَدْ دَنَتْ لِلْغُرُوبِ،فَيُقَالُ لَهُ: هَذَا مَا تَقُولُ فِيهِ؟ فَيَقُولُ: دَعُونِي أُصَلِّي

اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پھر اسے کہا جاتا ہے کہ بیٹھ جاؤ تو وہ بیٹھ جاتا ہے، اس کے سامنے سورج اس شکل میں پیش کیا جاتا ہے جیسے وہ غروب ہونے کے قریب ہو اس سے پوچھا جاتا ہے اس شخص کے متعلق تو کیا کہتا تھا جو تم میں (مبعوث ہوئے) تھے اور تو اس کے متعلق کیا گواہی دیتا تھا؟ وہ کہتا ہے مجھے چھوڑ دو تاکہ میں نماز ادا کرلوں۔ [۳]

مگر اس توحید پرست شخص کو احساس ہوتا ہے کہ یہ عالم برزخ ہے، نماز کا مقام نہیں تو وہ بڑے سکون و وقار کے ساتھ منکر نکیر کے سوالات کے جوابات دینے کو تیار ہو جاتا ہے، اللہ تعالیٰ اس انسان کو جس نے رب العالمین کی ذات وصفات اور اختیارات میں کسی دوسرے کو کسی صورت میں شریک نہیں ٹھہرایا ہوگا ثابت قدمی، استقلال اور استقامت عطا فرماتا ہے اور کلمہ توحید کی برکت سے وہ منکر نکیر کے سوالات کے جوابات دے سکے گا۔

عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا،عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:إِذَا أُقْعِدَ الْمُؤْمِنُ فِي قَبْرِهِ أُتِيَ، ثُمَّ شَهِدَ أَنْ لاَ إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللَّهِ،فَذَلِكَ قَوْلُهُ: يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ

براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب مومن کو اس کی قبر میں بٹھا دیا جاتا ہے تو اس کے پاس (منکر نکیر) آتے ہیں، پھر وہ مومن گواہی دیتا ہے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور بے شک محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں، اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کا یہی مطلب ہے کہ ”اللہ تعالیٰ اہل ایمان کو مضبوط کلمہ توحید کی وجہ سے دنیا اور آخرت میں ثابت قدمی عطا فرماتا ہے۔“ [۴]

---

[۱] سنن ابن ماجه ابواب الزهد بَابُ ذِكْرِ الْقَبْرِ وَالْبِلَى ۴۲۶۸،مسندالبزار ۸۲۲۰

[۲] سنن ابن ماجه ابواب الزهد بَابُ ذِكْرِ الْقَبْرِ وَالْبِلَى ۴۲۷۲

[۳] صحیح ابن حبان ۳۱۱۳، مستدرک حاکم ۱۴۰۳، اثبات عذاب القبرللبيهقى ۶۷

[۴] صحیح بخاری کتاب الجنائز بَابُ مَا جَاءَ فِي عَذَابِ الْقَبْرِ ۱۳۶۹،سنن ابوداودکتاب السنة بَابٌ فِي الْمَسْأَلَةِ فِي الْقَبْرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ ۴۷۵۰،سنن نسائی کتاب الجنائزباب عَذَابُ الْقَبْرِ ۲۰۵۹

منکر نکیر جو سوالات کرتے ہیں ان کا تعلق انسان کے عقائد و نظریات سے ہے۔ چنانچہ قبر میں موحد و مشرک، کافر و مسلمان، مومن و منافق کے درمیان فرق واضح کرنے کے لئے انسان سے صرف چار سوالات کیے جاتے ہیں، ان کے جوابات سے یہ بات عیاں ہو جاتی ہے کہ یہ بندہ توحید پرست ہے یا مشرک، شقی ہے یا سعید، اہل جنت ہے یا اہل النار۔

عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، قَالَ:قَالَ:وَيَأْتِيهِ مَلَكَانِ فَيُجْلِسَانِهِ فَيَقُولَانِ لَهُ: مَنْ رَبُّكَ؟ فَيَقُولُ: رَبِّيَ اللَّهُ، فَيَقُولَانِ لَهُ: مَا دِينُكَ؟فَيَقُولُ: دِينِيَ الْإِسْلَامُ،فَيَقُولَانِ لَهُ: مَا هَذَا الرَّجُلُ الَّذِي بُعِثَ فِيكُمْ؟قَالَ: فَيَقُولُ: هُوَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَيَقُولَانِ: وَمَا يُدْرِيكَ؟فَيَقُولُ: قَرَأْتُ كِتَابَ اللَّهِ فَآمَنْتُ بِهِ وَصَدَّقْتُ، فَذَلِكَ قَوْلُ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ يُثَبِّتُ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ

براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قبر میں مومن میت کی حالت کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا اس کے پاس دو فرشتے آتے ہیں اور اسے بٹھاتے ہیں اور اسے کہتے ہیں تیرا رب کون ہے؟ مومن جواب دیتا ہے میرا رب اللہ تعالیٰ ہے، پھر وہ پوچھتے ہیں؟ پھر اس سے پوچھتے ہیں تیرا دین کیا ہے؟ وہ جواب دیتا ہے میرا دین اسلام ہے، وہ کہتے ہیں یہ آدمی کون ہے جو تم میں مبعوث کیا گیا تھا؟ تو وہ کہتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں، پھر وہ کہتے ہیں تجھے کیسے علم ہوا؟ وہ کہتا ہے میں نے اللہ کی کتاب پڑھی، اس پر ایمان لایا اور اس کی تصدیق کی، یہی (سوال جواب ہی) مصداق ہے اللہ عزوجل کے اس فرمان کا (جب مومن ان چار سوالات کے صحیح جوابات دے دیتا ہے تو اس پر نوازشات کا نزول شروع ہو جاتا ہے)

فَيُنَادِي مُنَادٍ مِنَ السَّمَاءِ: أَنْ قَدْ صَدَقَ عَبْدِي فَأَفْرِشُوهُ مِنَ الْجَنَّةِ وَأَلْبِسُوهُ مِنَ الْجَنَّةِوَافْتَحُوا لَهُ بَابًا إِلَى الْجَنَّةِقَالَ:فَيَأْتِيهِ مِنْ رَوْحِهَا وَطِيبِهَا قَالَ:وَيُفْتَحُ لَهُ فِيهَا مَدَّ بَصَرِهِ

پھر آسمان سے منادی کرنے والا اعلان کرتا ہے، تحقیق میرے بندے نے سچ کہا ہے اس کے لیے جنت کا بستر بچھا دو اور اس کو جنت کا لباس پہنا دو اس کے لئے جنت کی طرف سے دروازہ کھول دو، فرمایا جنت کی طرف سے وہاں کی ہوائیں، راحتیں اور خوشبو آنے لگتی ہیں، اور اس کی قبر کو انتہائے نظر تک وسیع کر دیا جاتا ہے۔[1]

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:ثُمَّ يُفْسَحُ لَهُ فِي قَبْرِهِ سَبْعُونَ ذِرَاعًا فِي سَبْعِينَ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مومن شخص کی قبر کو ستر گز طول میں اور ستر گز چوڑان میں کشادہ کر دیا جاتا ہے۔[2]

اس شخص کی قبر کو روشن کر دیا جاتا ہے۔

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:ثُمَّ يُنَوَّرُ لَهُ فِيهِ

---

[1] سنن ابوداود کتاب السنته بَابٌ فِي الْمَسْأَلَةِ فِي الْقَبْرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ ۴۷۵۳،مستدرک حاکم ۱۰۷، مسند احمد ۱۸۵۳۴،مصنف ابن ابی شیبة۱۲۰۵۹

[2] جامع ترمذی ابواب الجنائز:بَابُ مَا جَاءَ فِي عَذَابِ الْقَبْرِ۱۰۷۱،صحیح ابن حبان ۳۱۰۷،مصنف ابن ابی شیبة ۱۲۰۶۲،بیہقی فی عذاب القبر۶۸

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پھر اس کی قبر کو نور سے بھر دیا جاتا ہے۔[۱]

اس پرہیز گار شخص کی خوشی کے لئے اس کے نیک اعمال کو پاکیزہ اور خوش لباس انسان کی شکل میں اس کے سامنے پیش کیا جاتا ہے:

عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، قَالَ:قَالَ: وَيَأْتِيهِ رَجُلٌ حَسَنُ الْوَجْهِ حسن الثِّيَاب طيب الرّيح،فَيَقُول أبشر بِالَّذِي يَسُرك هَذَا يَوْمك الَّذِي كنت توعد فَيَقُول من أَنْت فوجهك الْوَجْه الْحسن يَجِيء بِالْخَيرِ فَيَقُول أَنا عَمَلك الصَّالح، فَيَقُول رب أقِم السَّاعَة رب أقِم السَّاعَة حَتَّى أرجع إِلَى أَهلِي وَمَالِي

براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اور اس (پرہیز گار شخص) کے پاس قبر میں ایک خوبصورت چہرے والا آدمی بہترین لباس پہنے اور اعلیٰ قسم کی خوشبو لگائے ہوئے حاضر ہوتا ہے، اور کہتا ہے کہ تجھے خوشی اور مسرت کی بشارت ہو یہی وہ دن ہے جس کا تجھ سے وعدہ کیا گیا تھا، مومن اس کی خوش کن گفتگو سن کر پوچھتا ہے کہ تم کون ہو؟ تمہارا چہرہ ہی ایسا ہے جس سے خیر و برکت پھوٹ رہی ہے؟ وہ کہتا ہے میں تمہارا نیک عمل ہوں، تب مومن دعا کرتے ہوئے کہتا ہے اے میرے رب! قیامت قائم فرما تا کہ میں اپنے اہل وعیال کی طرف لوٹ جاؤں (اور انہیں اپنی کامیابی کی نوید سناؤں)۔[۲]

جیسے ایک مقام پر فرمایا:

اِنِّیْۤ اٰمَنْتُ بِرَبِّكُمْ فَاسْمَعُوْنِؕ ﴿۲۵﴾ قِیْلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ ؕ قَالَ یٰلَیْتَ قَوْمِیْ یَعْلَمُوْنَ ﴿۲۶﴾ بِمَا غَفَرَ لِیْ رَبِّیْ وَ جَعَلَنِیْ مِنَ الْمُكْرَمِیْنَ ﴿۲۷﴾[۳]

ترجمہ: میں تو تمہارے رب پر ایمان لے آیا تم بھی میری بات مان لو اور اس شخص سے کہہ دیا گیا کہ داخل ہو جا جنت میں اس نے کہا کاش !میری قوم کو یہ معلوم ہوتا کہ میرے رب نے کس چیز کی بدولت میری مغفرت فرما دی اور مجھے باعزت لوگوں میں داخل فرمایا۔

قبر میں سوال جواب کے بعد پرہیز گار شخص کو خوشخبری دی جاتی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تیرے لئے جہنم سے آزادی کا اعلان فرمایا ہے۔

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ،عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَيُفْرَجُ لَهُ فُرْجَةٌ قِبَلَ النَّارِ، فَيَنْظُرُ إِلَيْهَا يَحْطِمُ بَعْضُهَا بَعْضًافَيُقَالُ لَهُ: انْظُرْ إِلَى مَا وَقَاكَ اللَّه

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کے سامنے جہنم کے دروازوں میں سے ایک دروازہ کھولا جاتا ہے، وہ اسے دیکھتا ہے کہ آگ کا ایک حصہ دوسرے کو کھا رہا ہے (یعنی ہر طرف سے آگ کے شعلے بلند ہو رہے ہیں) اسے بتایا جاتا ہے کہ دیکھو! یہ ہے وہ آگ جس سے اللہ تعالیٰ نے تمہیں بچالیا ہے۔[۴]

[۱] جامع ترمذی ابواب الجنائز بَابُ مَا جَاءَ فِي عَذَابِ الْقَبْرِ۱۰۷۱،صحیح ابن حبان ۳۱۰۷،بیہقی فی عذاب القبر۵۶،مسند البزار۸۴۶۲،صحیح الترغیب والترہیب۳۵۶۰،الترغیب والترہیب للمنذری۵۳۹۹

[۲] صحیح الترغیب والترہیب۳/۲۱۹، مسنداحمد۱۸۵۳۴، مصنف ابن ابی شیبہ۱۲۰۵۹،مستدرک حاکم۱۰۷،اثبات عذاب القبر للبیہقی۴۴،شعب الایمان۳۹۰

[۳] یٰسین۲۵تا۲۷

[۴] سنن ابن ماجہ ابواب الزہد بَابُ ذِكْرِ الْقَبْرِ وَالْبِلَى۴۲۶۸، مسند احمد ۲۵۰۸۹،مسند البزار۸۲۱۹

عذاب جہنم کا نظارہ اور اس سے آزادی کی بشارت سنانے کے بعد مومن کو جنت میں اس کا مقام دیکھایا جاتا ہے:

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: ثُمَّ يُفْرَجُ لَهُ فُرْجَةٌ قِبَلَ الْجَنَّةِ، فَيَنْظُرُ إِلَى زَهْرَتِهَا، وَمَا فِيهَافَيُقَالُ لَهُ: هَذَا مَقْعَدُكَ،وَيُقَالُ لَهُ: عَلَى الْيَقِينِ كُنْتَ، وَعَلَيْهِ مُتَّ، وَعَلَيْهِ تُبْعَثُ، إِنْ شَاءَ اللَّهُ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پھر قبر میں جنت کی طرف ایک دوسرا دریچہ کھولا جاتا ہے، وہ وہاں کی تازگی اور لطافت کو دیکھتا ہے تو اسے کہا جاتا ہے یہی تمہارا اٹھکانہ ہے اور اس سے کہا جاتا ہے تم نے ایمان ویقین پر زندگی بسر کی اور اایمان کی حالت میں تمہیں موت آئی اور ان شاء اللہ حشر کے دن ایمان ہی کی حالت میں اٹھائے جاؤ گے۔ (١)

راحت، اطمینان اور سکون کا ماحول پیدا کر کے اس شخص کو سلا دیا جاتا ہے:

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثُمَّ يُقَالُ لَهُ، نَمْ،فَيَقُولُ: أَرْجِعُ إِلَى أَهْلِي فَأُخْبِرُهُمْ، فَيَقُولَانِ: نَمْ كَنَوْمَةِ العَرُوسِ الَّذِي لَا يُوقِظُهُ إِلَّا أَحَبُّ أَهْلِهِ إِلَيْهِ ،حَتَّى يَبْعَثَهُ اللَّهُ مِنْ مَضْجَعِهِ ذَلِكَ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پھر اس کو کہا جاتا ہے کہ سوجا، وہ بندہ کہتا ہے میں اپنے اہل وعیال کے پاس واپس جانا چاہتا ہوں تا کہ انہیں (اپنی کامیابی و کامرانی اور نیک انجام) کی اطلاع دوں (تا کہ وہ بھی میرے جیسے اعمال اختیار کریں اور اس نعمت کو پائیں) اس کے جواب میں منکر نکیر کہتے ہیں کہ (یہاں سے واپسی تو ممکن نہیں ہے البتہ) اب تم دلہن کی طرح سوجاؤ جسے اس کے خاوند کے سوا کوئی بیدار نہیں کر سکتا (چنانچہ پرہیز گار شخص سوجاتا ہے) یہاں تک کہ حشر کے دن اللہ تعالیٰ اسے اس کی خواب گاہ سے بیدار کرے گا۔ (٢)

اللہ تعالیٰ نے فرمایا

...فَمَنۡ تَبِعَ هُدَایَ فَلَا خَوۡفٌ عَلَیۡهِمۡ وَلَا هُمۡ یَحۡزَنُوۡنَ ﴿۳۸﴾ (٣)

ترجمہ: جو لوگ میری اس ہدایت کی پیروی کریں گے ان کے لئے کسی خوف اور رنج کا موقع نہ ہو گا۔

...فَمَنِ اتَّبَعَ هُدَایَ فَلَا یَضِلُّ وَلَا یَشۡقٰی ﴿۱۲۳﴾ (٤)

ترجمہ: جو کوئی میری اس ہدایت کی پیروی کرے گا وہ نہ بھٹکے گا نہ بدبختی میں مبتلا ہو گا۔

یہودی بھی عذاب قبر کے قائل تھے مگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیسیوں احادیث کے باوجود فرقہ معتزلہ عذاب قبر کو تسلیم نہیں کرتے، اسی طرح بعض لوگوں کا یہ عقیدہ ہے کہ عذاب و ثواب اس جسد عنصری کو نہیں ملتا بلکہ عالم برزخ میں روح کو ایک مثالی جسم دیا جاتا ہے جو روح کے ساتھ عذاب سے دوچار ہوتا ہے، بعض لوگوں کا یہ خیال ہے کہ میت کو اس ارضی قبر میں عذاب نہیں ہوتا بلکہ کسی برزخی قبر میں ہوتا ہے، مگر یہ سب غلط اور من گھڑت نظریات ہیں، صحیح عقیدہ یہی ہے کہ انسان کے جسد عنصری کو ہی اسی ارضی قبر میں عذاب یا ثواب ملتا ہے،

---

(١) سنن ابن ماجہ کتاب الزہدبَابُ ذِكْرِ الْقَبْرِ وَالْبِلَى۴۲۶۸

(٢) جامع ترمذی کتاب الجنائزبَابُ مَا جَاءَ فِي عَذَابِ الْقَبْرِ۱۰۷۱

(٣) البقرة ۳۸

(٤) طٰہٰ ۱۲۳

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا: أَنَّ يَهُودِيَّةً دَخَلَتْ عَلَيْهَا، فَذَكَرَتْ عَذَابَ القَبْرِ، فَقَالَتْ لَهَا: أَعَاذَكِ اللَّهُ مِنْ عَذَابِ القَبْرِ فَسَأَلَتْ عَائِشَةُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ عَذَابِ القَبْرِفَقَالَ:نَعَمْ، عَذَابُ القَبْرِقَالَتْ عَائِشَةُ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا: فَمَا رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدُ صَلَّى صَلاَةً إِلَّا تَعَوَّذَ مِنْ عَذَابِ القَبْرِ

ام المومنین عائشہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے منقول ہے ایک دن ایک یہودیہ عورت میرے پاس آئی اور اس نے میرے سامنے عذاب قبر کا تذکرہ کرتے ہوئے مجھے دعا دی کہ اللہ تعالیٰ تجھے قبر کے عذاب سے محفوظ رکھے،اس پر عائشہ رضی اللہ عنہا نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عذاب قبر کے متعلق اس کی وضاحت چاہی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں عذاب قبر برحق ہے عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ اس کے بعد میں نے کبھی ایسا نہیں دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی نماز پڑھی ہو اور اس میں عذاب قبر سے اللہ کی پناہ نہ مانگی ہو۔ [۱]

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جنہیں اللہ تعالیٰ نے رضی اللہ عنہم کی عظیم بشارت دی اور بعض کو ان کی زندگی ہی میں جنت کی خوشخبری سنائی گئیں مگر جب انہوں نے فتنہ قبر کا حال سنا تو ان کی چیخیں نکل گئیں،

أَسْماءَ بِنْتَ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُما، تَقُولُ: قَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطِيبًا فَذَكَرَ فِتْنَةَ القَبْرِ الَّتِي يَفْتَتِنُ فِيهَا المَرْءُ، فَلَمَّا ذَكَرَ ذَلِكَ ضَجَّ المُسْلِمُونَ ضَجَّةً حَالَتْ بَيْنِي وَبَيْنَ أَنْ أَفْهَمَ آخِرَ كَلَامِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا سَكَنَتْ ضَجَّتُهُمْ قُلْتُ لِرَجُلٍ قَرِيبٍ مِنِّي: أَيْ بَارَكَ اللَّهُ فِيكَ، مَاذَا قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي آخِرِ قَوْلِهِ؟ قَالَ:قَدْ أُوحِيَ إِلَيَّ أَنَّكُمْ تُفْتَنُونَ فِي الْقُبُورِ قَرِيبًا مِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ

اسماء رضی اللہ عنہا بنت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ کے لئے کھڑے ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قبر کے امتحان کا تذکرہ فرمایا جہاں انسان کو مبتلا جانچا جاتا ہے،جب رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فتنہ قبر کا ذکر فرما رہے تھے تو مسلمانوں کی (رو رو کر) ہچکیاں بندھ گئیں اس وجہ سے میں آپ کی بات نہ سمجھ سکی، پھر جب ان کی چیخیں بند ہو گئیں تو میں نے ایک شخص سے کہا جو میرے قریب ہی بیٹھا تھا اللہ آپ کو برکت دے!رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے خطبے کے آخر میں کیا فرمایا ہے؟اس نے کہا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے یقین کر لو میری طرف وحی بھیجی گئی ہے کہ بلاشبہ تم لوگ قبروں میں فتنہ دجال جیسی آزمائش ہو گی۔ [۲]

عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ:كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي جِنَازَةٍ، فَجَلَسَ عَلَى شَفِيرِ الْقَبْرِ، فَبَكَى، حَتَّى بَلَّ الثَّرَى ثُمَّ قَالَ:يَا إِخْوَانِي لِمِثْلِ هَذَا فَأَعِدُّوا

براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ہم ایک جنازے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے،آپ صلی اللہ علیہ وسلم قبر کے کنارے بیٹھ کر رونے لگے حتی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے آنسوؤں سے مٹی تر ہو گئی پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اے میرے بھائیو!اس کے لئے کچھ تیاری کر لو۔ [۳]

---

[۱] صحیح بخاری کتاب الجنائز بَابُ مَا جَاءَ فِي عَذَابِ القَبْرِ ۱۳۷۲،صحیح مسلم کتاب الکسوف بَابُ ذِكْرِ عَذَابِ الْقَبْرِ فِي صَلَاةِ الْخُسُوفِ ۲۰۹۸

[۲] صحیح بخاری کتاب الجنائز بَابُ مَا جَاءَ فِي عَذَابِ القَبْرِ ۱۳۷۳،سنن نسائی کتاب الجنائز باب التَّعَوُّذُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ ۲۰۶۴،اثبات عذاب القبر للبیہقی ۱۰۲،السنن الکبری للنسائی ۲۲۰۰

[۳] سنن ابن ماجہ کتاب الزھد بَابُ الْحُزْنِ وَالْبُكَاءِ ۴۱۹۵

عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا، أَنَّهَا قَالَتْ:فَلَمَّا انْصَرَفَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَمِدَ اللَّهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: مَا مِنْ شَيْءٍ كُنْتُ لَمْ أَرَهُ إِلَّا قَدْ رَأَيْتُهُ فِي مَقَامِي هَذَا، حَتَّى الجَنَّةَ وَالنَّارَ وَلَقَدْ أُوحِيَ إِلَيَّ أَنَّكُمْ تُفْتَنُونَ فِي القُبُورِ مِثْلَ أَوْ قَرِيبًا مِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ لاَ أَدْرِي أَيَّتَهُمَا قَالَتْ أَسْمَاءُ، يُؤْتَى أَحَدُكُمْ، فَيُقَالُ لَهُ: مَا عِلْمُكَ بِهَذَا الرَّجُلِ؟ فَأَمَّا المُؤْمِنُ أَوِ المُوقِنُ، لاَ أَدْرِي أَيَّ ذَلِكَ قَالَتْ أَسْمَاءُ - فَيَقُولُ: مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءَنَا بِالْبَيِّنَاتِ وَالهُدَى، فَأَجَبْنَا وَآمَنَّا وَاتَّبَعْنَافَيُقَالُ لَهُ: نَمْ صَالِحًا، فَقَدْ عَلِمْنَا إِنْ كُنْتَ لَمُوقِنًا وَأَمَّا المُنَافِقُ أَوِ المُرْتَابُ لاَ أَدْرِي أَيَّتَهُمَا قَالَتْ أَسْمَاءُ - فَيَقُولُ: لاَ أَدْرِي، سَمِعْتُ النَّاسَ يَقُولُونَ شَيْئًا فَقُلْتُه

اسماء رضی اللہ عنہا بنت ابو بکر فرماتی ہیں سورج گرہن کے موقع پر نماز کسوف کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہوئے تو اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کے بعد فرمایا کہ وہ چیزیں جو کہ میں نے پہلے نہیں دیکھی تھیں اب انہیں میں نے اپنی اس جگہ سے دیکھ لیا، جنت اور دوزخ تک بھی میں نے دیکھی، اور مجھے وحی کے ذریعہ آگاہ کیا گیا ہے کہ تم قبر میں دجال کے فتنہ کی طرح یا (یہ کہا کہ) دجال کے فتنہ کے قریب ایک فتنہ میں مبتلا ہو گے مجھے یاد نہیں کہ اسماء رضی اللہ عنہا نے کیا کہا تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہیں لایا جائے گا اور پوچھا جائے گا کہ اس شخص (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) کے بارے میں تم کیا جانتے ہو؟ مومن یا یہ کہا کہ یقین کرنے والا (مجھے یاد نہیں کہ ان دو باتوں میں سے اسماء رضی اللہ عنہا نے کونسی بات کہی تھی) تو کہے گا یہ اللہ کے رسول محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں، آپ ہمارے سامنے صحیح راستہ اور راس کے واضح دلائل پیش کیے اور ہم آپ ایمان لائے تھے اور آپ کی بات قبول کی اور آپ کا اتباع کیا تھا اس پر اس سے کہا جائے گا کہ تم صالح انسان ہو پس آرام سے سو جاؤ ہمیں پہلے ہی سے معلوم تھا کہ تو ایمان ویقین والا ہے، اور منافق یا شک کرنے والا (مجھے معلوم نہیں کہ اسماء رضی اللہ عنہا نے کیا کہا تھا) وہ یہ کہے گا کہ مجھے تو کچھ پتہ نہیں ہے میں نے لوگوں سے ایک بات سنی تھی وہی میں نے بھی کہی (آگے مجھ کو کچھ حقیقت معلوم نہیں)۔ [1]

چنانچہ اسی خطاب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو حکم فرمایا:

أَمَرَهُمْ أَنْ يَتَعَوَّذُوا مِنْ عَذَابِ القَبْرِ

وہ عذاب قبر سے پناہ مانگا کریں۔ [2]

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُو وَيَقُولُ: اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ القَبْرِ، وَمِنْ عَذَابِ النَّارِ، وَمِنْ فِتْنَةِ المَحْيَا وَالمَمَاتِ، وَمِنْ فِتْنَةِ المَسِيحِ الدَّجَّالِ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس طرح دعا فرماتے تھے اے اللہ! میں قبر کے عذاب سے تیری پناہ چاہتا ہوں اور دوزخ

---

[1] صحیح بخاری کتاب الکسوف بَابُ صَلاَةِ النِّسَاءِ مَعَ الرِّجَالِ فِي الكُسُوفِ ۱۰۵۳،صحیح مسلم کتاب الکسوف بَابُ مَا عُرِضَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي صَلَاةِ الْكُسُوفِ مِنْ أَمْرِ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ ۲۱۰۳،موطاامام مالک کتاب صلوٰۃ الکسوف باب ماجاء فی صلوہ الکسوف ۱۴۴۷، مسنداحمد۲۶۹۲۵، صحیح ابن حبان ۳۱۱۴،اثبات عذاب القبرللبیہقی۱۸،المعجم الکبیرللطبرانی ۳۱۳،السنن الکبری للبیہقی ۶۳۶۰،شرح السنة للبغوی ۱۱۳۷

[2] صحیح بخاری کتاب الکسوف بَابُ صَلاَةِ الكُسُوفِ فِي المَسْجِدِ ۱۰۵۶،مسند احمد ۱۴۱۵۲،السنن الکبری للبیہقی ۶۳۰۸،معرفة السنن والاثار۷۰۵۲،مصنف عبدالرزاق ۶۷۴۲،شرح السنة للبغوی ۱۱۴۱

کے عذاب سے اور زندگی اور موت کی آزمائشوں سے اور کانے دجال کی بلا سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔ [١]

رسول اللہ ﷺ کے وعظ ونصیحت کے علاوہ عذاب قبر کے بارے میں قرآن مجید میں متعدد جگہوں پر ذکر کیا گیا ہے، جیسے فرمایا

فَوَقٰىهُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِ مَا مَكَرُوْا وَحَاقَ بِاٰلِ فِرْعَوْنَ سُوْٓءُ الْعَذَابِ ۝٤٥ اَلنَّارُ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا غُدُوًّا وَّعَشِيًّا ۚ وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ ۣ اَدْخِلُوْٓا اٰلَ فِرْعَوْنَ اَشَدَّ الْعَذَابِ ۝٤٦ [٢]

ترجمہ: آخر کار ان لوگوں نے جو بری سے بری چالیں اس مومن کے خلاف چلیں، اللہ نے ان سب سے اس کو بچالیا اور فرعون کے ساتھی خود بدترین عذاب کے پھیر میں آگئے، دوزخ کی آگ ہے جس کے سامنے صبح وشام وہ پیش کیے جاتے ہیں اور جب قیامت کی گھڑی آجائے گی تو حکم ہوگا کہ آل فرعون کو شدید تر عذاب میں داخل کرو۔

اس آیت میں قیامت سے پہلے عذاب کا ذکر ہے جو صور پھونکنے تک جاری رہے گا، فن لغت کے مشہور امام ابن قتیبہ الموفی ٢٠٠ ہجری اپنی کتاب تاویل مشکل القرآن میں لکھتے ہیں۔

قوله: النَّارُ يُعْرَضُونَ عَلَيْهَا غُدُوًّا وَعَشِيًّا ، فإنه لم يرد أن ذلك يكون في الآخرة، وإنما أراد أنهم يعرضون عليها بعد مماتهم في القبور. وهذا شاهد من كتاب الله لعذاب القبر، يدلّك على ذلك قوله: وَيَوْمَ تَقُومُ السَّاعَةُ أَدْخِلُوا آلَ فِرْعَوْنَ أَشَدَّ الْعَذابِ، فهم في البرزخ يعرضون على النار غدوّا وعشيّا، وفي القيامة يدخلون أشد العذاب. [٣]

اس آیت " دوزخ کی آگ ہے جس کے سامنے صبح وشام وہ پیش کیے جاتے ہیں" میں آخرت کا عذاب مراد نہیں بلکہ یہ قبروں میں صبح وشام آگ پر پیش ہوتے ہیں اور یہ کتاب اللہ میں عذاب قبر کے لیے دلیل ہے کیونکہ آیت کا دوسرا حصہ کہ آل فرعون کو قیامت کے دن سخت عذاب میں ڈال دو۔ اس پر دلالت کرتا ہے۔ یعنی وہ برزخ میں (یعنی دنیا اور آخرت کے درمیانی وقت میں) صبح وشام آگ پر پیش ہوتے ہیں اور قیامت کے کے دن سخت عذاب میں داخل ہوں گے۔

وَمِمَّنْ حَوْلَكُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ مُنٰفِقُوْنَ ۛ وَمِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ ۛ مَرَدُوْا عَلَى النِّفَاقِ ۣ لَا تَعْلَمُهُمْ ۭ نَحْنُ نَعْلَمُهُمْ ۭ سَنُعَذِّبُهُمْ مَّرَّتَيْنِ ثُمَّ يُرَدُّوْنَ اِلٰى عَذَابٍ عَظِيْمٍ ۝١٠١ [٤]

ترجمہ: تمہارے گردوپیش جو بدوی رہتے ہیں ان میں بہت سے منافق ہیں اور اسی طرح خود مدینہ کے باشندوں میں بھی منافق موجود ہیں جو نفاق میں طاق ہو گئے ہیں، تم انہیں نہیں جانتے ہم ان کو جانتے ہیں، قریب ہے وہ وقت جب ہم ان کو دوہری سزا (ایک تو دنیا اور دوسرا قبر کا عذاب) دیں گے، پھر وہ زیادہ بڑی سزا کے لئے واپس لائے جائیں گے۔

ایک مقام پر یوں فرمایا:

---

[١] صحیح بخاری کتاب الجنائز بَابُ التَّعَوُّذِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ ١٣٧٧

[٢] المومن ٤٦،٤٥

[٣] تأويل مشكل القرآن ١/٥٦

[٤] التوبة ١٠١

يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ۚ وَيُضِلُّ اللّٰهُ الظّٰلِمِيْنَ ۚ وَيَفْعَلُ اللّٰهُ مَا يَشَآءُ ﴿٢٧﴾ [1]

ترجمہ: ایمان لانے والوں کو اللہ ایک قول ثابت کی بنیاد پر دنیا اور آخرت دونوں میں ثبات عطا کرتا ہے اور ظالموں کو اللہ بھٹکا دیتا ہے، اللہ کو اختیار ہے جو چاہے کرے۔

عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِذَا أُقْعِدَ الْمُؤْمِنُ فِي قَبْرِهِ أُتِيَ، ثُمَّ شَهِدَ أَنْ لاَ إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللَّهِ، فَذَلِكَ قَوْلُهُ: يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِينَ آمَنُوا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ

براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب ایمان دار شخص کو قبر میں بٹھادیا جاتا ہے تو فرشتے اس کے پاس آتے ہیں وہ گواہی دیتا ہے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں تو یہی اس فرمان الٰہی کی تعبیر ہے کہ ''اللہ تعالیٰ اہل ایمان کو درست بات پر ثابت قدمی عطا فرماتا ہے۔'' [2]

عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ! تُبْتَلَى هَذِهِ الأُمَّةُ فِي قُبُورِهَا، فَكَيْفَ بِي وَأَنَا امْرَأَةٌ ضَعِيفَةٌ؟ قَالَ: يُثَبِّتُ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَفِي الآخِرَةِ

ام المومنین عائشہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں میں نے عرض کیا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! لوگ اپنی قبروں میں آزمائے جائیں گے اور میرا کیا حال ہوگا میں تو ایک کمزور سے خاتون ہوں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ اہل ایمان کو کلمہ توحید کی برکت سے دنیا کی زندگی اور قبر میں ثابت قدم رکھتا ہے۔

[3] عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: {يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِينَ آمَنُوا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ} قَالَ: نَزَلَتْ فِي عَذَابِ الْقَبْرِ

اور براء بن عازب سے مروی ہے آیت '' ایمان لانے والوں کو اللہ ایک قول ثابت کی بنیاد پر دنیا اور آخرت دونوں میں ثبات عطا کرتا ہے۔'' عذاب قبر کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔ [4]

ایک مقام پر نوح علیہ السلام کی قوم کے بارے میں فرمایا:

مِمَّا خَطِيْٓـٰٔتِهِمْ اُغْرِقُوْا فَاُدْخِلُوْا نَارًا ۙ فَلَمْ يَجِدُوْا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْصَارًا ﴿٢٥﴾ [5]

---

[1] ابراہیم ٢٧

[2] صحیح بخاری كتاب الجنائز: بَابُ مَا جَاءَ فِي عَذَابِ الْقَبْرِ ١٣٦٩، سنن ابوداود كتاب السنة بَابٌ فِي الْمَسْأَلَةِ فِي الْقَبْرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ ٤٧٥٣

[3] كشف الاستار عن زوائد البزار ٨٦٨

[4] صحيح مسلم كتاب الجنة ونعيمها بَابُ عَرْضِ مَقْعَدِ الْمَيِّتِ مِنَ الْجَنَّةِ أَوِ النَّارِ عَلَيْهِ، وَإِثْبَاتِ عَذَابِ الْقَبْرِ وَالتَّعَوُّذِ مِنْهُ ٧٢٢٠، سنن نسائی كتاب الجنائز: باب عَذَابُ الْقَبْرِ ٢٠٥٩، اثبات عذاب القبر للبيهقی ٨

[5] نوح ٢٥

ترجمہ: اپنی خطاؤں کی بنا پر ہی وہ غرق کیے گئے اور آگ میں جھونک دیے گئے، پھر انہوں نے اپنے لئے اللہ سے بچانے والا کوئی مددگار نہ پایا۔

غرق آب ہوتے ہی آگ میں داخل کیا جانا ہی عذاب قبر ہے۔

رسول اللہ ﷺ کی متعدد روایات اور آیات قرآنیہ سے یہ بات بالکل واضح ہوگئی کہ قبر کا عذاب اور ثواب برحق ہے، اگر کوئی انہیں تسلیم نہیں کرتا تو وہ قرآنی آیات کا ہی منکر ہے اور اس کے لئے دعا ہی کی جاسکتی ہے، پرہیزگار انسان کے برعکس کفار، مشرکین، منافقین اور مرتدین کو موت کے وقت ہی عذاب شروع ہوجاتا ہے، جیسے فرمایا

...وَلَوْ تَرَىٰٓ إِذِ ٱلظَّٰلِمُونَ فِى غَمَرَٰتِ ٱلْمَوْتِ وَٱلْمَلَٰٓئِكَةُ بَاسِطُوٓا۟ أَيْدِيهِمْ أَخْرِجُوٓا۟ أَنفُسَكُمُ ۖ ٱلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ ٱلْهُونِ بِمَا كُنتُمْ تَقُولُونَ عَلَى ٱللَّهِ غَيْرَ ٱلْحَقِّ وَكُنتُمْ عَنْ ءَايَٰتِهِۦ تَسْتَكْبِرُونَ ﴿٩٣﴾ [1]

ترجمہ: کاش تم ظالموں کو اس حالت میں دیکھ سکو جب کہ وہ سکرات موت میں ڈبکیاں کھا رہے ہوتے اور فرشتے ہاتھ بڑھا بڑھا کر کہہ رہے ہوتے ہیں کہ لاؤ نکالو اپنی جان، آج تمہیں ان باتوں کی پاداش میں ذلت کا عذاب دیا جائے گا جو تم اللہ پر تہمت رکھ کر ناحق بکا کرتے تھے اور اس کی آیات کے مقابلہ میں سرکشی دکھاتے تھے۔

گناہ گاروں کے جسم سے روح قبض کرتے وقت فرشتے انہیں سختیوں، تلخیوں اور اذیتوں میں مبتلا کرتے ہیں۔ گناہ گاروں کے جسم سے روح قبض کرتے وقت فرشتے انہیں سختیوں، تلخیوں اور اذیتوں میں مبتلا کر کے عذاب جہنم کی خبر سناتے ہیں، جب وہ اپنا انجام بد دیکھتے ہیں تو اپنے گناہوں سے ہی انکار کر دیتے ہیں۔ جیسے ایک مقام پر فرمایا:

ٱلَّذِينَ تَتَوَفَّىٰهُمُ ٱلْمَلَٰٓئِكَةُ ظَالِمِىٓ أَنفُسِهِمْ ۖ فَأَلْقَوُا۟ ٱلسَّلَمَ مَا كُنَّا نَعْمَلُ مِن سُوٓءٍۭ ۚ بَلَىٰٓ إِنَّ ٱللَّهَ عَلِيمٌۢ بِمَا كُنتُمْ تَعْمَلُونَ ﴿٢٨﴾ فَٱدْخُلُوٓا۟ أَبْوَٰبَ جَهَنَّمَ خَٰلِدِينَ فِيهَا ۖ فَلَبِئْسَ مَثْوَى ٱلْمُتَكَبِّرِينَ ﴿٢٩﴾ [2]

ترجمہ: ہاں، انہی کافروں کے لئے جو اپنے نفس پر ظلم کرتے ہوئے جب ملائکہ کے ہاتھوں گرفتار ہوتے ہیں تو (سرکشی چھوڑ کر) فوراً ڈگیں ڈال دیتے ہیں اور کہتے ہیں ہم تو کوئی قصور نہیں کر رہے تھے، ملائکہ جواب دیتے ہیں کر کیسے نہیں رہے تھے! اللہ تمہارے کرتوتوں سے خوب واقف ہے، اب جاؤ جہنم کے دروازوں میں گھس جاؤ، وہیں تم کو ہمیشہ رہنا ہے، پس حقیقت یہ ہے کہ بڑا ہی برا ٹھکانہ ہے متکبروں کے لئے۔

موت کے فرشتے روح قبض کرتے وقت ان کے چہروں اور کولہوں پر ضربیں لگاتے ہیں۔

وَلَوْ تَرَىٰٓ إِذْ يَتَوَفَّى ٱلَّذِينَ كَفَرُوا۟ ۙ ٱلْمَلَٰٓئِكَةُ يَضْرِبُونَ وُجُوهَهُمْ وَأَدْبَٰرَهُمْ وَذُوقُوا۟ عَذَابَ ٱلْحَرِيقِ ﴿٥٠﴾ [3]

ترجمہ: کاش تم اس حالت کو دیکھ سکتے جب کہ فرشتے مقتول کافروں کی روحیں قبض کر رہے تھے، وہ ان کے چہروں اور ان کے کولھوں پر ضربیں لگاتے جاتے تھے اور کہتے جاتے تھے لو اب جلنے کی سزا بھگتو۔

---

[1] الانعام ۹۳

[2] النحل ۲۸،۲۹

[3] الانفال ۵۰

ایک مقام پر یوں فرمایا:

فَكَيْفَ اِذَا تَوَفَّتْهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ يَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ وَاَدْبَارَهُمْ ﴿۲۷﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اتَّبَعُوْا مَآ اَسْخَطَ اللّٰهَ وَكَرِهُوْا رِضْوَانَهٗ فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ ﴿۲۸﴾ [1]

ترجمہ: پھر اس وقت کیا حال ہو گا جب فرشتے ان کی روحیں قبض کریں گے اور ان کے منہ اور پیٹھوں پر مارتے ہوئے انہیں لے جائیں گے ،یہ اسی لئے تو ہو گا کہ انہوں نے اس طریقے کی پیروی کی جو اللہ کو ناراض کرنے والا ہے اور اس کی رضا کا راستہ اختیار کرنا پسند نہ کیا اسی بنا پر اس نے ان کے سب اعمال ضائع کر دیے۔

کفار و مشرکین کی روح قبض کرنے کے لئے سیاہ چہروں والے عذاب کے فرشتے نازل ہوتے ہیں جن کے ہاتھوں میں ٹاٹ کے بدبودار کپڑے ہوتے ہیں۔

وَعَن الْبَراء بن عَازِب رَضِي الله عَنهُ قَالَ---اسْتَعِيذُوا بِاللَّهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ مَرَّتَيْنِ، أَوْ ثَلَاثًا ---وَإِنَّ الْعَبْدَ الْكَافِرَ إِذَا كَانَ فِي انْقِطَاعٍ مِنَ الدُّنْيَا وَإِقْبَالٍ مِنَ الْآخِرَةِ، نَزَلَ إِلَيْهِ مِنَ السَّمَاءِ مَلَائِكَةٌ سُودُ الْوُجُوهِ، مَعَهُمُ الْمُسُوحُ، فَيَجْلِسُونَ مِنْهُ مَدَّ الْبَصَرِ ثُمَّ يَجِيءُ مَلَكُ الْمَوْتِ، حَتَّى يَجْلِسَ عِنْدَ رَأْسِهِ، فَيَقُولُ: أَيَّتُهَا النَّفْسُ الْخَبِيثَةُ، اخْرُجِي إِلَى سَخَطٍ مِنَ اللَّهِ وَغَضَبٍ، قَالَ:فَتُفَرَّقُ فِي جَسَدِهِ، فَيَنْتَزِعُهَا كَمَا يُنْتَزَعُ السَّفُّودُ مِنَ الصُّوفِ الْمَبْلُولِ، فَيَأْخُذُهَا، فَإِذَا أَخَذَهَا لَمْ يَدَعُوهَا فِي يَدِهِ طَرْفَةَ عَيْنٍ حَتَّى يَجْعَلُوهَا فِي تِلْكَ الْمُسُوحِ، وَيَخْرُجُ مِنْهَا كَأَنْتَنِ رِيحِ جِيفَةٍ وُجِدَتْ عَلَى وَجْهِ الْأَرْضِ، فَيَصْعَدُونَ بِهَا فَيَصْعَدُونَ بِهَا، فَلَا يَمُرُّونَ بِهَا عَلَى مَلَأٍ مِنَ الْمَلَائِكَةِ مَا هَذَا الرُّوحُ الْخَبِيثُ؟

براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ہم ایک انصاری کے جنازے کے لئے رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ قبرستان کی طرف گئے،جب قبر پر پہنچے تو قبر ابھی تیار نہیں ہوئی تھی اس لئے آپ ﷺ وہاں بیٹھ گئے اور ہم بھی آپ کے اردگرد انتہائی خاموشی سے بیٹھ گئے ،آپ ﷺ کے ہاتھ میں ایک چھڑی تھی جس سے آپ زمین کو کرید رہے تھے، آپ ﷺ نے اپنا سر مبارک اوپر اٹھایا اور فرمایا دو یا تین مرتبہ فرمایا قبر کے عذاب سے اللہ کی پناہ مانگو، پھر مومن آدمی کے دنیا سے انتقال کا منظر بیان فرمایا پھر کافر کی دنیا سے رخصتی اور موت کے وقت اس کے ساتھ کی جانے والی سختیوں کا ذکر فرمایا کافر آدمی جب دنیا سے رخصت ہوتا اور آخرت کی طرف روانہ ہوتا ہے تو اس کی طرف سیاہ چہروں والے فرشتے نازل ہوتے ہیں جن کے پاس ٹاٹ ہوتا ہے اور وہ اس فوت ہونے والے کی حد نگاہ تک بیٹھ جاتے ہیں، پھر ملک الموت آتا ہے جو اس کے سرہانے بیٹھ جاتا ہے اور اسے حکم دیتا ہے کہ اے خبیث روح نکل اور اللہ کے غضب اور غصہ کی طرف چل، آپ ﷺ نے فرمایا روح جسم میں چھپنے کی کوشش کرتی ہے تو فرشتے اسے اس طرح باہر کھینچتے ہیں جیسے کانٹے دار لوہے کی سیخ گیلی اون سے باہر نکالی جاتی ہے،پھر وہ فرشتے اس کی روح کو تیز رفتاری سے ہاتھوں ہاتھ لیتے اور ٹاٹ میں لپیٹ دیتے ہیں،اس روح سے بدبودار مردے جیسی بو آتی ہے، فرشتے اس ناپاک روح کو لے کر اوپر آسمان کی طرف چڑھتے ہوئے فرشتوں کی جماعت کے پاس سے گزرتے ہیں تو وہ پوچھتے ہیں یہ خبیث روح کی کی ہے؟

فَيَقُولُونَ: فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ بِأَقْبَحِ أَسْمَائِهِ الَّتِي كَانَ يُسَمَّى بِهَا فِي الدُّنْيَا حَتَّى يُنْتَهَى بِهِ إِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا، فَيُسْتَفْتَحُ لَهُ، فَلَا

[1] محمد ۲۸،۲۷

يُفْتَحُ لَهُ، ثُمَّ قَرَأَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَا لَا تُفَتَّحُ لَهُمْ اَبْوَابُ السَّمَآءِ وَلَا يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ حَتّٰى يَلِجَ الْجَمَلُ فِيْ سَمِّ الْخِيَاطِ۔ ⁽¹⁾ فَيَقُولُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ: اكْتُبُوا كِتَابَهُ فِي سِجِّينٍ فِي الْأَرْضِ السُّفْلَى، فَتُطْرَحُ رُوحُهُ طَرْحًا ثُمَّ قَرَأَ: وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَكَاَنَّمَا خَرَّ مِنَ السَّمَآءِ فَتَخْطَفُهُ الطَّيْرُ اَوْ تَهْوِيْ بِهِ الرِّيْحُ فِيْ مَكَانٍ سَحِيْقٍ۔ ⁽²⁾

وہ جواب دیتے ہیں یہ فلاں کا بیٹا ہے، فرشتے اس کا وہ بدترین نام لیتے ہیں جس سے وہ دنیا میں معروف تھا یہاں تک کہ فرشتے اس روح کو پہلے آسمان تک لے جاتے ہیں اور آسمان اول کے فرشتوں سے دروازہ کھولنے کا مطالبہ کرتے ہیں مگر آسمان کا دروازہ نہیں کھولا جاتا پھر آپ ﷺ نے یہ آیت تلاوت فرمائی یقین جانو جن لوگوں نے ہماری آیات کو جھٹلایا ہے اور ان کے مقابلہ میں سرکشی کی ہے ان کے لئے آسمان کے دروازے ہرگز نہ کھولے جائیں گے، ان کا جنت میں جانا اتنا ہی ناممکن ہے جتنا سوئی کے ناکے سے اونٹ کا گزرنا۔ پھر اللہ تعالیٰ فرشتوں کو حکم دیتا ہے کہ سب سے نچلی زمین میں موجود سجین میں اس روح کا اندراج کرلو، چنانچہ اس روح کا اندراج کرنے کے بعد اسے بری طرح پھینک دیا جاتا ہے، پھر آپ ﷺ نے یہ آیت تلاوت فرمائی۔ اور جو کوئی اللہ کے ساتھ شرک کرے تو گویا وہ آسمان سے گر گیا، اب یا تو اسے پرندے اچک لے جائیں گے یا ہوا اس کو ایسی جگہ لے جا کر پھینک دے گی جہاں اس کے چیتھڑے اڑ جائیں گے۔ ⁽³⁾

الغرض کفار ومشرکین وغیرہ کو جب قبر میں دفن کیا جاتا ہے تو ان کی حالت زار یوں ہوتی ہے۔

عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، قَالَ:۔۔۔قَالَ: فَتُعَادُ رُوحُهُ فِي جَسَدِهِ، وَيَأْتِيهِ مَلَكَانِ فَيُجْلِسَانِهِ، فَيَقُولَانِ لَهُ: مَنْ رَبُّكَ؟ فَيَقُولُ: هَاهْ هَاهْ، لَا أَدْرِي، فَيَقُولَانِ لَهُ: مَا دِينُكَ؟ فَيَقُولُ: هَاهْ هَاهْ، لَا أَدْرِي، فَيَقُولَانِ: مَا هَذَا الرَّجُلُ الَّذِي بُعِثَ فِيكُمْ؟ فَيَقُولُ: هَاهْ هَاهْ، لَا أَدْرِي

براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اس کے جسم میں روح لوٹائی جاتی ہے، اور (قبر میں) اس کے پاس دو فرشتے (منکر نکیر) آتے ہیں وہ اسے اٹھا کر بٹھاتے ہیں اور (عقائد ونظریات کے بارے میں) پوچھتے ہیں بتاؤ تمہارا رب کون ہے؟ وہ جواب دیتا ہے ہائے ہائے میں تو نہیں جانتا، پھر وہ سوال کرتے ہیں تمہارا دین کیا ہے؟ وہ کہتا ہے ہائے ہائے میں تو یہ بھی نہیں جانتا، پھر اس سے سوال کیا جاتا ہے تم اس آدمی کے بارے میں کیا کہتے ہو جسے تمہاری طرف (رسول بنا کر) بھیجا گیا تھا، وہ کہتا ہے ہائے ہائے مجھے تو ان کے بارے میں بھی علم نہیں ہے،

فَيُنَادِي مُنَادٍ مِنَ السَّمَاءِ أَنْ كَذَبَ، فَافْرِشُوا لَهُ مِنَ النَّارِ، وَافْتَحُوا لَهُ بَابًا إِلَى النَّارِ، فَيَأْتِيهِ مِنْ حَرِّهَا، وَسَمُومِهَا، وَيُضَيَّقُ عَلَيْهِ قَبْرُهُ حَتَّى تَخْتَلِفَ فِيهِ أَضْلَاعُهُ ثُمَّ يُقَيَّضُ لَهُ أَعْمَى أَبْكَمُ مَعَهُ مِرْزَبَّةٌ مِنْ حَدِيدٍ لَوْ ضُرِبَ بِهَا جَبَلٌ لَصَارَ تُرَابًا قَالَ: فَيَضْرِبُهُ بِهَا ضَرْبَةً يَسْمَعُهَا مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ إِلَّا الثَّقَلَيْنِ فَيَصِيرُ تُرَابًا قَالَ: ثُمَّ تُعَادُ فِيهِ الرُّوحُ

⁽¹⁾ الأَعْرَاف

⁽²⁾ الحج

⁽³⁾ الترغيب والترسيب للمنذرى ٥٣٩٦، ١٩٧/٤، اثبات عذاب القبر للبيهقى ٤٤، مسند احمد ١٨٥٣٤، شعب الايمان ٣٩٠، مصنف ابن ابى شيبة ١٢٠٥٩، حادى الارواح الابادالافراح ١/١٧

تو آسمان سے ایک آواز دینے والا اعلان کرتا ہے کہ اس نے جھوٹ بولا ہے، پھر آواز آتی ہے اس کے لئے آگ کا بستر بچھا دو، اسے آگ کا لباس پہنا دو اور اس کے لئے جہنم کی طرف سے دروازہ کھول دو، اس کے لئے اس کی قبر کو تنگ کر دیا جاتا ہے یہاں تک کہ اس کی پسلیاں ایک دوسری میں پیوست ہو جاتی ہیں، پھر اس پر ایک اندھا، بہرہ فرشتہ مقرر کر دیا جاتا ہے جس کے پاس لوہے کی ایسی گرز ہوتی ہے کہ اگر اسے پہاڑ پر مارا جائے تو وہ پہاڑ ریزہ ریزہ ہو کر مٹی بن جائے، پھر وہ اسے اس کے ساتھ ایسی چوٹ مارتا ہے جس کی چیخ و پکار انسانوں اور جنات کے علاوہ مشرق و مغرب کے درمیان ساری مخلوق سنتی ہے، اور پھر وہ مٹی (ریزہ ریزہ) ہو جاتا ہے فرمایا پھر اس میں روح لوٹائی جاتی ہے۔

فَيَضْرِبُهُ بِهَا ضَرْبَةً يَسْمَعُهَا مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ إِلَّا الثَّقَلَيْنِ فَيَصِيرُ تُرَابًا، قَالَ: ثُمَّ تُعَادُ فِيهِ الرُّوحُ

ابو داود کے مذکورہ الفاظ صحیح ثابت نہیں اس لئے کہ ایک تو یہ روایت مختصر ہے جبکہ اس کے مقابلے میں دوسری روایات جو مفصل بھی ہیں ان میں یہ اضافہ نہیں ملتا، مسند ابو داود طیالسی کی ایک روایت میں یہ اضافہ ملتا ہے لیکن اس کی سند میں بھی عمرو بن ثابت ہیں جو بالاتفاق ضعیف ہیں)۔ (۱)

○ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي قَوْلِهِ جَلَّ وَعَلَا: {فَإِنَّ لَهُ مَعِيشَةً ضَنْكًا} [طه] قَالَ: عَذَابُ الْقَبْرِ

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے "اور جو میرے ذکر (درس نصیحت) سے منہ موڑے گا اس کے لیے دنیا میں تنگ زندگی ہوگی اور قیامت کے روز ہم اسے اندھا اٹھائیں گے۔" کی تفسیر بیان کرتے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ عذاب قبر ہے۔ (۲)

اور اس کے عذاب قبر کی صورت یہ ہوگی۔

عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُسَلَّطُ عَلَى الْكَافِرِ فِي قَبْرِهِ تِسْعَةٌ وَتِسْعُونَ تِنِّينًا تَنْهَشُهُ وَتَلْدَغُهُ حَتَّى تَقُومَ السَّاعَةُ، وَلَوْ أَنَّ تِنِّينًا مِنْهَا نَفَخَ فِي الْأَرْضِ مَا أَنْبَتَتْ خَضْرَاءَ

ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے منقول ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے بلاشبہ کافر پر ننانوے اژدھے مسلط کر دیے جاتے ہیں ان میں سے ہر اژدھا ستر سانپوں کے برابر ہوگا اور ہر سانپ کے ستر سر ہوں گے، وہ سارے سانپ اس قبر والے کو قیامت تک ڈستے اور کاٹتے رہیں گے اگر ان میں سے ایک اژدھا سانپ زمین پر پھونک مار دے تو زمین پر کوئی چیز پیدا نہ ہو۔ (۳)

عَائِشَةَ، تَقُولُ: يُسَلَّطُ عَلَى الْكَافِرِ فِي قَبْرِهِ شُجَاعٌ أَقْرَعُ فَيَأْكُلُ لَحْمَهُ مِنْ رَأْسِهِ إِلَى رِجْلَيْهِ، ثُمَّ يُكْسَى اللَّحْمَ فَيَأْكُلُ مِنْ رِجْلَيْهِ إِلَى رَأْسِهِ، ثُمَّ يُكْسَى اللَّحْمَ فَيَأْكُلُ مِنْ رَأْسِهِ إِلَى رِجْلَيْهِ فَهُوَ كَذَلِكَ

ام المومنین عائشہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے یقیناً کافر پر قبر میں ایک خطرناک اژدھا مسلط کر دیا جاتا ہے جو سر سے پاؤں تک اس کا گوشت کھاتا

(۱) سنن ابوداودکتاب السنته باب فی المسئلة فی القبروعذاب القبر ۴۷۵۳ ،اثبات عذاب القبرللبیهقی ۲۱،صحیح الترغیب والترهیب ۲۱۹، ۳۵۵۸/۳،الترغیب والترهیب للمنذری ۵۳۹۶

(۲) صحیح ابن حبان ۳۱۱۹،مستدرک حاکم ۱۴۰۵،اثبات عذاب القبرللبیهقی ۵۷

(۳) مسند احمد ۱۱۳۳۴،صحیح ابن حبان ۳۱۲۱ ،سنن الدارمی ۲۸۵۷،مصنف ابن ابی شیبة ۳۴۱۸۷، مسندابی یعلی ۱۳۲۹، الترغیب والترهیب للمنذری ۵۳۸۹

رہتا ہے، پھر اس پر دوبارہ گوشت چڑھا دیا جاتا ہے جسے وہ دوبارہ پاؤں سے سر تک کھاتا چلا جاتا ہے، پھر اس پر دوبارہ گوشت چڑھا دیا جاتا ہے جسے وہ دوبارہ پاؤں سے سر تک کھاتا چلا جاتا ہے اور یہ سلسلہ اسی طرح (قیامت تک) جاری رہے گا۔[1]

ایسے شخص کو قبر میں خوف، گھبراہٹ اور دہشت کے عذاب میں مبتلا کیا جاتا ہے۔

عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:۔۔۔ وَإِذَا كَانَ الرَّجُلُ السُّوءُ، أُجْلِسَ فِي قَبْرِهِ فَزِعًا مَشْعُوفًا

ام المومنین عائشہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اور برے آدمی کو اس کی قبر میں شدید گھبراہٹ اور خوف کی حالت میں بٹھایا جاتا ہے۔[2]

اور پھر اس برے شخص کی حسرت و یاس میں اضافہ کے لئے اسے دور سے جنت کا نظارا کرایا جاتا ہے۔

فَيُفْرَجُ لَهُ قِبَلَ الْجَنَّةِ، فَيَنْظُرُ إِلَى زَهْرَتِهَا وَمَا فِيهَا، فَيُقَالُ لَهُ: انْظُرْ إِلَى مَا صَرَفَ اللَّهُ عَنْكَ

اور جنت کی طرف ایک دریچہ کھول کر اسے دور سے جنت کا نظارہ بھی کرایا جاتا ہے، وہ جنت کی رونقیں اور دوسری نعمتیں دیکھتا ہے تو اسے بتایا جاتا ہے کہ یہ وہ جنت ہے جس سے اللہ نے تجھے محروم کر دیا ہے۔[3]

پھر اس شخص کو دوزخ میں اس کا ٹھکانا دکھایا جاتا ہے اور کہا جاتا ہے کہ اب تو روز قیامت تک قبر کے عذاب میں مبتلا رہے گا۔

ثُمَّ يُفْرَجُ لَهُ فُرْجَةٌ قِبَلَ النَّارِ، فَيَنْظُرُ إِلَيْهَا يَحْطِمُ بَعْضُهَا بَعْضًا، وَيُقَالُ لَهُ: هَذَا مَقْعَدُكَ مِنْهَا، كُنْتَ عَلَى الشَّكِّ، وَعَلَيْهِ مِتَّ، وَعَلَيْهِ تُبْعَثُ إِنْ شَاءَ اللَّهُ، ثُمَّ يُعَذَّبُ

پھر اس کے لئے جہنم کی طرف ایک دریچہ کھولا جاتا ہے وہ دیکھتا ہے کہ جہنم کی آگ ایک دوسرے کو کھا رہی ہے تو اسے کہا جاتا ہے کہ یہ تمہارا ٹھکانہ ہے تو نے شک میں زندگی گزار دی، تجھے شک کی حالت میں ہی موت آئی اور ان شاء اللہ قیامت کے دن شک پر ہی اٹھایا جائے گا پھر اسے قبر کے عذاب میں مبتلا کر دیا جاتا ہے۔[4]

اور اس کے برے اعمال اس کے پاس ایک بدصورت آدمی کی شکل میں آتا ہے اور اسے برے انجام کی بشارت دیتا ہے۔

وَيَأْتِيهِ رَجُلٌ قَبِيحُ الْوَجْهِ قَبِيحُ الثِّيَابِ مُنْتِنُ الرِّيحِ فَيَقُولُ: أَبْشِرْ بِالَّذِي يَسُوءُكَ هَذَا يَوْمُكَ الَّذِي كُنْتَ تُوعَدُفَيَقُولُ: مَنْ أَنْتَ؟ فَوَجْهُكَ الْوَجْهُ يَجِيءُ بِالشَّرِّ فَيَقُولُ: أَنَا عَمَلُكَ الْخَبِيثُ، فَيَقُولُ: رَبِّ لَا تُقِمِ السَّاعَةَ

پھر اس کے پاس بدصورت غلیظ کپڑوں والا اور بدترین بدبو والا ایک آدمی آتا ہے اور کہتا ہے تجھے اپنے برے انجام کی بشارت ہو یہ ہے وہ دن جس کا تجھ سے وعدہ کیا گیا تھا وہ قبر والا اس آنے والے سے پوچھتا ہے تم کون ہو؟ تمہارا چہرہ بڑا ہی بدصورت ہے اور تو میرے لئے خبر بھی

---

[1] مصنف ابن ابی شیبة ۳۴۷۴۹

[2] مسند احمد ۲۵۰۸۹، اثبات عذاب القبر للبیہقی۲۹،صحیح الترغیب والترهیب۳۵۵۷،الترغیب وترهیب للمنذری ۵۳۹۵

[3] سنن ابن ماجه كتاب الزهد بَابُ ذِكْرِ الْقَبْرِ وَالْبِلَى ۴۲۶۸،مسنداحمد۲۵۰۸۹،مسندالبزار۸۲۱۹، الترغیب والترهیب للمنذری۵۳۹۵

[4] مسنداحمد ۲۵۰۸۹ ، الترغیب والترهیب للمنذری۵۳۹۵

بری ہی لایا ہے، وہ جواب دیتا ہے میں تیرا برا عمل ہوں تو وہ بدعمل کہتا ہے کہ اے میرے پروردگار اب قیامت قائم نہ کرنا ( کیونکہ قیامت کاعذاب تو اس عذاب سے شدید تر ہو گا ) [1]

عذاب قبر کی وجہ سے مردہ چیختا چلاتا ہے۔

حَدَّثَنِيهِ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ، قَالَ: بَيْنَمَا النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَائِطٍ لِبَنِي النَّجَّارِ، عَلَى بَغْلَةٍ لَهُ وَنَحْنُ مَعَهُ، إِذْ حَادَتْ بِهِ فَكَادَتْ تُلْقِيهِ، وَإِذَا أَقْبُرٌ سِتَّةٌ أَوْ خَمْسَةٌ أَوْ أَرْبَعَةٌ قَالَ: كَذَا كَانَ يَقُولُ الْجُرَيْرِيُّ فَقَالَ:مَنْ يَعْرِفُ أَصْحَابَ هَذِهِ الْأَقْبُرِ؟ فَقَالَ رَجُلٌ: أَنَا، قَالَ: فَمَتَى مَاتَ هَؤُلَاءِ؟قَالَ: مَاتُوا فِي الْإِشْرَاكِ، فَقَالَ:إِنَّ هَذِهِ الْأُمَّةَ تُبْتَلَى فِي قُبُورِهَا، فَلَوْلَا أَنْ لَا تَدَافَنُوا، لَدَعَوْتُ اللهَ أَنْ يُسْمِعَكُمْ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ الَّذِي أَسْمَعُ مِنْهُ ثُمَّ أَقْبَلَ عَلَيْنَا بِوَجْهِهِ، فَقَالَ:تَعَوَّذُوا بِاللهِ مِنْ عَذَابِ النَّارِ قَالُوا: نَعُوذُ بِاللهِ مِنْ عَذَابِ النَّارِ، فَقَالَ:تَعَوَّذُوا بِاللهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ قَالُوا: نَعُوذُ بِاللهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، قَالَ:تَعَوَّذُوا بِاللهِ مِنَ الْفِتَنِ، مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ قَالُوا: نَعُوذُ بِاللهِ مِنَ الْفِتَنِ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ، قَالَ:تَعَوَّذُوا بِاللهِ مِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ قَالُوا: نَعُوذُ بِاللهِ مِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ

زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ایک دن نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم قبیلہ نجار کے باغ میں اپنے خچر پر سوار ہو کر جا رہے تھے ہم بھی آپ کے ہمراہ چل رہے تھے اچانک آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا خچر ڈر گیا اور ایسا بدکا کہ ہمیں اندیشہ لاحق ہو گیا کہ کہیں یہ خچر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو گرا ہی نہ دے اسی دوران ہمیں وہاں چار، پانچ یا چھ قبریں نظر آئیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا تم میں سے کون ان قبروں میں مدفون لوگوں کو جانتا ہے؟ ایک شخص نے عرض کیا میں انہیں جانتا ہوں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا یہ لوگ کب فوت ہوئے تھے؟ اس نے عرض کیا اے اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم! یہ لوگ شرک کے زمانہ میں فوت ہوئے تھے، یہ سن کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بے شک اس امت کا قبروں میں امتحان ہو گا اگر مجھے اندیشہ نہ ہوتا کہ تم خوف کی وجہ سے مردوں کو دفن کرنا چھوڑ دو گے تو میں اللہ سے دعا کرتا کہ قبر کا عذاب جو میں سن رہا ہوں وہ عذاب اللہ تمہیں بھی سنا دیتا، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہماری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا اللہ سے آگ کے عذاب سے پناہ طلب کرو، سب لوگوں نے کہا ہم آگ کے عذاب سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں، پھر حکم دیا اللہ سے قبر کے عذاب سے پناہ مانگو، سب نے دعا کی ہم عذاب قبر سے اللہ کی پناہ طلب کرتے ہیں، پھر فرمایا اللہ سے ظاہری و باطنی فتنوں کی پناہ مانگو، سب نے کہا ہم ظاہری اور باطنی فتنوں سے اللہ کی پناہ کا سوال کرتے ہیں، پھر فرمایا اللہ سے دجال کے فتنہ کی پناہ طلب کرو، سب نے کہا ہم فتنہ دجال سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں۔ [2]

جب کفار و مشرکین، منافقین یا مرتدین میں سے کوئی منکر نکیر کے سوالات کا جواب نہیں دے سکتا تو پھر فرشتے انہیں زدوکوب کرتے ہیں۔

عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، أَنَّهُ حَدَّثَهُمْ: أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:--- وَإِنَّ الْكَافِرَ إِذَا وُضِعَ

---

[1] مسنداحمد ۱۸۵۳۴،مصنف ابن ابی شیبه ۱۲۰۵۹، الترغیب والترهیب للمنذری ۵۳۹۶، مستدرک حاکم ۱۰۷،شعب الایمان ۳۹۰،اثبات عذاب القبرللبیهقی ۴۴

[2] صحیح مسلم کتاب الجنة وصفته نعیمها بَابُ عَرْضِ مَقْعَدِ الْمَيِّتِ مِنَ الْجَنَّةِ أَوِ النَّارِ عَلَيْهِ، وَإِثْبَاتِ عَذَابِ الْقَبْرِ وَالتَّعَوُّذِ مِنْهُ ۷۲۱۲،مسنداحمد ۲۱۶۴۴،بیهقی فی عذاب القبر ۱۴،مصنف ابن ابی شیبه ۲۹۱۲۱،صحیح ابن حبان ۱۰۰۰،المعجم الکبیرللطبرانی ۴۷۸۴

فِي قَبْرِهِ أَتَاهُ مَلَكٌ فَيَنْتَهِرُهُ فَيَقُولُ لَهُ: مَا كُنْتَ تَعْبُدُ؟فَيَقُولُ: لَا أَدْرِي، فَيُقَالُ لَهُ: لَا دَرَيْتَ وَلَا تَلَيْتَ،فَيُقَالُ لَهُ: فَمَا كُنْتَ تَقُولُ فِي هَذَا الرَّجُلِ؟فَيَقُولُ: كُنْتُ أَقُولُ مَا يَقُولُ النَّاسُ فَيَضْرِبُهُ بِمِطْرَاقٍ مِنْ حَدِيدٍ بَيْنَ أُذُنَيْهِ، فَيَصِيحُ صَيْحَةً يَسْمَعُهَا الْخَلْقُ غَيْرُ الثَّقَلَيْنِ

انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کافر آدمی کو جب قبر میں رکھاجاتا ہے تو اس کے پاس ایک فرشتہ آتا ہے اور اس کو جھڑکتا ہے اور اس سے پوچھتا ہے تو کس کی عبادت کیا کرتا تھا؟ وہ کہتا ہے مجھے نہیں معلوم، پھر اس سے کہاجاتا ہے نہ تو نے جانا اور نہ پڑھا، پھر اس سے پوچھا جاتا ہے تو اس آدمی کے بارے میں کیا کہا کرتا تھا؟ وہ جواب دیتا ہے میں وہی کہتا تھا جو لوگ کہتے تھے تو وہ فرشتہ لوہے کے ایک بھاری بھر کم ہتھوڑے (گرز) کے ساتھ اس کے کانوں کے درمیان مارتا ہے تو وہ اس سے اس قدر چیختا ہے کہ جنوں اور انسانوں کے علاوہ قرب وجوار کی ساری مخلوق اس کی آواز سنتی ہے۔[۱]

○ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب ہجرت فرما کر مدینہ منورہ تشریف لے آئے تو یہود نے تورات وانجیل کی بشارتوں کی وجہ سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو پہچان لیا جیسے انسان اپنی اولاد کو پہچان لیتا ہے مگر چند یہود کو چھوڑ کر اکثریت نے محض تعصّبات اور بغض وعداوت کی وجہ سے دعوت اسلام قبول کرنے سے انکار کیا، جب ان میں کوئی فوت ہوتا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم یہود کو قبر میں دیے جانے والے عذاب کا تذکرہ فرماتے۔

عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا، زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَتْ: إِنَّمَا مَرَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى يَهُودِيَّةٍ يَبْكِي عَلَيْهَا أَهْلُهَافَقَالَ:إِنَّهُمْ لَيَبْكُونَ عَلَيْهَا وَإِنَّهَا لَتُعَذَّبُ فِي قَبْرِهَا

ام المومنین عائشہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک مرتبہ کسی یہودی عورت کی قبر کے پاس سے گزرے جس کے مرنے پر اس کے گھر والے رو رہے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ لوگ اس پر رو رہے ہیں اور اسے اس کی قبر میں (اپنے گناہوں کی وجہ سے) عذاب دیا جا رہا ہے۔[۲]

عَنْ أَبِي أَيُّوبَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمْ، قَالَ:خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ وَجَبَتِ الشَّمْسُ، فَسَمِعَ صَوْتًا فَقَالَ:يَهُودُ تُعَذَّبُ فِي قُبُورِهَا

ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے منقول ہے ایک دن نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ سے باہر تشریف لے گئے اور سورج غروب ہو چکا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اچانک ایک زوردار آواز سنائی دی اسی وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہودی کو اس کی قبر میں عذاب ہو رہا ہے۔[۳]

---

[۱] مسند احمد۱۳۴۴۷،صحیح بخاری کتاب الجنائز باب ماجاء فیٔ عذاب القبر۱۳۷۴،سنن ابوداود کتاب السنة بَابٌ فِي الْمَسْأَلَةِ فِي الْقَبْرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ۴۷۵۱،اثبات عذاب القبر للبیہقی ۱۴

[۲] صحیح بخاری کتاب الجنائز بَابُ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَذَّبُ المَيِّتُ بِبَعْضِ بُكَاءِ أَهْلِهِ عَلَيْهِ إِذَا كَانَ النَّوْحُ مِنْ سُنَّتِهِ ۱۲۸۹،جامع ترمذی ابواب الجنائز بَابُ مَا جَاءَ فِي الرُّخْصَةِ فِي البُكَاءِ عَلَى الْمَيِّتِ۱۰۰۳،سنن نسائی کتاب الجنائز النِّيَاحَةُ عَلَى الْمَيِّتِ ۱۸۵۶،مسند احمد ۲۴۷۵۸،اثبات عذاب القبر للبیہقی ۸۸،السنن الکبری للبیہقی ۷۱۷۴،معرفة السنن والآثار ۷۷۸۴،شرح السنة للبغوی ۱۵۳۸

[۳] صحیح بخاری کتاب الجنائز بَابُ التَّعَوُّذِ مِنْ عَذَابِ القَبْرِ۱۳۷۵،صحیح مسلم کتاب الجنائز بَابُ عَرْضِ مَقْعَدِ الْمَيِّتِ مِنَ الْجَنَّةِ

وَإِذَا ثَبَتَ أَنَّ الْيَهُودَ تُعَذَّبُ بِيَهُودِيَّتِهِمْ ثَبَتَ تَعْذِيبُ غَيْرِهِمْ مِنَ الْمُشْرِكِينَ لِأَنَّ كُفْرَهُمْ بِالشِّرْكِ أَشَدُّ مِنْ كُفْرِ الْيَهُودِ

حافظ ابن حجر رحمہ اللہ فرماتے ہیں جب یہ بات ثابت ہے کہ یہود پر یہودیت کی وجہ سے عذاب ہوتا ہے تو اس سے ثابت ہوا کہ مشرکین وغیرہ کو بھی عذاب ہوتا ہے کیونکہ اس کا کفر شرک کے ساتھ یہود کے کفر سے زیادہ سخت ہے۔ [1]

رسول اللہ ﷺ کے عہد میں ایک مرتد کو عذاب قبر کا واقعہ پیش آیا جسے تمام لوگوں نے دیکھا۔

عَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: كَانَ رَجُلٌ نَصْرَانِيًّا فَأَسْلَمَ، وَقَرَأَ الْبَقَرَةَ وَآلَ عِمْرَانَ، فَكَانَ يَكْتُبُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَعَادَ نَصْرَانِيًّا، فَكَانَ يَقُولُ: مَا يَدْرِي مُحَمَّدٌ إِلَّا مَا كَتَبْتُ لَهُ فَأَمَاتَهُ اللَّهُ فَدَفَنُوهُ، فَأَصْبَحَ وَقَدْ لَفَظَتْهُ الأَرْضُ، فَقَالُوا: هَذَا فِعْلُ مُحَمَّدٍ وَأَصْحَابِهِ لَمَّا هَرَبَ مِنْهُمْ، نَبَشُوا عَنْ صَاحِبِنَا فَأَلْقَوْهُ، فَحَفَرُوا لَهُ فَأَعْمَقُوا، فَأَصْبَحَ وَقَدْ لَفَظَتْهُ الأَرْضُ، فَقَالُوا: هَذَا فِعْلُ مُحَمَّدٍ وَأَصْحَابِهِ، نَبَشُوا عَنْ صَاحِبِنَا لَمَّا هَرَبَ مِنْهُمْ فَأَلْقَوْهُ، فَحَفَرُوا لَهُ وَأَعْمَقُوا لَهُ فِي الأَرْضِ مَا اسْتَطَاعُوا، فَأَصْبَحَ وَقَدْ لَفَظَتْهُ الأَرْضُ، فَعَلِمُوا: أَنَّهُ لَيْسَ مِنَ النَّاسِ، فَأَلْقَوْهُ

انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ایک عیسائی مسلمان ہوگیا اور اس نے سورۃ البقرہ اور سورۃ آل عمران یاد کرلی، وہ رسول اللہ ﷺ کے لئے کتابت کیا کرتا تھا لیکن بعد میں مرتد ہوگیا اور کہنے لگا کہ محمد ﷺ کو تو کسی چیز کا پتہ ہی نہیں جو کچھ میں لکھ کر دیتا ہوں بس وہی کہہ دیتے ہیں، جب اسے موت آئی تو عیسائیوں نے اسے دفن کر دیا جب صبح ہوئی تو زمین نے اسے باہر پھینک دی، جس پر عیسائیوں نے کہا یہ محمد ﷺ اور اس کے ساتھیوں کا کام ہے چونکہ وہ ان کے دین سے بھاگ کر آیا ہے اس لئے انہوں نے انتقام لینے کی غرض سے رات کی تاریکی میں اس کی لاش کو قبر سے نکال کر باہر پھینک دیا ہے، چنانچہ عیسائیوں نے اس کے لئے دوبارہ نئی جگہ پر پہلے سے زیادہ گہری قبر تیار کی اور لاش کو دوبارہ دفن کر دیا، جب صبح ہوئی تو (لوگوں نے دیکھا کہ) زمین نے اسے دوبارہ باہر پھینک دیا ہے، عیسائیوں نے پھر الزام لگایا کہ یہ محمد ﷺ اور ان کے ساتھیوں کا کام ہے کیونکہ وہ ان کے دین سے بھاگ کر آیا ہے لہٰذا انہوں نے اس کی قبر کو کھود کر لاش باہر پھینک دی ہے، انہوں نے اس کے لئے تیسری مرتبہ قبر تیار کی اور اپنی استطاعت کے مطابق جتنی گہری قبر وہ تیار کر سکتے تھے انہوں نے تیار کی اور اسے قبر میں دفن کر دیا، لیکن صبح لوگ یہ منظر دیکھ کر حیران رہے گئے کہ زمین نے اس کی لاش کو تیسری مرتبہ بھی باہر نکال کر پھینک دیا ہے، یہ صورت حال دیکھ کر عیسائیوں کو یقین آ گیا کہ یہ مسلمانوں کا کام نہیں (بلکہ اللہ کا عذاب ہے کہ زمین اس مرتد کی لاش قبول کرنے کے لئے تیار نہیں) چنانچہ عیسائیوں نے اس مرتد کی لاش کو اسی طرح چھوڑ دیا۔ [2]

عذاب قبر صرف کفار ومشرکین، منافقین، یہود ونصاریٰ کے لئے خاص نہیں ہے بلکہ کبیرہ گناہوں کے مرتکب مسلمان بھی اس میں مبتلا کیے جاتے ہیں۔

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا، مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى قَبْرَيْنِ فَقَالَ: إِنَّهُمَا لَيُعَذَّبَانِ وَمَا يُعَذَّبَانِ مِنْ كَبِيرٍ

---

أَوِ النَّارِ عَلَيْهِ، وَإِثْبَاتِ عَذَابِ الْقَبْرِ وَالتَّعَوُّذِ مِنْهُ۲۸۶۷، اثبات عذاب القبر للبیہقی۸۶، مسند احمد۲۳۵۵۵

[1] فتح الباری۳/۲۴۱

[2] صحیح بخاری کتاب المناقب بَابُ عَلَامَاتِ النُّبُوَّةِ فِي الإِسْلَامِ۳۶۱۷، صحیح مسلم کتاب صفات المنافقین باب صِفَاتِ الْمُنَافِقِينَ وَأَحْكَامِهِمْ ۷۰۴۰، مسند ابی یعلی۳۹۱۹

ثُمَّ قَالَ: بَلَى أَمَّا أَحَدُهُمَا فَكَانَ يَسْعَى بِالنَّمِيمَةِ، وَأَمَّا أَحَدُهُمَا فَكَانَ لاَ يَسْتَتِرُ مِنْ بَوْلِهِ قَالَ: ثُمَّ أَخَذَ عُودًا رَطْبًا، فَكَسَرَهُ بِاثْنَتَيْنِ، ثُمَّ غَرَزَ كُلَّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا عَلَى قَبْرٍ، ثُمَّ قَالَ:لَعَلَّهُ يُخَفَّفُ عَنْهُمَا مَا لَمْ يَيْبَسَا

عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دو قبروں کے قریب سے گزرے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان دونوں کو قبروں میں عذاب دیا جارہا ہے اور انہیں کسی بہت بڑے جرم کی وجہ سے عذاب نہیں دیا جارہا، ان میں سے ایک چغلی کھاتا تھا یعنی غیبت کرتا تھا اور دوسرا پیشاب کے قطروں سے احتیاط نہیں کرتا تھا، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے (کھجور کی) ایک شاخ منگوائی اور اسے توڑ کر دو ٹکڑے کیا پھر ان میں ایک (ایک ایک ٹکڑا) ہر ایک کی قبر پر رکھ دیا، لوگوں نے آپ سے پوچھا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! یہ آپ نے کس لئے کیا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا امید ہے کہ جب تک یہ شاخیں ہری رہیں ان سے عذاب میں تخفیف رہے۔ (١)

قَالَ الزَّيْنُ بْنُ الْمُنِيرِ الْمُرَادُ بِتَخْصِيصِ هَذَيْنِ الْأَمْرَيْنِ بِالذِّكْرِ تَعْظِيمُ أَمْرِهِمَا لَا نَفْيُ الْحُكْمِ عَمَّا عَدَاهُمَا فَعَلَى هَذَا لَا يَلْزَمُ مِنْ ذِكْرِهِمَا حَصْرُ عَذَابِ الْقَبْرِ فِيهِمَا لَكِنِ الظَّاهِرُ مِنَ الِاقْتِصَارِ عَلَى ذِكْرِهِمَا أَنَّهُمَا أَمْكَنُ فِي ذَلِكَ مِنْ غَيْرِهِمَاوَقَدْ رَوَى أَصْحَابُ السُّنَنِ مِنْ حَدِيثِ أَبِي هُرَيْرَةَ اسْتَنْزِهُوا مِنَ الْبَوْلِ فَإِنَّ عَامَّةَ عَذَابِ الْقَبْرِ مِنْهُ

حافظ ابن حجر رحمہ اللہ فرماتے ہیں زین بن منیر نے کہا کہ باب میں صرف دو چیزوں کا ذکر ان کی اہمیت کے پیش نظر کیا گیا ہے ان کے علاوہ دوسرے گناہوں کی نفی مراد نہیں پس ان کے ذکر سے یہ لازم نہیں آتا کہ عذاب قبر انہی دو گناہوں پر منحصر ہے، یہاں ان کے ذکر پر کفایت کرنا اشارہ ہے کہ ان کے ارتکاب کرنے پر عذاب کا ہونا زیادہ ممکن ہے حدیث ابو ہریرہ کے لفظ یہ ہیں کہ پیشاب سے پاکی حاصل کرو کیونکہ عام طور پر عذاب قبر اسی سے ہوتا ہے۔ (٢)

قَالَ بن رَشِيدٍ وَيَظْهَرُ مِنْ تَصَرُّفِ الْبُخَارِيِّ أَنَّ ذَلِكَ خَاص بهما فلذَلِك عقبه بقول بن عمر إِنَّمَا يظله عمله

اور شاخوں کو لگانے کے متعلق علامہ حافظ ابن حجر رحمہ اللہ فرماتے ہیں ابن رشید نے کہا کہ امام بخاری رحمہ اللہ کے تصرف سے یہی ظاہر ہے کہ شاخوں کے گاڑنے کا عمل ان ہی دونوں قبروں کے ساتھ خاص تھا، اس لئے امام بخاری رحمہ اللہ اس ذکر کے بعد ہی عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کا قول لائے ہیں کہ اس مرنے والے کا عمل ہی اس کو سایہ کر سکے گا جن کی قبر پر خیمہ دیکھا گیا تھا وہ عبد الرحمٰن بن ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ تھے اور عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے یہ خیمہ دور کرا دیا تھا۔ (٣)

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ أَكْثَرَ عَذَابِ الْقَبْرِ مِنَ الْبَوْلِ

---

(١) صحيح بخارى كتاب الجنائز بَابُ عَذَابِ القَبْرِ مِنَ الغِيبَةِ وَالبَوْلِ ١٣٧٨، وكتاب الوضوبَابٌ مِنَ الكَبَائِرِ أَنْ لاَ يَسْتَتِرَ مِنْ بَوْلِهِ ٢١٦، وكتاب الادب بَابُ الغِيبَةِ ٦٠٥٢، صحيح مسلم كتاب الطهارة بَابُ الدَّلِيلِ عَلَى نَجَاسَةِ الْبَوْلِ وَوُجُوبِ الِاسْتِبْرَاءِ مِنْهُ ٦٧٧، سنن ابوداودكتاب الطهارة بَابُ الِاسْتِبْرَاءِ مِنَ الْبَوْلِ ٢٠، جامع ترمذى ابواب الطهارة باب التشديدفى البول ٧٠، سنن نسائى كتاب الطهارة باب التَّنَزُّهُ عَنِ الْبَوْلِ ٣١، ٢٠٦٨، ٢٠٦٩، سنن ابن ماجه كتاب الطهارة باب التشدفى البول ٣٤٧، مسنداحمد ١٩٨٠، صحيح ابن خزيمة ٥٥، صحيح ابن حبان ٣١٢٨، مصنف ابن ابى شيبة ١٢٠٤٥

(٢) فتح البارى ٣/٢٤٢

(٣) فتح البارى ٣/٢٢٣

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اکثر عذاب قبر پیشاب کی وجہ سے ہوتا ہے۔ (۱)

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ , أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:اسْتَنْزِهُوا مِنَ الْبَوْلِ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پیشاب (کے چھینٹوں سے) پرہیز کرو۔ (۲)

اس میں سب جانداروں کے پیشاب سے پرہیز کا حکم ہے الا کہ استثنیٰ کا ثبوت ہو، اس حدیث کو حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے فتح الباری میں وارد کر کے لکھا ہے

وَالتَّمَسُّكُ بِعُمُوم حَدِيث أَبِي هُرَيْرَة ---- أَوْلَى لِأَنَّهُ ظَاهِر فِي تنَاول جَمِيع الابوال فَيَجِبُ اجْتِنَابُهَا

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث مذکور سے دلیل پکڑنا بہتر اور اولی ہے کیونکہ حدیث کے ظاہری الفاظ تمام جانداروں کے پیشاب کو شامل ہیں توسب سے پرہیز کرنا واجب ہوا۔ (۳)

للاتفاق على نَجَاسَة بولها

ایک مقام پر لکھتے ہیں کتے کے پیشاب کی نجاست پر سب کو اتفاق ہے۔ (۴)

اور قرآن مجید نے غیبت کے بارے میں فرمایا:

...وَلَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا ۭ اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّاْكُلَ لَحْمَ اَخِيْهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ... ﴿۱۲﴾ (۵)

ترجمہ: اور تم میں سے کوئی کسی کی غیبت نہ کرے، کیا تمہارے اندر کوئی ایسا ہے جو اپنے مرے ہوئے بھائی کا گوشت کھانا پسند کرے گا؟۔

لیکن سید الامم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں عذاب قبر سے محفوظ رہنے کے لئے راستہ بتلایا ہے۔

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:إِنَّ الْمَيِّتَ إِذَا وُضِعَ فِي قَبْرِهِ إِنَّهُ يَسْمَعُ خَفْقَ نِعَالِهِمْ حِينَ يُوَلُّونَ عَنْهُ، فَإِنْ كَانَ مُؤْمِنًا، كَانَتِ الصَّلَاةُ عِنْدَ رَأْسِهِ، وَكَانَ الصِّيَامُ عَنْ يَمِينِهِ، وَكَانَتِ الزَّكَاةُ عَنْ شِمَالِهِ، وَكَانَ فِعْلُ الْخَيْرَاتِ مِنَ الصَّدَقَةِ وَالصِّلَةِ وَالْمَعْرُوفِ وَالْإِحْسَانِ إِلَى النَّاسِ عِنْدَ رِجْلَيْهِ، فَيُؤْتَى مِنْ قِبَلِ رَأْسِهِ، فَتَقُولُ الصَّلَاةُ: مَا قِبَلِي مَدْخَلٌ، ثُمَّ يُؤْتَى عَنْ يَمِينِهِ، فَيَقُولُ الصِّيَامُ: مَا قِبَلِي مَدْخَلٌ، ثُمَّ يُؤْتَى عَنْ يَسَارِهِ، فَتَقُولُ الزَّكَاةُ: مَا قِبَلِي مَدْخَلٌ، ثُمَّ يُؤْتَى مِنْ قِبَلِ رِجْلَيْهِ، فَتَقُولُ فَعَلُ الْخَيْرَاتِ مِنَ الصَّدَقَةِ وَالصِّلَةِ وَالْمَعْرُوفِ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میت کو جب قبر میں رکھ دیا جاتا ہے تو دفن کے بعد وہ واپس پلٹنے والے لوگوں کے (وقتی طور پر) جوتوں کی آواز سنتی ہے پھر اگر وہ میت پرہیز گار شخص کی ہو تو نماز اس کے سر کی طرف سے، روزہ اس کے دائیں جانب سے، زکوٰۃ بائیں جانب سے، جبکہ دیگر نیک اعمال یعنی صدقہ، صلہ رحمی، لوگوں سے حسن سلوک اور بھلائی اس کے پاؤں کی طرف سے اس کی حفاظت

(۱) سنن ابن ماجه كتاب الطهارة بَابُ التَّشْدِيدِ فِي الْبَوْلِ ۳۴۸،مسند احمد ۹۰۵۹،اثبات عذاب القبر للبيهقی ۱۲۱

(۲) سنن الدارقطنی ۴۶۴ ،مسندالبزار ۴۹۰۷

(۳) فتح الباری ۱/۳۳۶

(۴) فتح الباری ۱/۲۷۸

(۵) الحجرات ۱۲

کرتے ہیں، عذاب کا فرشتہ اس میت کے سر کی طرف سے آتا ہے تو نماز کہتی ہے کہ میری طرف سے راستہ نہیں ہے (کسی اور طرف سے آؤ) وہ فرشتہ دائیں طرف سے آنے کی کوشش کرتا ہے تو روزہ کہتا ہے کہ اس طرف سے راستہ نہیں ہے پھر وہ فرشتہ بائیں جانب سے آنے کی کوشش کرتا ہے تو زکوٰۃ کہتی ہے کہ میری طرف سے بھی راستہ نہیں ہے، پھر فرشتہ پاؤں کی طرف سے آتا ہے تو دوسری نیکیاں کہتی ہیں یہاں سے بھی کوئی راستہ نہیں ہے۔ [1]

اس طرح نیک آدمی قبر کے عذاب سے محفوظ رہتا ہے۔

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: يُؤْتَى الرَّجُلُ فِي قَبْرِهِ، فَإِذَا أُتِيَ مِنْ قِبَلِ رَأْسِهِ دَفَعَتْهُ تِلَاوَةُ الْقُرْآنِ،وَإِذَا أُتِيَ مِنْ قِبَلِ يَدَيْهِ دَفَعَتْهُ الصَّدَقَةُ وَإِذَا أُتِيَ مِنْ قِبَلِ رِجْلَيْهِ دَفَعَهُ مَشْيُهُ إِلَى الْمَسَاجِدِ

ایک اور روایت میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے آدمی کو جب قبر میں دفن کر دیا جاتا ہے تو عذاب کا فرشتہ سر کی طرف سے آتا ہے تو قرآن مجید کی تلاوت اسے میت سے دور ہٹا دیتی ہے اور جب فرشتہ عذاب سامنے سے آتا ہے تو صدقہ وخیرات اسے دور کر دیتے ہیں اور فرشتہ جب پاؤں کی طرف سے آنے کی کوشش کرتا ہے تو مسجد کی طرف (نماز کے لئے) چل کر جانے والے قدم اس کے آگے رکاوٹ بن جاتے ہیں۔ [2]

بعض سعادت مند لوگ عذاب قبر سے محفوظ رہتے ہیں۔

عَنْ رَاشِدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّ رَجُلًا قَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، مَا بَالُ الْمُؤْمِنِينَ يُفْتَنُونَ فِي قُبُورِهِمْ إِلَّا الشَّهِيدَ؟ يَا رَسُولَ اللَّهِ، مَا بَالُ الْمُؤْمِنِينَ يُفْتَنُونَ فِي قُبُورِهِمْ إِلَّا الشَّهِيدَ؟قَالَ:كَفَى بِبَارِقَةِ السُّيُوفِ عَلَى رَأْسِهِ فِتْنَةً

راشد بن سعد رضی اللہ عنہ ایک صحابی رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں ایک آدمی نے سوال کیا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! کیا وجہ ہے کہ تمام اہل ایمان کو ان کی قبروں میں آزمایا جاتا ہے مگر شہید کو قبر کے فتنہ سے محفوظ رکھا جاتا ہے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کے لئے سروں پر چمکتی ہوئی تلواروں کی آزمائش ہی کافی ہے۔ [3]

اس لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شہادت کی آرزو فرمایا کرتے تھے،

أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَوْلاَ أَنَّ رِجَالًا يَكْرَهُونَ أَنْ يَتَخَلَّفُوا بَعْدِي، وَلاَ أَجِدُ مَا أَحْمِلُهُمْ، مَا تَخَلَّفْتُ لَوَدِدْتُ أَنِّي أُقْتَلُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ، ثُمَّ أُحْيَا ثُمَّ أُقْتَلُ، ثُمَّ أُحْيَا ثُمَّ أُقْتَلُ، ثُمَّ أُحْيَا ثُمَّ أُقْتَلُ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے مجھے اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ

---

[1] صحیح ابن حبان ۳۱۱۳،مستدرک حاکم ۱۴۰۳،المعجم الاوسط ۲۶۳۰،بیہقی فی عذاب القبر ۶۷،الترغیب والترہیب للمنذری ۵۴۰۰

[2] المعجم الاوسط ۹۴۳۸،الترغیب الترهیب للمنذری ۵۴۰۱

[3] سنن نسائی کتاب الجنائز باب الشَّہِیدُ ۲۰۵۷

میں میری جان ہے! اگر ان لوگوں کا خیال نہ ہوتا جو میرے ساتھ غزوہ میں شریک نہ ہو سکنے کو برا جانتے ہیں مگر اسباب کی کمی کی وجہ سے شریک نہیں ہو سکتے اور کوئی ایسی چیز میرے پاس نہیں ہے جس پر انہیں سوار کروں تو میں کبھی (غزوات میں شریک ہونے سے) پیچھے نہ رہتا، میری تو خواہش ہے کہ اللہ کے راستے میں قتل کیا جاؤں، پھر زندہ کیا جاؤں، پھر قتل کیا جاؤں، پھر زندہ کیا جاؤں، پھر قتل کیا جاؤں، اور پھر زندہ کیا جاؤں اور پھر مارا جاؤں۔ (۱)

وہ شخص جسے اللہ کی راہ میں پہرہ دیتے ہوئے موت آئے وہ بھی عذاب قبر سے محفوظ رہتا ہے۔

فَضَالَةَ بْنَ عُبَيْدٍ، يُحَدِّثُ، عَنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: كُلُّ مَيِّتٍ يُخْتَمُ عَلَى عَمَلِهِ إِلَّا الَّذِي مَاتَ مُرَابِطًا فِي سَبِيلِ اللَّهِ، فَإِنَّهُ يَنْمُو لَهُ عَمَلُهُ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَيَأْمَنُ فِتْنَةَ الْقَبْرِ

فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر مرنے والے کا عمل (اس کے مرنے پر) ختم ہو جاتا ہے مگر جسے اللہ کی راہ میں پہرہ دیتے ہوئے موت آئے، اس کا عمل قیامت تک کے لئے بڑھتا رہتا ہے اور وہ قبر کے عذاب سے (یا منکر و نکیر کے سوال جواب) سے امن میں رہتا ہے۔ (۲)

اگر کسی توحید پرست شخص کو جمعہ کے دن موت آجائے تو جمعہ کے دن کی برکت سے وہ عذاب قبر سے محفوظ رہتا ہے۔

عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَمُوتُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ أَوْ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ إِلاَّ وَقَاهُ اللَّهُ فِتْنَةَ الْقَبْرِ

عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس مسلمان کو جمعہ کے دن یا جمعہ کی رات کو موت آئے تو اللہ تعالیٰ اسے قبر کے عذاب سے محفوظ رکھتا ہے۔ (۳)

اگر کوئی پیٹ کی بیماری سے فوت ہو جائے وہ بھی عذاب قبر سے محفوظ رہتا ہے۔

عَبْدَ اللَّهِ بْنَ يَسَارٍ، قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا وَسُلَيْمَانُ بْنُ صُرَدٍ وخَالِدُ بْنُ عُرْفُطَةَ، فَذَكَرُوا أَنَّ رَجُلًا تُوُفِّيَ مَاتَ بِبَطْنِهِ فَإِذَا هُمَا يَشْتَهِيَانِ أَنْ يَكُونَا شُهَدَاءَ جِنَازَتِهِ، فَقَالَ أَحَدُهُمَا لِلْآخَرِ: أَلَمْ يَقُلْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:مَنْ يَقْتُلْهُ بَطْنُهُ، فَلَنْ يُعَذَّبَ فِي قَبْرِهِ، فَقَالَ الْآخَرُ: بَلَى

عبد اللہ بن یسار رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں بیٹھا ہوا تھا کہ اچانک سلیمان بن صرد رضی اللہ عنہ اور خالد بن عرفطہ رضی اللہ عنہ تشریف لے آئے، لوگوں نے انہیں بتایا کہ فلاں آدمی پیٹ کی بیماری کے باعث فوت ہو گیا ہے، تو ان دونوں نے اس خواہش کا اظہار کیا کہ کاش وہ اس کے جنازے میں

(۱) صحیح بخاری کتاب التمنی بَابُ مَا جَاءَ فِي التَّمَنِّي، وَمَنْ تَمَنَّى الشَّهَادَةَ۷۲۲۶

(۲) جامع ترمذی ابواب فضائل الجهاد بَابُ مَا جَاءَ فِي فَضْلِ مَنْ مَاتَ مُرَابِطًا۱۶۲۱،سنن ابوداودکتاب الجهادبَابٌ فِي فَضْلِ الرِّبَاطِ۲۵۰۰،صحیح ابن حبان ۴۶۲۴، مستدرک حاکم ۲۴۱۷،مسندالبزار ۳۷۵۳،المعجم الکبیرللطبرانی ۸۰۳،اثبات عذاب القبرللبیہقی ۱۴۳

(۳) جامع ترمذی ابواب الجنائزبَابُ مَا جَاءَ فِيمَنْ مَاتَ يَوْمَ الجُمُعَةِ۱۰۷۴ ،مسند احمد ۶۵۸۲،الترغیب وترهیب ۵۴۰۹،اثبات عذاب القبرللبیہقی۱۵۶،شرح الصدور۱۶

شریک ہوتے، پھر ان دونوں میں سے ایک نے دوسرے سے کہا کیا رسول اللہ ﷺ نے یہ ارشاد نہیں فرمایا تھا کہ جس شخص کو اس کے پیٹ کی بیماری مار ڈالے تو اسے قبر میں عذاب نہیں دیا جائے گا؟ دوسرے نے کہا ہاں کیوں نہیں، آپ ﷺ نے یہ فرمایا ہے۔ [1]

سورۃ الملک بھی میت کو عذاب قبر سے محفوظ رکھتی ہے۔

عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: يُؤْتَى الرَّجُلُ فِي قَبْرِهِ فَتُؤْتَى رِجْلَاهُ فَتَقُولُ رِجْلَاهُ: لَيْسَ لَكُمْ عَلَى مَا قِبَلِي سَبِيلٌ كَانَ يَقُومُ يَقْرَأُ بِي سُورَةَ الْمُلْكِ، ثُمَّ يُؤْتَى مِنْ قِبَلِ صَدْرِهِ أَوْ قَالَ بَطْنِهِ، فَيَقُولُ: لَيْسَ لَكُمْ عَلَى مَا قِبَلِي سَبِيلٌ كَانَ يَقْرَأُ بِي سُورَةَ الْمُلْكِ، ثُمَّ يُؤْتَى رَأْسُهُ فَيَقُولُ: لَيْسَ لَكُمْ عَلَى مَا قِبَلِي سَبِيلٌ كَانَ يَقْرَأُ بِي سُورَةَ الْمُلْكِ ، قَالَ: فَهِيَ الْمَانِعَةُ تَمْنَعُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ

عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے جب آدمی کی میت کو اس کی قبر میں رکھ دیا جاتا ہے اور عذاب کا فرشتہ اس کے پاؤں، سینے، پیٹ اور سر کی طرف سے اس کے پاس آنے کی کوشش کرتا ہے تو ہر طرف سے آواز آتی ہے کہ تیرے لئے اس میت کے پاس آنے کا کوئی راستہ نہیں ہے کیونکہ یہ شخص سورۃ الملک کی تلاوت کیا کرتا تھا پھر انہوں نے فرمایا سورۃ ملک رکاوٹ والی سورۃ ہے جو اپنے پڑھنے والے سے قبر کے عذاب کو روکتی ہے۔ [2]

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: ضَرَبَ بَعْضُ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خِبَاءَهُ عَلَى قَبْرٍ وَهُوَ لاَ يَحْسِبُ أَنَّهُ قَبْرٌ فَإِذَا فِيهِ إِنْسَانٌ يَقْرَأُ سُورَةَ تَبَارَكَ الَّذِي بِيَدِهِ الْمُلْكُ حَتَّى خَتَمَهَا، فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللهِ إِنِّي ضَرَبْتُ خِبَائِي عَلَى قَبْرٍ وَأَنَا لاَ أَحْسِبُ أَنَّهُ قَبْرٌ، فَإِذَا فِيهِ إِنْسَانٌ يَقْرَأُ سُورَةَ تَبَارَكَ الْمُلْكِ حَتَّى خَتَمَهَافَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هِيَ الْمَانِعَةُ، هِيَ الْمُنْجِيَةُ، تُنْجِيهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ

عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کسی صحابی نے ایک قبر پر خیمہ لگا دیا انہیں علم نہیں تھا کہ یہاں قبر ہے لیکن وہ قبر تھی، جس میں ایک شخص سورت ملک پڑھ رہا تھا یہاں تک کہ اسے مکمل کیا وہ صحابی نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور واقعہ سنایا تو آپ ﷺ نے فرمایا یہ (سورت ملک) عذاب قبر کو روکنے اور اس سے نجات دلانے والی ہے اور اپنے پڑھنے والے کو اس سے بچاتی ہے۔ [3]

عَنْ جَابِرٍأَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَا يَنَامُ حَتَّى يَقْرَأَ الم تَنْزِيلُ، وَتَبَارَكَ الَّذِي بِيَدِهِ الْمُلْكُ

جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے بے شک نبی کریم ﷺ نہیں سوتے تھے جب تک سورۃ الم سجدہ اور سورۃ ملک نہ پڑھ لیتے۔ [4]

رسول اللہ ﷺ نے بھی دفن ہونے والے شخص کی قبر پر کھڑے ہو کر اس کی مغفرت اور ثابت قدمی کے لئے دعا مانگنے کا حکم دیا ہے۔

---

[1] سنن نسائی کتاب الجنائز باب مَنْ قَتَلَهُ بَطْنُهُ ۲۰۵۶، صحیح ابن حبان ۲۹۳۳، مسند احمد ۱۸۳۱۱، المعجم الکبیر للطبرانی ۴۱۰۱، شعب الایمان ۹۴۱۷، السنن الکبری للنسائی ۲۱۹۰، الترغیب والترھیب للمنذری ۲۱۷۹

[2] مستدرک حاکم ۳۸۳۹

[3] جامع ترمذی ابواب فضائل القرآن بَابُ مَا جَاءَ فِي فَضْلِ سُورَةِ الْمُلْكِ ۲۸۹۰

[4] جامع ترمذی ابواب فضائل القرآن بَابُ مَا جَاءَ فِي فَضْلِ سُورَةِ الْمُلْكِ ۲۸۹۲

عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ، قَالَ:كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، إِذَا فَرَغَ مِنْ دَفْنِ الْمَيِّتِ وَقَفَ عَلَيْهِ اسْتَغْفِرُوا لِأَخِيكُمْ، وَسَلُوا لَهُ بِالتَّثْبِيتِ، فَإِنَّهُ الْآنَ يُسْأَلُ

عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب میت کو دفن کر کے فارغ ہو جاتے تو قبر کے قریب کھڑے ہو جاتے اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو حکم دیتے کہ اپنے بھائی کے لئے بخشش طلب کرو اور ثابت قدم رہنے کی دعا مانگو بے شک اب اس سے سوال کیا جائے گا۔[1]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عذاب قبر سے بچاؤ کے لئے یہ دعائیں سکھائی ہیں۔

عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَثِيرًا مَا يَدْعُو بِهَؤُلَاءِ الْكَلِمَاتِ:اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ النَّارِ، وَعَذَابِ النَّارِ، وَفِتْنَةِ الْقَبْرِ، وَعَذَابِ الْقَبْرِ، وَشَرِّ فِتْنَةِ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ، وَشَرِّ فِتْنَةِ الْفَقْرِ، وَشَرِّ فِتْنَةِ الْغِنَى، اللَّهُمَّ اغْسِلْ خَطَايَايَ بِمَاءِ الثَّلْجِ وَالْبَرَدِ، وَأَنْقِ قَلْبِي مِنَ الْخَطَايَا كَمَا أَنْقَيْتَ الثَّوْبَ الْأَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ، وَبَاعِدْ بَيْنِي وَبَيْنَ خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ، اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْكَسَلِ وَالْهَرَمِ، وَالْمَأْثَمِ وَالْمَغْرَمِ

ام المومنین عائشہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اکثر مرتبہ یہ دعا مانگتے تھے اے اللہ! میں پناہ مانگتا ہوں تیری دوزخ کے فتنہ سے اور دوزخ کے عذاب سے اور قبر کے فتنہ سے اور عذاب قبر سے اور دجال کے فساد سے اور تنگ دستی کے فتنہ اور مال داری کے فتنہ سے، اے اللہ! میری غلطیاں برف اور اولے کے پانی سے دھو دے اور میرے دل کے گناہ کو صاف کر دے جیسے تو نے صاف کیا سفید کپڑے کو تیل سے اور دور کر دے مجھ کو گناہوں سے اس قدر دور کر دے کہ جس قدر مشرق مغرب سے دور ہے، اے اللہ! میں پناہ مانگتا ہوں کاہلی اور بڑھاپے سے اور گناہ اور مقروض ہونے سے۔[2]

عَنْ عَائِشَةَ، زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَخْبَرَتْهُ: أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَدْعُو فِي الصَّلَاةِ: اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ القَبْرِ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ المَسِيحِ الدَّجَّالِ، وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ المَحْيَا، وَفِتْنَةِ المَمَاتِ، اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ المَأْثَمِ وَالمَغْرَمِ " فَقَالَ لَهُ قَائِلٌ: مَا أَكْثَرَ مَا تَسْتَعِيذُ مِنَ المَغْرَمِ، فَقَالَ:إِنَّ الرَّجُلَ إِذَا غَرِمَ، حَدَّثَ فَكَذَبَ، وَوَعَدَ فَأَخْلَفَ

ام المومنین عائشہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں عذاب قبر سے حفاظت کے لئے یہ دعا پڑھا کرتے تھے اے اللہ! میں عذاب قبر سے تیری پناہ چاہتا ہوں، اور مجھے مسیح دجال کے فتنہ سے محفوظ رکھ اور مجھے زندگی کے فتنوں (زندگی کا فتنہ یہ ہے کہ انسان زندگی میں رب العالمین کا نافرمان رہے، دین حق سے برگشتہ رہے، زندگی کی خوش نمائیوں میں کھو کر حق تعالیٰ سے غافل رہے) اور موت کے فتنوں (موت کا فتنہ یہ ہے کہ مرتے وقت شیطان گمراہ کر دے، کلمہ توحید نصیب نہ ہو، بری حالت پر موت آئے) سے محفوظ فرما، اے اللہ! مجھے گناہ کے کاموں اور قرضے سے بچائے رکھ، کسی کہنے والے نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا آپ قرض سے کس قدر زیادہ پناہ طلب کرتے

[1] سنن ابوداودکتاب الجنائز باب الاستغفارعندالقبرللمیت فی وقت الانصراف۳۲۲۱،مستدرک حاکم ۱۳۷۲، اثبات عذاب القبرللبیہقی ۴۰

[2] سنن نسائی کتاب الاستعاذة باب الِاسْتِعَاذَةُ مِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْقَبْرِ۵۴۷۷

ہیں! آپ ﷺ نے فرمایا جب کوئی آدمی مقروض ہوتا ہے پھر بات کرتا ہے تو جھوٹ بولتا ہے اور وعدہ کرتا ہے تو وعدہ خلافی کرتا ہے۔ [1]

عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّهَا قَالَتْ:قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:اللّٰهُمَّ رَبَّ جِبْرَائِيلَ وَمِيكَائِيلَ، وَرَبَّ إِسْرَافِيلَ، أَعُوذُ بِكَ مِنْ حَرِّ النَّارِ، وَمِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ

ام المومنین عائشہ صدیقہ ؓ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ یہ دعا بھی پڑھا کرتے تھے اے اللہ !اے جبریل اور میکائیل کے رب!اور اے اسرافیل کے پروردگار!میں جہنم کی گرمی اور قبر کے عذاب سے آپ کی پناہ طلب کرتا ہوں۔ [2]

عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ:اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الكَسَلِ وَالهَرَمِ، وَالمَغْرَمِ وَالمَأْثَمِ، اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ النَّارِ وَفِتْنَةِ النَّارِ، وَفِتْنَةِ القَبْرِ وَعَذَابِ القَبْرِ، وَشَرِّ فِتْنَةِ الغِنَى، وَشَرِّ فِتْنَةِ الفَقْرِ، وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ المَسِيحِ الدَّجَّالِ، اللّٰهُمَّ اغْسِلْ خَطَايَايَ بِمَاءِ الثَّلْجِ وَالبَرَدِ، وَنَقِّ قَلْبِي مِنَ الخَطَايَا كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الأَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ، وَبَاعِدْ بَيْنِي وَبَيْنَ خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَ بَيْنَ المَشْرِقِ وَالمَغْرِبِ

ام المومنین عائشہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے نبی کریم ﷺ یہ دعا مانگا کرتے تھے اے میرے اللہ! یقیناً میں سستی، بڑھاپے، قرض اور گناہوں سے تیری پناہ چاہتا ہوں، اے اللہ! بے شک میں آگ کے عذاب اور آگ (جہنم) کے فتنے، قبر کے فتنے اور قبر کے عذاب، دولتمندی کے فتنے کے شر اور غربت کے فتنے کے شر اور مسیح دجال کے فتنے کے شر سے تیری پناہ چاہتا ہوں، اے اللہ! تو میری خطاؤں کو اولوں اور برف کے پانی سے دھو دے، اور میرے دل کو خطاؤں سے ایسا پاک صاف کر دے جس طرح سفید کپڑا میل کچیل سے پاک صاف کیا جاتا ہے، اور میرے اور میری خطاؤں کے درمیان دوری فرما دے جیسے تو نے مشرق اور مغرب کے درمیان دوری فرما رکھی ہے۔ [3]

الغرض قبر وہ خطرناک جگہ ہے جس سے جلیل القدر صحابہ رضی اللہ عنہم لرزاں رہتے تھے۔

سیدنا عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ جو سابقون الاولون میں سے ہیں، جنہوں نے دو مرتبہ حبشہ اور تیسری مرتبہ مدینہ کی طرف ہجرت فرمائی، مسجد نبوی کی تعمیر میں حصہ لیا، رسول اللہ ﷺ کی دو صاحبزادیاں رقیہ رضی اللہ عنہا اور ام کلثوم رضی اللہ عنہا یکے بعد دیگرے آپ کے نکاح میں آئیں اور آپ ﷺ نے فرمایا کہ اگر میری اور بیٹیاں ہوتیں تو میں ان کا نکاح عثمان سے کر دیتا، جنہیں غزوہ بدر میں شریک نہ ہونے کے باوجود مال غنیمت میں حصہ دیا گیا، جن کے لئے بیت رضوان منعقد ہوئی، جنہیں نے اپنا مال اللہ کی راہ میں بے دریغ لٹایا اور اپنی زندگی میں رسول اللہ ﷺ کی زبان مبارک سے متعدد مرتبہ جنت کی بشارتیں ملیں مگر ان کا حال یہ تھا کہ قبر کو دیکھ کر آبدیدہ ہو جاتے،

هَانِئًا، مَوْلَى عُثْمَانَ قَالَ: كَانَ عُثْمَانُ، إِذَا وَقَفَ عَلَى قَبْرٍ بَكَى حَتَّى يَبُلَّ لِحْيَتَهُ، فَقِيلَ لَهُ: تُذْكَرُ الجَنَّةُ وَالنَّارُ فَلَا تَبْكِي

[1] صحیح بخاری کتاب الاذان بَابُ الدُّعَاءِ قَبْلَ السَّلاَمِ ۸۳۲ ،صحیح مسلم کتاب المساجد بَابُ مَا يُسْتَعَاذُ مِنْهُ فِي الصَّلَاةِ ۱۳۲۵،سنن ابوداود کتاب الصلاة بَابُ الدُّعَاءِ فِي الصَّلَاةِ ۸۸۰،سنن نسائی کتاب الافتتاح باب نَوْعٌ آخَرُ ۱۳۱۰

[2] سنن نسائی کتاب الاستعاذة باب الِاسْتِعَاذَةُ مِنْ حَرِّ النَّارِ ۵۵۲۱،بیہقی فی عذاب القبر ۱۸۱

[3] صحیح بخاری کتاب الدعوات بَابُ الِاسْتِعَاذَةِ مِنْ أَرْذَلِ العُمُرِ، وَمِنْ فِتْنَةِ الدُّنْيَا وَفِتْنَةِ النَّارِ ۶۳۷۵،جامع ترمذی ابواب الدعوات باب ماجاء فی عقدالتسبیح بالید ۳۴۹۵،سنن نسائی کتاب الاستعاذة باب الاستعاذة من شرفتنة القبر ۵۴۷۱،سنن ابن ماجه کتاب الدعاء باب ماتعوذمنه رسول الله ﷺ ۳۸۳۸

وَتَبْكِي مِنْ هَذَا؟ فَقَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ القَبْرَ أَوَّلُ مَنْزِلٍ مِنْ مَنَازِلِ الآخِرَةِ، فَإِنْ نَجَا مِنْهُ فَمَا بَعْدَهُ أَيْسَرُ مِنْهُ، وَإِنْ لَمْ يَنْجُ مِنْهُ فَمَا بَعْدَهُ أَشَدُّ مِنْهُ. قَالَ: وَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا رَأَيْتُ مَنْظَرًا قَطُّ إِلاَّ وَالقَبْرُ أَفْظَعُ مِنْهُ.

آپ رضی اللہ عنہ کے غلام ہانی رضی اللہ عنہ کا بیان ہے سیدنا عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ جب کسی قبر کے قریب کھڑے ہوتے تو اتنا روتے کہ آنسوؤں سے آپ کی داڑھی تر ہو جاتی، آپ کی یہ حالت دیکھ کر ایک دن کسی نے آپ سے پوچھا عثمان رضی اللہ عنہ ! جنت اور دوزخ کے تذکرے پر تو آپ کو رونا نہیں آتا مگر قبر کو دیکھتے ہی آپ کی آنکھوں سے آنسو بہنا شروع ہو جاتے ہیں اس کی کیا وجہ ہے؟ انہوں نے جواب دیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قبر کے حالات و واقعات اور کیفیات کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا ہے قبر آخرت کی منزلوں میں پہلی منزل ہے پس جو شخص اس کے عذاب سے نجات پا گیا تو بعد کا معاملہ تو اس کے لئے کہیں زیادہ آسان ہے، اور اگر کوئی شخص عذاب قبر سے ہی نجات حاصل نہ کر سکا تو اس کے لئے بعد کے معاملات تو اس سے زیادہ سخت ہوں گے، اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی فرمایا میں نے قبر سے بڑھ کر کوئی خوفناک منظر نہیں دیکھا۔ [1]

عمرو بن العاص جن کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا عمرو رضی اللہ عنہ سچے مومن ہیں، ایک مرتبہ فرمایا عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ قریش کے نیک لوگوں میں سے ہیں، ایک مرتبہ ان کے حق میں یوں دعا فرمائی اے اللہ! عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ کی مغفرت فرما، ایک اور موقع پر دعا فرمائی اللہ! عمرو رضی اللہ عنہ پر رحم فرما، جن کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسے کلمات کہے ہوں ان کے مومن ہونے میں کیا شک رہ جاتا ہے، مگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم عذاب قبر سے خائف رہتے تھے کہ ان کا وہاں کیا انجام ہوتا ہے

حَضَرْنَا عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ، وَهُوَ فِي سِيَاقَةِ الْمَوْتِ، يَبْكِي طَوِيلًا، وَحَوَّلَ وَجْهَهُ إِلَى الْجِدَارِ، فَجَعَلَ ابْنُهُ يَقُولُ: يَا أَبَتَاهُ، أَمَا بَشَّرَكَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكَذَا؟أَمَا بَشَّرَكَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكَذَا؟ قَالَ: فَأَقْبَلَ بِوَجْهِهِ، فَقَالَ: إِنَّ أَفْضَلَ مَا نُعِدُّ شَهَادَةُ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللهُ، وَأَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللهِ،إِنِّي قَدْ كُنْتُ عَلَى أَطْبَاقٍ ثَلَاثٍ، لَقَدْ رَأَيْتُنِي وَمَا أَحَدٌ أَشَدَّ بُغْضًا لِرَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنِّي، وَلَا أَحَبَّ إِلَيَّ أَنْ أَكُونَ قَدِ اسْتَمْكَنْتُ مِنْهُ، فَقَتَلْتُهُ فَلَوْ مُتُّ عَلَى تِلْكَ الْحَالِ لَكُنْتُ مِنْ أَهْلِ النَّارِ،فَلَمَّا جَعَلَ اللهُ الْإِسْلَامَ فِي قَلْبِي أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: ابْسُطْ يَمِينَكَ فَلْأُبَايِعْكَ، فَبَسَطَ يَمِينَهُ، قَالَ: فَقَبَضْتُ يَدِي

چنانچہ جب عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کی موت کا وقت آیا تو وہ دیوار کی طرف منہ کر کے دیر تک روتے رہے، ان کے بیٹوں نے کہا ابا جان! کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کو فلاں فلاں بشارتیں نہیں دیں، تب عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے اپنا چہرہ سامنے کیا اور کہا ہم لوگ (یعنی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم) کلمہ شہادت لاالٰہ الااللہ محمد رسول اللہ کا اقرار سب سے افضل باتوں میں شمار کرتے تھے، میرے اوپر تین حالتیں گزری ہیں پہلی حالت وہ جب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ کسی کو برا نہیں سمجھتا تھا اور میری خواہش تھی کہ میں آپ پر قابو پاؤں اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو قتل کر دوں اگر میں اسی حالت میں مر جاتا تو جہنمیوں میں سے ہوتا اس کے بعد دوسری حالت وہ تھی جب اللہ نے میرے دل میں اسلام کی محبت ڈال دی اور میں

---

[1] جامع ترمذی ابواب الزہدبَابُ مَا جَاءَ فِي ذِكْرِ الْمَوْتِ٢٣٠٨،سنن ابن ماجہ کتاب الزھدبَابُ ذِكْرِ الْقَبْرِ وَالْبِلَى٤٢٦٧ ، مسند احمد٤٥٤،بیہقی فی عذاب القبر٢٢٢

آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ اپنا ہاتھ بڑھائیں، آپ ﷺ نے اپنا دایاں ہاتھ آگے کیا تو میں نے اپنا ہاتھ کھینچ لیا

قَالَ:مَا لَكَ يَا عَمْرُو؟قَالَ: قُلْتُ: أَرَدْتُ أَنْ أَشْتَرِطَ، قَالَ:تَشْتَرِطُ بِمَاذَا؟قُلْتُ: أَنْ يُغْفَرَ لِي،قَالَ:أَمَا عَلِمْتَ أَنَّ الْإِسْلَامَ يَهْدِمُ مَا كَانَ قَبْلَهُ؟ وَأَنَّ الْهِجْرَةَ تَهْدِمُ مَا كَانَ قَبْلَهَا؟وَأَنَّ الْحَجَّ يَهْدِمُ مَا كَانَ قَبْلَهُ؟ وَمَا كَانَ أَحَدٌ أَحَبَّ إِلَيَّ مِنْ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَا أَجَلَّ فِي عَيْنِي مِنْهُ، وَمَا كُنْتُ أُطِيقُ أَنْ أَمْلَأَ عَيْنَيَّ مِنْهُ إِجْلَالًا لَهُ وَلَوْ سُئِلْتُ أَنْ أَصِفَهُ مَا أَطَقْتُ؛ لِأَنِّي لَمْ أَكُنْ أَمْلَأُ عَيْنَيَّ مِنْهُ، وَلَوْ مُتُّ عَلَى تِلْكَ الْحَالِ لَرَجَوْتُ أَنْ أَكُونَ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ،ثُمَّ وَلِينَا أَشْيَاءَ مَا أَدْرِي مَا حَالِي فِيهَا، فَإِذَا أَنَا مُتُّ فَلَا تَصْحَبْنِي نَائِحَةٌ، وَلَا نَارٌ

آپ ﷺ نے فرمایا اے عمرو رضی اللہ عنہ کیا بات ہے؟ میں نے عرض کیا میں شرط کرنا چاہتا ہوں، آپ ﷺ نے فرمایا کون سی شرط؟ میں نے عرض کیا کہ یہ شرط کہ کیا میرے پچھلے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے، آپ ﷺ نے فرمایا اے عمرو رضی اللہ عنہ! کیا تو نہیں جانتا کہ اسلام قبول کرنا گزشتہ سارے گناہوں کو معاف کر دیتا ہے اور ہجرت کرنا گزشتہ سارے گناہوں کو معاف کر دیتا ہے؟ اور حج گزشتہ سارے گناہوں کو معاف کر دیتا ہے؟ تب مجھے رسول اللہ ﷺ سے اتنی محبت تھی کہ اتنی زیادہ کسی دوسرے سے نہیں تھی اور میری نگاہ میں آپ کی اتنی زیادہ شان تھی جو اور کسی کی نہیں تھی، اور آپ ﷺ کی عظمت کی وجہ سے مجھ میں آپ ﷺ کو بھرپور نگاہ سے دیکھنے کی سکت نہ تھی اور اگر کوئی مجھ سے آپ ﷺ کی صورت مبارک کے متعلق پوچھتے تو میں بیان نہیں کرسکتا کیونکہ میں آپ ﷺ کو بوجہ عظمت وجلال دیکھ نہ سکا اگر اس حال میں میری موت آجاتی تو مجھے جنتی ہونے کی امید تھی، پھر اس کے بعد ہمیں کچھ ذمہ داریاں دی گئیں اب مجھے پتہ نہیں کہ میرا کیا حال ہوگا؟

فَإِذَا مِتُّ فَلَا تَبْكِيَنَّ عَلَيَّ،وَلَا تُتْبِعْنِي مَادِحًا،وَلَا نَارًا وَشُدُّوا عَلَيَّ إِزَارِي فَإِنِّي مُخَاصِمٌ، وَسُنُّوا عَلَيَّ التُّرَابَ سَنًّا، فَإِنَّ جَنْبِيَ الْأَيْمَنَ لَيْسَ بِأَحَقَّ بِالتُّرَابِ مِنْ جَنْبِي الْأَيْسَرِ،وَلَا تَجْعَلَنَّ فِي قَبْرِي خَشَبَةً وَلَا حَجَرًا فَإِذَا وَارَيْتُمُونِي فَاقْعُدُوا عِنْدِي قَدْرَ نَحْرِ جَزُورٍ وَتَقْطِيعِهَا، أَسْتَأْنِسْ بِكُمْ

جب مجھے موت آجائے تو میرے جنازے کے ساتھ کوئی نوحہ کرنے والی عورت نہ ہو اور میرے جنازے کے ساتھ کوئی آگ لے کر نہ چلے، میرا تہبند مضبوطی سے باندھ دو کہ مجھ سے جواب طلبی ہوگی، مجھ پر آہستہ آہستہ مٹی ڈالنا اور سب طرف بکھیر دینا کیونکہ دایاں پہلو بائیں پہلو سے زیادہ حق نہیں رکھتا اور میری قبر پر کوئی لکڑی یا پتھر نہ گاڑنا اور جب تم مجھے دفن کرو تو میری قبر کے ارد گرد اتنی دیر تک دعا کرتے رہنا جتنی دیر میں اونٹ ذبح کر کے اس کا گوشت تقسیم کیا جاتا ہے تاکہ تمہاری دعا سے مجھے تسلی رہے اور مجھے پتہ چل جائے کہ میں اپنے رب کے بھیجے ہوئے فرشتوں (منکر نکیر) کو کیا جواب دیتا ہوں۔[1]

سَلْمُ بْنُ بُشَيْرِ بْنِ جَحْلٍ، أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ، بَكَى فِي مَرَضِهِ، فَقِيلَ لَهُ: مَا يُبْكِيكَ؟ فَقَالَ:أَمَا إِنِّي لَا أَبْكِي عَلَى دُنْيَاكُمْ هَذِهِ، وَلَكِنِّي أَبْكِي عَلَى بُعْدِ سَفَرِي، وَقِلَّةِ زَادِي، وَإِنِّي أَمْسَيْتُ فِي صَعُودِ مَهْبَطَةٍ عَلَى جَنَّةٍ وَنَارٍ، لَا أَدْرِي إِلَى أَيِّهِمَا يُؤْخَذُ بِي

سلم بن بشیر بن جحل سے مروی ہے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اپنے مرض الموت میں رونے لگے آپ سے پوچھا گیا کہ کیوں رو رہے ہیں؟ فرمانے

[1] صحیح مسلم کتاب الایمان بَابُ كَوْنِ الْإِسْلَامِ يَهْدِمُ مَا قَبْلَهُ وَكَذَا الْهِجْرَةِ وَالْحَجِّ عن ابن شماسه ۳۲۱ رضی اللہ عنہ،مسند احمد۱۷۷۸۰

لگے میں تمہاری اس دنیا(کو چھوڑنے کی)وجہ سے نہیں رو رہا بلکہ (آئندہ پیش آنے والے)طویل سفراور قلت زادسفر کی وجہ سے رو رہا ہوں، میں نے ایسی بلندی پر شام کی ہے جس کے آگے جنت ہے یا جہنم، اور میں نہیں جانتا ان دونوں میں سے میرا مقام کون سا ہو گا۔[1]

مالك بن دينار يقول: عجباً لمن يعلم أن الموت مصيره والقبر مورده كيف تقر بالدنيا عينه؟ وكيف يطيب فيها عيشه؟ قال: ثم يبكي مالك حتى يسقط مغشياً عليه.

مالک بن دینار کہتے ہیں اس شخص پر تعجب ہے جو جانتا ہے کہ اس کا انجام موت ہے، قبر اس کا ٹھکانہ ہے (اس کے باوجود اسے اس دنیا میں قرار حاصل ہے اور سکون کی زندگی بسر کر رہا ہے) راوی کہتا ہے مالک بن دینار رحمہ اللہ نے یہ کہا اور زار و قطار رونے لگے حتی کہ بے ہوش ہو کر گر پڑے۔[2]

وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُونَ مَا يَنْزِلُ بِكُمْ مِنَ الْعَذَابِ فِي الْقَبْرِ. ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُونَ فِي الْآخِرَةِ إِذَا حَلَّ بِكُمُ الْعَذَابُ. فَالْأَوَّلُ فِي الْقَبْرِ، وَالثَّانِي فِي الْآخِرَةِ، فَالتَّكْرَارُ لِلْحَالَتَيْنِ.

جیسے پہلے بیان کیا جا چکا ہے کہ عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا ''خبر دار! عنقریب تم جان لو گے، اس سے مراد وہ عذاب ہے جو تمہیں قبر میں دیا جائے گا، پھر خبر دار! عنقریب تمہیں علم ہو جائے گا۔'' سے مراد آخرت کا عذاب ہے، پس پہلی آیت قبر کے بارے میں ہے اور دوسری آیت آخرت کے متعلق ہے اور ایک جیسے الفاظ کا دو مرتبہ آنا دو حالتوں (قبر اور آخرت) کو بیان کرنے کے لئے ہے۔[3]

ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُونَ: عِنْدَ الْبَعْثِ أَنَّ مَا وَعَدْتُكُمْ بِهِ صِدْقٌ

امام قرطبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں ''پھر خبر دار! عنقریب تمہیں معلوم ہو جائے گا۔'' یہ آیت قبروں سے اٹھائے جانے کے بارے میں ہی نازل کی گئی ہے یعنی اے لوگو! قبروں سے اٹھائے جانے کے بارے میں جو تم سے وعدہ کیا گیا ہے وہ برحق ہے۔[4]

لیکن کفار و مشرکین اس عقیدے کو ماننے کے لئے تیار نہیں تھے اور وہ بطور تمسخر کے کہتے تھے۔

...قَالَ مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ ﴿۷۸﴾[5]

ترجمہ: کون ان ہڈیوں کو زندہ کرے گا جب کہ یہ بوسیدہ ہو چکی ہوں؟۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۭ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمُۨ ﴿۷۹﴾[6]

---

[1] كتاب الزهدوالرقاق لابن مبارك ۲/۳۸

[2] صفة الصفوة ۲/۱۶۴

[3] تفسيرالقرطبی ۲۰/۱۷۲

[4] تفسير القرطبی ۲۰/۱۷۲

[5] یٰسین ۷۸

[6] یٰسین ۷۹

ترجمہ: اس سے کہو انہیں وہی زندہ کرے گا جس نے پہلے انہیں پیدا کیا تھا اور وہ تخلیق کے ہر کام جانتا ہے۔

ایک مقام پر کفار کے عقیدے کو یوں بیان فرمایا:

وَيَقُولُ الْإِنسَانُ أَإِذَا مَا مِتُّ لَسَوْفَ أُخْرَجُ حَيًّا ﴿٦٦﴾ أَوَلَا يَذْكُرُ الْإِنسَانُ أَنَّا خَلَقْنَاهُ مِن قَبْلُ وَلَمْ يَكُ شَيْئًا ﴿٦٧﴾ [1]

ترجمہ: انسان کہتا ہے کیا واقعی جب میں مر چکوں گا تو پھر زندہ کر کے نکال لایا جاؤں گا؟ کیا انسان کو یاد نہیں آتا کہ ہم پہلے اس کو پیدا کر چکے ہیں جبکہ وہ کچھ بھی نہ تھا؟۔

ایک مقام پر فرمایا کہ جب انسان کا وجود ہی نہ تھا اور اللہ نے اسے تخلیق فرما دیا تو مرنے کے بعد اسے دوبارہ زندہ کر دینا اس کے لئے کیا مشکل ہے، جیسے فرمایا:

هَلْ أَتَىٰ عَلَى الْإِنسَانِ حِينٌ مِّنَ الدَّهْرِ لَمْ يَكُن شَيْئًا مَّذْكُورًا ﴿١﴾ إِنَّا خَلَقْنَا الْإِنسَانَ مِن نُّطْفَةٍ أَمْشَاجٍ نَّبْتَلِيهِ فَجَعَلْنَاهُ سَمِيعًا بَصِيرًا ﴿٢﴾ [2]

ترجمہ: کیا انسان پر لامتناہی زمانے کا ایک وقت ایسا بھی گزرا ہے جب وہ کوئی قابل ذکر چیز نہ تھا، ہم نے انسان کو ایک مخلوط نطفے سے پیدا کیا تا کہ اس کا امتحان لیں اور اس غرض کے لیے ہم نے اسے سننے اور دیکھنے والا بنایا۔

لوگو! تم لوگ حیات بعد الموت کے عقیدے کو تسلیم کرو یا نہ کرو مگر ایک وقت مقررہ پر تمام بنی نوح انسانوں کو ان کی قبروں سے جسم و جان کے ساتھ زندہ کیا جائے گا اور وہ اللہ رب العزت کے دربار میں اپنے اعمال کی جوابدہی کے لئے حاضر کیے جائیں گے، جیسے فرمایا

وَنُفِخَ فِي الصُّورِ فَإِذَا هُم مِّنَ الْأَجْدَاثِ إِلَىٰ رَبِّهِمْ يَنسِلُونَ ﴿٥١﴾ [3]

ترجمہ: پھر ایک صور پھونکا جائے گا اور یکا یک یہ اپنے رب کے حضور پیش ہونے کے لئے اپنی قبروں سے نکل پڑیں گے۔

قبروں سے نکل آنے کے بعد کفار و مشرکین کی ذلت کا نقشہ یوں کھینچا گیا۔

يَوْمَ يَخْرُجُونَ مِنَ الْأَجْدَاثِ سِرَاعًا كَأَنَّهُمْ إِلَىٰ نُصُبٍ يُوفِضُونَ ﴿٤٣﴾ خَاشِعَةً أَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ۚ ذَٰلِكَ الْيَوْمُ الَّذِي كَانُوا يُوعَدُونَ ﴿٤٤﴾ [4]

ترجمہ: جب یہ اپنی قبروں سے نکل کر اس طرح دوڑے جا رہے ہوں گے جیسے اپنے بتوں کے استھانوں کی طرف دوڑ رہے ہوں، ان کی نگاہیں جھکی ہوئی ہوں گی، ذلت ان پر چھا رہی ہو گی وہ دن ہے جس کا ان سے وعدہ کیا جا رہا ہے۔

کفار و مشرکین کو فرمایا تم لوگ بعث بعد الموت کو محال اور ناممکن سمجھتے ہو مگر حقیقت یہ ہے کہ صور کی آواز کے ساتھ ہی بحر و بر اور مشرق و مغرب

---

[1] مریم ۶۷،۶۶

[2] الدھر ۲،۱

[3] یسین ۵۱

[4] المعارج ۴۴،۴۳

میں انسان کے بکھرے ہوئے تمام ذرات جمع ہوجائیں گے اور وہ اپنی قبروں سے نکل کر دوڑتے ہوئے میدان محشر کی طرف دوڑنے لگیں گے، جیسے فرمایا

فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ ﴿۱۳﴾ فَاِذَا هُمْ بِالسَّاهِرَةِ ﴿۱۴﴾ [۱]

ترجمہ: حالاں کہ یہ بس اتنا کام ہے کہ ایک زور کی ڈانٹ پڑے گی اور یکایک یہ کھلے میدان میں موجود ہوں گے۔

ایک مقام پر ان کی حالت یوں بیان فرمائی۔

يَوْمَ يَدْعُ الدَّاعِ اِلٰى شَيْءٍ نُّكُرٍ ﴿۶﴾ خُشَّعًا اَبْصَارُهُمْ يَخْرُجُوْنَ مِنَ الْاَجْدَاثِ كَاَنَّهُمْ جَرَادٌ مُّنْتَشِرٌ ﴿۷﴾ مُّهْطِعِيْنَ اِلَى الدَّاعِ يَقُوْلُ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا يَوْمٌ عَسِرٌ ﴿۸﴾ [۲]

ترجمہ: جس روز پکارنے والا ایک سخت ناگوار چیز کی طرف پکارے گا، لوگ سہمی ہوئی نگاہوں کے ساتھ اپنی قبروں سے اس طرح نکلیں گے گویا وہ بکھری ہوئی ٹڈیاں ہیں، پکارنے والے کی طرف دوڑے جارہے ہوں گے اور وہی منکرین (جو دنیا میں اس کا انکار کرتے تھے) اس وقت کہیں گے کہ یہ دن تو بڑا کٹھن ہے۔

عَنْ أَبِي سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّهُ لَمَّا حَضَرَهُ الْمَوْتُ، دَعَا بِثِيَابٍ جُدُدٍ فَلَبِسَهَا ثُمَّ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ الْمَيِّتَ يُبْعَثُ فِي ثِيَابِهِ الَّتِي يَمُوتُ فِيهَا

ابوسلمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں جب ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کی وفات کا وقت قریب آیا تو انہوں نے نئے کپڑے منگوائے اور پہن لئے پھر کہنے لگے بے شک میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا تھا کہ میت کو انہی کپڑوں میں اٹھایا جائے گا جن میں اسے موت آئے گی۔ [۳]

یعنی اگر کوئی نماز پڑھتے ہوئے فوت ہوا ہوگا تو وہ حالت نماز میں ہی اٹھایا جائے گا، جو شخص اللہ کے گھر کی زیارت کرنے والا ہوگا وہ لبیک، لبیک کہتا ہوا قبر سے باہر آجائے گا، جو اللہ کے آخری کلام کی تلاوت کرتا رہا ہوگا وہ قرآن مجید کی تلاوت کرتا ہوا نکلے گا اور جس کو اللہ کی نافرمانی میں موت آئی ہوگی تو وہ وہی جرم کرتا ہوا قبر سے کھڑا ہوگا۔

متقی اور صالح لوگوں کا قبروں سے نکلتے ہی فرشتے پرتپاک استقبال کریں گے، جیسے فرمایا:

يَوْمَ نَحْشُرُ الْمُتَّقِيْنَ اِلَى الرَّحْمٰنِ وَفْدًا ﴿۸۵﴾ [۴]

ترجمہ: وہ دن آنے والا ہے جب متقی لوگوں کو ہم مہمانوں کی طرح رحمان کے حضور پیش کریں گے۔

عقائد واعمال کے حسب حال نیک لوگوں کو قبروں سے نکلتے ہی سواریاں پیش کی جائیں گی۔

عَن عَلِيّ قَالَ: سَأَلت رَسُول الله صلى الله عَلَيْهِ وَسلم عَن هَذِه الْآيَة {يَوْمَ نَحْشُرُ الْمُتَّقِيْنَ اِلَى الرَّحْمٰنِ وَفْدًا}

---

[۱] النازعات ۱۴،۱۳

[۲] القمر ۶ تا ۸

[۳] سنن ابوداودکتاب الجنائزبَابُ مَا يُسْتَحَبُّ مِنْ تَطْهِيرِ ثِيَابِ الْمَيِّتِ عِنْدَ الْمَوْتِ ۳۱۱۴

[۴] مریم ۸۵

قلت: يَا رَسُول الله هَل الْوَفْد إِلَّا الركب قَالَ النَّبِي صلى الله عَلَيْهِ وَسلم: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ إِنَّهُمْ إِذَا خَرَجُوا مِنْ قُبُورِهِمُ اسْتُقْبِلُوا بِنُوقٍ بِيضٍ لَهَا أَجْنِحَةٌ عَلَيْهَا رَحَائِلُ الذَّهَبِ،شِرْكِ نِعَالِهِمْ نُورٌ تَلأْلأُ، كُلُّ خُطْوَةٍ مِنْهَا مثل مَدِّ الْبَصَرِ، وينتهون إلى باب الجنة

سید ناعلی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے آیت کریمہ ''یوم نحشر الْمُتَّقِينَ إِلَى الرَّحْمَن وَفْدًا'' کے بارے میں سوال کیا گیا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! کیا نیک لوگوں کے لیے سواریاں ہوں گی؟ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا مجھے اس اللہ کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے پرہیز گار لوگ جب اپنی قبروں سے نکلیں گے تو فرشتے سفید رنگ کی اونٹنیوں کے ساتھ ان کا استقبال کریں گے،ان اونٹنیوں کے اڑنے کے لئے پر ہوں گے جن کے کجاوے سونے کے ہوں گے،ان کے پاؤں کی کھریاں روشن اور چمکدار ہوں گی اور ان کے قدم حد نگاہ پر پڑیں گے،ایسی بے مثال اونٹنیوں پر سوار کر کے فرشتے انہیں جنت کے دروازے تک پہنچا دیں گے ۔

[1]قول عليّ رضى الله عنه مَا يُحْشَرُونَ وَاللهِ عَلَى أرجلهم ولكن على نوق رجالها الذهب ونجائب مرحبها اليواقيت ان هموابها سارت وان هموا طارت

ایک اور تفسیر میں سید نا علی رضی اللہ عنہ بن ابی طالب کا قول ہے بعض اہل ایمان کو قبروں سے نکلتے ہی اصیل گھوڑوں پر سوار کیا جائے گا وہ گھوڑے یاقوت کی زمین پر دوڑیں گے اور اگر ان کے سوار چاہیں گے تو وہ سواریاں اڑنے لگیں گی۔ [2]

وَقَالَ عَلِيٌّ لَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ! إِنِّي رَأَيْتُ الْمُلُوكَ وَوُفُودَهُمْ فَلَمْ أَرَ وَفْدًا إِلَّا رُكْبَانًا. قَالَ: (يَا عَلِيُّ إِذَا كَانَ الْمُنْصَرَفُ مِنْ بَيْنِ يَدَيِ اللَّهِ تَعَالَى تَلَقَّتِ الْمَلَائِكَةُ الْمُؤْمِنِينَ بِنُوقٍ بِيضٍ رِحَالُهَا وَأَزِمَّتُهَا الذَّهَبُ عَلَى كُلِّ مَرْكَبٍ حُلَّةٌ لَا تُسَاوِيهَا الدُّنْيَا فَيَلْبَسُ كُلُّ مُؤْمِنٍ حُلَّةً ثُمَّ تَسِيرُ بِهِمْ مَرَاكِبُهُمْ فَتَهْوِي بِهِمُ النُّوقُ حَتَّى تَنْتَهِيَ بِهِمْ إِلَى الْجَنَّةِ

سید نا علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جب یہ آیت مبارکہ نازل ہوئی تو میں نے عرض کیا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! کیا متقی لوگوں کو سرداروں اور وفود کی طرح اللہ کے دربار میں حاضر ہونے کے لیے سواریاں دی جائیں گی؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے علی رضی اللہ عنہ! ان لوگوں کو پیدل نہیں لایا جائے گا اور نہ ہی پیچھے سے ہانک کر لایا جائے گا بلکہ ان کے لئے ایسی اونٹنیاں حاضر کی جائیں گی کہ ان جیسی خوبصورت اونٹنیوں کو مخلوق میں سے کسی نے نہیں دیکھا،ان کے کجاوے سونے کے اور لگامیں موتیوں کی ہوں گی،وہ متقی لوگ ان اونٹنیوں پر سوار ہو کر جنت کے دروازے تک جائیں گے اور جنت کا دروازہ کھٹکھٹائیں گے۔ [3]

عن ابی هريرة قال قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُحْشَرُ الْأَنْبِيَاءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلَى الدَّوَابِّ لِيُوَافُوا مِنْ يَوْمِهِمُ الْمَحْشَرَ وَيُبْعَثُ صَالِحٌ عَلَى نَاقَتِهِ وَأُبْعَثُ أَنَا عَلَى الْبُرَاقِ وَيُبْعَثُ ابْنَايَ الْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ عَلَى نَاقَتَيْنِ مِنْ نُوقِ الْجَنَّةِ ،ويبعث بلال على ناقة مِنْ نُوقِ الْجَنَّةِ فينادى بالأذان محضا بالشهادة حقا حتى إذا قال أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ

[1] الدر المنثور ۵٫۵۳۹

[2] تفسیر مظہری ۶٫۱۱۸

[3] تفسیر القرطبی ۱۱٫۱۵۲

اللّٰہِ شهد له المؤمنون من الأولين والآخرين فقبلت ممن قبلت وردّت لمن ردّت

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا قیامت کے دن انبیاء کرام کو سواریوں پر لے جایا جائے گا یہاں تک کہ وہ میدان حشر تک پہنچ جائیں گے، صالح علیہ السلام کو ان کی اونٹنی پر سوار قبر سے اٹھایا جائے گا اور مجھے براق پر سوار کیا جائے گا اور میرے دونوں نواسوں حسن رضی اللہ عنہ اور حسین رضی اللہ عنہ کو جنت سے آئی ہوئی دو اونٹنیاں پر بٹھایا جائے گا اور بلال رضی اللہ عنہ کو بھی جنت کی اونٹنی پر سوار کیا جائے گا، وہ خالص توحید کی شہادت والی اذان دیں گے اور جب وہ اشھد ان محمد رسول اللہ کہیں گے تو اگلے پچھلے تمام مومن اس کی گواہی دیں گے، جس کی شہادت قبول ہونی ہوگی ہو جائے گی اور جس کی شہادت رد ہونی ہوگی رد ہو جائے گی۔ (۱)

جب صور پھونکا جائے گا تو سب سے پہلے رسول اللہ ﷺ اپنی قبر مبارک سے باہر آئیں گے اور وہی اہل ایمان کی قیادت کریں گے۔

عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنَا أَوَّلُ النَّاسِ خُرُوجًا إِذَا بُعِثُوا، وَأَنَا خَطِيبُهُمْ إِذَا وَفَدُوا، وَأَنَا مُبَشِّرُهُمْ إِذَا أَيِسُوا، لِوَاءُ الحَمْدِ يَوْمَئِذٍ بِيَدِي، وَأَنَا أَكْرَمُ وَلَدِ آدَمَ عَلَى رَبِّي وَلاَ فَخْرَ.

انس رضی اللہ عنہ بن مالک سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب لوگوں کو قبروں سے نکالا جائے گا تو سب سے پہلے میں قبر سے باہر آؤں گا جب لوگ بارگاہ الٰہی میں حاضر ہوں گے تو میں ان کا ترجمان ہوں گا اور جب لوگ مایوس ہو رہے ہوں گے تو میں انہیں خوشخبری سناؤں گا، اس روز حمد کا جھنڈا میرے ہاتھ میں ہو گا اور میں اپنے پروردگار کے ہاں ساری اولاد آدم سے زیادہ باعزت ہوں گا اور میں (اللہ کے کرم وفضل پر) فخر وغرور نہیں کرتا۔ (۲)

عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنَا أَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الأَرْضُ ثُمَّ أَبُو بَكْرٍ ثُمَّ عُمَرُ، ثُمَّ آتِي أَهْلَ البَقِيعِ فَيُحْشَرُونَ مَعِي، ثُمَّ أَنْتَظِرُ أَهْلَ مَكَّةَ حَتَّى أُحْشَرَ بَيْنَ الحَرَمَيْنِ.

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے ایک اور روایت میں ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا میں پہلا شخص ہوں گا جس کی قبر کو پھاڑا جائے گا، پھر ابو بکر رضی اللہ عنہ کی قبر شق کی جائے گی، پھر عمر رضی اللہ عنہ کو نکالا جائے گا، پھر میں (مدینہ منورہ کے قبرستان) بقیع میں آؤں گا تو میرے اصحاب کو میرے پاس جمع کیا جائے گا پھر میں اہل مکہ کا انتظار کروں گا جب مکہ مکرمہ کے قبرستان میں دفن صحابہ کرام رضی اللہ عنہم بھی قبروں سے نکل کر آجائیں گے تو میں حرمین شریفین کے اہل ایمان کے درمیان میدان حشر کی طرف روانہ ہوں گا۔ (۳)

بعض روایات میں عیسیٰ علیہ السلام کا ذکر بھی ہے۔

عَن عبد الله بن عَمْرو قا ل: قا ل رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَنْزِلُ عِيسَى بن مَرْيَمَ إِلَى الْأَرْضِ، فَيَتَزَوَّجُ وَيُولَدُ لَهُ وَيَمْكُثُ خَمْسًا وَأَرْبَعِينَ سَنَةً ، ثُمَّ يَمُوتُ فَيُدْفَنُ مَعِي فِي قَبْرِي، فأقوم أَنا وَعِيسَى بن مَرْيَمَ فِي قَبْرٍ وَاحِدٍ بَيْنَ أَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ

---

(۱) تفسیر مظہری ۶/۱۱۹، المعجم الکبیر للطبرانی ۲۶۲۹

(۲) جامع ترمذی ابواب المناقب بَابٌ فِي فَضْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۳۶۱۰

(۳) جامع ترمذی ابواب المناقب بَابٌ فِي مَنَاقِبِ أَبِي حَفْصٍ عُمَرَ بْنِ الخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ ۳۶۹۲

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا عیسیٰ علیہ السلام (قیامت سے پہلے) آسمان سے زمین پر اتریں گے، نکاح کریں گے اور ان کے اولاد ہوگی اور وہ پینتالیس سال تک زندہ رہیں گے، پھر فوت ہو جائیں گے اور میرے ساتھ میری قبر میں دفن ہوں گے، میں اور عیسیٰ بن مریم، سیدنا ابوبکر اور سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کے درمیان ایک ہی قبر (مقبرہ) سے اٹھیں گے۔[1]

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَنَا أَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الأَرْضُ فَأُكْسَى الحُلَّةَ مِنْ حُلَلِ الجَنَّةِ، ثُمَّ أَقُومُ عَنْ يَمِينِ العَرْشِ لَيْسَ أَحَدٌ مِنَ الخَلَائِقِ يَقُومُ ذَلِكَ المَقَامَ غَيْرِي.

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں وہ پہلا شخص ہوں گا جس سے (قبر کی) زمین پھاڑی جائے گی اور مجھے جنت کے جبوں میں سے جبہ پہنایا جائے گا پھر میں عرش کے دائیں جانب کھڑا ہوں گا میرے سوا وہاں کوئی کھڑا نہیں ہو سکے گا۔[2]

باری تعالیٰ نے فرمایا قبروں سے نکلنے کے بعد لوگ تین اقسام میں تقسیم ہو جائیں گے۔

اِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ① لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا كَاذِبَةٌ ② خَافِضَةٌ رَّافِعَةٌ ③ اِذَا رُجَّتِ الْاَرْضُ رَجًّا ④ وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ⑤ فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْۢبَثًّا ⑥ وَّ كُنْتُمْ اَزْوَاجًا ثَلٰثَةً ⑦ [3]

ترجمہ: جب وہ ہونے والا واقعہ پیش آجائے گا، تو کوئی اس کے وقوع کو جھٹلانے والا نہ ہوگا، وہ تہہ وبالا کر دینے والی آفت ہوگی، زمین اس وقت یکبارگی ہلا ڈالی جائے گی اور پہاڑ اس طرح ریزہ ریزہ کر دیے جائیں گے، تم لوگ اس وقت تین گروہوں میں تقسیم ہو جاؤ گے۔

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُحْشَرُ النَّاسُ يَوْمَ القِيَامَةِ ثَلَاثَةَ أَصْنَافٍ: صِنْفًا مُشَاةً، وَصِنْفًا رُكْبَانًا، وَصِنْفًا عَلَى وُجُوهِهِمْ، قِيلَ: يَا رَسُولَ اللهِ، وَكَيْفَ يَمْشُونَ عَلَى وُجُوهِهِمْ؟ قَالَ: إِنَّ الَّذِي أَمْشَاهُمْ عَلَى أَقْدَامِهِمْ قَادِرٌ عَلَى أَنْ يُمْشِيَهُمْ عَلَى وُجُوهِهِمْ، أَمَا إِنَّهُمْ يَتَّقُونَ بِوُجُوهِهِمْ كُلَّ حَدَبٍ وَشَوْكٍ.

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن انسانوں کو تین اقسام میں جمع کیا جائے گا بعض لوگ قبروں سے نکل کر پیدل میدان حشر کی طرف جائیں گے، بعض لوگ سواریوں پر سوار ہو کر بارگاہ الٰہی میں حاضر ہوں گے، اور بعض لوگ چہروں کے بل الٹے چل کر حاضر ہوں گے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! لوگ چہروں کے بل کیسے آئیں گے؟ فرمایا وہ ذات جس نے انہیں (دنیا میں) پاؤں پر چلایا وہی انہیں چہروں کے بل چلانے پر بھی قدرت رکھتا ہے، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضاحت فرمائی جب نافرمان لوگ قبروں سے نکل کر چہروں کے بل الٹے چلتے ہوئے میدان حشر کی طرف آئیں گے تو وہ زمین کی کنکریوں اور کانٹوں کو اپنے چہروں سے ہٹانے کی کوشش کریں گے۔[4]

الغرض اگر تم اس غفلت کا انجام اس طرح یقینی طور پر جان لو جس طرح دنیا کی کسی دیکھی بھالی چیز کا تمہیں یقین ہوتا ہے تو تم یقیناً اس

---

[1] مشکوٰۃ المصابیح باب نزول عیسیٰ بن مریم فصل ثالث ۵۵۰۸، وفاء الوفاء ۲/۱۲۲

[2] جامع ترمذی ابواب المناقب بَابٌ فِي فَضْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۳۶۱۱

[3] الواقعة ا تا ۷

[4] جامع ترمذی ابواب تفسیر القرآن بَابٌ وَمِنْ سُورَةِ بَنِي إِسْرَائِيلَ ۳۱۴۲، مسند احمد ۸۷۵۵

تکاثر و تفاخر میں مبتلا نہ ہوتے اور نہ تمہارا زندگی گزارنے کا یہ طرز عمل ہوتا۔

لَتَرَوُنَّ الْجَحِيمَ ۝ ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيْنَ الْيَقِينِ ۝ (التکاثر ۶،۷)

تو بیشک تم جہنم دیکھ لوگے اور تم اسے یقین کی آنکھ سے دیکھ لوگے۔

سب لوگ ننگے پاؤں، برہنہ جسم اور غیر مختون حالت میں قبروں سے باہر نکل آئیں گے،

وَلَقَدْ جِئْتُمُونَا فُرَادَىٰ كَمَا خَلَقْنَاكُمْ أَوَّلَ مَرَّةٍ... [۱]

ترجمہ: (اور اللہ فرمائے گا) لو اب تم ویسے ہی تن تنہا ہمارے سامنے حاضر ہو گئے جیسا ہم نے تمہیں پہلی مرتبہ اکیلا پیدا کیا تھا۔

اور بغیر کسی پس و پیش اللہ مالک یوم الدین کے دربار میں پیش ہو جائیں گے،

أَنَّ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تُحْشَرُونَ حُفَاةً عُرَاةً غُرْلًا قَالَتْ عَائِشَةُ: فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، الرِّجَالُ وَالنِّسَاءُ يَنْظُرُ بَعْضُهُمْ إِلَى بَعْضٍ؟ فَقَالَ: الأَمْرُ أَشَدُّ مِنْ أَنْ يُهِمَّهُمْ ذَاكِ

ام المومنین عائشہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم ننگے پاؤں، برہنہ جسم اور غیر مختون اٹھائے جاؤ گے عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ اس پر میں نے پوچھا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! تو کیا مرد اور عورتیں ایک دوسرے کو دیکھتے ہوں گے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے عائشہ رضی اللہ عنہا! اس وقت معاملہ اس سے کہیں زیادہ سخت ہو گا (سب پر قیامت کی ایسی دہشت غالب ہو گی) کہ اس کا خیال بھی کوئی نہیں کر سکے گا۔ [۲]

میدان محشر کی زمین کیسی ہو گی۔

سَهْلَ بْنَ سَعْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يُحْشَرُ النَّاسُ يَوْمَ القِيَامَةِ عَلَى أَرْضٍ بَيْضَاءَ عَفْرَاءَ، كَقُرْصَةِ نَقِيٍّ

سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میدان محشر کی زمین کی کیفیت کا تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا قیامت کے دن لوگوں کا حشر سفید و سرخی مائل زمین پر ہو گا جیسے میدہ کی روٹی صاف و سفید ہوتی ہے، اس زمین پر کسی (چیز) کا نشان نہ ہو گا۔ [۳]

فرشتے اللہ کے حکم سے لوگوں کے ہاتھوں میں نامہ اعمال تھمادیں گے، اس وقت جنت کو خوب سنوار کر اور جہنم کو خوب دہکا کر میدان محشر میں لایا جائے گا اور سب خلقت غیض و غضب سے پھٹتی جہنم کو اپنی انہی آنکھوں سے دیکھ لیں گے، میدان محشر میں اللہ رب العزت کے رعب و جلال سے لوگوں کی زبانیں گنگ اور خوف سے جسموں پر کپکپی طاری ہو گی، اعمال کا وزن کرنے کے لئے میدان محشر میں ترازو عدل قائم

[۱] الانعام ۹۴

[۲] صحیح بخاری کتاب الرقاق بَابٌ كَيْفَ الحَشْرُ ۶۵۲۷ ،صحیح مسلم کتاب الْجَنَّةِ وَصِفَةِ نَعِيمِهَا وَأَهْلِهَا بَابُ فَنَاءِ الدُّنْيَا وَبَيَانِ الْحَشْرِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۷۱۹۸ ،سنن ابن ماجہ كِتَابُ الزُّهْدِ بَابُ ذِكْرِ الْبَعْثِ ۴۲۷۶،سنن نسائی کتاب الجنائز باب الْبَعْثُ ۲۰۸۶، مسند احمد ۲۴۲۶۵

[۳] صحیح بخاری کتاب الرقاق بَابٌ يَقْبِضُ اللَّهُ الأَرْضَ يَوْمَ القِيَامَةِ ۶۵۲۱،المعجم الکبیر للطبرانی ۵۹۰۸،شرح السنة للبغوی ۴۳۰۵

کر دیا جائے گا جیسے فرمایا

وَنَضَعُ الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْـًٔا... ﴿۴۷﴾ [۱]

ترجمہ: قیامت کے روز ہم ٹھیک تولنے والے ترازو رکھ دیں گے پھر کسی شخص پر ذرا برابر ظلم نہ ہو گا۔

وَالْوَزْنُ يَوْمَئِذِ الْحَقُّ ۚ فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۸﴾ وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ بِمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَظْلِمُوْنَ ﴿۹﴾ [۲]

ترجمہ: اور وزن اس روز عین حق ہو گا جن کے پلڑے بھاری ہوں گے وہی فلاح پانے والے ہوں گے اور جن کے پلڑے ہلکے ہوں گے وہی اپنے آپ کو خسارے میں مبتلا کرنے والے ہوں گے کیونکہ وہ ہماری آیات کے ساتھ ظالمانہ برتاؤ کرتے رہے تھے۔

اللہ تعالیٰ بغیر کسی مترجم کے خود بات فرمائے گا۔

عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْكُمْ مِنْ أَحَدٍ إِلَّا سَيُكَلِّمُهُ رَبُّهُ، لَيْسَ بَيْنَهُ وَبَيْنَهُ تُرْجُمَانٌ، وَلاَ حِجَابٌ يَحْجُبُهُ

عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے کوئی ایسا نہیں ہو گا جس سے اس کا رب کلام نہ کرے، اس کے اور بندے کے درمیان کوئی ترجمان نہ ہو گا اور نہ کوئی حجاب ہو گا جو اسے چھپائے رکھے۔ [۳]

عَنْ جَرِيرٍ، قَالَ: كُنَّا جُلُوسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ نَظَرَ إِلَى القَمَرِ لَيْلَةَ البَدْرِ قَالَ: إِنَّكُمْ سَتَرَوْنَ رَبَّكُمْ كَمَا تَرَوْنَ هَذَا القَمَرَ، لاَ تُضَامُونَ فِي رُؤْيَتِهِ، فَإِنِ اسْتَطَعْتُمْ أَنْ لاَ تُغْلَبُوا عَلَى صَلاَةٍ قَبْلَ طُلُوعِ الشَّمْسِ، وَصَلاَةٍ قَبْلَ غُرُوبِ الشَّمْسِ، فَافْعَلُوا

جریر بن عبداللہ بجلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بیٹھے تھے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے چاند کی طرف دیکھا، چودھویں رات کا چاند تھا اور فرمایا تم لوگ اپنے رب کو اسی طرح دیکھو گے جس طرح اس چاند کو دیکھ رہے ہو اور اس کے دیکھنے میں کوئی دھکا پیل نہیں ہو گی، پس اگر تمہیں اس کی طاقت ہو کہ سورج طلوع ہونے کے پہلے اور سورج غروب ہونے کے پہلے کی نمازوں میں سستی نہ ہو ایسا کر لو۔ [۴]

○ اس پس منظر میں عدالت کی کاروائی شروع ہو جائے گی، اعمال کے وزن کے لئے میدان محشر میں میزان عدل قائم کر دیا جائے گا:

اللہ تعالیٰ نے متعدد مقامات پر فرمایا

وَالْوَزْنُ يَوْمَئِذِ الْحَقُّ ۚ فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۸﴾ وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ

---

[۱] الانبیاء ۴۷

[۲] الاعراف ۸،۹

[۳] صحیح بخاری کتاب التوحید الجھمیة بَابُ قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ نَاضِرَةٌ إِلَى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ ۷۴۴۳، شرح السنة للبغوی ۴۲۳۸

[۴] صحیح بخاری کتاب التوحید الجھمیة بابوُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ نَاضِرَةٌ ۷۴۳۴

خَسِرُوٓا اَنۡفُسَهُمۡ بِمَا كَانُوۡا بِاٰيٰتِنَا يَظۡلِمُوۡنَ ۝٩ (١)

ترجمہ: اور روزن اس روز عین حق ہوگا جن کے پلڑے بھاری ہوں گے وہی فلاح پانے والے ہوں گے، اور جن کے پلڑے ہلکے ہوں گے وہی اپنے آپ کو خسارے میں مبتلا کرنے والے ہوں گے کیونکہ وہ ہماری آیات کے ساتھ ظالمانہ برتاؤ کرتے رہے تھے۔

فَاَمَّا مَنۡ ثَقُلَتۡ مَوَازِيۡنُهٗ ۝٦ فَهُوَ فِىۡ عِيۡشَةٍ رَّاضِيَةٍ ۝٧ وَاَمَّا مَنۡ خَفَّتۡ مَوَازِيۡنُهٗ ۝٨ فَاُمُّهٗ هَاوِيَةٌ ۝٩ وَمَاۤ اَدۡرٰٮكَ مَا هِيَهۡ ۝١٠ نَارٌ حَامِيَةٌ ۝١١ (٢)

ترجمہ: پھر جس کے پلڑے بھاری ہوں گے وہ دل پسند عیش میں ہوگا اور جس کے پلڑے ہلکے ہوں گے اس کی جائے قرار گہری کھائی ہو گی، اور تمہیں کیا خبر کہ وہ کیا چیز ہے؟ بھڑکتی ہوئی آگ۔

اُولٰٓـئِكَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمۡ وَلِقَآئِهٖ فَحَبِطَتۡ اَعۡمَالُهُمۡ فَلَا نُقِيۡمُ لَهُمۡ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ وَزۡنًا ۝١٠٥ ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمۡ جَهَنَّمُ بِمَا كَفَرُوۡا وَاتَّخَذُوۡۤا اٰيٰتِىۡ وَرُسُلِىۡ هُزُوًا ۝١٠٦ (٣)

ترجمہ: یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے رب کی آیات کو ماننے سے انکار کیا اور اس کے حضور پیشی کا یقین نہ کیا اس لیے ان کے سارے اعمال ضائع ہو گئے قیامت کے روز ہم انہیں کوئی وزن نہ دیں گے، ان کی جزا جہنم ہے اس کفر کے بدلے جو انہوں نے کیا اور اس مذاق کی پاداش میں جو وہ میری آیات اور میرے رسولوں کے ساتھ کرتے رہے۔

اس وقت نفسا نفسی کا عالم ہوگا ہر انسان شدید خوف و گھبراہٹ کا شکار ہوگا کہ اس کے ساتھ کیا ہونے والا ہے۔

عَنْ عَائِشَةَ، أَنَّهَا ذَكَرَتِ النَّارَ فَبَكَتْ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:مَا يُبْكِيكِ؟ قَالَتْ: ذَكَرْتُ النَّارَ فَبَكَيْتُ، فَهَلْ تَذْكُرُونَ أَهْلِيكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَمَّا فِي ثَلَاثَةِ مَوَاطِنَ فَلَا يَذْكُرُ أَحَدٌ أَحَدًا: عِنْدَ الْمِيزَانِ حَتَّى يَعْلَمَ أَيَخِفُّ مِيزَانُهُ أَوْ يَثْقُلُ، وَعِنْدَ الْكِتَابِ حِينَ يُقَالُ {هَاؤُمُ اقْرَءُوا كِتَابِيَهْ} حَتَّى يَعْلَمَ أَيْنَ يَقَعُ كِتَابُهُ أَفِي يَمِينِهِ أَمْ فِي شِمَالِهِ أَمْ مِنْ وَرَاءِ ظَهْرِهِ، وَعِنْدَ الصِّرَاطِ إِذَا وُضِعَ بَيْنَ ظَهْرَيْ جَهَنَّمَ

ام المومنین عائشہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے انہوں نے جہنم کا ذکر کیا اور رونے لگیں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا تجھے کس چیز نے رلایا ہے؟ کہنے لگیں مجھے جہنم کی آگ یاد آئی تو بے ساختہ رونا آ گیا پھر انہوں نے عرض کیا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! کیا آپ قیامت کے دن اپنے گھر والوں کو یاد رکھیں گے؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن تین مقامات ایسے ہوں گے جہاں کوئی کسی کو یاد نہیں کرے گا، ترازو کے پاس حتی کہ اسے پتا چل جائے کہ اس کی نیکیوں کا پلڑا ہلکا ہوا یا بھاری اور نامہ اعمال کی تقسیم کے وقت، جب کہا جائے گا لو گو! آؤ میرا نامہ اعمال پڑھو حتی کہ جان لے کہ اس کا اعمال نامہ اس کے دائیں ہاتھ میں تھمایا جاتا ہے، یا بائیں میں یا کمر کے پیچھے سے، اور اور (تیسرا مقام) پل صراط ہے جب اسے جہنم پر عین وسط میں ٹکایا جائے گا۔ (۴)

(١) الاعراف ۸،۹

(٢) القارعة ٦ تا ١١

(٣) الكهف ١٠٦،١٠٥

(٤) سنن ابوداود کتاب السنته بَابٌ فِي ذِكْرِ الْمِيزَانِ ۴۷۵۵

بھائیو! اللہ کا قانون جزا وسزا اتنا مستحکم اور ہمہ گیر ہے کہ ابراہیم خلیل اللہ جیسے جلیل القدر پیغمبر اپنے باپ کو بھی عذاب الٰہی سے بچا نہیں سکیں گے تو کسی دوسرے پیر، فقیر یا نبی ولی کی کیا مجال ہے کہ وہ روز قیامت کسی کی نجات کا دم بھرے۔

بعض سعادت مند ایسے بھی ہوں گے جنہیں بغیر حساب ہی معاف کر دیا جائے گا۔

حَدَّثَنِي ابْنُ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:عُرِضَتْ عَلَيَّ الأُمَمُ، فَأَخَذَ النَّبِيُّ يَمُرُّ مَعَهُ الأُمَّةُ، وَالنَّبِيُّ يَمُرُّ مَعَهُ النَّفَرُ، وَالنَّبِيُّ يَمُرُّ مَعَهُ العَشَرَةُ، وَالنَّبِيُّ يَمُرُّ مَعَهُ الخَمْسَةُ، وَالنَّبِيُّ يَمُرُّ وَحْدَهُ، فَنَظَرْتُ فَإِذَا سَوَادٌ كَثِيرٌ، قُلْتُ: يَا جِبْرِيلُ، هَؤُلاَءِ أُمَّتِي؟ قَالَ: لاَ، وَلَكِنِ انْظُرْ إِلَى الأُفُقِ، فَنَظَرْتُ فَإِذَا سَوَادٌ كَثِيرٌ، قَالَ: هَؤُلاَءِ أُمَّتُكَ، وَهَؤُلاَءِ سَبْعُونَ أَلْفًا قُدَّامَهُمْ لاَ حِسَابَ عَلَيْهِمْ وَلاَ عَذَابَ، قُلْتُ: وَلِمَ؟ قَالَ: كَانُوا لاَ يَكْتَوُونَ، وَلاَ يَسْتَرْقُونَ، وَلاَ يَتَطَيَّرُونَ ، وَعَلَى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُونَ " فَقَامَ إِلَيْهِ عُكَّاشَةُ بْنُ مِحْصَنٍ، فَقَالَ: ادْعُ اللَّهَ أَنْ يَجْعَلَنِي مِنْهُمْ، قَالَ:اللَّهُمَّ اجْعَلْهُ مِنْهُمْ ثُمَّ قَامَ إِلَيْهِ رَجُلٌ آخَرُ قَالَ: ادْعُ اللَّهَ أَنْ يَجْعَلَنِي مِنْهُمْ، قَالَ:سَبَقَكَ بِهَا عُكَّاشَةُ

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے سامنے امتیں پیش کی گئیں، کسی نبی کے ساتھ پوری امت گزری ، کسی نبی کے ساتھ چند آدمی گزرے، کسی نبی کے ساتھ دس آدمی گزرے، کسی نبی کے ساتھ پانچ آدمی گزرے،اور کوئی نبی تنہا گزرا پھر میں نے دیکھا تو انسانوں کی ایک بہت بڑی جماعت دور سے نظر آئی،میں نے جبریل ؑ سے پوچھا کیا یہ میری امت ہے؟ انہوں نے جواب دیا کہ نہیں، بلکہ آپ افق کے اس طرف دیکھیں،میں نے دیکھا تو ایک بہت زبردست جماعت دکھائی دی جبرائیل علیہ السلام نے کہا یہ آپ کی امت ہے اور یہ جو آگے آگے ستر ہزار افراد کی تعداد ہے ان لوگوں سے نہ حساب لیا جائے گا اور نہ ان پر عذاب ہو گا میں نے پوچھا ایسا کیوں ہو گا؟ انہوں نے جواب دیا اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ لوگ اپنے جسموں پر داغ نہیں لگواتے،دم جھاڑ نہیں کرواتے تھے،شگون نہیں لیتے تھے اور اپنے رب پر بھروسہ کرتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے یہ عظیم خوشخبری سن کر عکاشہ رضی اللہ عنہ بن محصن اٹھ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف بڑھے اور عرض کیا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ مجھے بھی ان لوگوں میں شامل فرما دے،رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا فرمائی اے اللہ! انہیں بھی ان میں شامل فرما،اس کے بعد ایک اور صحابی کھڑے ہوئے اور عرض کیا میرے لئے بھی دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ مجھے بھی ان میں شامل کر دے،سید الامم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عکاشہ رضی اللہ عنہ اس میں تم سے سبقت لے گئے ہیں۔ [1]

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے جب ستر ہزار خوش نصیبوں کے بغیر حساب جنت میں داخل ہونے کی عظیم بشارت سنی تو صحابہ کرام کو تشوش اور فکرمندی ہوئی کہ وہ خوش قسمت کون لوگ ہوں گے،رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب صحابہ کرام کی فکرمندی کا علم ہوا تو آپ مسلسل تین دن تک اللہ کی بارگاہ میں اس تعداد میں اضافہ کے لئے دعائیں فرماتے رہے،اللہ تعالیٰ نے آپ کی دعا کو شرف قبولیت بخشا اور اس تعداد میں اضافہ کر دیا،

عن عمرو بن حزم الأنصاري رضى الله تعالى عنه قال: احتبس عنارَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثلاثا لايخرج إلا إلى صلاة مكتوبة ثم يرجع ، فلما كان اليوم الرابع خرج إلينا صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فقلنا: يا رسول الله احتبست عنا حتى ظننا أنه حدث حدث، قال: لم يحدث الأخير إن ربي وعدني أن يدخل من أمتي الجنة سَبْعُونَ أَلْفًا لا

[1] صحيح بخارى كتاب الرقاق بَابٌ يَدْخُلُ الجَنَّةَ سَبْعُونَ أَلْفًا بِغَيْرِ حِسَابٍ۶۵۴۱

حساب وإني سألت ربي في هذه الثلاث أيام المزيد فوجدت ربي ماجدا كريما فأعطاني مع كل واحدٍ سبعين ألفًا

عمرو بن حزم انصاری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ کا تین دن تک یہ معمول رہا کہ آپ صرف فرض نمازوں کے لئے مسجد میں تشریف لاتے اور باقی وقت خلوت نشین رہتے اور کسی سے کوئی گفتگو یا ملاقات نہ فرماتے اس صورت حال سے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو تشویش ہوئی، بعض صحابہ رضی اللہ عنہم نے یہ خدشہ ظاہر کیا کہ کوئی بڑا حادثہ ہوگیا ہے جس کی وجہ سے آپ ﷺ پریشان ہیں لیکن کسی کو پوچھنے کی جرات نہیں ہوتی تھی، جب چوتھا دن ہوا تو آپ حجرہ سے باہر تشریف لائے تو صحابہ نے عرض کیا اے اللہ کے رسول ﷺ! آپ ہم سے (تین دن) الگ تھلگ رہے یہاں تک کہ ہمیں اندیشہ لاحق ہوا کہ کوئی حادثہ رونما ہوگیا ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا بڑا ہی خوش کن واقعہ پیش آیا ہے اور وہ یہ ہے کہ میرے رب نے مجھ سے وعدہ فرمایا تھا کہ میری امت میں سے ستر ہزار افراد کو بغیر حساب جنت میں داخل فرمائے گا (جبکہ میری امت کی کثرت کے اعتبار سے یہ تعداد بہت کم تھی) لہذا میں ان تین دنوں میں اپنے رب سے اس تعداد میں مزید اضافے کا سوال اور دعا کرتا رہا تو میں نے اپنے رب کو بڑا کریم پایا ہے اس نے مجھے ان ستر ہزار میں سے ہر ایک کے ساتھ ستر ہزار عطا فرمادیا ہے یعنی ان ستر ہزار میں سے ہر ایک کے ساتھ میرا ستر ہزار امتی بغیر حساب جنت میں جائے گا۔ (۱)

بعض خوش نصیبوں سے ہلکا حساب لیا جائے گا۔

عَنْ صَفْوَانَ بْنِ مُحْرِزٍ المَازِنِيِّ، قَالَ: بَيْنَمَا أَنَا أَمْشِي، مَعَ ابْنِ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا آخِذٌ بِيَدِهِ، إِذْ عَرَضَ رَجُلٌ، فَقَالَ: كَيْفَ سَمِعْتَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ فِي النَّجْوَى؟ فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: " إِنَّ اللَّهَ يُدْنِي المُؤْمِنَ، فَيَضَعُ عَلَيْهِ كَنَفَهُ وَيَسْتُرُهُ، فَيَقُولُ: أَتَعْرِفُ ذَنْبَ كَذَا، أَتَعْرِفُ ذَنْبَ كَذَا؟ فَيَقُولُ: نَعَمْ أَيْ رَبِّ، حَتَّى إِذَا قَرَّرَهُ بِذُنُوبِهِ، وَرَأَى فِي نَفْسِهِ أَنَّهُ هَلَكَ، قَالَ: سَتَرْتُهَا عَلَيْكَ فِي الدُّنْيَا، وَأَنَا أَغْفِرُهَا لَكَ اليَوْمَ، فَيُعْطَى كِتَابَ حَسَنَاتِهِ

صفوان بن محرز رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ایک مرتبہ میں نے عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کا ہاتھ پکڑا ہوا تھا ایک آدمی آ کر کہنے لگا کہ قیامت کے دن جو سرگوشی ہوگی اس کے متعلق آپ نے نبی کریم ﷺ سے کیا سنا ہے؟ عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ اللہ تعالیٰ ایک بندہ مومن کو اپنے قریب کرے گا اور اس پر اپنی چادر ڈال کر اسے لوگوں کی نگاہوں سے مستور کر لے گا اور اس سے اس کے گناہوں کا اقرار کروائے گا، اللہ تعالیٰ اس سے فرمائے گا کیا تجھ کو فلاں گناہ یاد ہے؟ کیا فلاں گناہ تجھ کو یاد ہے؟ وہ مومن کہے گا ہاں، اے میرے پروردگار! جب وہ اپنے سارے گناہوں کا اقرار کر چکے گا اور اپنے دل میں یہ سوچ لے گا کہ اب تو وہ ہلاک ہوگیا تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا میں نے دنیا میں تیرے گناہوں پر پردہ ڈالے رکھا اور آج بھی میں تیری مغفرت کرتا ہوں چنانچہ اسے اس کی نیکیوں کی کتاب دے دی جائے گی۔ (۲)

بعض گناہ گاروں کو کلمہ شہادت کے وزن پر معاف کر دیا جائے گا۔

---

(۱) تفسیرالالوسی - روح المعانی ۸/۴۵۲

(۲) صحیح بخاری کتاب المظالم بَابُ قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى أَلاَ لَعْنَةُ اللَّهِ عَلَى الظَّالِمِينَ ۲۴۴۱

عَبْدَ اللهِ بْنَ عَمْرِو بْنِ العَاصِ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ اللَّهَ سَيُخَلِّصُ رَجُلاً مِنْ أُمَّتِي عَلَى رُءُوسِ الخَلَائِقِ يَوْمَ القِيَامَةِ فَيَنْشُرُ عَلَيْهِ تِسْعَةً وَتِسْعِينَ سِجِلًّا كُلُّ سِجِلٍّ مِثْلُ مَدِّ البَصَرِ، ثُمَّ يَقُولُ: أَتُنْكِرُ مِنْ هَذَا شَيْئًا؟ أَظَلَمَكَ كَتَبَتِي الحَافِظُونَ؟ فَيَقُولُ: لاَ يَا رَبِّ، فَيَقُولُ: أَفَلَكَ عُذْرٌ؟فَيَقُولُ: لاَ يَا رَبِّ، فَيَقُولُ: بَلَى إِنَّ لَكَ عِنْدَنَا حَسَنَةً، فَإِنَّهُ لاَ ظُلْمَ عَلَيْكَ اليَوْمَ، فَتَخْرُجُ بِطَاقَةٌ فِيهَا: أَشْهَدُ أَنْ لاَ إِلَهَ إِلاَّ اللَّهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، فَيَقُولُ: احْضُرْ وَزْنَكَ، فَيَقُولُ: يَا رَبِّ مَا هَذِهِ البِطَاقَةُ مَعَ هَذِهِ السِّجِلاَّتِ، فَقَالَ: إِنَّكَ لاَ تُظْلَمُ، قَالَ: فَتُوضَعُ السِّجِلاَّتُ فِي كَفَّةٍ وَالبِطَاقَةُ فِي كَفَّةٍ، فَطَاشَتِ السِّجِلاَّتُ وَثَقُلَتِ البِطَاقَةُ، فَلاَ يَثْقُلُ مَعَ اسْمِ اللهِ شَيْءٌ.

عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن میری امت کا ایک گنہگار بارگاہ الٰہی میں پیش کیا جائے گا اس کے سامنے اس کے گناہوں کے ننانوے رجسٹر پھیلا دیے جائیں گے اور ہر رجسٹر اتنا طویل وعریض ہوگا کہ جہاں تک اس مجرم کی نظر جائے گی رب العالمین فرمائے گا کیا تم اپنے گناہوں میں سے کسی کا انکار کرتے ہو؟ میرے کاتبوں، حفاظت کرنے والوں نے کوئی تجھ پر کوئی ظلم کیا ہے؟ وہ عرض کرے گا نہیں اے میرے رب! اللہ تعالیٰ فرمائے گا کیا تم کوئی عذر پیش کرنا چاہتے ہو؟ وہ عرض کرے گا نہیں اے میرے رب! اللہ تعالیٰ فرمائے گا تمہاری ایک نیکی ہمارے پاس محفوظ ہے اور تجھ پر ذرہ برابر ظلم نہیں کیا جائے گا، اللہ تعالیٰ ایک پرچی نکالے گا اس پر لکھا ہوگا اشھد ان لاالہ الااللہ واشھدان محمدعبدہ ورسولہ ( میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی الٰہ نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں محمد اللہ کے بندے اور رسول ہیں ) پھر فرمائے گا اپنے اعمال کو وزن کرنے کے لئے جاؤ، وہ عرض کرے گا کہ اے میرے رب! ان رجسٹروں کے مقابلہ میں میری اس پرچی کا کیا وزن ہوگا، اللہ تعالیٰ فرمائے گا تجھ پر ظلم نہیں کیا جائے گا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پھر گناہوں کے وہ رجسٹر میزان کے ایک پلڑے میں رکھ دیے جائیں گے اور وہ پرچی دوسرے پلڑے میں رکھ دی جائے گی پس وہ گناہوں کے وہ سارے رجسٹر ہلکے ہو جائیں گے اور وہ پرچی بھاری ہو جائے گی، اور کوئی اللہ تعالیٰ کے نام مبارک کے آگے کوئی چیز برابر نہیں ہوسکتی۔[1]

مگر کافر، مشرک اور نافرمان لوگ اپنے نامہ اعمال کو پڑھ کر اپنے اعمال سے انکار کر دیں گے تو اللہ تعالیٰ ان کے منہ پر مہر لگا دے گا اور ان کے اعضا کو قوت گویائی عطا فرما کر گواہی کا حکم دے گے، جیسے فرمایا

اَلْیَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰۤى اَفْوَاهِهِمْ وَ تُكَلِّمُنَاۤ اَیْدِیْهِمْ وَ تَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا یَكْسِبُوْنَ ۶۵ [2]

ترجمہ: آج ہم ان کے منہ بند کیے دیتے ہیں، ان کے ہاتھ ہم سے بولیں گے اور ان کے پاؤں گواہی دیں گے کہ یہ دنیا میں کیا کمائی کرتے رہے ہیں۔

وَیَوْمَ یُحْشَرُ اَعْدَآءُ اللّٰهِ اِلَى النَّارِ فَهُمْ یُوْزَعُوْنَ ۱۹ حَتّٰۤى اِذَا مَا جَآءُوْهَا شَهِدَ عَلَیْهِمْ سَمْعُهُمْ وَ اَبْصَارُهُمْ وَ جُلُوْدُهُمْ بِمَا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ۲۰ وَ قَالُوْا لِجُلُوْدِهِمْ لِمَ شَهِدْتُّمْ عَلَیْنَا قَالُوْۤا اَنْطَقَنَا اللّٰهُ الَّذِیْۤ اَنْطَقَ كُلَّ شَیْءٍ وَّ هُوَ خَلَقَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّ اِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ ۲۱ وَ مَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ اَنْ یَّشْهَدَ عَلَیْكُمْ سَمْعُكُمْ وَ لَاۤ

[1] جامع ترمذی ابواب الایمان بَابُ مَا جَاءَ فِيمَنْ يَمُوتُ وَهُوَ يَشْهَدُ أَنْ لاَ إِلَهَ إِلاَّ اللَّه۲۶۳۹

[2] یٰسین ۶۵

اَبۡصَارُكُمۡ وَلَا جُلُوۡدُكُمۡ وَلٰكِنۡ ظَنَنۡتُمۡ اَنَّ اللّٰهَ لَا يَعۡلَمُ كَثِيۡرًا مِّمَّا تَعۡمَلُوۡنَ ۞ وَذٰلِكُمۡ ظَنُّكُمُ الَّذِىۡ ظَنَنۡتُمۡ بِرَبِّكُمۡ اَرۡدٰٮكُمۡ فَاَصۡبَحۡتُمۡ مِّنَ الۡخٰسِرِيۡنَ ۞ [1]

ترجمہ:اور ذرااس وقت کاخیال کرو جب اللہ کے یہ دشمن دوزخ کی طرف گھیرلائے جائیں گے،ان کے اگلوں کو پچھلوں کے آنے تک روک رکھاجائے گاپھر جب سب وہاں پہنچ جائیں گے تو ان کے کان اور ان کی آنکھیں اور ان کے جسم کی کھالیں ان پر گواہی دیں گی کہ وہ دنیامیں کیا کچھ کرتے رہے ہیں،وہ اپنے جسم کی کھالوں سے کہیں گے تم نے ہمارے خلاف کیوں گواہی دی؟وہ جواب دیں گےہمیں اسی اللہ نے گویائی دی ہے جس نے ہر چیز کو گویا کر دیا ہے اسی نے تم کو پہلی مرتبہ پیدا کیا تھااور اب اسی کی طرف تم واپس لائے جارہے ہو،تم دنیامیں جرائم کرتے وقت جب چھپتے تھے تو تمہیں یہ خیال نہ تھا کہ کبھی تمہارے اپنے کان اور تمہاری آنکھیں اور تمہارے جسم کی کھالیں تم پر گواہی دیں گے بلکہ تم نے تو یہ سمجھا تھا کہ تمہارے بہت سے اعمال کی اللہ کو بھی خبر نہیں ہے،تمہارا یہی گمان جو تم نے اپنے رب کے ساتھ کیا تھاتمہیں لے ڈوبااور اسی کی بدولت تم خسارے میں پڑ گئے۔

عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كُنَّا عِنْدَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضَحِكَ، فَقَالَ:هَلْ تَدْرُونَ مِمَّ أَضْحَكُ؟ قَالَ قُلْنَا: اللهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ، قَالَ:مِنْ مُخَاطَبَةِ الْعَبْدِ رَبَّهُ، يَقُولُ: يَا رَبِّ أَلَمْ تُجِرْنِي مِنَ الظُّلْمِ؟ قَالَ: يَقُولُ: بَلَى، قَالَ: فَيَقُولُ: فَإِنِّي لَا أُجِيزُ عَلَى نَفْسِي إِلَّا شَاهِدًا مِنِّي، قَالَ: فَيَقُولُ: كَفَى بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ شَهِيدًا، وَبِالْكِرَامِ الْكَاتِبِينَ شُهُودًا، قَالَ: فَيُخْتَمُ عَلَى فِيهِ، فَيُقَالُ لِأَرْكَانِهِ: انْطِقِي، قَالَ: فَتَنْطِقُ بِأَعْمَالِهِ، قَالَ: ثُمَّ يُخَلَّى بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْكَلَامِ، قَالَ فَيَقُولُ: بُعْدًا لَكُنَّ وَسُحْقًا، فَعَنْكُنَّ كُنْتُ أُنَاضِلُ

انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ہم رسول اللہ ﷺ کی مجلس میں بیٹھے ہوئے تھے اتنے میں آپ ﷺ ہنسے،سید الامم ﷺ نے فرمایا کیا تم جانتے ہومیں کس واسطے ہنستاہوں؟ہم نے عرض کیااللہ اور اس کارسول ہی خوب جانتے ہیں،سید الانام ﷺ نے فرمایا میں بندے کی اس گفتگو پر ہنساہوں جو وہ اپنے پروردگار سے کرے گابندہ کہے گااے میرے پروردگار! کیا تو مجھے ظلم سے پناہ نہیں دے چکاہے؟(یعنی تونے وعدہ کیاہے کہ ظلم نہ کروں گا)اللہ تعالیٰ فرمائے گاہاں،آپ ﷺ نے فرمایاپھر بندہ کہے گا کہ میں اپنے اوپر اپنی ذات کے سواکسی کی گواہی کو جائزاور صحیح نہیں سمجھتا(یعنی میں اپنے نامہ اعمال میں درج برائیوں کو صحیح تسلیم نہیں کرتا)پروردگار فرمائے گااچھا آج کے دن تیری ذات کی گواہی اور کراماً کاتبین کی گواہی ہی کافی ہے،پھر سید الامم ﷺ نے فرمایاپھر اس بندے کے منہ پر مہر لگ جائے گی اور اس کے جسمانی اعضاکو بولنے کاحکم دیاجائے گااور وہ اس کے سارے اعمال کی گواہی دیں گے،پھر بندے کو بات کرنے کی اجازت دی جائے گی،بندہ اپنے جسم کے اعضاسے کہے گاچلو دور ہوجاؤ،اللہ کی مار تم پر میں تو تمہاری وجہ سے جھگڑاکر رہاتھا۔[2]

○ اللہ تعالیٰ نے اپنے رحم وکرم سے ہربستی میں نبی اور رسول مبعوث فرمائے،انسانوں کی ہدایت ورہنمائی کے لئے بعض پر کتابیں نازل فرمائیں

---

[1] حم السجدة۱۹تا۲۳

[2] صحیح مسلم کِتَابُ الزُّهْدِ وَالرَّقَائِقِ باب لدنیاسجن المومن وجنت الکافر ۷۴۳۹، صحیح ابن حبان۷۳۵۸،شعب الایمان۲۶۰، مسندابی یعلی ۳۹۷۷

تا کہ انسان طاغوت کی بندگی چھوڑ کر اپنے رب کی طرف پلٹ آئے، مگر میدان محشر میں جس طرح مجرم اپنے گناہوں سے انکار کریں گے اسی طرح بعض رسولوں کے امتی اپنے رسول کا ہی انکار کریں گے اور انہیں پہچاننے سے ہی انکار کر دیں گے۔

عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُدْعَى نُوحٌ يَوْمَ القِيَامَةِ، فَيَقُولُ: لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ يَا رَبِّ، فَيَقُولُ: هَلْ بَلَّغْتَ؟ فَيَقُولُ: نَعَمْ، فَيُقَالُ لِأُمَّتِهِ: هَلْ بَلَّغَكُمْ؟ فَيَقُولُونَ: مَا أَتَانَا مِنْ نَذِيرٍ، فَيَقُولُ: مَنْ يَشْهَدُ لَكَ؟ فَيَقُولُ: مُحَمَّدٌ وَأُمَّتُهُ، فَتَشْهَدُونَ أَنَّهُ قَدْ بَلَّغَ: {وَيَكُونَ الرَّسُولُ عَلَيْكُمْ شَهِيدًا} [1] فَذَلِكَ قَوْلُهُ جَلَّ ذِكْرُهُ: {وَكَذَلِكَ جَعَلْنَاكُمْ أُمَّةً وَسَطًا لِتَكُونُوا شُهَدَاءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُونَ الرَّسُولُ عَلَيْكُمْ شَهِيدًا} [2]

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا روز قیامت نوح علیہ السلام کو بلایا جائے گا وہ عرض کریں گے لبیک وسعدیک، اللہ رب العزت فرمائے گا کیا تم نے (اپنی قوم کو) میرا پیغام پہنچا دیا تھا؟ نوح علیہ السلام عرض کریں گے میں نے (اپنی قوم کو) تیرا پیغام پہنچا دیا تھا، پھران کی امت سے پوچھا جائے گا کیا انہوں نے تمہیں میرا پیغام پہنچایا تھا؟ وہ لوگ کہیں گے کہ ہمارے پاس تو کوئی ڈرانے والا نہیں آیا، اللہ تعالیٰ (نوح علیہ السلام سے) فرمائے گا آپ کے حق میں کوئی گواہی بھی دے سکتا ہے؟ وہ کہیں گے محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی امت میری گواہ ہے، چنانچہ سید الامم صلی اللہ علیہ وسلم کی امت ان کے حق میں گواہی دے گی کہ انہوں نے اپنا تبلیغی فریضہ ادا کیا تھا اور رسول (یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) اپنی امت کے حق میں گواہی دیں گے (کہ انہوں نے سچی گواہی دی ہے) یہی مراد ہے اللہ کے اس ارشاد سے کہ اور اسی طرح ہم نے تم کو امت وسط بنایا تا کہ تم لوگوں کے لئے گواہی دو اور رسول تمہارے لئے گواہی دیں۔[3]

عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَجِيءُ النَّبِيُّ وَمَعَهُ الرَّجُلَانِ، وَيَجِيءُ النَّبِيُّ وَمَعَهُ الثَّلَاثَةُ، وَأَكْثَرُ مِنْ ذَلِكَ، وَأَقَلُّ، فَيُقَالُ لَهُ: هَلْ بَلَّغْتَ قَوْمَكَ؟ فَيَقُولُ: نَعَمْ، فَيُدْعَى قَوْمُهُ، فَيُقَالُ: هَلْ بَلَّغَكُمْ؟ فَيَقُولُونَ: لَا، فَيُقَالُ: مَنْ يَشْهَدُ لَكَ؟ فَيَقُولُ: مُحَمَّدٌ وَأُمَّتُهُ، فَتُدْعَى أُمَّةُ مُحَمَّدٍ، فَيُقَالُ: هَلْ بَلَّغَ هَذَا؟ فَيَقُولُونَ: نَعَمْ، فَيَقُولُ: وَمَا عِلْمُكُمْ بِذَلِكَ؟ فَيَقُولُونَ: أَخْبَرَنَا نَبِيُّنَا بِذَلِكَ أَنَّ الرُّسُلَ قَدْ بَلَّغُوا فَصَدَّقْنَاهُ،

ابوسعید رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن ایک نبی بارگاہ الٰہی میں پیش کیا جائے گا اور ان کے ساتھ (ان پر ایمان لانے والے) صرف دو آدمی ہوں گے، دوسرے نبی کو لایا جائے گا تو ان کی پیروکار صرف تین آدمی ہوں گے اور کسی نبی کے ساتھ اس سے زیادہ اور اس سے کم ہوں گے پھر اس نبی سے سوال کیا جائے گا کیا آپ نے اپنی قوم کو اللہ کا پیغام پہنچا دیا تھا؟ وہ بارگاہ الٰہی میں عرض کریں گے ہاں میرے رب! میں نے تیرا پیغام ان لوگوں تک پہنچا دیا تھا، پھر اس کی قوم بلائی جائے گی اور ان سے پوچھا جائے گا کہ کیا اس نبی نے تمہیں اللہ کا پیغام پہنچا دیا تھا؟ وہ کہیں گے ہرگز نہیں، یعنی ہمارے پاس کوئی ڈرانے والا اور خوشخبری دینے والا نہیں آیا، آخر اس نبی سے کہا جائے گا

---

[1] البقرة: ۱۴۳

[2] البقرة: ۱۴۳

[3] صحيح بخاری كتاب التفسيرسورة بقره بَابُ قَوْلِهِ تَعَالَى وَكَذَلِكَ جَعَلْنَاكُمْ أُمَّةً وَسَطًا لِتَكُونُوا شُهَدَاءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُونَ الرَّسُولُ عَلَيْكُمْ شَهِيدًا ۴۴۸۷

تمہارا گواہ کون ہے؟ وہ عرض کریں گے کہ محمد ﷺ اور ان کی امت میری گواہ ہے، پس محمد رسول اللہ ﷺ کی امت کو بلایا جائے گا اور ان سے سوال کیا جائے گا کہ کیا اس نبی نے اپنی امت کو اللہ کا پیغام پہنچایا تھا یا نہیں؟ امت محمد یہ عرض کرے گی بے شک پہنچایا تھا، ان سے پوچھا جائے گا تم کو کیوں کر معلوم ہوا کہ انبیاء نے اپنی اپنی امت کو دعوت حق پہنچادی تھی، امت محمد یہ عرض کرے گی ہمارے نبی محمد ﷺ نے ہمیں خبر دی تھی کہ تمام انبیاء نے اپنی اپنی امت کو اللہ کی توحید واحکامات پہنچانے کا حق ادا کر دیا تھا، تو ہم اپنے نبی ﷺ کے بتلانے پر گواہی دیتے ہیں کہ ان انبیاء نے تبلیغ کا فریضہ بااحسن وخوبی ادا کر دیا تھا۔ (۱)

الغرض اعمال کے وزن اور انصاف کے تمام تقاضوں کو پورا کرنے کے بعد کفار، مشرکین اور منافقوں کے بارے میں سرعام یہ اعلان ہو گا

هٰۤؤُلَآءِ الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ اَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ (۲)

یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے پروردگار پر جھوٹ باندھا تھا خبردار ظالموں پر تو اللہ کی پھٹکار ہے۔ (۳)

پل صراط:

○ ام المومنین عائشہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت میں تین سخت ترین مراحل کا ذکر ہو چکا ہے، ایک اعمال نامہ کی تقسیم کے وقت، دوسرا اعمال کے وزن کے وقت اور تیسرا سخت ترین مرحلہ پل صراط کا ہو گا، پل صراط کیا ہے، یہ ایک پل ہو گا جسے جہنم کے وسط میں دونوں کناروں پر نصب کر دیا جائے گا اور اس کے نیچے جہنم کی دہکتی آگ ہو گی اور ہر انسان کو لازماً اس پر سے گزرنا ہو گا، جن لوگوں نے دنیا میں تقویٰ اور پرہیزگاری کی زندگی گزاری ہو گی وہ اس بال سے زیادہ باریک اور تلوار کی دھار سے زیادہ تیز پل پر سے بخیر وعافیت گزر جائیں گے جبکہ کافر، مشرک اور نافرمان وبےعمل اس میں گر پڑیں گے جیسے فرمایا

وَاِنْ مِّنْكُمْ اِلَّا وَارِدُهَا ۚ كَانَ عَلٰى رَبِّكَ حَتْمًا مَّقْضِيًّا ﴿۷۱﴾ ثُمَّ نُنَجِّي الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّنَذَرُ الظّٰلِمِيْنَ فِيْهَا جِثِيًّا ﴿۷۲﴾ (۴)

ترجمہ: تم میں سے کوئی ایسا نہیں ہے جو جہنم پر وارد نہ ہو، یہ تو ایک طے شدہ بات ہے جسے پورا کرنا تیرے رب کا ذمہ ہے، پھر ہم ان لوگوں کو بچالیں گے جو متقی تھے اور ظالموں کو اسی میں گرا ہوا چھوڑ دیں گے۔

پل صراط کی کیفیت کیا ہے۔

قَالَ أَبُو سَعِيدٍ: بَلَغَنِي أَنَّ الْجِسْرَ أَدَقُّ مِنَ الشَّعْرَةِ، وَأَحَدُّ مِنَ السَّيْفِ

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ پل صراط بال سے زیادہ باریک اور تلوار کی دھار سے زیادہ تیز ہو گا۔ (۵)

(۱) سنن ابن ماجہ کتاب الزهد بَابُ صِفَةِ أُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۴۲۸۴

(۲) ھود۱۸

(۳) صحیح بخاری کتاب المظالم بَابُ قَوْلِ اللَّهِ تَعَالَى أَلاَ لَعْنَةُ اللَّهِ عَلَى الظَّالِمِينَ ۲۴۴۱ ،مسنداحمد۵۴۳۶،المعجم الاوسط ۳۹۱۵،صحیح ابن حبان ۷۳۵۶

(۴) مریم ۷۱،۷۲

(۵) صحیح مسلم کتاب الایمان بَابُ مَعْرِفَةِ طَرِيقِ الرُّؤْيَةِ ۴۵۵،مسنداحمد ۲۴۷۹۳،صحیح ابن حبان ۷۳۷۷،شعب الایمان ۳۶۰

عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ:ثُمَّ يُضْرَبُ الْجِسْرُ عَلَى جَهَنَّمَ، وَتَحِلُّ الشَّفَاعَةُ، وَيَقُولُونَ: اللهُمَّ سَلِّمْ، سَلِّمْ، قِيلَ: يَا رَسُولَ اللهِ، وَمَا الْجِسْرُ؟قَالَ: دَحْضٌ مَزِلَّةٌ، فِيهِ خَطَاطِيفُ وَكَلَالِيبُ وَحَسَكٌ تَكُونُ بِنَجْدٍ فِيهَا شُوَيْكَةٌ يُقَالُ لَهَا السَّعْدَانُ

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے اس پل کی کیفیت کے بارے میں فرمایا پھر پل کو جہنم پر رکھا جائے گا اور شفاعت شروع ہو گی اور لوگ کہیں گے اے اللہ!سلامتی عطافرما،لوگوں نے کہا اے اللہ کے رسول صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم!وہ پل کیسا ہو گا؟ آپ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا ایک ایسی چیز جس میں پھسلن ہو گی اور اس میں دانے دار کانٹے ہوں گے وہ لوہے کے کانٹے ہوں گے وہ لوہے کے کانٹے سعدان جھاڑی کے کانٹوں کی طرح خم دار ہوں گے۔ [۱]

سب رسولوں سے پہلے رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم اپنی امت کے ساتھ اس پل کو عبور کریں گے۔

أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ، أَخْبَرَهُمَا :فَيُضْرَبُ الصِّرَاطُ بَيْنَ ظَهْرَانَيْ جَهَنَّمَ، فَأَكُونُ أَوَّلَ مَنْ يَجُوزُ مِنَ الرُّسُلِ بِأُمَّتِهِ، وَلاَ يَتَكَلَّمُ يَوْمَئِذٍ أَحَدٌ إِلَّا الرُّسُلُ، وَكَلاَمُ الرُّسُلِ يَوْمَئِذٍ: اللَّهُمَّ سَلِّمْ سَلِّمْ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا اور پل صراط کو جہنم کے دونوں بیچوں بیچ رکھا جائے گا اور سید الامم صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے فرمایا میں اپنی امت کے ساتھ اس سے گزرنے والا سب سے پہلا رسول ہوں گا،اس دن سوائے انبیاء کے کسی کو کلام کرنے کی جرات نہیں ہو گی اور رسول بھی صرف یہی کہہ رہے ہوں گے اے اللہ!مجھے محفوظ رکھنا،اے اللہ!مجھے محفوظ رکھنا۔ [۲]

نیک اور صالح لوگ اپنے عقیدے،ایمان اور اعمال کے مطابق بڑی تیزی سے اس پل کو عبور کر جائیں گے۔

عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، فَيَمُرُّ الْمُؤْمِنُونَ كَطَرْفِ الْعَيْنِ، وَكَالْبَرْقِ، وَكَالرِّيحِ، وَكَالطَّيْرِ، وَكَأَجَاوِيدِ الْخَيْلِ وَالرِّكَابِ، فَنَاجٍ مُسَلَّمٌ، وَمَخْدُوشٌ مُرْسَلٌ، وَمَكْدُوسٌ فِي نَارِ جَهَنَّمَ

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے پل صراط کا تذکرہ کرتے ہوئے فرمایا پس اہل ایمان اس پل کو عبور کر جائیں گے بعض آنکھ جھپکنے کی مانند،بعض بجلی کی سی تیزی کے ساتھ،بعض پرندوں کی طرح اڑ کر،بعض تیز رفتار گھوڑوں کی مانند اور بعض اونٹ سواروں کی طرح پل صراط سے گزریں گے،بعض اہل ایمان تو اس پل کو صحیح سلامت عبور کر جائیں گے اور بعض تکلیف اٹھا کر گزر جائیں گے اور بعض زخمی ہو کر جہنم میں گر جائیں گے۔

[۳] حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: سَأَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَشْفَعَ لِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَقَالَ: أَنَا فَاعِلٌ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللهِ فَأَيْنَ أَطْلُبُكَ؟ قَالَ: اطْلُبْنِي أَوَّلَ مَا تَطْلُبُنِي عَلَى الصِّرَاطِ. قَالَ: قُلْتُ: فَإِنْ

[۱] صحیح مسلم کتاب الایمان بَابُ مَعْرِفَةِ طَرِيقِ الرُّؤْيَةِ ۴۵۳، مستدرک حاکم ۸۷۳۶،صحیح ابن حبان ۷۳۷۷،شعب الایمان ۳۶۷،الترغیب والترہیب للمنذری ۵۴۶۶

[۲] صحیح بخاری کتاب الاذان بَابُ فَضْلِ السُّجُودِ ۸۰۶، الترغیب والترہیب للمنذری ۵۴۶۵

[۳] صحیح مسلم کتاب الایمان بَابُ مَعْرِفَةِ طَرِيقِ الرُّؤْيَةِ ۴۵۳،مستدرک حاکم ۸۷۳۶، صحیح ابن حبان ۷۳۷۷،شعب الایمان ۳۶۷،الترغیب والترہیب للمنذری ۵۴۶۶

لَمْ أَلْقَكَ عَلَى الصِّرَاطِ؟ قَالَ: فَاطْلُبْنِي عِنْدَ الْمِيزَانِ. قُلْتُ: فَإِنْ لَمْ أَلْقَكَ عِنْدَ الْمِيزَانِ؟ قَالَ: فَاطْلُبْنِي عِنْدَ الحَوْضِ فَإِنِّي لاَ أُخْطِئُ هَذِهِ الثَّلاَثَ الْمَوَاطِنَ.

ایک مرتبہ انس رضی اللہ عنہ نے عرض کیا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! قیامت کے دن میری شفاعت ضرور فرمائے گا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ کام تو میں کروں گا، انس رضی اللہ عنہ نے پھر سید الامم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا اے اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم! حشر کے دن میں آپ کو کہاں تلاش کروں؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سب سے پہلے مجھے پل صراط کے پاس تلاش کرنا، میں نے عرض کیا اگر پل صراط کے پاس آپ سے ملاقات نہ کرسکا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پھر مجھے میزان کے قریب تلاش کرنا، میں نے عرض کیا اگر میں میزان کے پاس بھی ملاقات نہ کرسکوں، فرمایا پھر حوض کوثر پر میرے پاس آجانا کیونکہ میں ان تینوں مقامات پر کہیں نہ کہیں ضرور مل جاؤں گا۔ [۱]

الغرض نافرمان لوگوں کے لئے فرمایا کہ تم اس دنیا کی رنگینیوں میں مست ہو کر عقیدہ آخرت کو تسلیم نہیں کرتے مگر روز محشر تم پہلے جہنم (السَّعِيرِ ،بجَحِيمِ ،هَاوِيَة، الحُطَمَةِ،سَقَرَ، لَظَى ،وَيْلٌ)

کو دور سے دیکھو گے اور جب جہنم کے سات دروازوں میں سے کسی ایک میں داخل ہو گے تو تمہیں یقین آجائے گا کہ اللہ کی بات حق تھی اور رسول نے سچ کہا تھا۔

دنیا کی آگ سے ۶۹ گنا زیادہ حرارت والی یہ آگ نہ باقی رکھے گی اور نہ ہی چھوڑے گی، جیسے فرمایا

وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا سَقَرُ ۝۲۷ لَا تُبْقِيْ وَلَا تَذَرُ ۝۲۸ لَوَّاحَةٌ لِّلْبَشَرِ ۝۲۹ [۲]

ترجمہ: اور تم کیا جانو کہ کیا ہے وہ دوزخ؟ نہ باقی رکھے نہ چھوڑے، کھال جھلس دینے والی۔

اس آگ میں یہ جی سکیں گے اور نہ ہی مرسکیں گے۔

وَيَتَجَنَّبُهَا الْاَشْقَى ۝۱۱ الَّذِيْ يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرٰى ۝۱۲ ثُمَّ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ۝۱۳ [۳]

ترجمہ: وہ انتہائی بدبخت جو بڑی آگ میں جائے گا پھر نہ اس میں مرے گا نہ جیے گا۔

جب یہ بجھنے لگے گی تو داروغہ جہنم اسے فوراً بھڑکا دے گا، جیسے فرمایا

...وَنَحْشُرُهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ عُمْيًا وَّبُكْمًا وَّصُمًّا ۭ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ كُلَّمَا خَبَتْ زِدْنٰهُمْ سَعِيْرًا ۝۹۷ [۴]

ترجمہ: ان لوگوں کو ہم قیامت کے روز اوندھے منہ کھینچ لائیں گے، اندھے، گونگے اور بہرے ان کا ٹھکانا جہنم ہے جب کبھی اس کی آگ دھیمی ہونے لگے گی ہم اسے اور بھڑکا دیں گے۔

دوزخ کی آگ اتنی ہولناک ہے کہ اس کی حدت وشدت دیکھ کر جبرائیل علیہ السلام بھی گھبرا گئے تھے،

[۱] جامع ترمذی ابواب صفة القيامة بَابُ مَا جَاءَ فِي شَأْنِ الصِّرَاطِ ۲۴۳۳، مسند احمد ۱۲۸۲۵

[۲] المدثر ۲۷تا ۲۹

[۳] الاعلیٰ ۱۱تا ۱۳

[۴] بنی اسرائیل ۹۷

قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: جَاءَ جِبْرِيلُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حِينٍ غَيْرِ حِينِهِ الَّذِي كَانَ يَأْتِيهِ فِيهِ، فَقَامَ إِلَيْهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ:يَا جِبْرِيلُ مَا لِي أَرَاكَ مُتَغَيِّرَ اللَّوْنِ؟ فَقَالَ:مَا جِئْتُكَ حَتَّى أَمَرَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ بِمَفَاتِيحِ النَّارِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:يَا جِبْرِيلُ، صِفْ لِيَ النَّارَ، وانْعَتْ لِي جَهَنَّمَ فَقَالَ جِبْرِيلُ:إِنَّ اللَّهَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى أَمَرَ بِجَهَنَّمَ فَأُوقِدَ عَلَيْهَا أَلْفَ عَامٍ حَتَّى ابْيَضَّتْ، ثُمَّ أَمَرَ فَأُوقِدَ عَلَيْهَا أَلْفَ عَامٍ حَتَّى احْمَرَّتْ، ثُمَّ أَمَرَ فَأُوقِدَ عَلَيْهَا أَلْفَ عَامٍ حَتَّى اسْوَدَّتْ، فَهِيَ سَوْدَاءُ مُظْلِمَةٌ لَا يُضِيءُ شَرَرُهَا، وَلَا يُطْفَأُ لَهَبُهَا،

سیدنا عمر رضی اللہ عنہ بن خطاب سے مروی ہے ایک مرتبہ جبرائیل علیہ السلام بے وقت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم جبریل علیہ السلام کو بے وقت آتا دیکھ کر کھڑے ہوگئے اور جبرائیل علیہ السلام سے پوچھا اے جبرائیل علیہ السلام خیریت تو ہے میں تیرے چہرے پر رنج وغم کے آثار دیکھ رہا ہوں اور تمہارے چہرے کی رنگت بھی بدلی ہوئی ہے، انہوں نے عرض کیا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! میں جہنم کی آگ کو جلانے اور بھڑکانے کا منظر دیکھ کر آیا ہوں اس وجہ سے شدید پریشان ہوں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے جبرائیل علیہ السلام! میرے سامنے جہنم کی آگ کی حقیقت اور کیفیت بیان کرو، جبرائیل علیہ السلام نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے جہنم کے بارے میں حکم دیا تو اسے ایک ہزار سال تک مسلسل جلایا گیا یہاں تک کہ اس کی آگ کی رنگت سفید ہوگئی، پھر حکم دیا تو اسے مزید ایک ہزار سال تک جلایا گیا جس سے اس کا رنگ سرخ ہوگیا پھر حکم دیا تو اسے ایک ہزار سال تک مزید جلایا گیا تو وہ سیاہ اور تاریک ہوگئی، اس کی چنگاریاں چمکتی نہیں ہیں اور نہ شعلے بجھتے ہیں،

وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ، لَوْ أَنَّ قَدْرَ ثُقْبِ إِبْرَةٍ فُتِحَ مِنْ جَهَنَّمَ لَمَاتَ مَنْ فِي الْأَرْضِ كُلُّهُمْ جَمِيعًا مِنْ حَرِّهِ، وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَوْ أَنَّ ثَوْبًا مِنْ ثِيَابِ النَّارِ عُلِّقَ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ لَمَاتَ مَنْ فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا مِنْ حَرِّهِ، وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَوْ أَنَّ خَازِنًا مِنْ خَزَنَةِ جَهَنَّمَ بَرَزَ إِلَى أَهْلِ الدُّنْيَا، فَنَظَرُوا إِلَيْهِ لَمَاتَ مَنْ فِي الْأَرْضِ كُلُّهُمْ مِنْ قُبْحِ وَجْهِهِ وَمِنْ نَتْنِ رِيحِهِ، وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَوْ أَنَّ حَلْقَةً مِنْ حَلْقَةِ سِلْسِلَةِ أَهْلِ النَّارِ الَّتِي نَعَتَ اللَّهُ فِي كِتَابِهِ وُضِعَتْ عَلَى جِبَالِ الدُّنْيَا لَارْفَضَّتْ، وَمَا تَقَارَبَتْ حَتَّى تَنْتَهِيَ إِلَى الْأَرْضِ السُّفْلَى ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:حَسْبِي يَا جِبْرِيلُ لَا يَنْصَدِعُ قَلْبِي، فَأَمُوتُ

اس ذات کی قسم! جس نے آپ کو حق دے کر مبعوث فرمایا اگر جہنم سوئی کے ایک سوراخ جتنی بھی کھول دی جائے تو اس کی گرمی سے زمین کی ساری مخلوقات مرجائیں، اور اس اللہ کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے کہ اگر جہنم کا ایک داروغہ زمین والوں کی طرف ظاہر ہوجائے تو اس کی بدصورتی اور بدبو کے باعث اہل زمین فوت ہوجائیں، اس ذات کی قسم جس نے آپ کو سچا دین دے کر بھیجا ہے کہ اگر جہنم کی زنجیر کا ایک حلقہ جس کا ذکر اللہ نے اپنی کتاب میں فرمایا ہے دنیا کے کسی پہاڑ پر رکھ دیا جائے تو وہ پہاڑ ریزہ ریزہ ہوجائے گا اور اسفل سافلین میں پہنچے تک نہیں ٹھہرے گا جبرائیل علیہ السلام کی زبانی جہنم کی آگ کی یہ تفصیلات سن کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے جبرائیل بس کرو کہیں میرا دل پاش پاش نہ ہوجائے اور میں مر نہ جاؤں،

وَخَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَرَّ بِقَوْمٍ مِنَ الْأَنْصَارِ يَضْحَكُونَ وَيَلْعَبُونَ، فَقَالَ:أَتَضْحَكُونَ وَوَرَاءَكُمْ جَهَنَّمُ؟ فَلَوْ تَعْلَمُونَ مَا أَعْلَمُ لَضَحِكْتُمْ قَلِيلًا، وَلَبَكَيْتُمْ كَثِيرًا، وَلَمَا أَسَغْتُمُ الطَّعَامَ وَالشَّرَابَ، وَلَخَرَجْتُمْ إِلَى الصُّعُدَاتِ

تجَاْرُونَ إِلَى اللَّهِ عَزَّ وَجَل

جبرائیل علیہ السلام سے جہنم کی کیفیت سن کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم باہر نکلے اور آپ کا گزر انصار کی ایک جماعت کے قریب سے ہوا جو آپس میں ہنس کھیل رہے تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے گروہ انصار! تم ہنس رہے ہو اور جہنم تمہارے پیچھے لگی ہوئی ہے، اگر تمہیں ان باتوں کا علم ہو جائے جو مجھے معلوم ہیں تو تم ہنسنا کم اور رونے زیادہ لگو، تمہیں کھانا پینا اچھا نہ لگے اور تم جنگلوں کی طرف نکل جاؤ اور پریشانی کے ازالہ کے لئے اللہ کی طرف رجوع کرو۔ [1]

عَنْ أَبِي ذَرٍّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَاللَّهِ لَوْ تَعْلَمُونَ مَا أَعْلَمُ لَضَحِكْتُمْ قَلِيلًا، وَلَبَكَيْتُمْ كَثِيرًا، وَمَا تَلَذَّذْتُمْ بِالنِّسَاءِ عَلَى الْفُرُشَاتِ، وَلَخَرَجْتُمْ إِلَى الصُّعُدَاتِ، تَجْأَرُونَ إِلَى اللَّهِ

ابو ذر غفاری رضی اللہ عنہ سے یہ الفاظ مروی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ کی قسم! اگر تمہیں وہ معلومات حاصل ہو جائیں جو میں جانتا ہوں تو تم تھوڑا ہنسو اور زیادہ روتے رہو اور بستروں پر عورتوں سے لطف اندوز ہونا چھوڑ دو اور اللہ تعالیٰ کی پناہ طلب کرنے کے لئے جنگلوں کی طرف نکل جاؤ۔ [2] عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: أُوقِدَتِ النَّارُ أَلْفَ سَنَةٍ فَابْيَضَّتْ، ثُمَّ أُوقِدَتْ أَلْفَ سَنَةٍ فَاحْمَرَّتْ، ثُمَّ أُوقِدَتْ أَلْفَ سَنَةٍ فَاسْوَدَّتْ، فَهِيَ سَوْدَاءُ كَاللَّيْلِ الْمُظْلِمِ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا دوزخ کی آگ ہزار برس تک دھونکائی گئی جس سے وہ آگ سفید ہوگئی، اسے پھر ہزار برس تک دھونکایا گیا تو وہ سرخ ہوگئی اسے پھر ہزار برس تک دھنا کایا گیا تو سیاہ ہوگئی، اب اس میں ایسی سیاہی ہے جیسے اندھیری رات میں ہوگئی ہے۔ [3]

مجرموں کو ستر ہاتھ لمبی زنجیروں میں جکڑ کر، گلے میں طوق ڈال کر، پیروں سے پکڑ کر منہ کے بل گھسیٹتے ہوئے سر کے بل جہنم میں گرا کر اسے بند کر دیا جائے گا جیسے فرمایا:

وَالَّذِينَ كَفَرُوا بِاٰيٰتِنَا هُمْ اَصْحٰبُ الْمَشْـَٔمَةِ ﴿۱۹﴾ عَلَيْهِمْ نَارٌ مُّؤْصَدَةٌ ﴿۲۰﴾ [4]

ترجمہ: اور جنہوں نے ہماری آیات کو ماننے سے انکار کیا وہ بائیں بازو والے ہیں، ان پر آگ چھائی ہوئی ہوگی۔

وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْحُطَمَةُ ﴿۵﴾ نَارُ اللّٰهِ الْمُوْقَدَةُ ﴿۶﴾ الَّتِيْ تَطَّلِعُ عَلَى الْاَفْـِٕدَةِ ﴿۷﴾ اِنَّهَا عَلَيْهِمْ مُّؤْصَدَةٌ ﴿۸﴾ فِيْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ﴿۹﴾ [5]

ترجمہ: اور تم کیا جانو کہ کیا ہے وہ چکنا چور کر دینے والی جگہ؟ اللہ کی آگ، خوب بھڑکائی ہوئی جو دلوں تک پہنچے گی، وہ ان پر ڈھانک کر بند کر دی جائے گی (اس حالت میں کہ وہ) اونچے اونچے ستونوں میں (گھرے ہوئے ہوں گے)۔

[1] المعجم الاوسط ۲۵۸۳، الترغیب والترہیب للمنذری ۵۵۳۸

[2] سنن ابن ماجہ کتاب الزھدباب الحزن والبکاء۴۱۹۰

[3] سنن ابن ماجہ کتاب بَابُ ذِكْرِ الشَّفَاعَةِ۴۳۲۰، مصنف ابن ابی شیبۃ۳۴۱۶۵

[4] البلد۱۹،۲۰

[5] الھمزۃ۵تا۹

جہنم میں مختلف نوعیت کے مجرموں کو ان کے عقیدہ واعمال کے مطابق سزادی جائے گی، کسی کو سخت ترین عذاب دیا جائے گا، کسی کو درمیانی درجے کا اور کسی کو ہلکا، مگر یہ ہلکا ترین عذاب بھی ایسا ہے جس کا تصور کر کے جسم پر کپکپی طاری ہو جائے۔

عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:إِنَّ أَدْنَى أَهْلِ النَّارِ عَذَابًا يَنْتَعِلُ بِنَعْلَيْنِ مِنْ نَارٍ، يَغْلِي دِمَاغُهُ مِنْ حَرَارَةِ نَعْلَيْهِ

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جہنم کے ہلکے ترین عذاب کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا دوزخیوں میں سب سے ہلکا عذاب اس شخص کو ہوگا جسے آگ کی دو جوتیاں پہنائی جائیں گی جن کی حدت سے اس آدمی کا دماغ ابل رہا ہوگا۔[1]

عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:إِنَّ أَهْوَنَ أَهْلِ النَّارِ عَذَابًا يَوْمَ القِيَامَةِ رَجُلٌ، عَلَى أَخْمَصِ قَدَمَيْهِ جَمْرَتَانِ، يَغْلِي مِنْهُمَا دِمَاغُهُ كَمَا يَغْلِي المِرْجَلُ وَالقُمْقُمُ

اور نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن دوزخیوں میں عذاب کے اعتبار سے سب سے ہلکا عذاب پانے والا وہ شخص ہوگا جس کے دو پیروں کے نیچے دو انگارے رکھ دیئے جائیں گے جن کی وجہ سے اس کا دماغ کھول رہا ہوگا جس طرح ہانڈی اور کیتلی جوش کھاتی ہے۔[2]

عذاب جہنم کتنا ہولناک ہے اس کی مختصر سی جھلک اس روایت میں ملتی ہے کہ ساری زندگی عیش وآرام میں گزارنے والا شخص اس کی صرف ایک جھلک دیکھ کر ہی دنیا کا سارا سکھ چین بھول جائے گا۔

عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُؤْتَى بِأَنْعَمِ أَهْلِ الدُّنْيَا مِنْ أَهْلِ النَّارِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَيُصْبَغُ فِي النَّارِ صَبْغَةً، ثُمَّ يُقَالُ: يَا ابْنَ آدَمَ هَلْ رَأَيْتَ خَيْرًا قَطُّ؟ هَلْ مَرَّ بِكَ نَعِيمٌ قَطُّ؟ فَيَقُولُ: لَا، وَاللهِ يَا رَبِّ، وَيُؤْتَى بِأَشَدِّ النَّاسِ بُؤْسًا فِي الدُّنْيَا، مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ، فَيُصْبَغُ صَبْغَةً فِي الْجَنَّةِ، فَيُقَالُ لَهُ: يَا ابْنَ آدَمَ هَلْ رَأَيْتَ بُؤْسًا قَطُّ؟ هَلْ مَرَّ بِكَ شِدَّةٌ قَطُّ؟ فَيَقُولُ: لَا، وَاللهِ يَا رَبِّ مَا مَرَّ بِي بُؤْسٌ قَطُّ، وَلَا رَأَيْتُ شِدَّةً قَطُّ

انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیامت کے دن جہنم جانے والوں میں سے ایک ایسے شخص کو لایا جائے گا جس نے دنیا میں بہت زیادہ عیش وآرام کی زندگی گزاری ہوگی اسے دوزخ میں ایک غوطہ دیا جائے گا اور اس سے پوچھا جائے گا اے ابن آدم! کیا تو نے کبھی دنیا میں آرام دیکھا تھا؟ اور کیا دنیا میں کبھی عیش وآرام بھی نصیب ہوا؟ وہ کہے گا اے میرے رب اللہ کی قسم نہیں، اور اہل جنت میں سے اس آدمی کو پیش کیا جائے گا جسے دنیا میں لوگوں سے سب سے زیادہ تکلیفیں آئی ہوں گی پھر اسے جنت میں ایک دفعہ غوطہ دے کر پوچھا جائے

[1] صحیح مسلم کتاب الایمان بَابُ أَهْوَنِ أَهْلِ النَّارِ عَذَابًا ۵۱۴،صحیح ابن حبان ۷۴۷،مصنف ابن ابی شیبة ۳۴۱۳۴، الترغیب والترھیب ۵۶۰۵

[2] صحیح بخاری کتاب الرقاق بَابُ صِفَةِ الجَنَّةِ وَالنَّارِ ۶۵۶۲،صحیح مسلم کتاب الایمان بَابُ أَهْوَنِ أَهْلِ النَّارِ عَذَابًا ۵۱۷، جامع ترمذی ابواب الجھنم باب ۱۵۴۷،ح ۲۶۰۴، مسند احمد ۱۸۴۱۳،مستدرک حاکم ۸۷۳۳،شرح السنة للبغوی ۴۴۰۱،الترغیب والترھیب للمنذری ۵۶۰۴

گا اے ابن آدم کیا تو نے کبھی کوئی تکلیف بھی دیکھی؟ کیا تجھ پر کبھی کوئی سختی بھی گزری؟ وہ عرض کرے گا اے میرے پروردگار اللہ کی قسم نہیں کبھی کوئی تکلیف میرے پاس سے نہ گزری اور نہ ہی میں نے کبھی کوئی شدت وسختی دیکھی۔ (۱)

الغرض مجرم میدان محشر میں پہلے جہنم کو دور سے دیکھیں گے اور پھر عدالتی کاروائی کے بعد جرم ثابت ہونے پر اس میں داخل کر دیے جائیں گے تو انہیں یقین آجائے گا کہ اللہ کی بات حق تھی اور رسولوں نے سچ کہا تھا۔

## ثُمَّ لَتُسْـَٔلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيْمِ ۝۸ (التکاثر ۸)

پھر اس دن تم سے ضرور بالضرور نعمتوں کا سوال ہوگا۔

اللہ تعالیٰ نے ساری کائنات کو انسان کے لئے مسخر فرمادیا اور پھر بغیر کسی استحقاق کے اسے جو بے شمار صلاحیتیں اور نعمتیں عطافرمادیں ان کے بارے میں سوال ہوگا کہ کیا تم نے میرے احسانات وانعامات پر میرا شکر ادا کیا جیسے فرمایا

...وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا ۭ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَظَلُوْمٌ كَفَّارٌ ۝۳۴ (۲)

ترجمہ: اگر تم اللہ کی نعمتوں کو شمار کرنا چاہو تو نہیں کر سکتے حقیقت یہ ہے کہ انسان بڑا ہی بے انصاف اور ناشکرا ہے۔

ایک مقام پر ہے

...اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰۗىِٕكَ كَانَ عَنْهُ مَسْـُٔوْلًا ۝۳۶ (۳)

ترجمہ: یقیناً آنکھ، کان اور دل سب ہی کی باز پرس ہونی ہے۔

عَنْ أَبِي بَرْزَةَ الأَسْلَمِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لاَ تَزُولُ قَدَمَا عَبْدٍ يَوْمَ القِيَامَةِ حَتَّى يُسْأَلَ عَنْ عُمُرِهِ فِيمَا أَفْنَاهُ، وَعَنْ عِلْمِهِ فِيمَ فَعَلَ، وَعَنْ مَالِهِ مِنْ أَيْنَ اكْتَسَبَهُ وَفِيمَ أَنْفَقَهُ، وَعَنْ جِسْمِهِ فِيمَ أَبْلاَهُ.

ابی برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا روز قیامت اللہ تعالیٰ کی بارگاہ سے کوئی بندہ پاؤں کو ہلا نہیں سکے گا جب تک اس سے نہ پوچھا جائے کہ اپنی عمر کن کاموں میں گزاری، اللہ نے اسے جو علم عطافرمایا تھا اس پر کتنا عمل کیا تھا اور اپنا مال کس ذرائع سے کمایا اور کس طرح خرچ کیا اور اپنی جوانی کو کس کام میں لگایا۔ (۴)

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَاعَةٍ لاَ يَخْرُجُ فِيهَا وَلاَ يَلْقَاهُ فِيهَا أَحَدٌ، فَأَتَاهُ أَبُو بَكْرٍ، فَقَالَ: مَا جَاءَ بِكَ يَا أَبَا بَكْرٍ؟ فَقَالَ: خَرَجْتُ أَلْقَى رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنْظُرُ فِي وَجْهِهِ وَالتَّسْلِيمَ عَلَيْهِ،

---

(۱) صحیح مسلم کتاب المنافقین بَابُ صَبْغِ أَنْعَمِ أَهْلِ الدُّنْيَا فِي النَّارِ وَصَبْغِ أَشَدِّهِمْ بُؤْسًا فِي الْجَنَّةِ۷۰۸۸، مسند احمد ۱۳۱۱۲،شرح السنة للبغوی ۴۴۰۴،الترغیب والترھیب للمنذری ۵۶۱۴

(۲) ابراہیم ۳۴

(۳) بنی اسرائیل ۳۶

(۴) جامع ترمذی أَبْوَابُ صِفَةِ الْقِيَامَةِ وَالرَّقَائِقِ وَالْوَرَعِ بَابٌ فِي الْقِيَامَةِ ۲۴۱۷، المعجم الاوسط ۲۱۹۱،سنن دارمی ۵۵۴، الترغیب والترھیب للمنذری ۵۴۴۳

فَلَمْ يَلْبَثْ أَنْ جَاءَ عُمَرُ، فَقَالَ: مَا جَاءَ بِكَ يَا عُمَرُ؟ قَالَ: الجُوعُ يَا رَسُولَ اللهِ، قَالَ: فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَأَنَا قَدْ وَجَدْتُ بَعْضَ ذَلِكَ، فَانْطَلَقُوا إِلَى مَنْزِلِ أَبِي الهَيْثَمِ بْنِ التَّيْهَانِ الأَنْصَارِيِّ وَكَانَ رَجُلاً كَثِيرَ النَّخْلِ وَالشَّاءِ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ خَدَمٌ فَلَمْ يَجِدُوهُ، فَقَالُوا لاِمْرَأَتِهِ: أَيْنَ صَاحِبُكِ؟ فَقَالَتْ: انْطَلَقَ يَسْتَعْذِبُ لَنَا الْمَاءَ،

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے ایک دن نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم گھر سے ایسے وقت باہر تشریف لائے جب کہ اس وقت نہیں نکلتے تھے اور نہ کوئی شخص اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات کرتا تھا یعنی گھر میں آرام اور راحت کا وقت تھا، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اچانک سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ آئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت فرمایا اے ابوبکر رضی اللہ عنہ! اس وقت تم کس وجہ سے آئے ہو؟ سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی میں اس لئے حاضر ہوا ہوں کہ اللہ کے رسول سے ملاقات کروں، ان کے چہرہ مبارک کی زیارت کروں اور ان کو سلام کروں، ان باتوں کو کچھ دیر نہیں ہوئی تھی کہ سیدنا عمر رضی اللہ عنہ بن خطاب بھی حاضر ہو گئے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے عمر رضی اللہ عنہ! اس وقت تم کس وجہ سے آئے ہو؟ سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! مجھے بھوک آپ کے پاس لائی ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے بھی بھوک لگی ہے، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے دونوں ساتھیوں کے ہمراہ ایک انصاری ابی الہیثم بن تیہان رضی اللہ عنہ کے گھر تشریف لے گئے جن کے پاس بہت بکریاں اور کھجوریں تھیں، مگر ان کے پاس کوئی خادم نہیں تھا لیکن وہ گھر پر موجود نہیں تھے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی زوجہ سے فرمایا تمہارا خاوند کہاں ہے؟ اس نے عرض کیا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! وہ ہمارے لئے میٹھا پانی لینے گئے ہیں،

فَلَمْ يَلْبَثُوا أَنْ جَاءَ أَبُو الهَيْثَمِ بِقِرْبَةٍ يَزْعَبُهَا فَوَضَعَهَا ثُمَّ جَاءَ يَلْتَزِمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيُفَدِّيهِ بِأَبِيهِ وَأُمِّهِ، ثُمَّ انْطَلَقَ بِهِمْ إِلَى حَدِيقَتِهِ فَبَسَطَ لَهُمْ بِسَاطًا، ثُمَّ انْطَلَقَ إِلَى نَخْلَةٍ فَجَاءَ بِقِنْوٍ فَوَضَعَهُ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَفَلاَ تَنَقَّيْتَ لَنَا مِنْ رُطَبِهِ؟ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللهِ إِنِّي أَرَدْتُ أَنْ تَخْتَارُوا، أَوْ قَالَ: تَخَيَّرُوا مِنْ رُطَبِهِ وَبُسْرِهِ، فَأَكَلُوا وَشَرِبُوا مِنْ ذَلِكَ الْمَاءِ،

ابھی یہ گفتگو ہو رہی تھی کہ وہ ابوالہیثم رضی اللہ عنہ بھی ایک مشک کو اٹھائے ہوئے آ گئے، انہوں نے مشک کو ایک طرف رکھ دیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے لپٹ گئے اور کہنے لگے کہ میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں، پھر سب کو اپنے باغ میں لے گئے اور بیٹھنے کے لئے بچھونا بچھایا، پھر کھجور کے درخت کے پاس گئے اور جلدی سے کھجور کا ایک گچھا کاٹ کر لائے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کر دیا، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم ہمارے لئے پکی ہوئی کھجوریں توڑ کر کیوں نہ لائے؟ انہوں نے عرض کی اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں نے چاہا کہ آپ ان میں سے خود پسند کر لیں یا کہا کہ آپ ان کچی کھجوروں میں سے پکی کھالیں، پس سب نے وہ کھجور کھالی اور جو میٹھا پانی وہ لائے تھے اس میں سے پیا

فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَذَا وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ مِنَ النَّعِيمِ الَّذِي تُسْأَلُونَ عَنْهُ يَوْمَ القِيَامَةِ، ظِلٌّ بَارِدٌ، وَرُطَبٌ طَيِّبٌ، وَمَاءٌ بَارِدٌ، فَانْطَلَقَ أَبُو الهَيْثَمِ لِيَصْنَعَ لَهُمْ طَعَامًا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لاَ تَذْبَحَنَّ ذَاتَ دَرٍّ، قَالَ: فَذَبَحَ لَهُمْ عَنَاقًا أَوْ جَدْيًا فَأَتَاهُمْ بِهَا فَأَكَلُوا،

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قسم ہے اس پروردگار کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے یہ ان نعمتوں میں سے ہے جن کی بابت قیامت کے دن تم سے سوال کیا جائے گا، تفصیل ان کی یہ ہے باغ کا ٹھنڈا سایہ، عمدہ خوش مزہ پکی ہوئی کھجوریں اور پاکیزہ سرد پانی، پھر ابوالہیثم رضی اللہ عنہ

آپ ﷺ کے لئے کھانا تیار کرنے کے لئے گئے، نبی کریم ﷺ نے فرمایا دودھ والی بکری ذبح نہ کرنا، چنانچہ انہوں نے ایک بکری کا نر یا مادہ بچہ ذبح کیا اور جلدی سے اس کا گوشت پکوا کر معزز مہمانوں کی خدمت میں پیش کیا۔ (۱)

الصِّحَّةُوَالْفَرَاغُ، السَّمْعِ وَالْبَصَرِ، وَمَالًا وَوَلَدًا،مَلَاذُّ الْمَأْكُولِ وَالْمَشْرُوبِ، وَظِلَالُ الْمَسَاكِنِ،وَاعْتِدَالُ الْخَلْقِ، وَلَذَّةُ النَّوْمِ

امام قرطبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں صحت وفراغت، سننے اور دیکھنے کی صلاحیت، مال واولاد، ماکولات ومشروبات، مکانات، خلق اور نیند کی لذت وغیرہ کے بارے میں جواب طلبی کی جائے گی۔ (۲)

كل شي مِنْ لَذَّةِ الدُّنْيَا

فرماتے ہیں الغرض لذت دنیا کی ہر شئے کے بارے میں سوال ہو گا۔ (۳)

بعض مفسرین کے مطابق ان چیزوں کے بارے میں پوچھ گچھ نہیں ہو گی،

قَالَ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:لَيْسَ لِابْنِ آدَمَ حَقٌّ فِي سِوَى هَذِهِ الْخِصَالِ: بَيْتٌ يَسْكُنُهُ، وَثَوْبٌ يُوَارِي عَوْرَتَهُ، وَجِلْفُ الْخُبْزِ وَالْمَاءِ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ان ضروری بنیادی اشیاء کے علاوہ دنیا کی چیزوں میں آدم کے بیٹے کا کوئی حق نہیں ہے، رہائش کے لئے مکان، تن ڈھانپنے کے لئے کپڑا، روٹی اور پانی۔ (۴)

عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ الْأَوْدِيِّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِرَجُلٍ وَهُوَ يَعِظُهُ:اغْتَنِمْ خَمْسًا قَبْلَ خَمْسٍ , شَبَابَكَ قَبْلَ هَرَمِكَ , وَصِحَّتَكَ قَبْلَ سَقَمِكَ , وَغِنَاكَ قَبْلَ فَقْرِكَ , وَفَرَاغَكَ قَبْلَ شُغُلِكَ , وَحَيَاتَكَ قَبْلَ مَوْتِكَ

عمرو بن میمون رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا پانچ نعمتوں کو پانچ آفتوں سے پہلے غنیمت سمجھو اور ان سے فائدہ اٹھاؤ، اپنی جوانی کو بڑھاپے سے پہلے، اور اپنی صحت کو بیماری سے پہلے، اور اپنی مالداری کو غربت اور افلاس سے پہلے، اور اپنی فراغت کو مشغولیت اور مصروفیت سے پہلے، اور اور اپنی زندگی کو موت سے پہلے۔ (۵)

ائمہ کرام عذاب قبر کے بارے میں یوں تبصرہ فرماتے ہیں:

عذاب قبر کے بارے میں علامہ شیخ سفارینی الاثری اپنی مشہور کتاب لوامع انوارالبھیہ میں فرماتے ہیں۔

(وَمِنْهَا) أَيِ الْأُمُورِ الَّتِي يَجِبُ الْإِيمَانُ بِهَا وَأَنَّهَا حَقٌّ لَا تُرَدُّ عَذَابُ الْقَبْرِ ،قَالَ الْحَافِظُ جَلَالُ الدِّينِ السُّيُوطِيُّ فِي

(۱) جامع ترمذی كتاب الزهد بَابُ مَا جَاءَ فِي مَعِيشَةِ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۲۳۶۹

(۲) تفسير القرطبی ۲۰/۱۷۶

(۳) تفسيرالقرطبی ۲۰/۱۷۷

(۴) تفسير القرطبی ۲۰/۱۷۸

(۵) شعب الایمان ۹۷۶۷،مستدرک حاکم ۷۸۴۶، السنن الكبرى للنسائی ۱۱۸۳۲،مصنف ابن ابی شیبة ۳۴۳۱۹،شرح السنة للبغوی ۴۰۲۱

كِتَابِهِ شَرْحُ الصُّدُورِ فِي أَحْوَالِ الْمَوْتَى وَالْقُبُورِ وَقَدْ ذَكَرَ اللَّهُ عَذَابَ الْقَبْرِ فِي الْقُرْآنِ فِي عِدَّةِ أَمَاكِنَ كَمَا بَيَّنْتُهُ فِي الْإِكْلِيلِ فِي أَسْرَارِ التَّنْزِيلِ. انْتَهَى

عذاب قبر حق ہے جب پر ایمان لاناواجب ہے، اللہ پاک نے قرآن مجید کی متعدد آیات میں اس کاذکر فرمایا ہے، تفصیلی ذکر حافظ جلال الدین سیوطی کی کتاب شرح الصدور فی احوال الموتی والقبور اور اکلیل فی اسرارالتنزیل میں موجود ہے اور اللہ تعالیٰ نے متعدد مقامات پر عذاب کے قبر کے بارے میں فرمایا ہے،

قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ رَجَبٍ فِي كِتَابِهِ أَهْوَالِ الْقُبُورِ فِي قَوْلِهِ تَعَالَى: {فَلَوْلَا إِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُومَ} ⁽¹⁾ - إِلَى قَوْلِهِ - {إِنَّ هَٰذَا لَهُوَ حَقُّ الْيَقِينِ} ⁽²⁾ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى ،قَالَ: تَلَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَذِهِ الْآيَاتِ، فَقَالَ: إِذَا كَانَ عِنْدَ الْمَوْتِ قِيلَ لَهُ هَذَافَإِنْ كَانَ مِنْ أَصْحَابِ الْيَمِينِ أَحَبَّ لِقَاءَ اللَّهِ وَأَحَبَّ اللَّهُ لِقَاءَهُ، وَإِنْ كَانَ مِنْ أَصْحَابِ الشِّمَالِ كَرِهَ لِقَاءَ اللَّهِ وَكَرِهَ اللَّهُ لِقَاءَهُ

حافظ ابن رجب رحمہ اللہ نے اپنی کتاب احوال القبور میں آیت شریفہ ” جب مرنے والے کی جان حلق تک پہنچ چکی ہوتی ہے۔“ کی تفسیر میں عبد الرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے روایت کیا ہے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان آیات کو تلاوت فرمایا اور فرمایا کہ جب موت کا وقت آتا ہے تو مرنے والے سے یہ کہا جاتا ہے پس اگر وہ مرنے والا دائیں طرف والوں میں سے ہے تو وہ اللہ تعالیٰ سے ملنے کو محبوب رکھتا ہے اور اللہ تعالیٰ اس سے ملنے کو محبوب رکھتا ہے، اور اگر مرنے والا بائیں طرف والوں میں سے ہے تو وہ اللہ کی ملاقات کو مکروہ رکھتا ہے اور اللہ پاک اس کی ملاقات کو مکروہ رکھتا ہے۔

وَقَالَ الْإِمَامُ الْمُحَقِّقُ ابْنُ الْقَيِّمِ فِي كِتَابِ الرُّوحِ قَوْلُ السَّائِلِ مَا الْحِكْمَةُ فِي أَنَّ عَذَابَ الْقَبْرِ لَمْ يُذْكَرْ فِي الْقُرْآنِ صَرِيحًا مَعَ شِدَّةِ الْحَاجَةِ إِلَى مَعْرِفَتِهِ وَالْإِيمَانِ بِهِ لِيَحْذَرَهُ النَّاسُ وَيُتَّقَى؟ فَأَجَابَ عَنْ ذَلِكَ بِوَجْهَيْنِ مُجْمَلٍ وَمُفَصَّلٍ أَمَّا الْمُجْمَلُ فَإِنَّ اللَّهَ تَعَالَى أَنْزَلَ عَلَى رَسُولِهِ وَحْيَيْنِ فَأَوْجَبَ عَلَى عِبَادِهِ الْإِيمَانَ بِهِمَا وَالْعَمَلَ بِمَا فِيهِمَا وَهُمَا الْكِتَابُ وَالْحِكْمَةُ قَالَ تَعَالَى {وَأَنْزَلَ اللَّهُ عَلَيْكَ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ} ⁽³⁾ وَقَالَ اللَّهُ تَعَالَى {هُوَ الَّذِي بَعَثَ فِي الْأُمِّيِّينَ رَسُولًا مِنْهُمْ} ⁽⁴⁾ - إِلَى قَوْلِهِ - {وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ} ⁽⁵⁾ وَقَالَ تَعَالَى {وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلَى فِي بُيُوتِكُنَّ} ⁽⁶⁾ الْآيَةَ وَالْحِكْمَةُ هِيَ السُّنَّةُ بِاتِّفَاقِ السَّلَفِ، وَمَا أَخْبَرَ بِهِ الرَّسُولُ عَنِ اللَّهِ فَهُوَ فِي وُجُوبِ تَصْدِيقِهِ وَالْإِيمَانِ بِهِ كَمَا أَخْبَرَ بِهِ الرَّبُّ عَلَى لِسَانِ رَسُولِهِ، فَهَذَا أَصْلٌ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ بَيْنَ أَهْلِ الْإِسْلَامِ لَا يُنْكِرُهُ إِلَّا مَنْ لَيْسَ

---

(1) الواقعة: ٨٣

(2) الواقعة: ٩٥

(3) النساء: ١١٣

(4) الجمعة: ٢

(5) الجمعة: ٢

(6) الأحزاب: ٣٤

مِنْهُمْ، وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنِّي أُوتِيتُ الْكِتَابَ وَمِثْلَهُ مَعَهُ.

اور علامہ محقق امام ابن قیم رحمہ اللہ نے کتاب الروح میں لکھا ہے کہ کسی نے ان سے پوچھا کہ اس امر میں کیا حکمت ہے کہ صراحت کے ساتھ قرآن مجید میں عذاب قبر کا ذکر نہیں ہے حالانکہ یہ ضروری تھا کہ اس پر ایمان لانا ضروری ہے تا کہ لوگوں کو اس سے ڈر پیدا ہو، علامہ رحمہ اللہ نے اس کا جواب مجمل اور مفصل ہر دو طور پر دیا، مجمل تو یہ دیا کہ اللہ نے اپنے رسول ﷺ پر دو قسم کی وحی نازل کی ہے اور ان دونوں پر ایمان لانا اور ان دونوں پر عمل کرنا واجب قرار دیا ہے اور وہ کتاب اور حکمت ہیں اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا ''اللہ تعالیٰ نے تم پر کتاب اور حکمت نازل کی ہے۔'' وہی ہے جس نے امیوں کے اندر ایک رسول خود انہی میں سے اٹھایا، جو انہیں اس کی آیات سناتا ہے ان کی زندگی سنوارتا ہے ، اور ان کو کتاب اور حکمت کی تعلیم دیتا ہے۔ ''یاد رکھو اللہ کی آیات اور حکمت کی باتوں کو جو تمہارے گھروں میں سنائی جاتی ہیں۔'' کتاب سے مراد قرآن مجید ہے، اور سلف صالحین سے متفقہ طور پر حکمت سے سنت (حدیث نبوی) مراد ہے، اب عذاب قبر کی خبر اللہ کے رسول ﷺ نے صحیح احادیث میں دی ہے، پس وہ خبر یقیناً اللہ ہی کی طرف سے ہے جس کی تصدیق واجب ہے اور جس پر ایمان رکھنا فرض ہے، جیسا کہ رب تعالیٰ نے اپنے رسول کی زبان حقیقت ترجمان سے صحیح احادیث میں عذاب قبر کے متعلق بیان کرایا ہے پس یہ اصول اہل اسلام میں متفقہ ہے اس کا وہی شخص انکار کرسکتا ہے جو اہل اسلام سے باہر ہے، نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ خبردار رہو کہ میں قرآن مجید دیا گیا ہوں اور اس کی مثال ایک اور کتاب (حدیث) میں دیا گیا ہوں۔

وَأَمَّا الْجَوَابُ الْمُفَصَّلُ فَهُوَ أَنَّ نَعِيمَ الْبَرْزَخِ وَعَذَابَهُ مَذْكُورٌ فِي الْقُرْآنِ فِي مَوَاضِعَ (مِنْهَا) قَوْلُهُ تَعَالَى ﴿وَلَوْ تَرَىٰ إِذِ الظَّالِمُونَ فِي غَمَرَاتِ الْمَوْتِ﴾ [1] الْآيَةَ وَهَذَا خِطَابٌ لَهُمْ عِنْدَ الْمَوْتِ قَطْعًا وَقَدْ أَخْبَرَتِ الْمَلَائِكَةُ وَهُمُ الصَّادِقُونَ أَنَّهُمْ حِينَئِذٍ يُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُونِ بِمَا كُنْتُمْ تَقُولُونَ عَلَى اللَّهِ غَيْرَ الْحَقِّ وَكُنْتُمْ عَنْ آيَاتِهِ تَسْتَكْبِرُونَ، وَلَوْ تَأَخَّرَ عَنْهُمْ ذَلِكَ إِلَى انْقِضَاءِ الدُّنْيَا لَمَا صَحَّ أَنْ يُقَالَ لَهُمُ الْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُونِ، وَقَوْلُهُ تَعَالَى ﴿فَوَقَاهُ اللَّهُ سَيِّئَاتِ مَا مَكَرُوا﴾ [2] - إِلَى قَوْلِهِ - ﴿يُعْرَضُونَ عَلَيْهَا غُدُوًّا وَعَشِيًّا﴾ [3] الْآيَةَ فَذَكَرَ عَذَابَ الدَّارَيْنِ صَرِيحًا لَا يَحْتَمِلُ غَيْرَهُ. وَمِنْهَا قَوْلُهُ تَعَالَى ﴿فَذَرْهُمْ حَتَّىٰ يُلَاقُوا يَوْمَهُمُ الَّذِي فِيهِ يُصْعَقُونَ يَوْمَ لَا يُغْنِي عَنْهُمْ كَيْدُهُمْ شَيْئًا وَلَا هُمْ يُنْصَرُونَ﴾ [4] انْتَهَى كَلَامُهُ.

پھر محقق علامہ ابن قیم رحمہ اللہ نے تفصیلی جواب میں فرمایا برزخ کا عذاب قرآن مجید کی بہت سی آیات سے ثابت ہے اور برزخ کی بہت سی نعمتوں کا بھی قرآن مجید میں ذکر موجود ہے (یہی عذاب و ثواب قبر ہے)۔ کاش تم ظالموں کو اس حالت میں دیکھ سکو جب کہ وہ سکرات موت میں ڈبکیاں کھا رہے ہوتے ہیں اور فرشتے ہاتھ بڑھا بڑھا کر کہہ رہے ہوتے ہیں کہ لاؤ، نکالو اپنی جان، آج تمہیں ان باتوں کی پاداش میں ذلت کا عذاب دیا جائے گا جو تم اللہ پر تہمت رکھ کر ناحق بکا کرتے تھے اور اس کی آیات کے مقابلہ میں سرکشی دکھاتے تھے۔ ان کے لئے موت

[1] الأنعام: ٩٣
[2] غافر: ٤٥
[3] غافر: ٤٦
[4] الطور: ٤٥

کے وقت یہ خطاب قطعی ہے اور اس موقع پر فرشتوں نے خبر دی ہے جو بالکل سچے ہیں، یہاں اگر عذاب کو دنیا کے خاتمہ پر موخر مانا جائے تو یہ صحیح نہیں ہوگا، یہاں تو آج کا دن استعمال کیا گیا ہے اور کہا گیا ہے کہ تم کو آج کے دن رسوائی کا عذاب ہوگا، اس آج کے دن سے یقیناً قبر کے عذاب کا دن مراد ہے۔ اور دوسری آیت میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ آخر کار ان لوگوں نے جو بری سے بری چالیں اس مومن کے خلاف چلیں اللہ نے ان سب سے اس کو بچالیا اور فرعون کے ساتھی بدترین عذاب کے پھیر میں آگئے دوزخ کی آگ ہے جس کے سامنے صبح وشام وہ پیش کیے جاتے ہیں، اور جب قیامت کی گھڑی آجائے گی تو حکم ہوگا کہ آل فرعون کو شدید تر عذاب میں داخل کرو۔ اس آیت میں عذاب دارین کا صریح ذکر ہے اس کے سوا اور کسی کا احتمال ہی نہیں (دارین سے قبر کا عذاب اور پھر قیامت کے دن کا عذاب مراد ہے) اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا پس اے نبی (ﷺ)! انہیں ان کے حال پر چھوڑ دو یہاں تک کہ یہ اپنے اس دن کو پہنچ جائیں جس میں یہ مار گرائے جائیں گے، جس دن نہ ان کی اپنی کوئی چال ان کے کسی کام آئے گی نہ کوئی ان کی مدد کو آئے گا۔ [1]

وَأَخْرَجَ الْبُخَارِيُّ مِنْ حَدِيثِ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُو " اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَأَخْرَجَ التِّرْمِذِيُّ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ: مَا زِلْنَا فِي شَكٍّ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ حَتَّى نَزَلَتْ {أَلْهَاكُمُ التَّكَاثُرُ حَتَّى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ} [2] . وَقَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: إِذَا مَاتَ الْكَافِرُ أُجْلِسَ فِي قَبْرِهِ فَيُقَالُ لَهُ مَنْ رَبُّكَ وَمَا دِينُكَ فَيَقُولُ لَا أَدْرِي فَيُضَيَّقُ عَلَيْهِ قَبْرُهُ ثُمَّ قَرَأَ ابْنُ مَسْعُودٍ فَإِنَّ لَهُ مَعِيشَةً ضَنْكًا قَالَ الْمَعِيشَةُ الضَّنْكُ هِيَ عَذَابُ الْقَبْرِ.

وَقَالَ الْبَرَاءُ بْنُ عَازِبٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا فِي قَوْلِهِ تَعَالَى {عَذَابًا دُونَ ذَلِكَ} [3] قَالَ عَذَابَ الْقَبْرِ. وَرُوِيَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا فِي قَوْلِهِ تَعَالَى {وَلَنُذِيقَنَّهُمْ مِنَ الْعَذَابِ الْأَدْنَى دُونَ الْعَذَابِ الْأَكْبَرِ} [4] (قَالَ عَذَابُ الْقَبْرِ)

صحیح بخاری میں حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ میں ذکر ہے کہ رسول کریم ﷺ یہ دعا فرمایا کرتے تھے اے اللہ! میں تجھ سے عذاب قبر سے تیری پناہ چاہتا ہوں، اور جامع ترمذی میں سیدنا علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے عذاب قبر کے بارے میں ہم مشکوک رہا کرتے تھے یہاں تک کہ یہ آیات نازل ہوئیں تم لوگوں کو زیادہ سے زیادہ اور ایک دوسرے سے بڑھ کر دنیا حاصل کرنے کی دھن نے غفلت میں ڈال رکھا ہے، یہاں تک کہ اسی فکر میں تم لب گور تک پہنچ جاتے ہو۔ (گویا ان آیات میں بھی مراد قبر کا عذاب ہی ہے) عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جب کافر مرتا ہے تو اسے قبر میں بٹھایا جاتا ہے اور اس سے پوچھا جاتا ہے تیرا رب کون ہے؟ اور تیرا دین کیا ہے؟ وہ جواب دیتا ہے کہ میں کچھ نہیں جانتا پس اس کی قبر اس پر تنگ کر دی جاتی ہے پھر ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے اس آیت کی تلاوت کی جو کوئی ہماری یاد سے منہ موڑے گا اس کو نہایت تنگ زندگی ملے گی۔ فرمایا یہاں تنگ زندگی سے قبر کا عذاب مراد ہے، براء بن عازب رضی اللہ عنہ نے آیت شریفہ اور اس وقت کے آنے سے پہلے

---

[1] لوامع الأنوار البهية ۲/۵۷

[2] التكاثر: ۱

[3] الطور: ۴۷

[4] السجدة: ۲۱

بھی ظالموں کے لیے ایک عذاب ہے مگر ان میں سے اکثر جانتے نہیں ہیں۔ کی تفسیر میں فرمایا یہاں بھی عذاب قبر ہی کا ذکر ہے، یعنی کافروں کو بڑے سخت ترین عذاب سے پہلے ایک ادنیٰ عذاب میں داخل کیا جائے گا (اور وہ عذاب قبر ہے) اور عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ آیت کریمہ اس بڑے عذاب سے پہلے ہم اسی دنیا میں (کسی نہ کسی چھوٹے) عذاب کا مزا انھیں چکھاتے رہیں گے۔ کی تفسیر میں فرماتے ہیں اس سے مراد عذاب قبر ہی ہے، ایسا ہی قتادہ اور ربیع بن انس نے آیت شریفہ ہم ان کو دو دفعہ عذاب میں مبتلا کریں گے۔ کی تفسیر میں فرمایا ایک عذاب سے مراد دنیا کا عذاب اور دوسرے سے مراد قبر کا عذاب ہے۔ (١)

قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ رَجَبٍ وَقَدْ تَوَاتَرَتِ الْأَحَادِيثُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي عَذَابِ الْقَبْرِ فَفِي الصَّحِيحَيْنِ عَنْ أُمِّ الْمُؤْمِنِينَ عَائِشَةَ الصِّدِّيقَةِ بِنْتِ الصِّدِّيقِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا أَنَّهَا قَالَتْ: سَأَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ عَذَابِ الْقَبْرِقَالَ: نَعَمْ عَذَابُ الْقَبْرِ حَقٌّ

حافظ ابن رجب رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ عذاب قبر کے بارے میں نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم سے متواتر احادیث مروی ہیں جن سے عذاب قبر کا حق ہونا ثابت ہے، پھر علامہ نے ان احادیث کا ذکر فرمایا جیسا کہ یہاں بھی چند احادیث مذکور ہوئی ہیں، صحیح بخاری و صحیح مسلم میں ام المومنین عائشہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں میں نے نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم سے عذاب قبر کے بارے میں دریافت کیا آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا ہاں، عذاب قبر حق ہے۔

لم يَتَعَرَّضِ الْمُصَنِّفُ فِي التَّرْجَمَةِ لِكَوْنِ عَذَابِ الْقَبْرِ يَقَعُ عَلَى الرُّوحِ فَقَطْ أَوْ عَلَيْهَا وَعَلَى الْجَسَدِ وَفِيهِ خِلَافٌ شَهِيرٌ عِنْدَ الْمُتَكَلِّمِينَ، وَكَأَنَّهُ تَرَكَهُ لِأَنَّ الْأَدِلَّةَ الَّتِي يَرْضَاهَا لَيْسَتْ قَاطِعَةً فِي أَحَدِ الْأَمْرَيْنِ، فَلَمْ يَتَقَلَّدِ الْحُكْمَ فِي ذَلِكَ وَاكْتَفَى بِإِثْبَاتِ وُجُودِهِ، خِلَافًا لِمَنْ نَفَاهُ مُطْلَقًا مِنَ الْخَوَارِجِ وَبَعْضِ الْمُعْتَزِلَةِ، كَضِرَارِ بْنِ عَمْرٍو وَبِشْرٍ الْمَرِيسِيِّ وَمَنْ وَافَقَهُمَا وَخَالَفَهُمْ فِي ذَلِكَ أَكْثَرُ الْمُعْتَزِلَةِ وَجَمِيعُ أَهْلِ السُّنَّةِ وَغَيْرِهِمْ، وَأَكْثَرُوا مِنَ الِاحْتِجَاجِ لَهُ وَذَهَبَ بَعْضُ الْمُعْتَزِلَةِ كَالْجَيَّانِيِّ إِلَى أَنَّهُ يَقَعُ عَلَى الْكُفَّارِ دُونَ الْمُؤْمِنِينَ، وَبَعْضُ الْأَحَادِيثِ الْآتِيَةِ تَرُدُّ عَلَيْهِمْ أَيْضًا

خلاصہ یہ ہے کہ مصنف (امام بخاری رحمہ اللہ) نے اس بارے میں کچھ تعرض نہیں فرمایا کہ عذاب قبر فقط روح کو ہوتا ہے یا روح اور جسم ہر دو پر ہوتا ہے، اس بارے میں متکلمین کا بہت اختلاف ہے، حضرت امام نے قصداً اس بحث کو چھوڑ دیا اس لئے کہ ان کے حسب منشاء کچھ دلائل قطعی اس بارے میں نہیں ہیں، پس آپ نے ان مباحث کو چھوڑ دیا اور صرف عذاب قبر کے وجود کو ثابت کر دیا، جبکہ خوارج اور کچھ معتزلہ اس کا انکار کرتے ہیں، جیسے ضرار بن عمرو، بشر مریسی وغیرہ اور ان لوگوں کی جملہ اہلسنت بلکہ کچھ معتزلہ نے بھی مخالفت کی ہے، اور بعض معتزلہ جیانی وغیرہ ادھر گئے ہیں کہ عذاب قبر صرف کافروں کو ہوتا ہے ایمان والوں کو نہیں ہوتا اور مذکور بعض احادیث ان کے اس غلط عقیدہ کی تردید کر رہی ہیں۔ (٢)

بہر حال عذاب قبر برحق ہے جو لوگ اس بارے میں شکوک و شبہات پیدا کریں ان کی صحبت سے ہر مسلمان کو دور رہنا واجب ہے اور ان کھلے ہوئے دلائل کے بعد بھی جن کی تشفی نہ ہو ان کی ہدایت کے لئے کوشاں ہونا بیکار محض ہے، وباللہ التوفیق۔

---

(١) لوامع الأنوار البهية ١٣/٢

(٢) فتح البارى ٢٣٣/٣

قال في اللمعات: المراد بالقبر هنا عالم البرزخ، قال تعالى: ومن ورائهم برزخ إلى يوم يبعثون وهو عالم بين الدنيا والآخرة له تعلق بكل منهما، وليس المراد به الحفرة التي يدفن فيها الميت، فرب ميت لا يدفن كالغريق، والحريق، والمأكول في بطن الحيوانات، يعذب، وينعم، ويسأل، وإنما خص العذاب بالذكر للاهتمام، ولأن العذاب أكثر لكثرة الكفار والعصاة -انتهى. قلت: حاصل ما قيل في بيان المراد من البرزخ أنه اسم لأنقطاع الحياة في هذا العالم المشهود، أي دار الدنيا، وابتداء حياة أخرى، فيبدأ شيء من العذاب أو النعيم بعد إنقطاع الحياة الدنيوية، فهو أول دار الجزاء، ثم توفى كل نفس ما كسبت يوم القيامة عند دخولها في جهنم أو الجنة، وإنما أضيف عذاب البرزخ ونعيمه إلى القبر لكون معظمه يقع فيه، ولكون الغالب على الموتى أن يقبروا، وإلا فالكافر ومن شاء الله عذابه من العصاة يعذب بعد موته ولو لم يدفن، ولكن ذلك محجوب عن الخلق إلا من شاءالله.

مختصر مطلب یہ ہے کہ لمعات میں ہے کہ یہاں قبر سے مراد عالم برزخ ہے جیسا کہ قرآن مجید میں ہے کہ مرنے والوں کے لئے قیامت سے پہلے ایک عالم اور ہے جس کا نام برزخ ہے اور یہ دنیا اور آخرت کے درمیان ایک عالم ہے جس کا تعلق دونوں سے ہے اور قبر سے وہ گڑھا مراد نہیں جس میں میت کو دفن کیا جاتا ہے کیونکہ بہت سی میت دفن نہیں کی جاتی ہیں جیسے ڈوبنے والا اور جلنے والا اور جانوروں کے پیٹوں میں جانے والا حالانکہ ان سب کو عذاب وثواب ہوتا ہے اور ان سب سے سوال جواب ہوتے ہیں اور یہاں عذاب کا خاص طور پر ذکر کیا گیا ہے، اس لئے اس کا خاص اہتمام ہے اور اس لئے کہ اکثر طور پر گنہگاروں اور جملہ کافروں کے لئے عذاب ہی مقدر ہے۔ میں کہتا ہوں کہ حاصل یہ ہے کہ برزخ اس عالم کا نام ہے جس میں دار دنیا سے انسان زندگی منقطع کر کے ابتدائے دار آخرت میں پہنچ جاتا ہے، پس دنیاوی زندگی کے انقطاع کے بعد وہ پہلا جزا اور سزا کا گھر ہے پھر قیامت کے دن ہر نفس کو اس کا پورا پورا بدلہ جنت یا دوزخ کی شکل میں دیا جائے گا اور عذاب اور ثواب برزخ کو قبر کی طرف اس لئے منسوب کیا گیا ہے کہ انسان اسی کے اندر داخل ہوتا ہے اور اس لئے بھی کہ غالب موتی قبر ہی میں داخل کئے جاتے ہیں ورنہ کافر اور گنہگار جن کو اللہ عذاب کرنا چاہئے اس صورت میں بھی وہ ان کو عذاب کر سکتا ہے کہ وہ دفن نہ کیے جائیں، یہ عذاب مخلوق سے پردہ میں ہوتا ہے (الامن شاء الله)

وقيل: لا حاجة إلى التأويل فإن القبر اسم للمكان الذي يكون في الميت من الأرض، ولا شك أن محل الإنسان ومسكنه بعد انقطاع الحياة الدنيوية هي الأرض كما أنها كانت مسكناً له في حياته قبل موته، قال تعالى {ألم نجعل الأرض كفاتاً، أحياء وأمواتاًأي ضامة للأحياء والأموات، تجمعهم وتضمهم وتحوزهم، فلا محل للميت إلا الأرض، سواء كان غريقاً أو حريقاً أو مأكولاً في بطن الحيوانات من السباع على الأرض، والطيور في الهواء، والحيتان في البحر، فإن الغريق يرسب في الماء فيسقط إلى أسفله من الأرض، أو الجبل إن كان تحته جبل، وكذا الحريق بعد ما يصير رماداً لا يستقر إلا على الأرض سواء أذرى في البر أو البحر، وكذا المأكول، فإن الحيوانات التي تأكله لا تذهب بعد موتها إلا إلى الأرض، فتصير تراباً.والحاصل أن الأرض محل جميع الأجسام السفلية ومقرها لا ملجأ لها إلا إليها فهي كفات لها. واعلم أنه قد تظاهرت الدلائل من الكتاب والسنة على ثبوت عذاب القبر،

وأجمع عليه أهل السنة، ولا مانع في العقل أن يعيد الله الحياة في جزء من الجسد أو في جميعه على الخلاف المعروف فيثيبه ويعذبه، وإذا لم يمنعه العقل، وورد به الشرع وجب قبوله واعتقاده، ولا يمنع من ذلك كون الميت قد تفرقت أجزاءه كما يشاهد في العادة، أو أكلته السباع، والطيور، وحيتان البحر، كما أن الله تعالى يعيده للحشر وهو قادر على ذلك، فلا يستبعد تعلق روح الشخص الواحد في آن واحد بكل واحد من أجزائه المتفرقة في المشارق والمغارب، فإن تعلقه ليس على سبيل الحلول حتى يمنعه الحلول في جزء من الحلول في غيره، فلا استحالة في تعذيب ذرات الجسم في محالها، كيف وقد ثبت بالعقل والنقل الشعور في الجمادات؟ قال في مصابيح الجامع: وقد كثرت الأحاديث في عذاب القبر حتى قال غير واحد: إنها متواترة لا يصح عليها التواطئ وإن لم يصح مثلها لم يصح شيء من أمر الدين

اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ تاویل کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ قبر اسی جگہ کا نام ہے جہاں میت کا زمین میں مکان بنے اور اس میں کوئی شک نہیں کہ مرنے کے بعد انسان کا آخری مکان زمین ہی ہے جیسا کہ قرآن مجید میں ہے کہ ہم نے تمہارے لئے زمین کی زندگی اور موت ہر حال میں ٹھکانا بنایا ہے، وہ زندہ اور مردہ سب کو جمع کرتی ہے اور سب کو شامل ہے پس میت ڈوبنے والے کی ہو یا جلنے والے کی یا بطن حیوانات میں جانے والے کی خواہ زمین کے بھیڑیوں کے پیٹ میں جائے یا ہوا میں پرندوں کے شکم میں یا دریا میں مچھلیوں کے پیٹ میں، سب کا نتیجہ مٹی ہونا اور زمین میں ملنا ہے اور جان لو کہ کتاب وسنت کے ظاہر دلائل کی بنا پر عذاب قبر برحق ہے جس پر جملہ اسلام کا اجماع ہے اور اس بارے میں اس قدر تواتر کے ساتھ احادیث مروی ہیں کہ اگر ان کو بھی صحیح نہ تسلیم کیا جائے تو دین کا پھر کوئی بھی امر صحیح نہیں قرار دیا جاسکتا۔ [1]

مزید تفصیل کے لئے کتاب الروح علامہ ابن قیم رحمہ اللہ کا مطالعہ کیا جائے۔

مگر اتنی واضح اور مستند روایات کے باوجود تین گروہ عذاب قبر کے منکر ہیں۔

**معتزلہ:**

پہلا گروہ معتزلہ کے نزدیک دینوی اور اخروی حیات کے درمیان کوئی اور حیات ہے نہ کوئی عذاب وتنعیم، وہ کہتے ہیں کہ اللہ نے دو زندگیوں کا ذکر فرمایا ہے ایک دنیوی زندگی جو ماں کے پیٹ سے شروع ہوتی ہے اور دوسری اخروی حیات جس کی تعبیر بعث بعد الموت ہے اور وہ آخرت ہے، جب تیسری حیات نہیں تو پھر تنعیم وعذاب کا سوال پیدا نہیں ہوتا، اس سلسلہ میں وہ یہ دلیل پیش کرتے ہیں۔

كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَكُنْتُمْ اَمْوَاتًا فَاَحْيَاكُمْ ۚ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿٢٨﴾ [2]

ترجمہ: تم اللہ کے ساتھ کفر کا رویہ کیسے اختیار کرتے ہو حالانکہ تم بے جان تھے اس نے تم کو زندگی عطا کی، پھر وہی تمہاری جان سلب کرے گا پھر وہی تمہیں دوبارہ زندگی عطا کرے گا پھر اسی کی طرف تمہیں پلٹ کر جانا ہے۔

---

[1] مرعاۃ ۲۱۷/۱

[2] البقرۃ ۲۸

قَالُوا رَبَّنَآ اَمَتَّنَا اثْنَتَيْنِ وَاَحْيَيْتَنَا اثْنَتَيْنِ فَاعْتَرَفْنَا بِذُنُوْبِنَا ... ⑪ (۱)

ترجمہ: وہ کہیں گے اے ہمارے رب! تو نے واقعی ہمیں دو دفعہ موت اور دو دفعہ زندگی دے دی ہم اپنے قصوروں کا اعتراف کرتے ہیں۔

اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ ۝۳۰ ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُوْنَ ۝۳۱ (۲)

ترجمہ: (اے نبی!) تمہیں بھی مرنا ہے اور ان لوگوں کو بھی مرنا ہے آخر کار قیامت کے روز تم سب اپنے رب کے حضور اپنا اپنا مقدمہ پیش کرو گے۔

ثُمَّ اِنَّكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ لَمَيِّتُوْنَ ۝۱۵ ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ تُبْعَثُوْنَ ۝۱۶ (۳)

ترجمہ: پھر اس کے بعد تم کو ضرور مرنا ہے پھر قیامت کے روز یقیناً تم اٹھائے جاؤ گے۔

مگر اللہ تعالیٰ نے اس دنیا میں تین دفعہ حیات حقیقی عطا فرمائی، اس سلسلہ میں سورۃ البقرہ میں پانچ واقعات ہیں۔

وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى نَرَى اللّٰهَ جَهْرَةً فَاَخَذَتْكُمُ الصّٰعِقَةُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ۝۵۵ ثُمَّ بَعَثْنٰكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَوْتِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝۵۶ (۴)

ترجمہ: یاد کرو جب تم نے موسیٰ سے کہا تھا کہ ہم تمہارے کہنے کا ہر گز یقین نہ کریں گے جب تک کہ اپنی آنکھوں سے علانیہ اللہ کو (تم سے کلام کرتے) نہ دیکھ لیں اس وقت تمہارے دیکھتے دیکھتے ایک زبردست کڑکے نے تم کو آلیا مگر پھر ہم نے تم کو جلا اٹھایا، شاید کہ اس احسان کے بعد تم شکر گزار بن جاؤ۔

فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا ۭ كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى ۙ وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝۷۳ (۵)

ترجمہ: اس وقت ہم نے حکم دیا کہ مقتول کی لاش کو اس کے ایک حصے سے ضرب لگاؤ، دیکھو اس طرح اللہ مردوں کو زندگی بخشتا ہے اور تمہیں اپنی نشانیاں دکھاتا ہے تا کہ تم سمجھو۔

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَهُمْ اُلُوْفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ ۠ فَقَالَ لَهُمُ اللّٰهُ مُوْتُوْا ۣ ثُمَّ اَحْيَاهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ ۝۲۴۳ (۶)

ترجمہ: تم نے ان لوگوں کے حال پر بھی کچھ غور کیا جو موت کے ڈر سے اپنے گھر بار چھوڑ کر نکلے تھے اور ہزاروں کی تعداد میں تھے؟ اللہ نے ان سے فرمایا مر جاؤ پھر اس نے ان کو دوبارہ زندگی بخشی حقیقت یہ ہے کہ اللہ انسان پر بڑا افضل فرمانے والا ہے مگر اکثر لوگ شکر ادا نہیں کرتے۔

اَوْ كَالَّذِيْ مَرَّ عَلٰى قَرْيَةٍ وَّهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا ۚ قَالَ اَنّٰى يُحْيٖ هٰذِهِ اللّٰهُ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ فَاَمَاتَهُ اللّٰهُ مِائَةَ عَامٍ

(۱) المومن ۱۱

(۲) الزمر ۳۰، ۳۱

(۳) المومنون ۱۶،۱۵

(۴) البقرۃ ۵۶،۵۵

(۵) البقرۃ ۷۳

(۶) البقرۃ ۲۴۳

ثُمَّ بَعَثَهٗ ؕ قَالَ كَمۡ لَبِثۡتَ ؕ قَالَ لَبِثۡتُ يَوۡمًا اَوۡ بَعۡضَ يَوۡمٍ ؕ قَالَ بَلۡ لَّبِثۡتَ مِائَةَ عَامٍ ... ﴿۲۵۹﴾ (۱)

ترجمہ: یا پھر مثال کے طور پر اس شخص کو دیکھو جس کا گزر ایک ایسی بستی پر ہوا جو اپنی چھتوں پر اوندھی گری پڑی تھی، اس نے کہا یہ آبادی جو ہلاک ہو چکی ہے اِسے اللہ کس طرح دوبارہ زندگی بخشے گا؟ اس پر اللہ نے اس کی رُوح قبض کر لی اور وہ سو برس تک مُردہ پڑا رہا پھر اللہ نے اُسے دوبارہ زندگی بخشی اور اس سے پوچھا بتاؤ کتنی مدت پڑے رہے ہو؟ اس نے کہا ایک دن یا چند گھنٹے رہا ہوں گا، فرمایا تم پر سو برس اسی حالت میں گزر چکے ہیں۔

وَاِذۡ قَالَ اِبۡرٰهٖمُ رَبِّ اَرِنِىۡ كَيۡفَ تُحۡىِ الۡمَوۡتٰى ؕ قَالَ اَوَلَمۡ تُؤۡمِنۡ ؕ قَالَ بَلٰى وَلٰـكِنۡ لِّيَطۡمَئِنَّ قَلۡبِىۡ ؕ قَالَ فَخُذۡ اَرۡبَعَةً مِّنَ الطَّيۡرِ فَصُرۡهُنَّ اِلَيۡكَ ثُمَّ اجۡعَلۡ عَلٰى كُلِّ جَبَلٍ مِّنۡهُنَّ جُزۡءًا ثُمَّ ادۡعُهُنَّ يَاۡتِيۡنَكَ سَعۡيًا ... ﴿۲۶۰﴾ (۲)

ترجمہ: فرمایا اور وہ واقعہ بھی پیش نظر رہے، جب ابراہیم نے کہا تھا کہ میرے مالک! مجھے دکھا دے تو مردوں کو کیسے زندہ کرتا ہے فرمایا کیا تو ایمان نہیں رکھتا؟ اس نے عرض کیا ایمان تو رکھتا ہوں مگر دل کا اطمینان درکار ہے، فرمایا اچھا تو چار پرندے لے اور ان کو اپنے سے مانوس کر لے پھر ان کا ایک ایک ٹکڑا ایک ایک پہاڑ پر رکھ دے پھر ان کو پکار وہ تیرے پاس دوڑے چلے آئیں گے۔

اسی طرح عیسیٰ علیہ السلام کے معجزات ہیں، اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

وَرَسُوۡلًا اِلٰى بَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ ۙ اَنِّىۡ قَدۡ جِئۡتُكُمۡ بِاٰيَةٍ مِّنۡ رَّبِّكُمۡ ۙ اَنِّىۡۤ اَخۡلُقُ لَـكُمۡ مِّنَ الطِّيۡنِ كَهَیْـــَٔةِ الطَّيۡرِ فَاَنۡفُخُ فِيۡهِ فَيَكُوۡنُ طَيۡرًا ۢ بِاِذۡنِ اللّٰهِ ۚ وَاُبۡرِئُ الۡاَكۡمَهَ وَالۡاَبۡرَصَ وَاُحۡىِ الۡمَوۡتٰى بِاِذۡنِ اللّٰهِ ۚ وَاُنَبِّئُكُمۡ بِمَا تَاۡكُلُوۡنَ وَمَا تَدَّخِرُوۡنَ ۙ فِىۡ بُيُوۡتِكُمۡ ؕ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمۡ اِنۡ كُنۡتُمۡ مُّؤۡمِنِيۡنَ ۚ‏ ﴿۴۹﴾ (۳)

ترجمہ: (اور جب وہ بحیثیت رسول بنی اسرائیل کے پاس آیا تو اس نے کہا) میں تمہارے رب کی طرف سے تمہارے پاس نشانی لے کر آیا ہوں میں تمہارے سامنے مٹی سے پرندے کی صورت کا ایک مجسمہ بناتا ہوں اور اس میں پھونک مارتا ہوں وہ اللہ کے حکم سے پرندہ بن جاتا ہے، میں اللہ کے حکم سے مادر زاد اندھے اور کوڑھی کو اچھا کرتا ہوں اور مردے کو زندہ کرتا ہوں، میں تمہیں بتاتا ہوں کہ تم کیا کھاتے ہو اور کیا اپنے گھروں میں ذخیرہ کر کے رکھتے ہو، اس میں تمہارے لیے کافی نشانی ہے اگر تم ایمان لانے والے ہو۔

اِذۡ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيۡسَى ابۡنَ مَرۡيَمَ اذۡكُرۡ نِعۡمَتِىۡ عَلَيۡكَ وَعَلٰى وَالِدَتِكَ ۘ اِذۡ اَيَّدْتُّكَ بِرُوۡحِ الۡقُدُسِ تُكَلِّمُ النَّاسَ فِى الۡمَهۡدِ وَكَهۡلًا ۚ وَاِذۡ عَلَّمۡتُكَ الۡـكِتٰبَ وَالۡحِكۡمَةَ وَالتَّوۡرٰٮةَ وَالۡاِنۡجِيۡلَ ۚ وَاِذۡ تَخۡلُقُ مِنَ الطِّيۡنِ كَهَیْـــَٔةِ الطَّيۡرِ بِاِذۡنِىۡ فَتَنۡفُخُ فِيۡهَا فَتَكُوۡنُ طَيۡرًاۢ بِاِذۡنِىۡ وَتُبۡرِئُ الۡاَكۡمَهَ وَالۡاَبۡرَصَ بِاِذۡنِىۡ ۚ وَاِذۡ تُخۡرِجُ الۡمَوۡتٰى بِاِذۡنِىۡ ۚ وَاِذۡ كَفَفۡتُ بَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ عَنۡكَ اِذۡ جِئۡتَهُمۡ بِالۡبَيِّنٰتِ فَقَالَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا مِنۡهُمۡ اِنۡ هٰذَاۤ اِلَّا سِحۡرٌ مُّبِيۡنٌ‏ ﴿۱۱۰﴾ (۴)

---

(۱) البقرۃ۲۵۹

(۲) البقرہ۲۶۰

(۳) آل عمران۴۹

(۴) المائدۃ۱۱۰

ترجمہ :اے مریم رحمہ اللہ کے بیٹے عیسیٰ علیہ السلام یاد کرو میری اس نعمت کو جو میں نے تجھے اور تیری ماں کو عطا کی تھی میں نے روح پاک سے تیری مدد کی، تو گہوارے میں لوگوں سے بات کرتا تھا اور بڑی عمر کو پہنچ کر بھی، میں نے تجھے کتاب اور حکمت اور تورات اور انجیل کی تعلیم دی، تو میرے حکم سے مٹی کا پتلا پرندے کی شکل کا بناتا اور اس میں پھونک مارتا تھا اور وہ میرے حکم سے پرندہ بن جاتا تھا، تو مادر زاد اندھے اور کوڑھی کو میرے حکم سے اچھا کرتا تھا تو مردوں کو میرے حکم سے نکالتا تھا پھر جب تو بنی اسرائیل کے پاس صریح نشانیاں لیکر پہنچا اور جو لوگ ان میں سے منکر حق تھے انہوں نے کہا یہ نشانیاں جادوگری کے سوا اور کچھ نہیں ہیں۔

ان تمام آیات سے صراحتاً ثابت ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے استثنائی صورت میں بعض لوگوں اور بعض حیوانوں کو دنیا میں فوت کر دینے کے بعد دوبارہ زندہ کیا، ان آیات کی دور از کار تاویل کرنے والے اللہ تعالیٰ کی قدرت کے منکر ہیں۔

**منکر حدیث:**

دوسرا گروہ منکر حدیث کا ہے، وہ کہتے ہیں کہ متعدد آیات سے ثابت ہے کہ مرنے کے بعد سے لیکر یوم حشر تک مردوں میں کسی قسم کا احساس وشعور نہیں ہوتا، جسم تو ویسے ہی مٹی میں گل سڑ جاتا ہے اور روح پر بھی یہ زمانہ بس ایک گھڑی کے مانند گزرتا ہے، بالفاظ دیگر جب کوئی مرتا ہے اس وقت ہی اس کی قیامت قائم ہو جاتی ہے لہذا برزخ کا زمانہ یا برزخ کی زندگی ناممکن سی باتیں ہیں، قبر میں پڑے مردوں کا کسی بات کا سننا در کنار شعور واحساس تک نہیں ہوتا۔[1] اس گروہ کی مشہور دلیل یہ آیت کریمہ ہے

قَالُوْا يٰوَيْلَنَا مَنْۢ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا... ﴿٥٢﴾ [2]

ترجمہ: گھبرا کر کہیں گے ارے یہ کس نے ہمیں ہماری خواب گاہ سے اٹھا کھڑا کیا؟۔

وہ کہتے ہیں کہ رقاد کا معنی سونا ہے، اللہ تعالیٰ نے فرمایا

وَتَحْسَبُهُمْ اَيْقَاظًا وَّهُمْ رُقُوْدٌ... ﴿١٨﴾ [3]

ترجمہ: تم انہیں دیکھ کر یہ سمجھتے کہ وہ جاگ رہے ہیں حالانکہ وہ سو رہے تھے۔

اس گروہ نے برزخ اور فصل زمانی کا انکار اس وجہ سے کیا کہ عذاب قبر اور احوال قبر سے انکار کر سکے۔

**جسمانی عذاب قبر کے منکر:**

تیسرا گروہ جو عذاب قبر کا تو قائل ہے اور قبر سے برزخ مراد لیتا ہے وہ صرف روح کے لئے عذاب وتنعیم کا قائل ہے، بدن کے متعلق کسی قسم کی حیات اور عذاب وتنعیم کا عقیدہ نہیں رکھتا اور دنیاوی قبر میں عذاب کا بالکل منکر ہے، یعنی عذاب قبر اور عذاب فی القبر میں کوئی فرق نہیں کرتا۔ یہ سارے فرقے اس مسئلے میں انکار حدیث کے مرتکب ہیں جبکہ ان کے بالمقابل اہل سنت والجماعت کا عقیدہ ہے کہ قبر معروف (مدفن) میں جو بدن ہے یا بدن کے ذرات جہاں بھی بکھرے ہوئے ہیں اللہ تعالیٰ اپنی قدرت عظیمہ سے ان کو (اگر عذاب کے مستحق ہوں) عذاب میں

---

[1] آئینہ پرویزیت ۳۷۴

[2] یسین ۵۲

[3] الکہف ۱۸

مبتلا کر دیتا ہے اور اسے عذاب فی القبر (دنیاوی قبر میں عذاب) کہا جاتا ہے اور روح کو بھی عذاب ہوتا ہے، لیکن روح کے لئے الگ مستقر ہے (مسئلہ مستقر ارواح، شرح عقیدہ طحاویۃ، مجموعۃ الفتاوی مولانا عبدالحی لکھنوی) عذاب قبر کے بارے میں تفصیل اوپر بیان کر دی گئی ہے۔

**عبداللہ رضی اللہ عنہ بن مسعود (راز دان رسول)**

عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُتْبَةَ قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللَّهِ رَجُلا نَحِيفًا قَصِيرًا أَشَدَّ الأُدْمَةِ. وَكَانَ لا يُغَيِّرُ

عبید اللہ بن عبد اللہ بن عتبہ سے مروی ہے عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ دبلے، پست قد اور نہایت گندم گوں آدمی تھے، وہ متغیر نہیں ہوتے تھے یعنی ان کے سر اور داڑھی کے بال اپنا رنگ نہیں بدلتے تھے۔ [1]

عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَلْقَمَةَ أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ كَانَ يُكْنَى أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ.

ابراہیم بن علقمہ کہتے ہیں عبد اللہ رضی اللہ عنہ بن مسعود جن کی کنیت ابو عبد الرحمٰن تھی۔ [2]

عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: كُنْتُ غُلامًا يَافِعًا أَرْعَى غنما لعقبة ابن أَبِي مُعَيْطٍ فَجَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبُو بَكْرٍ وَقَدْ فَرَّا مِنَ الْمُشْرِكِينَ فَقَالا: يَا غُلامُ هَلْ عِنْدَكَ مِنْ لَبَنٍ تَسْقِينَا؟ فَقُلْتُ: إِنِّي مُؤْتَمَنٌ وَلَسْتُ سَاقِيَكُمَا. فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ عِنْدَكَ مِنْ جَذَعَةٍ لَمْ يَنْزُ عَلَيْهَا الْفَحْلُ؟ قُلْتُ: نَعَمْ. فَأَتَيْتُهُمَا بِهَا فَاعْتَقَلَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَسَحَ الضَّرْعَ وَدَعَا فَحَفَلَ الضَّرْعُ ثُمَّ أَتَاهُ أَبُو بَكْرٍ بِصَخْرَةٍ مُتَقَعِّرَةٍ فَاحْتَلَبَ فِيهَا فَشَرِبَ أَبُو بَكْرٍ. ثُمَّ شَرِبْتُ ثُمَّ قَالَ لِلضَّرْعِ اقْلِصْ فَقَلَصَ. قَالَ: فَأَتَيْتُهُ بَعْدَ ذَلِكَ فَقُلْتُ: عَلِّمْنِي مِنْ هَذَا الْقَوْلِ. قَالَ: إِنَّكَ غُلامٌ مُعَلَّمٌ.

عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں جب قریب بلوغ کے تھا تو سردار قریش عقبہ بن ابی معیط کی بکریاں چرایا کرتا تھا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تبلیغ دین کے سلسلے میں مکہ مکرمہ سے باہر نکل جاتے تھے، ایک مرتبہ اسی سلسلہ میں کہیں سے تشریف لا رہے تھے کہ اثنائے راہ عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی ملاقات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے ساتھی سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ سے ہوگئی جو تھکے ہوئے اور پیاس سے نڈھال ہو رہے تھے، عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں سنا ہو تو تھا مگر سارا دن باہر گزارنے کی وجہ سے ملاقات نہیں تھی اس لئے پہچان نہ سکے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ نے عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے کہا اے لڑکے تمہارے پاس کچھ دودھ ہے جو تم ہمیں پلا دو تا کہ ہم اپنی پیاس بجھا سکیں؟ مگر عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے کمال امانت و دیانت داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے کہا یہ بکریاں میرے پاس کسی کی امانت ہیں میں کسی بکری کو آپ کے حوالے نہیں کر سکتا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اچھا کسی ایسی بکری کا بتلاؤ ابھی گابھن نہ ہوئی ہو، عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہا ہاں، اور ایک پٹھ بکری آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی ٹانگ اپنی ران میں دبائی اور بکری کے تھنوں پر ہاتھ پھیرا اور دعا کی اور پھر تھن چھوڑ دیا، اللہ تعالیٰ کی قدرت سے تھنوں میں دودھ بھر آیا پھر سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک پتھر لائے جس کے بیچ میں گڑھا تھا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس میں دوہا، سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ نے دودھ پیا اور ان کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تھن سے فرمایا سکڑ جا اور وہ سکڑ گیا، یہ واقعہ ان کے لئے باعث رحمت بن گیا او چند دن کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دار ارقم

[1] ابن سعد ۱۱۷/۳

[2] ابن سعد ۱۱۱/۳

میں داخل ہونے سے پہلے انہوں نے اسلام قبول کرلیا اور عرض کیا اے اللہ کے رسول ﷺ! مجھے یہ کلام سکھلائیں یا اس قرآن مجید کو مجھے سکھلائیں رسول اللہ ﷺ نے ان کے سر پر اپنا دست مبارک پھرتے ہوئے فرمایا تم تعلیم یافتہ لڑکے ہو۔ ⁽¹⁾

عَنْ يَزِيدَ بْنِ رُومَانَ قَالَ:أَسْلَمَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ قَبْلَ دُخُولِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَارَ الْأَرْقَمِ

یزید بن رومان کہتے ہیں عبداللہ رضی اللہ عنہ بن مسعود رسول اللہ ﷺ کے دار ارقم میں داخل ہونے سے پہلے ایمان لائے۔ ⁽²⁾

أسلم بعدهم ثلاثة عشر رجلا

عبداللہ رضی اللہ عنہ بن مسعود تیرہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے بعد ایمان لائے۔ ⁽³⁾

عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ:كَانَ أَوَّلَ مَنْ جَهَرَ بِالْقُرْآنِ بِمَكَّةَ بَعْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ

عروہ بن مسعود کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ کے بعد عبداللہ رضی اللہ عنہ بن مسعود ہی ہیں جنہوں نے مکہ مکرمہ میں علی الاعلان قرآن کی تلاوت کی۔ ⁽⁴⁾

انہیں رسول اللہ ﷺ کی سیرت واخلاق اتنے دلفریب محسوس ہوئے کہ عقبہ بن ابی معیط کی بکریاں چھوڑ کر انہوں نے اپنا مشن ہی یہ بنالیا کہ رسول اللہ ﷺ کے دامن اقدس میں رہے کر ان کی ادنیٰ ترین خدمت بجالانی ہے اور آپ ﷺ کی عادات وسیرت کی پیروی کرنی ہے، کیونکہ ابھی کم سن تھے اور پردہ کا حکم بھی نازل نہیں ہوا تھا اس لئے انہیں گھر میں آنے کی اجازت تھی اور وہ ہمہ تن خدمت کے لئے موجود رہتے،

كَانَ عَبْدُ اللَّهِ يُلْبِسُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعْلَيْهِ ثُمَّ يَمْشِي أَمَامَهُ بِالْعَصَا حَتَّى إِذَا أَتَى مَجْلِسَهُ نَزَعَ نَعْلَيْهِ فَأَدْخَلَهُمَا فِي ذِرَاعَيْهِ وَأَعْطَاهُ الْعَصَا فَإِذَا أراد رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ. أن يقوم ألبسه ثُمَّ مَشَى بِالْعَصَا أَمَامَهُ حَتَّى يَدْخُلَ الْحُجْرَةَ قَبْلَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ صَاحِبَ سَوَادِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْنِي سِرَّهُ. وَوِسَادِهِ. يَعْنِي فِرَاشَهُ. وَسِوَاكِهِ وَنَعْلَيْهِ وَطَهُورِهِ وَهَذَا يَكُونُ فِي السَّفَرِيه سفرمیں ہوتا تھا كَانَ عَبْدُ اللَّهِ يَسْتُرُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اغْتَسَلَ وَيُوقِظُهُ إِذَا نَامَ وَيَمْشِي مَعَهُ فِي الْأَرْضِ وَحْشًا

رسول اللہ ﷺ جب حجرے سے باہر جانے کا ارادہ فرماتے تو پہننے کے لئے جوتے قریب لاکر رکھتے اور آپ ﷺ کے آگے عصا لے کر چلتے، جب آپ ﷺ مجلس میں تشریف لاتے تو پاؤں مبارک سے نعلین اتارتے اور اپنی باہوں (بغل میں) دبا لیتے اور آپ ﷺ کو عصا دے دیتے، جب رسول اللہ ﷺ اٹھنے کا ارادہ فرماتے تو وہ آپ ﷺ کو نعلین پہنا دیتے عصا لے کر آگے چلتے یہاں تک کہ رسول اللہ ﷺ سے پہلے حجرے میں داخل ہوجاتے، عبداللہ بن مسعود رسول اللہ ﷺ کے راز داں، آپ ﷺ کا بستر رکھنے اور بچھانے

---

⁽¹⁾ اسد الغابة ۳۸۱؍۳

⁽²⁾ ابن سعد۱۵۱؍۳

⁽³⁾ تاریخ دمشق لابن عساکر۶۹؍۳۳

⁽⁴⁾ اسد الغابة ۳۸۱؍۳

والے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مسواک اور نعلین مبارک رکھنے والے اور وضو کا پانی رکھنے والے تھے، اسی طرح جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے غسل فرماتے تو عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ پردے کا اہتمام کرتے اور جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم سوتے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو بیدار کرتے تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ سفر میں مسلح ہو کر جاتے تھے۔ (۱)

هَاجَرَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ إِلَى أَرْضِ الْحَبَشَةِ الْهِجْرَتَيْنِ جَمِيعًا

عبداللہ رضی اللہ عنہ بن مسعود حبشہ کی طرف دونوں ہجرتوں میں قافلہ حق کے ہمراہ رہے۔ (۲)

جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ قَالا: لَمَّا هَاجَرَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ مِنْ مَكَّةَ إِلَى الْمَدِينَةِ نَزَلَ عَلَى مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ.

جعفر بن زبیر کہتے ہیں جب عبداللہ رضی اللہ عنہ بن مسعود نے مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ ہجرت کی تو معاذ بن جبل کے ہاں قیام کیا۔ (۳)

عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ ابن قَتَادَةَ قَالَ: نَزَلَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ حِينَ هَاجَرَ عَلَى سَعْدِ بْنِ خَيْثَمَةَ.

عاصم بن عمر ابن قتادہ کہتے ہیں جب عبداللہ رضی اللہ عنہ بن مسعود نے ہجرت کی تو سعد بن خیثمہ کے ہاں قیام کیا۔ (۴)

الْحَارِثِ التَّيْمِيُّ عَنْ أَبِيهِ قَالَ: وآخَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ وَمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ ،قَالَ: آخَى رَسُولُ اللَّهِ - صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - بَيْنَ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ وَالزُّبَيْرِ بْنِ الْعَوَّامِ.

حارث تمیمی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مہاجرین و انصار میں بھائی چارہ قائم فرمایا تو عبداللہ رضی اللہ عنہ بن مسعود اور معاذ رضی اللہ عنہ بن جبل میں بھائی چارہ قائم کیا، یہ بھی کہا جاتا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عبداللہ رضی اللہ عنہ اور زبیر رضی اللہ عنہ بن عوام کے درمیان بھائی چارہ قائم فرمایا۔ (۵)

وشهد بدرًا، وأُحدًا، والخندق، وبيعة الرضوان، وسائر المشاهد مَعَ رَسُول اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وشهد اليرموك بعد النَّبِيّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

وہ غزوہ بدر، غزوہ احد، غزوہ خندق، بیت رضوان اور رسول اللہ کے ساتھ تمام غزوات میں شریک رہے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد آپ رضی اللہ عنہ جنگ یرموک میں بھی شریک ہوئے۔ (۶)

وَشَهِدَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ بَدْرًا وَضَرَبَ عُنُقَ أَبِي جَهْلٍ بَعْدَ أَنْ أَثْبَتَهُ ابْنَا عَفْرَاءَ. وَشَهِدَ أُحُدًا وَالْخَنْدَقَ وَالْمَشَاهِدَ كُلَّهَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

عبداللہ رضی اللہ عنہ بن مسعود غزوہ بدر میں شریک ہوئے اور عفراء کے بیٹوں کے بعد انہوں نے فرعون امت ابوجہل کی گردن کاٹی تھی وہ غزوہ

(۱) ابن سعد ۱۱۳، ۳

(۲) ابن سعد ۱۱۲، ۳

(۳) ابن سعد ۱۱۲، ۳

(۴) ابن سعد ۱۱۲، ۳

(۵) ابن سعد ۱۱۲، ۳

(۶) اسد الغابة ۲۸۲، ۳

احد، غزوہ خندق اور تمام غزوات میں شریک رہے۔ [1]

عَنْ أُمِّ مُوسَى، قَالَتْ: سَمِعْتُ عَلِيًّا يَقُولُ: أَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ابْنَ مَسْعُودٍ فَصَعِدَ عَلَى شَجَرَةٍ يَأْتِيهِ مِنْهَا بِشَيْءٍ، فَنَظَرَ أَصْحَابُهُ إِلَى سَاقِ عَبْدِ اللَّهِ فَضَحِكُوا مِنْ حُمُوشَةِ سَاقَيْهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا تَضْحَكُونَ؟ لَرِجْلُ عَبْدِ اللَّهِ أَثْقَلُ فِي الْمِيزَانِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ أُحُدٍ

ام موسی کہتی ہیں میں نے سیدنا علی رضی اللہ عنہ کو کہتے ہوئے سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو حکم فرمایا کہ وہ اس درخت پر چڑھیں اور اس کی کوئی چیز (پیلو یا مسواک) آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لائیں، اصحاب رضی اللہ عنہم نے ان کی پتلی پتلی پنڈلیں دیکھیں تو ہنسنے لگے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم اس کی پتلی پنڈلیں دیکھ کر ہنس رہے ہو مگر روز قیامت میزان عدل میں اس کی پنڈلیاں احد پہاڑ سے زیادہ وزنی ہوں گی۔ [2]

قرآن مجید آیات اور مکمل سورتوں کی شکل میں ان کے سامنے نازل ہوتا رہا اس لئے فرماتے تھے

وَالَّذِي لَا إِلَهَ غَيْرُهُ مَا مِنْ كِتَابِ اللهِ سُورَةٌ إِلَّا أَنَا أَعْلَمُ حَيْثُ نَزَلَتْ، وَمَا مِنْ آيَةٍ إِلَّا أَنَا أَعْلَمُ فِيمَا أُنْزِلَتْ وَلَوْ أَعْلَمُ أَحَدًا هُوَ أَعْلَمُ بِكِتَابِ اللهِ مِنِّي، تَبْلُغُهُ الْإِبِلُ، لَرَكِبْتُ إِلَيْهِ

اللہ کی قسم! جس کے سوا کوئی معبود نہیں اللہ کی کتاب (قرآن مجید) میں کوئی ایسی سورت نہیں ہے مگر میں جانتا ہوں کہ وہ کہاں نازل ہوئی اور کوئی آیت ایسی نہیں ہے مگر میں جانتا ہوں کہ وہ کس باب میں نازل ہوئی، اور اگر مجھے معلوم ہوتا کہ کسی کو اللہ کی کتاب کا علم مجھ سے زیادہ ہے اور اس تک اونٹ پہنچ سکتے ہیں تو میں سوار ہو کر اس کے پاس جاتا۔ [3]

آپ رضی اللہ عنہ کا حافظہ خوب تھا اس پر قرآن فہمی کا شوق، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نازل شدہ آیات اور ان کی تعلیمات صحابہ کرام کو دیتے رہے، جسے سن اور سمجھ کر آپ دوسرے صحابہ سے ممتاز ہو گئے،

عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو، فَقَالَ: ذَاكَ رَجُلٌ لاَ أَزَالُ أُحِبُّهُ، سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: خُذُوا القُرْآنَ مِنْ أَرْبَعَةٍ مِنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ فَبَدَأَ بِهِ، وَسَالِمٍ، مَوْلَى أَبِي حُذَيْفَةَ، وَمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، وَأُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ

عبداللہ بن عمرو بن العاص سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چار لوگوں سے قرآن سیکھو، عبداللہ رضی اللہ عنہ بن مسعود، سالم مولی ابوحذیفہ رضی اللہ عنہ، معاذ رضی اللہ عنہ بن جبل اور ابی بن کعب رضی اللہ عنہ۔ [4]

عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اقْرَأْ عَلَيَّ سُورَةَ النِّسَاءِ، قَالَ قُلْتُ: أَقْرَأُ عَلَيْكَ وَعَلَيْكَ أُنْزِلَ؟ قَالَ: إِنِّي أُحِبُّ أَنْ أَسْمَعَهُ مِنْ غَيْرِي، فَقَرَأْتُ عَلَيْهِ حَتَّى بَلَغْتُ: **فَكَيْفَ إِذَا جِئْنَا مِن**

---

[1] ابن سعد ۱۱۳،۲

[2] اسد الغابة ۲۸۳،۳

[3] صحیح مسلم کتاب الْفَضَائِلِ بَابُ مِنْ فَضَائِلِ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَسْعُودٍ وَأُمِّهِ رَضِيَ اللهُ تَعَالَى عَنْهُمَا ۶۳۳۳

[4] صحیح بخاری کتاب مَنَاقِبِ الأَنْصَارِ بَابُ مَنَاقِبِ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ ۳۸۰۸، الإصابة في تمييز الصحابة ۱۳،۳

كُلِّ أُمَّةٍۭ بِشَهِيْدٍ وَّجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ شَهِيْدًا ۝٤١ يَوْمَىٕذٍ يَّوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَعَصَوُا الرَّسُوْلَ لَوْ تُسَوّٰى بِهِمُ الْاَرْضُ ۭ وَلَا يَكْتُمُوْنَ اللّٰهَ حَدِيْثًا ۝٤٢ قال: حَسْبُكَ الآنَ فَالْتَفَتُّ إِلَيْهِ، فَإِذَا عَيْنَاهُ تَذْرِفَانِ

عبد اللہ رضی اللہ عنہ بن مسعود سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا میرے سامنے سورہ النساء کی تلاوت کرو میں نے عرض کیا میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے تلاوت کروں جبکہ قرآن کریم آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے یہ پسند ہے کہ دوسروں سے قرآن کی تلاوت سنوں، میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے سورہ النساء کی تلاوت کی جب میں اس آیت تک پہنچا "پھر سوچو کہ اس وقت یہ کیا کریں گے جب ہم ہر امت میں سے ایک گواہ لائیں گے اور ان لوگوں پر تمہیں (یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو) گواہ کی حیثیت سے کھڑا کریں گے، اس دن تمنا کریں گے وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا تھا اور رسول کی نافرمانی کی تھی کہ کاش ان کے سمیت زمین برابر کر دی جائے اور وہ اللہ سے کوئی بات بھی چھپا نہیں سکیں گے۔" آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پڑھنا بس کرو، تو میں نے دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آنکھیں آنسوؤں سے بھر گئیں تھیں۔[1]

عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو اللہ تعالیٰ نے علم قرآن کے ساتھ حسن قرات سے بھی نوازا تھا ایسی خوش الحانی اور سوز کے ساتھ قرآن حکیم کی تلاوت کرتے تھے کہ در و دیوار وجد میں آجاتے تھے،

عن عبد الله، أن رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يمر بين أبي بكر وعمر، وعبد الله يصلي، فافتتح سورة النساء، ويسجلها فقال رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: من أحب أن يقرأ القرآن غضاً كما أنزل فليقرأ قراءة ابن أم عبد. ثم سأل في الدعاء، فجعل رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يقول :سَلْ تُعْطَهْ،سَلْ تُعْطَهْ،سَلْ تُعْطَهْ

عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ایک دن عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نماز میں سورہ النساء پڑھ رہے تھے کہ سید الامم صلی اللہ علیہ وسلم سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ اور سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کی معیت میں مسجد تشریف لائے اور ان کے انداز تلاوت سے اس قدر مسرور ہوئے کہ جب وہ نماز سے فارغ ہوئے اور دعا کے لیے ہاتھ اٹھائے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (جو) سوال کرو پورا کیا جائے گا (جو) سوال کرو پورا کیا جائے گا پھر ارشاد ہوا جو شخص چاہتا ہے کہ قرآن کو اسی طرح ترو تازہ پڑھنا سیکھے جس طرح وہ نازل ہوا ہے تو وہ قرات میں ابن ام عبد کی اقتداء کرے۔[2]

فَرَجَعَ أَبُو بَكْرٍ إِلَى عَبْدِ اللَّهِ فَقَالَ: الدُّعَاءُ الَّذِي كُنْتَ تَدْعُو بِهِ آنِفًا أَعِدْهُ عَلَيَّ، فَقَالَ: حَمِدْتُ اللَّهَ وَمَجَّدْتُهُ ثُمَّ قُلْتُ: لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ وَعْدُكَ حَقٌّ وَلِقَاؤُكَ حَقٌّ وَالْجَنَّةُ حَقٌّ وَالنَّارُ حَقٌّ وَرُسُلُكَ حَقٌّ وَكِتَابُكَ حَقٌّ وَالنَّبِيُّونَ حَقٌّ وَمُحَمَّدٌ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَقٌّ، اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ إِيمَانًا لَا يَرْتَدُّ وَنَعِيمًا لَا يَنْفَدُ وَقُرَّةَ عَيْنٍ لَا تَنْقَطِعُ ، وَمُرَافَقَةَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أَعْلَى جَنَّةِ الْخُلْدِ

سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی طرف گئے اور کہا میرے لیے بھی وہی دعا کرو جو اپنے لیے کی ہے، پہلے انہوں نے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا اور تمجید بیان کی، پھر کہا اللہ کے سوا کوئی الہ نہیں ہے، اس نے جو وعدے فرمائے ہیں وہ حق ہیں، روز قیامت اس کے دربار میں حاضر ہونا حق ہے، اور اس نے نیکو کاروں کے لیے جو جنت تیار کی ہے وہ حق ہے اور گناہ گاروں کے لیے جو جہنم تیار کی ہے وہ حق ہے اور اس

---

[1] صحيح بخارى كِتَابُ فَضَائِلِ القُرْآنِ بَابُ قَوْلِ المُقْرِئِ لِلْقَارِئِ حَسْبُكَ ۵۰۵۰،اسد الغابة ۲۸۳؍۳

[2] مختصرتاريخ دمشق ۴۸؍۱۴،الاستيعاب فى معرفة الاصحاب۹۹۰؍۳

نے جتنے بھی رسول مبعوث فرمائے حق ہیں، اور اس نے جتنی بھی کتابیں نازل فرمائیں حق ہیں، اور اس نے جتنے بھی نبی مبعوث فرمائے ہیں حق ہیں، اور اس نے محمد صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے، اے اللہ! میں تجھ سے ایسا ایمان چاہتا ہوں جو متزلزل نہ ہو جائے، اور ایسی نعمتیں چاہتا ہوں جو ختم نہ ہوں، اور ایسی آنکھوں کی ٹھنڈک چاہتا ہوں جو زائل نہ ہو اور اعلیٰ جنتوں میں نبی کریم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کی رفاقت چاہتا ہوں۔ [1]

عن أبي الدرداء قال قام رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فخطب خطبة خفيفة ، فلما فرغ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ من خطبته قال: يا أبا بكر قم، فاخطب، فقام أبو بكر فخطب فقصر دون النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فلما فرغ أبو بكر من خطبته قال: يا عمر قم فاخطب، فقام عمر فخطب فقصر دون النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثم قال: يا بن أم عبد، قم فاخطب، فقام ابن أم عبد، فحمد الله وأثنى عليه، ثم قال: أَيُهَا النَّاسُ إِنَّ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ رَبُّنَا وَإِنَّ الإِسْلَامَ دِيْنُنَا وَإِنَّ القُرْآنَ إِمَامُنَا وَإِنَّ البَيْتَ قِبْلَتُنَا وَإِنَّ هَذَا نَبِيُّنَا وَأَوْمَأَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَضِيْنَا مَا رَضِيَ اللهُ لَنَا وَرَسُوْلُهُ وَكَرِهْنَا مَا كَرِهَ اللهُ لَنَا وَرَسُوْلُهُ ، فقال رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أصاب ابن أم عبد وصدق. مرتين،رَضِيتُ بما رَضِيَ الله به لِأُمَّتِي وابْنُ أُمِّ عَبْدٍ

ابو الدرداء رَضِيَ اللهُ عَنْهُ سے مروی ہے ایک روز رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خطبہ ارشاد کرنے کے لیے کھڑے ہوئے اور مختصر خطبہ ارشاد فرمایا جب رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خطبے سے فارغ ہوئے تو سیدنا ابو بکر رَضِيَ اللهُ عَنْهُ سے فرمایا اے ابو بکر رَضِيَ اللهُ عَنْهُ! کھڑے ہو اور خطبہ دو، سیدنا ابو بکر رَضِيَ اللهُ عَنْهُ کھڑے ہوئے اور نبی کریم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سے مختصر خطبہ دیا، جب سیدنا ابو بکر رَضِيَ اللهُ عَنْهُ خطبہ سے فارغ ہوئے تو آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا اے عمر رَضِيَ اللهُ عَنْهُ! کھڑے ہو اور خطبہ دو، سیدنا عمر رَضِيَ اللهُ عَنْهُ کھڑے ہوئے اور رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سے مختصر خطبہ دیا، پھر آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے اپنا رخ انور عبد اللہ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ بن مسعود کی طرف پھیرا اور فرمایا اے ابن ام عبد کھڑے ہو اور خطبہ دو، ابن ام عبد کھڑے ہوئے پہلے اللہ عزوجل کی حمد و ثنا بیان کی پھر کہا اے لوگو! بے شک اللہ عزوجل ہمارا مالک ہے اور بے شک اسلام ہمارا دین ہے اور بے شک قرآن ہمارا امام اور بے شک کعبہ ہمارا قبلہ ہے اور (رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کی طرف اشارہ کرکے) یہ ہمارے رسول اور نبی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ہیں، اللہ اور اس کے رسول نے جو چیزیں ہمارے لیے پسند فرمائی ہیں ہم نے وہ بھی چیزیں پسند کیں اور اللہ کے رسول صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے جن چیزوں کو ہمارے لیے مکروہ سمجھا ہے ہم نے بھی وہ چیزیں مکروہ سمجھیں۔ رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ان کا خطبہ سن کر بہت خوش ہوئے اور فرمایا ابن ام عبد نے ٹھیک کہا ہے، ابن ام عبد نے ٹھیک کہا اور سچ کہا ہے، میں راضی ہو گیا اس سے جس سے اللہ راضی ہے، میرے لیے، میری امت کے لیے اور ابن ام عبد کے لیے۔ [2]

عبد اللہ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ بن مسعود اپنے خطبات و مواعظ میں بالعموم توحید و نماز باجماعت اور خوف آخرت کی تلقین فرمایا کرتے تھے، ان کے ارشادات کے چند فقرے ملاحظہ ہوں۔

أَيُهَا النَّاسُ من أراد الآخرة أضرَّ بالدنيا، ومن أراد الدنيا أضرَّ بالآخرة، يا قوم فأَضروا بالفاني للباقي.

لوگو! جس نے دنیا کا ارادہ کیا اس نے آخرت کو نقصان پہنچایا اور جس نے آخرت کا ارادہ کیا اس نے دنیا کو نقصان پہنچایا، تمہیں چاہیے کہ فانی

[1] سير السلف الصالحين لإسماعيل بن محمد الأصبهاني ١/٢٦٧

[2] مختصر تاريخ دمشق ١٤/٤٨

کا خسارہ باقی کے لیے برداشت کرو۔

أَيُّهَا النَّاسُ ومن يستكبر يضعه الله ومن يبتغ السمعة يسمع الله به ومن ينوي الدنيا تعجزه فإنه من تواضع في الدنيا يرفعه الله يوم القيامة

لوگو! جو دنیا میں ریا کاری کرے اللہ قیامت کے دن اس کو ریا کاری کا بدلہ دے گا، جو دنیا میں شہرت کے لیے کام کرتا ہے اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کے کام کی شہرت کرائے گا (اور اس کے لیے جزا کچھ نہیں) اور جو عظمت اور بڑائی کی خاطر بلندی اختیار کرتا ہے اللہ اس کو گرا دے گا اور جس نے از راہ خشوع تواضع اختیار کی اللہ اس کو سر بلند کرے گا۔

تعبد الله، ولا تشرك به شيئا، وتزول مع القرآن أينما زال، ومن جاءك بصدق من صغير أو كبير، وإن كان بعيدا بغيضا، فاقبله منه، ومن جاءك بكذب، وإن كان حبيبا قريبا، فاردده عليه

بھائیو! اللہ کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرو، قرآن کے ساتھ چلو وہ جہاں تمہیں لے جائے اور جو تمہارے پاس حق لائے اسے قبول کرو اگرچہ حق لانے والا کتنا ہی غیر ہو اور تمہیں اس سے دشمنی ہو اور جو تمہارے پاس باطل لائے اس کو رد کر دو اگرچہ وہ تمہارا کتنا ہی دوست اور قریبی رشتہ دار ہو۔

التي لو حلفت عليها لبَرِرْت: لا يَسْتُر الله على عبد في الدُّنيا، إلَّا سَتَر عليه في الآخرة

لوگو! اگر میں اس بات پر قسم کھالوں تو حانث نہ ہوں گا کہ جب اللہ نے دنیا میں کسی بندہ کی پردہ پوشی کی تو وہ ضرور آخرت میں بھی اس کی پردہ پوشی کرے گا۔

عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: قَالَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ كُنْتُ مُؤَمِّرًا أَحَدًا دُونَ شُورَى الْمُسْلِمِينَ لأَمَّرْتُ ابْنَ أُمِّ عَبْدٍ

سیدنا علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر میں مسلمانوں کی مجلس شوریٰ کے علاوہ کسی اور کو امیر بناتا تو ابن ام عبدو، عبد اللہ رضی اللہ عنہ بن مسعود کو امیر بناتا۔ [1]

عَن عَلِيّ قَالَ قَالَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَو كنت مستخلفا أحدا على أمتِي من غير مشورة لاستخلفت عَلَيْهِم عبد الله بن مَسْعُود

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر میں مسلمانوں کی مجلس شوریٰ کے علاوہ کسی اور کو امیر بناتا تو عبد اللہ رضی اللہ عنہ بن مسعود کو امیر بناتا۔ [2]

عَنْ عَلْقَمَةَ قَالَ: كَانَ عَبْدُ اللَّهِ يُشَبَّهُ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي هَدْيِهِ وَدَلِّهِ وَسَمْتِهِ. وَكَانَ عَلْقَمَةُ يُشَبَّهُ بِعَبْدِ اللَّهِ .

علقمہ سے مروی ہے عبد اللہ بن مسعود کو ان کے طریقے، ان کی حسن سیرت اور ان کی میانہ روی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے تشبیہ دی جاتی تھی اور علقمہ رضی اللہ عنہ کو عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے تشبیہ دی جاتی تھی۔ [3]

---

[1] ابن سعد ۳/۱۱۴

[2] فضائل الصحابة للنسائی ۱/۴۹

[3] ابن سعد ۳/۱۱۴

عَن الشعبي، قال :أول من قضى بالكوفة عَبْد اللهِ بْن مسعود

شعبی رحمہ اللہ کہتے ہیں کوفہ میں سب سے پہلے عبد اللہ رضی اللہ عنہ بن مسعود کو قاضی مقرر کیا گیا۔ (۱)

عَنْ حَارِثَةَ بْنِ مُضَرِّبٍ، قَالَ: قَرَأْتُ كِتَابَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، إِلَى أَهْلِ الْكُوفَةِ إِنِّي قَدْ بَعَثْتُ إِلَيْكُمْ عَمَّارَ بْنَ يَاسِرٍ أَمِيرًا، وَعَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ مُعَلِّمًا وَوَزِيرًا، وَهُمَا مِنَ النُّجَبَاءِ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ أَهْلِ بَدْرٍ فَخُذُوا عَنْهُمَا وَاقْتَدُوا بِهِمَا وَإِنِّي قَدْ آثَرْتُكُمْ بِعَبْدِ اللَّهِ عَلَى نَفْسِي أَثَرَةً .

حارث بن مضرب کہتے ہیں میں نے سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کا مکتوب پڑھا تھا جو انہوں نے اہل کوفہ کو خط لکھا تھا میں نے تمہاری طرف عمار رضی اللہ عنہ بن یاسر کو امیر بنا کر اور عبد اللہ رضی اللہ عنہ بن مسعود کو معلم اور ان کا وزیر بنا کر بھیجا ہے، یہ دونوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے محبوب اور اہل بدر میں سے ہیں، ان دونوں کی اطاعت کو مضبوطی سے پکڑ لو میں نے عبد اللہ کو اپنے اوپر ترجیح دی ہے۔ (۲)

عبد اللہ بن مسعود چاشت کی نماز اور نفلی روزں کی پابندی کرتے تھے۔

ابْنَ مَسْعُودٍ يَقُولُ:مَا نِمْتُ الضُّحَى مُنْذُ أَسْلَمْتُ ، أَنَّهُ كَانَ يَصُومُ الاثْنَيْنَ وَالْخَمِيسَ

چنانچہ وہ فرماتے تھے جب سے میں نے اسلام قبول کیا ہے چاشت کے وقت نہیں سویا (یعنی اس وقت نماز پڑھتا رہا ہوں) اور فرماتے تھے میں سوموار اور جمعرات کا روزہ رکھتا رہا ہوں۔ (۳)

أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مَسْعُودٍ كَانَ يَقُومُ قَائِمًا كُلَّ عَشِيَّةِ خَمِيسٍ

عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ جمعرات کی رات کو ساری رات نماز کے لیے کھڑے رہتے تھے۔ (۴)

عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ قَالَ:كُنْتُ جَالِسًا فِي الْقَوْمِ عِنْدَ عُمَرَ إِذْ جَاءَ رَجُلٌ نَحِيفٌ قَلِيلٌ. فَجَعَلَ عُمَرُ يَنْظُرُ إِلَيْهِ وَيَتَهَلَّلُ وجهه ثم قال: كنيف مليء علما. كنيف مليء علما. كنيف مليء عِلْمًا. فَإِذَا هُوَ ابْنُ مَسْعُودٍ

زید بن وہب کہتے ہیں میں قوم کے ساتھ سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ ایک دبلا پتلا آدمی آیا، سیدنا عمر رضی اللہ عنہ اس کی طرف دیکھنے لگے اور خوشی سے ان کا چہرہ کھل اٹھا اور فرمایا یہ ایک ظرف ہے علم سے بھرا ہوا، یہ ایک ظرف ہے علم سے بھرا ہوا، یہ ایک ظرف ہے علم سے بھرا ہوا، یہ عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ تھے۔

(۵)عن أبي وائل أن ابن مسعود رأى رجلا قد أسبل إزاره، فقال :ارفع إزارك، وأنت يا ابن مسعود فارفع إزارك ، فقال: إني لست مثلك، إن بساقي.حموشة ، وأنا آدم الناس ، فبلغ ذلك عمر، فضرب الرجل، ويقول: أتردّ على ابن مسعود!

---

(۱) اخبار القضاة ۱۸۴/۲

(۲) سير السلف الصالحين لإسماعيل بن محمد الأصبهاني ۴۶۵/۱

(۳) ابن سعد ۱۱۴/۳

(۴) ابن سعد ۱۱۶/۳

(۵) ابن سعد ۱۱۲/۳

ابو وائل سے مروی ہے عبد اللہ رضی اللہ عنہ بن مسعود نے ایک شخص کو دیکھا کہ اس کی چادر اس کے ٹخنوں سے نیچے تھی آپ نے اسے کہا اپنی چادر اپنے ٹخنوں سے اوپر کر لو، اس شخص نے جواب دیا ابن مسعود! تم بھی تہہ بند اوپر کر کے باندھو، انہوں نے فرمایا بھائی میں معذور ہوں کیونکہ میری ٹانگیں بہت پتلی ہیں، سیدنا عمر نے یہ واقعہ سنا تو اس شخص کو بلا کر درے لگوائے کہ عبد اللہ رضی اللہ عنہ بن مسعود جیسی شخصیت سے منہ زوری کی۔ ①

عَنْ خَيْثَمِ بْنِ عَمْرٍو أَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ أَوْصَى أَنْ يُكَفَّنَ فِي حُلَّةٍ بِمِائَتَيْ دِرْهَمٍ.

خثیم بن عمرو سے مروی ہے عبد اللہ رضی اللہ عنہ بن مسعود نے مرض الموت میں اپنے اہل خانہ کو وصیت فرمائی کہ انہیں دو سو درہم کی چادر کا کفن دیا جائے۔ ②

عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُتْبَةَ قَالَ: مَاتَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ بِالْمَدِينَةِ وَدُفِنَ بِالْبَقِيعِ سَنَةَ اثْنَتَيْنِ وَثَلاثِينَ.

عبد اللہ بن عتبہ کہتے ہیں عبد اللہ رضی اللہ عنہ بن مسعود کی ۳۲ ہجری میں مدینہ منورہ میں وفات پائی اور بقیع میں (عثمان رضی اللہ عنہ بن مظعون کے پہلو میں) دفن ہوئے۔ ③

وصلى عَلَيْهِ عثمان، وقيل: صلى عَلَيْهِ عمار بْن ياسر. وقيل: صلى عَلَيْهِ الزُّبَيْر

ان کی نماز جنازہ سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ نے پڑھائی، یہ بھی کہا جاتا ہے کہ عمار رضی اللہ عنہ بن یاسر نے پڑھائی اور یہ بھی کہا جاتا ہے زبیر رضی اللہ عنہ بن عوام نے پڑھائی۔ ④

عَنْ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُتْبَةَ قَالَ: تُوُفِّيَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ وَهُوَ ابْنُ بِضْعٍ وَسِتِّينَ سَنَةً.

عون بن عبد اللہ بن عتبہ کہتے ہیں عبد اللہ رضی اللہ عنہ بن مسعود کی وفات ہوئی تو وہ ساٹھ برس سے زائد تھے۔ ⑤

عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ قَالَ: تَرَكَ ابْنُ مَسْعُودٍ تِسْعِينَ أَلْفَ دِرْهَمٍ.

زر بن حبیش کہتے ہیں عبد اللہ رضی اللہ عنہ بن مسعود نے اپنے ترکہ میں نوے ہزار درہم چھوڑے۔ ⑥

**مضامین سورۃ العصر:**

یہ سورہ مختصر ترین الفاظ میں اسلام کے عظیم اصولوں اور انسانی زندگی کے دستور کی وضاحت کرتی ہے، اس کا انداز بیان اس قدر دلکش ہے کہ سارا مفہوم ایک دم دل کی گہرائی میں اتر جائے اور انسان کی فکری دنیا میں انقلاب پیدا کر دے، زبان اس قدر آسان ہے کہ با آسانی ہر زبان پر یہ الفاظ جاری ہو جائیں، امام شافعی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ اگر لوگ صرف اس سورت میں تدبر کر لیں تو یہ سورۃ ان کی نجات کے لیے کافی ہو سکتی ہے، زمانہ اور اس کی ہر چیز کو گواہ بنا کر لگی لپٹی رکھے بغیر واضح کر دیا کہ فلاح ونجات اور بربادی وہلاکت کے راستے کون سے ہیں؟ خلاصہ

---

① الإصابة في تمييز الصحابة ۴/۲۰۱

② ۔ابن سعد ۳/۱۱۷

③ ابن سعد ۳/۱۱۸

④ اسد الغابة ۳/۲۸۴

⑤ ابن سعد ۳/۱۱۶

⑥ ابن سعد ۳/۱۱۶

یہ کہ ایمان، عمل صالحہ، سچائی کی تلقین اور صبر و استقامت کی تلقین ہی فلاح کے راستے ہیں، ان کے سوا بربادی ہی بربادی ہے، طبرانی کی ایک روایت یہ ہے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جب بھی ایک دوسرے سے ملتے تو جدا ہونے سے قبل سورہ عصر ایک دوسرے کو سناتے، اس سورۃ سے یہ بات بھی عیاں ہے کہ اہل ایمان اور صالح افراد امت کو فرد فرد بن کر نہیں رہنا چاہئے بلکہ انہیں ایک دوسرے کو حق کی نصیحت اور صبر کی تلقین کے ذریعہ ایک ایسا معاشرہ قائم کرنا چاہیے جس میں دین قائم ہو۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے

وَ الۡعَصۡرِ ۙ﴿۱﴾ اِنَّ الۡاِنۡسَانَ لَفِیۡ خُسۡرٍ ۙ﴿۲﴾ اِلَّا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

زمانے کی قسم! بیشک (بالیقین) انسان سراسر نقصان میں ہے، سوائے ان لوگوں کے جو ایمان لائے اور نیک عمل کئے،

وَ تَوَاصَوۡا بِالۡحَقِّ ۬ۙ وَ تَوَاصَوۡا بِالصَّبۡرِ ﴿۳﴾ (العصر ۱ تا ۳)

اور (جنہوں نے) آپس میں حق کی وصیت کی اور ایک دوسرے کو صبر کی نصیحت کی۔

جس طرح لفظ الدَّھْرِ میں زمانہ کی مجموعیت کا لحاظ ہے، اسی طرح لفظ عَصْر میں اس کے گزرنے اور اس کی تیز روی کی طرف اشارہ ہے، اسی وجہ سے اس کا اطلاق بیشتر گزرے ہوئے زمانہ پر ہوتا ہے، ایک تو یہ زمانہ گزشتہ کے حوادث و احوال یاد دلاتا ہے دوسرے زمانہ کی مخصوص صفت یعنی اس کی تیز روی اور برق رفتاری کی طرف توجہ دلا رہا ہے، ان دونوں حقیقتوں سے دو اہم نتائج سامنے آتے ہیں، ایک یہ کہ انسانوں پر ان کے اعمال کے لحاظ سے اللہ کے فیصلے نافذ ہوں گے، دوسرے یہ کہ ہمیں زمانہ سے جس کی سب سے زیادہ نمایاں خصوصیت اس کی تیز روی اور برق رفتاری ہے زیادہ سے زیادہ مستعدی اور سرگرمی سے فائدہ اٹھانا چاہیے، پچھلی قوموں پر اللہ تعالیٰ کے جو فیصلے نافذ ہوئے وہ ٹھیک ٹھیک ان کے اعمال کا بدلہ تھے، اگر انہوں نے نیکیاں اور بھلائیاں کیں تو اللہ نے انہیں عروج و کمال بخشا، اور اگر انہوں نے اللہ کی زمین پر ظلم و فساد کی راہ اختیار کی تو قانون الٰہی نے ان کو صفحہ ہستی سے نیست و نابود کر دیا، جیسے فرمایا:

اَلَمۡ یَاۡتِہِمۡ نَبَاُ الَّذِیۡنَ مِنۡ قَبۡلِہِمۡ قَوۡمِ نُوۡحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوۡدَ ۬ۙ وَقَوۡمِ اِبۡرٰہِیۡمَ وَاَصۡحٰبِ مَدۡیَنَ وَالۡمُؤۡتَفِکٰتِ ؕ اَتَتۡہُمۡ رُسُلُہُمۡ بِالۡبَیِّنٰتِ ۚ فَمَا کَانَ اللّٰہُ لِیَظۡلِمَہُمۡ وَلٰکِنۡ کَانُوۡۤا اَنۡفُسَہُمۡ یَظۡلِمُوۡنَ ﴿۷۰﴾ [1]

ترجمہ: کیا ان لوگوں کو اپنے پیش رووں کی تاریخ نہیں پہنچی؟ نوح کی قوم، عاد، ثمود، ابراہیم کی قوم، مدین کے لوگ اور وہ بستیاں جنہیں الٹ دیا گیا، ان کے رسول ان کے پاس کھلی کھلی نشانیاں لے کر آئے پھر یہ اللہ کا کام نہ تھا کہ ان پر ظلم کرتا مگر وہ آپ ہی اپنے اوپر ظلم کرنے والے تھے۔

هَلۡ یَنۡظُرُوۡنَ اِلَّاۤ اَنۡ تَاۡتِیَہُمُ الۡمَلٰٓئِکَۃُ اَوۡ یَاۡتِیَ اَمۡرُ رَبِّکَ ؕ کَذٰلِکَ فَعَلَ الَّذِیۡنَ مِنۡ قَبۡلِہِمۡ ؕ وَمَا ظَلَمَہُمُ اللّٰہُ

[1] التوبۃ ۷۰

وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝۳۳ [۱]

ترجمہ:اے نبی (صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم)! اب جو یہ لوگ انتظار کر رہے ہیں تو اس کے سوا اب اور کیا باقی رہ گیا ہے کہ ملائکہ ہی آپہنچیں، یا تیرے رب کا فیصلہ صادر ہو جائے؟اس طرح ڈھٹائی ان سے پہلے بہت سے لوگ کر چکے ہیں، پھر جو کچھ ان کے ساتھ ہوا وہ ان پر اللہ کا ظلم نہ تھا بلکہ ان کا اپنا ظلم تھا جو انہوں نے خود اپنے اوپر کیا۔

وَقَارُوْنَ وَفِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ ۣ وَلَقَدْ جَاۗءَهُمْ مُّوْسٰي بِالْبَيِّنٰتِ فَاسْتَكْبَرُوْا فِي الْاَرْضِ وَمَا كَانُوْا سٰبِقِيْنَ ۝۳۹ فَكُلًّا اَخَذْنَا بِذَنْۢبِهٖ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِ حَاصِبًا ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ اَخَذَتْهُ الصَّيْحَةُ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ خَسَفْنَا بِهِ الْاَرْضَ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ اَغْرَقْنَا ۚ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝۴۰ [۲]

ترجمہ:اور قارون وفرعون وہامان کو ہم نے ہلاک کیا، موسیٰ علیہ السلام ان کے پاس بینات لے کر آیا مگر انہوں نے زمین میں اپنی بڑائی کا زعم کیا حالانکہ وہ سبقت لے جانے والے نہ تھے، آخر کار ہر ایک کو ہم نے اس کے گناہ میں پکڑا پھر ان میں سے کسی پر ہم نے پتھراؤ کرنے والی ہوا بھیجی اور کسی کو ایک زبردست دھماکے نے آلیا اور کسی کو ہم نے زمین میں دھنسا دیا اور کسی کو غرق کر دیا اللہ ان پر ظلم کرنے والا نہ تھا مگر وہ خود ہی اپنے اوپر ظلم کر رہے تھے۔

انہی حقائق کو یاد دلانے کے لئے اللہ تعالیٰ نے زمانہ کی قسم کھائی کہ لوگ یاد رکھیں کہ ایک دن اعمال کی اس حقیقت سے لازماً ان کو بھی دو چار ہونا پڑے گا،اس کے علاوہ زمانہ کی قسم میں ایک اور نکتہ بھی مضمر ہے، وہ یہ کہ انسان کا اصل راس المال زمانہ ہی ہے اور اس کا حال یہ ہے کہ تیز روی اور برق رفتاری میں کوئی چیز بھی اس سے بڑھ کر نہیں، لیکن یہ انسان کی کیسی نادانی ہے کہ وہ زمانہ کی اس بے وفائی سے واقف ہونے کے باوجود اس پر بھروسہ کرتا ہے اور اپنی زندگی کی بے ثباتی، روز قیامت کی باز پرس اور جزائے اعمال کے قانون سے بالکل غافل ہے، اس معاملہ میں انسان کی مثال بالکل اس تاجر کی سی ہے جو برف کی تجارت کرتا ہے لیکن بجائے اس کے کہ اس کو جلد از جلد بیچ کر اپنے دام کھرے کرنے کی فکر کرے اس کو اس نے رکھ چھوڑا ہے اور اس کی چمک اور ٹھنڈک کا نظارہ دیکھ رہا ہے، ظاہر ہے کہ ایسے تاجر کو بہت جلد اپنی غفلت و نادانی پر کف افسوس ملنا پڑے گا، بالکل یہی حال اس غافل انسان کا ہے جو وقت کی قدر و قیمت سے غافل ہے مگر جب موت کی گھڑی اس کے سر پر آجائے گی، حسرت و نامرادی کے سوا اس کی جیب و دامن میں کچھ نہ ہوگا، جیسے فرمایا

قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَاۗءِ اللّٰهِ ۭ حَتّٰٓي اِذَا جَاۗءَتْهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً قَالُوْا يٰحَسْرَتَنَا عَلٰي مَا فَرَّطْنَا فِيْهَا ۙ وَهُمْ يَحْمِلُوْنَ اَوْزَارَهُمْ عَلٰي ظُهُوْرِهِمْ ۭ اَلَا سَاۗءَ مَا يَزِرُوْنَ ۝۳۱ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ۭ وَلَلدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝۳۲ [۳]

ترجمہ: نقصان میں پڑ گئے وہ لوگ جنہوں نے اللہ سے اپنی ملاقات کی اطلاع کو جھوٹ قرار دیا، جب اچانک وہ گھڑی آجائے گی تو یہی لوگ

---

[۱] النحل ۳۳

[۲] العنکبوت ۳۹،۴۰

[۳] الانعام ۳۱،۳۲

کہیں گے افسوس، ہم سے اس معاملہ میں کیسی تقصیر ہوئی، اور ان کا حال یہ ہو گا کہ اپنی پیٹھوں پر اپنے گناہوں کا بوجھ لادے ہوئے ہوں گے، دیکھو! کیسا برا بوجھ ہے جو یہ اٹھا رہے ہیں، دنیا کی زندگی تو ایک کھیل اور ایک تماشا ہے حقیقت میں آخرت ہی کا مقام ان لوگوں کے لئے بہتر ہے جو زیاں کاری سے بچنا چاہتے ہیں، پھر کیا تم لوگ عقل سے کام نہ لو گے۔

وَّجَآءَ رَبُّكَ وَالْمَلَكُ صَفًّا صَفًّا ﴿۲۲﴾ وَجِایْٓءَ یَوْمَىٕذٍۭ بِجَهَنَّمَ ۙ یَوْمَىٕذٍ یَّتَذَكَّرُ الْاِنْسَانُ وَاَنّٰى لَهُ الذِّكْرٰىؕ ﴿۲۳﴾ یَقُوْلُ یٰلَیْتَنِیْ قَدَّمْتُ لِحَیَاتِیْۚ ﴿۲۴﴾ (۱)

ترجمہ: اور تمہارا رب جلوہ فرما ہو گا اس حال میں کہ فرشتے صف در صف کھڑے ہوں گے اور جہنم اس روز سامنے لے آئی جائے گی، اس دن انسان کو سمجھ آئے گی اور اس وقت اس کے سمجھنے کا کیا حاصل؟ وہ کہے گا کہ کاش میں نے اپنی اس زندگی کے لیے کچھ پیشگی سامان کیا ہوتا!۔

وَیَوْمَ یَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰى یَدَیْهِ یَقُوْلُ یٰلَیْتَنِی اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُوْلِ سَبِیْلًا ﴿۲۷﴾ یٰوَیْلَتٰى لَیْتَنِیْ لَمْ اَتَّخِذْ فُلَانًا خَلِیْلًا ﴿۲۸﴾ لَقَدْ اَضَلَّنِیْ عَنِ الذِّكْرِ بَعْدَ اِذْ جَآءَنِیْؕ وَكَانَ الشَّیْطٰنُ لِلْاِنْسَانِ خَذُوْلًا ﴿۲۹﴾ (۲)

ترجمہ: ظالم انسان اپنا ہاتھ چبائے گا اور کہے گا کاش! میں نے رسول کا ساتھ دیا ہوتا، ہائے میری کم بختی! کاش میں نے فلاں شخص کو دوست نہ بنایا ہوتا اس کے بہکائے میں آکر میں نے وہ نصیحت نہ مانی جو میرے پاس آئی تھی، شیطان انسان کے حق میں بڑا ہی بے وفا نکلا۔

امام قسطلانی رحمہ اللہ اور بعض دوسرے علماء نے بھی وَالْعَصْرِ کی تفسیر میں یہی کہا ہے کہ زمانہ کی قسم اس لئے کھائی ہے کہ زمانہ گوناگوں نیرنگیوں اور عبرتوں کا مجموعہ ہے، انسانوں کی نامرادی بیان کرنے کے بعد ان لوگوں کی خصوصیات بیان کیں جو اس چند روزہ زندگی کے بدلہ میں کامیابی ،ابدی نعمتوں اور جنت کی پر آسائش زندگی سے بہرہ ور ہوں گے، ان لوگوں کی چار خصوصیتیں بیان فرمائیں، ایمان، عمل صالحہ، حق وسچائی کی تلقین اور صبر واستقامت کی تلقین۔ ان چاروں صفتوں نے اپنے اندر دنیا وآخرت کی تمام بھلائیاں سمیٹ لی ہیں، یعنی ایمان باللسان اور تصدیق بالقلب تمام عقائد کا شیرازہ ہے، جیسے فرمایا:

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ لَمْ یَرْتَابُوْا ... ﴿۱۵﴾ (۳)

ترجمہ: حقیقت میں مومن وہ ہیں جو اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لائے اور پھر انہوں نے کوئی شک نہ کیا۔

ایک مقام پر فرمایا

اِنَّ الَّذِیْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا ... ﴿۳۰﴾ (۴)

ترجمہ: جن لوگوں نے کہا ہمارا رب اللہ ہے اور پھر وہ اس پر ثابت قدم رہے۔

اور کن چیزوں پر ایمان لانا ضروری ہے اس کے بارے میں فرمایا:

---

(۱) الفجر ۲۲تا۲۴

(۲) الفرقان ۲۷تا۲۹

(۳) الحجرات ۱۵

(۴) حم السجدة ۳۰

اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۟ لَا نُفَرِّقُ بَیْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۟ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا... ﴿۲۸۵﴾ (۱)

ترجمہ:رسول اس ہدایت پر ایمان لایا ہے جو اس کے رب کی طرف سے اس پر نازل ہوئی ہے اور جو لوگ اس رسول کے ماننے والے ہیں انہوں نے بھی اس ہدایت کو دل سے تسلیم کرلیا ہے، یہ سب اللہ اور اس کے فرشتوں اور اس کی کتابوں اور اس کے رسولوں کو مانتے ہیں اور ان کا قول یہ ہے کہ ہم اللہ کے رسولوں کو ایک دوسرے سے الگ نہیں کرتے، ہم نے سنا اور اطاعت قبول کی۔

اس کے ساتھ حیات بعد الموت، اور اللہ کی عدالت میں جزا و سزا اور جنت وجہنم پر ایمان لانا بھی ضروری ہے، جیسے فرمایا:

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِیْ نَزَّلَ عَلٰی رَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ مِنْ قَبْلُ ؕ وَمَنْ یَّكْفُرْ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًۢا بَعِیْدًا ﴿۱۳۶﴾ (۲)

ترجمہ:اے لوگو جو ایمان لائے ہو! ایمان لاؤ اللہ پر اور اس کے رسول پر اور اس کتاب پر جو اس نے اپنے رسول پر نازل کی ہے اور ان کتابوں پر جو اس سے پہلے نازل کرچکا ہے، جس نے اللہ اور اس کے ملائکہ اور اس کی کتابوں اور اس کے رسولوں اور روز آخرت سے کفر کیا وہ گمراہی میں بھٹک کر بہت دور نکل گیا۔

ایمان کے ساتھ عمل صالحہ تمام شریعت کا مجموعہ ہے کیونکہ ایمان وہی معتبر اور مفید ہوتا ہے جس کے صادق ہونے کا ثبوت انسان اپنے عمل سے پیش کرے، اگر کوئی انسان ایمان کا دعویٰ تو کرتا ہے مگر اس کے ثبوت میں عمل صالحہ پیش نہیں کرتا تو اس کا ایمان محض ایک دعویٰ ہے، حقیقت نہیں۔ اور عمل صالحہ کیا ہیں؟ وہ فرض اور نفلی نماز قائم کرنا، فرض اور نفلی زکوۃ ادا کرنا، فرض اور نفلی روزے رکھنا اگر ممکن ہو زندگی میں کم از کم ایک بار حج کرنا اور اللہ نے جو حقوق وفرائض فرمائے ہیں انہیں پورا کرنا ہے۔ ایمان اور عمل صالحہ کے بعد ایک دوسرے کو حق وسچائی اور محرمات ومعاصی سے اجتناب کی تلقین ایک فرض عام ہے جس میں تمام مسلمان برابر کے شریک ہیں، جس معاشرے میں حق وسچائی کی تلقین کی روح موجود نہ رہے تو وہ معاشرہ خسران سے نہیں بچ سکتا اور اس خسران میں وہ لوگ بھی آخر کار مبتلا ہو کر رہتے ہیں جو حق پر قائم تو ہوں مگر حق کو پامال ہوتے دیکھتے رہیں اور خاموش رہیں، جیسے فرمایا

لُعِنَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا مِنْۢ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ عَلٰی لِسَانِ دَاوٗدَ وَعِیْسَی ابْنِ مَرْیَمَ ؕ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا یَعْتَدُوْنَ ﴿۷۸﴾ كَانُوْا لَا یَتَنَاهَوْنَ عَنْ مُّنْكَرٍ فَعَلُوْهُ ؕ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا یَفْعَلُوْنَ ﴿۷۹﴾ (۳)

ترجمہ:بنی اسرائیل میں سے جن لوگوں نے کفر کی راہ اختیار کی ان پر داود اور عیسیٰ ابن مریم کی زبان سے لعنت کی گئی کیونکہ وہ سرکش ہو گئے تھے اور زیادتیاں کرنے لگے تھے، انہوں نے ایک دوسرے کو برے افعال کے ارتکاب سے روکنا چھوڑ دیا تھا برا طرز عمل تھا جو انہوں نے اختیار کیا۔

(۱) البقرة۲۸۵

(۲) النساء۱۳۶

(۳) المائدة ۷۹،۷۸

ایک مقام پر یوں ارشاد فرمایا:

وَسْـَٔلْهُمْ عَنِ الْقَرْيَةِ الَّتِىْ كَانَتْ حَاضِرَةَ الْبَحْرِ ۘ اِذْ يَعْدُوْنَ فِى السَّبْتِ اِذْ تَاْتِيْهِمْ حِيْتَانُهُمْ يَوْمَ سَبْتِهِمْ شُرَّعًا وَّيَوْمَ لَا يَسْبِتُوْنَ ۙ لَا تَاْتِيْهِمْ ۚ كَذٰلِكَ ۚ نَبْلُوْهُمْ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۱۶۳﴾ وَاِذْ قَالَتْ اُمَّةٌ مِّنْهُمْ لِمَ تَعِظُوْنَ قَوْمًا ۙ اللّٰهُ مُهْلِكُهُمْ اَوْ مُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ۭ قَالُوْا مَعْذِرَةً اِلٰى رَبِّكُمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۱۶۴﴾ فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖٓ اَنْجَيْنَا الَّذِيْنَ يَنْهَوْنَ عَنِ السُّوْٓءِ وَاَخَذْنَا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا بِعَذَابٍۭ بَـِٔيْسٍۭ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۱۶۵﴾ (۱)

ترجمہ: اور ذرا ان سے اس بستی کا حال بھی پوچھو جو سمندر کے کنارے واقع تھی، انہیں یاد دلاؤ وہ واقعہ کہ وہاں کے لوگ سبت (ہفتہ) کے دن احکام الٰہی کی خلاف ورزی کرتے تھے اور یہ کہ مچھلیاں سبت ہی کے دن ابھر ابھر کر سطح پر ان کے سامنے آتی تھیں اور سبت کے سوا باقی دنوں میں نہیں آتی تھیں، یہ اس لئے ہوتا تھا کہ ہم ان کی نافرمانیوں کی وجہ سے ان کو آزمائش میں ڈال رہے تھے، اور انہیں یہ بھی یاد دلاؤ کہ جب ان میں سے ایک گروہ نے دوسرے گروہ سے کہا کہ تم ایسے لوگوں کو کیوں نصیحت کرتے ہو جنہیں اللہ ہلاک کرنے والا یا سخت سزا دینے والا ہے تو انہوں نے جواب دیا تھا کہ ہم یہ سب کچھ تمہارے رب کے حضور اپنی معذرت پیش کرنے کے لئے کرتے ہیں اور اس امید پر کرتے ہیں کہ شاید یہ لوگ اس کی نافرمانی سے پرہیز کرنے لگیں، آخر کار جب وہ ان ہدایات کو بالکل ہی فراموش کر گئے جو انہیں یاد کرائی گئی تھیں تو ہم نے ان لوگوں کو بچا لیا جو برائی سے روکتے تھے اور باقی سب لوگوں کو جو ظالم تھے ان کی نافرمانیوں پر سخت عذاب میں پکڑ لیا۔

ایک مقام پر فرمایا:

وَاتَّقُوْا فِتْنَةً لَّا تُصِيْبَنَّ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْكُمْ خَاۗصَّةً ۚ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۲۵﴾ (۲)

ترجمہ: اور بچو اس فتنے سے جس کی شامت مخصوص طور پر صرف انہی لوگوں تک محدود نہ رہے گی جنہوں نے تم میں سے گناہ کیا ہو، اور جان لو کہ بیشک اللہ کا عذاب بہت سخت ہے۔

اب کوئی انسان اس فریضہ کو پورا کرنے کے دردمندی، خیر خواہی اور ایثار کے جذبہ سے نیکی کی تبلیغ کرے گا اور معاشرے میں برائی کو روکنے کی کوشش کرے گا تو یقیناً طاغوتی قوتیں اس کی راہ میں مزاحم ہوں گی اور اسے ان لوگوں سے تکالیف پہنچیں گی، اس لئے اس کے بعد مصائب و آلام پر صبر کی تعلیم فرمائی کیونکہ جب تک آدمی لوگوں کی پہنچائی ہوئی اذیتیں اور ان کی غلطیوں سے چشم پوشی اور درگزر کرنے کا عادی نہ ہو جائے اس وقت تک صحیح مرحمت وجود میں نہیں آسکتی، جیسے فرمایا:

ثُمَّ كَانَ مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ وَتَوَاصَوْا بِالْمَرْحَمَةِ ﴿۱۷﴾ (۳)

ترجمہ: پھر (اس کے ساتھ یہ کہ) آدمی ان لوگوں میں شامل ہو جو ایمان لائے اور جنہوں نے ایک دوسرے کو صبر اور (اللہ کی مخلوق پر)

---

(۱) الاعراف ۱۶۳ تا ۱۶۵

(۲) الانفال ۲۵

(۳) البلد ۱۷

رحم کی تلقین کی۔

وَلَمَنْ صَبَرَ وَغَفَرَ اِنَّ ذٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ﴿۴۳﴾ (۱)

ترجمہ: البتہ جو شخص صبر سے کام لے اور درگزر کرے تو یہ بڑی اولوالعزمی کے کاموں میں سے ہے۔

ایک مقام پر فرمایا

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا ۟ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۲۰۰﴾ (۲)

ترجمہ: اے لوگو جو ایمان لائے ہو! صبر سے کام لو، باطل پرستوں کے مقابلہ میں پامردی دکھاؤ، حق کی خدمت کے لئے کمر بستہ رہو اور اللہ سے ڈرتے رہو امید ہے کہ فلاح پاؤ گے۔

ایک مقام پر فرمایا:

اِلَّا الَّذِیْنَ صَبَرُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِیْرٌ ﴿۱۱﴾ (۳)

ترجمہ: اس عیب سے پاک اگر کوئی ہیں تو بس وہ لوگ جو صبر کرنے والے اور نیکوکار ہیں اور وہی ہیں جن کے لئے درگزر بھی ہے اور بڑا اجر بھی۔

اور لقمان نے بھی اپنے بیٹوں کو یہی نصیحت کی تھی۔

یٰبُنَیَّ اَقِمِ الصَّلٰوةَ وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلٰى مَاۤ اَصَابَكَ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ﴿۱۷﴾ (۴)

ترجمہ: بیٹا! نماز قائم کر، نیکی کا حکم دے، بدی سے منع کر اور جو مصیبت بھی پڑے اس پر صبر کر، یہ وہ باتیں ہیں جنکی بڑی تاکید کی گئی ہے۔ یعنی صرف اپنے اعمالوں میں نہ گم ہو جانا کہ صرف اپنی نجات کی فکر کرو اور دوسروں کی اصلاح کی فکر نہ کرو اور معروف کاموں کا حکم نہ دو، برائی کو دیکھو اور اسے بدلنے کی کوشش نہ کرو، ظالم کو ظلم کرتے ہوئے پاؤ اور اس کا ہاتھ نہ پکڑو تو اس وقت تمہارا رب تم پر غصہ ہو گا اور اللہ تعالیٰ تمہاری دعائیں قبول نہیں فرمائے گا بعید نہیں کہ اللہ تمہیں بھی اپنے عذاب میں لپیٹ لے اس لئے لوگوں کو حق بات کی نصیحت کرتے اور برے کاموں پر انہیں نرمی، حکمت اور دلائل سے منع کرتے رہنا یہ بہت مشکل راہ ہے اس میں مشکلات ہی مشکلات ہیں، اس راہ میں شدائد و مصائب اور طعن و ملامت ناگزیر ہے، پھر تم پر اس پسندیدہ کام کے عوض جو بھی مصیبت آجائے تو آہ و فغاں نہ کرنے لگ جانا، گھبرا کر کنارہ کش نہ ہو جانا بلکہ اللہ تعالیٰ پر بھروسہ رکھنا اور مضبوطی سے صبر کا دامن تھامے رکھنا کہ یہ عزم و ہمت کے کاموں میں سے ہے اور اہل عزم و ہمت کا ایک بڑا ہتھیار، اس کے بغیر فریضہ تبلیغ کی ادائیگی ممکن ہی نہیں، اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کو پسند کرتا ہے اور بہترین صلہ عنایت کرتا ہے۔ اور صبر کے اصلی معنی قرآن مجید نے خود کھول دیے ہیں۔

---

(۱) الشوریٰ ۴۳

(۲) آل عمران ۲۰۰

(۳) ہود ۱۱

(۴) لقمان ۱۷

...وَالصّٰبِرِيْنَ فِي الْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ وَحِيْنَ الْبَاْسِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا ۭ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ﴿١٧٧﴾ [1]

ترجمہ: اور تنگی مصیبت کے وقت میں اور حق وباطل کی جنگ میں صبر کریں، یہ ہیں راستباز لوگ اور یہی لوگ متقی ہیں۔

اور درحقیقت معاشی تنگ دستی، دکھ، بیماری، قدرتی آفات کی مصیبت اور جنگ ہی تمام مصائب وشدائد کے سرچشمہ ہیں، پس اس سورۃ میں حق وصبر کا ذکر فرما کر اللہ تعالیٰ نے ہمارے لئے دو بنیادی نیکیوں کی طرف رہنمائی فرمائی ہے۔

عَبْدُ اللَّهِ بْنُ حِصْنٍ قَالَ: كَانَ الرَّجُلَانِ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا الْتَقَيَا، لَمْ يَتَفَرَّقَا إِلَّا عَلَى أَنْ يَقْرَأَ أَحَدُهُمَا عَلَى الْآخَرِ سُورَةَ الْعَصْرِ إِلَى آخِرِهَا، ثُمَّ يُسَلِّمُ أَحَدُهُمَا عَلَى الْآخَرِ

عبداللہ بن حصن رضی اللہ عنہ سے مروی ہے اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ دستور تھا کہ جب آپس میں ملتے تو ایک سورت العصر کو پڑھتا اور دوسرا سنتا پھر سلام کر کے رخصت ہو جاتے۔ [2]

لَوْ تَدَبَّرَ النَّاسُ هَذِهِ السُّورَةَ، لَوَسِعَتْهُمْ

اس لئے امام شافعی رحمہ اللہ نے سورۃ العصر کے بارے میں فرمایا اگر لوگ تنہا اسی سورۃ پر غور کریں تو ان کے لئے کفایت کرے۔

جعفر رضی اللہ عنہ بن ابوطالب (جعفر طیار رضی اللہ عنہ) کا ایمان لانا:

جعفر رضی اللہ عنہ بن ابوطالب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت وصورت میں مشابہ تھے،

وَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَشْبَهْتَ خَلْقِي وَخُلُقِي

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا تھا تم صورت اور سیرت میں مجھ سے زیادہ مشابہ ہو۔ [3]

وكان أشبه الناس برسول الله صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خلقًا وخلقا، أسلم بعد إسلام أخيه علي بقليل

وہ شکل وصورت اور اخلاق وکردار میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مشابہ تھے، وہ سیدنا علی رضی اللہ عنہ کے ایمان لانے کے کچھ ہی عرصہ بعد ایمان لے آئے۔ [4]

عَنْ يَزِيدَ بْنِ رُومَانَ قَالَ: أسلم جَعْفَرُ بْنُ أَبِي طَالِبٍ قَبْلَ أَنْ يَدْخُلْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَارَ الأَرْقَمِ وَيَدْعُوَ فِيهَا

یزید بن رومان کہتے ہیں جعفر بن ابوطالب اس وقت ایمان لائے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابھی دار ارقم میں پناہ گزین نہیں ہوئے تھے۔ [5]

أن أبا طالب رَأَى النَّبِيّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وعليًا رضي اللَّه عنه يصليان، وعلي عن يمينه، فقال لجعفر رضي

---

[1] البقرۃ ۱۷۷

[2] المعجم الاوسط للطبرانی ۵۱۲۴

[3] صحيح بخارى كتاب أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَابُ مَنَاقِبِ جَعْفَرِ بْنِ أَبِي طَالِبٍ الهَاشِمِيِّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

[4] اسد الغابۃ ۱؍۵۴۱

[5] ابن سعد ۴؍۲۵

اللَّه عنه: صل جناح ابن عمك، وصل عن يساره، قيل: أسلم بعد واحد وثلاثين إنسانًا، وكان هو الثاني والثلاثين

ایک دن سرورعالم ﷺ سیدنا علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ نماز پڑھ رہے تھے، سیدنا علی رضی اللہ عنہ آپ ﷺ کے پہلو میں کھڑے تھے، ابوطالب اپنے بھتیجے اور فرزند کا خشوع وخضوع دیکھ کر بہت متاثر ہوئے اور انہوں نے جعفر رضی اللہ عنہ سے کہا بیٹے! تم بھی اپنے ابن عم کے پہلو میں کھڑے ہوجاؤ، جعفر رضی اللہ عنہ فورا رسول اللہ ﷺ کے بائیں پہلو میں کھڑے ہوگئے، فرماتے ہیں میں اکتیس بتیس آدمیوں کے بعد ایمان لایا۔[1]

يكنى أبا عَبْد الله

آپ رضی اللہ عنہ کی کنیت ابوعبداللہ تھی،

وكان جعفر أكبر من علي رضي الله عنهما بعشر سنين

جعفر رضی اللہ عنہ سیدنا علی رضی اللہ عنہ سے دس سال بڑے تھے۔[2]

أَخُو عَلِيِّ بنِ أَبِي طَالِبٍ وهو أسن من علي بعشر سنين

جعفر رضی اللہ عنہ سیدنا علی رضی اللہ عنہ کے بھائی تھے اور ان سے دس سال بڑے تھے۔[3]

وَهَاجَرَ جَعْفَرٌ إِلَى أَرْضِ الْحَبَشَةِ فِي الْهِجْرَةِ الثَّانِيَةِ وَمَعَهُ امْرَأَتُهُ أَسْمَاءُ بِنْتُ عُمَيْسٍ، وَوَلَدَتْ لَهُ هُنَاكَ عَبْدَ اللَّهِ وَعَوْنًا وَمُحَمَّدًا

جعفر رضی اللہ عنہ اپنی اہلیہ اسماء بنت عمیس کے ہمراہ دوسری ہجرت حبشہ میں قافلہ کے ساتھ گئے، حبشہ ہی میں ان کے بیٹے عبداللہ، عون اور محمد پیدا ہوئے۔[4]

أَنَّ أَمِيرَهُمْ فِي الْهِجْرَةِ إِلَى أَرْضِ الْحَبَشَةِ جَعْفَرُ بْنُ أَبِي طَالِبٍ

حبشہ میں مہاجرین کے امیر جعفر رضی اللہ عنہ بن ابوطالب تھے۔[5]

ثُمَّ هَاجَرَ إِلَى الْمَدِينَةَ

حبشہ سے واپس آکر انہوں نے مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کی۔[6]

وله هجرتان: هجرة إِلَى الحبشة، وهجرة إِلَى المدينة

انہوں نے دو ہجرتیں کیں ایک ہجرت حبشہ اور دوسری ہجرت مدینہ منورہ۔[7]

---

[1] اسدالغابة ۱/۵۴۱

[2] الاستيعاب في معرفة الأصحاب ۱/۲۴۲

[3] سير أعلام النبلاء ۳/۱۳۰

[4] ابن سعد ۴/۲۵

[5] ابن سعد ۴/۲۵

[6] أسد الغابة في معرفة الصحابة ۷/۱۲

[7] أسد الغابة في معرفة الصحابة ۱/۵۴۱

وقدم منها على رسول الله صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حين فتح خيبر فتلقاه النَّبِيّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وأعتنقه وقال: ما أدري بأيهما أنا أشد فرحًا

آپ رضی اللہ عنہ حبشہ سے مدینہ اس وقت پہنچے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فتح خیبر سے فارغ ہو چکے تھے، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں گلے سے لگایا اور پیشانی کو بوسہ دیا اور فرمایا مجھے نہیں معلوم کہ دونوں میں سے کس پر خوشی کا اظہار کروں جعفر رضی اللہ عنہ کی آمد پر یا فتح خیبر پر۔[١]

فَقسَمَ لَهُمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي خَيْبَرَ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جعفر رضی اللہ عنہ کا خیبر کے مال غنیمت میں حصہ لگایا۔[٢]

وَآخَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ جَعْفَرِ بْنِ أَبِي طَالِبٍ وَمُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ میں جعفر رضی اللہ عنہ بن ابوطالب اور معاذ رضی اللہ عنہ بن جبل کے درمیان مواخاۃ فرمایا۔[٣]

لیکن یہ روایت کیسے صحیح ہو سکتی ہے کیونکہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مہاجرین و انصار میں مواخاۃ قائم فرمائی تھی اس وقت جعفر رضی اللہ عنہ حبشہ میں تھے۔

جعفر رضی اللہ عنہ غریب مسکینوں کا بڑا خیال رکھتے تھے،

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ: وَكَانَ أَخْيَرَ النَّاسِ لِلْمِسْكِينِ جَعْفَرُ بْنُ أَبِي طَالِبٍ، كَانَ يَنْقَلِبُ بِنَا فَيُطْعِمُنَا مَا كَانَ فِي بَيْتِهِ حَتَّى إِنْ كَانَ لَيُخْرِجُ إِلَيْنَا العُكَّةَ الَّتِي لَيْسَ فِيهَا شَيْءٌ، فَنَشُقُّهَا فَنَلْعَقُ مَا فِيهَا

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے مسکینوں کے ساتھ سب سے بہتر سلوک کرنے والے جعفر رضی اللہ عنہ بن ابوطالب تھے، وہ ہمیں اپنے گھر لے جاتے اور جو کچھ بھی گھر میں موجود ہوتا وہ ہم کو کھلاتے، بعض اوقات تو ایسا ہوتا کہ صرف شہد یا گھی کی کپی ہی نکال کر لاتے اور اسے ہم پھاڑ کر اس میں جو کچھ ہوتا اسے ہی چاٹ جاتے۔[٤]

وكان رَسُول اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يسميه: أبا المساكين

مساکین سے حسن سلوک کی وجہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا نام مسکینوں کا باپ رکھ دیا تھا۔[٥]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ، عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہ اور جعفر رضی اللہ عنہ بن ابوطالب کو موتہ کی طرف روانہ فرمایا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کے مطابق زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد جعفر رضی اللہ عنہ نے دائیں ہاتھ میں جھنڈا تھام لیا اور کفار سے لڑتے رہے، دشمنوں نے انہیں گھیر لیا اور ان کا دایاں بازو کاٹ ڈالا مگر انہوں نے فوراً جھنڈا بائیں ہاتھ میں تھام لیا اور جھنڈے کو گرنے نہیں دیا، جب دشمنوں نے بائیں ہاتھ کو بھی کاٹ ڈالا تو آپ رضی اللہ عنہ زخموں سے چور چور ہو کر شہید ہو گئے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں ذی الجناحین (دو پروں والا)

---

[١] الاستيعاب في معرفة الأصحاب ١،٢٤٢

[٢] ابن سعد ٤،٢٦

[٣] ابن سعد ٤،٢٦

[٤] صحيح بخاری كتاب أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَابُ مَنَاقِبِ جَعْفَرِ بْنِ أَبِي طَالِبٍ الهَاشِمِيِّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ ٣٧٠٨

[٥] أسد الغابة في معرفة الصحابة ١،٣٤١

کالقب عطا فرمایا۔

عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ: كُنْتُ بِمُؤْتَةَ فَلَمَّا فَقَدْنَا جَعْفَرَ بْنَ أَبِي طَالِبٍ طَلَبْنَاهُ فِي الْقَتْلَى فَوَجَدْنَاهُ وَبِهِ طَعْنَةٌ وَرَمْيَةٌ بِضْعٌ وَتِسْعُونَ فوجدنا ذلك فيما أقبل من جسده

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے میں جنگ موتہ میں موجود تھا جب ہم نے جعفر رضی اللہ عنہ بن ابوطالب کو نہ پایا تو مقتولین میں تلاش کیا ہم نے انہیں اس حالت میں پایا کہ نیزے اور تیر کے نوے زخم تھے یہ ہم نے ان کے اس حصہ میں پائے جو لایا گیا تھا(مگر پیٹھ پیچھے کوئی زخم نہ تھا)۔[1]

جعفر رضی اللہ عنہ جمادی الثانی آٹھ ہجری میں ۳۳،۳۴ سال کی عمر میں جنگ موتہ میں شہید ہوئے۔

فصلى عَلَيْهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَدَعَا لَهُ ، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ: اسْتَغْفِرُوا لأَخِيكُمْ جَعْفَرٍ فَإِنَّهُ شَهِيدٌ وَقَدْ دَخَلَ الْجَنَّةَ، وَهُوَ يَطِيرُ فِيهَا بِجَنَاحَيْنِ مِنْ يَاقُوتٍ حيث شاء من الْجَنَّةِ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان پر نماز جنازہ پڑھی اور ان کے لیے دعا فرمائی، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنے بھائی جعفر رضی اللہ عنہ کے لیے دعائے مغفرت کرو کیونکہ وہ شہید ہیں اور جنت میں داخل ہو گئے ہیں، وہ اپنے یاقوت کے دو بازوؤں سے اڑ کر جنت میں جہاں چاہتے ہیں جاتے ہیں۔[2]

## مضامین سورۃ الھمزہ:

اس سورہ میں جاہلیت کے معاشرے میں پائی جانے والی تین بیماریوں کی نشاندہی کی گئی ہے۔

- پس پشت عیب نکالنے والے،اسے غیبت کہتے ہیں اور یہ بدترین گناہ ہے۔
- کسی کے سامنے اس کے حسب نسب،دین ومذہب اور شکل وصورت کا طعنہ دینا،اس کا مذاق اڑانا۔
- مال کو اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کے بجائے جمع کرنا اور گن گن کر رکھنا۔

ان برائیوں کے حامل افراد اس غلط فہمی میں مبتلا ہیں کہ یہ مال و دولت ہمیشہ ان کے پاس رہے گی اور اسی غلط فہمی کا شکار ہو کر مال کی بنیاد پر ہر برائی کر گزرتا ہے، مگر وہ اس غلط فہمی میں نہ رہے ایسے شخص کو نہایت حقارت وذلت کے ساتھ دوزخ میں ڈال دیا جائے گا،وہ اللہ کی سلگائی ہوئی آگ ہے جو دلوں تک اثر کرتی ہے،یہ آگ ان پر بند کر دی جائے گی اس حال میں کہ وہ آگ کے لمبے لمبے ستونوں میں گھرے ہوئے ہوں گے اور کبھی اس سے باہر نہ نکل سکیں گے۔

---

[1] ابن سعد ۲۸؍۴،صحیح بخاری كِتَابُ المَغَازِي بَابُ غَزْوَةِ مُؤْتَةَ مِنْ أَرْضِ الشَّأْمِ ۴۲۶۱

[2] ابن سعد ۲۸؍۴

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے

وَیۡلٌ لِّکُلِّ ہُمَزَۃٍ لُّمَزَۃِۣ ۙ﴿۱﴾ الَّذِیۡ جَمَعَ مَالًا وَّ عَدَّدَہٗ ۙ﴿۲﴾

بڑی خرابی ہے ہر ایسے شخص کی جو عیب ٹٹولنے والا غیبت کرنے والا ہو، جو مال کو جمع کرتا جائے اور گنتا جائے،

یَحۡسَبُ اَنَّ مَالَہٗۤ اَخۡلَدَہٗ ۚ﴿۳﴾ (الھمزۃ ۱تا۳)

وہ سمجھتا ہے کہ اس کا مال اس کے پاس سدا رہے گا۔

جاہلیت کے معاشرے میں جہاں اللہ کو چھوڑ کر طاغوت کی بندگی کی جاتی تھی، جہاں قتل وغارت روزمرہ کی بات تھی، جہاں سودی کاروبار نے انسانوں کو جکڑ رکھا تھا، وہاں زر پرست مالداروں اور لیڈروں میں بھی بہت سی گھناونی اخلاقی برائیاں موجود تھیں جن کو سب لوگ ہی برا تصور کرتے تھے، چنانچہ بعض کے مطابق اخنس بن شریق یا ایسے گنہگاروں کی نفسیات بیان فرمائی کہ تباہی ہے اس شخص کے لئے جو اپنے مال و دولت کے نشے میں سرشار ہو کر دوسروں کی تحقیر و تذلیل کرتا ہے، کسی شریف اور دیندار آدمی میں کوئی عیب نظر آتا ہے تو اس پر انگلیوں اور آنکھوں سے اشارے کرتا ہے، حقارت و ذلت کے ساتھ کسی کے نسب پر طعن کرتا ہے، کسی کے منہ در منہ چوٹیں کرتا ہے، اہل دین اور معزز لوگوں کی پیٹھ پیچھے ان کی غیبتیں کرتا ہے، کہیں چغلیاں کھا کر اور لگائی بجھائی کر کے دوستوں کو لڑواتا اور بھائیوں میں پھوٹ ڈلواتا ہے، جیسے فرمایا:

وَلَا تُطِعۡ کُلَّ حَلَّافٍ مَّہِیۡنٍ ﴿۱۰﴾ ہَمَّازٍ مَّشَّآءٍۭ بِنَمِیۡمٍ ﴿۱۱﴾ مَّنَّاعٍ لِّلۡخَیۡرِ مُعۡتَدٍ اَثِیۡمٍ ﴿۱۲﴾ عُتُلٍّۭ بَعۡدَ ذٰلِکَ زَنِیۡمٍ ﴿۱۳﴾ [1]

ترجمہ: ہر گز نہ دبو کسی ایسے شخص سے جو بہت قسمیں کھانے والا بے وقعت آدمی ہے، طعنے دیتا ہے چغلیاں کھاتا پھرتا ہے، بھلائی سے روکتا ہے، ظلم و زیادتی میں حد سے گزر جانے والا ہے، سخت بد اعمال ہے، جفا کار ہے، اور ان سب عیوب کے ساتھ بد اصل ہے۔

دوسری برائی کا ذکر فرمایا جس نے جائز و ناجائز، حلال و حرام ہر طرح سے کثرت سے مال جمع کیا مگر اللہ کے عطا کردہ مال کو اس کی رضا و خوشنودی حاصل کرنے کے لئے زکوٰۃ و صدقات اور انفاق فی سبیل اللہ میں خرچ کرنے کے بجائے اپنے بخل اور زر پرستی میں گن گن کر رکھتا ہے، جیسے فرمایا:

وَ جَمَعَ فَاَوۡعٰی ﴿۱۸﴾ [2]

ترجمہ: اور مال جمع کیا اور سینت سینت کر رکھا۔

اور وہ اس کام میں اس قدر منہمک ہے کہ اسے اپنی موت بھی یاد نہیں، وہ اس غلط فہمی میں مبتلا ہے کہ یہ مال اور یہ شان و شوکت اس کے پاس ہمیشہ رہے گا یعنی یہ دولت اس کو ہر زوال، ذلت، بیماری اور موت سے بچانے کا سبب بن سکتی ہے، اور کیا وہ نہیں سمجھتا کہ بخل اعمال

---

[1] القلم ۱۰تا۱۳

[2] المعارج ۱۸

کو ختم، شہروں کو برباد اور نیکی عمر میں اضافہ کرتی ہے، کیا وہ نہیں سمجھتا کہ ایک دن اسے یہ سب مال و دولت، اقتدار اور شان و شوکت چھوڑ کر خالی ہاتھ دوسرے جہاں (عالم برزخ) روانہ ہونا ہے۔

كَلَّا لَيُنۢبَذَنَّ فِي الْحُطَمَةِ ﴿۴﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْحُطَمَةُ ﴿۵﴾ نَارُ اللّٰهِ الْمُوْقَدَةُ ﴿۶﴾

ہرگز نہیں، یہ تو ضرور توڑ پھوڑ دینے والی آگ میں پھینک دیا جائے گا، اور تجھے کیا معلوم کہ ایسی آگ کیا ہوگی،

الَّتِيْ تَطَّلِعُ عَلَى الْاَفْـِٕدَةِ ﴿۷﴾ اِنَّهَا عَلَيْهِمْ مُّؤْصَدَةٌ ﴿۸﴾

وہ اللہ تعالیٰ کی سلگائی ہوئی آگ ہوگی جو دلوں پر چڑھتے چلی جائے گی، اور ان پر ہر طرف سے بند کی ہوئی ہوگی

فِيْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ﴿۹﴾ (الھمزۃ ۴ تا ۹)

بڑے بڑے ستونوں میں۔

ہرگز نہیں، یہ معاملہ ایسا نہیں ہے جیسا اس کا زعم اور گمان ہے بلکہ ایسے بخیل، لالچی اور فتنہ پرور شخص کو تو اَلْحُطَمَۃُ یعنی توڑنے، کچل دینے اور ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالنے والی جگہ میں بے وقعت اور حقیر سمجھ کر پھینک دیا جائے گا، اور اے نبی ﷺ! تم کیا جانو کہ کیا ہے وہ چکنا چور کر دینے والی جگہ؟ جہنم کی ہولناکی کو بیان کرنے کے لئے فرمایا وہ اللہ کی خوب بھڑکائی ہوئی آگ ہے، وہ اتنی ہولناک آگ ہوگی کہ تمہاری عقلیں اس کا ادراک نہیں کر سکتیں اور تمہارا فہم و شعور اس کی تہہ تک نہیں پہنچ سکتا، یہ آگ انسان کے برے خیالات، فاسد عقائد، ناپاک خواہشات وجذبات، خبیث نیتوں اور ارادوں کے مرکز تک پہنچے گی اور اس کے استحقاق کے مطابق عذاب دے گی، مجرم اس میں تکلیف کی شدت سے شور مچائیں گے، اللہ کو پکاریں گے مگر دھتکار دیے جائیں گے، جیسے متعدد مقامات پر فرمایا:

وَاَنْذِرِ النَّاسَ يَوْمَ يَاْتِيْهِمُ الْعَذَابُ فَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا رَبَّنَآ اَخِّرْنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۙ نُّجِبْ دَعْوَتَكَ وَنَتَّبِعِ الرُّسُلَ ۭ اَوَلَمْ تَكُوْنُوْٓا اَقْسَمْتُمْ مِّنْ قَبْلُ مَا لَكُمْ مِّنْ زَوَالٍ ﴿۴۴﴾ وَّسَكَنْتُمْ فِيْ مَسٰكِنِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَتَبَيَّنَ لَكُمْ كَيْفَ فَعَلْنَا بِهِمْ وَضَرَبْنَا لَكُمُ الْاَمْثَالَ ﴿۴۵﴾ [1]

ترجمہ: اے نبی (ﷺ)! اس دن سے تم انہیں ڈرا دو جب کہ عذاب انہیں آلے گا، اس وقت یہ ظالم کہیں گے کہ اے ہمارے ربّ! ہمیں تھوڑی سے مہلت اور دیدے، ہم تیری دعوت کو لبّیک کہیں گے اور رسولوں کی پیروی کریں گے، (مگر انہیں صاف جواب دے دیا جائے گا کہ) کیا تم وہی لوگ نہیں ہو جو اس سے پہلے قسمیں کھا کھا کر کہتے تھے کہ ہم پر تو کبھی زوال آنا ہی نہیں ہے؟ حالانکہ تم ان قوموں کی بستیوں میں رہ بس چکے تھے جنہوں نے اپنے اوپر آپ ظلم کیا تھا اور دیکھ چکے تھے کہ ہم نے ان سے کیا سلوک کیا اور ان کی مثالیں دے دے کر ہم تمہیں سمجھا بھی چکے تھے۔

رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْهَا فَاِنْ عُدْنَا فَاِنَّا ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۰۷﴾ قَالَ اخْسَـُٔوْا فِيْهَا وَلَا تُكَلِّمُوْنِ ﴿۱۰۸﴾ [2]

[1] ابراہیم ۴۵،۴۴

[2] المومنون ۱۰۸،۱۰۷

ترجمہ: اے پروردگار! اب ہمیں یہاں سے نکال دے پھر ہم ایسا قصور کریں تو ظالم ہوں گے، اللہ تعالیٰ جواب دے گا دور ہو میرے سامنے سے، پڑے رہو اسی میں اور مجھ سے بات نہ کرو۔

وَلَوْ تَرٰۤی اِذِ الْمُجْرِمُوْنَ نَاكِسُوْا رُءُوْسِهِمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ رَبَّنَاۤ اَبْصَرْنَا وَسَمِعْنَا فَارْجِعْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا اِنَّا مُوْقِنُوْنَ ﴿۱۲﴾ وَلَوْ شِئْنَا لَاٰتَيْنَا كُلَّ نَفْسٍ هُدٰىهَا وَلٰكِنْ حَقَّ الْقَوْلُ مِنِّيْ لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۳﴾ فَذُوْقُوْا بِمَا نَسِيْتُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ۚ اِنَّا نَسِيْنٰكُمْ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْخُلْدِ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴﴾ (۱)

ترجمہ: کاش تم دیکھو وہ وقت جب یہ مجرم سر جھکائے اپنے رب کے حضور کھڑے ہوں گے (اس وقت یہ کہہ رہے ہوں گے) اے ہمارے رب! ہم نے خوب دیکھ لیا اور سن لیا اب ہمیں واپس بھیج دے تا کہ ہم نیک عمل کریں ہمیں اب یقین آ گیا ہے، (جواب میں ارشاد ہو گا) اگر ہم چاہتے تو پہلے ہی ہر نفس کو اس کی ہدایت دے دیتے مگر میری وہ بات پوری ہو گئی جو میں نے کہی تھی کہ میں جہنم کو جنوں اور انسانوں سب سے بھر دوں گا پس اب چکھو مزا اپنی اس حرکت کا کہ تم نے اس دن کی ملاقات کو فراموش کر دیا ہم نے بھی اب تمہیں فراموش کر دیا ہے، چکھو ہمیشگی کے عذاب کا مزا اپنے کرتوتوں کی پاداش میں۔

وَهُمْ يَصْطَرِخُوْنَ فِيْهَا ۚ رَبَّنَاۤ اَخْرِجْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا غَيْرَ الَّذِيْ كُنَّا نَعْمَلُ ؕ اَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَّا يَتَذَكَّرُ فِيْهِ مَنْ تَذَكَّرَ وَجَآءَكُمُ النَّذِيْرُ ؕ فَذُوْقُوْا فَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ نَّصِيْرٍ ﴿۳۷﴾ (۲)

ترجمہ: وہ وہاں چیخ چیخ کر کہیں گے کہ اے ہمارے رب! ہمیں یہاں سے نکال لے تا کہ ہم نیک عمل کریں ان اعمال سے مختلف جو پہلے کرتے رہے تھے (انہیں جواب دیا جائے گا) کیا ہم نے تم کو اتنی عمر نہ دی تھی جس میں کوئی سبق لینا چاہتا تو سبق لے سکتا تھا؟ اور تمہارے پاس متنبہ کرنے والا بھی آ چکا تھا، اب مزا چکھو، ظالموں کا یہاں کوئی مددگار نہیں ہے۔

اَنْ تَقُوْلَ نَفْسٌ يّٰحَسْرَتٰى عَلٰى مَا فَرَّطْتُّ فِيْ جَنْۢبِ اللّٰهِ وَاِنْ كُنْتُ لَمِنَ السّٰخِرِيْنَ ﴿۵۶﴾ اَوْ تَقُوْلَ لَوْ اَنَّ اللّٰهَ هَدٰىنِيْ لَكُنْتُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۵۷﴾ اَوْ تَقُوْلَ حِيْنَ تَرَى الْعَذَابَ لَوْ اَنَّ لِيْ كَرَّةً فَاَكُوْنَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۸﴾ بَلٰى قَدْ جَآءَتْكَ اٰيٰتِيْ فَكَذَّبْتَ بِهَا وَاسْتَكْبَرْتَ وَكُنْتَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۵۹﴾ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ تَرَى الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلَى اللّٰهِ وُجُوْهُهُمْ مُّسْوَدَّةٌ ؕ اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۶۰﴾ (۳)

ترجمہ: کہیں ایسا نہ ہو کہ بعد میں کوئی شخص کہے افسوس میری اس تقصیر پر جو میں اللہ کی جناب میں کرتا رہا بلکہ میں تو الٹا مذاق اڑانے والوں میں شامل تھا یا کہے کاش اللہ نے مجھے ہدایت بخشی ہوتی تو میں بھی متقیوں میں سے ہوتا یا عذاب دیکھ کر کہے کاش! مجھے ایک موقع اور مل جائے اور میں بھی نیک عمل کرنے والوں میں شامل ہو جاؤں، (اور اس وقت اسے یہ جواب ملے کہ) کیوں نہیں، میری آیات تیرے پاس آ چکی

(۱) السجدۃ ۱۲تا۱۴
(۲) فاطر ۳۷
(۳) الزمر ۵۶تا۶۰

تھیں، پھر تو نے انہیں جھٹلایا اور تکبر کیا اور تو کافروں میں سے تھا آج جن لوگوں نے خدا پر جھوٹ باندھے ہیں قیامت کے روز تم دیکھو گے کہ ان کے منہ کالے ہوں گے، کیا جہنم میں متکبروں کے لیے کافی جگہ نہیں ہے؟۔

داروغہ جہنم کی منت سماجت کریں گے مگر لاحاصل ہوگا، جیسے فرمایا:

وَنَادَوْا يٰمٰلِكُ لِيَقْضِ عَلَيْنَا رَبُّكَ ۭ قَالَ اِنَّكُمْ مّٰكِثُوْنَ ⁽¹⁾

ترجمہ: وہ پکاریں گے اے مالک! تیرا رب ہمارا کام ہی تمام کر دے تو اچھا ہے، وہ جواب دے گا تم یوں ہی پڑے رہو گے۔

موت کی تمنا کریں گے مگر آرزو کے باوجود بھی موت نہیں آئے گی، جیسے فرمایا:

وَاِذَآ اُلْقُوْا مِنْهَا مَكَانًا ضَيِّقًا مُّقَرَّنِيْنَ دَعَوْا هُنَالِكَ ثُبُوْرًا ﴿١٣﴾ لَا تَدْعُوا الْيَوْمَ ثُبُوْرًا وَّاحِدًا وَّادْعُوْا ثُبُوْرًا كَثِيْرًا ﴿١٤﴾ ⁽²⁾

ترجمہ: اور جب یہ دست و پابستہ اس میں ایک تنگ جگہ ٹھونسے جائیں گے تو اپنی موت کو پکارنے لگیں گے، (اس وقت ان سے کہا جائے گا) آج ایک موت کو نہیں بہت سی موتوں کو پکارو۔

اِنَّهٗ مَنْ يَّاْتِ رَبَّهٗ مُجْرِمًا فَاِنَّ لَهٗ جَهَنَّمَ ۭ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ﴿٧٤﴾ ⁽³⁾

ترجمہ: حقیقت یہ ہے کہ جو مجرم بن کر اپنے رب کے حضور حاضر ہوگا اس کے لیے جہنم ہے جس میں وہ نہ جیے گا نہ مرے گا۔

مجرموں کو گلے میں طوق، پیروں میں وزنی بیڑیاں ڈال کر، ستر ہاتھ لمبی زنجیروں میں جکڑ کر، ٹانگوں سے پکڑ کر ذلت سے گھسیٹتے ہوئے سر کے بل اس میں پھینک دیا جائے گا، جیسے فرمایا

خُذُوْهُ فَغُلُّوْهُ ﴿٣٠﴾ ثُمَّ الْجَحِيْمَ صَلُّوْهُ ﴿٣١﴾ ثُمَّ فِيْ سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا سَبْعُوْنَ ذِرَاعًا فَاسْلُكُوْهُ ﴿٣٢﴾ اِنَّهٗ كَانَ لَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ ﴿٣٣﴾ وَلَا يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ﴿٣٤﴾ ⁽⁴⁾

ترجمہ: (حکم ہوگا) پکڑو اسے اور اس کی گردن میں طوق ڈال دو، پھر اسے جہنم میں جھونک دو پھر اس کو ستر ہاتھ لمبی زنجیر میں جکڑ دو، یہ نہ اللہ بزرگ و برتر پر ایمان لاتا تھا اور نہ مسکین کو کھانا کھلانے کی ترغیب دیتا تھا۔

اور اوپر سے جہنم کے ساتوں دروازے بند کر دیے جائیں گے تاکہ کوئی باہر نکل ہی نہ سکے اور خوب آنچ رہے، اور وہ اس ہولناک جہنم میں جس کے شعلے لمبے ستونوں کی شکل میں اٹھ رہے ہوں گے بدترین عذاب میں مبتلا ہوں گے۔ جیسے فرمایا:

عَلَيْهِمْ نَارٌ مُّؤْصَدَةٌ ﴿٢٠﴾ ⁽⁵⁾

---

(1) الزخرف ۷۷

(2) الفرقان ۱۳، ۱۴

(3) طہ ۷۴

(4) الحاقۃ ۳۰ تا ۳۴

(5) البلد ۲۰

ترجمہ: ان پر آگ چھائی ہوئی ہوگی۔

يَوْمَ يَغْشٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ فَوْقِهِمْ وَمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ وَيَقُوْلُ ذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٥٥﴾ (١)

ترجمہ: (اور انہیں پتہ چلے گا) اس روز جبکہ عذاب انہیں اوپر سے بھی ڈھانک لے گا اور پاؤں کے نیچے سے بھی اور کہے گا کہ اب چکھو مزا ان کرتوتوں کا جو تم کرتے تھے۔

لَهُمْ مِّنْ جَهَنَّمَ مِهَادٌ وَّمِنْ فَوْقِهِمْ غَوَاشٍ ۭ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ﴿٤١﴾ (٢)

ترجمہ: ان کے لیے تو جہنم کا بچھونا ہوگا اور جہنم ہی کا اوڑھنا، یہ ہے وہ جزا جو ہم ظالموں کو دیا کرتے ہیں۔

ہشیم بن عتبہ کا اسلام قبول کرنا

شَيْخُ الجَاهِلِيَّةِ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيعَةَ بْنِ عَبْدِ شَمْسِ بْنِ عَبْدِ مَنَافِ بْنِ قُصَيٍّ،وَأُمُّهُ أُمُّ صَفْوَانَ وَاسْمُهَا فَاطِمَةُ بِنْتُ صَفْوَانَ بْنِ أُمَيَّةَ بْنِ مُحَرَّثٍ الْكِنَانِيُّ

ابوحذیفہ رضی اللہ عنہ کے والد کا نام شیخ جاہلیت عتبہ بن ربیعہ بن عبد شمس بن عبد مناف بن قصی تھا، آپ رضی اللہ عنہ کی والدہ ام صفوان تھیں جن کا نام فاطمہ بنت صفوان بن امیہ بن محرث الکنانی تھا۔ (٣)

واسمه هُشَيْم

آپ رضی اللہ عنہ کا نام ہشیم تھا۔ (٤)

وكنيته أَبُو حذيفة

آپ رضی اللہ عنہ کی کنیت ابوحذیفہ تھی۔ (٥)

وَكَانَ أَبُو حُذَيْفَةَ رَجُلا طُوَالا حَسَنَ الْوَجْهِ مُرَادِفَ الأَسْنَانِ وَهُوَ الأَثْعَلُ

ابوحذیفہ رضی اللہ عنہ لمبے اور خوبصورت آدمی تھے، دانت تلے اوپر تھے جس کو اثعل کہتے ہیں۔ (٦)

كَانَ من فضلاء الصحابة من المهاجرين الأولين

ابوحذیفہ ہشیم بن عتبہ کا شمار کبار صحابہ میں ہوتا ہے۔ (٧)

وَأَبُو حذيفة بن عتبة بن ربيعة وَكَانَ من فضلاء الصحابة

(١) العنكبوت٥٥

(٢) الاعراف٤١

(٣) ابن سعد٦١/٣

(٤) ابن سعد٦١/٣

(٥) أسد الغابة في معرفة الصحابة ٣٧٨/٥

(٦) ابن سعد٦٢/٣، سير أعلام النبلاء١٠٧/٣

(٧) الاستيعاب في معرفة الأصحاب١٦٣١/٤

ابوحذیفہ رضی اللہ عنہ بن عتبہ بن ربیعہ کا شمار کبار صحابہ میں کیا جاتا ہے۔[۱]

انہوں نے ایسے گھرانے میں آنکھیں کھولیں جو کفروشرک کی آماجگاہ تھا،ان کے والدعتبہ بن ربیعہ قریش کے سر برآوردہ رؤسا میں سے تھااوراپنی قوم میں بڑے اثرورسوخ کا حامل تھا،اس کی معاملہ فہمی، دوراندیشی اوروضعداری کا بھی سب کو اعتراف تھالیکن جب سیدالامم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعوت حق پیش کی تو اس نے اپنے کانوں میں روئی ٹھونس لی،اس نے اپنے فرزندہشیم کی پرورش بڑے نازونعم کی اور جب وہ جوان ہوئے توان کی شادی خطیب قریش سہیل بن عمروکی صاحبزادی سہلہ سے کر دی،ہشیم تیس بتیس برس کے تھے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ مکرمہ میں توحید کی صدابلند کی،اللہ تعالیٰ نے انہیں فطرت سلیم عطافرمائی تھی اس لیے انہوں نے ہرقسم کے خطرات کے علی الرغم بلا تامل دعوت حق پر لبیک کہا،نیک بخت بیوی سہلہ بنت سہیل نے بھی اپنے شوہر کا ساتھ دیااس طرح دونوں میاں بیوی سابقون الاولون کی مقدس جماعت میں شامل ہو گئے،

عَنْ یَزِیدَ بْنِ رُومَانَ قَالَ:قَالَ: أسلم أَبُو حُذَیْفَةَ قَبْلَ دُخُولِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ دَارَ الأَرْقَمِ یَدْعُو فِیهَا

یزید بن رومان کہتے ہیں ابوحذیفہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دارارقم میں داخل ہونے سے پہلے ایمان لائے۔[۲]

عتبہ پر بیٹے اور بہو کی سعادت اندوزی اسلام سخت شاق گزری اوراس نے ان کی طرف سے آنکھیں پھیرلیں،نتیجہ یہ ہوا کہ وہ بھی دوسرے مسلمانوں کی طرح مشرکین قریش کے جوروستم کا نشانہ بن گئے،جب ظلم وستم کی انتہاہوگئی تورسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مظلوم مسلمانوں کو حبشہ کی طرف ہجرت کرنے کامشورہ دیا،چنانچہ رجب پانچ بعد بعثت نبوی میں گیارہ مردوں اورچارخواتین نے ارض مکہ کو خیر بادکہہ کرحبشہ کی راہ لی،ان میں ہشیم رضی اللہ عنہ اوران کی اہلیہ سہلہ رضی اللہ عنہا بنت سہیل بھی شامل تھے،حبشہ میں جب یہ خبرگرم ہوئی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اورقریش میں صلح ہوگئی ہے تو یہ خبر سن کربعض لوگ واپس مکہ آئے،ان میں ابوحذیفہ رضی اللہ عنہ اورسہلہ رضی اللہ عنہا بھی تھیں مگر مکہ پہنچ کرمعلوم ہوا کہ وہ محض افواہ تھی،سب کی رائے یہی ٹھہری کی عمائدقریش میں سے کسی نہ کسی کی پناہ حاصل کر کے شہر میں داخل ہوجائیں،چنانچہ علامہ بلاذری رحمہ اللہ کے مطابق یہ امیہ بن خلف کی پناہ حاصل کر کے مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے، مگر مکہ مکرمہ میں مشرکین کے مظالم شدید سے شدید تر ہو گئے تو۶بعد بعث نبوی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان پر سو کے قریب مردوعورتیں مسلمانوں کاایک قافلہ عازم حبشہ ہو گئے،اس قافلہ میں ابوحذیفہ رضی اللہ عنہ اورسہلہ رضی اللہ عنہا بنت سہیل بھی شامل تھے،دونوں میاں بیوی کئی سال تک حبشہ میں غریب الوطنی کی زدگی گزارتے رہے اسی دوران میں ان کے فرزندمحمد بن ابی حذیفہ پیداہوئے،

قَالُوا وَكَانَ أَبُو حُذَیْفَةَ مِنْ مُهَاجِرَةِ الْحَبَشَةِ فِي الْهِجْرَتَیْنِ جَمِیعًا وَمَعَهُ امْرَأَتُهُ سَهْلَةُ بِنْتُ سُهَیْلِ بْنِ عَمْرٍو. وَوَلَدَتْ لَهُ هُنَاكَ بِأَرْضِ الْحَبَشَةِ مُحَمَّدَ بْنَ أَبِي حُذَیْفَةَ

ابوحذیفہ رضی اللہ عنہ نے اپنی اہلیہ سہلہ بنت سہیل بن عمروکے ہمراہ دومرتبہ حبشہ کی طرف ہجرت کی اور وہیں ان کا بیٹا محمد بن ابی حنیفہ پیداہوے۔[۳]

---

[۱] أسد الغابة في معرفة الصحابة٦٨/٦

[۲] ابن سعد٦٢/٣،الاستیعاب في معرفة الأصحاب١٦٣١/٤، أسد الغابة في معرفة الصحابة٦٨/٦

[۳] ابن سعد٦٢/٣

وهاجر الهجرتين جميعًا

آپ رضی اللہ عنہ حبشہ کی جانب دونوں ہجرتوں میں شامل تھے۔ [۱]

ثم قدم عَلَى رَسُول اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ بمكة، فأقام بها حَتَّى هاجر إِلَى المدينة، وشهد بدرًا، وأحدًا، والخندق، والحديبية، والمشاهد كلها

ہجرت مدینہ منورہ سے کچھ پہلے حبشہ سے مکہ مکرمہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں واپس آ گئے، جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو ہجرت مدینہ کا اذن دیا تو ابوحذیفہ رضی اللہ عنہ بھی اپنی اہلیہ، بیٹے اور آزاد کردہ غلام سالم رضی اللہ عنہ کے ساتھ مدینہ منورہ ہجرت کر گئے، اس طرح ان کو تیسری مرتبہ راہ حق میں ہجرت کرنے کا شرف حاصل ہوا وہ غزوہ بدر، غزوہ احد، غزوہ خندق، حدیبیہ اور دوسرے تمام غزوات میں حصہ لیا۔ [۲]

عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ قَالَ:قَالَ: لَمَّا هَاجَرَ أَبُو حُذَيْفَةَ بْنُ عُتْبَةَ وَسَالِمُ مَوْلَى أَبِي حُذَيْفَةَ مِنْ مَكَّةَ إِلَى الْمَدِينَةِ نَزَلا عَلَى عَبَّادِ بْنِ بِشْرٍ قَالُوا: وآخَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ أَبِي حُذَيْفَةَ وَعَبَّادِ بْنِ بِشْرٍ

محمد بن جعفر بن زبیر کہتے ہیں جب ابوحذیفہ رضی اللہ عنہ بن عتبہ نے اپنے آزاد کردہ غلام سالم رضی اللہ عنہ کے ساتھ مدینہ منورہ ہجرت کی تو عباد رضی اللہ عنہ بن بشر اشہلی کے گھر قیام پذیر ہوئے، جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مہاجرین اور انصار کے مابین مواخاۃ قائم کرائی تو ابوحذیفہ رضی اللہ عنہ کو ان کے میزبان عباد رضی اللہ عنہ بن بشر ہی کا دینی بھائی بنایا۔ [۳]

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قال يوم بدر:إِنِّي قَدْ عَرَفْت أن ناسا مِنْ بَنِي هَاشِمٍ وَغَيْرِهِمْ قَدْ أُخْرِجُوا كُرْهًا،لَا حَاجَةَ لَهُمْ بِقِتَالِنَا،فَمَنْ لَقِيَ مِنْكُمْ أَحَدًا منهم فَلَا يَقْتُلْهُ، وَمَنْ لَقِيَ أَبَا الْبَخْتَرِيّ بْنَ هِشَامِ فَلَا يَقْتُلْهُ، وَمَنْ لَقِيَ الْعَبَّاسَ فَلَا يَقْتُلْهُ فَإِنَّهُ إِنَّمَا أُخْرِجَ مُسْتَكْرَهًا ، فَقَالَ أَبُو حُذَيْفَةَ بن عتبة: أَنَقْتُلُ آبَاءَنَا وَإِخْوَتَنَا وَنَتْرُكُ الْعَبَّاسَ؟ والله لئن لقيته لألحمنه بالسيف، فبلغت رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لِعُمَرِ بْنِ الْخَطَّابِ: يَا أَبَا حَفْصٍ، أَيُضْرَبُ وَجْهُ عَمِّ رَسُولِ اللَّهِ بِالسَّيْفِ؟

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے غزوہ بدر کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہدایت فرمائی میں جانتا ہوں کہ بنوہاشم اور کچھ دوسرے لوگوں کو زبردستی ہمارے مقابلے کے لیے یہاں لایا گیا ہے اگر ان میں سے کوئی تمہارے سامنے آ جائے تو انہیں قتل نہ کرنا، ابوالبختری بن ہشام (جس نے شعب بنوہاشم کا محاصرہ توڑنے میں نمایاں حصہ لیا تھا) کی بھی جان نہ لینا، اور بالخصوص میرے چچا عباس کے قتل سے باز رہنا کیونکہ وہ سخت ناگواری کے ساتھ یہاں آئے ہیں، ابوحذیفہ رضی اللہ عنہ کا جوش ایمان انتہا کو پہنچا ہوا تھا اور ان کے نزدیک حق کے مقابلے میں خونی اور نسبی تعلق اور رشتوں کی کوئی اہمیت نہ تھی انہوں نے سید الامم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کو اچھی طرح نہ سمجھا اور بول اٹھے یہ حق و باطل کا مقابلہ ہے

---

[۱] الاستيعاب في معرفة الأصحاب ۱۶۳۱/۴

[۲] الاستيعاب في معرفة الأصحاب ۱۶۳۱/۴

[۳] ابن سعد ۶۲/۳، أسد الغابة في معرفة الصحابة ۶۸/۶

اگر ہم حق کی خاطر اپنے باپ، بھائی، بیٹے اور دوسرے اقربا سے درگزر نہیں کرتے تو بنو ہاشم سے کیوں کریں۔ بخدا اگر میں نے عباس کو پالیا تو ان کو لقمہ شمشیر بنائے بغیر نہ رہوں گا، رسول اللہ ﷺ کو ابو حذیفہ رضی اللہ عنہ کے اس قول کی اطلاع ہوئی تو آپ ﷺ نے سیدنا عمر رضی اللہ عنہ بن خطاب سے مخاطب ہو کر فرمایا اے ابو حفص! تم نے ابو حذیفہ رضی اللہ عنہ کی بات سنی، کیا میرے چچا کا چہرہ قتل کے لائق ہے؟

فَقَالَ عُمَرُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ ائذن لي فأضرب عُنُقه فو الله لَقَدْ نَافَقَ، فَكَانَ أَبُو حُذَيْفَةَ بعد يَقُولُ: والله ما آمن من تِلْكَ الْكَلِمَةِ الَّتِي قُلْتُ، وَلَا أَزَالُ مِنْهَا خَائِفًا، إِلَّا أَنْ يكفرها الله عَنِّي بشَهَادَة

سیدنا عمر رضی اللہ عنہ کو جوش آ گیا اور عرض کیا اے اللہ کے رسول ﷺ! اگر اجازت ہو تو ابو حذیفہ رضی اللہ عنہ کی گردن اڑا دوں اللہ کی قسم! وہ منافق ہو گیا ہے، مگر رسول اللہ ﷺ نے انہیں اس سے باز رکھا، ابو حذیفہ کہا کرتے تھے کہ یہ گستاخانہ کلمہ جو غلطی سے میری زبان سے نکل گیا تھا میں اس سے ہمیشہ خوف زدہ رہتا تھا کہ معلوم نہیں اس کا کیا وبال مجھ پر پڑے گا اور میں یقین کرتا تھا کہ صرف راہ حق میں جان قربان کرنا ہی اس غلطی کا کفارہ ہو سکتا ہے۔ [1]

غزوہ بدر میں ان کے والد عتبہ نے ابو جہل کے طعنے کو عملاً ثابت کرنے کے لیے اپنے بیٹے ابو حذیفہ رضی اللہ عنہ کو دعوت مبارزت دی،

أَنَّ أَبَا حُذَيْفَةَ بنَ عُتْبَةَ دَعَا يَوْمَ بَدْرٍ أَبَاهُ إِلَى البرَازِ

بعض روایتوں میں ہے کہ خود ابو حذیفہ رضی اللہ عنہ نے جوش ایمانی سے بے قرار ہو کر اپنے باپ کو دعوت مبارزت دی۔ [2]

ان کی ہمشیرہ ہند بنت عتبہ بھی لشکر قریش کے ساتھ تھی انہوں نے اپنے بھائی کو اپنے والد اور دوسرے اقربا کے سامنے شمشیر بکف دیکھا تو غصے سے بے قابو ہو کر بھائی کی مذمت میں یہ شعر کہے۔

| | |
|---|---|
| الأَحْوَلُ الأَثْعَلُ الْمَشْؤُومُ طَائِرُهُ | أَبُو حُذَيْفَةَ شَرُّ النَّاسِ فِي الدِّينِ |
| بھینگا، بڑے دانت والا جس کا طائر بخت سخت منحوس ہے | یعنی ابو حذیفہ جو دین میں سب سے برا ہے |
| أَمَا شَكَرْتَ أَبًا رَبَّاكَ مِنْ صِغَرٍ | حَتَّى شَبَبْتَ شَبَابًا غَيْرَ مَحْجُونِ؟ |

کیا تو اپنے والد کا شکر گزار نہیں جس نے بچپن سے تیری پرورش کی یہاں تک کہ تو نے بے داغ جوانی پائی۔ [3]

وشهد أيضا أحدًا والخندق والمشاهد كلها مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وقتل يَوْمَ الْيَمَامَةِ سَنَةَ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ وَهُوَ ابْنُ ثَلَاثٍ أَوْ أَرْبَعٍ وَخَمْسِينَ سَنَةً. وَذَلِكَ فِي خِلَافَةِ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

وہ غزوہ احد اور غزوہ خندق اور دوسرے تمام مشاہد میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے اور سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ کی خلافت میں جنگ یمامہ میں ترپن یا چون کی عمر میں شہید ہو گئے۔

**مضامین سورۃ الفیل:**

---

[1] سير أعلام النبلاء ۱/۱۶۷
[2] سير أعلام النبلاء ۳/۱۰۷
[3] الاستيعاب في معرفة الأصحاب ۴/۱۶۳۱، ابن سعد ۳/۶۲

اس سورہ میں عبرت اور نصیحت کے لیے عرب کا مشہور واقعہ فیل کا مختصر ذکر کیا گیا جو رسول اللہ ﷺ کی ولادت باسعادت سے کچھ عرصہ قبل مزدلفہ اور منیٰ کے درمیان وادی محصب میں پیش آیا تھا اور اللہ تعالیٰ نے چھوٹے چھوٹے پرندوں کو بھیج کر یمن کے دار السلطنت صنعاء کے گورنر ابرہہ کے ساٹھ ہزار جنگجوؤں اور نو یا تیرہ ہاتھیوں کا صفایا کر دیا جو معاشی وسیاسی اور مذہبی اغراض کے لیے کعبہ کو ڈھانے کی غرض سے آیا تھا، یہ واقعہ بیان کرنے کا مقصود اہل مکہ کو دعوت فکر دینا تھا کہ اگر آج بھی کوئی قوم اس پیغام الٰہی کی مخالفت پر کمر بستہ ہوئی تو ان کو بھی ہاتھی والوں کی طرح نیست و نابود کر دیا جائے گا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلَمۡ تَرَ کَیۡفَ فَعَلَ رَبُّکَ بِاَصۡحٰبِ الۡفِیۡلِ ؕ﴿۱﴾ اَلَمۡ یَجۡعَلۡ کَیۡدَہُمۡ فِیۡ تَضۡلِیۡلٍ ۙ﴿۲﴾

کیا تو نے نہ دیکھا کہ تیرے رب نے ہاتھی والوں کے ساتھ کیا کیا؟ کیا ان کے مکر کو بے کار نہیں کر دیا؟

وَّ اَرۡسَلَ عَلَیۡہِمۡ طَیۡرًا اَبَابِیۡلَ ۙ﴿۳﴾ تَرۡمِیۡہِمۡ بِحِجَارَۃٍ مِّنۡ سِجِّیۡلٍ ۪ۙ﴿۴﴾

اور ان پر پرندوں کے جھنڈ پر جھنڈ بھیج دیئے جو ان کو مٹی اور پتھر کی کنکریاں مار رہے تھے،

فَجَعَلَہُمۡ کَعَصۡفٍ مَّاۡکُوۡلٍ ﴿۵﴾ (الفیل ۱تا۵)

پس انہیں کھائے ہوئے بھوسے کی طرح کر دیا۔

سورت الفیل کی پانچ آیات میں اختصار کے ساتھ اصحاب الفیل کا مشہور واقعہ بیان ہوا ہے، جب صنعاء کے گورنر ابراہہ اشرم حبشی نے ۵۷۰ء یا ۵۷۱ء میں عرب میں عیسائیت پھیلانے اور دوسری طرف اس تجارت پر قبضہ کرنے کے لئے جو بلاد مشرق اور رومی مقبوضات کے درمیان عربوں کے ذریعہ سے ہوتی تھی بڑے کروفر سے کم و بیش ساٹھ ہزار کا آزمودہ کار فوجی لشکر اور نو یا تیرہ ہاتھیوں کے ساتھ بیت اللہ پر چڑھائی کر دی جسے آخر کار اللہ تبارک وتعالیٰ نے نیست و نابود کر دیا اس واقعہ کے بعد حبشیوں کی یمن میں طاقت بالکل ٹوٹ گئی، جگہ جگہ یمنی سردار علم بغاوت لے کر اٹھ کھڑے ہوئے اور آخر کار ۵۷۵ء میں حبشی حکومت کا خاتمہ ہو گیا، جس سال یہ واقعہ پیش آیا اس کو عام الفیل کہتے ہیں، یہ مشہور واقعہ رسول اللہ ﷺ کی ولادت مبارکہ سے صرف پچاس دن پہلے پیش آیا تھا اور اللہ تبارک وتعالیٰ نے بطور ایک تاریخی شہادت کے ان لوگوں کی تباہی کا واقعہ بیان کیا ہے جو قوت کے گھمنڈ اور دولت کے نشہ میں سرشار ہو کر رب کے قہر وغضب کی پرواہ نہ کرتے ہوئے اللہ کے مقدس گھر پر چڑھ دوڑے تھے حالانکہ اس عظیم گھر کی عظمت سے وہ اپنے مذہبی صحیفوں کے ذریعہ سے اچھی طرح واقف تھے، اس سورت کے مخاطب اہل مکہ یمن تک کے وہ ہزاروں لوگ ہیں جنہوں نے اس واقعہ کا چشم دید مشاہدہ کیا تھا یا اس کو تواتر کے ساتھ سن کر اس پر یقین رکھتے تھے کہ بیت اللہ کی حفاظت کسی دیوی دیوتا نے نہیں بلکہ اللہ وحدہ لاشریک نے کی تھی مگر اس واقعہ سے عبرت حاصل کر کے اکیلے رب کی بندگی کرنے کے بجائے آباؤ اجداد کی اندھی تقلید میں آنکھیں بند کر کے آبائی مشرکانہ دین پر قائم تھے، اللہ تبارک وتعالیٰ نے

اپنے احسانات یاد دلا کر آل قریش کو جو خود کو بنی اسماعیل کہتے تھے اور جنہوں نے بنی اسرائیل کی طرح اللہ سے بالکلیہ علیحدگی کبھی اختیار نہیں کی تھی، وہ اللہ سے لگاؤ بھی رکھتے تھے البتہ انہوں نے اس کے دربار کے لئے بہت سے سفارشی ٹھہرا لئے تھے جن کو نصاریٰ کی طرح خدا کے بیٹوں اور بیٹیوں کا درجہ دیتے تھے، وہ بیت اللہ کا طواف کرتے تھے، اس کے نام کی تکبیر کہتے تھے، اس کی عبادت و پرستش کرتے تھے، وہ اپنے دین سے اس وقت ہٹے جب امتداد زمانہ کے بعد ابراہیم علیہ السلام کی تعلیمات بالکل فراموش ہوگئیں اور ایک لمبے عرصہ تک کوئی دوسرا نبی یاد دہانی کے لئے معبوث نہیں ہوا لیکن اس کے باوجود ان میں ایسے لوگوں کی ایک اچھی خاصی تعداد باقی رہی جو دین حنیفی پر قائم رہے اور جو بت پرستی سے متنفر تھے، جنہوں نے اہل مکہ کے ایک ایک فرد کو مخاطب کرکے اس کی ذمہ داری یاد دلائی، انہیں بندگی اور اتباع توحید پر ابھارا اور ان کو ایک سمجھی بوجھی ہوئی حقیقت کو نظر انداز کرنے پر تنبیہ کی کہ دیکھو تمہارے جیسے شریروں اور مغروروں کے سر اللہ نے کس طرح کچلے، ان کی ایک بھاری فوجی قوت کس طرح پامال کر ڈالی اور مکہ پر چڑھائی کرنے والوں کی نجاستوں سے کس طرح پاک کر دیا، پھر ذرا خیال کرو تم نے اپنے زور بازو سے ان کو مغلوب نہیں کیا بلکہ اس کے لئے اس اکیلے رب کی تلوار بے نیام ہوئی تھی جو اس گھر کا محافظ ہے، جب یہ لشکر وادی محسر کے پاس پہنچا تو اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں میں اپنا رعب ڈالا اور ان کو آگ میں پکی ہوئی ماش یا مسور جتنی موٹی کنکریوں سے سنگسار کیا جن کی ضربوں سے ان کے اجزائے جسم اس طرح بکھر گئے جیسے کھائی ہوئی بھوسی ہوتی ہے، تم نے اپنی آنکھوں کے سامنے ان کی لاشوں کے انبار دیکھے، پھر اللہ نے ان پر سمندر کی طرف سے جھنڈ کی جھنڈ چڑیاں بھیجیں جنہوں نے عظیم الجثہ ہاتھیوں اور سر بلند بادشاہ کی لاشوں کا گوشت نوچا اور تمہاری مقدس وادی کو بدبو سے پاک کیا اور تم کو ایک بڑی زحمت سے بچا کر اپنے جلال قدرت کی ایک دوسری نشانی کا مشاہدہ کرایا، اس طرح اللہ ان کے شر کے لئے کافی ہوگیا اور اس نے ان کی چال کو انہی پر لوٹا دیا، اللہ تعالیٰ کی نازل کردہ نعمتوں کی ان حیرت انگیز مثالوں کے بعد اللہ کی نافرمانی اور اس کے شعائر کی توہین کی جرات کیسے کرتے ہو؟ تم رب کی قدرتوں سے آگاہ ہونے کے باوجود اس قسم کی غفلت کے مرتکب کیوں ہوتے ہو کہ تم اس گھر کے رب کی پوجا جو تمہارا خالق و مالک ہے کیوں نہیں کرتے اور شرک و اصنام پرستی کو چھوڑ کر اس ایک ہی رب پر بھروسہ کیوں نہیں کرتے جس نے تم کو تمہارے طاقتور دشمنوں سے مامون کیا اور ہر موقع پر تمہاری مدد فرمائی، تمہیں تو اس رب کا شکر گزار ہونا چاہیئے تھا تم تو اپنے مالک حقیقی کی قدرتوں سے ڈرتے اور باطل معبودوں کو چھوڑ کر اس کی ہی عبادت کرتے، کیا تم دیکھتے نہیں کہ بنی اسرائیل کو تمام شرف و امتیاز کے باوجود انہیں قتل اور قید و غلامی کی تمام تباہیوں سے دوچار ہونا پڑا حتی کہ مسجد یروشلم اور مقدس ہیکل دونوں ان کے ہاتھوں سے چھن گئے اور وہ بری طرح برباد ہوئے، لیکن اللہ تعالیٰ کا یہ مقدس گھر جو ابراہیم علیہ السلام اور اسمٰعیل علیہ السلام نے اللہ کے حکم اور جس کی جگہ کا تعین بھی رب نے کیا تھا دونوں نے اپنے مقدس ہاتھوں سے تعمیر کیا تھا اور صرف مومنین کے لئے امن و برکت کی دعا فرمائی مگر اللہ تعالیٰ نے اس مقدس گھر کی برکتوں کو دنیا کی زندگی میں مومن و کافر دونوں کے لئے عام کر دیا، اللہ کا یہ گھر جو دنیا میں توحید اور غربا پروری کا مرکز بنا جس کی وجہ سے تم امن میں ہو، یہ گھر جو دین الٰہی کی اصل و اساس ہے، جو کمال اسلام کی تصویر ہے، ہمیشہ محفوظ رہا کیونکہ خود اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے اعلان عام کیا گیا کہ جو لوگ اس مقدس گھر میں الحاد اور شرک کے مرتکب ہوں گے اور اس کی حرمت کو بٹہ لگائیں گے اللہ تعالیٰ ان کو ہلاک کر دے گا، چنانچہ اصحاب فیل کے ساتھ اس نے ایسا ہی کیا لیکن یہ فضیلت ہمیشہ اللہ کے علم و حکمت کے تحت حاصل ہوتی ہے اس وجہ سے اس پر مغرور ہونے کے بجائے اس رب کا ہی شکر گزار ہونا چاہیے۔

عامر رضی اللہ عنہ بن ربیعہ کا اسلام

كنيته أَبُو عَبْد اللَّهِ

عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ کی کنیت ابوعبداللہ تھی۔ (۱)

وقال ابن سعدكان قد حالف الخطاب فتبنّاه فكان يقال عامر بن الخطاب حتى نزلت ادعوهم لآبائهم فرجع عامر إلى نسبه . فَقِيل عامر بْن ربيعة

ابن سعد کہتے ہیں ان کا خاندان بنوعدی کا حلیف تھا سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے والد خطاب کو عامر رضی اللہ عنہ سے اتنی محبت تھی کہ اس نے انہیں اپنا بیٹا (متبنیٰ) بنالیا تھا اور لوگ ان کو عامر بن خطاب کہہ کر پکارتے تھے لیکن جب قرآن مجید میں لوگوں کو اپنے نسبی آبا کے انتساب سے پکارنے کا حکم نازل ہوا تو لوگ انہیں اپنے اصلی باپ کی نسبت سے عامر بن ربیعہ کہنے لگے۔ (۲)

عَنْ يَزِيد بْن رومان :أسلم عَامِر بْن ربيعة قديما قبل أَن يدخل رَسُول اللَّه صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وسَلَّمَ دار الأرقم بْن أَبِي الأرقم، وقبل أَن يدعو فِيهَا

یزید بن رومان کہتے ہیں عامر بن ربیعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دار ارقم بن ارقم میں داخل ہونے سے پہلے اسلام لائے۔ (۳)

أسلمت قديمًا وبايعت

ان کی اہلیہ لیلیٰ رضی اللہ عنہا بنت حثمہ عدویہ بھی نیک بخت خاتون تھیں وہ بھی شوہر کے ساتھ شرف اسلام سے بہرہ ور ہوگئیں، قبول اسلام کے بعد دوسرے سابقون الاولون کی طرح یہ دونوں میاں بیوی بھی مشرکین مکہ کے عتاب کا نشانہ بن گئے، جب مشرکین کا انسانیت سوز ظلم وستم حد سے بڑھ گیا تو سید الامم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو حبشہ کی طرف ہجرت کرنے کا اذن دیا تو

فخرج عَامِرُ بْنُ رَبِيعَةَ حليف آل الخطاب، وامْرَأَتُهُ لَيْلَى بِنْتُ أَبِي حَثْمَةَ الْعَدَوِيَّةُ

عامر بن ربیعہ اپنی زوجہ لیلیٰ رضی اللہ عنہا بنت ابی حثمہ عدویہ کے ساتھ حبشہ ہجرت کرنے والے مسلمانوں کے قافلہ میں شامل ہوگئے۔

مگر تین ماہ بعد جب مشرکین مکہ کے قبول اسلام کی افواہ اڑی تو عامر رضی اللہ عنہ اور ان کی اہلیہ لیلیٰ رضی اللہ عنہا واپس مکہ آگئے اور عاص بن وائل سہمی کی پناہ حاصل کر کے مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے، اس کے بعد تو مشرکین نے ظلم وستم کی انتہا کر دی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہدایت پر عامر رضی اللہ عنہ اپنی اہلیہ لیلیٰ رضی اللہ عنہا کے ہمراہ دوسرے مسلمانوں کے ساتھ دوبارہ حبشہ کیطرف ہجرت کر گئے وَهَاجَرَ الهِجْرَتَيْنِ

عامر رضی اللہ عنہ نے دو مرتبہ حبشہ کی طرف ہجرت کی۔

عَنْ أُمِّهِ لَيْلَى قَالَتْ: كَانَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ مِنْ أَشَدِّ النَّاسِ عَلَيْنَا فِي إِسْلَامِنَا، فَلَمَّا تَهَيَّأْنَا لِلْخُرُوجِ إِلَى أَرْضِ الْحَبَشَةِ جَاءَنِي عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ وَأَنَا عَلَى بَعِيرٍ نُرِيدُ أَنْ نَتَوَجَّهَ، فَقَالَ: أَيْنَ يَا أُمَّ عَبْدِ اللهِ؟ فَقُلْتُ لَهُ:: قد آذَيْتُمُونَا فِي

(۱) أسد الغابة في معرفة الصحابة۱۱۸/۳،معرفة الصحابة لابى نعيم2050/۴،الاستيعاب في معرفة الأصحاب ۷۹۰/۲

(۲) تهذيب التهذيب ۶۲/۵

(۳) تهذيب الكمال في أسماء الرجال۱۹/۱۴

دِينِنَا،فَنَذْهَبُ فِي أَرْضِ اللهِ حَيْثُ لَا نُؤْذَى فِي عِبَادَةِ اللهِ،فَقَالَ: صَحِبَكُمُ اللهُ،ثُمَّ ذَهَبَ، فَجَاءَ زَوْجِي عَامِرُ بْنُ رَبِيعَةَ فَأَخْبَرْتُهُ بِمَا رَأَيْتُ مِنْ رِقَّةِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، فَقَالَ: تَرْجِينَ يُسْلِمُ؟فَقُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: فَوَاللهِ لَا يُسْلِمُ حَتَّى يُسْلِمَ حِمَارُ الْخَطَّابِ. يعني من شِدَّتِهِ عَلَى الْمُسْلِمِينَ

متعدد اہل سیر نے تھوڑے،بہت لفظی اختلاف کے ساتھ بیان کیا ہے کہ سیدنا عمر اسلام قبول کرنے سے پہلے بہت سخت تھے،لیلیٰ رضی اللہ عنہا حبشہ ہجرت کرنے کے لیے اونٹ پر سوار تھیں کہ اتنے میں سیدنا عمر رضی اللہ عنہ وہاں آ گئے،انہوں نے لیلیٰ رضی اللہ عنہا سے پوچھا ام عبد اللہ! کدھر کا قصد ہے؟انہوں نے جواب دیا ہم تمہاری ایذا رسانیوں سے تنگ آ کر گھر بار کو خیر باد کہہ رہے ہیں،اللہ کا ملک تنگ نہیں ہے جہاں ملی وہاں چلے جائیں گے اور جب تک اللہ تعالیٰ مسلمانوں کے لیے من وسکون کی صورت نہ پیدا کر دے وطن سے دور ہی رہیں گے سیدنا عمر رضی اللہ عنہ ان کی باتوں سے بہت متاثر ہوئے اور کہا اللہ تمہارے ساتھ ہو،جب وہ چلے گئے تو عامر رضی اللہ عنہ بن ربیعہ بھی آ پہنچے تو انہوں نے جو رقت سیدنا عمر رضی اللہ عنہ بن خطاب میں دیکھی تھی وہ انہیں بیان کر دی اور کہا کیا خبر اللہ تعالیٰ ان کا دل پھیر دے،عامر رضی اللہ عنہ نے کہا کیا تم یہ چاہتی ہو کہ سیدنا عمر رضی اللہ عنہ ایمان لے آئیں؟انہوں نے کہا ہاں، عامر رضی اللہ عنہ نے کہا ہاں اللہ کی قسم! سیدنا عمر رضی اللہ عنہ اس وقت تک ایمان نہیں لائیں گے جب تک خطاب کا گدھا اسلام قبول نہیں کرے گا۔[1]

اللہ تعالیٰ نے لیلیٰ رضی اللہ عنہا کی تمنائیں پوری فرمائی کہ آگلے ہی سال سیدنا عمر رضی اللہ عنہ مشرف بہ ایمان ہو گئے اور اسلام کے قوی دست وبازو بن گئے ،عامر رضی اللہ عنہ اور ان کی زوجہ لیلیٰ رضی اللہ عنہا ہجرت مدینہ منورہ سے کچھ عرصہ قبل کچھ دوسرے مسلمانوں کے ہمراہ مکہ مکرمہ واپس آ گئے اور پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اذن پا کر مدینہ منورہ کی طرف مستقل ہجرت کر گئے،

قَالَ ابْنُ إِسْحَاقَ: ثُمَّ كَانَ أَوَّلَ مَنْ قَدِمَهَا مِنَ الْمُهَاجِرِينَ بَعْدَ أَبِي سَلَمَةَ، عَامِرُ بْنُ رَبِيعَةَ حَلِيفُ بَنِي عَدِيٍّ، مَعَهُ امْرَأَتُهُ لَيْلَى بِنْتُ أَبِي حَثْمَةَ الْعَدَوِيَّةُ

ابن اسحاق کہتے ہیں مدینہ منورہ ہجرت کرنے والوں میں ابوسلمہ رضی اللہ عنہ کے بعد عامر رضی اللہ عنہ بن ربیعہ اور ان کی زوجہ لیلیٰ رضی اللہ عنہا بنت حثمہ مدینہ منورہ داخل ہوئے۔[2]

وآخى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ يزيد بن المنذر وعامر بن ربيعة

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عامر رضی اللہ عنہ بن ربیعہ اور یزید بن المنذر رضی اللہ عنہ کے درمیان مواخاۃ قائم فرمائی۔[3]

غزوات کا آغاز ہوا تو عامر رضی اللہ عنہ بن ربیعہ نے غزوہ بدر سے لے کر غزوہ تبوک تک تمام غزوات نبوی میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہمرکابی کا شرف حاصل کیا،

وكان عامر بن ربيعة يكنى أبا عبد الله وشهد بَدْرًا وَأُحُدًا وَالْخَنْدَقَ وَالْمَشَاهِدَ كلها مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

---

[1] سیرأعلام النبلاء۲۲۹/۱،سیرة ابن اسحاق ۱۸۱/۱،دلائل النبوة للبیهقی ۲۲۲/۲،معرفة الصحابة لابی نعیم۶/۳۴۳۹

[2] السيرة النبوية لابن كثير۲۱۷/۲

[3] ابن سعد۴۳۲/۳،الاستيعاب في معرفة الأصحاب۱۵۸۰/۴، إكمال تهذيب الكمال في أسماء الرجال ۱۲۶/۷

وَسَلَّمَ

اور عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ جن کی کنیت ابو عبد اللہ تھی غزوہ بدر، غزوہ احد، غزوہ خندق اور تمام غزوات میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ رہے۔ (۱)
اس کے علاوہ بھی اور کئی چھوٹی چھوٹی مہمات میں شریک ہوئے اور ان کی انجام دہی کے لیے بڑی بڑی سختیاں اور مصیبتیں برداشت کیں،

عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ، عَنْ أَبِيهِ، وَكَانَ بَدْرِيًّا، قَالَ: لَقَدْ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبْعَثُنَا فِي السَّرِيَّةِ يَا بُنَيَّ، مَا لَنَا زَادٌ إِلَّا السَّلْفُ مِنَ التَّمْرِ، فَيَقْسِمُهُ قَبْضَةً قَبْضَةً حَتَّى يَصِيرَ إِلَى تَمْرَةٍ تَمْرَةٍ

عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم لوگوں کو مہمات پر بھیجتے تھے اور عسرت کے سبب خوراک میں تھوڑی سی کھجوریں عطا فرماتے تھے اگر کسی مہم پر زیادہ دن سرف ہوجاتے تو یہ کھجوریں فی کس ایک مٹھی سے کم ہوتے ہوتے ایک کھجور فی کس ملا کرتی تھی بعض اوقات کھجوریں بالکل ختم ہوجاتی تھیں اور ہمیں درختوں کے پتوں سے پیٹ بھرنا پڑتا تھا۔ (۲)

قام عَامِرُ بْنُ رَبِيعَةَ يصلي من الليل، وذَلِكَ حِينَ شغب النَّاسُ فِي الطَّعْنِ عَلَى عُثْمَانَ، فصلى مِنَ اللَّيْلِ، ثم نام فأتي عي منامه، فقيل لَهُ: قم فسل اللَّه أَن يعيذك من الْفِتْنَة. الَّتِي أعاذ منها صَالِح عباده ، فقام فصلى، ثُمَّ اشتكى، قال: فَمَا خرج قط إِلَّا جِنَازَةً

عامر رضی اللہ عنہ بن ربیعہ کا بیشتر وقت عبادت الٰہی میں گزرتا تھا، سیدنا عثمان رضی اللہ عنہ کے خلافت کے آخری دور میں فتنوں نے سر اٹھایا تو بالکل گوشہ نشین ہوگئے اور اس خدشے سے باہر نکلنا بہت کم کر دیا کہ کسی فتنے میں نہ پڑ جائیں، دن رات گھر کے اندر نماز روزہ اور اوراد و وظائف میں مشغول رہتے تھے، ایک رات نیند آ گئی اسی حالت میں خواب دیکھا کہ کوئی شخص کہہ رہا ہے کہ اللہ تعالیٰ سے اس فتنہ سے بچانے کی دعا کرو جس سے اس نے دوسرے نیک بندوں کو بچایا ہے، عامر رضی اللہ عنہ نے بیدار ہو کر اسی طرح نہایت خشوع وخضوع سے دعا مانگی اور پھر یکسر ایسے غرلت گزیں ہوئے کہ کسی نے ان کو گھر سے کبھی باہر نکلتے نہ دیکھا اسی حالت میں علیل ہو گئے اور پھر ان کا جنازہ ہی باہر نکلا۔ (۳)

توفي بعد قتل عُثْمَانَ رضي اللَّه عنهما، بأيام

عامر رضی اللہ عنہ نے سیدنا عثمان بن عفان کی شہادت کے چند دن بعد وفات پائی۔ (۴)

## مضامین سورۃ القریش:

مکہ مکرمہ کا باعزت قبیلہ قریش جو بنی اسمٰعیل سے نسبت رکھتا تھا اس لئے بیت اللہ کا متولی بھی تھا، ان کی گزران کا سب سے بڑا ذریعہ

(۱) تاريخ دمشق لابن عساكر۳۱۶؍۲۵،أسد الغابة في معرفة الصحابة۱۱۸؍۳

(۲) مسند احمد۱۵۹۲

(۳) تهذيب الكمال في أسماء الرجال۱۹؍۱۴،معرفة الصحابة لابی نعيم۲۰۵۰؍۴،الاستيعاب في معرفة الأصحاب۷۹۰؍۲،سير السلف الصالحين لإسماعيل بن محمد الأصبهاني ۶۲۴؍۱، أسد الغابة في معرفة الصحابة۱۱۸؍۳،سير أعلام النبلاء۱۳؍۴، الإصابة في تمييز الصحابة۴۶۹؍۳،تهذيب التهذيب ۶۲؍۵

(۴) أسد الغابة في معرفة الصحابة ۱۱۸؍۳، سير أعلام النبلاء ۱۳؍۴، الإصابة في تمييز الصحابة۴۶۹؍۳، تهذيب الكمال في أسماء الرجال۲۰؍۱۴

تجارت تھا، قصی بن کلاب نے حجاز میں بکھرے ہوئے خاندان کے افراد کو جمع کیا اور تدبر و فراست کے ساتھ مکہ مکرمہ میں ریاستی زندگی کا آغاز کیا، قصی اور اس کی اولاد نے حجاج کی خدمت کے ساتھ ساتھ تجارت کو ذریعہ معاش بنایا، اس کے بعد عبد مناف کے چار بیٹوں ہاشم، عبد شمس، مطلب اور نوفل نے اس وقت کے تمام پہلوؤں کو مدنظر رکھ کر بین الاقوامی تجارت کی منصوبہ بندی کی اور اپنے تینوں بھائیوں عبد شمس، مطلب اور نوفل کو بھی اس میں شامل کیا چنانچہ ہاشم نے شام کے غسانی بادشاہ سے، عبد شمس نے حبش کے بادشاہ سے، مطلب نے یمنی امراء سے اور نوفل نے عراق و فارس کی حکومتوں سے تجارتی مراعات حاصل کر لیں جس سے ان بھائیوں کی تجارت بڑی تیزی سے ترقی کرنے لگی، اسی بنا پر یہ چاروں بھائی متجرین (تجارت پیشہ) کے نام سے مشہور ہو گئے، اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے گرد و پیش کے قبائل سے بھی معاہدے کیے، چنانچہ ان لوگوں نے منصوبہ بندی کر کے سال میں دو مرتبہ تجارتی قافلوں کی روانگی کا پروگرام بنایا، سردیوں میں ایک قافلہ یمن کی طرف روانہ ہوتا جو گرم علاقہ ہے اور گرمیوں میں شام و فلسطین کی طرف سفر کرتا جو ٹھنڈا علاقہ ہے، تمام قبائل عرب بیت اللہ کا عزت و احترام کرتے تھے، اس کا حج اور قربانی دیتے تھے، قریش کا بیت اللہ کے خدمت گزار ہونے، مختلف قبائل کے ساتھ معاہدوں کی وجہ سے اور حج کے زمانے میں نہایت فیاضی کے ساتھ حاجیوں کی جو خدمت قریش کے لوگ کرتے تھے اس کی بنا پر تمام عرب ان کی عزت و اکرام کرتے تھے، جس کی وجہ سے قریش کے ہزاروں اونٹوں پر مشتمل تجارتی قافلے بے خوف و خطر سفر کرتے رہتے تھے، اور اس بد امنی و قتل و غارت کے دور میں کوئی ان کی طرف نگاہ بد اٹھا کر نہیں دیکھتا تھا اور نہ بھاری ٹیکس ہی وصول کرتا تھا جو دوسرے قافلوں سے طلب کیا جاتا تھا، اس تجارت کی وجہ سے قریش کے لوگوں کو شام، مصر، عراق، ایران اور حبش کے ممالک سے تعلقات کے مواقع حاصل ہوئے، انہی روابط کی بنا پر قریش نے ان تمام شہروں سے بسنے والوں سے ثقافتی اور تہذیبی روایات بھی سیکھیں اور قریش کا علم و فکر، دانش و بینش اتنا نمایاں اور اتنا بلند ہو گیا کہ عرب کا کوئی دوسرا قبیلہ ان کے مقابلے کا نہ رہا، اور دولت کے اعتبار سے بھی مکہ مکرمہ جزیرۃ العرب کا سب سے زیادہ اہم تجارتی مرکز بن گیا، قریش لکھنا پڑھنا نہیں جانتے تھے مگر ان بین الاقوامی تعلقات کی وجہ سے قریش عراق سے رسم الخط لے کر آئے جو بعد میں قرآن مجید لکھنے کے لئے استعمال ہوا، عرب کے کسی دوسرے قبیلے میں اتنے پڑھے لکھے لوگ نہ تھے جتنے قریش میں تھے، انہی وجوہ سے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تھا

وَقُرَيْشٌ قَادَةُ النَّاسِ فِي الْخَيْرِ وَدَفْعِ الشَّرِّ

قریش بھلائی کے اخذ میں اور برائی کو دور کرنے میں لوگوں کے لیڈر رہیں۔ (۱)

عَنْ ذِي مِخْبَرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَانَ هَذَا الْأَمْرُ فِي حِمْيَرَ فَنَزَعَهُ اللهُ مِنْهُمْ فَصَيَّرَهُ فِي قُرَيْشٍ

اور ذی مخبر سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا پہلے عرب کی سرداری قبیلہ حمیر والوں کو حاصل تھی پھر اللہ تعالیٰ نے وہ ان سے سلب کر کے قریش کو دے دی۔ (۲)

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے

---

(۱) البداية والنهاية ۱۲۲/۱۱

(۲) المعجم الكبير للطبرانی ۴۲۲۷

لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ ۙ﴿۱﴾ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَ الصَّیْفِ ۚ﴿۲﴾ فَلْیَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا

قریش کے مانوس کرنے کے لیے (یعنی) انہیں سردی اور گرمی کے سفر سے مانوس کرنے کے لئے (اس کے شکریہ میں) پس

الْبَیْتِ ۙ﴿۳﴾ الَّذِیْۤ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۙ۬ وَّ اٰمَنَهُمْ

انہیں چاہیے کہ اسی گھر کے رب کی عبادت کرتے رہیں جس نے انہیں بھوک میں کھانا دیا اور ڈر

مِّنْ خَوْفٍ ﴿۴﴾ (قریش ۱تا۴)

(اور خوف) میں امن (وامان) دیا۔

اس سورت میں اللہ تبارک وتعالیٰ نے قریش پر اپنا احسان جتلایا کہ یوں تو تم پر اللہ کی نعمتوں کا کوئی شمار نہیں،

۔۔۔وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا ؕ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَظَلُوْمٌ كَفَّارٌ ﴿۳۴﴾ (۱)

ترجمہ: اگر تم اللہ کی نعمتوں کا شمار کرنا چاہو تو کر نہیں سکتے حقیقت یہ ہے کہ انسان بڑا ہی بے انصاف اور ناشکرا ہے۔

وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۱۸﴾ (۲)

ترجمہ: اگر تم اللہ کی نعمتوں کو گننا چاہو تو گن نہیں سکتے، حقیقت یہ ہے کہ وہ بڑا ہی درگزر کرنے والا اور رحیم ہے۔

مگر خاص طور پر سردیوں اور گرمیوں میں جو دو سفر تم کرتے ہو وہ ہمارے احسان کی وجہ سے ہے کہ ہم نے تمہیں مکہ مکرمہ میں سب سے بڑی نعمت امن عطا کیا ہوا ہے اور بنی اسمٰعیل میں ہونے کی وجہ سے معزز بنایا ہوا ہے، اگر ہم یہ دونوں چیزیں بہم نہ پہنچاتے تو تمہارے تجارتی قافلوں کی آمد و رفت ناممکن ہو جاتی، جیسے فرمایا:

اَوَلَمْ یَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا حَرَمًا اٰمِنًا وَّیُتَخَطَّفُ النَّاسُ مِنْ حَوْلِهِمْ ۔۔۔﴿۶۷﴾ (۳)

ترجمہ: کیا یہ دیکھتے نہیں ہیں کہ ہم نے ایک پر امن حرم بنا دیا ہے حالانکہ ان کے گرد و پیش لوگ اچک لیے جاتے ہیں؟۔

اصحاب الفیل کا واقعہ کچھ زیادہ پرانا نہیں، جو ایک بہانہ بنا کر تمہاری تجارتی پٹی پر قبضہ کرنے کے لئے تم پر چڑھ دوڑا تھا، ہم نے ان ہزاروں آزمودہ کار فوجیوں کو تمہاری عزت و وقار اور رعب و دبدبہ برقرار رکھنے اور تمہارے تجارتی قافلوں کا سلسلہ قائم رکھنے کے لئے نیست و نابود کر دیا اور تم نے اپنی آنکھوں سے ان کی تباہی و بربادی کا منظر دیکھا ہے، اگر ابراہہ اپنے مذموم مقصد میں کامیاب ہو جاتا تو تمہاری عزت و سیادت بھی ہمیشہ کے لئے ختم ہو جاتی اور تجارتی سلسلہ سفر بھی منقطع ہو جاتا، جس سے تم خستہ حالی میں مبتلا ہو جاتے، مگر ابراہہ کی تباہی کے بعد ملک بھر میں تمہاری دھاک پہلے سے زیادہ قائم ہو گئی اس لئے احسان شناسی کا تقاضا تو یہ ہے کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی بیشمار نعمتوں اور اس عظیم احسان کو یاد کر کے کفر و شرک سے باز آ جاؤ اور اس دعوت کو قبول کر کے اللہ وحدہ لاشریک کی عبادت کرو، جیسے فرمایا:

---

(۱) ابراہیم ۳۴

(۲) النحل ۱۸

(۳) العنکبوت ۶۷

إِنَّمَآ أُمِرْتُ أَنْ أَعْبُدَ رَبَّ هَٰذِهِ ٱلْبَلْدَةِ ٱلَّذِى حَرَّمَهَا وَلَهُۥ كُلُّ شَىْءٍ ۖ وَأُمِرْتُ أَنْ أَكُونَ مِنَ ٱلْمُسْلِمِينَ ﴿٩١﴾ [1]

ترجمہ: (اے نبی ﷺ ان سے کہو) مجھے تو یہی حکم دیا گیا ہے کہ اس شہر (مکہ) کے رب کی بندگی کروں جس نے اسے حرم بنایا ہے اور جو ہر چیز کا مالک ہے مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں مسلم بن کر رہوں۔

ورنہ تمہارا انجام بھی اتنا خوفناک ہوسکتا ہے، جیسے فرمایا:

وَضَرَبَ ٱللَّهُ مَثَلًا قَرْيَةً كَانَتْ ءَامِنَةً مُّطْمَئِنَّةً يَأْتِيهَا رِزْقُهَا رَغَدًا مِّن كُلِّ مَكَانٍ فَكَفَرَتْ بِأَنْعُمِ ٱللَّهِ فَأَذَٰقَهَا ٱللَّهُ لِبَاسَ ٱلْجُوعِ وَٱلْخَوْفِ بِمَا كَانُوا۟ يَصْنَعُونَ ﴿١١٢﴾ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُولٌ مِّنْهُمْ فَكَذَّبُوهُ فَأَخَذَهُمُ ٱلْعَذَابُ وَهُمْ ظَٰلِمُونَ ﴿١١٣﴾ [2]

ترجمہ: اللہ ایک بستی کی مثال دیتا ہے وہ امن واطمینان کی زندگی بسر کر رہی تھی اور ہر طرف سے اس کو بفراغت رزق پہنچ رہا تھا کہ اس نے اللہ کی نعمتوں کا کفران شروع کر دیا، تب اللہ نے اس کے باشندوں کو ان کے کرتوتوں کا یہ مزا چکھایا کہ بھوک اور خوف کی مصیبتیں ان پر چھا گئیں، ان کے پاس اس کی اپنی قوم میں سے ایک رسول آیا مگر انہوں نے اس کو جھٹلایا آخر کار عذاب نے ان کو آلیا جبکہ وہ ظالم ہو چکے تھے۔

## سہیل رضی اللہ عنہ بن بیضاء کا اسلام

سهل بْن بيضاء، وهو قرشي من بني فهرقديم الإسلام،هاجر إِلَى أرض الحبشة،

یہ قریش کے خاندان بنو فہر بن مالک سے تعلق رکھتے تھے، سہیل رضی اللہ عنہ ان عظیم المرتبت بزرگوں میں سے ہیں جن کو دعوت حق کے ابتدائی تین سالوں میں قبول اسلام کی شرف حاصل ہوا اس وقت ان کی مسیں بھیگ رہی تھیں، انہوں نے راہ حق میں وطن کو خیر باد کہہ کر حبشہ کی غریب الوطنی اختیار کی۔ [3]

فكَانُوا أَوَّلَ من هاجر إلى الحبشة

وہ سب سے پہلے حبشہ ہجرت کرنے والوں میں شامل تھے۔ [4]

ثم عاد إِلَى مكة، وهاجر إِلَى المدينة، فجمع الهجرتين جميعًا، ثم شهد بدرًا وغيرها، ومات بالمدينة في حياة النَّبِيّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سنة تسع، وصلى عليه رَسُول اللَّهِ في المسجد،

کئی سال پردیس میں گزارنے کے بعد ہجرت نبوی کے کچھ عرصہ پہلے مکہ مکرمہ مراجعت کی اور پھر وہاں سے مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کی، اس طرح انہیں دو ہجرتیں کرنے کا شرف حاصل ہوا، غزوات کا آغاز ہوا تو انہوں نے غزوہ بدر سے تبوک تک تمام غزوات میں سید الامم ﷺ کی ہمرکابی کا شرف حاصل کیا اور ہر غزوے میں اپنی سرفروشی کے جوہر دکھائے، انہوں نے نو ہجری کو نبی کریم ﷺ کی زندگی میں مدینہ منورہ

---

[1] النمل ۹۱

[2] النحل ۱۱۲،۱۱۳

[3] اسد الغابة ۵۸۲/۲

[4] سیر أعلام النبلاء ۲۳۱/۱

میں وفات پائی، رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے مسجد نبوی میں ان کی نماز جنازہ پڑھائی۔ [1]

وَمَاتَ بَعْدَ رُجُوْعِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ تَبُوْكٍ بِالمَدِيْنَةِ

جب رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم تبوک سے واپس مدینہ منورہ تشریف لائے تو چند دنوں بعد ان کا انتقال ہو گیا۔ [2]

وَلَمْ يُعْقِبْ

انہوں نے کوئی اولاد نہیں چھوڑی۔ [3]

لَمَّا هَاجَرَ سُهَيْلٌ وَصَفْوَانُ ابْنَا بَيْضَاءَ مِنْ مَكَّةَ نَزَلاَ عَلَى كُلْثُوْمِ بنِ الهِدْمِ

جب سہیل اور صفوان رضی اللہ عنہ بن بیضاء نے مکہ مکرمہ سے ہجرت کی تو مدینہ منورہ میں کلثوم بن الہدم رضی اللہ عنہ کے گھر اترے۔ [4]

عن عَائِشَةَ، قَالَت: صَلَّى رَسُول اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى سُهَيْلِ بْنِ بَيْضَاءَ فِي الْمَسْجِدِ

ام المومنین عائشہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے سہیل بن بیضاء کی نماز جنازہ مسجد نبوی میں پڑھائی۔ [5]

عَنْ عَبَّادِ بْنِ عَبد اللَّهِ بْنِ الزُّبَيْرِ أَنَّ عَائِشَةَ أَمَرتْ بِسَعْدٍ أن يُمَرَّ بِهِ فِي الْمَسْجِدِ لِيُصَلَّى عَلَيْهِ ، قال: فَأَنْكَرَ النَّاسُ ذَلِكَ. فَقَالَتْ: مَا أَسْرَعَ النَّاسُ إِلَى الشَّرِّ، مَاصَلَّى رَسُول اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ على سهيل بن بَيْضَاءَ إِلا فِي الْمَسْجِدِ

عباد بن عبد اللہ بن زبیر کہتے ہیں ام المومنین عائشہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے سعد رضی اللہ عنہ بن ابی وقاص کا جنازہ مسجد میں لانے کا فرمایا تا کہ ان کی نماز جنازہ پڑھ سکیں، بعض لوگوں نے اس پر اعتراض کیا عائشہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا لوگ کس قدر جلد بات بھول جاتے ہیں کہ رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے سہیل رضی اللہ عنہ بن بیضاء کے جنازہ کی نماز مسجد ہی میں پڑھی تھی۔ [6]

## سعد رضی اللہ عنہ بن خولی

یہ حاطب بن ابی بلتعہ کے غلام تھے، حاطب رضی اللہ عنہ بنی اسد بن عبد العزیٰ قرشی کے حلیف تھے چونکہ ہر قبیلے کا غلام اور حلیف اسی قبیلے میں شمار کیا جاتا تھا اس لیے سعد رضی اللہ عنہ بن خولی کا شمار مہاجرین قریش بنی اسد میں کیا جاتا ہے، انہوں نے اوائل بعثت میں اسلام قبول کیا

سعد بن خولة من مهاجرة الحبشة الأولى

---

[1] اسدالغابة ۲/۵۸۲،معرفة الصحابة لابن منده ۱/۶۷۰

[2] سير أعلام النبلاء ۳/۲۳۴

[3] أسدالغابة في معرفة الصحابة ۲/۵۸۲،سير أعلام النبلاء ۳/۲۳۴

[4] سير أعلام النبلاء ۳/۲۳۴

[5] اسدالغابة ۲/۵۸۲

[6] تهذيب الكمال في أسماء الرجال ۱۸/۴۴۹

سعد رضی اللہ عنہ بن خولی پہلی ہجرت حبشہ کرنے والوں میں شریک ہوئے۔[1]

وكان من مهاجرة الحبشة في الهجرة الثانية

اور محمد بن اسحاق کے مطابق آپ دوسری ہجرت حبشہ میں شریک ہوئے۔[2]

ہجرت کا اذن ہوا تو وہ بھی حاطب رضی اللہ عنہ کے ساتھ ہجرت کر کے مدینہ منورہ آگئے،

لَمَّا هَاجَرَ سَعْدُ بْنُ خَوْلَةَ مِنْ مَكَّةَ إِلَى الْمَدِينَةِ نَزَلَ عَلَى كُلْثُومِ بِنِ الْهِدْمِ ،وَشَهِدَ سَعْدُ بْنُ خَوْلَةَ بَدْرًا

جب سعد رضی اللہ عنہ بن خولی نے مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ ہجرت کی تو کلثوم رضی اللہ عنہما بن الہدم کے گھر پر اترے،[3]

سب سے پہلے غزوہ بدر میں داد شجاعت دی۔[4]

شَهِدْتُ مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ أُحُدٍ

پھر غزوہ احد میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بڑے جوش اور جذبے کے ساتھ شریک ہوئے اور اسی غزوے میں مردانہ وار لڑتے ہوئے شہادت پائی۔[5]

قَالَ: وَكَانَ رُشَيْدٌ الْفَارِسِيّ مولى بنى معاوية لَقِيَ رَجُلًا مِنْ الْمُشْرِكِينَ مِنْ بَنِي كِنَانَةَ مُقَنَّعًا فِي الْحَدِيدِ يَقُولُ: أَنَا ابْنُ عُوَيْمٍ! فَيَعْتَرِضُ لَهُ سَعْدٌ مَوْلَى حَاطِبٍ فَضَرَبَهُ ضَرْبَةً جَزَلَهُ بِاثْنَيْنِ ، وَيُقْبِلُ عَلَيْهِ رُشَيْدٌ فَيَضْرِبُهُ عَلَى عَاتِقِهِ، فَقَطَعَ الدِّرْعَ حَتَّى جَزَلَهُ بِاثْنَيْنِ ، وَهُوَ يَقُولُ: خُذْهَا وَأَنَا الْغُلَامُ الْفَارِسِيّ! وَرَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرَى ذَلِكَ وَيَسْمَعُهُ، فقال رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا قُلْت خُذْهَا وَأَنَا الْغُلَامُ الْأَنْصَارِيّ؟ فَيَعْتَرِضُ لَهُ أَخُوهُ، وَأَقْبَلَ يَعْدُو كَأَنَّهُ كَلْبٌ، يَقُولُ: أَنَا ابْنُ عُوَيْمٍ! وَيَضْرِبُهُ رُشَيْدٌ عَلَى رَأْسِهِ وَعَلَيْهِ الْمِغْفَرُ، فَفَلَقَ رَأْسَهُ، يَقُولُ: خُذْهَا وَأَنَا الْغُلَامُ الْأَنْصَارِيّ!فَتَبَسَّمَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: أَحْسَنْت يَا أَبَا عَبْدِ اللهِ! فَكَنَّاهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَئِذٍ وَلَا وَلَدَ لَهُ

ایک روایت میں ہے رشید الفارسی جو بنی معاویہ کے آزاد کردہ غلام تھے ان کا مقابلہ بنی کنانہ کے ایک زرہ پوش سے ہوا جس نے سعد رضی اللہ عنہ پر وار کرتے ہوئے نعرہ لگایا میں عویمر کا بیٹا ہوں، حاطب رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ غلام سعد رضی اللہ عنہ اس کی تلوار سے دو ٹکڑے ہو کر گر پڑے، پاس ہی بنی معاویہ کے آزاد کردہ غلام رشید فارسی کھڑے تھے وہ فوراً ابن عویمر کی طرف بڑھے اور یہ کہہ کر اس پر اپنی تلوار کی بھرپور ضرب لگائی، لے اس کو اور میں غلام فارسی ہوں، ان کی تلوار زرہ کو توڑتی ہوئی ابن عویمر کے شانے میں اتر گئی، سید الامم صلی اللہ علیہ وسلم یہ ماجرا دیکھ رہے

[1] الجرح والتعديل لابن ابن حاتم ۸۲/۴

[2] ابن سعد ۳۱۱/۳

[3] ابن سعد ۳۱۱/۳

[4] ابن سعد ۳۱۲/۳، الاستيعاب في معرفة الأصحاب ۵۸۵/۲،اسد الغابة ۴۲۸/۲،الإصابة في تمييز الصحابة ۴۵/۳

[5] معرفة الصحابة لابن نعيم ۲۹۷۰/۵

تھے اور سن رہے تھے، رسول اللہ ﷺ نے رشید رضی اللہ عنہ سے مخاطب ہو کر فرمایا اے رشید رضی اللہ عنہ! تو نے یہ کیوں نہ کہا لے میں ایک انصاری غلام ہوں؟ اتنے میں ابن عویمر کا بھائی شکاری کتے کی طرح جھپٹ کر آگے آیا اور ہنکارا میں ہوں ابن عویمر! رشید رضی اللہ عنہ نے اس پر بھی تلوار کا بھرپور وار کیا جس سے اس کا خود اتر گیا اور سر کے دو ٹکڑے ہو گئے، اس وقت رشید رضی اللہ عنہ نے نعرہ لگایا، لے میں ایک انصاری غلام ہوں، رسول اللہ ﷺ یہ دیکھ کر متبسم ہو گئے اور فرمایا مرحبا اے ابا عبداللہ! اسی دن سے رشید رضی اللہ عنہ کی کنیت ابو عبداللہ مشہور ہو گئی حالانکہ عبداللہ نام کا ان کا کوئی لڑکا نہ تھا۔[1]

مضامین سورۃ الاخلاص:

یہ سورۃ اسلام کے بنیادی عقیدہ یعنی توحید سے بحث کرتی ہے۔

○ توحید کی تین اقسام ہیں، توحید ربوبیت، یعنی ہر چیز کا خالق مالک اور رازق اللہ تعالیٰ ہے، اس کا اقرار کافر بھی کرتے ہیں۔

○ توحید الوہیت یعنی بندہ جو بھی عبادت کرے خواہ دعا ہو یا نذر قربانی تو وہ صرف اللہ تعالیٰ کے لیے کرے، مشرکین غیر اللہ کی عبادت بھی کرتے تھے اگرچہ اس سے ان کا مقصد اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنا تھا مگر ظاہر ہے یہ شرک ہے۔

○ توحید ذات اور اسماء وصفات، توحید کی یہ تیسری قسم ایسی ہے کہ انسان نے اکثر اسی میں ٹھوکر کھائی ہے، وہ غیر اللہ کے لیے بھی وہی علم، وہی قدرت واختیار، وہی تصرف اور وہی سمع وبصر ثابت کر دیتا ہے جو حقیقتاً صرف اللہ تعالیٰ کے لیے ثابت ہے، یہ سورۃ توحید کی اسی قسم پر زور دے رہی ہے۔

اسلام کے تین بنیادی عقیدے ہیں، توحید، رسالت اور آخرت، یہ سورۃ چونکہ خالص توحید کو بیان کرتی ہے اس لیے رسول اللہ ﷺ نے اس سورۃ کو ایک تہائی قرآن کے برابر قرار دیا۔

رسول اللہ ﷺ جس معاشرے میں دعوت توحید لے کر کھڑے ہوئے وہ تباہ شدہ قوموں کی طرح اصنام پرست تھا، بیت اللہ جو توحید کا مرکز تھا اب اس میں مختلف قبائل کے تین سو ساٹھ بت رکھے ہوئے تھے، ہر قبیلے کا اپنا معبود تھا جن کی وہ پرستش کرتے تھے، یہ بت مختلف شکل وصورت میں لکڑی، پتھر، تانبے، سونے اور چاندی کے بنے ہوئے تھے یہ دیوی اور دیوتا کہلاتے تھے، ان دیوی دیوتاؤں کی باقاعدہ نسل کا سلسلہ چلتا رہتا تھا، ان معبودوں کو مخلوقات کی طرح خوراک کی بھی حاجت ہوتی تھی۔ مشرکین کا یہ بھی خیال تھا کہ اللہ خود انسانی شکل وصورت میں ظہور کرتا ہے اور کچھ لوگ اس کے اوتار ہوتے ہیں، اہل کتاب میں عیسائی اللہ کو مانتے تھے مگر انہوں نے عیسیٰ علیہ السلام کو اس کا بیٹا بنا رکھا تھا، ان کی پاک دامن والدہ (نعوذ باللہ) اللہ کی بیوی تھی، اور اللہ کی خدائی میں روح القدس بھی حصہ دار تھا، یہودی جو ایک اللہ کو ماننے کا دعوی کرتے تھے وہ بھی اللہ تعالیٰ کے جسم اور مادیت کے قائل تھے، انہوں نے بھی عزیر علیہ السلام کو اللہ کا بیٹا بنا رکھا تھا، مجوسی جو آگ کو پوجتے تھے ظلمتوں اور نور دو خداؤں کے قائل تھے، صابئی ستارہ پرست تھے جو سورج، چاند، زہرہ وغیرہ کی پرستش کرتے تھے، اور انہوں نے ان کے بت بنا رکھے تھے، اس لئے جب رسول اللہ ﷺ نے اللہ وحدہ لاشریک کی طرف لوگوں کو دعوت دی تو اپنے عقائد کے مطابق

---

[1] مغازی واقدی ۲۶۱؍۱، الاستیعاب فی معرفۃ الاصحاب ۴۹۶؍۲، اسد الغابۃ ۲۷۵؍۲

انہوں نے اللہ کے نسب اور جنس کے بارے میں دریافت کیا۔

○عَنْ أَبِي الْعَالِيَةِ، عَنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ: أَنَّ الْمُشْرِكِينَ قَالُوا لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:يَا مُحَمَّدُ ، انْسُبْ لَنَا رَبَّكَ، فَأَنْزَلَ اللَّهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى: {قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ. اللَّهُ الصَّمَدُ}[١] لَمْ يَلِدْ، وَلَمْ يُولَدْ، وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُوًا أَحَدٌ

ابو العالیہ نے ابی بن کعب سے روایت کی ہے مشرکین نے رسول اللہ ﷺ سے دریافت کیا ہمیں اپنے رب کا نسب بتائیں، اس پر اللہ تعالیٰ نے سورہ الاخلاص نازل فرمائی۔[٢]

○ عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: قَالَتْ قُرَيْشٌ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: انْسُبْ لَنَا رَبَّكَ، فَنَزَلَتْ هَذِهِ السُّورَةُ: قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ

عبد اللہ بن مسعود سے مروی ہے قریش نے رسول اللہ ﷺ سے کہا کہ ہمیں اپنے رب کا نسب بتائیں، اس پر یہ سورۃ الاخلاص نازل ہوئی۔[٣]

○ عَنْ جَابِرٍ: أَنَّ أَعْرَابِيًّا جَاءَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: انْسُبْ لَنَا رَبَّكَ. فَأَنْزَلَ اللَّهُ، عَزَّ وَجَلَّ: قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ " إِلَى آخِرِهَا.

جابر بن عبد اللہ کا کہنا ہے ایک اعرابی نے (اور بعض روایات میں ہے کہ لوگوں نے) رسول اللہ ﷺ سے کہا کہ آپ ہمیں اپنے رب کا نسب بیان کریں، اس پر اللہ تعالیٰ نے سورہ الاخلاص نازل فرمائی۔[٤]

○عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، إِنَّ الْيَهُودَ جَاءَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهُمْ كَعْبُ بْنُ الأشرف وحي بْنُ أَخْطَبَ فَقَالُوا: يَا مُحَمَّدُ صِفْ لَنَا رَبَّكَ الَّذِي بَعَثَكَ، فَأَنْزَلَ اللَّهُ قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ اللَّهُ الصَّمَدُ لَمْ يَلِدْ فَيَخْرجَ مِنْهُ الْوَلَدُ وَلَمْ يُولَدْ فَيُخْرَجُ مِنْ شَيْءٍ

عکرمہ نے عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت نقل کی ہے یہودیوں کا ایک گروہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا جس میں کعب بن اشرف اور حیی بن اخطب وغیرہ شامل تھے اور انہوں نے کہا اے محمد (ﷺ) ہمیں بتائیں کہ آپ کا وہ رب کیسا ہے جس نے آپ کو بھیجا ہے، اس پر اللہ تعالیٰ نے سورہ الاخلاص نازل فرمائی۔[۵]

○عَن أنس رَضِي الله عَنهُ قَالَ:جَاءَت يهود خَيْبَر إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا: يَا أَبَا الْقَاسِم خلق الله الْمَلَائِكَة من نور الْحجاب وآدَم من حمإٍ مسنون وإبليس من لَهب النَّار وَالسَّمَاء من دُخان وَالْأَرْض من زبد

---

[١] الإخلاص: 2

[٢] مسنداحمد٢١٢١٩،تفسیرابن ابی حاتم محققا ١٩٥٣٢،تفسیرطبری ٢٤/٦٨٧،جامع ترمذی ابواب تفسیر القرآ ن ومن سورة الاخلاص٣٣٦٤،مستدرک حاکم٣٩٨٧،الاسمائ والصفات للبیہقی٥٠

[٣] الدرالمنثور فی التفسیر بالماثور ٨/٦٧٠، تفسیر ابن کثیر ٨/٥١٨

[٤] المعجم الاوسط للطبرانی ٥٦٨٧، الاسماء والصفات للبیہقی٦٠٨

[۵] الاسماء والصفات للبیہقی٦٠٦،تفسیر ابن ابی حاتم١٩٥٣٤

الماء فأخبرنا عن ربك فلم يجبهم النبي صلى الله عليه وسلم فأتاه جبريل بهذه السورة قل هو الله أحد

انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے خیبر کے کچھ یہودی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور انہوں نے کہا اے ابو القاسم، اللہ نے ملائکہ کو نور حجاب سے، آدم کو مٹی کے سڑے ہوئے گارے سے، ابلیس کو آگ کے شعلے سے، آسمان کو دھوئیں سے اور زمین کو پانی کے جھاگ سے بنایا اب ہمیں اپنے رب کے متعلق بتائیں (کہ وہ کس چیز سے بنا ہے) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات کا کوئی جواب نہ دیا، پھر جبرائیل سورہ الاخلاص لے کر نازل ہوئے۔[1]

○ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ عَامِرَ بْنَ الطُّفَيْلِ وَأَرْبَدَ بْنَ رَبِيعَةَ أَتَيَا النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ عَامِرٌ: إِلَامَ تَدْعُونَا يَا مُحَمَّدُ؟ قَالَ: إِلَى اللَّهِ، قَالَ: صِفْهُ لَنَا أَمِنْ ذَهَبٍ هُوَ؟ أَمْ مِنْ فِضَّةٍ؟ أَمْ مِنْ حَدِيدٍ؟ أَمْ مِنْ خَشَبٍ؟ فَنَزَلَتْ هَذِهِ السُّورَةُ.

عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے عامر بن الطفیل اور اربد بن ربیعہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور عامر نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) آپ ہمیں کس چیز کی طرف دعوت دیتے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ کی طرف، عامر نے کہا اچھا تو اس کی کیفیت مجھے بتلائیں وہ سونے سے بنا ہوا ہے یا چاندی سے یا لوہے سے یا لکڑی سے؟ اس پر یہ سورت نازل ہوئی۔[2]

○ وَقَالَ الضَّحَّاكُ وَقَتَادَةُ وَمُقَاتِلٌ: جَاءَ نَاسٌ مِنْ أَحْبَارِ الْيَهُودِ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا: صِفْ لَنَا رَبَّكَ يَا مُحَمَّدُ لَعَلَّنَا نُؤْمِنُ بِكَ، فَإِنَّ اللَّهَ أَنْزَلَ نَعْتَهُ فِي التَّوْرَاةِ، فَأَخْبِرْنَا مِنْ أَيِّ شَيْءٍ هُوَ؟ وَهَلْ يَأْكُلُ وَيَشْرَبُ؟ وَمَنْ يَرِثُ مِنْهُ؟ فَأَنْزَلَ اللَّهُ هَذِهِ السُّورَةَ

ضحاک، قتادہ اور مقاتل کا بیان ہے یہودیوں کے کچھ علماء رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور کہا اے محمد! ہمیں اپنے رب کی کیفیت بتائیں شاید کہ ہم آپ پر ایمان لے آئیں، اللہ نے اپنی صفت توراۃ میں نازل کی ہے آپ بتلائیں کہ وہ کس چیز سے بنا ہے؟ کس جنس سے ہے، سونے یا چاندی سے، تانبے یا پیتل سے، یا لوہے سے؟ کیا وہ کھاتا اور پیتا ہے؟ اس نے یہ دنیا کس سے وراثت میں پائی اور اس کے بعد اس کا کون وارث ہوگا اس پر اللہ تعالیٰ نے یہ سورت نازل فرمائی۔[3]

○ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: إِنَّ وَفْدَ نَجْرَانَ قدموا على رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سبعة أساقفة فقالوا للنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صِفْ لَنَا رَبَّكَ من أي شيء هو؟ فقال النَّبِيّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ رَبِّي لَيْسَ مِنْ شَيْءٍ وهو بائن من الْأَشْيَاءِ ، فأنزل الله سبحانه قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ

عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نجران کے عیسائیوں کا ایک وفد سات پادریوں کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور دریافت کیا کہ ہمیں بتلائیں آپ کا رب کیسا ہے، کس چیز سے بنا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرا رب کسی چیز سے نہیں بنا ہے، وہ

---

[1] الدرالمنثور فی التفسیر بالماثور ٨/٦٧٠، التفسیر المظهری ١٠/٣٦٩

[2] تفسیر بغوی ٥/٣٢٩

[3] تفسیر بغوی ٥/٣٢٩، تفسیر الثعلبی ١٠/٣٣٣، التفسیر المظهری ١٠/٣٦٩

تمام اشیاء سے جدا ہے، اس پر اللہ تعالیٰ نے سورہ الاخلاص نازل فرمائی۔ (۱)

الغرض یہ سورت مکہ معظّمہ میں نبوت کے ابتدائی دور میں نازل ہوئی جب اہل مکہ کو اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات کے بارے میں ابھی کچھ علم نہیں تھا، پھر بعد میں جب نبی کریم ﷺ ہجرت فرما کر مدینہ منورہ تشریف لے گئے اس وقت اہل کتاب نے جو تورات وانجیل میں اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات کو جانتے تھے رسول اللہ ﷺ سے یہی سوال کیا کہ آپ کا رب کیسا ہے؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے

قُلۡ ہُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۚ﴿۱﴾ (الاخلاص ۱)

آپ کہہ دیجئے کہ وہ اللہ تعالیٰ ایک (ہی) ہے۔

مشرکین، مجوس، یہود ونصاریٰ سب کے تصورات کو کہ اللہ کی اولاد ہے اس ایک سورۃ کے ذریعہ بیک قلم باطل قرار دے دیا گیا اور فرمایا اللہ تو واحد لاشریک ہے۔

اللہ کی واحدانیت کے مضمون کو متعدد مقامات پر فرمایا۔

۔۔۔اِنَّمَا اللّٰہُ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ۔۔۔ ﴿۱۷۱﴾ (۲)

ترجمہ: بے شک اللہ ہی معبود واحد ہے۔

وَ الصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ۙ﴿۱﴾ فَالزّٰجِرٰتِ زَجۡرًا ۙ﴿۲﴾ فَالتّٰلِیٰتِ ذِکۡرًا ۙ﴿۳﴾ اِنَّ اِلٰـہَکُمۡ لَوَاحِدٌ ؕ﴿۴﴾ (۳)

ترجمہ: قطار در قطار صف باندھنے والوں کی قسم، پھر ان کی قسم جو ڈانٹنے پھٹکارنے والے ہیں، پھر انکی قسم جو کلام نصیحت سنانے والے ہیں، تمہارا معبود حقیقی بس ایک ہی ہے۔

فَاعۡلَمۡ اَنَّہٗ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ۔۔۔ ﴿۱۹﴾ (۴)

ترجمہ: پس اے نبی (ﷺ)! خوب جان لو کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کا مستحق نہیں ہے۔

قُلۡ اِنَّمَا یُوۡحٰۤی اِلَیَّ اَنَّمَاۤ اِلٰـہُکُمۡ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ۔۔۔ ﴿۱۰۸﴾ (۵)

ترجمہ: ان سے کہو میرے پاس جو وحی آتی ہے وہ یہ ہے کہ تمہارا خدا صرف ایک خدا ہے۔

---

(۱) تفسیر الثعلبی ۱۰/۳۳۳

(۲) النساء ۱۷۱

(۳) الصافات ۱ تا ۴

(۴) محمد ۱۹

(۵) الانبیاء ۱۰۸

...لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ ۚ... ⑪ ①

ترجمہ: کائنات کی کوئی چیز اس کے مشابہ نہیں۔

...هَلْ تَعْلَمُ لَهٗ سَمِيًّا ۝ ⑥⑤ ②

ترجمہ: کیا ہے کوئی ہستی تمہارے علم میں اس کی ہم پایہ؟۔

اے محمد ﷺ کہیں لوگو! میرا رب وہی ہے جسے تم اللہ کے نام سے جانتے ہو، جس کے بارے میں تم تسلیم کرتے ہو کہ وہی اس عظیم الشان کائنات کا اور تمہارا خالق ہے، میں تمہیں اسی خالق کی طرف بلاتا ہوں،

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَهُمْ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ... ⑧⑦ ③

ترجمہ: اور اگر تم ان سے پوچھو کہ انہیں کس نے پیدا کیا ہے تو یہ خود کہیں گے اللہ نے۔

وہ اللہ جس کے بارے میں تم تسلیم کرتے ہو کہ اس کی ملکیت یہ زمین اور اس کی ساری آبادی ہے، میں تمہیں اسی اللہ کی طرف دعوت دیتا ہوں جس کی ربوبیت میں کوئی شامل نہیں۔

قُلْ لِّمَنِ الْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهَآ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ ⑧④ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ... ⑧⑤ ④

ترجمہ: ان سے کہو بتاؤ اگر تم جانتے ہو کہ یہ زمین اور اس کی ساری آبادی کس کی ہے؟ یہ ضرور کہیں گے اللہ کی۔

وہ اللہ جس کے بارے میں تم تسلیم کرتے ہو کہ وہ ساتوں آسمانوں اور عرش عظیم کا مالک ہے، میں تمہیں اس اللہ کی طرف بلاتا ہوں جس کی الوہیت میں کوئی شریک نہیں۔

قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝ ⑧⑥ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ... ⑧⑦ ⑤

ترجمہ: ان سے پوچھو ساتوں آسمانوں اور عرش عظیم کا مالک کون ہے، یہ ضرور کہیں گے اللہ۔

وہ اللہ جس کے بارے میں تم مانتے ہو کہ اقتدار کا مالک صرف اللہ ہی ہے، جو زندہ کو مردہ سے اور مردہ کو زندہ سے نکلتا ہے، جو پناہ دیتا ہے اور اس کے مقابلے میں کوئی پناہ نہیں دے سکتا، اسی نے انسان کی خدمت کے لئے جانور پیدا کیے، پھر آسمان سے پانی برسا کر زمین کو ہرا بھرا کرتا ہے جس سے انسان اور جانور دونوں کھاتے ہیں، اللہ جو زندہ کو مردہ سے اور مردہ کو زندہ سے نکالتا ہے اور اس سارے جہاں کا منتظم ہے، جس کا ہر چیز پر اقتدار ہے، اور جو پناہ دیتا ہے اور اس کے مقابلے میں کوئی پناہ نہیں دے سکتا، میں تمہیں اسی اللہ کی طرف دعوت دیتا ہوں جس کا اقتدار مسلم ہے۔

---

① الشوریٰ ۱۱

② مریم ۶۵

③ الزخرف ۸۷

④ المومنون ۸۵،۸۴

⑤ المومنون ۸۷،۸۶

قُلْ مَنْۢ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ يُجِيْرُ وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۸﴾ سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ... ﴿۸۹﴾ [1]

ترجمہ: بتاؤ اگر تم جانتے ہو کہ ہر چیز پر اقتدار کس کا ہے؟ اور کون ہے وہ جو پناہ دیتا ہے اور اس کے مقابلے میں کوئی پناہ نہیں دے سکتا؟ یہ ضرور کہیں گے کہ یہ بات تو اللہ ہی کیلئے ہے۔

وہ اللہ جسے تم اس عظیم الشان کائنات کا منتظم تسلیم کرتے ہو، جو ہر جاندار کو اپنی رحمت سے رزق دینے والا ہے اور اسی نے انسان کو دیکھنے اور سننے کی صلاحیت عطا فرمائی ہے، میں تمہیں اسی اللہ کی طرف دعوت دیتا ہوں جو بن مانگے تمہیں رزق فراہم کر رہا ہے۔

قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اَمَّنْ يَّمْلِكُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَمَنْ يُّخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَمَنْ يُّدَبِّرُ الْاَمْرَ ۚ فَسَيَقُوْلُوْنَ اللّٰهُ... ﴿۳۱﴾ [2]

ترجمہ: ان سے پوچھو کون تم کو آسمان اور زمین سے رزق دیتا ہے؟ یہ سماعت اور بینائی کی قوتیں کس کے اختیار میں ہیں؟ کون بے جان میں سے جاندار کو اور جاندار میں سے بے جان کو نکالتا ہے؟ کون اس نظم عالم کی تدبیر کر رہا ہے؟ وہ ضرور کہیں گے کہ اللہ۔

اَمَّنْ هٰذَا الَّذِيْ يَرْزُقُكُمْ اِنْ اَمْسَكَ رِزْقَهٗ ﴿۲۱﴾ [3]

ترجمہ: یا پھر بتاؤ کون ہے جو تمہیں رزق دے سکتا ہے اگر رحمن اپنا رزق روک لے؟۔

وہ اللہ جسے تم ساتوں آسمانوں اور زمینوں کا خالق تسلیم کرتے ہو اور یہ بھی تسلیم کرتے ہو کہ آسمانوں اور زمین کے درمیان چاند و سورج دونوں (جس سے رات اور دن کا نظام بنتا ہے) بھی رب کے ہی حکم کے پابند ہیں، میں تمہیں اسی اللہ کی طرف بلاتا ہوں جس نے تمہارے آرام و سکون اور معاش کے لئے ہر چیز کو تمہارے لئے مسخر کر دیا ہے۔

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ... ﴿۶۱﴾ [4]

ترجمہ: اگر تم ان سے پوچھو کہ زمین اور آسمانوں کو کس نے پیدا کیا ہے اور چاند اور سورج کو کس نے مسخر کر رکھا ہے تو ضرور کہیں گے کہ اللہ نے۔

وہ اللہ جس کے بارے میں تم یہ تسلیم کرتے ہو کہ آسمانوں سے بارش برسانے والی ذات تمہارے معبود نہیں بلکہ صرف اللہ ہی ہے، میں تمہیں اس اللہ کی طرف دعوت دیتا ہوں جو تمام مخلوقات پر رحمت کی برکھا برساتا ہے۔

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ نَّزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ مِنْۢ بَعْدِ مَوْتِهَا لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ... ﴿۶۳﴾ [5]

ترجمہ: اور اگر تم ان سے پوچھو کس نے آسمان سے پانی برسایا اور اس کے ذریعہ سے مردہ پڑی ہوئی زمین کو جلا اٹھایا تو وہ ضرور کہیں گے اللہ نے۔

وہ اللہ جسے تم کشتیوں میں سفر کرنے اور ناگہانی طوفانی مصیبت میں گھر جانے پر اپنے معبودوں کو چھوڑ کر مدد کے لئے پکارتے ہو، میں تمہیں

---

(1) المومنون ۸۸،۸۹

(2) یونس ۳۱

(3) الملک ۲۱

(4) العنکبوت ۶۱

(5) العنکبوت ۶۳

اسی اللہ کی طرف دعوت دیتا ہوں جو مصیبتوں اور پریشانیوں میں پکار کو چاہے اونچی آواز سے کی جائے خواہ چپکے سے، رات ہو یا دن ہر وقت سنتا اور پورا کرنے کی قدرت رکھتا ہے۔

فَاِذَا رَكِبُوْا فِی الْفُلْكِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِیْنَ لَهُ الدِّیْنَ ۚ۬ فَلَمَّا نَجّٰىهُمْ اِلَى الْبَرِّ اِذَا هُمْ یُشْرِكُوْنَ ۝۶۵ [1]

ترجمہ: جب یہ لوگ کشتی پر سوار ہوتے ہیں تو اپنے دین کو اللہ کے لئے خالص کر کے اس سے دعا مانگتے ہیں پھر جب وہ انہیں بچا کر خشکی پر لے آتا ہے تو یکایک یہ شرک کرنے لگتے ہیں۔

هُوَ الَّذِیْ یُسَیِّرُكُمْ فِی الْبَرِّ وَ الْبَحْرِ ؕ حَتّٰۤى اِذَا كُنْتُمْ فِی الْفُلْكِ ۚ وَ جَرَیْنَ بِهِمْ بِرِیْحٍ طَیِّبَةٍ وَّ فَرِحُوْا بِهَا جَآءَتْهَا رِیْحٌ عَاصِفٌ وَّ جَآءَهُمُ الْمَوْجُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَّ ظَنُّوْۤا اَنَّهُمْ اُحِیْطَ بِهِمْ ۙ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِیْنَ لَهُ الدِّیْنَ ۚ۬ لَىِٕنْ اَنْجَیْتَنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِیْنَ ۝۲۲ فَلَمَّاۤ اَنْجٰىهُمْ اِذَا هُمْ یَبْغُوْنَ فِی الْاَرْضِ بِغَیْرِ الْحَقِّ ۝۲۳ [2]

ترجمہ: وہ اللہ ہی ہے جو تم کو خشکی اور تری میں چلاتا ہے، چنانچہ جب تم کشتیوں میں سوار ہو کر باد موافق پر فرحاں وشاداں سفر کر رہے ہوتے ہو اور پھر یکایک باد مخالف کا زور ہوتا ہے اور ہر طرف سے موجوں کے تھپیڑے لگتے ہیں اور مسافر سمجھ لیتے ہیں کہ طوفان میں گھر گئے، اس وقت سب اپنے دین کو اللہ ہی کے لئے خالص کر کے اس سے دعائیں مانگتے ہیں کہ اگر تو نے ہم کو اس بلا سے نجات دے دی تو ہم شکر گزار بندے بنیں گے، مگر جب وہ ان کو بچالیتا ہے تو پھر وہی لوگ حق سے منحرف ہو کر زمین میں بغاوت کرنے لگتے ہیں۔

وَ اِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فِی الْبَحْرِ ضَلَّ مَنْ تَدْعُوْنَ اِلَّاۤ اِیَّاهُ ۚ فَلَمَّا نَجّٰىكُمْ اِلَى الْبَرِّ اَعْرَضْتُمْ... ۝۶۷ [3]

ترجمہ: جب سمندر میں تم پر مصیبت آتی ہے تو اس ایک کے سوا دوسرے جن جن کو تم پکارا کرتے ہو وہ سب گم ہو جاتے ہیں، مگر جب وہ تم کو بچا کر خشکی پر پہنچا دیتا ہے تو تم اس سے منہ موڑ جاتے ہو۔

اور وہ اللہ جس کی قدرتوں کو تم تسلیم کرتے ہو احد ہے، جو ہر قسم کے کمال میں احد اور منفرد ہے، جس کی کوئی نظیر ہے نہ مثیل یعنی جس میں کسی حیثیت سے بھی کثرت کا کوئی شائبہ نہیں ہے، وہ اجزاء سے مرکب وجود نہیں کہ کوئی شکل وصورت یا کچھ اعضاء رکھتا ہو، اسی اکیلے نے اس کائنات کو چھ دنوں میں تخلیق کیا اور ساتویں روز اپنی شان کے لائق اپنے تخت پر جلوہ افروز ہو گیا، اور اس عظیم الشان کائنات کا نظام چلا رہا ہے۔

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۫ یُغْشِی الَّیْلَ النَّهَارَ یَطْلُبُهٗ حَثِیْثًا ۙ وَّ الشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ وَ النُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِهٖ ؕ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَ الْاَمْرُ ؕ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ۝۵۴ [4]

ترجمہ: درحقیقت تمہارا رب اللہ ہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں میں پیدا کیا، پھر اپنے تخت سلطنت پر جلوہ فرما ہوا، جو رات کو

---

[1] العنکبوت ۶۵

[2] یونس ۲۳، ۲۲

[3] بنی اسرائیل ۶۷

[4] الاعراف ۵۴

دن پر ڈھانک دیتا ہے اور پھر دن رات کے پیچھے دوڑا چلا آتا ہے، جس نے سورج اور چاند اور تارے پیدا کیے سب اس کے فرمان کے تابع ہیں، خبردار رہو! اسی کی خلق ہے اور اسی کا امر ہے، بڑا بابرکت ہے اللہ سارے جہانوں کا مالک و پروردگار۔

إِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِىْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِىْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ ۖ مَا مِنْ شَفِيْعٍ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ اِذْنِهٖ ۚ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ۚ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝٣ (١)

ترجمہ: حقیقت یہ ہے کہ تمہارا رب وہی اللہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں میں پیدا کیا، پھر تخت حکومت پر جلوہ گر ہوا اور کائنات کا انتظام چلا رہا ہے، کوئی شفاعت (سفارش) کرنے والا نہیں ہے اِلّا یہ کہ اس کی اجازت کے بعد شفاعت کرے، یہی اللہ تمہارا رب ہے لہٰذا تم اسی کی عبادت کرو پھر کیا تم ہوش میں نہ آؤ گے؟۔

اسے آسمان وزمین اور ان کے کے درمیان جو کچھ ہے تخلیق کرنے میں کوئی تھکاوٹ نہیں ہوئی۔

وَلَقَدْ خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِىْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ۖ وَّمَا مَسَّنَا مِنْ لُّغُوْبٍ ۝٣٨ (٢)

ترجمہ: ہم نے زمین اور آسمانوں کو اور ان کے درمیان کی ساری چیزوں کو چھ دنوں میں پیدا کر دیا اور ہمیں کوئی تکان لاحق نہ ہوئی۔

اور وہ اس کائنات کا اکیلا منتظم ہے کوئی ہستی اس کارخانہ حیات کو چلانے میں اس کی شریک نہیں، اس کا کوئی ثانی نہیں، اللہ الواحد القہار وہی اکیلا سب کو مغلوب کر کے رکھنے والا ہے۔

## اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝٢ (الاخلاص ۲)

### اللہ تعالیٰ بے نیاز ہے۔

اللہ الصمد ہے، اسم الصمد کے بارے میں دو قول زیادہ مشہور ہیں، ایک یہ ہے

عَنْ مُجَاهِدٍ: {الصَّمَدُ} الْمُصْمَتُ الَّذِي لَا جَوْفَ لَهُ.

مجاہد رحمہ اللہ کہتے ہیں الصمد وہ ہے جس میں کھوکھلا پن نہ ہو،

دوسرا قول یہ ہے۔

وَهُوَ الَّذِي يُصمد إِلَيْهِ فِي الْحَوَائِجِ،

الصمد اس سردار کو کہتے ہیں جس کی طرف لوگ اپنی حاجتیں لے جائیں،

وَقَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ، وَابْنُ عَبَّاسٍ، وَسَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ، وَمُجَاهِدٌ، وَعَبْدُ اللَّهِ بْنُ بُرِيدة، وَعِكْرِمَةُ أَيْضًا، وَسَعِيدُ بْنُ جُبَيْرٍ، وَعَطَاءُ بْنُ أَبِي رَبَاحٍ، وَعَطِيَّةُ الْعَوْفِيُّ، وَالضَّحَّاكُ، وَالسُّدِّيُّ: {الصَّمَدُ} الَّذِي لَا جَوْفَ لَهُ.

پہلے قول سے اکثر صحابہ وتابعین اور اہل لغت کی ایک جماعت نے اتفاق کیا ہے، دوسرے قول کی تصدیق سلف وخلف کی ایک جماعت،

---

(١) یونس ۳

(٢) ق ۳۸

جمہور اہل لغت اور ان آثار و روایات سے ہوتی ہے جو مستند کتب تفاسیر، وصحاح ستہ وغیرہ میں سلف سے مروی ہیں، الصمد کی یہ تفسیر کہ یہ وہ چیز ہے جس میں کھوکھلا پن نہ ہو۔

موقوفاً و مرفوعاً (موقوف وہ روایت ہوتی ہے جس کی سند صحابی تک پہنچ کر رک جائے، اور مرفوع روایت وہ ہے جس کا سلسلہ اسناد رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تک پہنچے) عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ، عبد اللہ بن عباس، حسن بصری رحمہ اللہ، مجاہد رحمہ اللہ، سعید بن جبیر، عکرمہ، ضحاک، سدی اور قتادہ سے منقول ہے۔

عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، قَالَ: {الصَّمَدُ}الَّذِي لَا حِشْوَةَ لَهُ

سعید بن مسیب کا قول ہے الصمد اس چیز کو کہا جاتا ہے جس میں حشو نہ ہو،

ابن مسعود: الذي ليست له أحشاء

عبد اللہ بن مسعود کا قول بھی یہی ہے فرق صرف یہ ہے انہوں نے حشو کے بجائے جمع کا صیغہ أَحْشَاءُ استعمال کیا ہے،

وَقَالَ الشَّعْبِيُّ: هُوَ الَّذِي لَا يَأْكُلُ الطَّعَامَ، وَلَا يَشْرَبُ الشَّرَابَ.

شعبی کا قول ہے الصمد اس چیز کو کہا جاتا ہے جو نہ کھائے نہ پئے،

وَقَالَ عِكْرِمَةُ: {الصَّمَدُ} الَّذِي لَمْ يَخْرُجْ مِنْهُ شَيْءٌ

عکرمہ سے مروی ہے الصمد اس چیز کا نام ہے جس میں سے کچھ نکل نہ سکے۔

الْمُصْمَتُ الَّذِي لَا جَوْفَ لَهُ ،

میسرہ سے مروی ہے الصمد کے معنی مصمت (ٹھوس چیز) ہے،

الصَّمَدُالَّذِي لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْهُوَ الَّذِي لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ ،

آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا الصمد وہ ہوتا ہے جو نہ خود کوئی بیٹا بیٹی جنے اور نہ کسی اور نے اسے جنا ہو،

کیونکہ جو چیز کسی سے پیدا ہوتی ہے اس کو موت لازم ہے اور یہ ضروری ہے کہ جو چیز مرے اس کا کوئی وارث ہو حالانکہ اللہ تعالیٰ نہ تو مرتا ہے اور نہ اس کا کوئی وارث ہو سکتا ہے،

رَوَى ابْنُ عَبَّاسٍ:السَّيِّدُ الَّذِي يُصْمَدُ إِلَيْهِ فِي الأمور، ويقصد فِي الْحَوَائِجِ ،

عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے موقوفاً و مرفوعاً مروی ہے الصمد وہ سردار ہوتا ہے جس کی طرف لوگ اپنی حاجتیں لے کر جائیں،

یہ تفسیر والبی نے بروایت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کی ہے،

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ: هُوَ السَّيِّدُ الَّذِي قَدْ كَمُلَ فِي سُؤْدُدِهِ ،

عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا الصمد اس سردار کو کہتے ہیں جس کی سرداری کامل ہو،

عَنْ شَقِيقِ بْنِ سَلَمَةَ، قَالَ:{الصَّمَدُ}السَّيِّدُ الَّذِي قَدِ انْتَهَى سُؤْدُدُهُ

ابو وائل شقیق بن سلمہ سے مشہور روایت ہے کہ آپ نے فرمایا الصمد وہ سردار ہوتا ہے جس کی سیادت انتہا کو پہنچی ہوئی ہو،

أبو إسحاق الكوفي عن عِكْرِمَةَ:الَّذِي لَيْسَ فَوْقَهُ أَحَدٌ،

ابو اسحٰق کوفی بروایت عکرمہ ناقل ہیں الصمد وہ ہے جس سے برتر کوئی نہ ہو،

ورُوِيَ عَنْ عليٍّ وعنْ كَعْبٍ أَنَّه: الَّذي لا يكافِئُه أحدٌ في خَلْقِهِ.

سیدنا علی رضی اللہ عنہ اور کعب الاحبار سے مروی ہے الصمد وہ ہوتا ہے کہ مخلوق میں سے کوئی شخص اس کی برابری نہ کر سکے،

هُوَ الْمَقْصُودُ فِي الرَّغَائِبِ، وَالْمُسْتَعَانُ بِهِ فِي الْمَصَائِبِ

سدی سے بھی مروی ہے الصمد کا اطلاق اس پر ہوتا ہے کہ جس کی طرف لوگ آرزوئیں لے کر جائیں اور مصیبتوں کے وقت اس سے فریاد کریں،

وعنْ أبي هريرةَ قالَ:هُوَ الْمُسْتَغْنِي عَنْ كُلِّ أَحَدٍ، وَالْمُحْتَاجُ إِلَيْهِ كُلُّ أَحَدٍ،

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے الصمد وہ ہوتا ہے جو ہر ایک سے بے نیاز ہو اور ہر شخص اس کا محتاج ہو،

وَعَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ أَيْضًا: هُوَ الْكَامِلُ فِي جَمِيعِ صِفَاتِهِ وَأَفْعَالِهِ.

سعید بن جبیر سے منقول ہے الصمد وہ ہے جو اپنے سارے افعال وصفات میں کامل ہو،

وَقَالَ الرَّبِيعُ:الَّذِي لَا تَعْتَرِيهِ الْآفَاتُ ،

ربیع سے مروی ہے الصمد اس شخص کو کہا جاتا ہے جس پر آفات وارد نہ ہو سکیں،

وَقَالَ مُقَاتِلٌ: إِنَّهُ: الْكَامِلُ الَّذِي لَا عَيْبَ فِيهِ

مقاتل بن حیان سے مروی ہے الصمد وہ ہے جس میں کوئی عیب نہ ہو،

وعنْ ابنِ كيسانَ:الذي لا يُوصفُ بصفَتِهِ أحدٌ،

ابن کیسان سے روایت ہے الصمد اس ذات کا نام ہے جس کی صفات دوسروں سے نرالی ہوں،

وَالصَّمَدُ:الَّذِي يُصْمَدُ إِلَيْهِ فِي الْحَاجَاتِ، أَيْ: يُقْصَدُ لِكَوْنِهِ قَادِرًا عَلَى قَضَائِهَا،

الصمد اس سردار کو کہتے ہیں جس سے برتر کوئی نہ ہو اور جس کی طرف لوگ امور حاجات لے کر جائیں اور وہ ان کی حاجات کو پورا کرنے کی قدرت رکھتا ہو۔

الصَّمَدُ هُوَ الَّذِي يَفْعَلُ مَا يَشَاءُ وَيَحْكُمُ مَا يُرِيدُ، لَا مُعَقِّبَ لِحُكْمِهِ

الصمد وہ جو اپنی مرضی کے مطابق جو چاہے فیصلہ کرے اور جو کام چاہے کرے اس کے حکم اور فیصلے پر نظر ثانی کرنے والا کوئی نہ ہو۔

وَقَالَ ابْنُ الْأَنْبَارِيِّ:لَا خِلَافَ بَيْنَ أَهْلِ اللُّغَةِ أَنَّ الصَّمَدَ هُوَ السَّيِّدُ الَّذِي لَيْسَ فَوْقَهُ أَحَدٌ، الَّذِي يَصْمِدُ إِلَيْهِ النَّاسُ

ابوبکر انباری کہتے ہیں لغت میں اس بات کے متعلق کوئی اختلاف نہیں کہ الصمد اس سردار کو کہتے ہیں جس سے برتر کوئی نہ ہو اور جس کی طرف

لوگ امور حاجات لے کر جائیں۔

الغرض ان تمام اقوال سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ غیر فانی اور لازوال ہے، اس کی سیادت تمام کائنات پر قائم ہے، وہ تمام جہانوں سے بے نیاز ہے، وہ اپنے اوصاف، علم، حلم، رحم میں کامل ہے، تمام مخلوقات چاہے وہ عالم بالا میں ہو یا عالم سفلی میں رزق، بھلائی، دکھ تکلیف، حاجات، سیدھی راہ معلوم کرنے اور رزندگی و موت وغیرہ کے لئے اس کے انتہائی محتاج ہے اور وہ کسی کا محتاج نہیں، وہی تمام مخلوقات کو رزق فراہم کرتا ہے ان سے رزق لیتا نہیں، اور دنیا کی ہر چیز اپنے وجود و بقا اور اپنی حاجات و ضروریات کے لئے شعوری یا غیر شعوری طور پر اسی کی طرف رجوع کرتی ہے۔

لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ ﴿۳﴾ (الاخلاص ۳)

نہ اس سے کوئی پیدا ہوا اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا۔

کیونکہ مشرکین کے الٰہ چاہے وہ دیوتا تھے یا دیویاں سب شادی بیاہ کرتے تھے، ان میں توالد و تناسل کا سلسلہ بھی چلتا تھا، اس لئے اپنے جاہلانہ تصور میں ان کا عقیدہ تھا کہ اللہ نے جنوں کے کسی قبیلے میں شادی کی جس سے فرشتے پیدا ہوئے کیونکہ یہ اللہ کی بیٹیاں ہیں اس لئے ان کی پرستش کرنی چاہیے۔

وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ الْبَنٰتِ سُبْحٰنَهٗ ۙ وَلَهُمْ مَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿۵۷﴾ [1]

ترجمہ: یہ اللہ کے لئے بیٹیاں تجویز کرتے ہیں، سبحان اللہ! اور ان کے لئے وہ جو یہ خود چاہیں۔

وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ۭ بَلْ عِبَادٌ مُّكْرَمُوْنَ ﴿۲۶﴾ لَا يَسْبِقُوْنَهٗ بِالْقَوْلِ وَهُمْ بِاَمْرِهٖ يَعْمَلُوْنَ ﴿۲۷﴾ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يَشْفَعُوْنَ ۙ اِلَّا لِمَنِ ارْتَضٰى وَهُمْ مِّنْ خَشْيَتِهٖ مُشْفِقُوْنَ ﴿۲۸﴾ وَمَنْ يَّقُلْ مِنْهُمْ اِنِّيْٓ اِلٰهٌ مِّنْ دُوْنِهٖ فَذٰلِكَ نَجْزِيْهِ جَهَنَّمَ ۭ كَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۹﴾ [2]

ترجمہ: یہ کہتے ہیں رحمان اولاد رکھتا ہے سبحان اللہ وہ (یعنی فرشتے) تو بندے ہیں جنہیں عزت دی گئی ہے، اس کے حضور بڑھ کر نہیں بولتے اور بس اس کے حکم پر عمل کرتے ہیں، جو کچھ ان کے سامنے ہے اسے بھی وہ جانتا ہے اور جو کچھ ان سے اوجھل ہے اس سے بھی وہ باخبر ہے، وہ کسی کی سفارش نہیں کرتے بجز اس کے جس کے حق میں سفارش سننے پر اللہ راضی ہو اور وہ اس کے خوف سے ڈرتے رہتے ہیں، اور جو ان میں سے کوئی کہہ دے کہ اللہ کے سوا میں بھی ایک الٰہ ہوں تو اُسے ہم جہنم کی سزا دیں، ہمارے ہاں ظالموں کا یہی بدلہ ہے۔

وَجَعَلُوا الْمَلٰۗئِكَةَ الَّذِيْنَ هُمْ عِبٰدُ الرَّحْمٰنِ اِنَاثًا ۭ اَشَهِدُوْا خَلْقَهُمْ ... ﴿۱۹﴾ [3]

ترجمہ: انہوں نے فرشتوں کو جو خدائے رحمان کے خاص بندے ہیں عورتیں قرار دے لیا کیا ان کے جسم کی ساخت انہوں نے دیکھی ہے؟۔

---

[1] النحل ۵۷

[2] الانبیاء ۲۶ تا ۲۹

[3] الزخرف ۱۹

...وَلَا تَجۡعَلۡ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتُلۡقٰى فِىۡ جَهَنَّمَ مَلُوۡمًا مَّدۡحُوۡرًا ﴿۳۹﴾ اَفَاَصۡفٰٮكُمۡ رَبُّكُمۡ بِالۡبَنِيۡنَ وَاتَّخَذَ مِنَ
الۡمَلٰٓٮِٕكَةِ اِنَاثًا ؕ اِنَّكُمۡ لَتَقُوۡلُوۡنَ قَوۡلًا عَظِيۡمًا ﴿۴۰﴾ وَلَقَدۡ صَرَّفۡنَا فِىۡ هٰذَا الۡقُرۡاٰنِ لِيَذَّكَّرُوۡا ؕ وَمَا يَزِيۡدُهُمۡ اِلَّا
نُفُوۡرًا ﴿۴۱﴾ قُلْ لَّوۡ كَانَ مَعَهٗۤ اٰلِهَةٌ كَمَا يَقُوۡلُوۡنَ اِذًا لَّابۡتَغَوۡا اِلٰى ذِى الۡعَرۡشِ سَبِيۡلًا ﴿۴۲﴾ سُبۡحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَقُوۡلُوۡنَ
عُلُوًّا كَبِيۡرًا ﴿۴۳﴾ (۱)

ترجمہ: اور دیکھ! اللہ کے ساتھ کوئی دوسرا معبود نہ بنا بیٹھ ورنہ جہنم میں ڈال دیا جائے گا ملامت زدہ اور ہر بھلائی سے محروم ہو کر، کیسی عجیب بات ہے کہ تمہارے رب نے تمہیں تو بیٹیوں سے نوازا اور خود اپنے لئے ملائکہ کو بیٹیاں بنالیا؟ بڑی جھوٹی بات ہے جو تم لوگ زبانوں سے نکالتے ہو، ہم نے اس قرآن میں طرح طرح سے لوگوں کو سمجھایا کہ ہوش میں آئیں مگر وہ حق سے اور زیادہ دور ہی بھاگے جا رہے ہیں، اے نبی! ان سے کہو کہ اگر اللہ کے ساتھ دوسرے الٰہ بھی ہوتے جیسا کہ یہ لوگ کہتے ہیں تو وہ مالک عرش کے مقام کو پہنچنے کی ضرور کوشش کرتے، پاک ہے وہ اور بہت بالا و برتر ہے ان باتوں سے جو یہ لوگ کہہ رہے ہیں۔

فَاسۡتَفۡتِهِمۡ اَلِرَبِّكَ الۡبَنَاتُ وَلَهُمُ الۡبَنُوۡنَ ﴿۱۴۹﴾ اَمۡ خَلَقۡنَا الۡمَلٰٓٮِٕكَةَ اِنَاثًا وَّهُمۡ شٰهِدُوۡنَ ﴿۱۵۰﴾ اَلَاۤ اِنَّهُمۡ مِّنۡ
اِفۡكِهِمۡ لَيَقُوۡلُوۡنَ ﴿۱۵۱﴾ وَلَدَ اللّٰهُ ۙ وَاِنَّهُمۡ لَكٰذِبُوۡنَ ﴿۱۵۲﴾ اَصۡطَفَى الۡبَنَاتِ عَلَى الۡبَنِيۡنَ ﴿۱۵۳﴾ مَا لَكُمۡ ۟ كَيۡفَ
تَحۡكُمُوۡنَ ﴿۱۵۴﴾ اَفَلَا تَذَكَّرُوۡنَ ﴿۱۵۵﴾ اَمۡ لَكُمۡ سُلۡطٰنٌ مُّبِيۡنٌ ﴿۱۵۶﴾ فَاۡتُوۡا بِكِتٰبِكُمۡ اِنۡ كُنۡتُمۡ صٰدِقِيۡنَ ﴿۱۵۷﴾ وَجَعَلُوۡا
بَيۡنَهٗ وَبَيۡنَ الۡجِنَّةِ نَسَبًا ؕ وَلَقَدۡ عَلِمَتِ الۡجِنَّةُ اِنَّهُمۡ لَمُحۡضَرُوۡنَ ﴿۱۵۸﴾ سُبۡحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوۡنَ ﴿۱۵۹﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ
الۡمُخۡلَصِيۡنَ ﴿۱۶۰﴾ فَاِنَّكُمۡ وَمَا تَعۡبُدُوۡنَ ﴿۱۶۱﴾ مَاۤ اَنۡتُمۡ عَلَيۡهِ بِفٰتِنِيۡنَ ﴿۱۶۲﴾ اِلَّا مَنۡ هُوَ صَالِ الۡجَحِيۡمِ ﴿۱۶۳﴾ (۲)

ترجمہ: پھر ذرا ان لوگوں سے پوچھو کیا (ان کے دل کو یہ بات لگتی ہے کہ) تمہارے رب کے لئے تو ہوں بیٹیاں اور ان کے لئے ہوں بیٹے؟ کیا واقعی ہم نے ملائکہ کو عورتیں ہی بنایا ہے اور یہ آنکھوں دیکھی بات کہہ رہے ہیں؟ خوب سن رکھو، دراصل یہ لوگ اپنی من گھڑت سے یہ بات کہتے ہیں کہ اللہ اولاد رکھتا ہے، اور فی الواقع یہ جھوٹے ہیں، کیا اللہ نے بیٹوں کے بجائے بیٹیاں اپنے لئے پسند کر لیں؟ تمہیں کیا ہو گیا ہے کیسے حکم لگا رہے ہو؟ کیا تمہیں ہوش نہیں آتا؟ پھر تمہارے پاس اپنی ان باتوں کے لئے کوئی صاف سند ہے تو لاؤ اپنی وہ کتاب اگر تم سچے ہو، انہوں نے اللہ اور ملائکہ کے درمیان نسب کا رشتہ بنا رکھا ہے حالانکہ ملائکہ خوب جانتے ہیں کہ یہ لوگ مجرم کی حیثیت سے پیش ہونے والے ہیں (اور وہ کہتے ہیں کہ) اللہ ان صفات سے پاک ہے جو اس کے خالص بندوں کے سوا دوسرے لوگ اس کی طرف منسوب کرتے ہیں، پس تم اور تمہارے یہ معبود اللہ سے کسی کو پھیر نہیں سکتے مگر صرف اس کو جو دوزخ کی بھڑکتی ہوئی آگ میں جھلسنے والا ہو۔

اَفَرَءَيۡتُمُ اللّٰتَ وَالۡعُزّٰى ﴿۱۹﴾ وَمَنٰوةَ الثَّالِثَةَ الۡاُخۡرٰى ﴿۲۰﴾ اَلَـكُمُ الذَّكَرُ وَلَهُ الۡاُنۡثٰى ﴿۲۱﴾ تِلۡكَ اِذًا قِسۡمَةٌ
ضِيۡزٰى ﴿۲۲﴾ اِنۡ هِىَ اِلَّاۤ اَسۡمَآءٌ سَمَّيۡتُمُوۡهَاۤ اَنۡتُمۡ وَاٰبَآؤُكُمۡ مَّاۤ اَنۡزَلَ اللّٰهُ بِهَا مِنۡ سُلۡطٰنٍ ؕ اِنۡ يَّتَّبِعُوۡنَ اِلَّا الظَّنَّ

---

(۱) بنی اسرائیل ۳۹تا۴۳

(۲) الصافات ۱۴۹تا۱۶۳

وَمَا تَهْوَى الْاَنْفُسُ ۚ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مِّنْ رَّبِّهِمُ الْهُدٰىۗ ﴿۲۳﴾ (۱)

ترجمہ: اب ذرا بتاؤ تم نے کبھی اس لات اور عزیٰ اور تیسری ایک دیوی منات کی حقیقت پر کچھ غور بھی کیا ہے؟ کیا بیٹے تمہارے لئے ہیں اور بیٹیاں اللہ کے لئے؟ یہ تو پھر بڑی دھاندلی کی تقسیم ہوئی! دراصل یہ کچھ نہیں ہیں مگر بس چند نام جو تم نے اور تمہارے باپ دادا نے رکھ لیے ہیں اللہ نے ان کے لئے کوئی سند نازل نہیں کی، حقیقت یہ ہے کہ لوگ محض وہم وگمان کی پیروی کر رہے ہیں اور خواہشات نفس کے مرید بنے ہوئے ہیں حالاں کہ ان کے رب کی طرف سے ان کے پاس ہدایت آچکی ہے۔

مشرکین مکہ جنوں کو بھی اللہ کا شریک جان کر ان کی عبادت کرتے تھے، اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ الْجِنَّ وَخَلَقَهُمْ وَخَرَقُوْا لَهٗ بَنِيْنَ وَبَنٰتٍۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۭ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ اَنّٰى يَكُوْنُ لَهٗ وَلَدٌ وَّلَمْ تَكُنْ لَّهٗ صَاحِبَةٌ ۭ وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ ۚ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۱۰۱﴾ (۲)

ترجمہ: اس پر بھی لوگوں نے جنوں کو اللہ کا شریک ٹھہرا دیا حالانکہ وہ ان کا خالق ہے، اور بے جانے بوجھے اس کے لئے بیٹے اور بیٹیاں تصنیف کر دیں حالانکہ وہ پاک اور بالاتر ہے ان باتوں سے جو یہ لوگ کہتے ہیں، وہ تو آسمانوں اور زمین کا موجد ہے اس کا کوئی بیٹا کیسے ہو سکتا ہے جب کہ کوئی اس کی شریک زندگی ہی نہیں ہے، اس نے ہر چیز کو پیدا کیا ہے اور وہ ہر چیز کا علم رکھتا ہے۔

وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ﴿۱۱۱﴾ (۳)

ترجمہ: اور کہو تعریف ہے اس اللہ کے لئے جس نے نہ کسی کو بیٹا بنایا، نہ کوئی بادشاہی میں اس کا شریک ہے اور نہ وہ عاجز ہے کہ کوئی اس کا پشتبان ہو، اور اس کی بڑائی بیان کرو کمال درجے کی بڑائی۔

اہل کتاب یہود ونصاریٰ میں بھی اللہ کی اولاد ہونے کا تصور پیدا ہو گیا

قَالُوا: إِنَّ اللَّهَ أَوْحَى إِلَى إِسرائيل أن وَلَدَكَ بِكْرَكَ مِنَ الْوَلَدِفَيُدْخِلُهُمُ النَّارَ فَيَكُونُونَ فِيهَا أَرْبَعِينَ لَيْلَةً حَتَّى تُطَهِّرَهُمْ وَتَأْكُلَ خَطَايَاهُمْ، ثُمَّ يُنَادِ مُنَادٍ أَنْ أَخْرِجُوا كُلَّ مَخْتُونٍ مِنْ وَلَدِ إِسْرَائِيلَ. فَأَخْرِجُوهُمْ

چنانچہ یہود ونصاریٰ کا یہ قول ہے کہ اللہ تعالیٰ نے یعقوب علیہ السلام کی طرف وحی بھیجی کہ تیری اولاد میری اولین اولاد ہے، میں اسے آگ میں داخل کروں گا اور وہ چالیس دن تک اس میں رہے گی حتیٰ کہ آگ اس کا دامن اعمال پاک کر دے گی اور اس کے گناہوں اور خطاؤں کو نگل جائے گی، پھر ندا دی جائے گی کہ بنی اسرائیل میں سے ہر ایک مختون کو (آگ سے) نکال دو۔ (۴)

اس لئے یہود بڑے فخر سے کہتے تھے کہ ہم اللہ کے بیٹے اور اس کے چہیتے ہیں اس لئے ہمیں کوئی سزا نہیں ملے گی، اللہ تعالیٰ نے ان کے قول

(۱) النجم ۱۹تا۲۳

(۲) الانعام ۱۰۰، ۱۰۱

(۳) بنی اسرائیل ۱۱۱

(۴) تفسیرابن کثیر ۶۸/ ۳

کی تردید میں فرمایا:

وَقَالَتِ الْيَهُودُ وَالنَّصٰرٰى نَحْنُ اَبْنٰٓؤُا اللّٰهِ وَاَحِبَّآؤُهٗ ؕ قُلْ فَلِمَ يُعَذِّبُكُمْ بِذُنُوْبِكُمْ ؕ بَلْ اَنْتُمْ بَشَرٌ مِّمَّنْ خَلَقَ ؕ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ؗ وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ﴿۱۸﴾ (۱)

ترجمہ: یہود و نصاریٰ کہتے ہیں کہ ہم اللہ کے بیٹے اور اس کے چہیتے ہیں،ان سے پوچھو پھر وہ تمہارے گناہوں پر تمہیں سزا کیوں دیتا ہے؟ درحقیقت تم بھی ویسے ہی انسان ہو جیسے اور انسان اللہ نے پیدا کیے ہیں، وہ جسے چاہتا ہے معاف کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے سزا دیتا ہے، زمین اور آسمان اور ان کی ساری موجودات اس کی ملک ہیں اور اسی کی طرف سب کو جانا ہے۔

وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا ﴿۸۸﴾ لَقَدْ جِئْتُمْ شَيْئًا اِدًّا ﴿۸۹﴾ تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنْشَقُّ الْاَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا ﴿۹۰﴾ اَنْ دَعَوْا لِلرَّحْمٰنِ وَلَدًا ﴿۹۱﴾ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لِلرَّحْمٰنِ اَنْ يَّتَّخِذَ وَلَدًا ﴿۹۲﴾ (۲)

ترجمہ: وہ کہتے ہیں کہ رحمان نے کسی کو بیٹا بنالیا ہے، سخت بیہودہ بات ہے جو تم گھڑلائے ہو، قریب ہے کہ آسمان پھٹ پڑیں، زمین شق ہو جائے اور پہاڑ گر جائیں اس بات پر کہ لوگوں نے رحمان کے لئے اولاد ہونے کا دعویٰ کیا، رحمان کی یہ شان نہیں کہ وہ کسی کو بیٹا بنائے۔

وَجَعَلُوْا لَهٗ مِنْ عِبَادِهٖ جُزْءًا ؕ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَكَفُوْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۵﴾ (۳)

ترجمہ: (یہ سب کچھ جانتے اور مانتے ہوئے بھی) ان لوگوں نے اس کے بندوں میں سے بعض کو اس کا جز بناڈالا حقیقت یہ ہے کہ انسان کھلا احسان فراموش ہے۔

تَبٰرَكَ الَّذِيْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰى عَبْدِهٖ لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرَا ۙ ﴿۱﴾ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ فَقَدَّرَهٗ تَقْدِيْرًا ﴿۲﴾ (۴)

ترجمہ: نہایت متبرک ہے وہ جس نے یہ فرقان اپنے بندے پر نازل کیا تاکہ سارے جہان والوں کے لئے خبردار کر دینے والا ہو، وہ جو زمین اور آسمانوں کی بادشاہی کا مالک ہے جس نے کسی کو بیٹا نہیں بنایا ہے، جس کے ساتھ بادشاہی میں کوئی شریک نہیں ہے جس نے ہر چیز کو پیدا کیا پھر اس کی ایک تقدیر مقرر کی۔

وَيَجْعَلُوْنَ لِمَا لَا يَعْلَمُوْنَ نَصِيْبًا مِّمَّا رَزَقْنٰهُمْ ؕ تَاللّٰهِ لَتُسْئَلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ تَفْتَرُوْنَ ﴿۵۶﴾ (۵)

ترجمہ: یہ لوگ جن کی حقیقت سے واقف نہیں ہیں ان کے حصے ہمارے دیے ہوئے رزق میں سے مقرر کرتے ہیں، اللہ کی قسم ضرور تم سے پوچھا جائے گا کہ یہ جھوٹ تم نے کیسے گھڑ لئے تھے۔

---

(۱) المائدة ۱۸

(۲) مریم ۸۸ تا ۹۲

(۳) الزخرف ۱۵

(۴) الفرقان ۱،۲

(۵) النحل ۵۶

مشرکین اور اہل کتاب کے عقیدے کے برعکس اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

مَا اتَّخَذَ اللّٰهُ مِنْ وَّلَدٍ وَّمَا كَانَ مَعَهٗ مِنْ اِلٰهٍ ... ﴿۹۱﴾ (۱)

ترجمہ: اللہ نے کسی کو اپنی اولاد نہیں بنایا ہے اور کوئی دوسرا الٰہ اس کے ساتھ نہیں ہے۔

... اِنَّمَا اللّٰهُ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۗ سُبْحٰنَهٗٓ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗ وَلَدٌ ۘ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ... ﴿۱۷۱﴾ (۲)

ترجمہ: اللہ تو بس ایک ہی الٰہ ہے، وہ پاک ہے اس سے کہ کوئی اس کا بیٹا ہو، جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے سب اس کی ملک ہے۔

چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا

اَلَآ اِنَّهُمْ مِّنْ اِفْكِهِمْ لَيَقُوْلُوْنَ ﴿۱۵۱﴾ وَلَدَ اللّٰهُ ۙ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۱۵۲﴾ (۳)

ترجمہ: خوب سن رکھو دراصل یہ لوگ اپنی من گھڑت سے یہ بات کہتے ہیں کہ اللہ اولاد رکھتا ہے اور فی الواقع یہ جھوٹے ہیں۔

... اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَاِيَّايَ فَارْهَبُوْنِ ﴿۵۱﴾ وَلَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَهُ الدِّيْنُ وَاصِبًا ۭ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَتَّقُوْنَ ﴿۵۲﴾ (۴)

ترجمہ: اللہ کا فرمان ہے کہ دو الٰہ نہ بنالو، اللہ تو بس ایک ہی ہے لہذا تم مجھ سے ہی ڈرو، اسی کا ہے وہ سب کچھ جو آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے اور خالصا اسی کا دین (ساری کائنات میں) چل رہا ہے، پھر کیا اللہ کو چھوڑ کر تم کسی اور سے تقویٰ کرو گے؟

وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ﴿۴﴾ (الاخلاص ۴)

اور نہ کوئی اس کا ہمسر ہے۔

اس کی ذات بابرکت بہت بلند ہے، اس عظیم الشان کائنات میں کوئی اس کی ذات وصفات اور افعال میں اس کا ہمسر نہیں، نہ کبھی تھا اور نہ کبھی ہوسکتا ہے، جیسے فرمایا:

... لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ ... ﴿۱۱﴾ (۵)

ترجمہ: کائنات کی کوئی چیز اس کے مشابہ نہیں۔

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قَالَ اللَّهُ: كَذَّبَنِي ابْنُ آدَمَ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ ذَلِكَ، وَشَتَمَنِي وَلَمْ يَكُنْ لَهُ ذَلِكَ، فَأَمَّا تَكْذِيبُهُ إِيَّايَ فَقَوْلُهُ: لَنْ يُعِيدَنِي، كَمَا بَدَأَنِي، وَلَيْسَ أَوَّلُ الخَلْقِ بِأَهْوَنَ عَلَيَّ مِنْ

(۱) المومنون۹۱

(۲) النساء۱۷۱

(۳) الصافات ۱۵۱،۱۵۲

(۴) النحل ۵۱،۵۲

(۵) الشوریٰ۱۱

إِعَادَتِهِ، وَأَمَّا شَتْمُهُ إِيَّايَ فَقَوْلُهُ: اتَّخَذَ اللَّهُ وَلَدًا وَأَنَا الأَحَدُ الصَّمَدُ، لَمْ أَلِدْ وَلَمْ أُولَدْ، وَلَمْ يَكُنْ لِي كُفُئًا أَحَدٌ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ابن آدم مجھے جھٹلاتا ہے حالانکہ اسے ایسا کرنا نہیں چاہیے، مجھے گالیاں دیتا ہے اور اسے یہ بھی لائق نہ تھا، اس کا مجھے جھٹلانا تو یہ ہے کہ وہ کہتا ہے جس طرح اولا اللہ نے مجھے پیدا کیا ایسے ہی پھر نہیں لوٹائے گا حالانکہ پہلی مرتبہ کی پیدائش دوسری مرتبہ کی پیدائش سے کچھ آسان تو نہ تھی جب میں اس پر قادر ہوں تو اس پر کیوں نہیں؟ اور اس کا مجھے گالیاں دینا یہ ہے کہ وہ کہتا ہے اللہ کی اولاد ہے حالانکہ میں ایک ہوں، بے نیاز ہوں، میں نے کسی کو جنا ہے نہ کسی سے پیدا ہوا ہوں اور نہ کوئی میرا ہمسر ہے۔[1]

اس سورت میں ان تمام لوگوں کے عقائد کار دفرما دیا گیا جیسے دہریے جو سرے سے ہی اللہ کو تسلیم نہیں کرتے، اور ان تمام گروہوں کا بھی جو متعدد خداؤں کے قائل ہیں، جیسے مجوس جو دو خداؤں کے قائل ہیں یہود کا ایک گروہ جو عزیر علیہ السلام کو اللہ کا بیٹا مانتے ہیں اور نصاریٰ جو عیسیٰ علیہ السلام اور ان کی پاک دامن والدہ مریم کو اللہ کا بیٹا اور بیوی مانتے ہیں اور کوئی رسول رب العالمین صلی اللہ علیہ وسلم کو نور من نور اللہ کہتا ہے۔

## فضیلت:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مختصر مگر پر عظمت سورت کو جو خالص توحید بیان کرتی ہے، ایک تہائی قرآن کے برابر قرار دیا،

عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الخُدْرِيِّ، أَنَّ رَجُلًا سَمِعَ رَجُلًا يَقْرَأُ: قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ يُرَدِّدُهَا، فَلَمَّا أَصْبَحَ جَاءَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذَلِكَ لَهُ، وَكَأَنَّ الرَّجُلَ يَتَقَالُّهَا فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ إِنَّهَا لَتَعْدِلُ ثُلُثَ القُرْآنِ

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے انہوں نے قتادہ بن نعمان رضی اللہ عنہ کو رات کے وقت اس سورت کو پڑھتے ہوئے سنا، صبح کے وقت آ کر اس نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ذکر کیا گویا کہ وہ اسے ہلکے ثواب کا کام جانتا تھا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے یہ سورت ایک تہائی قرآن کے برابر ہے۔[2]

تہائی کے برابر، اس کے متعلق اہل علم کے مختلف اقوال ہیں بعض کہتے ہیں کہ یہ اپنے مضمون کے لحاظ سے تہائی کے برابر ہے کیونکہ دین کی بنیاد تین چیزوں پر ہے توحید، رسالت اور آخرت، اس میں کامل واکمل توحید کا بیان ہے۔

بَعْضُ الْعُلَمَاءِ عَلَى ظَاهِرِهِ فَقَالَ هِيَ ثُلُثٌ بِاعْتِبَارِ مَعَانِي الْقُرْآنِ لِأَنَّهُ أَحْكَامٌ وَأَخْبَارٌ وَتَوْحِيدٌ وَقَدِ اشْتَمَلَتْ هِيَ عَلَى الْقِسْمِ الثَّالِثِ فَكَانَتْ ثُلُثًا بِهَذَا الِاعْتِبَارِ وَيُسْتَأْنَسُ،

بعض اہل علم کا یہ خیال ہے کہ اسے ایک تہائی قرآن اس لیے کہا گیا ہے کہ قرآن میں احکام، اخبار اور اللہ تعالیٰ کی توحید بیان کی گئی ہے اور یہ

[1] صحیح بخاری کتاب تفسیرباب سورۃ قل ھواللہ احد ۴۹۷۴

[2] صحیح بخاری کتاب فضائل القرآن بَابُ فَضْلِ قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ ۵۰۱۳،وکتاب التوحیدالجھمیة بَابُ مَا جَاءَ فِي دُعَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُمَّتَهُ إِلَى تَوْحِيدِ اللَّهِ تَبَارَكَ وَتَعَالَى ۷۳۷۴، صحیح مسلم کتاب فضائل القرآن بَابُ فَضْلِ قِرَاءَةِ قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ ۱۸۸۶ ، سنن ابوداود کتاب الْوِتْرِ بَابٌ فِي سُورَةِ الصَّمَدِ ۱۴۶۱،سنن نسائی كِتَابُ الِافْتِتَاحِ باب الْفَضْلُ فِي قِرَاءَةِ قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ ۹۹۶،جامع ترمذی کتاب فضائل القرآن بَابُ مَا جَاءَ فِي سُورَةِ الإِخْلَاصِ ۲۹۰۰

سورت تیسرے حصے پر مشتمل ہے لہذا یہ تہائی قرآن ہے،

لِهَذَا بِمَا أَخْرَجَهُ أَبُو عُبَيْدَةَ مِنْ حَدِيثِ أَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ جَزَّأَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقُرْآنَ ثَلَاثَةَ أَجْزَاءٍ فَجَعَلَ قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ جُزْءًا مِنْ أَجْزَاءِ الْقُرْآنِ

ان کی دلیل صحیح مسلم کی روایت ہے نبی کریم صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم کو تین حصوں میں تقسیم فرمایا چنانچہ سورۃ الاخلاص کو تیسرا حصہ بنایا۔ (۱)

فَقَالَ مَعْنَى كَوْنِهَا ثُلُثَ الْقُرْآنِ أَنَّ ثَوَابَ قِرَاءَتِهَا يَحْصُلُ لِلْقَارِئِ مِثْلَ ثَوَابِ مَنْ قَرَأَ ثُلُثَ الْقُرْآنِ

اور بعض کے نزدیک اس سے مراد یہ ہے کہ اس کی تلاوت کا ثواب ایک تہائی قرآن کی تلاوت کے برابر ہے، تفصیل کے لیے دیکھیے۔ (۲)

اس لئے صحابہ کرام اس سورت کو بہت محبوب جانتے تھے،

عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ رَجُلًا عَلَى سَرِيَّةٍ، وَكَانَ يَقْرَأُ لِأَصْحَابِهِ فِي صَلَاتِهِمْ فَيَخْتِمُ بِقُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ، فَلَمَّا رَجَعُوا ذَكَرُوا ذَلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ:سَلُوهُ لِأَيِّ شَيْءٍ يَصْنَعُ ذَلِكَ؟، فَسَأَلُوهُ، فَقَالَ: لِأَنَّهَا صِفَةُ الرَّحْمَنِ، وَأَنَا أُحِبُّ أَنْ أَقْرَأَ بِهَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:أَخْبِرُوهُ أَنَّ اللَّهَ يُحِبُّهُ

ام المومنین عائشہ عائشہ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا سے مروی ہے رسول اللہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے ایک شخص کو کسی مہم پر دستہ کا سردار بنا کر روانہ فرمایا اس سفر میں ان کا مستقل طریقہ یہ رہا کہ وہ ہر نماز میں وہ اپنی قراءت سورہ الاخلاص پر ختم کرتے تھے جب یہ لوگ واپس لوٹے تو لوگوں نے رسول اللہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سے اس بات کا ذکر کیا آپ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا ان سے دریافت کرو وہ ایسا کیوں کرتے تھے؟لوگوں نے ان سے پوچھا تو انہوں نے جواب دیا اس میں رحمان کی صفت بیان کی گئی ہے اس لئے اس کا پڑھنا مجھے بہت پسندیدہ ہے،رسول اللہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے جب یہ بات سنی تو فرمایا ان کو خبر دے دو کہ اللہ تعالیٰ انہیں محبوب رکھتا ہے (۳)

عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ،كَانَ رَجُلٌ مِنَ الأَنْصَارِ يَؤُمُّهُمْ فِي مَسْجِدِ قُبَاءٍ، وَكَانَ كُلَّمَا افْتَتَحَ سُورَةً يَقْرَأُ بِهَا لَهُمْ فِي الصَّلاَةِ مِمَّا يَقْرَأُ بِهِ افْتَتَحَ: بِقُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ حَتَّى يَفْرُغَ مِنْهَا، ثُمَّ يَقْرَأُ سُورَةً أُخْرَى مَعَهَا، وَكَانَ يَصْنَعُ ذَلِكَ فِي كُلِّ رَكْعَةٍ،فَكَلَّمَهُ أَصْحَابُهُ، فَقَالُوا: إِنَّكَ تَفْتَتِحُ بِهَذِهِ السُّورَةِ، ثُمَّ لاَ تَرَى أَنَّهَا تُجْزِئُكَ حَتَّى تَقْرَأَ بِأُخْرَى، فَإِمَّا تَقْرَأُ بِهَا وَإِمَّا أَنْ تَدَعَهَا، وَتَقْرَأُ بِأُخْرَى،

انس رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ سے مروی ہے انصار میں ایک شخص ( کلثوم بن ہدم رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ) مسجد قبا میں امامت کرتے تھے،ان کا طریقہ یہ تھا کہ ہر رکعت میں

---

(۱) صحیح مسلم كِتَابُ صَلَاةِ الْمُسَافِرِينَ وَقَصْرِهَا بَابُ فَضْلِ قِرَاءَةِ قُلْ هُوَ اللهُ أَحَدٌ ۱۸۸۷

(۲) فتح الباری ۶۰،۶۱؍۹ تحت حدیث ۵۰۱۳

(۳) صحيح بخارى كتاب التوحيد الجهمية بَابُ مَا جَاءَ فِي دُعَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُمَّتَهُ إِلَى تَوْحِيدِ اللَّهِ تَبَارَكَ وَتَعَالَى ۷۳۷۵،صحيح مسلم كتاب صلاة المسافرين باب فضل قراءقُلْ هُوَاللّٰهُ اَحَدٌ ۱۸۹۰،سنن نسائى كتاب الافتتاح باب الْفَضْلُ فِي قِرَاءَةِ قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ ۹۹۴

پہلے قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ تلاوت کرتے اور بعد میں کوئی دوسری سورت تلاوت فرماتے اور وہ ہر رکعت میں ایسا ہی کرتے، لوگوں نے ان کے اس طریقہ پر اعتراض کیا اور کہا کہ تم قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پڑھتے ہو اور اس کو کافی نہ سمجھ کر اس کے ساتھ دوسری سورت بھی ملا لیتے ہو، یہ صحیح نہیں، یا تو صرف سورہ الاخلاص پڑھو اور یا اس کو چھوڑ کر کوئی اور سورت پڑھ لیا کرو،

فَقَالَ:مَا أَنَا بِتَارِكِهَا، إِنْ أَحْبَبْتُمْ أَنْ أَؤُمَّكُمْ بِذَلِكَ فَعَلْتُ، وَإِنْ كَرِهْتُمْ تَرَكْتُكُمْ، وَكَانُوا يَرَوْنَ أَنَّهُ مِنْ أَفْضَلِهِمْ، وَكَرِهُوا أَنْ يَؤُمَّهُمْ غَيْرُهُ، فَلَمَّا أَتَاهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخْبَرُوهُ الخَبَرَ، فَقَالَ:يَا فُلاَنُ، مَا يَمْنَعُكَ أَنْ تَفْعَلَ مَا يَأْمُرُكَ بِهِ أَصْحَابُكَ، وَمَا يَحْمِلُكَ عَلَى لُزُومِ هَذِهِ السُّورَةِ فِي كُلِّ رَكْعَةٍ، فَقَالَ: إِنِّي أُحِبُّهَا فَقَالَ: حُبُّكَ إِيَّاهَا أَدْخَلَكَ الجَنَّةَ

انہوں نے فرمایا میں اسے ہر گز نہیں چھوڑوں گا اگر تم لوگ چاہتے ہو کہ میں تمہاری امامت کروں تو ٹھیک ہے ورنہ میں چھوڑ دیتا ہوں وہ لوگ انہیں اپنے میں سب سے افضل سمجھتے تھے لہذا کسی اور کی امامت پسند نہیں کرتے تھے، آخر یہ معاملہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں پیش کیا گیا آپ ﷺ نے ان سے دریافت کیا تمہارے ساتھی جو چاہتے ہیں اسے قبول کرنے میں تمہیں کیا چیز مانع ہے؟ تمہیں ہر رکعت میں یہ سورت پڑھنے پر کس بات نے آمادہ کیا ہے؟ انہوں نے عرض کیا اے اللہ کے رسول اللہ ﷺ! مجھے اس سورت سے بہت محبت ہے، آپ ﷺ نے فرمایا اس سورۃ سے تمہاری محبت نے تمہیں جنت میں داخل کر دیا۔ [1]

عَنْ أَنَسٍ،أَنَّ رَجُلاً قَالَ: يَا رَسُولَ اللهِ إِنِّي أُحِبُّ هَذِهِ السُّورَةَ: قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ. فَقَالَ: إِنَّ حُبَّكَ إِيَّاهَا يُدْخِلُكَ الجَنَّةَ

انس رضی اللہ عنہ بن مالک سے مروی ہے ایک شخص نے آپ ﷺ سے کہا اے اللہ کے رسول ﷺ! میں اس سورت سے بہت محبت رکھتا ہوں، آپ نے فرمایا اس کی محبت نے تجھے جنت میں پہنچا دیا۔ [2]

عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الخُدْرِيِّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَصْحَابِهِ:أَيَعْجِزُ أَحَدُكُمْ أَنْ يَقْرَأَ ثُلُثَ القُرْآنِ فِي لَيْلَةٍ؟فَشَقَّ ذَلِكَ عَلَيْهِمْ وَقَالُوا: أَيُّنَا يُطِيقُ ذَلِكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ فَقَالَ:اللَّهُ الوَاحِدُ الصَّمَدُ ثُلُثُ القُرْآنِ،

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم ﷺ نے اپنے اصحاب سے فرمایا کیا تم سے یہ نہیں ہوسکتا کہ ایک رات میں ایک تہائی قرآن پڑھ لو؟ صحابہ پر یہ بھاری پڑا اور وہ کہنے لگے، بھلا اتنی طاقت تو ہر ایک میں نہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا سنو سورۃ الاخلاص تہائی قرآن ہے۔ [3]

عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو :أَنَّ أَبَا أَيُّوبَ الْأَنْصَارِيَّ كَانَ فِي مَجْلِسٍ وَهُوَ يَقُولُ: أَلَا يَسْتَطِيعُ أَحَدُكُمْ أَنْ يَقُومَ بِثُلُثِ الْقُرْآنِ كُلَّ لَيْلَةٍ؟قَالُوا: وَهَلْ يَسْتَطِيعُ ذَلِكَ؟ قَالَ:فَإِنَّ قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ ثُلُثُ الْقُرْآنِ، قَالَ: فَجَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَسْمَعُ أَبَا أَيُّوبَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:صَدَقَ أَبُو أَيُّوبَ

عبداللہ بن عمرو سے مروی ہے ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کسی مجلس میں بیٹھے ہوئے فرما رہے تھے کہ کیا تم میں سے کسی سے یہ نہیں ہوسکتا کہ ہر

---

[1] صحیح بخاری کتاب الاذان بَابُ الجَمْعِ بَيْنَ السُّورَتَيْنِ فِي الرَّكْعَةِ

[2] جامع ترمذی کتاب فضائل القران بَابُ مَا جَاءَ فِي سُورَةِ الإِخْلَاصِ ۲۹۰۱، مسند احمد ۱۲۴۳۲

[3] صحیح بخاری کتاب فضائل القرآن بَابُ فَضْلِ قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ ۵۰۱۵

رات تہائی قرآن پڑھ لیا کرے؟صحابہ کہنے لگے یہ کس سے ہو سکے گا؟انہوں نے فرمایا سورہ الاخلاص تہائی قرآن کے برابر ہے،اتنے میں رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم بھی تشریف لے آئے،آپ نے سن لیا اور فرمایا ابوایوب سچ کہتے ہیں۔ (١)

اس رویت کی سند میں ابن لھیعہ ضعیف راوی ہے۔

مگر سورت اخلاص کا تہائی قرآن کے برابر ہونا صحیح بخاری ۵۰۱۳،۷۳۷۴ اور صحیح مسلم ۱۸۸۶ وغیرہ میں موجود ہے)

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ:قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: احْشُدُوا فَإِنِّي سَأَقْرَأُ عَلَيْكُمْ ثُلُثَ الْقُرْآنِ،قَالَ: فَحَشَدَ مَنْ حَشَدَ، ثُمَّ خَرَجَ نَبِيُّ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَرَأَ قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ ثُمَّ دَخَلَ،فَقَالَ بَعْضُنَا لِبَعْضٍ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَإِنِّي سَأَقْرَأُ عَلَيْكُمْ ثُلُثَ الْقُرْآنِ إِنِّي لَأُرَى هَذَا خَبَرًا جَاءَهُ مِنَ السَّمَاءِ،ثُمَّ خَرَجَ نَبِيُّ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: إِنِّي قُلْتُ سَأَقْرَأُ عَلَيْكُمْ ثُلُثَ الْقُرْآنِ، أَلَا وَإِنَّهَا تَعْدِلُ بِثُلُثِ الْقُرْآنِ

ابوہریرہ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ سے مروی ہے رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم نے صحابہ کرام رَضِیَ اللهُ عَنْهُم سے فرمایا جمع ہو جاؤ،میں تمہیں آج تہائی قرآن سناؤں گا،لوگ جمع ہو کر بیٹھ گئے،آپ گھر سے آئے سورہ الاخلاص پڑھی اور پھر گھر چلے گئے،اب صحابہ کرام میں باتیں ہونے لگیں کہ وعدہ تو رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کا یہ تھا کہ تہائی قرآن سنائیں گے شاید آسمان سے کوئی وحی آگئی ہو اتنے میں آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم پھر واپس آئے اور فرمایا میں نے تم سے تہائی قرآن سنانے کا وعدہ کیا تھا سنو یہ سورت تہائی قرآن کے برابر ہے۔ (٢)

عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ،عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:أَيَعْجِزُ أَحَدُكُمْ أَنْ يَقْرَأَ فِي لَيْلَةٍ ثُلُثَ الْقُرْآنِ؟قَالُوا: وَكَيْفَ يَقْرَأُ ثُلُثَ الْقُرْآنِ؟قَالَ:قُلْ هُوَ اللهُ أَحَدٌ تَعْدِلُ ثُلُثَ الْقُرْآنِ

ابوالدرداء رَضِیَ اللهُ عَنْهُ سے مروی ہے رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم نے فرمایا کیا تم اس سے عاجز ہو کہ ہر دن تہائی قرآن پڑھ لیا کرو؟لوگوں نے کہا اے اللہ کے رسول صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم تہائی قرآن کیوں کر پڑھے؟آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم نے فرمایا سورہ الاخلاص تہائی قرآن کے برابر ہے۔

عَنْ قَتَادَةَ، إِنَّ اللهَ جَزَّأَ الْقُرْآنَ ثَلَاثَةَ أَجْزَاءٍ، فَجَعَلَ قُلْ هُوَ اللهُ أَحَدٌ جُزْءًا مِنْ أَجْزَاءِ الْقُرْآنِ

قتادہ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ سے مروی ہے آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے قرآن کے تین حصے کیے ہیں سورہ الاخلاص تیسرا حصہ ہے۔ (٣)

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: أَقْبَلْتُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَسَمِعَ رَجُلًا يَقْرَأُ: قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ اللَّهُ الصَّمَدُ،فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَجَبَتْ، قُلْتُ: مَا وَجَبَتْ؟قَالَ: الجَنَّةُ

ابوہریرہ رَضِیَ اللهُ عَنْهُ سے مروی ہے ایک مرتبہ میں رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کے ساتھ کہیں سے آرہا تھا، آپ نے ایک شخص کو سورہ الاخلاص کی تلاوت

---

(١) مسند احمد ٢٦١٣

(٢) صحيح مسلم كتاب صلاة المسافرين بَابُ فَضْلِ قِرَاءَةِ قُلْ هُوَ اللهُ أَحَدٌ ١٨٨٨،جامع ترمذی كتاب فضائل القرآن بَابُ مَا جَاءَ فِي سُورَةِ الإِخْلَاصِ ٢٨٩٩،مسند احمد ٩٥٣٥،شرح مشكل الآثار ١٢٢٣،مسند ابی یعلی ٦١٨٠

(٣) صحيح مسلم كتاب صلاة المسافرين بَابُ فَضْلِ قِرَاءَةِ قُلْ هُوَ اللهُ أَحَدٌ ١٨٨٧

کرتے ہوئے سنا، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا واجب ہوگئی، میں نے پوچھا کیا واجب ہوگئی؟ فرمایا جنت۔ (۱)

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ رَجُلًا يَقُولُ: اللَّهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ أَنِّي أَشْهَدُ أَنَّكَ أَنْتَ اللَّهُ، لَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ، الْأَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِي لَمْ يَلِدْ، وَلَمْ يُولَدْ، وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُوًا أَحَدٌ ،فَقَالَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَقَدْ سَأَلَ اللَّهَ بِاسْمِهِ الْأَعْظَمِ الَّذِي إِذَا دُعِيَ بِهِ أَجَابَ، وَإِذَا سُئِلَ بِهِ أَعْطَى

بریدہ اسلمی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم ﷺ مسجد میں تشریف لائے دیکھا کہ ایک شخص نماز پڑھ رہا ہے دعا مانگ رہا ہے، اپنی دعا میں کہتا ہے اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اس بات کی گواہی دے کر کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو اکیلا ہے، بے نیاز ہے، نہ اس کے ماں باپ، نہ اولاد نہ ہمسر اور ساتھی کوئی اور، یہ سن کر آپ ﷺ فرمانے لگے اللہ کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اس نے اسم اعظم کے ساتھ دعا مانگی ہے، اللہ کے اس بڑے نام کے ساتھ کہ جب کبھی اس نام کے ساتھ سوال کیا جائے تو عطا ہو اور جب کبھی اس نام کے ساتھ دعا کی جائے قبول ہو۔ (۲)

عَنْ عَائِشَةَ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا أَوَى إِلَى فِرَاشِهِ كُلَّ لَيْلَةٍ جَمَعَ كَفَّيْهِ، ثُمَّ نَفَثَ فِيهِمَا فَقَرَأَ فِيهِمَا: قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ وَقُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ الفَلَقِ وَقُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ، ثُمَّ يَمْسَحُ بِهِمَا مَا اسْتَطَاعَ مِنْ جَسَدِهِ، يَبْدَأُ بِهِمَا عَلَى رَأْسِهِ وَوَجْهِهِ وَمَا أَقْبَلَ مِنْ جَسَدِهِ يَفْعَلُ ذَلِكَ ثَلاَثَ مَرَّاتٍ

ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے نبی کریم ﷺ رات کے وقت جب بستر پر جاتے تو ہر رات سورہ الاخلاص، سورہ الفلق اور سورہ الناس کو پڑھ کر اپنی دونوں ہتھیلیاں ملا کر ان پر دم کر کے اپنے جسم مبارک پر پھیر لیا کرتے، جہاں تک ہاتھ پہنچتے پہنچاتے، پہلے سر پر، پھر منہ پر، پھر اپنے سامنے کے جسم پر، تین مرتبہ اسی طرح کرتے۔ (۳) الغرض بے شمار روایات میں معوذات تلاوت کرنے کی بڑی فضیلت بیان کی گئی ہے۔

### ابو قیس رضی اللہ عنہ بن حارث سہمی کا اسلام

ان کا نسب نامہ یہ ہے

بْن قَيْس بْن عَدِيّ بْن سَعْدِ بْن سهم ، وكان قَيْس بْن عَدِيّ سيد قريش غير مدافع

ابو قیس رضی اللہ عنہ بن حارث بن قیس بن عدی بن سعد بن سہم، ان کا دادا قیس بن عدی قریش کے سرداروں میں سے تھا۔ (۴)

وَكَانَ أبوه الحارث بن قيس أحد المستهزءين الَّذِينَ جعلوا القرآن عضين وجده قيس بْن عدي

---

(۱) جامع ترمذی کتاب فضائل القرآن بَابُ مَا جَاءَ فِي سُورَةِ الإِخْلاَصِ ۲۸۹۷

(۲) سنن ابوداودکتاب الوتربَابُ الدُّعَاءِ۱۴۹۳،جامع ترمذی کتاب الدعوات بَابُ جَامِعِ الدَّعَوَاتِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۳۴۷۵،سنن ابن ماجه کتاب الدعاء بَابُ اسْمِ اللَّهِ الْأَعْظَمِ ۳۸۵۷

(۳) صحیح بخاری کتاب فضائل القرآن بَابُ فَضْلِ المُعَوِّذَاتِ۵۰۱۷

(۴) اسد الغابة۲۵۱/۶،الاستيعاب في معرفة الأصحاب ۱۷۳۷/۴

اور باپ حارث بن قیس بھی مشرکین کا سرغنہ تھا یہ ان شریر النفس لوگوں میں سے تھا جو قرآن کا مذاق اڑایا کرتے تھے۔
(۱) یہ آیات مبارکہ ایسے ہی لوگوں کے بارے میں نازل ہوئی تھی،

الَّذِیْنَ جَعَلُوا الْقُرْاٰنَ عِضِیْنَ ۝۹۱ فَوَرَبِّكَ لَنَسْــَٔـلَنَّهُمْ اَجْمَعِیْنَ ۝۹۲ عَمَّا كَانُوْا یَعْمَلُوْنَ ۝۹۳ فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِیْنَ ۝۹۴ اِنَّا كَفَیْنٰكَ الْمُسْتَهْزِءِیْنَ ۝۹۵ (۲)

ترجمہ: جنہوں نے اپنے قرآن کو ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا ہے، تو قسم ہے تیرے رب کی! ہم ضرور ان سے پوچھیں گے کہ تم کیا کرتے رہے ہو پس اے نبی ﷺ! جس چیز کا تمہیں حکم دیا جا رہا ہے اسے ہانکے پکارے کہہ دو اور شرک کرنے والوں کی ذرا پروانہ کرو تمہاری طرف سے ہم ان مذاق اڑانے والوں کی خبر لینے کے لیے کافی ہیں۔ (۳)

وهو قديم الْإِسْلَام بمكّة

ابو قیس رضی اللہ عنہ دعوت حق کے ابتدائی زمانے میں سعادت اندوز ایمان ہوئے۔ (۴)

كان من السابقين إلى الإسلام

ابو قیس رضی اللہ عنہ بن حارث اسلام قبول کرنے میں سابقون الاولون میں سے تھے۔ (۵)

وهاجر إِلَى أرض الحبشة فِي الهجرة الثانية، فَشَهِدَ أُحُدًا مَعَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا بَعْدَ ذَلِكَ مِنَ الْمَشَاهِدِوَقُتِلَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ شَهِيدًا سَنَةَ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ فِي خِلَافَةِ أَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ

آپ دوسری ہجرت حبشہ میں مسلمانوں کے قافلہ کے ساتھ تھے وہاں کئی سال گزارنے کے بعد غزوہ احد سے پہلے مدینہ منورہ آگئے، آپ غزوہ احد، غزوہ خندق، غزوہ خیبر، فتح مکہ، غزوہ حنین، غزوہ تبوک اور دوسرے تمام غزوات میں رسول اللہ ﷺ کے ہمرکاب تھے، سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ صدیق کے عہد خلافت میں خونریز جنگ یمامہ میں شہید ہوئے۔ (۶)

## مضامین سورۃ الملک:

انسان کی آنکھوں پر پڑے ہوئے غفلت کے پردے ہٹانے کے لیے اس سورۃ میں دین کی بنیادی تعلیمات بالاختصار مذکور ہیں۔

○ اس عظیم الشان کائنات میں حقیقی بادشاہت صرف اللہ تعالیٰ کی ہے، فرمانروائی کے تمام اختیارات بھی بالکلیہ اسی کے ہاتھ میں ہیں، اسی کے ہاتھ میں موت وحیات، عزت وذلت، فقروغنیٰ اور منع وعطا کا نظام ہے، اس کے اس نظام میں کوئی دوسرا حصہ دار یا شریک نہیں ہے، وہ علیم

---

(۱) الاستيعاب في معرفة الأصحاب ۱۷۳۷/۴

(۲) الحجر ۹۱تا۹۵

(۳) أسد الغابة في معرفة الصحابة ۲۵۱/۶

(۴) ابن سعد ۱۹۴/۴

(۵) الإصابة في تمييز الصحابة ۲۷۷/۷

(۶) ابن سعد ۱۹۴/۴

وخبیر ہے، اسے کائنات کے ذرے ذرے کا علم ہے، وہ انسان کے سینے میں پوشیدہ رازوں سے بھی باخبر اور آگاہ ہے، زمین میں چلنے پھرنے کے لیے اسی نے راستے بنائے ہیں، اسی نے اپنی قدرت کاملہ کے ساتھ فضاؤں میں اڑتے ہوئے پرندوں کو تھام ہے، اور وہی اسی زمین سے اپنی تمام مخلوقات کو رزق مہیا کرتا ہے۔

○ اللہ تعالیٰ نے اپنے انبیاء کو بھیج کر اوران پر اپنی کتابیں نازل کر کے اسی دنیا میں نتائج سے خبردار کر دیا ہے، اب اگر اسلامی تعلیمات پر ایمان لا کر اپنا رویہ ٹھیک نہیں کرو گے تو آخرت میں تم حسرت وافسوس سے کہو گے کاش! ہم ان کی بات مان لیتے تو آج اس طرح ذلت ورسوائی برداشت نہ کرنا پڑتی۔

○ رب العالمین کے وجود اور واحدنیت پر تکوینی دلائل دیتے ہوئے فرمایا کہ آسمان کی چھت، اس میں ستاروں کی قندیلیں، زمین کا فرش اور پانی کے بہتے چشمے ایک حکیم وخبیر اور صانع ذات کے وجود کی خبر دے رہے ہیں جس کی تخلیق میں تم کوئی نقص نہیں پاؤ گے۔

○ ایک دن تمہیں لازماً اللہ کی بارگاہ میں اپنے اعمال کی جوابدہی کے لیے پیش ہونا ہے، مگر تم اس بات کی تکذیب کرتے ہو اور بار بار مطالبہ کرتے ہو کہ قیامت یا عذاب لا کر دکھادیا جائے، مگر جب تم جہنم کو دیکھو گے جو غیض وغضب سے جوش مار رہی ہو گی اور یوں محسوس ہو گا کہ مارے جوش کے پھٹ پڑے گی تو تم حواس باختہ ہو جاؤ گے اور تم سے کہہ دیا جائے گا کہ یہی ہے وہ چیز جسے تم طلب کیا کرتے تھے۔

○ اہل مکہ اسلام قبول کرنے کے بجائے رسول اللہ ﷺ کو کوستے اور اہل ایمان کے لیے ہلاکت کی دعائیں مانگتے تھے، فرمایا اگر یہ سبھی مر جائیں یا اللہ ان پر رحم کرے، تمہیں اس سے کیا فائدہ پہنچے گا، تم اپنی فکر کرو کہ اگر اللہ کا عذاب اچانک تم پر آجائے تو تمہیں اس کی گرفت سے کون بچائے گا اور خبردار کیا کہ موت کے بعد تمام حقیقت کھل کر سامنے آجائے گی کہ ہدایت یافتہ کون ہے اور گمراہ کون؟

○ کفار کو دعوت فکر دی گئی کہ اللہ نے زمین کو تمہارے تابع کر رکھا ہے، اگر وہ تمہیں زمین میں دھنسا دے یا تیز وتند طوفان بھیج دے جو تمہیں پیوند خاک کر دے یا تمہارا رزق روک دے یا زمین کی گہرائیوں میں سے پانی کو ناقابل حصول بنادے تو اللہ تعالیٰ کے سوا تمہارے معبودوں میں سے کون ہے جو تمہاری مدد کر سکتا اور تم کو یہ نعمتیں واپس لا کر دینے کی قدرت رکھتا ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے

تَبٰرَكَ الَّذِیۡ بِیَدِهِ الۡمُلۡكُ ۫ وَ هُوَ عَلٰی كُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرُۨ ۙ﴿۱﴾ الَّذِیۡ خَلَقَ الۡمَوۡتَ وَ الۡحَیٰوۃَ

بہت بابرکت ہے وہ (اللہ) جس کے ہاتھ میں بادشاہی ہے اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے، جس نے موت اور حیات

لِیَبۡلُوَكُمۡ اَیُّكُمۡ اَحۡسَنُ عَمَلًا ؕ وَ هُوَ الۡعَزِیۡزُ الۡغَفُوۡرُ ۙ﴿۲﴾ الَّذِیۡ خَلَقَ سَبۡعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ؕ

کو اس لیے پیدا کیا کہ تمہیں آزمائے کہ تم میں اچھے کام کون کرتا ہے اور وہ غالب اور بخشنے والا ہے، جس نے سات آسمان

مَا تَرٰی فِیۡ خَلۡقِ الرَّحۡمٰنِ مِنۡ تَفٰوُتٍ ؕ فَارۡجِعِ الۡبَصَرَ ۙ هَلۡ تَرٰی مِنۡ فُطُوۡرٍ ﴿۳﴾ ثُمَّ ارۡجِعِ

اوپر تلے بنائے (تو اسے دیکھنے والے) اللہ رحمٰن کی پیدائش میں کوئی بے ضابطگی نہ دیکھے گا دوبارہ (نظریں ڈال کر) دیکھ لے کیا

الۡبَصَرَ کَرَّتَیۡنِ یَنۡقَلِبۡ اِلَیۡکَ الۡبَصَرُ خَاسِئًا وَّ هُوَ حَسِیۡرٌ ﴿۴﴾ (الملک ا تا ۴)

کوئی شگاف بھی نظر آرہا ہے، پھر دوہرا کر دو دو بار دیکھ لے تیری نگاہ تیری طرف ذلیل (وعاجز) ہو کر تھکی ہوئی لوٹ آئے گی۔

فرمایا وہ بے انتہا بزرگ اور عظیم ہے، وہ اپنی ذات وصفات وافعال میں اپنے سوا ہر ایک سے بالاتر ہے، اسی کے ہاتھ میں کائنات کی بادشاہی ہے اور وہی سارے اختیارات کا مالک ہے، ہر طرح کی قدرت اور غلبہ اسی کو حاصل ہے، وہ کائنات میں جس طرح کا تصرف کرے کوئی اسے روک نہیں سکتا، کوئی اس کی حکمت ومشیت میں دخل نہیں دے سکتا، کوئی اس کے حکموں کو ٹال نہیں سکتا، اس عظیم ہستی کا کوئی کام بے مقصد نہیں ہوتا اور نہ یہ اس کی شان ہے، اس نے انسان کو ایک مقصد عظیم کے تحت پیدا فرمایا ہے، زندگی وموت کو بھی اسی نے ایجاد کیا ہے ، جیسے فرمایا:

کَیۡفَ تَکۡفُرُوۡنَ بِاللّٰهِ وَ کُنۡتُمۡ اَمۡوَاتًا فَاَحۡیَاکُمۡ ۚ ثُمَّ یُمِیۡتُکُمۡ ثُمَّ یُحۡیِیۡکُمۡ ثُمَّ اِلَیۡهِ تُرۡجَعُوۡنَ ﴿۲۸﴾ [1]

ترجمہ: تم اللہ کے ساتھ کفر کا رویہ کیسے اختیار کرتے ہو حالانکہ تم بے جان تھے اس نے تم کو زندگی عطا کی پھر وہی تمہاری جان سلب کرے گا ، پھر وہی تمہیں دوبارہ زندگی عطا کرے گا پھر اسی کی طرف تمہیں پلٹ کر جانا ہے۔

تاکہ انسانوں کا امتحان لے اور یہ دیکھے کہ کس کا عمل زیادہ بہتر ہے،

عَنْ أَبِي عَجْلَانَ قَالَ: قَالَ اللَّهُ: لِيَبْلُوَكُمْ أَيُّكُمْ أَحْسَنُ عَمَلا وَلَمْ يَقُلْ أَكْثَرُ عَمَلا

محمد بن عجلان کہتے ہیں اللہ تعالیٰ نے یہاں یہ بیان فرمایا ہے کہ کون اچھے کام کرتا ہے یہ نہیں فرمایا کہ کون زیادہ کام کرتا ہے۔[2]

چنانچہ روز محشر اعمال کے نتیجے میں جس شخص کا جیسا عمل ہو گا اس کے مطابق اس کو جزا دی جائے گی، وہ اپنی مخلوق کے حق میں غالب ہونے کے باوجود رحیم وغفور ہے اور گناہگاروں کی توبہ قبول کر کے ان کے گناہوں کو بخش دیتا ہے خواہ وہ آسمان کے کناروں تک پہنچے ہوں اور ان کے عیوب کو چھپاتا ہے خواہ وہ زمین بھر ہوں، اس لئے چند روزہ دنیوی زندگی کو غنیمت جان کر اخروی زندگی میں کامیاب ہونے کی سوچو اور اس کے لئے تگ ودو کرو، وہ ایسی ہستی ہے جس نے آسمانوں کو ایک طبق نہیں بلکہ ایک دوسرے کے اوپر سہاروں کے بغیر سات آسمان بنائے، اور تم رحمان کی تخلیق کردہ پوری کائنات میں کمال درجے کا تناسب تو دیکھو گے مگر کہیں کوئی نقص، بدنظمی، بے ترکیبی اور بے ربطی نہ پاؤ گے، جو اس بات پر دلالت کرتے ہیں کہ ان سب کا پیدا کرنے والا صرف ایک ہی الٰہ ہے متعدد نہیں، کوئی شگاف تلاش کرنے کے لئے تم لوگ پھر پلٹ کر جستجو کر لو مگر تمہیں اس عظیم الشان کائنات میں کوئی رخنہ یا دراڑ نہیں ملے گا، جیسے فرمایا

اَفَلَمۡ یَنۡظُرُوۡۤا اِلَی السَّمَآءِ فَوۡقَهُمۡ کَیۡفَ بَنَیۡنٰهَا وَ زَیَّنّٰهَا وَ مَا لَهَا مِنۡ فُرُوۡجٍ ﴿۶﴾ [3]

[1] البقرة ۲۸

[2] تفسیرابن ابی حاتم ۲۰۰۶/۶

[3] ق ۶

ترجمہ: اچھا، تو کیا انہوں نے کبھی اپنے اوپر آسمان کی طرف نہیں دیکھا؟ کس طرح ہم نے اسے بنایا اور آراستہ کیا اور اس میں کہیں کوئی رخنہ نہیں ہے۔

اپنی عظیم قدرت اور وحدانیت کو واضح تر کرنے کے لئے فرمایا تم رب کی تخلیق کردہ عظیم الشان کائنات میں کوئی رخنہ تلاش کرنے کے لئے بار بار جستجو کر لو مگر تمہیں کوئی شکست و ریخت نظر نہیں آئے گی۔

وَ لَقَدْ زَیَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْیَا بِمَصَابِیْحَ وَ جَعَلْنٰهَا رُجُوْمًا لِّلشَّیٰطِیْنِ وَ اَعْتَدْنَا لَهُمْ

بیشک ہم نے آسمان دنیا کو چراغوں (ستاروں) سے آراستہ کیا اور انہیں شیطان کے مارنے کا ذریعہ بنا دیا اور شیطانوں کے لیے

عَذَابَ السَّعِیْرِ ۝۵ وَ لِلَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ ؕ

ہم نے (دوزخ جلانے والا) عذاب تیار کر دیا، اور اپنے رب کے ساتھ کفر کرنے والوں کے لیے جہنم کا عذاب ہے

وَ بِئْسَ الْمَصِیْرُ ۝۶ اِذَاۤ اُلْقُوْا فِیْهَا سَمِعُوْا لَهَا شَهِیْقًا وَّ هِیَ تَفُوْرُ ۝۷

اور وہ کیا ہی بری جگہ ہے، جب اس میں یہ ڈالے جائیں گے تو اس کی بڑے زور سے کی آواز سنیں گے، اور وہ جوش مار رہی ہو گی،

تَكَادُ تَمَیَّزُ مِنَ الْغَیْظِ ؕ كُلَّمَاۤ اُلْقِیَ فِیْهَا فَوْجٌ

قریب ہے کہ (ابھی) غصے کے مارے پھٹ جائے، جب کبھی اس میں کوئی گروہ ڈالا جائے گا اس سے جہنم کے داروغے

سَاَلَهُمْ خَزَنَتُهَاۤ اَلَمْ یَاْتِكُمْ نَذِیْرٌ ۝۸ قَالُوْا بَلٰی قَدْ جَآءَنَا نَذِیْرٌ ۙ۬

پوچھیں گے کہ کیا تمہارے پاس ڈرانے والا کوئی نہیں آیا تھا؟ وہ جواب دیں گے کہ بیشک آیا تھا

فَكَذَّبْنَا وَ قُلْنَا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ مِنْ شَیْءٍ ۚۖ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِیْ ضَلٰلٍ كَبِیْرٍ ۝۹

لیکن ہم نے اسے جھٹلایا اور ہم نے کہا اللہ تعالیٰ نے کچھ بھی نازل نہیں فرمایا، تم بہت بڑی گمراہی میں ہو،

وَ قَالُوْا لَوْ كُنَّا نَسْمَعُ اَوْ نَعْقِلُ مَا كُنَّا فِیْۤ اَصْحٰبِ السَّعِیْرِ ۝۱۰ فَاعْتَرَفُوْا

اور کہیں گے کہ اگر ہم سنتے ہوتے یا عقل رکھتے ہوتے تو دوزخیوں میں (شریک) نہ ہوتے، پس انہوں نے اپنے جرم کا اقبال

بِذَنْۢبِهِمْ ۚ فَسُحْقًا لِّاَصْحٰبِ السَّعِیْرِ ۝۱۱ (الملک ۵ تا ۱۱)

کر لیا، اب یہ دوزخی دفع ہوں (دور ہوں)۔

ہم نے آسمان دنیا کو انگنت ستاروں اور کہکشاؤں سے خوب مزین اور آراستہ کیا ہے جن کی کثرت، شان اور جگمگاہٹ سے انسان دنگ رہ جاتا ہے، اہل عرب کا عقیدہ اور کاہنوں کا یہ دعویٰ تھا کہ شیاطین ان کے تابع یا ان سے رابطہ میں ہیں اس لئے ان کے ذریعہ سے انہیں غیب

کی خبریں حاصل ہوتی ہیں، اس کے رد میں فرمایا کہ اللہ نے ایسا سلسلہ قائم کیا ہے کہ شیاطین کا عالم بالا میں جانے اور وہاں سے غیب کی خبریں معلوم کرنے کا قطعاً کوئی امکان نہیں ہے، جیسے فرمایا:

فَقَضٰهُنَّ سَبْعَ سَمٰوَاتٍ فِيْ يَوْمَيْنِ وَاَوْحٰى فِيْ كُلِّ سَمَآءٍ اَمْرَهَا ۚ وَزَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيْحَ ۖ وَحِفْظًا ۚ ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ⑫ [1]

ترجمہ: تب اس نے دو دن کے اندر سات آسمان بنا دیے، اور ہر آسمان میں اس کا قانون وحی کر دیا اور آسمان دنیا کو ہم نے چراغوں سے آراستہ کیا اور اسے خوب محفوظ کر دیا یہ سب کچھ ایک زبردست علیم ہستی کا منصوبہ ہے۔

وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِي السَّمَآءِ بُرُوْجًا وَّزَيَّنّٰهَا لِلنّٰظِرِيْنَ ⑯ وَحَفِظْنٰهَا مِنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ ⑰ اِلَّا مَنِ اسْتَرَقَ السَّمْعَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ مُّبِيْنٌ ⑱ [2]

ترجمہ: یہ ہماری کارفرمائی ہے کہ آسمان میں ہم نے بہت سے مضبوط قلعے بنائے، ان کو دیکھنے والوں کے لئے (ستاروں سے) آراستہ کیا اور ہر شیطان مردود سے ان کو محفوظ کر دیا، کوئی شیطان ان میں راہ نہیں پا سکتا الا یہ کہ کچھ سن گن لے لے، اور جب وہ سن گن لینے کی کوشش کرتا ہے تو ایک شعلہ روشن اس کا پیچھا کرتا ہے۔

اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ ِالْكَوَاكِبِ ⑥ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ⑦ لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ⑧ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ⑨ اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ⑩ [3]

ترجمہ: ہم نے آسمان دنیا کو تاروں کی زینت سے آراستہ کیا ہے اور ہر شیطان سرکش سے اس کو محفوظ کر دیا ہے، یہ شیاطین ملاء اعلی کی باتیں نہیں سن سکتے، ہر طرف سے مارے اور ہانکے جاتے ہیں، اور ان کے لئے پیہم عذاب ہے، تاہم اگر کوئی ان میں سے کچھ لے اڑے تو ایک تیز شعلہ ان کا پیچھا کرتا ہے۔

یعنی ستاروں کا آسمان کی زینت ہونا، شیاطین کو اوپر جانے سے روکنا اور تیسرا مقصد بحر و بر میں راستوں کی راہ نمائی ہے۔ جیسے فرمایا:

وَعَلٰمٰتٍ ۭ وَبِالنَّجْمِ هُمْ يَهْتَدُوْنَ ⑯ [4]

ترجمہ: اس نے زمین میں راستہ بتانے والی علامتیں رکھ دیں اور تاروں سے بھی لوگ ہدایت پاتے ہیں۔

قَالَ قَتَادَةُ: إِنَّمَا خُلِقَتْ هَذِهِ النُّجُومُ لِثَلَاثِ خِصَالٍ ، خَلَقَهَا اللَّهُ زِينَةً لِلسَّمَاءِ وَرُجُومًا لِلشَّيَاطِينِ وَعَلَامَاتٍ يُهْتَدَى

---

[1] حم السجدة ۱۲

[2] الحجر ۱۶ تا ۱۸

[3] الصافات ۶ تا ۱۰

[4] النحل ۱۶

بِهَا فَمَنْ تَأَوَّلَ فِيهَا غَيْرَ ذَلِكَ فَقَدْ قَالَ بِرَأْيِهِ وَأَخْطَأَ حَظَّهُ، وَأَضَاعَ نَصِيبَهُ، وَتَكَلَّفَ مَا لَا عِلْمَ لَهُ بِهِ

قتادہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ نے ستاروں کو تین مقاصد کے لیے پیدا فرمایا ہے، اللہ تعالیٰ نے انہیں آسمان کے لیے زینت بنایا ہیں، شیطانوں کو مارنے کا آلہ ہیں، اور علامات ہیں کہ ان سے راستوں کا تعین کیا جاتا ہے، جو کوئی شخص ان کے بارے میں کوئی اور نظریہ رکھے، تو یہ اس کی محض اپنی رائے ہے جس کے استعمال کرنے میں اس نے راہ راست کو ضائع کر دیا اور علم کے بغیر محض تکلف سے کام لیا ہے۔ (۱)

اور آخرت میں ان شیطانوں کے لئے جنہوں نے اللہ کے مقابلے میں سرکشی اختیار کی اور اس کے بندوں کو گمراہ کیا ہم نے بھڑکتی ہوئی آگ مہیا کر رکھی ہے، انسان ہوں یا شیطان، جن لوگوں نے اپنے رب کا کفر کیا ان کے لئے عذاب جہنم ہے جو بہت ہی برا ٹھکانا ہے، میدان محشر میں لانے سے پہلے جہنم کو خوب بھڑکایا جائے گا جیسے فرمایا:

وَاِذَا الْجَحِیْمُ سُعِّرَتْ ﴿۱۲﴾ (۲)

ترجمہ: اور جب جہنم دہکائی جائے گی۔

اور پھر اسے میدان محشر میں لایا جائے گا۔

وَبُرِّزَتِ الْجَحِیْمُ لِلْغٰوِیْنَ ﴿۹۱﴾ (۳)

ترجمہ: اور دوزخ بہکے ہوئے لوگوں کے سامنے کھول دی جائے گی۔

وَبُرِّزَتِ الْجَحِیْمُ لِمَنْ یَّرٰی ﴿۳۶﴾ (۴)

ترجمہ: اور دوزخ ہر دیکھنے والے کے سامنے کھول کر رکھ دی جائے گی۔

اور وہ کفار پر مارے غیظ وغضب سے پھٹی جارہی ہوگی، جب داروغہ جہنم مجرموں کو جہنمی لباس پہنا کر، گلے میں طوق ڈال کر اور زنجیروں سے کس کر اور پیروں سے پکڑ کر منہ کے بل گھسیٹے ہوئے جہنم کی طرف لے کر چلے گا تو وہ دور سے ہی جہنم کی بہت بلند، ہولناک اور کریہہ آوازیں سنیں گے، جیسے فرمایا:

اِذَا رَاَتْهُمْ مِّنْ مَّكَانٍۭ بَعِیْدٍ سَمِعُوْا لَهَا تَغَیُّظًا وَّزَفِیْرًا ﴿۱۲﴾ (۵)

ترجمہ: وہ جب دور سے ان کو دیکھے گی تو یہ اس کے غضب اور جوش کی آوازیں سن لیں گے۔

فَاَمَّا الَّذِیْنَ شَقُوْا فَفِی النَّارِ لَهُمْ فِیْهَا زَفِیْرٌ وَّشَهِیْقٌ ﴿۱۰۶﴾ (۶)

---

(۱) تفسیر طبری ۱۸۵/۱۷، تفسیرابن ابی حاتم ۲۹۱۳/۹

(۲) التکویر ۱۲

(۳) الشعراء ۹۱

(۴) النازعات ۳۶

(۵) الفرقان ۱۲

(۶) هود ۱۰۶

ترجمہ: جو بد بخت ہوں گے وہ دوزخ میں جائیں گے (جہاں گرمی اور پیاس کی شدت سے) وہ ہانپیں گے اور پھنکارے ماریں گے۔

قَالَ مُجَاهِدٌ: تَفُورُ بِهِمْ كَمَا يَفُورُ الْحَبُّ الْقَلِيلُ فِي الْمَاءِ الْكَثِيرِ

مجاہد رحمہ اللہ فرماتے ہیں جہنم ان کے ساتھ اس طرح جوش مار رہی ہو گی جس طرح زیادہ پانی میں تھوڑے دانے جوش مارتے ہیں۔[1]

چنانچہ جب مقدمہ کی تمام کاروائی کے بعد مجرموں کا انبوہ در انبوہ ذلت و رسوائی کے ساتھ جہنم میں ڈالا جائے گا تو جہنم کے کارندے بطور طنز انسانوں سے یہ پوچھیں گے کہ کیا تمہارے پاس خوشخبری اور ڈرانے کے لئے پیغمبر مبعوث نہیں ہوئے تھے جن کی اطاعت کر کے تم اس دردناک عذاب سے بچ کر انواع و اقسام کی لازوال نعمتوں سے بھری جنت کے وارث بن جاتے، وہاں تم بڑی حسرت سے اپنا جرم تسلیم کرو گے کہ یقیناً اللہ تعالیٰ نے اپنا وعدہ پورا کر دیا تھا، جیسے فرمایا

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اَلَمْ يَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَقُصُّوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِيْ وَيُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ۭ قَالُوْا شَهِدْنَا عَلٰٓي اَنْفُسِنَا وَغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَشَهِدُوْا عَلٰٓي اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِيْنَ ۝۱۳۰[2]

ترجمہ: (اس موقع پر اللہ ان سے یہ بھی پوچھے گا کہ) اے گروہ جن وانس! کیا تمہارے پاس خود تم ہی میں سے ایسے رسول نہیں آئے تھے جو تم کو میری آیات سناتے اور اس دن کے انجام سے ڈراتے تھے؟ وہ کہیں گے ہاں! ہم اپنے خلاف خود گواہی دیتے ہیں آج دنیا کی زندگی نے ان لوگوں کو دھوکے میں ڈال رکھا ہے مگر اس وقت وہ خود اپنے خلاف گواہی دیں گے کہ وہ کافر تھے۔

وَسِيْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى جَهَنَّمَ زُمَرًا ۭ حَتّٰٓي اِذَا جَاۗءُوْهَا فُتِحَتْ اَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَآ اَلَمْ يَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَتْلُوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِ رَبِّكُمْ وَيُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَاۗءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ۭ قَالُوْا بَلٰى وَلٰكِنْ حَقَّتْ كَلِمَةُ الْعَذَابِ عَلَي الْكٰفِرِيْنَ ۝۷۱[3]

ترجمہ: (اس فیصلہ کے بعد) وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا تھا جہنم کی طرف گروہ ہانکے جائیں گے یہاں تک کہ جب وہ وہاں پہنچیں گے تو اس کے دروازے کھولے جائیں گے اور اس کے کارندے ان سے کہیں گے کیا تمہارے پاس تمہارے اپنے لوگوں میں سے ایسے رسول نہیں آئے تھے جنہوں نے تم کو تمہارے رب کی آیات سنائی ہوں اور تمہیں اس بات سے ڈرایا ہو کہ ایک وقت تمہیں یہ دن بھی دیکھنا ہو گا؟ وہ جواب دیں گے ہاں، آئے تھے مگر عذاب کا فیصلہ کافروں پر چپک گیا۔

اس نے گمراہ انسانوں کو اس بھڑکتی ہوئی آگ سے بچانے اور صراط مستقیم پر چلانے کے لئے رسولوں اور آسمانی کتابوں کا سلسلہ جاری فرمایا تھا، جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا

قَالَ اهْبِطَا مِنْهَا جَمِيْعًۢا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّيْ هُدًى ڏ فَمَنِ اتَّبَعَ هُدَايَ فَلَا يَضِلُّ وَلَا

---

[1] تفسیر القرطبی ۲۱۲؍۱۸

[2] الانعام ۱۳۰

[3] الزمر ۷۱

يَشۡقٰى ﴿۱۲۳﴾ [1]

ترجمہ: اور فرمایا تم دونوں فریق (یعنی انسان اور شیطان) یہاں سے اتر جاؤ تم ایک دوسرے کے دشمن رہو گے، اب اگر میری طرف سے تمہیں کوئی ہدایت پہنچے تو جو کوئی میری اس ہدایت کی پیروی کرے گا وہ نہ بھٹکے گا نہ بدبختی میں مبتلا ہو گا۔

...وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِيۡنَ حَتّٰى نَبۡعَثَ رَسُوۡلًا ﴿۱۵﴾ [2]

ترجمہ: اور ہم عذاب دینے والے نہیں ہیں جب تک کہ (لوگوں کو حق و باطل کا فرق سمجھانے کے لیے) ایک پیغام بر نہ بھیج دیں۔

مگر ہم باطل معبودوں کی پرستش اور دنیاداری میں غرق تھے، ہمیں یقین ہی نہ تھا کہ اللہ تعالیٰ نے کچھ نازل فرمایا ہے اور یہ کہ قیامت آئے گی، اس لئے ہم نے اس پاکیزہ دعوت کو سننے اور سمجھنے سے انکار کر دیا تھا اور اپنے آباؤ اجداد کے مشرکانہ دین کو صحیح سمجھتے ہوئے پیغمبروں سے علی الاعلان کہا تھا کہ تم اور تم پر ایمان لانے والے سخت گمراہی میں مبتلا ہو، چنانچہ کافر حسرت و افسوس کرتے ہوئے کہیں گے کاش! ہم اللہ اس کے رسولوں اور کتابوں پر ایمان لاتے، جیسے فرمایا:

يَوۡمَ تُقَلَّبُ وُجُوۡهُهُمۡ فِى النَّارِ يَقُوۡلُوۡنَ يٰلَيۡتَنَاۤ اَطَعۡنَا اللّٰهَ وَاَطَعۡنَا الرَّسُوۡلَا ﴿۶۶﴾ [3]

ترجمہ: جس روز ان کے چہرے آگ پر الٹ پلٹ کیے جائیں گے اس وقت وہ کہیں گے کہ کاش ہم نے اللہ اور رسول کی اطاعت کی ہوتی۔

يٰوَيۡلَتٰى لَيۡتَنِىۡ لَمۡ اَتَّخِذۡ فُلَانًا خَلِيۡلًا ﴿۲۸﴾ [4]

ترجمہ: ہائے میری کم بختی، کاش میں نے فلاں شخص کو دوست نہ بنایا ہوتا۔

ان کی اطاعت میں عمل صالحہ اختیار کرتے تو آج دوزخیوں میں شامل نہ ہوتے۔

عَنْ أَبِي الْبَخْتَرِيِّ الطَّائِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِي مَنْ سَمِعَهُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ لَنْ يَهْلِكَ النَّاسُ حَتَّى يُعْذِروا مِنْ أَنْفُسِهِمْ

ابوبختری طائی سے مروی ہے مجھے اس شخص نے خبر دی جس نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا لوگ ہر گز ہلاک نہیں ہوں گے یہاں تک کہ وہ (گناہ کر کے بودی اور ناپائیدار تاویلوں کے ساتھ) اپنے آپ کو معذور ٹھہرائیں۔ [5]

اس طرح وہ اپنے جرائم کو قبول کر کے اپنے خلاف حجت قائم کر لیں گے، اللہ تعالیٰ فرمائے گا اب یہ دوزخی اللہ سے اور اس کی رحمت سے دور ہیں، خسارہ اور بدبختی ان کا مقدر رہے۔

---

[1] طہ ۱۲۳

[2] بنی اسرائیل ۱۵

[3] الاحزاب ۶۶

[4] الفرقان ۲۸

[5] مسند احمد ۱۸۳۸۹

اِنَّ الَّذِیۡنَ یَخۡشَوۡنَ رَبَّہُمۡ بِالۡغَیۡبِ لَہُمۡ مَّغۡفِرَۃٌ وَّ اَجۡرٌ کَبِیۡرٌ ﴿۱۲﴾ وَ اَسِرُّوۡا قَوۡلَکُمۡ اَوِ

بیشک جولوگ اپنے پروردگار سے غائبانہ طور پر ڈرتے رہتے ہیں ان کے لیے بخشش ہے اور بڑا ثواب ہے، تم اپنی باتوں کو چھپاؤ

اجۡہَرُوۡا بِہٖ ؕ اِنَّہٗ عَلِیۡمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوۡرِ ﴿۱۳﴾ اَلَا یَعۡلَمُ مَنۡ خَلَقَ ؕ

یا ظاہر کرو وہ تو سینوں کی پوشیدگی کو بھی بخوبی جانتا ہے ،کیا وہی نہ جانے جس نے پیدا کیا

وَ ہُوَ اللَّطِیۡفُ الۡخَبِیۡرُ ﴿۱۴﴾ (الملک ۱۲تا۱۴)

پھر وہ باریک بین اور باخبر ہو۔

### نافرمانی سے خائف ہی مستحق ثواب ہیں:

وہ لوگ جو خلوتوں میں ان دیکھے الٰہ سے ڈر کر برائی سے اجتناب اور نیکی کو اختیار کرتے ہیں، جو اپنے رب کی بارگاہ میں کھڑے ہونے سے ڈرتے ہیں یقیناً اللہ ان کی بشری کمزوریوں، کوتاہیوں کی مغفرت فرمادے گا اور اپنی طرف سے اجر عظیم عطا فرمائے گا،

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سَبْعَةٌ يُظِلُّهُمُ اللَّهُ فِي ظِلِّهِ، يَوْمَ لاَ ظِلَّ إِلَّا ظِلُّهُ: الإِمَامُ العَادِلُ، وَشَابٌّ نَشَأَ فِي عِبَادَةِ رَبِّهِ، وَرَجُلٌ قَلْبُهُ مُعَلَّقٌ فِي المَسَاجِدِ، وَرَجُلاَنِ تَحَابَّا فِي اللَّهِ اجْتَمَعَا عَلَيْهِ وَتَفَرَّقَا عَلَيْهِ، وَرَجُلٌ طَلَبَتْهُ امْرَأَةٌ ذَاتُ مَنْصِبٍ وَجَمَالٍ، فَقَالَ: إِنِّي أَخَافُ اللَّهَ، وَرَجُلٌ تَصَدَّقَ، أَخْفَى حَتَّى لاَ تَعْلَمَ شِمَالُهُ مَا تُنْفِقُ يَمِينُهُ، وَرَجُلٌ ذَكَرَ اللَّهَ خَالِيًا فَفَاضَتْ عَيْنَاهُ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سات قسم کے اشخاص کو اللہ تعالیٰ اس دن جب کہیں کوئی سایہ نہ ہوگا اپنے عرش کا سایہ دے گا، اول انصاف کرنے والا بادشاہ، دوسرے وہ نوجوان جو اپنے رب کی عبادت میں جوانی کی امنگ سے مصروف رہا، تیسرا ایسا شخص جس کا دل ہر وقت مسجد میں لگا رہتا ہے، چوتھے دو ایسے شخص جو اللہ کے لئے باہم محبت رکھتے ہیں اور ان کے ملنے اور جدا ہونے کی بنیاد یہی للہی محبت ہے، پانچواں وہ شخص جسے کوئی مال و دولت اور حسن و جمال والی عورت زنا کی دعوت دے اور وہ کہہ دے کہ میں اللہ سے ڈرتا ہوں، چھٹا وہ شخص جس نے صدقہ کیا مگر اتنے پوشیدہ طور پر کہ بائیں ہاتھ کو بھی خبر نہیں ہوئی کہ داہنے ہاتھ نے کیا خرچ کیا اور ساتواں وہ شخص جس نے تنہائی میں اللہ کو یاد کیا اور (بے ساختہ) آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے۔ [1]

عَن أَنَسٍ، قال: قالوا :يارسول اللَّهِ إِنَّا نَكُونُ عِنْدَكَ عَلَى حَالٍ، فَإِذَا فَارَقْنَاكَ كُنَّا عَلَى غَيْرِهِ قَالَ: كَيْفَ أَنْتُمْ وَرَبُّكُمْ؟ قَالُوا: اللَّهُ رَبُّنَا فِي السِّرِّ وَالْعَلانِيَةِ قَالَ: لَيْسَ ذَلِكُمُ النِّفَاقَ.

انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ایک مرتبہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے کہا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم !ہمارے دلوں کی جو کیفیت آپ کے سامنے ہوتی ہے آپ کے بعد وہ نہیں رہتی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ بتاؤ رب کے ساتھ تمہارا کیا خیال رہتا ہے؟ عرض کیا کہ ظاہر و باطن اللہ ہی کو ہم رب

[1] صحیح بخاری کتاب الاذان بابُ مَنْ جَلَسَ فِي المَسْجِدِ يَنْتَظِرُ الصَّلاَةَ وَفَضْلِ المَسَاجِدِ ۶۶۰ ، صحیح مسلم کتاب الزکاۃ بَابُ فَضْلِ إِخْفَاءِ الصَّدَقَةِ۲۳۸۰

مانتے ہیں، فرمایا پھر یہ نفاق نہیں۔ (1)

اللہ تعالیٰ نے اپنے وسیع علم کے بارے میں فرمایا اے کافرو! تم رسول اللہ ﷺ کے بارے میں چھپ کر باتیں کرو یا علانیہ، رات کے اندھیروں میں کرو یا دن کے اجالے میں، جو بھی سازشیں تم تیار کرو گے سب علام الغیوب اللہ کے علم میں ہیں، وہ ہستی جس نے مخلوق کو بہترین طریق سے پیدا فرمایا ہے، وہ تو ان کے کھلے اور چھپے اقوال و اعمال اور ان کی نیتیں اور ان کے خیالات تک جانتا ہے، جیسے فرمایا

وَاِنۡ تَجۡهَرۡ بِالۡقَوۡلِ فَاِنَّهٗ یَعۡلَمُ السِّرَّ وَاَخۡفٰی ۝۷ (2)

ترجمہ: تم چاہے اپنی بات پکار کر کہو وہ تو چپکے سے کہی ہوئی بات بلکہ اس سے مخفی تر بات بھی جانتا ہے۔

تمہاری سازشیں اور مکر و فریب کس طرح اس سے پوشیدہ رہ سکتی ہیں وہ تو لطیف و خبیر ہے۔

هُوَ الَّذِیۡ جَعَلَ لَكُمُ الۡاَرۡضَ ذَلُوۡلًا فَامۡشُوۡا فِیۡ مَنَاكِبِهَا وَ كُلُوۡا مِنۡ

وہ ذات جس نے تمہارے لیے زمین کو پست و مطیع کر دیا تاکہ تم اس کی راہوں میں چلتے پھرتے رہو، اور اللہ کی روزیاں کھاؤ

رِّزۡقِهٖ ؕ وَ اِلَیۡهِ النُّشُوۡرُ ۝۱۵ ءَاَمِنۡتُمۡ مَّنۡ فِی السَّمَآءِ اَنۡ یَّخۡسِفَ بِكُمُ

(پیو)، اسی کی طرف (تمہیں) جی کر اٹھ کھڑے ہونا ہے، کیا تم اس بات سے بے خوف ہو گئے ہو کہ آسمان والا تمہیں

الۡاَرۡضَ فَاِذَا هِیَ تَمُوۡرُ ۝۱۶ اَمۡ اَمِنۡتُمۡ مَّنۡ فِی السَّمَآءِ اَنۡ یُّرۡسِلَ عَلَیۡكُمۡ حَاصِبًا ؕ

زمین میں نہ دھنسادے اور اچانک زمین لرزنے لگے، یا کیا تم اس بات سے نڈر ہو گئے ہو کہ آسمانوں والا تم پر پتھر برسادے؟

فَسَتَعۡلَمُوۡنَ كَیۡفَ نَذِیۡرِ ۝۱۷ وَ لَقَدۡ كَذَّبَ الَّذِیۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ فَكَیۡفَ

پھر تو تمہیں معلوم ہو ہی جائے گا کہ میرا ڈرانا کیسا تھا، اور ان سے پہلے لوگوں نے بھی جھٹلایا تھا تو دیکھو ان پر میرا عذاب

كَانَ نَكِیۡرِ ۝۱۸ (الملک ۱۵ تا ۱۸)

کیسا ہوا؟۔

اللہ تعالیٰ نے اہل ایمان کے لئے مغفرت و انعامات کا ذکر فرما کر اپنی مزید نشانیاں بیان فرمائیں کہ سورج، چاند ستاروں اور سیاروں کی طرح اس زمین کو بھی اللہ ہی نے تمہارے لئے مسخر کر رکھا ہے، جیسے فرمایا:

اَلَمۡ تَرَوۡا اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمۡ مَّا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الۡاَرۡضِ وَاَسۡبَغَ عَلَیۡكُمۡ نِعَمَهٗ ظَاهِرَةً وَّبَاطِنَةً ... ۝۲۰ (3)

---

(1) مسند البزار ۶۹۰۴

(2) طہ ۷

(3) لقمان ۲۰

ترجمہ: کیا تم لوگ نہیں دیکھتے کہ اللہ نے زمین اور آسمانوں کی ساری چیزیں تمہارے لیے مسخر کر رکھی ہیں اور اپنی کھلی اور چھپی نعمتیں تم پر تمام کر دی ہیں؟۔

تا کہ تم اس پر رہنے کے لئے عمارتیں تعمیر کرو اور معاشی ضروریات کے لئے دور دراز ملکوں اور شہروں میں جانے کے لئے شاہراہیں تیار کرو اور ان پر چلو پھرو، اور اسی اللہ ہی نے تمہارے لئے اس زمین میں سے رزق یعنی مختلف اجناس، سبزیاں اور انواع واقسام کے پھل اور جانوروں کے لئے چارے وغیرہ نکالے ہیں، اس لئے اس قدرتوں والے رب کے حضور جھک جاؤ اور اس کا شکر ادا کرو اور زمین پر چلتے پھرتے اور اس کا عطا کردہ رزق کھاؤ،

أَبَا تَمِيمٍ الْجَيْشَانِيَّ، يَقُولُ: سَمِعَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، يَقُولُ: إِنَّهُ سَمِعَ نَبِيَّ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:لَوْ أَنَّكُمْ تَتَوَكَّلُونَ عَلَى اللَّهِ حَقَّ تَوَكُّلِهِ لَرَزَقَكُمْ كَمَا يَرْزُقُ الطَّيْرَ تَغْدُو خِمَاصًا وَتَرُوحُ بِطَانًا

ابوتمیم جیشانی کہتے ہیں میں نے سیدنا عمر رضی اللہ عنہ بن خطاب کو کہتے ہوئے سنا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا اگر تم اللہ تعالیٰ پر اس طرح توکل کرو جس طرح توکل کرنے کا حق ہے تو وہ تمہیں اس طرح رزق عطا فرمائے جس طرح وہ پرندوں کو رزق دیتا ہے کہ (اپنے گھونسلوں سے) صبح خالی پیٹ نکلتے ہیں اور شام کو سیر ہو کر لوٹتے ہیں۔[1]

اور رزق کھاتے ہوئے یہ نہ بھولو کہ ایک دن تمہیں اپنے اعمال کی جوابدہی کے لئے اس کی بارگاہ میں پیش ہونا ہے، اگر اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت میں نیک عمل کرو گے تو انواع واقسام کی لازوال نعمتوں سے بھری جنت میں انعام واکرام سے نوازے جاؤ گے اور اگر فخر وغرور، ضد وہٹ دھرمی اور تعصب میں نافرمانی کرو گے تو ہولناک عذاب کے مستحق بنو گے، کیا تم اللہ سے بے خوف ہو گئے ہو جو آسمانوں کے اوپر اپنے عرش پر اپنی شان کے لائق جلوہ گر ہے،

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ،أَنَّ رَجُلًا أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِجَارِيَةٍ سَوْدَاءَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّ عَلَيَّ رَقَبَةً مُؤْمِنَةً،فَقَالَ لَهَا :أَيْنَ اللَّهُ؟فَأَشَارَتْ إِلَى السَّمَاءِ بِأُصْبُعِهَا،فَقَالَ لَهَا :فَمَنْ أَنَا؟فَأَشَارَتْ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَإِلَى السَّمَاءِ يَعْنِي أَنْتَ رَسُولُ اللَّهِ، فَقَالَ: أَعْتِقْهَا فَإِنَّهَا مُؤْمِنَةٌ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ایک شخص ایک کالی لونڈی کو لے کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم! مجھ پر ایک مومن غلام آزاد کرنا واجب ہو گیا ہے کیا میں اس لونڈی کو آزاد کر سکتا ہوں؟ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس لونڈی سے پوچھا اللہ کہاں ہے؟ اس نے اپنی انگلی سے آسمان کی طرف اشارہ کر دیا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے پوچھا اور میں کون ہوں؟ اس نے پہلے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف اور پھر آسمان کی طرف اشارہ کیا جس سے اس کا یہ مطلب واضح ہو رہا تھا کہ آپ اللہ کی طرف سے آئے ہیں، اس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسے آزاد کر دو یہ مومنہ ہے۔[2]

---

[1] مسنداحمد۲۰۵

[2] سنن ابوداودكِتَاب الْأَيْمَانِ وَالنُّذُورِ بَابٌ فِي الرَّقَبَةِ الْمُؤْمِنَةِ ۳۲۸۴، صحيح مسلم كِتَابُ الْمَسَاجِدِ وَمَوَاضِعِ الصَّلَاةَ بَابُ تَحْرِيمِ

کہ وہ پچھلی تباہ شدہ قوموں کی طرح تمہیں بھی تمہارے کفروشرک اور بداعمالیوں کے سبب زمین میں دھنسادےاور تم اپنے معبودان باطلہ کو پکارتے ہی رہ جاؤیا پرسکون زمین پر زلزلہ بھیج دےاوراس کی حرکت وجنبش کی وجہ سے تم اس میں زندہ ہی دفن ہوجاؤاور کوئی تمہارانام لیواہی نہ بچے،اور کیا تم اس رب سے بے خوف ہوگئے ہوکہ وہ تم پر قوم لوط اور اصحاب الفیل کی طرح پتھراؤ کرنے والی تندوتیز ہوا بھیج کرسنگسار کردےاورتمہاری بستیوں کو غارت کرکے رکھ دے،جیسے فرمایا

اَفَاَمِنۡتُمۡ اَنۡ یَّخۡسِفَ بِکُمۡ جَانِبَ الۡبَرِّ اَوۡ یُرۡسِلَ عَلَیۡکُمۡ حَاصِبًا ثُمَّ لَا تَجِدُوۡا لَکُمۡ وَکِیۡلًا ۟﴿۶۸﴾ اَمۡ اَمِنۡتُمۡ اَنۡ یُّعِیۡدَکُمۡ فِیۡهِ تَارَةً اُخۡرٰی فَیُرۡسِلَ عَلَیۡکُمۡ قَاصِفًا مِّنَ الرِّیۡحِ فَیُغۡرِقَکُمۡ بِمَا کَفَرۡتُمۡ ۙ ثُمَّ لَا تَجِدُوۡا لَکُمۡ عَلَیۡنَا بِهٖ تَبِیۡعًا ﴿۶۹﴾ ①

ترجمہ:اچھا تو کیا تم اس بات سے بالکل بے خوف ہوکہ اللہ کبھی خشکی پر تم کو زمین میں دھنسادے یا تم پر پتھراؤ کرنے والی آندھی بھیج دے اور تم اس سے بچانے والا کوئی حمایتی نہ پاؤ؟اور کیا تمہیں اس کا اندیشہ نہیں کہ اللہ پھر کسی وقت سمندر میں تم کو لے جائے اور تمہاری ناشکری کے بدلے تم پر سخت طوفانی ہوا بھیج کر تمہیں غرق فنا کردےاور تم کو ایسا کوئی نہ ملے جو اس سے تمہارے اس انجام کی پوچھ گچھ کرسکے؟۔ اس وقت تمہیں معلوم ہوجائے گا کہ اللہ وحدہ لاشریک کا عذاب کیا ہوتا ہے مگر اس وقت یہ علم بے فائدہ ہوگا،ابھی مہلت کی کچھ گھڑیاں باقی ہے اس سے فائدہ اٹھالو اور آنکھیں کھول کر دیکھ لو کہ تم سے پہلے جن قوموں نے دعوت توحید کو ماننے سے انکار کیا تھا،جنہوں نے رسولوں اور اہل ایمان کا مذاق اڑایا تھا،جنہوں نے دعوت توحید کا راستہ روکنے کے لئے ان پر ظلم وستم کیا تھا وہ کیسے مبتلائے عذاب ہوئے۔جیسے فرمایا

وَلَوۡ یُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِمَا کَسَبُوۡا مَا تَرَکَ عَلٰی ظَهۡرِهَا مِنۡ دَآبَّةٍ وَّلٰکِنۡ یُّؤَخِّرُهُمۡ اِلٰۤی اَجَلٍ مُّسَمًّی ۚ فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمۡ فَاِنَّ اللّٰهَ کَانَ بِعِبَادِهٖ بَصِیۡرًا ﴿۴۵﴾ ②

ترجمہ:اور کہیں وہ لوگوں کو ان کے کیے کرتوتوں پر پکڑتا تو زمین میں کسی متنفس کو جیتا نہ چھوڑتا مگر وہ انہیں ایک مقررہ وقت تک کے لئے مہلت دے رہا ہے،پھر جب ان کا وقت آن پورا ہوگا تو اللہ اپنے بندوں کو دیکھ لے گا۔

اَوَ لَمۡ یَرَوۡا اِلَی الطَّیۡرِ فَوۡقَهُمۡ صٰٓفّٰتٍ وَّ یَقۡبِضۡنَ ؕۘ مَا یُمۡسِکُهُنَّ اِلَّا الرَّحۡمٰنُ ؕ

کیا یہ اپنے پر کھولے ہوئے اور (کبھی کبھی) سمیٹے ہوئے (اڑنے والے) پرندوں کو نہیں دیکھتے،انہیں (اللہ) رحمٰن

اِنَّهٗ بِکُلِّ شَیۡءٍۭ بَصِیۡرٌ ﴿۱۹﴾ اَمَّنۡ هٰذَا الَّذِیۡ هُوَ جُنۡدٌ لَّکُمۡ یَنۡصُرُکُمۡ مِّنۡ دُوۡنِ الرَّحۡمٰنِ ؕ

ہی (ہوا وفضا میں) تھامے ہوئے ہے،بیشک ہر چیز اس کی نگاہ میں ہے،سوائے اللہ کے تمہارا وہ کونسا لشکر ہے جو تمہاری مدد

---

الْكَلَامِ فِي الصَّلَاةِ، وَنَسْخِ مَا كَانَ مِنْ إِبَاحَتِهِ ١١٩٩،سنن نسائی كِتَابُ السَّهْوِ باب الْكَلَامُ فِي الصَّلَاةِ١٢١٩، مسنداحمد٧٩٠٦

① بنی اسرائیل٦٩،٦٨

② فاطر٤٥

إِنِ الْكٰفِرُوْنَ إِلَّا فِيْ غُرُوْرٍ ﴿٢٠﴾ أَمَّنْ هٰذَا الَّذِيْ يَرْزُقُكُمْ إِنْ أَمْسَكَ رِزْقَهٗ

کر سکے کافر تو سراسر دھوکے ہی میں ہیں، اگر اللہ تعالیٰ اپنی روزی روک لے تو بتاؤ کون ہے جو پھر تمہیں روزی دے گا،

بَلْ لَّجُّوْا فِيْ عُتُوٍّ وَّ نُفُوْرٍ ﴿٢١﴾ أَفَمَنْ يَّمْشِيْ مُكِبًّا عَلٰى وَجْهِهٖٓ أَهْدٰٓى أَمَّنْ يَّمْشِيْ

بلکہ (کافر) تو سرکشی اور بدکنے پر اڑ گئے ہیں، اچھا وہ شخص زیادہ ہدایت والا ہے جو اپنے سر کے بل اوندھا ہو کر چلے

سَوِيًّا عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٢٢﴾ قُلْ هُوَ الَّذِيْٓ أَنْشَأَكُمْ وَ جَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَ

یا وہ جو سیدھا (پیروں کے بل) راہ راست پر چلا ہو، کہہ دیجئے کہ وہی (اللہ) ہے جس نے تمہیں پیدا کیا اور تمہارے کان

الْأَبْصَارَ وَ الْأَفْئِدَةَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿٢٣﴾ قُلْ هُوَ الَّذِيْ ذَرَأَكُمْ فِي الْأَرْضِ

آنکھیں اور دل بنائے تم بہت ہی کم شکر گزاری کرتے ہو، کہہ دیجئے! کہ وہی ہے جس نے تمہیں زمین میں پھیلا دیا

وَ إِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿٢٤﴾ (الملک ١٩ تا ٢٤)

اور اس کی طرف تم اکٹھے کئے جاؤ گے۔

کیا یہ لوگ اپنے اوپر اڑنے والے چھوٹے بڑے رنگارنگ کے پرندوں کو نہیں دیکھتے جو ہوا میں اڑنے اور جھپٹنے کے لئے اپنے پر پھیلاتے اور سکیڑتے ہیں، اللہ ہی نے اپنی قدرت کاملہ سے انہیں فضا میں تھام رکھا ہے، یعنی اسی نے ہر پرندے کو وہ ساخت عطا فرمائی ہے جس سے وہ اڑنے کے قابل ہوا ہے اور اسی نے ہر پرندے کو اڑنے کا طریقہ سکھایا ہے، جیسے فرمایا

أَلَمْ يَرَوْا إِلَى الطَّيْرِ مُسَخَّرٰتٍ فِيْ جَوِّ السَّمَآءِ ؕ مَا يُمْسِكُهُنَّ إِلَّا اللّٰهُ ؕ إِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَأٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿٧٩﴾ [1]

ترجمہ: کیا ان لوگوں نے کبھی پرندوں کو نہیں دیکھا کہ فضائے آسمانی میں کس طرح مسخر ہیں؟ اللہ کے سوا کس نے ان کو تھام رکھا ہے؟ اس میں بہت نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لیے جو ایمان لاتے ہیں۔

اور یہ سب پرندوں پر ہی موقوف نہیں جو چیز بھی دنیا میں موجود ہے اللہ کی نگہبانی کی بدولت موجود ہے، انسانوں کو دعوت فکر دی کہ پچھلی قوموں کی طرح تم لوگ اللہ کے غضب سے بے خوف ہو کر اس پاکیزہ دعوت کو روکنے کے لئے ہر ہتھکنڈا استعمال کر رہے ہو، اگر اللہ تمہارے اعمال کی بدولت تم پر اپنا عذاب نازل کر دے تو بتاؤ اس عذاب کو روکنے کے لئے تمہارے پاس کیا وسائل ہیں، یعنی کوئی لشکر اور جتھہ ایسا نہیں جو تمہیں اللہ کے عذاب سے بچا سکے، اور اگر اللہ آسمان و زمین سے ملنے والے رزق کے تمام وسائل معدوم کر دے تو اے گمراہ انسانو! بتلاؤ تمہارا کون سا معبود تمہارے لئے خوراک مہیا کر سکتا ہے، یعنی کوئی نہیں جو اس کی مشیت کے بغیر تمہیں رزق دے سکے، پھر تم کیوں کفر پر اصرار کر کے اپنے پاوں پر کلہاڑی چلا رہے ہو، پچھلی تباہ شدہ قوموں کے حالات واقعات پر غور فکر کرتے ہو نہ عبرت پکڑتے ہو، ذرا سوچو جو شخص گمراہی میں سرگشتہ پھرتا ہے، اپنے کفر میں غرق ہے، اس کے نزدیک حق باطل اور باطل حق بن چکا ہے یا وہ شخص جو حق کا علم

---

[1] النحل ٧٩

رکھنے والا، حق کو ترجیح دینے والا اور اس پر عمل کرنے والا اور اپنے اقوال وافعال اور تمام احوال میں صراط مستقیم پر گامزن ہو ان دونوں اشخاص میں کون ہدایت یافتہ ہے، یعنی یہ تو سوچو جس راہ پر تم جارہے ہو وہ صحیح بھی ہے یا نہیں، جیسے فرمایا

وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلَيْنِ اَحَدُهُمَآ اَبْكَمُ لَا يَقْدِرُ عَلٰى شَيْءٍ وَّهُوَ كَلٌّ عَلٰى مَوْلٰىهُ اَيْنَمَا يُوَجِّهْهُّ لَا يَاْتِ بِخَيْرٍ هَلْ يَسْتَوِيْ هُوَ وَمَنْ يَّاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَهُوَ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۷۶﴾ (۱)

ترجمہ: اللہ ایک اور مثال دیتا ہے، دو آدمی ہیں ایک گونگا بہرا ہے کوئی کام نہیں کرسکتا اپنے آقا پر بوجھ بنا ہوا ہے جدھر بھی وہ اسے بھیجے کوئی بھلا کام اس سے بن نہ آئے، دوسرا شخص ایسا ہے کہ انصاف کا حکم دیتا ہے اور خود راہ راست پر قائم ہے بتاؤ کیا یہ دونوں یکساں ہیں؟۔

اے نبی ﷺ! ان سے کہو اللہ تمہیں پہلی مرتبہ بغیر کسی معاون ومددگار کے عدم سے وجود میں لایا اور اسی نے تمہیں غور وفکر کرنے کے لئے دیکھنے، سوچنے، سمجھنے اور فیصلہ کرنے کی صلاحیتیں عطا فرمائیں ہیں مگر تم لوگ اللہ کی ہر سو پھیلی نشانیوں کو دیکھ کر اور ان پر غور وفکر کر کے اس پر ایمان نہیں لاتے، اللہ نے جو تمہیں طرح طرح کی نعمتیں عطا کر رکھی ہیں اس پر اس کا شکر ادا نہیں کرتے، اے نبی ﷺ! ان سے کہہ دیں کہ اللہ ہی نے پر حکمت طریقے سے تمہیں مختلف زبانیں، مختلف عادات اور جداگانہ رنگ وروپ دے کر زمین کے کناروں تک آباد کیا ہے پھر ایک وقت مقررہ پر تم سب اسی کی بارگاہ میں اعمال کی جزا وسزا کے لئے گھیر لائے جاؤ گے، جیسے فرمایا

وَهُوَ الَّذِيْ ذَرَاَكُمْ فِي الْاَرْضِ وَاِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۷۹﴾ (۲)

ترجمہ: وہی ہے جس نے تمہیں زمین میں پھیلایا اور اسی کی طرف تم سمیٹے جاؤ گے۔

وَ يَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۲۵﴾ قُلْ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ۪

(کافر) پوچھتے ہیں کہ وہ وعدہ کب ظاہر ہوگا اگر تم سچے ہو (تو بتاؤ)؟ آپ کہہ دیجئے کہ اس کا علم تو اللہ ہی کو ہے

وَ اِنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۲۶﴾ فَلَمَّا رَاَوْهُ زُلْفَةً سِيْٓـَٔتْ وُجُوْهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

میں تو صرف کھلے طور پر آگاہ کر دینے والا ہوں، جب یہ لوگ اس وعدے کو قریب تر پالیں گے اس وقت ان کافروں کے

وَ قِيْلَ هٰذَا الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تَدَّعُوْنَ ﴿۲۷﴾ (الملک ۲۵تا۲۷)

چہرے بگڑ جائیں گے، اور کہہ دیا جائے گا کہ یہی ہے جسے تم طلب کرتے تھے۔

یہ لوگ قیامت اور حیات بعد الموت کی تکذیب کرتے ہیں اور بطور استہزا کے کہتے ہیں اگر تم اپنی بات میں حق بجانب ہو تو بتلاؤ قیامت کب قائم ہو گی اور ہم کب دوبارہ اٹھائے جائیں گے؟ اے نبی ﷺ! آپ کہہ دیں یہ تو مجھے معلوم ہے کہ ایک وقت مقررہ پر قیامت قائم ہو گی مگر وہ کب قائم ہو گی اس کا علم اللہ کے سوا کسی کو نہیں ہے، جیسے فرمایا

---

(۱) النحل ۷۶

(۲) المومنون ۷۹

يَسۡـَٔلُوۡنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرۡسٰهَا ؕ قُلۡ اِنَّمَا عِلۡمُهَا عِنۡدَ رَبِّىۡ ... ﴿۱۸۷﴾ [1]

ترجمہ: یہ لوگ تم سے پوچھتے ہیں کہ آخر وہ قیامت کی گھڑی کب نازل ہوگی؟ کہو اس کا علم میرے رب ہی کے پاس ہے۔

میں تو بس اللہ کے فرامین کو صاف صاف پہنچا دینے والا اور تمہیں آئندہ زندگی میں پیش آنے والے احوال سے مطلع کر دینے والا ہوں، ابھی کفار و مشرکین اس سخت گھڑی کو مذاق سمجھ رہے ہیں مگر جب وہ اس المناک عذاب کو قریب سے دیکھیں گے تو ذلت، ہولناکی اور دہشت سے ان کے چہرے پر ہوائیاں اڑ رہی ہوں گی، ایک مقام پر فرمایا:

يَّوۡمَ تَبۡيَضُّ وُجُوۡهٌ وَّتَسۡوَدُّ وُجُوۡهٌ ... ﴿۱۰۶﴾ [2]

ترجمہ: جبکہ کچھ لوگ سرخ رو ہوں گے اور کچھ لوگوں کا منہ کالا ہوگا۔

اس وقت ان کو ذلیل کرنے کے لئے کہا جائے گا یہ وہی ہے جس کی تم تکذیب کرتے اور جلدی رونما ہونے کا تقاضا کرتے تھے۔ جیسے فرمایا

وَقَالُوۡا رَبَّنَا عَجِّلۡ لَّنَا قِطَّنَا قَبۡلَ يَوۡمِ الۡحِسَابِ ﴿۱۶﴾ [3]

ترجمہ: اور یہ کہتے ہیں کہ اے ہمارے رب! یوم الحساب سے پہلے ہی ہمارا حصہ ہمیں جلدی سے دے دے۔

قُلۡ اَرَءَيۡتُمۡ اِنۡ اَهۡلَكَنِىَ اللّٰهُ وَ مَنۡ مَّعِىَ اَوۡ رَحِمَنَا ۙ فَمَنۡ يُّجِيۡرُ

آپ کہہ دیجئے! اچھا اگر مجھے اور میرے ساتھیوں کو اللہ تعالیٰ ہلاک کر دے یا ہم پر رحم کرے (بہرصورت یہ تو بتاؤ)

الۡكٰفِرِيۡنَ مِنۡ عَذَابٍ اَلِيۡمٍ ﴿۲۸﴾ قُلۡ هُوَ الرَّحۡمٰنُ اٰمَنَّا بِهٖ وَ عَلَيۡهِ

کہ کافروں کو دردناک عذاب سے کون بچائے گا؟ آپ کہہ دیجئے کہ وہی رحمٰن ہے ہم تو اس پر ایمان لا چکے اور اسی پر

تَوَكَّلۡنَا ۚ فَسَتَعۡلَمُوۡنَ مَنۡ هُوَ فِىۡ ضَلٰلٍ مُّبِيۡنٍ ﴿۲۹﴾ قُلۡ اَرَءَيۡتُمۡ اِنۡ اَصۡبَحَ

ہمارا بھروسہ ہے تمہیں عنقریب معلوم ہو جائے گا کہ صریح گمراہی میں کون ہے، آپ کہہ دیجئے! کہ اچھا یہ تو بتاؤ کہ اگر

مَآؤُكُمۡ غَوۡرًا فَمَنۡ يَّاۡتِيۡكُمۡ بِمَآءٍ مَّعِيۡنٍ ﴿۳۰﴾ (الملک ۲۸ تا ۳۰)

تمہارے (پینے کا) پانی زمین میں اتر جائے تو کون ہے جو تمہارے لیے نتھرا ہوا پانی لائے؟۔

رسول اللہ ﷺ کی تبلیغ کے نتیجہ میں قریش کے مختلف خاندانوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے اسلام قبول کرنا شروع کر دیا تو گھر گھر آپ ﷺ اور آپ کے ساتھیوں کو بددعائیں دی جانے لگیں، جادو ٹونے کیے جانے لگے تاکہ آپ ہلاک ہو جائیں، اس پر فرمایا تم لوگ ہمارے پیغمبر کے پاکیزہ کردار و گفتار کے گواہ ہو، وہ تمہیں نیکی و پاکیزگی کی تعلیم دے رہا ہے، ہمارے نازل شدہ پیغام کے ذریعہ قبل از وقت

---

[1] الاعراف ۱۸۷

2 (آل عمران ۱۰۶)

[3] ص ۱۶

تمہیں مابعد الموت کے احوال حساب کتاب، باطل معبودوں کی بے بسی ولاچاری، جنت کی لازوال نعمتیں اور جہنم کی ہولناکیاں کھول کھول کر بیان کر رہا ہے تاکہ اخروی زندگی میں تم کامیاب وکامران ٹھہرو، مگر تم اس کی بے لوث دعوت پر ایمان لانے کے بجائے اس کے خلاف بددعائیں کرتے ہو، ذرا سوچو اگر یہ سبھی اہل ایمان موت یا قتل کے ذریعے ہلاک ہو جائیں یا اللہ انہیں مہلت دے اور یہ زندہ رہیں تو تمہیں اس سے کیا فائدہ پہنچے گا؟ کیا تم اپنے کفر کے باوجود ہولناک عذاب سے بچ جاؤ گے؟ ان سے کہو ہمارا رب بڑا رحیم ہے، ہم اس کی وحدانیت پر ایمان لائے ہیں اسی لئے اس کے ساتھ شریک نہیں ٹھہراتے اور اپنے تمام معاملات اسی کے سپرد کرتے ہیں، جیسے فرمایا:

...وَعَلَى اللّٰهِ فَتَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۲۳﴾ (۱)

ترجمہ: اللہ پر بھروسہ رکھو اگر تم مومن ہو۔

جبکہ تم اپنے جتھوں اور اپنے وسائل اور باطل معبودوں پر بھروسہ کرتے ہو، اس لئے اللہ کی رحمت کے مستحق ہم ہو سکتے ہیں تم نہیں، اس وقت تم لوگوں نے اپنی آنکھوں پر غفلت اور ہٹ دھرمی کی پٹی باندھی ہوئی ہے اور تمہیں اصل حقیقت معلوم نہیں ہو رہی مگر موت کے بعد ساری حقیقت کھل کر تمہارے سامنے آجائے گی کہ ہدایت یافتہ کون لوگ تھے اور گمراہ کون؟ مگر اس وقت پچھتانا فضول ہو گا، ہم نے انسان کو پانی سے تخلیق فرمایا، جیسے فرمایا:

اَلَمْ نَخْلُقْكُّمْ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ﴿۲۰﴾ (۲)

ترجمہ: کیا ہم نے ایک حقیر پانی سے تمہیں پیدا نہیں کیا۔

ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ﴿۸﴾ (۳)

ترجمہ: پھر اس کی نسل ایک ایسے ست سے چلائی جو حقیر پانی کی طرح کا ہے۔

اور اس کی زندگی کا دارومدار پانی پر ہی ہے، جیسے فرمایا

...وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ ۭ اَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۰﴾ (۴)

ترجمہ: اور پانی سے ہر زندہ چیز پیدا کی، کیا وہ (ہماری اس خلاقی کو) نہیں مانتے؟۔

اگر اللہ تعالیٰ پانی کو خشک کر دے، یا زمین کی انتہائی گہرائیوں میں پہنچا دے کہ اس کا حصول ممکن نہ رہے تو بتلاؤ کون ہے جو اس پانی کی بہتی ہوئی سوتیں تمہیں نکال کر لادے گا؟ یعنی کوئی نہیں ہے، کیا یہ زمین وآسمان اور ان کے درمیان جو کچھ ہے، تمہارا اپنا وجود، پانی کے بہتے ہوئے یہ چشمے، زمین وآسمان سے ملتا ہوا بے بہا رزق تمہیں کسی حکیم وخبیر ذات کے وجود کا پتہ نہیں دے رہے؟ اس لئے اس قادر مطلق ذات پر ایمان لا کر اس قسم کے عذاب سے چھٹکارا حاصل کرنے کی فکر کرو۔

---

(۱) المائدۃ ۲۳

(۲) المرسلات ۲۰

(۳) السجدۃ ۸

(۴) الانبیاء ۳۰

## سورۂ ملک کی فضیلت:

سورت ملک کا ایک نام مَانِعُه اور مُنْجِيهِ بھی ہے یعنی عذاب قبر سے بچانے والی، اس سورت کی فضیلت میں کئی احادیث وارد ہیں۔

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ قَالَ: إِنَّ سُورَةً مِنَ الْقُرْآنِ، ثَلَاثُونَ آيَةً، شَفَعَتْ لِرَجُلٍ حَتَّى غُفِرَ لَهُ، وَهِيَ: {تَبَارَكَ الَّذِي بِيَدِهِ الْمُلْكُ} (۱)

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قرآن مجید میں تیس آیات پر مشتمل ایک سورت ہے جس نے اپنے ساتھی کی شفاعت کی حتی کہ اسے معاف کر دیا گیا یہ سورت الملک ہے۔ (۲)

عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سُورَةٌ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هِيَ إِلَّا ثَلَاثُونَ آيَةً، خَاصَمَتْ عَنْ صَاحِبِهَا حَتَّى أَدْخَلَتْهُ الْجَنَّةَ، وَهِيَ سُورَةُ تَبَارَكَ

انس رضی اللہ عنہ بن مالک سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قرآن مجید میں ایک ایسی سورت ہے جس میں تیس آیات ہیں جس نے اپنے ساتھی کی طرف سے جھگڑا کرتے ہوئے اسے جنت میں داخل کرا دیا یہ سورت الملک ہے۔ (۳)

عَنْ جَابِرٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لاَ يَنَامُ حَتَّى يَقْرَأَ الم تَنْزِيلُ، وَتَبَارَكَ الَّذِي بِيَدِهِ الْمُلْكُ.

جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت تک نہیں سوتے تھے جب تک سورہ السجدہ اور سورہ الملک کی تلاوت نہ فرما لیتے تھے۔ (۴)

### مصعب رضی اللہ عنہ بن عمیر کا دعوت اسلام قبول کرنا

كَانَ مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ فَتَى مَكَّةَ شَبَابًا وَجَمَالا وَسَبِيبًا وَكَانَ أَبَوَاهُ يُحِبَّانِهِ، وَكَانَتْ أُمُّهُ مَلِيئَةً كَثِيرَةَ الْمَالِ تَكْسُوهُ أَحْسَنَ مَا يَكُونُ مِنَ الثِّيَابِ وَأَرَقَّهُ

سارے مکہ میں مصعب رضی اللہ عنہ بن عمیر کی جوانی، خوبصورتی اور پیشانی کے بالوں جیسا کوئی نوجوان نہیں تھا ان کے والدین ان سے محبت کرتے تھے، ان کی والدہ کو اللہ تعالیٰ نے تمول اور آسودہ حالی کی نعمتوں سے نوازا تھا انہوں نے اپنے فرزند کو بڑے ناز و نعم سے پالا تھا وہ انہیں اعلی سے اعلی اور باریک کپڑے پہناتے تھے،

ولقد رأيت عليه حُلّة شراها أو شُريت بمائتي درهم

---

(۱) الملك: ۱

(۲) مسنداحمد۷۹۷۵، سنن ابن ماجه كِتَابُ الْأَدَبِ بَابُ ثَوَابِ الْقُرْآنِ۳۷۸۶، سنن ابوداودكتاب شَهْرِ رَمَضَانَ بَابٌ فِي عَدَدِ الْآيِ۱۴۰۰، جامع ترمذى ابْوَابُ فَضَائِلِ الْقُرْآنِ بَابُ مَا جَاءَ فِي فَضْلِ سُورَةِ الْمُلْكِ۲۸۹۱، السنن الكبرى للنسائى۱۱۵۴۸، مستدرک حاكم ۲۰۷۵

(۳) المعجم الاوسط للطبرانى۳۶۵۴، الأحاديث المختارة ۱۷۳۹، ۱۷۳۸

(۴) جامع ترمذى أَبْوَابُ فَضَائِلِ الْقُرْآنِ بَابُ مَا جَاءَ فِي فَضْلِ سُورَةِ الْمُلْكِ۲۸۹۲

ان کے ایک جوڑے کی قیمت دو دو سو درہم تک ہوتی تھی جو اس زمانے میں ایک خطیر رقم متصور ہوتی تھی۔[1]

وَكَانَ أَعْطَرَ أَهْلِ مَكَّةَ،يَلْبَسُ الْحَضْرَمِيَّ مِنَ النِّعَالِ، فَكَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْكُرُهُ وَيَقُولُ: مَا رَأَيْتُ بِمَكَّةَ أَحَدًا أَحْسَنَ لِمَّةً وَلا أَرَقَّ حُلَّةً وَلا أَنْعَمَ نِعْمَةً مِنْ مُصْعَبِ بْنِ عُمَيْرٍ، فَبَلَغَهُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُو إِلَى الإِسْلامِ فِي دَارِ أَرْقَمَ بْنِ أَبِي الأَرْقَمِ فَدَخَلَ عَلَيْهِ فَأَسْلَمَ وَصَدَّقَ بِهِ وَخَرَجَ فَكَتَمَ إِسْلامَهُ خَوْفًا مِنْ أُمِّهِ وَقَوْمِهِ

وہ اہل مکہ میں عمدہ سے عمدہ اور زیادہ خوشبویات استعمال کرتے تھے، جس گلی سے گزرتے وہ گلی مہک جاتی تھی، اور ان کے پاؤں میں زری حضرمی جوتا ہوتا تھا، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مکہ مکرمہ میں مصعب رضی اللہ عنہ بن عمیر سے زیادہ خوبصورت بالوں والا، باریک کپڑے پہننے والا اور نازونعمت والا کسی کو نہیں دیکھا، لیکن اپنی خوبروئی اور خوش پوشی کے باوجود وہ نہایت پاکیزہ سیرت اور اخلاق کے حامل تھے جب انہیں معلوم ہوا کہ رسول اللہ ﷺ دار ارقم بن ارقم میں دعوت اسلام پیش کر رہے ہیں تو باوجود اس کے کہ پرستاران حق ان دنوں بڑے پرصعوبت دور سے گزر رہے تھے، مشرکین نے اپنے ظلم وستم سے توحید کے شیدائیوں کا جینا دوبھر کر رکھا تھا انہوں نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر دست حق پر بیعت کر لی، آپ ﷺ کی رسالت کی تصدیق کی اور روانہ ہو گئے مگر اپنی والدہ اور قوم کے خوف سے اپنا اسلام چھپایا مگر اکثر خفیہ طور پر دربار رسالت میں حاضر ہوتے اور فیضان نبوی سے مقدور بھر بہرہ یاب ہوتے،

فَكَانَ يَخْتَلِفُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِرًّا فَبَصُرَ بِهِ عُثْمَانُ بْنُ طَلْحَةَ يُصَلِّي فَأَخْبَرَ أُمَّهُ وَقَوْمَهُ ، فَأَخَذُوهُ فَحَبَسُوهُ،فَلَمْ يَزَلْ مَحْبُوسًا حَتَّى خَرَجَ إِلَى أَرْضِ الْحَبَشَةِ فِي الْهِجْرَةِ الأُولَى

لیکن عشق اور مشک چھپائے نہیں چھپتے ایک دن کلید بردار کعبہ عثمان بن طلحہ (جو ابھی تک مشرف بہ اسلام نہیں ہوئے تھے) انہیں کہیں اللہ وحدہ لاشریک کی عبادت کرتے دیکھ لیا، انہوں نے فوراً ان کی والدہ اور دوسرے اہل خاندان کو جا کر خبر دے دی، معصب رضی اللہ عنہ کی والدہ خناس بنت مالک اور دوسرے اہل خاندان پر یہ خبر بجلی بن کر گری، مصعب رضی اللہ عنہ سے ان کی والہانہ محبت بے پناہ نفرت میں تبدیل ہو گئی انہوں نے پہلے تو انہیں خوب زدوکوب کیا اور پھر رسیوں سے جکڑ کر قید تنہائی میں ڈال دیا، مصعب رضی اللہ عنہ دین حق سے منہ موڑ کر پھر والدہ اور دوسرے عزیزوں کی محبت اور شفقت کا مرجع بن سکتے تھے لیکن بادہ توحید نے انہیں کچھ ایسا مست کر دیا تھا کہ عیش وراحت سے محرومی اور قید وبند کی مصیبتیں خندہ پیشانی سے قبول کر لیں لیکن دین حق سے منہ موڑنا گوارہ نہ کیا کچھ عرصہ اسی طرح گزر گیا، ادھر کفار کا معاملہ مسلمانوں سے شدید تر ہوتا گیا یہاں تک کہ رسول اللہ ﷺ نے ستم رسیدہ مسلمانوں کو حبشہ کی طرف ہجرت کرنے کی اجازت فرما دی، چنانچہ پہلی ہجرت حبشہ کے لیے بارہ مردوں اور چار خواتین کی مختصر سا قافلہ فی الفور ہجرت کے لیے آمادہ ہو گیا راہ حق میں سب سے پہلے غریب الوطنی اختیار کرنے والے ان بلاکشاں اسلام میں مصعب رضی اللہ عنہ بن عمیر بھی شامل تھے جو موقع پا کر اپنے زنداں بلا سے بھاگ نکلے اور اس قافلہ کے ساتھ حبش جا پہنچے،

---

[1] سيرة الصحابي الجليل مصعب بن عمير رضي الله عنه۱/۱۹

حتى خرج إلى أرض الحبشة في الهجرة الأولى
حتیٰ کہ وہ پہلی ہجرت حبشہ میں ہجرت کر گئے۔ ①

ثُمَّ رَجَعَ مَعَ الْمُسْلِمِينَ حِينَ رَجَعُوا
ابھی ان مہاجرین الی اللہ کو حبش میں تین ہی مہینے گزرے تھے کہ انہوں نے قریش مکہ کے مسلمان ہونے (یا رسول اللہ ﷺ کی مخالفت ترک کر دینے) کی خبر سنی تو کچھ مہاجرین مکہ مکرمہ واپس ہو گئے جن میں مصعب رضی اللہ عنہ بن عمیر بھی شامل تھے۔
شہر کے قریب پہنچ کر معلوم ہوا کہ یہ خبر بالکل بے بنیاد تھی تاہم انہوں نے حبشہ کی طرف پلٹنا مناسب نہ سمجھا اور ان میں سے ہر ایک عمائد قریش میں سے کسی نہ کسی کی امان حاصل کر کے شہر میں داخل ہو گیا، مصعب رضی اللہ عنہ نے باختلاف روایت

وَكَانَ النَّضْرُ بْنُ الْحَارِثِ مِنْ شَيَاطِينِ قُرَيْشٍ
قریش کے شیطانوں میں سے ایک شیطان۔ ②

نضر بن الحارث بن کلدہ یا ابو عزیر بن عمیر کی پناہ حاصل کی، مصعب رضی اللہ عنہ حبش سے اس حال میں مکہ مکرمہ واپس آئے کہ غریب الوطنی نے ان کی رعنائی اور خوش پوشی کو خواب وخیال بنا دیا تھا، اب بوسیدہ اور موٹے جھوٹے کپڑے جن میں کئی پیوند لگے ہوتے تھے ان کے زیب بدن ہوتے تھے، جسم کی نرم ونازک کھال موٹی اور کھردری ہو گئی تھی، چہرہ ست گیا تھا اور رنگ برگ خزاں رسیدہ کی طرح پیلا پڑ گیا تھا لیکن اس مرد حق آگاہ کی شان استقامت وعزیمت میں ذرہ برابر فرق نہ آیا تھا۔

عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، يَقُولُ: إِنَّا لَجُلُوسٌ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ إِذْ طَلَعَ عَلَيْنَا مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ، وَمَا عَلَيْهِ إِلا بُرْدَةٌ لَهُ مَرْقُوعَةٌ بِفَرْوٍ، فَلَمَّا رَآهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَكَى لِلَّذِي كَانَ فِيهِ مِنَ النِّعْمَةِ، وَالَّذِي هُوَ فِيهِ الْيَوْمَ
سیدنا علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ایک دن ہم مسجد میں رسول اللہ ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے کہ مصعب رضی اللہ عنہ دربار نبوت میں اس شان سے حاضر ہوئے کہ ان کے جسم پر کوئی کپڑا ایسا نہ تھا جس میں پیوند نہ لگے ہوں اور پھر یہ کپڑے بھی سخت موٹے اور کھردرے تھے، سید الامم ﷺ انہیں اس حالت میں دیکھ کر آبدیدہ ہو گئے کہ کبھی وہ ناز ونعمت میں پلے ہوئے تھے اور آج ان کی یہ حالت ہے۔ ③

عَنْ عُرْوَةَ بِنِ الزُّبَيْرِ قَالَ: بَيْنَا أَنَا جَالِسٌ يَوْمًا مَعَ عُمَرَ بِنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ وَهُوَ يَبْنِي الْمَسْجِدَ، فَقَالَ: أَقْبَلَ مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ ذَاتَ يَوْمٍ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ فِي أَصْحَابِهِ عَلَيْهِ قِطْعَةُ نَمِرَةٍ قَدْ وَصَلَهَا بِإِهَابٍ قَدْ رَدَّنَهُ ثُمَّ وَصَلَهُ إِلَيْهَا، فَلَمَّا رَآهُ أَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَكَّسُوا رُؤُوسَهُمْ رَحْمَةً لَهُ لَيْسَ عِنْدَهُمْ مَا يُغَيِّرُونَ عَنْهُ، فَسَلَّمَ فَرَدَّ عَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَحْسَنَ عَلَيْهِ الثَّنَاءَ، وَقَالَ: الْحَمْدُ لِلَّهِ لِيَقْلِبِ الدُّنْيَا بِأَهْلِهَا، لَقَدْ رَأَيْتُ هَذَا. يَعْنِي

① المنتظم في تاريخ الأمم والملوك ۳/۱۹۳
② ابن ہشام ۱/۲۶۵
③ اسد الغابة ۵/۱۷۵

مُصْعَبًا. وَمَا بِمَكَّةَ فَتًى مِنْ قُرَيْشٍ أَنْعَمَ عِنْدَ أَبَوَيْهِ نَعِيمًا مِنْهُ. ثُمَّ أَخْرَجَهُ مِنْ ذَلِكَ الرَّغْبَةُ فِي الْخَيْرِ فِي حُبِّ اللَّهِ وَرَسُولِهِ

عروہ بن زبیر کہتے ہیں ایک روز ہم عمر بن عبد العزیز رحمہ اللہ کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے وہ مسجد بنا رہے تھے، انہوں نے کہا ایک روز نبی کریم ﷺ اپنے اصحاب میں بیٹھے ہوئے تھے کہ مصعب رضی اللہ عنہ بن عمیر آئے، ان کے جسم پر دھاری دار چادر کا ایک ٹکڑا تھا اور اس میں بھی چمڑے کا پیوند لگا ہوا تھا، اس کی انہوں نے آستین بنالی تھی اور اس کی کھال کا پیوند لگالیا تھا، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم مصعب رضی اللہ عنہ کو اس لباس میں دیکھ کر تڑپ اٹھے اور رحم کی وجہ سے اپنے سر جھکا لیے، ان کے پاس وہ چیز بھی نہ تھی جس سے کپڑے کو بدل دیتے (یعنی وہ اتنے غریب ہو گئے تھے کہ پیوند لگانے کے لیے کپڑے کا ٹکڑا بھی نہ تھا) انہوں نے سلام کیا نبی کریم ﷺ نے جواب دیا اور اچھی طرح ان پر اللہ کی ثنا کی اور آبدیدہ ہو کر فرمایا الحمد للہ، دنیا کو چاہیے کہ وہ اپنے اہل کو بدل دے، چند سال پہلے میں نے اس نوجوان کو دیکھا تھا کہ سارے مکہ میں قریش کا کوئی جوان اپنے والدین کے پاس اس سے بڑھ کر ناز و نعمت کا پروردہ، خوش رو، خوش پوشاک اور آسودہ حال کوئی نہیں تھا لیکن آج اللہ اور اللہ کے رسول ﷺ کی محبت پر اس نے اپنے تمام عیش و آرام کو قربان کر دیا ہے اور حسنات سے شغف نے اس کو دنیوی لذات اور اسباب راحت سے بے نیاز کر دیا ہے۔ [1]

حبشہ سے ان اصحاب کے مراجعت فرمانے کے بعد قریش کی ستم آرائیوں میں اور شدت پیدا ہو گئی چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے پھر ہدایت فرمائی کہ جس مظلوم مسلمان سے بن پڑے وہ حبش کی طرف ہجرت کر جائے، اب کی بار ۸۰ سے زیادہ مردوں اور ۱۹، ۲۰ خواتین نے حبش کی راہ لی، مصعب رضی اللہ عنہ بن عمیر بھی اس قافلہ میں شامل تھے،

عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ:كَانَ مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ لِي خِدْنًا وَصَاحِبًا مُنْذُ يَوْمَ أَسْلَمَ إِلَى أَنْ قُتِلَ. رَحِمَهُ اللَّهُ. بِأُحُدٍ. خَرَجَ مَعَنَا إِلَى الْهِجْرَتَيْنِ جَمِيعًا بِأَرْضِ الْحَبَشَةِ، وَكَانَ رَفِيقِي مِنْ بَيْنِ الْقَوْمِ فَلَمْ أَرَ رَجُلًا قَطُّ كَانَ أَحْسَنَ خُلُقًا وَلَا أَقَلَّ خِلَافًا مِنْهُ

عامر بن ربیعہ کہتے ہیں جب سے مصعب رضی اللہ عنہ بن عمیر اسلام لائے اس وقت سے غزوہ احد میں شہید ہونے تک وہ میرے دوست اور ساتھی رہے وہ ہمارے ساتھ دونوں ہجرتوں میں حبشہ گئے، جماعت مہاجرین میں وہ میرے رفیق تھے، میں نے ایسا آدمی کبھی نہیں دیکھا کہ ان سے زیادہ خوش اخلاق ہو اور ان سے کم اس سے اختلاف ہو۔ [2]

سب سے پہلے مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کرنے والے مصعب رضی اللہ عنہ بن عمیر اور ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہما تھے،

الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ يَقُولُ:أَوَّلُ مَنْ قَدِمَ عَلَيْنَا مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ وَابْنُ أُمِّ مَكْتُومٍ. يَعْنِي فِي الْهِجْرَةِ إِلَى الْمَدِينَةِ

براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اصحاب رسول اللہ ﷺ میں سے سب سے پہلے جو لوگ مدینہ منورہ کی ہجرت میں ہمارے پاس آئے وہ

---

[1] ابن سعد ۸۶/۳

[2] ابن سعد ۸۶/۳

مصعب رضی اللہ عنہ بن عمیر اور ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہما تھے۔ [1]

لَمَّا هَاجَرَ مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ مِنْ مَكَّةَ إِلَى الْمَدِينَةِ نَزَلَ عَلَى سَعْدِ بن معاذ

جب مصعب رضی اللہ عنہ بن عمیر نے مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ ہجرت کی تو سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے پاس اترے۔ [2]

لَمَّا انْصَرَفَ أَهْلُ الْعَقَبَةِ الأُولَى الاثْنَا عَشَرَ وَفَشَا الإِسْلامُ فِي دُورِ الأَنْصَارِ أَرْسَلَتِ الأَنْصَارُ رَجُلا إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَتَبَتْ إِلَيْهِ كِتَابًا: ابْعَثْ إِلَيْنَا رَجُلا يُفَقِّهُنَا فِي الدِّينِ وَيُقْرِئُنَا الْقُرْآنَ. فَبَعَثَ إِلَيْهِمْ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مصعب بْنَ عُمَيْرٍ فَقَدِمَ فَنَزَلَ عَلَى سَعْدِ بْنِ زُرَارَةَ، وَكَانَ يَأْتِي الأَنْصَارَ فِي دُورِهِمْ وَقَبَائِلِهِمْ فَيَدْعُوهُمْ إِلَى الإِسْلامِ وَيَقْرَأُ عَلَيْهِمُ الْقُرْآنَ

جب عقبہ اولیٰ والے بارہ آدمی مدینہ منورہ واپس ہوئے اور انصار میں اسلام پھیل گیا، تو انصار نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک شخص کے ذریعہ ایک خط بھیجا کہ ہمارے پاس کسی ایسے شخص کو بھیجیں جو ہمیں دین کی تعلیم دے اور قرآن پڑھائے، انصار کی درخواست پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے پاس مصعب رضی اللہ عنہ بن عمیر کو بھیجا، وہ مدینہ منورہ آئے اور سعد بن زرارہ کے پاس اترے، مصعب رضی اللہ عنہ انصار کے پاس ان کے مکانوں اور قبائل میں آتے اور انہیں اسلام کی دعوت دیتے اور قرآن پڑھ کر سناتے،

فَيُسْلِمُ الرَّجُلُ وَالرَّجُلانِ حَتَّى ظَهَرَ الإِسْلامُ وَفَشَا فِي دُورِ الأَنْصَارِ كُلِّهَا وَالْعَوَالِي إِلا دُورًا مِنْ أَوْسِ اللَّهِ ، وَهِيَ خَطْمَةُ وَوَائِلٌ وَوَاقِفٌ. وَكَانَ مُصْعَبُ يُقْرِئُهُمُ الْقُرْآنَ وَيُعَلِّمُهُمْ، فَكَتَبَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَأْذِنُهُ أَنْ يُجَمِّعَ بِهِمْ،

ان کی کوششوں سے ایک ایک دو، دو لوگ مسلمان ہونے لگے اسلام ظاہر ہو گیا اور انصار کے تمام مکانوں اور اولی (مدینہ منورہ کی آس پاس کی بستیوں) میں پھیل گیا، سوائے قبیلہ اوس کے مکانات کے جو حظمہ اور وائل اور واقف کے خاندان تھے، مصعب رضی اللہ عنہ انہیں قرآن مجید پڑھ کر سناتے اور اسلام کی تعلیم دیتے تھے، مصعب رضی اللہ عنہ بن عمیر نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو لکھ کر اس بات کی اجازت چاہی کہ وہ ان لوگوں کو نماز جمعہ پڑھائیں،

فَأَذِنَ لَهُ وَكَتَبَ إِلَيْهِ: انْظُرْ مِنَ الْيَوْمِ الَّذِي يَجْهَرُ فِيهِ الْيَهُودُ لِسَبْتِهِمْ فَإِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ فَازْدَلِفْ إِلَى اللَّهِ فِيهِ بركعتين واخطب فِيهِمْ فَجَمَّعَ بِهِمْ مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ فِي دَارِ سَعْدِ بْنِ خَيْثَمَةَ ، وَهُمُ اثْنَا عَشَرَ رَجُلا وَمَا ذَبَحَ لَهُمْ يَوْمَئِذٍ إِلا شَاةً، فَهُوَ أَوَّلُ مَنْ جَمَّعَ فِي الإِسْلامِ جُمُعَةً

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں نماز جمعہ پڑھانے کی اجازت فرمائی اور تحریر فرمایا کہ اس دن کو دیکھ لینا کہ جس دن یہود اپنے سبت (ہفتہ) کی وجہ سے بلند آواز سے نماز پڑھتے ہیں جب آفتاب ڈھل جائے تو اس وقت دو رکعت سے اللہ کے قریب ہو جاؤ اور خطبہ پڑھو، مصعب رضی اللہ عنہ بن

---

[1] ابن سعد۸۶؍۳

[2] ابن سعد۸۷؍۳

عمیر نے سعد بن خیشمہ کے مکان میں لوگوں کو نماز جمعہ پڑھائی، وہ بارہ آدمی تھے اور اس روز ان لوگوں نے صرف ایک بکری ذبح کی گئی تھی، وہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے اسلام میں جمعہ کی نماز پڑھائی۔ [۱]

كَانَ لِوَاءُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الأَعْظَمُ لِوَاءَ الْمُهَاجِرِينَ يَوْمَ بَدْرٍ مَعَ مُصْعَبِ بْنِ عُمَيْرٍ، حَمَلَ مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ اللِّوَاءَ يَوْمَ أُحُدٍ، فَلَمَّا جَالَ الْمُسْلِمُونَ ثَبَتَ بِهِ مُصْعَبٌ، فَأَقْبَلَ ابْنُ قَمِيئَةَ. وَهُوَ فَارِسٌ. فَضَرَبَ يَدَهُ الْيُمْنَى فَقَطَعَهَا وأخذ اللِّوَاءَ بِيَدِهِ الْيُسْرَى ، وَحَنَا عَلَيْهِ فَضَرَبَ يَدَهُ الْيُسْرَى فَقَطَعَهَا فَحَنَا عَلَى اللِّوَاءِ وَضَمَّهُ بِعَضُدَيْهِ إِلَى صَدْرِهِ ، ثُمَّ حَمَلَ عَلَيْهِ الثَّالِثَةَ بِالرُّمْحِ فَأَنْفَذَهُ وَانْدَقَّ الرُّمْحُ وَوَقَعَ مُصْعَبٌ وَسَقَطَ اللِّوَاءُ

عمر بن حسین سے روایت ہے غزوہ بدر کے روز رسول اللہ ﷺ کا سب سے بڑا جھنڈا جو مہاجرین کا جھنڈا تھا مصعب رضی اللہ عنہ بن عمیر کے پاس تھا، غزوہ احد میں مصعب رضی اللہ عنہ بن عمیر نے جھنڈا اٹھایا مسلمان ڈگمگا گئے تو مصعب رضی اللہ عنہ جھنڈے کو لیے ہوئے ثابت قدم رہے ،ابن قمیہ جو گھوڑے پر سوار تھا اس نے ان کے داہنے ہاتھ کو تلوار کا وار کر کے کاٹ دیا انہوں نے جھنڈا بائیں ہاتھ میں لے لیا اور اسے مضبوط پکڑلیا، اس نے مصعب رضی اللہ عنہ کے بائیں ہاتھ کو بھی تلوار کے وار سے کاٹ ڈالا، تو انہوں نے جھنڈا مضبوط پکڑلیا اور اسے اپنے بازوؤں سے اپنے سینے سے لگالیا، اس نے تیسری مرتبہ ان پر نیزے سے حملہ کیا اور اسے ان کے جسم میں گھسیڑ دیا، نیزہ ٹوٹ گیا، مصعب رضی اللہ عنہ گر پڑے اور جھنڈا بھی گر گیا۔

عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَفَ عَلَى مُصْعَبِ بْنِ عُمَيْرٍ وَهُوَ مُنْجَعِفٌ عَلَى وَجْهِهِ، فَقَرَأَ هَذِهِ الآيَةَ: مِنَ الْمُؤْمِنِينَ رِجَالٌ صَدَقُوا مَا عَاهَدُوا اللَّهَ عَلَيْهِ فَمِنْهُم مَّن قَضَىٰ نَحْبَهُ وَمِنْهُم مَّن يَنتَظِرُ وَمَا بَدَّلُوا تَبْدِيلًا [۲]

عبید بن عمیر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم ﷺ مصعب رضی اللہ عنہ بن عمیر کے پاس کھڑے ہوئے جو منہ کے بل پڑے ہوئے تھے، رسول اللہ ﷺ نے یہ آیت پڑھی ”ایمان لانے والوں میں ایسے لوگ موجود ہیں جنہوں نے اللہ سے کیے ہوئے عہد کو سچا کر دکھایا ہے ان میں سے کوئی اپنی نذر پوری کر چکا اور کوئی وقت آنے کا منتظر ہے انہوں نے اپنے رویے میں کوئی تبدیلی نہیں کی۔“

عَنْ خَبَّابِ بْنِ الأَرَتِّ قَالَ:قَالَ: هَاجَرْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ نَبْتَغِي وَجْهَ اللَّهِ، فَوَجَبَ أَجْرُنَا عَلَى اللَّهِ، فَمِنَّا مَنْ مَضَى وَلَمْ يَأْكُلْ مِنْ أَجْرِهِ شَيْئًا مِنْهُمْ مُصْعَبُ بْنُ عُمَيْرٍ قُتِلَ يَوْمَ أُحُدٍ فَلَمْ يُوجَدْ لَهُ شَيْءٌ يُكَفَّنُ فِيهِ إِلا نَمِرَةً، قَالَ فكنا وَضَعْنَاهَا عَلَى رَأْسِهِ خَرَجَتْ رِجْلاهُ وَإِذَا وَضَعْنَاهَا عَلَى رِجْلَيْهِ خَرَجَ رَأْسُهُ ، [فَقَالَ لَنَا رَسُولُ اللهِ: اجْعَلُوهَا مِمَّا يَلِي رَأْسَهُ وَاجْعَلُوا عَلَى رِجْلَيْهِ مِنَ الإِذْخِرِ وَمِنَّا مَنْ أَيْنَعَتْ لَهُ ثَمَرَتُهُ فَهُوَ يَهْدِبُهَا

خباب بن الارت رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ اللہ کی راہ میں ہجرت کی جس سے ہم اللہ کی خوشنودی چاہتے تھے، اللہ تعالیٰ پر ہمارا اجر واجب ہو گیا، ہم میں سے بعض وہ ہیں جو اس طرح گزر گئے کہ انہوں نے اپنے اجر میں سے کچھ نہ کھایا، انہیں میں مصعب

[۱] ابن سعد ۳/۸۷

[۲] الأحزاب : ۲۳.

رضی اللہ عنہ بن عمیر ہیں جو غزوہ احد میں شہید ہوئے،ان کے لیے سوائے ایک چادر کے اور کوئی چیز نہ ملی جس میں انہیں کفن دیا جاتا، راوی کہتے ہیں جب ہم اسے سر پر ڈھانکتے تو پاؤں کھل جاتے اور جب ان کے پاؤں پر ڈھانکتے تو سر کھل جاتا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اسے جو سر کے متصل ہے اس پر کر دو اور ان کے پاؤں پر اذخر ( گھاس ) رکھ دو،اور ہم میں بعض وہ ہیں جن کے پھل پک گئے ہیں وہ انہیں کاٹتا ہے۔

وَهُوَ ابْنُ أَرْبَعِينَ سَنَةً أَوْ يَزِيدُ شَيْئًا

انہوں نے چالیس سال کی عمر میں شہادت پائی،

فَنَزَلَ فِي قَبْرِهِ أَخُوهُ أَبُو الرُّومِ بْنُ عُمَيْرٍ وَعَامِرُ بْنُ رَبِيعَةَ وَسُوَيْبِطُ بْنُ سَعْدِ بْنِ حَرْمَلَةَ

ان کی قبر میں ان کے بھائی ابوالروم رضی اللہ عنہ بن عمیر اور عامر بن ربیعہ اور سویبط بن سعد بن حرملہ اترے۔[١]

مضامین سورۂ عبس:

اولین اسلام قبول کرنے والوں میں زیادہ تر لوگ مفلس و نادار لوگ ہی تھے، مگر ان لوگوں کا حال یہ تھا کہ دین کا علم سیکھنے اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت میں کسی لمحے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اکیلا نہیں چھوڑتے تھے،رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قریش کے سرداروں کو دعوت حق پہنچانا چاہتے تھے مگر وہ اپنے تکبر اور ہٹ دھرمی اور صداقت سے بے نیازی کی بنا پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت اسلام کو حقارت کے ساتھ رد کر رہے تھے،رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دل میں فطری طور پر یہ تمنا ہر وقت سر اٹھاتی رہتی تھی کہ کسی طرح قوم کے بااثر لوگ دائرہ اسلام میں داخل ہو جائیں تا کہ ان کا اسلام اللہ کے دین کی قوت اور اس کے رسول کی دعوت کی تائید کا ذریعہ بن جائے یا کم از کم یہ لوگ کمزور اہل ایمان کی اذیت رسانی سے باز آ جائیں، مگر قریشی سردار اپنی بڑائی کے گھمنڈ میں مفلس و نادار مسلمانوں کے ساتھ بیٹھنا پسند نہیں کرتے تھے،حق و باطل کی کشمکش میں آمد و رفت اور ان کے ساتھ ملاقاتوں کا سلسلہ ابھی بند نہیں ہوا تھا اس لئے ان دنوں سید الامم صلی اللہ علیہ وسلم قریش کے بڑے بڑے سرداروں کی طرف بڑی شدت کے ساتھ متوجہ تھے،ایک مرتبہ آپ عتبہ بن ربیعہ،اس کا بھائی شیبہ بن ربیعہ، عمرو بن ہشام (ابوجہل) امیہ بن خلف اور ولید بن مغیرہ جیسے بدترین دشمن اسلام کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے اور تنہائی میں انہیں دعوت اسلام پہنچا رہے تھے اور وہ ہمہ تن گوش اسلام کا پیغام سن رہے تھے کہ اسی دوران ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا بنت خویلد کے پھوپھی زاد بھائی ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہما جن کے والد کا نام قیس بن زید اور والدہ کا نام عاتکہ بنت عبداللہ تھا مگر اپنی کنیت ام مکتوم کے ساتھ مشہور تھیں کیونکہ عبداللہ پیدائشی طور پر نابینا تھے،عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کی روایت کے مطابق آ کر قرآن مجید کی ایک آیت کا مطلب پوچھنے لگے اور عرض کیا۔

يَا رَسُولَ اللَّهِ، عَلِّمْنِي مِمَّا عَلَّمَكَ اللَّهُ

اے اللہ کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! مجھے وہ علم سکھایئے جو اللہ نے آپ کو سکھایا ہے۔[٢]

ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہما کا تعلق قریش سے ہی تھا اور یہ غریب یا کم حیثیت آدمی نہیں بلکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے برادر نسبتی تھے، مگر ان کی اس وقت

---

[١] ابن سعد ٩٠؍٣

[٢] تفسیر طبری ٢١٨؍٢٤،تفسیر ابن ابی حاتم محققا ١٩١٢٥، ٣٣٩٩؍١٠،تفسیر القرطبی ٢١٢؍١٩

مداخلت پر آپ ﷺ کبیدہ خاطر ہوئے اور ان کی طرف بے اعتنائی برتتے ہوئے بدستور ان قریشی سرداروں کی طرف متوجہ رہے تا کہ ان میں سے ایک شخص بھی ہدایت پالے تو اسلام کی تقویت کا بڑا ذریعہ بن سکتا ہے، جب محفل برخاست ہوئی اور رسول اللہ ﷺ ابھی گھر جانے کا ارادہ ہی فرما رہے تھے کہ آپ پر نزول وحی کی کیفیت طاری ہوئی اور اللہ تعالیٰ نے یہ سورۃ نازل فرمائی جس میں سرداروں کو تنبیہ کی گئی کہ جو نخوت، ہٹ دھرمی اور صداقت سے بے نیازی کی بنا پر دین حق کے پیغام پر اس لئے توجہ نہ دیتے تھے کہ ہمیشہ کی طرح ابتدائی طور پر اسلام کو غریب لوگوں نے قبول کیا ہے، نیز رسول اللہ ﷺ کو اس بات کی طرف متوجہ کیا گیا کہ آپ کی یہ فکر کہ قوم کے بااثر افراد کی توجہ سے دین حق کا کام آسان ہو جائے گا درست نہیں گو آپ کی یہ خواہش سراسر اخلاق اور دعوت حق کو فروغ دینے کے جذبے پر مبنی ہے کیونکہ تبلیغ دین کا اصول یہ ہے کہ جو شخص طلب حق کے جذبے کے ساتھ آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو وہ بظاہر کیسا ہی بے اثر، معذور یا کمزور کیوں نہ ہو اس کی قدر و قیمت اللہ تعالیٰ کے ہاں دیگر افراد سے کہیں زیادہ ہے، اسی طرح اصول دعوت کے سلسلے میں فرمایا کہ پیغام حق تو سب کو پہنچائیں مگر توجہ ان افراد پر زیادہ مرکوز رکھیں جو طلب حق کی پیاس لے کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوتے ہیں، اور آخر سورت میں انسان کی تخلیق کے مختلف مراحل، انسانی ضروریات کی تکمیل میں صرف ہونے والی اشیاء خصوصاً نباتات، چوپاؤں وغیرہ کا ذکر کر کے غور و فکر کی دعوت دی ، قیامت کے مناظر کی ہولناکی کا بھی ذکر کیا کہ اس روز نفسا نفسی کا یہ عالم ہو گا کہ آدمی خوفزدہ ہو کر اپنے بھائی، ماں، باپ، بیوی اور بیٹوں تک سے دور بھاگے گا اور کوئی شخص کسی دوسرے کی ضرورت اس دن پوری نہ کر سکے گا، اس وقت ہر شخص کو اپنے اعمال ہی کام دیں گے نیز اس وقت اعمال کے اعتبار سے ہر شخص کے چہرے کے تاثرات عیاں ہوں گے، کچھ چہروں پر کامیابی کی ترو تازگی ہو گی اور کچھ چہروں پر ناکامی کی ذلت اور تاریکی چھائی ہو گی، میدان حشر کے سارے لوگ ایک دوسرے کا انجام اس کے چہرے کے تاثرات سے معلوم کریں گے۔ اس کے بعد خاتم الانبیاء ﷺ عبد اللہ یا عمر بن ام مکتوم سے بہت محبت کرنے لگے، جب بھی آپ ﷺ ان سے ملتے تو بہت عزت کرتے اور ان کا خاص خیال رکھتے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بیحد مہربان نہایت رحم والا ہے

عَبَسَ وَ تَوَلّٰۤی ۙ﴿۱﴾ اَنۡ جَآءَہُ الۡاَعۡمٰی ؕ﴿۲﴾ وَ مَا یُدۡرِیۡکَ لَعَلَّہٗ یَزَّکّٰۤی ۙ﴿۳﴾ اَوۡ یَذَّکَّرُ

وہ ترش رو ہوا اور منہ موڑ لیا (صرف اس لئے) کہ اس کے پاس ایک نابینا آیا، تجھے کیا خبر شاید وہ سنور جاتا یا نصیحت سنتا

فَتَنۡفَعَہُ الذِّکۡرٰی ؕ﴿۴﴾ اَمَّا مَنِ اسۡتَغۡنٰی ۙ﴿۵﴾ فَاَنۡتَ لَہٗ تَصَدّٰی ؕ﴿۶﴾ وَ مَا عَلَیۡکَ

و را سے نصیحت فائدہ پہنچاتی، جو بے پروائی کرتا ہے اس کی طرف تو پوری توجہ کرتا ہے حالانکہ اس کے نہ سنورنے سے تجھ پر

اَلَّا یَزَّکّٰی ؕ﴿۷﴾ وَ اَمَّا مَنۡ جَآءَکَ یَسۡعٰی ۙ﴿۸﴾ وَ ہُوَ یَخۡشٰی ۙ﴿۹﴾ فَاَنۡتَ عَنۡہُ تَلَہّٰی ﴿ۚ۱۰﴾

کوئی الزام نہیں، اور جو شخص تیرے پاس دوڑتا ہوا آتا ہے اور وہ ڈر (بھی) رہا ہے تو اس سے بے رخی برتتا ہے، یہ

كَلَّآ اِنَّهَا تَذْكِرَةٌ ﴿۱۱﴾ فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ﴿۱۲﴾ فِيْ صُحُفٍ

ٹھیک نہیں، قرآن تو نصیحت (کی چیز) ہے جو چاہے اس سے نصیحت لے، (یہ تو) پر عظمت آسمانی کتب میں سے (ہے)

مُّكَرَّمَةٍ ﴿۱۳﴾ مَّرْفُوْعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ ﴿۱۴﴾ بِاَيْدِيْ سَفَرَةٍ ﴿۱۵﴾ كِرَامٍ بَرَرَةٍ ﴿۱۶﴾ (عبس ۱ تا ۱۶)

جو بلند بالا اور پاک صاف ہے، ایسے لکھنے والوں کے ہاتھوں میں ہے جو بزرگ اور پاکباز ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے نہایت لطیف پیرائے میں سید کونین ﷺ پر ناراضی کا اظہار کیا کہ ایک نابینا کے ساتھ آپ کا یہ رویہ آپ کی بلند شان اور اخلاق عالیہ کو زیب نہیں دیتا، دعوت دین کا اصل مقصد اللہ کے بندوں چاہے وہ صاحب حیثیت ہوں یا بے حیثیت، امیر ہوں یا غریب، آقا ہو یا غلام، مرد ہو یا عورت، کوئی چھوٹا ہو یا بڑا سب کی یکساں اصلاح ہے، اس لئے آپ کو یہ نہیں دیکھنا کہ کون بااثر شخص دین اسلام قبول کرلے تو اسلام کی تقویت کا سبب بن سکتا ہے اور کس کمزور کا ایمان دین کے فروغ میں کچھ زیادہ مفید نہیں ہے، بلکہ یہ دیکھنا چاہیے کہ کون نصیحت کو قبول کر کے برائیوں سے بچنے اور احکام کی تعمیل کے لئے تیار ہے، آپ مخلصین کو چھوڑ کر بااثر معرضین لوگوں کی طرف توجہ کرتے ہیں جن کی روش علانیہ یہ بتلا رہی ہے کہ وہ راہ ہدایت قبول کرنے کو تیار نہیں ہیں، اس طرح اس پاکیزہ دعوت کو قبول نہ کر کے وہ اپنا ہی نقصان کریں گے، آپ کا کام اللہ کا پیغام پہنچا دینا ہے اس کے بعد آپ پر اس کی کوئی ذمہ داری نہیں ہے، جیسے فرمایا:

فَذَكِّرْ ۗ اِنَّمَآ اَنْتَ مُذَكِّرٌ ﴿۲۱﴾ لَسْتَ عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ ﴿۲۲﴾ [1]

ترجمہ: اچھا تو (اے نبی ﷺ) نصیحت کیے جاؤ، تم بس نصیحت ہی کرنے والے ہو کچھ ان پر جبر کرنے والے نہیں ہو۔

ہدایت اللہ کے ہاتھ میں ہے وہ اگر کسی کو راہ راست پر لانا چاہے اور کسی کو دور رکھنا چاہے تو اس کی حکمت وہی جانتا ہے، اس لئے غریب سے اعراض اور اصحاب حیثیت کی طرف خصوصی توجہ یہ ٹھیک نہیں، یہ قرآن تو ایک نصیحت ہے جو برائی سے روکتا اور راہ راست کی طرف رہنمائی کرتا ہے، جیسے ایک مقام پر فرمایا:

اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَهْدِيْ لِلَّتِيْ هِيَ اَقْوَمُ وَيُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا كَبِيْرًا ﴿۹﴾ [2]

ترجمہ: حقیقت یہ ہے کہ یہ قرآن وہ راہ دکھاتا ہے جو بالکل سیدھی ہے، جو لوگ اسے مان کر بھلے کام کرنے لگیں انہیں یہ بشارت دیتا ہے کہ ان کے لیے بڑا اجر ہے۔

جو لوگوں کو ظلمتوں سے نکال کر روشنی کی طرف لاتا ہے، جیسے فرمایا:

يَّهْدِيْ بِهِ اللّٰهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهٗ سُبُلَ السَّلٰمِ وَيُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ بِاِذْنِهٖ وَيَهْدِيْهِمْ اِلٰى صِرَاطٍ

---

[1] الغاشیة ۲۱،۲۲

[2] بنی اسرائیل ۹

مُّسْتَقِيْمٍ ⑯ ①

ترجمہ: اور ایک ایسی حق نما کتاب جس کے ذریعہ سے اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو جو اس کی رضا کے طالب ہیں سلامتی کے طریقے بتاتا ہے اور اپنے اذن سے ان کو اندھیروں سے نکال کر اجالے کی طرف لاتا ہے اور راہ راست کی طرف ان کی رہنمائی کرتا ہے۔

الٓرٰ ۚ كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۙ بِاِذْنِ رَبِّهِمْ اِلٰى صِرَاطِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۙ ① ②

ترجمہ: ا۔ل۔ر۔اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)! یہ ایک کتاب ہے جس کو ہم نے تمہاری طرف نازل کیا ہے تا کہ تم لوگوں کو تاریکیوں سے نکال کر روشنی میں لاؤ، ان کے رب کی توفیق سے، اس خدا کے راستے پر جو زبردست اور اپنی ذات میں آپ محمود ہے۔

هُوَ الَّذِيْ يُصَلِّيْ عَلَيْكُمْ وَمَلٰٓئِكَتُهٗ لِيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۭ وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَحِيْمًا ㊸ ③

ترجمہ: وہی ہے جو تم پر رحمت فرماتا ہے اور اس کے ملائکہ تمہارے لے دعائے رحمت کرتے ہیں تا کہ وہ تمہیں تاریکیوں سے روشنی میں نکال لائے، وہ مومنوں پر بہت مہربان ہے۔

هُوَ الَّذِيْ يُنَزِّلُ عَلٰى عَبْدِهٖٓ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ بِكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ⑨ ④

ترجمہ: وہ اللہ ہی تو ہے جو اپنے بندے پر صاف صاف آیتیں نازل کر رہا ہے تا کہ تمہیں تاریکیوں سے نکال کر روشنی میں لے آئے، اور حقیقت یہ ہے کہ اللہ تم پر نہایت شفیق اور مہربان ہے۔

اب جو چاہے اس نصیحت کو قبول کرے اور صراط مستقیم پر گامزن ہو کر جنت کی عظیم اور لازوال نعمتوں کا حقدار بن جائے اور جو چاہے اس سے اعراض کرے، بے رخی برتے اور جہنم کا ایندھن بن جائے، جیسے فرمایا:

وَقُلِ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ۣ فَمَنْ شَاۗءَ فَلْيُؤْمِنْ وَّمَنْ شَاۗءَ فَلْيَكْفُرْ ۙ اِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِيْنَ نَارًا ۙ اَحَاطَ بِهِمْ سُرَادِقُهَا ㉙ ⑤

ترجمہ: صاف کہہ دو کہ یہ حق ہے تمہارے رب کی طرف سے، اب جس کا جی چاہے مان لے اور جس کا جی چاہے انکار کر دے ہم نے (انکار کرنے والے) ظالموں کے لیے ایک آگ تیار کر رکھی ہے جس کی لپٹیں انہیں گھیرے میں لے چکی ہیں۔

یہ قرآن جس میں حق کی تعلیم دی گئی ہے ایسے صحیفوں میں درج ہے جو قدر و منزلت میں بلند، تمام آفات سے سلامت اور ہر قسم کے انسانی تخیلات اور شیطانی وساوس کی آمیزش سے پاک ہے، اور یہ صحیفے خلق کے اعتبار سے بہت زیادہ خیر و برکت والے اور افعال کے اعتبار سے نیکو کار و پاکباز فرشتوں کے ہاتھوں میں رہتے ہیں۔ جیسے فرمایا

---

① المائدة۱۶

② ابراہیم۱

③ الاحزاب۴۳

④ الحدید۹

⑤ الکہف۲۹

اِنَّهٗ لَقُرۡاٰنٌ كَرِيۡمٌۙ ﴿۷۷﴾ فِىۡ كِتٰبٍ مَّكۡنُوۡنٍۙ ﴿۷۸﴾ لَّا يَمَسُّهٗۤ اِلَّا الۡمُطَهَّرُوۡنَؕ ﴿۷۹﴾ [۱]

ترجمہ: یہ ایک بلند پایہ قرآن ہے ایک محفوظ کتاب میں ثبت جسے مطہرین کے سوا کوئی چھو نہیں سکتا۔

عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَثَلُ الَّذِي يَقْرَأُ الْقُرْآنَ، وَهُوَ حَافِظٌ لَهُ مَعَ السَّفَرَةِ الْكِرَامِ الْبَرَرَةِ، وَمَثَلُ الَّذِي يَقْرَأُ، وَهُوَ يَتَعَاهَدُهُ، وَهُوَ عَلَيْهِ شَدِيدٌ فَلَهُ أَجْرَانِ

ام المومنین عائشہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو اس شخص کی مثال جو قرآن پڑھتا ہے اور وہ اس کا حافظ بھی ہے، مکرم اور نیک لکھنے والے (فرشتوں) جیسی ہے، اور جو شخص قرآن بار بار پڑھتا ہے اور پھر بھی وہ اس کے لئے دشوار ہے (یعنی سہولت اور روانی سے نہیں پڑھتا) تو اسے دوگنا ثواب ملے گا۔ [۲]

قُتِلَ الۡاِنۡسَانُ مَاۤ اَكۡفَرَهٗؕ ﴿۱۷﴾ مِنۡ اَىِّ شَىۡءٍ خَلَقَهٗؕ ﴿۱۸﴾ مِنۡ نُّطۡفَةٍؕ

اللہ کی مار انسان پر کیسا ناشکرا ہے، اسے اللہ نے کس چیز سے پیدا کیا (اسے) ایک نطفہ سے،

خَلَقَهٗ فَقَدَّرَهٗۙ ﴿۱۹﴾ ثُمَّ السَّبِيۡلَ يَسَّرَهٗۙ ﴿۲۰﴾ ثُمَّ اَمَاتَهٗ فَاَقۡبَرَهٗۙ ﴿۲۱﴾ ثُمَّ اِذَا شَآءَ

پھر اندازہ پر رکھا اس کو، پھر اس کے لیے راستہ آسان کیا، پھر اسے موت دی اور پھر قبر میں دفن کیا پھر جب چاہے گا

اَنۡشَرَهٗؕ ﴿۲۲﴾ كَلَّا لَمَّا يَقۡضِ مَاۤ اَمَرَهٗؕ ﴿۲۳﴾ فَلۡيَنۡظُرِ الۡاِنۡسَانُ اِلٰى طَعَامِهٖۤۙ ﴿۲۴﴾

اسے زندہ کر دے گا، ہرگز نہیں! اب تک اللہ کے حکم کی بجا آوری نہیں کی، انسان کو چاہیے کہ اپنے کھانے کو دیکھے

اَنَّا صَبَبۡنَا الۡمَآءَ صَبًّاۙ ﴿۲۵﴾ ثُمَّ شَقَقۡنَا الۡاَرۡضَ شَقًّاۙ ﴿۲۶﴾ فَاَنۡۢبَتۡنَا فِيۡهَا حَبًّاۙ ﴿۲۷﴾ وَّعِنَبًا

کہ ہم نے خوب پانی برسایا، پھر پھاڑا زمین کو اچھی طرح، پھر اس میں اناج اگائے اور انگور

وَّقَضۡبًاۙ ﴿۲۸﴾ وَّزَيۡتُوۡنًا وَّنَخۡلًاۙ ﴿۲۹﴾ وَّحَدَآئِقَ غُلۡبًاۙ ﴿۳۰﴾ وَّفَاكِهَةً وَّاَبًّاۙ ﴿۳۱﴾

اور ترکاری اور زیتون اور کھجور اور گنجان باغات اور میوہ اور (گھاس) چارہ (بھی اگایا)،

مَّتَاعًا لَّكُمۡ وَلِاَنۡعَامِكُمۡؕ ﴿۳۲﴾ (عبس ۱۷ تا ۳۲)

تمہارے استعمال و فائدہ کے لیے اور تمہارے چوپایوں کے لئے۔

انسان ہلاک ہوجائے کس قدر ناشکرا ہے جو اپنے محسن کے احسانات کی ناشکری کرتا اور اپنے خالق و رازق اور مالک کے مقابلے میں باغیانہ روش اختیار کرتا ہے، جو حق کے واضح ہوجانے کے بعد بھی اس کے ساتھ شدید عناد رکھتا ہے اور بغیر کسی سند اور دلیل کے قیامت کی تکذیب کرتا ہے

[۱] الواقعۃ ۷۷ تا ۷۹

[۲] صحیح بخاری کتاب التفسیر سورۃ عبس ۴۹۳۷، صحیح مسلم کتاب صلاۃ المسافرین بَابُ فَضْلِ الْمَاهِرِ فِي الْقُرْآنِ، وَالَّذِي يَتَتَعْتَعُ فِيهِ ۱۸۶۲، مسند احمد ۲۴۷۸۸، صحیح ابن حبان ۷۶۷

،انسان کوغور وفکر کی دعوت فرمائی کہ انسان ذرا اپنی حقیقت پر غور تو کرے کہ وہ کس چیز سے وجود میں آیا ہے،اللہ نے اسے ماں اور باپ کے مخلوط غلیظ بدبودار پانی کی ایک بوند سے بہترین ساخت پر پیدا فرمایا ہے،جیسے فرمایا:

فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ۝۵ خُلِقَ مِنْ مَّاۗءٍ دَافِقٍ ۝۶ يَّخْرُجُ مِنْۢ بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَاۗىِٕبِ ۝۷ [1]

ترجمہ: پھر ذرا انسان یہی دیکھ لے کہ وہ کس چیز سے پیدا کیا گیا ہے ایک اچھلنے والے پانی سے پیدا کیا گیا ہے جو پیٹھ اور سینے کی ہڈیوں کے درمیان سے نکلتا ہے۔

اِنَّا خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ ... ۝۲ [2]

ترجمہ: ہم نے انسان کو ایک مخلوط نطفے سے پیدا کیا۔

اس کی پیدائش سے پہلے ہی اس کے رزق کا بندوبست فرمایا،بچپن کی ناتوانی سے اسے تنومند کیا،جیسے فرمایا:

نَحْنُ خَلَقْنٰهُمْ وَشَدَدْنَآ اَسْرَهُمْ ... ۝۲۸ [3]

ترجمہ: ہم نے ہی ان کو پیدا کیا ہے اور ان کے جوڑ بند مضبوط کیے ہیں۔

مگر وہ تکبر کرتا ہے اور حیات بعد الموت اور اعمال کی جزاوسزا کو تسلیم نہیں کرتا جیسے فرمایا

اَوَلَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ۝۷۷ وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ خَلْقَهٗ ۭ قَالَ مَنْ يُّـحْيِ الْعِظَامَ وَهِىَ رَمِيْمٌ ۝۷۸ [4]

ترجمہ: کیا انسان دیکھتا نہیں ہے کہ ہم نے اسے نطفہ سے پیدا کیا اور پھر وہ صریح جھگڑالو بن کر کھڑا ہو گیا؟ اب وہ ہم پر مثالیں چسپاں کرتا ہے اور اپنی پیدائش کو بھول جاتا ہے، کہتا ہے کون ان ہڈیوں کو زندہ کرے گا جب کہ یہ بوسیدہ ہو چکی ہوں۔

حالانکہ اللہ نے ماں کے پیٹ میں ہی اس کی تقدیر مقرر کر دی ہے کہ وہ لڑکا ہو گا یا لڑکی،اس کی کیا صلاحیتیں ہوں گی،وہ دنیا کی زندگی میں کیا کردار ادا کرے گا،اسے کتنا عرصہ دنیا میں رہنا ہو گا،جو تقدیر مقرر کر دی گئی ہے اس میں وہ ذرہ برابر ردوبدل نہیں کر سکتا،پھر دنیا میں آنے کے بعد اللہ نے اسے تمام اسباب ووسائل فراہم کیے جن سے وہ کام لے سکے،اور اللہ نے اس پر خیر وشر دونوں راستے کھول دیے تاکہ وہ اپنے لئے شکر واطاعت یا کفر وعصیان کی جو راہ چاہے اختیار کر لے،جیسے فرمایا:

اِنَّا هَدَيْنٰهُ السَّبِيْلَ اِمَّا شَاكِرًا وَّاِمَّا كَفُوْرًا ۝۳ [5]

ترجمہ: ہم نے اسے راستہ دکھا دیا خواہ شکر کرنے والا بنے یا کفر کرنے والا۔

---

[1] الطارق۵تا۷

[2] الدھر۲

[3] الدھر۲۸

[4] یٰسین۷۸،۷۷

[5] الدھر۳

پھر وقت مقررہ پر اسے موت دی اور قبر میں پہنچایا تاکہ اس کا احترام برقرار رہے، اور پھر جب اللہ چاہے گا اسے زندہ کر کے اعمال کی جوابدہی کے لئے اپنی بارگاہ میں کھڑا کر دے گا،

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:مَا بَيْنَ النَّفْخَتَيْنِ أَرْبَعُونَ قَالَ: أَرْبَعُونَ يَوْمًا؟ قَالَ: أَبَيْتُ، قَالَ: أَرْبَعُونَ شَهْرًا؟ قَالَ: أَبَيْتُ، قَالَ: أَرْبَعُونَ سَنَةً؟ قَالَ: أَبَيْتُ، قَالَ:ثُمَّ يُنْزِلُ اللَّهُ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَيَنْبُتُونَ كَمَا يَنْبُتُ البَقْلُ، لَيْسَ مِنَ الإِنْسَانِ شَيْءٌ إِلَّا يَبْلَى، إِلَّا عَظْمًا وَاحِدًا وَهُوَ عَجْبُ الذَّنَبِ، وَمِنْهُ يُرَكَّبُ الخَلْقُ يَوْمَ القِيَامَةِ

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دوصور پھونکے جانے کے درمیان چالیس ہے،ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ساتھیوں نے پوچھا کیا اس سے چالیس دن مراد ہیں؟ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے انکار کیا،لوگوں نے پوچھا کیا چالیس مہینے مراد ہے؟انہوں نے انکار کیا، پھر پوچھا کیا چالیس سال؟انہوں نے انکار کیا، فرمایا پھر اللہ تعالیٰ آسمان سے پانی برسائے گا جس کی وجہ سے تمام مردے جی اٹھیں گے جیسے سبزیاں پانی سے اگ آتی ہیں،اس وقت انسان کا ہر حصہ گل چکا ہو گا سوا ریڑھ کی ہڈی کے اور اس سے قیامت کے دن تمام مخلوق دوبارہ بنائی جائے گی۔[1]

ان حقائق کی بنا پر اس کا فرض تو یہ تھا کہ اپنے خالق کے گن گاتا،اس کے احکام کی اطاعت کرتا اور مخلوق ہونے کا تقاضا پورا کرتا مگر اس نے نافرمانی کی روش اختیار کی، پھر انسان اپنی خوراک پر غور وفکر کرے کہ اللہ نے کس طرح مختلف اسباب مہیا کر کے متعدد مراحل میں سے گزرنے کے بعد انہیں پیدا کیا ہے، اللہ نے رزق رسانی کے لئے مختلف اسباب مہیا کر کے سمندروں سے پانی اٹھایا اور پھر مختلف علاقوں کے لئے خاص حساب سے آسمان سے بارش برسائی، پھر انسانی ضروریات کی تکمیل کے لئے بیج، گھٹلیوں اور نباتات کی پنیریوں کو زمین میں مناسب حال غذا بہم پہنچا کر نشوونمادی اور ان کی نازک کونپلوں کو زمین سے پھاڑ کر باہر نکالا،اور مختلف اجناس،انگور، طرح طرح کی ترکاریاں ،زیتون، کھجوریں اور انواع واقسام کے پھل مثلاً انجیر، آڑو اور انار وغیرہ اور چوپاؤں کے لئے مختلف چارے اگائے۔

فَاِذَا جَآءَتِ الصَّآخَّةُ ﴿۳۳﴾ يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِيْهِ ﴿۳۴﴾ وَ اُمِّهٖ وَ اَبِيْهِ ﴿۳۵﴾

پس جب کان بہرے کر دینے والی (قیامت) آجائے گی،اس دن آدمی اپنے بھائی سے اور اپنی ماں اور اپنے باپ سے،

وَ صَاحِبَتِهٖ وَ بَنِيْهِ ﴿۳۶﴾ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ يَوْمَىِٕذٍ شَاْنٌ يُّغْنِيْهِ ﴿۳۷﴾

اور اپنی بیوی اور اپنی اولاد سے بھاگے گا،ان میں سے ہر ایک کو اس دن ایسی فکر (دامن گیر) ہو گی جو اس کے لیے کافی ہو گی،

وُجُوْهٌ يَّوْمَىِٕذٍ مُّسْفِرَةٌ ﴿۳۸﴾ ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ ﴿۳۹﴾ وَ وُجُوْهٌ يَّوْمَىِٕذٍ عَلَيْهَا غَبَرَةٌ ﴿۴۰﴾

اس دن بہت سے چہرے روشن ہونگے،(جو) ہنستے ہوئے اور ہشاش بشاش ہوں گے اور بہت سے چہرے اس دن غبار آلود

---

[1] صحیح بخاری کتاب التفسیرسورة عم یتساء لون ۴۹۳۵ ،صحیح مسلم کتاب الفتن باب مَا بَيْنَ النَّفْخَتَيْنِ ۷۴۱۴،السنن الکبری للنسائی ۱۱۳۹۵،شرح السنة للبغوی ۴۳۰۰

تَرۡهَقُهَا قَتَرَةٌ ﴿۴۱﴾ اُولٰٓئِكَ هُمُ الۡكَفَرَةُ الۡفَجَرَةُ ﴿۴۲﴾ (عبس ۳۳تا۴۲)

ہو نگے جن پر سیاہی چڑھی ہوئی ہو گی، وہ یہی کافر بد کر دار لوگ ہوں گے۔

قیامت کی ہولناکی کا ذکر فرمایا کہ جب اللہ کے حکم سے ایک مقررہ وقت پر کانوں کو بہرا کر دینے والی چیخ بلند ہو گی، یعنی نفخ صور کی قیامت خیز آواز بلند ہو گی، جس کے ساتھ ہی سب اولین وآخرین لوگ اپنی قبروں سے نکل کر میدان محشر میں جمع ہو جائیں گے، جیسے فرمایا

وَكَانُوۡا يَقُوۡلُوۡنَ ۙ اَئِذَا مِتۡنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبۡعُوۡثُوۡنَ ﴿۴۷﴾ اَوَ اٰبَآؤُنَا الۡاَوَّلُوۡنَ ﴿۴۸﴾ قُلۡ اِنَّ الۡاَوَّلِيۡنَ وَالۡاٰخِرِيۡنَ ﴿۴۹﴾ لَمَجۡمُوۡعُوۡنَ ۙ اِلٰى مِيۡقَاتِ يَوۡمٍ مَّعۡلُوۡمٍ ﴿۵۰﴾ [۱]

ترجمہ: کہتے تھے کیا جب ہم مر کر خاک ہو جائیں گے تو پھر اٹھا کر کھڑے کیے جائیں گے؟ اور کیا ہمارے باپ دادا بھی اٹھائے جائیں گے جو پہلے گزر چکے ہیں؟ اے نبی ﷺ! ان لوگوں سے کہو یقیناً اگلے اور پچھلے سب ایک دن ضرور جمع کیے جانے والے ہیں جس کا وقت مقرر کیا جا چکا ہے۔

وَقَالُوۡۤا اِنۡ هٰذَاۤ اِلَّا سِحۡرٌ مُّبِيۡنٌ ۚ ﴿۱۵﴾ ءَاِذَا مِتۡنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبۡعُوۡثُوۡنَ ۙ ﴿۱۶﴾ اَوَ اٰبَآؤُنَا الۡاَوَّلُوۡنَ ﴿۱۷﴾ قُلۡ نَعَمۡ وَاَنۡتُمۡ دَاخِرُوۡنَ ۚ ﴿۱۸﴾ فَاِنَّمَا هِىَ زَجۡرَةٌ وَّاحِدَةٌ فَاِذَا هُمۡ يَنۡظُرُوۡنَ ﴿۱۹﴾ [۲]

ترجمہ: اور کہتے ہیں یہ تو صریح جادو ہے، بھلا کہیں ایسا ہو سکتا ہے کہ جب ہم مر چکے ہوں اور مٹی بن جائیں اور ہڈیوں کا پنجر رہ جائیں اس وقت ہم پھر زندہ کر کے اٹھا کھڑے کیے جائیں؟ اور کیا ہمارے اگلے وقتوں کے آباو اجداد بھی اٹھائے جائیں گے؟ ان سے کہو ہاں، اور تم (اللہ کے مقابلے میں) بے بس ہو، بس ایک ہی جھڑکی ہو گی اور یکا یک یہ اپنی آنکھوں سے (وہ سب کچھ جس کی خبر دی جا رہی ہے) دیکھ رہے ہوں گے۔

أَنَّ عَائِشَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهَا، قَالَتْ:قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تُحْشَرُونَ حُفَاةً عُرَاةً غُرْلًا قَالَتْ عَائِشَةُ: فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، الرِّجَالُ وَالنِّسَاءُ يَنْظُرُ بَعْضُهُمْ إِلَى بَعْضٍ؟قَالَ:يَا عَائِشَةُ، إِنَّ الْأَمْرَ أَشَدُّ مِنْ أَنْ يُهِمَّهُمْ ذَلِكَ

ام المومنین عائشہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا سب لوگ میدان محشر میں ننگے بدن، ننگے پیر، پیدل اور غیر مختون ہوں گے، ام المومنین عائشہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے پوچھا اے اللہ کے رسول ﷺ! تو کیا مرد وعورتیں ایک دوسرے کو دیکھتے ہوں گے؟ آپ نے فرمایا اے عائشہ! اس وقت معاملہ اس سے کہیں زیادہ سخت ہو گا (یعنی قیامت کی ایسی دہشت غالب ہو گی کہ ہوش وحواس جواب دے جائیں گے) اس کا خیال بھی کوئی نہیں کر سکے گا۔ [۳]

آج تم لوگ اللہ سے بے خوف اور آخرت سے غافل ہو کر اپنے خاندان، برادری اور بیوی بچوں کی محبت یا خوف یا مالی منفعت کی وجہ سے ایمان نہیں لاتے مگر روز قیامت نفسا نفسی کا یہ عالم ہو گا کہ آدمی اپنے بھائی، اپنی ماں، اپنے باپ، اپنی بیوی اور اپنی اولاد کو مصیبت میں مبتلا دیکھ

---

[۱] الواقعة ۴۷تا۵۰

[۲] الصافات ۱۵تا۱۹

[۳] صحیح بخاری کتاب الرقاق بَابٌ كَيْفَ الحَشْرُ ۶۵۲۷، جامع ترمذی ابواب تفسیرالقرآن بَاب وَمِنْ سُورَةِ عَبَسَ ۳۳۳۲، سنن نسائی کتاب الجنائز باب الْبَعْثُ ۲۰۸۵، مسند احمد ۲۴۲۶۵، مستدرک حاکم ۲۹۹۵

کر مدد کرنے کے بجائے ان سے دور بھاگے گا، اور ان میں سے ہر ایک کو ایسی فکر دامن گیر ہو گی جو اسے اپنے سوا تمام اقربا اور احباب سے بے نیاز اور بے پرواہ کر دے گی، جیسے ایک مقام پر فرمایا:

وَلَا يَسْـَٔلُ حَمِيمٌ حَمِيمًا ﴿١٠﴾ يُّبَصَّرُونَهُمْ ۚ يَوَدُّ الْمُجْرِمُ لَوْ يَفْتَدِي مِنْ عَذَابِ يَوْمِئِذٍ بِبَنِيهِ ﴿١١﴾ وَصَاحِبَتِهِ وَأَخِيهِ ﴿١٢﴾ وَفَصِيلَتِهِ الَّتِي تُـْٔوِيهِ ﴿١٣﴾ وَمَن فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا ثُمَّ يُنجِيهِ ﴿١٤﴾ [1]

ترجمہ: اور کوئی جگری دوست اپنے جگری دوست کو نہ پوچھے گا حالانکہ وہ ایک دوسرے کو دکھائے جائیں گے، مجرم چاہے گا کہ اس دن کے عذاب سے بچنے کے لیے اپنی اولاد کو اپنی بیوی کو اپنے بھائی کو اپنے قریب ترین خاندان کو جو اسے پناہ دینے والا تھا اور روئے زمین کے سب لوگوں کو فدیہ میں دے دے اور یہ تدبیر اسے نجات دلا دے۔

اس وقت اعمال کے اعتبار سے ہر شخص کے چہرے کی تاثرات عیاں ہوں گے اور میدان حشر کے سارے لوگ ایک دوسرے کا انجام اس کے چہرے کے تاثرات سے معلوم کریں گے، چنانچہ فرمایا محشر کے دن لوگ دو گروہوں میں تقسیم ہوں گے، خوش بختوں کا گروہ اور بد بختوں کا گروہ ،خوش بختوں (متقین) کو ان کے نامہ اعمال سیدھے ہاتھ میں تھمائے جائیں گے جس سے انہیں اپنی اخروی سعادت وکامیابی اور نعمتوں سے فیض یاب ہونے کا یقین ہو جائے گا، ان سے دیدار الٰہی کا وعدہ پورا ہونے والا ہو گا جس سے ان کے دل ہشاش بشاش ہو جائیں گے اور ان کے چہرے خوشی سے تمتمارہے ہوں گے، جیسے فرمایا:

إِنَّ الْأَبْرَارَ لَفِي نَعِيمٍ ﴿٢٢﴾ عَلَى الْأَرَائِكِ يَنظُرُونَ ﴿٢٣﴾ تَعْرِفُ فِي وُجُوهِهِمْ نَضْرَةَ النَّعِيمِ ﴿٢٤﴾ [2]

ترجمہ: بے شک نیک لوگ بڑے مزے میں ہوں گے، اونچی مسندوں پر بیٹھے نظارے کر رہے ہوں گے، ان کے چہروں پر تم خوشحالی کی رونق محسوس کرو گے۔

وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ ﴿٢٢﴾ إِلَىٰ رَبِّهَا نَاظِرَةٌ ﴿٢٣﴾ [3]

ترجمہ: اس روز کچھ چہرے تر وتازہ ہونگے، اپنے رب کی طرف دیکھ رہے ہوں گے۔

اور وہ لوگ جو اللہ کا، رسولوں کا اور قیامت کا انکار کرنے والے تھے اور اس کے ساتھ بد کردار و بد اطوار بھی تھے وہ ہر بھلائی سے مایوس ہوں گے، اپنا نامہ اعمال پڑھ کر انہیں اپنی بدبختی اور ہلاکت کا علم ہو گیا ہو گا، جس سے ان کے چہروں پر ذلت چھارہی ہو گی، سامنے غیض وغضب سے پھٹتی جہنم کو دیکھ کر اور عذاب کے خوف وغم وحزن سے ان کے چہرے غبار آمود، کدورت زدہ اور سیاہ ہوں گے جیسے فرمایا

وَوُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ بَاسِرَةٌ ﴿٢٤﴾ تَظُنُّ أَن يُفْعَلَ بِهَا فَاقِرَةٌ ﴿٢٥﴾ [4]

ترجمہ: اور کچھ چہرے اداس ہوں گے اور سمجھ رہے ہوں گے کہ ان کے ساتھ کمر توڑ برتاؤ ہونے والا ہے۔

---

[1] المعارج ۱۰تا۱۴

[2] المطففین ۲۲تا۲۴

[3] القیامۃ ۲۳،۲۲

[4] القیامۃ ۲۵،۲۴

اس تین سالہ دعوت کے زریعہ سے رسول اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اور مخلص صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی انتھک کوششوں سے قریش کے بڑے بڑے خاندانوں سے تعلق رکھنے والے تقریباً ۳۷ افراد ایمان کی دولت سے بہریاب ہوئے۔

مولانا سید ابوالاعلی مودودی رحمہ اللہ فرماتے ہیں اس تین سالہ خفیہ دعوت کے دور قرآن کریم کی ان آیات کے زریعہ سے رسول اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اور مخلص صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی انتھک کوششوں سے قریش کے بڑے بڑے خاندانوں سے تعلق رکھنے والے ایک سو اٹھارہ (۱۱۸) مرد وعورتیں لوگ ایمان لائے جو اپنے ایمان کو پوشیدہ رکھتے تھے، ان افراد میں اکثر بیس سال سے کم عمر نوجوان تھے جن کے بڑے ایمان نہیں لائے تھے یہ نوجوان کھلے دل و دماغ کے مالک تھے اور معاشرے کے بت پرستانہ عقائد، ظالمانہ رسوم اور اقدار سے مطمئن نہ تھے اور سچائی کی تلاش میں سرگرداں تھے، کافی تعداد تیس سال سے کم عمر جوانوں کی تھی، کچھ غلام اور پسے ہوئے نوجوان بھی تھے جن کا مکہ مکرمہ میں کوئی حامی ومددگار نہ تھا جو مشرکانہ عقائد اور ظلم کے خلاف تھے، سیدنا ابو بکر رضی اللہ عنہ اور عبیدہ بن حارث جیسے چند ادھیڑ عمر والے دانش ور بھی تھے جو حقیقت کی جستجو میں تھے۔

اس خفیہ دعوت کے دور میں قریش کے بڑے بڑے خاندانوں سے تعلق رکھنے والے یہ ایک سو اٹھارہ (۱۱۸) مرد وعورتیں لوگ ایمان لائے۔

| | |
|---|---|
| بنی ہاشم میں سے | جعفر بن ابی طالب اور ان کی بیوی اسماء رضی اللہ عنہا بنت عمیس خشعمیہ۔<br>رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کی پھوپھی صفیہ رضی اللہ عنہا بنت عبد المطلب، زبیر رضی اللہ عنہ کی والدہ۔<br>رسول اللہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کی پھوپھی اردی رضی اللہ عنہا بنت عبد المطلب، طلیب بن عمیر کی والدہ۔ |
| بن المطلب سے | عبیدہ رضی اللہ عنہ بن الحارث بن مطلب۔ |
| بنی عبد شمس بن مناف سے | ابو حذیفہ رضی اللہ عنہ بن عتبہ بن ربیعہ اور ان کی بیوی سہلہ بنت سہیل بن عمرو۔ |
| بنی امیہ سے | عثمان رضی اللہ عنہ بن عفان اور ان کی والدہ اردی رضی اللہ عنہا بنت کریز۔<br>خالد رضی اللہ عنہ بن سعید بن العاص بن امیہ (ان کے والد سعید کی کنیت ابو احیحیہ تھی، ان کی بیوی امیہ یا امینہ رضی اللہ عنہا بنت خلف الخزاعیہ۔<br>ام حبیبہ رضی اللہ عنہا بنت ابی سفیان، پہلے یہ عبید اللہ بن جحش کے نکاح میں تھیں بعد میں انہیں ام المومنین بننے کا شرف حاصل ہوا۔ |

| | |
|---|---|
| حلفائے بنی امیہ سے | عبد اللہ رضی اللہ عنہ بن جحش بن رئاب۔<br>ابو احمد رضی اللہ عنہ بن جحش۔<br>عبید رضی اللہ عنہ اللہ بن جحش۔ یہ بنی غنم بن دودان میں سے تھے۔ یہ تینوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پھوپھی امیہ بنت عبد المطلب کے بیٹے اور ام المومنین زینب رضی اللہ عنہا کے بھائی تھے، انہی عبید اللہ بن جحش نے اپنی زوجہ ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ مکہ سے حبشہ کی طرف ہجرت کی تھی مگر وہاں مرتد ہو کر عیسائی ہو گیا اور اسی حالت میں مر گیا۔ |
| بنی تیم سے | اسماء رضی اللہ عنہا بنت ابی بکر رضی اللہ عنہ، سیدنا ابو بکر کی بیوی ام رومان رضی اللہ عنہا (ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا اور عبد الرحمٰن بن ابی بکر کی والدہ)<br>طلحہ رضی اللہ عنہ بن عبید اللہ اور ان کی والدہ صعبہ رضی اللہ عنہا بنت الحضری۔<br>حارث رضی اللہ عنہ بن خالد۔ |
| حلفائے بنی تیم سے | صہیب رضی اللہ عنہ بن سنان الرومی۔ |
| بنی اسد بن عبد العزی سے | زبیر رضی اللہ عنہ بن العوام، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پھوپھی زاد بھائی اور ام المومنین خدیجہ رضی اللہ عنہا الکبریٰ کے بھتیجے۔<br>خالد رضی اللہ عنہ بن حزام، حکیم بن حزام کے بھائی اور خدیجہ رضی اللہ عنہا کے بھتیجے۔<br>اسود رضی اللہ عنہ بن نوفل۔<br>عمرو رضی اللہ عنہ امیہ۔ |
| بنی عبد العزی بن قصی سے | یزید رضی اللہ عنہ بن زمعہ بن الاسود۔ |
| بنی زہرہ سے | عبد الرحمٰن رضی اللہ عنہ بن عوف اور ان کی والدہ شفاء رضی اللہ عنہا بنت عوف۔<br>سعد رضی اللہ عنہ بن ابی وقاص (ابو وقاص کا اصل نام مالک بن اھیب تھا) اور ان کے دو بھائی عمیر رضی اللہ عنہ بن وقاص اور عامر رضی اللہ عنہ بن ابی وقاص۔<br>مطلب بن ازہر (عبد الرحمٰن بن عوف کے چچا زاد بھائی) اور ان کی بیوی رملہ رضی اللہ عنہا بنت ابی عوف سہمیہ<br>طلیب رضی اللہ عنہ بن ازہر<br>عبد اللہ رضی اللہ عنہ بن شہاب۔ |

| | |
|---|---|
| حلفائے بنی زہرہ سے | عبد اللہ رضی اللہ عنہ بن مسعود (یہ قبیلہ ھذیل سے تھے اور مکہ میں بنی زہرہ کے حلیف کی حیثیت سے قیام پذیر تھے۔<br>عتبہ رضی اللہ عنہ بن مسعود (عبد اللہ رضی اللہ عنہ بن مسعود کے بھائی)۔<br>مقداد رضی اللہ عنہ بن عمرو الکندی (اسود بن عبد لغوث زہری نے ان کو اپنا حلیف اور متبنی بنا رکھا تھا۔<br>خبیب رضی اللہ عنہ بن الارت۔<br>شرجیل رضی اللہ عنہ بن حسنتہ الکندی اور ان کے دو بھائی جابر رضی اللہ عنہ بن حسنہ اور جنادہ رضی اللہ عنہ بن حسنہ۔ |
| بنی عدی سے | سعید رضی اللہ عنہ بن زید بن عمرو بن نفیل اور ان کی زوجہ فاطمہ رضی اللہ عنہا بنت الخطاب (سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی بہن اور چچازاد بھائی و بہنوئی) زید رضی اللہ عنہ بن الخطاب (سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے بڑے بھائی)<br>عامر رضی اللہ عنہ بن ربیعہ الغزی اور ان کی اہلیہ لیلیٰ رضی اللہ عنہا بنت ابی حثمہ (ان کی کنیت ابو عبد اللہ الغزی تھی، حلیف بنی عدی، خطاب نے ان کو اپنا بیٹا بنا رکھا تھا۔<br>معمر رضی اللہ عنہ بن عبد اللہ بن نضلہ۔<br>نعیم رضی اللہ عنہ بن عبد اللہ النحام۔<br>عدی بن نضلہ رضی اللہ عنہ۔<br>عروہ رضی اللہ عنہ بن ابی اثاثہ (عمرو بن العاص کے حقیقی بھائی)<br>مسعود رضی اللہ عنہ بن سوید بن حارثہ بن نضلہ۔ |
| حلفائے بنی عدی سے | واقد رضی اللہ عنہ بن عبد اللہ (خطاب نے ان کو بھی حلیف اور متبنی بنا رکھا تھا)<br>خالد رضی اللہ عنہ بن بکیہ بن عبد یالیل اللیثی۔<br>ایاس رضی اللہ عنہ بن بکیہ بن عبد یالیل اللیثی۔<br>عامر رضی اللہ عنہ بن بکیہ بن عبد یالیل اللیثی۔<br>عاقل رضی اللہ عنہ بن بکیہ بن عبد یالیل اللیثی۔ |
| بنی عبد الدار سے | مصعب رضی اللہ عنہ بن عمیر اور ان کے بھائی ابو الروم رضی اللہ عنہ بن عمیر۔<br>فراس رضی اللہ عنہ بن النضر۔<br>جہم رضی اللہ عنہ بن قیس۔ |

| | |
|---|---|
| بنی جمح سے | عثمان رضی اللہ عنہ بن مظعون، ان کے بیٹے سائب رضی اللہ عنہ بن عثمان بن مظعون اور بھائی قدامہ رضی اللہ عنہ بن مظعون اور عبد رضی اللہ عنہ اللہ بن مظعون۔<br>معمر رضی اللہ عنہ بن الحارث بن معمر، ان کی اہلیہ فاطمہ رضی اللہ عنہا بنت مجلل العامریہ، ان کے بھائی حاطب رضی اللہ عنہ بن الحارث اور ان کی اہلیہ فکیہہ بنت یسار۔<br>سفیان رضی اللہ عنہ بن معمر۔<br>نبینہ رضی اللہ عنہ بن عثمان۔ |
| بنی سہم سے | عبد رضی اللہ عنہ اللہ بن حذافہ اور ان کے بھائی قیس رضی اللہ عنہ بن حذافہ۔<br>خنیس رضی اللہ عنہ بن حذافہ (سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے داماد، ام المومنین حفصہ رضی اللہ عنہا کے پہلے خاوند) ہشام رضی اللہ عنہ بن العاص بن وائل۔<br>حارث رضی اللہ عنہ بن قیس، ان کے بیٹے بشیر بن حارث اور معمر رضی اللہ عنہ بن حارث۔<br>ابو قیس رضی اللہ عنہ بن الحارث۔<br>عبد اللہ رضی اللہ عنہ بن الحارث۔<br>سائب بن الحارث۔<br>حجاج رضی اللہ عنہ بن الحارث۔<br>بشیر رضی اللہ عنہ بن الحارث۔<br>سعید رضی اللہ عنہ بن الحارث۔ |
| حلفائے بنی سہم سے | عمیر رضی اللہ عنہ بن رماب<br>محمیہ رضی اللہ عنہ بن الجزء (عباس رضی اللہ عنہ کی اہلیہ ام الفضل جن کا اصل نام لبابہ بنت الحارث تھا، یہ ام المومنین میمونہ رضی اللہ عنہا کی بہن، خالد بن ولید کی خالہ اور جعفر بن ابی طالب کی اہلیہ اسماء بنت عمیس کی حقیقی بہن تھیں) |

| | |
|---|---|
| بنی مخزوم سے | ابوسلمہ عبد اللہ رضی اللہ عنہ بن عبد الاسد رضی اللہ عنہ (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پھوپھی زاد اور رضاعی بھائی، ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پہلے شوہر) اور ان کی اہلیہ ام سلمہ رضی اللہ عنہ (یہ دونوں میاں بیوی ابوجہل کے قریبی رشتہ دار تھے)<br>عیاش بن ابی ربیعہ (ابوجہل کے حقیقی بھائی اور خالد رضی اللہ عنہ بن ولید کے چچازاد بھائی) اور ان کی اہلیہ اسماء رضی اللہ عنہا بنت سلامہ تمیمیہ۔<br>ولید رضی اللہ عنہ بن ولید بن مغیرہ۔<br>ہشام رضی اللہ عنہ بن ابی حذایفہ۔<br>ہاشم بن ابی حذایفہ۔<br>سلمہ رضی اللہ عنہ بن ہشام۔<br>ہبار رضی اللہ عنہ بن سفیان اور ان کے بھائی عبد اللہ رضی اللہ عنہ بن سفیان۔ |
| حلفائے بنی مخزوم سے | یاسر رضی اللہ عنہ (عمار بن یاسر کے والد) ان کے بیٹے عمار بن یاسر اور عبد اللہ رضی اللہ عنہ بن یاسر۔ |
| بنی عامر بن لوی سے | ابوسبرہ بن ابی رھم (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پھوپھی برہ بنت عبد المطلب کے بیٹے) اور ان کی اہلیہ ام کلثوم رضی اللہ عنہا بنت سہیل بن عمرو (ابوجندل کی بہن)<br>عبد اللہ رضی اللہ عنہ بن سہیل بن عمرو۔<br>حاطب رضی اللہ عنہ بن عمرو، سلیط رضی اللہ عنہ بن عمرو اور ان کی اہلیہ نفیظہ رضی اللہ عنہا بنت علقمہ (اصابہ میں ام یقظہ لکھا ہے اور ابن سعد نے فاطمہ بنت علقمہ ان کا نام بتایا ہے، سکران رضی اللہ عنہ بن عمرو (سہیل بن عمرو کے بھائی) اور ان کی اہلیہ سودہ رضی اللہ عنہا بنت زمعہ (جو سکران رضی اللہ عنہ کی وفات کے بعد ام المومنین بنیں) مالک بن زمعہ (ام المومنین سودہ رضی اللہ عنہا کے بھائی)۔<br>ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہا۔ |

| | |
|---|---|
| بنی فہر بن مالک سے | ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ بن الجراح۔<br>سہیل رضی اللہ عنہ بن بیضاء۔<br>سعید رضی اللہ عنہ بن قیس۔<br>عمرو بن الحارث بن زہیر۔<br>عثمان بن عبد غنم بن زہیر (عبد الرحمٰن بن عوف کے پھوپھی زاد بھائی)<br>حارث رضی اللہ عنہ بن سعید۔ |
| بنی عبد قصی سے | طلیب رضی اللہ عنہ بن عمیر (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پھوپھی اردیٰ بنت عبد المطلب کے بیٹے) اس کے علاوہ ان گیارہ مولیٰ، غلام اور لونڈیوں نے بھی اسلام کی حقانیت کو تسلیم کیا اور ایمان کی دولت سے مالا مال ہوئے۔<br>ام ایمن رضی اللہ عنہا برکہ بنت ثعلبہ (انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بچپن میں گود میں پالا تھا)<br>زنیرہ رضی اللہ عنہا رومیہ (عمرو بن الومل کی آزاد کردہ لونڈی)۔<br>بلال رضی اللہ عنہ بن رباح (یہ امیہ بن خلف کے غلام تھے) اور ان کی والدہ حمامہ رضی اللہ عنہا۔<br>لبینہ رضی اللہ عنہا (مومل بن حبیب کی لونڈی)۔<br>ام عبیس (زبیر بن بکار کے مطابق بنی تیم بن مرہ اور بلاذری کے مطابق بنی زہرہ کی لونڈی)<br>عامر رضی اللہ عنہ بن فہیرہ (طفیل بن عبد اللہ کے غلام)۔<br>سمیہ رضی اللہ عنہا (عمار رضی اللہ عنہ بن یاسر کی والدہ اور ابو حذیفہ بن مغیرہ مخزومی کی لونڈی)<br>قریش کے بڑے خاندانوں، ان کے غلام و لونڈیوں کے علاوہ غیر قریش سے بھی دو لوگ اس دولت سے فیض یاب ہوئے۔<br>محجن رضی اللہ عنہ بن الادرع الاسلمی۔<br>مسعود رضی اللہ عنہ بن ربیعہ بن عمرو (یہ بنی الھون بن خزینہ کے قبیلہ قارہ سے تھے)۔<br>ابتدائی چار مسلمانوں کے ساتھ کل تعداد ۱۳۳۔ |